# سنن دارمی شریف

تالیف

شیخ المسلمین فی الحدیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بھرام الدارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ :

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلاء محمد محی الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالیٰ خیر التوفیق

ھو نعم المولیٰ ونعم الرفیق

شبیر برادرز

اردو بازار ۰ لاہور

# سنن دارمی شریف

جلد اوّل

تالیف

شیخُ المُسلمِینَ فی الحَدِیث

الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن بن الفضل بن بھرام الدارمي

(۱۸۱ - ۲۵۵ھ)

ترجمہ :

حامل الرایۃ فی میدان التحقیق

حائز قصب السبق فی مضمار التدقیق

ابو العلاء محمد محي الدین جہانگیر

وفقہ اللہ تعالٰی خیر التوفیق

ھو نعم المولی ونعم الرفیق

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر ۴۰ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

هو القادر

نام کتاب ــــــــــ سنن دارمی شریف جلد اوّل

تصنیف ــــــــــ الامام الحافظ ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمٰن

مترجم ــــــــــ ابوالعلاء محمد محی الدین جہانگیر

کمپوزنگ ــــــــــ ورڈز میکر

باہتمام ــــــــــ ملک شبیر حسین

سن اشاعت ــــــــــ مارچ 2008ء

پروف ریڈنگ ــــــــــ غلام علی اعوان (ایم فل، فاضل درس نظامی)

سرورق ــــــــــ باھو گرافکس لاہور

طباعت ــــــــــ اشتیاق اے مشتاق پرنٹرز لاہور

ہدیہ (مکمل سیٹ دو جلدیں) [illegible]/- روپے



## ضروری التماس

قارئین کرام! ہم نے اپنی بساط کے مطابق اس کتاب کے متن کی تصحیح میں پوری کوشش کی ہے، تاہم بشری تقاضا میں کوئی غلطی پائیں تو ادارہ کو آگاہ ضرور کریں تاکہ وہ درست کردی جائے۔ ادارہ آپ کا بے حد شکر گزار ہوگا۔

شبیر برادرز

زبیدہ سنٹر 40۔ اردو بازار لاہور

فون: 042-7246006

# شرفِ انتساب

مفتی اعظم ھند محدثِ بریلی

## شاہ مصطفیٰ رضا خان رحمۃ اللہ علیہ

کی نذر

با من مگو حکایتِ جمشید و افسرش
خاکِ درِ سرائے مغاں کم ز تاج نیست

نیاز مند

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اُس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

علم حدیث کی ترویج و اشاعت اور درس و تدریس کرنے والوں کے لیے

# دُعاءِ نبوی

نَضَّرَ اللّٰہُ امْرَأً سَمِعَ مِنَّا شَیْئًا فَبَلَّغَہُ کَمَا سَمِعَہُ

اللہ تعالیٰ اس شخص کو تر و تازہ رکھے جو ہم سے کوئی بات سن کر اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی تھی

الحدیث

# عرض ناشر

اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جس نے ہمیں پیدا کیا اور بے شمار نعمتوں سے نوازا' حضرت محمد ﷺ پر درود وسلام نازل ہو' جو تمام جہانوں کے لئے رحمت ہیں اور آپ کی تمام آل' اصحاب اور امت پر بھی رحمتیں نازل ہوں۔

آپ کے ادارے شبیر برادرز کو یہ شرف حاصل ہے کہ وہ ایک طویل عرصے سے مختلف اسلامی موضوعات پر مشتمل کتب کی نشر واشاعت کی خدمات سرانجام دے رہا ہے۔ یہ کتابیں ظاہری و باطنی خوبیوں سے آراستہ ہوتی ہیں اور عوام وخواص سے خراج تحسین حاصل کر چکی ہیں۔

معاشیات کا بنیادی اصول ہے کہ رسد کا تعلق طلب سے ہوتا ہے اور آج کی پھیلی ہوئی مارکیٹ میں طلب اسی چیز کی زیادہ ہوتی ہے۔ جو اعلیٰ معیار کی حامل ہو خدا کا شکر ہے کہ آپ کے ادارے شبیر برادرز کی شائع کردہ کتب ہر حوالے سے بہترین معیار کی حامل ہوتی ہیں اگر آپ پہلے ہی ملاحظہ کر چکے ہوں تو بہت خوب' اور اگر ابھی تک ایسا نہیں ہوا تو ہم آپ کو دعوت دیتے ہیں۔

☆...... ''صحیح بخاری'' علم حدیث کی سب سے زیادہ مستند کتاب ہے اردو میں اس کی بہت سی شروحات تحریر کی گئی ہیں آپ ان میں سے کسی ایک کو' بلکہ اگر گنجائش ہو تو ان سب کو' ایک طرف رکھیں اور دوسری طرف ہمارے ادارے شبیر برادرز کی شائع کردہ ''جمال السنۃ'' رکھ کر' ان کا تقابلی جائزہ لیں' آپ کا ذہن خود فیصلہ کرے گا۔

بسیار خوباں دیدہ ام لیکن تو چیزے دیگری

اطمینان رہے! آپ کا دل بھی اس فیصلے میں برابر کا شریک ہوگا۔

☆...... ''صحیح مسلم'' اور ''موطا امام مالک'' علم حدیث کا بنیادی ماخذ ہیں بہت سے اداروں نے ان کے اُردو تراجم شائع کیے ہیں۔ لیکن آپ کے ادارے شبیر برادرز نے جو خدمت کی ہے' اُس کے لیے یہی کہا جا سکتا ہے۔

مشک آنست کہ خود ببوید نہ کہ عطار بگوید

•••--------•••--------•••

پروردگار عالم کا بے حد وشمار احسان کہ اس کی عطا کردہ توفیق کی بدولت ہم علم حدیث کی خدمت میں ایک اور قدم آگے بڑھانے میں کامیاب ہوئے میری مراد علم حدیث کی مشہور اور مستند کتاب ''سنن دارمی'' کا یہ ترجمہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے۔ ہمیں اس بات کا شعوری احساس ہے کہ اس ترجمے کے معیار کا اندازہ لگانے کے لئے آپ کے پاس کوئی وجہ انتخاب نہیں ہے۔ کیونکہ اس کتاب کا کوئی دوسرا ترجمہ مارکیٹ میں (تادم تحریر) دستیاب نہیں ہے۔ لیکن ہمیں پوری اُمید ہے کہ اہل علم قارئین کی نگاہوں سے اس

کتاب اور ترجمے کی خوبیاں مخفی نہیں رہیں گی۔ ویسے بھی کہا جاتا ہے۔

آفتاب آمد دلیل آفتاب

ہم سے جو خدمت ہو سکتی تھی وہ ہم نے کی۔ اب یہ آپ کی ذمہ داری ہے کہ آپ نبی کریم کی اس وراثت کو اُمت محمدیہ کے افراد تک زیادہ سے زیادہ پہنچانے کی کوشش کریں۔

آخر میں اپنے قارئین سے خصوصی التماس ہے کہ وہ اپنی نیک دعاؤں میں اس کتاب کے مصنف کے ہمراہ، مترجم، کاتب، مصحح، ناشر اور ادارے کے دیگر کارکنان کو بھی یاد رکھیں۔

مولائے کریم! ہماری اس خدمت کو اپنی بارگاہ بیکس پناہ میں قبول فرمائے اور ہمیں آئندہ بھی دین متین اور علوم دینیہ کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر سے بہتر خدمت کرنے کی توفیق عنایت فرمائے۔ آمین

آپ کا مخلص

**ملک شبیر حسین**

# حدیثِ دل

اللہ تعالیٰ کی ذات کے لئے ہر طرح کی حمد مخصوص ہے جو آسمانوں اور زمین اور ان میں موجود تمام تر مخلوقات کا خالق ہے۔ ان میں رونما ہونے والی ہر حرکت' اس کے ارادے اور مشیت کی تابع ہے۔

وَمَا تَشَآءُ وْنَ اِلَّآ اَنْ یَّشَآءَ اللّٰہُ رَبُّ الْعَالَمِیْنَ

حضرت محمد ﷺ پر اللہ تعالیٰ' اس کے فرشتوں اور تمام مخلوقات کی طرف سے' بے حد و شمار درود و سلام نازل ہوتا رہے' جو تمام اولین و آخرین کے سردار ہیں۔ ہر آنے والا لمحہ جن کے لئے پہلے سے بہتر ہے' جن کے ذکر کو اللہ تعالیٰ نے بلند کیا ہے۔

حضرت رضا بریلوی کے بقول ۔

فرش والے ' تیری شوکت کا علو کیا جانیں؟

خسروا ! عرش پہ اڑتا ہے پھریرا تیرا

آپ کے ہمراہ آپ کے اہل بیت' صحابہ کرام' آپ کی اُمت کے فقہاء و محدثین' علماء و صالحین' بلکہ عامۃ المسلمین پر بھی اللہ تعالیٰ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے علوم نبوت کے جن انوار کو حدیث و سیرت کے الفاظ کی شکل میں اپنے شاگردوں تک منتقل کیا وہ بعد میں ایک مذہبی روایت کے طور پر' ایک مستقل علم اور فن کی شکل میں' ایک نسل سے دوسری نسل تک منتقل ہونا شروع ہوئے۔ تیسری صدی ہجری میں علم حدیث کی کتابی شکل میں تدوین کے حوالے سے نمایاں کام ہوا۔ اُمت میں علم حدیث سے متعلق جن کتابوں کو قبول عام نصیب ہوا۔ ان میں سے زیادہ تر اسی عہد میں مرتب کی گئی تھیں۔ جن میں ''صحاح ستہ'' زیادہ مشہور ہوئیں۔ یہی وجہ ہے کہ اردو زبان میں ان کتب کے تراجم باآسانی دستیاب ہے۔

آج جدید سائنسی ترقی اور معاشی استحکام کے نتیجے میں' زندگی کے ہر دوسرے شعبے کی طرح' نشر و اشاعت کی دنیا میں بھی انقلاب آ گیا ہے اور پہلے جن کتابوں کے صرف نام سنے جاتے تھے۔ یا وہ بہت کم دستیاب ہوتی تھیں۔ اب وہ عام مل جاتی ہیں اردو زبان کی بہ نسبت عربی زبان کے قارئین کا حلقہ کیونکہ وسیع ہے۔ اس لئے عربی زبان میں اسلامی علوم وفنون سے متعلق کتب کی نشر و اشاعت کی شرح اردو سے کہیں زیادہ ہے۔ لیکن اپنے حلقے کے اعتبار سے اردو میں بھی' مختلف اسلامی علوم وفنون سے متعلق قابل قدر خدمات سرانجام دی گئی ہیں۔ اپنے اساتذہ و مشائخ کی قائم کردہ اسی روایت کو برقرار رکھنے اور اپنے لیے توشہ آخرت کی تیاری کے لئے' ہم نے بھی اردو زبان میں مختلف اسلامی علوم وفنون کی مختلف حوالوں سے' خدمت کے کام کا آغاز کیا۔

وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ

اسی سلسلہ کی ایک کڑی ''سنن دارمی'' کا یہ ترجمہ ہے جو اس وقت آپ کے ہاتھوں میں ہے اس کے مرتب امام ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی رحمۃ اللہ علیہ ہیں جو تیسری صدی ہجری کے آغاز سے تعلق رکھنے والے محدثین میں نمایاں حیثیت کے مالک ہیں ان کی عظمت اور اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ ''صحاح ستہ'' کے مؤلفین میں سے' امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ' امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ اور امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تالیفات میں ان سے احادیث روایت کی ہیں جبکہ مؤرخین نے یہ بات نقل کی ہے کہ امام نسائی رحمۃ اللہ علیہ بھی ان کے شاگردوں کی صف میں شامل ہیں۔ ترجمہ کرتے وقت ''سنن دارمی'' کا جو نسخہ پیش نظر رہا وہ 1421ھ بمطابق 2000ء میں دار المغنی' ریاض' سعودی عرب اور دار ابن حزم بیروت لبنان سے مشترکہ طور پر شائع ہوا یہ نسخہ چار ضخیم جلدوں پر مشتمل ہے جو استاد حسین سلیم اسد دارانی کی تحقیق کے ہمراہ شائع ہوا ہے۔ فاضل محقق نے متن کے حوالے سے دیگر ماخذ کی نشاندہی کی ہے سند کے رجال کے بارے میں متقدمین ائمہ کی آراء نقل کرنے کے علاوہ' روایت کی ''صحت'' و ''ضعف'' کے بارے میں بتایا ہے اس کے علاوہ اس نسخہ کے آخر میں احادیث کی مفصل فہرست بھی موجود ہے جو حروف تہجی کے اعتبار سے مرتب کی گئی ہے یہ ہماری نااہلی ہے کہ ہم نے صرف پڑھنے کی حد تک ان تحقیقات سے استفادہ کیا اور انہیں اُردو میں منتقل نہیں کر سکے تاہم اپنی کوتاہی اور کم تر حیثیت کے مطابق دیگر ''ماخذ'' سے استفادہ کرتے ہوئے ہم نے اپنے اس ترجمے میں ''چند'' احادیث کی ''دیگر کتب حدیث'' سے حوالہ جات کی نشاندہی کی ہے اور کتاب کے ''رواۃ'' کے اسماء کی فہرست مرتب کی ہے۔ وغیرہ۔

•••---------•••---------•••

اس کتاب کا انتساب ہم نے مفتی اعظم ہند شاہ مصطفیٰ رضا خان محدث بریلوی کے نام کیا ہے جو اعلیٰ حضرت شاہ احمد رضا خان محدث بریلوی کے صاحبزادے ہیں اور اکابر علماء اہل سنت میں سے ایک ہیں اس فقیر کو ان کے بعض تلامذہ سے اخذ و استفادہ کا شرف حاصل ہے۔

•••---------•••---------•••

کتاب کا ترجمہ کرنے کے دوران ہمیں یہ خیال آیا تھا کہ کتاب کے آخر میں مختلف نوعیت کی معلوماتی فہارس مرتب کی جائیں تاکہ پڑھنے والوں کو کسی بھی چیز کی تلاش میں زیادہ آسانی ہو ہم اپنی کوتاہی اور نالائقی کی وجہ سے خود تو ایسا نہیں کر سکتے تھے اس لئے بعض دوستوں کو اس کام کی ذمہ داری سونپی لیکن کسی نے درست کہا ہے ۔

کچھ تو مشکل ہے بہت کارِ محبت اور کچھ
یار لوگوں سے مشقت نہیں کی جا سکتی

اس کے باوجود ہم برادر مکرم سید بابر علی نقوی کے ممنون ہیں کہ انہوں نے ہماری فرمائش پر' نہایت مختصر مدت میں ''سنن دارمی'' کے رواۃ کی فہرست بڑی محنت سے مرتب کر دی اس کے لئے ہم ان کے خصوصی طور پر شکر گزار ہیں۔

•••---------•••---------•••

ہماری یہ خواہش تھی کہ علم حدیث کی مشہور کتاب ''صحیح مسلم'' کی کچھ مختلف نوعیت کی شرح تحریر کریں ہمارے ذہن میں اس کے لئے

خا کہ یہ تھا کہ متقدمین ومتاخرین اہل علم کی تحقیقات سے لاتعلق رہتے ہوئے احادیث کی ایسی وضاحت کی جائے جو ''ردِعمل'' کی حیثیت رکھتی ہواس میں ہمارا طرز یہ تھا جیسے کسی مغربی درس گاہ کا کوئی استاد یونیورسٹی میں' دنیا کے مختلف خطوں' رنگوں' نسلوں اور مذاہب سے تعلق رکھنے والے افراد کے سامنے' ایک مبصر کے طور پر' احادیث کے مضامین کا تجزیہ کرتا ہے اور اپنی فہم کے مطابق ان احادیث کے مختلف پہلوؤں اور نبی اکرم ﷺ کی تعلیمات اور اسوہ کے مختلف گوشوں پر روشنی ڈالتا ہے۔

ہمارے ذہن میں یہ بات تھی کہ علم کلام کے ماہرین کی نکتہ رسی اور علم فقہ کے فاضلین کی دقیقہ سنجی ہر شخص کے علم' ذہن اور مزاج کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتی اس لئے عام قاری کی سہولت کے لئے بھی کچھ ہونا چاہیے اور ایسا مواد ہونا چاہیے جو ''فوری تاثر'' اور ''ردِعمل'' کی حیثیت رکھتا ہو۔

اس کے لئے ہم نے کچھ کام کیا بھی' ہمارا خیال تھا اس کے کچھ صفحات نمونے کے طور پر ''سنن دارمی'' کے ترجمے کے آغاز میں پیش کردیں گے تاکہ قارئین کے ردِعمل کا اندازہ ہو سکے لیکن بدقسمتی سے مسودے کے صفحات گم ہو گئے اور یہ سانحہ اس وقت پیش آیا جب ''سنن دارمی'' کا مسودہ پریس میں جانے کے لئے تیار تھا اور ہمارے لئے یہ گنجائش بھی نہیں رہی تھی کہ ابتدائی صفحات کے لئے ازسرنو کچھ تحریر کر پاتے کچھ اس کی گمشدگی کا سانحہ بھی طبیعت اچاٹ ہونے کا باعث بن گیا۔ اس لئے ہم اپنے قارئین سے معذرت خواہ ہیں کہ ابتدائی صفحات کے لئے کچھ بھی پیش نہیں کر سکے۔

•••--------•••--------•••------•••

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ کی ''سنن'' کو اگرچہ ''صحاح ستہ'' میں شامل نہیں کیا گیا تاہم یہ ایک حقیقت ہے کہ ''صحاح ستہ'' کے اکثر مؤلفین امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ کے فیض یافتگان کی صف میں شامل ہیں۔ ''صحاح ستہ'' کے مؤلفین میں سے امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ' امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ اور امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تالیفات میں امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے بعض روایات نقل کی ہیں جن کی مفصل فہرست' باب اور ذیلی باب کی وضاحت کے ساتھ ہم نے اس کتاب کے آغاز میں پیش کردی ہے۔

یہاں اس بات کی یاد دہانی بے فائدہ نہیں ہوگی۔

امام ترمذی رحمۃ اللہ علیہ نے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے 50 جبکہ امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے 59 روایات نقل کی ہیں۔

امام مسلم رحمۃ اللہ علیہ نے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ سے (ان کا باقاعدہ شاگرد ہونے کے باوجود) ''صحیح مسلم'' میں کوئی ایک بھی روایت نقل نہیں کی جبکہ امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے انہوں نے ''صحیح مسلم'' میں 71 روایات نقل کی ہیں۔

امام ابوداؤد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی ''سنن'' میں امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے کوئی بھی روایت نقل نہیں کی۔ البتہ امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے انہوں نے ''سنن ابوداؤد'' میں تین روایات نقل کی ہیں۔

اس یاددہانی کا مقصد خدانخواستہ امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کی تنقیص کرنا نہیں ہے بلکہ ان حضرات کو غور وفکر کی دعوت دینا ہے جو امام اعظم ابوحنیفہ رحمۃ اللہ علیہ سے امام بخاری رحمۃ اللہ علیہ کے عدم روایت کی وجہ سے امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کی شان میں تنقیص کے مرتکب ہوتے ہیں۔

•••--------•••--------•••------•••

ہماری یہ خواہش تھی کہ سنن دارمی کی جن احادیث و روایات سے ''فقہ حنفی'' کے مسائل اور اہل سنت کے عقائد و نظریات کی تائید ہوتی ہے ان کی بطور خاص نشاندہی کریں لیکن ہمیں افسوس ہے کہ ہم ایسا نہیں کر سکے اس کی بہت سی وجوہات میں سے ایک اہم وجہ ''جمال السنہ'' کی تصنیف کی مشغولیت ہے اور اس میں کافی حد تک دخل ہماری اپنی کوتاہی و کاہلی کا بھی ہے۔

•••---------•••---------------•••

اللہ تعالیٰ اور اس کے پیارے رسول کے فضل و کرم کا شکر ادا کرنے کے ساتھ ہم ان تمام احباب کے بھی ممنون ہیں۔ جنہوں نے اس کتاب کی تیاری کے دوران' کسی بھی حوالے سے' ہمارے ساتھ تعاون اور شفقت کا سلوک روا رکھا' جن میں سرفہرست برادر مکرم محمد خرم ہیں۔ جنہوں نے تصنیف و تالیف کے لئے موزوں ماحول اور دیگر سہولیات فراہم کیں۔ محترم سیّد بابر علی نقوی جنہوں نے کتاب کا مسودہ تحریر کیا' محترم علی مصطفیٰ' فیصل رشید جنہوں نے بڑی سرعت کے ساتھ مسودے کو کمپوز کیا' مخدوم قاسم شاہد جنہوں نے کمپوز شدہ مواد' دیدہ زیب انداز میں مرتب کیا' محترم سیّد عاصم شاہ صاحب جنہوں نے بڑی محنت کے ساتھ پروف ریڈنگ کی' محترم جناب عارف نوشاہی جنہوں نے سرورق کے الفاظ کی عمدہ کتابت کی' محترم احمد رضا جنہوں نے خوبصورت ٹائٹل ڈیزائن کیا۔ محترم منصور صاحب جنہوں نے اپنی ذاتی نگرانی میں یہ کام کروایا۔ محترم خلیفہ مجید صاحب اور محترم عرفان حسین جنہوں نے مضبوط جلد بندی کی۔ محترم اشتیاق اے مشتاق جنہوں نے کتاب کو بہترین انداز میں طبع کیا اور سب سے آخر میں برادر محترم ملک شبیر حسین جن کی ذاتی توجہ' محنت لگن اور کوششوں کے نتیجے یہ کتاب منصۂ شہود پر آئی ہے۔

ان کے ہمراہ ہم اپنے اساتذہ و مشائخ کے بھی ممنون و مشکور ہیں۔ جن کی تعلیم و تربیت کے نتیجے میں ہم اس لائق ہو سکے۔

شکر گزاری کے ان جذبات میں ایک بڑا حصہ والدین اور بہن' بھائیوں کے لئے ہے جن کی دعاؤں نے ہمیں اس منزل تک پہنچایا بطور خاص برادر اصغر' حافظ محمد بلال حسن خصوصی شکریے کے مستحق ہیں جن کے تعاون کی بدولت ہم گھریلو ذمہ داریوں سے لاتعلق رہ کر' مکمل یکسوئی کے ہمراہ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے میں کامیاب ہوئے۔

•••---------•••---------------•••

سب سے آخر میں حافظ شیرازی کا یہ شعر یقیناً ہمارے حسب حال ہے۔

گر بود عمر بمیخانہ روم بار دگر
بجز از خدمت رندان نکنم کار دگر

محمد محی الدین

(اللہ تعالیٰ اس کے گناہوں اور کوتاہیوں سے درگزر کرے)

# ترتیب

مضامین — صفحہ



## طہارت کا بیان

## ﴿نماز کا بیان﴾

| مضامین | صفحہ |
|---|---|

## روزے کا بیان

| مضامین | صفحہ |
|---|---|



## ﴿مناسک کا بیان﴾

| مضامین | صفحہ |
|---|---|

## قربانی کا بیان

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |



## شکار کا بیان



## ﴿ کھانے کا بیان ﴾

| مضامین | صفحہ |
| --- | --- |



## مشروبات کا بیان

# دادِ تحقیق

امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمن دارمی' دوسری صدی ہجری کے آخر اور تیسری صدی ہجری کے آغاز سے تعلق رکھنے والے محدثین میں نمایاں اور اہم مقام رکھتے ہیں' ان کی مرتب کردہ ''سنن دارمی'' علم حدیث کے بنیادی ماخذ میں سے ایک ہے۔

صحاح ستہ کے مؤلفین میں سے امام مسلم' امام ترمذی اور امام ابوداؤد نے اپنی تالیفات میں امام دارمی کے حوالے سے احادیث نقل کی ہے جن کی ''کتاب'' اور ''باب'' کے تفصیلی حوالے کے ہمراہ مرتب شدہ فہرست درج ذیل ہے۔

ہم نے ''کتاب'' اور ''باب'' کے عربی متن کا براہ راست حوالہ دیدیا ہے تاکہ قارئین کو اخذ واستفادہ میں سہولت ہو۔

(جہانگیر عفی عنہ)

## صحیح مسلم

| | | |
|---|---|---|
| 1 | الایمان | تفاضل اهل الایمان |
| 2 | الایمان | تفاضل اهل الایمان |
| 3 | الایمان | معرفة طریق الرؤیة |
| 4 | الحیض | صفة منی الرجل والمراة |
| 5 | الصلوٰة | تسویة الصفوف واقامتها |
| 6 | الصلوٰة | ما یقول اذا رفع راسه من الرکوع |
| 7 | المساجد و مواضع الصلوٰة | الندب الی وضع الایدی الی الرکب |
| 8 | المساجد و مواضع الصلوٰة | السهو فی الصلوٰة والسجودله |
| 9 | صلوٰة المسافرین و قصرها | فضل قرأة القرآن و سورة البقرة |
| 10 | صلوٰة المسافرین و قصرها | فضل من یقوم بالقرآن ویعلمه |
| 11 | صلوٰة المسافرین و قصرها | صلوٰة الخوف |
| 12 | الجمعة | صلوٰة الجمعة حین تزول الشمس |
| 13 | الجمعة | تخفیف الصلوٰة والخطبه |

| | | |
|---|---|---|
| 14 | الکسوف | ذکر النداء بصلوٰۃ الکسوف |
| 15 | الجنائز | تسجیة المیت |
| 16 | الزکوٰۃ | ان اسم الصدقة یقع علی کل نوع من المعروف |
| 17 | الزکوٰۃ | کراھة المسألة للناس |
| 18 | الصیام | فضل لیلة القدر |
| 19 | الحج | تحریم الصید للمحرم |
| 20 | النکاح | استئذان الثیب فی النکاح بالنطق |
| 21 | البیوع | الارض تمنح |
| 22 | المساقاة | بیع الطعام مثلا بمثل |
| 23 | الایمان | نذر الکافر وما یفعل فیه اذا اسلم |
| 24 | القسامه والمحاربین | حکم المحاربین و المرتدین |
| 25 | الحدود | حدالسرقة ونصابها |
| 26 | الحدود | من اعترف علی نفسه بالزنا |
| 27 | الاقضیه | بیان اجر الحاکم اذا اجتهد |
| 28 | الجهاد والیسر | تحریم الغدر |
| 29 | الجهاد والیسر | فتح مکه |
| 30 | الجهاد والیسر | غزوة ذی قرد وغیرها |
| 31 | الجهاد والیسر | غزوة النساء مع الرجال |
| 32 | الامارة | المبایعة بعد فتح مکه |
| 33 | الامارة | فضل الشهادة فی سبیل اللّٰه |
| 34 | الامارة | فضل الجهاد والرباط |
| 35 | الامارة | فضل الرباط فی سبیل اللّٰه |
| 36 | الصید والذبائح | الامر باحسان الذبح |
| 37 | الاضاحی | سن الاضحیة |
| 38 | الاضاحی | بیان ما کان من النهی عن اکل لحوم |
| 39 | الاشربة | ما یفعل الضیف اذا تبعه غیر |

| | | |
|---|---|---|
| 40 | الاشروبة | في ادخار التمر |
| 41 | الاشربة | فضلية الخل والتادم به |
| 42 | السلام | بيان انه يستحب لمن رئی خاليا بامرأة |
| 43 | السلام | الطب والمرض والرقی |
| 44 | السلام | التداوی بالحبة السوداء |
| 45 | السلام | لا عدوی ولا طيرة ولاهامة |
| 46 | الاسلام | لا عدوی ولا طيرة ولاهامة |
| 47 | الاسلام | الطيرة والفال وما يكون فيه من الشوم |
| 48 | الاسلام | الطيرة والفال وما يكون فيه من الشوم |
| 49 | الرؤيا | في تاويل الرؤيا |
| 50 | الفضائل | فی معجزات النبی صلی الله عليه وسلم |
| 51 | الفضائل | توكله علی الله |
| 52 | الفضائل | فی اسمائه |
| 53 | الفضائل | توقيره وترك اكثار سوأله |
| 54 | الفضائل | فضائل عيسیٰ عليه السلام |
| 55 | الفضائل | من فضائل موسیٰ عليه السلام |
| 56 | الفضائل | من فضائل الخضر |
| 57 | فضائل الصحابة | من فضائل ابی بكر الصديق |
| 58 | فضائل الصحابة | فی فضل عائشه |
| 59 | فضائل الصحابة | فضائل فاطمه بنت النبی |
| 60 | فضائل الصحابة | فضائل عبد الله بن عمر |
| 61 | فضائل الصحابة | فضائل حسان بن ثابت |
| 62 | فضائل الصحابة | فضائل ابی هريرة |
| 63 | فضائل الصحابة | قولة لا تاتی مائة سنة |
| 64 | البر والصلة والاداب | تحريم الظلم |
| 65 | البر والصلة والاداب | فضل من يملك نفسه عند الغضب |

| | | |
|---|---|---|
| 66 | البر والصلة والاداب | فضل الاحسان الی البنات |
| 67 | القدر | معنی کل مولود یولد علی الفطرة |
| 68 | العلم | رفع العلم وقبضه |
| 69 | الذکر والدعا | قصة اصحاب الغار |
| 70 | الفتن واشراط الساعة | فی صفة الدجال |
| 71 | الزهد والرقائق | ( بلا عنوان ) |

## ﴿سنن ابی داؤد﴾

| | | |
|---|---|---|
| 1 | کتاب الزکٰوة | زکٰوة الفطر |
| 2 | کتاب الصوم | فی شهادة الواحد علی رؤیة هلال رمضان |
| 3 | کتاب الدیات | دیات الاعضاء |

## ﴿جامع ترمذی﴾

| | | |
|---|---|---|
| 1 | الصلوٰة | ما جاء فی نشر الاصابع عند التکبیر |
| 2 | الصلوٰة | ما جاء فی وضع الیدین و نصب القدمین فی السجود |
| 3 | الصلوٰة | ما جاء فی کراهیة الاقعاء بین السجدتین |
| 4 | الجمعة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی الامام ینهض فی الرکعتین ناسیا |
| 5 | الجمعة عن رسول اللّٰه | ماجاء فی الاغتسال یوم الجمعة |
| 6 | الزکٰوة عن رسول اللّٰه | ما جاء ان فی المال حقا سوی الزکوٰة |
| 7 | الزکٰوة عن رسول اللّٰه | ما جاء ان فی المال حقا سوی الزکوٰة |
| 8 | الصوم عن رسول اللّٰه | ما جاء فی تعجیل الافطار |
| 9 | الاحکام عن رسول اللّٰه | ما جاء عن رسول اللّٰه فی القاضی |
| 10 | فضائل الجهادعن رسول اللّٰه | ما جاء فی ثواب الشهید |
| 11 | الاطعمة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی النهی عن الاکل والشرب بالشمال |
| 12 | الاطعمة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی استحباب التمر |
| 13 | الاطعمة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی الخل |
| 14 | البر والصلةعن رسول اللّٰه | ما جاء فی الکبر |
| 15 | الفرائض عن رسول اللّٰه | ما جاء فی میراث العصبة |

| | | |
|---|---|---|
| 16 | الفتن عن رسول اللّٰه | ما جاء فی اتخاذ سیف من خشب |
| 17 | الفتن عن رسول اللّٰه | ما جاء فی علامات خروج الدجال |
| 18 | الزهد عن رسول اللّٰه | ما جاء فی الزهادة فی الدنیا |
| 19 | الزهد عن رسول اللّٰه | ما جاء فی معیشة النبی واهله |
| 20 | الزهد عن رسول اللّٰه | ما جاء فی معیشة النبی واهله |
| 21 | صفة القیامة والرقائق عن رسول اللّٰه | ما جاء فی شان الحساب والقصاص |
| 22 | صفة القیامة والرقائق عن رسول اللّٰه | ما جاء منه |
| 23 | صفة القیامة والرقائق عن رسول اللّٰه | ما جاء منه |
| 24 | صفة القیامة والرقائق عن رسول اللّٰه | ما جاء منه |
| 25 | صفة الجنة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی صفة درجات الجنة |
| 26 | صفة الجنة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی صفة نساء اهل الجنة |
| 27 | صفة الجنة عن رسول اللّٰه | ما جاء فی صفة خیل الجنة |
| 28 | صفة الجنة عن رسول اللّٰه | ما جاء حفت الجنة بالمکاره |
| 29 | صفة جهنم عن رسول اللّٰه | ما جاء فی صفة النار |
| 30 | صفة جهنم عن رسول اللّٰه | ما جاء فی صفة طعام اهل النار |
| 31 | الایمان عن رسول اللّٰه | ما جاء ان الاسلام بداغریبا |
| 32 | العلم عن رسول اللّٰه | ما جاء فی ذهاب العلم |
| 33 | العلم عن رسول اللّٰه | فی الاخذ بالسنة واجتناب البدع |
| 34 | الاستئذان والآداب عن رسول اللّٰه | ما ذکر فی فضل الاسلام |
| 35 | الادب عن رسول اللّٰه | ما جاء فی کراهیة قیام الرجل للرجل |
| 36 | الادب عن رسول اللّٰه | ما جاء فی کراهیة التزعفر والخلوق للرجال |
| 37 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة البقرة |
| 38 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة المائدة |
| 39 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة الاعراف |
| 40 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة هود |
| 41 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة الرعد |

| | | |
|---|---|---|
| 42 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة بنی اسرائیل |
| 43 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة الاحزاب |
| 44 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة الزمر |
| 45 | تفسیر القرآن عن رسول اللّٰه | ومن سورة الصف |
| 46 | الدعوات عن رسول اللّٰه | منه |
| 47 | الدعوات عن رسول اللّٰه | منه |
| 48 | الدعوات عن رسول اللّٰه | ما جاء فی عقد التسبیح بالید |
| 49 | الدعوات عن رسول اللّٰه | فی دعاء النبی علیه السلام |
| 50 | الدعوات عن رسول اللّٰه | فی دعاء النبی وتعوذه دبر کل صلٰوة |
| 51 | الدعوات عن رسول اللّٰه | فی انتظار الفرج وغیر ذلك |
| 52 | الدعوات عن رسول اللّٰه | فی دعاء الضیف |
| 53 | المناقب عن رسول اللّٰه | فی مناقب عثمان بن عفان |
| 54 | المناقب عن رسول اللّٰه | فی مناقب عثمان بن عفان |
| 55 | المناقب عن رسول اللّٰه | مناقب الحسن والحسین |
| 56 | المناقب عن رسول اللّٰه | مناقب الحسن والحسین |
| 57 | المناقب عن رسول اللّٰه | مناقب عبد اللّٰه بن مسعود |
| 58 | المناقب عن رسول اللّٰه | مناقب حذیفة بن الیمان |
| 59 | المناقب عن رسول اللّٰه | مناقب ابی هریرة |

☆☆☆☆☆

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# اَلْمُقَدِّمَةُ

## بَابُ مَا كَانَ عَلَيْهِ النَّاسُ قَبْلَ مَبْعَثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْجَهْلِ وَالضَّلَالَةِ

## باب 1: نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے پہلے لوگ جس جہالت اور گمراہی کا شکار تھے

**1- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيُؤَاخَذُ الرَّجُلُ بِمَا عَمِلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ مَنْ اَحْسَنَ فِي الْاِسْلَامِ لَمْ يُؤَاخَذْ بِمَا كَانَ عَمِلَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ وَمَنْ اَسَاءَ فِي الْاِسْلَامِ اُخِذَ بِالْاَوَّلِ وَالْاٰخِرِ**

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے دریافت کیا' یارسول اللہ! آدمی نے زمانہ جاہلیت میں جو عمل کیا ہو کیا

---

حدیث 1: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — **6523**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **120**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **4242**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **3596**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **3604**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **3886**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **4086**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **4104**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **4408**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — **396**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — **18070**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — **18071**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء — **5071**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء — **5113**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء — **5131**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **260**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **108**

اس پر مواخذہ ہوگا؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: جو شخص اسلام لانے کے بعد اچھے کام کرے اس سے ان اعمال پر مواخذہ نہیں ہوگا جو اس نے زمانہ جاہلیت میں کیے تھے اور جو شخص اسلام لانے کے بعد بھی برے عمل کرے۔ اس سے پہلے اور بعد والے تمام (اعمال) کا مواخذہ ہوگا۔

**2-** اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ النَّضْرِ الرَّمْلِيُّ عَنْ مَسَرَّةَ بْنِ مَعْبَدٍ مِّنْ بَنِي الْحَارِثِ بْنِ اَبِي الْحَرَامِ مِنْ لَّخْمٍ عَنِ الْوَضِيْنِ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا اَهْلَ جَاهِلِيَّةٍ وَّعِبَادَةِ اَوْثَانٍ فَكُنَّا نَقْتُلُ الْاَوْلَادَ وَكَانَتْ عِنْدِي ابْنَةٌ لِّي فَلَمَّا اَجَابَتْ وَكَانَتْ مَسْرُوْرَةً بِدُعَائِي اِذَا دَعَوْتُهَا فَدَعَوْتُهَا يَوْمًا فَاتَّبَعَتْنِي فَمَرَرْتُ حَتّٰى اَتَيْتُ بِئْرًا مِّنْ اَهْلِي غَيْرَ بَعِيْدٍ فَاَخَذْتُ بِيَدِهَا فَرَدَّيْتُ بِهَا فِي الْبِئْرِ وَكَانَ اٰخِرَ عَهْدِي بِهَا اَنْ تَقُوْلَ يَا اَبَتَاهُ يَا اَبَتَاهُ فَبَكٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى وَكَفَ دَمْعُ عَيْنَيْهِ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنْ جُلَسَاءِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْزَنْتَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ كُفَّ فَاِنَّهُ يَسْاَلُ عَمَّا اَهَمَّهُ ثُمَّ قَالَ لَهُ اَعِدْ عَلَيَّ حَدِيْثَكَ فَاَعَادَهُ فَبَكٰى حَتّٰى وَكَفَ الدَّمْعُ مِنْ عَيْنَيْهِ عَلٰى لِحْيَتِهِ ثُمَّ قَالَ لَهُ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ وَضَعَ عَنِ الْجَاهِلِيَّةِ مَا عَمِلُوْا فَاسْتَاْنِفْ عَمَلَكَ

☆☆ حضرت وضین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یارسول اللہ! ہم جاہلیت میں مبتلا لوگ تھے اور بتوں کے پجاری تھے۔ ہم اپنی اولاد کو قتل کر دیا کرتے تھے۔ میری ایک بیٹی تھی جب وہ کچھ بڑی ہوئی تو جب بھی میں اسے بلاتا تو وہ میرے بلانے پر خوش ہوتی تھی۔ ایک دن میں نے اسے بلایا وہ میرے پیچھے آ ئی میں چلتا ہوا اپنے گھر کے کنویں کے پاس آ گیا جو زیادہ دور نہیں تھا۔ میں نے اس بچی کا ہاتھ پکڑا اور اسے کنویں میں پھینک دیا اس نے مجھ سے آخری بات یہ کہی اے ابا جان! اے ابا جان! (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ رونے لگے یہاں تک کہ آپ کی دونوں آنکھوں سے مسلسل آنسو جاری ہو گئے۔ نبی اکرم کے ساتھ بیٹھے ہوئے حضرات میں سے ایک صاحب نے اس شخص سے کہا تم نے اللہ کے رسول کو غمگین کر دیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب سے کہا' رہنے دیں۔ اس نے وہ بات دریافت کی ہے جسے اہم سمجھا ہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس شخص سے کہا' اپنی بات میرے سامنے دوبارہ بیان کرو۔ اس شخص نے دوبارہ بیان کی۔ نبی اکرم ﷺ رونے لگے۔ یہاں تک کہ آپ کی دونوں آنکھوں سے آنسو جاری ہو کر آپ کی داڑھی مبارک پر گرنے لگے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا: لوگوں نے زمانہ جاہلیت میں جو کام کیے تھے۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں درگزر کر دیا ہے۔ اب تم نئے سرے سے عمل کا آغاز کرو۔

**3-** اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْمُؤَدِّبِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ حَدَّثَنِي مَوْلَايَ اَنَّ اَهْلَهُ بَعَثُوْا مَعَهُ بِقَدَحٍ فِيْهِ زُبْدٌ وَّلَبَنٌ اِلٰى اٰلِهَتِهِمْ قَالَ فَمَنَعَنِي اَنْ اٰكُلَ الزُّبْدَ لِمَخَافَتِهَا قَالَ فَجَاءَ كَلْبٌ فَاَكَلَ الزُّبْدَ وَشَرِبَ اللَّبَنَ ثُمَّ بَالَ عَلَى الصَّنَمِ وَهُوَ اِسَافٌ وَّنَائِلَةُ قَالَ هَارُوْنُ كَانَ الرَّجُلُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِذَا سَافَرَ حَمَلَ مَعَهُ اَرْبَعَةَ اَحْجَارٍ ثَلَاثَةً لِقِدْرِهِ وَالرَّابِعَ يَعْبُدُهُ وَيُرَبِّي كَلْبَهُ وَيَقْتُلُ وَلَدَهُ

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں مجھے میرے غلام نے بتایا کہ اس کے گھر والوں نے اسے ایک پیالہ دے کر اپنے باطل معبودوں کے پاس بھیجا۔ اس پیالے میں مکھن اور دودھ تھا۔ وہ غلام کہتا ہے ان معبودوں کے خوف کی وجہ سے میں نے وہ مکھن نہیں کھایا۔ وہ مزید بیان

کرتا ہے۔ اسی دوران ایک کتا وہاں آیا اور اس نے وہ مکھن کھالیا اور دودھ پی لیا اور پھر اس بت کے اوپر پیشاب بھی کر دیا۔ (راوی کہتے ہیں) وہ بت ''اساف'' اور ''نائلہ'' تھے۔

ہارون (نامی راوی) بیان کرتے ہیں۔ زمانہ جاہلیت میں جب کوئی شخص سفر پر روانہ ہوتا تو وہ اپنے ساتھ چار پتھر لے جاتا تھا جن میں سے تین پتھر چولہے کے طور پر استعمال کرنے کے لیے ہوتے تھے اور چوتھے کی وہ عبادت کرتا تھا (زمانہ جاہلیت سے تعلق رکھنے والا شخص) اپنے کتے کی پرورش کرتا تھا اور اپنی اولاد یعنی بیٹیوں کو دفن کر دیتا تھا۔

**4- حَدَّثَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا رَيْحَانُ هُوَ ابْنُ سَعِيدِ السَّامِيُّ حَدَّثَنَا عَبَّادٌ هُوَ ابْنُ مَنْصُورٍ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ قَالَ كُنَّا فِي الْجَاهِلِيَّةِ اِذَا اَصَبْنَا حَجَرًا حَسَنًا عَبَدْنَاهُ وَاِنْ لَّمْ نُصِبْ حَجَرًا جَمَعْنَا كُثْبَةً مِّنْ رَّمْلٍ ثُمَّ جِئْنَا بِالنَّاقَةِ الصَّفِيِّ فَتَفَاجُّ عَلَيْهَا فَنَحْلُبُهَا عَلَى الْكُثْبَةِ حَتّٰى نُرْوِيَهَا ثُمَّ نَعْبُدُ تِلْكَ الْكُثْبَةَ مَا اَقَمْنَا بِذٰلِكَ الْمَكَانِ قَالَ اَبُو مُحَمَّد الصَّفِيُّ الْكَثِيرَةُ الْاَلْبَانِ فَتَفَاجَّ يَعْنِي النَّاقَةَ اِذَا فَرَجَتْ بَيْنَ رِجْلَيْهَا لِلْحَلْبِ وَالْفَجُّ الطَّرِيقُ الْوَاسِعُ وَجَمْعُهُ فِجَاجٌ**

☆☆ ابورجاء بیان کرتے ہیں زمانہ جاہلیت میں ہمارا یہ حال تھا کہ جب ہم کسی خوبصورت پتھر کے پاس پہنچتے تو ہم اس کی عبادت کرنے لگتے تھے اور اگر ہمیں کوئی پتھر نہ ملتا تو ہم ریت کا ایک ٹیلہ بنا لیتے اور پھر زیادہ دودھ دینے والی ایک اونٹنی کو لا کر اس ٹیلے پر کھڑا کرتے۔ ہم اس اونٹنی کا دودھ اس ٹیلے پر دوہ لیتے اور پھر اسے سیراب کرتے پھر جب تک ہم اس مقام پر رہتے اس کی عبادت کرتے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت میں استعمال ہونے والا لفظ) ''صفی'' کا مطلب ہے بہت زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی (جبکہ اس روایت میں استعمال ہونے والا لفظ) ''فتفاج'' کا مطلب ہے۔ جب کوئی اونٹنی اپنی دونوں ٹانگیں دودھ دوہنے کے لیے پھیلا دے اور ''فج'' ''کھلے راستے'' کو کہتے ہیں اور اس کی جمع ''فجاج'' استعمال ہوتی ہے۔

## بَابُ صِفَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْكُتُبِ قَبْلَ مَبْعَثِهٖ

## باب 2: نبی اکرم ﷺ کی بعثت سے پہلے (سابقہ آسمانی) کتابوں میں نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ

**5- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ قَالَ قَالَ كَعْبٌ نَجِدُهُ مَكْتُوبًا مُحَمَّدٌ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا فَظٌّ وَّلَا غَلِيظٌ وَّلَا صَخَّابٌ بِالْاَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِي بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَعْفُو وَيَغْفِرُ وَاُمَّتُهُ الْحَمَّادُونَ يُكَبِّرُونَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ عَلٰى كُلِّ نَجْدٍ وَّيَحْمَدُونَهُ فِي كُلِّ مَنْزِلَةٍ وَّيَتَاَزَّرُونَ عَلٰى اَنْصَافِهِمْ وَيَتَوَضَّئُونَ عَلٰى اَطْرَافِهِمْ مُنَادِيهِمْ يُنَادِي فِي جَوِّ السَّمَاءِ صَفُّهُمْ فِي الْقِتَالِ وَصَفُّهُمْ فِي الصَّلٰوةِ سَوَاءٌ لَّهُمْ بِاللَّيْلِ دَوِيٌّ كَدَوِيِّ النَّحْلِ وَمَوْلِدُهُ بِمَكَّةَ وَمُهَاجِرُهُ بِطَيْبَةَ وَمُلْكُهُ بِالشَّامِ**

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے (اپنی آسمانی کتاب تورات میں نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ) ان الفاظ میں پایا۔ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ وہ سخت مزاج اور سخت دل نہیں ہیں۔ بازاروں میں چیخ کے بولنے والے نہیں ہیں۔ برائی کا بدلہ برائی کے

ذریعے نہیں دیتے بلکہ معاف کر دیتے ہیں' بخش دیتے ہیں۔ان کی امت (اللہ تعالیٰ کی ) بکثرت حمد کرنے والی ہوگی اور اللہ کی کبریائی کا تذکرہ ہر مقام پر کرنے والی ہوگی۔ وہ لوگ اللہ کی حمد ہر جگہ بیان کریں گے ان کے تہبند نصف پنڈلی تک ہوں گے۔ وہ اپنے مخصوص اعضاء کو وضو کے دوران دھوئیں گے۔ان کا موذن کھلی فضا میں اذان دیا کرے گا۔ جنگ کے دوران ان کی صفیں اور نماز کے دوران ان کی صفیں ایک جیسی ہوں گی وہ لوگ رات کے وقت شہد کی مکھی کی بھنبھناہٹ کی طرح (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ) میں گریہ وزاری کریں گے۔

حضرت محمد ﷺ کی جائے پیدائش ''مکہ'' ہوگی وہ ہجرت کر کے ''طیبہ'' جائیں گے اوران کی بادشاہی ''شام'' میں ہوگی۔

**6- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي خَالِدٌ هُوَ ابْنُ يَزِيدَ عَنْ سَعِيدٍ هُوَ ابْنُ أَبِي هِلَالٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ أُسَامَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ سَلَامٍ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ إِنَّا لَنَجِدُ صِفَةَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا وَحِرْزًا لِلْأُمِّيِّينَ أَنْتَ عَبْدِي وَرَسُولِي سَمَّيْتُهُ الْمُتَوَكِّلَ لَيْسَ بِفَظٍّ وَلَا غَلِيظٍ وَلَا صَخَّابٍ بِالْأَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِي بِالسَّيِّئَةِ مِثْلَهَا وَلَكِنْ يَعْفُو وَيَتَجَاوَزُ وَلَنْ أَقْبِضَهُ حَتَّى يُقِيمَ الْمِلَّةَ الْمُتَعَوِّجَةَ بِأَنْ يَشْهَدَ أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ يَفْتَحُ بِهِ أَعْيُنًا عُمْيًا وَآذَانًا صُمًّا وَقُلُوبًا غُلْفًا قَالَ عَطَاءُ بْنُ يَسَارٍ وَأَخْبَرَنِي أَبُو وَاقِدٍ اللَّيْثِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ كَعْبًا يَقُولُ مِثْلَ مَا قَالَ ابْنُ سَلَامٍ**

☆☆ حضرت ابن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے اپنی آسمانی کتاب ''تورات'' میں نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ ان الفاظ میں پایا ہے۔

''بے شک ہم نے تمہیں گواہ' خوشخبری دینے والا' ڈرانے والا' پناہ گاہ بنا کر بھیجا ہے اس قوم کے لیے جوان پڑھ ہے (اے محمد ﷺ) تو میرا بندہ اور رسول ہے۔ میں نے اس (یعنی نبی اکرم ﷺ) کا نام متوکل رکھا ہے وہ سخت دل اور سخت مزاج نہیں ہوگا اور نہ ہی بازار میں اونچی آواز سے چیخے گا اور برائی کا بدلہ برائی کی صورت میں نہیں دے گا بلکہ معاف کر دے گا اور درگزر کرے گا اور میں اس وقت تک اس کی روح قبض نہیں کرونگا جب تک وہ بگڑی ہوئی قوم (یعنی کفر میں مبتلا قوم) کو یہ اعتراف نہ کروا دے کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے۔ہم اس کے ذریعے اندھی آنکھوں بہرے کانوں اور پردے میں چھپے ہوئے دلوں کو کشادگی عطا کریں گے۔

حدیث 5 ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 4224

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 13080

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 1610

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 1612

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/ 1983ء — 10046

حدیث 6 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 2018

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3617

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 6622

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 1379

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/ 1989ء — 246

عطاء بن یسار بیان کرتے ہیں مجھے ابوواقد لیثی نے یہ بات بتائی ہے کہ انہوں نے حضرت کعب رضی اللہ عنہ کو بھی یہی بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے جو حضرت ابن سلام رضی اللہ عنہ نے بیان کی ہے۔

**7- اَخْبَرَنَا** زَيْدُ بْنُ عَوْفٍ قَالَ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ ذَكْوَانَ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ كَعْبٍ فِى السَّطْرِ الْاَوَّلِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ عَبْدِى الْمُخْتَارُ لَا فَظٌّ وَّلَا غَلِيْظٌ وَّلَا صَخَّابٌ فِى الْاَسْوَاقِ وَلَا يَجْزِى بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَّعْفُوْ وَيَغْفِرُ مَوْلِدُهُ بِمَكَّةَ وَهِجْرَتُهُ بِطَيْبَةَ وَمُلْكُهُ بِالشَّامِ وَفِى السَّطْرِ الثَّانِىْ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ اُمَّتُهُ الْحَمَّادُوْنَ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِى السَّرَّاءِ وَالضَّرَّاءِ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِىْ كُلِّ مَنْزِلَةٍ وَّيُكَبِّرُوْنَ عَلٰى كُلِّ شَرَفٍ رُعَاةُ الشَّمْسِ يُصَلُّوْنَ الصَّلٰوةَ اِذَا جَآءَ وَقْتُهَا وَلَوْ كَانُوْا عَلٰى رَاْسِ كُنَاسَةٍ وَّيَاْتَزِرُوْنَ عَلٰى اَوْسَاطِهِمْ وَيُوَضِّئُوْنَ اَطْرَافَهُمْ وَاَصْوَاتُهُمْ بِاللَّيْلِ فِىْ جَوِّ السَّمَآءِ كَاَصْوَاتِ النَّحْلِ

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں (تورات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی تعریف میں) پہلی لائن میں یہ تحریر ہے۔

محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔ میرے اختیار کردہ بندے ہیں۔ وہ سخت مزاج نہیں ہیں اور سخت دل نہیں ہیں اور بازار میں بلند آواز سے چیخنے والا نہیں ہے۔ وہ برائی کا بدلہ برائی کے ذریعے نہیں دے گا بلکہ معاف کر دے گا اور بخش دے گا۔ اس کی جائے پیدائش "مکہ" ہوگی اور وہ ہجرت کر کے "طیبہ" آئے گا اور اس کی بادشاہی "شام" میں ہوگی۔

دوسری سطر میں یہ تحریر ہے۔ محمد اللہ کے رسول ہیں۔ ان کی امت بکثرت اللہ کی حمد کرنے والی ہے۔ وہ تنگی اور خوشحالی ہر حال میں اللہ کی حمد بیان کریں گے۔ وہ ہر جگہ پر اللہ کی حمد بیان کریں گے۔ ہر مقام پر اس کی کبریائی کا تذکرہ کریں گے۔ سورج کو دیکھ کر نمازیں ادا کریں گے۔ جب نماز کا وقت آ جائے گا (تو نماز ضرور ادا کریں گے) اگرچہ وہ کسی کناسہ پر ہوں ان کے تہبند نصف پنڈلی تک ہوں گے وہ اپنے مخصوص اعضاء پر وضو کریں گے۔ رات کے وقت کھلی فضا میں ان کی آوازیں یوں ہوگی جیسے کسی شہد کی مکھی کی آواز ہوتی ہے"۔

**8- اَخْبَرَنَا** مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مَعْنُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ فَرْوَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سَاَلَ كَعْبَ الْاَحْبَارِ كَيْفَ تَجِدُ نَعْتَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى التَّوْرَاةِ فَقَالَ كَعْبٌ نَجِدُهُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُوْلَدُ بِمَكَّةَ وَيُهَاجِرُ اِلٰى طَابَةَ وَيَكُوْنُ مُلْكُهُ بِالشَّامِ وَلَيْسَ بِفَحَّاشٍ وَّلَا صَخَّابٍ فِى الْاَسْوَاقِ وَلَا يُكَافِئُ بِالسَّيِّئَةِ السَّيِّئَةَ وَلٰكِنْ يَّعْفُوْ وَيَغْفِرُ اُمَّتُهُ الْحَمَّادُوْنَ يَحْمَدُوْنَ اللّٰهَ فِىْ كُلِّ سَرَّاءَ وَيُكَبِّرُوْنَ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ نَجْدٍ يُوَضِّئُوْنَ اَطْرَافَهُمْ وَيَاْتَزِرُوْنَ فِىْ اَوْسَاطِهِمْ يَصُفُّوْنَ فِىْ صَلَوَاتِهِمْ كَمَا يَصُفُّوْنَ فِىْ قِتَالِهِمْ دَوِيُّهُمْ فِىْ مَسَاجِدِهِمْ كَدَوِيِّ النَّحْلِ يُسْمَعُ مُنَادِيْهِمْ فِىْ جَوِّ السَّمَآءِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت کعب الاحبار رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا۔ آپ حضرات نے تورات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا تذکرہ کن الفاظ میں پایا ہے؟ تو حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا۔ ہم نے ان الفاظ میں پایا ہے "محمد بن عبداللہ مکہ میں پیدا ہوں گے۔ وہ ہجرت کر کے "طابہ" میں جائیں گے۔ ان کی حکومت شام میں بھی ہوگی۔ وہ فحش گفتگو کرنے والے نہیں ہوں گے اور بازار میں چیخ کر نہیں بولیں گے۔ برائی کا بدلہ برائی سے نہیں دیں گے بلکہ معاف کر دیں گے بخش دیں گے۔ ان کی امت بکثرت حمد بیان کرنے والی ہوگی۔ وہ ہر پریشانی کے عالم میں بھی اللہ کی حمد بیان کریں گے اور ہر مقام پر اللہ کی کبریائی کا تذکرہ کریں

گے۔ وہ اپنے مخصوص اعضاء پر وضو کریں گے وہ اپنی نصف پنڈلی تک تہبند باندھیں گے۔ نماز میں ان کی صف اسی طرح ہوگی جیسے جنگ کے دوران ان کی صف ہوگی۔ ان کی مساجد میں ان کی آواز شہد کی مکھی کی آواز جیسی ہوگی ان کی اذان دینے والے کی آواز کھلی فضا میں سنی جا سکے گی۔

**9-** اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيْدِ التَّمِيمِيُّ حَدَّثَنَا بَحِيرُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَقَدْ جَاءَ كُمْ رَسُوْلٌ اِلَيْكُمْ لَيْسَ بِوَهِنٍ وَّلَا كَسِلٍ لِيَخْتِنَ قُلُوْبًا غُلْفًا وَّيَفْتَحَ اَعْيُنًا عُمْيًا وَّيُسْمِعَ اٰذَانًا صُمًّا وَّيُقِيْمَ السُّنَّةَ الْعَوْجَا حَتّٰى يُقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ

☆☆ حضرت جبیر بن نفیر حضرمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ تمہارے پاس ایک ایسا رسول آیا ہے جو سست اور کاہل نہیں ہے۔ اس کی آمد کا مقصد یہ ہے کہ وہ غفلت میں مبتلا دلوں کو زندہ کر دے۔ نابینا آنکھوں کی بینائی کو کشادہ کر دے اور بہرے کانوں کو پیغام حق سنا دے۔ وہ کفر پر قائم ملت کو درست کر دے۔ یہاں تک کہ یہ اعتراف کر لیا جائے کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے صرف وہی ایک معبود ہے۔

**10-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِى قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كَانَ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُ اِلَيْهِ حَاجَةٌ فَمَشٰى مَعَهُ حَتّٰى دَخَلَ قَالَ فَاِحْدٰى رِجْلَيْهِ فِى الْبَيْتِ وَالْاُخْرٰى خَارِجَةٌ كَاَنَّهُ يُنَاجِى فَالْتَفَتَ فَقَالَ اَتَدْرِىْ مَنْ كُنْتُ اُكَلِّمُ اِنَّ هٰذَا مَلَكٌ لَّمْ اَرَهُ قَطُّ قَبْلَ يَوْمِىْ هٰذَا اسْتَاْذَنَ رَبَّهُ اَنْ يُّسَلِّمَ عَلَىَّ قَالَ اِنَّا اٰتَيْنَاكَ اَوْ اَنْزَلْنَا الْقُرْاٰنَ فَصْلًا وَّالسَّكِيْنَةَ صَبْرًا وَّالْفُرْقَانَ وَصْلًا

☆☆ حضرت عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں سے ایک صحابی کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کام تھا۔ وہ صحابی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چلتے ہوئے آپ کے گھر تشریف لائے۔ وہ صحابی بیان کرتے ہیں۔ ابھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک پاؤں گھر کے اندر تھا اور ایک پاؤں گھر کے باہر تھا اور یوں محسوس ہوا جیسے آپ کسی سے خفیہ طور پر بات کر رہے ہیں۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس صحابی کی طرف متوجہ ہو کر دریافت کیا۔ کیا تمہیں پتہ ہے میں کس کے ساتھ بات کر رہا تھا؟ یہ ایک فرشتہ ہے جسے میں نے آج سے پہلے کبھی نہیں دیکھا۔ اس نے اپنے پروردگار سے یہ اجازت مانگی کہ وہ مجھے سلام کرے (سلام کرنے کے بعد اس نے پروردگار کا یہ پیغام مجھے پہنچایا ہے) ہم نے تمہیں قرآن دیا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) ہم نے تم پر قرآن نازل کیا جو (حق اور باطل) کے درمیان علیحدگی کرنے والا ہے اور سکینت نازل کی جو صبر دیتی ہے اور فرقان نازل کیا جو ملا دیتا ہے۔

**11-** اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا رَيْحَانُ هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبَّادٌ هُوَ ابْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ عَطِيَّةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَبِيْعَةَ الْجُرَشِىَّ يَقُوْلُ اُتِىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقِيْلَ لَهُ لِتَنَمْ عَيْنُكَ وَلْتَسْمَعْ اُذُنُكَ وَلْيَعْقِلْ قَلْبُكَ قَالَ فَنَامَتْ عَيْنَاىَ وَسَمِعَتْ اُذُنَاىَ وَعَقَلَ قَلْبِىْ قَالَ فَقِيْلَ لِىْ سَيِّدٌ بَنٰى دَارًا فَصَنَعَ مَادُبَةً وَّاَرْسَلَ دَاعِيًا فَمَنْ اَجَابَ الدَّاعِىَ دَخَلَ الدَّارَ وَاَكَلَ مِنَ الْمَادُبَةِ وَرَضِىَ عَنْهُ السَّيِّدُ وَمَنْ لَّمْ يُجِبِ الدَّاعِىَ لَمْ يَدْخُلِ الدَّارَ وَلَمْ يَطْعَمْ مِنَ الْمَادُبَةِ وَسَخِطَ عَلَيْهِ السَّيِّدُ قَالَ فَاللّٰهُ السَّيِّدُ وَمُحَمَّدٌ الدَّاعِى وَالدَّارُ الْاِسْلَامُ وَالْمَادُبَةُ الْجَنَّةُ

☆☆ حضرت عطیہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے حضرت ربیعہ رضی اللہ عنہ جرشی کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم

کی خدمت میں کوئی فرشتہ آیا اور آپ سے یہ کہا گیا آپ کی آنکھ تو سوتی رہے گی لیکن آپ کے کان سنتے رہیں گے اور آپ کا دل سمجھتا رہے گا تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میری آنکھیں سو جاتی ہیں لیکن میرے کان سنتے رہتے ہیں اور دل سمجھ لیتا ہے۔

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں پھر مجھ سے کہا گیا ایک سردار نے گھر بنایا۔ اس میں اس نے دسترخوان سجایا اور ایک دعوت دینے والے کو بھیجا تو جو شخص اس دعوت دینے والے کی دعوت قبول کرلے گا وہ اس گھر میں آئے گا اور اس دسترخوان سے کھائے گا۔ وہ سردار اس سے راضی ہوگا اور جو شخص اس دعوت دینے والے کی بات نہیں مانے گا وہ اس گھر میں داخل نہیں ہوگا اور اس دسترخوان سے نہیں کھائے گا اور وہ سردار اس سے ناراض ہوگا۔

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ وہ سردار ہے۔ وہ دعوت دینے والا شخص محمد ہے وہ گھر اسلام ہے اور وہ دسترخوان جنت ہے۔

**12**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مَيْمُوْنِ التَّمِيْمِيِّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ النَّهْدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْبَطْحَاءِ وَمَعَهُ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَاَقْعَدَهُ وَخَطَّ عَلَيْهِ خَطًّا ثُمَّ قَالَ لَا تَبْرَحَنَّ فَاِنَّهُ سَيَنْتَهِيْ اِلَيْكَ رِجَالٌ فَلَا تُكَلِّمْهُمْ فَاِنَّهُمْ لَنْ يُكَلِّمُوْكَ فَمَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيْثُ اَرَادَ ثُمَّ جَعَلُوْا يَنْتَهُوْنَ اِلَى الْخَطِّ لَا يُجَاوِزُوْنَهُ ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا كَانَ مِنْ اٰخِرِ اللَّيْلِ جَاءَ اِلَيَّ فَتَوَسَّدَ فَخِذِيْ وَكَانَ اِذَا نَامَ نَفَخَ فِي النَّوْمِ نَفْخًا فَبَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَسِّدٌ فَخِذِيْ رَاقِدٌ اِذْ اَتَانِيْ رِجَالٌ كَاَنَّهُمُ الْجِمَالُ عَلَيْهِمْ ثِيَابٌ بِيضٌ اللّٰهُ اَعْلَمُ مَا بِهِمْ مِنَ الْجَمَالِ حَتّٰى قَعَدَ طَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رَاْسِهِ وَطَائِفَةٌ مِنْهُمْ عِنْدَ رِجْلَيْهِ فَقَالُوْا بَيْنَهُمْ مَا رَاَيْنَا عَبْدًا اُوْتِيَ مِثْلَ مَا اُوْتِيَ هٰذَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ عَيْنَيْهِ لَتَنَامَانِ وَاِنَّ قَلْبَهُ لَيَقْظَانُ اضْرِبُوْا لَهُ مَثَلًا سَيِّدٌ بَنٰى قَصْرًا ثُمَّ جَعَلَ مَاْدُبَةً فَدَعَا النَّاسَ اِلٰى طَعَامِهِ وَشَرَابِهِ ثُمَّ ارْتَفَعُوْا وَاسْتَيْقَظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ فَقَالَ اَتَدْرِيْ مَنْ هٰؤُلَاءِ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ هُمُ الْمَلَائِكَةُ قَالَ وَهَلْ تَدْرِيْ مَا الْمَثَلُ الَّذِيْ ضَرَبُوْهُ قُلْتُ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ الرَّحْمٰنُ بَنَى الْجَنَّةَ فَدَعَا اِلَيْهَا عِبَادَهُ فَمَنْ اَجَابَهُ دَخَلَ جَنَّتَهُ وَمَنْ لَمْ يُجِبْهُ عَاقَبَهُ وَعَذَّبَهُ

☆☆ حضرت ابوعثمان نہدی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کھلے میدان کی طرف تشریف لے گئے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ آپ کے ساتھ تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں بٹھا دیا اور ان کے ارگرد ایک لائن کھینچ کر ارشاد فرمایا۔ تم نے یہاں سے باہر نہیں آنا۔ تمہارے پاس کچھ لوگ آئیں گے تم نے ان سے بات نہیں کرنی وہ بھی تمہارے ساتھ بات نہیں کریں گے۔ پھر نبی اکرم ﷺ جہاں جانا چاہتے تھے وہاں تشریف لے گئے پھر کچھ لوگ اس لکیر کے پاس آنے لگے لیکن اندر نہیں آتے تھے۔ پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی طرف چلے گئے جب رات کا آخری حصہ آیا تو نبی اکرم ﷺ میرے پاس تشریف لائے آپ نے میرے زانو کا تکیہ بنایا جب آپ سوتے تھے تو خراٹے لیا کرتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ میرے زانو پر سو رہے تھے۔ اسی دوران میرے پاس کچھ لوگ آئے جن کے قد اونٹ جتنے اونچے تھے انہوں نے سفید کپڑے پہن رکھے تھے۔ اللہ بہتر جانتا ہے کہ ایسی خوبصورتی اور کسی میں نہیں ہوگی۔ ان میں سے کچھ لوگ

حدیث 11: "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء

نبی اکرم ﷺ کے سرہانے کی طرف بیٹھ گئے اور کچھ لوگ پاؤں کی طرف بیٹھ گئے۔ وہ یہ بات کرنے لگے کہ اس نبی کو جو فضیلت عطا کی گئی ہے۔ ہمارے خیال میں وہ اور کسی کو عطا نہیں کی گئی ان کی دونوں آنکھیں سوجاتی ہیں لیکن ان کا دل بیدار رہتا ہے۔ ان کے لیے یہ مثال دی جاسکتی ہے کہ ایک سردار نے ایک محل بنایا۔ پھر دستر خوان بچھا کر (دعوت عام کی) اس کھانے اور مشروبات کی طرف بلایا (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) پھر وہ لوگ چلے گئے۔ اسی وقت نبی اکرم ﷺ بیدار ہوئے تو آپ نے دریافت کیا' کیا تم یہ جانتے ہو کہ یہ کون لوگ تھے؟ میں نے جواب دیا: اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا یہ فرشتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' کیا تم جانتے ہو کہ انہوں نے جو مثال بیان کی اس کا مطلب کیا ہے؟ میں نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا رحمٰن (یعنی اللہ تعالیٰ نے) جنت بنائی اس کی طرف اپنے بندوں کو دعوت دی جو اس دعوت کو قبول کرلے گا وہ اس کی جنت میں داخل ہو جائے گا جو قبول نہیں کرے گا۔ اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہوگا اور اسے عذاب کا شکار کرے گا۔

## بَابُ كَيْفَ كَانَ اَوَّلُ شَاْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 3: نبی اکرم ﷺ کا بچپن کیسا تھا

**13**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَمْرٍو السُّلَمِيُّ عَنْ عُتْبَةَ ابْنِ عَبْدِ السُّلَمِيِّ اَنَّهُ حَدَّثَهُمْ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ رَجُلٌ كَيْفَ كَانَ اَوَّلُ شَاْنِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كَانَتْ حَاضِنَتِيْ مِنْ بَنِيْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ فَانْطَلَقْتُ اَنَا وَابْنٌ لَّهَا فِيْ بَهْمٍ لَّنَا وَلَمْ نَاْخُذْ مَعَنَا زَادًا فَقُلْتُ يَا اَخِيْ اذْهَبْ فَاْتِنَا بِزَادٍ مِّنْ عِنْدِ اُمِّنَا فَانْطَلَقَ اَخِيْ وَمَكَثْتُ عِنْدَ الْبَهْمِ فَاَقْبَلَ طَائِرَانِ اَبْيَضَانِ كَاَنَّهُمَا نَسْرَانِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اَهُوَ هُوَ قَالَ الْاٰخَرُ نَعَمْ فَاَقْبَلَا يَبْتَدِرَانِيْ فَاَخَذَانِيْ فَبَطَحَانِيْ لِلْقَفَا فَشَقَّا بَطْنِيْ ثُمَّ اسْتَخْرَجَا قَلْبِيْ فَشَقَّاهُ فَاَخْرَجَا مِنْهُ عَلَقَتَيْنِ سَوْدَاوَيْنِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ ائْتِنِيْ بِمَاءِ ثَلْجٍ فَغَسَلَ بِهٖ جَوْفِيْ ثُمَّ قَالَ ائْتِنِيْ بِمَاءِ بَرَدٍ فَغَسَلَ بِهٖ قَلْبِيْ ثُمَّ قَالَ ائْتِنِيْ بِالسَّكِيْنَةِ فَذَرَّهُ فِيْ قَلْبِيْ ثُمَّ قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ حُصْهُ فَحَاصَهُ وَخَتَمَ عَلَيْهِ بِخَاتَمِ النُّبُوَّةِ ثُمَّ قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اجْعَلْهُ فِيْ كِفَّةٍ وَّاجْعَلْ اَلْفًا مِّنْ اُمَّتِهٖ فِيْ كِفَّةٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِذَا اَنَا اَنْظُرُ اِلَى الْاَلْفِ فَوْقِيْ اُشْفِقُ اَنْ يَّخِرَّ عَلَيَّ بَعْضُهُمْ فَقَالَ لَوْ اَنَّ اُمَّتَهٗ وُزِنَتْ بِهٖ لَمَالَ بِهِمْ ثُمَّ انْطَلَقَا وَتَرَكَانِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفَرِقْتُ فَرَقًا شَدِيْدًا ثُمَّ انْطَلَقْتُ اِلٰى اُمِّيْ فَاَخْبَرْتُهَا بِالَّذِيْ لَقِيْتُ فَاَشْفَقَتْ اَنْ يَّكُوْنَ قَدِ الْتُبِسَ بِيْ فَقَالَتْ اُعِيْذُكَ بِاللّٰهِ فَرَحَلَتْ بَعِيْرًا لَّهَا فَجَعَلَتْنِيْ عَلَى الرَّحْلِ وَرَكِبَتْ خَلْفِيْ حَتّٰى بَلَغْنَا اِلٰى اُمِّيْ فَقَالَتْ اَدَّيْتُ اَمَانَتِيْ وَذِمَّتِيْ

حدیث 13: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 17685

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 4230

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 323

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/ 1991ء — 1369

وَحَدَّثَتْهَا بِالَّذِیْ لَقِیْتُ فَلَمْ یَرُعْهَا ذٰلِكَ وَقَالَتْ اِنِّیْ رَاَیْتُ حِیْنَ خَرَجَ مِنِّیْ یَعْنِیْ نُوْرًا اَضَائَتْ مِنْهُ قُصُوْرُ الشَّامِ

☆☆ حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام میں شامل ہیں۔ ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا یا رسول اللہ! آپ کے بچپن کا عالم کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میری دایہ کا تعلق بنو سعد بن بکر سے تھا۔ ایک مرتبہ میں اور ان کا بیٹا اپنی بکریاں چرانے کے لیے گئے۔ ہمارے ساتھ کھانے کے لیے کچھ نہیں تھا۔ میں نے کہا اے میرے بھائی تم جاؤ اور امی جان سے ہمارے کھانے کے لیے کچھ لے آؤ۔ میرا بھائی چلا گیا۔ میں ان جانوروں کے پاس ٹھہر گیا۔ اسی دوران دو سفید پرندے جو گدھوں کی مانند تھے۔ آئے اور ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا کیا یہ وہی ہے؟ دوسرے نے جواب دیا: ہاں وہ دونوں تیزی سے میری طرف لپکے۔ انہوں نے مجھے پکڑ لیا اور مجھے سیدھا لیٹا کر میرے پیٹ کو چیر دیا۔ پھر انہوں نے میرا دل نکال کر اسے چیر دیا اور اس میں سے سیاہ خون کے دو لوتھڑے نکالے۔ ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا برف کا پانی لاؤ پھر اس نے اس پانی کے ذریعے میرے پیٹ کو دھویا پھر وہ بولا ٹھنڈا پانی لاؤ پھر اس نے اس کے ذریعے میرے دل کو دھویا۔ پھر وہ بولا سلینت لاؤ وہ اس نے میرے دل پر چھڑک دی۔ پھر اس نے اپنے ساتھی سے کہا اسے سی دو۔ اس نے اسے سی دیا۔ اس نے اس پر مہر نبوت لگا دی۔ پھر اس نے کہا انہیں ایک پلڑے میں رکھو اور ان کی امت کے ایک ہزار افراد کو دوسرے پلڑے میں رکھو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں جب میں نے دیکھا کہ ایک ہزار افراد میرے اوپر تھے اور مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ کوئی میرے اوپر نہ گر جائے تو ان میں سے ایک شخص بولا اگر ان کی پوری امت کے ساتھ بھی ان کا وزن کیا جائے تو ان کا پلڑا بھاری ہوگا۔ پھر وہ دونوں چلے گئے انہوں نے مجھے وہیں رہنے دیا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں مجھے بہت الجھن محسوس ہوئی۔ میں اپنی والدہ کے پاس گیا اور انہیں اس صورتحال کے بارے میں بتایا جو مجھے پیش آئی تھی۔ وہ ڈر گئیں کہ شاید مجھے کوئی ذہنی مرض لاحق ہو گیا ہے۔ وہ بولیں میں تمہیں اللہ کی پناہ میں دیتی ہوں۔ پھر وہ اپنے اونٹ پر سوار ہوئیں اور مجھے بھی اس پر سوار کیا یہاں تک کہ ہم لوگ میری والدہ (سیدہ آمنہ) کے پاس آ گئے۔ میری دایہ نے کہا میں اپنی امانت اور اپنا ذمہ ادا کر چکی ہوں۔ پھر انہوں نے میری والدہ کو وہ واقعہ بتایا جو میرے ساتھ پیش آیا تھا تو والدہ اس سے خوف زدہ نہیں ہوئیں اور بولیں جب ان کی ولادت ہوئی تھی تو میں نے دیکھا تھا کہ میرے اندر سے کوئی چیز نکلی ہے (راوی کہتے ہیں) یعنی نور نکلا (سیدہ آمنہ فرماتی ہیں) جس کے ذریعے شام کے محلات روشن ہو گئے تھے۔

**14-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عُثْمَانَ الْقُرَشِیُّ عَنْ عُمَرَ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَیْرِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ الْغِفَارِیِّ قَالَ قُلْتُ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَیْفَ عَلِمْتَ اَنَّكَ نَبِیٌّ حَتّٰی اسْتَیْقَنْتَ فَقَالَ یَا اَبَا ذَرٍّ اَتَانِیْ مَلَكَانِ وَاَنَا بِبَعْضِ بَطْحَاءِ مَكَّةَ فَوَقَعَ اَحَدُهُمَا عَلَی الْاَرْضِ وَكَانَ الْاٰخَرُ بَیْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ اَهُوَ هُوَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَزِنْهُ بِرَجُلٍ فَوُزِنْتُ بِهٖ فَوَزَنْتُهٗ ثُمَّ قَالَ فَزِنْهُ بِعَشَرَةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ ثُمَّ قَالَ زِنْهُ بِمِائَةٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ ثُمَّ قَالَ زِنْهُ بِاَلْفٍ فَوُزِنْتُ بِهِمْ فَرَجَحْتُهُمْ كَاَنِّیْ اَنْظُرُ اِلَیْهِمْ یَنْتَثِرُوْنَ عَلَیَّ مِنْ خِفَّةِ الْمِیْزَانِ قَالَ فَقَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ لَوْ وَزَنْتَهٗ بِاُمَّتِهٖ لَرَجَحَهَا

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی یا رسول اللہ آپ کو پہلی مرتبہ کب اس بات کا یقینی علم ہوا کہ آپ نبی ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اے ابوذر! میرے پاس دو فرشتے آئے میں اس وقت مکہ کے کھلے میدان میں تھا۔ ان میں

سے ایک زمین پر اتر آیا اور دوسرا آسمان اور زمین کے درمیان رہا۔ ان دونوں میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا کیا یہ وہی ہیں؟ اس نے جواب دیا: ہاں وہ بولا ایک آدمی کے ساتھ ان کا وزن کرو اس آدمی کے ساتھ میرا وزن کیا گیا تو میرا پلڑا بھاری تھا۔ پھر اس فرشتے نے کہا دس آدمیوں کے ساتھ میرا وزن کروان کے ساتھ میرا وزن کیا گیا تو پھر میرا پلڑا بھاری تھا۔ پھر وہ بولا سو آدمیوں کے ساتھ ان کا وزن کروان کے ساتھ میرا وزن کیا گیا تو بھی میں ہی بھاری تھا۔ پھر وہ بولا ایک ہزار آدمیوں کے ساتھ میرا وزن کروان کے ساتھ میرا وزن کیا گیا تو بھی میرا ہی پلڑا بھاری تھا۔ مجھے یوں محسوس ہوا کہ ان لوگوں کا پلڑا ہلکا ہونے کی وجہ سے کوئی میرے اوپر نہ گر جائے۔

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا اگر ان کی پوری امت کے مقابلے میں ان کا وزن کیا جائے تو بھی ان کا پلڑا بھاری ہوگا۔

**15**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُنَادِيْهِمْ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا رَحْمَةٌ مُهْدَاةٌ

☆☆ حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو بلند آواز سے مخاطب کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ اے لوگو میں رحمت ہوں اور ہدایت دینے کے لیے آیا ہوں۔

## بَابُ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ بِهٖ نَبِيَّهُ مِنْ اِيْمَانِ الشَّجَرِ بِهٖ وَالْبَهَائِمِ وَالْجِنِّ

## باب 4: درختوں' جانوروں اور جنات کا نبی اکرم ﷺ پر ایمان لانا اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو جو عزت عطا کی اس کا بیان

**16**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَرِيْفٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَفَرٍ فَاَقْبَلَ اَعْرَابِىٌّ فَلَمَّا دَنَا مِنْهُ قَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ تُرِيْدُ قَالَ اِلٰى اَهْلِىْ قَالَ هَلْ لَكَ فِىْ خَيْرٍ قَالَ وَمَا هُوَ قَالَ تَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ قَالَ وَمَنْ يَّشْهَدُ عَلٰى مَا تَقُوْلُ قَالَ هٰذِهِ السَّلَمَةُ فَدَعَاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ بِشَاطِئِ الْوَادِىْ فَاَقْبَلَتْ تَخُدُّ الْاَرْضَ خَدًّا حَتّٰى قَامَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ فَاسْتَشْهَدَهَا ثَلَاثًا فَشَهِدَتْ ثَلَاثًا اَنَّهُ كَمَا قَالَ ثُمَّ رَجَعَتْ اِلٰى مَنْبَتِهَا وَرَجَعَ الْاَعْرَابِىُّ اِلٰى قَوْمِهٖ وَقَالَ اِنِ اتَّبَعُوْنِىْ اَتَيْتُكَ بِهِمْ وَاِلَّا رَجَعْتُ فَكُنْتُ مَعَكَ

---

حدیث 15: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 100

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار بیروت' لبنان/عمان 1405ھ 1985ء — 264

حدیث 16: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 6505

''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 5662

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 13582

مسند عبد بن حمید — 1053

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 31754

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک سفر کے دوران ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ اسی دوران ایک دیہاتی آیا جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قریب ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم کہاں جارہے ہو۔ اس نے جواب دیا۔ اپنے گھر جارہا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' کیا تمہیں بھلائی میں کوئی دلچسپی ہے۔ اس نے جواب دیا: وہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم یہ گواہی دو کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے۔ صرف وہی معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور محمد اس کے خاص بندے اور رسول ہیں۔ وہ دیہاتی بولا آپ کی اس بات کی گواہی کون دے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیکر کا ایک درخت۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت کو بلایا وہ درخت وادی کے کنارے پر موجود تھا۔ وہ زمین کو چیرتا ہوا آپ کے پاس آیا اور آپ کے سامنے کھڑا ہوگیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے تین مرتبہ گواہی مانگی اور اس نے تین مرتبہ اس بات کی گواہی دی جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی تھی۔ پھر وہ واپس اس جگہ پر چلا گیا جہاں وہ موجود تھا۔ وہ دیہاتی اپنی قوم میں واپس جاتے ہوئے بولا۔ اگر ان لوگوں نے میری پیروی کی تو میں انہیں آپ کے پاس لاؤں گا اور اگر نہیں کی تو میں واپس آجاؤں گا اور میں آپ کے ساتھ رہوں گا۔

**17**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ سَفَرٍ وَّكَانَ لَا يَاْتِى الْبَرَازَ حَتّٰى يَتَغَيَّبَ فَلَا يُرٰى فَنَزَلْنَا بِفَلَاةٍ مِّنَ الْاَرْضِ لَيْسَ فِيْهَا شَجَرٌ وَّلَا عَلَمٌ فَقَالَ يَا جَابِرُ اجْعَلْ فِىْ اِدَاوَتِكَ مَاءً ثُمَّ انْطَلِقْ بِنَا قَالَ فَانْطَلَقْنَا حَتّٰى لَا نُرٰى فَاِذَا هُوَ بِشَجَرَتَيْنِ بَيْنَهُمَا اَرْبَعُ اَذْرُعٍ فَقَالَ يَا جَابِرُ انْطَلِقْ اِلٰى هٰذِهِ الشَّجَرَةِ فَقُلْ يَقُلْ لَكِ الْحَقِى بِصَاحِبَتِكِ حَتّٰى اَجْلِسَ خَلْفَكُمَا فَرَجَعَتْ اِلَيْهَا فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَلْفَهُمَا ثُمَّ رَجَعَتَا اِلٰى مَكَانِهِمَا فَرَكِبْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ بَيْنَنَا كَاَنَّمَا عَلَيْنَا الطَّيْرُ تُظِلُّنَا فَعَرَضَتْ لَهُ امْرَاَةٌ مَّعَهَا صَبِىٌّ لَّهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنِىْ هٰذَا يَاْخُذُهُ الشَّيْطٰنُ كُلَّ يَوْمٍ ثَلَاثَ مِرَارٍ قَالَ فَتَنَاوَلَ الصَّبِىَّ فَجَعَلَهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ مُقَدَّمِ الرَّحْلِ ثُمَّ قَالَ اخْسَاْ عَدُوَّ اللّٰهِ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اخْسَاْ عَدُوَّ اللّٰهِ اَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا ثُمَّ دَفَعَهُ اِلَيْهَا فَلَمَّا قَضَيْنَا سَفَرَنَا مَرَرْنَا بِذٰلِكَ الْمَكَانِ فَعَرَضَتْ لَنَا الْمَرْاَةُ مَعَهَا صَبِيُّهَا وَمَعَهَا كَبْشَانِ تَسُوْقُهُمَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اقْبَلْ مِنِّىْ هَدِيَّتِىْ فَوَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا عَادَ اِلَيْهِ بَعْدُ فَقَالَ خُذُوْا مِنْهَا وَاحِدًا وَّرُدُّوْا عَلَيْهَا الْاٰخَرَ قَالَ ثُمَّ سِرْنَا وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَنَا كَاَنَّمَا عَلَيْنَا الطَّيْرُ تُظِلُّنَا فَاِذَا جَمَلٌ نَادٌّ حَتّٰى اِذَا كَانَ بَيْنَ سِمَاطَيْنِ خَرَّ سَاجِدًا فَجَلَسَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ النَّاسَ مَنْ صَاحِبُ الْجَمَلِ فَاِذَا فِتْيَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ قَالُوْا هُوَ لَنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَمَا شَاْنُهُ قَالُوْا اسْتَنَيْنَا عَلَيْهِ مُنْذُ عِشْرِيْنَ سَنَةً وَّكَانَتْ بِهٖ شُحَيْمَةٌ فَاَرَدْنَا اَنْ نَّنْحَرَهُ فَنَقْسِمَهُ بَيْنَ غِلْمَانِنَا فَانْفَلَتَ مِنَّا قَالَ بِيْعُوْنِيْهِ قَالُوْا لَا بَلْ هُوَ لَكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اَمَّا لَا فَاَحْسِنُوْا اِلَيْهِ حَتّٰى يَاْتِيَهُ اَجَلُهُ قَالَ الْمُسْلِمُوْنَ عِنْدَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحْنُ اَحَقُّ بِالسُّجُوْدِ لَكَ مِنَ الْبَهَائِمِ قَالَ لَا يَنْبَغِى لِشَىْءٍ اَنْ

---

حدیث **18**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　**14372**

مسند عبد بن حمید　**1122**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ　**31719**

*يَسْجُدَ لِشَيْءٍ وَلَوْ كَانَ ذٰلِكَ كَانَ النِّسَاءُ لِاَزْوَاجِهِنَّ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ایک سفر کے دوران میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ جارہا تھا۔نبی اکرم ﷺ جب بھی فضائے حاجت کے لیے جاتے تو اتنی دور چلے جاتے تھے کہ آپ کو دیکھا بھی نہیں جاسکتا تھا۔ایک مرتبہ ہم نے ایسی زمین پر پڑاؤ کیا جو بے آب وگیاہ تھی وہاں کوئی درخت نہیں تھا اور نہ ہی ٹیلہ تھا۔نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا اپنے برتن میں کچھ پانی رکھو اور میرے ساتھ چلو۔حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ہم لوگ چل پڑے۔یہاں تک کہ لوگوں کی نظروں سے دور ہو گئے۔یہاں تک کہ ہم دو درختوں کے درمیان آئے جن کے درمیان چار زراع کا فاصلہ تھا۔نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اے جابر! اس درخت کے پاس جاؤ اور اس سے کہو کہ اللہ کے رسول تمہیں حکم دے رہے ہیں کہ تم اپنے اس ساتھی درخت کے ساتھ مل جاؤ تا کہ میں تم دونوں کی اوٹ میں بیٹھ سکوں حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے ایسا ہی کیا تو وہ درخت اس دوسرے درخت کے پاس آ گیا۔نبی اکرم ﷺ ان دونوں کی اوٹ میں چلے گئے۔پھر وہ دونوں درخت اپنی اپنی جگہ واپس چلے گئے۔پھر ہم لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ سوار ہو کر چل پڑے۔نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان ہی تھے۔

آپ کی ہیبت کی وجہ سے ہماری یہ کیفیت تھی کہ گویا ہمارے اوپر پرندے سایہ کیے ہوئے ہیں۔ایک عورت نبی اکرم ﷺ کے سامنے آئی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا۔اس نے عرض کی اے اللہ کے رسول یہ میرا بیٹا ہے۔شیطان روزانہ تین مرتبہ اسے اپنے قبضے میں لے لیتا ہے۔نبی اکرم ﷺ نے اس بچے کو پکڑا اسے اپنے اور پالان کے اگلے حصے کے درمیان بٹھالیا۔پھر ارشادفرمایا اے اللہ کے دشمن دور ہو جا۔میں اللہ کا رسول ہوں۔اے اللہ کے دشمن دور ہو جا یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشادفرمائی پھر بچے کو اس عورت کے سپرد کر دیا۔راوی بیان کرتے ہیں واپسی کے سفر کے دوران جب ہم اسی جگہ سے گزرے تو وہی عورت سامنے آئی اس کے ساتھ اس کا بچہ بھی تھا اور ساتھ دو دنبے بھی تھے جنہیں وہ ہانک کر لا رہی تھی۔اس نے عرض کی اے اللہ کے نبی میری طرف سے یہ تحفہ قبول کریں اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔شیطان دوبارہ اس بچے کی طرف نہیں آیا۔نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا اس میں سے ایک دنبہ رکھ لو اور دوسرا اسے واپس کر دو۔راوی بیان کرتے ہیں پھر ہم لوگ سفر کرتے رہے نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان تھے۔آپ کی ہیبت کی وجہ سے ہماری یہ کیفیت تھی۔گویا ہمارے اوپر پرندوں نے سایہ کیا ہوا ہے۔اسی دوران ایک اونٹ جو بھاگا ہوا تھا آ گیا۔جب وہ لوگوں کے درمیان آیا تو سجدے میں چلا گیا۔نبی اکرم ﷺ تشریف فرما تھے۔آپ نے لوگوں سے دریافت کیا۔اس اونٹ کا مالک کون ہے۔کچھ انصاری نوجوانوں نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ ہمارا اونٹ ہے۔نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا۔اسے کیا ہوا ہے۔انہوں نے عرض کی ہم بیس برس سے اسے پانی لانے کے لیے استعمال کر رہے ہیں۔اب اس میں چربی زیادہ ہو گئی ہے۔ہمارا یہ ارادہ ہے کہ ہم اسے ذبح کر کے اسے اپنے لڑکوں کے درمیان تقسیم کر دیں تو یہ ہم سے بھاگ کر آ گیا ہے۔نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا اسے مجھے بیچ دو ان نوجوانوں نے عرض کی یارسول اللہ! یہ آپ ہی کی ملکیت ہے۔نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا اگر تم یہ کہتے ہو تو ٹھیک ہے لیکن اس کے ساتھ اچھا سلوک کرتے رہو۔یہاں تک کہ اس کا آخری وقت آ جائے۔اس وقت مسلمانوں نے عرض کی یارسول اللہ! جانوروں کے مقابلے میں ہم اس بات کے زیادہ حقدار ہیں کہ ہم آپ کو سجدہ کریں۔نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا کسی کے لیے بھی کسی دوسرے کو سجدہ کرنا جائز نہیں ہے۔اگر ایسا ہوتا تو خواتین اپنے شوہروں کو سجدہ کرتیں۔

---

**18-** حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا الْاَجْلَحُ عَنِ الذَّيَّالِ بْنِ حَرْمَلَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَقْبَلْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى دُفِعْنَا اِلٰى حَائِطٍ فِيْ بَنِي النَّجَّارِ فَاِذَا فِيْهِ جَمَلٌ لَا يَدْخُلُ الْحَائِطَ اَحَدٌ اِلَّا شَدَّ عَلَيْهِ فَذَكَرُوْا ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَاهُ فَدَعَاهُ فَجَاءَ وَاضِعًا مِشْفَرَهُ عَلَى الْاَرْضِ حَتّٰى بَرَكَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ هَاتُوْا خِطَامًا فَخَطَمَهُ وَدَفَعَهُ اِلٰى صَاحِبِهِ ثُمَّ الْتَفَتَ فَقَالَ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ اِلَى الْاَرْضِ اِلَّا يَعْلَمُ اَنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا عَاصِيَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ایک مرتبہ ہم نبی اکرم کے ساتھ جا رہے تھے۔ یہاں تک کہ ہم بنونجار کے ایک باغ کے پاس آئے اس میں ایک اونٹ تھا۔ باغ میں جو شخص بھی داخل ہوتا تھا۔ وہ اونٹ اس پر حملہ کر دیتا تھا۔ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے تذکرہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس آئے۔ آپ نے اسے بلایا۔ وہ اپنا منہ زمین پر رکھ کر آ گیا۔ یہاں تک کہ آپ کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اس کی لگام لاؤ۔ پھر آپ نے اسے لگام پہنائی اور اسے اس کے مالک کے سپرد کر دیا پھر آپ نے (ہماری طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرمایا) گناہگار جنات اور انسانوں کے علاوہ آسمان اور زمین میں موجود ہر چیز یہ بات جانتی ہے کہ میں اللہ کا رسول ہوں۔

**19-** اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ فَرْقَدٍ السَّبَخِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً جَاءَتْ بِابْنٍ لَّهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ ابْنِيْ بِهِ جُنُوْنٌ وَاِنَّهُ يَاْخُذُهُ عِنْدَ غَدَائِنَا وَعَشَائِنَا فَيَخْبُثُ عَلَيْنَا فَمَسَحَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدْرَهُ وَدَعَا فَثَعَّ ثَعَّةً وَخَرَجَ مِنْ جَوْفِهِ مِثْلُ الْجِرْوِ الْاَسْوَدِ فَسَعٰى

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک خاتون اپنے بیٹے کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے عرض کی۔ اے اللہ کے رسول میرے بیٹے کو جنون لاحق ہو جاتا ہے۔ اس پر یہ دورہ صبح اور شام کے وقت پڑتا ہے تو یہ ہمیں بہت تنگ کرتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سینے پر ہاتھ پھیرا اس کے لیے دعا کی تو اس نے قے کر دی اور اس کے پیٹ میں سے سیاہ بلی جیسی کوئی چیز نکل کر بھاگ گئی۔

**20-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ بُكَيْرٍ الْعَبْدِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ لَاَعْرِفُ حَجَرًا بِمَكَّةَ كَانَ يُسَلِّمُ عَلَيَّ قَبْلَ اَنْ اُبْعَثَ اِنِّيْ لَاَعْرِفُهُ الْاٰنَ

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے مکہ میں موجود ایک پتھر کو میں آج بھی پہچانتا

---

حدیث 19: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 2133

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 2288

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 2418

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 12460

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 23580

ہوں جو میری بعثت سے پہلے مجھے سلام کیا کرتا تھا۔ میں اسے آج بھی پہچانتا ہوں۔

**21**- حَدَّثَنَا فَرْوَةُ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ اَبِي ثَوْرٍ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ اِسْمٰعِيلَ السُّدِّيِّ عَنْ عَبَّادٍ اَبِي يَزِيدَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ كُنَّا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَكَّةَ فَخَرَجْنَا مَعَهُ فِي بَعْضِ نَوَاحِيهَا فَمَرَرْنَا بَيْنَ الْجِبَالِ وَالشَّجَرِ فَلَمْ نَمُرَّ بِشَجَرَةٍ وَّلَا جَبَلٍ اِلَّا قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم مکہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ ہم آپ کے ساتھ کسی نواحی علاقے میں چلے گئے۔ ہم جن پہاڑوں اور درختوں کے پاس سے گزرے تو ان میں سے ہر ایک درخت اور ہر پہاڑ نے یہی کہا: السلام علیك یارسول اللہ (اے اللہ کے رسول آپ پر سلامتی ہو)

**22**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ مُزَيْنَةَ اَوْ جُهَيْنَةَ قَالَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْفَجْرَ فَاِذَا هُوَ بِقَرِيبٍ مِّنْ مِائَةِ ذِئْبٍ قَدْ اَقْعَيْنَ وُفُودُ الذِّئَابِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَرْضَخُوا لَهُمْ شَيْئًا مِّنْ طَعَامِكُمْ وَتَاْمَنُونَ عَلٰى مَا سِوٰى ذٰلِكَ فَشَكَوْا اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحَاجَةَ قَالَ فَاٰذِنُوهُنَّ قَالَ فَاٰذَنُوهُنَّ فَخَرَجْنَ وَلَهُنَّ عُوَاءٌ

☆☆ شمر بن عطیہ بیان کرتے ہیں۔ مزینہ قبیلے یا جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والے ایک صحابی بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز ادا کی۔ اس وقت وہاں سو بھیڑیے موجود تھے جنہوں نے اپنے نمائندوں کے طور پر کچھ بھیڑیوں کو بھیجا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں سے ارشاد فرمایا تم اپنے کھانے میں سے انہیں کچھ کھانے کو دے دیا کرو۔ تم ان کے حملے سے محفوظ رہو گے۔ ان بھیڑیوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اپنی ضرورت کی درخواست پیش کی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی وہ ضرورت پوری کر دی۔ راوی بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی ضرورت پوری کر دی تو وہ بھیڑیے آوازیں نکالتے ہوئے چلے گئے۔

**23**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبُو مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ جِبْرِيلُ اِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ جَالِسٌ حَزِينٌ وَّقَدْ تَخَضَّبَ بِالدَّمِ مِنْ فِعْلِ اَهْلِ مَكَّةَ مِنْ

---

حدیث 20: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 2277

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 3624

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر 20931

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء 6482

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء 7469

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/عمان 1405ھ/1985ء 167

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ 1907

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/1988ء 1961

حدیث 21: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 3626

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1990ء 4238

قُرَیْشٍ فَقَالَ جِبْرِیلُ یَا رَسُولَ اللّٰہِ ہَلْ تُحِبُّ اَنْ اُرِیَکَ اٰیَۃً قَالَ نَعَمْ فَنَظَرَ اِلٰی شَجَرَۃٍ مِّنْ وَرَائِہٖ فَقَالَ ادْعُ بِہَا فَدَعَا بِہَا فَجَاءَ تْ وَقَامَتْ بَیْنَ یَدَیْہِ فَقَالَ مُرْہَا فَلْتَرْجِعْ فَاَمَرَہَا فَرَجَعَتْ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ حَسْبِیْ حَسْبِیْ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ آپ اس وقت غمگین بیٹھے ہوئے تھے کیونکہ قریش سے تعلق رکھنے والے اہل مکہ کی زیادتی کے نتیجے میں آپ کا خون بہت زیادہ بہہ گیا تھا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی۔ اے اللہ کے رسول کیا آپ پسند کریں گے کہ میں آپ کو ایک نشانی دکھاؤں۔ آپ نے جواب دیا: ہاں تو حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کے پیچھے موجود ایک درخت کی طرف دیکھا اور عرض کی آپ اسے بلائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے بلایا تو وہ آ کر آپ کے سامنے کھڑا ہو گیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام نے عرض کی آپ اسے واپس جانے کا حکم دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حکم دیا تو وہ واپس چلا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اتنا ہی کافی ہے۔

**24-** اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاہِیمَ حَدَّثَنَا جَرِیرٌ وَّاَبُو مُعَاوِیَۃَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِی ظَبْیَانَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اَتٰی رَجُلٌ مِّنْ بَنِی عَامِرٍ رَسُولَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلَا اُرِیکَ اٰیَۃً قَالَ بَلٰی قَالَ فَاذْہَبْ فَادْعُ تِلْکَ النَّخْلَۃَ فَدَعَاہَا فَجَاءَ تْ تَنْقُزُ بَیْنَ یَدَیْہِ قَالَ قُلْ لَہَا تَرْجِعُ قَالَ لَہَا رَسُولُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ارْجِعِی فَرَجَعَتْ حَتّٰی عَادَتْ اِلٰی مَکَانِہَا فَقَالَ یَا بَنِی عَامِرٍ مَّا رَاَیْتُ رَجُلًا کَالْیَوْمِ اَسْحَرَ مِنْہُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ بنو عامر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں ایک نشانی دوں اس نے عرض کی جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جاؤ اور کھجور کے اس درخت کو بلاؤ۔ اس نے اس کھجور کے درخت کو بلایا تو وہ چلتا ہوا آپ کے سامنے آ گیا۔ اس شخص نے عرض کی آپ اسے حکم دیں کہ یہ واپس چلا جائے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس درخت سے کہا کہ واپس چلے جاؤ تو وہ اس جگہ پر واپس چلا گیا جہاں وہ موجود تھا۔ اس شخص نے اپنے (قبیلے والوں سے کہا) اے بنو عامر میں نے آج جتنا بڑا جادوگر دیکھا ہے اتنا بڑا پہلے کبھی نہیں دیکھا۔

## بَابُ مَّا اَکْرَمَ اللّٰہُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مِنْ تَفْجِیرِ الْمَاءِ مِنْ بَیْنِ اَصَابِعِہٖ

## باب 5: اللہ تعالیٰ کا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ عزت افزائی کرنا (یعنی آپ کے ذریعے یہ معجزہ ظاہر کرنا) کہ آپ کی انگلیوں میں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے

حدیث 23: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 4028

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12133

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 3685

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 3686

حدیث 24: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 1954

25- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ صَفْوَانَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِى الضُّحٰى عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ دَعَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلَالًا فَطَلَبَ بِلَالٌ الْمَاءَ ثُمَّ جَاءَ فَقَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا وَجَدْتُ الْمَاءَ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلْ مِنْ شَنٍّ فَاَتَاهُ بِشَنٍّ فَبَسَطَ كَفَّيْهِ فِيْهِ فَانْبَعَثَتْ تَحْتَ يَدَيْهِ عَيْنٌ قَالَ فَكَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يَشْرَبُ وَغَيْرُهُ يَتَوَضَّاُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ حضرت بلال رضی اللہ عنہ پانی ڈھونڈنے گئے۔ پھر آ کر عرض کی۔ اللہ کی قسم مجھے کہیں پانی نہیں ملا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا۔ کیا کوئی مشکیزہ ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ آپ کے پاس ایک مشکیزہ لے کر آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دونوں ہتھیلیاں اس میں پھیلائیں تو آپ کے دونوں ہاتھوں میں سے چشمہ جاری ہو گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں' حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس پانی کو پیا اور دیگر حضرات نے وضو کیا۔

26- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِىِّ قَالَ قَالَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ غَزَوْنَا اَوْ سَافَرْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ يَوْمَئِذٍ بِضْعَةَ عَشَرَ وَمِائَتَانِ فَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ فِى الْقَوْمِ مِنْ طَهُوْرٍ فَجَآءَ رَجُلٌ يَسْعٰى بِاِدَاوَةٍ فِيْهَا شَىْءٌ مِنْ مَاءٍ لَيْسَ فِى الْقَوْمِ مَاءٌ غَيْرُهُ فَصَبَّهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ قَدَحٍ ثُمَّ تَوَضَّاَ فَاَحْسَنَ الْوُضُوْءَ ثُمَّ انْصَرَفَ وَتَرَكَ الْقَدَحَ فَرَكِبَ النَّاسُ ذٰلِكَ الْقَدَحَ وَقَالُوْا تَمَسَّحُوا تَمَسَّحُوا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى رِسْلِكُمْ حِيْنَ سَمِعَهُمْ يَقُوْلُوْنَ ذٰلِكَ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَفَّهُ فِى الْمَاءِ وَالْقَدَحِ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ اَسْبِغُوا الطُّهُوْرَ فَوَالَّذِىْ هُوَ ابْتَلَانِىْ بِبَصَرِىْ لَقَدْ رَاَيْتُ الْعُيُوْنَ عُيُوْنَ الْمَاءِ تَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ فَلَمْ يَرْفَعْهَا حَتّٰى تَوَضَّئُوْا اَجْمَعُوْنَ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک غزوے میں (راوی کو شک ہے یا شاید) ایک سفر میں شریک تھے۔ ہماری تعداد اس وقت دو سو دس سے زیادہ تھی۔ نماز کا وقت ہو گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ کیا لوگوں میں سے کسی کے پاس وضو کے لیے پانی ہے۔ ایک شخص ایک برتن کے ہمراہ دوڑتا ہوا آیا جس میں تھوڑا سا پانی موجود تھا۔ تمام حاضرین میں اس کے علاوہ کوئی اور پانی موجود نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پانی کو ایک پیالے میں ڈالا پھر آپ نے وضو کیا اور اچھی طرح سے وضو کیا۔ پھر آپ مڑے اور پیالے کو چھوڑ دیا۔ لوگوں نے اس پیالے کے پاس آ کر یہ کہنا شروع کیا۔ مسح کر لو' مسح کر لو (یعنی وضو کرتے ہوئے زیادہ پانی استعمال نہ کرنا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اطمینان سے۔ یہ بات آپ نے اس وقت کہی جب آپ نے لوگوں کی وہ بات سنی تھی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس اس پانی اور پیالے میں رکھا اور فرمایا اللہ کے نام (سے برکت حاصل کرتا ہوں) پھر آپ نے ارشاد فرمایا اچھی طرح سے وضو کر لو۔

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں اس ذات کی قسم جس نے مجھے آنکھوں کی بینائی کی رخصتی میں مبتلا کیا ہے۔ میں نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی کے چشمے جاری ہو گئے۔ آپ نے اس وقت تک اپنا دست اقدس نہیں اٹھایا

حدیث 26: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14147

جب تک سب لوگوں نے وضو نہیں کر لیا۔

**27**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ وَسَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ وَحُصَيْنٍ سَمِعَا سَالِمَ بْنَ اَبِي الْجَعْدِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَصَابَنَا عَطَشٌ فَجَهَشْنَا فَانْتَهَيْنَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَوَضَعَ يَدَهُ فِي تَوْرٍ فَجَعَلَ يَفُوْرُ كَاَنَّهُ عُيُوْنٌ مِّنْ خَلَلِ اَصَابِعِهِ وَقَالَ اذْكُرُوْا اسْمَ اللّٰهِ فَشَرِبْنَا حَتّٰى وَسِعَنَا وَكَفَانَا وَفِي حَدِيْثِ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ فَقُلْنَا لِجَابِرٍ كَمْ كُنْتُمْ قَالَ كُنَّا اَلْفًا وَّخَمْسَ مِائَةٍ وَّلَوْ كُنَّا مِائَةَ اَلْفٍ لَّكَفَانَا

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ ہمیں پیاس لاحق ہوئی ہم گھبرا گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس ایک برتن میں رکھا تو وہ پانی یوں جوش مارنے لگا جیسے وہ چشمہ ہو جو آپ کی انگلیوں میں سے نکل رہا تھا۔ آپ نے ارشاد فرمایا (اللہ کا نام لے کر اس پانی کو استعمال کرنا شروع کرو) ہم نے وہ پانی پیا۔ یہاں تک کہ وہ ہم سب کے لیے کافی ہو گیا۔

ایک روایت میں ہے راوی یہ کہتے ہیں ہم نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا۔ آپ کی تعداد اس وقت کتنی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: ہماری تعداد پندرہ سو تھی۔ اگر ہم اس وقت ایک لاکھ بھی ہوتے تو وہ پانی ہمارے لیے کافی ہوتا۔

**28**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْجَعْدُ اَبُوْ عُثْمَانَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ شَكَا اَصْحَابُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَطَشَ فَدَعَا بِعُسٍّ فَصُبَّ فِيْهِ مَاءٌ وَّوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ فِيْهِ قَالَ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَى الْمَاءِ يَنْبُعُ عُيُوْنًا مِّنْ بَيْنِ اَصَابِعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالنَّاسُ يَسْتَقُوْنَ حَتَّى اسْتَقَى النَّاسُ كُلُّهُمْ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیاس کی شکایت کی تو آپ نے ایک بڑا سا پیالہ منگوایا۔ اس میں کچھ پانی انڈیلا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس اس میں ڈال دیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی کے چشمے پھوٹ پڑے۔ لوگوں نے اس پانی کو پیا یہاں تک کہ سب لوگوں نے اسے پی لیا۔ (وہ ان سب کے لیے کافی ہو گیا۔)

**29**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعَ عَبْدُ اللّٰهِ بِخَسْفٍ فَقَالَ كُنَّا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعُدُّ الْاٰيَاتِ بَرَكَةً وَّاَنْتُمْ تَعُدُّوْنَهَا تَخْوِيْفًا اِنَّا بَيْنَمَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اطْلُبُوْا مَنْ مَّعَهُ فَضْلُ مَاءٍ فَاُتِيَ بِمَاءٍ فَصَبَّهُ فِي الْاِنَاءِ ثُمَّ وَضَعَ كَفَّهُ فِيْهِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهِ ثُمَّ قَالَ حَيَّ عَلَى الطَّهُوْرِ الْمُبَارَكِ وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى فَشَرِبْنَا وَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كُنَّا نَسْمَعُ تَسْبِيْحَ الطَّعَامِ وَهُوَ يُؤْكَلُ

---

حدیث **27**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی، موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر **14848**

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی، مکتبۃ السنۃ، قاہرہ، مصر **1408**ھ/**1988**ء **1115**

"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی، موسسہ نادر، بیروت، لبنان **1410**ھ/**1990**ء **82**

☆☆ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کہیں زمین دھنسنے کے بارے میں سنا تو ارشاد فرمایا۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب ظاہر ہونیوالی نشانیوں کو برکت شمار کرتے تھے جبکہ تم انہیں خوف زدہ کرنے والی چیز سمجھتے ہو ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھے۔ ہمارے پاس پانی موجود نہیں تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا۔ اس شخص کو ڈھونڈو جس کے پاس اضافی پانی موجود ہو وہ پانی لایا گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے برتن میں انڈیلا پھر آپ نے اپنا ہاتھ اس میں رکھا آپ کی انگلیوں کے درمیان سے پانی نکلنے لگا۔ پھر آپ نے ارشاد فرمایا۔ برکت والے طہارت دینے والے پانی کی طرف آؤ اور برکت اللہ کی طرف سے ہے۔ (راوی بیان کرتے ہیں) ہم نے وہ پانی پی بھی لیا۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ہم لوگ کھانے کی تسبیح سن لیا کرتے تھے جبکہ اس کھانے کو کھایا جا رہا ہوتا تھا۔

**30**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوَّابِ عَنْ عَمَّارِ بْنِ رُزَيْقٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ عَلٰى عَهْدِ عَبْدِ اللّٰهِ فَاُخْبِرَ بِذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّا كُنَّا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ نَرَى الْاٰيَاتِ بَرَكَاتٍ وَّاَنْتُمْ تَرَوْنَهَا تَخْوِيْفًا بَيْنَا نَحْنُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ سَفَرٍ اِذْ حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ وَلَيْسَ مَعَنَا مَاءٌ اِلَّا يَسِيْرٌ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاءٍ فِيْ صَحْفَةٍ وَّوَضَعَ كَفَّهُ فِيْهِ فَجَعَلَ الْمَاءُ يَتَبَجَّسُ مِنْ بَيْنِ اَصَابِعِهٖ ثُمَّ نَادٰى حَيَّ عَلٰى اَهْلِ الْوَضُوْءِ وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ فَاَقْبَلَ النَّاسُ فَتَوَضَّئُوْا وَجَعَلْتُ لَا هَمَّ لِيْ اِلَّا مَا اُدْخِلُهُ بَطْنِيْ لِقَوْلِهٖ وَالْبَرَكَةُ مِنَ اللّٰهِ فَحَدَّثْتُ بِهٖ سَالِمَ بْنَ اَبِي الْجَعْدِ فَقَالَ كَانُوْا خَمْسَ عَشْرَةَ مِائَةٍ

☆☆ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے زمانے میں زمین میں زلزلہ آ گیا۔ انہیں اس کی اطلاع ملی تو بولے ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب ظاہر ہونے والی نشانیوں کو برکت کی علامت سمجھتے تھے جبکہ تم انہیں خوفزدہ کرنیوالی چیز سمجھتے ہو۔ ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک سفر میں شریک تھے۔ نماز کا وقت ہو گیا ہمارے پاس پانی موجود نہیں تھا۔ صرف تھوڑا سا پانی تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک برتن میں پانی منگوایا۔ آپ نے اپنا ہاتھ اس میں رکھا تو آپ کی انگلیوں کے درمیان میں سے پانی پھوٹ پڑا۔ پھر آپ نے بلند آواز میں کہا۔ وضو کرنے والی چیز کی طرف آ جاؤ۔ برکت اللہ کی طرف سے ہے۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ لوگ آئے اور انہوں نے وضو کرنا شروع کیا۔ میرا ارادہ یہ ہوا کہ میں اس پانی کو اپنے پیٹ میں ڈال لوں کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا تھا' یہ اللہ کی طرف سے برکت ہے۔

---

حدیث **29**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **3386**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3762**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **2854**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6540**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4393**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **31722**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **80**

حدیث **30**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3762**

راوی بیان کرتے ہیں میں نے سالم کو یہ حدیث سنائی تو وہ بولے اس وقت صحابہ کرام کی تعداد پندرہ سو تھی۔

## بَابُ مَّا اُكْرِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَنِيْنِ الْمِنْبَرِ

## باب 6: منبر کی گریہ وزاری کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کو جو معجزہ عطا کیا گیا

**31**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ الْعَلَاءِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَخْطُبُ اِلٰى جِذْعٍ فَلَمَّا اتَّخَذَ الْمِنْبَرَ حَنَّ الْجِذْعُ حَتّٰى اَتَاهُ فَمَسَحَهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ جب آپ نے منبر بنالیا تو وہ تنا رونے لگا نبی اکرم ﷺ اس کے پاس تشریف لائے اور آپ نے اس پر ہاتھ پھیرا۔

**32**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا تَمِيْمُ بْنُ عَبْدِ الْمُؤْمِنِ حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ حَيَّانَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ قَامَ فَاَطَالَ الْقِيَامَ فَكَانَ يَشُقُّ عَلَيْهِ قِيَامُهُ فَاُتِيَ بِجِذْعِ نَخْلَةٍ فَحُفِرَ لَهُ وَاُقِيْمَ اِلٰى جَنْبِهِ قَائِمًا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَطَبَ فَطَالَ الْقِيَامُ عَلَيْهِ اسْتَنَدَ اِلَيْهِ فَاتَّكَاَ عَلَيْهِ فَبَصُرَ بِهِ رَجُلٌ كَانَ وَرَدَ الْمَدِيْنَةَ فَرَآهُ قَائِمًا اِلٰى جَنْبِ ذٰلِكَ الْجِذْعِ فَقَالَ لِمَنْ يَلِيْهِ مِنَ النَّاسِ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّ مُحَمَّدًا يَحْمَدُنِيْ فِيْ شَيْءٍ يَرْفُقُ بِهِ لَصَنَعْتُ لَهُ مَجْلِسًا يَقُوْمُ عَلَيْهِ فَاِنْ شَاءَ جَلَسَ مَا شَاءَ وَاِنْ شَاءَ قَامَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ائْتُوْنِيْ بِهِ فَاَتَوْهُ بِهِ فَاَمَرَ اَنْ يَصْنَعَ لَهُ هٰذِهِ الْمَرَاقِيَ الثَّلَاثَ اَوِ الْاَرْبَعَ هِيَ الْآنَ فِيْ مِنْبَرِ الْمَدِيْنَةِ فَوَجَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ذٰلِكَ رَاحَةً فَلَمَّا فَارَقَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجِذْعَ وَعَمَدَ اِلٰى هٰذِهِ الَّتِيْ صُنِعَتْ لَهُ جَزِعَ الْجِذْعُ فَحَنَّ كَمَا تَحِنُّ النَّاقَةُ حِيْنَ فَارَقَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَزَعَمَ ابْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ سَمِعَ حَنِيْنَ الْجِذْعِ رَجَعَ اِلَيْهِ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهِ وَقَالَ اخْتَرْ اَنْ اَغْرِسَكَ فِي الْمَكَانِ الَّذِيْ كُنْتَ فِيْهِ فَتَكُوْنَ كَمَا كُنْتَ وَاِنْ شِئْتَ اَنْ اَغْرِسَكَ فِي الْجَنَّةِ فَتَشْرَبَ مِنْ اَنْهَارِهَا وَعُيُوْنِهَا فَيَحْسُنُ نَبْتُكَ وَتُثْمِرُ فَيَاْكُلَ اَوْلِيَاءُ اللّٰهِ مِنْ ثَمَرَتِكَ وَنَخْلِكَ فَعَلْتُ فَزَعَمَ اَنَّهُ سَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَقُوْلُ لَهُ نَعَمْ قَدْ فَعَلْتُ مَرَّتَيْنِ فَسُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اخْتَارَ اَنْ اَغْرِسَهُ فِي الْجَنَّةِ

☆☆ ابن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ جب خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوتے تھے تو آپ طویل قیام کرتے تھے۔ یہ کھڑا ہونا آپ کے لیے مشقت کا باعث ہوتا تھا۔ کھجور کا ایک تنا لایا گیا اور اسے گاڑھ دیا گیا۔ نبی اکرم ﷺ اس کے پہلو میں کھڑے ہوتے تھے۔ جب آپ خطبہ دیتے اور طویل قیام کرتے تو اس کے ساتھ ٹیک لگا لیا کرتے تھے۔ ایک شخص نے یہ بات دیکھی وہ شخص نیا مدینہ میں آیا تھا۔ جب اس نے آپ کو اس تنے کے پہلو میں کھڑے ہوئے دیکھا تو اپنے ساتھ موجود شخص سے کہا۔ اگر

حدیث **31**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان　**505**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/ **1993**ء　**6506**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی، مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء　**5491**

مجھے یہ پتہ چل جائے کہ نبی اکرم ﷺ میری اس بات کی تعریف کریں گے جس کی وجہ سے انہیں آسانی مل جائے گی۔تو ان کے لیے ایک بیٹھنے کی چیز بنا دیتا ہوں جس پر وہ کھڑے بھی ہو سکیں گے۔اگر وہ چاہیں تو بیٹھ جائیں اور جب تک چاہیں بیٹھے رہیں اور اگر وہ چاہیں تو کھڑے ہو جائیں اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ کو ملی تو آپ نے ارشاد فرمایا اس شخص کو میرے پاس لے کر آؤ لوگ اس شخص کو آپ کے پاس لے کر آئے۔آپ نے اسے ہدایت کی کہ وہ آپ کے لیے یہ تین یا چار سیڑھیاں بنا دے جواب مدینہ منورہ میں منبر ہے۔نبی اکرم ﷺ نے اس میں بہت راحت محسوس کی جب نبی اکرم ﷺ نے اس تنے کو چھوڑ دیا اور اس منبر کی طرف آنے لگے جو آپ کے لیے بنایا تھا تو وہ (تنا) نبی اکرم ﷺ کی جدائی کے وقت یوں رویا جیسے کوئی اونٹنی روتی ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں ابن بریدہ نے اپنے والد کے حوالے سے یہ بات بھی بیان کی ہے۔جب نبی اکرم ﷺ نے اس تنے کے رونے کی آواز سنی تو آپ اس کے پاس واپس تشریف لائے۔آپ نے اپنا ہاتھ اس کے اوپر رکھ کر ارشاد فرمایا۔تمہیں اختیار ہے میں تمہیں اسی جگہ پر گاڑھ دیتا ہوں جہاں تم ہو اور تم یونہی رہو گے جیسے تم ہو اگر تم چاہو تو میں تمہیں جنت میں لگوا دوں گا۔تم اس کی نہروں اور چشموں سے پانی حاصل کرنا یوں تمہاری نشو و نما بہتر ہو جائے گی اور پھر تم پھل دو گے اور تمہارے پھل اور کھجوروں کو اللہ کے نیک بندے کھائیں گے۔اگر تم چاہو تو میں ایسا کر دیتا ہوں۔

(ابن بریدہ بیان کرتے ہیں' ان کے والد نے یہ بات بیان کی) کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔آپ اس کھجور کے تنے سے یہ کہہ رہے تھے۔ٹھیک ہے میں نے ایسا ہی کیا۔آپ نے یہ بات دو دفعہ ارشاد فرمائی (ابن بریدہ کے والد یا کسی اور شخص نے) نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا تو آپ نے جواب دیا۔اس نے یہ بات اختیار کی ہے کہ میں اسے جنت میں لگوا دوں۔

**33**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ كَثِيرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْمُ اِلٰى جِذْعٍ قَبْلَ اَنْ يُّجْعَلَ الْمِنْبَرُ فَلَمَّا جُعِلَ الْمِنْبَرُ حَنَّ ذٰلِكَ الْجِذْعُ حَتّٰى سَمِعْنَا حَنِيْنَهٗ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلَيْهِ فَسَكَنَ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں حضور اکرم ﷺ کھجور کے تنے کے ساتھ کھڑے ہوا کرتے تھے۔یہ منبر بنائے جانے سے پہلے کی بات ہے۔جب منبر بنا دیا گیا تو وہ تنا رونے لگا یہاں تک کہ ہم نے بھی اس کے رونے کی آواز سنی۔نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست اقدس اس پر رکھا تو اسے سکون آیا۔

**34**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِلٰى خَشَبَةٍ فَلَمَّا صُنِعَ الْمِنْبَرُ فَجَلَسَ عَلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَنَّتْ حَنِيْنَ الْعِشَارِ حَتّٰى وَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهٗ عَلَيْهَا فَسَكَنَتْ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔نبی اکرم ﷺ ایک لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔جب منبر بنا دیا گیا تو نبی اکرم ﷺ اس پر تشریف فرما ہوئے تو وہ لکڑی یوں رونے لگی جیسے کوئی اونٹنی روتی ہے۔یہاں تک کہ نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست اقدس اس پر رکھا تو اسے سکون آیا۔

حدیث **33**: "صحیح بخاری" امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی" (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **876**

**35**- اَخْبَرَنَا فَرْوَةُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِى كُرَيْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ حَنِينَ النَّاقَةِ الْخَلُوجِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں وہ لکڑی اس طرح روئی جس طرح کوئی اونٹنی بچہ جنم دیتے وقت اونٹنی روتی ہے۔

**36**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيلٍ عَنِ الطُّفَيْلِ بْنِ اُبَىِّ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّى اِلَى جِذْعٍ وَيَخْطُبُ اِلَيْهِ اِذْ كَانَ الْمَسْجِدُ عَرِيشًا فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِهِ اَلَا نَجْعَلُ لَكَ عَرِيشًا تَقُومُ عَلَيْهِ يَرَاكَ النَّاسُ يَوْمَ الْجُمُعَةِ وَتُسْمِعُ مِنْ خُطْبَتِكَ قَالَ نَعَمْ فَصَنَعَ لَهُ الثَّلَاثَ دَرَجَاتٍ هُنَّ اللَّوَاتِى عَلَى الْمِنْبَرِ فَلَمَّا صُنِعَ الْمِنْبَرُ وَوُضِعَ فِى مَوْضِعِهِ الَّذِى وَضَعَهُ فِيهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَلَمَّا جَاءَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرِيدُ الْمِنْبَرَ مَرَّ عَلَيْهِ فَلَمَّا جَاوَزَهُ خَارَ الْجِذْعُ حَتّٰى تَصَدَّعَ وَانْشَقَّ فَرَجَعَ اِلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَهُ بِيَدِهِ حَتّٰى سَكَنَ ثُمَّ رَجَعَ اِلَى الْمِنْبَرِ قَالَ فَكَانَ اِذَا صَلّٰى صَلّٰى اِلَيْهِ فَلَمَّا هُدِمَ الْمَسْجِدُ اَخَذَ ذٰلِكَ الْجِذْعَ اُبَىُّ بْنُ كَعْبٍ فَلَمْ يَزَلْ عِنْدَهُ حَتّٰى بَلِىَ وَاَكَلَتْهُ الْاَرَضَةُ وَعَادَ رُفَاتًا

☆☆ طفیل اپنے والد (حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک کھجور کے تنے کی طرف منہ کرکے نماز ادا کیا کرتے تھے اور اسی سے ٹیک لگا کر خطبہ دیتے تھے۔ یہ اس وقت کی بات ہے۔ جب مسجد میں سائے کے لیے کچھ تھا (باقاعدہ چھت نہیں تھی) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں میں سے ایک صاحب نے کہا کیا ہم آپ کے لیے کوئی ایسا تخت نہ بنالیں جس پر آپ کھڑے ہو جایا کریں اور جمعہ کے دن لوگ آپ کو دیکھ سکیں گے اور آپ انہیں اپنا خطبہ سنا سکیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے تین سیڑھیاں بنالی گئیں۔ یہ وہی ہیں جو منبر ہے۔ جب منبر رکھا گیا اور اسے اس جگہ رکھا گیا۔ جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکھنے کی ہدایت کی تھی۔ راوی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔ آپ کا ارادہ منبر پر بیٹھنے کا تھا۔ جب آپ اس لکڑی کے پاس سے گزرے اور آپ آگے بڑھ گئے تو وہ تنا رونے لگا اور بلند آواز نکالنے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے۔ آپ نے اپنا دست اقدس اس پر پھیرا تو اسے سکون آیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منبر کے پاس آئے۔

راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز ادا کرتے تھے تو اسی کی طرف رخ کر کے نماز ادا کرتے تھے۔ جب مسجد کو منہدم کر

حدیث **35**: "مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **1068**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **5726**

حدیث **36**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1414**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21285**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21289**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21295**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **1067**

دیا گیا تو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے اس تنے کو حاصل کرلیا وہ ان کے پاس رہا۔ یہاں تک کہ وہ بوسیدہ ہوگیا اور اسے دیمک نے چاٹ لیا اور ریزہ ریزہ ہوگیا۔

**37- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ اَبِى الْوَدَّاكِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ**

حدیث 37: اس روایت کو مختلف محدثین نے مختلف الفاظ کے ہمراہ مختلف صحابہ کرام سے روایت کیا ہے تاہم مرکزی مضمون ایک ہی ہے۔ ہم ان تمام روایات کے حوالے نقل کررہے ہیں تاکہ محققین کے لئے آسانی ہو (مترجم عفی عنہ)

''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء 3392

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 505

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 3627

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 1396

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1415

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1417

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 1777

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 5489

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 1067

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 2177

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 2236

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 2400

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 3430

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 3432

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14151

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14175

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14244

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14321

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14508

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 22905

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 6506

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 6508

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 1776

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 1710

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 5487

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِلٰى لِزْقِ جِذْعٍ فَاَتَاهُ رَجُلٌ رُوْمِيٌّ فَقَالَ اَصْنَعُ لَكَ مِنْبَرًا تَخْطُبُ عَلَيْهِ فَصَنَعَ لَهُ مِنْبَرًا هٰذَا الَّذِىْ تَرَوْنَ قَالَ فَلَمَّا قَامَ عَلَيْهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ حَنَّ الْجِذْعُ حَنِيْنَ النَّاقَةِ اِلٰى وَلَدِهَا فَنَزَلَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضَمَّهُ اِلَيْهِ فَسَكَنَ فَاَمَرَ بِهٖ اَنْ يُّحْفَرَ لَهُ وَيُدْفَنَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ ایک رومی شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں آپ کے لیے ایک منبر بنا دیتا ہوں۔ آپ اس پر بیٹھ کر خطبہ دیا کریں۔ اس شخص نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے یہی منبر بنا دیا جسے تم لوگ دیکھتے ہو حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے لیے اس منبر پر کھڑے ہوئے تو کھجور کے اس تنے نے یوں رونا شروع کر دیا جیسے کوئی اونٹنی اپنے بچوں کی وجہ سے روتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اترے اس تنے کے پاس آئے آپ نے اسے بھینچ لیا تو اسے سکون آیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت زمین کھود کر اس تنے کو دفن کر دیا گیا۔

**38-** اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الصَّعْقُ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ لَمَّا اَنْ قَدِمَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ جَعَلَ يُسْنِدُ ظَهْرَهُ اِلٰى خَشَبَةٍ وَّيُحَدِّثُ النَّاسَ فَكَثُرُوْا حَوْلَهُ فَاَرَادَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُّسْمِعَهُمْ فَقَالَ ابْنُوْا لِىْ شَيْئًا اَرْتَفِعُ عَلَيْهِ قَالُوْا كَيْفَ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ قَالَ عَرِيْشٌ كَعَرِيْشِ مُوْسٰى فَلَمَّا اَنْ بَنَوْا لَهُ قَالَ الْحَسَنُ حَنَّتْ وَاللّٰهِ الْخَشَبَةُ قَالَ الْحَسَنُ سُبْحَانَ اللّٰهِ هَلْ تَبْتَغِىْ قُلُوْبُ قَوْمٍ سَمِعُوْا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِىْ هٰذَا

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو آپ لکڑی کے ساتھ ٹیک لگا کر تشریف فرما ہوتے تھے اور لوگوں سے بات چیت کرتے تھے۔ لوگ بکثرت تعداد میں آپ کے اردگرد اکٹھے ہو جاتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ خواہش ہوئی کہ

---

حدیث 37: ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 5489

''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — 3384

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان 1405ھ 1985ء — 591

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان 1405ھ 1985ء — 1408

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 5732

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 5977

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 12841

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر 1408ھ/1988ء 6

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 5254

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 5654

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 31749

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان 1410ھ/1990ء — 3219

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نورالدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویۃ' مدینہ منورہ 1413ھ/1992ء — 200

آپ اپنی آواز ان تک پہنچائیں۔ آپ نے حکم دیا کہ میرے لیے کوئی ایسی چیز بناؤ جس پر میں بلندی پر بیٹھ سکوں۔ لوگوں نے دریافت کیا وہ کیسے؟ اے اللہ کے نبی! آپ نے ارشاد فرمایا کوئی تخت ہو جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کا تخت تھا۔ جب لوگوں نے اسے بنادیا تو حسن بیان کرتے ہیں اللہ کی قسم وہ لکڑی رونے لگی۔ حسن فرماتے ہیں سبحان اللہ! وہ لوگ جنہوں نے یہ بات سنی ہو کیا ان کے دل کوئی اور معجزہ تلاش کریں گے۔ امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی رونے کی آواز سنی ہو۔

**39**- اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَخْطُبُ اِلٰی جِذْعٍ قَبْلَ اَنْ یَّتَّخِذَ الْمِنْبَرَ فَلَمَّا اتَّخَذَ الْمِنْبَرَ وَتَحَوَّلَ اِلَیْهِ حَنَّ الْجِذْعُ فَاحْتَضَنَهُ فَسَكَنَ وَقَالَ لَوْ لَمْ اَحْتَضِنْهُ لَحَنَّ اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھجور کے ایک تنے کے ساتھ ٹیک لگا کر خطبہ دیا کرتے تھے۔ یہ منبر بنائے جانے سے پہلے کی بات ہے۔ جب آپ نے منبر کو اختیار کیا اور اس کی طرف جانے لگے تو کھجور کا وہ تنا رونے لگا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے لپٹا لیا تو اسے سکون آ گیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ اگر میں اسے لپٹا نہ لیتا تو یہ قیامت کے دن تک روتا رہتا۔

**40**- اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ بِمِثْلِهٖ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

**41**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِیُّ عَنْ اَبِیْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَنَّتِ الْخَشَبَةُ الَّتِیْ كَانَ یَقُوْمُ عِنْدَهَا فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَیْهَا فَوَضَعَ یَدَهٗ عَلَیْهَا فَسَكَنَتْ

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جس لکڑی کے پاس کھڑے ہوا کرتے تھے۔ اس نے رونا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس کے پاس تشریف لائے آپ نے اپنا دست اقدس اس پر رکھا تو اسے سکون آیا۔

**42**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ یُوْنُسَ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اَبِیْ طَلْحَةَ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَقُوْمُ یَوْمَ الْجُمُعَةِ فَیُسْنِدُ ظَهْرَهٗ اِلٰی جِذْعٍ مَنْصُوْبٍ فِی الْمَسْجِدِ فَیَخْطُبُ النَّاسَ فَجَاءَهٗ رُوْمِیٌّ فَقَالَ اَلَا اَصْنَعُ لَكَ شَیْئًا تَقْعُدُ عَلَیْهِ وَكَاَنَّكَ قَائِمٌ فَصَنَعَ لَهٗ مِنْبَرًا لَهٗ دَرَجَتَانِ وَیَقْعُدُ عَلَی الثَّالِثَةِ فَلَمَّا قَعَدَ نَبِیُّ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی ذٰلِكَ الْمِنْبَرِ خَارَ الْجِذْعُ كَخُوَارِ الثَّوْرِ حَتّٰی ارْتَجَّ الْمَسْجِدُ حُزْنًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَ اِلَیْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمِنْبَرِ فَالْتَزَمَهٗ وَهُوَ یَخُوْرُ فَلَمَّا الْتَزَمَهٗ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ سَكَنَ ثُمَّ قَالَ اَمَا وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَوْ لَمْ اَلْتَزِمْهُ لَمَا زَالَ هٰكَذَا اِلٰی یَوْمِ الْقِیَامَةِ حُزْنًا عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَدُفِنَ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن (خطبہ دینے کے لیے) کھڑے ہوا کرتے تھے۔ آپ اپنی پشت مسجد میں موجود ایک تنے سے ٹکا لیتے تھے اور خود لوگوں کو خطبہ دیتے تھے۔ ایک رومی شخص آپ کی خدمت میں حاضر

ہوااور عرض کی کیا میں آپ کے لئے ایسی چیز نہ بنادوں جس پرآپ تشریف فرما ہو جایا کریں اور یوں ہی ہوگا جیسے آپ کھڑے ہوں اس شخص نے نبی اکرم ﷺ کے لیے منبر بنایا جس کی دو سیڑھیاں تھیں اور تیسری پرآپ تشریف فرما ہو جایا کرتے تھے۔ جب نبی اکرم ﷺ اس منبر پر تشریف فرما ہوئے تو لکڑی کے اس تنے نے ( گریہ وزاری کرتے ہوئے ) بیل کی مانند آواز نکالنا شروع کی۔ یہ نبی اکرم ﷺ کی جدائی کی وجہ سے تھی۔ یہاں تک کہ پوری مسجد میں اس کی آواز گونج گئی۔ نبی اکرم ﷺ منبر سے اترے اور اس تنے کے پاس آئے۔آپ نے اسے لپٹالیا وہ رورہا تھا۔ جب نبی اکرم ﷺ نے اسے لپٹالیا تو اسے سکون آیا۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے۔ اگر میں اسے نہ لپٹاتا تو یہ قیامت تک اسی حالت میں رہتا ( راوی کہتے ہیں ) اللہ کے رسول کی جدائی کی وجہ سے ایسا ہوتا۔

نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس کو دفن کردیا گیا

## بَابُ مَّا اُكْرِمَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَرَكَةِ طَعَامِهٖ

## باب7: آپ کے کھانے میں برکت کے ذریعے نبی اکرم ﷺ کو جو بزرگی عطا کی گئی

**43**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ اَيْمَنَ الْمَكِّيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ حَدِّثْنِيْ بِحَدِيْثٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمِعْتَهُ مِنْهُ اَرْوِيْهِ عَنْكَ فَقَالَ جَابِرٌ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ نَحْفُرُهُ فَلَبِثْنَا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ لَا نَطْعَمُ طَعَامًا وَّلَا نَقْدِرُ عَلَيْهِ فَعَرَضَتْ فِي الْخَنْدَقِ كُدْيَةٌ فَجِئْتُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهٖ كُدْيَةٌ قَدْ عَرَضَتْ فِي الْخَنْدَقِ فَرَشَشْنَا عَلَيْهَا الْمَاءَ فَقَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَطْنُهٗ مَعْصُوْبٌ بِحَجَرٍ فَاَخَذَ الْمِعْوَلَ اَوِ الْمِسْحَاةَ ثُمَّ سَمّٰى ثَلَاثًا ثُمَّ ضَرَبَ فَعَادَتْ كَثِيْبًا اَهْيَلَ فَلَمَّا رَاَيْتُ ذٰلِكَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ قَالَ فَاَذِنَ لِيْ فَجِئْتُ امْرَاَتِيْ فَقُلْتُ ثَكِلَتْكِ اُمُّكِ فَقُلْتُ قَدْ رَاَيْتُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا لَا صَبْرَ لِيْ عَلَيْهِ فَهَلْ عِنْدَكِ مِنْ شَيْءٍ فَقَالَتْ عِنْدِيْ صَاعٌ مِّنْ شَعِيْرٍ وَّعَنَاقٌ قَالَ فَطَحَنَّا الشَّعِيْرَ وَذَبَحْنَا الْعَنَاقَ وَسَلَخْنَاهَا وَجَعَلْتُهَا فِي الْبُرْمَةِ وَعَجَنْتُ الشَّعِيْرَ قَالَ ثُمَّ رَجَعْتُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَبِثْتُ سَاعَةً ثُمَّ اسْتَاْذَنْتُهُ الثَّانِيَةَ فَاَذِنَ لِيْ فَجِئْتُ فَاِذَا الْعَجِيْنُ قَدْ اَمْكَنَ فَاَمَرْتُهَا بِالْخَبْزِ وَجَعَلْتُ الْقِدْرَ عَلَى الْاَثَاثِيْ قَالَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّمَا هِيَ الْاَثَافِيُّ وَلٰكِنْ هٰكَذَا قَالَ ثُمَّ جِئْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ عِنْدَنَا طُعَيِّمًا لَّنَا فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ تَقُوْمَ مَعِيَ اَنْتَ وَرَجُلٌ اَوْ رَجُلَانِ مَعَكَ فَقَالَ وَكَمْ هُوَ قُلْتُ صَاعٌ مِّنْ شَعِيْرٍ وَّعَنَاقٌ فَقَالَ ارْجِعْ اِلٰى اَهْلِكَ وَقُلْ لَهَا لَا تَنْزِعُ الْقِدْرَ مِنَ الْاَثَافِيِّ وَلَا تُخْرِجُ الْخُبْزَ مِنَ التَّنُّوْرِ حَتّٰى اٰتِيَ ثُمَّ قَالَ لِلنَّاسِ قُوْمُوْا اِلٰى بَيْتِ جَابِرٍ قَالَ فَاسْتَحْيَيْتُ حَيَاءً لَّا يَعْلَمُهٗ اِلَّا اللّٰهُ فَقُلْتُ لِامْرَاَتِيْ ثَكِلَتْكِ اُمُّكِ قَدْ جَاءَكِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاَصْحَابِهٖ اَجْمَعِيْنَ فَقَالَتْ اَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَاَلَكَ كَمِ الطَّعَامُ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَتِ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَدْ اَخْبَرْتَهٗ بِمَا كَانَ عِنْدَنَا قَالَ فَذَهَبَ عَنِّيْ بَعْضُ مَا كُنْتُ اَجِدُ وَقُلْتُ

لَقَدْ صَدَقَتِ فَجَآءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَدَخَلَ ثُمَّ قَالَ لِاَصْحَابِهِ لَا تَضَاغَطُوا ثُمَّ بَرَّكَ عَلَى التَّنُّوْرِ وَعَلَى الْبُرْمَةِ قَالَ فَجَعَلْنَا نَاْخُذُ مِنَ التَّنُّوْرِ الْخُبْزَ وَنَاْخُذُ اللَّحْمَ مِنَ الْبُرْمَةِ فَنُثَرِّدُ وَنَغْرِفُ لَهُمْ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيَجْلِسْ عَلَى الصَّحْفَةِ سَبْعَةٌ اَوْ ثَمَانِيَةٌ فَاِذَا اَكَلُوْا كَشَفْنَا عَنِ التَّنُّوْرِ وَكَشَفْنَا عَنِ الْبُرْمَةِ فَاِذَا هُمَا اَمْلَا مَا كَانَا فَلَمْ نَزَلْ نَفْعَلُ ذٰلِكَ كُلَّمَا فَتَحْنَا التَّنُّوْرَ وَكَشَفْنَا عَنِ الْبُرْمَةِ وَجَدْنَاهُمَا اَمْلَا مَا كَانَا حَتّٰى شَبِعَ الْمُسْلِمُوْنَ كُلُّهُمْ وَبَقِيَ طَائِفَةٌ مِنَ الطَّعَامِ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ النَّاسَ قَدْ اَصَابَتْهُمْ مَخْمَصَةٌ فَكُلُوْا وَاَطْعِمُوْا فَلَمْ نَزَلْ يَوْمَنَا نَاْكُلُ وَنُطْعِمُ قَالَ وَاَخْبَرَنِيْ اَنَّهُمْ كَانُوْا ثَمَانَ مِائَةٍ اَوْ قَالَ ثَلَاثَ مِائَةٍ قَالَ اَيْمَنُ لَا اَدْرِيْ اَيُّهُمَا قَالَ

☆☆ عبدالواحد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما سے عرض کی کہ آپ مجھے ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو۔ تاکہ میں اسے آپ کے حوالے سے روایت کرسکوں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: غزوہ خندق کے موقع پر ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ خندق کھودرہے تھے۔ تین دن تک ہم نے کھانا نہیں کھایا۔ کھانے کی گنجائش ہی نہیں تھی۔ خندق میں ایک سخت پتھر آ گیا۔ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور عرض کی یارسول اللہ یہ ایک پتھر آ گیا ہے جو خندق میں ہے۔ ہم نے اس پر پانی چھڑکا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے۔ آپ کے پیٹ پر پتھر بندھا ہوا تھا۔ آپ نے پھاوڑے یا شاید کدال کو پکڑا اور تین مرتبہ اللہ کا نام لے کر ضرب لگائی تو وہ ریت کے ٹیلے کی مانند ہوگیا۔ جب میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ کیفیت دیکھی تو میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول! آپ اجازت دیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں آپ نے مجھے اجازت دی میں اپنی بیوی کے پاس آیا اور میں نے کہا تمہاری ماں تمہیں روئے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس عالم میں دیکھا کہ مجھ سے برداشت نہیں ہوا۔ کیا تمہارے پاس کھانا پکانے کے لیے کچھ ہے۔ اس نے جواب دیا: میرے پاس جو کا ایک صاع ہے اور ایک بکری کا بچہ ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے اس جو کو پیسا اور اس بکری کو ذبح کیا۔ میں نے اس کی کھال اتاری اور اسے ہنڈیا میں رکھ دیا۔ میں نے اس جو کو گوندھا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں واپس نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اور کچھ دیر وہاں رہنے کے بعد میں نے آپ سے اجازت طلب کی تو آپ نے اجازت عطا کردی۔ میں (گھر آیا) وہ آٹا ٹھہر چکا تھا۔ میں نے اپنی بیوی کو روٹی پکانے کا حکم دیا اور ہنڈیا کو چولہے پر رکھ دیا۔

امام ابوعبدالرحمن رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں روایت کا صحیح لفظ اثافی ہے۔ تاہم اس روایت میں یہی منقول ہے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی ہمارے ہاں تھوڑا سا کھانا موجود ہے۔ اگر آپ مناسب سمجھیں تو آپ میرے ساتھ چلیں آپ کے ساتھ ایک یا دو اور صاحبان ہوسکتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ کھانا کتنا ہے۔ میں نے عرض کی جو کا ایک صاع ہے اور ایک بکری ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم اپنی بیوی کے پاس واپس جاؤ اور اسے یہ ہدایت کرو کہ وہ چولہے سے ہنڈیا نہ اتارے اور جب تک میں نہ آ جاؤں تندور سے روٹیاں بھی نہ نکالے۔ پھر آپ نے لوگوں کو حکم دیا جابر کے گھر کی طرف چلو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مجھے اتنی حیا محسوس ہوئی کہ اس کا علم اللہ ہی کو ہوسکتا ہے۔ میں

نے اپنی بیوی سے کہا کہ تمہاری ماں تمہیں روئے۔ نبی اکرم ﷺ اپنے تمام اصحاب کے ساتھ تشریف لا رہے ہیں۔ میری بیوی نے مجھ سے دریافت کیا کیا نبی اکرم ﷺ نے تم سے یہ دریافت کیا تھا کہ کھانا کتنا ہے۔ میں نے جواب دیا: ہاں! وہ بولی اللہ اور اس کا رسول زیادہ علم رکھتے ہیں۔ تم نے انہیں بتادیا تھا کہ ہمارے پاس کتنا کھانا موجود ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں یہ سن کر میری الجھن کچھ کم ہوئی اور میں نے کہا تم نے ٹھیک کہا ہے نبی اکرم ﷺ تشریف لائے۔ آپ اندر تشریف لائے۔ پھر آپ نے اپنے ساتھیوں سے ارشاد فرمایا ہجوم کی شکل میں نہ آؤ۔ پھر نبی اکرم ﷺ تندور کے پاس اور ہنڈیا کے پاس بیٹھ گئے اور برکت کی دعا کی۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے تندور میں سے روٹیاں نکالنی شروع کی اور ہنڈیا میں سے گوشت نکالنا شروع کیا اور اس کا ثرید بنانا شروع کیا اور لوگوں کو ڈال کے دینا شروع کیا۔ نبی اکرم ﷺ نے حکم دیا ایک پیالے کے اوپر سات یا آٹھ افراد بیٹھ جائیں تو ہم نے تندور سے پردہ ہٹایا اور ہنڈیا سے ڈھکن ہٹایا۔ وہ پہلے سے زیادہ بھرے ہوئے تھے۔ ہم اسی طرح کرتے رہے جب بھی ہم تندور کھولتے ہنڈیا سے ڈھکن اٹھاتے تو پہلے سے زیادہ بھرا ہوا پاتے۔ یہاں تک کہ تمام مسلمانوں نے کھانا کھالیا اور کچھ کھانا پھر بھی باقی رہ گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ہم سے کہا لوگ فاقہ کشی کا شکار تھے اس لئے میں انہیں اپنے ساتھ لے آیا۔ اب تم کھاؤ اور دوسروں کو بھی کھلاؤ۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اس دن کے بعد ہم خود بھی کھاتے ہیں اور دوسروں کو بھی کھلاتے ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بھی بتایا کہ اس وقت ان لوگوں کی تعداد آٹھ سو تھی۔ (راوی کو شک ہے یا شاید) یہ الفاظ ہیں تین سو تھی۔

ایمن نامی راوی کہتے ہیں مجھے یہ یاد نہیں ہے کہ ان دونوں میں سے کون سا لفظ منقول تھا۔

**44**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ اَمَرَ اَبُوْ طَلْحَةَ اُمَّ سُلَيْمٍ اَنْ تَجْعَلَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَعَامًا يَاْكُلُ مِنْهُ قَالَ ثُمَّ بَعَثَنِيْ اَبُوْ طَلْحَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَيْتُهُ فَقُلْتُ بَعَثَنِيْ اِلَيْكَ اَبُوْ طَلْحَةَ فَقَالَ لِلْقَوْمِ قُوْمُوْا فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ الْقَوْمُ مَعَهُ فَقَالَ اَبُوْ طَلْحَةَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّمَا صَنَعْتُ طَعَامًا لِنَفْسِكَ خَاصَّةً فَقَالَ لَا عَلَيْكَ انْطَلِقْ قَالَ فَانْطَلَقَ وَانْطَلَقَ الْقَوْمُ قَالَ فَجِيْءَ بِالطَّعَامِ فَوَضَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ وَسَمّٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ قَالَ فَاَذِنَ لَهُمْ فَقَالَ كُلُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ قَامُوْا ثُمَّ وَضَعَ يَدَهُ كَمَا صَنَعَ فِي الْمَرَّةِ الْاُوْلٰى وَسَمّٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ ائْذَنْ لِعَشَرَةٍ فَاَذِنَ لَهُمْ فَقَالَ كُلُوْا بِاسْمِ اللّٰهِ فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا ثُمَّ قَامُوْا حَتّٰى فَعَلَ ذٰلِكَ بِثَمَانِيْنَ رَجُلًا قَالَ وَاَكَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَهْلُ الْبَيْتِ وَتَرَكُوْا سُؤْرًا

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ ام سلیم کو ہدایت کی کہ وہ نبی اکرم ﷺ کے لیے کھانا تیار کریں تاکہ آپ اسے کھاسکیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ پھر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے نبی اکرم ﷺ کے پاس بھیجا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے آپ کی خدمت میں بھیجا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے پاس موجود حضرات کو حکم دیا اٹھو۔ نبی اکرم ﷺ چل پڑے۔ آپ کے ساتھ دیگر حاضرین بھی تھے۔ (جب آپ تشریف لائے) تو حضرت

حدیث 44: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء' 3876

ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی' یارسول اللہ میں نے تو آپ کے لئے کھانا پکایا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: تم پریشان نہ ہو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے لوگ بھی آپ کے ہمراہ روانہ ہوئے۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب کھانا لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس اس پر رکھا اور اس پر بسم اللہ پڑھ کر ارشاد فرمایا دس آدمیوں کو اندر آنے دو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت طلحہ رضی اللہ عنہ نے دس آدمیوں کو اندر آنے دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو۔ ان لوگوں نے کھانا شروع کیا۔ یہاں تک کہ وہ سیر ہو گئے اور اٹھ کر چلے گئے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس رکھ کر وہی عمل کیا جو پہلے کیا تھا اور اس پر اللہ کا نام لیا۔ پھر ارشاد فرمایا دس آدمیوں کو اندر آنے کے لیے کہو۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ انہیں اندر لے آئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو۔ ان لوگوں نے کھانا شروع کیا۔ یہاں تک کہ وہ لوگ سیر ہو گئے تو اٹھ کر چلے گئے۔ یہاں تک کہ اسّی افراد نے کھانا کھالیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اور گھر میں موجود تمام افراد نے بھی وہ کھانا کھایا پھر بھی باقی بچ گیا۔

**45- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبَانُ هُوَ الْعَطَّارُ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ اَبِى عُبَيْدٍ اَنَّهُ طَبَخَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِدْرًا فَقَالَ لَهُ نَاوِلْنِى الذِّرَاعَ وَكَانَ يُعْجِبُهُ الذِّرَاعُ فَنَاوَلَهُ الذِّرَاعَ ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِى الذِّرَاعَ فَنَاوَلَهُ ذِرَاعًا ثُمَّ قَالَ نَاوِلْنِى الذِّرَاعَ فَقُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَكَمْ لِلشَّاةِ مِنْ ذِرَاعٍ فَقَالَ وَالَّذِى نَفْسِى بِيَدِهِ اَنْ لَوْ سَكَتَّ لَاُعْطِيتُ اَذْرُعًا مَّا دَعَوْتُ بِهِ**

☆☆ حضرت ابوعبید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے ایک ہنڈیا میں کھانا تیار کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا تم ایک پائے کی بوٹی مجھے دو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پائے کی بوٹی پسند تھی۔ حضرت ابوعبید رضی اللہ عنہ نے پائے کی بوٹی ان کی طرف بڑھا دی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی ایک پائے کی بوٹی مجھے دو۔ انہوں نے پھر ایک پائے کی بوٹی بڑھا دی۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ ایک پائے کی بوٹی مجھے دو۔ میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی ایک بکری کے کتنے پائے ہو سکتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم خاموش رہتے تو جب تک میں تم سے پائے مانگتا رہتا تم دیتے رہتے۔

**46- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ نُبَيْحٍ الْعَنَزِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَرَجَ**

---

حدیث **45**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2040**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13307**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ۔1984ء** **4145**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ۔1984ء** **4331**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **281**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **282**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **278**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409ھ** **31707**

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمُشْرِكِيْنَ لِيُقَاتِلَهُمْ فَقَالَ اَبِىْ عَبْدُ اللّٰهِ يَا جَابِرُ لَا عَلَيْكَ اَنْ تَكُوْنَ فِىْ
نَظَّارِىْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ حَتّٰى تَعْلَمَ اِلٰى مَا يَصِيْرُ اَمْرُنَا فَاِنِّىْ وَاللّٰهِ لَوْلَا اَنِّىْ اَتْرُكُ بَنَاتٍ لِّىْ بَعْدِىْ لَاَحْبَبْتُ اَنْ تُقْتَلَ بَيْنَ
يَدَىَّ قَالَ فَبَيْنَمَا اَنَا فِى النَّظَّارِيْنَ اِذْ جَاءَتْ عَمَّتِىْ بِاَبِىْ وَخَالِىْ لِتَدْفِنَهُمَا فِىْ مَقَابِرِنَا فَلَحِقَ رَجُلٌ يُنَادِىْ اِنَّ النَّبِىَّ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُكُمْ اَنْ تَرُدُّوا الْقَتْلٰى فَتَدْفِنُوْهَا فِىْ مَضَاجِعِهَا حَيْثُ قُتِلَتْ فَرَدَدْنَاهُمَا فَدَفَنَّاهُمَا فِىْ
مَضْجَعِهِمَا حَيْثُ قُتِلَا فَبَيْنَا اَنَا فِىْ خِلَافَةِ مُعَاوِيَةَ بْنِ اَبِىْ سُفْيَانَ اِذْ جَاءَنِىْ رَجُلٌ فَقَالَ يَا جَابِرُ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ لَقَدْ اَثَارَ
اَبَاكَ عُمَّالُ مُعَاوِيَةَ فَبَدَا فَخَرَجَ طَائِفَةٌ مِّنْهُمْ فَانْطَلَقْتُ اِلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ عَلَى النَّحْوِ الَّذِىْ دَفَنْتُهُ لَمْ يَتَغَيَّرْ اِلَّا مَا لَمْ يَدَعِ
الْقَتِيْلَ قَالَ فَوَارَيْتُهُ وَتَرَكَ اَبِىْ عَلَيْهِ دَيْنًا مِّنَ التَّمْرِ فَاشْتَدَّ عَلَىَّ بَعْضُ غُرَمَائِهِ فِى التَّقَاضِىْ فَاَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى
اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبِىْ اُصِيْبَ يَوْمَ كَذَا وَكَذَا وَاِنَّهُ تَرَكَ عَلَيْهِ دَيْنًا مِّنَ التَّمْرِ وَاِنَّهُ قَدِ اشْتَدَّ
عَلَىَّ بَعْضُ غُرَمَائِهِ فِى الطَّلَبِ فَاُحِبُّ اَنْ تُعِيْنَنِىْ عَلَيْهِ لَعَلَّهُ اَنْ يُّنْظِرَنِىْ طَائِفَةً مِّنْ تَمْرِهٖ اِلٰى هٰذَا الصِّرَامِ الْمُقْبِلِ قَالَ
نَعَمْ اٰتِيْكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ قَرِيْبًا مِّنْ وَّسَطِ النَّهَارِ قَالَ فَجَاءَ وَمَعَهُ حَوَارِيُّوْهُ قَالَ فَجَلَسُوْا فِى الظِّلِّ وَسَلَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ
صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاسْتَاْذَنَ ثُمَّ دَخَلَ عَلَيْنَا قَالَ وَقَدْ قُلْتُ لِامْرَاَتِىْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَاءَنِىْ
الْيَوْمَ وَسَطَ النَّهَارِ فَلَا يَرَيَنَّكِ وَلَا تُؤْذِىْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ شَىْءٍ وَّلَا تُكَلِّمِيْهِ فَفَرَشَتْ فِرَاشًا
وَّوِسَادَةً وَّوَضَعَ رَاْسَهُ فَنَامَ فَقُلْتُ لِمَوْلًى لِّىْ اذْبَحْ هٰذِهِ الْعَنَاقَ وَهِىَ دَاجِنٌ سَمِيْنَةٌ فَالْوَحَى وَالْعَجَلَ افْرُغْ مِنْهَا قَبْلَ
اَنْ يَّسْتَيْقِظَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا مَعَكَ فَلَمْ نَزَلْ فِيْهَا حَتّٰى فَرَغْنَا مِنْهَا وَهُوَ نَائِمٌ فَقُلْتُ اِنَّ رَسُوْلَ
اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ يَسْتَيْقِظُ يَدْعُوْ بِطَهُوْرِهٖ وَاَنَا اَخَافُ اِذَا فَرَغَ اَنْ يَّقُوْمَ فَلَا يَفْرُغْ مِنْ طُهُوْرِهٖ حَتّٰى
يُوْضَعَ الْعَنَاقُ بَيْنَ يَدَيْهِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظَ قَالَ يَا جَابِرُ ائْتِنِىْ بِطَهُوْرٍ قَالَ نَعَمْ فَلَمْ يَفْرُغْ مِنْ وُّضُوْئِهٖ حَتّٰى وُضِعَتِ الْعَنَاقُ
بَيْنَ يَدَيْهِ قَالَ فَنَظَرَ اِلَىَّ فَقَالَ كَاَنَّكَ قَدْ عَلِمْتَ حُبَّنَا اللَّحْمَ ادْعُ اَبَا بَكْرٍ ثُمَّ دَعَا حَوَارِيِّيْهِ قَالَ فَجِىْءَ بِالطَّعَامِ فَوُضِعَ
قَالَ فَوَضَعَ يَدَهُ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ كُلُوْا فَاَكَلُوْا حَتّٰى شَبِعُوْا وَفَضَلَ مِنْهَا لَحْمٌ كَثِيْرٌ وَّقَالَ وَاللّٰهِ اِنَّ مَجْلِسَ بَنِىْ سَلِمَةَ
لَيَنْظُرُوْنَ اِلَيْهِمْ هُوَ اَحَبُّ اِلَيْهِمْ مِنْ اَعْيُنِهِمْ مَا يَقْرَبُوْنَهُ مَخَافَةَ اَنْ يُّؤْذُوْهُ ثُمَّ قَامَ وَقَامَ اَصْحَابُهُ فَخَرَجُوْا بَيْنَ يَدَيْهِ
وَكَانَ يَقُوْلُ خَلُّوْا ظَهْرِىْ لِلْمَلَائِكَةِ قَالَ فَاتَّبَعْتُهُمْ حَتّٰى بَلَغْتُ سَقُفَّةَ الْبَابِ فَاَخْرَجَتِ امْرَاَتِىْ صَدْرَهَا وَكَانَتْ
سَتِيْرَةً فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلِّ عَلَىَّ وَعَلٰى زَوْجِىْ قَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكِ وَعَلٰى زَوْجِكِ ثُمَّ قَالَ ادْعُوْا لِىْ فُلَانًا
لِلْغَرِيْمِ الَّذِى اشْتَدَّ عَلَىَّ فِى الطَّلَبِ فَقَالَ اَنْسِ جَابِرًا طَائِفَةً مِّنْ دَيْنِكَ الَّذِىْ عَلٰى اَبِيْهِ اِلٰى هٰذَا الصِّرَامِ الْمُقْبِلِ قَالَ
مَا اَنَا بِفَاعِلٍ قَالَ وَاعْتَلَّ وَقَالَ اِنَّمَا هُوَ مَالُ يَتَامٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ جَابِرٌ قَالَ قُلْتُ اَنَا ذَا
يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ كِلْ لَهُ مِنَ الْعَجْوَةِ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى سَوْفَ يُوَفِّيْهِ فَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلَى السَّمَاءِ فَاِذَا الشَّمْسُ قَدْ دَلَكَتْ
قَالَ الصَّلٰوةَ يَا اَبَا بَكْرٍ قَالَ فَانْدَفَعُوْا اِلَى الْمَسْجِدِ فَقُلْتُ لِغَرِيْمِىْ قَرِّبْ اَوْعِيَتَكَ فَكِلْتُ لَهُ مِنَ الْعَجْوَةِ فَوَفَّاهُ اللّٰهُ
وَفَضَلَ لَنَا مِنَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَجِئْتُ اَسْعٰى اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ مَسْجِدِهٖ كَاَنِّىْ شَرَارَةٌ
فَوَجَدْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ صَلّٰى فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ قَدْ كِلْتُ لِغَرِيْمِىْ تَمْرَهُ فَوَفَّاهُ اللّٰهُ
وَفَضَلَ لَنَا مِنَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ فَجَاءَ يُهَرْوِلُ

قَالَ سَلْ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ غَرِيْمِهِ وَتَمْرِهِ قَالَ مَا اَنَا بِسَائِلِهِ قَدْ عَلِمْتُ اَنَّ اللّٰهَ سَوْفَ يُوَفِّيهِ اِذْ اَخْبَرْتَ اَنَّ اللّٰهَ سَوْفَ يُوَفِّيهِ فَرَدَّدَ عَلَيْهِ وَرَدَّدَ عَلَيْهِ هٰذِهِ الْكَلِمَةَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ كُلُّ ذٰلِكَ يَقُوْلُ مَا اَنَا بِسَائِلِهِ وَكَانَ لَا يُرَاجِعُ بَعْدَ الْمَرَّةِ الثَّالِثَةِ فَقَالَ مَا فَعَلَ غَرِيْمُكَ وَتَمْرُكَ قَالَ قُلْتُ وَفَّاهُ اللّٰهُ وَفَضَلَ لَنَا مِنَ التَّمْرِ كَذَا وَكَذَا فَرَجَعْتُ اِلٰى امْرَاَتِي فَقُلْتُ اَلَمْ اَكُنْ نَهَيْتُكِ اَنْ تُكَلِّمِي رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي بَيْتِي فَقَالَتْ تَظُنُّ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يُوْرِدُ نَبِيَّهُ فِي بَيْتِي ثُمَّ يَخْرُجُ وَلَا اَسْاَلُهُ الصَّلٰوةَ عَلَيَّ وَعَلٰى زَوْجِي

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مشرکین کے ساتھ جنگ کرنے کے لیے تشریف لے گئے تو میرے والد عبداللہ نے کہا اے جابر تم کو اس میں کوئی الجھن محسوس نہیں ہونی چاہیے کہ تم مدینے کے محافظین میں شامل ہو۔ یہاں تک کہ تمہیں اس بات کا پتہ چل جائے کہ ہمارے ساتھ کیا معاملہ پیش آیا اللہ کی قسم اگر میں نے اپنے بعد بیٹیاں نہ چھوڑی ہوتیں تو مجھے یہ بات پسند تھی کہ تم میرے سامنے شہید ہوتے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں مدینے کے محافظین میں شامل تھا۔ جب میری پھوپھی میرے والد اور میرے ماموں (کی میت) کے ساتھ آئیں تاکہ انہیں ہمارے قبرستان میں دفن کیا جائے۔ ایک شخص نے یہ اعلان کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ہدایت کی ہے کہ تم مقتولین کو واپس لے جاؤ اور انہیں اسی جگہ پر دفن کرو جہاں وہ شہید ہوئے ہیں۔ ہم ان دونوں کو واپس لے گئے اور ان دونوں حضرات کو وہیں دفن کیا جہاں وہ شہید ہوئے تھے (حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) حضرت معاویہ بن ابوسفیان رضی اللہ عنہ کے عہد خلافت میں ایک شخص میرے پاس آیا اور بولا اے جابر بن عبداللہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے سرکاری اہلکاروں نے آپ کے والد کی قبر سے مٹی ہٹادی ہے جس سے میت ظاہر ہوئی ہے۔ لوگوں میں سے بہت سے لوگ نکلے' میں بھی وہاں گیا تو میں نے انہیں اسی حالت میں پایا جس حالت میں انہیں دفن کیا تھا اور ان میں کوئی تبدیلی نہیں آئی تھی' سوائے اس کے کہ قتل کی وجہ سے جو تبدیلی آئی تھی حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے ان کی قبر کو ڈھانپ دیا۔ میرے والد نے اپنے ذمہ کھجوروں کا کچھ قرض چھوڑا تھا۔ قرض خواہوں نے مجھ سے شدت کے ساتھ مطالبہ کیا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے اللہ کے رسول میرے والد فلاں موقع پر شہید ہوگئے۔ انہوں نے کھجوروں کا کچھ قرض چھوڑا ہے۔ قرض خواہ مجھ سے شدت سے تقاضا کررہے ہیں۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ آپ اس معاملے میں میری مدد کیجئے تاکہ قرض خواہ اگلی آنیوالی پیداوار تک میرے ساتھ کچھ نرمی کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ٹھیک ہے۔ اگر اللہ نے چاہا تو میں دوپہر

---

حدیث 46: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 6484

''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 6659

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 964

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 842

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 763

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — 3291

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 10717

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 3781

کے قریب کسی وقت تمہارے پاس آؤں گا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں آپ تشریف لائے۔ آپ کے ساتھ آپ کے ساتھی بھی تھے۔ یہ سب حضرات سائے میں بیٹھ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سلام کیا اور اندر آنے کی اجازت مانگی اور پھر آپ اندر تشریف لے آئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے اپنی اہلیہ سے کہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر کے وقت تشریف لائیں گے۔ وہ تمہیں (یعنی تمہاری طرف سے کوئی ناخوشگوار بات) نہ دیکھیں اور تم اللہ کے رسول کو کوئی اذیت نہ ہونے دینا اور تم میرے گھر میں اللہ کے رسول کو کسی قسم کی کوئی تکلیف نہ ہونے دینا اور ان سے بات کرنے کی کوشش نہ کرنا۔ اس عورت نے ایک بچھونا بچھا دیا اور ایک تکیہ رکھ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر اپنا سر رکھا اور سو گئے۔ میں نے اپنے غلام سے کہا اس بکری کو ذبح کرو۔ یہ موٹی اور صحت مند بکری تھی اور جلدی کرنا تیزی کے ساتھ۔ تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بیدار ہونے سے پہلے اس کام سے فارغ ہو جانا اور میں تمہارے ساتھ رہوں گا۔ ہم نے یہ کام کیا یہاں تک کہ اس سے فارغ ہو گئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت سو رہے تھے۔ میں نے عرض کی اللہ کے رسول جب بیدار ہوں گے تو وضو کے لیے پانی مانگیں گے مجھے یہ اندیشہ ہے کہ جب وہ فارغ ہوں گے تو اٹھ کے چلیں جائیں گے۔ لہٰذا وہ جتنی دیر میں وضو کر کے فارغ ہوتے ہیں بکری کا گوشت آپ کے آگے رکھ دیا جائے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیدار ہوئے تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے جابر! وضو کے لیے پانی لاؤ میں نے عرض کی جی ہاں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ابھی وضو کر کے فارغ ہی ہوئے تھے بکری کا گوشت آپ کے آگے رکھ دیا گیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میری طرف دیکھا اور ارشاد فرمایا تمہیں پتا ہے کہ مجھے گوشت پسند ہے۔ ابوبکر کو بلاؤ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ساتھیوں کو بلایا حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' کھانا لا کر رکھ دیا گیا۔ نبی اکوم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا دست اقدس رکھا اور ارشاد فرمایا اللہ کا نام لے کر کھانا شروع کرو۔ ان حضرات نے کھانا شروع کیا۔ وہ سیر ہو گئے۔ پھر بھی اس میں سے بہت سا گوشت باقی بچ گیا۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اللہ کی قسم! بنوسلمہ کی محفل میں بیٹھے ہوئے لوگ ان کی طرف دیکھ رہے تھے۔ یہ بات ان کے نزدیک ان کی آنکھوں سے زیادہ عزیز تھی۔ وہ آپ کے قریب اس لئے نہیں آتے تھے کہ کہیں آپ کو کوئی تکلیف نہ پہنچ جائے۔ آپ کے ساتھی بھی کھڑے ہوئے وہ حضرات آپ کے آگے نکلے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا کہ میرے پیچھے والی جگہ فرشتوں کے لئے چھوڑ دو حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ان کے پیچھے میں بھی آیا۔ یہاں تک کہ جب ہم دروازے کی چوکھٹ تک پہنچے تو میری بیوی نے سر باہر نکال کر کہا حالانکہ وہ پردہ دار عورت تھی اے اللہ کے رسول آپ میرے لئے اور میرے شوہر کے لئے دعائے برکت کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ تم پر اور تمہارے شوہر پر برکت نازل کرے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا فلاں شخص کو بلا کر لاؤ' یہ آپ نے قرض خواہ کے لئے کہا جس نے مجھ سے سختی سے مطالبہ کیا تھا پھر آپ نے حکم دیا تم جابر کو اپنے قرض میں سے کچھ چھوٹ دو جو اس کے والد کے ذمے واجب الادا تھا اور یہ چھوٹ اگلی پیداوار تک ہو گی۔ اس نے عرض کی میں یہ نہیں کر سکوں گا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اس نے کوئی عذر بیان کیا اور بولا کہ یہ یتیموں کا مال ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا جابر کہاں ہے' حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں یہاں ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسے ماپ کر دے دو کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کھجوروں کو پورا کر دے گا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا سر مبارک آسمان کی طرف اٹھایا۔ سورج ڈھل چکا تھا آپ نے ارشاد فرمایا ابوبکر نماز کا وقت ہو گیا ہے پھر یہ حضرات مسجد کی طرف تشریف لے گئے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے اپنے قرض

خواہ سے کہا تم اپنا برتن آگے لاؤ میں نے اسے ماپ کر عجوہ کھجوریں دے دیں تو اللہ تعالیٰ نے ان کھجوروں کو وہیں پورا کر دیا اور پھر بھی ہمارے پاس اتنی کھجوریں بچ گئیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں دوڑتا ہوا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس مسجد میں آیا یوں جیسے کوئی شعلہ ہوتا ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو نماز پڑھتے ہوئے پایا میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول میں نے اپنے قرض خواہ کو ماپ کر اس کی کھجوریں دے دیں ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے انہیں پورا کر دیا تھا پھر بھی ہمارے پاس اتنی اتنی کھجوریں بچ گئیں ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ عمر بن خطاب کہاں ہیں حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ وہ تیزی سے چلتے ہوئے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جابر سے اس کے قرض خواہ اور کھجوروں کا معاملہ دریافت کرو۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے عرض کی میں یہ نہیں پوچھوں گا۔ کیونکہ مجھے پتا تھا کہ اللہ تعالیٰ انہیں پورا کر دے گا یہ اسی وقت پتا چل گیا تھا جب آپ نے ارشاد فرمایا تھا کہ اللہ تعالیٰ اس کو پورا کر دے گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہر مرتبہ یہی کہا کہ میں نہیں پوچھوں گا پھر انہوں نے دریافت کیا کہ تمہارے قرض خواہ اور کھجوروں کا کیا معاملہ ہوا حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں پورا کر دیا تھا اور پھر بھی ہمارے پاس اتنی اتنی کھجوریں بچ گئیں ہیں۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنی اہلیہ کے پاس واپس آیا اور کہا کہ میں نے تمہیں منع کیا تھا کہ تم میرے گھر میں اللہ کے رسول کے ساتھ کلام نہیں کرو گی۔ وہ عورت بولی کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو ہمارے ہاں لائے اور پھر وہ واپس تشریف لے جائیں اور میں ان سے اپنے بارے میں اور اپنے شوہر کے بارے میں دعائے رحمت کے لیے نہ کہوں۔

## بَابٌ مَّا اُعْطِیَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْفَضْلِ

## باب 8: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جو فضیلت عطا کی گئی

**47-** اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ اَبِیْ حَکِیْمٍ حَدَّثَنِی الْحَکَمُ بْنُ اَبَانَ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ فَضَّلَ مُحَمَّدًا عَلَی الْاَنْبِیَآءِ وَعَلٰی اَهْلِ السَّمَآءِ فَقَالُوْا یَا ابْنَ عَبَّاسٍ بِمَ فَضَّلَهٗ عَلٰی اَهْلِ السَّمَآءِ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَالَ لِاَهْلِ السَّمَآءِ (وَمَنْ یَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّیْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِیْهِ جَهَنَّمَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِیْنَ) الْاٰیَةَ وَقَالَ اللّٰهُ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِیْنًا لِّیَغْفِرَ لَكَ اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا تَاَخَّرَ) قَالُوْا فَمَا فَضْلُهٗ عَلَی الْاَنْبِیَآءِ قَالَ قَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ لِیُبَیِّنَ لَهُمْ) الْاٰیَةَ وَقَالَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ) فَاَرْسَلَهٗ اِلَی الْجِنِّ وَالْاِنْسِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو تمام انبیاء پر فضیلت عطا کی اور آسمان کی جملہ مخلوقات پر فضیلت عطا کی لوگوں نے دریافت کیا اے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو آسمان والوں پر کیسے فضیلت عطا کی؟ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے آسمان والوں سے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ (قرآن مجید میں یہ آیت

حدیث **47**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15316**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **3164**

موجود ہے)

''اوران میں سے جو یہ کہے کہ اس کی بجائے میں معبود ہوں تو ہم اس کی جزا جہنم کر دیں گے۔ ظلم کرنے والوں کو ہم اسی طرح جزا دیتے ہیں''۔

جب کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ سے یہ ارشاد فرمایا (یہ قرآن کی آیت ہے)۔

''بے شک ہم نے تمہیں واضح فتح عطا کی تا کہ اللہ تعالیٰ تمہارے گزشتہ اور آئندہ ذنب کی مغفرت کر دے''۔

لوگوں نے دریافت کیا نبی اکرم ﷺ کی انبیاء پر فضیلت کیا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے (یہ قرآن کی آیت ہے)

''ہم نے جو بھی رسول مبعوث کیا اسے اس کی قوم کی زبان کے ہمراہ مبعوث کیا تا کہ وہ اس قوم کے لئے واضح طور پر (اللہ تعالیٰ کے احکام) بیان کر دے''۔

جبکہ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد ﷺ سے یہ ارشاد فرمایا (یہ قرآن کی آیت ہے)

''اور ہم نے تمہیں تمام بنی نوع انسان کی طرف مبعوث کیا ہے''۔

(حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان فرماتے ہیں) اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کو تمام جنات اور انسانوں کی طرف مبعوث کیا ہے۔

**48-** اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ عَنْ سَلَمَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَلَسَ نَاسٌ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْتَظِرُوْنَهُ فَخَرَجَ حَتّٰى اِذَا دَنَا مِنْهُمْ سَمِعَهُمْ يَتَذَاكَرُوْنَ فَتَسَمَّعَ حَدِيثَهُمْ فَاِذَا بَعْضُهُمْ يَقُوْلُ عَجَبًا اِنَّ اللّٰهَ اتَّخَذَ مِنْ خَلْقِهِ خَلِيْلًا فَاِبْرَاهِيْمُ خَلِيْلُهُ وَقَالَ اٰخَرُ مَاذَا بِاَعْجَبَ مِنْ (وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا) وَقَالَ اٰخَرُ فَعِيْسٰى كَلِمَةُ اللّٰهِ وَرُوْحُهُ وَقَالَ اٰخَرُ وَاٰدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ فَخَرَجَ عَلَيْهِمْ فَسَلَّمَ وَقَالَ قَدْ سَمِعْتُ كَلَامَكُمْ وَعَجَبَكُمْ اَنَّ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلُ اللّٰهِ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَمُوْسٰى نَجِيُّهُ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَعِيْسٰى رُوْحُهُ وَكَلِمَتُهُ وَهُوَ كَذٰلِكَ وَاٰدَمُ اصْطَفَاهُ اللّٰهُ تَعَالٰى وَهُوَ كَذٰلِكَ اَلَا وَاَنَا حَبِيْبُ اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا حَامِلُ لِوَاءِ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَحْتَهُ اٰدَمُ فَمَنْ دُوْنَهُ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَاَوَّلُ مُشَفَّعٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يُحَرِّكُ بِحَلَقِ الْجَنَّةِ وَلَا فَخْرَ فَيَفْتَحُ اللّٰهُ فَيُدْخِلُنِيْهَا وَمَعِي فُقَرَاءُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَكْرَمُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلَى اللّٰهِ وَلَا فَخْرَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے کچھ صحابہ کرام بیٹھے ہوئے آپ کا انتظار کر رہے تھے' آپ تشریف لائے جب آپ ان کے قریب ہوئے تو انہیں کسی موضوع پر گفتگو کرتے سنا آپ نے ان کی بات پر غور کیا تو ان میں سے ایک صاحب یہ کہہ رہے تھے یہ کتنی عجیب بات ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق میں سے ایک کو خلیل بنایا ہے۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اس کے خلیل ہیں ایک اور صاحب بولے اس سے زیادہ اور حیران کن بات کیا ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو شرف ہم کلامی عطا کیا ہے ایک اور صاحب بولے حضرت عیسیٰ علیہ السلام اللہ تعالیٰ کا کلمہ اور اس کی روح ہیں' ایک اور صاحب بولے اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو چن لیا نبی اکرم ﷺ ان کے پاس تشریف لائے ان لوگوں کو سلام کیا اور ارشاد فرمایا میں نے تمہاری گفتگو اور حیرانی کا اظہار سنا ہے بے شک

حدیث **48**: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **3335**

حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل ہیں اور وہ ایسے ہی ہیں اور حضرت موسیٰ علیہ السلام اس کے "نجی" ہیں اور وہ ایسے ہی ہیں اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام اس کی روح اور اس کا کلمہ ہیں اور وہ ایسے ہی ہیں حضرت آدم علیہ السلام کو اللہ تعالیٰ نے منتخب کرلیا اور وہ ایسے ہی ہیں۔ لیکن یہ بات یاد رکھنا کہ میں اللہ کا حبیب ہوں اور یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا' قیامت کے دن "لواء حمد" میں اٹھاؤں گا حضرت آدم اور دیگر سب لوگ اس کے نیچے ہوں گے اور یہ بات فخر سے نہیں کہہ رہا۔ قیامت کے دن سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا اور سب سے پہلے میری شفاعت قبول ہوگی اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا سب سے پہلے جنت (کے دروازے کی) زنجیر کو میں حرکت دوں گا اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا اور اللہ تعالیٰ اسے کھول دے گا اور مجھے اس (جنت) میں داخل کرے گا میرے ساتھ غریب مسلمان ہوں گے اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک میں تمام پہلے والوں اور سب بعد والوں کے مقابلے میں زیادہ باعزت ہوں اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہہ رہا۔

**49**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنْ لَيْثٍ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُهُمْ خُرُوْجًا وَّاَنَا قَائِدُهُمْ اِذَا وَفَدُوْا وَاَنَا خَطِيْبُهُمْ اِذَا اَنْصَتُوْا وَاَنَا مُسْتَشْفِعُكُمْ اِذَا حُبِسُوْا وَاَنَا مُبَشِّرُهُمْ اِذَا اَيِسُوا الْكَرَامَةُ وَالْمَفَاتِيْحُ يَوْمَئِذٍ بِيَدِىْ وَاَنَا اَكْرَمُ وَلَدِ اٰدَمَ عَلٰى رَبِّىْ يَطُوْفُ عَلَىَّ اَلْفُ خَادِمٍ كَاَنَّهُمْ بَيْضٌ مَّكْنُوْنٌ اَوْ لُؤْلُؤٌ مَّنْثُوْرٌ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے (قیامت کے دن) سب سے پہلے میں (اپنی قبر سے) نکلوں گا جب وہ لوگ وفد کی شکل میں آئیں گے تو میں ان کی قیادت کروں گا جب وہ لوگ خاموش ہوں گے تو ان کی طرف سے میں خطبہ دوں گا جب انہیں محبوس کرلیا جائے گا تو میں ان کی طرف سے شفاعت طلب کروں گا۔ جب وہ مایوس ہو جائیں گے تو میں انہیں خوشخبری سناؤں گا۔ اس دن بزرگی اور چابیاں میرے ہاتھ میں ہوں گے۔ اپنے پروردگار کے نزدیک سب سے زیادہ میں معزز ہوں۔ سفید موتیوں جیسے ایک ہزار خادم میرے گرد چکر لگائیں گے۔

(راوی کو شک ہے یا شاید) پروئے ہوئے موتیوں جیسے (خادم چکر لگائیں گے)

**50**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ الْمِصْرِىُّ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ رَبِيْعَةَ عَنْ صَالِحٍ هُوَ ابْنُ عَطَاءِ بْنِ خَبَّابٍ مَّوْلٰى بَنِى الدُّئِلِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا قَائِدُ الْمُرْسَلِيْنَ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا خَاتَمُ النَّبِيِّيْنَ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ وَّاَوَّلُ مُشَفَّعٍ وَّلَا فَخْرَ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں تمام رسولوں کا قائد ہوں اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا اور تمام انبیاء کا (کی آمد کے سلسلے کو) ختم کرنے والا ہوں اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا اور میں سب سے پہلے شفاعت کرنے والا اور جس کی شفاعت سب سے پہلے قبول کی جائے گی وہ شخص ہوں اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا۔

**51**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ هُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ جُدْعَانَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا اَوَّلُ مَنْ يَّاْخُذُ بِحَلْقَةِ بَابِ الْجَنَّةِ فَاُقَعْقِعُهَا قَالَ اَنَسٌ كَاَنِّىْ اَنْظُرُ اِلٰى يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَرِّكُهَا وَصَفَ لَنَا سُفْيَانُ كَذَا وَجَمَعَ اَبُوْ عَبْدِ اللّٰهِ اَصَابِعَهُ وَحَرَّكَهَا قَالَ وَقَالَ لَهُ ثَابِتٌ مَسِسْتَ يَدَ رَسُوْلِ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِيَدِكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاَعْطِنِيهَا اُقَبِّلْهَا

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے سب سے پہلے میں جنت کے دروازے کی کنڈی کو پکڑوں گا اور اسے کھٹکھٹاؤں گا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مجھے اچھی طرح یاد ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست اقدس کے ذریعے اشارہ کیا تھا۔ راوی بیان کرتے ہیں میرے استاد نے بھی مجھے اسی طرح اشارہ کر کے یہ بات بتائی۔ ابوعبداللہ نامی راوی نے بھی اپنی انگلیوں کو اکٹھا کیا اور انہیں حرکت دی راوی بیان کرتے ہیں ثابت نے ان سے دریافت کیا کہ آپ نے اپنے ہاتھ کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس کو چھوا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں! ثابت نے کہا آپ ہاتھ میری طرف بڑھائیں تاکہ میں اسے بوسہ دوں۔

**52**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ زَائِدَةَ عَنِ الْمُخْتَارِ بْنِ فُلْفُلٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا اَوَّلُ شَافِعٍ فِي الْجَنَّةِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جنت کے بارے میں سب سے پہلے میں شفاعت کروں گا۔

**53**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي عَمْرٍو عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنِّي لَاَوَّلُ النَّاسِ تَنْشَقُّ الْاَرْضُ عَنْ جُمْجُمَتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاُعْطَى لِوَاءَ الْحَمْدِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا سَيِّدُ النَّاسِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَاَنَا اَوَّلُ مَنْ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا فَخْرَ وَآتِي بَابَ الْجَنَّةِ فَآخُذُ بِحَلْقَتِهَا فَيَقُوْلُوْنَ مَنْ هٰذَا فَاَقُوْلُ اَنَا مُحَمَّدٌ فَيَفْتَحُوْنَ لِي

حدیث **53**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **196**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **4673**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **3148**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **4308**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **10985**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی البستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6478**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء **82**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **17492**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء **3959**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر **1415**ھ **1058**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ/**1983**ء **12777**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **507**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **31728**

فَاَدْخُلُ فَاجِدُ الْجَبَّارَ مُسْتَقْبِلِي فَاَسْجُدُ لَهُ فَيَقُولُ ارْفَعْ رَاْسَكَ يَا مُحَمَّدُ وَتَكَلَّمْ يُسْمَعْ مِنْكَ وَقُلْ يُقْبَلْ مِنْكَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِي فَاَقُولُ اُمَّتِي اُمَّتِي يَا رَبِّ فَيَقُولُ اذْهَبْ اِلَى اُمَّتِكَ فَمَنْ وَجَدْتَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ شَعِيرٍ مِنَ الْاِيمَانِ فَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ فَاَذْهَبُ فَمَنْ وَجَدْتُ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَلِكَ اَدْخَلْتُهُمُ الْجَنَّةَ فَاَجِدُ الْجَبَّارَ مُسْتَقْبِلِي فَاَسْجُدُ لَهُ فَيَقُولُ ارْفَعْ رَاْسَكَ يَا مُحَمَّدُ وَتَكَلَّمْ يُسْمَعْ مِنْكَ وَقُلْ يُقْبَلْ مِنْكَ وَاشْفَعْ تُشَفَّعْ فَاَرْفَعُ رَاْسِي فَاَقُولُ اُمَّتِي اُمَّتِي يَا رَبِّ فَيَقُولُ اذْهَبْ اِلَى اُمَّتِكَ فَمَنْ وَجَدْتَ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِنْ خَرْدَلٍ مِنَ الْاِيمَانِ فَاَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ فَاَذْهَبُ فَمَنْ وَجَدْتُ فِي قَلْبِهِ مِثْقَالَ ذَلِكَ اَدْخَلْتُهُمُ الْجَنَّةَ وَفُرِغَ مِنْ حِسَابِ النَّاسِ وَاُدْخِلَ مَنْ بَقِيَ مِنْ اُمَّتِي فِي النَّارِ مَعَ اَهْلِ النَّارِ فَيَقُولُ اَهْلُ النَّارِ مَا اَغْنَى عَنْكُمْ اَنَّكُمْ كُنْتُمْ تَعْبُدُونَ اللَّهَ وَلَا تُشْرِكُونَ بِهِ شَيْئًا فَيَقُولُ الْجَبَّارُ فَبِعِزَّتِي لَاُعْتِقَنَّهُمْ مِنَ النَّارِ فَيُرْسِلُ اِلَيْهِمْ فَيَخْرُجُونَ مِنَ النَّارِ وَقَدِ امْتُحِشُوا فَيَدْخُلُونَ فِي نَهَرِ الْحَيَاةِ فَيَنْبُتُونَ فِيهِ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِي غُثَاءِ السَّيْلِ وَيُكْتَبُ بَيْنَ اَعْيُنِهِمْ هَؤُلَاءِ عُتَقَاءُ اللَّهِ فَيُذْهَبُ بِهِمْ فَيَدْخُلُونَ الْجَنَّةَ فَيَقُولُ لَهُمْ اَهْلُ الْجَنَّةِ هَؤُلَاءِ الْجَهَنَّمِيُّونَ فَيَقُولُ الْجَبَّارُ بَلْ هَؤُلَاءِ عُتَقَاءُ الْجَبَّارِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ قیامت کے دن میں سب سے پہلا شخص ہوں گا کیونکہ میرے ہی سرہانے کی طرف سے زمین کوشق کیا جائے گا (یعنی میں سب سے پہلے قبر میں سے نکلوں گا) اور یہ بات میں فخر کے طور پر نہیں کہتا اور مجھے ''لواء حمد'' عطا کیا جائے گا اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا قیامت کے دن میں تمام لوگوں کا سردار ہوں گا اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا قیامت کے دن میں سب سے پہلا شخص ہوں گا جو جنت میں داخل ہوگا اور یہ بات فخر کے طور پر نہیں کہتا میں جنت کے دروازے پر آؤں گا اس کی کنڈی کو پکڑوں گا لوگ دریافت کریں گے یہ کون شخص ہے۔ میں جواب دوں گا میں محمد ہوں وہ لوگ میرے لئے دروازہ کھولیں گے میں اندر داخل ہو جاؤں گا میں اپنے سامنے (اللہ تعالیٰ کا خاص جلوہ) پاؤں گا تو اس کی بارگاہ میں سجدے میں چلا جاؤں گا۔ وہ ارشاد فرمائے گا اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور بات کرو تمہاری بات سنی جائے گی۔ بولو اسے قبول کیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول کی جائے گی (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور میں عرض کروں گا اے میرے پروردگار! میری اُمت (کو بخش دے) میری اُمت (کو بخش دے) اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا اپنی اُمت کے پاس جاؤ اور ان میں سے جس کے دل میں ''جو'' کے دانے کے وزن کے برابر ایمان ہو اسے جنت میں داخل کر دو (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) میں جاؤں گا اور جس شخص کے دل میں اتنے وزن جتنا ایمان پاؤں گا اسے میں جنت میں داخل کر دوں گا پھر میں اپنے پروردگار کی بارگاہ میں آؤں گا اور اس کے سامنے سجدہ ریز ہو جاؤں گا وہ ارشاد فرمائے گا۔ اے محمد! اپنا سر اٹھاؤ اور بات کرو بات سنی جائے گی۔ بولو قبول کیا جائے گا۔ شفاعت کرو شفاعت قبول ہوگی۔ میں اپنا سر اٹھاؤں گا اور عرض کروں گا۔ اے میرے پروردگار میری اُمت (کو بخش دے) میری اُمت (کو بخش دے) اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا اپنی اُمت کے پاس جاؤ اور ان میں سے جس کے دل میں رائی کے دانے کے برابر ایمان ہو اسے جنت میں داخل کر دو میں جاؤں گا اور جس کے دل میں اتنے وزن جتنا ایمان ہوگا۔ اسے جنت میں داخل کر دوں گا لوگوں کا حساب ختم ہو جائے گا اور میری اُمت سے تعلق رکھنے والے بقیہ افراد اہل جہنم کے ساتھ جہنم میں چلے جائیں گے پہلے جہنمی کہیں گے تم لوگ جو اللہ کی عبادت کیا کرتے تھے اور کسی کو شریک نہیں ٹھہراتے تھے۔ آج تمہیں اس کا کوئی فائدہ نہیں ہوا تو اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا

مجھے اپنی عزت کی قسم ہے۔ میں ان لوگوں کو ضرور جہنم سے آزاد کردوں گا۔ اللہ تعالیٰ (ان کی طرف فرشتوں کو بھیجے گا) ان لوگوں کو جہنم سے نکالا جائے گا۔ وہ بالکل کوئلہ ہو چکے ہوں گے انہیں (جنت کی) نہر حیات میں ڈالا جائے گا تو وہ اس میں سے یوں پھوٹ پڑیں گے جیسے سیلاب کی گزرگاہ میں کوئی دانہ پھوٹ کر (پودا بن جاتا ہے) ان لوگوں کی دونوں آنکھوں کے درمیان یہ لکھ دیا جائے گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزاد کئے ہوئے لوگ ہیں پھر ان لوگوں کو لایا جائے گا اور جنت میں داخل کر دیا جائے گا۔ اہل جنت ان سے کہیں گے یہ جہنمی لوگ ہیں اللہ تعالیٰ فرمائے گا' نہیں بلکہ یہ (جبار) یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے آزاد کردہ لوگ ہیں۔

**54**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ اَبِيْ اِدْرِيْسَ الْخَوْلَانِيِّ عَنِ ابْنِ غَنْمٍ قَالَ نَزَلَ جِبْرِيلُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَقَّ بَطْنَهُ ثُمَّ قَالَ جِبْرِيْلُ قَلْبٌ وَكِيعٌ فِيهِ اُذُنَانِ سَمِيْعَتَانِ وَعَيْنَانِ بَصِيْرَتَانِ مُحَمَّدٌ رَسُوْلُ اللّٰهِ الْمُقَفِّى الْحَاشِرُ خُلُقُكَ قَيِّمٌ وَلِسَانُكَ صَادِقٌ وَنَفْسُكَ مُطْمَئِنَّةٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ وَكِيعٌ يَعْنِيْ شَدِيْدًا

☆☆ ابن غنم بیان کرتے ہیں' حضرت جبرائیل علیہ السلام نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے آپ کے پیٹ کو چیر دیا پھر جبرائیل نے کہا یہ بہت زبردست دل ہے۔ اس میں دو کان ہیں جو سن لیتے ہیں دو آنکھیں ہیں جو دیکھ لیتی ہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں' یہ سب سے آخر میں تشریف لائے ہیں یہی حشر کرنے والے ہیں (اے محمد) آپ کے اخلاق مضبوط ہیں' آپ کی زبان سچی ہے اور آپ کا نفس مطمئن ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس حدیث میں استعمال ہونے والا لفظ ''وکیع'' کا مطلب شدید اور زبردست ہے۔

---

حدیث **54**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **196**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3148**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4308**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2692**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6478**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **82**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **3959**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **170**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **12777**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/**1988**ء **695**

''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1403**ھ/**1983**ء **507**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نورالدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/**1992**ء **931**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **31728**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **7690**

**55**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ رُوَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَدْرَكَ بِيَ الْاَجَلَ الْمَرْحُومَ وَاخْتَصَرَ لِي اخْتِصَارًا فَنَحْنُ الْاٰخِرُونَ وَنَحْنُ السَّابِقُونَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنِّي قَائِلٌ قَوْلًا غَيْرَ فَخْرٍ اِبْرَاهِيمُ خَلِيلُ اللّٰهِ وَمُوسٰى صَفِيُّ اللّٰهِ وَاَنَا حَبِيبُ اللّٰهِ وَمَعِي لِوَاءُ الْحَمْدِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ وَعَدَنِي فِي اُمَّتِي وَاَجَارَهُمْ مِنْ ثَلَاثٍ لَا يَعُمُّهُمْ بِسَنَةٍ وَلَا يَسْتَاْصِلُهُمْ عَدُوٌّ وَلَا يَجْمَعُهُمْ عَلٰى ضَلَالَةٍ

☆☆ حضرت عمرو بن قیس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ میرے ذریعے رحمت کے انتہائی حصے کو ظاہر کرے گا اور میرے لئے ہی اختصار کرے گا ہم سب سے آخری لوگ ہیں لیکن قیامت کے دن ہم سب سے پہلے ہوں گے میں جو کہہ رہا ہوں یہ فخر یہ طور پر نہیں کہہ رہا۔ حضرت ابراہیم علیہ السلام اللہ کے خلیل ہیں' حضرت موسیٰ علیہ السلام اللہ کے صفی ہیں اور میں اللہ کا حبیب ہوں قیامت کے دن ''لواء حمد'' میرے پاس ہوگا بے شک اللہ تعالیٰ نے میری اُمت کے بارے میں مجھ سے یہ وعدہ کیا ہے اور انہیں ان تین چیزوں سے امان عطا کر دی ہے ان پر قحط سالی نازل نہیں ہوگی دشمن انہیں سرے سے ختم نہیں کرے گا اور وہ لوگ گمراہی پر متفق نہیں ہوں گے۔

## بَابُ مَا اُكْرِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنُزُولِ الطَّعَامِ مِنَ السَّمَآءِ

## باب 9: آسمان سے کھانے کے نزول کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو عزت افزائی کی گئی

**56**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَرْطَاةُ بْنُ الْمُنْذِرِ عَنْ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيبٍ قَالَ سَمِعْتُ مَسْلَمَةَ السَّكُونِيَّ وَقَالَ غَيْرُ مُحَمَّدٍ سَلَمَةَ السَّكُونِيَّ قَالَ بَيْنَمَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ قَالَ قَائِلٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هَلْ اُتِيتَ بِطَعَامٍ مِنَ السَّمَآءِ قَالَ نَعَمْ اُتِيتُ بِطَعَامٍ قَالَ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هَلْ كَانَ فِيهِ مِنْ فَضْلٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَمَا فُعِلَ بِهِ قَالَ رُفِعَ اِلَى السَّمَآءِ وَقَدْ اُوحِيَ اِلَيَّ اَنِّي غَيْرُ لَابِثٍ فِيكُمْ اِلَّا قَلِيلًا ثُمَّ تَلْبَثُونَ حَتّٰى

---

حدیث **56** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **236**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **855**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **1367**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7308**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **2784**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء **1720**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **1653**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **1320**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **6269**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **954**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **291**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **136**

تَقُوْلُوْا مَتٰى مَتٰى ثُمَّ تَاْتُوْنِيْ اَفْنَادًا يُفْنِيْ بَعْضُكُمْ بَعْضًا بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ مُوْتَانٌ شَدِيْدٌ وَبَعْدَهُ سَنَوَاتُ الزَّلَازِلِ

☆☆ مسلمہ سکونی بیان کرتے ہیں (بعض روایات میں سلمہ سکونی لفظ منقول ہے) ایک مرتبہ ہم نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھے ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! کیا آپ کے پاس آسمان سے بھی کوئی کھانا آتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: ہاں گرم کھانا آتا ہے۔اس شخص نے جواب دیا' اے اللہ کے نبی کیا اس میں کوئی فضیلت ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: ہاں اس شخص نے عرض کی پھر اس کے ساتھ کیا کیا گیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اسے آسمان کی طرف اٹھالیا گیا اور میری طرف یہ وحی کی گئی میں تمہارے درمیان تھوڑا عرصہ رہوں گا پھر تم لوگ رہو گے' یہاں تک کہ تم لوگ یہ کہو گے کہ (قیامت) کب آئے گی کب آئے گی۔ پھر تم لوگ متفرق گروہوں کی شکل میں آؤ گے تم میں سے ایک دوسرے کو فنا کردے گا۔ قیامت کے قریب دو شدید قتل عام ہوں گے اس کے بعد کچھ سال تک زلزلے آتے رہیں گے۔

**57**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِيَ بِقَصْعَةٍ مِّنْ ثَرِيْدٍ فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيِ الْقَوْمِ فَتَعَاقَبُوْهَا اِلَى الظُّهْرِ مِنْ غُدْوَةٍ يَقُوْمُ قَوْمٌ وَيَجْلِسُ اٰخَرُوْنَ فَقَالَ رَجُلٌ لِسَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَمَا كَانَتْ تُمَدُّ فَقَالَ سَمُرَةُ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَعْجَبُ مَا كَانَتْ تُمَدُّ اِلَّا مِنْ هَا هُنَا وَاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلَى السَّمَاءِ

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ثرید کا ایک پیالہ پیش کیا گیا۔ اس پیالے کو لوگوں کے سامنے رکھ دیا گیا لوگ صبح سے لے کر ظہر تک یکے بعد دیگرے اسے کھاتے رہے ایک گروہ اُٹھ کر جاتا تو دوسرا آکر بیٹھ جاتا۔

ایک شخص نے سمرہ بن جندب سے کہا کیا وہ کھانا بڑھتا رہا تو حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا تمہیں کس بات کی حیرانگی ہو رہی ہے اس میں اضافہ وہاں سے ہوتا تھا (راوی بیان کرتے ہیں) حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے آسمان کی طرف اشارہ کیا۔

# بَابٌ فِيْ حُسْنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 10: نبی اکرم ﷺ کا حسن مبارک

**58**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ لَيْلَةٍ اِضْحِيَانٍ وَعَلَيْهِ حُلَّةٌ حَمْرَاءُ فَجَعَلْتُ اَنْظُرُ اِلَيْهِ وَاِلَى الْقَمَرِ قَالَ فَلَهُوَ كَانَ اَحْسَنَ فِيْ عَيْنِيْ مِنَ الْقَمَرِ

حدیث **57**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17005**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **8383**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **6861**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **6356**

"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1405**ھ/ **1984**ء **687**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **6777**

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو چاندنی رات میں دیکھا آپ نے اس وقت سرخ حلہ پہن رکھا تھا میں کبھی آپ کی طرف دیکھتا تھا اور کبھی چاند کی طرف دیکھتا تھا حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ میری نظر میں آپ چاند سے زیادہ خوبصورت تھے۔

**59-** اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ اَبِي ثَابِتٍ الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِي اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ ابْنُ اَخِي مُوسٰى عَنْ عَمِّهِ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْلَجَ الثَّنِيَّتَيْنِ اِذَا تَكَلَّمَ رُئِيَ كَالنُّورِ يَخْرُجُ مِنْ بَيْنِ ثَنَايَاهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے کے دو دانتوں کے درمیان تھوڑی سی جگہ کشادہ تھی اور

---

حدیث **58** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **3625**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **20209**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6529**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **6740**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **6987**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **31708**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **4233**

حدیث **59** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **5510**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4072**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2811**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **5314**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3599**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18636**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6284**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **7383**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **9640**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **7477**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **680**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **1842**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **721**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان **1410**ھ/**1990**ء **2111**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **25077**

جب آپ گفتگو کرتے تھے تو ایسا محسوس ہوتا تھا کہ آپ کے دونوں دانتوں کے درمیان میں سے نور نکل رہا ہو۔

**60**- اَخْبَرَنَا مَحْمُوْدُ بْنُ غَيْلَانَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عُمَرَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَنْجَدَ وَلَا اَجْوَدَ وَلَا اَشْجَعَ وَلَا اَوْضَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ سخی' دلیر' خوبصورت شخص کوئی اور نہیں دیکھا۔

**61**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ عُبَيْدَةَ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ قَالَ قُلْتُ لِلرُّبَيِّعِ بِنْتِ مُعَوِّذِ بْنِ عَفْرَاءَ صِفِيْ لَنَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا بُنَيَّ لَوْ رَاَيْتَهُ رَاَيْتَ الشَّمْسَ طَالِعَةً

☆☆ ابوعبیدہ بیان کرتے ہیں' میں نے ربیع بنت معوذ سے کہا کہ آپ ہمارے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (کے حسن و جمال) کا تذکرہ کریں انہوں نے جواب دیا: اے میرے بیٹے! اگر تم ان کو دیکھ لیتے تو تم یہ محسوس کرتے گویا تم سورج کو طلوع ہوتے ہوئے دیکھ رہے ہو۔

**62**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَزْهَرَ اللَّوْنِ كَاَنَّ عَرَقَهُ اللُّؤْلُؤُ اِذَا مَشٰى تَكَفَّاَ وَمَا مَسِسْتُ حَرِيْرَةً وَلَا دِيْبَاجَةً اَلْيَنَ مِنْ كَفِّهِ وَلَا شَمِمْتُ رَائِحَةً قَطُّ اَطْيَبَ مِنْ رَائِحَتِهِ مِسْكَةً وَلَا غَيْرَهَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم گورے رنگ کے مالک تھے آپ کا پسینہ موتیوں جیسا تھا۔ جب آپ چلتے تو آگے کی طرف جھک کر چلتے تھے میں نے آج تک آپ کی ہتھیلی سے زیادہ ملائم کسی ریشم اور دیباج کو نہیں چھوا اور میں نے آپ کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کوئی بھی خوشبو خواہ وہ مشک ہو یا کوئی اور ہو نہیں سونگھی۔

**64**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَدَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا قَالَ لِيْ اُفٍّ قَطُّ وَلَا قَالَ لِيْ لِشَيْءٍ صَنَعْتُهُ لِمَ صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا اَوْ هَلَّا صَنَعْتَ كَذَا وَكَذَا وَقَالَ لَا وَاللّٰهِ مَا مَسِسْتُ بِيَدِيْ دِيْبَاجًا وَلَا حَرِيْرًا اَلْيَنَ مِنْ يَدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا وَجَدْتُ رِيْحًا قَطُّ اَوْ عَرْفًا كَانَ اَطْيَبَ مِنْ عَرْفِ اَوْ رِيْحِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کی ہے آپ نے کبھی بھی مجھے اُف نہیں کہا اور نہ ہی میں نے جو کام کیا اس کے بارے میں یہ کہا کہ تم نے یہ کام کیوں کیا یا یہ کہا کہ تم نے اس طرح کیوں نہیں کیا۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اللہ کی قسم میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس سے زیادہ ملائم دیباج اور ریشم کو نہیں چھوا اور نہ ہی میں نے کبھی بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خوشبو سے زیادہ پاکیزہ کسی خوشبو کو سونگھا ہے (راوی بیان کرتے ہیں حدیث کے الفاظ میں پچھ

حدیث 60: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء　12181

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ　767

حدیث 63: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　2330

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　13405

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء　6310

اختلاف ہے)

**64-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ خُدْرَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ رَجُلٌ مِّنْ بَنِيْ حُرَيْشٍ قَالَ كُنْتُ مَعَ اَبِيْ حِيْنَ رَجَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فَلَمَّا اَخَذَتْهُ الْحِجَارَةُ اُرْعِبْتُ فَضَمَّنِيْ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَالَ عَلَيَّ مِنْ عَرَقِ اِبْطِهٖ مِثْلُ رِيْحِ الْمِسْكِ

☆☆ حبیب بیان کرتے ہیں' بنوحریش سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ جب نبی اکرم ﷺ نے حضرت ماعز بن مالک رضی اللہ عنہ کو سنگسار کروایا اس وقت میں بھی اپنے والد کے ہمراہ موجود تھا۔ جب انہیں پتھر لگنے لگے تو میں ڈر گیا نبی اکرم ﷺ نے مجھے اپنے ساتھ چمٹالیا آپ کی بغل کا کچھ پسینہ بہہ کر مجھے آ کر لگا اس کی خوشبو مشک جیسی تھی۔

**65-** حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْبَرَآءِ قَالَ سَاَلَهُ رَجُلٌ قَالَ اَرَاَيْتَ كَانَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ السَّيْفِ قَالَ لَا مِثْلَ الْقَمَرِ

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے ایک شخص نے ان سے دریافت کیا' کیا آپ یہ سمجھتے ہیں نبی اکرم ﷺ کا چہرہ مبارک تلوار کی طرح چمکتا تھا' انہوں نے جواب دیا: نہیں بلکہ وہ چاند کی طرح چمکدار تھا۔

**66-** اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

---

حدیث 64: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 5691
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2309
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2015
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 13397
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 2893
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 3367
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 706
"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء — 277
"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر 1408ھ/1988ء — 1361
"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — 6773
"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 17946
حدیث 66: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 3359
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3636
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 18501
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 6287
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 1926
"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان 1410ھ/1990ء — 2572

وَسَلَّمَ يُعْرَفُ بِاللَّيْلِ بِرِيحِ الطِّيبِ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کی خوشبو کی پاکیزگی کی وجہ سے رات کے وقت بھی آپ کو پہچان لیا جاتا تھا۔

**67-** اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ الْفَضْلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْهَاشِمِيُّ اَخْبَرَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَسْلُكْ طَرِيقًا اَوْ لَا يَسْلُكُ طَرِيقًا فَيَتْبَعُهُ اَحَدٌ اِلَّا عَرَفَ اَنَّهُ قَدْ سَلَكَهُ مِنْ طِيبِ عَرْفِهِ اَوْ قَالَ مِنْ رِيحِ عَرَقِهِ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جس بھی راستے سے گزرتے تھے تو آپ کے پیچھے جانے والا کوئی بھی شخص آپ کی خوشبو کی وجہ سے جان لیتا تھا کہ آپ وہاں سے گزرے تھے (روایت کے الفاظ میں کچھ اختلاف ہے)

## بَابُ مَا اَكْرَمَ اللّٰهُ بِهِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ كَلَامِ الْمَوْتٰى

## باب 11: مردوں کے کلام کرنے کے حوالے سے اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی کو جو عزت عطا کی

**68-** اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو اللَّيْثِيُّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْكُلُ الْهَدِيَّةَ وَلَا يَقْبَلُ الصَّدَقَةَ فَاَهْدَتْ لَهُ امْرَاَةٌ مِنْ يَهُودِ خَيْبَرَ شَاةً مَصْلِيَّةً فَتَنَاوَلَ مِنْهَا وَتَنَاوَلَ مِنْهَا بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ ثُمَّ رَفَعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّ هٰذِهِ تُخْبِرُنِي اَنَّهَا مَسْمُومَةٌ فَمَاتَ بِشْرُ بْنُ الْبَرَاءِ فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا حَمَلَكِ عَلٰى مَا صَنَعْتِ فَقَالَتْ اِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ شَيْءٌ وَاِنْ كُنْتَ مَلِكًا اَرَحْتُ النَّاسَ مِنْكَ فَقَالَ فِي مَرَضِهِ مَا زِلْتُ مِنَ الْاَكْلَةِ الَّتِي اَكَلْتُ بِخَيْبَرَ فَهٰذَا اَوَانُ انْقِطَاعِ اَبْهَرِي

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ تحفے کے طور پر پیش کی جانے والی چیز کھا لیتے تھے البتہ صدقہ قبول نہیں کرتے تھے' خیبر میں رہنے والے یہودیوں میں سے ایک عورت نے تحفے کے طور پر آپ کو ایک بکری بھیجی جو بھنی ہوئی تھی آپ نے اسے کھانا شروع کیا آپ کے ہمراہ بشر بن براء نے بھی کھانا شروع کیا پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنا دست اقدس کھینچ لیا اور ارشاد فرمایا اس گوشت نے مجھے بتایا ہے کہ اس میں زہر ملا ہوا ہے (راوی بیان کرتے ہیں) بشر تو فوت ہو گئے نبی اکرم ﷺ نے اس عورت کی طرف پیغام بھیجا کہ تم نے ایسا کیوں کیا ہے اس عورت نے جواب دیا: اگر تو آپ نبی ہوں گے تو آپ کو کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی اور اگر آپ بادشاہ ہوں گے تو میں لوگوں کو آپ سے نجات دلوا دوں گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اپنی مرگ وفات کے درمیان فرمایا تھا میں نے خیبر میں جو گوشت کھایا تھا اس کا اثر ابھی تک باقی ہے اور اس کی وجہ سے مجھے اپنی رگیں کٹتی ہوئی محسوس ہوتی ہیں۔

**69-** اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كَانَ جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ اَنَّ يَهُودِيَّةً مِنْ اَهْلِ خَيْبَرَ سَمَّتْ شَاةً مَصْلِيَّةً ثُمَّ اَهْدَتْهَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْهَا الذِّرَاعَ فَاَكَلَ مِنْهَا وَاَكَلَ الرَّهْطُ مِنْ اَصْحَابِهِ مَعَهُ ثُمَّ قَالَ لَهُمُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْفَعُوا

اَيْدِيْكُمْ وَاَرْسَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَهُوْدِيَّةِ فَدَعَاهَا فَقَالَ لَهَا اَسَمَمْتِ هٰذِهِ الشَّاةَ فَقَالَتْ نَعَمْ وَمَنْ اَخْبَرَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَتْنِيْ هٰذِهِ فِيْ يَدِيْ لِلزِّرَاعِ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ فَمَاذَا اَرَدْتِ اِلٰى ذٰلِكَ قَالَتْ قُلْتُ اِنْ كَانَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّهُ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ نَبِيًّا اسْتَرَحْنَا مِنْهُ فَعَفَا عَنْهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يُعَاقِبْهَا وَتُوُفِّيَ بَعْضُ اَصْحَابِهِ الَّذِيْنَ اَكَلُوْا مِنَ الشَّاةِ وَاحْتَجَمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى كَاهِلِهِ مِنْ اَجْلِ الَّذِيْ اَكَلَ مِنَ الشَّاةِ حَجَمَهُ اَبُوْ هِنْدٍ مَّوْلٰى بَنِيْ بَيَاضَةَ بِالْقَرْنِ وَالشَّفْرَةِ وَهُوَ مِنْ بَنِيْ ثُمَامَةَ وَهُمْ حَيٌّ مِّنَ الْاَنْصَارِ

☆☆ ابن شہاب زہری بیان کرتے ہیں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے حدیث سنائی ہے کہ خیبر سے تعلق رکھنے والی ایک یہودی عورت نے ایک بھنی ہوئی بکری میں زہر ملا کر اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پائے پکڑ کر اسے کھانا شروع کیا آپ کے ہمراہ آپ کے کچھ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے بھی کھانا شروع کیا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان حضرات سے کہا ہاتھ کھینچ لو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس یہودی عورت کو بلوایا اور اس سے ارشاد فرمایا کیا تم نے اس بکری میں زہر ملایا ہے اس نے جواب دیا۔ جی ہاں! آپ کو کس نے بتایا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرمایا مجھے میرے ہاتھ میں موجود اس نے بتایا ہے (راوی کہتے ہیں آپ نے پائے کے بارے میں یہ بات ارشاد فرمائی) اس عورت نے جواب دیا' جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اس حرکت کے ذریعے تمہارا مقصد کیا تھا اس عورت نے جواب دیا: میں نے یہ سوچا اگر وہ نبی ہوں گے تو انہیں کوئی نقصان نہیں ہوگا اور اگر وہ نبی نہیں ہوں گے تو ہمیں ان سے نجات مل جائے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس عورت کو معاف کر دیا اور اسے کوئی سزا نہیں دی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی جنہوں نے اس بکری کا گوشت کھایا تھا ان کا انتقال ہوگیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بکری کا جو گوشت کھایا تھا اس کی وجہ سے آپ نے اپنے دونوں کندھوں کے درمیان پچھنے لگوائے۔ بنو بیاضہ کے آزاد کردہ غلام ابو ہند نے آپ کو پچھنے لگائے اس نے سینگ اور چھری کے ذریعے پچھنے لگائے تھے۔ اس کا تعلق بنو ثمامہ سے تھا جو انصار کا ایک قبیلہ ہے۔

**70**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ لَمَّا فَتَحْنَا خَيْبَرَ اُهْدِيَتْ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاةٌ فِيْهَا سُمٌّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اجْمَعُوْا لِيْ مَنْ كَانَ هَا هُنَا مِنَ الْيَهُوْدِ فَجُمِعُوْا لَهُ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّيْ سَائِلُكُمْ عَنْ شَيْءٍ فَهَلْ اَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْهُ قَالُوْا نَعَمْ يَا اَبَا الْقَاسِمِ فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَبُوْكُمْ قَالُوْا اَبُوْنَا فُلَانٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَذَبْتُمْ بَلْ اَبُوْكُمْ فُلَانٌ قَالُوْا صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ فَقَالَ لَهُمْ هَلْ اَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْ شَيْءٍ اِنْ سَاَلْتُكُمْ عَنْهُ فَقَالُوْا نَعَمْ وَاِنْ كَذَبْنَاكَ عَرَفْتَ كَذِبَنَا كَمَا عَرَفْتَ فِيْ اَبِيْنَا فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنْ اَهْلُ النَّارِ فَقَالُوْا نَكُوْنُ فِيْهَا يَسِيْرًا ثُمَّ تَخْلُفُكُمْ فِيْهَا قَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث **69**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4509**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **4967**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **15784**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **1202**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409ھ/1989ء** **243**

وَسَلَّمَ اخْسَؤُا فِيهَا وَاللَّهِ لَا نَخْلُفُكُمْ فِيهَا اَبَدًا ثُمَّ قَالَ لَهُمْ هَلْ اَنْتُمْ صَادِقِيَّ عَنْ شَيْءٍ اِنْ سَالْتُكُمْ عَنْهُ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ هَلْ جَعَلْتُمْ فِي هٰذِهِ الشَّاةِ سُمًّا قَالُوْا نَعَمْ قَالَ مَا حَمَلَكُمْ عَلٰى ذٰلِكَ قَالُوْا اَرَدْنَا اِنْ كُنْتَ كَاذِبًا اَنْ نَسْتَرِيحَ مِنْكَ وَاِنْ كُنْتَ نَبِيًّا لَمْ يَضُرَّكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب خیبر فتح ہوگیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک بکری ( کا گوشت ) پیش کیا گیا جس میں زہر ملا ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہاں جتنے بھی یہودی ہیں انہیں میرے پاس لاؤ ان سب کو اکٹھا کر کے لایا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے دریافت کیا۔ میں تم سے ایک سوال کرنے لگا ہوں کیا تم اس کا سچا جواب دو گے۔ انہوں نے جواب دیا' جی ہاں! اے ابوالقاسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تمہارا باپ کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا: ہمارا باپ فلاں ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے غلط کہا ہے بلکہ تمہارا باپ فلاں شخص ہے۔ ان لوگوں نے کہا آپ نے سچ کہا اور درست کہا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا اگر میں تم سے کوئی سوال کروں تو تم اس کا صحیح جواب دو گے۔ انہوں نے جواب دیا جی ہاں اگر ہم آپ کے ساتھ جھوٹ بولیں گے تو آپ ہمارے جھوٹ کو جان لیں گے۔ جیسے ہمارے باپ کے بارے میں آپ نے جان لیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا' اہل جہنم کون ہیں' ان لوگوں نے جواب دیا: ہم تو اس میں تھوڑی دیر تک رہیں گے ہمارے بعد آپ لوگ اس میں رہیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا تم یہاں سے دور ہو جاؤ اللہ کی قسم! ہم کبھی بھی تمہارے بعد اس میں نہیں جائیں گے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا اگر تم سے کوئی سوال کروں تو تم اس کا صحیح جواب دو گے' انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا تم نے اس بکری میں زہر ملایا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم نے ایسا کیوں کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: ہمارا یہ ارادہ تھا اگر آپ جھوٹے ہوں گے تو ہمیں آپ سے نجات مل جائے گی اگر آپ نبی ہوں گے تو آپ کو کوئی نقصان نہیں ہوگا۔

| | |
|---|---|
| حدیث 70: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 4510 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء | 15787 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء | 1204 |

# بَابٌ فِي سَخَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 12: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سخاوت کا بیان

**71- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ مَا سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا قَطُّ فَقَالَ لَا قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اِذَا لَمْ يَكُنْ عِنْدَهُ وَعَدَ**

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جب بھی کوئی چیز مانگی گئی آپ نے کبھی نہیں کی۔

| | |
|---|---|
| حدیث 71: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء | 2998 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 2785 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء | 11355 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء | 15786 |

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' ابن عیینہ نے فرمایا: اگر آپ کے پاس کوئی چیز نہیں ہوتی تھی تو آپ وعدہ کر لیتے تھے۔

**72**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَيِيًّا لَّا يُسْاَلُ شَيْئًا اِلَّا اَعْطَاهُ

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حیاء والے تھے آپ سے جو چیز مانگی جاتی تھی آپ عطا کر دیتے تھے۔

**73**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنَ الْعَرَبِ قَالَ زَحَمْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ حُنَيْنٍ وَّفِىْ رِجْلِىْ نَعْلٌ كَثِيفَةٌ فَوَطِئْتُ بِهَا عَلٰى رِجْلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَفَحَنِىْ نَفْحَةً بِسَوْطٍ فِىْ يَدِهٖ وَقَالَ بِسْمِ اللّٰهِ اَوْجَعْتَنِىْ قَالَ فَبِتُّ لِنَفْسِىْ لَائِمًا اَقُوْلُ اَوْجَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَبِتُّ بِلَيْلَةٍ كَمَا يَعْلَمُ اللّٰهُ فَلَمَّا اَصْبَحْنَا اِذَا رَجُلٌ يَقُوْلُ اَيْنَ فُلَانٌ قَالَ قُلْتُ هٰذَا وَاللّٰهِ الَّذِىْ كَانَ مِنِّىْ بِالْاَمْسِ قَالَ فَانْطَلَقْتُ وَاَنَا مُتَخَوِّفٌ فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ وَطِئْتَ بِنَعْلِكَ عَلٰى رِجْلِىْ بِالْاَمْسِ فَاَوْجَعْتَنِىْ فَنَفَحْتُكَ نَفْحَةً بِالسَّوْطِ فَهٰذِهٖ ثَمَانُوْنَ نَعْجَةً فَخُذْهَا بِهَا

☆☆ عبداللہ بن ابوبکر بیان کرتے ہیں' ایک عربی شخص نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ غزوہ حنین کے موقع پر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ٹکرا گیا میرے پاؤں میں بھارے تلے والی جوتی تھی میں نے اس جوتی کے ذریعے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاؤں کو کچل دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ میں موجود سوٹی مجھے ماری اور فرمایا اللہ کا نام لو تم نے مجھے تکلیف پہنچائی ہے وہ صاحب بیان کرتے ہیں اس رات میں اپنے آپ کو ملامت کرتا رہا اور یہی سوچتا رہا کہ میں نے اللہ کے رسول کو تکلیف پہنچائی ہے۔ وہ صاحب بیان کرتے ہیں' وہ رات جیسے میں نے گزاری ہے اللہ بہتر جانتا ہے اگلے دن صبح ہوئی تو ایک شخص یہ کہہ رہا تھا کہ فلاں صاحب کہاں ہے؟ میں نے سوچا: یہ

| | |
|---|---|
| حدیث 72 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء | 5687 |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 2311 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 14333 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء | 6376 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء | 2001 |
| ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ | 1339 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء | 5974 |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفہ' بیروت' لبنان | 1720 |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 1228 |
| ''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء | 279 |
| ''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنہ' قاہرہ' مصر 1408ھ/1988ء | 1087 |

میرے کل والے معاملے کے بارے میں پوچھا جا رہا ہے۔ میں چل دیا میں خوفزدہ بھی تھا نبی اکرم ﷺ نے مجھے ارشاد فرمایا کل تم نے اپنے جوتے کے ذریعے میرے پاؤں کو دبا دیا تھا۔ جس سے مجھے تکلیف ہوئی تھی میں نے تمہیں ایک سوٹی ماری تھی یہ اسی اونٹ ہیں تم انہیں اس مار کے عوض میں وصول کرو۔

**74**- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ اَخِي الزُّهْرِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اِنَّ جِبْرِيلَ قَالَ مَا فِي الْاَرْضِ اَهْلُ عَشَرَةِ اَبْيَاتٍ اِلَّا قَلَّبْتُهُمْ فَمَا وَجَدْتُ اَحَدًا اَشَدَّ اِنْفَاقًا لِهٰذَا الْمَالِ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں' جبرائیل نے یہ بات بیان کی روئے زمین میں دس گھروں پر مشتمل جو بھی بستی ہے میں نے اس کا جائزہ لیا ہے۔ میں نے ان میں سے کسی ایک شخص کو بھی نبی اکرم ﷺ سے زیادہ مال خرچ کرنے والا نہیں پایا۔

## بَابٌ فِيْ تَوَاضُعِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 13: نبی اکرم ﷺ کی تواضع کا بیان

**75**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُقَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اَوْفَى قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ وَيُقِلُّ اللَّغْوَ وَيُطِيلُ الصَّلٰوةَ وَيُقْصِرُ الْخُطْبَةَ وَلَا يَاْنَفُ وَلَا يَسْتَنْكِفُ اَنْ يَمْشِيَ مَعَ الْاَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ فَيَقْضِيَ لَهُمَا حَاجَتَهُمَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابواوفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ بکثرت ذکر کیا کرتے تھے اور دنیاوی باتیں نہیں کرتے تھے' آپ نماز طویل پڑھتے تھے اور خطبہ مختصر دیتے تھے اور آپ اس بات میں کوئی الجھن محسوس نہیں کرتے تھے کہ آپ کسی بیوہ عورت کے یا غریب آدمی کے ساتھ چل کر جائیں اور ان کی کوئی ضرورت پوری کر دیں۔

## بَابٌ فِيْ وَفَاةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 14: نبی اکرم ﷺ کی وفات کا بیان

**76**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ قَالَ الْعَبَّاسُ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالٰى عَنْهُم لَاَعْلَمَنَّ مَا بَقَاءُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِينَا فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي رَاَيْتُهُمْ قَدْ اٰذَوْكَ وَاٰذَاكَ غُبَارُهُمْ فَلَوِ اتَّخَذْتَ عَرِيشًا تُكَلِّمُهُمْ مِنْهُ فَقَالَ لَا اَزَالُ بَيْنَ اَظْهُرِهِمْ يَطَئُونَ عَقِبِي وَيُنَازِعُونِي رِدَائِي حَتّٰى يَكُونَ اللّٰهُ هُوَ الَّذِي يُرِيحُنِي مِنْهُمْ قَالَ فَعَلِمْتُ اَنَّ بَقَاءَهُ فِينَا قَلِيلٌ

☆☆ حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں اچھی طرح جانتا تھا کہ نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان کتنا عرصہ رہیں گے۔ انہوں نے عرض کی اے اللہ کے رسول! میں نے اس بات کا جائزہ لیا ہے کہ لوگ آپ کو تکلیف پہنچاتے ہیں ان کا غبار آپ کو اذیت پہنچاتا ہے اگر آپ کوئی تخت بنالیں تو بیٹھ کر ان کے ساتھ بات چیت کیا کریں؟ (یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: میں تو

حدیث 74: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 22563

اسی طرح رہوں گا یہ لوگ میرے پیچھے آتے رہیں میری چادر کھینچتے رہیں۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان سے نجات عطا کر دے۔
حضرت عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے اس سے جان لیا کہ نبی اکرم ﷺ اب ہمارے درمیان کچھ عرصہ رہیں گے۔

**77**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ قِيلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَحْجُبُكَ فَقَالَ لَا دَعُوْهُمْ يَطَؤُنَ عَقِبِيْ وَاَطَأُ اَعْقَابَهُمْ حَتّٰى يُرِيْحَنِي اللّٰهُ مِنْهُمْ

☆☆ داؤد بن علی بیان کرتے ہیں' عرض کی گئی یا رسول اللہ ﷺ کیا ہم آپ کے لئے دربان مقرر نہ کر دیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا نہیں لوگوں کو ایسے ہی رہنے دو وہ میرے پیچھے آتے رہیں اور میں ان کے پیچھے رہوں۔ یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ مجھے ان سے سکون عطا کر دے۔

**78**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ اُنَيْسِ بْنِ اَبِيْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَرَضِهِ الَّذِيْ مَاتَ فِيْهِ وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ عَاصِبًا رَاْسَهُ بِخِرْقَةٍ حَتّٰى اَهْوٰى نَحْوَ الْمِنْبَرِ فَاسْتَوٰى عَلَيْهِ وَاتَّبَعْنَاهُ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ اِنِّيْ لَاَنْظُرُ اِلَى الْحَوْضِ مِنْ مَقَامِيْ هٰذَا ثُمَّ قَالَ اِنَّ عَبْدًا عُرِضَتْ عَلَيْهِ الدُّنْيَا وَزِيْنَتُهَا فَاخْتَارَ الْاٰخِرَةَ قَالَ فَلَمْ يَفْطِنْ لَهَا اَحَدٌ غَيْرُ اَبِيْ بَكْرٍ فَذَرَفَتْ عَيْنَاهُ فَبَكٰى ثُمَّ قَالَ بَلْ نَفْدِيْكَ بِآبَائِنَا وَاُمَّهَاتِنَا وَاَنْفُسِنَا وَاَمْوَالِنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ ثُمَّ هَبَطَ فَمَا قَامَ عَلَيْهِ حَتَّى السَّاعَةِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے یہ آپ کے اس مرض کا واقعہ ہے جس میں آپ کا انتقال ہوا۔ ہم لوگ اس وقت مسجد میں تھے نبی اکرم ﷺ نے اپنے سر پر ایک پٹی باندھی ہوئی تھی۔ آپ نے منبر کی طرف رُخ کیا اور اس پر تشریف فرما ہوئے۔ ہم آپ کے پیچھے آئے آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ میں یہاں سے حوض کی طرف دیکھ رہا ہوں پھر آپ نے ارشاد فرمایا ایک بندے کے سامنے دنیا اور اس کی آرائش و زیبائش پیش کی گئی تو اس بندے نے آخرت کو اختیار کیا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اس بات کو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے علاوہ اور کسی نے نہیں سمجھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رونے لگے ان کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے پھر وہ بولے یا رسول اللہ ﷺ ہم فدیے کے طور پر اپنے باپ' مائیں' اپنی جانیں' اپنے اموال پیش کرتے ہیں۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ منبر سے اُترے اور اس کے بعد پھر کبھی آپ منبر پر تشریف فرما نہ ہوئے۔

---

حدیث 76: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء　108
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء　6423
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء　4225
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء　1716
''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/عمان 1405ھ 1985ء　405
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ　8197
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء　8103

**79**- اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا بَكْرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَلِيِّ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدٍ مَوْلَى الْحَكَمِ بْنِ اَبِى الْعَاصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِى مُوَيْهِبَةَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ لِى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّى قَدْ اُمِرْتُ اَنْ اَسْتَغْفِرَ لِاَهْلِ الْبَقِيعِ فَانْطَلِقْ مَعِى فَانْطَلَقْتُ مَعَهُ فِى جَوْفِ اللَّيْلِ فَلَمَّا وَقَفَ عَلَيْهِمْ قَالَ السَّلَامُ عَلَيْكُمْ يَا اَهْلَ الْمَقَابِرِ لِيُهْنِكُمْ مَا اَصْبَحْتُمْ فِيهِ مِمَّا اَصْبَحَ فِيهِ النَّاسُ اَقْبَلَتِ الْفِتَنُ كَقِطَعِ اللَّيْلِ الْمُظْلِمِ يَتْبَعُ اٰخِرُهَا اَوَّلَهَا الْاٰخِرَةُ اَشَدُّ مِنَ الْاُوْلٰى ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَىَّ فَقَالَ يَا اَبَا مُوَيْهِبَةَ اِنِّى قَدْ اُوْتِيتُ بِمَفَاتِيحِ خَزَائِنِ الدُّنْيَا وَالْخُلْدِ فِيهَا ثُمَّ الْجَنَّةَ فَخُيِّرْتُ بَيْنَ ذٰلِكَ وَبَيْنَ لِقَاءِ رَبِّى قُلْتُ بِاَبِى اَنْتَ وَاُمِّى خُذْ مَفَاتِيحَ خَزَائِنِ الدُّنْيَا وَالْخُلْدَ فِيهَا ثُمَّ الْجَنَّةَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا اَبَا مُوَيْهِبَةَ لَقَدِ اخْتَرْتُ لِقَاءَ رَبِّى ثُمَّ اسْتَغْفَرَ لِاَهْلِ الْبَقِيعِ ثُمَّ انْصَرَفَ فَبُدِئَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى وَجَعِهِ الَّذِى مَاتَ فِيهِ

☆☆ ابومویہبہ جو نبی اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام ہیں بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مجھ سے ارشاد فرمایا مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں اہل بقیع کے لئے دعائے مغفرت کروں تم میرے ساتھ چلو ابومویہبہ بیان کرتے ہیں' میں نصف رات کے وقت آپ کے ساتھ چل دیا جب نبی اکرم ﷺ وہاں پہنچے تو آپ نے یہ دعا پڑھی۔

اے قبرستان والو تم پر سلامتی نازل ہو۔ لوگ جس حالت میں ہیں اس کی بجائے تم جس حالت میں ہو اس پر تمہیں مبارک باد ہو۔ تاریک رات کے ٹکڑوں جیسے فتنے آ رہے ہیں۔ جن میں سے ایک کے پیچھے دوسرا ہوگا اور بعد والا پہلے والے سے زیادہ خطرناک ہو گا (راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ میری طرف متوجہ ہوئے اور فرمایا: اے ابومویہبہ! مجھے زمین کے تمام خزانوں کی چابیاں اور وہاں ہمیشہ رہنا دیا گیا اور پھر جنت کی پیش کش کی گئی مجھے اس کے درمیان اور اپنے پروردگار سے ملاقات کے درمیان اختیار دیا گیا (راوی کہتے ہیں) میں نے عرض کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں۔ آپ دنیا کے خزانوں کی چابیاں' اس میں ہمیشہ رہنا' جنت کو حاصل کرلیں۔ آپ نے ارشاد فرمایا نہیں۔ اللہ کی قسم! اے ابومویہبہ میں نے پروردگار سے ملاقات کو اختیار کیا ہے (راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے اہل بقیع کے لئے دعائے مغفرت کی اور پھر آپ تشریف لے آئے اسی دوران نبی اکرم ﷺ کی اس بیماری کا آغاز ہوا جس میں آپ کا انتقال ہوا تھا۔

**80**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنْ هِلَالِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ اِذَا جَاءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاطِمَةَ فَقَالَ قَدْ نُعِيَتْ اِلَىَّ نَفْسِى فَبَكَتْ فَقَالَ لَا تَبْكِى فَاِنَّكِ اَوَّلُ اَهْلِى لِحَاقًا بِى فَضَحِكَتْ فَرَآهَا بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْنَ يَا فَاطِمَةُ رَاَيْنَاكِ بَكَيْتِ ثُمَّ ضَحِكْتِ قَالَتْ اِنَّهُ اَخْبَرَنِى اَنَّهُ قَدْ نُعِيَتْ اِلَيْهِ نَفْسُهُ فَبَكَيْتُ فَقَالَ لِى لَا تَبْكِى فَاِنَّكِ اَوَّلُ اَهْلِى

حدیث **79**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11881**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **6593**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **1155**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **31665**

لَاحِقٌ بِیْ فَضَحِکْتُ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَجَآءَ اَهْلُ الْیَمَنِ فَقَالَ رَجُلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا اَهْلُ الْیَمَنِ فَقَالَ هُمْ اَرَقُّ اَفْئِدَةً وَّالْاِیْمَانُ یَمَانٍ وَّالْحِکْمَةُ یَمَانِیَةٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''جب اللہ کی مدد اور فتح آ گئی''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو بلوایا اور ارشاد فرمایا (اس آیت کے نزول میں) مجھے میری وفات کے بارے میں اطلاع دی گئی ہے۔ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا رونے لگی آپ نے ارشاد فرمایا نہ رو! کیونکہ میرے گھر والوں میں سب سے پہلے تم مجھ سے آ کر ملو گی تو وہ ہنسنے لگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زوجہ محترمہ نے انہیں دیکھا اور ازواج مطہرات نے کہا' اے فاطمہ ہم نے دیکھا کہ پہلے آپ رونے لگی اور پھر ہنسنے لگی؟ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ بات بتائی کہ ان کی وفات کی اطلاع آ گئی ہے اس بات پر میں رو پڑی آپ نے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ نہ رو! میرے گھر والوں میں سب سے پہلے تم مجھ سے ملو گی تو میں ہنس پڑی۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ کی فتح اور مدد آ گئی ہے اور اہل یمن بھی آ گئے ہیں ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ اہل یمن سے مراد کیا ہے آپ نے ارشاد فرمایا: وہ لوگ نرم دل کے مالک ہیں اور ایمان یمن ہی ہے اور حکمت یمن ہی ہے۔

**81**- اَخْبَرَنَا الْحَکَمُ بْنُ الْمُبَارَکِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ عَنْ یَعْقُوْبَ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ رَجَعَ اِلَیَّ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ یَوْمٍ مِّنْ جَنَازَةٍ مِنَ الْبَقِیْعِ فَوَجَدَنِیْ وَاَنَا اَجِدُ صُدَاعًا وَّاَنَا اَقُوْلُ وَا رَاْسَاهُ قَالَ بَلْ اَنَا یَا عَائِشَةُ وَا رَاْسَاهُ قَالَ وَمَا ضَرَّکِ لَوْ مُتِّ قَبْلِیْ فَغَسَّلْتُکِ وَکَفَّنْتُکِ وَصَلَّیْتُ عَلَیْکِ وَدَفَنْتُکِ فَقُلْتُ لَکَاَنِّیْ بِکَ وَاللّٰهِ لَوْ فَعَلْتَ ذٰلِکَ لَرَجَعْتَ اِلٰی بَیْتِیْ فَعَرَّسْتَ فِیْهِ بِبَعْضِ نِسَآئِکَ قَالَتْ فَتَبَسَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ بُدِئَ فِیْ وَجَعِهِ الَّذِیْ مَاتَ فِیْهِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جنت البقیع میں جنازے میں شرکت کرنے کے بعد میرے ہاں تشریف لائے تو مجھے اس حالت میں پایا کہ مجھے درد تھا اور میں یہ کہہ رہی تھی ہائے میرا سر آپ نے ارشاد فرمایا نہیں' بلکہ عائشہ مجھے یہ کہنا چاہیے کہ ہائے میرا سر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہیں کیا نقصان ہے اگر تم مجھ سے پہلے فوت ہو جاؤ تو میں تمہیں غسل دوں گا تمہیں کفن دوں گا' تمہاری نماز جنازہ پڑھوں گا۔ تمہیں دفن کروں گا (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) میں نے عرض کی ایسا ہی ہو گا اللہ کی قسم! اگر میں مرجاتی ہوں تو آپ واپس میرے اس گھر میں آئیں گے اور یہاں اپنی کسی دوسری اہلیہ محترمہ کے ساتھ رہیں گے سیدہ

حدیث **80** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16039**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **4383**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **1871**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایۃ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/**1991**ء **467**

حدیث **81** ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **883**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **11907**

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے اس کے بعد آپ کو اس تکلیف کا آغاز ہوا جس میں آپ کا وصال ہوا تھا۔

**82-** اَخْبَرَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِی الْمَغْرَاءِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُخْتَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فِیْ مَرَضِهٖ صُبُّوا عَلَیَّ سَبْعَ قِرَبٍ مِّنْ سَبْعِ اٰبَارٍ شَتّٰی حَتّٰی اَخْرُجَ اِلَی النَّاسِ فَاَعْهَدَ اِلَیْهِمْ قَالَتْ فَاَقْعَدْنَاهُ فِیْ مِخْضَبٍ لِّحَفْصَةَ فَصَبَبْنَا عَلَیْهِ الْمَاءَ صَبًّا اَوْ شَنَنَّا عَلَیْهِ شَنًّا اَلشَّكُّ مِنْ قِبَلِ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ فَوَجَدَ رَاحَةً فَخَرَجَ فَصَعِدَ الْمِنْبَرَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ وَاسْتَغْفَرَ لِلشُّهَدَآءِ مِنْ اَصْحَابِ اُحُدٍ وَّدَعَا لَهُمْ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ الْاَنْصَارَ عَیْبَتِی الَّتِیْ اَوَیْتُ اِلَیْهَا فَاَكْرِمُوْا كَرِیْمَهُمْ وَتَجَاوَزُوْا عَنْ مُّسِیْئِهِمْ اِلَّا فِیْ حَدٍّ اَلَا اِنَّ عَبْدًا مِّنْ عِبَادِ اللّٰهِ قَدْ خُیِّرَ بَیْنَ الدُّنْیَا وَبَیْنَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ فَاخْتَارَ مَا عِنْدَ اللّٰهِ فَبَكٰی اَبُوْ بَكْرٍ وَّظَنَّ اَنَّهٗ یَعْنِیْ نَفْسَهٗ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ عَلٰی رِسْلِكَ یَا اَبَا بَكْرٍ سُدُّوْا هٰذِهِ الْاَبْوَابَ الشَّوَارِعَ اِلَی الْمَسْجِدِ اِلَّا بَابَ اَبِیْ بَكْرٍ فَاِنِّیْ لَا اَعْلَمُ امْرَاً اَفْضَلَ عِنْدِیْ یَدًا فِی الصُّحْبَةِ مِنْ اَبِیْ بَكْرٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیماری کے دوران یہ بات ارشاد فرمائی میرے اوپر سات مشکیزوں کے ذریعے سات مختلف کنوؤں کا پانی بہاؤ تاکہ میں لوگوں کے پاس جا کر ان سے عہد لے سکوں۔ راوی بیان کرتے ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایک بڑے ٹب میں' جو سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کا تھا اس میں بٹھایا اور آپ پر پانی بہایا۔ (یہاں حدیث کے ان الفاظ میں محمد بن اسحٰق نامی راوی کو شک ہے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سے افاقہ محسوس ہوا آپ باہر تشریف فرما ہوئے منبر پر تشریف لائے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی پھر آپ نے شہدائے احد کے لئے دعائے مغفرت کی اور ان کے لئے دعا کی پھر ارشاد فرمایا:

اما بعد! انصار میرے قریبی ساتھی ہیں جن کی طرف میں نے پناہ حاصل کی تم ان میں سے معزز لوگوں کا احترام کرو اگر کوئی غلطی کرے تو اس سے درگزر کرو۔ البتہ حد کا معاملہ مختلف ہے یہ بات یاد رکھو کہ اللہ تعالیٰ کے بندوں میں سے ایک بندے کو دنیا اور اللہ تعالیٰ کے ہاں موجود نعمتوں کے درمیان اختیار دیا گیا تو بندے نے اللہ کے پاس موجود نعمتوں کو اختیار کیا (راوی بیان کرتے ہیں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ رو پڑے اور وہ یہ سمجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے بارے میں یہ بات کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ابوبکر اطمینان رکھو (پھر آپ نے حکم دیا) مسجد کی طرف آنے والے تمام دروازوں کو بند کر دیا جائے صرف ابوبکر کا دروازہ کھلا رہنے دیا جائے کیونکہ میرے نزدیک ساتھ کے اعتبار سے ابوبکر سے افضل کوئی اور نہیں۔

**83-** اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا فُلَیْحُ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اُوْذِنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّلٰوةِ فِیْ مَرَضِهٖ فَقَالَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ یُّصَلِّیْ بِالنَّاسِ ثُمَّ اُغْمِیَ عَلَیْهِ فَلَمَّا سُرِّیَ عَنْهُ قَالَ هَلْ اَمَرْتُنَّ اَبَا بَكْرٍ یُّصَلِّیْ بِالنَّاسِ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَا بَكْرٍ رَجُلٌ رَقِیْقٌ فَلَوْ

| | |
|---|---|
| حدیث 82: ''مسند احمد'' امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 25950 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء | 6856 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء | 7079 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء | 6451 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء | 4579 |

اَمَرْتَ عُمَرَ فَقَالَ اَنْتُنَّ صَوَاحِبُ يُوْسُفَ مُرُوْا اَبَا بَكْرٍ يُصَلِّي بِالنَّاسِ فَرُبَّ قَائِلٍ مُتَمَنٍّ وَّيَاْبَى اللّٰهُ وَالْمُؤْمِنُوْنَ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی بیماری کے دوران آپ کونماز کے لئے بلوایا گیا تو آپ نے ارشادفرمایا: ابوبکر سے کہوکہ وہ لوگوں کونماز پڑھادے۔ پھر آپ پر مدہوشی طاری ہوگئی جب افاقہ ہوا تو آپ نے پھرارشادفرمایا' کیا تم نے ابوبکر سے کہہ دیا ہے کہ وہ لوگوں کونماز پڑھادے (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی) ابوبکر نرم دل کے آدمی ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو ہدایت کریں (تو یہ مناسب ہوگا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا تم بھی یوسف کے زمانے کےعورتوں کی طرح ہو۔ ابوبکر سے کہو کہ وہ لوگوں کو نماز پڑھادے۔ بہت سے لوگ یہ تمنارکھتے ہوں گے۔ لیکن اللہ تعالیٰ اور اہل ایمان ابوبکر سے ہی راضی ہیں۔

**84**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ فَحُبِسَ بَقِيَّةَ يَوْمِهِ وَلَيْلَتَهُ وَالْغَدَ حَتّٰى دُفِنَ لَيْلَةَ الْاَرْبِعَاءِ وَقَالُوْا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَمُتْ وَلٰكِنْ عُرِجَ بِرُوْحِهِ كَمَا عُرِجَ بِرُوْحِ مُوْسٰى فَقَامَ عُمَرُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَمُتْ وَلٰكِنْ عُرِجَ بِرُوْحِهِ كَمَا عُرِجَ بِرُوْحِ مُوْسٰى وَاللّٰهِ لَا يَمُوْتُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى يَقْطَعَ اَيْدِيَ اَقْوَامٍ وَّاَلْسِنَتَهُمْ فَلَمْ يَزَلْ عُمَرُ يَتَكَلَّمُ حَتّٰى اَزْبَدَ شِدْقَاهُ مِمَّا يُوْعِدُ وَيَقُوْلُ فَقَامَ الْعَبَّاسُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ مَاتَ وَاِنَّهُ لَبَشَرٌ وَّاِنَّهُ يَاْسَنُ كَمَا يَاْسَنُ الْبَشَرُ اَيْ قَوْمِ فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ فَاِنَّهُ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ اَنْ يُّمِيْتَهُ اِمَاتَتَيْنِ اَيُمِيْتُ اَحَدَكُمْ اِمَاتَةً وَّيُمِيْتُهُ اِمَاتَتَيْنِ وَهُوَ اَكْرَمُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ ذٰلِكَ اَيْ قَوْمِ فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ فَاِنْ يَّكُ كَمَا تَقُوْلُوْنَ فَلَيْسَ بِعَزِيْزٍ عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّبْحَثَ عَنْهُ التُّرَابَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاللّٰهِ مَا مَاتَ حَتّٰى تَرَكَ السَّبِيْلَ نَهْجًا وَّاضِحًا فَاَحَلَّ الْحَلَالَ وَحَرَّمَ الْحَرَامَ وَنَكَحَ وَطَلَّقَ وَحَارَبَ وَسَالَمَ مَا كَانَ رَاعِي غَنَمٍ يَّتْبَعُ بِهَا صَاحِبُهَا رُءُوْسَ الْجِبَالِ يَخْبِطُ عَلَيْهَا الْعِضَاهَ بِمِخْبَطِهِ وَيَمْدُرُ حَوْضَهَا بِيَدِهِ بِاَنْصَبَ وَلَا اَدْاَبَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِيْكُمْ اَيْ قَوْمِ فَادْفِنُوْا صَاحِبَكُمْ قَالَ وَجَعَلَتْ اُمُّ اَيْمَنَ تَبْكِي فَقِيْلَ لَهَا يَا اُمَّ اَيْمَنَ تَبْكِي عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اِنِّيْ وَاللّٰهِ مَا اَبْكِي عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

| | |
|---|---|
| حدیث **83**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **25220** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء | **6596** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء | **123** |
| "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء | **510** |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء | **7082** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء | **120** |
| "مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء | **645** |
| "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ | **6714** |
| "مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ | **179** |
| "مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1405**ھ/**1984**ء | **3130** |

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَّا اَكُوْنَ اَعْلَمُ اَنَّهُ قَدْ ذَهَبَ اِلٰى مَا هُوَ خَيْرٌ لَّهُ مِنَ الدُّنْيَا وَلٰكِنِّيْ اَبْكِيْ عَلٰى خَبَرِ السَّمَآءِ انْقَطَعَ قَالَ حَمَّادٌ خَنَقَتِ الْعَبْرَةُ اَيُّوْبَ حِيْنَ بَلَغَ هَا هُنَا

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کا وصال پیر کے دن ہوا آپ کو اس دن کے بقیہ حصے میں رات تک اور اگلے دن تک رکھا گیا یہاں تک کہ بدھ کی شام کو آپ کو دفن کیا گیا۔ بعض لوگوں نے یہ بات کہی کہ نبی اکرم ﷺ کا انتقال نہیں ہوا۔ بلکہ ان کی روح کو اوپر لے جایا گیا جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح کو اوپر لے جایا گیا تھا حضرت عمر رضی اللہ عنہ اُٹھ کھڑے ہوئے اور بولے بے شک اللہ کے رسول کا انتقال نہیں ہوا۔ بلکہ ان کی روح کو اسی طرح سے اوپر لے جایا گیا جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی روح کو اوپر لے جایا گیا تھا۔ اللہ کی قسم! اللہ کے رسول انتقال نہیں کریں گے۔ جب تک کفار کی اقوام کے ہاتھ اور زبانیں کاٹ نہ دیئے جائیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ یہی بات کہتے رہے یہاں تک کہ ان کے دھمکانے اور بولنے کی وجہ سے ان کے منہ سے جھاگ نکلنے لگی اس وقت حضرت عباس رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور بولے بے شک اللہ کے رسول انتقال کر چکے ہیں وہ ایک انسان تھے اور اسی طرح بوڑھے ہوئے جیسے انسان بوڑھے ہو جاتے ہیں۔ اے لوگو! اپنے آقا کو دفن کر دو کیونکہ وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس بات سے زیادہ برگزیدہ ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں دو مرتبہ موت میں مبتلا کرے کیا اللہ تعالیٰ تم میں سے کسی کو ایک موت میں مبتلا کرے گا اور انہیں دو مرتبہ موت میں مبتلا کرے گا۔ جب کہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک وہ زیادہ برگزیدہ بندے ہیں۔ اے لوگو! اپنے آقا کو دفن کر دو۔ اگر وہ ویسے ہیں جیسے تم کہہ رہے ہو تو اللہ تعالیٰ کے لئے یہ بات مشکل نہیں ہے کہ ان سے مٹی کو ہٹا دے بیشک اللہ کے رسول نے' اللہ کی قسم اس وقت تک انتقال نہیں کیا۔ جب تک انہوں نے راستے کو

---

حدیث 84: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 646

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 420

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3672

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 833

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1232

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 412

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1785

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 2118

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 1541

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 907

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 3171

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 3567

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 6367

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء — 581

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء — 1299

واضح نہیں کر دیا آپ نے حلال کو بھی واضح کر دیا۔ حرام کو حرام قرار دیا آپ نے نکاح بھی کیا طلاق بھی دی جنگ بھی کی اور امن کی حالت میں بھی رہے۔ بکریوں کا کوئی بھی چرواہا جس کے پیچھے بکریاں جاتی ہیں اور جو پہاڑوں کے سروں پر جاتا ہے اور درختوں سے اپنی لاٹھی کے ذریعے پتے جھاڑتا ہے اور ان بکریوں کے لئے اپنے ہاتھ سے حوض درست کرتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ سے زیادہ محنتی اور کوشش کرنے والا نہیں تھا جیسے نبی اکرم ﷺ ہمارے درمیان رہے۔ اے لوگو! اپنے آقا کو دفن کر دو۔

راوی بیان کرتے ہیں' سیدہ اُم ایمن رضی اللہ عنہا رونے لگی ان سے کہا گیا اے اُم ایمن! کیا آپ نبی اکرم ﷺ کی وجہ سے رو رہی ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم میں نبی اکرم ﷺ کی وجہ سے نہیں رو رہی کیونکہ مجھے اس بات کا پتہ ہے کہ آپ ایسی جگہ تشریف لے گئے ہیں جو آپ کے لئے دنیا سے بہتر ہے۔ مجھے اس بات پر رونا آ رہا ہے کہ اب آسمان سے وحی کے نزول کا سلسلہ ختم ہو گیا۔

حماد بیان کرتے ہیں' جب ایوب نامی راوی نے یہ بات بیان کی تو ان کی آواز یوں پھنس گئی جیسے ان کا گلا گھونٹ دیا گیا ہو۔

**85**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَعِيدٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي يَعِيشُ بْنُ الْوَلِيدِ حَدَّثَنِي مَكْحُولٌ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَذْكُرْ مُصِيبَتَهُ بِي فَاِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ الْمَصَائِبِ

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' جب تم میں سے کسی ایک شخص کو مصیبت لاحق ہو تو میری مصیبت کو یاد کر لے کیونکہ وہی سب سے عظیم مصیبت ہے۔

**86**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصَابَ اَحَدَكُمْ مُصِيبَةٌ فَلْيَذْكُرْ مُصَابَهُ بِي فَاِنَّهَا مِنْ اَعْظَمِ الْمَصَائِبِ

☆☆ عطاء روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے۔ جب تم میں سے کسی شخص پر مصیبت لاحق ہو تو وہ مجھے لاحق ہونے والی مصیبت یاد کر لیا کرے کیونکہ وہ سب سے عظیم مصیبت ہے۔

**87**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِي خَلَفٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ مَا سَمِعْتُ ابْنَ عُمَرَ يَذْكُرُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَطُّ اِلَّا بَكَى

☆☆ عمر بن محمد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو جب کبھی نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ کرتے ہوئے سنا وہ ہمیشہ رو دیا کرتے تھے۔

**88**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ فَاطِمَةَ قَالَتْ يَا اَنَسُ كَيْفَ طَابَتْ اَنْفُسُكُمْ اَنْ تَحْثُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ التُّرَابَ وَقَالَتْ يَا اَبَتَاهُ مِنْ رَبِّهِ مَا اَدْنَاهُ وَا اَبَتَاهُ جَنَّةُ الْفِرْدَوْسِ مَاْوَاهُ وَا اَبَتَاهُ اِلَى جِبْرِيلَ نَنْعَاهُ وَا اَبَتَاهُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ قَالَ حَمَّادٌ حِينَ حَدَّثَ ثَابِتٌ بَكَى و قَالَ ثَابِتٌ حِينَ حَدَّثَ اَنَسٌ بَكَى

حدیث **86**: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء، **6718**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ مدینہ منورہ **1413**ھ/**1992**ء، **260**

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے کہا: اے انس! تم لوگوں نے یہ کیسے گوارا کیا کہ تم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر مٹی ڈالو سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بھی کہا اے ابا جان! آپ اپنے پروردگار کے کتنے قریب ہیں۔ اے ابا جان! جنت الفردوس آپ کا ٹھکانہ ہے۔ اے ابا جان! حضرت جبرائیل علیہ السلام نے آپ کی وفات کی خبر دی تھی۔ اے ابا جان! آپ نے اپنے پروردگار کے بلاوے پر لبیک کہا۔

حماد بیان کرتے ہیں' ثابت نے جب یہ حدیث بیان کی تو وہ رونے لگے ثابت بیان کرتے ہیں' حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جب یہ حدیث بیان کی تو وہ بھی رونے لگے تھے۔

**89**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ وَّذَكَرَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ شَهِدْتُهُ يَوْمَ دَخَلَ الْمَدِيْنَةَ فَمَا رَاَيْتُ يَوْمًا قَطُّ كَانَ اَحْسَنَ وَلَا اَضْوَاَ مِنْ يَّوْمٍ دَخَلَ عَلَيْنَا فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَهِدْتُهُ يَوْمَ مَوْتِهِ فَمَا رَاَيْتُ يَوْمًا كَانَ اَقْبَحَ وَلَا اَظْلَمَ مِنْ يَّوْمٍ مَّاتَ فِيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ میں تشریف لائے تھے میں اس وقت وہاں موجود تھا اور جب آپ ہمارے ہاں تشریف لائے تھے تو اس سے زیادہ اچھا اور روشن دن میں نے کوئی اور نہیں دیکھا اور جس دن آپ کا وصال ہوا اس وقت بھی میں وہاں موجود تھا۔ اس سے زیادہ بُرا دن اور اس سے زیادہ تاریک دن' جس میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا' میں نے کوئی اور نہیں دیکھا۔

**90**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيْعٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الْجَلِيْلِ عَنْ اَبِىْ حَرِيْزٍ الْاَزْدِىِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَلَامٍ لِّلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّا نَجِدُكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ قَائِمًا عِنْدَ رَبِّكَ وَاَنْتَ مُحْمَارَّةٌ وَّجْنَتَاكَ مُسْتَحْىٍ مِّنْ رَّبِّكَ مِمَّا اَحْدَثَتْ اُمَّتُكَ مِنْ بَعْدِكَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا' یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہم قیامت کے دن آپ کو آپ کے پروردگار کے پاس کھڑا ہوا پائیں گے اور آپ کے رُخسار سرخ ہوں گے اور آپ پروردگار سے اس بات پر حیاء کر رہے ہوں گے جو آپ کی اُمت نے آپ کے بعد (دین میں) نئی باتیں داخل کر لی تھیں۔

**91**- اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَيْحٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِى الْاَسْوَدِ الْقُرَشِىِّ عَنْ

حدیث **89**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **1844**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1630**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13139**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1408**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **1971**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **6954**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **6673**

اَبِیْ قُرَّةَ مَوْلٰی اَبِیْ جَهْلٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ لَمَّا اُنْزِلَتْ عَلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ وَالْفَتْحُ وَرَاَیْتَ النَّاسَ یَدْخُلُوْنَ فِیْ دِیْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَیَخْرُجُنَّ مِنْهَا اَفْوَاجًا کَمَا دَخَلُوْهُ اَفْوَاجًا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب یہ سورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل ہوئی۔

''جب اللہ کی مدد اور فتح آ گئی اور تم نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ لوگ اللہ کے دین میں فوج درفوج داخل ہو رہے ہیں''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس میں سے لوگ فوج درفوج اسی طرح نکلیں گے جس طرح فوج درفوج داخل ہوئے ہیں۔

**92**- اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ بَکْرٍ الْمِصْرِیُّ عَنْ سُلَیْمَانَ اَبِیْ اَیُّوْبَ الْخُزَاعِیِّ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ الْاُمَوِیِّ عَنْ مَعْرُوْفِ بْنِ خَرَّبُوْذَ الْمَکِّیِّ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ دَخَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَهْتَمِ عَلٰی عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ مَعَ الْعَامَّةِ فَلَمْ یُفْجَا عُمَرُ اِلَّا وَهُوَ بَیْنَ یَدَیْهِ یَتَکَلَّمُ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰی عَلَیْهِ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَ الْخَلْقَ غَنِیًّا عَنْ طَاعَتِهِمْ اٰمِنًا لِمَعْصِیَتِهِمْ وَالنَّاسُ یَوْمَئِذٍ فِی الْمَنَازِلِ وَالرَّاْیِ مُخْتَلِفُوْنَ فَالْعَرَبُ بِشَرِّ تِلْكَ الْمَنَازِلِ اَهْلُ الْحَجَرِ وَاَهْلُ الْوَبَرِ وَاَهْلُ الدَّبَرِ یُحْتَازُ دُوْنَهُمْ طَیِّبَاتُ الدُّنْیَا وَرَخَاءُ عَیْشِهَا لَا یَسْاَلُوْنَ اللّٰهَ جَمَاعَةً وَلَا یَتْلُوْنَ لَهُ کِتَابًا مَیِّتُهُمْ فِی النَّارِ وَحَیُّهُمْ اَعْمٰی نَجِسٌ مَعَ مَا لَا یُحْصٰی مِنَ الْمَرْغُوْبِ عَنْهُ وَالْمَزْهُوْدِ فِیْهِ فَلَمَّا اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ یَنْشُرَ عَلَیْهِمْ رَحْمَتَهُ بَعَثَ اِلَیْهِمْ رَسُوْلًا مِنْ اَنْفُسِهِمْ (عَزِیْزٌ عَلَیْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَحِیْمٌ) صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَعَلَیْهِ السَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَکَاتُهُ فَلَمْ یَمْنَعْهُمْ ذٰلِكَ اَنْ جَرَحُوْهُ فِیْ جِسْمِهٖ وَلَقَّبُوْهُ فِیْ اسْمِهٖ وَمَعَهُ کِتَابٌ مِنَ اللّٰهِ نَاطِقٌ لَا یَقُوْمُ اِلَّا بِاَمْرِهٖ وَلَا یَرْحَلُ اِلَّا بِاِذْنِهٖ فَلَمَّا اُمِرَ بِالْعَزْمَةِ وَحُمِلَ عَلَی الْجِهَادِ انْبَسَطَ لِاَمْرِ اللّٰهِ لَوْثُهُ فَاَفْلَجَ اللّٰهُ حُجَّتَهُ وَاَجَازَ کَلِمَتَهُ وَاَظْهَرَ دَعْوَتَهُ وَفَارَقَ الدُّنْیَا تَقِیًّا نَقِیًّا ثُمَّ قَامَ بَعْدَهُ اَبُوْ بَکْرٍ فَسَلَكَ سُنَّتَهُ وَاَخَذَ سَبِیْلَهُ وَارْتَدَّتِ الْعَرَبُ اَوْ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ مِنْهُمْ فَاَبٰی اَنْ یَقْبَلَ مِنْهُمْ بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا الَّذِیْ کَانَ قَابِلًا انْتَزَعَ السُّیُوْفَ مِنْ اَغْمَادِهَا وَاَوْقَدَ النِّیْرَانَ فِیْ شُعُلِهَا ثُمَّ رَکِبَ بِاَهْلِ الْحَقِّ اَهْلَ الْبَاطِلِ فَلَمْ یَبْرَحْ یُقَطِّعُ اَوْصَالَهُمْ وَیَسْقِی الْاَرْضَ دِمَائَهُمْ حَتّٰی اَدْخَلَهُمْ فِی الَّذِیْ خَرَجُوْا مِنْهُ وَقَرَّرَهُمْ بِالَّذِیْ نَفَرُوْا عَنْهُ وَقَدْ کَانَ اَصَابَ مِنْ مَالِ اللّٰهِ بَکْرًا یَرْتَوِیْ عَلَیْهِ وَحَبَشِیَّةً اَرْضَعَتْ وَلَدًا لَهُ فَرَاٰی ذٰلِكَ عِنْدَ مَوْتِهٖ غُصَّةً فِیْ حَلْقِهٖ فَاَدّٰی ذٰلِكَ اِلَی الْخَلِیْفَةِ مِنْ بَعْدِهٖ وَفَارَقَ الدُّنْیَا تَقِیًّا نَقِیًّا عَلٰی مِنْهَاجِ صَاحِبِهٖ ثُمَّ قَامَ بَعْدَهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَمَصَّرَ الْاَمْصَارَ وَخَلَطَ الشِّدَّةَ بِاللِّیْنِ وَحَسَرَ عَنْ ذِرَاعَیْهِ وَشَمَّرَ عَنْ سَاقَیْهِ وَاَعَدَّ لِلْاُمُوْرِ اَقْرَانَهَا وَلِلْحَرْبِ اٰلَتَهَا فَلَمَّا اَصَابَهُ قَیْنُ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَمَرَ ابْنَ عَبَّاسٍ یَسْاَلُ النَّاسَ هَلْ یُثْبِتُوْنَ قَاتِلَهُ فَلَمَّا قِیْلَ قَیْنُ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اسْتَهَلَّ یَحْمَدُ رَبَّهُ اَنْ لَا یَکُوْنَ اَصَابَهُ ذُوْ حَقٍّ فِی الْفَیْءِ فَیَحْتَجَّ عَلَیْهِ بِاَنَّهُ اِنَّمَا اسْتَحَلَّ دَمَهُ بِمَا اسْتَحَلَّ مِنْ حَقِّهٖ وَقَدْ کَانَ اَصَابَ مِنْ مَالِ اللّٰهِ بِضْعَةً وَّثَمَانِیْنَ اَلْفًا فَکَسَرَ لَهَا رِبَاعَهُ وَکَرِهَ بِهَا کَفَالَةَ اَوْلَادِهٖ فَاَدَّاهَا اِلَی الْخَلِیْفَةِ مِنْ بَعْدِهٖ وَفَارَقَ الدُّنْیَا تَقِیًّا نَقِیًّا عَلٰی مِنْهَاجِ صَاحِبَیْهِ ثُمَّ اِنَّكَ یَا عُمَرُ بُنَیَّ الدُّنْیَا وَلَدَتْكَ مُلُوْکُهَا وَاَلْقَمَتْكَ ثَدْیَیْهَا وَنَبَتَّ فِیْهَا تَلْتَمِسُهَا مَظَانَّهَا

حدیث **92**: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **8518**

فَلَمَّا وُلِّيتَهَا اَلْقَيْتَهَا حَيْثُ اَلْقَاهَا اللّٰهُ هَجَرْتَهَا وَجَفَوْتَهَا وَقَذِرْتَهَا اِلَّا مَا تَزَوَّدْتَ مِنْهَا فَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي جَلَا بِكَ حَوْبَتَنَا وَكَشَفَ بِكَ كُرْبَتَنَا فَامْضِ وَلَا تَلْتَفِتْ فَاِنَّهُ لَا يَعِزُّ عَلَى الْحَقِّ شَيْءٌ وَلَا يَذِلُّ عَلَى الْبَاطِلِ شَيْءٌ اَقُوْلُ قَوْلِي وَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِي وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ قَالَ اَبُوْ اَيُّوْبَ فَكَانَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَقُوْلُ فِي الشَّيْءِ قَالَ لِي ابْنُ الْاَهْتَمِ امْضِ وَلَا تَلْتَفِتْ

☆☆ خالد بن معدان بیان کرتے ہیں' عبداللہ بن اہتم' عمر بن عبدالعزیز کے پاس آئے ان کے ساتھ چندلوگ بھی تھے' جیسے ہی وہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس پہنچے ساتھ ہی گفتگو چھیڑ لی انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کرنے کے بعد یہ کہا امابعد بے شک اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا ہے۔ حالانکہ وہ ان کی اطاعت سے بے نیاز ہے اور ان کے گناہوں سے محفوظ ہے۔ لوگ اس وقت حیثیت اور عقل مندی میں ایک دوسرے سے مختلف تھے عرب اس وقت سب سے زیادہ بُرے حال میں تھے۔ جھونپڑوں اور ڈیروں میں رہتے تھے اور شہد کی مکھیاں پالتے تھے دنیا کی تمام تر پاکیزگیاں اور عیش وعشرت کا سامان ان سے دور تھا۔ وہ اللہ تعالیٰ سے اجتماعی طور پر کچھ نہیں مانگتے تھے۔ اور نہ ہی اس کی کوئی کتاب پڑھتے تھے ان کے مرحومین جہنم میں گئے اور ان کے زندہ لوگ اندھے تھے اور ناپاک تھے اس کے علاوہ ان میں بہت سی خامیاں اور بُری باتیں پائی جاتی تھیں جب اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنی رحمت پھیلانے کا ارادہ کیا تو ان کی طرف انہی میں سے ایک رسول بھیجا جس کے نزدیک تمہارا مشقت میں مبتلا ہونا بہت دشوار تھا۔ وہ تمہاری (بھلائی کے لئے) بہت زیادہ حریص تھا اللہ تعالیٰ اس پر درود نازل کرے اور سلام نازل کرے اور اللہ کی رحمتیں اور برکتیں نازل ہوں لیکن اس کے باوجود عرب اپنی حرکتوں سے باز نہیں آئے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جسم مبارک کو زخمی کیا آپ کے نام کے ساتھ (منفی) لقب کا اضافہ کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اللہ کی کتاب موجود تھی جو حکم دینے والی تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے حکم کے تحت ہر کام کرتے تھے اور اسی کی اجازت سے آپ نے ہجرت کی۔ جب آپ کو فرائض کا حکم دیا گیا اور جہاد کی ترغیب دی گئی تو اللہ تعالیٰ کے حکم کی بدولت آپ کی حکومت پھیل گئی۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی حجت کو ظاہر کیا آپ کے کلمے کو غالب کیا اور آپ کی دعوت کو عام کیا آپ نے پرہیزگاری اور پاکیزگی کے عالم میں دنیا سے علیحدگی اختیار کی۔

آپ کے بعد (حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ مسلمانوں کے خلیفہ بنے) آپ کی سنت پر عمل کیا آپ کے راستے کو اپنایا بعض عرب مرتد ہو گئے تھے۔ یا ان میں سے جس نے بھی یہ حرکت کی تو اللہ کے رسول کے بعد حضرت ابوبکر نے ایسے لوگوں کو قبول کرنے سے انکار کر دیا اور صرف اسی کو قبول کیا جو قبول کرنے کے لائق تھا۔ تلواریں میانوں سے باہر آ گئیں جنگ کے شعلے بھڑک اُٹھے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اہل حق کی مدد سے اہل باطل کو نقصان پہنچایا اس وقت تک ان کے اعضاء کاٹتے رہے اور زمین کو ان کے خون سے سیراب کرتے رہے جب تک انہیں واپس وہیں نہیں پہنچا دیا جہاں سے وہ نکلے تھے اور انہیں وہیں قائم کیا جہاں سے وہ باہر آئے تھے اللہ کے مال میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کو ایک اونٹ ملا جس پر پانی لاد کر لایا جاتا تھا اور ایک حبشی کنیز ملی جوان کے بچے کو دودھ پلاتی تھی موت کے وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس بات کو اپنے لئے الجھن کا باعث سمجھا اس لئے انہوں نے یہ چیزیں اپنے بعد والے خلیفہ کے سپرد کر دیں اور پرہیزگاری اور پاکیزگی کے عالم میں دنیا سے رخصت ہوئے بالکل اپنے آقا کے نقش قدم پر چلتے ہوئے۔

اس کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے انہوں نے شہر بسائے نرمی کے ہمراہ شدت کو ملا دیا اپنے دونوں ہاتھوں کی آستینیں چڑھا لیں اور اپنی پنڈلیوں سے دامن سمیٹ لیا اور تمام امور کے لئے مناسب لوگوں کا انتظام کیا جنگ کے لئے آلات کا انتظام کیا جب مغیرہ بن شعبہ کے غلام نے ان پر حملہ کیا تو آپ نے ابن عباس رضی اللہ عنہما کو ہدایت کی کہ وہ لوگوں سے دریافت کریں کیا لوگوں نے ان کے قتل کرنے والے کی تحقیق کی ہے تو جب انہیں بتایا گیا کہ یہ مغیرہ بن شعبہ کا ایک غلام ہے (جو غیر مسلم ہے) تو انہوں نے بلند آواز سے اپنے پروردگار کی حمد بیان کی کہ مال غنیمت میں سے کسی حق دار نے ان پر حملہ نہیں کیا جوان کے خلاف کوئی حجت پیش کر سکتا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کا جو حق دبایا تھا اس کے بدلے میں اس نے ان کا خون بہایا تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اللہ کے مال میں سے اسی ہزار سے کچھ زیادہ درہم وصول کئے تھے۔ اس کی خاطر انہوں نے اپنے مکان کو فروخت کر دیا اور یہ ناپسند کیا کہ ان کی اولاد اس رقم کو دینے کی پابند ہو۔ انہوں نے یہ رقم اپنے بعد میں آنے والے خلیفہ کے سپرد کی اور پرہیز گاری اور پاکیزگی کے عالم میں' اپنے دونوں پیش رو حضرات کے طریقے پر عمل کرتے ہوئے اس دنیا سے رخصت ہوئے۔

عبداللہ بن اہتم نے کہا: اے عمر بن عبدالعزیز پھر اس کے بعد تم ہو دنیا کے بادشاہوں کی اولاد نے تمہیں جنم دیا اسی نے تمہیں دودھ پلایا۔ انہی لوگوں میں تمہاری پرورش ہوئی اور انہی جگہوں پر تم انہیں تلاش کرتے رہے لیکن جب تم حکومت کے مالک بنے تو تم نے اسے وہیں رکھا جہاں اللہ تعالیٰ نے اسے رکھا تھا' تم نے اس سے لاتعلقی اختیار کی اور اس سے جفا کی اور اسے بڑا سمجھا ماسوائے اس چیز کے جس کی تمہارے لئے ضرورت ہو اور ہر طرح کی حمد اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے تمہاری وجہ سے ہماری حاجات کو پورا کیا اور تمہاری وجہ سے ہماری پریشانی کو ختم کیا۔ تم چلتے رہو اور ادھر ادھر توجہ نہ دو کیونکہ حق سے زیادہ عزت دار کوئی چیز نہیں ہے اور باطل سے زیادہ ذلیل کوئی اور چیز نہیں ہے میں نے یہ بات ختم کی اور میں اللہ تعالیٰ سے اپنے لئے اور تمام اہل ایمان مردوں اور عورتوں کے لئے مغفرت طلب کرتا ہوں۔

ابوایوب بیان کرتے ہیں' عمر بن عبدالعزیز جب بھی کسی چیز کے بارے میں کچھ کہتے تھے یہ بات فرماتے مجھے ابن اہتم نے بتائی ہے اور یہی کہتے تھے کہ چلتے رہو ادھر اُدھر توجہ نہ دو۔

## بَابُ مَّا اَكْرَمَ اللّٰهُ تَعَالٰى نَبِيَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ مَوْتِهِ

## باب 15: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد اللہ تعالیٰ نے آپ کو جو بزرگی عطا کی

**93**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مَالِكٍ النُّكْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْجَوْزَاءِ اَوْسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَحَطَ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ قَحْطًا شَدِيْدًا فَشَكَوْا اِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتِ انْظُرُوْا قَبْرَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاجْعَلُوْا مِنْهُ كِوًى اِلَى السَّمَاءِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ السَّمَاءِ سَقْفٌ قَالَ فَفَعَلُوْا فَمُطِرْنَا مَطَرًا حَتّٰى نَبَتَ الْعُشْبُ وَسَمِنَتِ الْاِبِلُ حَتّٰى تَفَتَّقَتْ مِنَ الشَّحْمِ فَسُمِّيَ عَامَ الْفَتْقِ

☆☆ ابوجوزاء اوس بن عبداللہ بیان کرتے ہیں۔ اہل مدینہ شدید قحط میں مبتلا ہو گئے انہوں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے شکایت کی سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس جاؤ اور آسمان کی طرف ایک چھوٹا سا سوراخ بنا دو کہ آپ کی قبر مبارک

اور آسمان کے درمیان چھت حائل نہ ہو راوی بیان کرتے ہیں' لوگوں نے ایسا کیا اور اتنی شدید بارش ہوئی کہ گھاس اُگ گئی اور اونٹ اتنے موٹے تازے ہو گئے کہ چربی کی وجہ سے وہ پھول گئے اس سال کو عام الفتق (بارش کا سال) قرار دیا گیا۔

**94**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ قَالَ لَمَّا كَانَ اَيَّامُ الْحَرَّةِ لَمْ يُوَذَّنْ فِيْ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثًا وَّلَمْ يُقَمْ وَلَمْ يَبْرَحْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ مِنَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ لَا يَعْرِفُ وَقْتَ الصَّلٰوةِ اِلَّا بِهَمْهَمَةٍ يَسْمَعُهَا مِنْ قَبْرِ النَّبِيِّ فَذَكَرَ مَعْنَاهُ

☆☆ سعید بن عبدالعزیز بیان کرتے ہیں' واقعہ حرہ کے دوران نبی اکرم ﷺ کی مسجد میں تین دن تک اذان نہیں ہوئی اور نہ ہی اقامت کہی گئی اس دوران حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ مسجد میں ہی رہے انہیں نماز کے اوقات کا اس طرح سے پتہ چلتا تھا کہ نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک سے ہلکی سی آواز آیا کرتی تھی۔

**95**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ خَالِدٌ هُوَ ابْنُ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدٍ هُوَ ابْنُ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ اَنَّ كَعْبًا دَخَلَ عَلٰى عَائِشَةَ فَذَكَرُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَعْبٌ مَا مِنْ يَوْمٍ يَطْلُعُ اِلَّا نَزَلَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِكَةِ حَتّٰى يَحُفُّوا بِقَبْرِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضْرِبُوْنَ بِاَجْنِحَتِهِمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اِذَا اَمْسَوْا عَرَجُوْا وَهَبَطَ مِثْلُهُمْ فَصَنَعُوْا مِثْلَ ذٰلِكَ حَتّٰى اِذَا انْشَقَّتْ عَنْهُ الْاَرْضُ خَرَجَ فِيْ سَبْعِيْنَ اَلْفًا مِّنَ الْمَلَائِكَةِ يَزِفُّوْنَهُ

☆☆ نبیہ بن وہب بیان کرتے ہیں' حضرت کعب رضی اللہ عنہ' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے لوگوں نے نبی اکرم ﷺ کا تذکرہ چھیڑا تو حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے کہا: روزانہ ستر ہزار فرشتے نیچے اُترتے ہیں اور نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک کو گھیر لیتے ہیں وہ اپنے پَر اس کے ساتھ مس کرتے ہیں اور نبی اکرم ﷺ پر درود بھیجتے ہیں۔ یہاں تک کہ شام کے وقت وہ اوپر چلے جاتے ہیں اور اتنے ہی فرشتے نیچے اُترتے ہیں اور وہ بھی یہی عمل کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب نبی اکرم ﷺ کی قبر مبارک (قیامت کے دن) کشادہ ہو گی آپ ستر ہزار فرشتوں کے جلو میں باہر تشریف لائیں گے۔*

## بَابُ اتِّبَاعِ السُّنَّةِ

## باب 16: نبی اکرم ﷺ کی سنت کی پیروی کرنا

**96**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ اَخْبَرَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ مَعْدَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عِرْبَاضِ بْنِ سَارِيَةَ قَالَ صَلّٰى لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الْفَجْرِ ثُمَّ وَعَظَنَا مَوْعِظَةً بَلِيْغَةً ذَرَفَتْ مِنْهَا الْعُيُوْنُ وَوَجِلَتْ مِنْهَا الْقُلُوْبُ فَقَالَ قَائِلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كَاَنَّهَا مَوْعِظَةُ مُوَدِّعٍ فَاَوْصِنَا فَقَالَ اُوْصِيْكُمْ بِتَقْوَى

*نوٹ: اس وقت کے بارے میں اعلیٰ حضرت نے اپنے شہرہ آفاق سلام کے آخر میں یہ اشعار کہے ہیں:

کاش محشر میں جب ان کی آمد ہو اور — بھیجیں سب ان کی شوکت پہ لاکھوں سلام
مجھ سے خدمت کے قدسی کہیں ہاں رضا — مصطفیٰ جان رحمت پہ لاکھوں سلام

اللّٰهِ وَالسَّمْعِ وَالطَّاعَةِ وَاِنْ كَانَ عَبْدًا حَبَشِيًّا فَاِنَّهُ مَنْ يَعِشْ مِنْكُمْ بَعْدِيْ فَسَيَرٰى اخْتِلَافًا كَثِيْرًا فَعَلَيْكُمْ بِسُنَّتِيْ وَسُنَّةِ الْخُلَفَاءِ الرَّاشِدِيْنَ الْمَهْدِيِّيْنَ عَضُّوا عَلَيْهَا بِالنَّوَاجِذِ وَاِيَّاكُمْ وَالْمُحْدَثَاتِ فَاِنَّ كُلَّ مُحْدَثَةٍ بِدْعَةٌ وَّ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ مَرَّةً وَّاِيَّاكُمْ وَمُحْدَثَاتِ الْاُمُوْرِ فَاِنَّ كُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ

☆☆ حضرت عرباض بن ساریہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں فجر کی نماز پڑھائی اس کے بعد آپ نے ہمیں ایک بلیغ وعظ کہا جس کے نتیجے میں لوگوں کی آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے اوران کے دل تڑپ اُٹھے ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ یہ الوداعی وعظ محسوس ہو رہا ہے آپ ہمیں کوئی نصیحت کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں تمہیں اللہ سے ڈرتے رہنے کی وصیت کرتا ہوں اور (حاکم وقت) کی اطاعت اور فرمانبرداری کی وصیت کرتا ہوں خواہ وہ کوئی حبشی غلام ہو میرے بعد جو شخص زندہ رہے گا وہ بہت زیادہ اختلافات دیکھے گا تم پر لازم ہے کہ میری سنت اختیار کرو اور ہدایت یافتہ خلفائے راشدین کی سنت اختیار کرو اوراسے مضبوطی سے تھامے رکھو اور نت نئے پیدا ہونے والے امور سے اجتناب کرو کیونکہ ہر نئی پیدا ہونے والی چیز بدعت ہے۔

ابوعاصم نامی راوی نے ایک مرتبہ یہ الفاظ روایت کئے ہیں اور نئے پیدا ہونے والے امور سے بچتے رہنا کیونکہ ہر بدعت گمراہی ہے۔

**97**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كَانَ مَنْ مَضٰى مِنْ عُلَمَائِنَا يَقُوْلُوْنَ الِاعْتِصَامُ بِالسُّنَّةِ نَجَاةٌ وَّالْعِلْمُ يُقْبَضُ قَبْضًا سَرِيْعًا فَنَعْشُ الْعِلْمِ ثَبَاتُ الدِّيْنِ وَالدُّنْيَا وَفِيْ ذَهَابِ الْعِلْمِ ذَهَابُ ذٰلِكَ كُلِّهٖ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں' ہمارے جو علماء گزر چکے ہیں وہ کہا کرتے تھے' سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھنا ہی نجات ہے اور علم کو بڑی تیزی سے قبض کرلیا جائے گا علم کو برقرار رکھنا دین اور دنیا کو ثابت رکھنے کے مترادف ہے اور علم کی رخصتی میں ان سب (دین و دنیا کی نعمتوں) کی رخصتی ہے۔

**98**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ اَوَّلَ ذَهَابِ الدِّيْنِ تَرْكًا السُّنَّةُ يَذْهَبُ الدِّيْنُ سُنَّةً سُنَّةً كَمَا يَذْهَبُ الْحَبْلُ قُوَّةً قُوَّةً

حدیث **97** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2676**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **42**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17182**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **329**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **329**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **66**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **617**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/**1992**ء **55**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1405**ھ/**1984**ء **437**

☆☆ عبداللہ بن دیلمی بیان کرتے ہیں' مجھے یہ بات پتہ چلی ہے کہ دین میں سب سے زیادہ سنت کو ترک کرنا آئے گا ایک' ایک سنت کر کے دین اس طرح رخصت ہوگا جیسے کوئی رسی ایک' ایک دھاگہ کر کے ٹوٹ جاتی ہے۔

**99**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ حَسَّانَ قَالَ مَا ابْتَدَعَ قَوْمٌ بِدْعَةً فِي دِينِهِمْ اِلَّا نَزَعَ اللّٰهُ مِنْ سُنَّتِهِمْ مِثْلَهَا ثُمَّ لَا يُعِيدُهَا اِلَيْهِمْ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

☆☆ حسان بیان کرتے ہیں' جو بھی قوم اپنے دین میں نئی بدعت ایجاد کرتی ہے اللہ تعالیٰ ان میں سے اس بدعت جیسی سنت کو اٹھالیتا ہے اور پھر اسے دوبارہ ان لوگوں کے پاس قیامت تک نہیں لوٹاتا۔

**100**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ قَالَ مَا ابْتَدَعَ رَجُلٌ بِدْعَةً اِلَّا اسْتَحَلَّ السَّيْفَ

☆☆ حضرت ابوقلابہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو شخص کوئی بدعت ایجاد کرتا ہے وہ (اپنے اوپر حملے کے لئے) تلوار کو حلال کر دیتا ہے۔

**101**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ قَالَ اِنَّ اَهْلَ الْاَهْوَاءِ اَهْلُ الضَّلَالَةِ وَلَا اَرٰى مَصِيرَهُمْ اِلَّا النَّارَ فَجَرِّبْهُمْ فَلَيْسَ اَحَدٌ مِنْهُمْ يَنْتَحِلُ قَوْلًا اَوْ قَالَ حَدِيثًا فَيَتَنَاهٰى بِهِ الْاَمْرُ دُونَ السَّيْفِ وَاِنَّ النِّفَاقَ كَانَ ضُرُوبًا ثُمَّ تَلَا (وَمِنْهُمْ مَنْ عَاهَدَ اللّٰهَ) اِلٰى وَلَنَكُونَنَّ مِنَ الصَّالِحِينَ (وَمِنْهُمْ مَنْ يَلْمِزُكَ فِي الصَّدَقَاتِ الْاٰيَةَ) (وَمِنْهُمُ الَّذِينَ يُؤْذُونَ النَّبِيَّ الاية قُلْ اُذُنُ خَيْرٍ لَكُمْ) فَاخْتَلَفَ قَوْلُهُمْ وَاجْتَمَعُوا فِي الشَّكِّ وَالتَّكْذِيبِ وَاِنَّ هٰؤُلَاءِ اخْتَلَفَ قَوْلُهُمْ وَاجْتَمَعُوا فِي السَّيْفِ وَلَا اَرٰى مَصِيرَهُمْ اِلَّا النَّارَ قَالَ حَمَّادٌ ثُمَّ قَالَ اَيُّوبُ عِنْدَ ذَا الْحَدِيثِ اَوْ عِنْدَ الْاَوَّلِ وَكَانَ وَاللّٰهِ مِنَ الْفُقَهَاءِ ذَوِي الْاَلْبَابِ يَعْنِي اَبَا قِلَابَةَ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں' خواہشات کے پروردگار گمراہ لوگ ہے اور میرے نزدیک ان کا ٹھکانہ صرف جہنم ہے تم ان کا تجربہ کرلو ان میں سے کوئی بھی شخص ایسا نہیں ہے جو اپنی بات یا حدیث میں سے تلوار سے کم کسی بات پر باز آجائے (یعنی تلوار کے زور پر انہیں روکنا پڑتا ہے)۔

نفاق کی کئی قسمیں ہیں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر حضرت ابوقلابہ رضی اللہ عنہ نے مختلف آیات کی تلاوت کی۔

''ان میں سے بعض لوگ وہ ہیں جنہوں نے اللہ تعالیٰ سے یہ عہد کیا کہ اگر اس نے ہمیں فضیلت عطا کی تو ہم صدقہ بھی کریں گے اور نیک لوگوں میں سے ہو جائیں گے''۔

''ان میں سے بعض لوگ وہ ہیں جو صدقات کے بارے میں تم پر الزام لگاتے ہیں اگر ان صدقات میں سے انہیں دے دیا جائے تو وہ راضی رہیں گے اگر انہیں نہ دیا تو وہ ناراض ہو جاتے ہیں''۔

''اور ان میں سے بعض لوگ وہ ہیں جو نبی کو اذیت دیتے ہیں''۔

ابوقلابہ کہتے ہیں ان لوگوں کے اقوال مختلف ہیں۔ لیکن شک اور تکذیب کے حوالے سے ایک ہی طرح کے لوگ ہیں ان لوگوں کی

باتیں مختلف ہیں لیکن تلوار کے معاملے میں سب ایک جیسے ہیں اور میرے نزدیک ان کا ٹھکانہ صرف جہنم ہے۔
حماد بیان کرتے ہیں' پہلے والی روایت نقل کرنے کے بعد وہ کہتے تھے وہ یعنی ابوقلابہ سمجھدار فقہاء میں سے ایک ہیں۔

## بَابُ التَّوَرُّعِ عَنِ الْجَوَابِ فِيمَا لَيْسَ فِيهِ كِتَابٌ وَّلَا سُنَّةٌ

## باب 17: جس مسئلے کے بارے میں کتاب وسنت کا حکم موجود نہ ہو اس کے بارے میں جواب دینے سے پرہیز

**102**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ وَّحُذَيْفَةَ اَنَّهُمَا كَانَا جَالِسَيْنِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَسَاَلَهُمَا عَنْ شَيْءٍ فَقَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لِحُذَيْفَةَ لِاَيِّ شَيْءٍ تَرٰى يَسْاَلُوْنِي عَنْ هٰذَا قَالَ يَعْلَمُوْنَهُ ثُمَّ يَتْرُكُوْنَهُ فَاَقْبَلَ اِلَيْهِ ابْنُ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ مَا سَاَلْتُمُوْنَا عَنْ شَيْءٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰى نَعْلَمُهُ اَخْبَرْنَاكُمْ بِهِ اَوْ سُنَّةٍ مِّنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرْنَاكُمْ بِهِ وَلَا طَاقَةَ لَنَا بِمَا اَحْدَثْتُمْ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ اور حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ ایک جگہ پر تشریف فرما تھے۔ایک شخص آیا اس نے ان دونوں حضرات سے ایک چیز کے بارے میں سوال کیا حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ سے کہا آپ کے خیال میں یہ لوگ کس وجہ سے مجھ سے یہ سوال کر رہے ہیں۔انہوں نے جواب دیا: یہ لوگ علم بھی رکھتے ہیں اور پھر اسے ترک کر دیتے ہیں۔حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے اس شخص کی طرف رُخ کیا اور ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ کی کتاب میں موجود کسی بھی چیز کے بارے میں تم ہم سے جو بھی سوال کرو گے ہمیں اس کا علم ہوگا تو ہم اس سے تمہیں آگاہ کر دیں گے لیکن جو تم نے خود ایجاد کیا ہے اس کی ہمارے اندر طاقت نہیں ہے۔

**103**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنِ النَّزَّالِ بْنِ سَبْرَةَ قَالَ مَا خَطَبَ عَبْدُ اللّٰهِ خُطْبَةً بِالْكُوْفَةِ اِلَّا شَهِدْتُهَا فَسَمِعْتُهُ يَوْمًا وَّسُئِلَ عَنْ رَجُلٍ يُطَلِّقُ امْرَاَتَهُ ثَمَانِيَةً وَّاَشْبَاهِ ذٰلِكَ قَالَ هُوَ كَمَا قَالَ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ كِتَابَهُ وَبَيَّنَ بَيَانَهُ فَمَنْ اَتَى الْاَمْرَ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهٖ فَقَدْ بُيِّنَ لَهٗ وَمَنْ خَالَفَ فَوَاللّٰهِ مَا نُطِيْقُ خِلَافَكُمْ

☆☆ حضرت نزال بن سبرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں جو بھی خطبہ دیا میں اس میں موجود رہا ایک دن میں نے آپ کو یہ کہتے ہوئے سنا' ان سے ایک شخص نے یہ سوال کیا تھا کہ اس نے اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دے دی ہیں یا اتنی کوئی تعداد تھی۔جو بھی اس نے کہا: خیر پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب نازل کی ہے اور اس نے اپنا بیان واضح کر دیا ہے۔جو شخص اس حوالے سے کوئی معاملہ لے کر آئے گا وہ اس کے لئے بیان کر دیا جائے گا جو اس سے مختلف لے کر آئے گا تو اللہ کی قسم تمہارے مختلف معاملات کی ہمارے اندر طاقت نہیں ہے۔

**104**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّزَّالَ بْنَ سَبْرَةَ قَالَ شَهِدْتُ عَبْدَ اللّٰهِ وَاَتَاهُ رَجُلٌ وَّامْرَاَةٌ فِيْ تَحْرِيْمٍ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَيَّنَ فَمَنْ اَتَى الْاَمْرَ مِنْ قِبَلِ وَجْهِهٖ فَقَدْ بُيِّنَ وَمَنْ خَالَفَ فَوَاللّٰهِ مَا نُطِيْقُ خِلَافَكُمْ

☆☆ نزال بن سبرہ بیان کرتے ہیں میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا۔ جب ایک شخص اور اس کی بیوی ان کے پاس آئے جو (طلاق میں) حرمت کا معاملہ دریافت کرنا چاہتے تھے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے حکم واضح کر دیا ہے۔ جو شخص اس حوالے سے کوئی معاملہ لے کر آئے گا وہ اس کے سامنے بیان کر دیا جائے گا اور جو اس سے مختلف لے کر آئے گا تو اللہ کی قسم ہم تمہارے اختلاف کی طاقت نہیں رکھتے۔

**105-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ اَنَّهُ كَانَ لَا يَقُولُ بِرَاْيِهِ اِلَّا شَيْئًا سَمِعَهُ

☆☆ ابن سیرین کے بارے میں منقول ہے کہ وہ اپنی رائے سے کوئی چیز بیان نہیں کرتے تھے صرف وہی چیز بیان کرتے تھے جس کے بارے میں انہوں نے (کوئی حدیث یا صحابی کا قول) سنا ہو۔

**106-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَثَّامٌ وَالِدُ عَلِيِّ بْنِ عَثَّامٍ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ مَا سَمِعْتُ اِبْرَاهِيمَ يَقُولُ بِرَاْيِهِ فِي شَيْءٍ قَطُّ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں میں نے کبھی بھی حضرت ابراہیم نخعی کو اپنی رائے سے کوئی بات بیان کرتے ہوئے نہیں سنا۔

**107-** اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ مَا قُلْتُ بِرَاْيِي مُنْذُ ثَلَاثُونَ سَنَةً قَالَ اَبُو هِلَالٍ مُنْذُ اَرْبَعِينَ سَنَةً

☆☆ حضرت قتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے سابقہ تیس (۳۰) برسوں سے اپنی رائے سے کوئی بات بیان نہیں کی۔

ابو ہلال بیان کرتے ہیں' چالیس (۴۰) برسوں سے کوئی بات بیان نہیں کی۔

**108-** حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا حَكَّامُ بْنُ سَلْمٍ عَنْ اَبِي خَيْثَمَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ سُئِلَ عَطَاءٌ عَنْ شَيْءٍ قَالَ لَا اَدْرِي قَالَ قِيلَ لَهُ اَلَا تَقُولُ فِيهَا بِرَاْيِكَ قَالَ اِنِّي اَسْتَحْيِي مِنَ اللّٰهِ اَنْ يُدَانَ فِي الْاَرْضِ بِرَاْيِي

☆☆ عبدالعزیز بیان کرتے ہیں' عطاء سے کوئی مسئلہ دریافت کیا گیا انہوں نے جواب دیا: مجھے علم نہیں ہے۔ ان سے کہا گیا ہے اس بارے میں اپنی رائے سے کوئی فتویٰ کیوں نہیں دیتے انہوں نے جواب دیا: مجھے اللہ تعالیٰ سے اس بات سے حیاء آتی ہے کہ دنیا میں میری رائے کی پیروی کی جائے۔

**109-** اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اَبَانَ اَخْبَرَنِي حَاتِمٌ هُوَ ابْنُ اِسْمٰعِيلَ عَنْ عِيسٰى عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ جَاءَهُ رَجُلٌ يَسْاَلُهُ عَنْ شَيْءٍ فَقَالَ كَانَ ابْنُ مَسْعُودٍ يَقُولُ فِيهِ كَذَا وَكَذَا قَالَ اَخْبِرْنِي اَنْتَ بِرَاْيِكَ فَقَالَ اَلَا تَعْجَبُونَ مِنْ هٰذَا اَخْبَرْتُهُ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ وَيَسْاَلُنِي عَنْ رَاْيِي وَدِينِي عِنْدِي اٰثَرُ مِنْ ذٰلِكَ وَاللّٰهِ لَاَنْ اَتَغَنّٰى اُغْنِيَةً اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُخْبِرَكَ بِرَاْيِي

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک شخص آیا جس نے ان سے کوئی سوال کیا تو شعبی نے جواب دیا' ابن مسعود اس بارے میں یہ فرماتے ہیں' وہ شخص بولا مجھے اس بارے میں اپنی رائے بیان کریں۔

شعبی بولے کیا آپ لوگوں کو اس شخص پر حیرت نہیں ہو رہی میں اس شخص کے سامنے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے بیان کر رہا

ہوں یہ مجھ سے میری رائے پوچھتا ہے۔ جبکہ میرا دین میرے نزدیک اس سے کم تر حیثیت رکھتا ہے اللہ کی قسم میرے نزدیک گانا گالینا اس بات سے زیادہ محبوب ہے کہ میں تمہیں اپنی رائے کے مطابق کوئی بات بتاؤں۔

**110**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا حَاتِمٌ هُوَ ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ عِيْسٰى عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْمُقَايَسَةَ وَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَئِنْ اَخَذْتُمْ بِالْمُقَايَسَةِ لَتُحِلُّنَّ الْحَرَامَ وَلَتُحَرِّمُنَّ الْحَلَالَ وَلٰكِنْ مَا بَلَغَكُمْ عَنْ مَّنْ حَفِظَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاعْمَلُوْا بِهٖ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں قیاس کرنے سے بچو! اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اگر تم قیاس پر عمل کرنا شروع کر دو گے تو حرام کو حلال ٹھہراؤ گے اور حلال کو حرام قرار دو گے۔ بلکہ نبی اکرم ﷺ کے اصحاب سے جو احکام تم تک پہنچے ہیں ان پر عمل کرو۔

**111**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ اِنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَارِحَةَ ثَمَانِيًا قَالَ بِكَلَامٍ وَّاحِدٍ قَالَ بِكَلَامٍ وَّاحِدٍ قَالَ فَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبِيْنُوْا مِنْكَ امْرَاَتَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَجَاءَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّهٗ طَلَّقَ امْرَاَتَهٗ مِائَةَ طَلْقَةٍ قَالَ بِكَلَامٍ وَّاحِدٍ قَالَ بِكَلَامٍ وَّاحِدٍ قَالَ فَيُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّبِيْنُوْا مِنْكَ امْرَاَتَكَ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَنْ طَلَّقَ كَمَا اَمَرَهُ اللّٰهُ فَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ الطَّلَاقَ وَمَنْ لَّبَّسَ عَلٰى نَفْسِهٖ وَكَّلْنَا بِهٖ لَبْسَهٗ وَاللّٰهِ لَا تُلَبِّسُوْنَ عَلٰى اَنْفُسِكُمْ وَنَتَحَمَّلُهٗ نَحْنُ هُوَ كَمَا تَقُوْلُوْنَ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی کہ اس نے گزشتہ دن اپنی بیوی کو آٹھ طلاقیں دی ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا ایک ہی جملے کے ذریعے؟ اس نے جواب دیا: ایک ہی جملے کے ذریعے' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بولے لوگ یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں تمہاری بیوی سے الگ کر دیں اس نے جواب دیا: جی ہاں۔

راوی بیان کرتے ہیں ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا اس نے اپنی بیوی کو سو طلاقیں دی ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اسی جملے کے ذریعے اس نے جواب دیا: ہاں اسی جملے کے ذریعے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: لوگ یہ چاہتے ہیں کہ تمہیں تمہاری بیوی سے علیحدہ کر دیں اس نے جواب دیا۔ ہاں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا جو شخص اس طرح سے طلاق دے جیسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے طلاق کا حکم واضح کر دیا ہے اور جو شخص اپنے حوالے سے غلط فہمی کا شکار ہو ہم اسے اس غلطی کے سپرد کرتے ہیں اللہ کی قسم یہ نہیں ہو سکتا کہ تم اپنی ذات کے حوالے سے ہمیں گمراہ کرنے کی کوشش کرو اور ہم اپنے اوپر بوجھ ڈال کر وہی کہیں جو تم چاہتے ہو۔

**112**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَّحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ لَاَنْ يَّعِيْشَ الرَّجُلُ جَاهِلًا بَعْدَ اَنْ يَّعْلَمَ حَقَّ اللّٰهِ عَلَيْهِ خَيْرٌ لَّهٗ مِنْ اَنْ يَّقُوْلَ مَا لَا يَعْلَمُ

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں ایک شخص جسے اپنی ذات کے بارے میں اللہ کے حق کا پتہ چل جائے اس کے بعد اس کا جاہل کے طور پر زندہ رہنا اس بات سے زیادہ بہتر ہے کہ وہ ایسی چیز بیان کرے جس کا اسے علم نہیں ہے۔

**113**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ سُئِلَ قَالَ اِنَّا وَاللّٰهِ مَا

نَعْلَمُ كُلَّ مَا تَسَأَلُونَ عَنْهُ وَلَوْ عَلِمْنَا مَا كَتَمْنَاكُمْ وَلَا حَلَّ لَنَا اَنْ نَكْتُمَكُمْ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں: قاسم سے سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: بے شک اللہ کی قسم ہمیں ہر اس چیز کا علم نہیں ہوتا جس کے بارے میں تم دریافت کرتے ہو اور اگر ہمیں علم ہو تو ہم تم سے نہ چھپائیں اور نہ ہی ہمارے لئے اس بات کو چھپانا جائز ہے۔

**114**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ سُئِلَ الْقَاسِمُ عَنْ شَيْءٍ قَدْ سَمَّاهُ فَقَالَ مَا اَضْطَرُّ اِلٰى مَشُوْرَةٍ وَّمَا اَنَا مِنْ ذَيْ فِيْ شَيْءٍ

☆☆ قاسم سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا گیا جسے وہ بتا چکے تھے انہوں نے ارشاد فرمایا مجھے کسی مشورے کی ضرورت نہیں ہے اور نہ ہی میں اس معاملے میں مجبور ہوں۔

**115**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيٰى قَالَ قُلْتُ لِلْقَاسِمِ مَا اَشَدَّ عَلَيَّ اَنْ تُسْاَلَ عَنِ الشَّيْءِ لَا يَكُوْنُ عِنْدَكَ وَقَدْ كَانَ اَبُوْكَ اِمَامًا قَالَ اِنَّ اَشَدَّ مِنْ ذٰلِكَ عِنْدَ اللّٰهِ وَعِنْدَ مَنْ عَقَلَ عَنِ اللّٰهِ اَنْ اُفْتِيَ بِغَيْرِ عِلْمٍ اَوْ اَرْوِيَ عَنْ غَيْرِ ثِقَةٍ

☆☆ یحییٰ بیان کرتے ہیں میں نے قاسم سے کہا کہ مجھے یہ بات بہت بُری لگتی ہے کہ آپ سے کسی چیز کا سوال کیا جائے اور آپ کے پاس اس کا جواب نہ ہو آپ کے والد جلیل القدر امام ہیں تو قاسم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک اور عقل والے کے نزدیک یہ بات شدید بری ہوگی کہ میں نے علم نہ ہونے کے باوجود فتویٰ دیا یا کسی غیر مستند راوی کے حوالے سے روایت نقل کروں۔

**116**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنِ الْعَوَّامِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ كَانُوْا اِذَا نَزَلَتْ بِهِمْ قَضِيَّةٌ لَيْسَ فِيْهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَثَرٌ اجْتَمَعُوْا لَهَا وَاَجْمَعُوْا فَالْحَقُّ فِيْمَا رَاَوْا فَالْحَقُّ فِيْمَا رَاَوْا

☆☆ مسیب بن رافع بیان کرتے ہیں' لوگوں کے درمیان جب بھی کوئی نیا معاملہ درپیش ہوتا اور اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ کی کوئی حدیث منقول نہ ہوتی تو وہ لوگ اکٹھے ہو کر کسی ایک چیز پر اتفاق کر لیتے۔ ان کی جو رائے ہوتی تھی وہی حق ہوتا تھا۔

**117**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ عَنِ الْعَوَّامِ بِهٰذَا

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**118**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ الْحِمْصِيُّ اَنَّ وَهْبَ بْنَ عَمْرٍو الْجُمَحِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَعْجَلُوْا بِالْبَلِيَّةِ قَبْلَ نُزُوْلِهَا فَاِنَّكُمْ اِنْ لَّا تَعْجَلُوْهَا قَبْلَ نُزُوْلِهَا لَا يَنْفَكُّ الْمُسْلِمُوْنَ وَفِيْهِمْ اِذَا هِيَ نَزَلَتْ مَنْ اِذَا قَالَ وُفِّقَ وَسُدِّدَ وَاِنَّكُمْ اِنْ تَعْجَلُوْهَا تَخْتَلِفْ بِكُمُ الْاَهْوَاءُ فَتَاْخُذُوْا هٰكَذَا وَهٰكَذَا وَاَشَارَ بَيْنَ يَدَيْهِ وَعَنْ يَمِيْنِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ

☆☆ حضرت وہب بن عمرو بن جمحی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کسی آزمائش (نئی صورتحال) کے لازم ہونے سے پہلے اسے اپنی طرف سے گھڑنے میں جلدی نہ کرو کیونکہ اگر تم اس کے بارے جلدی نہیں کرو گے تو اس کے نازل ہونے سے پہلے مسلمان اس بارے میں الگ نہیں ہوں گے اور جب یہ صورتحال پیش آئے گی تو کوئی ایک ایسا شخص ضرور ہوگا جسے صحیح جواب کی

حدیث 118: "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم موصل' 1404ھ/1983ء

توفیق دی گئی ہوگی اور اس کی مدد کی گئی ہوگی لیکن اگر تم اس کی جلدی کرو گے تو تمہاری آرا ایک دوسرے سے مختلف ہو جائیں گی کوئی شخص ادھر جارہا ہوگا کوئی شخص ادھر جارہا ہوگا۔

(راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھوں کے ذریعے دائیں اور بائیں طرف اشارہ کیا۔

**119-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُوْ سَلَمَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْاَمْرِ يَحْدُثُ لَيْسَ فِيْ كِتَابٍ وَّلَا سُنَّةٍ فَقَالَ يَنْظُرُ فِيْهِ الْعَابِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ

☆☆ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ سے کسی معاملے کے بارے میں سوال کیا گیا جو نیا لاحق ہوا تھا اور اس بارے میں کسی کتاب یا سنت کا حکم موجود نہیں تھا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اس طرح کے معاملے کے بارے میں اہل ایمان میں سے عبادت گزار لوگ جائزہ لیں گے۔

**120-** اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ قَالَ الْقَاسِمُ اِنَّكُمْ لَتَسْاَلُوْنَا عَنْ اَشْيَاءَ مَا كُنَّا نَسْاَلُ عَنْهَا وَتُنَقِّرُوْنَ عَنْ اَشْيَاءَ مَا كُنَّا نُنَقِّرُ عَنْهَا وَتَسْاَلُوْنَ عَنْ اَشْيَاءَ مَا اَدْرِيْ مَا هِيَ وَلَوْ عَلِمْنَاهَا مَا حَلَّ لَنَا اَنْ نَكْتُمَكُمُوْهَا

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں: تم لوگ ایسے ہی اشیاء کے بارے میں سوال کرتے ہو جن کے بارے میں ہم سوال نہیں کرتے تھے اور تم لوگ ایسی اشیاء کے بارے میں بحث کرتے ہو جن کے بارے میں ہم بحث نہیں کرتے تھے تم لوگ ایسی اشیاء کے بارے میں سوال کرتے ہو کہ مجھے نہیں معلوم کہ ان کا حکم کیا ہے اور اگر مجھے اس کا علم ہوتا تو یہ بات ہمارے لئے جائز نہیں تھی کہ ہم ان باتوں کو تم سے چھپاتے۔

**121-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْاَشَجِّ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ اِنَّهُ سَيَاْتِيْ نَاسٌ يُجَادِلُوْنَكُمْ بِشُبُهَاتِ الْقُرْاٰنِ فَخُذُوْهُمْ بِالسُّنَنِ فَاِنَّ اَصْحَابَ السُّنَنِ اَعْلَمُ بِكِتَابِ اللّٰهِ

☆☆ عمر بن اشج بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عنقریب ایسے لوگ آئیں گے جو قرآن کے متشابہات کے بارے میں تمہارے ساتھ بحث کریں گے تم سنت کے ذریعے ان کا مقابلہ کرنا کیونکہ سنت کے ماہرین ہی اللہ کی کتاب کا علم رکھتے ہیں۔

**122-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنَا عَلِيٌّ هُوَ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ هُوَ ابْنُ عُرْوَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ قَالَ مَا زَالَ اَمْرُ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ مُعْتَدِلًا لَيْسَ فِيْهِ شَيْءٌ حَتّٰى نَشَاَ فِيْهِمُ الْمُوَلَّدُوْنَ اَبْنَاءُ سَبَايَا الْاُمَمِ اَبْنَاءُ النِّسَاءِ الَّتِيْ سَبَتْ بَنُوْ اِسْرَآئِيْلَ مِنْ غَيْرِهِمْ فَقَالُوْا فِيْهِمْ بِالرَّاْيِ فَاَضَلُّوْهُمْ

☆☆ حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بنی اسرائیل کا معاملہ اس وقت تک ٹھیک رہا اور ان میں کوئی خرابی نہیں آئی یہاں تک کہ ان میں باہر سے پیدا ہونے والے بچوں نے نشو ونما نہیں پائی یہ مختلف اقوام کے بچے تھے یہ ان عورتوں کے اولاد تھے جنہیں بنی اسرائیل نے دوسری اقوام میں سے قیدی بنایا تھا ان لوگوں نے رائے کے مطابق بات کہنا شروع کی اور انہیں گمراہ کردیا۔

# بَابُ كَرَاهِيَةِ الْفُتْيَا

## باب 18: فتویٰ دینے کو مکروہ سمجھنا

**123**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ يَزِيْدَ الْمِنْقَرِيُّ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ جَآءَ رَجُلٌ يَوْمًا اِلَى ابْنِ عُمَرَ فَسَاَلَهُ عَنْ شَىْءٍ لَآ اَدْرِىْ مَا هُوَ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عُمَرَ لَا تَسْاَلْ عَمَّا لَمْ يَكُنْ فَاِنِّىْ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَلْعَنُ مَنْ سَاَلَ عَمَّا لَمْ يَكُنْ

☆☆ حماد بن یزید بیان کرتے ہیں' میرے والد یہ بات بیان کرتے ہیں ایک دن ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے ایسی چیز کے بارے میں دریافت کیا جس کا مجھے پتہ نہیں چل سکا کہ وہ کیا معاملہ تھا' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس سے کہا کہ ایسا سوال نہ کیا کرو جو پیش نہ آیا ہو کیونکہ میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو ایسے شخص پر لعنت کرتے سنا ہے جو ایسا سوال کرتا تھا جو پیش نہ آیا ہو۔

**124**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِىَّ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا سُئِلَ عَنِ الْاَمْرِ اَكَانَ هٰذَا فَاِنْ قَالُوْا نَعَمْ قَدْ كَانَ حَدَّثَ فِيْهِ بِالَّذِىْ يَعْلَمُ وَالَّذِىْ يَرٰى وَاِنْ قَالُوْا لَمْ يَكُنْ قَالَ فَذَرُوْهُ حَتّٰى يَكُوْنَ

☆☆ حضرت زید بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے جب ان سے کسی معاملے کے بارے میں دریافت کیا جاتا تو وہ یہ دریافت کرتے کہ کیا یہ درپیش ہو چکا ہے اگر لوگ یہ جواب دیتے جی ہاں ایسا پیش آ چکا ہے تو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اپنے علم یا اپنی رائے کے مطابق اس بارے میں بیان کر دیتے' لیکن اگر لوگ یہ کہتے کہ یہ پیش نہیں آیا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ یہ فرماتے اسے اس وقت تک رہنے دو جب تک پیش نہ آ جائے۔

**125**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ هِشَامٍ الْمَخْزُوْمِىُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ سُئِلَ عَمَّارُ بْنُ يَاسِرٍ عَنْ مَسْاَلَةٍ فَقَالَ هَلْ كَانَ هٰذَا بَعْدُ قَالُوْا لَا قَالَ دَعُوْنَا حَتّٰى يَكُوْنَ فَاِذَا كَانَتْ تَجَشَّمْنَاهَا لَكُمْ

☆☆ حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ سے ایک مسئلے کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے دریافت کیا کیا یہ پیش آ چکا ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: نہیں' فرمایا: اسے اس وقت تک رہنے دو جب تک پیش نہ آ جائے جب پیش آ جائے گا تو ہم اس کی وجہ سے تمہارے لئے مشقت برداشت کر لیں گے۔

**126**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ طَاوُسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ عَلَى الْمِنْبَرِ اُحَرِّجُ بِاللّٰهِ عَلٰى رَجُلٍ سَاَلَ عَمَّا لَمْ يَكُنْ فَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَيَّنَ مَا هُوَ كَائِنٌ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے برسرِ منبر یہ بات ارشاد فرمائی میں اس شخص کو اللہ کا نام لے کر منع کرتا ہوں جو ایسی چیز کے بارے میں سوال کرے جو ظہور پذیر نہیں ہوئی۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے واضح طور پر بیان کر دیا جو کچھ بھی ہوگا۔

**127**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا

رَاَيْتُ قَوْمًا كَانُوْا خَيْرًا مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا سَاَلُوْهُ اِلَّا عَنْ ثَلَاثَ عَشْرَةَ مَسْاَلَةً حَتّٰى قُبِضَ كُلُّهُنَّ فِي الْقُرْاٰنِ مِنْهُنَّ (يَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الشَّهْرِ الْحَرَامِ) (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ) قَالَ مَا كَانُوْا يَسْاَلُوْنَ اِلَّا عَمَّا يَنْفَعُهُمْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے زیادہ کوئی قوم نہیں دیکھی ان لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال فرمانے تک صرف تیرہ چیزوں کے بارے میں سوال کیا تھا اور ان سب کا ذکر قرآن میں موجود ہے۔ جس میں ایک آیت یہ ہے۔

''لوگ تم سے حرمت والے مہینوں کے بارے میں سوال کرتے ہیں''۔

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں''

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ لوگ وہی سوال کرتے ہیں جس سے ان کو نفع حاصل ہو۔

**128**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ اِسْحٰقَ قَالَ لَمَنْ اَدْرَكْتُ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرُ مِمَّنْ سَبَقَنِيْ مِنْهُمْ فَمَا رَاَيْتُ قَوْمًا اَيْسَرَ سِيْرَةً وَّلَا اَقَلَّ تَشْدِيْدًا مِّنْهُمْ

☆☆ عمیر بن اسحٰق بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے جتنے اصحاب کو پایا ہے ان کی تعداد اس سے زیادہ ہے جو اصحاب مجھ سے پہلے گزر چکے تھے میں نے کسی بھی قوم کو سیرت کے اعتبار سے ان سے زیادہ نرم نہیں پایا اور شدت پسندی میں کم ہونے کے اعتبار سے ان سے زیادہ (بہتر نہیں پایا)

**129**- اَخْبَرَنِي الْعَبَّاسُ بْنُ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ اَخْبَرَنِيْ رَجَاءُ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُبَادَةَ بْنَ نُسَيٍّ الْكِنْدِيَّ وَسُئِلَ عَنِ امْرَاَةٍ مَّاتَتْ مَعَ قَوْمٍ لَّيْسَ لَهَا وَلِيٌّ فَقَالَ اَدْرَكْتُ اَقْوَامًا مَّا كَانُوْا يُشَدِّدُوْنَ تَشْدِيْدَكُمْ وَلَا يَسْاَلُوْنَ مَسَائِلَكُمْ

☆☆ عبادہ بن نسی کندی کے بارے میں منقول ہے ان سے ایک ایسی عورت کے بارے میں سوال کیا گیا کہ کچھ لوگوں کے ہمراہ مرجاتی ہے اس عورت کا کوئی ولی نہیں ہے تو انہوں نے جواب دیا: میں نے ان حضرات کو پایا ہے جو تمہاری طرح تشدد سے کام نہیں لیتے تھے اور تمہاری طرح کے سوالات نہیں پوچھا کرتے تھے۔

**130**- اَخْبَرَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ سُفْيَانَ اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ اَخْبَرَنِيْ رَجَاءُ بْنُ اَبِيْ سَلَمَةَ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ هِشَامِ ابْنِ مُسْلِمٍ الْقُرَشِيِّ قَالَ كُنْتُ مَعَ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ بِمَرْجِ الدِّيْبَاجِ فَرَاَيْتُ مِنْهُ خَلْوَةً فَسَاَلْتُهُ عَنْ مَّسْاَلَةٍ فَقَالَ لِيْ مَا تَصْنَعُ بِالْمَسَائِلِ قُلْتُ لَوْلَا الْمَسَائِلُ لَذَهَبَ الْعِلْمُ قَالَ لَا تَقُلْ ذَهَبَ الْعِلْمُ اِنَّهٗ لَا يَذْهَبُ الْعِلْمُ مَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ وَلٰكِنْ لَّوْ قُلْتَ يَذْهَبُ الْفِقْهُ

☆☆ ہشام بن مسلم قرشی بیان کرتے ہیں' میں ابن محیریز کے ہمراہ ''مرج دیباج'' میں تھا جب میں نے انہیں تنہا دیکھا تو میں نے ان سے ایک مسئلہ دریافت کیا انہوں نے مجھ سے فرمایا: تم مسائل کا کیا کرو گے؟ میں نے کہا: اگر مسائل نہ ہوں تو علم رخصت ہو

حدیث 127: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 12288

جائے گا انہوں نے فرمایا: تم یہ نہ کہو کہ علم رخصت ہو جائے گا جب تک قرآن پڑھا جاتا رہے گا علم رخصت نہیں ہوگا۔ البتہ تم یہ کہہ سکتے ہو کہ فقہ رخصت ہو جائے گی۔

**131**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ عُمَرَ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّا لَا نَدْرِىْ لَعَلَّنَا نَامُرُكُمْ بِاَشْيَاءَ لَا تَحِلُّ لَكُمْ وَلَعَلَّنَا نُحَرِّمُ عَلَيْكُمْ اَشْيَاءَ هِىَ لَكُمْ حَلَالٌ اِنَّ اٰخِرَ مَا نَزَلَ مِنَ الْقُرْاٰنِ اٰيَةُ الرِّبَا وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يُبَيِّنْهَا لَنَا حَتّٰى مَاتَ فَدَعُوْا مَا يَرِيْبُكُمْ اِلٰى مَا لَا يَرِيْبُكُمْ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے: اے لوگو! بے شک ہم نہیں جانتے ہو سکتا ہے کہ ہم تم میں ایسی اشیاء کا حکم دیں جو تمہارے لئے جائز نہ ہوں اور شاید ہم تمہارے لیے ایسی اشیاء کو حرام قرار دیں جو تمہارے لئے حلال ہوں قرآن میں سب سے آخر میں سود سے متعلق آیت نازل ہوئی تھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے اس کی وضاحت نہیں کی۔ یہاں تک کہ آپ کا وصال ہو گیا اس لئے جو چیز تمہیں شک میں مبتلا کرے اسے چھوڑ کر اسے اختیار کرو جو تمہیں شک میں مبتلا نہ کرے۔

## بَابٌ مَّنْ هَابَ الْفُتْيَا وَكَرِهَ التَّنَطُّعَ وَالتَّبَدُّعَ

## باب 19: جو شخص فتویٰ دینے سے بچے اور مبالغہ آمیز اور بدعت کے بیان کو ناپسند کرے

**132**- اَخْبَرَنَا سَلْمُ بْنُ جُنَادَةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ عَمِّهِ قَالَ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِ اِبْرَاهِيْمَ فَاسْتَقْبَلَنِىْ حَمَّادٌ فَحَمَّلَنِىْ ثَمَانِيَةَ اَبْوَابٍ مَسَائِلَ فَسَاَلْتُهُ فَاَجَابَنِىْ عَنْ اَرْبَعٍ وَتَرَكَ اَرْبَعًا

☆☆ ابن ادریس اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں ابراہیم کے پاس سے اُٹھ کر آیا تو میرا سامنا حماد سے ہوا میں نے آٹھ مسائل یاد کئے تھے میں نے ان سے پوچھے تو انہوں نے چار کے جواب دیئے اور چار کے جواب نہیں دیئے۔

**133**- اَخْبَرَنَا قَبِيْصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبْجَرَ عَنْ زُبَيْدٍ قَالَ مَا سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ شَىْءٍ اِلَّا عَرَفْتُ الْكَرَاهِيَةَ فِىْ وَجْهِهٖ

☆☆ زبید بیان کرتے ہیں میں نے ابراہیم سے جب بھی کوئی سوال کیا تو ان کے چہرے پر ناپسندیدگی کے آثار دیکھے۔

**134**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَبِىْ زَائِدَةَ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَكْثَرَ اَنْ يَّقُوْلَ اِذَا سُئِلَ عَنْ شَىْءٍ لَا عِلْمَ لِىْ بِهٖ مِنَ الشَّعْبِىِّ

☆☆ عمر بن ابی زائدہ بیان کرتے ہیں: میں نے شعبی سے زیادہ کسی شخص کو جب اس سے کسی چیز کے بارے میں یہ سوال کیا گیا ہو یہ جواب دیتے ہوئے نہیں دیکھا مجھے اس کا علم نہیں ہے۔

**135**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ سَمِعْتُهُ يَذْكُرُ قَالَ كَانَ الشَّعْبِىُّ اِذَا جَاءَهُ شَىْءٌ اتَّقٰى وَكَانَ اِبْرَاهِيْمُ يَقُوْلُ وَيَقُوْلُ وَيَقُوْلُ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ كَانَ الشَّعْبِىُّ فِىْ هٰذَا اَحْسَنَ حَالًا عِنْدَ ابْنِ عَوْنٍ مِّنْ اِبْرَاهِيْمَ

☆☆ ابن عون بیان کرتے ہیں شعبی کے سامنے جب کوئی سوال آتا تھا تو وہ بچنے کی کوشش کرتے تھے جبکہ ابراہیم ایک جواب دیتے تھے پھر ایک جواب دیتے تھے پھر ایک جواب دیتے تھے۔

ابو عاصم کہتے ہیں اس بارے میں شعبی کی حالت ابراہیم سے بہتر تھی یہ ابن عون کا خیال ہے۔

**136**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ بَشِيْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اِيَاسٍ قَالَ قُلْتُ لِسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ مَا لَكَ لَا تَقُوْلُ فِي الطَّلَاقِ شَيْئًا قَالَ مَا مِنْهُ شَيْءٌ اِلَّا قَدْ سَاَلْتُ عَنْهُ وَلٰكِنِّيْ اَكْرَهُ اَنْ اُحِلَّ حَرَامًا اَوْ اُحَرِّمَ حَلَالًا

☆☆ جعفر بن ایاس فرماتے ہیں: میں نے سعید بن جبیر سے کہا آپ طلاق کے بارے میں کوئی فتویٰ کیوں نہیں دیتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: اس معاملے کے ہر پہلو کے بارے میں مجھ سے سوال کیا جاتا ہے لیکن میں یہ بات ناپسند کرتا ہوں کہ میں کسی حرام چیز کو حلال قرار دے دوں یا حلال چیز کو حرام قرار دے دوں۔

**137**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ اَبِيْ لَيْلٰى يَقُوْلُ لَقَدْ اَدْرَكْتُ فِيْ هٰذَا الْمَسْجِدِ عِشْرِيْنَ وَمِائَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ وَمَا مِنْهُمْ مِنْ اَحَدٍ يُحَدِّثُ بِحَدِيْثٍ اِلَّا وَدَّ اَنَّ اَخَاهُ كَفَاهُ الْحَدِيْثَ وَلَا يُسْاَلُ عَنْ فُتْيَا اِلَّا وَدَّ اَنَّ اَخَاهُ كَفَاهُ الْفُتْيَا

☆☆ عبدالرحمن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں: میں نے اس مسجد میں ایک سو بیس انصاری صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو پایا ہے۔ ان میں سے کوئی ایک بھی حدیث بیان نہیں کرتا تھا اس کی یہی خواہش ہوتی تھی کہ اس کا کوئی بھائی حدیث بیان کر دے اور ان سے جب کوئی فتویٰ طلب کیا جاتا تو بھی ان کی یہی خواہش ہوتی تھی کہ ان کا کوئی بھائی فتویٰ دیدے۔

**138**- حَدَّثَنَا يُوْسُفُ بْنُ يَعْقُوْبَ الصَّفَّارُ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ دَاوُدَ قَالَ سَاَلْتُ الشَّعْبِيَّ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُوْنَ اِذَا سُئِلْتُمْ قَالَ عَلَى الْخَبِيْرِ وَقَعْتَ كَانَ اِذَا سُئِلَ الرَّجُلُ قَالَ لِصَاحِبِهِ اَفْتِهِمْ فَلَا يَزَالُ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَى الْاَوَّلِ

☆☆ داؤد بیان کرتے ہیں میں نے شعبی سے سوال کیا جب آپ حضرات سے سوال کیا جاتا ہے تو آپ کیا کرتے ہیں انہوں نے جواب دیا: تم نے واقف حال شخص سے بات پوچھی ہے جب کسی شخص سے سوال کیا جائے وہ اپنے ساتھی سے یہ کہے تم انہیں فتویٰ دو اور اسی طرح ہوتا رہے یہاں تک کہ وہی سوال پہلے شخص کے پاس آ جائے۔

**139**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ الْمُنْكَدِرِ قَالَ اِنَّ الْعَالِمَ يَدْخُلُ فِيْمَا بَيْنَ اللّٰهِ وَبَيْنَ عِبَادِهٖ فَلْيَطْلُبْ لِنَفْسِهِ الْمَخْرَجَ

☆☆ ابن منکدر بیان کرتے ہیں: عالم شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے بندوں کے درمیان داخل ہو جاتا ہے اس لئے اسے اپنے نکلنے کا راستہ تلاش کرنا چاہیے۔

**140**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ اَخْرَجَ اِلَيَّ مَعْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كِتَابًا فَحَلَفَ لِيْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ خَطُّ اَبِيْهِ فَاِذَا فِيْهِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَالَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشَدَّ عَلَى الْمُتَنَطِّعِيْنَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا رَاَيْتُ اَحَدًا كَانَ اَشَدَّ عَلَيْهِمْ مِنْ اَبِيْ بَكْرٍ وَّاِنِّيْ لَاَرٰى عُمَرَ كَانَ اَشَدَّ خَوْفًا عَلَيْهِمْ اَوْ لَهُمْ

☆☆ مسعر بیان کرتے ہیں معن بن عبدالرحمن نے ایک تحریر میرے سامنے نکالی اور میرے سامنے اللہ کے نام پر قسم اٹھا کر یہ کہا

کہ یہ ان کے والد کا خط ہے اس میں یہ تحریر تھا۔ عبداللہ فرماتے ہیں: اس ذات کی قسم! جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے میں نے ایسے کسی شخص کو نہیں دیکھا جو مبالغہ آمیزی کرنے والے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ سے زیادہ سخت ہو اور میں نے ایسے کسی شخص کو نہیں دیکھا جو اس طرح کے لوگوں کے بارے میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے زیادہ سخت ہو اور میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو دیکھا ہے کہ وہ اس طرح کے لوگوں کے بارے میں شدید خوف کا شکار تھے۔

**141- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ حَاضِرٍ الْاَزْدِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَقُلْتُ اَوْصِنِيْ فَقَالَ نَعَمْ عَلَيْكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَالِاسْتِقَامَةِ اتَّبِعْ وَلَا تَبْتَدِعْ**

☆☆ عثمان بن حاضر ازدی بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی مجھے کوئی نصیحت کریں۔ جواب دیا' ہاں تم اللہ کے خوف کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ استقامت کو لازم کرلو (حدیث کی پیروی کرو) بدعت کی پیروی نہ کرو۔

**142- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كَانُوْا يَرَوْنَ اَنَّهُ عَلَى الطَّرِيْقِ مَا كَانَ عَلَى الْاَثَرِ**

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: پہلے زمانے کے لوگ یہ سمجھتے تھے کہ جب تک وہ سنت کی پیروی کرتے رہیں گے وہ صحیح راستے پر گامزن رہیں گے۔

**143- اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسَى حَدَّثَنَا اَزْهَرُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ مَا دَامَ عَلَى الْاَثَرِ فَهُوَ عَلَى الطَّرِيْقِ**

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: آدمی جب تک سنت کی پیروی کرتا رہے وہ سیدھے راستے پر گامزن رہتا ہے۔

**144- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ قَبْلَ اَنْ يُقْبَضَ وَقَبْضُهُ اَنْ يَذْهَبَ اَهْلُهُ اَلَا وَاِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ وَالتَّعَمُّقَ وَالْبِدَعَ وَعَلَيْكُمْ بِالْعَتِيْقِ**

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: علم کے قبض ہو جانے سے پہلے علم حاصل کرلو اس کا قبض ہو جانا یہ ہے کہ اہل علم رخصت ہو جائیں اور خبردار! مبالغہ آمیز باتیں کرنے سے بچو اور بال کی کھال نکالنے والوں سے اور بدعت لانے والوں سے بچو اور اپنے اوپر سنت کو لازم کرلو۔

**145- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ وَّاَبُو النُّعْمَانِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ قَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ قَبْلَ اَنْ يُقْبَضَ وَقَبْضُهُ اَنْ يُذْهَبَ بِاَصْحَابِهِ عَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ فَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَا يَدْرِيْ مَتَى يُفْتَقَرُ اِلَيْهِ اَوْ يُفْتَقَرُ اِلَى مَا عِنْدَهُ اِنَّكُمْ سَتَجِدُوْنَ اَقْوَامًا يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ يَدْعُوْنَكُمْ اِلَى كِتَابِ اللّٰهِ وَقَدْ نَبَذُوْهُ وَرَاءَ ظُهُوْرِهِمْ فَعَلَيْكُمْ بِالْعِلْمِ وَاِيَّاكُمْ وَالتَّبَدُّعَ وَاِيَّاكُمْ وَالتَّنَطُّعَ وَاِيَّاكُمْ وَالتَّعَمُّقَ وَعَلَيْكُمْ بِالْعَتِيْقِ**

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: علم کے رخصت ہو جانے سے پہلے علم کو اپنے اوپر لازم کرلو۔ اس کا قبض ہو جانا

---

حدیث 144: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 228

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 8845

یہ ہے کہ اس کے ماہرین رخصت ہو جائیں تو علم کو لازم کرلو کیونکہ تم میں سے کوئی ایک شخص بھی یہ نہیں جانتا کہ اسے کب اس کی ضرورت پیش آجائے یا کسی اور کو اس کے پاس موجود علم کی ضرورت پیش آجائے۔ تم عنقریب ایسے لوگوں کو پاؤ گے جو یہ گمان رکھتے ہوں گے کہ وہ تمہیں اللہ کی کتاب کی طرف دعوت دے رہے ہیں حالانکہ وہ اس کتاب کو اپنی پشت کے پیچھے پھینک چکے ہوں گے۔ اس لئے تم علم کو لازمی طور پر اختیار کرو اور بدعت اختیار کرنے سے بچو اور مبالغہ آمیزی اختیار کرنے سے بچو اور بال کی کھال نکالنے سے بچو اور سنت کو اپنے اوپر لازم کرلو۔

**146**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ صَبِيغٌ قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَجَعَلَ يَسْاَلُ عَنْ مُتَشَابِهِ الْقُرْاٰنِ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ عُمَرُ وَقَدْ اَعَدَّ لَهُ عَرَاجِينَ النَّخْلِ فَقَالَ مَنْ اَنْتَ قَالَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ صَبِيغٌ فَاَخَذَ عُمَرُ عُرْجُونًا مِنْ تِلْكَ الْعَرَاجِينِ فَضَرَبَهُ وَقَالَ اَنَا عَبْدُ اللّٰهِ عُمَرُ فَجَعَلَ لَهُ ضَرْبًا حَتّٰى دَمِيَ رَاْسُهُ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ حَسْبُكَ قَدْ ذَهَبَ الَّذِيْ كُنْتُ اَجِدُ فِيْ رَاْسِيْ

☆☆ حضرت سلیمان بن یسار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص جس کا نام صبیغ تھا وہ مدینہ آیا اور قرآن کے متشابہات کے بارے میں سوال کرنے لگا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کی طرف کسی شخص کو بھیجا اور اس شخص کے لئے کچھ کھجور کی شاخوں کی سوٹیاں تیار کر لیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم کون ہو؟ اس نے جواب دیا: میں اللہ کا بندہ صبیغ ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سوٹیوں میں سے ایک سوٹی پکڑی اور اسے مار کر کہا کہ میں اللہ کا بندہ عمر ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ لگاتار اسے مارتے رہے یہاں تک کہ اس کے سر میں سے خون نکلنے لگا۔ وہ بولا اے امیر المؤمنین اتنا ہی کافی ہے کیونکہ میرے دماغ میں جو فتور موجود تھا وہ چلا گیا۔

**147**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ وَيَزِيْدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَلَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ (هُوَ الَّذِيْ اَنْزَلَ عَلَيْكَ الْكِتَابَ مِنْهُ اٰيَاتٌ مُحْكَمَاتٌ هُنَّ اُمُّ الْكِتَابِ وَاُخَرُ مُتَشَابِهَاتٌ) فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُ الَّذِينَ يَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ مِنْهُ فَاحْذَرُوْهُمْ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت تلاوت کی۔

حدیث **147**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **4273**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2665**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4598**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2993**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **47**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24256**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **73**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1432**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **941**

"وہی وہ ذات ہے جس نے تم پر کتاب نازل کی ہے جس میں سے بعض آیات محکم ہیں یہی کتاب کی بنیاد ہے اور بعض دیگر متشابہہ ہیں"۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تم ایسے لوگوں کو دیکھو جو قرآن کے متشابہات کی پیروی کرتے ہوں تو ان سے بچو۔

**148-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شَقِيْقٍ قَالَ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ شَیْءٍ فَقَالَ اِنِّیْ لَاَكْرَهُ اَنْ اُحِلَّ لَكَ شَيْئًا حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَيْكَ اَوْ اُحَرِّمَ مَا اَحَلَّهُ اللّٰهُ لَكَ

☆☆ شقیق بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: مجھے یہ بات ناپسند ہے کہ میں تمہارے لئے کسی ایسی چیز کو حلال قرار دوں جسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے حرام قرار دیا ہو یا میں کسی ایسی چیز کو حرام قرار دوں جسے اللہ تعالیٰ نے حلال قرار دیا ہو۔

**149-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ الْفَزَارِیِّ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ لَاَنْ اَرُدَّهُ بِعِيِّهِ اَحَبُّ اِلَیَّ مِنْ اَنْ اَتَكَلَّفَ لَهُ مَا لَا اَعْلَمُ

☆☆ حمید بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں (کسی سوال کا جواب دینے سے) عاجز ہونے کا اعتراف کرتے ہوئے سوال کو واپس کرنا میرے نزدیک اس بات سے زیادہ پسندیدہ ہے کہ میں جس چیز کا علم نہیں رکھتا اس کے بارے میں اپنی طرف سے ایجاد کر کے کوئی جواب دوں۔

**150-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ اَخْبَرَنِی ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ نَافِعٍ مَوْلٰی عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ صَبِيْغًا الْعِرَاقِیَّ جَعَلَ يَسْاَلُ عَنْ اَشْيَاءَ مِنَ الْقُرْاٰنِ فِیْ اَجْنَادِ الْمُسْلِمِيْنَ حَتّٰی قَدِمَ مِصْرَ فَبَعَثَ بِهٖ عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ اِلٰی عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَلَمَّا اَتَاهُ الرَّسُوْلُ بِالْكِتَابِ فَقَرَاَهُ فَقَالَ اَيْنَ الرَّجُلُ قَالَ فِی الرَّحْلِ قَالَ عُمَرُ اَبْصِرْ اَيَكُوْنُ ذَهَبَ فَتُصِيْبَكَ مِنْهُ الْعُقُوْبَةُ الْمُوْجِعَةُ فَاَتَاهُ بِهٖ فَقَالَ عُمَرُ تَسْاَلُ مُحْدَثَةً وَّاَرْسَلَ عُمَرُ اِلٰی رَطَائِبَ مِنْ جَرِيْدٍ فَضَرَبَهُ بِهَا حَتّٰی تَرَكَ ظَهْرَهُ دَبِرَةً ثُمَّ تَرَكَهُ حَتّٰی بَرَاَ ثُمَّ عَادَ لَهُ ثُمَّ تَرَكَهُ حَتّٰی بَرَاَ فَدَعَا بِهٖ لِيَعُوْدَ لَهُ قَالَ فَقَالَ صَبِيْغٌ اِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ قَتْلِیْ فَاقْتُلْنِیْ قَتْلًا جَمِيْلًا وَّاِنْ كُنْتَ تُرِيْدُ اَنْ تُدَاوِيَنِیْ فَقَدْ وَاللّٰهِ بَرَاْتُ فَاَذِنَ لَهُ اِلٰی اَرْضِهٖ وَكَتَبَ اِلٰی اَبِیْ مُوْسَی الْاَشْعَرِیِّ اَنْ لَّا يُجَالِسَهُ اَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاشْتَدَّ ذٰلِكَ عَلَی الرَّجُلِ فَكَتَبَ اَبُوْ مُوْسٰی اِلٰی عُمَرَ اَنْ قَدْ حَسُنَتْ تَوْبَتُهُ فَكَتَبَ عُمَرُ اَنِ ائْذَنْ لِلنَّاسِ بِمُجَالَسَتِهٖ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام نافع بیان کرتے ہیں: صبیغ عراقی نامی ایک شخص مسلمانوں کے ایک لشکر میں قرآن سے متعلق بعض سوال کیا کرتا تھا وہ مصر آیا تو حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے اسے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس بھیج دیا۔ جب قاصد حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ کا خط لے کر آیا اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پڑھ لیا تو دریافت کیا یہ شخص کہاں ہے قاصد نے جواب دیا: پڑاؤ میں ہے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا اس کا خیال رکھنا وہ چلا نہ جائے۔ ورنہ میں تمہیں سخت سزا دوں گا پھر اس شخص کو حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے پاس لایا گیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نئے قسم کے سوالات کرتے ہو۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لکڑی کی سوٹیاں منگوائی اور ان کے ذریعے اس کی پٹائی کر کے اس کی پشت کو زخمی کر دیا پھر اسے چھوڑ دیا جب وہ ٹھیک ہو گیا تو دوبارہ اسے اسی

طرح مارا پھراسے چھوڑ دیا اور دوبارہ جب وہ ٹھیک ہوا پھر اسے بلایا تا کہ دوبارہ اسے ماریں تو صبیغ نامی شخص نے یہ کہا: اگر آپ مجھے قتل کرنا چاہتے ہیں تو اچھے طریقے سے قتل کریں اور اگر آپ میرا علاج کرنا چاہتے ہیں تو اللہ کی قسم میں اب ٹھیک ہو گیا ہوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے اجازت دی کہ وہ اپنے علاقے میں واپس چلا جائے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا کہ کوئی بھی مسلمان اس شخص کے پاس نہ بیٹھے یہ بات اس شخص کیلئے بڑی پریشانی کا باعث بنی پھر حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا کہ اس شخص نے اچھی طرح سے توبہ کر لی ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: اب تم لوگوں کو اس کے پاس بیٹھنے کی اجازت دے سکتے ہو۔

**151**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِيْ خَالِدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَامِرًا يَقُوْلُ اسْتَفْتَى رَجُلٌ اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ فَقَالَ يَا اَبَا الْمُنْذِرِ مَا تَقُوْلُ فِيْ كَذَا وَكَذَا قَالَ يَا بُنَيَّ اَكَانَ الَّذِيْ سَاَلْتَنِيْ عَنْهُ قَالَ لَا قَالَ اَمَّا لَا فَاَجِّلْنِيْ حَتّٰى يَكُوْنَ فَنُعَالِجَ اَنْفُسَنَا حَتّٰى نُخْبِرَكَ

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں ایک شخص نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کوئی فتویٰ دریافت کیا اور کہا اے ابوالمنذر آپ فلاں مسئلے کے بارے میں کیا کہتے ہیں' انہوں نے جواب دیا: اے میرے بیٹے! تم نے جس چیز کے بارے میں مجھ سے سوال کیا ہے وہ رونما ہو چکی ہے اس نے جواب دیا: نہیں تو حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر نہیں ہوئی تو پھر رہنے دو مجھے مہلت دو جب تک وہ رونما ہو نہ جائے ہم اپنے نفس کا علاج کرتے ہیں' یہاں تک کہ ہم تمہیں اس بارے میں بتا دیں گے۔

**152**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ فَاَخْبَرَنَا عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ كُنْتُ اَمْشِيْ مَعَ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَقَالَ فَتًى مَا تَقُوْلُ يَا عَمَّاهُ فِيْ كَذَا وَكَذَا قَالَ يَا ابْنَ اَخِيْ اَكَانَ هٰذَا قَالَ لَا قَالَ فَاَعْفِنَا حَتّٰى يَكُوْنَ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں' میں حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ کے ساتھ کہیں جا رہا تھا ایک نوجوان نے کہا اے چچا جان! آپ فلاں مسئلے کے بارے میں کیا کہتے ہیں انہوں نے جواب دیا۔ اے میرے بھتیجے! کیا وہ رونما ہو چکا ہے اس شخص نے جواب دیا' نہیں تو حضرت اُبی رضی اللہ عنہ نے فرمایا جب تک وہ رونما ہو نہیں جاتا تم مجھے معاف رکھو۔

**153**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ اِذَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ لَمْ يُجِبْ فِيْهِ اِلَّا جَوَابَ الَّذِيْ سُئِلَ عَنْهُ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں' ابراہیم سے جب کوئی سوال کیا جاتا تو وہ صرف اتنا ہی جواب دیتے تھے جتنا سوال کیا جاتا تھا۔

**154**- اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ وُهَيْبٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّهٗ كَانَ لَا يُفْتِيْ فِي الْفَرْجِ بِشَيْءٍ فِيْهِ اخْتِلَافٌ

☆☆ محمد بن سیرین کے بارے میں منقول ہے کہ وہ سہولت کے بارے میں کوئی ایسا فتویٰ نہیں دیتے تھے جس میں اختلاف پایا جاتا ہو۔

**155**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا الصَّلْتُ بْنُ رَاشِدٍ قَالَ سَاَلْتُ طَاوُسًا عَنْ

مَسْأَلَةٍ فَقَالَ لِي كَانَ هٰذَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اللّٰهِ قُلْتُ اللّٰهِ ثُمَّ قَالَ إِنَّ أَصْحَابَنَا أَخْبَرُونَا عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ أَنَّهُ قَالَ يَا أَيُّهَا النَّاسُ لَا تَعْجَلُوا بِالْبَلَاءِ قَبْلَ نُزُولِهِ فَيَذْهَبُ بِكُمْ هَا هُنَا وَهَا هُنَا فَإِنَّكُمْ إِنْ لَمْ تَعْجَلُوا بِالْبَلَاءِ قَبْلَ نُزُولِهِ لَمْ يَنْفَكَّ الْمُسْلِمُونَ أَنْ يَكُونَ فِيهِمْ مَنْ إِذَا سُئِلَ سَدَّدَ وَإِذَا قَالَ وُفِّقَ

☆☆ صلت بن راشد بیان کرتے ہیں میں نے طاؤس سے ایک مسئلہ دریافت کیا انہوں نے مجھ سے فرمایا کیا یہ رونما ہو چکا ہے۔ میں نے جواب دیا: جی ہاں! انہوں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! میں نے جواب دیا: اللہ کی قسم! انہوں نے فرمایا: ہمارے اصحاب نے ہمیں یہ بات بتائی ہے کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے فرمایا تھا اے لوگو کسی نئی صورتحال کے نازل ہونے سے پہلے اس کے بارے میں جلدی نہ کرو ورنہ وہ تمہیں ادھر ادھر بھٹکا دے گی اگر تم نئی صورت حال کے نازل ہونے سے پہلے جلدی نہیں کرو گے تو اس بارے میں مسلمان انتشار کا شکار نہیں ہوں گے اور ان میں سے کوئی ایسا شخص ہوگا جس سے سوال کیا جائے گا تو وہ صحیح جواب دے گا اور جب جواب دے گا تو اسے توفیق عنایت کی جائے گی۔

**156**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سَأَلْتُهُ عَنْ رَجُلٍ أَدْرَكَهُ رَمَضَانَانِ فَقَالَ أَكَانَ أَوْ لَمْ يَكُنْ قَالَ لَمْ يَكُنْ بَعْدُ فَقَالَ اتْرُكْ بَلِيَّةً حَتَّى تَنْزِلَ قَالَ فَدَلَّسْنَا لَهُ رَجُلًا فَقَالَ قَدْ كَانَ فَقَالَ يُطْعِمُ عَنِ الْأَوَّلِ مِنْهُمَا ثَلَاثِينَ مِسْكِينًا لِكُلِّ يَوْمٍ مِسْكِينٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے میں نے ان سے ایک ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا (جس نے دو رمضان پائے ہوں) اور روزے نہ رکھے ہوں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے دریافت کیا کیا یہ واقعہ رونما ہو چکا ہے یا نہیں سائل نے کہا یہ رونما نہیں ہوا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا: تم اس نئی صورتحال کو رہنے دو یہاں تک کہ یہ رونما ہو جائے۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر ہم نے انہیں ایک فرضی شخص سے ملوایا اس نے یہ کہا کہ یہ واقعہ رونما ہو چکا ہے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ فتویٰ دیا وہ شخص دونوں سالوں میں سے پہلے سال کی طرف سے تیس مسکینوں کو کھانا کھلائے گا ایک روزے کے عوض میں ایک مسکین کو کھانا کھلائے گا۔

**157**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْعُمَرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ جُرَيْجٍ قَالَ كُنْتُ أَجْلِسُ بِمَكَّةَ إِلَى ابْنِ عُمَرَ يَوْمًا وَإِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ يَوْمًا فَمَا يَقُولُ ابْنُ عُمَرَ فِيمَا يُسْأَلُ لَا عِلْمَ لِي أَكْثَرُ مِمَّا يُفْتِي بِهِ

☆☆ عبید بن جریج بیان کرتے ہیں، میں مکہ میں ایک دن حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوتا تھا اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں ایک دن حاضر ہوتا تھا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے جو سوال کیا جاتا تھا وہ اس کے جواب میں فتویٰ دینے میں زیادہ تر یہی کہتے تھے مجھے اس کا علم نہیں ہے۔

**158**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ: قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تَعَلَّمُوا فَإِنَّ أَحَدَكُمْ لَا يَدْرِي مَتَى يُخْتَلَفُ إِلَيْهِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: علم حاصل کرو کیونکہ تم میں سے کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ کب کسی اختلافی مسئلے کے بارے میں اس کے پاس آیا جائے گا۔

# بَابُ الْفُتْيَا وَمَا فِيهِ مِنَ الشِّدَّةِ

## باب20: فتویٰ دینا اور اس بارے میں شدت

**159**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي اَيُّوبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي جَعْفَرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَجْرَؤُكُمْ عَلَى الْفُتْيَا اَجْرَؤُكُمْ عَلَى النَّارِ

☆☆ حضرت عبیداللہ بن ابوجعفر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے تم میں فتویٰ دینے کے مقابلے میں سب سے زیادہ جرأت وہ شخص کرے گا جو جہنم کے بارے میں سب سے زیادہ جرأت مند ہو۔

**160**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَبْدَةَ بْنِ اَبِي لُبَابَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ اَحْدَثَ رَاْيًا لَيْسَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ تَمْضِ بِهِ سُنَّةٌ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَدْرِ عَلٰى مَا هُوَ مِنْهُ اِذَا لَقِيَ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جو شخص اپنی ایسی رائے ایجاد کرے جو اللہ کی کتاب میں نہ ہو اور اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت بھی موجود نہ ہو اور اسے یہ پتہ نہیں ہے کہ جب وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا تو اس کا کیا حال ہوگا۔

**161**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ عَمْرٍو الْمَعَافِرِيُّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ مُسْلِمِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اُفْتِيَ بِفُتْيَا مِنْ غَيْرِ ثَبْتٍ فَاِنَّمَا اِثْمُهُ عَلٰى مَنْ اَفْتَاهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص کسی دلیل کے بغیر فتویٰ دے اس کا گناہ فتویٰ دینے والے کے سر ہوگا۔

**162**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي سِنَانٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْ اَفْتٰى بِفُتْيَا يَعْمٰى عَلَيْهَا فَاِثْمُهَا عَلَيْهِ

☆☆ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جو شخص کوئی ایسا فتویٰ دے جس سے وہ آگاہ نہیں ہے تو اس کا گناہ اس کے سر ہوگا۔

**163**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ حَدَّثَنَا مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ قَالَ كَانَ اَبُو بَكْرٍ اِذَا وَرَدَ عَلَيْهِ الْخَصْمُ نَظَرَ فِي كِتَابِ اللّٰهِ فَاِنْ وَجَدَ فِيهِ مَا يَقْضِي بَيْنَهُمْ قَضٰى بِهِ وَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِي الْكِتَابِ وَعَلِمَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذٰلِكَ الْاَمْرِ سُنَّةً قَضٰى بِهِ فَاِنْ اَعْيَاهُ خَرَجَ فَسَاَلَ الْمُسْلِمِينَ فَقَالَ

حدیث160: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 3657

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 53

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 436

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء 335

حدیث163: ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 20128

آتَانِي كَذَا وَكَذَا فَهَلْ عَلِمْتُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى فِيْ ذٰلِكَ بِقَضَاءٍ فَرُبَّمَا اجْتَمَعَ اِلَيْهِ النَّفَرُ كُلُّهُمْ يَذْكُرُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ قَضَاءً فَيَقُوْلُ اَبُوْ بَكْرٍ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ فِيْنَا مَنْ يَّحْفَظُ عَلٰى نَبِيِّنَا فَاِنْ اَعْيَاهُ اَنْ يَّجِدَ فِيْهِ سُنَّةً مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ رُءُوْسَ النَّاسِ وَخِيَارَهُمْ فَاسْتَشَارَهُمْ فَاِنْ اَجْمَعَ رَأْيُهُمْ عَلٰى اَمْرٍ قَضٰى بِهٖ

☆☆ میمون بن مہران بیان کرتے ہیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی بارگاہ میں جب کوئی شخص مسئلہ لے کر آتا تو وہ اللہ کی کتاب سے رہنمائی لیتے اگر وہ اللہ کی کتاب میں سے کوئی ایسا حکم پا لیتے۔ جس کی وجہ سے لوگوں کے درمیان فیصلہ کر سکتے تو اس کے مطابق فیصلہ کر دیتے اگر اللہ کی کتاب میں وہ بات موجود نہ ہوتی اور اس معاملے میں اللہ کے رسول کی سنت کا علم ہوتا تو وہ اس کے مطابق فیصلہ کر دیتے اگر یہ بھی نہ ہوتا تو پھر وہ مسلمانوں سے اس بارے میں دریافت کرتے اور ارشاد فرماتے میرے پاس فلاں فلاں شخص کو لے آؤ اور ارشاد فرماتے کیا تمہیں علم ہے کہ اللہ کے رسول نے اس بارے میں کوئی فیصلہ دیا ہو بعض اوقات ایسا بھی ہوتا کہ آپ کے پاس جو لوگ جمع ہوتے تو وہ اس بات کا ذکر کرتے کہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا فیصلہ ہے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے: ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لئے مخصوص ہے جس نے ہمارے درمیان ایسے حضرات رکھے ہیں جو ہمارے نبی کے فرامین کا علم رکھتے ہیں لیکن اگر اس بات کا بھی پتہ نہ چلتا کہ اللہ کے رسول کی سنت کا علم نہ ہوتا تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سمجھدار اور بزرگ لوگوں کو اکٹھا کر کے ان سے مشورہ کرتے اور جس معاملے میں ان کی رائے متفق ہوتی اس کا فیصلہ کر دیتے۔

**164**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى وَعَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ سُهَيْلٍ قَالَ كَانَ عَلَى امْرَاَتِيْ اعْتِكَافُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ فِي الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فَسَاَلْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَعِنْدَهُ ابْنُ شِهَابٍ قَالَ قُلْتُ عَلَيْهَا صِيَامٌ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ لَّا يَكُوْنُ اعْتِكَافٌ اِلَّا بِصِيَامٍ فَقَالَ لَهُ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَعَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَالَ فَعَنْ اَبِيْ بَكْرٍ قَالَ لَا قَالَ فَعَنْ عُمَرَ قَالَ لَا قَالَ فَعَنْ عُثْمَانَ قَالَ لَا قَالَ عُمَرُ مَا اَرٰى عَلَيْهَا صِيَامًا فَخَرَجْتُ فَوَجَدْتُ طَاوُسًا وَّعَطَاءَ بْنَ اَبِيْ رَبَاحٍ فَسَاَلْتُهُمَا فَقَالَ طَاوُسٌ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَّا يَرٰى عَلَيْهَا صِيَامًا اِلَّا اَنْ تَجْعَلَهُ عَلٰى نَفْسِهَا قَالَ وَقَالَ عَطَاءٌ ذٰلِكَ رَاْيِيْ

☆☆ حضرت ابوسہیل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میری بیوی پر' مسجد حرام میں تین دن تک اعتکاف کرنا لازم تھا۔ میں نے اس بارے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے سوال کیا اس وقت ان کے پاس ابن شہاب موجود تھے۔

ابوسہیل کہتے ہیں میں نے یہ کہا کہ میرے خیال میں اس عورت پر روزہ رکھنا بھی لازم ہے ابن شہاب نے فرمایا: روزے کے بغیر اعتکاف نہیں ہوتا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا۔ کیا یہ بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منقول ہے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں' حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: کیا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے سوال کیا کیا حضرت عمر سے منقول کیا ہے انہوں نے جواب دیا: نہیں' حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' کیا حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ سے منقول ہے انہوں نے جواب دیا: نہیں۔

حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میرے خیال میں اس پر روزے رکھنا لازم نہیں ہے۔ ابوسہیل بیان کرتے ہیں: میں وہاں

سے نکا میری ملاقات طاؤس اور عطاء بن ابی رباح سے ہوئی میں نے ان دونوں حضرات سے سوال کیا طاؤس نے جواب دیا' ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک ایسی عورت پر روزہ رکھنا لازم نہیں ہے۔ البتہ اس نے روزے کی بھی نذر مانی ہوتو لازم ہوگا عطاء نے جواب دیا: میری بھی یہی رائے ہے۔

**165**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَقِيلٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ قَالَ لَمَّا قَدِمَ اَبُوْ سَلَمَةَ الْبَصْرَةَ اَتَيْتُهُ اَنَا وَالْحَسَنُ فَقَالَ لِلْحَسَنِ اَنْتَ الْحَسَنُ مَا كَانَ اَحَدٌ بِالْبَصْرَةِ اَحَبَّ اِلَیَّ لِقَاءً مِنْكَ وَ ذٰلِكَ اَنَّهُ بَلَغَنِیْ اَنَّكَ تُفْتِیْ بِرَاْيِكَ فَلَا تُفْتِ بِرَاْيِكَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ سُنَّةٌ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ كِتَابٌ مُنْزَلٌ

☆☆ ابونضرہ بیان کرتے ہیں' جب حضرت ابوسلمہ بصرہ تشریف لائے تو میں اور حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ان کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے کہا تم حسن ہو بصرہ میں مجھے سب سے زیادہ تم سے ملاقات کی خواہش تھی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مجھے پتہ چلا ہے کہ تم اپنی رائے کے مطابق فتویٰ دیتے ہو تم اپنی رائے کے مطابق فتویٰ نہ دیا کرو بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے حوالے سے یا اللہ کی کتاب کے حکم کے حوالے سے فتویٰ دیا کرو۔

**166**- اَخْبَرَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عُقْبَةَ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ عَنْ جَابِرِ بْنِ زَيْدٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ لَقِيَهُ فِی الطَّوَافِ فَقَالَ لَهُ يَا اَبَا الشَّعْثَاءِ اِنَّكَ مِنْ فُقَهَاءِ الْبَصْرَةِ فَلَا تُفْتِ اِلَّا بِقُرْاٰنٍ نَاطِقٍ اَوْ سُنَّةٍ مَاضِيَةٍ فَاِنَّكَ اِنْ فَعَلْتَ غَيْرَ ذٰلِكَ هَلَكْتَ وَاَهْلَكْتَ

☆☆ حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' وہ طواف کے دوران حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ملے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے ان سے کہا: اے ابوشعثاء! تم بصرہ کے فقہاء میں سے ایک ہو تم صرف قرآن کے حکم کے ذریعے فتویٰ دیا کرو یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کے ذریعے فتویٰ دیا کرو' اگر تم اس کے علاوہ کسی دوسرے طریقے سے فتویٰ دو گے تو تم بھی ہلاک ہو جاؤ گے اور دوسروں کو بھی ہلاک کر دو گے۔

**167**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ ظُهَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَتٰى عَلَيْنَا زَمَانٌ لَسْنَا نَقْضِیْ وَلَسْنَا هُنَالِكَ وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ قَدَّرَ مِنَ الْاَمْرِ اَنْ قَدْ بَلَغْنَا مَا تَرَوْنَ فَمَنْ عَرَضَ لَهُ قَضَاءٌ بَعْدَ الْيَوْمِ فَلْيَقْضِ فِيهِ بِمَا فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ فَاِنْ جَاءَهُ مَا لَيْسَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ فَلْيَقْضِ بِمَا قَضٰى بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنْ جَاءَهُ مَا لَيْسَ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَقْضِ بِهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلْيَقْضِ بِمَا قَضٰى بِهِ الصَّالِحُوْنَ وَلَا يَقُلْ اِنِّیْ اَخَافُ وَاِنِّیْ اُرٰى فَاِنَّ الْحَرَامَ بَيِّنٌ وَالْحَلَالَ بَيِّنٌ وَبَيْنَ ذٰلِكَ اُمُوْرٌ مُشْتَبِهَةٌ فَدَعْ مَا يَرِيْبُكَ اِلٰى مَا لَا يَرِيْبُكَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہمارے اوپر ایسا زمانہ آگیا ہے جس میں ہم فیصلہ نہیں کر سکتے اور نہ ہی ہم

حدیث 167: ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء، 20130

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء، 8920

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ، 22991

یہاں رہ سکتے ہے لیکن بے شک اللہ تعالیٰ نے معاملہ طے کر دیا ہے ہم نے تبلیغ کر دی ہے۔ جیسا کہ تم جانتے ہو آج کے بعد جس شخص کو کوئی مسئلہ درپیش ہو وہ اس کے بارے میں اللہ کی کتاب میں جو موجود ہے اس کے مطابق فیصلہ کرے اگر کوئی ایسا مسئلہ آئے جو اللہ کی کتاب میں ذکر نہ ہو تو اسے چاہیے کہ اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کے مطابق فیصلہ دے اگر ایسی صورت حال ہو جس کے بارے میں اللہ کی کتاب میں بھی حکم موجود نہ ہو اور اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی کوئی فیصلہ نہ دیا ہو تو وہ اس بارے میں وہ فیصلہ دے جو نیک لوگ فیصلہ کرتے ہیں اور یہ نہ کہے مجھے یہ اندیشہ ہے یا میری رائے ہے کیونکہ حرام واضح ہے اور حلال واضح ہے اور ان دونوں کے درمیان متشابہ امور ہیں اس لئے جو چیز تمہیں شک میں مبتلا کرے اسے چھوڑ کر اسے اختیار کرو جو شک میں مبتلا نہ کرے۔

**168**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِذَا سُئِلَ عَنِ الْاَمْرِ فَكَانَ فِى الْقُرْاٰنِ اَخْبَرَ بِهٖ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِى الْقُرْاٰنِ وَكَانَ عَنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَ بِهٖ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فَعَنْ اَبِىْ بَكْرٍ وَّعُمَرَ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ قَالَ فِيْهِ بِرَاْيِهٖ

☆☆ حضرت عبید اللہ بن ابی یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے جب کسی مسئلے کے بارے میں دریافت کیا جاتا وہ قرآن میں موجود ہوتا تو وہ اس حوالے سے بتا دیتے تھے اگر وہ قرآن میں موجود نہ ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے منقول ہوتا تو وہ اس بارے میں بھی بتا دیتے تھے اگر ایسا بھی نہ ہوتا حضرت عمر رضی اللہ عنہ یا حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے تو وہ اس کے بارے میں بتا دیتے اور اگر یہ بھی نہ ہوتا تو وہ اپنی رائے کے مطابق جواب دیتے تھے۔

**169**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ شُرَيْحٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ كَتَبَ اِلَيْهِ اِنْ جَاءَ كَ شَىْءٌ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ فَاقْضِ بِهٖ وَلَا تَلْفِتْكَ عَنْهُ الرِّجَالُ فَاِنْ جَاءَ كَ مَا لَيْسَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ فَانْظُرْ سُنَّةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاقْضِ بِهَا فَاِنْ جَاءَ كَ مَا لَيْسَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَكُنْ فِيْهِ سُنَّةٌ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْظُرْ مَا اجْتَمَعَ عَلَيْهِ النَّاسُ فَخُذْ بِهٖ فَاِنْ جَاءَ كَ مَا لَيْسَ فِىْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَكُنْ فِىْ سُنَّةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَمْ يَتَكَلَّمْ فِيْهِ اَحَدٌ قَبْلَكَ فَاخْتَرْ اَىَّ الْاَمْرَيْنِ شِئْتَ اِنْ شِئْتَ اَنْ تَجْتَهِدَ بِرَاْيِكَ ثُمَّ تُقَدَّمَ فَتَقَدَّمْ وَاِنْ شِئْتَ اَنْ تَاَخَّرَ تَاَخَّرْ وَلَا اَرَى التَّاَخُّرَ اِلَّا خَيْرًا لَّكَ

☆☆ شریح بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے انہیں خط میں لکھا اگر تمہارے پاس کوئی ایسا مسئلہ آئے جو اللہ کی کتاب میں موجود ہو تو تم اس کے مطابق فیصلہ کرو اس کے بارے میں لوگوں کی طرف توجہ نہ کرو۔ اگر تمہارے پاس کوئی ایسا مسئلہ آئے جو اللہ کی کتاب میں موجود نہ ہو تو اس بارے میں اللہ کے رسول کی سنت کا جائزہ لو اور اس کے مطابق فیصلہ دو اگر تمہارے پاس ایسا مسئلہ آئے جو اللہ کی کتاب میں موجود نہ ہو اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت موجود نہ ہو تو تم اس بات کا جائزہ لو کہ لوگ جس معاملے پر متفق ہوں اس کے بارے میں فیصلہ دو اگر تمہارے پاس کوئی ایسا مسئلہ آئے اللہ کی کتاب کا حکم موجود نہ ہو اور اس بارے میں سنت موجود

حدیث 168: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء۔ 439

حدیث 169: ''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء۔ 20129

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 22990

نہ ہو اور تم سے پہلے لوگوں نے اس بارے میں کوئی رائے نہ دی ہو تو تم دو میں سے کسی ایک صورت کو اختیار کر سکتے ہو اگر تم چاہو تو اجتہاد کر کے اپنی رائے کے ذریعے فیصلہ دے کر آگے آ سکتے ہو اور اگر چاہو تو اس مسئلے میں سے پیچھے ہٹ جاؤ میرے خیال میں تمہارا اس مسئلے سے پیچھے ہٹ جانا زیادہ بہتر ہے۔

**170**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عُبَيْدِ اللَّهِ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ ابْنِ اَخِي الْمُغِيرَةِ ابْنِ شُعْبَةَ عَنْ نَاسٍ مِنْ اَهْلِ حِمْصٍ مِنْ اَصْحَابِ مُعَاذٍ عَنْ مُعَاذٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَهُ اِلَى الْيَمَنِ قَالَ اَرَاَيْتَ اِنْ عَرَضَ لَكَ قَضَاءٌ كَيْفَ تَقْضِي قَالَ اَقْضِي بِكِتَابِ اللَّهِ قَالَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِي كِتَابِ اللَّهِ قَالَ فَبِسُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ قَالَ اَجْتَهِدُ رَاْيِي وَلَا آلُو قَالَ فَضَرَبَ صَدْرَهُ ثُمَّ قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي وَفَّقَ رَسُولَ رَسُولِ اللَّهِ لِمَا يُرْضِي رَسُولَ اللَّهِ

☆☆ عمرو بن حارث جو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے بھتیجے ہیں۔ وہ حمص سے تعلق رکھنے والے حضرت معاذ کے شاگردوں کے حوالے سے یہ بات روایت کرتے ہیں' حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب انہیں یمن بھیجا تو دریافت کیا اگر تمہارے سامنے کوئی مقدمہ پیش کیا جائے تو تم کیا سمجھتے ہو تم کس طرح اس کا فیصلہ کرو گے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں اللہ کی کتاب کے مطابق اس کا فیصلہ کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اگر وہ حکم اللہ کی کتاب میں موجود نہ ہو؟ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی اللہ کے رسول کی سنت کے مطابق فیصلہ کروں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اگر وہ مسئلہ اللہ کے رسول کی سنت میں بھی موجود نہ ہو؟ تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے عرض کی۔ پھر میں اپنی رائے کے ذریعے اجتہاد کرنے کی کوشش کروں گا اور اس میں کوئی کمی نہیں کروں گا۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سینے پر ہاتھ مار کر ارشاد فرمایا' ہر طرح کی حمد اس اللہ کے لیے مخصوص ہے جس نے اللہ کے رسول کے نمائندے کو اس بات کی توفیق عطا کی جس کے ذریعے وہ اللہ کے رسول کو راضی کر دے۔

**171**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ حُرَيْثِ بْنِ ظُهَيْرٍ قَالَ اَحْسِبُهُ اَنَّ عَبْدَ اللَّهِ قَالَ قَدْ اَتَى عَلَيْنَا زَمَانٌ وَمَا نَسْاَلُ وَمَا نَحْنُ هُنَاكَ وَاِنَّ اللَّهَ قَدَّرَ اَنْ بَلَغْتُ مَا تَرَوْنَ فَاِذَا سُئِلْتُمْ عَنْ شَيْءٍ فَانْظُرُوا فِي كِتَابِ اللَّهِ فَاِنْ لَمْ تَجِدُوهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ فَفِي سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ فَاِنْ لَمْ تَجِدُوهُ فِي سُنَّةِ رَسُولِ اللَّهِ فَمَا اَجْمَعَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ فِيمَا اَجْمَعَ عَلَيْهِ الْمُسْلِمُونَ فَاجْتَهِدْ رَاْيَكَ وَلَا تَقُلْ اِنِّي اَخَافُ وَاَخْشَى فَاِنَّ الْحَلَالَ بَيِّنٌ وَّالْحَرَامَ بَيِّنٌ وَبَيْنَ ذَلِكَ اُمُورٌ مُشْتَبِهَةٌ فَدَعْ مَا يَرِيبُكَ اِلَى مَا لَا يَرِيبُكَ

---

حدیث **170**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22114**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **362**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **124**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3592**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **20126**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **559**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1327**

☆☆ حریث بن ظہیر بیان کرتے ہیں میرا یہ خیال ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی تھی۔ ہمارے سامنے ایک ایسا وقت آ گیا ہے جہاں ہم سے کوئی سوال نہیں کیا جاتا اور نہ ہی ہماری یہ حیثیت ہے۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بات تقدیر میں طے کی تھی کہ میں بھی وہاں تک پہنچوں جو تم دیکھ رہے ہو جب تم لوگوں سے کوئی مسئلہ دریافت کیا جائے تو تم اللہ کی کتاب میں اسے تلاش کرو۔ اگر اسے اللہ کی کتاب میں نہ پاؤ تو اللہ کے رسول کی سنت میں تلاش کرو۔ اگر اس مسئلے کو اللہ کے رسول کی سنت میں بھی نہ پاؤ تو جس بات پر مسلمانوں کا اتفاق ہو (اس کے مطابق حکم بیان کردو) اور اگر وہ ایسا مسئلہ ہو جس کے بارے میں مسلمانوں کا اتفاق نہ ہو تو تم اپنی رائے کے ذریعے اجتہاد کرو لیکن یہ نہ کہنا مجھے یہ اندیشہ ہے اور میں اس بات سے خوفزدہ ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ حلال بھی واضح ہے اور حرام بھی واضح ہے اور ان کے درمیان کچھ مشتبہ امور ہیں اس لیے تم اس چیز کو چھوڑ دو جو تمہیں شک میں مبتلا کرے اور اسے اختیار کرو جس کے بارے میں تمہیں کوئی شک نہ ہو۔

**172- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ عَنْ أَبِي عَوَانَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ نَحْوَهُ**

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**173- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بِنَحْوِهِ**

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**174- أَخْبَرَنَا هَارُونُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّكُمْ سَتُحْدِثُونَ وَيُحْدَثُ لَكُمْ فَإِذَا رَأَيْتُمْ مُحْدَثَةً فَعَلَيْكُمْ بِالْأَمْرِ الْأَوَّلِ قَالَ حَفْصٌ كُنْتُ أُسْنِدُ عَنْ حَبِيبٍ عَنْ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ثُمَّ دَخَلَنِي مِنْهُ شَكٌّ**

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ اے لوگو! عنقریب تم نئی باتیں پیدا کرو گے اور تمہارے سامنے نئی باتیں پیدا ہوں گی۔ جب تم کسی نئی بات کو دیکھو تو پہلے حکم کو اپنے اوپر لازم رکھو۔

حفص نامی راوی یہ بات بیان کرتے ہیں پہلے میں اس روایت کی سند حبیب کے حوالے سے ابوعبدالرحمٰن کے حوالے سے نقل کرتا تھا لیکن پھر مجھے اس بارے میں شک ہو گیا۔

**175- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ لِأَبِي مَسْعُودٍ أَلَمْ أُنْبَأْ أَوْ أُنَبَّأْتُ أَنَّكَ تُفْتِي وَلَسْتَ بِأَمِيرٍ وَلِّ حَارَّهَا مَنْ تَوَلَّى قَارَّهَا**

☆☆ محمد (نامی راوی) بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے پتا چلا ہے کہ آپ فتویٰ دیتے ہیں حالانکہ آپ امیر نہیں ہیں۔ اس (بھاری ذمہ داری) کی شدت بھی اسی شخص کے حوالے کرو جو اس کے فائدے کا نگران ہو۔

---

حدیث 175: ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 15293

## باب 21: بلاعنوان

**176**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الَّذِیْ يُفْتِی النَّاسَ فِیْ كُلِّ مَا يُسْتَفْتٰی لَمَجْنُوْنٌ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو شخص لوگوں کو ہر معاملے میں فتویٰ دے دیتا ہے وہ دیوانہ ہوتا ہے۔

**177**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ اِنَّمَا يُفْتِی النَّاسَ ثَلَاثَةٌ رَجُلٌ اِمَامٌ اَوْ وَالٍ وَّرَجُلٌ يَعْلَمُ نَاسِخَ الْقُرْاٰنِ مِنَ الْمَنْسُوْخِ قَالُوْا يَا حُذَيْفَةُ وَمَنْ ذَاكَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَوْ اَحْمَقُ مُتَكَلِّفٌ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ تین طرح کے لوگ دوسروں کو فتویٰ دے سکتے ہیں۔ایک وہ شخص جو حکمران یا والی ہو۔ دوسرا وہ شخص جو قرآن کے ناسخ اور منسوخ کا علم رکھتا ہو۔ لوگوں نے دریافت کیا اے حذیفہ یہ کون شخص ہے (جسے قرآن کے ناسخ اور منسوخ کا علم ہو) تو انہوں نے جواب دیا: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ (حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تیسرا وہ شخص ہے) جو بیوقوف ہو اور اپنی طرف سے ایجاد کر کے گڑھ کر جواب دے۔

**178**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ عُبَيْدَةَ بْنِ حُذَيْفَةَ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ اِنَّمَا يُفْتِی النَّاسَ اَحَدُ ثَلَاثَةٍ رَجُلٌ عَلِمَ نَاسِخَ الْقُرْاٰنِ مِنْ مَّنْسُوْخِهٖ قَالُوْا وَمَنْ ذَاكَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ وَاَمِيْرٌ لَا يَجِدُ بُدًّا اَوْ اَحْمَقُ مُتَكَلِّفٌ ثُمَّ قَالَ مُحَمَّدٌ فَلَسْتُ بِوَاحِدٍ مِّنْ هٰذَيْنِ وَاَرْجُو اَنْ لَّا اَكُوْنَ الثَّالِثَ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ تین میں سے کسی ایک قسم کا فرد لوگوں کو فتویٰ دے سکتا ہے۔ایک وہ شخص جسے قرآن کے ناسخ اور منسوخ کا علم ہو۔ لوگوں نے دریافت کیا وہ کون شخص ہے حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: وہ حضرت عمر بن خطاب ہیں۔ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے مزید بتایا دوسرا وہ امیر جس کی ذمہ داری ہی فتویٰ دینا ہو اور تیسرا وہ بیوقوف شخص جو اپنی طرف سے فتویٰ دے۔

یہ روایت نقل کرنے کے بعد محمد نامی راوی نے یہ کہا میں پہلی دو قسموں سے تو تعلق نہیں رکھتا اور مجھے یہ امید ہے کہ میں تیسری قسم میں بھی شامل نہیں ہوں گا۔

**179**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُّسْلِمٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ عَلِمَ مِنْكُمْ عِلْمًا فَلْيَقُلْ بِهٖ وَمَنْ لَّمْ يَعْلَمْ فَلْيَقُلْ لِمَا لَا يَعْلَمُ اللّٰهُ اَعْلَمُ فَاِنَّ الْعَالِمَ اِذَا سُئِلَ عَمَّا لَا يَعْلَمُ قَالَ اللّٰهُ اَعْلَمُ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ لِرَسُوْلِهٖ (قُلْ مَا اَسْاَلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ)

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں تم میں سے جس شخص کو جس چیز کا علم ہو اسے اس کے مطابق بیان کرنا چاہئے اور جس چیز کا علم نہ ہو اس کے بارے میں بتا دینا چاہئے اور یہ کہنا چاہئے کہ اللہ بہتر جانتا ہے چونکہ جب کسی عالم سے کسی ایسی چیز کے بارے میں

حدیث 176 "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء 8923

حدیث 179 "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2798

دریافت کیا جائے جس کا علم نہ ہو اور وہ یہ کہہ دے اللہ بہتر جانتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اپنے رسول سے یہ بات ارشاد فرمائی ہے۔
''تم فرما دو میں اس بات پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگ رہا اور نہ ہی میں اپنی طرف سے بنا کر کوئی بات بیان کرتا ہوں''۔

**180-** اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَبِي رَجَاءٍ عَنْ اَبِي الْمُهَلَّبِ اَنَّ اَبَا مُوسَى قَالَ فِي خُطْبَتِهِ مَنْ عَلِمَ عِلْمًا فَلْيُعَلِّمْهُ النَّاسَ وَاِيَّاهُ اَنْ يَقُولَ مَا لَا عِلْمَ لَهُ بِهِ فَيَمْرُقَ مِنَ الدِّينِ وَيَكُونَ مِنَ الْمُتَكَلِّفِينَ

☆☆ ابومہلب بیان کرتے ہیں حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے اپنے خطبے میں یہ بات بیان کی جو شخص کسی بات کا علم رکھتا ہو وہ اس کی تعلیم لوگوں کو دے اور کوئی ایسی بات بیان کرنے سے بچے جس کا علم نہ ہو ورنہ وہ دین سے نکل کر ان لوگوں کی صف میں شامل ہو جائے گا جو اپنی طرف سے بات بنا کر بیان کرتے ہیں۔

**181-** اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ وَزَاذَانَ قَالَا قَالَ عَلِيٌّ وَا بَرْدَهَا عَلَى الْكَبِدِ اِذَا سُئِلْتُ عَمَّا لَا اَعْلَمُ اَنْ اَقُولَ اللّٰهُ اَعْلَمُ

☆☆ ابوبختری اور زاذان بیان کرتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے: کلیجے کے لیے سب سے زیادہ ٹھنڈی بات یہ ہے کہ جب مجھ سے کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے جس کا مجھے علم نہ ہو تو میں جواب میں یہ کہہ دوں کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔

**182-** اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَا بَرْدَهَا عَلَى الْكَبِدِ اَنْ تَقُولَ لِمَا لَا تَعْلَمُ اللّٰهُ اَعْلَمُ

☆☆ ابوبختری حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ یہ بات کلیجے کے لئے کتنی ٹھنڈک کا باعث ہے کہ جس چیز کا تمہیں علم نہیں۔ اس کے بارے میں یہ کہہ دو اللہ بہتر جانتا ہے۔

**183-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا عُمَيْرُ بْنُ عَرْفَجَةَ حَدَّثَنَا رَزِينٌ اَبُو النُّعْمَانِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ قَالَ اِذَا سُئِلْتُمْ عَمَّا لَا تَعْلَمُونَ فَاهْرُبُوا قَالُوا وَكَيْفَ الْهَرَبُ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ تَقُولُونَ اللّٰهُ اَعْلَمُ

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب تم سے کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے جس کا تمہیں علم نہ ہو تو بھاگنے کی کوشش کرو۔ لوگوں نے دریافت کیا امیر المومنین بھاگا کیسے جا سکتا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تم یہ کہہ دو کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔

**184-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ مُسْلِمٍ الْبَطِينِ عَنْ عَزْرَةَ التَّمِيمِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ وَا بَرْدَهَا عَلَى الْكَبِدِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالُوا وَمَا ذٰلِكَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ قَالَ اَنْ يُسْاَلَ الرَّجُلُ عَمَّا لَا يَعْلَمُ فَيَقُولُ اللّٰهُ اَعْلَمُ

☆☆ عذرہ تمیمی بیان کرتے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے تین مرتبہ یہ بات ارشاد فرمائی۔ یہ بات کلیجے کے لیے کتنی ٹھنڈک کا باعث ہے۔ لوگوں نے دریافت کیا اے امیر المومنین وہ کیا بات ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا جب انسان سے کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جائے جس کا علم نہ ہو تو وہ جواب میں یہ کہہ دے کہ اللہ بہتر جانتا ہے۔

**185-** اَخْبَرَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَهُ عَنْ مَسْاَلَةٍ فَقَالَ لَا عِلْمَ لِي بِهَا فَلَمَّا اَدْبَرَ الرَّجُلُ قَالَ ابْنُ عُمَرَ نِعْمَ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ سُئِلَ عَمَّا لَا يَعْلَمُ

فَقَالَ لَا عِلْمَ لِیْ بِهٖ

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک شخص نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے ایک مسئلہ دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: مجھے اس کا علم نہیں ہے جب وہ شخص چلا گیا تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کتنا اچھا جواب دیا ہے اس سے ایک ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا گیا جس کا علم اسے نہیں تھا تو اس نے یہ کہہ دیا مجھے اس کا علم نہیں ہے۔

**186**- حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِیْرَةَ عَنِ الشَّعْبِیِّ قَالَ لَا اَدْرِیْ نِصْفُ الْعِلْمِ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ کہنا کہ مجھے علم نہیں ہے یہ نصف علم ہے۔

**187**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الْعُمَرِیُّ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا اَتَی ابْنَ عُمَرَ یَسْاَلُهٗ عَنْ شَیْءٍ فَقَالَ لَا عِلْمَ لِیْ ثُمَّ الْتَفَتَ بَعْدَ اَنْ قَفَّا الرَّجُلُ فَقَالَ نِعْمَ مَا قَالَ ابْنُ عُمَرَ سُئِلَ عَمَّا لَا یَعْلَمُ فَقَالَ لَا عِلْمَ لِیْ یَعْنِیْ ابْنَ عُمَرَ نَفْسَهٗ

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوا تاکہ ان سے کسی مسئلے کے بارے میں دریافت کرے تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ اس شخص کے جانے کے بعد حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما متوجہ ہوئے اور ارشاد فرمایا' ابن عمر رضی اللہ عنہما نے کتنا اچھا جواب دیا ہے اس سے ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا گیا جس کا اسے علم نہیں تھا تو اس نے جواب دیا: مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ یعنی حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ بات اپنے بارے میں ارشاد فرمائی۔

**188**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَیْدٍ حَدَّثَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مُغِیْرَةَ قَالَ کَانَ عَامِرٌ اِذَا سُئِلَ عَنْ شَیْءٍ یَقُوْلُ لَا اَدْرِیْ فَاِنْ رُدُّوْا عَلَیْهِ قَالَ اِنْ شِئْتَ کُنْتُ حَلَفْتُ لَکَ بِاللّٰهِ اِنْ کَانَ لِیْ بِهٖ عِلْمٌ

☆☆ مغیرہ بیان کرتے ہیں جب عامر سے کسی چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا تو وہ جواب میں یہ کہتے مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ اگر لوگ دوبارہ ان سے وہی سوال کرتے تو وہ یہ کہتے میں اللہ کے نام پر قسم اٹھا کر تمہیں یہ بات بتا رہا ہوں کہ مجھے اس کا علم نہیں ہے۔

**189**- اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِیَةَ عَنْ حَفْصٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ مَا اُبَالِیْ سُئِلْتُ عَمَّا اَعْلَمُ اَوْ مَا لَا اَعْلَمُ لِاَنِّیْ اِذَا سُئِلْتُ عَمَّا اَعْلَمُ قُلْتُ مَا اَعْلَمُ وَاِذَا سُئِلْتُ عَمَّا لَا اَعْلَمُ قُلْتُ لَا اَعْلَمُ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں مجھے اس بات کی پرواہ نہیں ہے کہ مجھ سے جو سوال کیا جاتا ہے مجھے اس کا علم ہے یا مجھے اس کا علم نہیں ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ جب مجھ سے کسی ایسی چیز کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے جس کا مجھے علم نہ ہو تو میں جواب میں یہ کہہ دیتا ہوں کہ مجھے اس کا پتا نہیں ہے۔

**190**- حَدَّثَنَا هَارُوْنُ عَنْ حَفْصٍ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ مَا سَمِعْتُ اِبْرَاهِیْمَ یَقُوْلُ قَطُّ حَلَالٌ وَّلَا حَرَامٌ اِنَّمَا کَانَ یَقُوْلُ کَانُوْا یَکْرَهُوْنَ وَکَانُوْا یَسْتَحِبُّوْنَ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں میں نے ابراہیم کو کبھی بھی یہ کہتے ہوئے نہیں سنا کہ یہ حلال ہے یا یہ حرام ہے۔ وہ ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے۔ علماء اسے مکروہ قرار دیتے ہیں۔ علماء اسے مستحب قرار دیتے ہیں۔

## بَاب تَغَيُّرِ الزَّمَانِ وَمَا يَحْدُثُ فِيهِ

## باب نمبر 22: زمانے میں تبدیلی آنے اور اس میں نئے امور پیدا ہونے کا تذکرہ

**191**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا لَبِسَتْكُمْ فِتْنَةٌ يَهْرَمُ فِيهَا الْكَبِيرُ وَيَرْبُوْ فِيهَا الصَّغِيرُ وَيَتَّخِذُهَا النَّاسُ سُنَّةً فَاِذَا غُيِّرَتْ قَالُوْا غُيِّرَتِ السُّنَّةُ قَالُوْا وَمَتٰى ذٰلِكَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ اِذَا كَثُرَتْ قُرَّاؤُكُمْ وَقَلَّتْ فُقَهَاؤُكُمْ وَكَثُرَتْ اُمَرَاؤُكُمْ وَقَلَّتْ اُمَنَاؤُكُمْ وَالْتُمِسَتِ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْاٰخِرَةِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب تمہارے درمیان ایسا فتنہ پیدا ہوگا جس کی وجہ سے بڑی عمر کے لوگ بوڑھے ہو جائیں گے اور چھوٹی عمر کے لوگ بڑے ہو جائیں گے۔ لوگ اس فتنے کو سنت بنالیں گے اور جب وہ تبدیل ہو جائے گا تو لوگ یہ کہیں گے سنت تبدیل ہوگئی۔ لوگوں نے دریافت کیا اے ابوعبدالرحمٰن (حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) یہ کب ہوگا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جب تمہارے ہاں قرآن کا عالم کہلانے والوں کی تعداد زیادہ ہو جائے گی اور دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والوں کی تعداد کم ہو جائے گی۔ تمہارے امراء زیادہ ہو جائیں گے اور امین لوگ کم ہو جائیں گے اور آخرت کے عمل کے عوض میں دنیا کو تلاش کیا جائے گا۔

**192**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَيْفَ اَنْتُمْ اِذَا لَبِسَتْكُمْ فِتْنَةٌ يَهْرَمُ فِيهَا الْكَبِيرُ وَيَرْبُوْ فِيهَا الصَّغِيرُ اِذَا تُرِكَ مِنْهَا شَيْءٌ قِيلَ تُرِكَتِ السُّنَّةُ قَالُوْا وَمَتٰى ذٰلِكَ قَالَ اِذَا ذَهَبَتْ عُلَمَاؤُكُمْ وَكَثُرَتْ جُهَلَاؤُكُمْ وَكَثُرَتْ قُرَّاؤُكُمْ وَقَلَّتْ فُقَهَاؤُكُمْ وَكَثُرَتْ اُمَرَاؤُكُمْ وَقَلَّتْ اُمَنَاؤُكُمْ وَالْتُمِسَتِ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْاٰخِرَةِ وَتُفُقِّهَ لِغَيْرِ الدِّيْنِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اس وقت تمہارا کیا عالم ہوگا جب تمہارے سامنے ایسا فتنہ آئے گا جو بڑی عمر کے لوگوں کو بوڑھا کردے گا اور کم عمر لوگوں کو جوان کردے گا جب اس فتنے میں سے کسی چیز کو ترک کیا جائے گا تو یہ کہا جائے گا سنت ترک ہو گئی ہے لوگوں نے دریافت کیا ایسا کب ہوگا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تمہارے علماء (دنیا سے) رخصت ہو جائیں گے۔ تمہارے ہاں جہلاء کی کثرت ہو جائے گی۔ قرآن کے عالم (کہلانے والوں) کی کثرت ہو جائے گی۔ دین کی سمجھ بوجھ رکھنے والوں کی کمی ہو جائے گی۔ امراء بکثرت ہوں گے اور امین لوگ کم ہو جائیں گے اور آخرت کے عمل کے نتیجے میں دنیا حاصل کرنے کی کوشش کی جائے گی اور دین کے بجائے دیگر معاملات میں سمجھ بوجھ اختیار کی جائے گی۔

**193**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ اُنْبِئْتُ اَنَّهُ كَانَ يُقَالُ وَيْلٌ لِلْمُتَفَقِّهِينَ لِغَيْرِ الْعِبَادَةِ وَالْمُسْتَحِلِّينَ لِلْحُرُمَاتِ بِالشُّبُهَاتِ

☆☆ اوزاعی بیان کرتے ہیں مجھے یہ بات بتائی گئی ہے کہ پہلے یہ کہا جاتا تھا کہ فقہ کے ان طلباء کے لیے بربادی ہے جو عبادت کی نیت سے علم حاصل نہیں کرتے بلکہ شبہات کے ذریعے حرام چیزوں کو حلال قرار دینے کے لیے ایسا کرتے ہیں۔

حدیث 191: "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 8570

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 5267

**194**- اَخْبَرَنَا صَالِحُ بْنُ سُهَيْلٍ مَوْلَى يَحْيَى بْنِ اَبِى زَائِدَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ مُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَا يَاتِى عَلَيْكُمْ عَامٌ اِلَّا وَهُوَ شَرٌّ مِنَ الَّذِى كَانَ قَبْلَهُ اَمَا اِنِّى لَسْتُ اَعْنِى عَامًا اَخْصَبَ مِنْ عَامٍ وَلَا اَمِيرًا خَيْرًا مِنْ اَمِيرٍ وَلٰكِنْ عُلَمَاؤُكُمْ وَخِيَارُكُمْ وَفُقَهَاؤُكُمْ يَذْهَبُونَ ثُمَّ لَا تَجِدُونَ مِنْهُمْ خَلَفًا وَيَجِيءُ قَوْمٌ يَقِيسُونَ الْاُمُورَ بِرَاْيِهِمْ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) ارشادفرماتے ہیں تمہارا آنیوالا ہر برس گزرے ہوئے برس سے زیادہ براہوگا۔ میرا یہ مطلب نہیں ہے کہ ایک سال دوسرے سال سے زیادہ خراب ہے یا ایک حکمران دوسرے حکمران سے زیادہ بہتر ہے بلکہ تمہارے علماء اور تمہارے معزز لوگ اور تمہارے فقہاء رخصت ہوجائیں گے۔ پھر تمہیں ان کا حقیقی نائب نہیں ملے گا اور وہ لوگ آجائیں گے جو معاملات میں اپنی رائے کے ذریعے قیاس کر کے (حکم بیان کیا کریں گے)

**195**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى خَلَفٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ دَاوُدَ بْنَ اَبِى هِنْدٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ اَوَّلُ مَنْ قَاسَ اِبْلِيسُ وَمَا عُبِدَتِ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ اِلَّا بِالْمَقَايِيسِ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ارشادفرماتے ہیں سب سے پہلے ابلیس نے قیاس کیا تھا اور سورج اور چاندی پرستش بھی قیاس کی وجہ سے کی گئی ہے۔

**196**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ عَنْ مَطَرٍ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهُ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (خَلَقْتَنِى مِنْ نَارٍ وَخَلَقْتَهُ مِنْ طِينٍ) قَالَ قَاسَ اِبْلِيسُ وَهُوَ اَوَّلُ مَنْ قَاسَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تو نے مجھے آگ سے پیدا کیا ہے اور اسے مٹی سے پیدا کیا ہے''۔

پھر حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے ارشادفرمایا سب سے پہلے ابلیس نے قیاس کیا تھا (جس کا تذکرہ اس آیت میں موجود ہے)

**197**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ اِسْمٰعِيلَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ اَنَّهُ قَالَ اِنِّى اَخَافُ اَوْ اَخْشٰى اَنْ اَقِيسَ فَتَزِلَّ قَدَمِى

☆☆ مسروق ارشادفرماتے ہیں مجھے اس بات کا خوف ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ لفظ ہے) مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ اگر میں قیاس سے کام لوں تو میرے پاؤں پھسل جائیں گے۔

**198**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ اِسْمٰعِيلَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ وَاللّٰهِ لَئِنْ اَخَذْتُمْ بِالْمَقَايِيسِ لَتُحَرِّمُنَّ الْحَلَالَ وَلَتُحِلُّنَّ الْحَرَامَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں اللہ کی قسم اگر تم قیاس کرنا شروع کردو تو تم حلال کو حرام قرار دو گے اور حرام کو حلال قرار دو گے۔

**199**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ اِسْمٰعِيلَ عَنْ عَامِرٍ اَنَّهُ قَالَ كَانَ يَقُولُ مَا اَبْغَضَ اِلَىَّ اَرَاَيْتَ اَرَاَيْتَ يَسْاَلُ الرَّجُلُ صَاحِبَهُ فَيَقُولُ اَرَاَيْتَ وَكَانَ لَا يُقَايِسُ

---

حدیث **194**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی 'موسسہ قرطبہ' قاہرہ 'مصر **12183**

''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی 'موسسۃ الرسالۃ' بیروت 'لبنان' **1403**ھ/**1983**ء **474**

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں میرے نزدیک سب سے ناپسندیدہ بات یہ سوال ہے۔''آپ کی رائے اس بارے میں کیا ہے''۔تم نے غور کیا ایک شخص اپنے ساتھیوں سے سوال کرتا ہے اور یہ کہتا ہے آپ کی رائے کیا ہے (راوی بیان کرتے ہیں) عامر قیاس سے کام نہیں لیتے تھے۔

**200**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الزِّبْرِقَانِ قَالَ نَهَانِي اَبُوْ وَائِلٍ اَنْ اُجَالِسَ اَصْحَابَ اَرَأَيْتَ

☆☆ زبرقان بیان کرتے ہیں حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ نے مجھے اس بات سے منع کیا تھا کہ میں ان لوگوں کے ساتھ بیٹھنے سے بچوں جو یہ کہتے ہیں (اس مسئلے کے بارے میں) آپ کی رائے کیا ہے۔

**201**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَوْ اَنَّ هٰؤُلَاءِ كَانُوْا عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَنَزَلَتْ عَامَّةُ الْقُرْاٰنِ يَسْاَلُوْنَكَ يَسْاَلُوْنَكَ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں اگر یہ لوگ (جو قیاس سے کام لیتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں موجود ہوتے تو قرآن کی آیات عام طور پر ان الفاظ میں نازل ہوتیں' لوگ تم سے یہ سوال کرتے ہیں' لوگ تم سے یہ سوال کرتے ہیں۔

**202**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ طَلْحَةَ عَنْ مَيْمُوْنٍ اَبِيْ حَمْزَةَ قَالَ قَالَ لِيْ اِبْرَاهِيْمُ يَا اَبَا حَمْزَةَ وَاللّٰهِ لَقَدْ تَكَلَّمْتُ وَلَوْ وَجَدْتُ بُدًّا مَا تَكَلَّمْتُ وَاِنَّ زَمَانًا اَكُوْنُ فِيْهِ فَقِيْهَ اَهْلِ الْكُوْفَةِ زَمَانُ سُوْءٍ

☆☆ ابوحمزہ میمون ارشاد فرماتے ہیں۔ابراہیم نے مجھ سے کہا اے ابوحمزہ اللہ کی قسم! میں بات کر لیتا ہوں اگر میرے پاس کوئی چارہ ہوتا تو میں کبھی بھی (کسی شرعی مسئلے کے بارے میں بات نہ کرتا) اور وہ زمانہ بہت ہی برا ہے جس میں مجھے اہل کوفہ کا فقیہ (یا مفتی) سمجھا جائے۔

**203**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ اِيَّاكَ وَالْمُكَايَلَةَ يَعْنِيْ فِي الْكَلَامِ

☆☆ مجاہد ارشاد فرماتے ہیں۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں ناپ تول سے بچو (راوی بیان کرتے ہیں) یعنی گفتگو کے دوران (قیاس کرنے سے بچو)۔

**204**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ شَهِدْتُ شُرَيْحًا وَّجَاءَهُ رَجُلٌ مِّنْ مُرَادٍ فَقَالَ يَا اَبَا اُمَيَّةَ مَا دِيَةُ الْاَصَابِعِ قَالَ عَشْرٌ عَشْرٌ قَالَ يَا سُبْحَانَ اللّٰهِ اَسَوَاءٌ هَاتَانِ جَمَعَ بَيْنَ الْخِنْصَرِ وَالْاِبْهَامِ فَقَالَ شُرَيْحٌ يَا سُبْحَانَ اللّٰهِ اَسَوَاءٌ اُذُنُكَ وَيَدُكَ فَاِنَّ الْاُذُنَ يُوَارِيْهَا الشَّعْرُ وَالْكُمَّةُ وَالْعِمَامَةُ فِيْهَا نِصْفُ الدِّيَةِ وَفِي الْيَدِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَيْحَكَ اِنَّ السُّنَّةَ سَبَقَتْ قِيَاسَكُمْ فَاتَّبِعْ وَلَا تَبْتَدِعْ فَاِنَّكَ لَنْ تَضِلَّ مَا اَخَذْتَ بِالْاَثَرِ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ فَقَالَ لِيَ الشَّعْبِيُّ يَا هُذَلِيُّ لَوْ اَنَّ اَحْنَفَكُمْ قُتِلَ وَهٰذَا الصَّبِيُّ فِيْ مَهْدِهٖ اَكَانَ دِيَتُهُمَا سَوَاءً قُلْتُ نَعَمْ قَالَ فَاَيْنَ الْقِيَاسُ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ میں قاضی شریح کے پاس موجود تھا قبیلہ مراد سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا اے ابوامیہ (یہ قاضی شریح کی کنیت ہے) انگلیوں کی دیت کیا ہے۔قاضی صاحب نے جواب دیا: دس اونٹ' وہ شخص بولا سبحان اللہ کیا یہ دونوں برابر ہیں۔اس نے انگوٹھے اور سب سے چھوٹی انگلی کے ذریعے اشارہ کر کے کہا۔قاضی شریح نے جواب دیا: سبحان اللہ کیا تمہارا کان اور تمہارے ہاتھ برابر کی حیثیت رکھتے ہیں کیونکہ کان کو تو بال' ٹوپی یا عمامہ ڈھانپ لیتے ہیں اور ان میں نصف دیت

ہوتی ہے جبکہ ہاتھ کی دیت بھی نصف دیت ہوتی ہے؟ تمہارا ستیاناس ہو تمہارے قیاس سے پہلے سنت کا حکم آچکا ہے اس لیے تم اس کی پیروی کرو اور بدعت اختیار کرنے کی کوشش نہ کرو۔ تم اس وقت تک گمراہی کا شکار نہیں ہو گے جب تک تم سنت پر عمل کرتے رہو گے۔

ابوبکر نامی راوی فرماتے ہیں امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے کہا اے ھذلی اگر تمہارے ایک بڑے سمجھدار آدمی کو اور جھولے میں موجود ایک بچے کو قتل کر دیا جائے تو کیا ان کی دیت برابر نہیں ہو گی؟ میں نے جواب دیا: جی ہاں تو شعبی نے دریافت کیا پھر قیاس کہاں گیا۔

**205**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ يُفْتَحُ الْقُرْاٰنُ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى يَقْرَاَهُ الْمَرْاَةُ وَالصَّبِيُّ وَالرَّجُلُ فَيَقُوْلُ الرَّجُلُ قَدْ قَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ فَلَمْ اُتَّبَعْ وَاللّٰهِ لَاَقُوْمَنَّ بِهِ فِيْهِمْ لَعَلِّيْ اُتَّبَعُ فَيَقُوْمُ بِهِ فِيْهِمْ فَلَا يُتَّبَعُ فَيَقُوْلُ قَدْ قَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ فَلَمْ اُتَّبَعْ وَقَدْ قُمْتُ بِهِ فِيْهِمْ فَلَمْ اُتَّبَعْ لَاَحْتَظِرَنَّ فِيْ بَيْتِيْ مَسْجِدًا لَعَلِّيْ اُتَّبَعُ فَيَحْتَظِرُ فِيْ بَيْتِهِ مَسْجِدًا فَلَا يُتَّبَعُ فَيَقُوْلُ قَدْ قَرَاْتُ الْقُرْاٰنَ فَلَمْ اُتَّبَعْ وَقُمْتُ بِهِ فِيْهِمْ فَلَمْ اُتَّبَعْ وَقَدِ احْتَظَرْتُ فِيْ بَيْتِيْ مَسْجِدًا فَلَمْ اُتَّبَعْ وَاللّٰهِ لَاٰتِيَنَّهُمْ بِحَدِيْثٍ لَّا يَجِدُوْنَهٗ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَسْمَعُوْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ لَعَلِّيْ اُتَّبَعُ قَالَ مُعَاذٌ فَاِيَّاكُمْ وَمَا جَاءَ بِهٖ فَاِنَّ مَا جَاءَ بِهٖ ضَلَالَةٌ

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ قرآن کو لوگوں کے لئے کھول دیا جائے گا یہاں تک کہ ایک عام عورت، بچہ اور مرد اسے پڑھیں گے۔ مرد یہ کہے گا میں نے قرآن پڑھا اور میری پیروی نہیں کی گئی اللہ کی قسم! میں لوگوں کے درمیان اس کو پڑھوں گا تاکہ میری پیروی کی جائے پھر وہ اسے لوگوں کے درمیان پڑھے گا لیکن اس کی پیروی نہیں کی جائے گی۔ پھر وہ یہ کہے گا میں نے قرآن پڑھا لیکن میری پیروی نہیں کی گئی۔ پھر میں نے اسے لوگوں کے درمیان پڑھا پھر بھی میری پیروی نہیں کی گئی۔ اب میں اپنے گھر کے اندر ایک مسجد بناؤں گا تاکہ میری پیروی کی جائے۔ پھر وہ شخص اپنے گھر کے اندر ایک مسجد بنائے گا پھر بھی اس کی پیروی نہیں کی جائے گی تو وہ یہ کہے گا میں نے قرآن کا علم حاصل کیا لیکن میری پیروی نہیں کی گئی۔ پھر میں نے اسے لوگوں کے درمیان پڑھا پھر بھی میری پیروی نہیں کی گئی۔ پھر میں نے اسے اپنے گھر کے اندر مسجد میں پڑھا۔ پھر بھی میری پیروی نہیں کی گئی۔ اللہ کی قسم! میں ان لوگوں کے پاس ایک ایسی بات لے کے آؤں گا جس کے بارے میں وہ اللہ کی کتاب میں کوئی حکم نہیں پائیں گے اور اس بارے میں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بھی نہیں سنی ہو گی۔ اس طرح وہ لوگ میری پیروی کریں گے۔

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اس شخص سے اور وہ جو چیز لے کے آئے اس سے تم بچنے کی کوشش کرنا اس لیے کہ جو وہ لے کے آئے گا وہ گمراہی ہو گی۔

## بَابٌ فِيْ كَرَاهِيَةِ اَخْذِ الرَّاْيِ

## باب نمبر 23: رائے اختیار کرنے کی کراہت

**206**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ هُوَ ابْنُ مِغْوَلٍ قَالَ قَالَ لِيَ الشَّعْبِيُّ مَا حَدَّثُوْكَ هٰؤُلَاءِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخُذْ بِهٖ وَمَا قَالُوْهُ بِرَاْيِهِمْ فَاَلْقِهٖ فِي الْحُشِّ

☆☆ ابن مغول بیان کرتے ہیں شعبی نے مجھے یہ کہا علماء نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جو حدیث تمہارے سامنے بیان کریں تم اس پر عمل کرو اور جو چیز وہ اپنی رائے سے بیان کریں اسے کوڑے میں ڈال دو۔

**207**- اَخْبَرَنِی الْعَبَّاسُ بْنُ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ حُبَابٍ اَخْبَرَنِی رَجَاءُ بْنُ اَبِی سَلَمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَةَ بْنَ اَبِی لُبَابَةَ يَقُولُ قَدْ رَضِيتُ مِنْ اَهْلِ زَمَانِی هٰؤُلَاءِ اَنْ لَا يَسْاَلُونِی وَلَا اَسْاَلُهُمْ اِنَّمَا يَقُولُ اَحَدُهُمْ اَرَاَيْتَ اَرَاَيْتَ

☆☆ رجاء بن ابوسلمہ بیان کرتے ہیں میں نے عبدہ بن ابولبابہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ میں اپنے زمانے سے تعلق رکھنے والے لوگوں سے اس بات سے راضی ہوں کہ وہ نہ مجھ سے کوئی سوال کریں اور نہ میں ان سے کوئی سوال کروں کیونکہ ان میں سے ہر شخص یہی کہتا ہے آپ کی کیا رائے ہے۔ آپ کی کیا رائے ہے۔

**208**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِی وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا خَطًّا ثُمَّ قَالَ هٰذَا سَبِيلُ اللّٰهِ ثُمَّ خَطَّ خُطُوطًا عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ شِمَالِهِ ثُمَّ قَالَ هٰذِهِ سُبُلٌ عَلٰى كُلِّ سَبِيلٍ مِنْهَا شَيْطَانٌ يَدْعُو اِلَيْهِ ثُمَّ تَلَا (وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِی مُسْتَقِيمًا فَاتَّبِعُوهُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمْ عَنْ سَبِيلِهِ)

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک لکیر کھینچی اور ارشاد فرمایا' یہ اللہ کا راستہ ہے اور پھر آپ نے اس لکیر کے دائیں طرف اور بائیں طرف دوسری لکیریں کھینچیں اور ارشاد فرمایا یہ چند لکیریں ہیں جن میں سے ہر ایک پر ایک مخصوص شیطان موجود ہوتا ہے جو اس کی طرف دعوت دیتا ہے پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''بے شک یہ میرا سیدھا راستہ ہے تم اس کی پیروی کرو اور (شیطان کے) راستوں کی پیروی نہ کرو ورنہ وہ تمہیں (اللہ تعالیٰ کے) راستے سے الگ کر دیگا''۔

**209**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِی نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ) قَالَ الْبِدَعَ وَالشُّبُهَاتِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)''اور دوسرے راستوں کی پیروی نہ کرو' مجاہد ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد بدعت اور شبہات ہیں۔

**210**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ يَحْيٰى قَالَ سَمِعْتُ اَبِی يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كُنَّا نَجْلِسُ عَلٰى بَابِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَبْلَ صَلٰوةِ الْغَدَاةِ فَاِذَا خَرَجَ مَشَيْنَا مَعَهُ اِلَى الْمَسْجِدِ فَجَاءَنَا اَبُو مُوسَى الْاَشْعَرِیُّ فَقَالَ اَخَرَجَ اِلَيْكُمْ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قُلْنَا لَا بَعْدُ فَجَلَسَ مَعَنَا حَتّٰى خَرَجَ فَلَمَّا خَرَجَ قُمْنَا اِلَيْهِ جَمِيعًا فَقَالَ لَهُ اَبُو مُوسٰى يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنِّی رَاَيْتُ فِی الْمَسْجِدِ اٰنِفًا اَمْرًا اَنْكَرْتُهُ وَلَمْ اَرَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ اِلَّا خَيْرًا قَالَ فَمَا هُوَ

حدیث **208**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **11**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4142**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **7**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **2938**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **11174**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **1141**

فَقَالَ إِنْ عِشْتَ فَسَتَرَاهُ قَالَ رَأَيْتُ فِي الْمَسْجِدِ قَوْمًا حِلَقًا جُلُوسًا يَنْتَظِرُونَ الصَّلوٰةَ فِي كُلِّ حَلْقَةٍ رَجُلٌ وَفِي أَيْدِيهِمْ حَصًى فَيَقُولُ كَبِّرُوا مِائَةً فَيُكَبِّرُونَ مِائَةً فَيَقُولُ هَلِّلُوا مِائَةً فَيُهَلِّلُونَ مِائَةً وَيَقُولُ سَبِّحُوا مِائَةً فَيُسَبِّحُونَ مِائَةً قَالَ فَمَاذَا قُلْتَ لَهُمْ قَالَ مَا قُلْتُ لَهُمْ شَيْئًا انْتِظَارَ رَأْيِكَ وَانْتِظَارَ أَمْرِكَ قَالَ أَفَلَا أَمَرْتَهُمْ أَنْ يَعُدُّوا سَيِّئَاتِهِمْ وَضَمِنْتَ لَهُمْ أَنْ لَا يَضِيعَ مِنْ حَسَنَاتِهِمْ ثُمَّ مَضَى وَمَضَيْنَا مَعَهُ حَتَّى أَتَى حَلْقَةً مِنْ تِلْكَ الْحِلَقِ فَوَقَفَ عَلَيْهِمْ فَقَالَ مَا هٰذَا الَّذِي أَرَاكُمْ تَصْنَعُونَ قَالُوا يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَصًى نَعُدُّ بِهِ التَّكْبِيرَ وَالتَّهْلِيلَ وَالتَّسْبِيحَ قَالَ فَعُدُّوا سَيِّئَاتِكُمْ فَأَنَا ضَامِنٌ أَنْ لَا يَضِيعَ مِنْ حَسَنَاتِكُمْ شَيْءٌ وَيْحَكُمْ يَا أُمَّةَ مُحَمَّدٍ مَا أَسْرَعَ هَلَكَتَكُمْ هٰؤُلَاءِ صَحَابَةُ نَبِيِّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَوَافِرُونَ وَهٰذِهِ ثِيَابُهُ لَمْ تَبْلَ وَآنِيَتُهُ لَمْ تُكْسَرْ وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ إِنَّكُمْ لَعَلَى مِلَّةٍ هِيَ أَهْدَى مِنْ مِلَّةِ مُحَمَّدٍ أَوْ مُفْتَتِحُو بَابِ ضَلَالَةٍ قَالُوا وَاللّٰهِ يَا أَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا أَرَدْنَا إِلَّا الْخَيْرَ قَالَ وَكَمْ مِنْ مُرِيدٍ لِلْخَيْرِ لَنْ يُصِيبَهُ إِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَنَا أَنَّ قَوْمًا يَقْرَءُونَ الْقُرْآنَ لَا يُجَاوِزُ تَرَاقِيَهُمْ وَايْمُ اللّٰهِ مَا أَدْرِي لَعَلَّ أَكْثَرَهُمْ مِنْكُمْ ثُمَّ تَوَلَّى عَنْهُمْ فَقَالَ عَمْرُو بْنُ سَلَمَةَ رَأَيْنَا عَامَّةَ أُولٰئِكَ الْحِلَقِ يُطَاعِنُونَا يَوْمَ النَّهْرَوَانِ مَعَ الْخَوَارِجِ

☆☆ عمرو بن یحییٰ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ایک مرتبہ ہم صبح کی نماز سے پہلے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے دروازے کے پاس بیٹھے ہوئے تھے۔جب حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ باہر تشریف لاتے تھے تو ہم ان کے ساتھ چلتے ہوئے مسجد تک آیا کرتے تھے۔اسی دوران حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ وہاں تشریف لے آئے اور دریافت کیا کیا حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ (حضرت عبداللہ بن مسعود) باہر تشریف نہیں لائے۔ہم نے جواب دیا: نہیں تو حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ ہمارے ساتھ بیٹھ گئے۔یہاں تک کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ باہر تشریف لائے۔جب وہ باہر تشریف لائے تو ہم سب اٹھ کے ان کے پاس آ گئے۔حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا اے ابوعبدالرحمٰن! آج میں نے مسجد میں ایک ایسی بات دیکھی ہے جو مجھے پسند نہیں آئی اور میرا مقصد ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے صرف نیکی ہے۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا وہ کیا بات ہے۔حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: شام تک آپ خود ہی دیکھ لیں گے۔حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے مسجد میں کچھ لوگوں کو دیکھا کہ وہ حلقے بنا کر بیٹھے ہوئے ہیں اور نماز کا انتظار کر رہے ہیں۔ان میں سے ہر ایک حلقے میں ایک شخص ہے جس کے سامنے کنکریاں موجود ہیں اور وہ شخص یہ کہتا ہے سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھو تو لوگ سو مرتبہ اللہ اکبر پڑھتے ہیں۔پھر وہ شخص کہتا ہے سو مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھو تو لوگ سو مرتبہ لا الہ الا اللہ پڑھتے ہیں۔پھر وہ شخص کہتا ہے سو مرتبہ سبحان اللہ پڑھو تو لوگ سو مرتبہ سبحان اللہ پڑھتے ہیں۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آپ نے ان سے کیا کہا۔حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے آپ کی رائے کا انتظار کرتے ہوئے ان سے کچھ نہیں کہا۔حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا آپ نے انہیں یہ کیوں نہیں کہا کہ وہ اپنے گناہ شمار کریں اور آپ نے انہیں ضمانت کیوں نہیں دی کہ ان کی نیکیاں ضائع نہیں ہوں گی۔(راوی بیان کرتے ہیں) پھر حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ چل پڑے ان کے ہمراہ ہم بھی چل پڑے یہاں تک کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان حلقوں میں سے ایک حلقے کے پاس تشریف لائے اور ان کے پاس آ کر کھڑے ہو کر ارشاد فرمایا یہ میں تمہیں کیا کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔انہوں نے جواب دیا: اے ابوعبدالرحمٰن یہ کنکریاں ہیں جن پر ہم اللہ اکبر لا الہ الا اللہ اور سبحان اللہ گن کر پڑھ رہے ہیں۔حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا تم اپنے

گناہوں کو گنو میں اس بات کی ضمانت دیتا ہوں کہ تمہاری نیکیوں میں سے کوئی چیز ضائع نہیں ہوگی۔ اے حضرت محمد ﷺ کی امت تمہارا ستیاناس ہو تم کتنی تیزی سے ہلاکت کی طرف جارہے ہو۔ یہ تمہارے نبی کے صحابہ تمہارے درمیان بکثرت تعداد میں موجود ہیں اور یہ نبی اکرم ﷺ کے کپڑے ہیں جو ابھی پرانے نہیں ہوئے اور یہ نبی اکرم ﷺ کے برتن ہیں جو ابھی ٹوٹے نہیں ہیں (اور تم ابھی سے گمراہی کا شکار ہو گئے ہو) اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے تم ایسے طریقے پر ہو جو حضرت محمد ﷺ کے طریقے سی زیادہ ہدایت یافتہ ہے؟ یا پھر تم گمراہی کا دروازہ کھولنا چاہتے ہو۔ لوگوں نے عرض کی اللہ کی قسم اے ابوعبدالرحمن ہمارا ارادہ صرف نیک ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا کتنے نیکی کے خواہشمند ایسے ہیں جو نیکی نہیں کرتے۔ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ کچھ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ قرآن ان کے حلق کے نیچے نہیں اترے گا اور اللہ کی قسم! مجھے نہیں معلوم' ہوسکتا ہے ان میں سے اکثریت تم لوگوں کی ہو (راوی بیان کرتے ہیں) پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان کے پاس سے اٹھ کر آ گئے۔

عمرو بن سلمہ بیان کرتے ہیں' ہم نے اس بات کا جائزہ لیا ان حلقوں سے تعلق رکھنے والے عام افراد وہ تھے جنہوں نے نہروان کی جنگ میں خوارج کے ساتھ مل کر ہمارے ساتھ مقابلہ کیا۔

**211- اَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ حَبِيبٍ عَنْ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اتَّبِعُوْا وَلَا تَبْتَدِعُوْا فَقَدْ كُفِيتُمْ**

☆☆ ابوعبدالرحمن روایت کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا ہے (سنت کی) پیروی کرو اور بدعت اختیار نہ کرو یہی بات تمہارے لیے کافی ہے۔

**212- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِى خَلَفٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ حَدَّثَنِى جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىِّ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اَفْضَلَ الْهَدْىِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَشَرَّ الْاُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلَّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ**

☆☆ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد (امام باقر رحمۃ اللہ علیہ) کے حوالے سے حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء بیان کی اور پھر یہ ارشاد فرمایا۔ بے شک سب سے افضل ہدایت حضرت محمد ﷺ کی لائی ہوئی ہدایت ہے اور سب سے برا کام نیا پیدا شدہ کام ہے اور ہر بدعت گمراہی ہے۔

**213- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ الْفَزَارِىِّ عَنْ اَسْلَمَ الْمِنْقَرِىِّ عَنْ بِلَازِ بْنِ عِصْمَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ وَكَانَ اِذَا كَانَ عَشِيَّةَ الْخَمِيسِ لِلَيْلَةِ الْجُمُعَةِ قَامَ فَقَالَ اِنَّ اَصْدَقَ الْقَوْلِ قَوْلُ اللّٰهِ وَاِنَّ اَحْسَنَ الْهَدْىِ هَدْىُ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالشَّقِىُّ مَنْ شَقِىَ فِى بَطْنِ اُمِّهِ وَاِنَّ شَرَّ الرَّوَايَا رَوَايَا الْكَذِبِ وَشَرَّ الْاُمُورِ مُحْدَثَاتُهَا وَكُلَّ مَا هُوَ اٰتٍ قَرِيبٌ**

☆☆ بلاز بن عصمہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ یہ شب جمعہ اور جمعرات کی شام کی بات ہے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا بے شک سب سے سچی بات اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے اور سب سے بہترین ہدایت حضرت محمد ﷺ کی لائی ہوئی ہدایت ہے اور بدبخت شخص وہ ہے جو اپنی ماں کے پیٹ میں ہی بدبخت ہو اور

حدیث 212: "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 7871

سب سے بری بات جھوٹی بات ہے اور سب سے برا فعل نیا پیدا شدہ فعل ہے اور ہر وہ چیز جو آنے والی ہو وہ قریب ہے۔

**214**- اَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ الْفَزَارِیِّ عَنْ لَیْثٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ مَا اَخَذَ رَجُلٌ بِبِدْعَةٍ فَرَاجَعَ سُنَّةً

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں جو شخص بدعت کو اختیار کر لیتا ہے وہ سنت کی طرف واپس نہیں آتا۔

**215**- اَخْبَرَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَیْدٍ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِی قِلَابَةَ عَنْ اَبِی اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلٰی اُمَّتِی الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّیْنَ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں مجھے اپنی امت کے بارے میں گمراہ کرنے والے پیشواؤں کی طرف سے خوف ہے۔

**216**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَبُو الْوَلِیْدِ الْهَرَوِیُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ اَبِی زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِیْرٍ عَنْ حَیَّةَ بِنْتِ اَبِی حَیَّةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَیْنَا رَجُلٌ بِالظَّهِیْرَةِ فَقُلْتُ یَا عَبْدَ اللّٰهِ مِنْ اَیْنَ اَقْبَلْتَ قَالَ اَقْبَلْتُ اَنَا وَصَاحِبٌ لِّیْ فِی بُغَاءٍ لَّنَا فَانْطَلَقَ صَاحِبِی یَبْغِی وَدَخَلْتُ اَنَا اَسْتَظِلُّ بِالظِّلِّ وَاَشْرَبُ مِنَ الشَّرَابِ فَقُمْتُ اِلٰی لُبَیْنَةٍ حَامِضَةٍ رُبَّمَا قَالَتْ فَقُمْتُ اِلٰی ضَیْحَةٍ حَامِضَةٍ فَسَقَیْتُهُ مِنْهَا فَشَرِبَ وَشَرِبْتُ قَالَتْ وَتَوَسَّمْتُهُ فَقُلْتُ یَا عَبْدَ اللّٰهِ مَنْ اَنْتَ فَقَالَ اَنَا اَبُو بَکْرٍ قُلْتُ اَنْتَ اَبُو بَکْرٍ صَاحِبُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الَّذِی سَمِعْتُ بِهِ قَالَ نَعَمْ قَالَتْ فَذَکَرْتُ غَزْوَنَا خَثْعَمًا وَغَزْوَةَ بَعْضِنَا بَعْضًا فِی الْجَاهِلِیَّةِ وَمَا جَآءَ اللّٰهُ بِهِ مِنَ الْاُلْفَةِ وَاَطْنَابِ الْفَسَاطِیْطِ وَشَبَّکَ ابْنُ عَوْنٍ اَصَابِعَهُ وَوَصَفَهُ لَنَا مُعَاذٌ وَشَبَّکَ اَحْمَدُ فَقُلْتُ یَا عَبْدَ اللّٰهِ حَتّٰی مَتٰی تَرٰی اَمْرَ النَّاسِ هٰذَا قَالَ مَا اسْتَقَامَتِ الْاَئِمَّةُ قُلْتُ مَا الْاَئِمَّةُ قَالَ اَمَا رَاَیْتِ السَّیِّدَ یَکُوْنُ فِی الْحِوَاءِ فَیَتَّبِعُوْنَهُ وَیُطِیْعُوْنَهُ فَمَا اسْتَقَامَ اُولٰٓئِکَ

☆☆ حیہ بنت ابوحیہ بیان کرتی ہیں دوپہر کے وقت ہمارے ہاں ایک شخص آیا۔ میں نے کہا اے اللہ کے بندے تو کہاں سے آیا ہے اس نے جواب دیا: میں اور میرا ایک ساتھی اپنی ایک چیز ڈھونڈنے کے لیے آرہے تھے۔ میرا ساتھی تو اس کی تلاش میں نکل گیا اور میں یہاں اس لیے آیا ہوں کہ تھوڑی دیر سائے میں رہوں اور کچھ چیز پی لوں۔ حیہ بیان کرتی ہیں میں اٹھی اور لسی لا کر اس کے سامنے رکھی۔ اس نے وہ پی لی۔ میں نے بھی پی لی۔ حیہ بیان کرتی ہیں مجھے اس کی پہچان حاصل کرنا تھی۔ میں نے دریافت کیا اے اللہ کے بندے تم کون ہو۔ اس نے جواب دیا: میں ابوبکر ہوں۔ حیہ بیان کرتی ہیں۔ میں نے کہا آپ وہ ابوبکر ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں جن کے بارے میں' میں نے سن رکھا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ حیہ بیان کرتی ہیں میں نے ان کے سامنے خثعم قبیلے سے ہونیوالی جنگ کا تذکرہ کیا اور زمانہ جاہلیت کی بعض دیگر جنگوں کا تذکرہ کیا اور پھر اللہ تعالیٰ نے جو الفت اور آسائشیں عطا کی ہیں ان کا تذکرہ کیا (راوی بیان کرتے ہیں ابن عون نامی راوی نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں ڈالیں اور معاذ نامی راوی نے بھی اسی طرح کر کے دکھایا

حدیث **215**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　**22447**

''مسند شہاب'' امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1407**ھ/ **1986**ء　**1166**

حدیث **216**: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء　**8393**

اوراحمد نامی راوی نے بھی (اپنی انگلیاں ڈالیں)۔حیہ بیان کرتی ہیں میں نے کہا اے اللہ کے بندے آپ کے خیال میں لوگوں کا معاملہ ایسے کب تک رہے گا۔اس شخص نے جواب دیا: جب تک حکمران ٹھیک نہیں ہوں گے۔ میں نے دریافت کیا حکمرانوں سے مراد کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: کیا تم نے غور نہیں کیا محلے میں ایک سردار ہوتا ہے اور لوگ اس کی پیروی کرتے ہیں اور اس کی اطاعت کرتے ہیں تو وہ سب لوگ کیسے ٹھیک رہتے ہیں۔

**217**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَخٍ لِعَدِيِّ بْنِ اَرْطَاةَ عَنْ اَبِى الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَخْوَفَ مَا اَخَافُ عَلَيْكُمُ الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّيْنَ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے تم لوگوں کے بارے میں مجھے سب سے زیادہ خوف گمراہ کرنے والے پیشواؤں کا ہے۔

**218**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ بَيَانٍ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ قَالَ دَخَلَ اَبُوْ بَكْرٍ عَلٰى امْرَاَةٍ مِنْ اَحْمَسَ يُقَالُ لَهَا زَيْنَبُ قَالَ فَرَآهَا لَا تَتَكَلَّمُ فَقَالَ مَا لَهَا لَا تَتَكَلَّمُ قَالُوْا نَوَتْ حَجَّةً مُصْمِتَةً فَقَالَ لَهَا تَكَلَّمِىْ فَاِنَّ هٰذَا لَا يَحِلُّ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ قَالَ فَتَكَلَّمَتْ فَقَالَتْ مَنْ اَنْتَ قَالَ اَنَا امْرُؤٌ مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَتْ مِنْ اَىِّ الْمُهَاجِرِيْنَ قَالَ مِنْ قُرَيْشٍ قَالَتْ فَمِنْ اَىِّ قُرَيْشٍ اَنْتَ قَالَ اِنَّكِ لَسَئُوْلٌ اَنَا اَبُوْ بَكْرٍ قَالَتْ مَا بَقَاؤُنَا عَلٰى هٰذَا الْاَمْرِ الصَّالِحِ الَّذِىْ جَآءَ اللّٰهُ بِهٖ بَعْدَ الْجَاهِلِيَّةِ فَقَالَ بَقَاؤُكُمْ عَلَيْهِ مَا اسْتَقَامَتْ بِكُمْ اَئِمَّتُكُمْ قَالَتْ وَمَا الْاَئِمَّةُ قَالَ اَمَا كَانَ لِقَوْمِكِ رُؤُسَاءُ وَاَشْرَافٌ يَاْمُرُوْنَهُمْ فَيُطِيْعُوْنَهُمْ قَالَتْ بَلٰى قَالَ فَهُمْ مِثْلُ اُولٰٓئِكَ عَلَى النَّاسِ

☆☆ قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ احمس قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون جس کا نام زینب تھا' کے ہاں تشریف لائے۔راوی بیان کرتے ہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اسے دیکھا کہ وہ عورت بات نہیں کرتی۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا۔یہ عورت بات کیوں نہیں کرتی۔لوگوں نے جواب دیا: اس نے خاموشی کے حج کی نیت کی ہوئی ہے۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس عورت سے کہا تم بات کرو کیونکہ یہ بات جائز نہیں ہے یہ زمانہ جاہلیت کا عمل ہے۔راوی بیان کرتے ہیں اس عورت نے بات کی اور دریافت کیا آپ کون ہیں؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں مہاجرین سے تعلق رکھنے والا ایک فرد ہوں۔اس عورت نے دریافت کیا مہاجرین میں سے کون؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: قریش سے تعلق رکھتا ہوں۔اس عورت نے دریافت کیا قریش کے کون سے قبیلے سے آپ کا تعلق ہے۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا تم سوال بہت زیادہ کرتی ہو۔ میں ابوبکر ہوں۔وہ عورت بولی یہ جو خوشحال زمانہ ہے جو جاہلیت کے بعد اللہ تعالیٰ نے ہمیں عطا کیا ہے۔یہ کب تک جاری رہے گا۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: تم لوگ اس حالت میں اس وقت تک باقی رہو گے جب تک تمہارے پیشوا ٹھیک رہیں گے۔اس عورت نے دریافت کیا پیشواؤں سے مراد کیا ہے۔حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا' کیا تمہاری قوم میں روسا اور اشراف نہیں ہیں جو لوگوں کو حکم دیتے ہیں اور لوگ ان کی اطاعت کرتے ہیں۔اس عورت نے جواب دیا: جی ہاں تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا بس اسی کی مثال وہ لوگ ہوں گے جو لوگوں

حدیث **218**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **3622**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **19883**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **12156**

پر حکمران ہوں گے۔

**219-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ وَاصِلٍ عَنِ امْرَاَةٍ يُقَالُ لَهَا عَائِذَةُ قَالَتْ رَاَيْتُ ابْنَ مَسْعُوْدٍ يُوْصِي الرِّجَالَ وَالنِّسَآءَ وَيَقُوْلُ مَنْ اَدْرَكَ مِنْكُنَّ مِنِ امْرَاَةٍ اَوْ رَجُلٍ فَالسَّمْتَ الْاَوَّلَ فَاِنَّكُمْ عَلَى الْفِطْرَةِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ السَّمْتُ الطَّرِيْقُ

☆☆ عائذہ نامی ایک خاتون بیان کرتی ہیں۔ میں نے حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو مردوں اور خواتین کو یہ نصیحت ارشاد کرتے ہوئے دیکھا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا تم میں سے جو بھی مرد یا عورت فتنے کا زمانہ پائے تو وہ پہلے لوگوں کے طریقے پر عمل کرے کیونکہ تم لوگ دین فطرت (کے ماننے والے ہو)۔

امام ابومحمد عبداللہ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں (اس روایت میں استعمال ہونیوالے لفظ) "السمت" سے مراد راستہ ہے۔

**220-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ هُوَ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ زِيَادِ بْنِ حُدَيْرٍ قَالَ قَالَ لِي عُمَرُ هَلْ تَعْرِفُ مَا يَهْدِمُ الْاِسْلَامَ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَ يَهْدِمُهُ زَلَّةُ الْعَالِمِ وَجِدَالُ الْمُنَافِقِ بِالْكِتَابِ وَحُكْمُ الْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّيْنَ

☆☆ زیاد بن حدیر بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے دریافت کیا' کیا تم یہ جانتے ہو اسلام کو کیا چیز تباہ کرتی ہے' زیاد کہتے ہیں۔ میں نے جواب دیا نہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا عالم شخص کی لغزش منافق شخص کا قرآن کے بارے میں بحث کرنا اور گمراہ کرنے والے پیشواؤں کی حکمرانی (اسلام کو تباہ کردے گی)۔

**221-** اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ لَيْثٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ لَا تُجَالِسُوْا اَصْحَابَ الْخُصُوْمَاتِ فَاِنَّهُمْ يَخُوْضُوْنَ فِي اٰيَاتِ اللّٰهِ

☆☆ امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ بحث کرنیوالے لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھا کرو کیونکہ یہ لوگ اللہ تعالیٰ کی آیات کے بارے میں (فضول اور لایعنی) بحث کرتے ہیں۔

**222-** اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ مُبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ سُنَّتُكُمْ وَاللّٰهِ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ بَيْنَهُمَا بَيْنَ الْغَالِي وَالْجَافِي فَاصْبِرُوْا عَلَيْهَا رَحِمَكُمُ اللّٰهُ فَاِنَّ اَهْلَ السُّنَّةِ كَانُوْا اَقَلَّ النَّاسِ فِيْمَا مَضٰى وَهُمْ اَقَلُّ النَّاسِ فِيْمَا بَقِيَ الَّذِيْنَ لَمْ يَذْهَبُوْا مَعَ اَهْلِ الْاِتْرَافِ فِي اِتْرَافِهِمْ وَلَا مَعَ اَهْلِ الْبِدَعِ فِي بِدَعِهِمْ وَصَبَرُوْا عَلٰى سُنَّتِهِمْ حَتّٰى لَقُوْا رَبَّهُمْ فَكَذٰلِكُمْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَكُوْنُوْا

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اس اللہ کی قسم جس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔ تمہارا طریقہ دو راستوں کے درمیان ہے اس میں انتہاپسندی بھی نہیں ہے اور غیر ضروری طور پر افراط بھی نہیں ہے (یا تمہارا دین افراط وتفریط سے پاک ہے) تم صبر کرو اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے گا بے شک سنت پر عمل کرنے والے لوگ گزشتہ زمانوں میں بھی کم تھے اور بعد میں آنیوالے زمانے میں بھی کم ہوں گے۔ یہ وہ لوگ ہیں جو سخت گیری کے اندر سخت گیر لوگوں کے ساتھ نہیں ہیں اور اہل بدعت کی بدعت میں بھی ان کا ساتھ نہیں دیتے۔ یہ لوگ سنت پر گامزن ہیں اور یہ لوگ سنت پر گامزن رہے یہاں تک کہ پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔ تم بھی اسی طرح رہنا اگر اللہ نے چاہا تو تم ایسے ہی رہو گے۔

**223**- اَخْبَرَنَا مُوسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عِيسٰى بْنُ يُونُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ وَمَالِكِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَلْقَصْدُ فِي السُّنَّةِ خَيْرٌ مِنَ الْاِجْتِهَادِ فِي الْبِدْعَةِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ سنت پر معمول کے مطابق عمل کرنا بدعت میں کوشش کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔

## بَابُ الْاِقْتِدَآءِ بِالْعُلَمَاءِ

## باب 24: علماء کی پیروی کرنا

**224**- اَخْبَرَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَلَمَةَ الْخُزَاعِيُّ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَقَدْ اَدْرَكْتُ اَقْوَامًا لَوْ لَمْ يُجَاوِزْ اَحَدُهُمْ ظِفْرًا لَمَا جَاوَزْتُهُ كَفٰى اِزْرَاءً عَلٰى قَوْمٍ اَنْ تُخَالِفَ اَفْعَالَهُمْ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے ایسے لوگوں کا زمانہ پایا ہے کہ اگر ان میں سے کوئی ایک شخص ایک ناخن جتنا بھی آگے نہ بڑھتا تو میں بھی آگے نہ بڑھتا۔ کسی بھی قوم کی ذلت کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تم ان کے افعال کی مخالفت کرنے لگو (یعنی اپنے بزرگوں کے معاملات کی مخالفت نہ کرو)۔

**225**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ (اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَاُوْلِي الْاَمْرِ مِنْكُمْ) قَالَ اُوْلُو الْعِلْمِ وَالْفِقْهِ وَطَاعَةُ الرَّسُوْلِ اِتِّبَاعُ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ

☆☆ عطا بیان کرتے ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اللہ تعالیٰ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو اور تم میں سے جو لوگ اولوالامر ہیں ان کی اطاعت کرو''۔

عطاء ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد علم اور فقہ کے ماہرین ہیں اور رسول کی اطاعت سے مراد کتاب اللہ اور سنت کی پیروی کرنا ہے۔

**226**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اَدْهَمَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ شُبْرُمَةَ عَنْ شَيْءٍ وَكَانَتْ عِنْدِيْ مَسْاَلَةً شَدِيْدَةً فَقُلْتُ رَحِمَكَ اللّٰهُ انْظُرْ فِيْهَا قَالَ اِذَا وَضَحَ لِيَ الطَّرِيْقُ وَوَجَدْتُ الْاَثَرَ لَمْ اَحْبِسْ

☆☆ حضرت ابراہیم بن ادھم رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے ابن شبرمہ سے ایک مسئلہ دریافت کیا جو میرے نزدیک نہایت اہم تھا۔ میں نے کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے آپ ذرا اس کا جائزہ لیں تو انہوں نے ارشاد فرمایا جب میرے لیے راستہ واضح ہو جائے گا اور میں اس بارے میں کوئی حدیث پالوں گا تو اسے اپنے پاس نہیں رکھوں گا۔

**227**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْهَيْثَمِ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ رَجُلٍ يُقَالُ لَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ جَابِرٍ مِنْ اَهْلِ هَجَرَ قَالَ قَالَ

---

حدیث 223: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 357

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 4522

حدیث 227: ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفہ' بیروت' لبنان 403

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 7950

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1991ء 6305

ابنِ مَسعُودٍ قَالَ لِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ وَعَلِّمُوْهُ النَّاسَ فَاِنِّیْ امْرُؤٌ مَقْبُوْضٌ وَّالْعِلْمُ سَیُقْبَضُ وَتَظْهَرُ الْفِتَنُ حَتّٰی یَخْتَلِفَ اثْنَانِ فِیْ فَرِیْضَةٍ لَّا یَجِدَانِ اَحَدًا یَّفْصِلُ بَیْنَهُمَا

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے ارشاد فرمایا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو۔ وراثت کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو۔ قرآن کا علم حاصل کرو اور لوگوں کو اس کی تعلیم دو۔ میں تو دنیا سے رخصت ہو جاؤں گا اور عنقریب علم کم ہو جائے گا اور فتنے ظاہر ہوں گے۔ یہاں تک کہ ایسے دو افراد جن کے درمیان کسی فرض کے بارے میں اختلاف ہو جائے تو انہیں کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا جو ان کے درمیان فیصلہ کر سکے۔

**228**- اَخْبَرَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ اَبِیْ خَلِیْفَةَ قَالَ سَمِعْتُ زِیَادَ بْنَ مِخْرَاقٍ ذَكَرَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ اَرْسَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ وَّاَبَا مُوْسٰی اِلَی الْیَمَنِ قَالَ تَسَانَدَا وَتَطَاوَعَا وَیَسِّرَا وَلَا تُنَفِّرَا فَقَدِمَا الْیَمَنَ فَخَطَبَ النَّاسَ مُعَاذٌ فَحَضَّهُمْ عَلَی الْاِسْلَامِ وَاَمَرَهُمْ بِالتَّفَقُّهِ وَالْقُرْاٰنِ وَقَالَ اِذَا فَعَلْتُمْ ذٰلِكَ فَاسْاَلُوْنِیْ اُخْبِرْكُمْ عَنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَمَكَثُوْا مَا شَآءَ اللّٰهُ اَنْ یَّمْكُثُوْا فَقَالُوْا لِمُعَاذٍ قَدْ كُنْتَ اَمَرْتَنَا اِذَا نَحْنُ تَفَقَّهْنَا وَقَرَاْنَا اَنْ نَسْاَلَكَ فَتُخْبِرَنَا بِاَهْلِ الْجَنَّةِ مِنْ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَ لَهُمْ مُعَاذٌ اِذَا ذُكِرَ الرَّجُلُ بِخَیْرٍ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَاِذَا ذُكِرَ بِشَرٍّ فَهُوَ مِنْ اَهْلِ النَّارِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور یہ ہدایت کی کہ ایک دوسرے کے ساتھ رہنا ایک دوسرے کی بات ماننا اور سہولت فراہم کرنا اور متنفر نہ کرنا یہ دونوں حضرات یمن تشریف لائے۔ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے انہیں اسلام کی ترغیب دی اور انہیں قرآن کا علم حاصل کرنے کی ہدایت کی اور ارشاد فرمایا جب تم یہ کر لو گے تو تم مجھ سے سوال کرنا میں تمہیں بتا دوں گا کہ جہنمی کون ہے اور جنتی کون ہے۔ یہ حضرات جب تک اللہ کی مرضی تھی وہاں مقیم رہے۔ لوگوں نے پھر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا۔ آپ نے ہمیں یہ کہا تھا کہ جب ہم قرآن کا علم حاصل کر لیں گے اور اسے پڑھ لیں گے تو ہم آپ سے سوال کریں گے اور آپ ہمیں بتائیں گے کہ جنتی کون ہے اور جہنمی کون ہے تو حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا جب کسی شخص کا (مرنے کے بعد یا زندگی میں) اچھے الفاظ میں ذکر کیا جائے تو وہ جنتی ہوگا اور جب کسی شخص کا برے الفاظ میں ذکر کیا جائے تو وہ جہنمی ہوگا۔

**229**- حَدَّثَنَا یَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِیْمَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ اَبِیْ سَعِیْدٍ یُحَدِّثُ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قِیْلَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ النَّاسِ اَكْرَمُ قَالَ اَتْقَاهُمْ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَیُوْسُفُ بْنُ یَعْقُوْبَ نَبِیُّ اللّٰهِ ابْنُ نَبِیِّ اللّٰهِ ابْنِ خَلِیْلِ اللّٰهِ قَالُوْا لَیْسَ عَنْ هٰذَا نَسْاَلُكَ قَالَ فَعَنْ مَعَادِنِ الْعَرَبِ تَسْاَلُوْنِیْ خِیَارُهُمْ فِی الْجَاهِلِیَّةِ خِیَارُهُمْ فِی الْاِسْلَامِ اِذَا فَقُهُوْا

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عرض کی گئی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سب سے زیادہ معزز شخص کون ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو سب سے زیادہ پرہیز گار ہو۔ لوگوں نے عرض کی ہم آپ سے اس بارے میں دریافت نہیں کر رہے ہیں۔ آپ نے

حدیث **228**: معجم اوسط' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **7416**

ارشادفرمایا: حضرت یعقوب علیہ السلام کے صاحبزادے حضرت یوسف علیہ السلام سب سے زیادہ معزز ہیں چونکہ وہ اللہ کے نبی کے بیٹے ہیں جو اللہ کے خلیل کے صاحبزادے تھے۔لوگوں نے عرض کی ہم اس بارے میں آپ سے دریافت نہیں کر رہے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا پھرتم عربوں کے معززین کے بارے میں دریافت کر رہے ہو؟ جولوگ زمانہ جاہلیت میں بہترشمار ہوتے تھے اسلام میں بھی وہی بہترشمار ہوں گے جبکہ وہ اسلام کاعلم حاصل کرلیں۔

**230**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُسَامَةَ بْنِ الْهَادِ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

---

حدیث **229**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **3175**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2378**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7487**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **648**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **11249**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **6471**
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **704**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2476**
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1045**
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **116**
''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' **1409**ھ/ **1989**ء **129**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1518**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **31919**

حدیث **230**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **71**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1037**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2645**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **220**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16883**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **89**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5839**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **5855**
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **1436**
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **8756**
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **4399**

يَقُوْلُ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

☆☆ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کر لے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے۔

231- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کر لے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے۔

232- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ جَبَلَةَ بْنِ عَطِيَّةَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ مُّعَاوِيَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

☆☆ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اللہ تعالیٰ جس شخص کے بارے میں بھلائی کا ارادہ کر لے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے۔

233- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الزَّهْرَانِيُّ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ هُوَ ابْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِيْ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ الْحُوَيْرِثِ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهٗ شَهِدَ خُطْبَةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمِ عَرَفَةَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ وَاللّٰهِ لَا اَدْرِيْ لَعَلِّيْ لَا اَلْقَاكُمْ بَعْدَ يَوْمِيْ هٰذَا بِمَكَانِيْ هٰذَا فَرَحِمَ اللّٰهُ مَنْ سَمِعَ مَقَالَتِي الْيَوْمَ فَوَعَاهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ وَّلَا فِقْهَ لَهٗ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ وَاعْلَمُوْا اَنَّ اَمْوَالَكُمْ وَدِمَائَكُمْ حَرَامٌ عَلَيْكُمْ كَحُرْمَةِ هٰذَا الْيَوْمِ فِيْ هٰذَا الشَّهْرِ فِيْ هٰذَا الْبَلَدِ وَاعْلَمُوْا اَنَّ الْقُلُوْبَ لَا تُغِلُّ عَلٰى ثَلَاثٍ اِخْلَاصِ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَمُنَاصَحَةِ اُوْلِي الْاَمْرِ وَعَلٰى لُزُوْمِ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيْطُ مِنْ وَّرَائِهِمْ

☆☆ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حجۃ الوداع کے موقع پر عرفہ کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو خطبہ دیا وہ اس میں شریک تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے لوگو! خدا کی قسم مجھے اس کا علم نہیں ہے۔ شاید آج کے بعد میں اس جگہ پر تم سے نہ مل سکوں تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو آج میری بات سن کر اسے محفوظ کر لے کیونکہ بہت سے لوگ صاحب علم کہلاتے ہیں حالانکہ ان کے پاس علم نہیں ہوتا اور بعض لوگ اہل علم ہوتے ہیں لیکن دوسرے ان سے زیادہ اہل علم ہوتے ہیں۔ تم یہ بات جان لو تمہاری مال تمہارے خون تمہارے لیے اسی طرح قابل احترام ہیں جیسے آج کا یہ دن قابل احترام ہے اور یہ مہینہ قابل احترام ہے اور یہ شہر قابل احترام ہے۔

حدیث 233: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 68

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 294

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء 5296

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' 1405ھ 1985ء 300

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء 1224

یہ بات جان لو دل تین چیزوں کے بارے میں خیانت نہیں کرتا۔ ایک عمل کا اللہ تعالیٰ کے لیے خالص ہونا' دوسرا حاکم وقت کے لیے خیر خواہی اور مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ ان کی دعا بعد والے لوگوں پر بھی محیط ہوتی ہے۔

**234**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْخَيْفِ مِنْ مِنًى فَقَالَ نَضَّرَ اللّٰهُ عَبْدًا سَمِعَ مَقَالَتِيْ فَوَعَاهَا ثُمَّ اَدَّاهَا اِلٰى مَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَّا فِقْهَ لَهُ وَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ ثَلَاثٌ لَا يُغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ الْمُؤْمِنِ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَطَاعَةُ ذَوِى الْاَمْرِ وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تَكُوْنُ مِنْ وَّرَائِهِمْ

☆☆ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ منیٰ میں خیف کے مقام پر کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو ہماری بات سن کر اسے محفوظ کر لے اور اسے پھر دوسرے اس شخص تک پہنچا دے جس نے اسے براہ راست نہ سنا ہو کیونکہ بعض علم والوں کو حقیقی علم نہیں ہوتا اور بعض اوقات ایک علم والا دوسرے ایسے شخص تک علم منتقل کرتا ہے جو زیادہ سمجھدار ہوتا ہے۔ تین باتوں میں مسلمان کا دل دھوکا نہیں دیتا ایک عمل کا اللہ تعالیٰ کے لیے خاص ہونا' دوسرا حاکم وقت کی پیروی اور تیسرا مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا چونکہ ان کی دعا غیر موجود لوگوں کے لئے بھی ہوتی ہے۔

**235**- اَخْبَرَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا حَرَمِيُّ بْنُ عُمَارَةَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ خَرَجَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِّنْ عِنْدِ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ بِنِصْفِ النَّهَارِ قَالَ فَقُلْتُ مَا خَرَجَ هٰذِهِ السَّاعَةَ مِنْ عِنْدِ مَرْوَانَ اِلَّا وَقَدْ سَاَلَهُ عَنْ شَيْءٍ فَاَتَيْتُهُ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ نَعَمْ سَاَلَنِيْ عَنْ حَدِيْثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيْثًا فَحَفِظَهُ فَاَدَّاهُ اِلٰى مَنْ هُوَ اَحْفَظُ مِنْهُ فَرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ لَّيْسَ بِفَقِيْهٍ وَّرُبَّ حَامِلِ فِقْهٍ اِلٰى مَنْ هُوَ اَفْقَهُ مِنْهُ لَا يَعْتَقِدُ قَلْبُ مُسْلِمٍ عَلٰى ثَلَاثِ خِصَالٍ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ قَالَ قُلْتُ مَا هُنَّ قَالَ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَالنَّصِيْحَةُ لِوُلَاةِ الْاَمْرِ وَلُزُوْمُ الْجَمَاعَةِ فَاِنَّ دَعْوَتَهُمْ تُحِيْطُ مِنْ وَّرَائِهِمْ وَمَنْ كَانَتِ الْاٰخِرَةُ نِيَّتَهُ جَعَلَ اللّٰهُ غِنَاهُ فِيْ قَلْبِهٖ وَجَمَعَ لَهُ شَمْلَهُ وَاَتَتْهُ الدُّنْيَا وَهِيَ رَاغِمَةٌ وَّمَنْ كَانَتِ الدُّنْيَا نِيَّتَهُ فَرَّقَ اللّٰهُ عَلَيْهِ شَمْلَهُ وَجَعَلَ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ وَلَمْ يَاْتِهِ مِنَ الدُّنْيَا اِلَّا مَا قُدِّرَ لَهُ قَالَ وَسَاَلْتُهُ عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى قَالَ هِيَ الظُّهْرُ

| | |
|---|---|
| حدیث **234**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **3660** |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **2658** |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **231** |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **16784** |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **294** |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء | **5296** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء | **1541** |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | **88** |
| ''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1405**ھ/ **1984**ء | **508** |

☆☆ حضرت زید بن ثابت' مروان بن حکم رضی اللہ عنہ کے ہاں سے دوپہر کے وقت باہر نکلے۔ راوی کہتے ہیں میں نے دریافت کیا آپ اس وقت مروان کے ہاں سے کیوں آ رہے ہیں۔ ضرور اس نے آپ سے کوئی سوال کیا ہوگا۔ میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے دریافت کیا۔ انہوں نے جواب دیا: ہاں اس نے مجھ سے ایک حدیث کے بارے میں سوال کیا تھا جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو ہماری زبانی کوئی بات سن کر اسے یاد کر لے اور اسے اس شخص تک منتقل کر دے جو اس سے زیادہ بہتر طور پر اسے یاد رکھے کیونکہ بعض اوقات علم رکھنے والا شخص درحقیقت عالم نہیں ہوتا اور بعض اوقات علم رکھنے والا شخص کسی ایسے شخص تک بات منتقل کر دیتا ہے جو زیادہ بڑا عالم ہو۔

جس مسلمان کا دل تین باتوں پر یقین رکھے گا وہ ضرور جنت میں داخل ہوگا۔ راوی بیان کرتے ہیں۔ میں نے دریافت کیا وہ کیا باتیں ہیں آپ نے ارشاد فرمایا عمل میں اخلاص' حکام کے لیے خیر خواہی اور مسلمانوں کی جماعت کو لازم کرنا چونکہ ان کی دعا غیر موجود لوگوں پر بھی محیط ہوتی ہے۔

جس شخص کی نیت آخرت ہوگی اللہ تعالیٰ اس شخص کے دل میں بے نیازی پیدا کر دے گا اور اس کے تمام معاملات سیدھے کر دے گا۔ دنیا اس کے پاس سر جھکائے ہوئے آئے گی لیکن جس شخص کی نیت دنیا کا حصول ہوگی۔ اللہ تعالیٰ اس کے معاملات بکھیر دے گا اس کے فقر کو اس کے سامنے کر دے گا اور دنیا اسے اس کے نصیب کے مطابق ملے گی۔

راوی بیان کرتے ہیں میں نے ان سے نماز وسطیٰ کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: اس سے مراد ظہر کی نماز ہے۔

**236**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ اَخْبَرَنَا اِسْرَآئِيلُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ زُبَيْدٍ الْيَامِيِّ عَنْ اَبِي الْعَجْلَانِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَآءِ قَالَ خَطَبَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ نَضَّرَ اللّٰهُ امْرَاً سَمِعَ مِنَّا حَدِيثًا فَبَلَّغَهُ كَمَا سَمِعَهُ فَرُبَّ مُبَلَّغٍ اَوْعٰى مِنْ سَامِعٍ ثَلَاثٌ لَا يَغِلُّ عَلَيْهِنَّ قَلْبُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِخْلَاصُ الْعَمَلِ لِلّٰهِ وَالنَّصِيحَةُ لِكُلِّ مُسْلِمٍ وَلُزُومُ جَمَاعَةِ الْمُسْلِمِينَ فَاِنَّ دُعَائَهُمْ يُحِيطُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

☆☆ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ اس شخص کو خوش رکھے جو ہم سے کوئی بات سن کر اسے اسی طرح آگے پہنچا دے جیسے سنی ہے کیونکہ بعض اوقات جس شخص تک بات پہنچائی گئی ہے وہ براہ راست سننے والے کے مقابلے میں زیادہ بہتر طور پر اسے یاد رکھتا ہے۔ تین باتیں ایسی ہیں جن کے بارے میں مسلمان کا دل خیانت نہیں کرتا ایک عمل کا اللہ کیلئے خالص ہونا' دوسرا ہر مسلمان کے لیے خیر خواہی اور تیسرا مسلمانوں کی جماعت کے ساتھ رہنا کیونکہ ان کی دعا غیر موجود لوگوں پر بھی محیط ہوتی ہے۔

## بَابُ اتِّقَاءِ الْحَدِيثِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالتَّثَبُّتِ فِيهِ

## باب 25: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث نقل کرتے ہوئے احتیاط اور چھان بین کا بیان

**237**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے' اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**238**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**239**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ حَدَّثَ عَنِّي كَذِبًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ' حضرت زبیر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص میرے حوالے سے کوئی جھوٹی بات بیان کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**240**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِي الصَّبَّاحُ بْنُ مُحَارِبٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَعْلَى بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّأْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ عمر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص جان

حدیث 237: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 107

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3651

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2257

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 30

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 13356

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 31

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 379

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 5913

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 20782

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 73

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 204

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 362

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 264

بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**241**- اَخْبَرَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَتَّابٍ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنِّیْ اَخْشٰی اَنْ اُخْطِئَ لَحَدَّثْتُكُمْ بِاَشْيَاءَ سَمِعْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ قَالَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذَاكَ اَنِّیْ سَمِعْتُهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اگر مجھے یہ خوف نہ ہو کہ میں غلطی کر جاؤں گا تو میں تمہیں بہت سی ایسی احادیث سناتا جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہیں یا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمائی ہیں لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**242**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ دَاوُدَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ وَعَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِیْ سُلَيْمَانَ وَعَنِ التَّيْمِيِّ وَعَنْ عَتَّابٍ مَوْلٰی ابْنِ هُرْمُزَ سَمِعُوْا اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جو شخص میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**243**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِیْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ عَلَى الْمِنْبَرِ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِيَّاكُمْ وَكَثْرَةَ الْحَدِيْثِ عَنِّیْ فَمَنْ قَالَ عَلَيَّ فَلَا يَقُلْ اِلَّا حَقًّا اَوْ اِلَّا صِدْقًا وَمَنْ قَالَ عَلَيَّ مَا لَمْ اَقُلْ فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو برسر منبر یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اے لوگو! میرے حوالے سے بکثرت احادیث بیان کرنے سے بچنا' جو بھی شخص میرے حوالے سے کوئی بات کرے وہ سچی بات کرے اور جو شخص میرے حوالے سے کوئی ایسی بات کہے گا جو میں نے نہ کہی ہو تو اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

**244**- اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سُلَيْمَانَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ بِشْرٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَيَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

## بَابٌ فِیْ ذَهَابِ الْعِلْمِ

## باب 26: علم کا رخصت ہو جانا

**245**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَقْبِضُ الْعِلْمَ انْتِزَاعًا يَنْتَزِعُهُ مِنَ النَّاسِ وَلٰكِنْ قَبْضُ الْعِلْمِ قَبْضُ الْعُلَمَاءِ فَاِذَا لَمْ يُبْقِ عَالِمًا

اتَّخَذَ النَّاسُ رُءُوسًا جُهَّالًا فَسُئِلُوا فَأَفْتَوْا بِغَيْرِ عِلْمٍ فَضَلُّوا وَأَضَلُّوا

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بیشک اللہ تعالیٰ علم کو قبض کر لے گا۔ اسے لوگوں سے الگ کر دے گا لیکن علم کا قبض کرنا علماء کے قبض کرنے کی شکل میں ہوگا یہاں تک کہ وہ کسی عالم کو (دنیا میں) باقی نہیں رہنے دے گا تو لوگ جہلاء کو پیشوا بنالیں گے۔ ان جہلاء سے سوال کیے جائیں گے۔ وہ لوگ علم نہ ہونے کے باوجود فتویٰ دیں گے خود بھی گمراہ ہوں گے اور دوسروں کو بھی گمراہ کریں گے۔

**246**- اَخْبَرَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ اَخْبَرَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَوْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَوْلَى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ خُذُوا الْعِلْمَ قَبْلَ اَنْ يَذْهَبَ قَالُوا وَكَيْفَ يَذْهَبُ الْعِلْمُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ وَفِينَا كِتَابُ اللّٰهِ قَالَ فَغَضِبَ ثُمَّ قَالَ ثَكِلَتْكُمْ اُمَّهَاتُكُمْ اَوَلَمْ تَكُنِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيلُ فِي بَنِي اِسْرَائِيلَ فَلَمْ يُغْنِيَا عَنْهُمْ شَيْئًا اِنَّ ذَهَابَ الْعِلْمِ اَنْ يَذْهَبَ حَمَلَتُهُ اِنَّ ذَهَابَ الْعِلْمِ اَنْ يَذْهَبَ حَمَلَتُهُ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ علم کے رخصت ہو جانے سے پہلے اسے حاصل کرلو۔ لوگوں نے دریافت کیا اے اللہ کے نبی! علم کیسے رخصت ہوگا جبکہ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب موجود ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ناراض ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہاری مائیں تمہیں روئیں۔ کیا تورات اور انجیل بنی اسرائیل میں موجود نہیں تھیں۔ یہ دونوں ان کے کیا کام آسکی تھیں۔ علم کا رخصت ہونا یہ ہے کہ علم کے ماہرین رخصت ہو جائیں۔

**247**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا هِلَالٌ هُوَ ابْنُ خَبَّابٍ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ قُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ مَا عَلَامَةُ هَلَاكِ النَّاسِ قَالَ اِذَا هَلَكَ عُلَمَاؤُهُمْ

☆☆ ہلال بن خباب بیان کرتے ہیں۔ میں نے سعید بن جبیر سے دریافت کیا۔ اے ابوعبداللہ! لوگوں کے ہلاک ہونے کی نشانی کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جب ان کے علماء ہلاک ہو جائیں۔

**248**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا مَسْعُودُ بْنُ سَعْدٍ الْجُعْفِيُّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ

حدیث **245**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **100**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2673**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2652**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **52**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **6511**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **4571**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء — **459**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ — **55**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **2292**

حدیث **246**: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **7906**

رُبَيْعَةَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَا بَقِيَ الْأَوَّلُ حَتّٰى يَتَعَلَّمَ أَوْ يُعَلِّمَ الْآخِرَ فَإِنْ هَلَكَ الْأَوَّلُ قَبْلَ أَنْ يُعَلِّمَ أَوْ يَتَعَلَّمَ الْآخِرُ هَلَكَ النَّاسُ

☆☆ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں لوگ اس وقت تک بھلائی پر گامزن رہیں گے جب تک پہلے لوگوں سے علم حاصل کیا جاتا رہے گا یا دوسرے لوگ ان سے علم حاصل کرتے رہیں گے۔ جب پہلے لوگوں سے علم کے حصول سے پہلے ہی پہلے لوگ فوت ہو جائیں تو لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے۔

**249**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا أَبُوْ كُدَيْنَةَ عَنْ قَابُوْسَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا ذَهَابُ الْعِلْمِ قُلْنَا لَا قَالَ ذَهَابُ الْعُلَمَاءِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کیا تم لوگ یہ جانتے ہو کہ علم کے رخصت ہونے سے مراد کیا ہے۔ لوگوں نے جواب دیا: نہیں۔ انہوں نے ارشاد فرمایا علماء کا رخصت ہو جانا۔

**250**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَسْعَدَ حَدَّثَنَا أَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ قَالَ قَالَ حُذَيْفَةُ أَتَدْرِيْ كَيْفَ يُنْقَصُ الْعِلْمُ قَالَ قُلْتُ كَمَا يُنْقَصُ الثَّوْبُ وَكَمَا يَقْسُو الدِّرْهَمُ قَالَ لَا وَإِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْهُ قَبْضُ الْعِلْمِ قَبْضُ الْعُلَمَاءِ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کیا تم جانتے ہو علم کیسے کم ہوتا ہے۔ راوی بیان کرتے ہیں۔ میں نے کہا جیسے کپڑے کا رنگ کم ہو جاتا ہے یا جیسے درہم کھوٹا ہو جاتا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ ایسا بھی ہوتا ہے لیکن علم کا رخصت ہو جانا علماء کا رخصت ہو جانا ہے۔

**251**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ أَبِي الْأَسْوَدِ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ أَبِي الْجَعْدِ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ مَا لِيْ أَرَى عُلَمَائَكُمْ يَذْهَبُوْنَ وَجُهَّالَكُمْ لَا يَتَعَلَّمُوْنَ فَتَعَلَّمُوْا قَبْلَ أَنْ يُرْفَعَ الْعِلْمُ فَإِنَّ رَفْعَ الْعِلْمِ ذَهَابُ الْعُلَمَاءِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں دیکھ رہا ہوں کہ تمہارے علماء رخصت ہوتے جا رہے ہیں اور تمہارے جہلاء علم حاصل نہیں کر رہے۔ تم علم حاصل کر لو اس سے پہلے کہ علم اٹھا لیا جائے کیونکہ علماء کا رخصت ہونا ہی علم کا اٹھا لیا جانا ہے۔

**252**- اَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَسَدٍ أَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ بُرْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ النَّاسُ عَالِمٌ وَمُتَعَلِّمٌ وَلَا خَيْرَ فِيْمَا بَعْدَ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ آدمی یا عالم ہوتا ہے یا طالب علم ہوتا ہے اس کے بعد کسی صورت میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

**253**- اَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ أَسَدٍ أَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ سَالِمٍ عَنْ أَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ مُعَلِّمُ الْخَيْرِ وَالْمُتَعَلِّمُ فِي الْأَجْرِ سَوَاءٌ وَلَيْسَ لِسَائِرِ النَّاسِ بَعْدُ خَيْرٌ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ بھلائی کی تعلیم دینے والا اور بھلائی کا علم حاصل کرنے والا اجر میں برابر ہیں۔ ان کے علاوہ لوگوں میں کوئی خیر نہیں ہے۔

**254**- اَخْبَرَنَا قَبِيْصَةُ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اغْدُ

عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا اَوْ مُسْتَمِعًا وَّلَا تَكُنِ الرَّابِعَ فَتَهْلِكَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں یا عالم بنو یا طالب علم بنو یا بات کو غور سے سننے والے بنو۔ چوتھے شخص نہ بنا ورنہ تم ہلاکت کا شکار ہو جاؤ گے۔

**255**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رُبَيِّعَةَ قَالَ قَالَ سَلْمَانُ لَا يَزَالُ النَّاسُ بِخَيْرٍ مَّا بَقِيَ الْاَوَّلُ حَتّٰى يَتَعَلَّمَ الْاٰخِرُ فَاِذَا هَلَكَ الْاَوَّلُ قَبْلَ اَنْ يَّتَعَلَّمَ الْاٰخِرُ هَلَكَ النَّاسُ

☆☆ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں لوگ اس وقت تک بھلائی پر باقی رہیں گے۔ جب تک بعد والے لوگ پہلے لوگوں سے علم حاصل کرتے رہیں گے۔ جب بعد والوں کے علم حاصل کرنے سے پہلے ہی پہلے والے لوگ فوت ہو جائیں تو لوگ ہلاکت کا شکار ہو جائیں گے۔

**256**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ وَّعُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ قَالَا اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُّحَمَّدٍ عَنِ الْاَحْنَفِ قَالَ قَالَ عُمَرُ تَفَقَّهُوا قَبْلَ اَنْ تُسَوَّدُوْا

☆☆ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قائد بننے سے پہلے علم حاصل کرو۔

**257**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنِيْ صَفْوَانُ بْنُ رُسْتُمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ تَمِيْمِ الدَّارِيِّ قَالَ تَطَاوَلَ النَّاسُ فِي الْبِنَاءِ فِيْ زَمَنِ عُمَرَ فَقَالَ عُمَرُ يَا مَعْشَرَ الْعُرَيْبِ الْاَرْضَ الْاَرْضَ اِنَّهُ لَا اِسْلَامَ اِلَّا بِجَمَاعَةٍ وَّلَا جَمَاعَةَ اِلَّا بِاِمَارَةٍ وَّلَا اِمَارَةَ اِلَّا بِطَاعَةٍ فَمَنْ سَوَّدَهُ قَوْمُهُ عَلَى الْفِقْهِ كَانَ حَيَاةً لَّهُ وَلَهُمْ وَمَنْ سَوَّدَهُ قَوْمُهُ عَلٰى غَيْرِ فِقْهٍ كَانَ هَلَاكًا لَّهُ وَلَهُمْ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانے میں لوگوں نے تعمیرات میں ایک دوسرے سے بلند تعمیرات کرنا شروع کر دیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اے عرب کے رہنے والو! زمین کے ساتھ رہو کیونکہ جماعت کے بغیر اسلام کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور امارت کے بغیر جماعت کی کوئی حیثیت نہیں ہے اور اطاعت کے بغیر امارت کی کوئی حیثیت نہیں ہے جس شخص کو اس کی قوم اس کی سمجھ بوجھ کی وجہ سے اپنا قائد مقرر کرے وہ شخص اپنے لیے اور قوم کے لیے خیر کی زندگی ہوگا اور جس شخص کے جاہل ہونے کے باوجود اس کی قوم اسے اپنا قائد بنا لے۔ وہ شخص خود بھی ہلاک ہوگا اور لوگوں کے لیے بھی ہلاکت کا باعث بنے گا۔

## بَابُ الْعَمَلِ بِالْعِلْمِ وَحُسْنِ النِّيَّةِ فِيْهِ

## باب 27: علم کے مطابق عمل کرنا اور اس بارے میں نیت درست رکھنا

**258**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ الْمُهَاجِرَ بْنَ حَبِيْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى اِنِّيْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ اَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّيْ اَتَقَبَّلُ هَمَّهُ وَهَوَاهُ فَاِنْ كَانَ هَمُّهُ وَهَوَاهُ فِيْ طَاعَتِيْ جَعَلْتُ صَمْتَهُ حَمْدًا لِّيْ وَوَقَارًا وَّاِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ

☆☆ مہاصر بن حبیب روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے میں ہر سمجھدار آدمی کی بات قبول نہیں کرتا بلکہ میں اس کی خواہش اور ارادے کو قبول کرتا ہوں۔ اگر اس کی خواہش اور اس کا ارادہ میری فرمانبرداری ہو تو میں اس

کی خاموشی کو بھی اپنی حمد اور وقار قرار دیتا ہوں اگر چہ وہ کوئی بات نہ بھی کرے۔

259- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ لَيْثِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِى الزَّاهِرِيَّةِ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَالَ اَبُثُّ الْعِلْمَ فِى اٰخِرِ الزَّمَانِ حَتّٰى يَعْلَمَهُ الرَّجُلُ وَالْمَرْاَةُ وَالْعَبْدُ وَالْحُرُّ وَالصَّغِيْرُ وَالْكَبِيْرُ فَاِذَا فَعَلْتُ ذٰلِكَ بِهِمْ اَخَذْتُهُمْ بِحَقِّى عَلَيْهِمْ

☆☆ ابوزاہریہ حدیث کے طور پر یہ بات نقل کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ یہ ارشاد فرماتا ہے۔ آخری زمانے میں' میں علم کو پھیلادوں گا۔ یہاں تک کہ ہر مرد' عورت' غلام' آزاد شخص' بچہ' بڑا علم حاصل کرلیں گے۔ جب میں ان کے ساتھ ایسا کروں گا تو اس بارے میں میرا جو حق ہے اس پر ان کی گرفت کروں گا۔

260- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا مَخْلَدُ بْنُ حُسَيْنٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَنْ طَلَبَ شَيْئًا مِّنْ هٰذَا الْعِلْمِ فَاَرَادَ بِهٖ مَا عِنْدَ اللّٰهِ يُدْرِكْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَمَنْ اَرَادَ بِهِ الدُّنْيَا فَذَاكَ وَاللّٰهِ حَظُّهُ مِنْهُ

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جو شخص علم کی طلب میں اللہ تعالیٰ کے پاس موجود اجر و ثواب کی نیت کرے گا۔ اگر اللہ نے چاہا تو اسے پالے گا اور جو شخص اس کے ذریعے دنیا حاصل کرنا چاہے گا تو وہ اللہ کی قسم! اسے اپنے حصے کے مطابق ہی ملے گی۔

261- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عِيْسٰى قَالَ قَالَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ لَا تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ لِثَلَاثٍ لِتُمَارُوْا بِهِ السُّفَهَاءَ وَتُجَادِلُوْا بِهِ الْعُلَمَاءَ وَلِتَصْرِفُوا بِهٖ وُجُوْهَ النَّاسِ اِلَيْكُمْ وَابْتَغُوا بِقَوْلِكُمْ مَا عِنْدَ اللّٰهِ فَاِنَّهٗ يَدُوْمُ وَيَبْقٰى وَيَنْفَدُ مَا سِوَاهُ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ تین مقاصد کے لیے علم حاصل نہ کرو' یہ کہ اس کے ذریعے تم بیوقوفوں کے ساتھ بحث کرو یا اس کے ذریعے علماء کے ساتھ بحث کرو یا اس کے ذریعے لوگوں کی توجہ حاصل کرو بلکہ تم اپنی بات کے ذریعے اللہ تعالیٰ کے ہاں موجود اجر و ثواب حاصل کرو کیونکہ وہ ہمیشہ رہے گا اور باقی رہے گا اور اس کے علاوہ ہر چیز فنا ہو جائے گی۔

262- وَبِهٰذَا الْاِسْنَادِ قَالَ كُوْنُوْا يَنَابِيْعَ الْعِلْمِ مَصَابِيْحَ الْهُدٰى اَحْلَاسَ الْبُيُوْتِ سُرُجَ اللَّيْلِ جُدُدَ الْقُلُوْبِ خُلْقَانَ الثِّيَابِ تُعْرَفُوْنَ فِى اَهْلِ السَّمَآءِ وَتَخْفَوْنَ عَلٰى اَهْلِ الْاَرْضِ

☆☆ اسی سند کے ہمراہ یہ بات بھی منقول ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ تم علم کے چشمے بن جاؤ۔ ہدایت کے چراغ بن جاؤ گھروں کے محافظ بن جاؤ۔ رات کے وقت چراغ بن جاؤ' نئے دلوں کے مالک بن جاؤ (یوں ہو جاؤ کہ) تمہارے کپڑے پرانے ہوں تو تمہیں آسمان میں پہچانا جائے گا اور زمین والوں کے نزدیک تمہاری حیثیت کچھ بھی نہیں ہوگی۔

263- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَارَةَ بْنِ حَزْمٍ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَطْلُبُ هٰذَا الْعِلْمَ اَحَدٌ لَّا يُرِيْدُ بِهٖ اِلَّا الدُّنْيَا اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ عَرْفَ الْجَنَّةِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

حدیث 263: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 288

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء 6373

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/ 1983ء 121

☆☆ حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص دنیاوی مقصد کے حصول کے لیے اس علم کو حاصل کرے گا۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت کی خوشبو کو حرام کر دے گا۔

**264-** اَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مَّالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ قَالَ قَالَ رَجُلٌ لِلشَّعْبِيِّ اَفْتِنِيْ اَيُّهَا الْعَالِمُ فَقَالَ الْعَالِمُ مَنْ يَّخَافُ اللّٰهَ

☆☆ مالک بن مغول بیان کرتے ہیں۔ایک شخص نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے کہا اے عالم آپ مجھے فتویٰ دیں۔امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: عالم وہ شخص ہوتا ہے جو اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو۔

**265-** اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ مَرْيَدٍ عَنْ اَوْفٰى بْنِ دَلْهَمٍ اَنَّهُ بَلَغَهُ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ تُعْرَفُوا بِهٖ وَاعْمَلُوْا بِهٖ تَكُوْنُوْا مِنْ اَهْلِهٖ فَاِنَّهُ سَيَاْتِيْ بَعْدَ هٰذَا زَمَانٌ لَّا يَعْرِفُ فِيْهِ تِسْعَةُ عُشَرَائِهِمُ الْمَعْرُوْفَ وَلَا يَنْجُو مِنْهُ اِلَّا كُلُّ نُوَمَةٍ فَاُولٰٓئِكَ اَئِمَّةُ الْهُدٰى وَمَصَابِيْحُ الْعِلْمِ لَيْسُوْا بِالْمَسَايِيْحِ وَلَا الْمَذَايِيْعِ الْبُذُرِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ نُوَمَةٍ غَافِلٌ عَنِ الشَّرِّ اَلْمَذَايِيْعُ الْبُذُرِ كَثِيْرُ الْكَلَامِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔علم حاصل کرو اس کے ذریعے تمہاری پہچان ہوگی۔تم اس پر عمل کرو تم اس کے اہل میں شامل ہو جاؤ گے کیونکہ عنقریب ایسا زمانہ آئے گا جب دس آدمیوں میں سے نو آدمی نیکی کے بارے میں علم نہیں رکھیں گے اور ان میں سے کوئی بھی برائی سے نہیں بچے گا۔ ماسوائے اس کے جو اس سے بے خبر ہو اس وقت یہی لوگ ہدایت کے پیشوا ہوں گے اور علم کے چراغ ہوں گے جو فساد پھیلانے والے' چغل خوری کرنے والے اور فضول باتیں کرنے والے نہیں ہوں گے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: اس روایت میں استعمال ہونے والا لفظ ''نومہ'' سے مراد وہ شخص ہے جو برائی سے غافل ہے۔ ''مذاییع'' سے مراد بکثرت گفتگو کرنے والا ہے۔''البذر'' سے مراد چغلی کرنے والا ہے۔

**266-** اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ يَّزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ قَالَ مُعَاذُ بْنُ جَبَلٍ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ بَعْدَ اَنْ تَعْلَمُوْا فَلَنْ يَّاْجُرَكُمُ اللّٰهُ بِالْعِلْمِ حَتّٰى تَعْمَلُوْا

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔جب تم علم حاصل کر لو تو تم جتنا چاہو عمل کرو۔اللہ تعالیٰ علم کا اجر اس وقت تک تمہیں نہیں دے گا جب تک تم اس پر عمل نہ کرو۔

**267-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مَزْيَدٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ بْنِ جَابِرٍ يُحَدِّثُ عَنْ سَعْدٍ اَنَّهُ اَتَى ابْنَ مُنَبِّهٍ فَسَاَلَهُ عَنِ الْحَسَنِ وَقَالَ لَهُ كَيْفَ عَقْلُهُ فَاَخْبَرَهُ ثُمَّ قَالَ اِنَّا لَنَتَحَدَّثُ اَوْ نَجِدُ فِي الْكُتُبِ اَنَّهُ مَا اَتَى اللّٰهُ عَبْدًا عِلْمًا فَعَمِلَ بِهٖ عَلٰى سَبِيْلِ الْهُدٰى فَيَسْلُبَهُ عَقْلَهُ حَتّٰى يَقْبِضَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ

☆☆ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ ابن منبہ کے پاس آئے اور ان سے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں دریافت کیا کہ اس کی عقل کیسی ہے۔ابن منبہ نے انہیں بتایا۔پھر وہ بولے ہم آپس میں یہ بات کرتے ہیں اور ہم نے یہ بات اپنی کتابوں میں بھی پڑھی ہے کہ جس بندے کو اللہ تعالیٰ علم عطاء کر دے اور وہ اس پر عمل کرے اور ہدایت پر گامزن رہے تو ایسا نہیں ہو سکتا کہ اللہ تعالیٰ اس کے مرنے سے پہلے اس کی عقل کو چھین لے۔

**268-** اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنِ ابْنِ الْقَاسِمِ بْنِ قَيْسٍ حَدَّثَنِيْ يُوْنُسُ بْنُ سَيْفٍ الْحِمْصِيُّ قَالَ حَدَّثَنِيْ

اَبُو كَبْشَةَ السَّلُولِيُّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الدَّرْدَآءِ يَقُولُ اِنَّ مِنْ اَشَرِّ النَّاسِ عِنْدَ اللّٰهِ مَنْزِلَةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ عَالِمًا لَا يَنْتَفِعُ بِعِلْمِهِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک قیامت کے دن قدر و منزلت کے اعتبار سے سب سے بدتر وہ عالم ہوگا جس کے علم سے نفع حاصل نہ کیا جائے۔

**269**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُو قُدَامَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ دِينَارٍ قَالَ قَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ مَنْ يَزْدَدْ عِلْمًا يَزْدَدْ وَجَعًا

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جس شخص کے علم میں اضافہ ہوگا اس کی تکلیف میں بھی اضافہ ہوگا۔

**270**- وَقَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ مَا اَخَافُ عَلَى نَفْسِيْ اَنْ يُقَالَ لِيْ مَا عَلِمْتَ وَلٰكِنْ اَخَافُ اَنْ يُقَالَ لِيْ مَاذَا عَمِلْتَ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ مجھے اپنے بارے میں یہ خوف نہیں ہے کہ مجھ سے یہ کہا جائے کہ تم نے کیا علم حاصل کیا ہے بلکہ مجھے اپنے بارے میں یہ خوف ہے کہ مجھ سے یہ پوچھا جائے گا کہ تم نے کیا عمل کیا ہے۔

**271**- اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ جُرَيْجٍ يَذْكُرُ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَدَارُسُ الْعِلْمِ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ خَيْرٌ مِنْ اِحْيَائِهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے رات میں ایک گھڑی علم کی درس و تدریس رات بھر عبادت کرنے سے بہتر ہے۔

**272**- وَ قَالَ اَبُو هُرَيْرَةَ اِنِّي لَاُجَزِّئُ اللَّيْلَ ثَلَاثَةَ اَجْزَاءٍ فَثُلُثٌ اَنَامُ وَثُلُثٌ اَقُوْمُ وَثُلُثٌ اَتَذَكَّرُ اَحَادِيْثَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے اپنی رات کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے۔ ایک تہائی حصے میں سوتا ہوں۔ ایک تہائی حصے میں نوافل ادا کرتا ہوں اور ایک تہائی حصے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث یاد کرتا ہوں۔

**273**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ مَنِ ابْتَغَى شَيْئًا مِنَ الْعِلْمِ يَبْتَغِي بِهِ وَجْهَ اللّٰهِ اٰتَاهُ اللّٰهُ مِنْهُ مَا يَكْفِيْهِ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص علم کے ذریعے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کرنا چاہے گا اللہ تعالیٰ اسے اتنا کچھ عطا کر دے گا جو اس کے لیے کافی ہوگا۔

## بَابٌ مَنْ هَابَ الْفُتْيَا مَخَافَةَ السَّقَطِ

## باب 28: جو شخص غلطی میں مبتلا ہونے کے خوف سے فتویٰ دینے سے بچے

**274**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ قَالَ سَاَلْتُ الشَّعْبِيَّ عَنْ حَدِيْثٍ فَحَدَّثَنِيْهِ فَقُلْتُ اِنَّهُ يُرْفَعُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا عَلَى مَنْ دُوْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ اِلَيْنَا فَاِنْ كَانَ فِيْهِ زِيَادَةٌ اَوْ نُقْصَانٌ كَانَ عَلَى مَنْ دُوْنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ عاصم بیان کرتے ہیں۔ میں نے امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ سے ایک حدیث کے بارے میں سوال کیا جوانہوں نے مجھے سنائی تھی۔ میں نے ان سے دریافت کیا۔ کیا یہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے منسوب ہے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بجائے بعد والے کسی راوی کی طرف منسوب کرنا ہمارے نزدیک زیادہ پسندیدہ ہے کیونکہ اگر اس میں کوئی کمی یا اضافہ ہوگا تو وہ بعد والے راوی کے حوالے سے ہوگا۔

**275**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِىْ هَاشِمٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْمُحَاقَلَةِ وَالْمُزَابَنَةِ فَقِيْلَ لَهُ اَمَا تَحْفَظُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا غَيْرَ هٰذَا قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ اَقُوْلُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ عَلْقَمَةُ اَحَبُّ اِلَىَّ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے محاقلہ اور مزابنہ سے منع کیا ہے۔ ابراہیم سے سوال کیا گیا۔ کیا آپ کو اس حدیث کے علاوہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی اور حدیث بھی یاد ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں لیکن میرے نزدیک یہ کہنا زیادہ پسندیدہ ہے کہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی ہے یا علقمہ نے یہ بات بیان کی ہے۔

**276**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِذَا حَدَّثَ بِحَدِيْثٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا اَوْ نَحْوَهُ اَوْ شِبْهَهُ اَوْ شَكْلَهُ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو ساتھ میں یہ بھی کہتے تھے کہ اس کی مانند اس کے مشابہ یا اس طرح سے آپ نے ارشاد فرمایا ہے:

**277**- اَخْبَرَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ كَانَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِذَا حَدَّثَ حَدِيْثًا قَالَ اللّٰهُمَّ اِلَّا هٰكَذَا اَوْ كَشَكْلِهِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو ساتھ یہ بھی کہتے تھے اے اللہ یہ شاید اسی طرح ہے یا اس کی مانند ہے۔

**278**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُسْلِمٍ اَبِىْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِىِّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ كُنْتُ لَا تَفُوْتُنِىْ عَشِيَّةُ خَمِيْسٍ اِلَّا اٰتِىْ فِيْهَا عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ فَمَا سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ لِشَىْءٍ قَطُّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ حَتّٰى كَانَتْ ذَاتَ عَشِيَّةٍ فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاغْرَوْرَقَتْ عَيْنَاهُ وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجُهُ فَاَنَا رَاَيْتُهُ مَحْلُوْلَةً اَزْرَارُهُ وَقَالَ اَوْ مِثْلُهُ اَوْ نَحْوُهُ اَوْ شَبِيْهٌ بِهٖ

☆☆ عمرو بن میمون بیان کرتے ہیں ہر جمعرات کی شام میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں باقاعدگی کے ساتھ

حدیث **278**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دارالفکر بیروت لبنان **23**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **4321**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **378**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ/ **1983**ء **8617**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **26222**

حاضر ہوا کرتا تھا۔ میں نے انہیں کبھی بھی یہ کہتے ہوئے نہیں سنا کہ نبی اکرم ﷺ نے یوں ارشاد فرمایا ہے۔ ایک مرتبہ شام کے وقت انہوں نے یہ کہہ دیا کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ عمرو بیان کرتے ہیں یہ کہہ کران کے آنسو جاری ہوگئے اوران کی رگیں پھول گئیں۔ میں نے دیکھا کہ ان کا تکمہ کھل گیا ہے۔ پھر وہ بولے اس کی مانند یا اس طرح یا اس جیسا ارشاد فرمایا ہے۔

**279**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَابْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ اِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْاَيَّامِ تَرَبَّدَ وَجْهُهُ وَقَالَ هٰكَذَا اَوْ نَحْوَهُ هٰكَذَا اَوْ نَحْوَهُ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ اور ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ جب نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو ان کا چہرہ متغیر ہو جاتا تھا اور وہ یہ کہا کرتے تھے کہ آپ ﷺ نے اس طرح ارشاد فرمایا یا اس کی مانند ارشاد فرمایا۔

**280**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا تَوْبَةُ الْعَنْبَرِيُّ قَالَ قَالَ لِيَ الشَّعْبِيُّ اَرَاَيْتَ فُلَانًا الَّذِىْ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ قَعَدْتُ مَعَ ابْنِ عُمَرَ سَنَتَيْنِ اَوْ سَنَةً وَّنِصْفًا فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا اِلَّا هٰذَا الْحَدِيْثَ

☆☆ توبہ عنبری ارشاد فرماتے ہیں۔ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے کہا کیا تم نے غور کیا وہ فلاں شخص یہ کہہ دیتا ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے' میں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں دو برس یا شاید ڈیڑھ برس تک رہا ہوں لیکن میں نے انہیں کبھی نہیں سنا کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کی ہو۔ ماسوائے ان چند احادیث کہ (جو میں تمہارے سامنے بیان کر چکا ہوں)۔

**281**- اَخْبَرَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ جَالَسْتُ ابْنَ عُمَرَ سَنَةً فَلَمْ اَسْمَعْهُ يَذْكُرُ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ عبداللہ بن ابوسفر بیان کرتے ہیں شعبی ارشاد فرماتے ہیں میں ایک سال تک حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی خدمت میں رہا ہوں۔ میں نے انہیں کبھی بھی نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا۔

**282**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ اَبِىْ حَصِيْنٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ ثَابِتِ بْنِ قُطْبَةَ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يُحَدِّثُنَا فِى الشَّهْرِ بِالْحَدِيْثَيْنِ اَوِ الثَّلَاثَةِ

☆☆ حضرت ثابت بن قطبہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ مہینے بھر میں ہمارے سامنے دو یا شاید تین حدیثیں بیان کیا کرتے تھے۔

**283**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ مَرَّ بِنَا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ فَقُلْنَا حَدِّثْنَا بِبَعْضِ مَا سَمِعْتَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ وَاَتَحَلَّلُ

☆☆ عبدالملک بن عبید بیان کرتے ہیں۔ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ ہمارے پاس سے گزرے تو ہم نے درخواست کی آپ ہمیں کوئی ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم ﷺ کی زبانی سنی ہو۔ انہوں نے جواب دیا: کیا میں اپنے لیے (جہنم کو) حلال کر لوں۔

**284**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانَ اَنَسٌ قَلِيْلَ الْحَدِيْثِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ اِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَوْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بہت کم احادیث نقل کرتے تھے اور جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث نقل کرتے تھے تو ساتھ یہ ضرور کہتے تھے یا اس کی مانند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔

**285**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ كَانَ اَنَسٌ اِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيْثًا قَالَ اَوْ كَمَا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو ساتھ میں یہ بھی کہہ دیتے تھے کہ یا اس کی مانند نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

**286**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ حَدَّثَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ خَرَجْتُ مَعَ سَعْدٍ اِلَى مَكَّةَ فَمَا سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ حَدِيْثًا عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَجَعْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ

☆☆ سائب بن یزید بیان کرتے ہیں میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے ہمراہ مکہ گیا۔ میں نے انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا یہاں تک کہ ہم لوگ مدینہ منورہ واپس آ گئے۔

**287**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا بَيَانٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ اَنَّ عُمَرَ شَيَّعَ الْاَنْصَارَ حِيْنَ خَرَجُوْا مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَقَالَ اَتَدْرُوْنَ لِمَ شَيَّعْتُكُمْ قُلْنَا لِحَقِّ الْاَنْصَارِ قَالَ اِنَّكُمْ تَاْتُوْنَ قَوْمًا تَهْتَزُّ اَلْسِنَتُهُمْ بِالْقُرْاٰنِ اهْتِزَازَ النَّخْلِ فَلَا تَصُدُّوْهُمْ بِالْحَدِيْثِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا شَرِيْكُكُمْ قَالَ فَمَا حَدَّثْتُ بِشَيْءٍ وَقَدْ سَمِعْتُ كَمَا سَمِعَ اَصْحَابِي

☆☆ قرظہ بن کعب بیان کرتے ہیں جب بعض انصار مدینہ سے نکل کر جانے لگے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے ساتھ چلتے ہوئے (شہر سے باہر تک) آئے اور بولے کیا تم جانتے ہو میں تمہارے ساتھ کیوں آیا ہوں۔ ہم نے جواب دیا: انصار کے حق کی وجہ سے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا تم ایسے لوگوں کے پاس جا رہے ہو جو اتنی تیزی کے ساتھ قرآن پڑھتے ہیں جیسے کھجور کا درخت ہلتا ہے لہٰذا تم انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی حدیث کے حوالے سے قرآن سے روکنے کی کوشش نہ کرنا' میں تمہارے ساتھ ہوں۔

راوی بیان کرتے ہیں اس کے بعد میں نے کوئی ایسی حدیث بیان نہیں کی حالانکہ میں نے بھی اسی طرح احادیث سنی ہوئی ہیں جیسے میرے ساتھیوں نے سنی ہوئی ہیں۔

**288**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ بْنُ سَوَّارٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَرَظَةَ بْنِ كَعْبٍ قَالَ بَعَثَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَهْطًا مِنَ الْاَنْصَارِ اِلَى الْكُوْفَةِ فَبَعَثَنِي مَعَهُمْ فَجَعَلَ يَمْشِي مَعَنَا حَتّٰى اَتٰى صِرَارَ وَصِرَارُ مَاءٌ فِي طَرِيْقِ الْمَدِيْنَةِ فَجَعَلَ يَنْفُضُ التُّرَابَ عَنْ رِجْلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اِنَّكُمْ تَاْتُوْنَ الْكُوْفَةَ فَتَاْتُوْنَ قَوْمًا لَهُمْ اَزِيْزٌ بِالْقُرْاٰنِ فَيَاْتُوْنَكُمْ فَيَقُوْلُوْنَ قَدِمَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ قَدِمَ اَصْحَابُ مُحَمَّدٍ فَيَاْتُوْنَكُمْ فَيَسْاَلُوْنَكُمْ عَنِ الْحَدِيْثِ فَاعْلَمُوْا اَنَّ اَسْبَغَ الْوُضُوْءِ

ثَلاثٌ وَثِنْتَانِ تُجْزِيَانِ ثُمَّ قَالَ إِنَّكُمْ تَأْتُونَ الْكُوفَةَ فَتَأْتُونَ قَوْمًا لَهُمْ أَزِيزٌ بِالْقُرْآنِ فَيَقُولُونَ قَدِمَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ قَدِمَ أَصْحَابُ مُحَمَّدٍ فَيَأْتُونَكُمْ فَيَسْأَلُونَكُمْ عَنِ الْحَدِيثِ فَأَقِلُّوا الرِّوَايَةَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا شَرِيكُكُمْ فِيهِ قَالَ قَرَظَةُ وَإِنْ كُنْتُ لَأَجْلِسُ فِي الْقَوْمِ فَيَذْكُرُونَ الْحَدِيثَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَمِنْ أَحْفَظِهِمْ لَهُ فَإِذَا ذَكَرْتُ وَصِيَّةَ عُمَرَ سَكَتُّ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ مَعْنَاهُ عِنْدِي الْحَدِيثُ عَنْ أَيَّامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ السُّنَنَ وَالْفَرَائِضَ

☆☆ قرظہ بن کعب بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے چند انصاری صحابہ کرام کو کوفہ بھیجا اور مجھے بھی ان کے ساتھ بھیج دیا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمارے ساتھ چلتے ہوئے ''صرار'' تک آئے ''صرار'' مدینے کے راستے میں ایک چشمہ ہے' وہاں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اپنے پاؤں سے مٹی صاف کرتے ہوئے ارشاد فرمایا۔ تم لوگ کوفہ جا رہے ہو۔ تم ایک ایسی قوم کے پاس جاؤ گے جو لوگ قرآن بڑے شوق سے پڑھتے ہیں وہ لوگ تمہارے پاس آئیں گے اور یہ کہیں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تشریف لے آئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تشریف لے آئے ہیں وہ تمہارے پاس آئیں گے اور حدیث کے بارے میں سوال کریں گے تم یہ بات یاد رکھنا کہ کامل وضو میں تین مرتبہ اعضاء کو دھویا جاتا ہے ویسے دو مرتبہ دھونا بھی کافی ہے۔ پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا تم لوگ کوفہ جا رہے ہو تم ایسے لوگوں کے پاس جا رہے ہو جو بڑے ذوق و شوق سے قرآن پڑھتے ہیں۔ وہ یہ کہیں گے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تشریف لے آئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ تشریف لے آئے ہیں۔ وہ تمہارے پاس آئیں گے اور تم سے احادیث کے بارے میں سوال کریں گے تو تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کم احادیث روایت کرنا۔ میں اس بارے میں تمہارے ساتھ ہوں۔

قرظہ فرماتے ہیں۔ میں کچھ لوگوں کے درمیان بیٹھا ہوا ہوتا ہوں وہ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث ذکر کرتے ہیں حالانکہ مجھے ان سے زیادہ احادیث یاد ہیں لیکن جب مجھے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی نصیحت یاد آتی ہے تو میں خاموشی اختیار کر لیتا ہوں۔

☆☆ امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ اس حدیث کا مفہوم میرے نزدیک یہ ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت کے حوالے سے (تحقیق کے بغیر) احادیث بیان نہ کی جائیں۔ سنن اور فرائض سے اس حدیث کا تعلق نہیں ہے۔

**289**- أَخْبَرَنَا مُجَاهِدُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ ارْتَعَدَ ثُمَّ قَالَ نَحْوَ ذٰلِكَ أَوْ فَوْقَ ذَاكَ

☆☆ علقمہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ یہ کہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے پھر ان پر کپکپی طاری ہو گئی اور پھر بولے اس کی مانند یا اس سے کچھ زیادہ ارشاد فرمایا ہے۔

**290**- أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ أَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ صَحِبْتُ ابْنَ عُمَرَ إِلَى الْمَدِينَةِ فَلَمْ أَسْمَعْهُ يُحَدِّثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِحَدِيثٍ إِلَّا أَنَّهُ قَالَ كُنْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأُتِيَ بِجُمَّارٍ فَقَالَ إِنَّ مِنَ الشَّجَرِ شَجَرًا مِثْلَ الرَّجُلِ الْمُسْلِمِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَقُولَ هِيَ النَّخْلَةُ فَنَظَرْتُ فَإِذَا أَنَا أَصْغَرُ الْقَوْمِ فَسَكَتُّ قَالَ عُمَرُ وَدِدْتُ أَنَّكَ قُلْتَ وَعَلَيَّ كَذَا

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں میں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے ساتھ مدینہ منورہ تک آیا میں نے انہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے نہیں سنا۔ البتہ انہوں نے یہ حدیث بیان کی کہ ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا۔ آپ کی

خدمت میں جمار (نامی مخصوص کھانا) پیش کیا گیا۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ایک درخت ایسا ہے جس کی مثال مسلمان بندے کی طرح ہے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں یہ جواب دوں کہ اس سے مراد کھجور کا درخت ہے لیکن جب میں نے جائزہ لیا تو میں حاضرین میں سب سے کم سن تھا اس لیے میں خاموش رہا بعد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ (کو یہ بات بتائی گئی تو انہوں نے ارشاد فرمایا) میری یہ خواہش تھی کہ تم یہ جواب دے دیتے اگر چہ اس کے عوض میں مجھے یہ کچھ دینا پڑتا۔

**291**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الْهَدَادِيُّ حَدَّثَنَا صَالِحٌ الدَّهَّانُ قَالَ مَا سَمِعْتُ جَابِرَ بْنَ زَيْدٍ يَقُولُ قَطُّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِعْظَامًا وَاتِّقَاءً اَنْ يَكْذِبَ عَلَيْهِ

☆☆ صالح بیان کرتے ہیں میں نے حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ کو کبھی بھی یہ کہتے ہوئے نہیں سنا کہ نبی اکرم ﷺ نے یوں ارشاد فرمایا ہے وہ اس چیز سے بچنے کی کوشش کرتے تھے اور اس کو بہت اہم سمجھتے تھے کہ نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کوئی غلط بات بیان کردیں۔

**292**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ اَخْبَرَنَا رَوْحٌ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ شَقِيقٍ قَالَ جَاءَ اَبُو هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللَّهُ عَنْهُ اِلَى كَعْبٍ يَسْاَلُ عَنْهُ وَكَعْبٌ فِي الْقَوْمِ فَقَالَ كَعْبٌ مَا تُرِيدُ مِنْهُ فَقَالَ اَمَا اِنِّي لَا اَعْرِفُ لِاَحَدٍ مِنْ اَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَكُونَ اَحْفَظَ لِحَدِيثِهِ مِنِّي فَقَالَ كَعْبٌ اَمَا اِنَّكَ لَنْ تَجِدَ طَالِبَ شَيْءٍ اِلَّا سَيَشْبَعُ مِنْهُ يَوْمًا مِنَ الدَّهْرِ اِلَّا طَالِبَ عِلْمٍ اَوْ طَالِبَ دُنْيَا فَقَالَ اَنْتَ كَعْبٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ لِمِثْلِ هٰذَا جِئْتُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن شقیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کے بارے میں دریافت کرتے ہوئے آئے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ کچھ لوگوں کے درمیان موجود تھے۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آپ مجھ سے کیا چاہتے ہیں۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں کسی ایسے شخص سے واقف نہیں ہوں جو آپ ﷺ کی

| | |
|---|---|
| حدیث 290: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء | 72 |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 2811 |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 2867 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | 4599 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء | 244 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء | 11261 |
| "معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/ عمان 1405ھ 1985ء | 578 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء | 13293 |
| "مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 676 |
| "ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/ 1989ء | 360 |
| "مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر 1408ھ/ 1988ء | 792 |
| "مسند حارث" امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ مدینہ منورہ 1413ھ/ 1992ء | 1067 |

احادیث کا مجھ سے زیادہ حافظ ہو۔ حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: آپ کسی بھی چیز کے طلبگار کو پائیں گے کہ وہ ایک وقت میں اپنی طلب سے سیر ہو جاتا ہے۔ ماسوائے علم کے طلبگار کے اور دنیا کے طلبگار کے (کہ وہ دونوں کبھی سیر نہیں ہوتے)۔ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آپ کعب ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بولے اسی لیے میں آپ کے پاس آیا تھا۔

**293**- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا شِبْلٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَيُّ النَّاسِ اَعْلَمُ قَالَ مَنْ جَمَعَ عِلْمَ النَّاسِ اِلٰى عِلْمِهِ وَكُلُّ طَالِبِ عِلْمٍ غَرْثَانُ اِلٰى عِلْمٍ

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں عرض کی گئی یارسول اللہ کون سا شخص زیادہ علم رکھتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جو لوگوں کے علم کو اپنے علم کے ساتھ ملا دے اور وہ جو علم کا بھوکا ہوتا ہے۔

**294**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ الْخَلِيلِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ قَالَ كُنْتُ فِي حَلْقَةٍ فِيهَا الْمَشْيَخَةُ وَهُمْ يَتَرَاجَعُونَ فِيهِمْ عَائِذُ بْنُ عَمْرٍو فَقَالَ شَابٌّ فِي نَاحِيَةِ الْقَوْمِ اَفِيضُوا فِي ذِكْرِ اللّٰهِ بَارَكَ اللّٰهُ فِيكُمْ فَنَظَرَ الْقَوْمُ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ فِي اَيِّ شَيْءٍ رَاَنَا ثُمَّ قَالَ بَعْضُهُمْ مَنْ اَمَرَكَ بِهٰذَا فَمُرْ لَئِنْ عُدْتَ لَنَفْعَلَنَّ وَلَنَفْعَلَنَّ

☆☆ معاویہ بن قرہ بیان کرتے ہیں۔ ایک حلقے میں جس میں کچھ بزرگ لوگ موجود تھے اور آپس میں بات چیت کر رہے تھے ان میں عابد بن عمرو بھی موجود تھے۔ حاضرین میں سے ایک کنارے میں موجود ایک شخص بولا اللہ کے ذکر کی طرف متوجہ ہو جاؤ اللہ تعالیٰ تمہیں برکت عطا کرے گا۔ حاضرین نے ایک دوسرے کی طرف دیکھا اور پھر بولے تم ہمیں کیا کرتے ہوئے دیکھ رہے ہو۔ پھر ایک شخص نے دریافت کیا تمہیں یہ بات کہنے کی ہدایت کس نے کہی ہے۔ چلے جاؤ یہاں سے اگر واپس آئے تو ہم تمہیں اتنی سخت سزا دیں گے۔

**295**- اَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى اَخْبَرَنَا اَبُو عَامِرٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ نِعْمَ الْمَجْلِسُ مَجْلِسٌ تُنْشَرُ فِيهِ الْحِكْمَةُ وَتُرْجٰى فِيهِ الرَّحْمَةُ

☆☆ عون بن عبداللہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں سب سے بہترین محفل وہ ہے جس میں حکمت (علم اور دانائی) کو پھیلایا جائے اور رحمت کی امید رکھی جائے۔

## بَابُ مَنْ قَالَ الْعِلْمُ الْخَشْيَةُ وَتَقْوَى اللّٰهِ

## باب 29: جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ علم سے مراد اللہ تعالیٰ کی خشیت اور اس کا تقویٰ ہے

**296**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَخَصَ بِبَصَرِهِ اِلَى السَّمَاءِ ثُمَّ قَالَ هٰذَا اَوَانُ

---

حدیث 293: "مسند شہاب" امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان 1407ھ/1986ء 205

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء 2183

حدیث 296: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 2653

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1990ء 338

يُخْتَلَسُ الْعِلْمُ مِنَ النَّاسِ حَتّٰى لَا يَقْدِرُوْا مِنْهُ عَلٰى شَىْءٍ فَقَالَ زِيَادُ بْنُ لَبِيدٍ الْاَنْصَارِىُّ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يُخْتَلَسُ مِنَّا وَقَدْ قَرَاْنَا الْقُرْاٰنَ فَوَاللّٰهِ لَنَقْرَاَنَّهُ وَلَنُقْرِئَنَّهُ نِسَآئَنَا وَاَبْنَائَنَا فَقَالَ ثَكِلَتْكَ اُمُّكَ يَا زِيَادُ اِنْ كُنْتُ لَاَعُدُّكَ مِنْ فُقَهَاءِ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ هٰذِهِ التَّوْرَاةُ وَالْاِنْجِيْلُ عِنْدَ الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى فَمَاذَا يُغْنِىْ عَنْهُمْ قَالَ جُبَيْرٌ فَلَقِيْتُ عُبَادَةَ بْنَ الصَّامِتِ قَالَ قُلْتُ اَلَا تَسْمَعُ مَا يَقُوْلُ اَخُوْكَ اَبُو الدَّرْدَآءِ فَاَخْبَرْتُهُ بِالَّذِىْ قَالَ قَالَ صَدَقَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِنْ شِئْتَ لَاُحَدِّثَنَّكَ بِاَوَّلِ عِلْمٍ يُرْفَعُ مِنَ النَّاسِ الْخُشُوْعُ يُوْشِكُ اَنْ تَدْخُلَ مَسْجِدَ الْجَمَاعَةِ فَلَا تَرٰى فِيْهِ رَجُلًا خَاشِعًا

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھے۔ آپ نے اپنی نگاہ آسمان کی طرف جمائی اور یہ ارشاد فرمایا یہی وہ گھڑی ہوگی جس میں لوگوں کے درمیان سے علم اٹھالیا جائے گا۔ یہاں تک کہ وہ ذرا سے علم پر بھی قادر نہیں ہوں گے۔ حضرت زیاد بن لبید انصاری رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ ہمارے درمیان میں سے علم کیسے اٹھایا جا سکتا ہے جبکہ ہم قرآن پڑھتے ہیں۔ اللہ کی قسم ہم اسے پڑھتے رہیں گے اور اپنی عورتوں اور بچوں کو بھی یہ پڑھاتے رہیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے زیاد تمہاری ماں تمہیں روئے میں تو یہ سمجھتا تھا کہ تم مدینے کے سمجھدار لوگوں میں سے ایک ہو یہ تورات اور انجیل بھی تو یہود و نصاریٰ کے پاس تھیں اس کا انہیں کیا فائدہ ہوا۔

جبیر نامی راوی بیان کرتے ہیں میری ملاقات حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ سے ہوئی تو میں نے ان سے کہا آپ نے سنا کہ آپ کے بھائی حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کیا حدیث بیان کرتے ہیں پھر میں نے انہیں وہ حدیث سنائی جو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے بیان کی تھی تو حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے سچ کہا ہے اگر تم چاہو تو میں تمہیں یہ بتا سکتا ہوں کہ سب سے پہلے لوگوں میں سے کون سا علم اٹھایا جائے گا وہ علم خشوع (اللہ تعالیٰ کا خوف) ہوگا۔ یہاں تک کہ عنقریب وہ وقت آئے گا جب تم جامع مسجد میں داخل ہو گے تو تمہیں ایک بھی ایسا شخص نظر نہیں آئے گا جس میں خشوع پایا جاتا ہو۔

**297**- اَخْبَرَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ جَمِيْلٍ الْكِنَانِىُّ حَدَّثَنَا مَكْحُوْلٌ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِىْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ) اِنَّ اللّٰهَ وَمَلَائِكَتَهُ وَاَهْلَ سَمَاوَاتِهِ وَاَرَضِيْهِ وَالنُّوْنَ فِى الْبَحْرِ يُصَلُّوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ الْخَيْرَ

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ عالم شخص کی عبادت گزار شخص پر وہی فضیلت ہے جو میری فضیلت تم میں سے ادنیٰ شخص پر ہے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت تلاوت کی: ''بے شک اللہ تعالیٰ سے اس کے بندوں میں سے اہل علم ہی ڈرتے ہیں''۔

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ اس کے فرشتے آسمان اور زمین میں موجود مخلوقات یہاں تک کہ سمندر میں موجود مچھلیاں بھی اس شخص کے لیے دعائے رحمت کرتی ہیں جو لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دیتا ہے۔

**298**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ رَجُلٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ

حدیث **297**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2685**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ/ **1983**ء **7911**

قَالَ لَا يَكُوْنُ الرَّجُلُ عَالِمًا حَتّٰى لَا يَحْسُدَ مَنْ فَوْقَهُ وَلَا يَحْقِرَ مَنْ دُوْنَهُ وَلَا يَبْتَغِي بِعِلْمِهِ ثَمَنًا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں کوئی شخص اس وقت تک عالم نہیں ہوسکتا جب تک وہ اپنے سے اوپر والے سے حسد کرنے سے باز نہ آ جائے اور اپنے سے کمتر شخص کو حقیر سمجھنے سے باز نہ آ جائے اور اپنے علم کے عوض میں معاوضے کا طلبگار نہ ہو۔

**299**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِيْ اُسَامَةَ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْاَعْلَى التَّيْمِيَّ يَقُوْلُ مَنْ اُوْتِيَ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَا يُبْكِيهِ لَخَلِيْقٌ اَنْ لَّا يَكُوْنَ اُوْتِيَ عِلْمًا يَنْفَعُهُ لِاَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى نَعَتَ الْعُلَمَاءَ ثُمَّ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ (اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ) اِلٰى قَوْلِهِ (يَبْكُوْنَ)

☆☆ عبدالاعلیٰ تیمی بیان کرتے ہیں جس شخص کو علم عطا کیا جائے اور وہ علم اس شخص کو رلائے نہیں وہ اس لائق ہے کہ ان لوگوں میں سے نہ ہو جنہیں وہ علم عطا کیا گیا جو انہیں نفع دیتا ہے کیونکہ اللہ تعالیٰ نے علماء کی یہ تعریف بیان کی ہے پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی۔

''بے شک وہ لوگ جنہیں علم دیا گیا'' اس آیت کو ''وہ روتے ہیں'' تک پڑھا۔

**300**- اَخْبَرَنَا عِصْمَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ حُبَابٍ عَنْ مُبَارَكِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ الْعُمَرِيِّ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ قَالَ لَا تَكُوْنُ عَالِمًا حَتّٰى يَكُوْنَ فِيْكَ ثَلَاثُ خِصَالٍ لَّا تَبْغِي عَلٰى مَنْ فَوْقَكَ وَلَا تَحْقِرُ مَنْ دُوْنَكَ وَلَا تَاْخُذُ عَلٰى عِلْمِكَ دُنْيَا

☆☆ ابوحازم بیان کرتے ہیں تم اس وقت تک عالم نہیں ہوسکتے جب تک تمہارے اندر تین خوبیاں نہ پائی جاتی ہوں۔ تم اپنے سے اوپر والے شخص کے خلاف سرکشی نہ کرو اور اپنے سے کمتر شخص کو حقیر نہ سمجھو اور اپنے علم کے عوض میں دنیا کے طلبگار نہ ہو۔

**301**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْثَرٌ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسَى الدِّمَشْقِيِّ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ لَا تَكُوْنُ عَالِمًا حَتّٰى تَكُوْنَ مُتَعَلِّمًا وَّلَا تَكُوْنُ بِالْعِلْمِ عَالِمًا حَتّٰى تَكُوْنَ بِهِ عَامِلًا وَّكَفٰى بِكَ اِثْمًا اَنْ لَّا تَزَالَ مُخَاصِمًا وَّكَفٰى بِكَ اِثْمًا اَنْ لَّا تَزَالَ مُمَارِيًا وَّكَفٰى بِكَ كَاذِبًا اَنْ لَّا تَزَالَ مُحَدِّثًا فِيْ غَيْرِ ذَاتِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں تم اس وقت تک عالم نہیں ہوسکتے جب تک تم طالبعلم نہ بن جاؤ اور تم اس وقت تک علم کے عالم نہیں ہوسکتے جب تک تم اس پر عمل نہیں کرتے اور تمہارے گناہگار ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ تم ہمیشہ بحث و مباحثہ کرتے رہو اور تمہارے گناہگار ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ تم ہمیشہ جھگڑا کرتے رہو اور تمہارے جھوٹا ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ تم جب بھی بات کرو وہ اللہ کی رضا کی بجائے کسی اور مقصد کے لیے ہو۔

**302**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَخِيْهِ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عِمْرَانَ الْمِنْقَرِيِّ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ يَوْمًا فِيْ شَيْءٍ قَالَهُ يَا اَبَا سَعِيْدٍ لَّيْسَ هٰكَذَا يَقُوْلُ الْفُقَهَاءُ فَقَالَ وَيْحَكَ وَرَاَيْتَ اَنْتَ فَقِيْهًا قَطُّ اِنَّمَا الْفَقِيْهُ الزَّاهِدُ فِي الدُّنْيَا الرَّاغِبُ فِي الْاٰخِرَةِ الْبَصِيْرُ بِاَمْرِ دِيْنِهِ الْمُدَاوِمُ عَلٰى عِبَادَةِ رَبِّهٖ

☆☆ عمران منقری بیان کرتے ہیں میں نے حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے ایک دن کسی بات کے بارے میں' جو انہوں نے بیان کی تھی۔ یہ کہا اے ابوسعید فقہاء ایسے نہیں کہتے (جو آپ نے بیان کیا ہے) تو حضرت حسن رضی اللہ عنہ نے فرمایا تمہارا ستیاناس ہو کیا تم نے کبھی کوئی فقیہ دیکھا ہے۔ فقیہ وہ شخص ہوتا ہے جو دنیا سے بے رغبت ہو۔ آخرت کی طرف متوجہ ہو' اپنے دین کے معاملات کا نگران ہو اور ہمیشہ اپنے پروردگار کی عبادت میں مصروف رہے۔

**303**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا النَّضْرُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ الْبَجَلِيُّ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قِيْلَ لَهُ مَنْ اَفْقَهُ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ قَالَ اَتْقَاهُمْ لِرَبِّهِ

☆☆ سعد بن ابراہیم سے سوال کیا گیا مدینہ کا سب سے زیادہ سمجھدار شخص کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا: جو اپنے پروردگار سے سب سے زیادہ ڈرتا ہے۔

**304**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ اِنَّمَا الْفَقِيْهُ مَنْ يَّخَافُ اللّٰهَ

☆☆ مجاہد ارشاد فرماتے ہیں فقیہ وہ شخص ہے جو اللہ کا خوف رکھتا ہو۔

**305**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ يَعْقُوْبَ الْقُمِّيِّ حَدَّثَنِيْ لَيْثُ بْنُ اَبِيْ سُلَيْمٍ عَنْ يَحْيٰى هُوَ ابْنُ عَبَّادٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ قَالَ اِنَّ الْفَقِيْهَ حَقَّ الْفَقِيْهِ مَنْ لَّمْ يُقَنِّطِ النَّاسَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ وَلَمْ يُرَخِّصْ لَهُمْ فِيْ مَعَاصِي اللّٰهِ وَلَمْ يُؤَمِّنْهُمْ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ وَلَمْ يَدَعِ الْقُرْاٰنَ رَغْبَةً عَنْهُ اِلٰى غَيْرِهٖ اِنَّهٗ لَا خَيْرَ فِيْ عِبَادَةٍ لَّا عِلْمَ فِيْهَا وَلَا عِلْمٍ لَّا فَهْمَ فِيْهِ وَلَا قِرَاءَةٍ لَّا تَدَبُّرَ فِيْهَا

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں حقیقی معنوں میں فقیہ وہ شخص ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور انہیں اللہ کی نافرمانی کی رخصت نہ دے اور انہیں اللہ کے آداب سے بے نیاز نہ کردے اور قرآن کو چھوڑ کر کسی دوسری چیز کی طرف متوجہ نہ ہو جائے۔ ایسی عبادت میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں علم نہ ہو اور ایسے علم میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں فہم نہ ہو اور ایسی قرات میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں غور وفکر نہ ہو۔

**306**- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَرَفَةَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبَّادٍ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ الْفَقِيْهُ حَقُّ الْفَقِيْهِ الَّذِيْ لَا يُقَنِّطُ النَّاسَ مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ وَلَا يُؤَمِّنُهُمْ مِنْ عَذَابِ اللّٰهِ وَلَا يُرَخِّصُ لَهُمْ فِيْ مَعَاصِي اللّٰهِ اِنَّهٗ لَا خَيْرَ فِيْ عِبَادَةٍ لَّا عِلْمَ فِيْهَا وَلَا خَيْرَ فِيْ عِلْمٍ لَّا فَهْمَ فِيْهِ وَلَا خَيْرَ فِيْ قِرَاءَةٍ لَّا تَدَبُّرَ فِيْهَا

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں حقیقی معنی میں فقیہ وہ شخص ہے جو لوگوں کو اللہ کی رحمت سے مایوس نہ کرے اور انہیں اللہ کے آداب سے بے نیاز نہ کرے اور انہیں اللہ کی نافرمانی کی رخصت نہ دے۔ بے شک ایسی عبادت میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں علم نہ ہو اور ایسے علم میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں فہم نہ ہو اور ایسے پڑھنے میں کوئی بھلائی نہیں ہے جس میں غور وفکر نہ ہو۔

**307**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنِيْ عَمِّيْ جَرِيْرُ بْنُ زَيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ تُبَيْعًا يُحَدِّثُ عَنْ كَعْبٍ قَالَ اِنِّيْ لَاَجِدُ نَعْتَ قَوْمٍ يَّتَعَلَّمُوْنَ لِغَيْرِ الْعَمَلِ وَيَتَفَقَّهُوْنَ لِغَيْرِ الْعِبَادَةِ وَيَطْلُبُوْنَ الدُّنْيَا بِعَمَلِ الْاٰخِرَةِ وَيَلْبَسُوْنَ جُلُوْدَ الضَّاْنِ وَقُلُوْبُهُمْ اَمَرُّ مِنَ الصَّبِرِ فَبِيْ يَغْتَرُّوْنَ اَوْ اِيَّايَ يُخَادِعُوْنَ فَحَلَفْتُ بِيْ لَاُتِيْحَنَّ لَهُمْ فِتْنَةً تَتْرُكُ الْحَلِيْمَ فِيْهَا حَيْرَانَ

☆☆ کعب بیان کرتے ہیں۔ میں نے اس قوم کی حالت ان الفاظ میں پائی ہے (ارشاد باری تعالیٰ ہے:) جو عمل کی بجائے ویسے ہی علم حاصل کرتے ہیں اور عبادت کرنے کے بجائے (دوسرے مقاصد کے حصول کے لیے) دین کی سمجھ بوجھ حاصل کرتے ہیں وہ آخرت سے متعلق عمل کے ذریعے دنیا طلب کرنا چاہتے ہیں اور وہ اونٹ کی کھال کے لباس پہنیں گے ان کے دل کڑوی چیز سے زیادہ

کڑوے ہوں گے تو کیا وہ مجھے دھوکا دیں گے یا میرے ساتھ فریب کریں گے۔ میں یہ قسم اٹھاتا ہوں کہ میں ان لوگوں کو ایسے فتنے میں مبتلا کروں گا جس میں بردبار شخص بھی حیران رہ جاتا ہے۔

**308**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ الْعَمِّيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ هَرِمِ بْنِ حَيَّانَ اَنَّهُ قَالَ اِيَّاكُمْ وَالْعَالِمَ الْفَاسِقَ فَبَلَغَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَكَتَبَ اِلَيْهِ وَاَشْفَقَ مِنْهَا مَا الْعَالِمُ الْفَاسِقُ قَالَ فَكَتَبَ اِلَيْهِ هَرِمٌ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَاللّٰهِ مَا اَرَدْتُ بِهِ اِلَّا الْخَيْرَ يَكُوْنُ اِمَامٌ يَتَكَلَّمُ بِالْعِلْمِ وَيَعْمَلُ بِالْفِسْقِ فَيُشَبِّهُ عَلَى النَّاسِ فَيَضِلُّوْا

٭٭ ہرم بن حیان بیان کرتے ہیں۔ فاسق عالم سے بچو اس بات کی اطلاع حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو ملی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں خط میں لکھا فاسق عالم سے مراد کیا ہے ہرم اس بات سے خوفزدہ ہوگئے۔ ہرم نے انہیں جواب میں لکھا اے امیر المومنین! اللہ کی قسم میری مراد صرف نیکی ہی تھی بعض اوقات کوئی ایسا حکمران ہوتا ہے جو اپنے علم کے مطابق بات تو کرتا ہے لیکن اس کا عمل گناہ پر مشتمل ہوتا ہے ایسا شخص لوگوں کو غلط فہمی میں مبتلا کر دیتا ہے جسکی وجہ سے لوگ گمراہ ہو جاتے ہیں۔

**309**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُطَرِّفٍ وَعَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ ابْنِ اَبِي الْمُهَاجِرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ اَرَادَ اَنْ يُكْرِمَ دِيْنَهُ فَلَا يَدْخُلْ عَلَى السُّلْطَانِ وَلَا يَخْلُوَنَّ بِالنِّسْوَانِ وَلَا يُخَاصِمَنَّ اَصْحَابَ الْاَهْوَاءِ

٭٭ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص اپنے دین کی عزت افزائی کرنا چاہتا ہو وہ کسی حکمران کے پاس نہ جائے اور تنہائی میں عورتوں کے پاس موجود نہ ہو اور بدعقیدہ لوگوں کے ساتھ بحث و مباحثہ نہ کرے۔

**310**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ يُوْنُسَ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ مَيْمُوْنُ بْنُ مِهْرَانَ اِيَّاكَ وَالْخُصُوْمَةَ وَالْجِدَالَ فِي الدِّيْنِ لَا تُجَادِلَنَّ عَالِمًا وَّلَا جَاهِلًا اَمَّا الْعَالِمُ فَاِنَّهُ يَخْزُنُ عَنْكَ عِلْمَهُ وَلَا يُبَالِيْ مَا صَنَعْتَ وَاَمَّا الْجَاهِلُ فَاِنَّهُ يُخَشِّنُ بِصَدْرِكَ وَلَا يُطِيْعُكَ

٭٭ یونس بیان کرتے ہیں میمون بن مہران نے مجھے خط میں لکھا دینی معاملات میں بحث و مباحثہ کرنے سے بچو کسی عالم یا جاہل کے ساتھ ہرگز بحث نہ کرو۔ عالم کے ساتھ اس لیے نہ کرو کیونکہ وہ اپنے علم کے زور پر تمہیں رسوائی کا شکار کر دے گا اور اس چیز کی پرواہ نہیں کرے گا کہ تم نے کیا کیا ہے اور جاہل شخص تمہارے سینے کو غصے سے بھر دے گا اور تمہاری فرمانبرداری نہیں کرے گا۔

**311**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ قَالَ قَالَ سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام لِابْنِهِ دَعِ الْمِرَاءَ فَاِنَّ نَفْعَهُ قَلِيْلٌ وَّهُوَ يُهَيِّجُ الْعَدَاوَةَ بَيْنَ الْاِخْوَانِ

٭٭ یحییٰ بن ابو کثیر بیان کرتے ہیں حضرت سلیمان علیہ السلام نے اپنے بیٹے سے کہا تھا بحث کو چھوڑ دو کیونکہ اس کا فائدہ کم ہوتا ہے اور یہ بھائیوں کے درمیان دشمنی کو رواج دیتی ہے۔

**312**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِيْ حَكِيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَقُوْلُ مَنْ جَعَلَ دِيْنَهُ غَرَضًا لِلْخُصُوْمَاتِ اَكْثَرَ التَّنَقُّلَ

٭٭ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص اپنے دین کو بحث و مباحثہ کا نشانہ بنائے گا اس کی رائے تیزی

سے تبدیل ہوتی چلی جائے گی۔

**313**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِلَى اَهْلِ الْمَدِينَةِ اِنَّهُ مَنْ تَعَبَّدَ بِغَيْرِ عِلْمٍ كَانَ مَا يُفْسِدُ اَكْثَرَ مِمَّا يُصْلِحُ وَمَنْ عَدَّ كَلَامَهُ مِنْ عَمَلِهِ قَلَّ كَلَامُهُ اِلَّا فِيمَا يَعْنِيهِ وَمَنْ جَعَلَ دِينَهُ غَرَضًا لِلْخُصُومَةِ كَثُرَ تَنَقُّلُهُ

☆☆ سعید بن عبدالعزیز بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اہل مدینہ کو خط میں یہ لکھا کہ جو شخص علم کے بغیر عبادت اختیار کرے وہ اصلاح کے مقابلے میں فساد زیادہ کرے گا اور جو شخص اپنے کلام کو اپنے عمل کا حصہ شمار کرے اس کا کلام کم ہوگا اور وہ صرف ضروری باتیں کرے گا اور جو شخص اپنے دین کو بحث ومباحثے کا حصہ بنالے اس کی رائے تیزی کے ساتھ تبدیل ہوگی۔

**314**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ قَالَ سَاَلَهُ رَجُلٌ عَنْ شَيْءٍ مِنَ الْاَهْوَاءِ فَقَالَ عَلَيْكَ بِدِينِ الْاَعْرَابِيِّ وَالْغُلَامِ فِي الْكُتَّابِ وَالْهُ عَمَّا سِوَى ذٰلِكَ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ كَثُرَ تَنَقُّلُهُ اَيْ يَنْتَقِلُ مِنْ رَاْيٍ اِلَى رَاْيٍ

☆☆ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے ایک شخص نے نفسانی خواہشات کی پیروی کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: تم دیہاتی اور مدرسوں میں پڑھنے والے لڑکوں کی مانند اپنے دینی عقائد پر پختہ رہو اس کے علاوہ ہر چیز سے لاتعلق ہو جاؤ۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں۔ روایت کے الفاظ میں بکثرت نقل ہونے سے مراد یہ ہے کہ کبھی اس کی رائے یہ ہوگی' کبھی اس کی رائے دوسری ہوگی۔

## بَابٌ فِي اجْتِنَابِ الْاَهْوَاءِ

## باب 30: نفسانی خواہشات کی پیروی سے اجتناب

**315**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ اِذَا رَاَيْتَ قَوْمًا يَتَنَجَّوْنَ بِاَمْرٍ دُونَ عَامَّتِهِمْ فَهُمْ عَلَى تَاْسِيسِ الضَّلَالَةِ

☆☆ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جب تم کسی قوم کو دیکھو کہ وہ عام مسلمانوں سے ہٹ کر کوئی نئی راہ اختیار کر رہے ہیں تو وہ لوگ گمراہی کی بنیاد رکھ رہے ہوں گے۔

**316**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ قَالَ اِبْلِيسُ لِاَوْلِيَائِهِ مِنْ اَيِّ شَيْءٍ تَاْتُونَ بَنِي اٰدَمَ فَقَالُوا مِنْ كُلِّ شَيْءٍ قَالَ فَهَلْ تَاْتُونَهُمْ مِنْ قِبَلِ الْاِسْتِغْفَارِ قَالُوا هَيْهَاتَ ذَاكَ شَيْءٌ قُرِنَ بِالتَّوْحِيدِ قَالَ لَاَبُثَّنَّ فِيهِمْ شَيْئًا لَا يَسْتَغْفِرُونَ اللّٰهَ مِنْهُ قَالَ فَبَثَّ فِيهِمُ الْاَهْوَاءَ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں ابلیس نے اپنے ساتھیوں سے کہا تم اولاد آدم کو کس چیز کے ذریعے لاتے ہو کیا تم انہیں استغفار کی طرف سے بھی لاتے ہو۔ انہوں نے جواب دیا: کہاں یہ وہ چیز ہے جو توحید کے ساتھ ملی ہوتی ہے (ہم اس سے انہیں نہیں پھسلا سکتے) ابلیس نے کہا میں ان کے درمیان ایسی چیز پھیلانے لگا ہوں جس کی وجہ سے وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب نہیں کریں گے۔ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں پھر شیطان نے ان کے درمیان نفسانی خواہشات کی پیروی کو پھیلا دیا۔

**317**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الْمُحَارِبِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ مَا اَدْرِىْ اَىُّ النِّعْمَتَيْنِ عَلَىَّ اَعْظَمُ اَنْ هَدَانِىْ لِلْاِسْلَامِ اَوْ عَافَانِىْ مِنْ هٰذِهِ الْاَهْوَاءِ

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: مجھے نہیں پتا کہ میرے لیے ان دونعمتوں میں سے کونسی زیادہ اہم ہے یہ کہ اللہ تعالیٰ نے مجھے اسلام کی ہدایت دی یا یہ کہ اس نے مجھے نفسانی خواہشات کی پیروی سے محفوظ رکھا۔

**318**- اَخْبَرَنَا مُوْسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ الْاَعْوَرِ عَنْ حَبَّةَ بْنِ جُوَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا اَوْ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ لَوْ اَنَّ رَجُلًا صَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ وَقَامَ الدَّهْرَ كُلَّهُ ثُمَّ قُتِلَ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْمَقَامِ لَحَشَرَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ يَرٰى اَنَّهُ كَانَ عَلٰى هُدًى

☆☆ حبہ بن جوین بیان کرتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اگر کوئی شخص زندگی بھر روزہ رکھتا رہے اور زندگی بھر نوافل ادا کرتا رہے پھر حجر اسود اور مقام ابراہیم کے درمیان اسے قتل کردیا جائے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اس کا حشر انہی لوگوں کے ساتھ کرے گا جنہیں وہ ہدایت یافتہ سمجھتا تھا۔

**319**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ هَارُوْنَ هُوَ ابْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ شُعَيْبٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِىْ صَادِقٍ قَالَ قَالَ سَلْمَانُ لَوْ وَضَعَ رَجُلٌ رَاْسَهُ عَلَى الْحَجَرِ الْاَسْوَدِ فَصَامَ النَّهَارَ وَقَامَ اللَّيْلَ لَبَعَثَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ هَوَاهُ

☆☆ ابوصادق بیان کرتے ہیں حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اگر کوئی شخص اپنا سر حجر اسود پر رکھے اور دن بھر روزہ رکھے اور رات بھر نوافل ادا کرتا رہے تو قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے اس کی نفسانی خواہشات کے ہمراہ مبعوث کرے گا۔

**320**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ هُوَ ابْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ حَصِيْرَةَ عَنْ اَبِىْ صَادِقٍ الْاَزْدِىِّ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ نَاجِذٍ قَالَ قَالَ عَلِىٌّ كُوْنُوْا فِى النَّاسِ كَالنَّحْلَةِ فِى الطَّيْرِ اِنَّهُ لَيْسَ مِنَ الطَّيْرِ شَىْءٌ اِلَّا وَهُوَ يَسْتَضْعِفُهَا وَلَوْ يَعْلَمُ الطَّيْرُ مَا فِىْ اَجْوَافِهَا مِنَ الْبَرَكَةِ لَمْ يَفْعَلُوْا ذٰلِكَ بِهَا خَالِطُوا النَّاسَ بِاَلْسِنَتِكُمْ وَاَجْسَادِكُمْ وَزَايِلُوْهُمْ بِاَعْمَالِكُمْ وَقُلُوْبِكُمْ فَاِنَّ لِلْمَرْءِ مَا اكْتَسَبَ وَهُوَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں لوگوں کے درمیان یوں رہو جیسے پرندوں کے درمیان شہد کی مکھی ہوتی ہے۔ ہر پرندہ اسے اپنے سے کمتر شمار کرتا ہے لیکن اگر پرندوں کو یہ پتا چل جائے کہ شہد کی مکھی کے پیٹ میں کتنی برکت موجود ہے تو وہ اس کے ساتھ یہ سلوک نہ کریں تم اپنی زبان اور جسم کے ذریعے لوگوں کے ساتھ میل ملاپ رکھو لیکن اپنے اعمال اور اپنی قلبی کیفیات کے حوالے سے ان سے الگ رہو۔ آدمی کو وہی کچھ ملے گا جو اس نے کمایا ہوا اور وہ قیامت کے دن اسی کے ساتھ ہوگا جس کے ساتھ محبت رکھتا ہو۔

**321**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنِىْ بَقِيَّةُ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ نِعْمَ وَزِيْرُ الْعِلْمِ الرَّاْىُ الْحَسَنُ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں علم کا بہترین وزیر اچھی رائے ہے۔

**322**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ كَفٰى بِالْمَرْءِ عِلْمًا اَنْ يَّخْشَى اللّٰهَ وَكَفٰى بِالْمَرْءِ جَهْلًا اَنْ يُّعْجَبَ بِعِلْمِهٖ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں آدمی کے عالم ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتا ہے اور آدمی کے جاہل ہونے کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے علم کے حوالے سے خود پسندی کا شکار ہو۔

**323**-قَالَ و قَالَ مَسْرُوْقٌ الْمَرْءُ حَقِيْقٌ اَنْ يَّكُوْنَ لَهٗ مَجَالِسُ يَخْلُو فِيْهَا فَيَذْكُرُ ذُنُوْبَهٗ فَيَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ تَعَالٰى مِنْهَا

☆☆ مسروق ارشاد فرماتے ہیں درحقیقت آدمی کے لیے کچھ محافل ایسی بھی ہونی چاہئیں جس میں وہ تنہا بیٹھ کر اپنے گناہوں کو یاد کرے اور ان گناہوں سے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے۔

## بَابُ مَنْ رَخَّصَ فِي الْحَدِيْثِ اِذَا اَصَابَ الْمَعْنٰى

## باب 31: جن حضرات نے معنوی طور پر حدیث نقل کرنے کی رخصت دی ہے

**324**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ خَلَفٍ حَدَّثَنِيْ مَعْنٌ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ قَالَ اِذَا حَدَّثْنَاكُمْ بِالْحَدِيْثِ عَلٰى مَعْنَاهُ فَحَسْبُكُمْ

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جب ہم معنوی طور پر تمہیں کوئی حدیث سنا دیں تو یہی تمہارے لیے کافی ہے۔

**325**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّهٗ كَانَ اِذَا حَدَّثَ لَمْ يُقَدِّمْ وَلَمْ يُؤَخِّرْ وَكَانَ الْحَسَنُ اِذَا حَدَّثَ قَدَّمَ وَاَخَّرَ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو الفاظ آگے یا پیچھے نہیں کرتے تھے جبکہ حسن جب کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو وہ الفاظ آگے پیچھے کر دیا کرتے تھے۔

**326**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ يُحَدِّثُ بِالْحَدِيْثِ الْاَصْلُ وَاحِدٌ وَّالْكَلَامُ مُخْتَلِفٌ

☆☆ جریر بن حازم بیان کرتے ہیں۔ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ جب حدیث بیان کرتے تھے تو اس کا مضمون ایک ہوتا تھا لیکن الفاظ مختلف ہوتے تھے۔

**327**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سُوْقَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ قَالَ حَدَّثَ عُبَيْدُ بْنُ عُمَيْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُنَافِقِ مَثَلُ الشَّاةِ بَيْنَ الرَّبِيْضَيْنِ اَوْ بَيْنَ الْغَنَمَيْنِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ لَا اِنَّمَا قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ اِذَا سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَزِدْ فِيْهِ وَلَمْ يَنْقُصْ مِنْهُ وَلَمْ يُجَاوِزْهُ وَلَمْ يُقَصِّرْ عَنْهُ

☆☆ امام محمد الباقر رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے عبید بن عمیر نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے سامنے یہ حدیث پڑھی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے: منافق شخص کی مثال اس بکری کی طرح ہے جو دو ٹھنوں کے درمیان ہو (یا شاید دو ریوڑوں کے درمیان ہو) تو حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا نہیں بلکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات اس طرح ارشاد فرمائی ہے۔ امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں حضرت

ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جو بات نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہوتی تھی وہ اس میں کوئی اضافہ یا کوئی کمی نہیں کرتے تھے نہ وہ اس سے آگے بڑھتے تھے اور نہ ہی اس سے کچھ کم کرتے تھے۔

**328**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ كَانَ الشَّعْبِيُّ وَالنَّخَعِيُّ وَالْحَسَنُ يُحَدِّثُونَ بِالْحَدِيثِ مَرَّةً هٰكَذَا وَمَرَّةً هٰكَذَا فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِمُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ لَوْ حَدَّثُوا بِهٖ كَمَا سَمِعُوْهُ كَانَ خَيْرًا لَّهُمْ

☆☆ ابن عون بیان کرتے ہیں شعبی، نخعی اور حسن جب کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو کبھی ان الفاظ میں بیان کر دیتے تھے اور کبھی دوسرے الفاظ میں بیان کر دیتے تھے میں نے اس بات کا تذکرہ امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے کیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا اگر یہ حضرات اسی طرح حدیث بیان کریں جیسے انہوں نے سنی ہے تو یہ ان کے لیے زیادہ بہتر ہوگا۔

**329**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا عَثَّامٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي مَعْمَرٍ قَالَ اِنِّي لَاَسْمَعُ الْحَدِيثَ لَحْنًا فَاَلْحَنُ اِتِّبَاعًا لِمَا سَمِعْتُ

☆☆ ابومعمر ارشاد فرماتے ہیں اگر میں نے حدیث سنتے ہوئے کوئی اعرابی غلطی سنی ہو تو میں سنے ہوئے کی پیروی کرتے ہوئے اسی غلطی کو آگے بیان کر دیتا ہوں۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ الْعِلْمِ وَالْعَالِمِ

## باب 32: علم اور عالم کی فضیلت

**330**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ رَاٰى مُجَاهِدٌ طَاوُسًا فِي الْمَنَامِ كَاَنَّهُ فِي الْكَعْبَةِ يُصَلِّي مُتَقَنِّعًا وَّالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى بَابِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ لَهُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اكْشِفْ قِنَاعَكَ وَاَظْهِرْ قِرَائَتَكَ قَالَ فَكَاَنَّهُ عَبَرَهُ عَلَى الْعِلْمِ فَانْبَسَطَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي الْحَدِيثِ

☆☆ ابراہیم بن میسرہ ارشاد فرماتے ہیں۔ مجاہد نے طاؤس کو خواب میں دیکھا وہ کعبہ کے اندر سر پر کپڑا لپیٹ کر نماز پڑھ رہے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کعبے کے دروازے پر کھڑے ہوئے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجاہد سے کہا اے اللہ کے بندے! اپنا کپڑا اتارو اور اپنی قرات کو ظاہر کرو۔

راوی بیان کرتے ہیں گویا مجاہد نے اس کی تعبیر علم سے کی اس کے بعد علم حدیث میں ان کا فیض پھیل گیا۔

**331**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ يَمَانٍ عَنِ ابْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ كَعْبٍ قَالَ الدُّنْيَا مَلْعُونَةٌ مَّلْعُونٌ مَّا فِيهَا اِلَّا مُتَعَلِّمَ خَيْرٍ اَوْ مُعَلِّمَهُ

☆☆ کعب ارشاد فرماتے ہیں دنیا ملعون ہے اور اس میں موجود ہر چیز ملعون ہے سوائے بھلائی کا علم حاصل کرنے والے شخص کے اور بھلائی کی تعلیم دینے والے شخص کے (یہ دونوں ملعون نہیں ہیں)۔

**332**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ بَحِيرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ النَّاسُ عَالِمٌ وَّمُتَعَلِّمٌ وَّمَا بَيْنَ ذٰلِكَ هَمَجٌ لَا خَيْرَ فِيهِ

☆☆ خالد بن معدان ارشاد فرماتے ہیں انسان یا تو عالم ہوگا یا طالب علم ہوگا اس کے درمیان بربادی ہے جس میں کوئی بھلائی نہیں ہے۔

**333**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَانُوا يَقُولُونَ مَوْتُ الْعَالِمِ ثُلْمَةٌ فِي الْاِسْلَامِ لَا يَسُدُّهَا شَيْءٌ مَّا اخْتَلَفَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں پہلے لوگ یہ کہا کرتے تھے عالم کی موت سے اسلام میں ایسا سوراخ آ جاتا ہے جسے کوئی چیز بھر نہیں سکتی اس وقت تک جب تک دن اور رات کا اختلاف باقی ہے (یعنی قیامت کے دن تک کوئی چیز نہیں بھر سکتی)۔

**334**- اَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا مُنْذِرٌ هُوَ ابْنُ النُّعْمَانِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ مَجْلِسٌ يُتَنَازَعُ فِيهِ الْعِلْمُ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ قَدْرِهِ صَلٰوةً لَعَلَّ اَحَدَهُمْ يَسْمَعُ الْكَلِمَةَ فَيَنْتَفِعُ بِهَا سَنَةً اَوْ مَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِهِ

☆☆ وہب بن منبہ ارشاد فرماتے ہیں جس محفل میں علم کے بارے میں بحث ہو رہی ہو۔ وہ میرے نزدیک اتنی ہی اوقات کے برابر نماز نفل ادا کرنے سے زیادہ بہتر ہے کیونکہ ہو سکتا ہے کہ کوئی شخص اس میں ایسی بات سن لے جس کے ذریعے وہ سال بھر تک یا اپنی پوری زندگی نفع حاصل کرتا رہے۔

**335**- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا وَكِيعٌ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ مَا اَعْلَمُ عَمَلًا اَفْضَلَ مِنْ طَلَبِ الْعِلْمِ وَحِفْظِهِ لِمَنْ اَرَادَ اللّٰهُ بِهِ

☆☆ سفیان بیان کرتے ہیں علم کی طلب اور اسے یاد رکھنے سے زیادہ میرے نزدیک کوئی دوسرا عمل افضل نہیں ہے اور یہ اس کے لیے ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے۔

**336**-قَالَ قَالَ الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ اِنَّ النَّاسَ لَيَحْتَاجُونَ اِلٰى هٰذَا الْعِلْمِ فِي دِينِهِمْ كَمَا يَحْتَاجُونَ اِلَى الطَّعَامِ وَالشَّرَابِ فِي دُنْيَاهُمْ

☆☆ حسن بن صالح بیان کرتے ہیں لوگ اپنے دینی معاملات میں علم کے اسی طرح محتاج ہیں جیسے اپنی دنیا میں کھانے پینے کے محتاج ہیں۔

**337**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ وَّجَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ قَالَا حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ قَالَ

حدیث **327**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2784**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء **5637**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **4872**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **264**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **11768**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/ عمان **1405**ھ **1985**ء **585**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **1802**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **688**

قَالَ اَبُو الدَّرْدَآءِ تَعَلَّمُوا قَبْلَ اَنْ يُّقْبَضَ الْعِلْمُ فَاِنَّ قَبْضَ الْعِلْمِ قَبْضُ الْعُلَمَاءِ وَاِنَّ الْعَالِمَ وَالْمُتَعَلِّمَ فِی الْاَجْرِ سَوَآءٌ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: علم کے اٹھالیے جانے سے پہلے اسے حاصل کرلو کیونکہ علماء کے اٹھالیے جانے کے ذریعے علم کو اٹھالیا جائے گا اور علم حاصل کرنے والا شخص اور عالم برابر حیثیت رکھتے ہیں۔

**338**- اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ اَبِی عَبْدِ اللّٰهِ الْخُرَاسَانِیِّ عَنِ الضَّحَّاكِ (وَلٰكِنْ كُوْنُوْا رَبَّانِيِّيْنَ بِمَا كُنْتُمْ تُعَلِّمُوْنَ الْكِتَابَ) قَالَ حَقٌّ عَلٰى كُلِّ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ اَنْ يَّكُوْنَ فَقِيْهًا

☆☆ ضحاک نے یہ آیت تلاوت کی

''لیکن تم ربانی بن جاؤ اس چیز کے مطابق جو تم کتاب کی تعلیم دیتے ہو''۔

پھر ضحاک نے کہا ہر وہ شخص جو قرآن پڑھتا ہو وہ اس بات کا حقدار ہے کہ اسے فقیہ قرار دیا جائے۔

**339**- اَخْبَرَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ حَفْصٍ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ عَنِ الْحَسَنِ (لَوْلَا يَنْهَاهُمُ الرَّبَّانِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ) قَالَ الْحُكَمَاءُ الْعُلَمَاءُ

☆☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اگر ان کے ربانی اور احبار انہیں اس سے منع نہ کرتے''۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس سے مراد ان کے دانا اور علماء ہیں۔

**340**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ الْفَزَارِیِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ (كُوْنُوْا رَبَّانِيِّيْنَ) قَالَ عُلَمَاءَ فُقَهَاءَ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے): ''تم ربانی بن جاؤ''۔

سعید بن جبیر ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد علماء اور فقہا ہیں۔

**341**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ بْنَ عُيَيْنَةَ يَقُوْلُ يُرَادُ لِلْعِلْمِ الْحِفْظُ وَالْعَمَلُ وَالِاسْتِمَاعُ وَالْاِنْصَاتُ وَالنَّشْرُ

☆☆ سفیان بن عیینہ ارشاد فرماتے ہیں علم کے لیے یادداشت' عمل' غور سے سننا' خاموش رہنا اور پھیلانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

**342**- قَالَ وَ اَخْبَرَنِی مُحَمَّدٌ اَبُو عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ اَجْهَلُ النَّاسِ مَنْ تَرَكَ مَا يَعْلَمُ وَاَعْلَمُ النَّاسِ مَنْ عَمِلَ بِمَا يَعْلَمُ وَاَفْضَلُ النَّاسِ اَخْشَعُهُمْ لِلّٰهِ

☆☆ سفیان بن عیینہ فرماتے ہیں سب سے بڑا جاہل وہ شخص ہے جو اس چیز کو ترک کردے جس کا اسے علم ہو اور سب سے زیادہ عالم وہ شخص ہے جو اس چیز پر عمل کرے جس کا اسے علم ہو اور لوگوں میں سب سے زیادہ افضل وہ شخص ہے جو اللہ سے سب سے زیادہ ڈرتا ہو۔

**343**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زَيْدٍ هُوَ ابْنُ اَبِی اُنَيْسَةَ عَنْ سَيَّارٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَنْهُوْمَانِ لَا يَشْبَعَانِ مَنْهُوْمٌ فِی الْعِلْمِ لَا يَشْبَعُ مِنْهُ وَمَنْهُوْمٌ فِی الدُّنْيَا لَا يَشْبَعُ مِنْهَا فَمَنْ تَكُنِ الْاٰخِرَةُ

هَمَّهُ وَبَثَّهُ وَسَدَمَهُ يَكْفِي اللَّهُ ضَيْعَتَهُ وَيَجْعَلُ غِنَاهُ فِي قَلْبِهِ وَمَنْ تَكُنِ الدُّنْيَا هَمَّهُ وَبَثَّهُ وَسَدَمَهُ يُفْشِي اللَّهُ عَلَيْهِ ضَيْعَتَهُ وَيَجْعَلُ فَقْرَهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ ثُمَّ لَا يُصْبِحُ إِلَّا فَقِيرًا وَلَا يُمْسِي إِلَّا فَقِيرًا

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں دوطرح کے حریص کبھی سیر نہیں ہوتے۔ایک علم کا حریص وہ علم سے کبھی سیر نہیں ہوتا اور دوسرا دنیا کا حریص وہ دنیا سے کبھی سیر نہیں ہوتا جس شخص کا ارادہ طلب اور منظور نظر آخرت ہو اللہ تعالیٰ اس کے معاملات پورے کردیتا ہے اور اس کے دل کو بے نیاز کردیتا ہے اور جس شخص کی طلب خواہش اور منظور نظر دنیا ہو اللہ تعالیٰ اس کے معاملات کو پھیلا دیتا ہے۔اس کی غربت کو اس کے آگے کردیتا ہے اور پھر وہ شخص صبح بھی فقیر ہوتا ہے اور شام کو بھی فقیر ہوتا ہے (یعنی ہر حال میں غریب رہتا ہے)۔

**344**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عُمَيْسٍ عَنْ عَوْنٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ مَنْهُومَانِ لَا يَشْبَعَانِ صَاحِبُ الْعِلْمِ وَصَاحِبُ الدُّنْيَا وَلَا يَسْتَوِيَانِ اَمَّا صَاحِبُ الْعِلْمِ فَيَزْدَادُ رِضًا لِلرَّحْمٰنِ وَاَمَّا صَاحِبُ الدُّنْيَا فَيَتَمَادَى فِي الطُّغْيَانِ ثُمَّ قَرَاَ عَبْدُ اللَّهِ (كَلَّا اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغَى اَنْ رَاٰهُ اسْتَغْنٰى) قَالَ وَقَالَ الْاٰخَرُ (اِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ)

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔دوطرح کے حریص کبھی سیر نہیں ہوتے۔ایک علم کا طلبگار اور دوسرا دنیا کا طلبگار یہ دونوں برابر نہیں ہوتے کیونکہ علم کا طلبگار اللہ تعالیٰ کی رضامندی میں اضافہ کرتا ہے اور دنیا کا طلبگار سرکشی میں ڈوبتا چلا جاتا ہے۔پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ آیت تلاوت کی: ''بے شک اللہ کے بندوں میں سے علماء اللہ سے ڈرتے ہیں''۔

**345**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُخْتَارٍ حَدَّثَنَا عَنْبَسَةُ بْنُ الْاَزْهَرِ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (اِنَّمَا يَخْشَى اللَّهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمَاءُ) قَالَ مَنْ يَخْشَى اللَّهَ فَهُوَ عَالِمٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما قرآن کی اس آیت کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں:

''بے شک اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے علماء ڈرتے ہیں''۔

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں جو شخص اللہ سے ڈرتا ہو وہ عالم ہے۔

**346**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنْهُومَانِ لَا يَشْبَعَانِ طَالِبُ عِلْمٍ وَطَالِبُ دُنْيَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں دوطرح کے حریص کبھی سیر نہیں ہوتے۔ایک علم کا طلبگار اور دوسرا دنیا کا طلبگار۔

**347**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ رَبِيْعَةَ الصَّنْعَانِيُّ حَدَّثَنَا رَبِيْعَةُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ وَاثِلَةَ بْنَ الْاَسْقَعِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ فَاَدْرَكَهُ كَانَ لَهُ كِفْلَانِ مِنَ الْاَجْرِ فَاِنْ لَمْ

حدیث **347**: ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء۔ **20156**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء۔ **165**

''مسند شہاب'' امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1407**ھ/ **1986**ء۔ **481**

يُدْرِكْهُ كَانَ لَهُ كِفْلٌ مِنَ الْاَجْرِ

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص علم کی طلب میں نکلے اور اسے پا لے اسے اجر کے دو برتن ملیں گے اور جو شخص اسے نہ پائے اسے اجر کا ایک برتن ملے گا۔

**348**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِیْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ عَبَّاسٍ الْعَمِّيِّ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ دَاوُدَ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْلُ فِیْ دُعَائِهٖ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ تَعَالَيْتَ فَوْقَ عَرْشِكَ وَجَعَلْتَ خَشْيَتَكَ عَلٰی مَنْ فِی السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ فَاَقْرَبُ خَلْقِكَ مِنْكَ مَنْزِلَةً اَشَدُّهُمْ لَكَ خَشْيَةً وَمَا عِلْمُ مَنْ لَمْ يَخْشَكَ وَمَا حِكْمَةُ مَنْ لَمْ يُطِعْ اَمْرَكَ

☆☆ حضرت عباس عمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مجھے یہ پتا چلا ہے کہ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام اپنی دعا میں یہ دعا مانگا کرتے تھے۔ اے اللہ تو پاک ہے تو میرا پروردگار ہے تو عرش کے اوپر بزرگ و برتر ہے۔ آسمانوں اور زمین کے اندر موجود ہر چیز میں تو نے اپنی خشیت رکھ دی ہے۔ تیری مخلوق میں سے قدر و منزلت کے اعتبار سے تیرے سب سے زیادہ قریب وہ شخص ہے جو تجھ سے سب سے زیادہ ڈرتا ہو اور جو شخص تجھ سے نہیں ڈرتا اسے کوئی بھی علم نہیں ہے اور جو تیرے حکم کی پیروی نہیں کرتا اس میں کوئی دانائی نہیں ہے۔

**349**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰی بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا سَلَّامٌ هُوَ ابْنُ اَبِیْ مُطِيْعٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْهَزْهَازِ يُحَدِّثُ عَنِ الضَّحَّاكِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا وَّلَا خَيْرَ فِيْمَا سِوَاهُمَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں یا عالم بنو یا طالب علم بنو ان دونوں کے علاوہ کسی بھی حالت میں بھلائی نہیں ہے۔

**350**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ مُسْلِمٍ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِیْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ اُمَامَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَتَكُوْنُ فِتَنٌ يُّصْبِحُ الرَّجُلُ فِيْهَا مُؤْمِنًا وَّيُمْسِیْ كَافِرًا اِلَّا مَنْ اَحْيَاهُ اللّٰهُ بِالْعِلْمِ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں عنقریب ایسے فتنے آئیں گے جن میں صبح کے وقت آدمی مومن ہوگا اور شام کے وقت کافر ہوگا سوائے اس شخص کے جسے اللہ تعالیٰ علم کے ذریعے زندگی عطا کرے۔

**351**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنِیْ هَارُوْنُ بْنُ رِيَابٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اغْدُ عَالِمًا اَوْ مُتَعَلِّمًا وَّلَا تَغْدُ فِيْمَا بَيْنَ ذٰلِكَ فَاِنَّ مَا بَيْنَ ذٰلِكَ جَاهِلٌ وَّاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَبْسُطُ اَجْنِحَتَهَا لِلرَّجُلِ غَدَا يَبْتَغِی الْعِلْمَ مِنَ الرِّضَا بِمَا يَصْنَعُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں یا عالم بنو یا طالب العلم بنو اس کے علاوہ کسی اور حالت میں نہ رہو کیونکہ اس کی درمیانی حالت جاہل کی حالت ہے اور بے شک فرشتے اس شخص کے لیے اپنے پر بچھا دیتے ہیں جو علم کی تلاش میں جاتا ہے اس کے اس عمل سے راضی ہو کر (فرشتے ایسا کرتے ہیں)۔

---

حدیث **348**: ''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **29381**

حدیث **350**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3954**

**352**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ رَجُلَيْنِ كَانَا فِيْ بَنِيْ اِسْرَآئِيْلَ اَحَدُهُمَا كَانَ عَالِمًا يُصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ ثُمَّ يَجْلِسُ فَيُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ وَالْآخَرُ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ اَيُّهُمَا اَفْضَلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ هٰذَا الْعَالِمِ الَّذِيْ يُصَلِّي الْمَكْتُوْبَةَ ثُمَّ يَجْلِسُ فَيُعَلِّمُ النَّاسَ الْخَيْرَ عَلَى الْعَابِدِ الَّذِيْ يَصُوْمُ النَّهَارَ وَيَقُوْمُ اللَّيْلَ كَفَضْلِيْ عَلٰى اَدْنَاكُمْ رَجُلًا

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دو ایسے افراد کے بارے میں سوال کیا گیا جن کا تعلق بنی اسرائیل سے تھا ان میں سے ایک شخص عالم تھا۔ وہ فرض نماز ادا کرنے کے بعد بیٹھ جاتا اور لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دیتا تھا جبکہ دوسرا شخص دن کے وقت روزہ رکھتا تھا اور رات کے وقت نوافل ادا کرتا رہتا تھا (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا) دونوں میں سے کون سا شخص افضل ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: یہ عالم جو فرض نماز ادا کرنے کے بعد بیٹھ جاتا ہے اور لوگوں کو بھلائی کی تعلیم دیتا ہے یہ اس عابد پر جو دن بھر روزہ رکھتا ہے اور رات بھر نوافل ادا کرتا رہتا ہے اسی طرح فضیلت رکھتا ہے جیسے میں تم میں سے کسی ادنیٰ شخص پر فضیلت رکھتا ہوں۔

**353**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَاِذَا سُمَيْرُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَقُصُّ وَحُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يَذْكُرُ الْعِلْمَ فِيْ نَاحِيَةِ الْمَسْجِدِ فَمِلْتُ اِلٰى اَيِّهِمَا اَجْلِسُ فَنَعَسْتُ فَاَتَانِيْ اٰتٍ فَقَالَ مِلْتَ اِلٰى اَيِّهِمَا تَجْلِسُ اِنْ شِئْتَ اَرَيْتُكَ مَكَانَ جِبْرَائِيْلَ مِنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں میں مسجد میں داخل ہوا وہاں سمیر بن عبدالرحمٰن وعظ کر رہے تھے جبکہ حمید بن عبدالرحمٰن مسجد کے ایک کونے میں علم کا درس دے رہے تھے۔ میں ہچکچاہٹ کا شکار ہو گیا کہ میں ان دونوں میں سے کس کی محفل میں بیٹھوں۔ اسی دوران اونگھ آ گئی اور میرے خواب میں آ کے کسی شخص نے یہ کہا کہ تم اس بارے میں الجھن کا شکار ہو کہ کس کی مجلس میں بیٹھو۔ اگر تم چاہو تو میں حمید بن عبدالرحمٰن کی مجلس میں حضرت جبرئیل علیہ السلام کے بیٹھنے کی جگہ تمہیں دکھا سکتا ہوں۔

**354**- اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ جَمِيْلٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا مَعَ اَبِي الدَّرْدَآءِ فِيْ مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا اَبَا الدَّرْدَآءِ اِنِّيْ اَتَيْتُكَ مِنَ الْمَدِيْنَةِ مَدِيْنَةِ الرَّسُوْلِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَدِيْثٍ بَلَغَنِيْ عَنْكَ اَنَّكَ تُحَدِّثُهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَمَا جَآءَ بِكَ تِجَارَةٌ قَالَ لَا قَالَ وَلَا جَآءَ بِكَ غَيْرُهُ قَالَ لَا قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَلْتَمِسُ بِهِ عِلْمًا سَهَّلَ اللّٰهُ بِهِ طَرِيْقًا مِنْ طُرُقِ الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا رِضًا لِطَالِبِ الْعِلْمِ وَاِنَّ طَالِبَ الْعِلْمِ لَيَسْتَغْفِرُ لَهُ مَنْ فِي السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ حَتَّى الْحِيْتَانُ فِي الْمَاءِ وَاِنَّ فَضْلَ الْعَالِمِ عَلَى الْعَابِدِ كَفَضْلِ الْقَمَرِ عَلٰى سَائِرِ النُّجُوْمِ اِنَّ الْعُلَمَاءَ هُمْ وَرَثَةُ الْاَنْبِيَآءِ اِنَّ الْاَنْبِيَآءَ لَمْ يُوَرِّثُوْا دِيْنَارًا وَّلَا دِرْهَمًا وَّاِنَّمَا

حدیث **354**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3641**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **223**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **88**

وَرَّثُوا الْعِلْمَ فَمَنْ اَخَذَ بِهِ اَخَذَ بِحَظِّهِ اَوْ بِحَظٍّ وَافِرٍ

☆☆ کثیر بن قیس فرماتے ہیں میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کے ساتھ مسجد دمشق میں بیٹھا ہوا تھا کہ ایک شخص ان کے پاس آیا اور بولا اے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ میں مدینہ منورہ سے آپ کی خدمت میں حاضر ہوا ہوں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا شہر ہے اور ایک حدیث کے سلسلے میں آیا ہوں جس کے بارے میں مجھے پتا چلا ہے کہ آپ وہ حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا تم تجارت کی غرض سے یہاں آئے ہو۔ اس نے جواب دیا: نہیں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا کیا اس کے علاوہ کسی اور مقصد کے تحت آئے ہو اس نے جواب دیا: نہیں۔ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص علم کے حصول کے لیے کسی راستے پر چلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس شخص کے لیے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے اور علم کے طلبگار سے راضی ہو کر فرشتے اپنے پر اس کے لیے بچھا دیتے ہیں اور بے شک علم کے طلبگار کے لیے آسمان اور زمین میں موجود ہر چیز یہاں تک کہ پانی میں موجود مچھلیاں بھی دعائے مغفرت کرتی ہیں اور بے شک عالم شخص کو عبادت گزار شخص پر وہی فضیلت حاصل ہے جو چاند کو تمام ستاروں پر حاصل ہے۔ بے شک علماء ہی انبیاء کے وارث ہیں۔ بے شک انبیاء وراثت میں دینار یا درہم نہیں چھوڑتے ہیں۔ وہ وراثت میں علم چھوڑتے ہیں جو اس میں سے جتنا حاصل کر لے وہ اپنا حصہ حاصل کر لیتا ہے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) وہ بڑا حصہ حاصل کر لیتا ہے۔

**355**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ الْفَزَارِيِّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ شِمْرِ بْنِ عَطِيَّةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مُعَلِّمُ الْخَيْرِ يَسْتَغْفِرُ لَهُ كُلُّ شَيْءٍ حَتّٰى الْحُوْتُ فِي الْبَحْرِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں بھلائی کی تعلیم دینے والے شخص کے لیے ہر چیز دعائے مغفرت کرتی ہے۔ یہاں تک کہ سمندر میں مچھلیاں بھی دعائے مغفرت کرتی ہیں۔

**356**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّسْلُكُ طَرِيْقًا يَّطْلُبُ فِيْهِ عِلْمًا اِلَّا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ اَبْطَاَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص علم کی طلب کے لیے کسی راستے پر چلتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کے لئے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے اور جس شخص کا عمل کمزور ہو اس کا نسب اسے تیز نہیں کر سکتا۔

**357**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ يَعْقُوْبَ هُوَ الْقُمِّيُّ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ عَنْتَرَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا سَلَكَ رَجُلٌ طَرِيْقًا يَّبْتَغِي فِيْهِ الْعِلْمَ اِلَّا سَهَّلَ اللّٰهُ لَهُ بِهِ طَرِيْقًا اِلَى الْجَنَّةِ وَمَنْ يُّبْطِءْ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں جو شخص علم کی تلاش میں کسی راستے پر چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس شخص کے لیے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے اور جس شخص کا عمل اسے آہستہ کر دے اس کا نسب اسے تیز نہیں کر سکتا۔

**358**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ عَنْ مُطَرِّفٍ ﴿وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ﴾ قَالَ هَلْ مِنْ طَالِبِ خَيْرٍ فَيُعَانَ عَلَيْهِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے) ''اور ہم نے قرآن کو سمجھنے کے لیے آسان کیا ہے تو کیا کوئی سمجھنے والا ہے''۔
مطرف ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد یہ ہے کہ کیا کوئی بھلائی کا طلبگار ہے تا کہ اس کی مدد کی جائے۔

**359**—و اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ عَنْ ضَمْرَةَ قَالَ طَالِبُ عِلْمٍ

☆☆ ضمرہ ارشاد فرماتے ہیں اس سے مراد طالبعلم ہے۔

**360**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ هُوَ الْقُمِّيُّ عَنْ عَامِرِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ اَبُو الدَّرْدَآءِ اِذَا رَاٰى طَلَبَةَ الْعِلْمِ قَالَ مَرْحَبًا بِطَلَبَةِ الْعِلْمِ وَكَانَ يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْصٰى بِكُمْ

☆☆ عامر بن ابراہیم بیان کرتے ہیں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ جب علم کے طلبگاروں کو دیکھتے تو یہ فرماتے تھے۔ علم کے طلبگاروں کو خوش آمدید۔ وہ یہ بھی فرمایا کرتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمہارے بارے میں نصیحت کی تھی۔

**361**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعُمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِمَجْلِسَيْنِ فِيْ مَسْجِدِهٖ فَقَالَ كِلَاهُمَا عَلٰى خَيْرٍ وَّاَحَدُهُمَا اَفْضَلُ مِنْ صَاحِبِهٖ اَمَّا هٰؤُلَآءِ فَيَدْعُوْنَ اللّٰهَ وَيَرْغَبُوْنَ اِلَيْهِ فَاِنْ شَآءَ اَعْطَاهُمْ وَاِنْ شَآءَ مَنَعَهُمْ وَاَمَّا هٰؤُلَآءِ فَيَتَعَلَّمُوْنَ الْفِقْهَ اَوِ الْعِلْمَ وَيُعَلِّمُوْنَ الْجَاهِلَ فَهُمْ اَفْضَلُ وَاِنَّمَا بُعِثْتُ مُعَلِّمًا قَالَ ثُمَّ جَلَسَ فِيْهِمْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی مسجد میں دو محافل کے پاس سے گزرے تو ارشاد فرمایا دونوں نیکی کا کام کر رہے ہیں لیکن ان میں سے ایک دوسرے پر فضیلت رکھتی ہے۔ یہ لوگ جو اللہ سے دعا مانگ رہے ہیں اس کی بارگاہ میں متوجہ ہیں۔ اگر اللہ چاہے تو انہیں عطا کر دے اور اگر چاہے تو عطا نہ کرے اور یہ لوگ جو دین کا علم حاصل کر رہے ہیں اور ناواقف لوگوں کو تعلیم دے رہے ہیں یہ افضل ہیں کیونکہ مجھے بھی تعلیم دینے والا بنا کر مبعوث کیا گیا ہے۔
راوی بیان کرتے ہیں پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان حضرات میں تشریف فرما ہو گئے۔

**362**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيْرِ اَنَّهٗ قَالَ لِابْنِهٖ يَا بُنَيَّ اِنَّ الْعِلْمَ خَيْرٌ مِّنَ الْعَمَلِ

☆☆ مطرف بن عبداللہ نے اپنے صاحبزادے سے یہ کہا اے میرے بیٹے بے شک علم عمل سے بہتر ہے۔

**363**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ اَخْبَرَنَا شُرَحْبِيْلُ بْنُ شَرِيْكٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يَقُوْلُ لَيْسَ هَدِيَّةٌ اَفْضَلَ مِنْ كَلِمَةِ حِكْمَةٍ تُهْدِيْهَا لِاَخِيْكَ

☆☆ ابوعبدالرحمٰن حبلی ارشاد فرماتے ہیں تم تحفے کے طور پر اپنے بھائی کو جو حکمت آمیز کلمہ سناؤ اس سے بہترین تحفہ اور کوئی نہیں ہے۔

**364**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ فَضْلُ

حدیث **361**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 229
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 2251
''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ مدینہ منورہ 1413ھ/1992ء — 40

الْعَالِمِ عَلَى الْمُجْتَهِدِ مِائَةُ دَرَجَةٍ مَّا بَيْنَ الدَّرَجَتَيْنِ خَمْسُ مِائَةِ سَنَةٍ حُضْرَ الْفَرَسِ الْمُضَمَّرِ السَّرِيعِ

☆☆ زہری ارشاد فرماتے ہیں عالم شخص کی عبادت گزار شخص پر ایک سو گنا فضیلت ہے۔ جن میں سے ہر دو درجوں کے درمیان تیز رفتار سدھائے ہوئے گھوڑے کے پانچ سو برس کی مسافت کا فاصلہ حائل ہے۔

**365**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ قَالَ اَخْبَرَنِى السَّكَنُ بْنُ اَبِى كَرِيْمَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (يَرْفَعُ اللّٰهُ الَّذِينَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ وَالَّذِينَ اُوْتُوا الْعِلْمَ دَرَجَاتٍ) قَالَ يَرْفَعُ اللّٰهُ الَّذِينَ اُوْتُوا الْعِلْمَ عَلَى الَّذِينَ اٰمَنُوْا بِدَرَجَاتٍ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تم میں سے جو لوگ ایمان لائے اور جنہیں علم عطا کیا گیا اللہ تعالیٰ ان کے درجات بلند کرے گا''۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں جو لوگ ایمان لائے ان کے مقابلے میں اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے درجات زیادہ بلند کرے گا جنہیں علم عطا کیا گیا۔

**366**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ ثَابِتٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ الْقَاسِمِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ عَمْرِو بْنِ كَثِيْرٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ جَاءَهُ الْمَوْتُ وَهُوَ يَطْلُبُ الْعِلْمَ لِيُحْيِيَ بِهِ الْاِسْلَامَ فَبَيْنَهُ وَبَيْنَ النَّبِيِّينَ دَرَجَةٌ وَّاحِدَةٌ فِى الْجَنَّةِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جس شخص کو اس حال میں موت آئے کہ وہ علم کی طلب میں ہوتا کہ اس کے ذریعے اسلام کو زندہ کرے تو اس کے درمیان اور انبیاء کے درمیان جنت میں ایک درجہ ہوگا۔

**367**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا مِهْرَانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ قَالَ ذَهَبَ عُمَرُ بِثُلُثَيِ الْعِلْمِ قَالَ فَذُكِرَ لِاِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ ذَهَبَ عُمَرُ بِتِسْعَةِ اَعْشَارِ الْعِلْمِ

☆☆ عمرو بن میمون ارشاد فرماتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ (دنیا سے رخصت ہو جانے پر) دو تہائی علم اپنے ساتھ لے گئے۔ اس بات کا تذکرہ ابراہیم نخعی سے کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا حضرت عمر رضی اللہ عنہ علم کے دس حصوں میں سے نو اپنے ساتھ لے گئے ہیں۔

**368**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ ثَابِتٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِى خَالِدٍ عَنْ هَارُوْنَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا اجْتَمَعَ قَوْمٌ فِى بَيْتٍ مِنْ بُيُوْتِ اللّٰهِ يَتَذَاكَرُوْنَ كِتَابَ اللّٰهِ وَيَتَدَارَسُوْنَهُ بَيْنَهُمْ اِلَّا اَظَلَّتْهُمُ الْمَلَائِكَةُ بِاَجْنِحَتِهَا حَتّٰى يَخُوْضُوْا فِى حَدِيْثٍ غَيْرِهِ وَمَنْ سَلَكَ طَرِيْقًا يَبْتَغِى بِهِ الْعِلْمَ سَهَّلَ اللّٰهُ طَرِيْقَهُ مِنَ الْجَنَّةِ وَمَنْ اَبْطَاَ بِهِ عَمَلُهُ لَمْ يُسْرِعْ بِهِ نَسَبُهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں جب کوئی قوم اللہ کے کسی گھر میں بیٹھ کر اللہ کی کتاب کی درس و تدریس کرتی ہے تو فرشتے اپنے پروں کے ذریعے ان پر سایہ کر دیتے ہیں اور اس وقت تک رکھتے ہیں جب تک وہ کسی دوسری بات میں مشغول نہیں ہو جاتے۔

اور جو شخص علم کے حصول کے لیے کسی راستے پر چلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت کے راستے کو آسان کر دیتا ہے اور جس شخص کا

عمل کمزور ہواس شخص کانسب اسے تیز نہیں کرسکتا۔

**369**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ قَالَ غَدَوْتُ عَلٰى صَفْوَانَ بْنِ عَسَّالٍ الْمُرَادِيِّ وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اَسْاَلَهُ عَنِ الْمَسْحِ عَلَى الْخُفَّيْنِ فَقَالَ مَا جَآءَ بِكَ قُلْتُ ابْتِغَاءُ الْعِلْمِ قَالَ اَلَا اُبَشِّرُكَ قُلْتُ بَلٰى فَقَالَ رَفَعَ الْحَدِيْثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَالَ اِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَتَضَعُ اَجْنِحَتَهَا لِطَالِبِ الْعِلْمِ رِضًا بِمَا يَطْلُبُ

☆☆ حضرت ذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ میں صبح کے وقت حضرت صفوان بن عسال مرادی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا میرا ارادہ یہ تھا کہ میں ان سے موزوں پر مسح کرنے کے بارے میں دریافت کروں۔ انہوں نے دریافت کیا تم کیوں آئے ہو۔ میں نے عرض کی علم کی تلاش میں۔ انہوں نے ارشاد فرمایا کیا میں تمہیں کوئی خوشخبری سناؤں۔ میں نے عرض کی جی ہاں انہوں نے ارشاد فرمایا اور اس کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے طور پر بیان کیا کہ آپ نے ارشاد فرمایا ہے طالبعلم کی طلب سے راضی ہو کر فرشتے اپنے پر اس کے لئے بچھا دیتے ہیں۔

## بَابُ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ بِغَيْرِ نِيَّةٍ فَرَدَّهُ الْعِلْمُ اِلَى النِّيَّةِ

## باب 33: جو شخص کسی نیت کے بغیر علم حاصل کرے اور اس کا علم اسے نیت کی طرف لے آئے

**370**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ مُنْذُ اَرْبَعِيْنَ سَنَةً قَالَ مَا كَانَ طَلَبُ الْحَدِيْثِ اَفْضَلَ مِنْهُ الْيَوْمَ قَالُوْا لِسُفْيَانَ اِنَّهُمْ يَطْلُبُوْنَهُ بِغَيْرِ نِيَّةٍ قَالَ طَلَبُهُمْ اِيَّاهُ نِيَّةٌ

☆☆ یحییٰ بن یمان ارشاد فرماتے ہیں۔ میں چالیس برس سے سفیان کو یہ کہتے ہوئے سن رہا ہوں کہ علم حدیث طلب کرنا جتنا

---

| | |
|---|---|
| حدیث **369** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **3535** |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء | **158** |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **18114** |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **1319** |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **17** |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **343** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **146** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **557** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **7349** |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | **1165** |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | **881** |
| ''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ | **1867** |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ | **795** |

اب افضل ہے اتنا پہلے نہیں تھا۔لوگوں نے سفیان سے دریافت کیا لوگ کسی نیت کے بغیر اس علم کو حاصل کرتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا: ان کا اس علم کو حاصل کرنا ہی نیت ہے۔

**371**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْاَجْلَحِ قَالَ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ طَلَبْنَا هٰذَا الْعِلْمَ وَمَا لَنَا فِيْهِ كَبِيْرُ نِيَّةٍ ثُمَّ رَزَقَ اللّٰهُ بَعْدُ فِيْهِ النِّيَّةَ

☆☆ مجاہد ارشاد فرماتے ہیں' ہم نے اس علم کو حاصل کیا اور ہماری نیتیں اس کے بارے میں کوئی بڑی نہیں تھیں اس کے بعد اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں ہمیں نیت بھی عطا کر دی۔

**372**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ ثَابِتٍ الْبَزَّارُ حَدَّثَنَا حَسَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ يُّوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَقَدْ طَلَبَ اَقْوَامٌ الْعِلْمَ مَا اَرَادُوْا بِهِ اللّٰهَ وَلَا مَا عِنْدَهٗ قَالَ فَمَا زَالَ بِهِمُ الْعِلْمُ حَتّٰى اَرَادُوْا بِهِ اللّٰهَ وَمَا عِنْدَهٗ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں کچھ لوگ علم حاصل کرتے ہیں اور ان کا ارادہ اللہ کی رضا یا اس کے پاس موجود اجر وثواب نہیں ہوتا پھر وہ لوگ علم کے ساتھ رہتے ہیں۔یہاں تک کہ ان کی نیت اللہ کی رضا اور اس کے پاس موجود اجر وثواب ہو جاتی ہے۔

## بَابُ التَّوْبِيْخِ لِمَنْ يَّطْلُبُ الْعِلْمَ لِغَيْرِ اللّٰهِ

## باب 34: جو شخص غیر اللہ کے لیے علم حاصل کرے اس کی توبیخ

**373**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِىُّ الْعُلَمَاءُ ثَلَاثَةٌ فَرَجُلٌ عَاشَ فِىْ عِلْمِهٖ وَعَاشَ مَعَهُ النَّاسُ فِيْهِ وَرَجُلٌ عَاشَ فِىْ عِلْمِهٖ وَلَمْ يَعِشْ مَعَهٗ فِيْهِ اَحَدٌ وَّرَجُلٌ عَاشَ النَّاسُ فِىْ عِلْمِهٖ وَكَانَ وَبَالًا عَلَيْهِ

☆☆ ابو مسلم خولانی ارشاد فرماتے ہیں علماء تین طرح کے ہوتے ہیں۔ایک وہ شخص جو اپنے علم میں زندگی بسر کرے اور اس کے ساتھ لوگ بھی اس میں زندگی بسر کریں۔دوسرا وہ شخص جو اپنے علم میں زندگی بسر کرے اور اس کے ساتھ کوئی بھی اس میں زندگی بسر نہ کرے اور تیسرا وہ شخص کہ لوگ اس کے علم میں زندگی بسر کریں اور اس کا وبال اس شخص پر ہو۔

**374**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ مُوْسٰى يَا رَبِّ اَىُّ عِبَادِكَ اَحْكَمُ قَالَ الَّذِىْ يَحْكُمُ لِلنَّاسِ كَمَا يَحْكُمُ لِنَفْسِهٖ قَالَ يَا رَبِّ اَىُّ عِبَادِكَ اَغْنٰى قَالَ اَرْضَاهُمْ بِمَا قَسَمْتُ لَهٗ قَالَ يَا رَبِّ اَىُّ عِبَادِكَ اَخْشٰى لَكَ قَالَ اَعْلَمُهُمْ بِىْ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے عرض کی اے میرے پروردگار تیرا کون سا بندہ سب سے بہتر فیصلہ کرتا ہے۔اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا جو لوگوں کے لیے وہی فیصلہ دے جو اپنے لیے فیصلہ دیتا ہے۔حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا اے میرے پروردگار تیرا کون سا بندہ سب سے زیادہ غنی ہے۔اللہ تعالیٰ نے جواب دیا: میں نے اس کو جو عطاء کیا ہے وہ سب سے زیادہ اس سے راضی ہو۔حضرت موسیٰ علیہ السلام نے دریافت کیا اے میرے پروردگار! تیرا کون سا بندہ تجھ سے زیادہ ڈرتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے جواب دیا: جو میرے بارے میں سب سے زیادہ علم رکھتا ہو۔

**375**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ قَالَ كَانَ يُقَالُ الْعُلَمَاءُ ثَلَاثَةٌ عَالِمٌ بِاللَّهِ يَخْشَى اللَّهَ لَيْسَ بِعَالِمٍ بِاَمْرِ اللَّهِ وَعَالِمٌ بِاللَّهِ عَالِمٌ بِاَمْرِ اللَّهِ يَخْشَى اللَّهَ فَذَاكَ الْعَالِمُ الْكَامِلُ وَعَالِمٌ بِاَمْرِ اللَّهِ لَيْسَ بِعَالِمٍ بِاللَّهِ لَا يَخْشَى اللَّهَ فَذٰلِكَ الْعَالِمُ الْفَاجِرُ

☆☆ سفیان بیان کرتے ہیں یہ کہا جاتا ہے علماء تین قسم کے ہیں۔ وہ جو اللہ کا علم رکھتے ہوں اور اللہ سے ڈرتے بھی ہوں لیکن اللہ کے حکم کا علم نہ رکھتے ہوں اور وہ جو اللہ کا علم رکھتے ہوں اور اللہ کے حکم کا بھی علم رکھتے ہوں اور اللہ سے ڈرتے بھی ہوں۔ یہ کامل عالم ہیں اور وہ جو اللہ کے حکم کا علم رکھتے ہیں لیکن اللہ کا علم نہیں رکھتے۔ وہ اللہ سے نہیں ڈرتے۔ یہ گنہگار عالم ہیں۔

**376**- اَخْبَرَنَا مَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْعِلْمُ عِلْمَانِ فَعِلْمٌ فِي الْقَلْبِ فَذٰلِكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ وَعِلْمٌ عَلَى اللِّسَانِ فَذٰلِكَ حُجَّةُ اللَّهِ عَلَى ابْنِ اٰدَمَ

☆☆ حضرت حسن ارشاد فرماتے ہیں علم کی دو قسمیں ہیں۔ ایک وہ علم جو دل میں ہو اور یہ نفع بخش علم ہے اور دوسرا وہ علم جو زبان پر ہو یہ آدمی کے خلاف اللہ تعالیٰ کی حجت ہے۔

**377**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ ذٰلِكَ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے طور پر منقول ہے۔

**378**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ تَعَلَّمُوا تَعَلَّمُوا فَاِذَا عَلِمْتُمْ فَاعْمَلُوا

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں علم حاصل کرو جب تم علم حاصل کرلو تو اس پر عمل کرتے رہو۔

**379**- اَخْبَرَنَا اَبُو عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْمٰعِيلَ هُوَ اِبْرَاهِيمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْمُؤَدِّبُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ مَنْ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِاَرْبَعٍ دَخَلَ النَّارَ اَوْ نَحْوَ هٰذِهِ الْكَلِمَةِ لِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ اَوْ لِيَصْرِفَ بِهِ وُجُوهَ النَّاسِ اِلَيْهِ اَوْ لِيَاْخُذَ بِهِ مِنَ الْاُمَرَاءِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص چار مقاصد کے لیے علم حاصل کرے گا وہ جہنم میں جائے گا یا اسی طرح کا کوئی کلمہ انہوں نے ارشاد فرمایا ہے تاکہ اس علم کے ذریعے علماء کے سامنے فخر کا اظہار کرے تاکہ اس علم کے ذریعے جہلاء کے ساتھ بحث کرے یا اس علم کے ذریعے لوگوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کرے یا اس علم کے ذریعے امراء کا قرب حاصل کرے۔

**380**- اَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ صَاحِبِ الدَّسْتَوَائِيِّ قَالَ قَرَاْتُ فِي كِتَابٍ بَلَغَنِي اَنَّهُ مِنْ كَلَامِ عِيسٰى تَعْمَلُونَ لِلدُّنْيَا وَاَنْتُمْ تُرْزَقُونَ فِيهَا بِغَيْرِ عَمَلٍ وَلَا تَعْمَلُونَ لِلْاٰخِرَةِ وَاَنْتُمْ لَا تُرْزَقُونَ فِيهَا اِلَّا بِالْعَمَلِ وَيْلَكُمْ عُلَمَاءَ السُّوءِ الْاَجْرَ تَاْخُذُونَ وَالْعَمَلَ تُضَيِّعُونَ يُوشِكُ رَبُّ الْعَمَلِ اَنْ يَطْلُبَ عَمَلَهُ وَتُوشِكُونَ اَنْ تَخْرُجُوا مِنَ الدُّنْيَا الْعَرِيضَةِ اِلٰى ظُلْمَةِ الْقَبْرِ وَضِيقِهِ اللَّهُ يَنْهَاكُمْ عَنِ الْخَطَايَا كَمَا اَمَرَكُمْ بِالصَّلٰوةِ وَالصِّيَامِ كَيْفَ يَكُونُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنْ سَخِطَ رِزْقَهُ وَاحْتَقَرَ مَنْزِلَتَهُ وَقَدْ عَلِمَ اَنَّ ذٰلِكَ مِنْ عِلْمِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ كَيْفَ يَكُونُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنِ اتَّهَمَ اللَّهَ فِيمَا قَضٰى لَهُ فَلَيْسَ يَرْضٰى شَيْئًا اَصَابَهُ كَيْفَ يَكُونُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنْ دُنْيَاهُ اٰثَرُ عِنْدَهُ مِنْ اٰخِرَتِهِ وَهُوَ فِي

الدُّنْيَا اَفْضَلُ رَغْبَةً كَيْفَ يَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنْ مَصِيْرُهُ اِلَى اٰخِرَتِهٖ وَهُوَ مُقْبِلٌ عَلٰى دُنْيَاهُ وَمَا يَضُرُّهُ اَشْهٰى اِلَيْهِ اَوْ قَالَ اَحَبُّ اِلَيْهِ مِمَّا يَنْفَعُهُ كَيْفَ يَكُوْنُ مِنْ اَهْلِ الْعِلْمِ مَنْ يَطْلُبُ الْكَلَامَ لِيُخْبِرَ بِهٖ وَلَا يَطْلُبُهُ لِيَعْمَلَ بِهٖ

☆☆ ہشام جودستوائی کے ساتھی بیان کرتے ہیں۔ میں نے اپنی کتاب میں یہ بات پڑھی ہے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے فرامین میں یہ بات بھی شامل ہے تم لوگ دنیا کے لیے عمل کرتے ہو حالانکہ تمہیں دنیا میں کسی عمل کے بغیر رزق دیا جاتا ہے۔ تم لوگ آخرت کے لیے عمل نہیں کرتے حالانکہ تمہیں آخرت میں عمل کے بغیر رزق نہیں ملے گا۔ اے برے علما تمہارے لئے بربادی ہے۔ تم معاوضہ وصول کر لیتے ہو اور عمل کو ضائع کر دیتے ہو۔ عنقریب عمل کا پروردگاران سے عمل کے بارے میں مطالبہ کریگا اور عنقریب تم لوگ دنیا سے نکل کر قبر کی تاریکی اور تنگی میں چلے جاؤ گے۔

اللہ تعالیٰ نے تمہیں گناہوں سے منع کیا ہے جیسا کہ اس نے تمہیں نماز اور روزے کا حکم دیا ہے ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے جو اپنے رزق سے ناراض ہو اور اپنی حیثیت کو کمتر سمجھتا ہو جبکہ وہ یہ بات جانتا ہو کہ یہ دونوں چیزیں اللہ کے علم اور اس کی مقرر کردہ تقدیر کے مطابق ہیں۔

ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے جو اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ فیصلے پر الزام لگائے اور اس چیز سے راضی نہ ہو جو اسے نصیب ہوئی ہے۔

ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے جس کے نزدیک دنیا آخرت کے مقابلے میں زیادہ قابل ترجیح ہو حالانکہ دنیا میں سب سے زیادہ توجہ آخرت کی طرف مبذول ہونی چاہئے۔ ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے جس کا انجام آخرت ہو لیکن وہ دنیا کی طرف متوجہ ہو اور جو چیز اسے نقصان دینے والی ہے اس کی اسے زیادہ خواہش ہو (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) وہ اسے زیادہ محبوب ہو اس چیز کے مقابلے میں جو اسے نفع دے سکتی ہے۔

ایسا شخص کیسے عالم ہوسکتا ہے جو علم اس لیے حاصل کرتا ہے تاکہ لوگوں کو بتائے وہ اس لیے حاصل نہیں کرتا تاکہ اس پر عمل کرے۔

**381**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا حَرِيْزٌ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ كَانَ يُقَالُ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ وَانْتَفِعُوْا بِهٖ وَلَا تَعَلَّمُوْهُ لِتَتَجَمَّلُوْا بِهٖ فَاِنَّهُ يُوْشِكُ اِنْ طَالَ بِكُمْ عُمُرٌ اَنْ يَتَجَمَّلَ ذُو الْعِلْمِ بِعِلْمِهٖ كَمَا يَتَجَمَّلُ ذُو الْبِزَّةِ بِبِزَّتِهٖ

☆☆ حبیب بن عبید ارشاد فرماتے ہیں یہ کہا جاتا ہے علم حاصل کرو اس سے نفع حاصل کرو۔ اسے اس لیے حاصل نہ کرو تاکہ اس کے لیے آرائش وزیبائش اختیار کرو کیونکہ عنقریب تمہاری زندگی طویل ہوگی اور وہ وقت آئے گا جب اہل علم علم کے ذریعے اسی طرح آرائش وزیبائش اختیار کریں گے جیسے کوئی شخص اپنے لباس کے ذریعے آرائش اختیار کرتا ہے۔

**382**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنِ الْاَحْوَصِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشَّرِّ فَقَالَ لَا تَسَالُوْنِيْ عَنِ الشَّرِّ وَاسَالُوْنِيْ عَنِ الْخَيْرِ يَقُوْلُهَا ثَلَاثًا ثُمَّ قَالَ اَلَا اِنَّ شَرَّ الشَّرِّ شِرَارُ الْعُلَمَاءِ وَاِنَّ خَيْرَ الْخَيْرِ خِيَارُ الْعُلَمَاءِ

☆☆ احوص بن حکیم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے برائی کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھ سے برائی کے بارے میں سوال نہ کرو مجھ سے بھلائی کے بارے میں سوال کرو' یہ بات آپ نے تین

حدیث **382**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان

مرتبہ ارشاد فرمائی' اس کے بعد آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا برے لوگوں میں سب سے زیادہ برے' برے علماء ہیں اور بہتر لوگوں میں سب سے زیادہ بہتر' بہتر علماء ہیں۔

**383**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ اَخْبَرَنَا بِهِ حُمَيْدُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ عِيسٰى قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ اِنَّمَا كَانَ يَطْلُبُ هٰذَا الْعِلْمَ مَنِ اجْتَمَعَتْ فِيهِ خَصْلَتَانِ الْعَقْلُ وَالنُّسُكُ فَاِنْ كَانَ نَاسِكًا وَّلَمْ يَكُنْ عَاقِلًا قَالَ هٰذَا اَمْرٌ لَّا يَنَالُهُ اِلَّا الْعُقَلَاءُ فَلَمْ يَطْلُبْهُ وَاِنْ كَانَ عَاقِلًا وَّلَمْ يَكُنْ نَاسِكًا قَالَ هٰذَا اَمْرٌ لَّا يَنَالُهُ اِلَّا النُّسَّاكُ فَلَمْ يَطْلُبْهُ فَقَالَ الشَّعْبِيُّ وَلَقَدْ رَهِبْتُ اَنْ يَكُونَ يَطْلُبُهُ الْيَوْمَ مَنْ لَّيْسَتْ فِيهِ وَاحِدَةٌ مِّنْهُمَا لَا عَقْلَ وَلَا نُسُكَ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں علم وہ شخص طلب کرے جس میں دو خصوصیات پائی جاتی ہوں۔ عقلمندی اور عبادت گزاری۔ جو شخص عبادت گزار ہو اور عقلمند نہ ہو وہ یہ کہے گا یہ وہ کام ہے جسے عقلمند حاصل نہیں کر سکتے لہٰذا وہ اسے طلب نہیں کرے گا اور اگر وہ شخص عقلمند ہو اور عبادت گزار نہ ہو تو یہ کہے گا کہ یہ وہ معاملہ ہے جسے عبادت گزار حاصل نہیں کر سکتے اس لیے وہ اس کی طلب بھی نہیں کرے گا۔

شعبی ارشاد فرماتے ہیں اب تو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ آجکل وہ لوگ علم حاصل کرنا شروع نہ کر چکے ہوں جن میں ان دونوں میں سے کوئی بھی خصوصیت نہیں پائی جاتی نہ عقل پائی جاتی ہے نہ عبادت گزاری پائی جاتی ہے۔

**384**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ قَالَ زَعَمَ لِي سُفْيَانُ قَالَ كَانَ الرَّجُلُ لَا يَطْلُبُ الْعِلْمَ حَتّٰى يَتَعَبَّدَ قَبْلَ ذٰلِكَ اَرْبَعِينَ سَنَةً

☆☆ ابوعاصم بیان کرتے ہیں سفیان نے مجھ سے یہ بات بیان کی ہے کوئی بھی شخص اس وقت تک علم حاصل کرنا شروع نہ کرے جب تک اس سے پہلے چالیس برس تک عبادت نہ کر لے۔

**385**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ بُرْدِ بْنِ سِنَانٍ اَبِي الْعَلَاءِ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ وَلِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِيَصْرِفَ بِهِ وُجُوهَ النَّاسِ اِلَيْهِ فَهُوَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ

☆☆ مکحول ارشاد فرماتے ہیں جو شخص علم اس لیے حاصل کرے تا کہ اس کے ذریعے بیوقوف لوگوں سے بحث کر سکے اور علماء کے سامنے فخر کا اظہار کر سکے یا لوگوں کی توجہ اپنی طرف مبذول کر سکے تو وہ شخص جہنم میں جائے گا۔

**386**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي النُّعْمَانُ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حدیث **386**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2654**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **253**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1651**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **707**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **288**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **121**

"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **1216**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **26126**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ لِيُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِيُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ اَوْ يُرِيْدُ اَنْ يُقْبِلَ بِوُجُوْهِ النَّاسِ اِلَيْهِ اَدْخَلَهُ اللّٰهُ جَهَنَّمَ

☆☆ مکحول روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص علم اس لئے حاصل کرے تاکہ اس کے ذریعے علماء کے سامنے فخر کر سکے یا بیوقوف لوگوں کے ساتھ بحث کر سکے یا اس کا ارادہ یہ ہو کہ لوگ اس کی طرف متوجہ ہو جائیں تو اللہ تعالیٰ اس شخص کو جہنم میں داخل کرے گا۔

**387**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ يَمَانٍ عَنِ الْمِنْهَالِ بْنِ خَلِيفَةَ عَنْ مَطَرٍ الْوَرَّاقِ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِنَّمَا يُحْفَظُ حَدِيْثُ الرَّجُلِ عَلٰى قَدْرِ نِيَّتِهِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں آدمی کی بات اس کی نیت کے حساب سے یاد رکھی جاتی ہے۔

**388**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنِّيْ لَاَحْسَبُ الرَّجُلَ يَنْسَى الْعِلْمَ كَانَ يَعْلَمُهُ لِلْخَطِيْئَةِ كَانَ يَعْمَلُهَا

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھ سے ارشاد فرمایا میں یہ سمجھتا ہوں کہ آدمی علم اس وقت بھولتا ہے جب وہ کسی گناہ کا ارتکاب کرتا ہے۔

**389**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ حُسَيْنٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّ لُقْمَانَ الْحَكِيْمَ كَانَ يَقُوْلُ لِابْنِهِ يَا بُنَيَّ لَا تَعَلَّمِ الْعِلْمَ لِتُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ لِتُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ اَوْ تُرَائِيَ بِهِ فِي الْمَجَالِسِ وَلَا تَتْرُكِ الْعِلْمَ زُهْدًا فِيْهِ وَرَغْبَةً فِي الْجَهَالَةِ يَا بُنَيَّ اخْتَرِ الْمَجَالِسَ عَلٰى عَيْنِكَ وَاِذَا رَاَيْتَ قَوْمًا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فَاجْلِسْ مَعَهُمْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكُنْ عَالِمًا يَنْفَعْكَ عِلْمُكَ وَاِنْ تَكُنْ جَاهِلًا يُعَلِّمُوْكَ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِمْ بِرَحْمَتِهِ فَيُصِيْبَكَ بِهَا مَعَهُمْ وَاِذَا رَاَيْتَ قَوْمًا لَا يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ فَلَا تَجْلِسْ مَعَهُمْ فَاِنَّكَ اِنْ تَكُنْ عَالِمًا لَا يَنْفَعْكَ عِلْمُكَ وَاِنْ تَكُنْ جَاهِلًا زَادُوْكَ غَيًّا وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِمْ بِعَذَابٍ فَيُصِيْبَكَ مَعَهُمْ

☆☆ حضرت شہر بن حوشب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ مجھے یہ پتا چلا ہے کہ لقمان حکیم نے اپنے بیٹے سے یہ کہا تھا اے میرے بیٹے! علم اس لیے حاصل نہ کرنا تاکہ اس کے ذریعے علماء کے ساتھ مقابلہ کر سکو یا بیوقوف لوگوں کے ساتھ بحث کر سکو یا اس کے ذریعے محافل میں اپنا آپ دکھا سکو اور اس علم سے بے رغبت ہو کر جہالت کی طرف راغب ہوتے ہوئے علم کو چھوڑ نہ دینا۔

اے میرے بیٹے! محافل کا جائزہ لیتے رہنا جب تم کسی ایسی قوم کو دیکھو جو اللہ کا ذکر کر رہے ہوں تو ان کے ساتھ بیٹھ جانا کیونکہ اگر تم عالم ہو گے تو تمہارا علم تمہیں فائدہ دے گا اور اگر تم جاہل ہو گے تو وہ لوگ تمہیں تعلیم دیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی رحمت ان لوگوں کی طرف متوجہ ہو اور اس میں سے کچھ حصہ تمہیں بھی نصیب ہو جائے۔

اسی طرح اگر تم کچھ لوگوں کو دیکھو کہ وہ اللہ کا ذکر نہیں کر رہے تو تم ان کے ساتھ نہ بیٹھنا کیونکہ اگر تم عالم ہو گے تو تمہارا علم تمہیں وہاں کوئی فائدہ نہیں دے گا اور اگر تم جاہل ہو گے تو وہ لوگ تمہاری جہالت میں مزید اضافہ کریں گے اور ہو سکتا ہے کہ اللہ کا عذاب ان کی طرف متوجہ ہو جائے اور اس کے ساتھ وہ تمہیں بھی نصیب ہو۔

**390**- اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا حَرِيْزٌ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ سُمَيْرٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ

مُرَّةَ قَالَ لَا تُحَدِّثِ الْبَاطِلَ الْحُكَمَاءَ فَيَمْقُتُوكَ وَلَا تُحَدِّثِ الْحِكْمَةَ لِلسُّفَهَاءِ فَيُكَذِّبُوكَ وَلَا تَمْنَعِ الْعِلْمَ اَهْلَهُ فَتَأْثَمَ وَلَا تَضَعْهُ فِي غَيْرِ اَهْلِهِ فَتُجَهَّلَ اِنَّ عَلَيْكَ فِي عِلْمِكَ حَقًّا كَمَا اَنَّ عَلَيْكَ فِي مَالِكَ حَقًّا

☆☆ کثیر بن مرہ ارشاد فرماتے ہیں باطل بات عقلمند لوگوں کے سامنے بیان مت کرنا ورنہ وہ تمہیں شرمندہ کر دیں گے اور حکمت کی بات بیوقوف لوگوں کے سامنے بیان مت کرنا ورنہ وہ تمہیں جھٹلا دیں گے اور جو شخص علم کا اہل ہو اس سے علم کو روکنا نہیں ورنہ تم گناہگار ہو جاؤ گے اور نااہل شخص کے سپرد علم نہ کرنا ورنہ تمہیں جاہل قرار دیا جائے گا۔ تمہارے علم کا تم پر حق ہے جیسے تمہارے مال کا تم پر حق ہے۔

**391**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي مُعَاوِيَةُ اَنَّ اَبَا فَرْوَةَ حَدَّثَهُ اَنَّ عِيسٰى ابْنَ مَرْيَمَ كَانَ يَقُولُ لَا تَمْنَعِ الْعِلْمَ مِنْ اَهْلِهِ فَتَأْثَمَ وَلَا تَنْشُرْهُ عِنْدَ غَيْرِ اَهْلِهِ فَتُجَهَّلَ وَكُنْ طَبِيبًا رَفِيقًا يَضَعُ دَوَائَهُ حَيْثُ يَعْلَمُ اَنَّهُ يَنْفَعُ

☆☆ ابوفروہ بیان کرتے ہیں حضرت عیسیٰ بن مریم علیہ السلام ارشاد فرماتے ہیں علم کو اس کے اہل سے نہ روکو ورنہ تم گناہگار ہو گے اور نااہل کے سامنے اسے نہ پھیلاؤ ورنہ تمہیں جاہل قرار دیا جائے گا۔ تم ایسے مہربان طبیب بن جاؤ جو دوا کو وہیں رکھتا ہے جہاں اسے پتا ہو کہ وہ دوا فائدہ دے گی۔

**392**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ عَنْ غَيْلَانَ عَنْ مُطَرِّفٍ قَالَ لَا تُطْعِمْ طَعَامَكَ مَنْ لَا يَشْتَهِيهِ

☆☆ مطرف بیان کرتے ہیں تم اپنا کھانا ایسے شخص کو نہ کھلاؤ جسے اس کی خواہش نہ ہو۔

**393**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ شَابُورَ سَمِعَ شَهْرَ بْنَ حَوْشَبٍ يَقُولُ قَالَ لُقْمَانُ لِابْنِهِ يَا بُنَيَّ لَا تَعَلَّمِ الْعِلْمَ لِتُبَاهِيَ بِهِ الْعُلَمَاءَ اَوْ تُمَارِيَ بِهِ السُّفَهَاءَ وَتُرَائِيَ بِهِ فِي الْمَجَالِسِ وَلَا تَتْرُكِ الْعِلْمَ زَهَادَةً فِيهِ وَرَغْبَةً فِي الْجَهَالَةِ وَاِذَا رَاَيْتَ قَوْمًا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فَاجْلِسْ مَعَهُمْ اِنْ تَكُنْ عَالِمًا يَنْفَعْكَ عِلْمُكَ وَاِنْ تَكُنْ جَاهِلًا عَلَّمُوكَ وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِمْ بِرَحْمَتِهِ فَيُصِيبَكَ بِهَا مَعَهُمْ وَاِذَا رَاَيْتَ قَوْمًا لَا يَذْكُرُونَ اللّٰهَ فَلَا تَجْلِسْ مَعَهُمْ اِنْ تَكُنْ عَالِمًا لَمْ يَنْفَعْكَ عِلْمُكَ وَاِنْ تَكُنْ جَاهِلًا زَادُوكَ غَيًّا اَوْ عِيًّا وَلَعَلَّ اللّٰهَ اَنْ يَطَّلِعَ عَلَيْهِمْ بِسَخَطٍ فَيُصِيبَكَ بِهِ مَعَهُمْ

☆☆ شہر بن حوشب بیان کرتے ہیں۔ لقمان حکیم نے اپنے بیٹے سے یہ کہا تھا اے میرے بیٹے علم اس لیے حاصل نہ کرو تاکہ اس کے ذریعے تم علماء کے سامنے فخر کر سکو اور اس کے ذریعے تم جہلاء کے ساتھ بحث کر سکو اور اس کے ذریعے محافل میں تم اپنے آپ کو نمایاں کر سکو اور علم سے منہ موڑتے ہوئے اور جہالت کی طرف راغب ہوتے ہوئے علم کو ترک نہ کرو۔ جب تم کچھ لوگوں کو دیکھو گے وہ اللہ کا ذکر کر رہے ہوں تو ان کے ساتھ بیٹھ جاؤ' اگر تم عالم ہو گے تو تمہارا علم تمہیں فائدہ دے گا اور اگر تم جاہل ہو گے تو وہ لوگ تمہیں تعلیم دیں گے۔ ہوسکتا ہے کہ اللہ کی رحمت ان کی طرف متوجہ ہو اور وہ تمہیں بھی نصیب ہو جائے اور جب تم کچھ لوگوں کو دیکھو کہ وہ اللہ کا ذکر نہیں کر رہے ہیں تو ان کے ساتھ نہ بیٹھو اگر تم عالم ہو گے تو تمہارا علم تمہیں وہاں کوئی فائدہ نہیں دے گا اور اگر تم جاہل ہو گے تو وہ تمہاری لاعلمی میں مزید اضافہ کریں گے ہوسکتا ہے کہ اللہ کی ناراضگی ان کی طرف متوجہ ہو جائے اور وہ تمہیں بھی نصیب ہو۔

**394**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ قَالَ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ سُفْيَانَ عَنْ ثُوَيْرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ يَا حَمَلَةَ الْعِلْمِ اعْمَلُوا بِهِ فَاِنَّمَا الْعَالِمُ مَنْ عَمِلَ بِمَا عَلِمَ وَوَافَقَ عِلْمُهُ عَمَلَهُ وَسَيَكُونُ اَقْوَامٌ يَحْمِلُونَ الْعِلْمَ لَا يُجَاوِزُ

تَرَاقِيَهُمْ يُخَالِفُ عَمَلُهُمْ عِلْمَهُمْ وَتُخَالِفُ سَرِيرَتُهُمْ عَلَانِيَتَهُمْ يَجْلِسُونَ حِلَقًا فَيُبَاهِي بَعْضُهُمْ بَعْضًا حَتَّى إِنَّ الرَّجُلَ لَيَغْضَبُ عَلَى جَلِيسِهِ أَنْ يَجْلِسَ إِلَى غَيْرِهِ وَيَدَعَهُ أُولَئِكَ لَا تَصْعَدُ أَعْمَالُهُمْ فِي مَجَالِسِهِمْ تِلْكَ إِلَى اللَّهِ

☆☆ حضرت علی کرم اللہ وجہہ ارشاد فرماتے ہیں: اے علم حاصل کرنے والو اس پر عمل کرو کیونکہ جو عالم اپنے حاصل کیے ہوئے علم پر عمل کرتا ہے تو اس کا علم اس کے عمل کے مطابق ہو جاتا ہے (وہی کامیاب ہے) عنقریب ایسے لوگ آئیں گے جو علم حاصل کریں گے لیکن وہ ان کے حلق سے نیچے نہیں جائے گا۔ ان کا عمل ان کے علم کا مخالف ہوگا۔ تم خفیہ اور اعلانیہ ہر حالت میں ان سے علیحدہ رہنا وہ حلقے بنا کر بیٹھیں گے جن میں وہ ایک دوسرے کے سامنے فخر کا اظہار کریں گے یہاں تک کہ ایک شخص اپنے ہم نشین سے اس بات پر ناراض ہو جائے گا اور اسے چھوڑ دے گا کہ وہ دوسرے شخص کے ساتھ جا کر کیوں بیٹھا ہے۔ یہ وہ لوگ ہے جن کے اس طرح کی محافل میں کیے گئے افعال اللہ کی بارگاہ میں نہیں پہنچیں گے۔ (یعنی ان کا اجر وثواب حاصل نہیں ہوگا)۔

**395**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ كَفَى بِالْمَرْءِ عِلْمًا أَنْ يَخْشَى اللَّهَ وَكَفَى بِالْمَرْءِ جَهْلًا أَنْ يُعْجَبَ بِعِلْمِهِ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں۔ آدمی کے عالم ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اللہ سے ڈرتا ہو اور آدمی کے جاہل ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے علم پر غرور کرتا ہو۔

**396**- أَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ بُجَيْرٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ قَالَ لَوْ أَنَّ أَدْنَى هَذِهِ الْأُمَّةِ عِلْمًا أَخَذَتْ أُمَّةٌ مِنَ الْأُمَمِ بِعِلْمِهِ لَرَشَدَتْ تِلْكَ الْأُمَّةُ

☆☆ معاویہ بن قرہ بیان کرتے ہیں اس امت میں جو سب سے کمتر علم ہے اگر دوسری امتوں میں سے کوئی امت اسے حاصل کر لیتی تو وہ امت ہدایت پا جاتی۔

**397**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ إِنْ كَانَ الرَّجُلُ لَيُصِيبُ الْبَابَ مِنَ الْعِلْمِ فَيَعْمَلُ بِهِ فَيَكُونُ خَيْرًا لَهُ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا لَوْ كَانَتْ لَهُ فَجَعَلَهَا فِي الْآخِرَةِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں ایک شخص علم کے دروازے تک پہنچتا ہے اور اس پر عمل کرتا ہے تو یہ اس کے لیے دنیا اور اس میں موجود سب چیزوں سے زیادہ بہتر ہے کہ جو اسے مل جائیں تو وہ انہیں آخرت کے لیے استعمال کرتا۔

**398**-قَالَ قَالَ الْحَسَنُ كَانَ الرَّجُلُ إِذَا طَلَبَ الْعِلْمَ لَمْ يَلْبَثْ أَنْ يُرَى ذَلِكَ فِي بَصَرِهِ وَتَخَشُّعِهِ وَلِسَانِهِ وَيَدِهِ وَصَلَاتِهِ وَزُهْدِهِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں جو شخص علم حاصل کرنا شروع کرتا ہے اس کا اثر اس کی نگاہوں میں اس کی خشیت میں اس کی زبان میں اس کے ہاتھوں میں اس کی نماز میں اور اس کی پرہیزگاری میں نظر آ جاتا ہے۔

**399**-قَالَ وَ قَالَ مُحَمَّدٌ انْظُرُوا عَمَّنْ تَأْخُذُونَ هَذَا الْحَدِيثَ فَإِنَّمَا هُوَ دِينُكُمْ

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں تم جس شخص سے حدیث حاصل کر رہے ہو اس کا جائزہ لے لیا کرو کیونکہ یہ حدیث تمہارے دین (کے احکام کا ماخذ) ہے۔

**400**- أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ مَا ازْدَادَ عَبْدٌ عِلْمًا فَازْدَادَ فِي الدُّنْيَا رَغْبَةً إِلَّا

ازْدَادَ مِنَ اللّٰهِ بُعْدًا

☆☆ سفیان ارشاد فرماتے ہیں جس بندے کے علم میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے دنیا کی طرف اس کی توجہ بھی زیادہ ہوتی چلی جاتی ہے۔ ماسوائے اس شخص کے جسے اللہ تعالیٰ (دنیا سے) دور کر دے۔

**401**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ حَسَّانَ قَالَ مَا ازْدَادَ عَبْدٌ بِاللّٰهِ عِلْمًا اِلَّا ازْدَادَ النَّاسُ مِنْهُ قُرْبًا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت حسان ارشاد فرماتے ہیں اللہ کے بارے میں بندے کے علم میں جتنا اضافہ ہوتا جاتا ہے اللہ کی رحمت کی وجہ سے لوگ اس کے زیادہ قریب ہوتے چلے جاتے ہیں۔

**402**- وَقَالَ فِيْ حَدِيْثٍ اٰخَرَ مَا ازْدَادَ عَبْدٌ عِلْمًا اِلَّا ازْدَادَ قَصْدًا وَّلَا قَلَّدَ اللّٰهُ عَبْدًا قِلَادَةً خَيْرًا مِّنْ سَكِيْنَةٍ

☆☆ حسان بیان کرتے ہیں جس بندے کے علم میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اس کی میانہ روی میں اضافہ ہوتا چلا جاتا ہے اور اللہ تعالیٰ بندے کو جو ہار پہناتا ہے اُس میں سب سے بہتر سکینت ہے۔

**403**- مکرر اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَيْحٍ يُحَدِّثُ عَنْ عُمَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ اِنَّ رَجُلًا قَالَ لِابْنِهِ اذْهَبْ فَاطْلُبِ الْعِلْمَ فَخَرَجَ فَغَابَ عَنْهُ مَا غَابَ ثُمَّ جَاءَهُ فَحَدَّثَهُ بِاَحَادِيْثَ فَقَالَ لَهُ اَبُوْهُ يَا بُنَيَّ اذْهَبْ فَاطْلُبِ الْعِلْمَ فَغَابَ عَنْهُ اَيْضًا زَمَانًا ثُمَّ جَاءَهُ بِقَرَاطِيْسَ فِيْهَا كُتُبٌ فَقَرَاَهَا عَلَيْهِ فَقَالَ لَهُ هٰذَا سَوَادٌ فِيْ بَيَاضٍ فَاذْهَبِ اطْلُبِ الْعِلْمَ فَخَرَجَ فَغَابَ عَنْهُ مَا غَابَ ثُمَّ جَاءَهُ فَقَالَ لِاَبِيْهِ سَلْنِيْ عَمَّا بَدَا لَكَ فَقَالَ لَهُ اَبُوْهُ اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّكَ مَرَرْتَ بِرَجُلٍ يَّمْدَحُكَ وَمَرَرْتَ بِاٰخَرَ يَعِيْبُكَ قَالَ اِذًا لَّمْ اَلُمِ الَّذِيْ يَعِيْبُنِيْ وَلَمْ اَحْمَدِ الَّذِيْ يَمْدَحُنِيْ قَالَ اَرَاَيْتَ لَوْ مَرَرْتَ بِصَفِيْحَةٍ قَالَ اَبُوْ شُرَيْحٍ لَّا اَدْرِيْ اَمِنْ ذَهَبٍ اَوْ وَرِقٍ فَقَالَ اِذًا لَّمْ اُهَيِّجْهَا وَلَمْ اَقْرَبْهَا فَقَالَ اذْهَبْ فَقَدْ عَلِمْتَ

☆☆ عمیرہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے اپنے بیٹے سے کہا جاؤ اور علم حاصل کرو وہ بچہ گیا اور کافی عرصے تک غائب رہا۔ پھر وہ آیا اس نے اپنے باپ کو کچھ احادیث سنائیں اس کے باپ نے اس سے کہا اے میرے بیٹے تم جاؤ اور علم حاصل کرو۔ وہ بچہ پھر کافی عرصے کے لیے چلا گیا۔ پھر وہ کچھ کاپیاں لے کے آیا جن میں مختلف چیزیں تحریر تھیں اس نے وہ باپ کو پڑھ کر سنائیں تو اس کے باپ نے اس سے کہا یہ سفیدی کے اوپر سیاہی کے ساتھ کچھ لکھا ہوا ہے تم جاؤ اور علم حاصل کرو۔ پھر وہ بچہ چلا گیا اور کافی عرصے تک غائب رہا پھر آیا اور اپنے باپ سے کہا اب آپ مجھ سے جو چاہیں سوال کر سکتے ہیں۔ اس کے والد نے اس سے کہا تمہارے خیال میں اگر تم کسی ایسے شخص کے پاس سے گزرو جو تمہاری تعریف کر رہا ہو اور پھر تم کسی دوسرے ایسے شخص کے پاس سے گزرو جو تمہاری برائی بیان کر رہا ہو (تو تمہاری کیا کیفیت ہوگی؟) اس نے جواب دیا: جو شخص میری برائی بیان کر رہا ہو اس سے مجھے کوئی افسوس نہیں ہوگا اور جو میری تعریف کر رہا ہوگا۔ میں اس کی کوئی تعریف نہیں کروں گا اس کے والد نے کہا اگر تم کسی ایسے برتن کے پاس سے گزرو (راوی کہتے ہیں مجھے یہ یاد نہیں ہے کہ اصل الفاظ کیا تھے کہ وہ برتن سونے کا ہو یا چاندی کا ہو؟) اس بیٹے نے جواب دیا: مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں ہوگی اور میں اس کے قریب نہیں جاؤں گا تو والد نے کہا تم جاؤ اب تم علم حاصل کر چکے ہو۔

**404**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ عَنِ السَّكَنِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ وَهْبَ بْنَ مُنَبِّهٍ يَقُوْلُ يَا

بُنَيَّ عَلَيْكَ بِالْحِكْمَةِ فَإِنَّ الْخَيْرَ فِي الْحِكْمَةِ كُلِّهِ وَتُشَرِّفُ الصَّغِيْرَ عَلَى الْكَبِيْرِ وَالْعَبْدَ عَلَى الْحُرِّ وَتَزِيْدُ السَّيِّدَ سُؤْدَدًا وَتُجْلِسُ الْفَقِيْرَ مَجَالِسَ الْمُلُوْكِ

☆☆ وہب بن منبہ ارشاد فرماتے ہیں اے میرے بیٹے تم حکمت کو لازم کرو کیونکہ تمام بھلائی حکمت میں موجود ہے یہی حکمت چھوٹے کو بڑے سے ممتاز کرتی ہے۔ غلام کو آزاد شخص سے ممتاز کرتی ہے۔ یہ سرداروں کی سرداری میں اضافے کا باعث بنتی ہے اور غریب لوگوں کو بادشاہوں کا ہم نشین بنا دیتی ہے۔

**405**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ قَالَ اَخْبَرَنِيْ بَقِيَّةُ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ قَالَ وَ نَحْنُ لَوْلَا كَلِمَاتُ الْعُلَمَاءِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں اگر علماء کے اقوال نہ ہوتے تو ہم (ہدایت حاصل نہ کر سکتے)۔

## بَابُ اجْتِنَابِ اَهْلِ الْاَهْوَاءِ وَالْبِدَعِ وَالْخُصُوْمَةِ

## باب 35: بدمذہب بدعتی اور مذہبی بحث کرنیوالے لوگوں سے اجتناب کرنا

**406**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ لَا تُجَالِسُوْا اَهْلَ الْاَهْوَاءِ وَلَا تُجَادِلُوْهُمْ فَاِنِّيْ لَا آمَنُ اَنْ يَّغْمِسُوْكُمْ فِيْ ضَلَالَتِهِمْ اَوْ يَلْبِسُوْا عَلَيْكُمْ مَا كُنْتُمْ تَعْرِفُوْنَ

☆☆ ابوقلابہ ارشاد فرماتے ہیں بدمذہب لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو اور ان کے ساتھ بحث نہ کرو کیونکہ مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ وہ لوگ تمہیں بھی اپنی گمراہی میں شریک کرلیں گے یا تمہارے عقائد کے بارے میں تمہیں شبہے کا شکار کر دیں گے۔

**407**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ رَآنِيْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ جَلَسْتُ اِلٰى طَلْقِ بْنِ حَبِيْبٍ فَقَالَ لِيْ اَلَمْ اَرَكَ جَلَسْتَ اِلٰى طَلْقِ بْنِ حَبِيْبٍ لَا تُجَالِسَنَّهُ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ سعید بن جبیر نے مجھے طلق بن حبیب کے پاس بیٹھے دیکھا تو مجھ سے کہا میں نے تمہیں طلق بن حبیب کے پاس ہی بیٹھے دیکھا تھا؟ آئندہ تم ہرگز اس کے ساتھ نہ بیٹھنا۔

**408**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ اَخْبَرَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ صَخْرٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ جَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ اِنَّ فُلَانًا يَقْرَاُ عَلَيْكَ السَّلَامَ قَالَ بَلَغَنِيْ اَنَّهُ قَدْ اَحْدَثَ فَاِنْ كَانَ قَدْ اَحْدَثَ فَلَا تَقْرَاْ عَلَيْهِ السَّلَامَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں ان کے پاس ایک شخص آیا تھا اور یہ بولا تھا کہ فلاں شخص نے آپ کو سلام بھیجا ہے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: مجھے یہ پتا چلا ہے کہ وہ شخص بدعتی ہے اگر وہ بدعتی ہے تو تم میری طرف سے اسے سلام نہ کہنا۔

**409**- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَغْرَاءَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ لَا يَرٰى غِيْبَةً لِّلْمُبْتَدِعِ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں ابراہیم نخعی کے نزدیک بدعتی شخص کی برائی بیان کرنا غیبت نہیں ہے۔

**410**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِنَّمَا سُمِّيَ الْهَوٰى لِاَنَّهُ يَهْوِيْ بِصَاحِبِهِ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں (نفسانی خواہشات کی پیروی کو) ہویٰ اس لیے کہا گیا ہے کیونکہ وہ اپنے ساتھی کو جھکا دیتی ہے۔

**411-** اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ وَاسِعٍ قَالَ كَانَ مُسْلِمُ بْنُ يَسَارٍ يَقُوْلُ اِيَّاكُمْ وَالْمِرَاءَ فَاِنَّهَا سَاعَةُ جَهْلِ الْعَالِمِ وَبِهَا يَبْتَغِي الشَّيْطٰنُ زَلَّتَهُ

☆☆ محمد بن واسع بیان کرتے ہیں مسلم بن یسار فرمایا کرتے تھے بحث کرنے سے بچو کیونکہ یہ وہ گھڑی ہوتی ہے جس میں عالم شخص بھی جاہل بن جاتا ہے اور شیطان اسے پھسلانے کے لیے اسی موقع کی تلاش میں ہوتا ہے۔

**412-** اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ اَسْمَاءَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ دَخَلَ رَجُلَانِ مِنْ اَصْحَابِ الْاَهْوَاءِ عَلٰى ابْنِ سِيْرِيْنَ فَقَالَا يَا اَبَا بَكْرٍ نُحَدِّثُكَ بِحَدِيْثٍ قَالَ لَا قَالَا فَنَقْرَاُ عَلَيْكَ اٰيَةً مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ لَا لِتَقُوْمَانِ عَنِّيْ اَوْ لَاَقُوْمَنَّ قَالَ فَخَرَجَا فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ يَا اَبَا بَكْرٍ وَّمَا كَانَ عَلَيْكَ اَنْ يَّقْرَاَا عَلَيْكَ اٰيَةً مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ اِنِّيْ خَشِيْتُ اَنْ يَّقْرَاَ عَلَيَّ اٰيَةً فَيُحَرِّفَانِهَا فَيَقِرُّ ذٰلِكَ فِيْ قَلْبِيْ

☆☆ اسماء بن عبید بیان کرتے ہیں۔ دو بدمذہب شخص ابن سیرین رحمہ اللہ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور بولے اے ابوبکر (یہ ابن سیرین رحمہ اللہ کا لقب ہے) ہم آپ کو ایک حدیث سناتے ہیں۔ ابن سیرین رحمہ اللہ نے جواب دیا: نہیں وہ دونوں بولے پھر ہم آپ کے سامنے اللہ کی کتاب کی کوئی آیت تلاوت کر دیتے ہیں۔ ابن سیرین رحمہ اللہ نے کہا نہیں تم دونوں اٹھ کے چلے جاؤ ورنہ میں اٹھ کے چلا جاؤں گا۔ راوی بیان کرتے ہیں وہ دونوں اٹھ کے چلے گئے تو حاضرین میں سے کسی شخص نے کہا اے ابوبکر اگر وہ آپ کے سامنے قرآن کی کوئی آیت پڑھ دیتے تو اس میں کیا حرج تھا تو ابن سیرین رحمہ اللہ نے جواب دیا: مجھے یہ اندیشہ تھا کہ یہ لوگ میرے سامنے کوئی آیت پڑھیں گے اور اس کی اپنی طرف سے کوئی تفسیر بیان کریں گے اور وہ میرے دل میں پختہ ہو جائے گی۔

**413-** اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ عَنْ سَلَّامِ بْنِ اَبِيْ مُطِيْعٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ الْاَهْوَاءِ قَالَ لِاَيُّوْبَ يَا اَبَا بَكْرٍ اَسْاَلُكَ عَنْ كَلِمَةٍ قَالَ فَوَلّٰى وَهُوَ يُشِيْرُ بِاُصْبُعِهِ وَلَا نِصْفَ كَلِمَةٍ وَّاَشَارَ لَنَا سَعِيْدٌ بِخِنْصِرِهِ الْيُمْنٰى

☆☆ سلام بن ابومطیع ارشاد فرماتے ہیں۔ ایک بدعتی شخص نے ایوب سے یہ کہا اے ابوبکر میں آپ سے ایک بات پوچھنا چاہتا ہوں تو ایوب نے اس سے منہ پھیر لیا اور انگلی کے ذریعے اشارہ کر کے کہا کہ میں آدھی بات بھی نہیں بتاؤں گا (امام دارمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں) سعید نامی راوی نے اپنے دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے ذریعے باقاعدہ اشارہ کر کے یہ بات بتائی۔

**414-** اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ كُلْثُوْمِ بْنِ جَبْرٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنْ شَيْءٍ فَلَمْ يُجِبْهُ فَقِيْلَ لَهُ فَقَالَ اَرِيْشَانُ

☆☆ کلثوم بن جبر بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نے سعید بن جبیر سے کوئی سوال کیا تو انہوں نے اسے جواب نہیں دیا اس بارے میں ان سے دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: یہ انہی (بدمذہب) لوگوں میں سے ایک ہے۔

**415-** اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا فُضَيْلٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ لَا تُجَالِسُوْا اَصْحَابَ الْخُصُوْمَاتِ فَاِنَّهُمُ الَّذِيْنَ يَخُوْضُوْنَ فِيْ اٰيَاتِ اللّٰهِ

☆☆ امام ابوجعفر محمد بن علی رحمہ اللہ ارشاد فرماتے ہیں: بحث کرنے والے لوگوں کیساتھ نہ بیٹھا کرو کیونکہ وہ اللہ کی آیات کے بارے میں (اپنی کم فہم کے مطابق غلط طریقے سے) بحث کرتے ہیں۔

416- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ وَابْنِ سِيْرِيْنَ اَنَّهُمَا قَالَا لَا تُجَالِسُوْا اَصْحَابَ الْاَهْوَاءِ وَلَا تُجَادِلُوْهُمْ وَلَا تَسْمَعُوْا مِنْهُمْ

حضرت حسن بصری اور ابن سیرین ارشاد فرماتے ہیں بدمذہب لوگوں کے ساتھ نہ بیٹھو اوران کے ساتھ بحث نہ کرو اور ان کی باتیں نہ سنو۔

417- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اُمَيٍّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِنَّمَا سُمُّوا اَصْحَابَ الْاَهْوَاءِ لِاَنَّهُمْ يَهْوُوْنَ فِي النَّارِ

امام شعبی ارشادفرماتے ہیں (خواہش نفس کی پیروی کرنیوالے بدمذہب لوگوں کو) ''اصحاب ہواء'' اس لیے کہا گیا ہے کہ ان کے نظریات انہیں جہنم میں لے جائیں گے۔

# بَابُ التَّسْوِيَةِ فِي الْعِلْمِ

## باب 36: علم کے بارے میں برابری کا سلوک کرنا

418- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا مِّنَ النَّاسِ الشَّرِيفُ وَالْوَضِيعُ عِنْدَهُ سَوَاءٌ غَيْرَ طَاوُسٍ وَّهُوَ يَحْلِفُ عَلَيْهِ

ابن میسرہ ارشادفرماتے ہیں۔ میں نے ایسا کوئی شخص نہیں دیکھا جس کے سامنے کوئی امیر اورغریب شخص یکساں اہمیت رکھتے ہوں۔صرف طاؤس ایسے آدمی تھے ابن میسرہ نے یہ بات قسم اٹھا کر بیان کی۔

419- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كُنَّا نَكْرَهُ كِتَابَةَ الْعِلْمِ حَتّٰى اَكْرَهَنَا عَلَيْهِ السُّلْطَانُ فَكَرِهْنَا اَنْ نَّمْنَعَهُ اَحَدًا

زہری ارشادفرماتے ہیں پہلے ہم لوگ علمی باتیں تحریر کرنے کو ناپسندیدہ قرار دیتے تھے یہاں تک کہ حاکم وقت نے ہمیں ایسا کرنے پر مجبور کر دیا تو پھر ہمیں یہ اچھا نہیں لگا کہ ہم کسی اور شخص کو بھی اس بات سے منع کریں۔

420- اَخْبَرَنَا يُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ قَالَ كَلَّمُوْا مُحَمَّدًا فِيْ رَجُلٍ يَعْنِي يُحَدِّثُهُ فَقَالَ لَوْ كَانَ رَجُلًا مِّنَ الزِّنْجِ لَكَانَ عِنْدِيْ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ فِيْ هٰذَا سَوَاءً

ابن عون ارشادفرماتے ہیں لوگوں نے محمد نامی (محدث) سے ایک شخص کے بارے میں کچھ بات کی جس کے حوالے سے وہ حدیث روایت کرتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا: اگر وہ شخص سیاہ فام ہوتا تو میرے نزدیک اس کی اور میرے بیٹے عبداللہ کی حیثیت ایک جیسی ہوتی۔

421- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنِ الصَّلْتِ بْنِ رَاشِدٍ سَاَلَ سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ طَاوُسًا عَنْ مَسْاَلَةٍ فَلَمْ يُجِبْهُ فَقِيْلَ لَهُ هٰذَا سَلْمُ بْنُ قُتَيْبَةَ قَالَ ذٰلِكَ اَهْوَنُ لَهُ عَلَيَّ

صلت بن راشد بیان کرتے ہیں سلم بن قتیبہ نے طاؤس سے ایک مسئلہ دریافت کیا تو انہوں نے اسے کوئی جواب نہ دیا۔ان سے کہا گیا یہ سلم بن قتیبہ ہے تو انہوں نے جواب دیا: یہ تو میرے نزدیک کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔

# بَابٌ فِيْ تَوْقِيرِ الْعُلَمَاءِ

## باب 37: علماء کی عزت افزائی کرنا

**422**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ بَقِيَّةَ قَالَ حَدَّثَنِي حَبِيبُ بْنُ صَالِحٍ قَالَ مَا خِفْتُ اَحَدًا مِّنَ النَّاسِ مَخَافَةَ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ

☆☆ حبیب بن صالح بیان کرتے ہیں مجھے خالد بن معدان سے جتنا ڈر لگتا ہے اتنا کسی سے ڈر نہیں لگتا۔

**423**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُغِيرَةَ قَالَ كُنَّا نَهَابُ اِبْرَاهِيمَ هَيْبَةَ الْاَمِيرِ

☆☆ مغیرہ بیان کرتے ہیں ہم حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ سے اتنا ڈرتے تھے جیسے کوئی شخص حاکم سے ڈرتا ہے۔

**424**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ يَوْمًا بِحَدِيثٍ فَقُمْتُ اِلَيْهِ فَاسْتَعَدْتُهُ فَقَالَ لِي مَا كُلَّ سَاعَةٍ اَحْلُبُ فَاَشْرَبُ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں ایک دن سعید بن جبیر نے ایک حدیث بیان کی میں کھڑا ہوا اور ان سے اس حدیث کو دہرانے کی درخواست کی تو انہوں نے جواب دیا: میں ہر وقت دودھ دوہ کر نہیں پیتا ہوں (یعنی اپنی مرضی سے حدیث بیان کرتا ہوں)۔

**425**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ هُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ وَيَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ كَرِهَ الْحَدِيثَ فِي الطَّرِيقِ

☆☆ اء بیان کرتے ہیں۔ حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ راستے میں حدیث بیان کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔

**426**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ ضُرَيْسٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ عَنْ حَبِيبِ بْنِ اَبِي ثَابِتٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ فَحَدَّثَ بِحَدِيثٍ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مَّنْ حَدَّثَكَ هٰذَا اَوْ مِمَّنْ سَمِعْتَ هٰذَا فَغَضِبَ وَمَنَعَنَا حَدِيثَهُ حَتّٰى قَامَ

☆☆ حبیب بن ابوثابت بیان کرتے ہیں۔ میں سعید بن جبیر کے پاس بیٹھا ہوا تھا۔ انہوں نے ایک حدیث بیان کی۔ ایک شخص نے ان سے دریافت کیا آپ کو یہ حدیث کس نے سنائی ہے یا شاید یہ کہا' آپ نے یہ حدیث کس سے سنی ہے تو وہ ناراض ہو گئے اور انہوں نے ہمیں پھر حدیث نہیں سنائی اور اٹھ کر چلے گئے۔

**427**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ لَوْ رَفَقْتُ بِابْنِ عَبَّاسٍ لَاَصَبْتُ مِنْهُ عِلْمًا كَثِيرًا

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں اگر میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر رہتا تو ان سے بہت زیادہ علم حاصل کر لیتا۔

**428**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا بَقِيَّةُ عَنْ اُمِّ عَبْدِ اللّٰهِ بِنْتِ خَالِدٍ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ اَحَدًا اَكْرَمَ لِلْعِلْمِ مِنْ اَبِي

☆☆ ام عبداللہ بنت خالد بیان کرتی ہیں علم کے حوالے سے میں نے اپنے والد سے زیادہ معزز کسی شخص کو نہیں دیکھا۔

# بَابٌ فِي الْحَدِيْثِ عَنِ الثِّقَاتِ

## باب 38: مستند راویوں سے حدیث نقل کرنا

**429**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عِيْسَى بْنِ يُوْنُسَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسَى قَالَ قُلْتُ لِطَاوُسٍ اِنَّ فُلَانًا حَدَّثَنِي بِكَذَا وَكَذَا قَالَ اِنْ كَانَ صَاحِبُكَ مَلِيًّا فَخُذْ عَنْهُ

☆☆ سلیمان بن موسیٰ بیان کرتے ہیں۔ میں نے طاؤس سے کہا فلاں شخص نے مجھے یہ یہ حدیث سنائی ہے تو انہوں نے جواب دیا: وہ مستند آدمی ہے تم اس سے حدیث روایت کر سکتے ہو۔

**430**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مِسْعَرٍ قَالَ قَالَ سَعْدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ لَا يُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ اِلَّا الثِّقَاتُ

☆☆ سعد بن ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے صرف مستند لوگ حدیث بیان کر سکتے ہیں۔

**431**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ كَانُوْا لَا يَسْاَلُوْنَ عَنِ الْاِسْنَادِ ثُمَّ سَاَلُوْا بَعْدُ لِيَعْرِفُوا مَنْ كَانَ صَاحِبَ سُنَّةٍ اَخَذُوْا عَنْهُ وَمَنْ لَّمْ يَكُنْ صَاحِبَ سُنَّةٍ لَّمْ يَاْخُذُوْا عَنْهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَظُنُّهُ سَمِعَهُ مِنْ عَاصِمٍ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں پہلے لوگ سند کے بارے میں دریافت نہیں کرتے تھے اس کے بعد انہوں نے اس بارے میں تحقیق کرنا شروع کر دی تا کہ وہ اس بات کا اندازہ لگالیں کہ جو شخص علم حدیث کا ماہر ہے اس سے حدیث روایت کریں اور جو شخص اس کا ماہر نہیں ہے اس سے حدیث روایت نہ کریں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے خیال میں اس روایت کے راوی عاصم نے اس بات کو ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ سے براہ راست نہیں سنا ہے۔

**432**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عَاصِمٍ قَالَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ مَا حَدَّثْتَنِي فَلَا تُحَدِّثْنِي عَنْ رَجُلَيْنِ فَاِنَّهُمَا لَا يُبَالِيَانِ عَمَّنْ اَخَذَا حَدِيْثَهُمَا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَبْدُ اللّٰهِ لَا اَظُنُّهُ سَمِعَهُ

☆☆ امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں تم نے مجھے جو حدیثیں بیان کر دی ہیں۔ وہ ٹھیک ہیں آئندہ ان دو لوگوں کے حوالے سے مجھے کوئی حدیث نہ سنانا کیونکہ یہ دونوں اس بات کی پرواہ نہیں کرتے کہ انہوں نے کس شخص سے حدیثیں روایت کی ہیں۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں: میرا خیال ہے کہ عاصم نامی راوی نے یہ بات بھی ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کی زبانی نہیں سنی ہے۔

**433**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ الْقَعْقَاعِ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ اِذَا حَدَّثْتَنِي فَحَدِّثْنِي عَنْ اَبِي زُرْعَةَ فَاِنَّهُ حَدَّثَنِي بِحَدِيْثٍ ثُمَّ سَاَلْتُهُ بَعْدَ ذٰلِكَ بِسَنَةٍ فَمَا اَخْرَمَ مِنْهُ حَرْفًا

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں جب تم میرے سامنے کوئی حدیث بیان کرو تو ابوزرعہ نامی راوی کے حوالے سے روایت کیا کرو کیونکہ ایک مرتبہ انہوں نے مجھے ایک حدیث سنائی تھی۔ پھر اس کے ایک برس بعد میں نے ان سے اسی حدیث کے بارے میں دریافت

کیا تو انہوں نے کسی بھی حرف کے اختلاف کے بغیر وہی حدیث سنادی تھی۔

**434**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَلْيَنْظُرِ الرَّجُلُ عَمَّنْ يَّاْخُذُ دِيْنَهُ

☆☆ امام محمد ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ علم (حدیث) دین (کا بنیادی ماخذ) ہے لہٰذا تم اس بات کا جائزہ لیا کرو کہ تم اپنا دین کس شخص سے حاصل کر رہے ہو۔

**435**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانُوْا اِذَا اَتَوُا الرَّجُلَ لِيَاْخُذُوْا عَنْهُ نَظَرُوْا اِلٰى صَلَاتِهٖ وَاِلٰى سَمْتِهٖ وَاِلٰى هَيْئَتِهٖ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں پہلے لوگ جب کسی شخص کے پاس جاتے تھے تا کہ اس سے علم حدیث حاصل کریں تو پہلے اس شخص کی نماز اس کے طریقہ کار اور اس کے ظاہری حلیے کا جائزہ لیا کرتے تھے۔

**436**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا مُغِيْرَةُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانُوْا اِذَا اَتَوُا الرَّجُلَ يَاْخُذُوْنَ عَنْهُ الْعِلْمَ نَظَرُوْا اِلٰى صَلَاتِهٖ وَاِلٰى سَمْتِهٖ وَاِلٰى هَيْئَتِهٖ ثُمَّ يَاْخُذُوْنَ عَنْهُ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں۔ پہلے لوگ جب کسی شخص سے علم حاصل کرنے کے لیے جاتے تھے تو اس کی نماز اس کے طریقہ کار اس کی ظاہری ہیئت کا جائزہ لیتے تھے اور پھر اس سے علم حاصل کرتے تھے۔

**437**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ رَوْحٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ نَحْوَ حَدِيْثِ اِبْرَاهِيْمَ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**438**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الرَّبِيْعِ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ قَالَ كُنَّا نَاْتِي الرَّجُلَ لِنَاْخُذَ عَنْهُ فَنَنْظُرُ اِذَا صَلّٰى فَاِنْ اَحْسَنَهَا جَلَسْنَا اِلَيْهِ وَقُلْنَا هُوَ لِغَيْرِهَا اَحْسَنُ وَاِنْ اَسَائَهَا قُمْنَا عَنْهُ وَقُلْنَا هُوَ لِغَيْرِهَا اَسْوَاُ قَالَ اَبُوْ مَعْمَرٍ لَّفْظُهُ نَحْوُ هٰذَا

☆☆ ابوالعالیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ پہلے ہم کسی شخص کے پاس جایا کرتے تھے کہ اس سے علم حدیث حاصل کریں تو ہم اس بات کا جائزہ لیتے تھے اگر وہ شخص اچھی طرح سے نماز ادا کرتا تو ہم اس کے پاس بیٹھ جاتے اور یہ سوچتے کہ یہ دیگر معاملات میں زیادہ بہتر ہوگا لیکن اگر وہ برے طریقے سے نماز ادا کرتا تو ہم اس کے پاس سے اٹھ جاتے تھے کہ دیگر معاملات میں یہ زیادہ برا ہوگا۔

ابومعمر نامی راوی بیان کرتے ہیں۔ میرا خیال ہے کہ شاید اسی طرح کے کچھ الفاظ ہیں۔

**439**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ لَا اَدْرِيْ سَمِعْتُهُ مِنْهُ اَوْ لَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ اِنَّ هٰذَا الْعِلْمَ دِيْنٌ فَانْظُرُوْا عَمَّنْ تَاْخُذُوْنَ دِيْنَكُمْ

☆☆ امام محمد ارشاد فرماتے ہیں۔ یہ علم (حدیث) دین (کے احکام کا بنیادی ماخذ) ہے۔ لہٰذا تم اس بات کا جائزہ لو کہ تم اپنا دین کس شخص سے حاصل کر رہے ہو۔

**440**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى قَالَ قُلْتُ لِطَاوُسٍ اِنَّ فُلَانًا حَدَّثَنِيْ بِكَذَا وَكَذَا قَالَ فَاِنْ كَانَ صَاحِبُكَ مَلِيًّا فَخُذْ عَنْهُ

☆☆ حضرت سلیمان بن موسیٰ رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے طاؤس سے کہا فلاں شخص نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے تو انہوں نے جواب دیا: وہ مستند آدمی ہے تم اس سے حدیث دریافت کر سکتے ہو۔

**441**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ جَآءَ بُشَيْرُ بْنُ كَعْبٍ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَجَعَلَ يُحَدِّثُهُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَعِدْ عَلَيَّ الْحَدِيْثَ الْاَوَّلَ قَالَ لَهُ بُشَيْرٌ مَا اَدْرِيْ عَرَفْتَ حَدِيْثِي كُلَّهُ وَاَنْكَرْتَ هٰذَا اَوْ عَرَفْتَ هٰذَا وَاَنْكَرْتَ حَدِيْثِي كُلَّهُ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِنَّا كُنَّا نُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ لَمْ يَكُنْ يُكْذَبُ عَلَيْهِ فَلَمَّا رَكِبَ النَّاسُ الصَّعْبَ وَالذَّلُوْلَ تَرَكْنَا الْحَدِيْثَ عَنْهُ

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں بشیر بن کعب حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوئے اور ان کے سامنے حدیثیں بیان کرنا شروع کیں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا تم پہلے والی حدیث مجھے دوبارہ سناؤ۔ بشیر نے ان کی خدمت میں عرض کی مجھے اس بات کا اندازہ نہیں ہو سکا کہ آپ نے میری دیگر تمام احادیث کو مستند تسلیم کیا ہے اور اس پہلی حدیث کو مستند نہیں مانا یا اس پہلی حدیث کو مستند تسلیم کیا ہے اور باقی حدیثوں کو مستند تسلیم نہیں کیا؟ تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: پہلے ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث روایت کر دیا کرتے تھے۔ جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے جھوٹی بات روایت نہیں ہوتی تھی۔ اس کے بعد لوگوں نے ہر طرح کی روایتیں بیان کرنا شروع کر دیں تو ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرتے ہوئے احتیاط کرتے ہیں۔

**442**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّا نَحْفَظُ الْحَدِيْثَ وَالْحَدِيْثُ يُحْفَظُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى رَكِبْتُمُ الصَّعْبَ وَالذَّلُوْلَ

☆☆ ابن طاؤس اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں پہلے ہم حدیث یاد رکھتے تھے اور حدیث نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یاد رکھی جاتی تھی اس کے بعد تم لوگوں نے ہر طرح کی روایتیں بیان کرنا شروع کر دی ہیں۔

**443**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ يُوْشِكُ اَنْ يَظْهَرَ شَيَاطِيْنُ قَدْ اَوْثَقَهَا سُلَيْمَانُ يُفَقِّهُوْنَ النَّاسَ فِي الدِّيْنِ

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: عنقریب ایسا زمانہ آئے گا کہ جن شیاطین کو حضرت سلیمان علیہ السلام نے باندھ رکھا تھا وہ کھل جائیں گے اور لوگوں کو دین کی تعلیم دینا شروع کر دیں گے۔

**444**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ انْظُرُوْا عَمَّنْ تَاْخُذُوْنَ هٰذَا الْحَدِيْثَ فَاِنَّهُ دِيْنُكُمْ

☆☆ امام محمد ارشاد فرماتے ہیں تم اس بات کا جائزہ لیا کرو کہ تم کس شخص سے حدیث حاصل کر رہے ہو کیونکہ یہ تمہارے دین (کے احکام کا بنیادی ماخذ) ہے۔

## بَابُ مَا يُتَّقٰى مِنْ تَفْسِيْرِ حَدِيْثِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَوْلِ غَيْرِهٖ عِنْدَ قَوْلِهٖ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 39: نبی اکرم ﷺ کی حدیث کی وضاحت کرنے میں احتیاط کرنا اور آپ کے فرمان کے ہمراہ کسی اور شخص کا قول بیان کرنے سے اجتناب کرنا

**445**- اَخْبَرَنَا مُوسٰی بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لِيُتَّقٰى مِنْ تَفْسِيْرِ حَدِيْثِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا يُتَّقٰى مِنْ تَفْسِيْرِ الْقُرْاٰنِ

☆☆ معتمر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کی حدیث کی وضاحت کرتے ہوئے اتنی ہی احتیاط کا مظاہرہ کرنا چاہئے جتنی احتیاط قرآن کی تفسیر کرتے ہوئے کی جاتی ہے۔

**446**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ اَمَا تَخَافُوْنَ اَنْ تُعَذَّبُوْا اَوْ يُخْسَفَ بِكُمْ اَنْ تَقُوْلُوْا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ وَقَالَ فُلَانٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں کیا تم لوگوں کو اس بات سے ڈر نہیں لگتا کہ جب تم نبی اکرم ﷺ کے فرمان کے ہمراہ یہ کہتے ہو کہ فلاں نے یہ کہا ہے کہ تمہیں عذاب دیا جائے یا تمہیں زمین میں دھنسا دیا جائے۔

**447**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْمُعَافٰى عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اِنَّهٗ لَا رَاْیَ لِاَحَدٍ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ وَاِنَّمَا رَاْیُ الْاَئِمَّةِ فِيْمَا لَمْ يَنْزِلْ فِيْهِ كِتَابٌ وَّلَمْ تَمْضِ بِهٖ سُنَّةٌ مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا رَاْیَ لِاَحَدٍ فِیْ سُنَّةٍ سَنَّهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ اوزاعی ارشاد فرماتے ہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے خط میں لکھا تھا کہ اللہ کی کتاب کے بارے میں کسی شخص کی رائے کو کوئی حیثیت نہیں ہے۔ آئمہ کی رائے ان معاملات میں ہوتی ہے جس کے بارے میں کتاب کا کوئی حکم نازل نہ ہوا ہو اور اس بارے میں نبی اکرم ﷺ کی کوئی سنت موجود نہ ہو اللہ کے رسول نے جو سنت مقرر کر دی ہو اس کے بارے میں کسی رائے کا اعتبار نہیں ہوگا۔

**448**- حَدَّثَنَا مُوسٰی بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ خَطَبَ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ لَمْ يَبْعَثْ بَعْدَ نَبِيِّكُمْ نَبِيًّا وَّلَمْ يُنْزِلْ بَعْدَ هٰذَا الْكِتَابِ الَّذِیْ اَنْزَلَ عَلَيْهِ كِتَابًا فَمَا اَحَلَّ اللّٰهُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ فَهُوَ حَلَالٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ وَمَا حَرَّمَ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ فَهُوَ حَرَامٌ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ اَلَا وَاِنِّیْ لَسْتُ بِقَاضٍ وَّلٰكِنِّیْ مُنَفِّذٌ وَّلَسْتُ بِمُبْتَدِعٍ وَّلٰكِنِّیْ مُتَّبِعٌ وَّلَسْتُ بِخَيْرٍ مِّنْكُمْ غَيْرَ اَنِّیْ اَثْقَلُكُمْ حِمْلًا اَلَا وَاِنَّهٗ لَيْسَ لِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِ اللّٰهِ اَنْ يُّطَاعَ فِیْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ اَلَا هَلْ اَسْمَعْتُ

☆☆ عبیداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: ''اے لوگو بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے نبی کے بعد کسی اور نبی کو مبعوث نہیں کرنا اور اس نبی پر اپنی جو کتاب نازل کی تھی اس کے بعد کسی اور کتاب کو نازل نہیں کیا لہٰذا اپنے نبی کی مقدس زبان کے ذریعے اللہ تعالیٰ نے جن چیزوں کو حلال قرار دیا ہے وہ قیامت تک حلال رہیں گی اور اپنے نبی کی مقدس زبان کے ذریعے جن چیزوں کو حرام قرار دیا ہے وہ قیامت تک حرام رہیں گی۔ یہ بات یاد رکھنا کہ میں فیصلہ دینے والا نہیں ہوں بلکہ میں (شرعی احکام کو) نافذ کرنے والا ہوں۔ میں بدعتی نہیں ہوں میں (سنت کا) پیروکار ہوں اور میں تم سے زیادہ بہتر نہیں ہوں البتہ

میرے اوپر بھاری ذمہ داری عائد کی گئی ہے۔ یہ بات یاد رکھنا اللہ کی نافرمانی کے معاملے میں اس کی مخلوق میں سے کسی کی بھی پیروی نہیں کی جاسکتی۔ کیا میں نے اپنی بات واضح کردی ہے؟''

**449**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حُجَيْرٍ قَالَ كَانَ طَاوُسٌ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْعَصْرِ فَقَالَ لَهُ ابْنُ عَبَّاسٍ اتْرُكْهُمَا قَالَ اِنَّمَا نُهِيَ عَنْهَا اَنْ تُتَّخَذَ سُلَّمًا قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ فَاِنَّهُ قَدْ نُهِيَ عَنْ صَلٰوةٍ بَعْدَ الْعَصْرِ فَلَا اَدْرِي اَتُعَذَّبُ عَلَيْهَا اَمْ تُؤْجَرُ لِاَنَّ اللّٰهَ يَقُولُ (وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ اَمْرًا اَنْ يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ) قَالَ سُفْيَانُ تُتَّخَذُ سُلَّمًا يَقُولُ يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ اِلَى اللَّيْلِ

☆☆ ہشام بیان کرتے ہیں طاؤس عصر کے بعد دو رکعت ادا کیا کرتے تھے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ان سے کہا انہیں پڑھنا چھوڑ دو۔ طاؤس نے عرض کی کہ ان سے اس لیے منع کیا گیا ہے کہ انہیں سیڑھی کے طور پر نہ پڑھا جائے۔ ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا عصر کے بعد نماز ادا کرنے سے منع کیا گیا ہے۔ مجھے نہیں پتا کہ تمہیں ان نوافل کے پڑھنے پر عذاب دیا جائے گا یا اجر ملے گا کیونکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''کسی بھی مومن مرد یا عورت کے لیے یہ بات جائز نہیں ہے کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی بھی معاملے میں فیصلہ دے دیں تو انہیں اپنے کسی معاملے میں کسی قسم کا کوئی اختیار رہو اور جو شخص اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی نافرمانی کرے گا وہ واضح گمراہی کا شکار ہو جائے گا''۔

سفیان بیان کرتے ہیں سیڑھی کے طور پر استعمال کرنے کا مطلب یہ ہے کہ عصر کی نماز کے بعد غروب آفتاب تک مسلسل نوافل ادا کیے جائیں۔

**450**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَتٰى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنُسْخَةٍ مِنَ التَّوْرَاةِ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ هٰذِهِ نُسْخَةٌ مِنَ التَّوْرَاةِ فَسَكَتَ فَجَعَلَ يَقْرَاُ وَوَجْهُ رَسُولِ اللّٰهِ يَتَغَيَّرُ فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ ثَكِلَتْكَ الثَّوَاكِلُ مَا تَرٰى مَا بِوَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَظَرَ عُمَرُ اِلٰى وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ غَضَبِ اللّٰهِ وَغَضَبِ رَسُولِهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَضِينَا بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِينًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِي نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَوْ بَدَا لَكُمْ مُوسٰى فَاتَّبَعْتُمُوهُ وَتَرَكْتُمُونِي لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَاءِ السَّبِيلِ وَلَوْ كَانَ حَيًّا وَّاَدْرَكَ نُبُوَّتِي لَاتَّبَعَنِي

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تورات کا ایک نسخہ لے کر حاضر ہوئے اور عرض کی اے اللہ کے رسول یہ تورات کا ایک نسخہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے پڑھنا شروع کردیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کا رنگ تبدیل ہونے لگا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے کہا تمہیں عورتیں روئیں کیا تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھ نہیں رہے؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک کی طرف دیکھا تو عرض کی میں

حدیث **449**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 5903

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 10184

اللہ اور اس کے رسول کی ناراضگی سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہم اللہ تعالیٰ کے پروردگار ہونے' اسلام کے دین حق ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے پر ایمان رکھتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں محمد ﷺ کی جان ہے اب اگر موسیٰ تمہارے سامنے آ جائیں اور تم ان کی پیروی کرو اور مجھے چھوڑ دو تو تم سیدھے راستے سے بھٹک جاؤ گے اگر وہ آج زندہ ہوتے اور میری نبوت کا زمانہ پالیتے تو وہ بھی میری پیروی کرتے۔

**451-** حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى رَبَاحٍ شَيْخٌ مِنْ الِ عُمَرَ قَالَ رَاى سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ رَجُلًا يُصَلِّي بَعْدَ الْعَصْرِ الرَّكْعَتَيْنِ يُكْثِرُ فَقَالَ لَهُ فَقَالَ يَا اَبَا مُحَمَّدٍ اَيُعَذِّبُنِى اللّٰهُ عَلَى الصَّلٰوةِ قَالَ لَا وَلٰكِنْ يُعَذِّبُكَ اللّٰهُ بِخِلَافِ السُّنَّةِ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اولاد سے تعلق رکھنے والے ابورباح نامی ایک بزرگ بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ سعید بن مسیب نے ایک شخص کو عصر کے بعد نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا تو اسے منع کیا۔ اس شخص نے ان سے دریافت کیا اے ابومحمد کیا اللہ تعالیٰ مجھے نماز پڑھنے پر عذاب دے گا تو سعید بن مسیب نے جواب دیا: نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ تمہیں سنت کی خلاف ورزی کرنے پر عذاب دے گا۔

## بَابُ تَعْجِيلِ عُقُوبَةِ مَنْ بَلَغَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدِيثٌ فَلَمْ يُعَظِّمْهُ وَلَمْ يُوَقِّرْهُ

## باب 40: جس شخص کے سامنے نبی اکرم ﷺ کا کوئی فرمان آئے اور وہ اس کی تعظیم وتوقیر نہ کرے اسے فوراً سزا دینی چاہیے

**452-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِى ابْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْعَجْلَانِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بَيْنَمَا رَجُلٌ يَتَبَخْتَرُ فِى بُرْدَيْنِ خَسَفَ اللّٰهُ بِهِ الْاَرْضَ فَهُوَ يَتَجَلْجَلُ فِيهَا اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَقَالَ لَهُ فَتًى قَدْ سَمَّاهُ وَهُوَ فِى حُلَّةٍ لَّهُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اَهٰكَذَا كَانَ يَمْشِى ذٰلِكَ الْفَتَى الَّذِى خُسِفَ بِهِ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ فَعَثَرَ عَثْرَةً كَادَ يَتَكَسَّرُ مِنْهَا فَقَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ لِلْمَنْخَرَيْنِ وَلِلْفَمِ (اِنَّا كَفَيْنَاكَ الْمُسْتَهْزِئِيْنَ)

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ایک مرتبہ ایک شخص اپنی دو چادروں پر اتراتے ہوئے چل رہا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اسے زمین میں دھنسا دیا اور وہ قیامت تک زمین میں دھنستا رہے گا۔ حاضرین میں ایک نوجوان نے جس کا نام راوی نے بیان کیا تھا' اسی قسم کا کپڑا پہنا ہوا تھا وہ بولا اے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کیا وہ نوجوان اس طرح چل رہا تھا جسے زمین میں دھنسایا گیا پھر اس

حدیث **451**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث)' دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**　**5452**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　**2088**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　**8162**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء　**80**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ　**7720**

نوجوان نے اپنے ہاتھ کو جھٹکا تو وہ گر گیا اور قریب تھا کہ اس کی کوئی چیز ٹوٹ جاتی تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے اس کے نتھنوں اور منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے فرمایا: ارشاد ربانی

''بے شک مذاق اڑانے والوں کے لیے تمہاری طرف سے ہم کافی ہیں''

**453**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ هُوَ ابْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِي قَيْسٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ خِرَاشِ ابْنِ جُبَيْرٍ قَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَسْجِدِ فَتًى يَخْذِفُ فَقَالَ لَهُ شَيْخٌ لَا تَخْذِفْ فَاِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْخَذْفِ فَغَفَلَ الْفَتَى وَظَنَّ اَنَّ الشَّيْخَ لَا يَفْطِنُ لَهُ فَخَذَفَ فَقَالَ لَهُ الشَّيْخُ اُحَدِّثُكَ اَنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهَى عَنِ الْخَذْفِ ثُمَّ تَخْذِفُ وَاللّٰهِ لَا اَشْهَدُ لَكَ جَنَازَةً وَلَا اَعُودُكَ فِي مَرَضٍ وَلَا اُكَلِّمُكَ اَبَدًا فَقُلْتُ لِصَاحِبٍ لِي يُقَالُ لَهُ مُهَاجِرٌ انْطَلِقْ اِلَى خِرَاشٍ فَاَسْاَلُهُ فَاَتَاهُ فَسَاَلَهُ عَنْهُ فَحَدَّثَهُ

☆☆ خراش بن جبیر بیان کرتے ہیں میں نے مسجد میں ایک نوجوان کو دیکھا جو کنکریوں کے ساتھ کھیل رہا تھا۔ ایک بزرگ نے اس سے کہا کنکریوں کے ساتھ نہ کھیلو کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کنکریوں سے کھیلنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔ وہ نوجوان اپنے عمل میں مصروف رہا۔ اس نے یہ سمجھا کہ شاید وہ بزرگ اس کا جائزہ نہیں لے رہا اور ویسے ہی کنکریوں سے کھیلتا رہا۔ اس بزرگ نے اس سے کہا میں نے تمہیں حدیث بیان کی ہے کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کنکریوں سے کھیلنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے اور تم پھر ان کے ساتھ کھیل رہے ہو۔ اللہ کی قسم اب میں تمہارے جنازے میں بھی شریک نہیں ہوں گا اور کبھی بیماری کے دوران تمہاری عیادت کے لئے بھی نہیں آؤں گا اور تم سے کبھی کوئی بات نہیں کروں گا۔

زبیر نامی راوی بیان کرتے ہیں میں نے اپنے ساتھی جس کا نام مہاجر تھا' سے کہا چلو خراش کی طرف چلتے ہیں اور ان سے اس بارے میں دریافت کرتے ہیں۔ پھر وہ ان کے پاس آئے اور اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے یہ بات سنائی۔

**454**-اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَذْفِ وَقَالَ اِنَّهَا لَا تَصْطَادُ صَيْدًا وَلَا تَنْكِي عَدُوًّا وَلٰكِنَّهَا تَكْسِرُ السِّنَّ وَتَفْقَاُ الْعَيْنَ فَرَفَعَ رَجُلٌ بَيْنَهُ وَبَيْنَ سَعِيدٍ قَرَابَةٌ شَيْئًا مِنَ الْاَرْضِ فَقَالَ هٰذِهِ وَمَا تَكُونُ هٰذِهِ فَقَالَ سَعِيدٌ اَلَا اَرَانِي اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ تَهَاوَنُ بِهِ لَا اُكَلِّمُكَ اَبَدًا

حدیث **453**: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **7760**

حدیث **454**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **5866**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1954**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **3226**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **16840**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **7759**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء — **447**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' **1409**ھ/ **1989**ء — **905**

''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1403**ھ/ **1983**ء — **991**

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریوں سے کھیلنے سے منع کیا ہے اور ارشاد فرمایا ہے اس کے ذریعے تم کسی چیز کو شکار نہیں کر سکتے اور دشمن کو قتل نہیں کر سکتے یہ صرف دانت توڑ سکتی ہے اور آنکھ پھوڑ سکتی ہے۔

سعید نامی راوی نے اس حدیث کو بیان کر دیا تو سعید کے ایک رشتے دار نے زمین سے کنکری اٹھا کر کہا اس کے بارے میں یہ ارشاد فرمایا ہے۔ اس کے بارے میں کیسے ہو سکتا ہے تو سعید نے کہا میں نے تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کی ہے اور تم اسے کوئی اہمیت نہیں دے رہے اب میں کبھی تمہارے ساتھ کوئی بات نہیں کروں گا۔

**455**-اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا كَهْمَسُ بْنُ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ رَاٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُغَفَّلٍ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِهٖ يَخْذِفُ فَقَالَ لَا تَخْذِفْ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهٰى عَنِ الْخَذْفِ وَكَانَ يَكْرَهُهُ وَاِنَّهٗ لَا يُنْكَأُ بِهٖ عَدُوٌّ وَلَا يُصَادُ بِهٖ صَيْدٌ وَلٰكِنَّهٗ قَدْ يَفْقَأُ الْعَيْنَ وَيَكْسِرُ السِّنَّ ثُمَّ رَاٰهُ بَعْدَ ذٰلِكَ يَخْذِفُ فَقَالَ لَهٗ اَلَمْ اُخْبِرْكَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَنْهٰى عَنْهُ ثُمَّ اَرَاكَ تَخْذِفُ وَاللّٰهِ لَا اُكَلِّمُكَ اَبَدًا

☆☆ عبداللہ بن بریدہ بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں میں سے ایک شخص کو کنکری کے ذریعے کھیلتے ہوئے دیکھا تو ارشاد فرمایا تم ایسا نہ کرو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکری سے کھیلنے سے منع کیا ہے یا اس بات کو ناپسندیدہ قرار دیا ہے۔ آپ نے ارشاد فرمایا اس کے ذریعے دشمن کو مارا نہیں جا سکتا کسی چیز کو شکار نہیں کیا جا سکتا۔ اس کے ذریعے صرف آنکھ کو پھوڑا جا سکتا ہے اور دانت کو توڑا جا سکتا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے پھر اس نوجوان کو کنکریوں سے کھیلتے ہوئے دیکھا تو اس سے کہا میں نے تمہیں بتایا نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے۔ میں تمہیں دیکھ رہا ہوں کہ تم پھر اس کے ساتھ کھیل رہے ہو۔ اللہ کی قسم میں اب کبھی تمہارے ساتھ بات نہیں کروں گا۔

**456**-اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ بَشِيْرٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ حَدَّثَ ابْنُ سِيْرِيْنَ رَجُلًا بِحَدِيْثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ قَالَ فُلَانٌ كَذَا وَكَذَا فَقَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ اُحَدِّثُكَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ قَالَ فُلَانٌ لَا اُكَلِّمُكَ اَبَدًا

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے ایک شخص کے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کوئی حدیث بیان کی وہ شخص بولا فلاں شخص نے یہ بات کہی ہے۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنا رہا ہوں اور تم یہ کہہ رہے ہو کہ فلاں شخص نے یہ بات کہی ہے۔ آئندہ میں کبھی تمہارے ساتھ کوئی بات نہیں کروں گا۔

**457**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اسْتَاْذَنَتْ اَحَدَكُمُ امْرَاَتُهٗ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا يَمْنَعْهَا فَقَالَ فُلَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اِذًا وَّاللّٰهِ اَمْنَعُهَا فَاَقْبَلَ عَلَيْهِ ابْنُ عُمَرَ فَشَتَمَهٗ شَتْمَةً لَّمْ اَرَهٗ يَشْتِمُهَا اَحَدًا قَبْلَهٗ قَطُّ ثُمَّ قَالَ اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ اِذًا وَّاللّٰهِ اَمْنَعُهَا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جب کسی کی بیوی مسجد میں جانے کی اجازت مانگے تو اسے منع نہ کرو۔

راوی بیان کرتے ہیں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے فلاں صاحبزادے کھڑے ہوئے اور بولے اللہ کی قسم میں تو اپنی بیوی کو ضرور منع کروں گا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما اس کی طرف متوجہ ہوئے اور اسے وہ گالی دی جو میں نے انہیں کبھی کسی اور کو دیتے ہوئے نہیں سنا اور پھر بولے میں تمہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث سنا رہا ہوں اور تم یہ کہہ رہے ہو کہ اللہ کی قسم میں تو روکوں گا۔

**458**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ مَعْرُوفٍ عَنْ اَبِي الْمُخَارِقِ قَالَ ذَكَرَ عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنْ دِرْهَمَيْنِ بِدِرْهَمٍ فَقَالَ فُلَانٌ مَا اَرٰى بِهٰذَا بَاْسًا يَدًا بِيَدٍ فَقَالَ عُبَادَةُ اَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَقُوْلُ لَا اَرٰى بِهِ بَاْسًا وَّاللّٰهِ لَا يُظِلُّنِي وَاِيَّاكَ سَقْفٌ اَبَدًا

☆☆ ابومخارق بیان کرتے ہیں حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے یہ بات بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک درہم کے عوض میں دو درہموں کے لین دین سے منع کیا ہے تو ایک شخص نے کہا میرے خیال میں اگر یہ دست بدست لین دین ہو تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ حضرت عبادہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا میں نے یہ بیان کیا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے اور تم یہ کہہ رہے ہو کہ میرے خیال میں اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ اللہ کی قسم آج کے بعد میں اور تم کبھی بھی ایک چھت کے نیچے اکٹھے نہیں ہوں گے۔

---

حدیث **457**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **4940**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **442**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **507**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **570**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **4556**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **2213**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **1677**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **755**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **785**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **5149**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **5426**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **13471**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **1892**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **612**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء — **1181**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ — **7608**

حدیث **458**: ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **6034**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **861**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **0274**

**459**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ عَنْ زَمْعَةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَطْرُقُوا النِّسَاءَ لَيْلًا قَالَ وَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَافِلًا فَانْسَاقَ رَجُلَانِ اِلٰى اَهْلَيْهِمَا فَكِلَاهُمَا وَجَدَ مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (سفر سے واپسی پر شہر پہنچنے پر جب رات ہوجائے) تو رات کے وقت کوئی بھی اپنی بیوی کے پاس نہ جائے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک قافلے کی شکل میں (کسی سفر سے) تشریف لائے تھے (قافلے والوں میں سے) دولوگ اپنے گھر چلے گئے تو ان دونوں میں سے ہر ایک نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو پایا۔

**460**-اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ حَرْمَلَةَ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَدِمَ مِنْ سَفَرٍ نَزَلَ الْمُعَرَّسَ ثُمَّ قَالَ لَا تَطْرُقُوا النِّسَاءَ لَيْلًا فَخَرَجَ رَجُلَانِ مِمَّنْ سَمِعَ مَقَالَتَهٗ فَطَرَقَا اَهْلَيْهِمَا فَوَجَدَ كُلُّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا مَعَ امْرَاَتِهٖ رَجُلًا

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر سے واپس تشریف لاتے تھے تو (مدینہ منورہ سے باہر) رات کے وقت پڑاؤ کر لیتے تھے۔ ایک مرتبہ آپ نے ارشاد فرمایا کوئی بھی شخص رات کے وقت اپنی بیوی کے پاس نہ جائے جن لوگوں نے آپ کی بات سنی تھی ان میں سے دوصاحبان نکلے اور اپنے گھر چلے گئے تو ان دونوں میں ہر ایک نے اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو پایا۔

**461**-اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حَرْمَلَةَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ يُوَدِّعُهٗ بِحَجٍّ اَوْ عُمْرَةٍ فَقَالَ لَهٗ لَا تَبْرَحْ حَتّٰى تُصَلِّيَ فَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْرُجُ بَعْدَ النِّدَاءِ مِنَ الْمَسْجِدِ اِلَّا مُنَافِقٌ اِلَّا رَجُلٌ اَخْرَجَتْهُ حَاجَتُهٗ وَهُوَ يُرِيْدُ الرَّجْعَةَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَقَالَ اِنَّ اَصْحَابِيْ بِالْحَرَّةِ قَالَ فَخَرَجَ قَالَ فَلَمْ يَزَلْ سَعِيْدٌ يُوْلَعُ بِذِكْرِهٖ حَتّٰى اُخْبِرَ اَنَّهٗ وَقَعَ مِنْ رَاحِلَتِهٖ فَانْكَسَرَتْ فَخِذُهٗ

☆☆ عبدالرحمٰن بن حرملہ بیان کرتے ہیں ایک شخص سعید بن میتب کے پاس آیا جسے انہوں نے حج یا عمرے کے لیے الوداع کہنا تھا۔ سعید نے ان سے کہا تم نماز ہونے تک یہیں ٹھہرے رہو کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے اذان ہونے کے بعد مسجد سے صرف منافق باہر جاتا ہے یا وہ شخص جاتا ہے جسے کوئی کام ہو اور وہ مسجد میں واپس بھی آنے کا ارادہ رکھتا ہو وہ شخص بولا میرے ساتھی حرہ میدان میں میرا انتظار کررہے ہیں۔ راوی بیان کرتے ہیں وہ شخص چلا گیا۔ راوی بیان کرتے ہیں سعید کو اس کی طرف سے پریشانی لاحق رہی یہاں تک کہ انہیں یہ بتایا گیا کہ وہ شخص اپنی اونٹنی سے گر گیا اور اس کی ران کی ہڈی ٹوٹ گئی ہے۔

## بَابُ مَنْ كَرِهَ اَنْ يُمِلَّ النَّاسَ

## باب 41: جو شخص اس بات کو ناپسند کرے کہ وہ لوگوں کو اکتاہٹ کا شکار کرے

**462**-اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَا تُمِلُّوا النَّاسَ

حدیث **459**: "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی 'مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ / **1983**ء **11626**

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) ارشاد فرماتے ہیں لوگوں کو اکتاہٹ کا شکار نہ کرو۔

**463**-اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ عَنْ كُرْدُوْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ لِلْقُلُوْبِ نَشَاطًا وَّاِقْبَالًا وَّاِنَّ لَهَا تَوْلِيَةً وَّاِدْبَارًا فَحَدِّثُوا النَّاسَ مَا اَقْبَلُوْا عَلَيْكُمْ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) ارشاد فرماتے ہیں۔ لوگ پسند اور توجہ کے ساتھ بھی کام کرتے ہیں اور لوگ ناپسندیدگی اور عدم توجہ کے ساتھ بھی کام کرتے ہیں لہٰذا تم لوگوں کے ساتھ اس وقت تک گفتگو کرتے رہو جب تک وہ تمہاری طرف متوجہ رہیں۔

**464**-اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا اَبُو هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ كَانَ يُقَالُ حَدِّثِ الْقَوْمَ مَا اَقْبَلُوْا عَلَيْكَ بِوُجُوهِهِمْ فَاِذَا الْتَفَتُوْا فَاعْلَمْ اَنَّ لَهُمْ حَاجَاتٍ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں یہ کہا جاتا ہے لوگوں کے ساتھ اس وقت تک بات چیت کرو جب تک وہ تمہاری طرف متوجہ رہیں جب وہ ادھر ادھر متوجہ ہو جائیں تو سمجھ لو کہ انہیں کوئی کام ہے۔

## بَابُ مَنْ لَّمْ يَرَ كِتَابَةَ الْحَدِيْثِ

## باب 42: جن لوگوں کے نزدیک حدیث تحریر کرنا (مناسب نہیں ہے)

**465**-اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَكْتُبُوا عَنِّىْ شَيْئًا اِلَّا الْقُرْاٰنَ فَمَنْ كَتَبَ عَنِّىْ شَيْئًا غَيْرَ الْقُرْاٰنِ فَلْيَمْحُهُ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے میرے حوالے سے قرآن کے علاوہ اور کوئی بات نہ لکھا کرو جس شخص نے قرآن کے علاوہ میرے حوالے سے کوئی بات لکھی ہو تو وہ اسے مٹا دے۔

**466**-اَخْبَرَنَا اَبُو مَعْمَرٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُمُ اسْتَاْذَنُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اَنْ يَّكْتُبُوا عَنْهُ فَلَمْ يَاْذَنْ لَهُمْ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ وہ آپ کے فرامین لکھ لیں کریں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت نہیں دی۔

**467**-اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ يَا شِبَاكُ اَرُدُّ عَلَيْكَ يَعْنِى الْحَدِيْثَ مَا اَرَدْتُ اَنْ يُّرَدَّ عَلَيَّ حَدِيْثٌ قَطُّ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں اے شباک میں تمہیں حدیث دوبارہ بیان کر دیتا ہوں۔ حالانکہ میرا یہ ارادہ کبھی نہیں ہو

---

حدیث **465**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11100**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **64**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1990**ء **437**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **8008**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **1288**

کہ میرے سامنے کوئی حدیث دوبارہ بیان کی جائے۔

**468**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِی خَلَفٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ مَهْدِیٍّ یَقُوْلُ سَمِعْتُ مَالِكَ بْنَ اَنَسٍ یَقُوْلُ جَآءَ الزُّهْرِیُّ بِحَدِیْثٍ فَلَقِیْتُهُ فِیْ بَعْضِ الطَّرِیْقِ فَاَخَذْتُ بِلِجَامِهٖ فَقُلْتُ یَا اَبَا بَكْرٍ اَعِدْ عَلَیَّ الْحَدِیْثَ الَّذِیْ حَدَّثْتَنَا بِهٖ قَالَ وَتَسْتَعِیْدُ الْحَدِیْثَ قَالَ قُلْتُ وَمَا كُنْتَ تَسْتَعِیْدُ الْحَدِیْثَ قَالَ لَا قُلْتُ وَلَا تَكْتُبُ قَالَ لَا

☆☆ مالک بن انس ارشاد فرماتے ہیں ایک مرتبہ امام زہری رحمۃ اللہ علیہ کو ایک حدیث کا پتا چلا میرا ان سے راستے میں سامنا ہوا میں نے ان کی سواری کی لگام پکڑی اور درخواست کی اے ابوبکر! آپ نے ہمارے سامنے جو فلاں حدیث بیان کی تھی اسے میرے سامنے دہرادیں۔ زہری نے دریافت کیا کیا تم حدیث دوبارہ سننا چاہتے ہو میں نے دریافت کیا آپ دوبارہ حدیث نہیں سناتے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں میں نے دریافت کیا آپ اسے لکھتے بھی نہیں ہے۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔

**469**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِیْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ قَالَ كَانَ قَتَادَةُ یَكْرَهُ الْكِتَابَةَ فَاِذَا سَمِعَ وَقْعَ الْكِتَابِ اَنْكَرَهُ وَالْتَمَسَهُ بِیَدِهٖ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ قتادہ حدیث تحریر کرنے کو ناپسند کرتے تھے جب انہیں بعض تحریرات کے بارے میں پتا چلا تو انہوں نے اس کا انکار کیا اور اسے اپنے ہاتھ سے مٹا دیا۔

**470**-اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِیْرَةِ قَالَ كَانَ الْاَوْزَاعِیُّ یَكْرَهُهُ

☆☆ ابومغیرہ بیان کرتے ہیں امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے۔

**471**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ اَنَّ اِبْرَاهِیْمَ كَانَ یَكْرَهُ الْكِتَابَ یَعْنِی الْعِلْمَ

☆☆ منصور بیان کرتے ہیں ابراہیم نخعی علمی باتیں تحریر کرنے کو ناپسند کرتے تھے۔

**472**-اَخْبَرَنَا یُوْسُفُ بْنُ مُوْسٰی اَخْبَرَنَا اَزْهَرُ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا كِتَابًا لَاتَّخَذْتُ رَسَائِلَ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں اگر میں نے کوئی بات تحریر کرنا ہوتی تو میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے رسائل (خطوط) تحریر کرتا۔

**473**-اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ رَاَیْتُ حَمَّادًا یَكْتُبُ عِنْدَ اِبْرَاهِیْمَ فَقَالَ لَهٗ اِبْرَاهِیْمُ اَلَمْ اَنْهَكَ قَالَ اِنَّمَا هِیَ اَطْرَافٌ

☆☆ ابن عون بیان کرتے ہیں میں نے حماد کو دیکھا کہ وہ ابراہیم کی موجودگی میں کوئی بات نوٹ کر رہے تھے ابراہیم نے ان سے کہا میں نے تمہیں منع نہیں کیا انہوں نے جواب دیا: میں یہ حاشیہ لکھ رہا ہوں۔

**474**-اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِیْسَ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ قَالَ لِیْ عَبِیْدَةُ لَا تُخَلِّدَنَّ عَلَیَّ كِتَابًا

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں عبیدہ نے مجھ سے کہا میرے پاس تحریر لے کے کبھی نہ آنا۔

**474**-اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ قَالَ مَا كَتَبْتُ عَنْ مُحَمَّدٍ اِلَّا حَدِیْثَ الْاَعْمَاقِ فَلَمَّا حَفِظْتُهٗ مَحَوْتُهٗ

☆☆ ہشام بیان کرتے ہیں میں نے محمد نامی راوی کے حوالے سے صرف ''اعماق'' والی حدیث تحریر کی ہے جب وہ مجھے یاد ہو گئی تو میں نے اسے بھی مٹا دیا تھا۔

**475**-اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ يَقُوْلُ مَا كَتَبْتُ حَدِيْثًا قَطُّ

☆☆ سعید بن عبدالعزیز ارشاد فرماتے ہیں۔ میں نے کبھی کوئی حدیث تحریر نہیں کی۔

**476**-اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ مَا كَتَبْتُ شَيْئًا قَطُّ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں میں نے کبھی کوئی بات تحریر نہیں کی۔

**477**-اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ رَجَاءٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَاَلْتُ عَبِيْدَةَ قِطْعَةَ جِلْدٍ اَكْتُبُ فِيْهِ فَقَالَ يَا اِبْرَاهِيْمُ لَا تُخَلِّدَنَّ عَنِّيْ كِتَابًا

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں میں نے عبیدہ سے کھال کے ایسے ٹکڑے کے بارے میں دریافت کیا جس پر میں کوئی چیز نوٹ کرلوں تو انہوں نے جواب دیا: اے ابراہیم کبھی بھی میرے حوالے سے کوئی بات نوٹ نہیں کرنا۔

**478**-اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبِيْدَةَ مِثْلَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**479**-اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ عَتِيْكٍ عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يُكْتَبَ الْحَدِيْثُ فِي الْكَرَارِيْسِ وَيَقُوْلُ يُشَبَّهُ بِالْمَصَاحِفِ

☆☆ ابومعشر بیان کرتے ہیں حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ رجسٹر میں کوئی حدیث نوٹ کی جائے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ اسطرح یہ قرآن مجید کی مشابہت اختیار کر جاتی ہے۔

**480**-قَالَ يَحْيٰى وَوَجَدْتُ فِيْ كِتَابِيْ عَنْ زِيَادٍ الْكَاتِبِ عَنْ اَبِيْ مَعْشَرٍ وَاكْتُبْ كَيْفَ شِئْتَ

☆☆ یحییٰ ارشاد فرماتے ہیں میں نے اپنی تحریر میں زیادہ کاتب کے حوالے سے ابومعشر کا یہ بیان نقل کیا ہے کہ تم جو چاہو اسے نوٹ کر سکتے ہو۔

**481**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ نُعْمَانَ بْنِ قَيْسٍ اَنَّ عَبِيْدَةَ دَعَا بِكُتُبِهٖ فَمَحَاهَا عِنْدَ الْمَوْتِ وَقَالَ اِنِّيْ اَخَافُ اَنْ يَّلِيَهَا قَوْمٌ فَلَا يَضَعُوْنَهَا مَوَاضِعَهَا

☆☆ ان بن قیس بیان کرتے ہیں عبیدہ نے اپنی تحریرات منگوائیں اور مرتے وقت انہیں مٹا دیا اور یہ کہا مجھے یہ اندیشہ ہے کہ لوگ انہیں حاصل کریں گے تو انہیں درست جگہ استعمال نہیں کریں گے۔

**482**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ وَزَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ زِيَادٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ اَنَّهُ كَرِهَ اَنْ يُكْتَبَ الْعِلْمُ فِي الْكَرَارِيْسِ

☆☆ لیث بیان کرتے ہیں مجاہد اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ علمی باتوں کو رجسٹر میں نوٹ کیا جائے۔

**483**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ مَا زَالَ هٰذَا الْعِلْمُ عَزِيْزًا

يَتَلَقَّاهُ الرِّجَالُ حَتّٰى وَقَعَ فِي الصُّحُفِ فَحَمَلَهُ أَوْ دَخَلَ فِيهِ غَيْرُ أَهْلِهِ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں یہ علم اس وقت تک قابل احترام رہا اور لوگ اسے حاصل کرتے رہے یہاں تک کہ جب اسے رجسٹروں میں نوٹ کیا جانے لگا تو اسے ان لوگوں نے بھی حاصل کرنا شروع کر دیا جو اس کے اہل نہیں تھے۔

**484**- أَخْبَرَنَا يُوسُفُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا أَبُو دَاوُدَ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يُونُسَ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ يَكْتُبُ وَيُكْتِبُ وَكَانَ ابْنُ سِيرِينَ لَا يَكْتُبُ وَلَا يُكْتِبُ

☆☆ یونس بیان کرتے ہیں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ حدیث نوٹ کرلیا کرتے تھے اور نوٹ کروا بھی دیا کرتے تھے جبکہ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نہ خود نوٹ کرتے تھے اور نہ نوٹ کروایا کرتے تھے۔

**485**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ أَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ قَالَ بَلَغَ ابْنَ مَسْعُودٍ أَنَّ عِنْدَ نَاسٍ كِتَابًا يُعْجَبُونَ بِهِ فَلَمْ يَزَلْ بِهِمْ حَتّٰى أَتَوْهُ بِهِ فَمَحَاهُ ثُمَّ قَالَ إِنَّمَا هَلَكَ أَهْلُ الْكِتَابِ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ أَقْبَلُوا عَلٰى كُتُبِ عُلَمَائِهِمْ وَتَرَكُوا كِتَابَ رَبِّهِمْ

☆☆ ابراہیم تیمی بیان کرتے ہیں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کو یہ پتا چلا کہ کچھ لوگوں کے پاس ایک تحریر ہے جسے وہ بہت پسند کرتے ہیں۔ حضرت ابو مسعود رضی اللہ عنہ ان کے پاس تشریف لائے اسے مٹا دیا اور ارشاد فرمایا تم سے پہلے اہل کتاب اسی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے تھے کہ انہوں نے اپنے علماء کی کتابوں کو پڑھنا شروع کر دیا تھا اور اپنے پروردگار کی کتاب کو ترک کر دیا تھا۔

**486**- أَخْبَرَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ قُلْتُ لِعَبِيدَةَ أَكْتُبُ مَا أَسْمَعُ مِنْكَ قَالَ لَا قُلْتُ فَإِنْ وَجَدْتُ كِتَابًا أَقْرَؤُهُ قَالَ لَا

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں میں نے عبیدہ سے کہا آپ سے میں جو بات سنتا ہوں اسے نوٹ کرلیا کروں۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ میں نے کہا اگر مجھے کوئی تحریر مل جائے تو میں اسے پڑھ لیا کروں۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔

**487**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ قَالَ قُلْتُ لِأَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ أَلَا تُكْتِبُنَا فَإِنَّا لَا نَحْفَظُ فَقَالَ لَا إِنَّا لَنْ نُكْتِبَكُمْ وَلَنْ نَجْعَلَهُ قُرْآنًا وَلٰكِنِ احْفَظُوا عَنَّا كَمَا حَفِظْنَا نَحْنُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ ابونضرہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے کہا: کیا ہم آپ کے حوالے سے احادیث نوٹ نہ کرلیا کریں کیونکہ ہمیں بات یاد نہیں رہتی انہوں نے جواب دیا: نہیں ہم تمہیں ہرگز نوٹ نہیں کرائیں گے۔ اور ہم ان تحریرات کو قرآن جیسا نہیں بنائیں گے بلکہ تم ہمارے حوالے سے احادیث اسی طرح یاد کیا کرو جیسے ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سن کر یاد رکھتے تھے۔

**488**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا كَثِيرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ إِنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ لَا يَكْتُبُ وَلَا يُكْتِبُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نہ خود نوٹ کرتا ہے اور نہ کسی کو نوٹ کرواتا ہے۔

**489**- أَخْبَرَنَا أَسَدُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ أَبِي مُوسٰى عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ أَبِي بُرْدَةَ أَنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ حَدِيثَ أَبِيهِ فَرَآهُ أَبُو مُوسٰى فَمَحَاهُ

☆☆ حضرت ابو بردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں وہ پہلے اپنے والد کے حوالے سے احادیث نوٹ کرلیا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ حضرت ابوموسیٰ علیہ السلام نے اسے دیکھ لیا تو اسے مٹا دیا۔

**490**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنِي قُرَيْشُ بْنُ اَنَسٍ قَالَ قَالَ لِي ابْنُ عَوْنٍ وَّاللّٰهِ مَا كَتَبْتُ حَدِيْثًا قَطُّ

☆☆ قریش بن انس بیان کرتے ہیں ابن عون نے مجھ سے کہا اللہ کی قسم! میں نے کبھی کوئی حدیث نوٹ نہیں کی۔

**491**- قَالَ ابْنُ عَوْنٍ قَالَ ابْنُ سِيْرِيْنَ لَا وَاللّٰهِ مَا كَتَبْتُ حَدِيْثًا قَطُّ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ قَالَ لِي ابْنُ سِيْرِيْنَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَرَادَنِي مَرْوَانُ ابْنُ الْحَكَمِ وَهُوَ اَمِيْرٌ عَلَى الْمَدِيْنَةِ اَنْ اُكْتِبَهُ شَيْئًا قَالَ فَلَمْ اَفْعَلْ قَالَ فَجَعَلَ سِتْرًا بَيْنَ مَجْلِسِهِ وَبَيْنَ بَقِيَّةِ دَارِهِ قَالَ فَكَانَ اَصْحَابُهُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِ وَيَتَحَدَّثُوْنَ فِي ذٰلِكَ الْمَوْضِعِ فَاَقْبَلَ مَرْوَانُ عَلٰى اَصْحَابِهِ فَقَالَ مَا اُرَانَا اِلَّا قَدْ خُنَّاهُ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ قَالَ قُلْتُ وَمَا ذَاكَ قَالَ مَا اُرَانَا اِلَّا قَدْ خُنَّاكَ قَالَ قُلْتُ وَمَا ذَاكَ قَالَ اِنَّا اَمَرْنَا رَجُلًا يَقْعُدُ خَلْفَ هٰذَا السِّتْرِ فَيَكْتُبُ مَا تُفْتِيْ هٰؤُلَاءِ وَمَا تَقُوْلُ

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ اللہ کی قسم میں نے بھی کبھی کوئی حدیث نوٹ نہیں کی۔

ابن عون بیان کرتے ہیں۔ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ نے مجھ سے کہا حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مروان بن حکم مدینے کا گورنر تھا اس نے یہ چاہا کہ میں اسے کوئی چیز نوٹ کروادوں۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ایسا نہیں کیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں پھر اس نے اپنی محفل اور گھر کے بقیہ حصے کے درمیان ایک پردہ ڈلوادیا۔ حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں لوگ اس کے پاس آیا کرتے تھے اور اس جگہ پر بیٹھ کر باتیں کیا کرتے تھے۔ ایک دن مروان نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔ میرا یہ خیال ہے کہ ہم نے آپ کے ساتھ بے ایمانی کی ہے۔ میں نے دریافت کیا وہ کیا اس نے کہا میں نے ایک شخص کو یہ ہدایت کی تھی کہ وہ اس پردے کے دوسری طرف بیٹھ جایا کرے اور آپ جو فتویٰ دیتے ہیں اور جو بیان کرتے ہیں اُسے نوٹ کرلیا کرے۔

**492**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ قُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ اِنَّ سَالِمًا اَتَمُّ مِنْكَ حَدِيْثًا قَالَ اِنَّ سَالِمًا كَانَ يَكْتُبُ

☆☆ منصور بیان کرتے ہیں میں نے ابراہیم سے کہا سالم آپ کے مقابلے میں زیادہ مکمل حدیث بیان کرتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا سالم حدیث کو نوٹ کرلیا کرتے تھے۔

**493**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِمْصِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ قَالَ وَفَدْتُ مَعَ اَبِي اِلَى يَزِيْدَ ابْنِ مُعَاوِيَةَ بِحُوَّارِيْنَ حِيْنَ تُوُفِّيَ مُعَاوِيَةُ نُعَزِّيْهِ وَنُهَنِّيْهِ بِالْخِلَافَةِ فَاِذَا رَجُلٌ فِي مَسْجِدِهَا يَقُوْلُ اَلَا اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ تُرْفَعَ الْاَشْرَارُ وَتُوْضَعَ الْاَخْيَارُ اَلَا اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ يَظْهَرَ الْقَوْلُ وَيُخْزَنَ الْعَمَلُ اَلَا اِنَّ مِنْ اَشْرَاطِ السَّاعَةِ اَنْ تُتْلَى الْمَثْنَاةُ فَلَا يُوْجَدُ مَنْ يُغَيِّرُهَا قِيْلَ لَهُ وَمَا الْمَثْنَاةُ قَالَ مَا اسْتُكْتِبَ مِنْ كِتَابٍ غَيْرِ الْقُرْاٰنِ فَعَلَيْكُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَبِهِ هُدِيْتُمْ وَبِهِ تُجْزَوْنَ وَعَنْهُ تُسْاَلُوْنَ فَلَمْ اَدْرِ مَنِ الرَّجُلُ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ بَعْدَ ذٰلِكَ بِحِمْصَ فَقَالَ لِي رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ اَوَ مَا تَعْرِفُهُ قُلْتُ لَا قَالَ ذٰلِكَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو

☆☆ عمرو بن قیس بیان کرتے ہیں میں اپنے والد کے ہمراہ وفد کی شکل میں یزید بن معاویہ کی خدمت میں حوارین میں حاضر ہوا۔ یہ اس وقت کی بات ہے جب حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تھا۔ ہم نے یزید سے تعزیت کرنی تھی اور اسے خلافت

مبارکباد دیتی تھی۔ ہم نے دیکھا کہ ایک شخص مسجد میں یہ کہہ رہا ہے:

خبردار! قیامت کی نشانیوں میں ایک یہ بات بھی ہے کہ برے لوگوں کو چڑھا دیا جائے گا اور نیک لوگوں کو اٹھالیا جائے گا۔

خبردار! قیامت کی نشانیوں میں ایک یہ بات بھی ہے کہ باتیں کی جائیں گی اور عمل ترک کر دیا جائے گا۔

خبردار! قیامت کی نشانیوں میں ایک یہ بات بھی ہے کہ 'مثنات'' کو پڑھا جائے گا اور کوئی ایسا شخص نہیں ملے گا جو اسے مٹادے۔

ان سے دریافت کیا گیا ''مثنات'' سے مراد کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: وہ چیز جو قرآن کے علاوہ ہو اور اسے نوٹ کیا جائے تمہارے اوپر لازم ہے کہ تم قرآن کو اختیار کرو اور اس کے ذریعے ہی تمہیں ہدایت ملے گی' اسی کے ذریعے تمہیں بدلہ ملے گا اور اسی کے حوالے سے تم سے حساب لیا جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں' مجھے نہیں پتا چلا کہ وہ کون صاحب ہیں۔ میں نے حمص میں یہ حدیث بیان کی تو حاضرین میں سے ایک شخص نے مجھ سے دریافت کیا۔ کیا تم نے انہیں پہچانا نہیں۔ میں نے جواب دیا: نہیں اس شخص نے بتایا وہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ تھے۔

**494**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُبَيْدٍ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ مُّرَّةَ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ جَآءَ اَبُوْ قُرَّةَ الْكِنْدِيُّ بِكِتَابٍ مِّنَ الشَّامِ فَحَمَلَهُ فَدَفَعَهُ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَنَظَرَ فِيْهِ فَدَعَا بِطَسْتٍ ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ فَمَرَسَهُ فِيْهِ وَقَالَ اِنَّمَا هَلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ بِاتِّبَاعِهِمُ الْكُتُبَ وَتَرْكِهِمْ كِتَابَهُمْ قَالَ حُصَيْنٌ فَقَالَ مُرَّةُ اَمَا اِنَّهُ لَوْ كَانَ مِنَ الْقُرْاٰنِ اَوِ السُّنَّةِ لَمْ يَمْحُهُ وَلٰكِنْ كَانَ مِنْ كُتُبِ اَهْلِ الْكِتَابِ

☆☆ مرہ ہمدانی بیان کرتے ہیں ابوقرہ کندی شام سے ایک تحریر لے کر آئے اور اسے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اسکا جائزہ لے کر ایک طشت منگوایا پھر آپ نے پانی منگوایا اور اسے اس پانی میں دھو دیا اور ارشاد فرمایا تم سے پہلے کے لوگ اسی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے کہ انہوں نے اس طرح کی کتابوں کی پیروی شروع کر دی تھی اور اللہ کی طرف سے ان کے اوپر جو کتاب نازل ہوئی اسے چھوڑ دیا تھا۔

حسین نامی راوی بیان کرتے ہیں مرہ فرماتے ہیں اگر اس میں قرآن یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث سے متعلق کوئی چیز نہ ہوتی تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اسے ہرگز نہ مٹاتے' اس میں اہل کتاب سے متعلق کوئی چیز ہوگی۔

**495**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ يَحْيَى بْنِ جَعْدَةَ قَالَ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِكَتِفٍ فِيْهِ كِتَابٌ فَقَالَ كَفٰى بِقَوْمٍ ضَلَالًا اَنْ يَّرْغَبُوْا عَمَّا جَآءَ بِهٖ نَبِيُّهُمْ اِلٰى مَا جَآءَ بِهٖ نَبِيٌّ غَيْرُ نَبِيِّهِمْ اَوْ كِتَابٌ غَيْرُ كِتَابِهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (اَوَ لَمْ يَكْفِهِمْ اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتَابَ) يُتْلٰى عَلَيْهِمْ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ .

☆☆ یحییٰ بن جعدہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں (کسی جانور کے) کندھے کی ہڈی پیش کی گئی جس میں کوئی بات تحریر تھی تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' کسی بھی قوم کے گمراہ ہونے کے لیے اتنا ہی کافی ہے کہ ان کا نبی ان کے پاس جو چیز لایا ہو وہ اسے چھوڑ کر اس کی طرف متوجہ ہو جائیں جو کوئی دوسرا نبی لایا تھا یا وہ اپنی کتاب کے بجائے کسی دوسری کتاب کی طرف متوجہ ہو جائیں۔

(راوی بیان کرتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''کیا ان لوگوں کے لیے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے تمہارے اوپر کتاب نازل کی ہے جس کی ان لوگوں کے سامنے تلاوت کی جاتی

ہے۔ بے شک اس میں رحمت ہے اور نصیحت ہے اس قوم کے لئے جو ایمان رکھتی ہو''۔

**496**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنْ اَبِيهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ مَعَ رَجُلٍ صَحِيفَةً فِيهَا سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ فَقُلْتُ اَنْسِخْنِيهَا فَكَاَنَّهُ بَخِلَ بِهَا ثُمَّ وَعَدَنِي اَنْ يُعْطِيَنِيهَا فَاَتَيْتُ عَبْدَ اللّٰهِ فَاِذَا هِيَ بَيْنَ يَدَيْهِ فَقَالَ اِنَّ مَا فِي هٰذَا الْكِتَابِ بِدْعَةٌ وَفِتْنَةٌ وَضَلَالَةٌ وَاِنَّمَا اَهْلَكَ مَنْ كَانَ قَبْلَكُمْ هٰذَا وَاَشْبَاهُ هٰذَا اِنَّهُمْ كَتَبُوهَا فَاسْتَلَذَّتْهَا اَلْسِنَتُهُمْ وَاُشْرِبَتْهَا قُلُوبُهُمْ فَاَعْزِمُ عَلٰى كُلِّ امْرِئٍ يَعْلَمُ بِمَكَانِ كِتَابٍ اِلَّا دَلَّ عَلَيْهِ وَاُقْسِمُ بِاللّٰهِ قَالَ شُعْبَةُ فَاَقْسَمَ بِاللّٰهِ قَالَ اَحْسَبُهُ اَقْسَمَ لَوْ اَنَّهَا ذُكِرَتْ لَهُ بِدَيْرِ الْهِنْدِ اُرَاهُ يَعْنِي مَكَانًا بِالْكُوفَةِ بَعِيدًا لَاَتَيْتُهُ وَلَوْ مَشْيًا

☆☆ اشعث اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں میں سے ایک تھے۔ وہ بیان کرتے ہیں میں نے ایک شخص کے پاس ایک صحیفہ دیکھا جس میں سبحان اللہ الحمد للہ لا الہ الا اللہ اللہ اکبر تحریر تھا۔ میں نے اس سے کہا تم مجھے اس کا ایک نسخہ تیار کر دو (یعنی اس کی کاپی کر دو) اس نے اس بارے میں کنجوسی کا مظاہرہ کیا اور مجھ سے وعدہ کیا کہ وہ پھر کسی وقت کر دے گا۔ میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو وہ تحریر ان کے سامنے موجود تھی۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا اس کتاب میں جو کچھ بھی موجود ہے۔ یہ بدعت ہے۔ آزمائش ہے اور گمراہی ہے۔ تم سے پہلے کے لوگ اسی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے کہ وہ اس طرح کی باتیں لکھ لیا کرتے تھے۔ ان کی زبانیں ان سے مانوس ہو جاتی تھیں ان کے دل ان کی طرف مائل ہو جاتے تھے۔ میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ ہر وہ شخص جس کو ایسی کسی تحریر کا علم ہو وہ اس کی طرف رہنمائی کرے اور میں اللہ کی قسم دیتا ہوں۔

شعبہ نامی راوی بیان کرتے ہیں میں نے دریافت کیا۔ کیا انہوں نے اللہ کی قسم دی تھی۔ انہوں نے جواب دیا: میرا خیال ہے کہ انہوں نے قسم دی تھی۔ اگر ان کے سامنے یہ بات بیان کی جاتی کہ ''دیر ہند'' میں وہ تحریر موجود ہے جو کوفہ کا ایک دور دراز کا مقام ہے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ وہاں بھی پہنچ جاتے خواہ انہیں پیدل چل کے جانا پڑتا۔

**497**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِي مُوسٰى اَنَّ بَنِي اِسْرَائِيلَ كَتَبُوا كِتَابًا فَتَبِعُوهُ وَتَرَكُوا التَّوْرَاةَ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں بنی اسرائیل نے خود ایک کتاب لکھی اور اس کی پیروی کرنی شروع کر دی اور پھر تورات کو ترک کر دیا۔

**498**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ عُثْمَانَ اَبِي الْمُغِيرَةِ عَنْ عَفَّاقٍ الْمُحَارِبِيِّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ مَسْعُودٍ يَقُولُ اِنَّ نَاسًا يَسْمَعُونَ كَلَامِي ثُمَّ يَنْطَلِقُونَ فَيَكْتُبُونَهُ وَاِنِّي لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَكْتُبَ اِلَّا كِتَابَ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں لوگ مجھ سے کوئی بات سن کر چلے جاتے ہیں اور پھر اسے نوٹ کر لیتے ہیں میں کسی شخص کے لیے یہ بات جائز قرار نہیں دیتا کہ وہ اللہ کی کتاب کے علاوہ کسی اور بات کو نوٹ کرے۔

**499**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ مَا كَتَبْتُ سَوْدَاءَ فِي بَيْضَاءَ وَلَا اسْتَعَدْتُ حَدِيثًا مِنْ اِنْسَانٍ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ ارشاد فرماتے ہیں۔ میں سفید کاغذ پر سیاہی کے ساتھ کچھ نہیں نوٹ کرتا اور نہ ہی میں کسی شخص کے سامنے

کوئی حدیث دوبارہ بیان کرتا ہوں۔

## بَابُ مَنْ رَخَّصَ فِيْ كِتَابَةِ الْعِلْمِ

## باب 43: جن حضرات نے علم کو نوٹ کرنے کی رخصت دی ہے

**500**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَخِيْهِ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ لَيْسَ اَحَدٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرَ حَدِيْثًا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّيْ اِلَّا مَا كَانَ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو فَاِنَّهُ كَانَ يَكْتُبُ وَلَا اَكْتُبُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں مجھ سے زیادہ حدیث صرف حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے روایت کی ہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ وہ نوٹ کرلیا کرتے تھے اور میں نوٹ نہیں کرتا تھا۔

**501**- اَخْبَرَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَخْنَسِ قَالَ حَدَّثَنِي الْوَلِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ كُنْتُ اَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ اَسْمَعُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرِيْدُ حِفْظَهُ فَنَهَتْنِيْ قُرَيْشٌ وَقَالُوْا تَكْتُبُ كُلَّ شَيْءٍ سَمِعْتَهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَشَرٌ يَتَكَلَّمُ فِي الْغَضَبِ وَالرِّضَا فَاَمْسَكْتُ عَنِ الْكِتَابِ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَوْمَا بِاِصْبَعِهِ اِلٰى فِيْهِ وَقَالَ اكْتُبْ فَوَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ مَا خَرَجَ مِنْهُ اِلَّا حَقٌّ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں۔ پہلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی جو بھی بات سنتا تھا اسے نوٹ کرلیتا تھا۔ میرا ارادہ یہ ہوتا تھا کہ میں اسے یاد کروں گا۔ قریش نے مجھے اس بات سے منع کیا اور یہ بات کہی تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی ہر بات نوٹ کرلیتے ہو جبکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ایک انسان ہیں۔ آپ کسی وقت غصے کے عالم میں اور کسی وقت خوشی کے عالم میں کوئی بات ارشاد فرماسکتے ہیں تو میں نوٹ کرنے سے رک گیا پھر میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی مبارک انگلی کے ذریعے اپنے مبارک منہ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا تم نوٹ کرسکتے ہو اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اس (یعنی میرے منہ میں سے) حق کے علاوہ اور کوئی چیز نہیں نکلتی۔

**502**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِيْ خَالِدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ الْوَاحِدِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُخْبِرٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّهُ اَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَرْوِيَ مِنْ حَدِيْثِكَ فَاَرَدْتُ اَنْ اَسْتَعِيْنَ بِكِتَابِ يَدِيْ مَعَ قَلْبِيْ اِنْ رَاَيْتَ ذٰلِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ

حدیث **501**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3646**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **6802**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1990**ء **358**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر **1415**ھ **1553**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **26428**

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِنْ کَانَ قَالَہٗ ع حَدِیْثِی ثُمَّ اسْتَعِنْ بِیَدِکَ مَعَ قَلْبِکَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ میں یہ چاہتا ہوں کہ میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث روایت کروں میں نے یہ ارادہ کیا ہے کہ میں اس بارے میں اپنی یادداشت کے ہمراہ اپنی تحریرات سے بھی مدد حاصل کروں۔ اگر آپ مناسب سمجھیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم میری حدیث کو محفوظ کرو اور اس بارے میں اپنے ذہن کے ہمراہ اپنے ہاتھ سے بھی مدد حاصل کرو۔

**503**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اَیُّوبَ عَنْ اَبِیْ قَبِیْلٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰہِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ بَیْنَمَا نَحْنُ حَوْلَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَکْتُبُ اِذْ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَیُّ الْمَدِیْنَتَیْنِ تُفْتَحُ اَوَّلًا قُسْطَنْطِیْنِیَّۃُ اَوْ رُوْمِیَّۃُ فَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ لَا بَلْ مَدِیْنَۃُ ہِرَقْلَ اَوَّلًا

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس بیٹھے ہوئے تھے اور کچھ نوٹ کر رہے تھے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کون سا شہر پہلے فتح ہوگا۔ قسطنطنیہ یا رومیہ؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نہیں ہرقل کا شہر پہلے فتح ہوگا۔

**504**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اِبْرَاہِیْمَ اَبُوْ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِیْ ضَمْرَۃَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ قَالَ کَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ اِلٰی اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنِ اکْتُبْ اِلَیَّ بِمَا ثَبَتَ عِنْدَکَ مِنَ الْحَدِیْثِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَبِحَدِیْثِ عَمْرَۃَ فَاِنِّیْ قَدْ خَشِیْتُ دُرُوْسَ الْعِلْمِ وَذَھَابَہٗ

☆☆ حضرت عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ابوبکر بن محمد کو خط میں یہ لکھا آپ کے نزدیک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی جو مستند احادیث ہیں۔ آپ وہ لکھ کر میرے پاس بھجوائیں اور عمرہ کی احادیث بھی بھجوائیں کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ علم رخصت ہو جائے گا۔

**505**- حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ دِیْنَارٍ قَالَ کَتَبَ عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِیْزِ اِلٰی اَھْلِ الْمَدِیْنَۃِ اَنِ انْظُرُوْا حَدِیْثَ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاکْتُبُوْہُ فَاِنِّیْ قَدْ خِفْتُ دُرُوْسَ الْعِلْمِ وَذَھَابَ اَھْلِہٖ

☆☆ حضرت عبداللہ بن دینار رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے اہل مدینہ کو خط میں یہ لکھا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث تلاش کر کے انہیں نوٹ کر لو کیونکہ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ علم رخصت ہو جائے گا اور اہل علم بھی رخصت ہو جائیں گے۔

حدیث **503**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **6645**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **8301**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **623**

''مصنف ابن ابی شیبہ' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **9463**

**506**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي الْمَلِيحِ قَالَ يَعِيبُونَ عَلَيْنَا الْكِتَابَ وَقَدْ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (عِلْمُهَا عِنْدَ رَبِّي فِي كِتَابٍ)

☆☆ ابوملیح بیان کرتے ہیں لوگ ہمارے اوپر تحریری طور پر محفوظ کرنے کی وجہ سے عیب لگاتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:

''اس کا علم میرے پروردگار کے ہاں تحریر میں محفوظ ہے''۔

**507**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا سَوَادَةُ بْنُ حَيَّانَ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ اَبَا اِيَاسٍ يَقُولُ كَانَ يُقَالُ مَنْ لَّمْ يَكْتُبْ عِلْمَهُ لَمْ يُعَدَّ عِلْمُهُ عِلْمًا

☆☆ سوادہ بن حیان بیان کرتے ہیں میں نے معاویہ بن قرہ کو ابوایاس سے یہ کہتے ہوئے سنا ہے' جو شخص اپنے علم کو نوٹ نہیں کرتا اس کے علم کو علم شمار نہیں کیا جاتا۔

**508**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُثَنّٰى حَدَّثَنِي ثُمَامَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّ اَنَسًا كَانَ يَقُولُ لِبَنِيهِ يَا بَنِيَّ قَيِّدُوا هٰذَا الْعِلْمَ

☆☆ ثمامہ بن عبداللہ بیان کرتے ہیں حضرت انس رضی اللہ عنہ نے اپنے بیٹے سے یہ کہا تھا اے میرے بیٹے! اس علم کو (تحریر کے ذریعے) قید کرلو۔

**509**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ عَنْ مَهْدِيِّ بْنِ مَيْمُونٍ عَنْ سَلْمٍ الْعَلَوِيِّ قَالَ رَاَيْتُ اَبَانَ يَكْتُبُ عِنْدَ اَنَسٍ فِي سَبُّورَةٍ

☆☆ حضرت سلمہ علوی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے ابان کو حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے منقول روایات کو ایک تختے پر نوٹ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

**510**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ جَابِرٍ اَنَّهُ سَاَلَ اَبَا اُمَامَةَ الْبَاهِلِيَّ عَنْ كِتَابِ الْعِلْمِ فَقَالَ لَا بَاْسَ بِذٰلِكَ

☆☆ حسن بن جابر ارشاد فرماتے ہیں کہ انہوں نے حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ سے علم کو نوٹ کرنے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**511**- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ حَدَّثَنَا عِمْرَانُ بْنُ حُدَيْرٍ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ عَنْ بَشِيرِ بْنِ نَهِيكٍ قَالَ كُنْتُ اَكْتُبُ مَا اَسْمَعُ مِنْ اَبِي هُرَيْرَةَ فَلَمَّا اَرَدْتُ اَنْ اُفَارِقَهُ اَتَيْتُهُ بِكِتَابِهِ فَقَرَاْتُهُ عَلَيْهِ وَقُلْتُ لَهُ هٰذَا سَمِعْتُ مِنْكَ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت بشیر بن نہیک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی زبانی جو باتیں سنتا تھا' انہیں نوٹ کرلیا کرتا تھا جب میں نے ان سے جدا ہونے کا ارادہ کیا تو میں وہ تحریر لے کر ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان احادیث کو ان کے سامنے پڑھا اور ان سے کہا یہ وہ روایات ہیں جو میں نے آپ کی زبانی سنی ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: ٹھیک ہے۔

**512**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ اَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنْ طَارِقِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كُنْتُ

اَسْمَعُ مِنِ ابْنِ عُمَرَ وَابْنِ عَبَّاسٍ الْحَدِيْثَ بِاللَّيْلِ فَاَكْتُبُهُ فِيْ وَاسِطَةِ الرَّحْلِ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں میں حضرت ابن عمر اور حضرت ابن عباس کی زبانی رات کے وقت جو احادیث سنتا تھا انہیں پالان کی لکڑی پر لکھ لیا کرتا تھا۔

**513**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَا يُرَغِّبُنِيْ فِي الْحَيَاةِ اِلَّا الصَّادِقَةُ وَالْوَهْطُ فَاَمَّا الصَّادِقَةُ فَصَحِيْفَةٌ كَتَبْتُهَا مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَمَّا الْوَهْطُ فَاَرْضٌ تَصَدَّقَ بِهَا عَمْرُو بْنُ الْعَاصِ كَانَ يَقُوْمُ عَلَيْهَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو ارشاد فرماتے ہیں مجھے زندگی میں صرف دو ہی چیزیں پسند ہیں' ایک صادقہ اور دوسری وھط۔ ''الصادقہ'' وہ صحیفہ ہے جو نبی اکرم کی احادیث پر مشتمل ہے جسے میں نے نوٹ کیا ہے اور ''وھط'' وہ زمین ہے جسے حضرت عمرو بن العاص نے صدقہ کیا تھا اور حضرت عبداللہ اس کے نگران تھے۔

**514**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ عَنْ عَمِّهِ عَمْرِو بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ اَنَّهُ سَمِعَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَيِّدُوا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب فرماتے ہیں علم کو تحریر کے ذریعے قید (محفوظ) کرلو۔

**515**- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سُفْيَانَ الثَّقَفِيُّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ قَيِّدُوْا هٰذَا الْعِلْمَ بِالْكِتَابِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر ارشاد فرماتے ہیں۔ اس علم کو تحریر کے ذریعے قید (محفوظ) کرلو۔

**516**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ حَكِيْمٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُوْلُ كُنْتُ اَسِيْرُ مَعَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ طَرِيْقِ مَكَّةَ لَيْلًا وَكَانَ يُحَدِّثُنِيْ بِالْحَدِيْثِ فَاَكْتُبُهُ فِيْ وَاسِطَةِ الرَّحْلِ حَتّٰى اُصْبِحَ فَاَكْتُبَهُ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ایک مرتبہ میں رات کے وقت حضرت عبداللہ بن عباس کے ہمراہ مکہ میں ایک راستے پر جا رہا تھا وہ مجھے حدیث بیان کر رہے تھے اور میں اسے پالان کی لکڑی پر لکھ رہا تھا یہاں تک کہ جب صبح ہوگئی تو میں نے اسے باقاعدہ طور پر نوٹ کرلیا۔

**517**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ يَعْقُوْبَ الْقُمِّيِّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ اَبِي الْمُغِيْرَةِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كُنْتُ اَكْتُبُ عِنْدَ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ صَحِيْفَةٍ وَاَكْتُبُ فِيْ نَعْلِيْ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں۔ میں حضرت ابن عباس کی موجودگی میں ایک رجسٹر میں (احادیث) لکھ لیتا تھا اور چمڑے پر بھی لکھ لیتا تھا۔

**518**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا مَنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ الْعَنَزِيُّ حَدَّثَنِيْ جَعْفَرُ بْنُ اَبِي الْمُغِيْرَةِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ كُنْتُ اَجْلِسُ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ فَاَكْتُبُ فِي الصَّحِيْفَةِ حَتّٰى تَمْتَلِئَ ثُمَّ اَقْلِبُ نَعْلَيَّ فَاَكْتُبُ فِيْ ظُهُوْرِهِمَا

☆☆ حضرت سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں: میں حضرت ابن عباس کی خدمت میں بیٹھا ہوتا تھا اور اپنے رجسٹر

احادیث نوٹ کر لیتا تھا۔ جب وہ بھر جاتا تھا تو میں چمڑے کے اوپر ان احادیث کو نوٹ کر لیتا تھا۔

**519**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا فُضَيْلٌ عَنْ عُبَيْدِ الْمُكْتِبِ قَالَ رَاَيْتُهُمْ يَكْتُبُوْنَ التَّفْسِيْرَ عِنْدَ مُجَاهِدٍ

☆☆ عبید مکتب بیان کرتے ہیں میں نے لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ مجاہد کی موجودگی میں تفسیر (کے مسائل) تحریر کیا کرتے تھے۔

**520**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ وَكِيْعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنَشٍ قَالَ رَاَيْتُهُمْ يَكْتُبُوْنَ عِنْدَ الْبَرَآءِ بِاَطْرَافِ الْقَصَبِ عَلٰى اَكُفِّهِمْ

☆☆ عبداللہ بن حنش بیان کرتے ہیں۔ میں نے لوگوں کو دیکھا ہے کہ وہ حضرت براء رضی اللہ عنہ کی موجودگی میں (احادیث) کو نوٹ کر لیا کرتے تھے۔

**521**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنِ ابْنِ اِدْرِيْسَ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ عَنْتَرَةَ عَنْ اَبِيْهِ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عَبَّاسٍ بِحَدِيْثٍ فَقُلْتُ اَكْتُبُهُ عَنْكَ قَالَ فَرَخَّصَ لِيْ وَلَمْ يَكَدْ

☆☆ ہارون بن عنترہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے میرے سامنے ایک حدیث بیان کی میں نے دریافت کیا میں اس حدیث کو آپ کے حوالے سے نوٹ کر لوں تو انہوں نے مجھے اس کی رخصت دی تاہم انہوں نے مشکل سے ایسا کیا۔

**522**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرٍ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي السَّائِبِ عَنْ رَجَاءِ بْنِ حَيْوَةَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ قَالَ كَتَبَ هِشَامُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ اِلٰى عَامِلِهِ اَنْ يَّسْاَلَنِيْ عَنْ حَدِيْثٍ قَالَ رَجَاءٌ فَكُنْتُ قَدْ نَسِيْتُهُ لَوْلَا اَنَّهُ كَانَ عِنْدِيْ مَكْتُوْبًا

☆☆ رجاء بن حیوہ بیان کرتے ہیں۔ ہشام بن عبدالملک نے اپنے گورنر کو خط میں یہ لکھا کہ وہ مجھ سے ایک حدیث دریافت کرے۔ رجاء بیان کرتے ہیں اگر وہ حدیث تحریری طور پر میرے پاس موجود نہ ہوتی تو میں تو اسے بھول چکا تھا۔

**523**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ قَالَ كَانَ يُسْاَلُ عَطَاءُ بْنُ اَبِيْ رَبَاحٍ وَيُكْتَبُ مَا يُجِيْبُ فِيْهِ بَيْنَ يَدَيْهِ

☆☆ ہشام بن غاز بیان کرتے ہیں انہوں نے عطاء بن ابی رباح سے کچھ سوالات کیے اور انہوں نے جو جوابات دیے ان کی موجودگی میں ہی ان جوابات کو نوٹ کر لیا گیا۔

**524**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبِ بْنِ شَابُوْرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ اَبِي السَّائِبِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى اَنَّهُ رَاٰى نَافِعًا مَوْلَى ابْنِ عُمَرَ يُمْلِيْ عِلْمَهُ وَيُكْتَبُ بَيْنَ يَدَيْهِ

☆☆ سلیمان بن موسیٰ بیان کرتے ہیں انہوں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام نافع کو دیکھا ہے کہ وہ اپنے علمی نکات املاء کروایا کرتے تھے اور لوگ ان کی موجودگی میں انہیں نوٹ کیا کرتے تھے۔

**525**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنَا الْمُبَارَكُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ كَانَ سُفْيَانُ يَكْتُبُ الْحَدِيْثَ بِاللَّيْلِ فِي الْحَائِطِ فَاِذَا اَصْبَحَ نَسَخَهُ ثُمَّ حَكَّهُ

☆☆ مبارک بن سعید بیان کرتے ہیں۔ سفیان رات کے وقت حدیث دیوار پر نوٹ کر لیتے تھے۔ صبح کے وقت پھر اس حدیث کو

نقل کر کے وہاں سے مٹا دیتے تھے۔

**526-** اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ غِفَارٍ الْمُثَنّٰى بْنُ سَعْدٍ الطَّائِيُّ حَدَّثَنِيْ عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ حَدَّثَنِيْ فُلَانٌ رَجُلٌ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَعَرَفَهُ عُمَرُ قُلْتُ حَدَّثَنِيْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْحَيَاءَ وَالْعَفَافَ وَالْعِيَّ عِيَّ اللِّسَانِ لَا عِيَّ الْقَلْبِ وَالْفِقْهَ مِنَ الْاِيْمَانِ وَهُنَّ مِمَّا يَزِدْنَ فِي الْاٰخِرَةِ وَيُنْقِصْنَ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا يَزِدْنَ فِي الْاٰخِرَةِ اَكْثَرُ وَاِنَّ الْبَذَاءَ وَالْجَفَاءَ وَالشُّحَّ مِنَ النِّفَاقِ وَهُنَّ مِمَّا يَزِدْنَ فِي الدُّنْيَا وَيُنْقِصْنَ فِي الْاٰخِرَةِ وَمَا يُنْقِصْنَ فِي الْاٰخِرَةِ اَكْثَرُ

☆☆ عون بن عبداللہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے کہا فلاں صاحب نے مجھے یہ حدیث بیان کی ہے۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک صحابی کا نام لیا تھا۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ انہیں جانتے تھے میں نے کہا انہوں نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک حیاء پاکدامنی اور رکاوٹ' زبان کی رکاوٹ' دل کی نہیں اور سمجھ بوجھ ایمان کا حصہ ہیں۔ یہ وہ چیزیں ہیں جو آخرت میں (انسان کے مرتبہ ومقام میں) اضافہ کرتی ہیں اور دنیا میں (حاصل ہونیوالی نعمتوں میں) کمی کر دیتی ہیں اور بہت سی ایسی چیزیں ہیں جو آخرت (میں مرتبہ ومقام میں) اضافہ کرتی ہیں جبکہ فضول گوئی' بدزبانی اور بخل وہ چیزیں ہیں جو نفاق کا حصہ ہیں۔ یہ چیزیں دنیا میں (انسان کے اشتغال میں) اضافہ کر دیتی ہیں اور آخرت (کی طرف توجہ میں) کمی کر دیتی ہیں اور آخرت میں کمی کرنے والی چیزیں بہت ہیں۔

**527-** اَخْبَرَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ اَبُوْ قِلَابَةَ خَرَجَ عَلَيْنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ لِصَلٰوةِ الظُّهْرِ وَمَعَهُ قِرْطَاسٌ ثُمَّ خَرَجَ عَلَيْنَا لِصَلٰوةِ الْعَصْرِ وَهُوَ مَعَهُ فَقُلْتُ لَهُ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا هٰذَا الْكِتَابُ قَالَ هٰذَا حَدِيْثٌ حَدَّثَنِيْ بِهِ عَوْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فَاَعْجَبَنِيْ فَكَتَبْتُهُ فَاِذَا فِيْهِ هٰذَا الْحَدِيْثُ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ ہمارے پاس ظہر کی نماز پڑھانے کے لیے تشریف لائے۔ ان کے پاس ایک کاپی تھی پھر جب وہ عصر کی نماز پڑھانے کے لیے ہمارے پاس تشریف لائے تو وہ کاپی پھر ان کے پاس تھی۔ میں نے ان سے دریافت کیا اے امیر المومنین اس تحریر میں کیا ہے تو انہوں نے جواب دیا: یہ ایک حدیث ہے جو حضرت عون بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے مجھے سنائی ہے۔ مجھے یہ بہت اچھی لگی تو میں نے اسے نوٹ کر لیا اس میں یہ حدیث موجود تھی (جو سابقہ سطور میں نقل کی جا چکی ہے)۔

**528-** اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا مَسْعُوْدٌ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ فَرْوَةَ عَنْ شُرَحْبِيْلَ اَبِيْ سَعْدٍ قَالَ دَعَا الْحَسَنُ بَنِيْهِ وَبَنِيْ اَخِيْهِ فَقَالَ يَا بَنِيَّ وَبَنِيْ اَخِيْ اِنَّكُمْ صِغَارُ قَوْمٍ يُوْشِكُ اَنْ تَكُوْنُوْا كِبَارَ اٰخَرِيْنَ فَتَعَلَّمُوا الْعِلْمَ فَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ مِنْكُمْ اَنْ يَرْوِيَهُ اَوْ قَالَ يَحْفَظَهُ فَلْيَكْتُبْهُ وَلْيَضَعْهُ فِيْ بَيْتِهِ

☆☆ حضرت شرحبیل بن سعد رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے بیٹوں اور اپنے بھتیجوں کو بلایا اور کہا اے میرے بچو اور اے میرے بھتیجو! تم لوگ کمسن ہو۔ عنقریب وہ وقت آئے گا جب تم دوسرے لوگوں کے لیے بڑے بن جاؤ گے اس لیے تم علم حاصل کرو۔ تم میں سے جو شخص احادیث کو یاد رکھنے کی صلاحیت نہیں رکھتا وہ انہیں نوٹ کر لے اور اسے اپنے گھر میں سنبھال کے رکھ لے۔

حدیث **526**: "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء

## بَابُ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً اَوْ سَيِّئَةً

## باب 44: جوشخص کسی اچھے یا برے کام کا آغاز کرے

**529**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ حَدَّثَنَاهُ عَاصِمٌ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً عُمِلَ بِهَا بَعْدَهُ كَانَ لَهُ مِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَجْرِهِ شَيْءٌ وَمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ مِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِ شَيْءٌ

☆☆ حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جوشخص کسی اچھے کام کا آغاز کرے جس پر اس کے بعد بھی عمل کیا جائے تو اس شخص کو ان سب لوگوں کے اجر کے برابر اجر ملے گا جو اس پر عمل کریں گے اور ان کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جوشخص کسی برے کام کا آغاز کرے اسے ان سب کا بوجھ برداشت کرنا ہوگا جو اس پر عمل کریں گے حالانکہ ان لوگوں کے بوجھ میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

**530**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَعْقُوبَ مَوْلَى الْحُرَقَةِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَعَا اِلَى هُدًى كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ اُجُورِ مَنِ اتَّبَعَهُ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اُجُورِهِمْ شَيْئًا وَمَنْ دَعَا اِلَى ضَلَالَةٍ كَانَ عَلَيْهِ مِنَ الْاِثْمِ مِثْلُ اٰثَامِ مَنِ اتَّبَعَهُ لَا يَنْقُصُ ذٰلِكَ مِنْ اٰثَامِهِمْ شَيْئًا

---

حدیث **529** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2675**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **203**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19179**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2477**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **2312**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **805**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **8946**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **9802**

حدیث **530** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2674**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4609**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2674**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **206**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9149**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **112**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ - **1984**ء **6489**

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص ہدایت کی طرف بلائے اسے اس کی پیروی کرنیوالوں کے اجر جتنا اجر ملے گا اور ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوگی اور جو شخص کسی گمراہی کی طرف بلائے اسے اس کی پیروی کرنیوالے سب لوگوں کے گناہوں جتنا گناہ ملے گا اور ان لوگوں کے گناہوں میں کوئی کمی نہیں ہوگی۔

**531**- اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ مُسْلِمٍ يَعْنِيْ ابْنَ صُبَيْحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هِلَالٍ الْعَبْسِيِّ عَنْ جَرِيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَثَّ النَّاسَ عَلَى الصَّدَقَةِ فَاَبْطَؤُا حَتّٰى بَانَ فِيْ وَجْهِهِ الْغَضَبُ ثُمَّ اِنَّ رَجُلًا مِّنَ الْاَنْصَارِ جَآءَ بِصُرَّةٍ فَتَتَابَعَ النَّاسُ حَتّٰى رُئِيَ فِيْ وَجْهِهِ السُّرُوْرُ فَقَالَ مَنْ سَنَّ سُنَّةً حَسَنَةً كَانَ لَهٗ اَجْرُهٗ وَمِثْلُ اَجْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اُجُوْرِهِمْ شَيْءٌ وَّمَنْ سَنَّ سُنَّةً سَيِّئَةً كَانَ عَلَيْهِ وِزْرُهٗ وَمِثْلُ وِزْرِ مَنْ عَمِلَ بِهَا مِنْ غَيْرِ اَنْ يَّنْقُصَ مِنْ اَوْزَارِهِمْ شَيْءٌ

☆☆ حضرت جریر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے لوگوں کو صدقہ کرنے کی ترغیب دی۔ لوگوں نے اس بارے میں سستی کا اظہار کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک پر ناراضگی کے آثار ظاہر ہوئے۔ پھر انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص ایک تھیلی لے کر آیا تو اس کے بعد لوگ یکے بعد دیگرے چیزیں لانے لگے یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک پر خوشی کے آثار دکھائی دیئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص کسی اچھے کام کا آغاز کرتا ہے اسے اس کا اجر ملتا ہے اور جتنے بھی لوگ اس پر عمل کرتے ہیں ان کے جتنا اجر ملتا ہے حالانکہ ان لوگوں کے اجر میں کوئی کمی نہیں ہوتی اور جو شخص کسی برے کام کا آغاز کرتا ہے۔ اسے ان سب لوگوں کے گناہوں جتنا بوجھ برداشت کرنا پڑتا ہے جو اس پر عمل کرتے ہیں حالانکہ ان کے گناہ میں کوئی کمی نہیں ہوتی۔

**532**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِيْ حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنَا اَعْظَمُكُمْ اَجْرًا يَّوْمَ الْقِيَامَةِ لِاَنَّ لِيْ اَجْرِيْ وَمِثْلَ اَجْرِ مَنِ اتَّبَعَنِيْ

☆☆ حسان بن عطیہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے قیامت کے دن مجھے تم سب سے زیادہ اجر نصیب ہوگا کیونکہ مجھے میرا بھی اجر ملے گا اور ہر اس شخص جتنا بھی اجر ملے گا جو میری پیروی کرے گا۔

**533**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ بِشْرٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ دَعَا اِلٰى اَمْرٍ وَّلَوْ دَعَا رَجُلٌ رَجُلًا كَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَوْقُوْفًا بِهٖ لَازِمًا بِغَارِبِهٖ ثُمَّ قَرَاَ (وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ مَسْئُوْلُوْنَ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص کسی معاملے کی طرف دعوت دے خواہ ایک شخص کو دعوت دے تو قیامت کے دن اسے روکا جائے گا اور اس کی پشت کو پکڑ لیا جائے گا پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی:

''اور انہیں روک لو ان سے حساب لیا جائے گا''۔

---

حدیث **533**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3228**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **208**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **3611**

**534**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَرْبَعٌ يُعْطَاهَا الرَّجُلُ بَعْدَ مَوْتِهٖ ثُلُثُ مَالِهٖ اِذَا كَانَ فِيْهِ قَبْلَ ذٰلِكَ لِلّٰهِ مُطِيْعًا وَّالْوَلَدُ الصَّالِحُ يَدْعُو لَهُ مِنْ بَعْدِ مَوْتِهٖ وَالسُّنَّةُ الْحَسَنَةُ يَسُنُّهَا الرَّجُلُ فَيُعْمَلُ بِهَا بَعْدَ مَوْتِهٖ وَالْمِائَةُ اِذَا شَفَعُوْا لِلرَّجُلِ شُفِّعُوْا فِيْهِ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ روایت کرتے ہیں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں چار چیزوں کا ثواب انسان کو مرنے کے بعد بھی ملتا ہے۔ اس کا ایک تہائی مال جبکہ وہ اس سے پہلے اس کے بارے میں اللہ تعالیٰ کا فرمانبردار ہو' وہ نیک اولاد جو اس کے مرنے کے بعد اس کے لیے دعا کرتی رہے اور وہ اچھا طریقہ جسے کسی انسان نے آغاز کیا ہو اور اس کے مرنے کے بعد بھی اس پر عمل ہوتا رہے اور وہ شخص جس کی نماز جنازہ میں سو افراد شریک ہوں اور ان کی دعا قبول ہو جائے۔

## بَابُ مَنْ كَرِهَ الشُّهْرَةَ وَالْمَعْرِفَةَ

## باب 45: جو شخص شہرت اور پہچان کو ناپسند قرار دے

**535**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ جَهَدْنَا بِاِبْرَاهِيْمَ حَتّٰى اَنْ نُجْلِسَهُ اِلَى سَارِيَةٍ فَاَبٰى

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں' ہم نے بڑی کوشش کی کہ ابراہیم نخعی کو ستون کے ساتھ بٹھائیں لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔

**536**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ اَنْ يَّسْتَنِدَ اِلَى السَّارِيَةِ

☆☆ ابراہیم نخعی اس بات کو ناپسند کرتے تھے کہ وہ ستون کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھیں۔

**537**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ لَا يَبْتَدِئُ الْحَدِيْثَ حَتّٰى يُسْاَلَ

☆☆ مغیرہ بیان کرتے ہیں ابراہیم بات کا آغاز نہیں کرتے تھے یہاں تک کہ جب ان سے سوال کیا جاتا (تو پھر اس کا جواب دیتے تھے)۔

**538**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ كَانَ الْحَارِثُ بْنُ قَيْسٍ الْجُعْفِيُّ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ وَكَانُوْا مُعْجَبِيْنَ بِهٖ فَكَانَ يَجْلِسُ اِلَيْهِ الرَّجُلُ وَالرَّجُلَانِ فَيُحَدِّثُهُمَا فَاِذَا كَثُرُوْا قَامَ وَتَرَكَهُمْ

☆☆ خیثمہ بیان کرتے ہیں حارث بن قیس جعفی جو حضرت عبداللہ بن مسعود کے شاگردوں میں سے ہیں اور لوگ انہیں بہت پسند کرتے تھے۔ اگر ایک یا دو آدمی ان کے پاس بیٹھتے تو وہ انہیں حدیث سنا دیا کرتے تھے لیکن جب زیادہ لوگ بیٹھتے تو وہ اٹھ کر چلے جاتے اور ان لوگوں کو چھوڑ دیتے۔

**539**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ قِيْلَ لَهُ حِيْنَ مَاتَ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ قَعَدْتَّ فَعَلَّمْتَ النَّاسَ السُّنَّةَ فَقَالَ اَتُرِيْدُوْنَ اَنْ يُّوْطَاَ عَقِبِيْ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں جب حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا انتقال ہوا تو علقمہ سے کہا گیا اگر آپ تشریف فرما ہو

کرلوگوں کوسنت کی تعلیم دیناشروع کریں؟ (تو یہ مناسب ہوگا) توانہوں نے جواب دیا: کیاتم لوگ یہ چاہتے ہو کہ لوگ میری پیروی کرنا شروع کردیں۔

**540**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ قَالَ سَمِعْتُ هَارُوْنَ بْنَ عَنْتَرَةَ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ اَتَيْنَا اُبَيَّ بْنَ كَعْبٍ لِنَتَحَدَّثَ اِلَيْهِ فَلَمَّا قَامَ قُمْنَا وَنَحْنُ نَمْشِي خَلْفَهُ فَرَهِقَنَا عُمَرُ فَتَبِعَهُ فَضَرَبَهُ عُمَرُ بِالدِّرَّةِ قَالَ فَاتَّقَاهُ بِذِرَاعَيْهِ فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ مَا نَصْنَعُ قَالَ اَوَ مَا تَرٰى فِتْنَةً لِّلْمَتْبُوْعِ مَذَلَّةً لِّلتَّابِعِ

☆☆ سلیم بن حنظلہ بیان کرتے ہیں' ہم حضرت ابی بن کعب کی خدمت میں حاضر ہوتے تاکہ ان سے کچھ گفتگو کریں جب وہ کھڑے ہوئے تو ہم بھی اٹھ کھڑے ہوئے اور ہم ان کے پیچھے چلنے لگے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہمیں دیکھ لیا وہ ان کے پیچھے آئے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں درہ سے مارا۔ حضرت ابی رضی اللہ عنہ نے بازوؤں کے ذریعے اپنے آپ کو بچاتے ہوئے دریافت کیا اے امیر المومنین! آپ ایسا کیوں کررہے ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: کیاتم نے غورنہیں کیا (تمہاری یہ حرکت) پیشوا کے لیے آزمائش ہے اور پیروی کرنیوالوں کے لیے ذلت ہے۔

**541**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانُوْا يَكْرَهُوْنَ اَنْ تُوْطَأَ اَعْقَابُهُمْ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ ارشادفرماتے ہیں (پہلے زمانے کے مشائخ) اس بات کوناپسند کرتے تھے کہ ان کے پیچھے چلا جائے۔

**542**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ بِسْطَامِ بْنِ مُسْلِمٍ قَالَ كَانَ مُحَمَّدُ بْنُ سِيْرِيْنَ اِذَا مَشٰى مَعَهُ الرَّجُلُ قَامَ فَقَالَ اَلَكَ حَاجَةٌ فَاِنْ كَانَتْ لَهُ حَاجَةٌ قَضَاهَا وَاِنْ عَادَ يَمْشِي مَعَهُ قَامَ فَقَالَ اَلَكَ حَاجَةٌ

☆☆ بسطام بن مسلم بیان کرتے ہیں محمد بن سیرین جب ان کے ساتھ کوئی شخص چلتا تو وہ ٹھہر جاتے اور یہ دریافت کرتے کیا تمہیں کوئی کام ہے اگر اس شخص کو کوئی کام ہوتا تو اسے پورا کردیتے اور اگر وہ دوبارہ ان کے ساتھ چلنے لگتا تو پھر ٹھہر کر دریافت کرتے کیا تمہیں کوئی کام ہے؟

**543**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِيَّاكُمْ اَنْ تُوْطَأَ اَعْقَابُكُمْ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ ارشادفرماتے ہیں تم اس بات سے بچوکہ تمہارے پیچھے چلا جائے۔

**544**- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْهَيْثَمِ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ اَنَّهُ رَاٰى اُنَاسًا يَتْبَعُوْنَ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ قَالَ فَاَرَاهُ قَالَ نَهَاهُمْ وَقَالَ اِنَّ صَنِيْعَكُمْ هٰذَا اَوْ مَشْيَكُمْ هٰذَا مَذَلَّةٌ لِّلتَّابِعِ وَفِتْنَةٌ لِّلْمَتْبُوْعِ

---

حدیث **544**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2416**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء **5271**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **760**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **9772**

☆☆ عاصم بن ضمرہ بیان کرتے ہیں انہوں نے کچھ لوگوں کو دیکھا جو حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ کے پیچھے چلنے لگے۔ عاصم بیان کرتے ہیں سعید نے انہیں منع کیا اور فرمایا تمہاری یہ حرکت پیچھے چلنے والوں کے لیے ذلت اور جس کے پیچھے چلا جا رہا ہے اس کے لیے آزمائش کی حیثیت رکھتی ہے۔

**545**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ اَسْوَدَ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ قَالَ شَاوَرْتُ مُحَمَّدًا فِيْ بِنَاءٍ اَرَدْتُ اَنْ اَبْنِيَهُ فِي الْكَلَاءِ قَالَ فَاَشَارَ عَلَيَّ وَقَالَ اِذَا اَرَدْتَ اَسَاسَ الْبِنَاءِ فَاٰذِنِّيْ حَتّٰى اَجِيْءَ مَعَكَ قَالَ فَاَتَيْتُهُ قَالَ فَبَيْنَمَا نَحْنُ نَمْشِيْ اِذْ جَاءَ رَجُلٌ فَمَشٰى مَعَهُ فَقَامَ فَقَالَ اَلَكَ حَاجَةٌ قَالَ لَا قَالَ اَمَّا لَا فَاذْهَبْ ثُمَّ اَقْبَلَ عَلَيَّ فَقَالَ اَنْتَ اَيْضًا فَاذْهَبْ قَالَ فَذَهَبْتُ حَتّٰى خَالَفْتُ الطَّرِيْقَ

☆☆ ابن عون بیان کرتے ہیں میں نے محمد (نامی محدث) سے ایک عمارت تعمیر کرنے کے بارے میں مشورہ کیا۔ میرا یہ ارادہ تھا کہ ویران علاقے میں اسے تعمیر کروں گا۔ انہوں نے اشارے کے ذریعے مجھ سے کہا کہ جب تم اس عمارت کی بنیاد رکھنے لگو تو مجھے بتا دینا میں بھی تمہارے ساتھ چلوں گا۔ ابن عون کہتے ہیں مقررہ وقت پر میں ان کے پاس آیا۔ ہم جا رہے تھے اسی دوران ایک شخص آیا اور ان کے ساتھ چلنے لگا وہ ٹھہر گئے اور دریافت کیا کیا تمہیں کوئی کام ہے۔ اس نے جواب دیا: نہیں تو محمد (نامی محدث نے) کہا اگر کوئی کام نہیں ہے تو تم جاؤ۔ پھر وہ میری طرف متوجہ ہوئے اور بولے۔ ایسا کرو تم بھی جاؤ۔ ابن عون بیان کرتے ہیں پھر میں بھی چل پڑا اور دوسرے راستے سے وہاں تک پہنچا۔

**546**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ نُسَيْرٍ اَنَّ الرَّبِيْعَ كَانَ اِذَا اَتَوْهُ يَقُوْلُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكُمْ يَعْنِيْ اَصْحَابَهُ

☆☆ نسیر بیان کرتے ہیں ربیع (نامی محدث) کے پاس جب لوگ آتے تھے تو وہ یہ کہا کرتے تھے کہ میں تم لوگوں کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں (وہ اپنے ساتھیوں کے بارے میں ایسا کہا کرتے تھے)۔

**547**- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ رَجَاءٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بِشْرٍ قَالَ كُنَّا عِنْدَ خَبَّابِ بْنِ الْاَرَتِّ فَاجْتَمَعَ اِلَيْهِ اَصْحَابُهُ وَهُوَ سَاكِتٌ فَقِيْلَ لَهُ اَلَا تُحَدِّثُ اَصْحَابَكَ قَالَ اَخَافُ اَنْ اَقُوْلَ لَهُمْ مَا لَا اَفْعَلُ

☆☆ عبدالرحمٰن بن بشر بیان کرتے ہیں ہم لوگ حضرت خباب بن ارت رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے۔ ان کے ساتھی ان کے پاس اکٹھے ہوئے تو وہ خاموش ہو گئے۔ ان سے کہا گیا آپ اپنے ساتھیوں کے ساتھ کوئی بات کیوں نہیں کرتے۔ انہوں نے جواب دیا: مجھے یہ اندیشہ ہے کہ میں ان سے کوئی ایسی بات نہ کہہ دوں جس پر میں خود عمل نہیں کرتا۔

**548**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ صَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ الشَّعْبِيَّ قَالَ وَدِدْتُ اَنِّيْ نَجَوْتُ مِنْ عِلْمِيْ كَفَافًا لَا لِيْ وَلَا عَلَيَّ

☆☆ صالح بیان کرتے ہیں۔ میں نے شعبی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے میری یہ خواہش ہے کہ میرے علم کے حوالے سے میری نجات ہی ہو جائے تو اتنا ہی کافی ہے نہ مجھے کوئی ثواب ملے اور نہ میرے اوپر کوئی وبال ہو۔

**549**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَمْشِيْ وَنَاسٌ يَطَوْنَ عَقِبَهُ

فَقَالَ لَا تَطَؤُا عَقِبِي فَوَاللّٰهِ لَوْ تَعْلَمُوْنَ مَا اُغْلِقُ عَلَيْهِ بَابِي مَا تَبِعَنِي رَجُلٌ مِّنْكُمْ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ جب چلتے تھے تو لوگ ان کے پیچھے چلنا شروع کر دیتے تھے تو وہ یہ فرمایا کرتے تھے میرے پیچھے نہ چلو اللہ کی قسم اگر تمہیں یہ پتا چل جائے کہ میں بند دروازے کے پیچھے کیا کام کرتا ہوں تو تم میں سے کوئی بھی شخص میرے پیچھے نہ آئے۔

**550**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ فِتْنَةٌ لِّلْمَتْبُوْعِ مَذَلَّةٌ لِّلتَّابِعِ

☆☆ سعید بن جبیر فرماتے ہیں (کسی کے پیچھے چلنا) آگے جانے والے شخص کے لیے آزمائش اور پیچھے آنیوالے کے لیے ذلت ہے۔

**551**- اَخْبَرَنَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اُمَيٍّ قَالَ مَشَوْا خَلْفَ عَلِيٍّ فَقَالَ عَنِّي خَفْقَ نِعَالِكُمْ فَاِنَّهَا مُفْسِدَةٌ لِقُلُوْبِ نَوْكَى الرِّجَالِ

☆☆ اُمی بیان کرتے ہیں لوگ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پیچھے چلا کرتے تھے تو وہ یہ فرماتے تھے۔ میرے پیچھے نہ آؤ کیونکہ اس کی وجہ سے بیوقوف لوگوں کے دل خراب ہو جاتے ہیں۔

**552**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ اِنَّ خَفْقَ النِّعَالِ حَوْلَ الرِّجَالِ قَلَّ مَا يُلَبِّثُ الْحَمْقَى

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں پیچھے چلنے سے بیوقوف آدمی کا دماغ خراب ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگتی۔

**553**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُكْتِبُ حَدَّثَنَا قَاسِمٌ هُوَ ابْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ كَانَ اِذَا جَلَسَ اِلَيْهِ الرَّجُلُ اَوِ الرَّجُلَانِ قَامَ فَتَنَحَّى

☆☆ طاؤس کے بارے میں منقول ہے کہ جب ایک یا دو آدمی ان کے پاس آکر بیٹھتے تو وہ اٹھ کر چلے جایا کرتے تھے۔

**554**- اَخْبَرَنَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ عُمُرِهِ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ عِلْمِهِ مَا فَعَلَ بِهِ وَعَنْ مَّالِهِ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهُ وَفِيْمَا اَنْفَقَهُ وَعَنْ جِسْمِهِ فِيْمَا اَبْلَاهُ

☆☆ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے قیامت کے دن کسی بندے کے قدم اس وقت تک اپنی جگہ برقرار رہیں گے جب تک اس سے اس کی زندگی کے بارے میں سوال نہ کیا جائے کہ اس نے اسے کس بارے میں صرف کیا اور اس کے علم کے بارے میں دریافت نہ کرلیا جائے کہ اس نے کیا عمل کیا اور اس کے مال کے بارے میں دریافت نہ کیا جائے کہ اس نے کیسے کمایا اور کیسے خرچ کیا اور اس کے جسم کے بارے میں سوال نہ کیا جائے کہ اس نے اسے کس آزمائش میں مبتلا کیا۔

**555**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ رَاشِدٍ حَدَّثَنِي فُلَانٌ الْعُرَنِيُّ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَا يَدَعُ اللّٰهُ الْعِبَادَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَتّٰى يَسْاَلَهُمْ عَنْ اَرْبَعٍ عَمَّا اَفْنَوْا فِيْهِ اَعْمَارَهُمْ وَعَمَّا اَبْلَوْا فِيْهِ اَجْسَادَهُمْ وَعَمَّا كَسَبُوْا فِيْمَا اَنْفَقُوْا وَعَمَّا عَمِلُوْا فِيْمَا عَلِمُوْا

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کو یوں نہیں چھوڑے گا۔اس دن لوگ تمام جہانوں کے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہوں گے یہاں تک کہ لوگوں سے چار چیزوں کے بارے میں حساب لیا جائے گا کہ انہوں نے اپنی زندگی کس کام میں بسر کی' انہوں نے اپنے جسموں کو کن معاملات میں استعمال کیا۔انہوں نے کیسے کمایا اور کیسے خرچ کیا اور جس چیز کا انہیں علم حاصل ہوا اس پر کیسے عمل کیا۔

**556**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ اَبِي عَبْدِ اللّٰهِ الصُّنَابِحِيِّ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ لَا تَزُوْلُ قَدَمَا عَبْدٍ يَّوْمَ الْقِيَامَةِ حَتّٰى يُسْاَلَ عَنْ اَرْبَعٍ عَنْ عُمُرِهٖ فِيْمَا اَفْنَاهُ وَعَنْ جَسَدِهٖ فِيْمَا اَبْلَاهُ وَعَنْ مَالِهٖ مِنْ اَيْنَ اكْتَسَبَهٗ وَفِيْمَا وَضَعَهٗ وَعَنْ عِلْمِهٖ مَاذَا عَمِلَ فِيْهِ

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔قیامت کے دن بندے کے قدم اس وقت تک اپنی جگہ سے نہیں ہلیں گے۔ جب تک اس سے چار چیزوں کے بارے میں حساب نہ لیا جائے۔اس کی عمر کے بارے میں جو اس نے بسر کی۔اس کے جسم کے بارے میں جسے اس نے آزمائش میں مبتلا کیا اور اس کے مال کے بارے میں کہ اس نے کہاں سے کمایا اور کہاں خرچ کیا اور اس کے علم کے بارے میں کہ اس پر کتنا عمل کیا۔

**557**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ قَالَ قَالَ لِي طَاوٗسٌ مَا تَعَلَّمْتَ فَتَعَلَّمْ لِنَفْسِكَ فَاِنَّ النَّاسَ قَدْ ذَهَبَتْ مِنْهُمُ الْاَمَانَةُ

☆☆ لیث بیان کرتے ہیں۔طاؤس نے مجھ سے کہا تم جو علم حاصل کرتے ہو اسے اپنے لیے حاصل کرو کیونکہ لوگوں میں سے امانت رخصت ہو گئی ہے۔

**558**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ مِهْرَانَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اَدْرَكْتُ النَّاسَ وَالنَّاسِكُ اِذَا نَسَكَ لَمْ يُعْرَفْ مِنْ قِبَلِ مَنْطِقِهٖ وَلٰكِنْ يُعْرَفُ مِنْ قِبَلِ عَمَلِهٖ فَذٰلِكَ الْعِلْمُ النَّافِعُ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں۔میں نے لوگوں کو اس حالت میں پایا ہے کہ عبادت کرنیوالا شخص جب عبادت کرتا تھا تو اسے اس کی باتوں کی وجہ سے نہیں پہچانا جاتا تھا بلکہ اس کے عمل کی وجہ سے پہچانا جاتا تھا اور یہی نفع دینے والا علم ہے۔

## بَابُ الْبَلَاغِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتَعْلِيمِ السُّنَنِ

## باب 46: نبی اکرم ﷺ کی طرف سے (احادیث دوسروں تک) پہنچانا اور سنت کی تعلیم دینا

**559**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ حَسَّانَ عَنْ اَبِي كَبْشَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو قَالَ

---

حدیث 559: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 3274

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2669

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 6486

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 6256

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' 1405ھ 1985ء 462

سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بَلِّغُوا عَنِّىْ وَلَوْ اٰيَةً وَّحَدِّثُوا عَنْ بَنِىْ اِسْرَآئِيْلَ وَلَا حَرَجَ وَمَنْ كَذَبَ عَلَىَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت ابوکبشہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔ وہ فرماتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ میری طرف سے دوسروں تک پہنچا دو خواہ ایک ہی آیت ہو اور بنی اسرائیل کے حوالے سے روایت بیان کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے اور جو شخص میری طرف جان بوجھ کر کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنے مخصوص مقام پر پہنچنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔

**560**- اَخْبَرَنَا عَلِىُّ بْنُ حُجْرٍ السَّعْدِىُّ اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ اَبُوْ عِيْسَى الشَّيْبَانِىُّ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ عَوْفٍ الشَّيْبَانِىُّ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ لَّا يَغْلِبُوْنَا عَلٰى ثَلَاثٍ اَنْ نَّاْمُرَ بِالْمَعْرُوْفِ وَنَنْهٰى عَنِ الْمُنْكَرِ وَنُعَلِّمَ النَّاسَ السُّنَنَ

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ ہدایت کی تھی کہ ہم تین معاملات کے بارے میں کوتاہی کا شکار نہ ہوں۔ ایک یہ کہ ہم نیکی کا حکم دیں اور برائی سے منع کریں اور لوگوں کو سنت کی تعلیم دیں۔

**561**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ حَدَّثَنِىْ سُلَيْمُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ كَانَ اَبُوْ اُمَامَةَ اِذَا قَعَدْنَا اِلَيْهِ يَجِيْئُنَا مِنَ الْحَدِيْثِ بِاَمْرٍ عَظِيْمٍ وَّيَقُوْلُ لَنَا اسْمَعُوْا وَاعْقِلُوْا وَبَلِّغُوا عَنَّا مَا تَسْمَعُوْنَ قَالَ سُلَيْمٌ بِمَنْزِلَةِ الَّذِىْ يَشْهَدُ عَلٰى مَا عَلِمَ

☆☆ سلیم بن عامر بیان کرتے ہیں جب ہم حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوتے تو وہ ہمیں بہت اہم احادیث سنایا کرتے تھے اور ہمیں یہ کہا کرتے تھے کہ انہیں سن لو اور یاد رکھو اور ہماری طرف سے جو کچھ تم نے سنا ہے اس کی تبلیغ کرو۔

سلیم فرماتے ہیں ایسا شخص اس شخص کی مانند ہوتا ہے جو علم رکھنے والے کے بارے میں گواہی دیتا ہے۔

**562**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِىُّ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ كَثِيْرٍ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ قَالَ اَتَيْتُ اَبَا ذَرٍّ وَّهُوَ جَالِسٌ عِنْدَ الْجَمْرَةِ الْوُسْطٰى وَقَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَيْهِ يَسْتَفْتُوْنَهُ فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَوَقَفَ عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَلَمْ تُنْهَ عَنِ الْفُتْيَا فَرَفَعَ رَاْسَهُ اِلَيْهِ فَقَالَ اَرَقِيْبٌ اَنْتَ عَلَىَّ لَوْ وَضَعْتُمُ الصَّمْصَامَةَ عَلٰى هٰذِهٖ وَاَشَارَ اِلٰى قَفَاهُ ثُمَّ ظَنَنْتُ اَنِّىْ اُنْفِذُ كَلِمَةً سَمِعْتُهَا مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَبْلَ اَنْ تُجِيْزُوْا عَلَىَّ لَاَنْفَذْتُهَا

☆☆ ابوکثیر بیان کرتے ہیں۔ میرے والد نے مجھے یہ بات بتائی ہے میں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا وہ اس وقت درمیانی جمرہ کے پاس تشریف فرما تھے۔ لوگ ان کے پاس جمع تھے اوران سے مسائل دریافت کر رہے تھے۔ ایک شخص ان کے پاس آیا اوران کے پاس کھڑا ہو کر بولا کیا آپ کو فتویٰ دینے سے منع نہیں کیا گیا۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے سر اٹھا کر اس کی طرف دیکھا اور دریافت کیا کیا تم میرے نگران ہو اگر اس جگہ پر انہوں نے اپنی گردن کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا' تلوار رکھ دی جائے اور پھر مجھے یہ اندازہ ہو کہ تمہارے مجھے قتل کرنے سے پہلے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہوئی ایک بات بیان کر سکتا ہوں تو میں وہ بھی کروں گا۔

**563**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبَّادٌ هُوَ ابْنُ الْعَوَّامِ عَنْ عَوْفٍ عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ شَىْءٍ فَقَالَ يَا اَبَا الْعَالِيَةِ اَتُرِيْدُ اَنْ تَكُوْنَ مُفْتِيًا فَقُلْتُ لَا وَلٰكِنْ لَّا اٰمَنُ اَنْ تَذْهَبُوْا وَنَبْقٰى فَقَالَ صَدَقَ اَبُو الْعَالِيَةِ

☆☆ ابوالعالیہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایک چیز کے بارے میں سوال کیا۔ انہوں نے فرمایا اے ابوالعالیہ! کیا تم یہ چاہتے ہو کہ تم مفتی بن جاؤ میں نے جواب دیا: نہیں لیکن مجھے یہ بھی اندیشہ ہے کہ آپ جیسے لوگ رخصت ہو جائیں گے اور ہم جیسے باقی رہ جائیں گے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے ارشاد فرمایا ابوالعالیہ نے سچ کہا ہے۔

**564**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبَّادٌ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ عَبِيْدَةُ يَاْتِىْ عَبْدَ اللّٰهِ كُلَّ خَمِيْسٍ فَيَسْاَلُهُ عَنْ اَشْيَاءَ غَابَ عَنْهَا فَكَانَ عَامَّةُ مَا يُحْفَظُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِمَّا يَسْاَلُهُ عَبِيْدَةُ عَنْهُ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں۔ عبیدہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ہر جمعرات کو حاضر ہوا کرتے تھے اور ان سے ان چیزوں کے بارے میں دریافت کیا کرتے تھے جو ان کے علم میں نہیں ہیں تو ابراہیم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی زبانی سنی ہوئی زیادہ تر وہی باتیں یاد رکھی ہیں جن کے بارے میں عبیدہ نے ان سے سوال کیا تھا۔

**565**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا غَسَّانُ هُوَ ابْنُ مُضَرَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُوْلُ مَا لَكُمْ لَا تَسْاَلُوْنِىْ اَفْلَسْتُمْ

☆☆ سعید بن یزید بیان کرتے ہیں۔ میں نے عکرمہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے تم لوگ مجھ سے سوال کیوں نہیں کرتے کیا تم لوگ مفلس ہو گئے ہو۔

**566**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَاتِمٍ الْمُكْتِبُ حَدَّثَنَا عَامِرُ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ الْعِلْمُ خَزَائِنُ وَتَفْتَحُهَا الْمَسْاَلَةُ

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں۔ علم خزانوں کی طرح ہے اور سوال کرنے کے ذریعے انہیں کھولا جا سکتا ہے۔

**567**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ جَرِيْرٍ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيْمُ مَنْ رَّقَّ وَجْهُهُ رَقَّ عِلْمُهُ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں جس شخص کا چہرہ نرم ہوگا اسکا علم بھی نرم ہوگا۔

**568**- وَوَكِيْعٌ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الشَّعْبِىِّ قَالَ مَنْ رَّقَّ وَجْهُهُ رَقَّ عِلْمُهُ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں جس شخص کا چہرہ نرم ہوگا اس کا علم بھی نرم ہوگا۔

**569**- وَعَنْ ضَمْرَةَ عَنْ حَفْصِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مَنْ رَّقَّ وَجْهُهُ رَقَّ عِلْمُهُ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جس شخص کا چہرہ نرم ہوگا اس کا علم بھی نرم ہوگا۔

**570**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ جَرِيْرٍ عَنْ رَجُلٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَا يَتَعَلَّمُ مَنِ اسْتَحْيَا وَاسْتَكْبَرَ

☆☆ مجاہد ارشاد فرماتے ہیں جو شخص شرماتا ہو اور جو تکبر کرتا ہو وہ علم حاصل نہیں کر سکتا۔

**571**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ يَجْمَعُ بَنِيْهِ فَيَقُوْلُ يَا بَنِىَّ تَعَلَّمُوْا فَاِنْ تَكُوْنُوْا صِغَارَ قَوْمٍ فَعَسٰى اَنْ تَكُوْنُوْا كِبَارَ اٰخَرِيْنَ وَمَا اَقْبَحَ عَلٰى شَيْخٍ يُسْاَلُ

لَيْسَ عِنْدَهُ عِلْمٌ

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کے بارے میں نقل کرتے ہیں انہوں نے اپنے بچوں کو جمع کیا اور ارشاد فرمایا اے میرے بیٹو! تم لوگ علم حاصل کرلو کیونکہ ابھی تم بچے ہو لیکن کل کو بڑے ہو جاؤ گے تو کسی عمر رسیدہ آدمی کے بارے میں یہ چیز کتنی بری ہے کہ اس سے کوئی ایسا سوال کرلیا جائے جس کا اسے پتا ہی نہ ہو۔

**572**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ الْخِرِّيتِ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَضَعُ فِي رِجْلَيَّ الْكَبْلَ وَيُعَلِّمُنِي الْقُرْآنَ وَالسُّنَنَ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما میرے پاؤں میں بیڑی ڈال کر مجھے قرآن اور سنت کی تعلیم دیتے تھے۔

**573**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الضُّرَيْسِ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ مَنْ تَرَأَّسَ سَرِيعًا اَضَرَّ بِكَثِيرٍ مِنَ الْعِلْمِ وَمَنْ لَمْ يَتَرَأَّسْ طَلَبَ وَطَلَبَ حَتّٰى يَبْلُغَ

☆☆ سفیان بیان کرتے ہیں جو شخص جلدی پیشوا بننے کی کوشش کرے گا وہ بہت سے علم سے محروم رہ جائے گا اور جو شخص جلدی بڑا بننے کی کوشش نہیں کرے گا وہ علم حاصل کرتا رہے گا اور اس وقت تک حاصل کرے گا جب تک (علم میں کمال کی حد تک) نہیں پہنچ جاتا۔

**574**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ صَالِحِ بْنِ خَبَّابٍ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَلْمَانَ قَالَ عِلْمٌ لَا يُقَالُ بِهِ كَكَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ

☆☆ حضرت سلمان فارسی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں ایسا علم جسے بیان نہ کیا جائے اس کی مثال اس خزانے جیسی ہے جس میں سے خرچ نہ کیا جائے۔

**575**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُو شِهَابٍ حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ عَنْ اَبِي عِيَاضٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ عِلْمٍ لَا يُنْتَفَعُ بِهِ كَمَثَلِ كَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جس علم کے ذریعے نفع نہ حاصل کیا جائے اس کی مثال اس خزانے کی مانند ہے جس میں سے اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا جائے۔

**576**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مُوسٰى بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ بَلَغَنِي اَنَّ سَلْمَانَ كَتَبَ اِلٰى اَبِي الدَّرْدَاءِ اِنَّ الْعِلْمَ كَالْيَنَابِيعِ يَغْشَاهُنَّ النَّاسُ فَيَخْتَلِجُهُ هٰذَا وَهٰذَا فَيَنْفَعُ اللّٰهُ بِهِ غَيْرَ وَاحِدٍ وَاِنَّ حِكْمَةً لَا يُتَكَلَّمُ بِهَا كَجَسَدٍ لَا رُوحَ فِيهِ وَاِنَّ عِلْمًا لَا يُخْرَجُ كَكَنْزٍ لَا يُنْفَقُ مِنْهُ وَاِنَّمَا مَثَلُ الْعَالِمِ كَمَثَلِ رَجُلٍ حَمَلَ سِرَاجًا فِي طَرِيقٍ مُظْلِمٍ يَسْتَضِيءُ بِهِ مَنْ مَرَّ بِهِ وَكُلٌّ يَدْعُو لَهُ بِالْخَيْرِ

☆☆ موسیٰ بن یسار اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں مجھے یہ پتا چلا ہے کہ حضرت سلمان رضی اللہ عنہ نے خط میں حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ کو یہ لکھا علم ان چشموں کی مانند ہے جن پر لوگ آتے ہیں یہ فلاں شخص کو اپنی طرف لے آتا ہے اور فلاں کو لے آتا ہے اس کے ذریعے

حدیث 575 ''مسند شہاب'' امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1407ھ/ 1986ء 263

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 10481

اللہ تعالیٰ کئی لوگوں کو نفع عطا کرتا ہے۔ ایسے دانائی جس کی گفتگو نہ کی جائے وہ ایک ایسے جسم کی مانند ہے جس میں روح نہیں ہوتی اور ایسا علم جسے دوسروں تک پہنچایا نہ جائے ایسے خزانے کی مانند ہے جس میں سے خرچ نہیں کیا جاتا اور عالم کی مثال اس شخص کی مانند ہے جو تاریک راستے میں چراغ اٹھا کر کھڑا ہو جائے تاکہ گزرنے والا شخص اس کی روشنی سے فیض یاب ہو سکے۔ ہر شخص ایسے شخص کے لئے دعائے خیر کرتا ہے۔

**577**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ يَتْبَعُ الرَّجُلَ بَعْدَ مَوْتِهٖ ثَلَاثُ خِلَالٍ صَدَقَةٌ تَجْرِىْ بَعْدَهٗ وَصَلٰوةُ وَلَدِهٖ عَلَيْهِ وَعِلْمٌ اَفْشَاهُ يُعْمَلُ بِهٖ بَعْدَهٗ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں مرنے کے بعد تین چیزیں انسان تک پہنچتی ہیں۔ ایک وہ صدقہ جو اس کے بعد بھی جاری رہے۔ دوسرا اس کی اولاد کی اس کے بارے میں دعا اور تیسرا وہ علم جسے اس نے پھیلایا ہو اور اس کے بعد بھی اس پر عمل ہوتا رہے۔

**578**- حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنِىْ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا مَاتَ الْاِنْسَانُ انْقَطَعَ عَنْهُ عَمَلُهٗ اِلَّا مِنْ ثَلَاثٍ عِلْمٍ يُنْتَفَعُ بِهٖ اَوْ صَدَقَةٍ تَجْرِىْ لَهٗ اَوْ وَلَدٍ صَالِحٍ يَدْعُوْ لَهٗ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب انسان مر جاتا ہے تو اس کا عمل منقطع ہو جاتا ہے سوائے تین اعمال کے' وہ علم جس کے ذریعے نفع حاصل کیا جائے' وہ صدقہ جو جاری ہو اور وہ نیک اولاد جو اس کے لئے دعا کرتی رہے۔

**579**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيْشَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنْ صَالِحِ بْنِ رُسْتُمَ الْمُزَنِيِّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِىْ مُوْسٰى اَنَّهٗ قَالَ حِيْنَ قَدِمَ الْبَصْرَةَ بَعَثَنِىْ اِلَيْكُمْ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اُعَلِّمُكُمْ كِتَابَ رَبِّكُمْ وَسُنَّتَكُمْ وَاُنَظِّفُ طُرُقَكُمْ

☆☆ حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ بصرہ تشریف لائے تو یہ کہا حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ

حدیث **578**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1631**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2880**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1376**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **3651**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **241**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8831**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **93**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2494**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **6478**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **12415**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ - **1984**ء **6457**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **395**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' **1409**ھ/ **1989**ء **38**

نے مجھے تم لوگوں کی طرف بھیجا ہے میں تمہیں تمہارے پروردگار کی کتاب اور اس کی سنت کی تعلیم دوں گا اور تمہارے راستوں کو صاف کروں گا۔

**580**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُعَلّٰى حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ عَنْ اَبِىْ دَاوٗدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَخْبَرَةَ عَنْ سَخْبَرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ طَلَبَ الْعِلْمَ كَانَ كَفَّارَةً لِمَا مَضٰى

☆☆ حضرت سخبرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص علم کا حصول شروع کرے یہ کام اس کے گزشتہ گناہوں کے لیے کفارہ بن جاتا ہے۔

## بَابُ الرِّحْلَةِ فِىْ طَلَبِ الْعِلْمِ وَاحْتِمَالِ الْعَنَاءِ فِيْهِ

## باب 47: علم کے حصول کے لیے سفر کرنا اور اس بارے میں مشقت برداشت کرنا

**581**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ قَالَ لَقَدْ اَقَمْتُ فِى الْمَدِيْنَةِ ثَلَاثًا مَا لِىْ حَاجَةٌ اِلَّا وَقَدْ فَرَغْتُ مِنْهَا اِلَّا اَنَّ رَجُلًا كَانُوْا يَتَوَقَّعُوْنَهُ كَانَ يَرْوِىْ حَدِيْثًا فَاَقَمْتُ حَتّٰى قَدِمَ فَسَاَلْتُهُ

☆☆ حضرت ابوقلابہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میں نے مدینہ میں تین دن قیام کیا۔ میرا جو بھی کام تھا میں اس سے فارغ ہو گیا البتہ ایک صاحب ایسے تھے جن سے یہ توقع تھی کہ وہ کوئی حدیث بیان کرتے ہیں۔ میں وہاں ٹھہر گیا جب وہ آئے تو میں نے ان سے اس حدیث کے بارے میں دریافت کیا۔

**582**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ قَالَ سَمِعْتُ بُسْرَ بْنَ عُبَيْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِنْ كُنْتُ لَاَرْكَبُ اِلٰى مِصْرٍ مِّنَ الْاَمْصَارِ فِى الْحَدِيْثِ الْوَاحِدِ لِاَسْمَعَهٗ

☆☆ حضرت بسر بن عبیداللہ رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں میں ایک حدیث کو سننے کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر تک سفر کرتا رہا ہوں۔

**583**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ قَطَنٍ عَمْرُو بْنُ الْهَيْثَمِ عَنْ اَبِىْ خَلْدَةَ عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ قَالَ كُنَّا نَسْمَعُ الرِّوَايَةَ بِالْبَصْرَةِ عَنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ نَرْضَ حَتّٰى رَكِبْنَا اِلَى الْمَدِيْنَةِ فَسَمِعْنَاهَا مِنْ اَفْوَاهِهِمْ

☆☆ ابوالعالیہ بیان کرتے ہیں۔ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کے حوالے سے بصرہ میں کچھ احادیث سنیں لیکن ہم اس وقت تک مطمئن نہیں ہوئے جب تک خود مدینہ منورہ جا کر ان کی زبانی ان احادیث کو نہیں سن لیا۔

**584**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ التُّسْتَرِيِّ قَالَ قَالَ دَاوٗدُ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ لِصَاحِبِ الْعِلْمِ يَتَّخِذْ عَصًا مِّنْ حَدِيْدٍ وَّنَعْلَيْنِ مِنْ حَدِيْدٍ وَّيَطْلُبِ الْعِلْمَ حَتّٰى تَنْكَسِرَ الْعَصَا وَتَنْخَرِقَ النَّعْلَانِ

☆☆ داللہ بن عبدالرحمٰن القشیری فرماتے ہیں۔ اللہ کے نبی حضرت داؤد علیہ السلام نے یہ ارشاد فرمایا ہے۔ علم حاصل کرنیوالے کو یہ

2648

حدیث 580: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان

کہہ دو کہ وہ لوہے کا عصا بنائے اور لوہے کے جوتے بنائے اور علم کا حصول شروع کر دے یہاں تک کہ وہ عصا بھی ٹوٹ جائے اور وہ جوتے بھی ٹوٹ جائیں۔

585- اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْاُمَوِیُّ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مِنْ اٰلِ سَعْدِ ابْنِ مُعَاذٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ طَلَبْتُ الْعِلْمَ فَلَمْ اَجِدْهُ اَكْثَرَ مِنْهُ فِي الْاَنْصَارِ فَكُنْتُ اٰتِي الرَّجُلَ فَاَسْاَلُ عَنْهُ فَيُقَالُ لِي نَائِمٌ فَاَتَوَسَّدُ رِدَائِي ثُمَّ اَضْطَجِعُ حَتّٰى يَخْرُجَ اِلَى الظُّهْرِ فَيَقُولُ مَتٰى كُنْتَ هَا هُنَا يَا ابْنَ عَمِّ رَسُولِ اللّٰهِ فَاَقُولُ مُنْذُ زَمَنٍ طَوِيلٍ فَيَقُولُ بِئْسَ مَا صَنَعْتَ هَلَّا اَعْلَمْتَنِي فَاَقُولُ اَرَدْتُ اَنْ تَخْرُجَ اِلَيَّ وَقَدْ قَضَيْتَ حَاجَتَكَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں میں نے علم حاصل کیا اور سب سے زیادہ اسے انصار سے حاصل کیا میں کسی صاحب کے ہاں آتا تھا ان کے بارے میں دریافت کرتا تو مجھے بتایا جاتا کہ وہ سور ہے ہیں تو میں اپنی چادر سر کے نیچے رکھ کر لیٹ جاتا یہاں تک کہ دوپہر کے وقت وہ صاحب باہر تشریف لاتے تو دریافت کرتے۔ اے اللہ کے رسول کے چچازاد آپ کب سے یہاں ہیں۔ میں جواب دیتا کافی دیر ہوگئی ہے تو وہ یہ کہتا آپ نے بہت برا کیا آپ نے مجھے بتا کیوں نہیں دیا تو میں یہ جواب دیتا کہ میری یہ خواہش تھی کہ آپ خود باہر تشریف لائیں۔ پہلے اپنے کاموں سے فارغ ہو جائیں۔

586- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وُجِدَ اَكْثَرُ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ هٰذَا الْحَيِّ مِنَ الْاَنْصَارِ وَاللّٰهِ اِنْ كُنْتُ لَآتِي الرَّجُلَ مِنْهُمْ فَيُقَالُ هُوَ نَائِمٌ فَلَوْ شِئْتُ اَنْ يُوقَظَ لِي فَاَدَعُهُ حَتّٰى يَخْرُجَ لِاَسْتَطِيبَ بِذٰلِكَ حَدِيثَهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اکثر احادیث مجھے انصار سے ملی ہیں۔ اللہ کی قسم! بعض اوقات میں کسی شخص کے ہاں جاتا تو مجھے بتایا جاتا کہ وہ سور ہے ہیں۔ اگر میں چاہتا تو اسے بیدار کر سکتا تھا لیکن میں اسے ایسے ہی رہنے دیتا یہاں تک کہ وہ خود ہی باہر آ جاتا۔ ایسا اس لیے کرتا تھا کہ مناسب طریقے سے حدیث کا علم حاصل کر سکوں۔

587- اَخْبَرَنَا اَبُو مَعْمَرٍ اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ لَوْ رَفَقْتُ بِابْنِ عَبَّاسٍ لَاَصَبْتُ مِنْهُ عِلْمًا كَثِيرًا

☆☆ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اگر میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ مناسب تعلقات رکھتا تو ان سے بہت سارا علم حاصل کر سکتا تھا۔

588- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ حَدَّثَنَا مَعْمَرٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كُنْتُ اٰتِي بَابَ عُرْوَةَ فَاَجْلِسُ بِالْبَابِ وَلَوْ شِئْتُ اَنْ اَدْخُلَ لَدَخَلْتُ وَلٰكِنْ اِجْلَالًا لَهُ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں میں حضرت عروہ رحمۃ اللہ علیہ کے دروازے پر آیا اور دروازے پر بیٹھ گیا اگر میں چاہتا تو اندر جا سکتا تھا لیکن میں نے ان کے احترام میں ایسا نہیں کیا۔

589- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا جَرِيرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَمَّا تُوُفِّيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ لِرَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ يَا فُلَانُ هَلُمَّ فَلْنَسْاَلْ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاِنَّهُمُ الْيَوْمَ كَثِيرٌ فَقَالَ وَا عَجَبًا لَكَ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اَتَرَى النَّاسَ يَحْتَاجُونَ اِلَيْكَ وَفِي النَّاسِ مِنْ اَصْحَابِ

النَّبِيّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرٰى فَتَرَكَ ذٰلِكَ وَاَقْبَلْتُ عَلَى الْمَسْاَلَةِ فَاِنْ كَانَ لَيَبْلُغُنِي الْحَدِيْثُ عَنِ الرَّجُلِ فَاٰتِيْهِ وَهُوَ قَائِلٌ فَاَتَوَسَّدُ رِدَائِي عَلٰى بَابِهٖ فَتَسْفِي الرِّيْحُ عَلٰى وَجْهِي التُّرَابَ فَيَخْرُجُ فَيَرَانِي فَيَقُوْلُ يَا ابْنَ عَمِّ رَسُوْلِ اللّٰهِ مَا جَآءَ بِكَ اَلَا اَرْسَلْتَ اِلَيَّ فَاٰتِيَكَ فَاَقُوْلُ لَا اَنَا اَحَقُّ اَنْ اٰتِيَكَ فَاَسْاَلُهُ عَنِ الْحَدِيْثِ قَالَ فَبَقِيَ الرَّجُلُ حَتّٰى رَاٰنِي وَقَدِ اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَيَّ فَقَالَ كَانَ هٰذَا الْفَتٰى اَعْقَلَ مِنِّي

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہوگیا تو میں نے ایک انصاری صاحب سے کہا اے فلاں! آ ؤ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب سے (احادیث کے بارے میں) دریافت کریں کیونکہ آج تو ان کی تعداد بہت زیادہ ہے وہ شخص بولا اے ابن عباس رضی اللہ عنہما! مجھے آپ پر حیرت ہوتی ہے کیا آپ یہ سمجھتے ہیں کہ اس بارے میں لوگوں کو آپ کی ضرورت ہوگی حالانکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے اتنے لوگ موجود ہیں جو آپ بھی جانتے ہیں (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) اس شخص نے اس پر عمل نہیں کیا۔ میں یہ علم حاصل کرنے کے لیے روانہ ہوگیا جب بھی مجھے کسی شخص کے بارے میں کسی حدیث کا پتا چلتا میں اس کے پاس آتا۔ اگر وہ سورہا ہوتا تو میں اس کے دروازے پر چادر سر کے نیچے رکھ کر لیٹ جاتا۔ ہوا چلتی تو مٹی میرے چہرے پر آجاتی۔ جب وہ شخص باہر آتا اور مجھے دیکھتا تو یہ کہتا اے اللہ کے رسول کے چچازاد! آپ کس لیے تشریف لائے ہیں۔ آپ نے مجھے پیغام کیوں نہیں بھجوایا۔ میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوجاتا تو میں یہ کہتا ہے کہ نہیں میں اس بات کا زیادہ حقدار ہوں کہ میں آپ کے پاس آؤں۔ میں آپ سے ایک حدیث کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے آیا ہوں۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں پھر ایک وقت وہ آیا کہ اس شخص نے مجھے دیکھا کہ جب لوگ میرے اردگرد اکٹھے تھے (اور حدیث کا علم حاصل کررہے تھے) تو وہ شخص بولا یہ نوجوان مجھ سے زیادہ سمجھدار تھا۔

**590**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَحَلَ اِلٰى فَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ وَّهُوَ بِمِصْرَ فَقَدِمَ عَلَيْهِ وَهُوَ يَمُدُّ لِنَاقَةٍ لَّهُ فَقَالَ مَرْحَبًا قَالَ اَمَا اِنِّي لَمْ اٰتِكَ زَائِرًا وَّلٰكِنْ سَمِعْتُ اَنَا وَاَنْتَ حَدِيْثًا مِّنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجَوْتُ اَنْ يَّكُوْنَ عِنْدَكَ مِنْهُ عِلْمٌ قَالَ مَا هُوَ قَالَ كَذَا وَكَذَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے ایک صاحب حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ کے پاس گئے وہ اس وقت مصر میں مقیم تھے۔ وہ اس کے پاس آئے اور اپنی اونٹنی کو ان کی طرف بڑھایا تو انہوں نے خوش آمدید کہا: وہ بولے میں آپ کے پاس آپ کی زیارت کرنے کے لئے نہیں آیا بلکہ میں نے اور آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی ایک حدیث سنی تھی مجھے اُمید ہے کہ وہ آپ کو یاد ہوگی تو انہوں نے جواب دیا: ہاں وہ حدیث اس طرح سے تھی۔

| | |
|---|---|
| حدیث 589: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء | 363 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء | 10592 |
| ''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1403ھ/ 1983ء | 1925 |
| حدیث 590: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 4160 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 24015 |

# بَابُ صِيَانَةِ الْعِلْمِ

# باب 48: علم کو محفوظ رکھنا

**591**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهُ دَخَلَ السُّوْقَ فَسَاوَمَ رَجُلًا بِثَوْبٍ فَقَالَ هُوَ لَكَ بِكَذَا وَكَذَا وَاللّٰهِ لَوْ كَانَ غَيْرَكَ مَا اَعْطَيْتُهُ فَقَالَ فَعَلْتُمُوْهَا فَمَا رُئِيَ بَعْدَهَا مُشْتَرِيًا مِنَ السُّوْقِ وَلَا بَائِعًا حَتّٰى لَحِقَ بِاللّٰهِ عَزَّوَجَلَّ

☆☆ حضرت حسن رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں: وہ ایک بازار میں داخل ہوئے اور ایک شخص کے ساتھ کپڑے کا سودا کرنا شروع کیا وہ شخص بولا یہ آپ کو اتنے میں مل جائے گا اللہ کی قسم! آپ کے علاوہ اگر کوئی اور شخص ہوتا تو میں اسے نہ دیتا' حضرت حسن رحمہ اللہ بولے تم لوگ یہ کام کرتے ہو اس کے بعد حضرت حسن رحمہ اللہ کو بازار میں خرید و فروخت کرتے ہوئے نہیں دیکھا گیا' یہاں تک کہ وہ اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوئے۔

**592**- اَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ عَنْ حُسَامٍ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اَنَّهُ كَانَ لَا يَشْتَرِىْ مِمَّنْ يَعْرِفُهُ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رحمہ اللہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ جان پہچان والے کسی شخص کے ساتھ لین دین نہیں کرتے تھے۔

**593**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْوَلِيدِ الْمُزَنِيِّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ الْحَسَنِ قَالَ قَسَمَ مُصْعَبُ بْنُ الزُّبَيْرِ مَالًا فِىْ قُرَّاءِ اَهْلِ الْكُوفَةِ حِينَ دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ فَبَعَثَ اِلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْقِلٍ بِاَلْفَىْ دِرْهَمٍ فَقَالَ لَهُ اسْتَعِنْ بِهَا فِىْ شَهْرِكَ هٰذَا فَرَدَّهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَعْقِلٍ وَقَالَ لَمْ نَقْرَأِ الْقُرْاٰنَ لِهٰذَا

☆☆ عبید بن حسن بیان کرتے ہیں' حضرت مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ نے کوفہ میں رہنے والے قرآن کے علوم کے ماہرین میں کچھ مال تقسیم کیا یہ اس وقت کی بات ہے جب رمضان کا مہینہ آ گیا تھا۔ انہوں نے حضرت عبدالرحمن بن معقل رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دو ہزار دینار بھجوائے اور انہیں یہ پیغام دیا کہ آپ اس مبارک مہینے میں اسے اپنے استعمال میں لائیں تو عبدالرحمن بن معقل نے وہ دینار انہیں واپس کر دیئے اور کہا ہم اس لئے قرآن نہیں پڑھتے۔

**594**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِىْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا اَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ مَنْ اَرْبَابُ الْعِلْمِ قَالَ الَّذِينَ يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ قَالَ فَمَا يَنْفِى الْعِلْمَ مِنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ قَالَ الطَّمَعُ

☆☆ عبیداللہ بن عمر بیان کرتے ہیں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا اہل علم کون لوگ ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: جو اپنے علم پر عمل کرتے ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آدمی کے دل سے کون سی چیز علم کو ختم کر دیتی ہے۔ انہوں نے جواب دیا: لالچ۔

**595**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ مَا اَوَى شَىْءٌ اِلٰى شَىْءٍ اَزْيَنَ مِنْ حِلْمٍ اِلٰى عِلْمٍ

☆☆ حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں کوئی ایک عمدہ چیز دوسری عمدہ چیز کے ساتھ اتنے اچھے طریقے سے جمع نہیں ہوئی جتنا علم کے ساتھ بردباری جمع ہوئی ہے۔

**596**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ قَالَ زَيْنُ الْعِلْمِ حِلْمُ اَهْلِهِ

☆☆ عامر شعبی بیان کرتے ہیں علم کی زینت اہل علم کی بردباری ہے۔

**597**- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا زَمْعَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ وَهْرَامٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ مَا حُمِلَ الْعِلْمُ فِىْ مِثْلِ جِرَابِ حِلْمٍ

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں بردباری کے تھیلے جیسی کسی چیز میں علم نہیں رکھا گیا۔

**598**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ ابْنِ شُبْرُمَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ زَيْنُ الْعِلْمِ حِلْمُ اَهْلِهِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں علم کی زینت اہل علم کی بردباری ہے۔

**599**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مُطَرِّفُ بْنُ مَازِنٍ عَنْ يَعْلَى بْنِ مِقْسَمٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ قَالَ اِنَّ الْحِكْمَةَ تَسْكُنُ الْقَلْبَ الْوَادِعَ السَّاكِنَ

☆☆ وہب بن منبہ بیان کرتے ہیں' بے شک دانائی' پرہیزگار اور صابر دل کو سکون دیتی۔

**600**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُولُ قَالَ عُبَيْدُ اللّٰهِ شِنْتُمُ الْعِلْمَ وَاَذْهَبْتُمْ نُوْرَهُ وَلَوْ اَدْرَكَنِىْ وَاِيَّاكُمْ عُمَرُ لَاَوْجَعَنَا

☆☆ عبداللہ بیان کرتے ہیں تم لوگوں نے علم کو رسوا کر دیا ہے اور اس کا نور ختم کر دیا ہے اگر حضرت عمر رضی اللہ عنہ مجھے اور تم جیسے لوگوں کو پالیتے تو ہماری پٹائی کرتے۔

**601**- اَخْبَرَنَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اُمَيٍّ الْمُرَادِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ تَعَلَّمُوا الْعِلْمَ فَاِذَا عَلِمْتُمُوْهُ فَاكْظِمُوْا عَلَيْهِ وَلَا تَشُوْبُوْهُ بِضَحِكٍ وَّلَا بِلَعِبٍ فَتَمُجَّهُ الْقُلُوْبُ

☆☆ امی بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں علم حاصل کرو جب تم علم حاصل کر لو تو اسے خواہ مخواہ ظاہر نہ کرو اور اس کے ساتھ ہنسی نہ ملاؤ اور کھیل کود نہ ملاؤ ورنہ لوگوں کے دل سے اس کا احترام ختم ہو جائے گا۔

**602**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ غَزْوَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ قَالَ مَنْ ضَحِكَ ضَحْكَةً مَجَّ مَجَّةً مِنَ الْعِلْمِ

☆☆ امام زین العابدین ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص زیادہ ہنستا ہے وہ علم کی اہمیت کو کھو دیتا ہے۔

**603**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ لِكَعْبٍ مَنْ اَرْبَابُ الْعِلْمِ قَالَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ بِمَا يَعْلَمُوْنَ قَالَ فَمَا اَخْرَجَ الْعِلْمَ مِنْ قُلُوْبِ الْعُلَمَاءِ قَالَ الطَّمَعُ

☆☆ سفیان بیان کرتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کعب سے کہا: اہل علم کون ہیں انہوں نے جواب دیا: وہ لوگ جو اپنے علم پر عمل

کرتے ہوں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا علماء کے دل سے کونسی چیز علم کو باہر کر دیتی ہے انہوں نے جواب دیا' لالچ

**604**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْوَلِيْدِ عَنْ عُمَرَ بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِیْ اِيَاسٍ قَالَ كُنْتُ نَازِلًا عَلٰی عَمْرِو بْنِ النُّعْمَانِ فَاَتَاهُ رَسُوْلُ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ حِيْنَ حَضَرَهُ رَمَضَانُ بِاَلْفَیْ دِرْهَمٍ فَقَالَ اِنَّ الْاَمِيْرَ يُقْرِئُكَ السَّلَامَ وَقَالَ اِنَّا لَمْ نَدَعْ قَارِئًا شَرِيفًا اِلَّا وَقَدْ وَصَلَ اِلَيْهِ مِنَّا مَعْرُوفٌ فَاسْتَعِنْ بِهٰذَيْنِ عَلٰی نَفَقَةِ شَهْرِكَ هٰذَا فَقَالَ اَقْرِئِ الْاَمِيْرَ السَّلَامَ وَقُلْ لَهُ اِنَّا وَاللّٰهِ مَا قَرَاْنَا الْقُرْاٰنَ نُرِيْدُ بِهِ الدُّنْيَا وَدِرْهَمَهَا

☆☆ ابوایاس بیان کرتے ہیں' میں نے عمرو بن نعمان کے ہاں پڑاؤ کیا تو ان کے پاس مصعب بن زبیر کا قاصد آیا وہ دو ہزار درہم لے کر آیا تھا۔ یہ رمضان کے مہینے کی بات ہے۔ وہ قاصد بولا۔ گورنر نے آپ کو سلام بھیجا ہے اور یہ پیغام دیا ہے کہ ہم نے ہر معزز عالم کی خدمت میں یہ ہدیہ پیش کیا ہے اس لئے آپ بھی اس مہینے میں اس رقم کو اپنے خرچ میں لائیں تو عمرو بن نعمان نے جواب دیا: گورنر کو میری طرف سے سلام کہہ دینا اور انہیں یہ کہنا کہ اللہ کی قسم! ہم قرآن اس لئے نہیں پڑھتے کہ اس کے عوض میں دنیا اور اس کے درہم حاصل کریں۔

## بَابُ السُّنَّةُ قَاضِيَةٌ عَلٰی كِتَابِ اللّٰهِ

## باب 49: اللہ کی کتاب کے بارے میں سنت فیصلہ کرتی ہے

**605**- اَخْبَرَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰی حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَابِرٍ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ مَعْدِیْ كَرِبَ الْكِنْدِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَرَّمَ اَشْيَاءَ يَوْمَ خَيْبَرَ الْحِمَارَ وَغَيْرَهُ ثُمَّ قَالَ لَيُوْشِكُ بِالرَّجُلِ مُتَّكِئًا عَلٰی اَرِيْكَتِهِ يُحَدَّثُ بِحَدِيْثِی فَيَقُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ كِتَابُ اللّٰهِ مَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَلَالٍ اسْتَحْلَلْنَاهُ وَمَا وَجَدْنَا فِيْهِ مِنْ حَرَامٍ حَرَّمْنَاهُ اَلَا وَاِنَّ مَا حَرَّمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ هُوَ مِثْلُ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ تَعَالٰی

☆☆ حضرت مقدام بن معدی کرب کندی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: غزوہ خیبر کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے گدھوں کا گوشت اور اس کے علاوہ دیگر چیزوں کو حرام کرنے کے بعد ارشاد فرمایا' عنقریب وہ وقت آئے گا جب کوئی شخص اپنے تکیے کے ساتھ ٹیک لگا کر میری کوئی حدیث بیان کرے گا اور پھر یہ کہے گا ہمارے اور تمہارے درمیان اللہ کی کتاب باقی ہے۔ ہم اس میں جو چیز حلال پائیں گے اسے حلال قرار دیں گے اور اس میں جو چیز حرام پائیں گے اسے حرام قرار دیں گے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں) یہ بات یاد رکھنا اللہ کا رسول جس چیز کو حرام قرار دیدے وہ اسی کی مانند ہے جسے اللہ نے حرام قرار دیا ہو۔

**606**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِیِّ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنْ يَحْيَی بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ قَالَ السُّنَّةُ قَاضِيَةٌ عَلَی الْقُرْاٰنِ وَلَيْسَ الْقُرْاٰنُ بِقَاضٍ عَلَی السُّنَّةِ

حدیث 605: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 17233

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 1813

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 670

☆☆ یحییٰ بن ابوکثیر بیان کرتے ہیں' سنت قرآن کے بارے میں فیصلہ کر دیتی ہے البتہ قرآن سنت کے بارے میں فیصلہ نہیں کرتا۔

**607**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ حَسَّانَ قَالَ كَانَ جِبْرِيلُ يَنْزِلُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالسُّنَّةِ كَمَا يَنْزِلُ عَلَيْهِ بِالْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت حسان رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' حضرت جبرائیل علیہ السلام سنت کا حکم لے کر اسی طرح نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے جیسے وہ قرآن لے کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے۔

**608**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ السُّنَّةُ سُنَّتَانِ سُنَّةٌ الْاَخْذُ بِهَا فَرِيضَةٌ وَتَرْكُهَا كُفْرٌ وَسُنَّةٌ الْاَخْذُ بِهَا فَضِيلَةٌ وَتَرْكُهَا اِلٰى غَيْرِ حَرَجٍ

☆☆ حضرت مکحول رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں سنت کی دو قسمیں ہیں ایک وہ سنت جس پر عمل کرنا فرض ہے اور اس کو ترک کرنا کفر ہے اور دوسری وہ سنت ہے جس پر عمل کرنا فضیلت کا باعث ہے اور اسے ترک کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**609**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ حَكِيمٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ حَدَّثَ يَوْمًا بِحَدِيثٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَجُلٌ فِي كِتَابِ اللّٰهِ مَا يُخَالِفُ هٰذَا قَالَ اَلَا اُرَانِي اُحَدِّثُكَ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَتُعَرِّضُ فِيهِ بِكِتَابِ اللّٰهِ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْلَمَ بِكِتَابِ اللّٰهِ مِنْكَ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کی تو ایک شخص بولا اللہ کی کتاب میں اس کے برعکس حکم موجود ہے تو حضرت سعید رضی اللہ عنہ نے کہا میں تمہارے سامنے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے حدیث بیان کر رہا ہوں اور تم اس کے مقابلے میں اللہ کی کتاب پیش کر رہے ہو' اللہ کے رسول' اللہ کی کتاب کے بارے میں تم سے زیادہ علم رکھتے تھے۔

## بَابُ تَاْوِيلِ حَدِيثِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 50: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کی تاویل کرنا

**610**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ اَنَّهُ قَالَ اِذَا حَدَّثْتُمْ بِالْحَدِيثِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَظُنُّوا بِهِ الَّذِي هُوَ اَهْيَاُ وَالَّذِي هُوَ اَهْدٰى وَالَّذِي هُوَ اَتْقٰى

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی حدیث بیان کرو تو اس کے بارے میں وہی بات سوچو جو زیادہ بہتر' ہدایت کے زیادہ قریب اور زیادہ پرہیزگاری پر مشتمل ہو۔

**611**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِذَا حَدَّثْتُمْ شَيْئًا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَظُنُّوا بِهِ الَّذِي هُوَ اَهْدٰى وَالَّذِي هُوَ اَتْقٰى

وَالَّذِیْ هُوَ اَهْیَأُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں کوئی حدیث بیان کرو تو اس کے بارے میں وہی مفہوم مراد لو جو حدیث کے مطابق ہو اور پرہیزگاری کے قریب ہو اور زیادہ مناسب ہو۔

**612**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ صَالِحِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ اِذَا حَدَّثَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَذَبَ عَلَیَّ مُتَعَمِّدًا فَلْيَتَبَوَّاْ مَقْعَدَهُ مِنَ النَّارِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جب وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی بات بیان کرتے تھے تو یہ بھی ساتھ کہہ دیتے تھے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص جان بوجھ کر میری طرف کوئی جھوٹی بات منسوب کرے اسے جہنم میں اپنی مخصوص جگہ پر پہنچنے کے لئے تیار رہنا چاہیے۔

**613**- فَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِذَا حَدَّثَ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمُوْنِیْ اُحَدِّثُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ تَجِدُوْهُ فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ اَوْ حَسَنًا عِنْدَ النَّاسِ فَاعْلَمُوْا اَنِّیْ قَدْ كَذَبْتُ عَلَيْهِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما جب کوئی حدیث بیان کرتے تھے تو ساتھ یہ کہا کرتے تھے جب تم مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی ایسی حدیث بیان کرتے ہوئے سنو جسے تم اللہ کی کتاب میں بھی نہ پاؤ اور لوگ بھی اسے اچھا نہ سمجھتے ہوں تو یہ بات جان لو کہ میں نے آپ کے حوالے سے جھوٹی بات بیان کی تھی۔

**614**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عِمْرَانَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ اِنَّ اَزْهَدَ النَّاسِ فِیْ عَالِمٍ اَهْلُهُ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: لوگوں میں سب سے زیادہ زاہد وہ شخص ہے جو عالم ہو۔

## بَابُ مُذَاكَرَةِ الْعِلْمِ
## باب 51: علمی مذاکرہ کرنا

**615**- اَخْبَرَنَا اَسَدُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْجُرَيْرِیِّ وَاَبِیْ مَسْلَمَةَ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ الْحَدِيْثَ يُهَيِّجُ الْحَدِيْثَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حدیث کے بارے میں مذاکرہ کیا کرو کیونکہ ایک حدیث دوسری حدیث کو یاد دلا دیتی ہے۔

**616**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ الْحَدِيْثَ يُهَيِّجُ الْحَدِيْثَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حدیث کے بارے میں مذاکرہ کیا کرو کیونکہ ایک حدیث دوسری حدیث کو

یاددلادیتی ہے۔

**617**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ الْحَدِيْثَ يُهَيِّجُ الْحَدِيْثَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حدیث کے بارے میں مذاکرہ کیا کرو کیونکہ ایک حدیث دوسری حدیث کو یاددلادیتی ہے۔

**618**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِىْ مُعَاوِيَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ کے قول کے طور پر منقول ہے۔

**619**- وَّابْنِ عُلَيَّةَ عَنِ الْجُرَيْرِىِّ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوسعید رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

**620**- اَخْبَرَنَا وَاَبُوْ مَسْلَمَةَ يَعْنِىْ ' عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ' عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ وَفِيْهِ كَلَامٌ اَكْثَرُ مِنْ هٰذَا

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں کلام کچھ زیادہ ہے۔

**621**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو قَالَ قَالَ لِىْ طَاوُسٌ اذْهَبْ بِنَا نُجَالِسِ النَّاسَ

☆☆ عمرو بیان کرتے ہیں طاؤس نے مجھ سے کہا چلو ہم لوگوں کے پاس جاکر بیٹھتے ہیں (اوران سے علم حاصل کرتے ہیں یا ان سے علمی گفتگو کرتے ہیں)

**622**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقُمِّىُّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ اَبِى الْمُغِيْرَةِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَذَاكَرُوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ لَا يَنْفَلِتْ مِنْكُمْ فَاِنَّهٗ لَيْسَ مِثْلَ الْقُرْاٰنِ مَجْمُوْعٌ مَّحْفُوْظٌ وَّاِنَّكُمْ اِنْ لَّمْ تَذَاكَرُوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ يَنْفَلِتْ مِنْكُمْ وَلَا يَقُوْلَنَّ اَحَدُكُمْ حَدَّثْتُ اَمْسِ فَلَا اُحَدِّثُ الْيَوْمَ بَلْ حَدِّثْ اَمْسِ وَلْتُحَدِّثِ الْيَوْمَ وَلْتُحَدِّثْ غَدًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' تم لوگ حدیث کے بارے میں مذاکراہ کیا کرو' کہیں ایسا نہ ہو کہ یہ تم سے رہ جائیں کیونکہ یہ قرآن کی مانند نہیں ہیں جنہیں جمع کر دیا گیا ہو اور محفوظ کر دیا گیا ہو۔ اگر تم حدیث کا مذاکرہ نہیں کرو گے تو یہ تم سے رہ جائیں گی۔ تم میں سے کوئی بھی شخص یہ نہ کہے کہ میں نے کل یہ حدیث بیان کی تھی اس لئے آج بیان نہیں کروں گا بلکہ کل جو تم نے حدیث بیان کی تھی آج بھی کرو اور آنے والے کل میں بھی کرو۔

**623**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِىٍّ حَدَّثَنِىْ جَعْفَرُ بْنُ اَبِى الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ رُدُّوا الْحَدِيْثَ وَاسْتَذْكِرُوْهُ فَاِنَّهٗ اِنْ لَّمْ تَذْكُرُوْهُ ذَهَبَ وَلَا يَقُوْلَنَّ رَجُلٌ لِّحَدِيْثٍ قَدْ حَدَّثَهٗ قَدْ حَدَّثْتُهٗ مَرَّةً فَاِنَّهٗ مَنْ كَانَ سَمِعَهٗ يَزْدَادُ بِهٖ عِلْمًا وَّيَسْمَعُ مَنْ لَّمْ يَسْمَعْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حدیث کو دہراؤ اور اس کا مذاکراہ کرو کیونکہ اگر تم اس کا مذاکرہ نہیں کرو گے تو وہ رخصت ہو جائے گی۔ کوئی بھی شخص کسی حدیث کے بارے میں یہ بیان نہ کرے کہ میں اس حدیث کو بیان کر چکا ہوں یا میں اسے ایک

مرتبہ بیان کر چکا ہوں کیونکہ جو شخص بھی اس حدیث کو سنے گا اس کے علم میں اضافہ ہوگا اور اسے کوئی ایسا شخص بھی سن سکتا ہے' جس نے وہ پہلے نہ سنی ہو۔

**624**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لَيْلٰى قَالَ تَذَاكَرُوْا فَاِنَّ اِحْيَاءَ الْحَدِيْثِ مُذَاكَرَتُهُ

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ بیان کرتے ہیں: حدیث کا مذاکرہ کرو کیونکہ مذاکرے کے ذریعے ہی حدیث کو زندہ رکھا جا سکتا ہے۔

**625**- اَخْبَرَنَا قَبِيْصَةُ وَمُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَا حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ قَالَ تَذَاكَرُوا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ ذِكْرَهُ حَيَاتُهُ

☆☆ علقمہ بیان کرتے ہیں' حدیث کا مذاکرہ کرو کیونکہ اس کا ذکر کرنا ہی اس کی زندگی ہے۔

**626**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ قُدَامَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ كَانَ ابْنُ شِهَابٍ يُحَدِّثُ الْاَعْرَابَ

☆☆ زیاد بن سعد بیان کرتے ہیں' ابن شہاب دیہاتی لوگوں کے سامنے حدیث بیان کیا کرتے تھے۔

**627**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَنْبَاَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ كَانَ اِسْمٰعِيْلُ بْنُ رَجَاءٍ يَجْمَعُ صِبْيَانَ الْكُتَّابِ يُحَدِّثُهُمْ يَتَحَفَّظُ بِذَاكَ

☆☆ اعمش فرماتے ہیں' اسمٰعیل بن رجاء مدرسے کے بچوں کو اکٹھا کر کے ان کے سامنے حدیث بیان کیا کرتے تھے یوں وہ خود ان احادیث کو یاد رکھتے تھے۔

**628**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّقَرِيِّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ حَدِّثْ حَدِيْثَكَ مَنْ يَّشْتَهِيْهِ وَمَنْ لَّا يَشْتَهِيْهِ فَاِنَّهُ يَصِيْرُ عِنْدَكَ كَاَنَّهُ اِمَامٌ تَقْرَؤُهُ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: تم سب لوگوں کے سامنے حدیث بیان کرو خواہ انہیں اس کی خواہش ہو یا اس کی خواہش نہ ہو' کیونکہ اس طرح وہ حدیث تمہارے سامنے یوں ہوگی جیسے تمہارے سامنے کوئی تحریر ہے جسے تم پڑھ رہے ہو۔

**629**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا سَمِعْتُمْ مِنَّا حَدِيْثًا فَتَذَاكَرُوْهُ بَيْنَكُمْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب تم مجھ سے کوئی حدیث سنو تو اس کی آپس میں تکرار کیا کرو۔

**630**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ مَعْمَرٍ عَنْ هُشَيْمٍ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ قَالَ كُنَّا نَاْتِي الْحَسَنَ فَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهٖ تَذَاكَرْنَا بَيْنَنَا

☆☆ یونس بیان کرتے ہیں' ہم حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کی خدمت میں آیا کرتے تھے اور جب ان کے پاس سے اُٹھ کر واپس آتے تھے تو آپس میں اس حدیث کی تکرار کرتے تھے۔

**631**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وَهْبٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حُنَيْنِ بْنِ اَبِيْ حَكِيْمٍ

عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا اَرَادَ اَحَدُكُمْ اَنْ يَرْوِيَ حَدِيثًا فَلْيُرَدِّدْهُ ثَلَاثًا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں جب کوئی شخص حدیث روایت کرنا چاہتا ہو تو اسے تین مرتبہ دہرائے۔

632- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى قَالَ اِحْيَاءُ الْحَدِيثِ مُذَاكَرَتُهُ فَقَالَ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَدَّادٍ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ كَمْ مِنْ حَدِيثٍ اَحْيَيْتَهُ فِي صَدْرِي كَانَ قَدْ مَاتَ

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ فرماتے ہیں حدیث کا مذاکرہ کرنا اسے زندہ رکھنے کے مترادف ہے۔
عبداللہ بن شداد نے ان سے کہا اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے آپ نے میرے سینے میں ایسی کتنی ہی حدیثوں کو زندہ کیا جو فوت ہو چکی تھیں (یعنی بھول چکی تھیں)

633- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كَانَ الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ الْعُكْلِيُّ وَابْنُ شُبْرُمَةَ وَالْقَعْقَاعُ بْنُ يَزِيدَ وَمُغِيرَةُ اِذَا صَلَّوْا الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ جَلَسُوْا فِي الْفِقْهِ فَلَمْ يُفَرِّقْ بَيْنَهُمْ اِلَّا اَذَانُ الصُّبْحِ

☆☆ محمد بن فضیل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حارث بن یزید عکلی' ابن شبرمہ' قعقاع بن یزید اور مغیرہ' یہ سب حضرات جب عشاء کی نماز پڑھ لیتے تھے تو بیٹھ کر علمی گفتگو شروع کر دیتے تھے اور صبح کی اذان تک یہی کام کرتے رہتے تھے۔

634- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ قَالَ سَمِعْتُ شَرِيكًا ذَكَرَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَاءٍ وَطَاوُسٍ وَمُجَاهِدٍ قَالَ عَنِ اثْنَيْنِ مِنْهُمْ لَا بَاْسَ بِالسَّمَرِ فِي الْفِقْهِ

☆☆ لیث بیان کرتے ہیں: عطاء' طاؤس اور مجاہد میں سے دو حضرات کے بارے میں منقول ہے کہ یہ لوگ رات کے وقت علمی گفتگو کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

635- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَا بَاْسَ بِالسَّمَرِ فِي الْفِقْهِ

☆☆ مجاہد کے بارے میں منقول ہے کہ یہ رات کے وقت علمی گفتگو کے بارے میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

636- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ تَدَارُسُ الْعِلْمِ سَاعَةً مِنَ اللَّيْلِ خَيْرٌ مِنْ اِحْيَائِهَا

☆☆ ابن جریج بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں رات کے کچھ حصے میں علم کی درس و تدریس ساری رات نوافل پڑھنے سے بہتر ہے۔

637- اَخْبَرَنَا اَبُو مَعْمَرٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى عَنْ هُشَيْمٍ اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كُنَّا نَاْتِي جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَاِذَا خَرَجْنَا مِنْ عِنْدِهِ تَذَاكَرْنَا فَكَانَ اَبُو الزُّبَيْرِ اَحْفَظَنَا لِحَدِيثِهِ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں' ہم حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی خدمت میں حاضر ہوئے جب ان کے پاس سے اٹھ کر آئے آپس میں تکرار کرنے لگے۔ ابوزبیر ہم میں سے سب سے زیادہ ان کی احادیث کے حافظ تھے۔

638- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ سَمِعْتُ اللَّيْثَ بْنَ سَعْدٍ يَقُولُ تَذَاكَرَ ابْنُ شِهَابٍ لَيْلَةً بَعْدَ الْعِشَاءِ حَدِيثًا وَهُوَ جَالِسٌ مُتَوَضِّئًا قَالَ فَمَا زَالَ ذٰلِكَ مَجْلِسَهُ حَتّٰى اَصْبَحَ قَالَ مَرْوَانُ جَعَلَ يَتَذَاكَرُ الْحَدِيثَ

☆☆ لیث بن سعد بیان کرتے ہیں ایک رات عشاء کے بعد ابن شہاب کو ایک حدیث یاد آئی وہ اس وقت بیٹھے وضو کر رہے تھے تو وہ اسی حالت میں بیٹھے رہے یہاں تک کہ صبح ہوگئی۔

مروان نامی راوی کہتے ہیں وہ اس حدیث کی تکرار کرتے رہے۔

**639**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ كُنْتُ اِذَا لَقِيْتُ عُبَيْدَ اللّٰهِ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَكَاَنَّمَا اُفَجِّرُ بِهٖ بَحْرًا

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں میں جب عبیداللہ بن عبداللہ سے ملتا تھا تو یوں لگتا تھا جیسے میں نے سمندر کا منہ کھول دیا ہے۔

**640**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ الْحَارِثُ الْعُكْلِيُّ وَاَصْحَابُهُ يَتَجَالَسُوْنَ بِاللَّيْلِ وَيَذْكُرُوْنَ الْفِقْهَ

☆☆ عثمان بن عبداللہ بیان کرتے ہیں حارث عکلی اور ان کے ساتھی رات بھر بیٹھے ہوئے علمی بحث وتمحیص کرتے رہتے تھے۔

**641**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيْهِ اَوْ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تَذَاكَرُوْا هٰذَا الْحَدِيْثَ فَاِنَّ حَيَاتَهٗ مُذَاكَرَتُهٗ

☆☆ عبداللہ بیان کرتے ہیں حدیث کی تکرار کرتے رہو کیونکہ اس کی زندگی اس کی تکرار میں ہے۔

**642**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ عَوْنٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ لِاَصْحَابِهٖ حِيْنَ قَدِمُوْا عَلَيْهِ هَلْ تَجَالَسُوْنَ قَالُوْا لَيْسَ نَتْرُكُ وَذَاكَ قَالَ فَهَلْ تَزَاوَرُوْنَ قَالُوْا نَعَمْ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّ الرَّجُلَ مِنَّا لَيَفْقِدُ اَخَاهُ فَيَمْشِيْ فِيْ طَلَبِهٖ اِلٰى اَقْصَى الْكُوْفَةِ حَتّٰى يَلْقَاهُ قَالَ فَاِنَّكُمْ لَنْ تَزَالُوْا بِخَيْرٍ مَّا فَعَلْتُمْ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں سے یہ کہا کرتے تھے جب وہ لوگ ان کی خدمت میں حاضر ہوتے تھے کیا تم لوگ ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھتے ہو۔ وہ جواب دیتے ہم نے اس کام کو ترک نہیں کیا۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ دریافت کرتے کیا تم ایک دوسرے سے ملنے جاتے ہو وہ جواب دیتے کہ جی ہاں اے عبدالرحمن! اگر ہم میں سے کسی ایک شخص کا بھائی نہ آئے تو وہ اس کی تلاش میں کوفہ کے دور دراز کے حصے تک چلا جاتا ہے یہاں تک کہ اس سے ملاقات کرتا ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا جب تک تم یہ کام کرتے رہو گے بھلائی پر گامزن رہو گے۔

**643**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ وَتَرْكُ الْمُذَاكَرَةِ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں علم کی آفت بھول جانا اور تکرار ترک کرنا ہے۔

**644**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَنْبَاَنَا اَبُوْ عُمَيْسٍ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اٰفَةُ الْحَدِيْثِ النِّسْيَانُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: حدیث کی آفت بھول جانا ہے۔

**645**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ طَارِقٍ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ جَابِرٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ لِكُلِّ

شَیْءٍ اٰفَةٌ وَّ آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ہر چیز کی کوئی آفت ہوتی ہے اور علم کی آفت بھول جانا ہے۔

**646**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اٰفَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ وَاِضَاعَتُهٗ اَنْ تُحَدِّثَ بِهٖ غَیْرَ اَهْلِهٖ

☆☆ اعمش روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے علم کی بربادی اسے بھول جانا ہے اور علم کو ضائع کرنا یہ ہے کہ تم نا اہل شخص کے سامنے اسے بیان کرو۔

**647**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنْبَانَا اَبُوْ حَمْزَةَ الثُّمَالِیُّ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ غَائِلَةُ الْعِلْمِ النِّسْیَانُ

☆☆ حضرت حسن رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: علم کی خرابی اسے بھول جانا ہے۔

**648**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا کَهْمَسٌ عَنِ ابْنِ بُرَیْدَةَ قَالَ قَالَ عَلِیٌّ تَذَاکَرُوْا هٰذَا الْحَدِیْثَ وَتَزَاوَرُوْا فَاِنَّکُمْ اِنْ لَّمْ تَفْعَلُوْا یَدْرُسْ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: حدیث کی تکرار کرتے رہو اور ایک دوسرے سے ملتے رہو کیونکہ اگر تم ایسا نہیں کرو گے تو یہ علم ختم ہو جائے گا۔

**649**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَکَمِ قَالَ سَمِعْتُ سُفْیَانَ یَقُوْلُ قَالَ الزُّهْرِیُّ کُنْتُ اَحْسَبُ بِاَنِّیْ اَصَبْتُ مِنَ الْعِلْمِ فَجَالَسْتُ عُبَیْدَ اللّٰهِ فَکَاَنِّیْ کُنْتُ فِیْ شِعْبٍ مِّنَ الشِّعَابِ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں پہلے میں یہ سمجھتا تھا کہ میں نے علم حاصل کر لیا ہے لیکن جب میں حضرت عبیداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا تو مجھے یوں محسوس ہوا جیسے ایک گھاٹی میں تھا (اور اب کھلے میدان میں آ گیا ہوں)

## بَابُ اخْتِلَافِ الْفُقَهَاءِ

## باب 52: اہل علم کا اختلاف

**650**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حُمَیْدٍ قَالَ قِیْلَ لِعُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِیْزِ لَوْ جَمَعْتَ النَّاسَ عَلٰی شَیْءٍ فَقَالَ مَا یَسُرُّنِیْ اَنَّهُمْ لَمْ یَخْتَلِفُوْا قَالَ ثُمَّ کَتَبَ اِلَی الْاٰفَاقِ وَاِلَی الْاَمْصَارِ لِیَقْضِ کُلُّ قَوْمٍ بِمَا اجْتَمَعَ عَلَیْهِ فُقَهَاؤُهُمْ

☆☆ حمید بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ سے کہا: اگر آپ لوگوں کو ایک بات پر اکٹھا کر لیں (تو یہ مناسب ہوگا) انہوں نے جواب دیا: مجھے بھی یہ بات پسند نہیں ہے کہ ان کے درمیان اختلاف ہو۔ حمید بیان کرتے ہیں پھر حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے تمام شہروں اور علاقوں میں یہ خط لکھا کہ ہر علاقے کے لوگ اسی کے مطابق فتویٰ دیں جس پر ان کے اہل علم کا اتفاق ہو۔

حدیث 646: "مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 26139

**651**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنْ عَوْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا اُحِبُّ اَنَّ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَخْتَلِفُوا فَاِنَّهُمْ لَوِ اجْتَمَعُوْا عَلٰى شَيْءٍ فَتَرَكَهُ رَجُلٌ تَرَكَ السُّنَّةَ وَلَوِ اخْتَلَفُوا فَاَخَذَ رَجُلٌ بِقَوْلِ اَحَدٍ اَخَذَ بِالسُّنَّةِ

☆☆ عون بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' مجھے یہ بات پسند نہیں کہ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے درمیان اختلاف نہ ہوتا اس لئے کہ اگر وہ سب لوگ کسی بات پر اکٹھے ہو جاتے اور پھر کوئی شخص اس بات کو ترک کرتا تو اس نے سنت کو ترک کرنا تھا' لیکن اب اگر ان کے درمیان اختلاف ہو اور کوئی ایک شخص ان میں سے کسی ایک قول کو اختیار کر لے تو اس نے سنت پر عمل کیا۔

**652**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ رُبَّمَا رَاٰى ابْنُ عَبَّاسٍ الرَّاْىَ ثُمَّ تَرَكَهُ

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں' بعض اوقات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایک رائے قائم کرتے تھے اور پھر اسے ترک کر دیتے تھے۔

**653**- اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَنْبَاَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ قَالَ قَالَ لِيْ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ اِنَّ عُمَرَ قَالَ لِيْ اِنِّيْ قَدْ رَاَيْتُ فِي الْجَدِّ رَاْيًا فَاِنْ رَاَيْتُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْهُ فَاتَّبِعُوْهُ قَالَ عُثْمَانُ اِنْ نَتَّبِعْ رَاْيَكَ فَاِنَّهُ رَشَدٌ وَّاِنْ نَتَّبِعْ رَاْىَ الشَّيْخِ قَبْلَكَ فَنِعْمَ ذُو الرَّاْيِ كَانَ قَالَ وَكَانَ اَبُوْ بَكْرٍ يَجْعَلُهُ اَبًا

☆☆ مروان بن حکم فرماتے ہیں: حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھ سے یہ کہا دادا (کی وراثت کے بارے میں) میری ایک رائے ہے اگر آپ مناسب سمجھیں تو اس کی پیروی کریں۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے کہا اگر ہم آپ کی رائے کی پیروی کرتے ہیں تو یہ بھی ہدایت کے مطابق ہے اور اگر ہم اس بزرگ کی رائے کی پیروی کرتے ہیں جو آپ سے پہلے تھے تو وہ بڑی بہترین رائے کے مالک تھے۔ راوی بیان کرتے ہیں وہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے جنہوں نے اسے (دادا) باپ قرار دیا تھا۔

## بَابٌ فِي الْعَرْضِ

## باب 53: استاد کے سامنے حدیث پڑھ کر سنانا

**654**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ قَالَ عَرَضْتُ عَلَى الشَّعْبِيِّ اَحَادِيْثَ الْفِقْهِ فَاَجَازَهَا لِيْ

☆☆ عاصم بیان کرتے ہیں میں نے شعبی کے سامنے فقہ سے متعلق بہت سی احادیث پڑھ کر سنائیں انہوں نے مجھے ان کی اجازت دی۔

**655**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ قُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِرَجُلٍ مَرَّ فِي الْمَسْجِدِ بِسِهَامٍ اَمْسِكْ بِنِصَالِهَا قَالَ نَعَمْ

☆☆ سفیان کہتے ہیں میں نے عمرو بن دینار سے کہا کیا آپ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کی زبانی یہ بات سنی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مسجد میں سے تیر لے کر گزرنے والے ایک شخص سے یہ کہا تھا کہ اس کی پیکان تھام کر رکھو تو انہوں نے جواب دیا: ہاں۔

**656**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ اَسَمِعْتَ اَبَاكَ يُحَدِّثُ

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ قَالَ نَعَمْ

☆☆ سفیان کہتے ہیں میں نے عبدالرحمٰن بن قاسم سے دریافت کیا' کیا آپ نے اپنے والد کو سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے یہ حدیث روایت کرتے ہوئے سنا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں ان کا بوسہ لے لیا کرتے تھے' انہوں نے جواب دیا: ہاں۔

**657**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا مِسْكِيْنُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ مَنْصُوْرٌ بِحَدِيْثٍ فَلَقِيْتُهُ فَقُلْتُ اُحَدِّثُ بِهِ عَنْكَ قَالَ اَوَ لَيْسَ اِذَا كَتَبْتُ اِلَيْكَ فَقَدْ حَدَّثْتُكَ

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں' منصور نے مجھے خط کے ذریعے ایک حدیث بھیجی' میری جب ان سے ملاقات ہوئی تو میں نے یہ دریافت کیا کیا میں وہ حدیث آپ کے حوالے سے بیان کرسکتا ہوں تو انہوں نے فرمایا جب میں نے تمہاری طرف اسے لکھ کر بھیج دیا ہے تو کیا اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ میں نے تمہارے سامنے حدیث بیان کردی ہے۔

**658**-قَالَ وَسَاَلْتُ اَيُّوْبَ السَّخْتِيَانِيَّ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں میں نے ایوب سختیانی سے یہی سوال کیا تو انہوں نے بھی ایسا ہی جواب دیا۔

**659**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَّعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ عَرَضْتُ عَلَيْهِ كِتَابًا فَقُلْتُ اَرْوِيهِ عَنْكَ قَالَ وَمَنْ حَدَّثَكَ بِهِ غَيْرِيْ

☆☆ معمر بیان کرتے ہیں میں نے زہری کے سامنے ایک تحریر پڑھ کر سنائی اور پھر دریافت کیا کیا میں اسے آپ کے حوالے سے روایت کرسکتا ہوں انہوں نے جواب دیا' تمہیں میرے علاوہ اور کس نے یہ حدیث سنائی ہے۔

**660**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ مَّوْلَى الْمُزَنِيِّيْنَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عَرْضُ الْكِتَابِ وَالْحَدِيْثُ سَوَاءٌ

☆☆ ہشام بن عروہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' تحریر پڑھ کر سنانا یا حدیث بیان کرنا ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

**661**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عَرْضُ الْكِتَابِ وَالْحَدِيْثُ سَوَاءٌ

☆☆ امام جعفر صادق اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' تحریر پڑھ کر سنانا اور حدیث سنانا ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

**662**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ كَانَ زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ يَرَى عَرْضَ الْكِتَابِ وَالْحَدِيْثَ سَوَاءً وَّكَانَ ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ يَّرَى ذٰلِكَ

☆☆ داؤد بن عطا بیان کرتے ہیں زید بن اسلم کی یہ رائے تھی کہ تحریر پڑھ کر سنانا اور حدیث بیان کرنا ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

ابن ابی ذئب بھی اسی رائے کے مالک تھے۔

**663**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ عَنْ مَّالِكِ بْنِ اَنَسٍ اَنَّهُ كَانَ يَرَى الْعَرْضَ وَالْحَدِيْثَ سَوَاءً

☆☆ امام مالک بن انس فرماتے ہیں: حدیث پڑھ کرسنانا اور حدیث سنانا ایک جیسی حیثیت رکھتے ہیں۔

## بَابُ الرَّجُلِ يُفْتِيْ بِشَيْءٍ ثُمَّ يَبْلُغُهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَرْجِعُ اِلٰى قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 54: ایک شخص جب کوئی فتویٰ دے اور پھر اسے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے کسی حدیث کا پتہ چلے تو اسے نبی اکرم ﷺ کے فرمان کی طرف رجوع کرنا چاہیے

**664**- اَخْبَرَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيمُ يَقُولُ يَقُوْمُ عَنْ يَسَارِهِ فَحَدَّثْتُهُ عَنْ سُمَيْعٍ الزَّيَّاتِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقَامَهُ عَنْ يَمِينِهِ فَاَخَذَ بِهِ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں ابراہیم نخعی یہ فتویٰ دیتے تھے کہ ایک مقتدی امام کے بائیں طرف کھڑا ہوگا میں نے سمیع الزیات کے حوالے سے انہیں یہ حدیث سنائی کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے انہیں اپنے دائیں طرف کھڑا کیا تھا تو ابراہیم نخعی نے اس حدیث کو اختیار کرلیا۔

**665**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ عَنْبَسَةَ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ زَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ عَقَّارِ بْنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ نَشَدَ عُمَرُ النَّاسَ اَسَمِعَ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَدٌ مِّنْكُمْ فِي الْجَنِيْنِ فَقَامَ الْمُغِيْرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَقَالَ قَضٰى فِيْهِ عَبْدًا اَوْ اَمَةً فَنَشَدَ النَّاسَ اَيْضًا فَقَامَ الْمَقْضِيُّ لَهُ فَقَالَ قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِيْ بِهٖ عَبْدًا اَوْ اَمَةً فَنَشَدَ النَّاسَ اَيْضًا فَقَامَ الْمَقْضِيُّ عَلَيْهِ فَقَالَ قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَيَّ غُرَّةً عَبْدًا اَوْ اَمَةً فَقُلْتُ اَتَقْضِيْ عَلَيَّ فِيْهِ فِيْمَا لَا اَكَلَ وَلَا شَرِبَ وَلَا اسْتَهَلَّ

---

حدیث 665: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 6510

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1689

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4570

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 4739

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2640

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 16775

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 6460

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 7020

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 16189

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 507

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 29063

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 18342

وَلَا نَطَقَ اَنْ تُطِلَّهُ فَهُوَ اَحَقُّ مَا يُطَلُّ فَهَمَّ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ بِشَيْءٍ مَعَهُ فَقَالَ اَشِعْرٌ فَقَالَ عُمَرُ لَوْلَا مَا بَلَغَنِي مِنْ قَضَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَجَعَلْتُهُ دِيَةً بَيْنَ دِيَتَيْنِ

☆☆ عقار بن مغیرہ اپنے والد حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں سے قسم دے کر دریافت کیا کہ کیا کسی شخص نے یا کیا آپ میں سے کسی شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی پیٹ کے بچے کے بارے میں کوئی حکم سنا ہے تو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور بولے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں ایک غلام یا کنیز ادا کرنے کا فیصلہ دیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو یہ قسم دے کر دریافت کیا تو جس شخص کے حق میں فیصلہ ہوا تھا اس نے یہ بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے حق میں ایک غلام یا کنیز کی ادائیگی کا فیصلہ دیا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پھر لوگوں کو قسم دی تو جس شخص کے خلاف فیصلہ ہوا تھا اس نے یہ بتایا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے اوپر ادائیگی لازم کی تھی جو ایک غلام یا کنیز تھی تو میں نے عرض کی تھی کیا آپ میرے خلاف اس بچے کے بارے میں فیصلہ دے رہے ہیں جس نے نہ کچھ کھایا نہ کچھ پیا۔ نہ وہ چلا کر رویا نہ وہ کچھ بولا اس طرح کا خون تو اس بات کا حقدار ہے کہ وہ ضائع جائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی چیز کے ذریعے ان کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا تھا کیا تم شاعری کر رہے ہو تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا اگر مجھے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کا پتا نہ چلتا تو میں ایسے بچے کی دیت دو طرح کی دیت کے درمیان کی دیت مقرر کرتا۔

**666**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ كَانَ سَلَّامٌ يَذْكُرُ عَنْ اَيُّوبَ قَالَ اِذَا اَرَدْتَ اَنْ تَعْرِفَ خَطَاَ مُعَلِّمِكَ فَجَالِسْ غَيْرَهُ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں: جب تمہیں کسی تعلیم دینے والے کی غلطی کا پتہ چلے تو اٹھ کر کسی اور کی محفل میں چلے جاؤ۔

**667**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ قَالَ تَذَاكَرْنَا بِمَكَّةَ الرَّجُلَ يَمُوتُ فَقُلْتُ عِدَّتُهَا مِنْ يَوْمِ يَاْتِيهَا الْخَبَرُ لِقَوْلِ الْحَسَنِ وَقَتَادَةَ وَاَصْحَابِنَا قَالَ فَلَقِيَنِي طَلْقُ بْنُ حَبِيبٍ الْعَنَزِيُّ فَقَالَ اِنَّكَ عَلَيَّ كَرِيمٌ وَاِنَّكَ مِنْ اَهْلِ بَلَدِ الْعَيْنُ اِلَيْهِمْ سَرِيعَةٌ وَاِنِّي لَسْتُ آمَنُ عَلَيْكَ وَاِنَّكَ قُلْتَ قَوْلًا هَا هُنَا خِلَافَ قَوْلِ اَهْلِ الْبَلَدِ وَلَسْتُ آمَنُ فَقُلْتُ وَفِي ذَا اخْتِلَافٌ قَالَ نَعَمْ عِدَّتُهَا مِنْ يَوْمِ يَمُوتُ فَلَقِيتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ عِدَّتُهَا مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ قَالَ وَسَاَلْتُ مُجَاهِدًا فَقَالَ عِدَّتُهَا مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ وَسَاَلْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ فَقَالَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ وَسَاَلْتُ اَبَا قِلَابَةَ فَقَالَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ وَسَاَلْتُ مُحَمَّدَ بْنَ سِيرِينَ فَقَالَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ وَحَدَّثَنِي نَافِعٌ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا قَالَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ وَ سَمِعْتُ عِكْرِمَةَ يَقُولُ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ قَالَ وَقَالَ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ قَالَ وَكَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ قَالَ حَمَّادٌ وَسَمِعْتُ لَيْثًا حَدَّثَ عَنِ الْحَكَمِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَسْعُودٍ قَالَ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ قَالَ تُوُفِّيَ عَلِيٌّ مِنْ يَوْمِ يَاْتِيهَا الْخَبَرُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَقُولُ مِنْ يَوْمِ تُوُفِّيَ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں ہم مکہ میں ایک ایسے شخص کا ذکر کر رہے تھے جو فوت ہو چکا تھا' میں نے کہا کہ اس کی بیوی کی عدت اس دن سے شروع ہوگی جب اس شخص کی وفات کی اطلاع ملے گی کیونکہ حسن بصری' قتادہ اور ہمارے مشائخ کی یہی رائے ہے۔ ایوب بیان کرتے ہیں پھر میری ملاقات طلق بن حبیب عنزی سے ہوئی تو وہ بولے آپ مجھ پر بڑے مہربان ہیں۔ آپ اس علاقے سے تعلق

رکھتے ہیں' جن کی طرف لوگوں کی نظریں تیزی سے جاتی ہیں اور میں آپ کے بارے میں امن میں نہیں ہوں اس نے یہ بھی کہا کہ آپ نے یہاں ایک بات کہی ہے جو اس شہر کے اہل علم کے قول کے خلاف ہے' اس لئے میں مطمئن نہیں ہوں میں نے دریافت کیا کیا اس کے بارے میں اختلاف ہے اس نے جواب دیا۔ جی ہاں' اس عورت کی عدت اس دن سے شروع ہوگی جب وہ شخص فوت ہوا تھا کیونکہ میری ملاقات حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ سے ہوئی تھی اور میں نے ان سے یہی سوال کیا تھا تو انہوں نے یہ جواب دیا تھا کہ اس عورت کی عدت اس دن سے شروع ہوگی جب وہ مرد فوت ہوا تھا' پھر میں نے مجاہد سے سوال کیا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ عورت کی عدت اس دن سے شروع ہوگی جب وہ مرد فوت ہوا تھا پھر میں نے عطاء بن ابی رباح سے سوال کیا تھا انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ جس دن مرد کا انتقال ہوا تھا' پھر میں نے ابوقلابہ سے سوال کیا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ وفات کے دن سے ہوگی پھر میں نے محمد بن سیرین سے سوال کیا تو انہوں نے بھی یہی جواب دیا کہ وفات کے دن سے ہوگی۔

انہوں نے یہ بھی بتایا کہ نافع نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے بھی یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ اس دن سے شروع ہوگی جس دن مرد کا انتقال ہوا تھا۔

میں نے عکرمہ کو بھی یہی کہتے ہوئے سنا ہے کہ وفات کے دن سے آغاز ہوگا۔

حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ بھی یہی فرماتے ہیں کہ وفات کے دن سے آغاز ہوگا۔

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بھی یہی فتویٰ دیتے ہیں کہ وفات کے دن سے آغاز ہوگا۔

حماد بیان کرتے ہیں میں نے لیث کو حکم کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ وفات کے دن سے آغاز ہوگا۔

وہ یہ بھی بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: جس دن اس کی وفات کی خبر آئے گی اس دن سے آغاز ہوگا۔

عبداللہ بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں تو میں نے بھی یہی فتویٰ دیا کہ وفات کے دن سے حساب شمار ہوگا۔

## بَابُ الرَّجُلُ يُفْتِيْ بِالشَّيْءِ ثُمَّ يَرٰى غَيْرَهُ

## باب 55: جو شخص کوئی فتویٰ دے اور پھر دوسری رائے مناسب سمجھے

**668**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ سِمَاكِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اَتَيْنَا عُمَرَ فِي الْمُشَرَّكَةِ فَلَمْ يُشَرِّكْ ثُمَّ اَتَيْنَاهُ الْعَامَ الْمُقْبِلَ فَشَرَّكَ فَقُلْنَا لَهُ فَقَالَ تِلْكَ عَلٰى مَا قَضَيْنَا وَهٰذِهٖ عَلٰى مَا قَضَيْنَا

☆☆ حکم بن مسعود بیان کرتے ہیں ہم ایک مشترکہ چیز کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے ہمیں اس کا شریک قرار نہیں دیا پھر ہم اگلے سال ان کی خدمت میں حاضر ہوئے تو انہوں نے ہمیں حصہ دار قرار دے دیا ہم نے ان سے اس بارے میں کہا تو انہوں نے جواب دیا: پہلے وہ حکم تھا جو ہمیں پہلے سمجھ میں آیا تھا اور یہ وہ حکم ہے جو اب ہمارے نزدیک بہتر ہے۔

# بَابٌ فِیْ اِعْظَامِ الْعِلْمِ

## باب 56: علم کی تعظیم

669- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ الْاَسْوَدُ قَالَ قَالَ ابْنُ مُنَبِّهٍ كَانَ اَهْلُ الْعِلْمِ فِيمَا مَضَى يَضَنُّونَ بِعِلْمِهِمْ عَنْ اَهْلِ الدُّنْيَا فَيَرْغَبُ اَهْلُ الدُّنْيَا فِي عِلْمِهِمْ فَيَبْذُلُونَ لَهُمْ دُنْيَاهُمْ وَاِنَّ اَهْلَ الْعِلْمِ الْيَوْمَ بَذَلُوا عِلْمَهُمْ لِاَهْلِ الدُّنْيَا فَزَهِدَ اَهْلُ الدُّنْيَا فِي عِلْمِهِمْ فَضَنُّوا عَلَيْهِمْ بِدُنْيَاهُمْ

☆☆ ابن منبہ بیان کرتے ہیں گزشتہ زمانے میں اہل علم اپنے علم کی وجہ سے دنیاداروں کے معاملے میں بخیل ہوتے تھے تو اہل دنیا ان کے علم کی وجہ سے ان کی طرف راغب ہوتے تھے اور اپنا دنیاوی مال و دولت ان پر خرچ کرتے تھے' آج کے اہل علم اپنا علم دنیا والوں پر خرچ کرتے ہیں لیکن اہل دنیا ان کے علم سے بے نیاز ہیں اور اپنی دنیاوی مال و دولت کے معاملے میں ان سے بخیلی کرتے ہیں۔

670- اَخْبَرَنَا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الْكُمَيْتِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ وَهْبٍ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا الضَّحَّاكُ ابْنُ مُوسَى قَالَ مَرَّ سُلَيْمَانُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ بِالْمَدِينَةِ وَهُوَ يُرِيدُ مَكَّةَ فَاَقَامَ بِهَا اَيَّامًا فَقَالَ هَلْ بِالْمَدِينَةِ اَحَدٌ اَدْرَكَ اَحَدًا مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا لَهُ اَبُو حَازِمٍ فَاَرْسَلَ اِلَيْهِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَيْهِ قَالَ لَهُ يَا اَبَا حَازِمٍ مَا هٰذَا الْجَفَاءُ قَالَ اَبُو حَازِمٍ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَاَيُّ جَفَاءٍ رَاَيْتَ مِنِّي قَالَ اَتَانِي وُجُوهُ اَهْلِ الْمَدِينَةِ وَلَمْ تَاْتِنِي قَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اُعِيذُكَ بِاللّٰهِ اَنْ تَقُولَ مَا لَمْ يَكُنْ مَا عَرَفْتَنِي قَبْلَ هٰذَا الْيَوْمِ وَلَا اَنَا رَاَيْتُكَ قَالَ فَالْتَفَتَ سُلَيْمَانُ اِلَى مُحَمَّدِ بْنِ شِهَابٍ الزُّهْرِيِّ فَقَالَ اَصَابَ الشَّيْخُ وَاَخْطَاْتُ قَالَ سُلَيْمَانُ يَا اَبَا حَازِمٍ مَا لَنَا نَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لِاَنَّكُمْ اَخْرَبْتُمُ الْاٰخِرَةَ وَعَمَّرْتُمُ الدُّنْيَا فَكَرِهْتُمْ اَنْ تَنْتَقِلُوا مِنَ الْعُمْرَانِ اِلَى الْخَرَابِ قَالَ اَصَبْتَ يَا اَبَا حَازِمٍ فَكَيْفَ الْقُدُومُ غَدًا عَلَى اللّٰهِ قَالَ اَمَّا الْمُحْسِنُ فَكَالْغَائِبِ يَقْدَمُ عَلَى اَهْلِهِ وَاَمَّا الْمُسِيءُ فَكَالْآبِقِ يَقْدَمُ عَلَى مَوْلَاهُ فَبَكَى سُلَيْمَانُ وَقَالَ لَيْتَ شِعْرِي مَا لَنَا عِنْدَ اللّٰهِ قَالَ اعْرِضْ عَمَلَكَ عَلَى كِتَابِ اللّٰهِ قَالَ وَاَيُّ مَكَانٍ اَجِدُهُ قَالَ (اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِي نَعِيمٍ وَاِنَّ الْفُجَّارَ لَفِي جَحِيمٍ) قَالَ سُلَيْمَانُ فَاَيْنَ رَحْمَةُ اللّٰهِ يَا اَبَا حَازِمٍ قَالَ اَبُو حَازِمٍ (رَحْمَةَ اللّٰهِ قَرِيبٌ مِنَ الْمُحْسِنِينَ) قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ يَا اَبَا حَازِمٍ فَاَيُّ عِبَادِ اللّٰهِ اَكْرَمُ قَالَ اُولُو الْمُرُوءَةِ وَالنُّهَى قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ فَاَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اَبُو حَازِمٍ اَدَاءُ الْفَرَائِضِ مَعَ اجْتِنَابِ الْمَحَارِمِ قَالَ سُلَيْمَانُ فَاَيُّ الدُّعَاءِ اَسْمَعُ قَالَ اَبُو حَازِمٍ دُعَاءُ الْمُحْسَنِ اِلَيْهِ لِلْمُحْسِنِ قَالَ فَاَيُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ قَالَ لِلسَّائِلِ الْبَائِسِ وَجُهْدُ الْمُقِلِّ لَيْسَ فِيهَا مَنٌّ وَلَا اَذًى قَالَ فَاَيُّ الْقَوْلِ اَعْدَلُ قَالَ قَوْلُ الْحَقِّ عِنْدَ مَنْ تَخَافُهُ اَوْ تَرْجُوهُ قَالَ فَاَيُّ الْمُؤْمِنِينَ اَكْيَسُ قَالَ رَجُلٌ عَمِلَ بِطَاعَةِ اللّٰهِ وَدَلَّ النَّاسَ عَلَيْهَا قَالَ فَاَيُّ الْمُؤْمِنِينَ اَحْمَقُ قَالَ رَجُلٌ انْحَطَّ فِي هَوَى اَخِيهِ وَهُوَ ظَالِمٌ فَبَاعَ آخِرَتَهُ بِدُنْيَا غَيْرِهِ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ اَصَبْتَ فَمَا تَقُولُ فِيمَا نَحْنُ فِيهِ قَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اَوَ تُعْفِينِي قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ لَا وَلٰكِنْ نَصِيحَةٌ تُلْقِيهَا اِلَيَّ قَالَ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اِنَّ آبَاءَكَ قَهَرُوا النَّاسَ بِالسَّيْفِ وَاَخَذُوا هٰذَا الْمُلْكَ عَنْوَةً عَلَى غَيْرِ مَشُورَةٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ وَلَا رِضَاهُمْ حَتَّى قَتَلُوا مِنْهُمْ مَقْتَلَةً عَظِيمَةً فَقَدِ ارْتَحَلُوا عَنْهَا فَلَوْ اُشْعِرْتَ مَا قَالُوا وَمَا

قِيلَ لَهُمْ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ جُلَسَائِهِ بِئْسَ مَا قُلْتَ يَا اَبَا حَازِمٍ قَالَ اَبُو حَازِمٍ كَذَبْتَ اِنَّ اللّٰهَ اَخَذَ مِيثَاقَ الْعُلَمَاءِ لَيُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا يَكْتُمُونَهُ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ فَكَيْفَ لَنَا اَنْ نُصْلِحَ قَالَ تَدَعُونَ الصَّلَفَ وَتُمْسِكُونَ بِالْمُرُوئَةِ وَتَقْسِمُونَ بِالسَّوِيَّةِ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ كَيْفَ لَنَا بِالْمَاخَذِ بِهِ قَالَ اَبُو حَازِمٍ تَاْخُذُهُ مِنْ حِلِّهِ وَتَضَعُهُ فِي اَهْلِهِ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ هَلْ لَكَ يَا اَبَا حَازِمٍ اَنْ تَصْحَبَنَا فَتُصِيبَ مِنَّا وَنُصِيبَ مِنْكَ قَالَ اَعُوذُ بِاللّٰهِ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ وَلِمَ ذَاكَ قَالَ اَخْشَى اَنْ اَرْكَنَ اِلَيْكُمْ شَيْئًا قَلِيلًا فَيُذِيقَنِي اللّٰهُ ضِعْفَ الْحَيَاةِ وَضِعْفَ الْمَمَاتِ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ ارْفَعْ اِلَيْنَا حَوَائِجَكَ قَالَ تُنْجِينِي مِنَ النَّارِ وَتُدْخِلُنِي الْجَنَّةَ قَالَ سُلَيْمَانُ لَيْسَ ذَاكَ اِلَيَّ قَالَ اَبُو حَازِمٍ فَمَا لِي اِلَيْكَ حَاجَةٌ غَيْرُهَا قَالَ فَادْعُ لِي قَالَ اَبُو حَازِمٍ اللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ سُلَيْمَانُ وَلِيَّكَ فَيَسِّرْهُ لِخَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَاِنْ كَانَ عَدُوَّكَ فَخُذْ بِنَاصِيَتِهِ اِلَى مَا تُحِبُّ وَتَرْضَى قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ قَطُّ قَالَ اَبُو حَازِمٍ قَدْ اَوْجَزْتُ وَاَكْثَرْتُ اِنْ كُنْتَ مِنْ اَهْلِهِ وَاِنْ لَمْ تَكُنْ مِنْ اَهْلِهِ فَمَا يَنْفَعُنِي اَنْ اَرْمِيَ عَنْ قَوْسٍ لَيْسَ لَهَا وَتَرٌ قَالَ لَهُ سُلَيْمَانُ اَوْصِنِي قَالَ سَاُوصِيكَ وَاُوجِزُ عَظِّمْ رَبَّكَ وَنَزِّهْهُ اَنْ يَرَاكَ حَيْثُ نَهَاكَ اَوْ يَفْقِدَكَ حَيْثُ اَمَرَكَ فَلَمَّا خَرَجَ مِنْ عِنْدِهِ بَعَثَ اِلَيْهِ بِمِائَةِ دِينَارٍ وَكَتَبَ اِلَيْهِ اَنْ اَنْفِقْهَا وَلَكَ عِنْدِي مِثْلُهَا كَثِيرٌ قَالَ فَرَدَّهَا عَلَيْهِ وَكَتَبَ اِلَيْهِ يَا اَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ اُعِيذُكَ بِاللّٰهِ اَنْ يَكُونَ سُؤَالُكَ اِيَّايَ هَزْلًا اَوْ رَدِّي عَلَيْكَ بَذْلًا وَمَا اَرْضَاهَا لَكَ فَكَيْفَ اَرْضَاهَا لِنَفْسِي وَكَتَبَ اِلَيْهِ اِنَّ مُوسَى بْنَ عِمْرَانَ لَمَّا وَرَدَ مَاءَ مَدْيَنَ وَجَدَ عَلَيْهَا رِعَاءً يَسْقُونَ وَوَجَدَ مِنْ دُونِهِمْ جَارِيَتَيْنِ تَذُودَانِ فَسَاَلَهُمَا فَقَالَتَا (لَا نَسْقِي حَتَّى يُصْدِرَ الرِّعَاءُ وَاَبُونَا شَيْخٌ كَبِيرٌ فَسَقَى لَهُمَا ثُمَّ تَوَلَّى اِلَى الظِّلِّ فَقَالَ رَبِّ اِنِّي لِمَا اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ فَقِيرٌ) وَذٰلِكَ اَنَّهُ كَانَ جَائِعًا خَائِفًا لَا يَاْمَنُ فَسَاَلَ رَبَّهُ وَلَمْ يَسْاَلِ النَّاسَ فَلَمْ يَفْطِنِ الرِّعَاءُ وَفَطِنَتِ الْجَارِيَتَانِ فَلَمَّا رَجَعَتَا اِلَى اَبِيهِمَا اَخْبَرَتَاهُ بِالْقِصَّةِ وَبِقَوْلِهِ فَقَالَ اَبُوهُمَا وَهُوَ شُعَيْبٌ هٰذَا رَجُلٌ جَائِعٌ فَقَالَ لِاِحْدَاهُمَا اذْهَبِي فَادْعِيهِ فَلَمَّا اَتَتْهُ عَظَّمَتْهُ وَغَطَّتْ وَجْهَهَا وَقَالَتْ (اِنَّ اَبِي يَدْعُوكَ لِيَجْزِيَكَ اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا) فَشَقَّ عَلَى مُوسَى حِينَ ذَكَرَتْ (اَجْرَ مَا سَقَيْتَ لَنَا) وَلَمْ يَجِدْ بُدًّا مِنْ اَنْ يَتْبَعَهَا اِنَّهُ كَانَ بَيْنَ الْجِبَالِ جَائِعًا مُسْتَوْحِشًا فَلَمَّا تَبِعَهَا هَبَّتِ الرِّيحُ فَجَعَلَتْ تَصْفِقُ ثِيَابَهَا عَلَى ظَهْرِهَا فَتَصِفُ لَهُ عَجِيزَتَهَا وَكَانَتْ ذَاتَ عَجُزٍ وَجَعَلَ مُوسَى يُعْرِضُ مَرَّةً وَيَغُضُّ اُخْرَى فَلَمَّا عِيلَ صَبْرُهُ نَادَاهَا يَا اَمَةَ اللّٰهِ كُونِي خَلْفِي وَاَرِينِي السَّمْتَ بِقَوْلِكِ فَلَمَّا دَخَلَ عَلَى شُعَيْبٍ اِذَا هُوَ بِالْعَشَاءِ مُهَيَّاً فَقَالَ لَهُ شُعَيْبٌ اجْلِسْ يَا شَابُّ فَتَعَشَّ فَقَالَ لَهُ مُوسَى اَعُوذُ بِاللّٰهِ فَقَالَ لَهُ شُعَيْبٌ لِمَ اَمَا اَنْتَ جَائِعٌ قَالَ بَلَى وَلٰكِنِّي اَخَافُ اَنْ يَكُونَ هٰذَا عِوَضًا لِمَا سَقَيْتُ لَهُمَا وَاِنَّا مِنْ اَهْلِ بَيْتٍ لَا نَبِيعُ شَيْئًا مِنْ دِينِنَا بِمِلْءِ الْاَرْضِ ذَهَبًا فَقَالَ لَهُ شُعَيْبٌ لَا يَا شَابُّ وَلٰكِنَّهَا عَادَتِي وَعَادَةُ اٰبَائِي نَقْرِي الضَّيْفَ وَنُطْعِمُ الطَّعَامَ فَجَلَسَ مُوسَى فَاَكَلَ فَاِنْ كَانَتْ هٰذِهِ الْمِائَةُ دِينَارٍ عِوَضًا لِمَا حَدَّثْتُ فَالْمَيْتَةُ وَالدَّمُ وَلَحْمُ الْخِنْزِيرِ فِي حَالِ الْاِضْطِرَارِ اَحَلُّ مِنْ هٰذِهِ وَاِنْ كَانَ لِحَقٍّ لِي فِي بَيْتِ الْمَالِ فَلِي فِيهَا نُظَرَاءُ فَاِنْ سَاوَيْتَ بَيْنَنَا وَاِلَّا فَلَيْسَ لِي فِيهَا حَاجَةٌ

☆☆ ضحاک بن موسیٰ بیان کرتے ہیں سلیمان بن عبدالملک کا گزر مدینہ سے ہوا وہ مکہ جانا چاہ رہا تھا اس نے کچھ دن مدینہ میں قیام کیا اور دریافت کیا۔ کیا مدینہ میں کوئی ایسے صاحب موجود ہیں جنہوں نے نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کا زمانہ پایا ہو لوگوں نے انہیں بتایا

کہ ابوحازم ہیں' سلیمان نے انہیں پیغام بھجوایا۔ جب وہ ان کے پاس آئے تو سلیمان نے ان سے کہا اے ابوحازم! یہ زیادتی ہے' ابوحازم نے دریافت کیا اے امیر المومنین! آپ نے میری طرف سے کونسی زیادتی دیکھی ہے۔ سلیمان نے کہا میرے پاس مدینے کے تمام سر کردہ لوگ آئے ہیں لیکن آپ تشریف نہیں لائے۔ ابوحازم نے جواب دیا: اے امیر المومنین! میں اس بارے میں آپ کو اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں کہ آپ وہ بات کریں جو نہیں ہوئی آج کے دن سے پہلے آپ مجھ سے واقف نہیں تھے اور میں نے آپ کو نہیں دیکھا ہوا تھا (تو میں کیوں آپ کے پاس آتا)

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر سلیمان' محمد بن شہاب زہری کی طرف متوجہ ہوا اور بولا یہ بزرگ ٹھیک کہہ رہے ہیں مجھ سے ہی غلطی ہوئی۔

سلیمان نے کہا: اے ابوحازم! ہم موت کو ناپسند کیوں کرتے ہیں۔

انہوں نے جواب دیا: اس کی وجہ یہ ہے کہ آپ نے اپنی آخرت خراب کی ہوئی ہے اور دنیا کو آباد کیا ہوا ہے اس لئے آپ اس بات کو ناپسند کرتے ہیں' کسی بسی ہوئی چیز سے کسی تباہ حال چیز کی طرف جائیں۔

سلیمان نے کہا: اے ابوحازم! آپ نے ٹھیک کہا ہے کل ہم اللہ کی بارگاہ میں کیسے حاضر ہوں گے؟ ابوحازم نے جواب دیا نیک آدمی تو یوں آئے گا جیسے گھر سے غیر موجود شخص اپنے گھر واپس آتا تھا اور گنہگار یوں آئے گا جیسے کوئی مفرور غلام اپنے آقا کے پاس آتا ہے۔

سلیمان رو پڑا اور بولا ہائے افسوس! اللہ کی بارگاہ میں جانے کے لئے ہمارے پاس کچھ نہیں ہے۔

ابوحازم نے کہا: آپ اپنے عمل اللہ کی کتاب پر پیش کریں۔

سلیمان نے دریافت کیا میں کس جگہ انہیں پا سکتا ہوں؟

ابوحازم نے کہا:

''بے شک نیک لوگ جنت میں ہوں گے اور گناہ گار لوگ جہنم میں ہوں گے''۔

سلیمان نے دریافت کیا اے ابوحازم! اللہ کی رحمت کہاں ہوگی؟

ابوحازم نے جواب دیا: اللہ کی رحمت نیک لوگوں کے قریب ہوگی۔

سلیمان نے ان سے کہا اے ابوحازم! اللہ کے بندوں میں سب سے زیادہ معزز کون ہے؟ انہوں نے جواب دیا: جو مروت اور سمجھ کا مالک ہو۔

سلیمان نے ان سے کہا اے ابوحازم! سب سے افضل عمل کون سا ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: حرام چیزوں سے اجتناب کرنے کے ہمراہ فرائض ادا کرنا۔

سلیمان نے دریافت کیا کونسی دعا زیادہ سنی جاتی ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: جس شخص کے ساتھ احسان کیا گیا ہو وہ اپنے محسن کے لئے جو دعا کرتا ہے۔

سلیمان نے دریافت کیا کون سا صدقہ افضل ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: جو مصیبت زدہ شخص کو دیا جائے اور جو کوئی غریب شخص دے جس میں احسان نہ جتایا جائے اور تکلیف نہ دی جائے۔

سلیمان نے دریافت کیا کونسی بات عدل کے زیادہ قریب ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: جس بات سے تم خوفزدہ ہو یا جب تمہیں کوئی اُمید ہو اس وقت حق بات بیان کرنا۔

سلیمان نے دریافت کیا سب سے زیادہ عقلمند کون سا مؤمن ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: وہ شخص جو اللہ تعالیٰ کی کتاب پر عمل کرے اور لوگوں کی اس کی طرف رہنمائی کرے۔

سلیمان نے دریافت کیا کون سا مؤمن سب سے زیادہ احمق ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: جو شخص اپنے بھائی کی نفسانی خواہش میں شریک ہو کر ظلم کا ارتکاب کرے یوں وہ دوسرے شخص کی دنیا کے عوض میں اپنی آخرت کو فروخت کردے گا۔

سلیمان نے ان سے کہا آپ نے ٹھیک کہا ہے ہم جس حال میں ہیں اس کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔

ابوحازم نے کہا: اے امیر المؤمنین! کیا آپ مجھ سے درگزر کریں گے۔

سلیمان نے ان سے کہا نہیں یہ ایک نصیحت ہوگی جو آپ کی طرف سے مجھ تک آئے گی۔

ابوحازم نے کہا: اے امیر المؤمنین! آپ کے آباؤ اجداد نے تلواروں کے ذریعے لوگوں کو مغلوب کیا۔ انہوں نے مسلمانوں کے مشورے کے بغیر زبردستی حکومت پر قبضہ کیا۔ مسلمانوں کی اس میں کوئی رضامندی نہیں تھی۔ انہوں نے بہت سے مسلمانوں کو قتل کیا اور بہت سے لوگ ان کی وجہ سے دنیا سے رخصت ہو گئے۔ کاش آپ جان سکتے کہ انہوں نے کیا کہا اور ان سے کیا کہا گیا؟

(راوی بیان کرتے ہیں) حاضرین میں سے ایک شخص نے ابوحازم سے کہا: اے ابوحازم! آپ نے بہت غلط بات کہی ہے۔

ابوحازم نے کہا: تم جھوٹ بول رہے ہو بے شک اللہ تعالیٰ نے علماء سے یہ پختہ عہد لیا ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے (حق کو) واضح طور پر بیان کریں گے اور ان سے چھپائیں گے نہیں۔

سلیمان نے ان سے کہا: اب ہم اس چیز کو ٹھیک کیسے کر سکتے ہیں؟

ابوحازم نے جواب دیا: آپ لوگ تکبر چھوڑ دیں اور مروت کو اختیار کریں اور برابری کی بنیاد پر تقسیم کریں۔

سلیمان نے ان سے کہا ٹیکس وصول کرنے کے بارے میں ہمارے لئے کتنی گنجائش ہے؟

ابوحازم نے جواب دیا: آپ اسے مناسب طور پر وصول کر سکتے ہیں اور اس کے مستحق لوگوں پر خرچ کر سکتے ہیں۔

سلیمان نے ان سے دریافت کیا اے ابوحازم! کیا یہ ہو سکتا ہے کہ آپ ہمارے ساتھ رہیں یوں ہمیں آپ سے فائدہ ہوگا اور ہم بھی آپ کو کچھ فائدہ پہنچا دیں گے۔

ابوحازم نے جواب دیا: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

سلیمان نے ان سے کہا ایسا کیوں کہہ رہے ہیں؟
ابوحازم نے جواب دیا: مجھے یہ ڈر ہے کہ میں آپ کی طرف تھوڑا سا جھکوں گا جس کے نتیجے میں اللہ تعالیٰ مجھے زندگی میں اور مرنے کے بعد دگنا عذاب دے گا۔
سلیمان نے ان سے کہا آپ اپنی ضروریات ہمارے سامنے پیش کریں۔
ابوحازم نے جواب دیا: آپ مجھے جہنم سے نجات دلوا کے جنت میں داخل کروا دیں۔
سلیمان نے کہا یہ تو میں نہیں کر سکتا۔
ابوحازم نے کہا پھر مجھے آپ سے کوئی کام نہیں۔
سلیمان نے کہا: آپ میرے لئے دعا کیجئے۔
ابوحازم نے دعا کی اے اللہ! اگر سلیمان تیرا دوست ہے تو اسے دنیا اور آخرت میں بھلائی کے ذریعے خوش کر دے اور اگر یہ تیرا دشمن ہے تو اس کی پیشانی پکڑ کر اسے اس طرف لے جا جس سے تو راضی ہو جائے اور جو تجھے پسند ہو۔
سلیمان نے ان سے کہا: بس اتنا ہی؟
ابوحازم بولے میں نے مختصر الفاظ میں وسیع مفہوم رکھنے والے دعا کر دی اگر تم اس کے اہل ہوئے اور اگر تم اس کے اہل نہ ہوئے تو مجھے کیا فائدہ ہو گا اگر میں کمان کے ذریعے کوئی ایسا تیر پھینکوں جس پر پھل ہی نہ لگا ہوا؟
سلیمان نے ان سے کہا آپ مجھے کوئی وصیت کیجئے۔
ابوحازم بولے میں تمہیں وصیت کرتا ہوں اور مختصر الفاظ میں کروں گا تم اپنے پروردگار کو عظیم سمجھو اور اسے اس بات سے پاک رکھو کہ وہ تمہیں کسی ایسے معاملے میں دیکھے جس سے اس نے تمہیں منع کیا ہے یا کسی ایسی جگہ پر تمہیں غیر موجود پائے جس کا اس نے تمہیں حکم دیا ہے۔
جب سلیمان ان کے ہاں سے اُٹھ کر گیا تو ان کی خدمت میں ایک سو دینار بھیجے اور ساتھ یہ تحریر بھیجی آپ انہیں خرچ کیجئے میری طرف سے آپ کو ان جیسے اور بہت سے ملیں گے۔
راوی بیان کرتے ہیں ابوحازم نے وہ انہیں واپس کر دیئے اور جوابی خط میں یہ لکھا اے امیر المومنین میں آپ کو اس بات سے اللہ کی پناہ میں دیتا ہوں کہ آپ مذاق کے طور پر مجھ سے کچھ مانگیں یا آپ تذلیل کے طور پر کوئی چیز واپس لیں جس چیز سے میں آپ کے لئے راضی نہیں ہوں اس سے اپنے لئے کیسے راضی ہو سکتا ہوں۔
ابوحازم نے سلیمان کو خط میں لکھا حضرت موسیٰ علیہ السلام جب مدین کے چشمے پر آئے تو وہاں انہوں نے کچھ لوگوں کو بکریوں کو پانی پلاتے ہوئے دیکھا دو لڑکیاں ان سے کچھ ہٹ کر کھڑی ہوئی تھیں حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں سے سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا: ہم اس وقت تک پانی حاصل نہیں کر سکتے۔ جب تک یہ لوگ اپنے جانوروں کو پانی نہیں پلا لیتے۔ کیونکہ ہمارے والد عمر رسیدہ آدمی ہیں' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان دونوں کو پانی لا کر دیا اور پھر سائے میں آ کر بیٹھ گئے اور بولے اے میرے پروردگار! تو میری طرف جو بھلائی

نازل کرے گا میں اس کا محتاج ہوں۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ وہ بھوک کے عالم میں تھے اور خوفزدہ بھی تھے کیونکہ وہ امن کی حالت میں نہیں تھے۔ لیکن انہوں نے اپنے پروردگار سے مانگا۔ انہوں نے لوگوں سے سوال نہیں کیا۔ بکریوں کے چرواہوں کو اس بات کا پتہ نہیں چل سکا لیکن وہ دونوں لڑکیاں یہ بات سمجھ گئیں جب وہ دونوں اپنے والد کے پاس واپس گئیں اور انہیں یہ واقعہ سنایا اور ان کی بات کے بارے میں بتایا تو ان کے والد نے' جو حضرت شعیب علیہ السلام تھے' یہ کہا وہ شخص بھوکا ہوگا پھر انہوں نے ایک لڑکی سے کہا تم جاؤ اور اسے بلا کر لاؤ جب وہ لڑکی ان کے پاس آئی تو انہیں تعظیم پیش کی اور اپنا چہرہ چھپالیا اور یہ بولی۔ میرے والد نے آپ کو بلایا ہے تاکہ آپ نے ہمیں جو پانی لا کر دیا ہے اس کا بدلہ آپ کو دیں۔ جب اس لڑکی نے یہ بات ذکر کی آپ نے ہمیں جو پانی پلایا ہے اس کا بدلہ ملے گا تو اس بات سے حضرت موسیٰ علیہ السلام کو بہت تکلیف ہوئی لیکن اس وقت ان کے پاس اس کے علاوہ اور کوئی چارہ نہیں تھا کہ اس لڑکی کے پیچھے چلے جائیں کیونکہ وہ اس وقت پہاڑی سلسلے کے درمیان تھے' بھوکے تھے' وحشت کا شکار تھے' اس لئے وہ اس کے پیچھے چل پڑے جب وہ اس کے پیچھے چلے تو ہوا چل پڑی جس کے نتیجے میں اس کی پشت کی جانب سے کپڑے ہلنے لگے۔ جس کی وجہ سے بے پردگی کے آثار پیدا ہوئے وہ صحت مند جسم کی مالک لڑکی تھی' حضرت موسیٰ علیہ السلام کبھی نگاہ دوسری طرف پھیر لیتے تھے اور کبھی نگاہ جھکا لیتے تھے جب ان سے برداشت نہیں ہوا تو انہوں نے بلند آواز میں اس لڑکی سے کہا اے اللہ کی کنیز تم میرے پیچھے آجاؤ اور مجھے زبانی طور پر راستے کے بارے میں بتاؤ۔

جب حضرت موسیٰ علیہ السلام' حضرت شعیب علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوئے تو اس وقت رات کا کھانا تیار تھا۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے ان سے کہا اے نوجوان بیٹھ جاؤ اور کھانا کھاؤ' حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان سے کہا میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے ان سے کہا وہ کیوں کیا تم بھوکے نہیں ہو۔ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے جواب دیا: ہاں لیکن مجھے اس بات کا اندیشہ ہے کہ یہ اس چیز کا معاوضہ ہوگا جو میں نے ان دو لڑکیوں کو پانی لا کر دیا تھا میں اسے گھرانے سے تعلق رکھتا ہوں جس کے لوگ تمام روئے زمین کے برابر' سونے کے عوض میں بھی اپنی کوئی نیکی فروخت نہیں کرتے۔ حضرت شعیب علیہ السلام نے ان سے کہا نہیں اے نوجوان! لیکن میری اور میری آباؤ اجداد کی یہ عادت ہے کہ ہم مہمان نوازی کرتے ہیں۔ لوگوں کو کھانا کھلاتے ہیں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام بیٹھ گئے اور انہوں نے کھانا کھالیا۔

ابوحازم نے سلیمان کو لکھا آپ نے یہ جو سو دینار بھیجے ہیں اگر تو یہ اس چیز کا معاوضہ ہے جو میں نے آپ سے باتیں کی تھیں تو مردار' خون اور سور کا گوشت اضطرار کی حالت میں اس سے زیادہ حلال ہے اور اگر یہ بیت المال کے حق کی وجہ سے ہے تو اس کے اور بھی بہت سے مستحق ہیں اگر تو آپ ہم سب میں برابر تقسیم کرتے ہیں تو ٹھیک ہے ورنہ مجھے اس کی کوئی ضرورت نہیں ہے۔

**671**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عُثْمَانَ الْبَصْرِیُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِیْزِ بْنِ مُسْلِمٍ الْقَسْمَلِیِّ اَخْبَرَنَا زَیْدٌ الْعَمِّیُّ عَنْ بَعْضِ الْفُقَهَاءِ اَنَّهُ قَالَ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ اعْمَلْ بِعِلْمِكَ وَاَعْطِ فَضْلَ مَالِكَ وَاحْبِسِ الْفَضْلَ مِنْ قَوْلِكَ اِلَّا بِشَیْءٍ مِّنَ الْحَدِیْثِ یَنْفَعُكَ عِنْدَ رَبِّكَ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ اِنَّ الَّذِیْ عَلِمْتَ ثُمَّ لَمْ تَعْمَلْ بِهٖ قَاطِعٌ حُجَّتَكَ وَمَعْذِرَتَكَ عِنْدَ رَبِّكَ اِذَا لَقِیْتَهٗ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ اِنَّ الَّذِیْ اُمِرْتَ بِهٖ مِنْ طَاعَةِ اللّٰهِ لَیَشْغَلُكَ عَمَّا نُهِیْتَ عَنْهُ مِنْ مَّعْصِیَةِ اللّٰهِ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ لَا تَكُوْنَنَّ قَوِیًّا فِیْ عَمَلِ غَیْرِكَ ضَعِیْفًا فِیْ عَمَلِ نَفْسِكَ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ لَا یَشْغَلَنَّكَ الَّذِیْ لِغَیْرِكَ عَنِ الَّذِیْ لَكَ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ جَالِسِ الْعُلَمَاءَ وَزَاحِمْهُمْ وَاسْتَمِعْ مِنْهُمْ وَدَعْ مُنَازَعَتَهُمْ یَا صَاحِبَ الْعِلْمِ عَظِّمِ الْعُلَمَاءَ لِعِلْمِهِمْ وَصَغِّرِ

الْجُهَّالَ لِجَهْلِهِمْ وَلَا تُبَاعِدْهُمْ وَقَرِّبْهُمْ وَعَلِّمْهُمْ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ لَا تُحَدِّثْ بِحَدِيثٍ فِي مَجْلِسٍ حَتّٰى تَفْهَمَهُ وَلَا تُجِبِ امْرَأً فِي قَوْلِهِ حَتّٰى تَعْلَمَ مَا قَالَ لَكَ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ لَا تَغْتَرَّ بِاللّٰهِ وَلَا تَغْتَرَّ بِالنَّاسِ فَإِنَّ الْغِرَّةَ بِاللّٰهِ تَرْكُ أَمْرِهِ وَالْغِرَّةَ بِالنَّاسِ اتِّبَاعُ أَهْوَائِهِمْ وَاحْذَرْ مِنَ اللّٰهِ مَا حَذَّرَكَ مِنْ نَفْسِهِ وَاحْذَرْ مِنَ النَّاسِ فِتْنَتَهُمْ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ إِنَّهُ لَا يَكْمُلُ ضَوْءُ النَّهَارِ إِلَّا بِالشَّمْسِ كَذٰلِكَ لَا تَكْمُلُ الْحِكْمَةُ إِلَّا بِطَاعَةِ اللّٰهِ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ إِنَّهُ لَا يَصْلُحُ الزَّرْعُ إِلَّا بِالْمَاءِ وَالتُّرَابِ كَذٰلِكَ لَا يَصْلُحُ الْإِيمَانُ إِلَّا بِالْعِلْمِ وَالْعَمَلِ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ كُلُّ مُسَافِرٍ مُتَزَوِّدٌ وَسَيَجِدُ إِذَا احْتَاجَ إِلَى زَادِهِ مَا تَزَوَّدَ وَكَذٰلِكَ سَيَجِدُ كُلُّ عَامِلٍ إِذَا احْتَاجَ إِلَى عَمَلِهِ فِي الْآخِرَةِ مَا عَمِلَ فِي الدُّنْيَا يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ إِذَا أَرَادَ اللّٰهُ أَنْ يَحُضَّكَ عَلَى عِبَادَتِهِ فَاعْلَمْ أَنَّهُ إِنَّمَا أَرَادَ أَنْ يُبَيِّنَ لَكَ كَرَامَتَكَ عَلَيْهِ فَلَا تَحَوَّلَنَّ إِلَى غَيْرِهِ فَتَرْجِعَ مِنْ كَرَامَتِهِ إِلَى هَوَانِهِ يَا صَاحِبَ الْعِلْمِ إِنَّكَ إِنْ تَنْقُلِ الْحِجَارَةَ وَالْحَدِيدَ أَهْوَنُ عَلَيْكَ مِنْ أَنْ تُحَدِّثَ مَنْ لَا يَعْقِلُ حَدِيثَكَ وَمَثَلُ الَّذِي يُحَدِّثُ مَنْ لَا يَعْقِلُ حَدِيثَهُ كَمَثَلِ الَّذِي يُنَادِي الْمَيِّتَ وَيَضَعُ الْمَائِدَةَ لِأَهْلِ الْقُبُورِ

☆☆ زید بیان کرتے ہیں ایک عالم نے یہ بات بیان کی ہے۔

اے صاحب علم! اپنے علم پر عمل کرو اور اپنا اضافی مال (مستحق لوگوں کو) دے دو اور فضول گفتگو نہ کرو۔ صرف وہی بات کرو جو تمہارے پروردگار کی بارگاہ میں تمہیں فائدہ پہنچائے گی۔

اے صاحب علم! جس چیز کا تم نے علم حاصل کیا اور پھر اس پر عمل نہیں کیا جب تم اپنے پروردگار کی بارگاہ میں حاضر ہو گے تو وہ چیز تمہاری حجت کو توڑ دے گی اور تمہاری معذرت کو ختم کر دے گی۔

اے صاحب علم! تمہیں اللہ تعالیٰ کی جس عبادت کا حکم دیا گیا۔ وہ تمہیں اس کی اس نافرمانی سے روکے گی جس سے تمہیں منع کیا گیا۔ اے صاحب علم! تم دوسروں کی طرف سے عمل کرنے میں طاقتور اور اپنی ذات کی طرف سے عمل کرنے میں کمزور نہ ہو جانا۔

اے صاحب علم! دوسروں کے لئے کیا جانے والا کام تمہیں اس چیز سے غافل نہ کر دے جو تم نے اپنے لئے کرنی تھی۔

اے صاحب علم! تم علماء کی تعظیم کرو ان کی خدمت میں حاضر ہو جاؤ' ان کی باتیں غور سے سنو اور ان سے بحث نہ کرو۔

اے صاحب علم! علماء کو ان کے علم کی وجہ سے عظیم سمجھو اور جاہل کو ان کی جہالت کی وجہ سے کم تر سمجھو لیکن ان سے دوری اختیار نہ کرو۔ بلکہ ان کے قریب رہو اور انہیں تعلیم دو۔

اے صاحب علم! کسی محفل میں اس وقت تک کوئی بات نہ کرو جب تک تمہیں اس کی سمجھ نہ آ جائے اور کسی بھی شخص کی بات کا اس وقت تک جواب نہ دو جب تک یہ نہ جان لو کہ اس نے تم سے کیا کہا۔ اے صاحب علم! اللہ تعالیٰ کے بارے میں غلط فہمی کا شکار نہ ہونا اور لوگوں کے بارے میں غلط فہمی کا شکار نہ ہونا۔ اللہ تعالیٰ کے بارے میں غلط فہمی یہ ہے کہ اس کے حکم کو چھوڑ دیا جائے اور لوگوں کے بارے میں غلط فہمی یہ ہے کہ ان کی نفسانی خواہشات کی پیروی کی جائے۔ اللہ کے بارے میں ہر اس چیز سے بچو جس کے بارے میں بچنے کی اس نے تلقین کی ہے اور لوگوں کے حوالے سے ان کے فتنے سے بچو۔

اے صاحب علم! دن کی روشنی سورج کے ذریعے مکمل ہوتی ہے۔ اسی طرح دانائی اللہ کی اطاعت کے ذریعے مکمل ہوتی ہے۔

اے صاحب علم! کھیتی' پانی اور مٹی کے ذریعے ٹھیک ہوتی ہے۔ اسی طرح ایمان' علم اور عمل کے ذریعے ہی ٹھیک ہوتا ہے۔

اے صاحب علم! ہر مسافر کے پاس زادراہ موجود ہوتا ہے کیونکہ بہت جلد اسے اس سامان کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔اسی طرح ہر عمل کرنے والا شخص آخرت میں اپنے عمل کی ضرورت محسوس کرے گا جو عمل اس نے دنیا میں کیا ہوگا۔

اے صاحب علم! جب اللہ تعالیٰ اس بات کا ارادہ کرے کہ وہ اپنی عبادت کی تمہیں ترغیب دے تو یہ بات جان لو کہ اس نے اس بات کا ارادہ کیا ہے کہ اپنی بارگاہ میں تمہاری بزرگی کو تمہارے سامنے ظاہر کردے اس لئے تم اس کے علاوہ کسی اور کی طرف نہ جانا ورنہ وہ بزرگی بے عزتی میں تبدیل ہوجائے گی۔

اے اہل علم! تمہارا پتھر اور لوہا منتقل کرنا تمہارے نزدیک اس بات سے زیادہ آسان ہونا چاہیے کہ تم کوئی ایسی بات بیان کرو جس کی تمہیں خود بھی سمجھ نہ ہو۔ جو شخص کوئی ایسی بات بیان کرتا ہے جس کی اسے خود سمجھ نہ ہو۔ اسکی مثال اس شخص کی مانند ہے جو مردے کو مخاطب کرتا ہے اور قبرستان والوں کے سامنے دسترخوان رکھ دیتا ہے۔

## بَابُ رِسَالَةِ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ الْخَوَّاصِ الشَّامِيِّ

## باب 57: عباد بن عباد خواص شامی کا خط

**672-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ سُلَيْمَانَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَنْطَاكِيُّ عَنْ عَبَّادِ بْنِ عَبَّادٍ الْخَوَّاصِ الشَّامِيِّ اَبِىْ عُتْبَةَ قَالَ اَمَّا بَعْدُ اعْقِلُوْا وَالْعَقْلُ نِعْمَةٌ فَرُبَّ ذِىْ عَقْلٍ قَدْ شُغِلَ قَلْبُهُ بِالتَّعَمُّقِ عَمَّا هُوَ عَلَيْهِ ضَرَرٌ عَنِ الْاِنْتِفَاعِ بِمَا يَحْتَاجُ اِلَيْهِ حَتّٰى صَارَ عَنْ ذٰلِكَ سَاهِيًا وَّمِنْ فَضْلِ عَقْلِ الْمَرْءِ تَرْكُ النَّظَرِ فِيْمَا لَا نَظَرَ فِيْهِ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ فَضْلُ عَقْلِهِ وَبَالًا عَلَيْهِ فِىْ تَرْكِ مُنَافَسَةِ مَنْ هُوَ دُوْنَهُ فِى الْاَعْمَالِ الصَّالِحَةِ اَوْ رَجُلٍ شُغِلَ قَلْبُهُ بِبِدْعَةٍ قَلَّدَ فِيْهَا دِيْنَهُ رِجَالًا دُوْنَ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوِ اكْتَفٰى بِرَاْيِهِ فِيْمَا لَا يَرَى الْهُدٰى اِلَّا فِيْهَا وَلَا يَرَى الضَّلَالَةَ اِلَّا بِتَرْكِهَا يَزْعُمُ اَنَّهُ اَخَذَهَا مِنَ الْقُرْاٰنِ وَهُوَ يَدْعُوْ اِلٰى فِرَاقِ الْقُرْاٰنِ اَفَمَا كَانَ لِلْقُرْاٰنِ حَمَلَةٌ قَبْلَهُ وَقَبْلَ اَصْحَابِهِ يَعْمَلُوْنَ بِمُحْكَمِهِ وَيُؤْمِنُوْنَ بِمُتَشَابِهِهِ وَكَانُوْا مِنْهُ عَلٰى مَنَارٍ كَوَضَحِ الطَّرِيْقِ فَكَانَ الْقُرْاٰنُ اِمَامَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِمَامًا لِاَصْحَابِهِ وَكَانَ اَصْحَابُهُ اَئِمَّةً لِّمَنْ بَعْدَهُمْ رِجَالٌ مَّعْرُوْفُوْنَ مَنْسُوْبُوْنَ فِى الْبُلْدَانِ مُتَّفِقُوْنَ فِى الرَّدِّ عَلٰى اَصْحَابِ الْاَهْوَاءِ مَعَ مَا كَانَ بَيْنَهُمْ مِنَ الْاِخْتِلَافِ وَتَسَكَّعَ اَصْحَابُ الْاَهْوَاءِ بِرَاْيِهِمْ فِىْ سُبُلٍ مُخْتَلِفَةٍ جَائِرَةٍ عَنِ الْقَصْدِ مُفَارِقَةٍ لِلصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ فَتَوَهَّتْ بِهِمْ اَدِلَّاؤُهُمْ فِىْ مَهَامِهَ مُضِلَّةٍ فَاَمْعَنُوْا فِيْهَا مُتَعَسِّفِيْنَ فِىْ تِيْهِهِمْ كُلَّمَا اَحْدَثَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ بِدْعَةً فِىْ ضَلَالَتِهِمْ انْتَقَلُوْا مِنْهَا اِلٰى غَيْرِهَا لِاَنَّهُمْ لَمْ يَطْلُبُوْا اَثَرَ السَّالِفِيْنَ وَلَمْ يَقْتَدُوْا بِالْمُهَاجِرِيْنَ وَقَدْ ذُكِرَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهُ قَالَ لِزِيَادٍ هَلْ تَدْرِىْ مَا يَهْدِمُ الْاِسْلَامَ زَلَّةُ عَالِمٍ وَّجِدَالُ مُنَافِقٍ بِالْقُرْاٰنِ وَاَئِمَّةٌ مُضِلُّوْنَ اتَّقُوا اللّٰهَ وَمَا حَدَثَ فِىْ قُرَّائِكُمْ وَاَهْلِ مَسَاجِدِكُمْ مِنَ الْغِيْبَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْمَشْىِ بَيْنَ النَّاسِ بِوَجْهَيْنِ وَلِسَانَيْنِ وَقَدْ ذُكِرَ اَنَّ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِى الدُّنْيَا كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِى النَّارِ يَلْقَاكَ صَاحِبُ الْغِيْبَةِ فَيَغْتَابُ عِنْدَكَ مَنْ يَرٰى اَنَّكَ تُحِبُّ غِيْبَتَهُ وَيُخَالِفُكَ اِلٰى صَاحِبِكَ فَيَاْتِيْهِ عَنْكَ بِمِثْلِهِ فَاِذَا هُوَ قَدْ اَصَابَ عِنْدَ كُلٍّ

وَاحِدٍ مِّنْكُمَا حَاجَتَهُ وَخَفِيَ عَلٰى كُلِّ وَاحِدٍ مِّنْكُمَا مَا اَتٰى بِهٖ عِنْدَ صَاحِبِهٖ حُضُوْرُهٗ عِنْدَ مَنْ حَضَرَهٗ حُضُوْرُ الْاِخْوَانِ وَغَيْبَتُهٗ عَلٰى مَنْ غَابَ عَنْهُ غَيْبَةُ الْاَعْدَآءِ مَنْ حَضَرَ مِنْهُمْ كَانَتْ لَهُ الْاَثَرَةُ وَمَنْ غَابَ مِنْهُمْ لَمْ تَكُنْ لَّهٗ حُرْمَةٌ يَّفْتِنُ مَنْ حَضَرَهٗ بِالتَّزْكِيَةِ وَيَغْتَابُ مَنْ غَابَ عَنْهُ بِالْغِيْبَةِ فَيَا لَعِبَادَ اللّٰهِ اَمَا فِي الْقَوْمِ مِنْ رَّشِيْدٍ وَّلَا مُصْلِحٍ يَّقْمَعُ هٰذَا عَنْ مَّكِيْدَتِهٖ وَيَرُدُّهٗ عَنْ عِرْضِ اَخِيْهِ الْمُسْلِمِ بَلْ عَرَفَ هَوَاهُمْ فِيْمَا مَشٰى بِهٖ اِلَيْهِمْ فَاسْتَمْكَنَ مِنْهُمْ وَاَمْكَنُوْهُ مِنْ حَاجَتِهٖ فَاَكَلَ بِدِيْنِهٖ مَعَ اَدْيَانِهِمْ فَاللّٰهَ اللّٰهَ ذُبُّوْا عَنْ حُرَمِ اَغْيَانِكُمْ وَكُفُّوا اَلْسِنَتَكُمْ عَنْهُمْ اِلَّا مِنْ خَيْرٍ وَنَاصِحُوا اللّٰهَ فِيْ اُمَّتِكُمْ اِذْ كُنْتُمْ حَمَلَةَ الْكِتَابِ وَالسُّنَّةِ فَاِنَّ الْكِتَابَ لَا يَنْطِقُ حَتّٰى يُنْطَقَ بِهٖ وَاِنَّ السُّنَّةَ لَا تَعْمَلُ حَتّٰى يُعْمَلَ بِهَا فَمَتٰى يَتَعَلَّمُ الْجَاهِلُ اِذَا سَكَتَ الْعَالِمُ فَلَمْ يُنْكِرْ مَا ظَهَرَ وَلَمْ يَاْمُرْ بِمَا تُرِكَ وَقَدْ (اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهٗ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهٗ) اتَّقُوا اللّٰهَ فَاِنَّكُمْ فِيْ زَمَانٍ رَقَّ فِيْهِ الْوَرَعُ وَقَلَّ فِيْهِ الْخُشُوْعُ وَحَمَلَ الْعِلْمَ مُفْسِدُوْهُ فَاَحَبُّوْا اَنْ يُّعْرَفُوْا بِحَمْلِهٖ وَكَرِهُوْا اَنْ يُّعْرَفُوْا بِاِضَاعَتِهٖ فَنَطَقُوْا فِيْهِ بِالْهَوٰى لَمَّا اَدْخَلُوْا فِيْهِ مِنَ الْخَطَا وَحَرَّفُوا الْكَلِمَ عَمَّا تَرَكُوْا مِنَ الْحَقِّ اِلٰى مَا عَمِلُوْا بِهٖ مِنْ بَاطِلٍ فَذُنُوْبُهُمْ ذُنُوْبٌ لَّا يُسْتَغْفَرُ مِنْهَا وَتَقْصِيْرُهُمْ تَقْصِيْرٌ لَّا يُعْتَرَفُ بِهٖ كَيْفَ يَهْتَدِي الْمُسْتَدِلُّ الْمُسْتَرْشِدُ اِذَا كَانَ الدَّلِيْلُ حَائِرًا اَحَبُّوا الدُّنْيَا وَكَرِهُوْا مَنْزِلَةَ اَهْلِهَا فَشَارَكُوْهُمْ فِي الْعَيْشِ وَزَايَلُوْهُمْ بِالْقَوْلِ وَدَافَعُوْا بِالْقَوْلِ عَنْ اَنْفُسِهِمْ اَنْ يُّنْسَبُوْا اِلٰى عَمَلِهِمْ فَلَمْ يَتَبَرَّءُوْا مِمَّا انْتَفَوْا مِنْهُ وَلَمْ يَدْخُلُوْا فِيْمَا نَسَبُوْا اِلَيْهِ اَنْفُسَهُمْ لِاَنَّ الْعَامِلَ بِالْحَقِّ مُتَكَلِّمٌ وَّاِنْ سَكَتَ وَقَدْ ذُكِرَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ اِنِّيْ لَسْتُ كُلَّ كَلَامِ الْحَكِيْمِ اَتَقَبَّلُ وَلٰكِنِّيْ اَنْظُرُ اِلٰى هَمِّهٖ وَهَوَاهُ فَاِنْ كَانَ هَمُّهٗ وَهَوَاهُ لِيْ جَعَلْتُ صَمْتَهٗ حَمْدًا وَّوَقَارًا لِّيْ وَاِنْ لَّمْ يَتَكَلَّمْ وَقَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (مَثَلُ الَّذِيْنَ حُمِّلُوا التَّوْرَاةَ ثُمَّ لَمْ يَحْمِلُوْهَا) (كَمَثَلِ الْحِمَارِ يَحْمِلُ اَسْفَارًا) كُتُبًا وَّقَالَ (خُذُوْا مَا اٰتَيْنَاكُمْ بِقُوَّةٍ) قَالَ الْعَمَلُ بِمَا فِيْهِ وَلَا تَكْتَفُوْا مِنَ السُّنَّةِ بِانْتِحَالِهَا بِالْقَوْلِ دُوْنَ الْعَمَلِ بِهَا فَاِنَّ انْتِحَالَ السُّنَّةِ دُوْنَ الْعَمَلِ بِهَا كَذِبٌ بِالْقَوْلِ مَعَ اِضَاعَةِ الْعَمَلِ وَلَا تَعِيْبُوْا بِالْبِدَعِ تَزَيُّنًا بِعَيْبِهَا فَاِنَّ فَسَادَ اَهْلِ الْبِدَعِ لَيْسَ بِزَائِدٍ فِيْ صَلَاحِكُمْ وَلَا تَعِيْبُوْهَا بَغْيًا عَلٰى اَهْلِهَا فَاِنَّ الْبَغْيَ مِنْ فَسَادِ اَنْفُسِكُمْ وَلَيْسَ يَنْبَغِيْ لِلطَّبِيْبِ اَنْ يُّدَاوِيَ الْمَرْضٰى بِمَا يُبَرِّئُهُمْ وَيُمْرِضُهٗ فَاِنَّهٗ اِذَا مَرِضَ اشْتَغَلَ بِمَرَضِهٖ عَنْ مُّدَاوَاتِهِمْ وَلٰكِنْ يَّنْبَغِيْ اَنْ يَّلْتَمِسَ لِنَفْسِهِ الصِّحَّةَ لِيَقْوٰى بِهٖ عَلٰى عِلَاجِ الْمَرْضٰى فَلْيَكُنْ اَمْرُكُمْ فِيْمَا تُنْكِرُوْنَ عَلٰى اِخْوَانِكُمْ نَظَرًا مِّنْكُمْ لِاَنْفُسِكُمْ وَنَصِيْحَةً مِّنْكُمْ لِرَبِّكُمْ وَشَفَقَةً مِّنْكُمْ عَلٰى اِخْوَانِكُمْ وَاَنْ تَكُوْنُوْا مَعَ ذٰلِكَ بِعُيُوْبِ اَنْفُسِكُمْ اَعْنٰى مِنْكُمْ بِعُيُوْبِ غَيْرِكُمْ وَاَنْ يَّسْتَطْعِمَ بَعْضُكُمْ بَعْضًا النَّصِيْحَةَ وَاَنْ يَّحْظٰى عِنْدَكُمْ مَنْ بَذَلَهَا لَكُمْ وَقَبِلَهَا مِنْكُمْ وَقَدْ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ رَحِمَ اللّٰهُ مَنْ اَهْدٰى اِلَيَّ عُيُوْبِيْ تُحِبُّوْنَ اَنْ تَقُوْلُوْا فَيُحْتَمَلَ لَكُمْ وَاِنْ قِيْلَ لَكُمْ مِثْلُ الَّذِيْ قُلْتُمْ غَضِبْتُمْ تَجِدُوْنَ عَلَى النَّاسِ فِيْمَا تُنْكِرُوْنَ مِنْ اُمُوْرِهِمْ وَتَاْتُوْنَ مِثْلَ ذٰلِكَ فَلَا تُحِبُّوْنَ اَنْ يُّوْجَدَ عَلَيْكُمْ اتَّهِمُوْا رَاْيَكُمْ وَرَاْيَ اَهْلِ زَمَانِكُمْ وَتَثَبَّتُوْا قَبْلَ اَنْ تَكَلَّمُوْا وَتَعَلَّمُوْا قَبْلَ اَنْ تَعْمَلُوْا فَاِنَّهٗ يَاْتِيْ زَمَانٌ يَّشْتَبِهُ فِيْهِ الْحَقُّ وَالْبَاطِلُ وَيَكُوْنُ الْمَعْرُوْفُ فِيْهِ مُنْكَرًا وَّالْمُنْكَرُ فِيْهِ مَعْرُوْفًا فَكَمْ مِنْ مُّتَقَرِّبٍ اِلَى اللّٰهِ بِمَا يُبَاعِدُهٗ

وَمُتَحَبِّبٍ اِلَيْهِ بِمَا يُغْضِبُهُ عَلَيْهِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهُ سُوْءُ عَمَلِهِ فَرَاٰهُ حَسَنًا) الْاٰيَةَ فَعَلَيْكُمْ بِالْوُقُوْفِ عِنْدَ الشُّبُهَاتِ حَتّٰى يَبْرُزَ لَكُمْ وَاضِحُ الْحَقِّ بِالْبَيِّنَةِ فَاِنَّ الدَّاخِلَ فِيْمَا لَا يَعْلَمُ بِغَيْرِ عِلْمٍ اٰثِمٌ وَّمَنْ نَظَرَ لِلّٰهِ نَظَرَ اللّٰهُ لَهُ عَلَيْكُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَاْتَمُّوْا بِهِ وَاُمُّوْا بِهِ وَعَلَيْكُمْ بِطَلَبِ اَثَرِ الْمَاضِيْنَ فِيْهِ وَلَوْ اَنَّ الْاَحْبَارَ وَالرُّهْبَانَ لَمْ يَتَّقُوْا زَوَالَ مَرَاتِبِهِمْ وَفَسَادَ مَنْزِلَتِهِمْ بِاِقَامَةِ الْكِتَابِ وَتِبْيَانِهِ مَا حَرَّفُوْهُ وَلَا كَتَمُوْهُ وَلٰكِنَّهُمْ لَمَّا خَالَفُوا الْكِتَابَ بِاَعْمَالِهِمُ الْتَمَسُوْا اَنْ يَّخْدَعُوْا قَوْمَهُمْ عَمَّا صَنَعُوْا مَخَافَةَ اَنْ تَفْسُدَ مَنَازِلُهُمْ وَاَنْ يَّتَبَيَّنَ لِلنَّاسِ فَسَادُهُمْ فَحَرَّفُوا الْكِتَابَ بِالتَّفْسِيْرِ وَمَا لَمْ يَسْتَطِيْعُوْا تَحْرِيْفَهُ كَتَمُوْهُ فَسَكَتُوْا عَنْ صَنِيْعِ اَنْفُسِهِمْ اِبْقَاءً عَلٰى مَنَازِلِهِمْ وَسَكَتُوْا عَمَّا صَنَعَ قَوْمُهُمْ مُصَانَعَةً لَّهُمْ وَقَدْ (اَخَذَ اللّٰهُ مِيْثَاقَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتَابَ لَتُبَيِّنُنَّهُ لِلنَّاسِ وَلَا تَكْتُمُوْنَهُ) بَلْ مَالَئُوْا عَلَيْهِ وَرَقَّقُوْا لَهُمْ فِيْهِ

☆☆ ابوعتبہ عباد بن عباد خواص شامی تحریر کرتے ہیں۔

اما بعد! یہ بات جان لو کہ عقل بڑی نعمت ہے' کچھ عقلمند ایسے بھی ہوتے ہیں' جو ان چیزوں میں غور کرتے ہیں' جو ان کے لئے نقصان دہ ہوتی ہیں۔ جس کی وجہ سے ان کا ذہن غافل ہو جاتا ہے اور جس چیز کی انہیں ضرورت ہوتی ہے وہ اس سے نفع حاصل نہیں کر سکتے یہاں تک کہ وہ اس چیز سے غافل ہو جاتے ہیں۔ آدمی کی عقل کی فضیلت یہ ہے کہ جس چیز کے بارے میں غور وفکر کرنے کی ضرورت نہیں ہے وہ اس کے بارے میں غور وفکر نہ کرے تاکہ اس کی عقل کی فضیلت اس کے لئے وبال کا باعث نہ بن جائے کہ اس نے ان لوگوں پر گرفت نہیں کی' جو اعمال میں ان سے کم تھے یا وہ شخص جس کا دل بدعت میں مبتلا ہو جائے اور وہ اپنے گلے میں اس دین کا ہار پہنا لے جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کا نہیں تھا یا وہ اپنی رائے پر اکتفا کرتے ہوئے یہی سمجھے کہ صرف وہی ہدایت ہے اور اس کے اپنے نظریے کو ترک کرنا ہی گمراہی ہے وہ یہ سمجھے کہ اس نے یہ نظریہ قرآن سے حاصل کیا ہے حالانکہ وہ نظریہ قرآن سے الگ کرنے والا ہو۔ کیا اس شخص سے اور اس کے ساتھیوں سے پہلے قرآن کے ماہرین نہیں تھے۔ جو قرآن کے محکم پر عمل کرتے تھے اور اس کے متشابہ پر ایمان رکھتے تھے اور وہ لوگ اس واضح طریقے پر گامزن تھے۔ قرآن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا پیشوا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں کے لئے پیشوا تھے اور ان کے ساتھی بعد میں آنے والے لوگوں کے لئے پیشوا تھے جن سے ہر شخص واقف تھا اور وہ ہر شہر میں موجود تھے۔ یہ لوگ آپس میں (فقہی مسائل میں) اختلاف رکھتے تھے۔ لیکن بدمذہب لوگوں کی تردید کے بارے میں ان کے درمیان اتفاق پایا جاتا تھا۔ ان بدمذہب لوگوں کو ان کی رائے نے مختلف راستوں پر ڈال دیا ہے۔ جو میانہ روی سے دور ہے اور صراط مستقیم سے الگ ہے ان کے پیشواؤں نے ان لوگوں کو گمراہی کے میدان میں تھکا دیا ہے۔ یہ لوگ انہی میدانوں میں دھکے کھاتے پھر رہے ہیں' جب بھی ان کی گمراہی کے لئے شیطان کوئی نئی بدعت ایجاد کرتا ہے یہ ایک سے دوسری طرف منتقل ہو جاتے ہیں۔ اس کی وجہ یہی ہے کہ یہ لوگ سابقہ زمانے کے لوگوں کے نشانات کی تلاش نہیں کرتے اور ہجرت کرنے والے (صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) کی پیروی نہیں کرتے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے زیاد سے یہ کہا تھا کیا تم جانتے ہو کہ کون سی چیز اسلام کو منہدم کر دیتی ہے؟ عالم شخص کی پھسلن' منافق شخص کا قرآن کے بارے میں بحث کرنا اور گمراہ کرنے والے پیشوا' لہٰذا اللہ تعالیٰ سے ڈرو' اس چیز کے

بارے میں جو تمہارے علماء اور تمہارے مساجد والوں کے درمیان غیبت اور چغل خوری اور لوگوں کے ساتھ دوغلے چہرے اور دوغلی زبانوں کے ساتھ ملنا آچکا ہے۔ یہ بات ذکر کی گئی ہے کہ جو شخص دنیا میں دوغلے چہرے کا مالک ہوگا وہ جہنم میں دوغلے چہرے کا مالک ہوگا۔

غیبت کرنے والا شخص تم سے ملاقات کرتا ہے اور تمہارے سامنے اس شخص کی غیبت بیان کرتا ہے جس کی غیبت کو تم پسند کرتے ہو پھر وہ تمہارے مخالف کے پاس جاتا ہے اور اس کے سامنے بھی تمہارے بارے میں وہی حرکت کرتا ہے (جو تمہارے ساتھ کی تھی) اس طرح وہ دونوں میں سے ہر ایک کے پاس سے اپنا مقصد حاصل کر لیتا ہے اور دونوں میں سے ہر ایک سے وہ بات پوشیدہ رکھتا ہے جو اس نے دوسرے فریق کے سامنے کی تھی وہ جس شخص کے پاس موجود ہوتا ہے اس کے پاس بھائیوں کی طرح موجود ہوتا ہے اور جس شخص کے پاس موجود نہیں ہوتا اس کے بارے میں دشمنوں کا سا رویہ ظاہر کرتا ہے جس شخص کے پاس ہے اس کے زیر اثر ہوتا ہے اور جس شخص کے پاس موجود نہیں ہوتا اس کا اس کے نزدیک کوئی احترام نہیں ہوتا۔ وہ جس شخص کے پاس موجود ہوتا ہے اسے تزکیہ کے حوالے سے آزمائش میں مبتلا کر دیتا ہے اور جس شخص کے پاس موجود نہیں ہوتا اسے غیبت کے حوالے سے بُرا بنا دیتا ہے اے اللہ کے بندو! کیا تمہارے اندر کوئی بھی سمجھدار نہیں ہے اور کوئی بھی ایسا اصلاح پسند نہیں ہے۔ جو ان لوگوں کے فریب کا قلع قمع کر دے اور اپنے مسلمان بھائی کی عزت کو واپس لوٹا دے بلکہ ان لوگوں کی خواہش کو سمجھ کر وہ لوگ جس طرف لے کے جا رہے ہیں انہیں وہیں رہنے دے اور ان سے ان کی ضرورت پوری کر لے یوں وہ اپنے دین کے ہمراہ ان کے دین کو بھی محفوظ کر لے گا۔

اے اللہ کے بندو! کیا تمہارے درمیان کوئی ایسا شخص نہیں ہے جو سمجھدار ہو اور ان لوگوں کی اصلاح کرے اور ان کے فریب کو ختم کرے اور اسے اپنے مسلمان بھائی کی عزت (کی خلاف ورزی کرنے سے) باز رکھے بلکہ وہ یہ جان لے کہ ان کی خواہش کیا ہے اس چیز کے بارے میں جسے وہ ساتھ لے کر ان کی طرف گیا ہے۔ پھر اس نے ان لوگوں سے اپنی ضرورت نکالی تو انہوں نے اس کی ضرورت پوری کر دی یوں اس شخص نے ان لوگوں کے دین کے ہمراہ اپنے دین کو بھی خراب کر لیا۔

اللہ سے ڈرو! اللہ سے ڈرو! اپنے غیر موجود لوگوں کے احترام کے حوالے سے بچو اور ان کے بارے میں اپنی زبان سے صرف اچھی بات استعمال کرو اور اپنے ساتھیوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ کی خیر خواہی اختیار کرو اگر تم کتاب وسنت کے عالم ہو بے شک کتاب خود بات نہیں کرتی جب تک اس کی بات بیان نہ کی جائے اور سنت خود عمل نہیں کرتی جبکہ تک اس پر عمل نہ کیا جائے جب عالم خاموش رہے گا تو ناواقف شخص کیسے علم حاصل کرے گا۔ اگر وہ ظاہر ہونے والی چیز کا انکار نہ کرے اور جس چیز کو ترک کیا گیا ہے اس کا حکم نہ دے (تو پھر کیا ہوگا) جبکہ اللہ تعالیٰ نے ان لوگوں کو جنہیں کتاب دی گئی ان سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے اسے واضح طور پر بیان کریں گے اور اسے چھپائیں گے نہیں۔

اللہ سے ڈرو! کیونکہ تم ایک ایسے زمانے میں ہو جس میں پرہیزگاری کمزور ہوگئی ہے اور عاجزی کم ہوگئی ہے۔ علم کے حاصل کرنے والے وہ لوگ ہیں جو اس میں فساد پیدا کرتے ہیں اور یہ بات پسند کرتے ہیں عالم کے طور پر ان کی پہچان ہو اور وہ یہ بات ناپسند کرتے ہیں علم کے ضائع کرنے کے حوالے سے ان کی شناخت ہو جائے۔ وہ علم کے بارے میں اپنی خواہش نفس کے مطابق وہ بات بیان

کرتے ہیں' جو اس میں انہوں نے غلط شامل کر دی ہے اور وہ کلمات میں تحریف کر کے حق کو چھوڑ کر اس باطل کی طرف لے جاتے ہیں جس پر وہ عمل کرتے ہیں ان کے گناہ ایسے ہیں کہ ان کی مغفرت طلب نہیں کی جا سکتی اور ان کی غلطیاں ایسی ہیں جن کا اعتراف نہیں کیا جا سکتا۔ دلیل حاصل کرنے والا اور ہدایت حاصل کرنے والا کیسے ہدایت حاصل کر سکتا ہے جبکہ دلیل ہی بھٹکانے والی ہو۔ یہ لوگ دنیا کو پسند کرتے ہیں اور یہ بات ناپسند کرتے ہیں' اہل دنیا کی تعظیم کریں۔ یہ لوگ زندگی میں ان کے ساتھ شریک ہوتے ہیں لیکن باتوں کے حوالے سے ان سے الگ رہتے ہیں اور اپنی طرف سے اس بات کو دور کرنے کی کوشش کرتے ہیں' ان لوگوں کے عمل کی طرف انہیں منسوب کیا جائے۔ لہٰذا جس چیز کی نفی کرنا چاہتے ہیں اس سے بری نہیں ہوتے اور جس چیز کی طرف یہ خود کو منسوب کرتے ہیں اس میں یہ داخل نہیں ہوتے اس لئے کہ حق کے اوپر عمل کرنے والا شخص بول رہا ہو یا خاموش ہو (اس کی ایک ہی حیثیت ہوتی ہے) یہ بات مذکور ہے کہ اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا ہے میں ہر دانا شخص کی ہر بات کو قبول نہیں کرتا بلکہ میں اس کی خواہش اور ارادے کی طرف دیکھتا ہوں' اگر اس کی خواہش اور ارادہ میرے لئے ہو تو میں اس کی خاموشی کو بھی اپنے لئے حمد و ثنا سمجھتا ہوں اگرچہ اس نے کوئی بات نہ کی ہو۔

''وہ لوگ جنہیں تورات کا علم دیا گیا اور پھر انہوں نے اس کا علم حاصل نہیں کیا ان کی مثال اس گدھے کی طرح ہے جو کتابوں کا بنڈل لاد لیتا ہے''۔

اللہ تعالیٰ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے:

''ہم نے جو تمہیں دیا ہے اسے قوت سے حاصل کرلو''۔

یعنی جو کچھ اس میں ہے اس پر عمل کرو لہٰذا کسی بھی حدیث پر صرف زبانی طور پر' عمل کئے بغیر' اکتفا نہ کرو کیونکہ حدیث پر عمل کئے بغیر صرف زبانی طور پر اسے بیان کرنا جھوٹ بولنے کے مترادف ہے اور علم ضائع کرنے کے مترادف ہے۔ اہل بدعت کی برائی اس لئے بیان نہ کرو کہ ان کی برائی بیان کرنے سے تمہیں شہرت ملے گی اس لئے کہ اہل بدعت کا فاسد ہونا تمہاری بہتری میں کوئی اضافہ نہیں کرے گا اور ان کی برائی بیان کرتے ہوئے زیادتی نہ کرو چونکہ یہ زیادتی تمہارے نفس کا فساد ہوگی۔ کسی طبیب کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ وہ بیمار کا علاج کسی ایسی دوائی کے ذریعے کرے جو اسے ٹھیک نہ کرے بلکہ اور بیمار کر دے کیونکہ جب وہ شخص بیمار ہوگا تو وہ اپنی بیماری میں مشغول ہونے کی وجہ سے دوسروں کو دوا دینے سے باز آ جائے گا اس لئے اس کے لئے مناسب ہے کہ وہ پہلے اپنی ذات کے لئے صحت کا خیال رکھے تاکہ اس کی بدولت بیمار لوگوں کے علاج کے قابل ہو سکے۔

اس لئے تمہارا معاملہ یہ ہونا چاہیے کہ تم اپنے بھائیوں کی جس بات کا انکار کرتے ہو اس میں تم اپنے آپ کا بھی جائزہ لو اور اپنی طرف سے اپنے پروردگار کے لئے خیر خواہی اختیار کرو یہ تمہاری طرف سے تمہارے بھائیوں کے لئے شفقت ہونی چاہیے اور اس کے ساتھ یہ بات بھی سامنے رکھو کہ دوسروں کے عیوب کے مقابلے میں تمہیں اپنے عیوب کا زیادہ خیال رکھنا چاہیے۔ ایک شخص جو دوسرے کے لئے خیر خواہی چاہتا ہے اور اس شخص کا تمہارے نزدیک حصہ ہونا چاہیے جو تمہارے لئے خیر خواہی کرتا ہے یا تمہاری طرف سے خیر خواہی کو قبول کرتا ہے۔

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اللہ تعالیٰ اس شخص پر رحم کرے جو میری خامیوں سے مجھے آگاہ کرتا ہے کیا تم لوگ یہ

بات پسند کرتے ہو کہ تم لوگ کوئی بات بیان کرو تو اسے برداشت کیا جائے اور تم نے جو بات بیان کی ہے اگر اسی جیسی تم سے کہی جائے تو تم ناراض ہو جاؤ تم ان لوگوں کو اس حال میں پاتے ہو جس کا تم انکار کرتے ہو اور خود وہی کام سرانجام دیتے ہو۔ کیا تم لوگ اس بات کو پسند نہیں کرتے ہو کہ اس بارے میں تم سے مؤاخذہ کیا جائے۔

تم اپنی رائے اور اپنے زمانے کے لوگوں کی رائے پر الزام لگاؤ اور بات کرنے سے پہلے اس کی تحقیق کرو اور عمل کرنے سے پہلے علم حاصل کرو کیونکہ عنقریب وہ زمانہ آجائے گا جس میں حق اور باطل مشتبہ ہو جائیں گے اس زمانے میں نیکی گناہ بن جائے گی اور گناہ نیکی میں تبدیل ہو جائے گا۔ اللہ تعالیٰ کے قرب کے طلب گار کتنے ہی ایسے لوگ ہوں گے جو درحقیقت اللہ سے دور ہو رہے ہوں گے اور اللہ تعالیٰ کی محبت کے کتنے ہی طلبگار ایسے ہوں گے جو اپنے بارے میں اللہ کی ناراضگی میں اضافہ کر رہے ہوں گے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا:

''وہ شخص جس کے لئے اس کے عمل کی برائی کو سجا دیا گیا اور وہ شخص اسے نیکی سمجھتا ہے''۔

شبہات سے بچنا تم پر لازم ہے یہاں تک کہ شہادت کے ذریعے واضح حق تمہارے سامنے نمودار ہو جائے اس لئے کہ جو شخص علم کے بغیر اس چیز میں داخل ہوتا ہے جس کا اسے علم نہیں ہے وہ شخص گنہگار رہتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے کسی بات کا جائزہ لیتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کا جائزہ لیتا ہے۔

تم پر قرآن پڑھنا لازم ہے تم اسے اپنا پیشوا بناؤ اور اس سے ہدایت حاصل کرو اور گزرے ہوئے لوگوں کے آثار کی تلاش کرو اس لئے کہ اگر مذہبی پیشوا اور رہنما اپنے مراتب کے زوال سے نہ ڈریں اور اپنے اعمال میں کتاب قائم کرنے کے ذریعے اپنی قدر و منزلت کے فساد سے نہ ڈریں اور انہوں نے جو تحریف کی ہے اسے واضح نہ کریں اور اسے نہ چھپائیں لیکن وہ لوگ جب وہ اپنے اعمال کے ذریعے کتاب کے خلاف عمل کرتے ہیں تو وہ ایسی چیز تلاش کرتے ہیں جس کے ذریعے وہ اپنی قوم کو دھوکا دے سکیں اس چیز کے بارے میں جو انہوں نے کیا ہے۔ انہیں یہ خوف ہوتا ہے کہ وہ اپنی حیثیت خراب کر جائیں گے وہ لوگوں کے سامنے اس کے فساد کو بیان کرتے ہیں اور کتاب کے مفہوم میں تحریف کر دیتے ہیں اور جہاں وہ تحریف نہیں کر سکتے وہاں اسے چھپا لیتے ہیں اور اپنی حیثیت کو برقرار رکھنے کے لئے خود جو حرکت کی ہوتی ہے اس پر خاموش رہتے ہیں اور اس بات پر بھی خاموش رہتے ہیں جو لوگوں نے انہیں بچانے کے لئے کیا ہوتا ہے۔ تحقیق اللہ تعالیٰ نے جن لوگوں کو کتاب عطا کی ہے ان سے یہ عہد لیا ہے کہ وہ لوگوں کے سامنے واضح طور پر اسے بتائیں گے اور اسے چھپائیں گے نہیں بلکہ وہ لوگ تو خود اس کی طرف جھک گئے ہیں اور اس بارے میں انہوں نے لوگوں کے ساتھ نرمی کی ہے۔

# كِتَابُ الطَّهَارَةِ

## طہارت کا بیان

## بَاب فَرْضِ الْوُضُوْءِ وَالصَّلٰوةِ

## باب 1: وضو اور نماز کی فرضیت

**673**- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْحَمِيْدِ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ لَمَّا نُهِيْنَا اَنْ نَبْتَدِئَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُعْجِبُنَا اَنْ يَقْدَمَ الْبَدَوِيُّ وَالْاَعْرَابِيُّ الْعَاقِلُ فَيَسْاَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ عِنْدَهُ فَبَيْنَا نَحْنُ كَذٰلِكَ اِذْ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ فَجَثَا بَيْنَ يَدَىْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا مُحَمَّدُ اِنَّ رَسُوْلَكَ اَتَانَا فَزَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ اللّٰهَ اَرْسَلَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِىْ رَفَعَ السَّمَآءَ وَبَسَطَ الْاَرْضَ وَنَصَبَ الْجِبَالَ اللّٰهُ اَرْسَلَكَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِي الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِىْ اَرْسَلَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا صَوْمَ شَهْرٍ فِي السَّنَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِىْ اَرْسَلَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا فِىْ اَمْوَالِنَا الزَّكٰوةَ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِىْ اَرْسَلَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّ رَسُوْلَكَ زَعَمَ لَنَا اَنَّكَ تَزْعُمُ اَنَّ عَلَيْنَا الْحَجَّ اِلَى الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ فَبِالَّذِىْ اَرْسَلَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ بِهٰذَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ قَالَ فَوَالَّذِىْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَا اَدَعُ مِنْهُنَّ شَيْئًا وَّلَا اُجَاوِزُهُنَّ قَالَ ثُمَّ وَثَبَ الْاَعْرَابِيُّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ صَدَقَ الْاَعْرَابِيُّ دَخَلَ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب ہمیں اس بات سے منع کر دیا گیا کہ ہم آغاز میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کریں (یعنی آپ سے غیر ضروری سوال نہ کریں) تو ہماری یہ خواہش ہوتی تھی کہ کوئی بدوی یا سمجھدار دیہاتی آئے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کوئی سوال کرے اور ہم آپ کے پاس موجود ہوں ایک مرتبہ اسی طرح ہم بیٹھے ہوئے تھے۔ ایک دیہاتی آیا اور نبی

حدیث **673**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **619**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **333**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **5070**

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے دوزانو ہو کر بیٹھ گیا۔ وہ بولا! اے محمد! آپ کا مبلغ ہمارے پاس آیا اور اس نے ہمیں بتایا کہ آپ اس بات کے قائل ہیں کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس نے سچ کہا ہے' وہ دیہاتی بولا اس ذات کی قسم' جس نے آسمان کو بلند کیا اور زمین کو بچھایا ہے اور پہاڑوں کو نصب کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو مبعوث کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں۔ وہ دیہاتی بولا آپ کے مبلغ نے یہ بھی بتایا ہے کہ آپ اس بات کے قائل ہیں کہ ہم پر دن اور رات میں پانچ نمازیں پڑھنا فرض ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے۔ دیہاتی بولا اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں وہ دیہاتی بولا آپ کے مبلغ نے ہمیں یہ بھی بتایا ہے کہ آپ اس بات کے قائل ہیں کہ ہم پر سال بھر میں ایک مہینے کے روزے رکھنا فرض ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اس نے ٹھیک کہا ہے۔ پھر دیہاتی بولا اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے آپ نے جواب دیا: ہاں! وہ دیہاتی بولا' آپ کے مبلغ نے یہ بھی فرمایا ہے آپ اس بات کے قائل ہیں کہ ہمیں اپنے مال میں سے زکوٰۃ بھی دینا ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا۔ اس نے ٹھیک کہا ہے وہ دیہاتی بولا! اس ذات کی قسم' جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے آپ نے جواب دیا ہاں! وہ دیہاتی بولا آپ کے مبلغ نے یہ بھی بتایا ہے کہ آپ اس بات کے قائل ہیں کہ ہم میں سے جس شخص کی استطاعت ہو اس پر بیت اللہ کا حج کرنا فرض ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا' اس نے ٹھیک کہا ہے وہ دیہاتی بولا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا ہاں! وہ دیہاتی بولا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میں ان میں سے کوئی بھی چیز نہیں چھوڑوں گا اور کسی میں اضافہ نہیں کروں گا۔ راوی کہتے ہیں پھر وہ دیہاتی اٹھ کر چل دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اگر اس دیہاتی نے سچ کہا ہے تو یہ جنت میں داخل ہوگا۔

**674**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا غُلَامَ بَنِى عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ وَعَلَيْكَ وَقَالَ اِنِّى رَجُلٌ مِّنْ اَخْوَالِكَ مِنْ بَنِى سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ وَّاَنَا رَسُوْلُ قَوْمِى اِلَيْكَ وَوَافِدُهُمْ وَاِنِّى سَائِلُكَ فَمُشَدِّدٌ مَّسَالَتِى اِلَيْكَ وَمُنَاشِدُكَ فَمُشَدِّدٌ مُنَاشَدَتِى اِيَّاكَ قَالَ خُذْ عَنْكَ يَا اَخَا بَنِى سَعْدٍ قَالَ مَنْ خَلَقَكَ وَخَلَقَ مَنْ قَبْلَكَ وَمَنْ هُوَ خَالِقٌ مَنْ بَعْدَكَ قَالَ اللّٰهُ قَالَ فَنَشَدْتُكَ بِذٰلِكَ اَهُوَ اَرْسَلَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ مَنْ خَلَقَ السَّمٰوَاتِ السَّبْعَ وَالْاَرَضِيْنَ السَّبْعَ وَاَجْرٰى بَيْنَهُنَّ الرِّزْقَ قَالَ اللّٰهُ قَالَ فَنَشَدْتُكَ بِذٰلِكَ اَهُوَ اَرْسَلَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ اِنَّا وَجَدْنَا فِى كِتَابِكَ وَاَمَرَتْنَا رُسُلُكَ اَنْ نُصَلِّىَ فِى الْيَوْمِ وَاللَّيْلَةِ خَمْسَ صَلَوَاتٍ لِمَوَاقِيْتِهَا فَنَشَدْتُكَ بِذٰلِكَ اَهُوَ اَمَرَكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّا وَجَدْنَا فِى كِتَابِكَ وَاَمَرَتْنَا رُسُلُكَ اَنْ نَاْخُذَ مِنْ حَوَاشِى اَمْوَالِنَا فَنَرُدَّهَا عَلٰى فُقَرَائِنَا فَنَشَدْتُكَ بِذٰلِكَ اَهُوَ

حدیث 674: "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 12900

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 2329

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 30317

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 2383

اَمَرَكَ بِذٰلِكَ قَالَ نَعَمْ ثُمَّ قَالَ اَمَّا الْخَامِسَةُ فَلَسْتُ بِسَائِلِكَ عَنْهَا وَلَا اَرَبَ لِيْ فِيْهَا ثُمَّ قَالَ اَمَا وَالَّذِيْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَاَعْمَلَنَّ بِهَا وَمَنْ اَطَاعَنِيْ مِنْ قَوْمِيْ ثُمَّ رَجَعَ فَضَحِكَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَئِنْ صَدَقَ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک دیہاتی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی اے بنوعبد المطلب کے غلام تم پر سلام ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: تم پر بھی وہ دیہاتی بولا' میرا تعلق آپ کے ننھیالی عزیزوں' بنوسعد بن بکر سے ہے اور میں آپ کی خدمت میں اپنی قوم کے نمائندے کے طور پر آیا ہوں۔ میں نے آپ سے کچھ سوالات کرنے ہیں۔ میرے الفاظ کچھ سخت ہو سکتے ہیں میں آپ کو قسم دے کر دریافت کروں گا اور قسم میں میرے یہ الفاظ سخت ہوں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے بنو سعد سے تعلق رکھنے والے فرد! تم پریشان نہ ہو۔ اس دیہاتی نے دریافت کیا' آپ کو کس نے پیدا کیا ہے؟ اور آپ سے پہلوں کو کس نے پیدا کیا ہے؟ اور آپ کے بعد جو آئیں گے انہیں کون پیدا کرے گا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ وہ دیہاتی بولا میں آپ کو اسی کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کیا اس نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں! اس دیہاتی نے دریافت کیا سات آسمانوں اور سات زمینوں کو کس نے پیدا کیا ہے اور ان میں کس نے رزق جاری کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ تعالیٰ نے۔ وہ دیہاتی بولا' میں آپ کو اسی کی قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا اسی نے آپ کو مبعوث کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں' وہ دیہاتی بولا ہم نے آپ کے مکتوب میں یہ بات پائی ہے اور آپ کے مبلغین نے بھی ہمیں اس بات کا حکم دیا ہے کہ ہم دن اور رات میں پانچ نمازیں جو مخصوص اوقات میں ہیں ادا کیا کریں میں اسی ذات کی قسم دے کر آپ سے پوچھتا ہوں کیا اسی نے آپ کو اس کا حکم دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں وہ دیہاتی بولا ہم نے آپ کے مکتوب میں یہ بات پائی ہے اور آپ کے مبلغین نے ہمیں یہ ہدایت کی ہے کہ ہم اپنے مال کا کچھ حصہ زکوٰۃ کے طور پر ادا کریں اور اسے فقراء کو دے دیں میں اسی ذات کی آپ کو قسم دے کر پوچھتا ہوں کیا اسی ذات نے آپ کو اس بات کا حکم دیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں پھر وہ دیہاتی بولا پانچویں چیز اس کے بارے میں آپ سے کچھ پوچھوں گا نہیں اور نہ ہی اس کے بارے میں کوئی شک ہے پھر وہ بولا اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ میں ان سب باتوں پر ضرور بالضرور عمل کروں گا اور وہ شخص بھی جو میری قوم میری اطاعت کرے (راوی کہتے ہیں پھر وہ شخص چلا گیا) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے۔ آپ نے فرمایا: اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے اگر اس نے سچ کہا ہے تو ضرور بالضرور جنت میں داخل ہوگا۔

**675-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ سَلَمَةُ بْنُ كُهَيْلٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بْنِ نُوَيْفِعٍ عَنْ كُرَيْبٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَعَثَ بَنُوْ سَعْدِ بْنِ بَكْرٍ ضِمَامَ بْنَ ثَعْلَبَةَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَدِمَ عَلَيْهِ فَاَنَاخَ بَعِيْرَهُ عَلٰى بَابِ الْمَسْجِدِ ثُمَّ عَقَلَهُ ثُمَّ دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ فِيْ اَصْحَابِهٖ وَكَانَ ضِمَامٌ رَجُلًا جَلْدًا اَشْعَرَ ذَا غَدِيْرَتَيْنِ حَتّٰى وَقَفَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيُّكُمُ ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا ابْنُ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ مُحَمَّدٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ يَا ابْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ اِنِّيْ سَائِلُكَ وَمُغَلِّظٌ فِي الْمَسْاَلَةِ فَلَا تَجِدَنَّ عَلَيَّ فِيْ نَفْسِكَ

قَالَ لَا اَجِدُ فِي نَفْسِي فَسَلْ عَمَّا بَدَا لَكَ قَالَ اِنِّي اَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ اِلٰهِكَ وَاِلٰهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ وَاِلٰهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ اللّٰهُ بَعَثَكَ اِلَيْنَا رَسُوْلًا قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ اِلٰهِكَ وَاِلٰهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ وَاِلٰهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ اَنْ نَعْبُدَهُ وَحْدَهُ لَا نُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا وَّاَنْ نَخْلَعَ هٰذِهِ الْاَنْدَادَ الَّتِي كَانَتْ اٰبَاؤُنَا تَعْبُدُهَا مِنْ دُوْنِهِ قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ فَاَنْشُدُكَ بِاللّٰهِ اِلٰهِكَ وَاِلٰهِ مَنْ كَانَ قَبْلَكَ وَاِلٰهِ مَنْ هُوَ كَائِنٌ بَعْدَكَ اللّٰهُ اَمَرَكَ اَنْ نُصَلِّيَ هٰذِهِ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسَ قَالَ اللّٰهُمَّ نَعَمْ قَالَ ثُمَّ جَعَلَ يَذْكُرُ فَرَائِضَ الْاِسْلَامِ فَرِيْضَةً فَرِيْضَةً الزَّكٰوةَ وَالصِّيَامَ وَالْحَجَّ وَشَرَائِعَ الْاِسْلَامِ كُلَّهَا وَيُنَاشِدُهُ عِنْدَ كُلِّ فَرِيْضَةٍ كَمَا نَاشَدَهُ فِي الَّتِي قَبْلَهَا حَتّٰى اِذَا فَرَغَ قَالَ فَاِنِّي اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ وَسَاُؤَدِّي هٰذِهِ الْفَرِيْضَةَ وَاَجْتَنِبُ مَا نَهَيْتَنِي عَنْهُ ثُمَّ قَالَ لَا اَزِيْدُ وَلَا اَنْقُصُ ثُمَّ انْصَرَفَ اِلٰى بَعِيْرِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ وَلّٰى اِنْ يَّصْدُقْ ذُو الْعَقِيْصَتَيْنِ يَدْخُلِ الْجَنَّةَ فَاَتٰى اِلٰى بَعِيْرِهِ فَاَطْلَقَ عِقَالَهُ ثُمَّ خَرَجَ حَتّٰى قَدِمَ عَلٰى قَوْمِهِ فَاجْتَمَعُوْا اِلَيْهِ فَكَانَ اَوَّلَ مَا تَكَلَّمَ اَنْ قَالَ بِئْسَتِ اللَّاتُ وَالْعُزّٰى قَالُوْا مَهْ يَا ضِمَامُ اتَّقِ الْبَرَصَ وَاتَّقِ الْجُنُوْنَ وَاتَّقِ الْجُذَامَ قَالَ وَيْلَكُمْ اِنَّهُمَا وَاللّٰهِ لَا يَضُرَّانِ وَلَا يَنْفَعَانِ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ بَعَثَ رَسُوْلًا وَّاَنْزَلَ عَلَيْهِ كِتَابًا اسْتَنْقَذَكُمْ بِهِ مِمَّا كُنْتُمْ فِيْهِ وَاِنِّي اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ وَقَدْ جِئْتُكُمْ مِنْ عِنْدِهِ بِمَا اَمَرَكُمْ بِهِ وَنَهَاكُمْ عَنْهُ قَالَ فَوَاللّٰهِ مَا اَمْسٰى مِنْ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَفِي حَاضِرِهِ رَجُلٌ وَّلَا امْرَاَةٌ اِلَّا مُسْلِمًا قَالَ يَقُوْلُ ابْنُ عَبَّاسٍ فَمَا سَمِعْنَا بِوَافِدِ قَوْمٍ كَانَ اَفْضَلَ مِنْ ضِمَامِ بْنِ ثَعْلَبَةَ

٭٭ حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ بنوسعد بن بکر (نامی قبیلے کے افراد نے) ضمام بن ثعلبہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں بھیجا وہ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اپنے اونٹ کو مسجد کے دروازے پر بٹھایا اور پھر باندھ دیا اور مسجد کے اندر آ گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اصحاب کے درمیان بیٹھے ہوئے تھے۔ ضمام صحت مند آدمی تھے۔ (ان کے جسم پر) بہت زیادہ بال تھے انہوں نے دو چوٹیاں بنائی ہوئی تھیں۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ کر ٹھہرے اور دریافت کیا۔ آپ میں سے عبدالمطلب کے

---

حدیث 675 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 63

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 487

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 2092

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1402

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 2380

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 154

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 2358

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 4380

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 2402

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 4128

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء 8149

صاحبزادے کون ہیں؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: میں عبدالمطلب کا صاحبزادہ ہوں اس نے دریافت کیا محمد ﷺ! نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا' ہاں وہ بولا اے عبدالمطلب کے صاحبزادے! میں آپ سے کچھ سوالات کروں گا اور ان سوالات میں لفظ کچھ سخت ہو سکتے ہیں۔ لیکن آپ بُرا نہیں مانیں گے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میں بُرا نہیں مانوں گا تم جو چاہو سوال کرو۔ وہ بولا میں آپ کو اس اللہ کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں جو آپ کا بھی معبود ہے جو لوگ آپ سے پہلے آئے ہیں ان کا بھی معبود ہے اور جو لوگ بعد میں آئیں گے ان کا بھی معبود ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو ہماری طرف رسول بنا کر مبعوث کیا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: اللہ جانتا ہے ایسا ہی ہے۔ وہ بولا' میں آپ کو اس اللہ کی قسم دے کر دریافت کرتا ہوں جو آپ کا بھی معبود ہے۔ جو لوگ آپ سے پہلے آئے ان کا بھی معبود ہے اور جو لوگ بعد میں آئیں گے ان کا بھی معبود ہے۔ کیا اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا ہے کہ ہم صرف اسی کی عبادت کریں اور کسی کو اس کا شریک نہ بنائیں اور ان باطل معبودوں سے علیحدگی اختیار کریں جن کی ہمارے آباؤ اجداد اللہ کی بجائے' عبادت کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا' اللہ جانتا ہے ایسا ہی ہے (راوی کہتے ہیں پھر اس نے اسلام کے فرض احکام کو ایک ایک کر کے ذکر کرنا شروع کیا۔ زکوٰۃ کا تذکرہ کیا روزے کا حج کا' تمام شرعی احکام کا تذکرہ کیا۔ اور ہر فرض کا ذکر کرتے ہوئے وہ اسی طرح قسم دیتا رہا جیسے پہلے دی تھی۔ یہاں تک کہ وہ فارغ ہو گیا تو بولا میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور میں یہ بھی گواہی دیتا ہوں کہ بے شک حضرت محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور رسول ہیں اور میں ان فرائض کو سرانجام دوں گا اور آپ نے مجھے جن باتوں سے منع کیا ہے ان سے اجتناب کروں گا (راوی کہتے ہیں) پھر اس نے یہ بھی کہا میں اس میں کوئی کمی بیشی نہیں کروں گا پھر وہ اپنے لوگوں کے پاس گیا تو جب وہ مڑ گیا' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر اس دو چوٹیوں والے نے سچ کہا ہے تو یہ جنت میں داخل ہو جائے گا (راوی کہتے ہیں) پھر وہ شخص اپنے اونٹ کے پاس آیا اس نے اس کی لگام کھولی اور پھر (مدینہ منورہ سے) چلا گیا جب وہ اپنی قوم کے پاس آیا اور لوگ اس کے پاس اکٹھے ہوئے اس شخص نے اپنی گفتگو کا آغاز اس بات سے کیا۔ لات و عزیٰ بہت ہی بُرے ہیں۔ لوگ بولے اے ضمام! خاموش رہو۔ پھلبہری سے بچو' پاگل پن سے بچو' ضمام نے جواب دیا: تمہارا ستیاناس ہو۔ اللہ کی قسم یہ دو (بت) کوئی نقصان یا نفع نہیں پہنچا سکتے ہیں۔ بے شک اللہ تعالیٰ نے رسول کو مبعوث کر لیا ہے اور اس کی طرف کتاب نازل کر دی ہے جس کے ذریعے وہ تمہیں اس (بیماری) سے نجات دینا چاہتا ہے۔ جس سے میں تم مبتلا ہو اور میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے۔ بے شک حضرت محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور رسول ہیں میں ان کی خدمت میں سے تمہارے پاس وہ احکام لے کر آیا ہوں جن کا انہوں نے تمہیں حکم دیا ہے اور جن باتوں سے منع کیا ہے (راوی کہتے ہیں) اللہ کی قسم! اسی دن شام ہونے سے پہلے حاضرین میں موجود ہر مرد اور عورت مسلمان ہوئی (راوی کہتے ہیں) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ بھی فرمایا ہے کہ ضمام بن ثعلبہ سے افضل کسی قوم کے نمائندے کے بارے میں ہمیں نہیں پتا۔

## بَابُ مَّا جَآءَ فِي الطُّهُوْرِ

## باب 2: وضو کے بارے میں حدیث

**676**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا اَبَانُ هُوَ ابْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ زَيْدٍ عَنْ اَبِي سَلَّامٍ

عَنْ اَبِی مَالِكٍ الْاَشْعَرِیِّ اَنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطُّهُوْرُ شَطْرُ الْاِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُ الْمِيزَانَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَآنِ مَا بَيْنَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ وَالصَّلٰوةُ نُوْرٌ وَّالصَّدَقَةُ بُرْهَانٌ وَّالْوُضُوْءُ ضِيَاءٌ وَّالْقُرْاٰنُ حُجَّةٌ لَّكَ اَوْ عَلَيْكَ وَكُلُّ النَّاسِ يَغْدُو فَبَائِعٌ نَفْسَهُ فَمُعْتِقُهَا اَوْ مُوبِقُهَا

☆☆ حضرت ابو مالک اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں طہارت نصف ایمان ہے اور الحمد للہ (پڑھنا) میزان یعنی نیکیوں کے پلڑے کو بھر دیتا ہے اور لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر (پڑھنا) آسمان اور زمین میں موجود (خلا کو) بھر دیتے ہیں نماز نور ہے صدقہ برہان ہے وضو روشنی ہے۔ قرآن تمہارے حق میں' یا تمہارے خلاف حجت ہے ہر شخص روزانہ اپنے نفس کا سودا کرتا ہے یا تو وہ (اپنے آپ کو شیطان سے) آزاد کروالیتا ہے یا ہلاکت کا شکار کردیتا ہے۔

**677**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِی اِسْحٰقَ عَنْ جُرَیٍّ النَّهْدِیِّ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ بَنِی سُلَيْمٍ قَالَ عَقَدَهُنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِی يَدِی اَوْ قَالَ عَقَدَهُنَّ فِی يَدِهٖ وَيَدُهٗ فِی يَدِی سُبْحَانَ اللّٰهِ نِصْفُ الْاِيمَانِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ يَمْلَأُ الْمِيزَانَ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ يَمْلَأُ مَا بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَالْوُضُوْءُ نِصْفُ الْاِيمَانِ وَالصَّوْمُ نِصْفُ الصَّبْرِ

☆☆ جری نہدی' بنوسلیم سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب کے حوالے سے یہ روایت نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ہاتھ پر ان باتوں کو گنا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ہاتھ پر ان باتوں کو گنا اور آپ کا دست اقدس میرے ہاتھ میں تھا (وہ باتیں یہ ہیں) سبحان اللہ (پڑھنا) نصف میزان (کے برابر) ہے اور الحمد للہ (پڑھنا) میزان کے نیکیوں کے پلڑے کو بھر دیتا ہے اللہ اکبر (پڑھنا) آسمان اور زمین کے (خلا) کو بھر دیتا ہے۔ وضو نصف ایمان ہے اور روزہ نصف صبر ہے۔

**678**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ وَّالْاَعْمَشِ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَقِيمُوْا وَلَنْ تُحْصُوا وَاعْلَمُوْا

حدیث **676** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **223**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **3517**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **2437**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **280**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22953**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **844**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **2217**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **185**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **3424**

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/**1991**ء **1429**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1405**ھ/**1984**ء **1114**

اَنَّ خَیْرَ اَعْمَالِکُمُ الصَّلٰوۃُ وَقَالَ الْاٰخَرُ اِنَّ مِنْ خَیْرِ اَعْمَالِکُمُ الصَّلٰوۃَ وَلَنْ یُّحَافِظَ عَلَی الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں سیدھے رہو (حالانکہ تم لوگ) مکمل طور پر سیدھے نہیں رہ سکتے اور یہ جان لو کہ تمہارا سب سے بہتر عمل نماز پڑھنا ہے (ایک اور روایت میں یہ الفاظ ہیں) تمہارے بہترین اعمال میں' نماز پڑھنا بھی شامل ہے (اور حدیث میں یہ الفاظ بھی ہیں) صرف مؤمن وضو کی حفاظت کرتا ہے۔

**679**- حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْوَلِیْدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ ثَوْبَانَ قَالَ حَدَّثَنِیْ حَسَّانُ بْنُ عَطِیَّۃَ اَنَّ اَبَا کَبْشَۃَ السَّلُوْلِیَّ حَدَّثَہٗ اَنَّہٗ سَمِعَ ثَوْبَانَ مَوْلٰی رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ سَدِّدُوْا وَقَارِبُوْا وَخَیْرُ اَعْمَالِکُمُ الصَّلٰوۃُ وَلَنْ یُّحَافِظَ عَلَی الْوُضُوْءِ اِلَّا مُؤْمِنٌ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آزاد کردہ غلام تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: درست راستہ اختیار کرو اور ایک دوسرے کے قریب رہو' تمہارا سب سے بہتر عمل نماز پڑھنا ہے اور صرف مؤمن ہی وضو کی حفاظت کرتا ہے۔

## بَابُ قَوْلِہٖ (اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْھَکُمْ) الْاٰیَۃَ

## باب 3: جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنے چہرے دھولو (کی تفصیل)

**680**- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَۃُ حَدَّثَنَا مَسْعُوْدُ بْنُ عَلِیٍّ عَنْ عِکْرِمَۃَ اَنَّ سَعْدًا کَانَ یُصَلِّی الصَّلَوَاتِ کُلَّھَا بِوُضُوْءٍ وَّاحِدٍ وَّاَنَّ عَلِیًّا کَانَ یَتَوَضَّاُ لِکُلِّ صَلٰوۃٍ وَّتَلَا ھٰذِہِ الْاٰیَۃَ (اِذَا قُمْتُمْ اِلَی الصَّلٰوۃِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْھَکُمْ وَاَیْدِیَکُمْ) الْاٰیَۃَ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں' حضرت سعد رضی اللہ عنہ تمام نمازیں ایک ہی وضو کے ساتھ ادا کرلیا کرتے تھے۔ جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ ہر نماز کے وقت از سرنو وضو کیا کرتے تھے (اور اپنے اس عمل کی تائید میں) قرآن کی یہ آیت پڑھا کرتے تھے۔

''جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنے چہروں اور بازوؤں کو دھولو'۔

**681**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ ھُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ

حدیث **678**: ''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **277**

''مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22432**

''المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **447**

''سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **389**

''معجم صغیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **8**

''معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **1444**

''مسند طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **996**

''مسند حارث' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/ **1992**ء **108**

''مسند شامیین' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **217**

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ اَرَاَيْتَ تَوَضُّوَ ابْنِ عُمَرَ لِكُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا اَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ عَمَّ ذٰلِكَ قَالَ حَدَّثَتْهُ اَسْمَاءُ بِنْتُ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ حَنْظَلَةَ بْنِ اَبِي عَامِرٍ حَدَّثَهَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمِرَ بِالْوُضُوْءِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ طَاهِرًا اَوْ غَيْرَ طَاهِرٍ فَلَمَّا شَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهِ اُمِرَ بِالسِّوَاكِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَّكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَرٰى اَنَّ بِهٖ عَلٰى ذٰلِكَ قُوَّةً فَكَانَ لَا يَدَعُ الْوُضُوْءَ لِكُلِّ صَلٰوةٍ

محمد بن یحییٰ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے عبداللہ سے دریافت کیا' آپ کے علم کے مطابق کیا حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما ہر نماز کے وقت از سرنو وضو کیا کرتے تھے۔ خواہ وہ پہلے سے باوضو ہوں یا نہ ہوں۔ عام طور پر ایسا ہی ہوتا تھا تو انہوں نے جواب دیا۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کو اسماء بنت زید بن خطاب نے یہ بات بتائی تھی کہ حضرت عبداللہ بن حنظلہ رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث سنائی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے وقت وضو کرنے کا حکم دیا ہے (خواہ انسان) باوضو ہو یا بے وضو ہو۔ جب آپ نے اس بات کو مشقت محسوس کیا تو آپ نے ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما یہ سمجھتے تھے کہ ان میں یہ صلاحیت ہے (کہ وہ ہر نماز کے وقت وضو کرلیا کریں) اسی لئے وہ کسی بھی نماز کے وقت وضو ترک نہیں کرتے۔

**682**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ حَتّٰى كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ صَلَّى الصَّلَوَاتِ بِوُضُوْءٍ وَّاحِدٍ وَّمَسَحَ عَلٰى خُفَّيْهِ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ رَاَيْتُكَ صَنَعْتَ شَيْئًا لَّمْ تَكُنْ تَصْنَعُهٗ قَالَ اِنِّيْ عَمْدًا صَنَعْتُ يَا عُمَرُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ فَدَلَّ فِعْلُ

---

حدیث **681**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **48**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22010**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **15**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **556**

''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **157**

حدیث **682**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **277**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **172**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **61**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **510**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **23016**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1708**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **12**

''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **737**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **805**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **158**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **1861**

رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ مَعْنٰى قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (اِذَا قُمْتُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاغْسِلُوْا وُجُوْهَكُمْ) الْاٰيَةَ لِكُلِّ مُحْدِثٍ لَيْسَ لِلطَّاهِرِ وَمِنْهُ قَوْلُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وُضُوْءَ اِلَّا مِنْ حَدَثٍ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ

☆☆ ابن بریدہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ہر نماز کے لئے (از سرِنو) وضو کیا کرتے تھے یہاں تک کہ فتح مکہ کے دن نبی اکرم ﷺ نے ایک ہی وضو سے کئی نمازیں ادا کیں۔ (اور اس دن) آپ نے موزوں پر مسح کیا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے آپ کی خدمت میں عرض کی۔ آج میں نے آپ کو ایسا عمل کرتے ہوئے دیکھا ہے' جو آپ نے پہلے کبھی نہیں کیا تو نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا' اے عمر! میں نے جان بوجھ کر ایسا کیا ہے۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں نبی اکرم ﷺ کا یہ فعل اس بات پر دلالت کرتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا تعلق بے وضو شخص کے ساتھ ہے باوضو شخص کے ساتھ نہیں' اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

''جب تم نماز پڑھنے لگو تو اپنے چہرے دھو لیا کرو (یعنی وضو کر لیا کرو'')

نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان سے بھی یہی بات ثابت ہوتی ہے۔

''وضو ٹوٹنے پر ہی لازم ہوتا ہے''۔

## بَابٌ فِي الذَّهَابِ اِلَى الْحَاجَةِ

## باب 4: قضائے حاجت کے لئے جانا

**683**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ بَعْضِ اَسْفَارِهٖ وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ اِلَى الْحَاجَةِ اَبْعَدَ

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں ایک سفر میں نبی اکرم ﷺ کے ساتھ تھا' نبی اکرم ﷺ جب قضائے حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو دور چلے جاتے۔

**684**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَمْرِو بْنِ وَهْبٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَبَرَّزَ تَبَاعَدَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ هُوَ الْاَدَبُ

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم ﷺ نے قضائے حاجت کرنا ہوتی تو آپ دور چلے جاتے۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہ آداب کا حصہ ہے۔

حدیث **683**''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 333

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — 448

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء — 1064

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — 17

# بَابُ التَّسَتُّرِ عِنْدَ الْحَاجَةِ

## باب 5: قضائے حاجت کے وقت پردہ کرنا

**685**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حُصَيْنُ الْحِمْيَرِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ الْخَيْرُ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنِ اكْتَحَلَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ ذٰلِكَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ مَنِ اسْتَجْمَرَ فَلْيُوْتِرْ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ مَنْ اَكَلَ فَلْيَتَخَلَّلْ فَمَا تَخَلَّلَ فَلْيَلْفِظْ وَمَا لَاكَ بِلِسَانِهٖ فَلْيَبْتَلِعْ مَنْ اَتَى الْغَائِطَ فَلْيَسْتَتِرْ فَاِنْ لَّمْ يَجِدْ اِلَّا كَثِيْبَ رَمْلٍ فَلْيَسْتَدْبِرْهُ فَاِنَّ الشَّيَاطِيْنَ يَتَلَاعَبُوْنَ بِمَقَاعِدِ بَنِیْ اٰدَمَ مَنْ فَعَلَ فَقَدْ اَحْسَنَ وَمَنْ لَّا فَلَا حَرَجَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص سرمہ ڈالے اسے طاق عدد میں ڈالنا چاہیے جو ایسا کرے گا وہ اچھا کرے گا اور جو نہ کرے اس میں کوئی حرج نہیں ہے جو شخص (استنجا کرتے وقت) پتھر استعمال کرے وہ طاق تعداد میں استعمال کرے جو ایسا کرے گا وہ اچھا کرے گا جو ایسا نہیں کرے گا تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔ جو شخص کچھ کھالے اسے خلال کرنا چاہیے۔ خلال کے ذریعے جو نکلے اسے تھوک دے اور جو زبان کے ذریعے باہر آئے اسے نگل لے۔ جو ایسا کرے گا وہ اچھا کرے گا لیکن جو نہیں کرتا اس میں حرج نہیں ہے اور جو شخص قضائے حاجت کے لئے آئے اسے پردہ کر لینا چاہیے۔ اگر اسے صرف ریت کا ٹیلہ ہی میسر ہو تو اسی کی طرف پیٹھ کر لے کیونکہ شیاطین اولاد آدم کے مقاعد (یعنی سرین) کے ساتھ کھیلتے ہیں جو شخص ایسا کرے گا وہ جو ایسا نہیں کرے گا تو یہ بہتر ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**686**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا مَهْدِيٌّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ يَعْقُوْبَ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ

---

حدیث 685: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 35
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 337
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 8825
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1410
''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء 481
حدیث 686: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 342
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 340
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 1754
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1411
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 53
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 2485
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 451
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ - 1984ء 6785

سَعْدٍ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ اَحَبَّ مَا اسْتَتَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَتِهِ هَدَفٌ اَوْ حَائِشُ نَخْلٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے وقت ٹیلے یا کھجوروں کے جھنڈ کی اوٹ میں ہونا پسند کرتے تھے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ بِغَائِطٍ اَوْ بَوْلٍ

## باب 6: پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ کرنا منع ہے

**687**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ مَالِكٍ مِّنْ عَبْدِ الْقَيْسِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ مَّوْلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ اَنْتَ رَسُوْلِيْ اِلٰى اَهْلِ مَكَّةَ فَقُلْ اِنَّ رَسُوْلَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ وَيَاْمُرُكُمْ اِذَا خَرَجْتُمْ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا

☆☆ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا تم اہل مکہ کی طرف میرے نمائندے ہو۔ تم انہیں بتانا کہ اللہ کے رسول نے تم لوگوں کو سلام بھیجا ہے اور یہ ہدایت کی ہے کہ جب تم قضائے حاجت کرنے لگو تو قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرو۔

**688**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَتَيْتُمُ الْغَائِطَ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ بِغَائِطٍ وَّلَا بَوْلٍ وَّلَا تَسْتَدْبِرُوْهَا قَالَ ثُمَّ قَالَ اَبُوْ اَيُّوْبَ فَقَدِمْنَا الشَّامَ فَوَجَدْنَا مَرَاحِيْضَ قَدْ بُنِيَتْ عِنْدَ الْقِبْلَةِ فَنَنْحَرِفُ وَنَسْتَغْفِرُ اللَّهَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ وَّهٰذَا اَصَحُّ مِنْ حَدِيْثِ عَبْدِ الْكَرِيْمِ وَعَبْدُ الْكَرِيْمِ شِبْهُ الْمَتْرُوْكِ

---

حدیث **687**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ مصر **16027**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/ **1992**ء **66**

حدیث **688**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **386**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **9**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **8**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ مصر **23561**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **1417**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **57**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان **1405**ھ **1985**ء **552**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **3931**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **378**

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب تم قضائے حاجت کے لئے آؤ تو پاخانہ یا پیشاب کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرو۔

راوی کہتے ہیں پھر حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ نے بتایا ہم لوگ شام آئے تو وہاں ہم نے قبلہ کی سمت میں بیت الخلا بنے ہوئے پائے۔ تو ہم (قبلہ کی طرف سے) ذرا منہ موڑ کر بیٹھتے تھے اور اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتے تھے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث عبدالکریم نامی راوی سے منقول حدیث سے زیادہ مستند ہے عبدالکریم نامی راوی تقریباً متروک راوی کی حیثیت رکھتا ہے۔

**689**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ عَبْدِ السَّلَامِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ لَا يَرْفَعُ ثَوْبَهُ حَتَّى يَدْنُوَ مِنَ الْأَرْضِ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ هُوَ أَدَبٌ وَهُوَ أَشْبَهُ مِنْ حَدِيثِ الْمُغِيرَةِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (قضائے حاجت کے وقت) کپڑا اس وقت تک نہیں اُٹھاتے تھے جب تک آپ زمین کے قریب نہ ہو جائیں۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' آداب کا حصہ ہے اور یہ روایت حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ سے منقول روایت سے مطابقت رکھتی ہے۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِي اسْتِقْبَالِ الْقِبْلَةِ

## باب 7: (قضائے حاجت کے وقت) قبلہ کی طرف منہ کرنے کی رخصت

**690**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ أَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ أَخْبَرَهُ أَنَّ عَمَّهُ وَاسِعَ بْنَ حَبَّانَ أَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ رَقِيتُ عَلَى ظَهْرِ بَيْتِنَا فَرَأَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسًا عَلَى لَبِنَتَيْنِ مُسْتَقْبِلَ بَيْتِ الْمَقْدِسِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں اپنے گھر کی چھت پر چڑھا تو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دو اینٹوں پر بیٹھ کر بیت المقدس کی طرف منہ کر کے قضائے حاجت کرتے ہوئے دیکھا۔

---

حدیث 689: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 14

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 14

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 463

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ 1984ء — 2987

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — 1433

حدیث 690: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 147

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 4991

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 13312

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — 5838

# بَابٌ فِي الْبَوْلِ قَائِمًا

## باب 8: کھڑے ہو کر پیشاب کرنا

**691-** اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ جَآءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى سُبَاطَةِ قَوْمٍ فَبَالَ وَهُوَ قَائِمٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ لَا اَعْلَمُ فِيْهِ كَرَاهِيَةً

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک محلے میں کچرے کے ڈھیر پر تشریف لائے اور وہاں آپ نے کھڑے ہو کر پیشاب کیا۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہمارے نزدیک اس میں کچھ کراہت نہیں ہے۔

# بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ الْمَخْرَجَ

## باب 9: بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا

**692-** اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ صُهَيْبٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ الْخَلَاءَ قَالَ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبْثِ وَالْخَبَائِثِ

---

حدیث **691**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 222

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 23

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 13

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 18

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 305

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 23289

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء — 1424

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء — 52

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 18

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 489

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ — 1120

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء — 969

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 406

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 442

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر 1408ھ/ 1988ء — 396

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 1309

حضرت مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء میں داخل ہوتے تو یہ دعا مانگتے۔

''اے اللہ! میں خبیث لوگوں اور خبیث چیزوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں''

## بَابُ الْاِسْتِطَابَةِ

## باب 10: پاکیزگی کا حصول

**693- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا يَعْقُوبُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ قُرْطٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَهَبَ اَحَدُكُمْ اِلَى الْغَائِطِ فَلْيَذْهَبْ مَعَهُ بِثَلَاثَةِ**

---

حدیث 692 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 142

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 375

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 5

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 19

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 298

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 12002

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء — 1407

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء — 69

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1990ء — 669

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 7664

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 457

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء — 3914

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/ عمان 1405ھ 1985ء — 888

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء — 5100

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 679

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/ 1989ء — 692

حدیث 693 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 40

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 44

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 315

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 21905

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 42

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 503

اَحْجَارٍ يَسْتَطِيبُ بِهِنَّ فَإِنَّهَا تُجْزِئُ عَنْهُ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص قضائے حاجت کے لئے جائے تو اپنے ساتھ تین پتھر لے جائے جن کے ذریعے وہ صفائی حاصل کرے تو یہ اس کے لئے کافی ہے۔

**694**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ اَخْبَرَنَا عَلِيٌّ هُوَ ابْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ خُزَيْمَةَ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ ثَابِتٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةُ اَحْجَارٍ لَيْسَ مِنْهُنَّ رَجِيعٌ يَعْنِي الْاِسْتِطَابَةَ

☆☆ حضرت عمرو بن خزیمہ بن ثابت انصاری رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں تین پتھر ہونے چاہئیں ان میں کوئی ہڈی نہیں ہونی چاہیے۔ (راوی کہتے ہیں) یعنی پاکیزگی کے حصول کیلئے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْاِسْتِنْجَاءِ بِعَظْمٍ اَوْ رَوْثٍ

## باب 11: ہڈی یا مینگنی کے ذریعے استنجا کرنے کی ممانعت

**695**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ هُوَ ابْنُ اَبِي الْمُخَارِقِ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ مَالِكٍ مِنْ عَبْدِ الْقَيْسِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ قَيْسٍ مَوْلَى سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهُ اَنْتَ رَسُولِي اِلَى اَهْلِ مَكَّةَ فَقُلْ اِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ عَلَيْكُمُ السَّلَامَ وَيَاْمُرُكُمْ اَنْ لَا تَسْتَنْجُوا بِعَظْمٍ وَلَا بِبَعْرَةٍ قَالَ اَبُو عَاصِمٍ مَرَّةً وَيَنْهَاكُمْ اَوْ يَاْمُرُكُمْ

☆☆ حضرت سہل بن حنیف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا تم اہل مکہ کی طرف میرے نمائندے ہو (ان سے) یہ کہہ دینا کہ اللہ کے رسول نے ان کی طرف سلام بھیجا ہے اور انہیں یہ ہدایت کی ہے کہ تم ہڈی یا (اونٹ کی) مینگنی کے ساتھ استنجا نہ کرنا۔

(امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) اس حدیث کے راوی ابوعاصم نے حدیث کے الفاظ میں کچھ اختلاف کیا ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْاِسْتِنْجَاءِ بِالْيَمِينِ

## باب 12: دائیں ہاتھ سے استنجا کرنے کی ممانعت

**696**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ وَيَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَاَبُو نُعَيْمٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ يَحْيَى عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِي قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَمَسَّ اَحَدُكُمْ ذَكَرَهُ بِيَمِينِهِ وَلَا يَتَمَسَّحْ بِيَمِينِهِ

حدیث **694**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 41

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 315

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 21910

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 3725

عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد (ابوقتادہ انصاری) کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کوئی شخص دائیں ہاتھ سے اپنے عضوِ مخصوص کو نہ چھوئے اور نہ ہی دائیں ہاتھ سے اسے صاف کرے۔

# بَابُ الِاسْتِنْجَاءِ بِالْأَحْجَارِ

## باب 13: پتھروں سے استنجا کرنا

**697**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّمَا أَنَا لَكُمْ مِثْلُ الْوَالِدِ لِلْوَلَدِ أُعَلِّمُكُمْ فَلَا تَسْتَقْبِلُوا الْقِبْلَةَ وَلَا تَسْتَدْبِرُوهَا وَإِذَا اسْتَطَبْتَ فَلَا تَسْتَطِبْ بِيَمِينِكَ وَكَانَ يَأْمُرُنَا بِثَلَاثَةِ أَحْجَارٍ وَيَنْهَى عَنِ الرَّوْثِ وَالرِّمَّةِ قَالَ زَكَرِيَّا يَعْنِي الْعِظَامَ الْبَالِيَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے میں تمہارے لئے اسی طرح ہوں جس طرح اولاد کے لئے والد ہوتا ہے۔ میں تمہیں تعلیم دیتا ہوں کہ استنجا کرتے وقت قبلہ کی طرف منہ یا پیٹھ نہ کرو اور جب تم استنجا کرنے لگو تو دائیں ہاتھ سے استنجا نہ کرنا۔

(راوی کہتے ہیں) آپ ہمیں تین پتھر استعمال کرنے کی ہدایت کیا کرتے تھے اور ہڈی اور رمہ استعمال کرنے سے منع کرتے تھے۔

(امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) زکریا بیان کرتے ہیں (رمہ) سے مراد خراب شدہ ہڈی ہے۔

حدیث **696** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **152**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **267**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **24**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **310**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19438**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **1434**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **68**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **28**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **542**

حدیث **697** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **8**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **1440**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **435**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **40**

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/**1988**ء **7403**

# بَابُ الْاِسْتِنْجَاءِ بِالْمَاءِ

## باب 14: پانی کے ذریعے استنجا کرنا

**698**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا ذَهَبَ لِحَاجَتِهِ اَتَيْتُهُ اَنَا وَغُلَامٌ بِعَنَزَةٍ وَّاِدَاوَةٍ فَيَتَوَضَّاُ

☆☆ حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے جاتے' تو میں اور کوئی لڑکا عنزہ (نیزہ) اور پانی کا (برتن) لے کر پیچھے جاتے تھے تو آپ وضو کر لیتے تھے۔

**699**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي مُعَاذٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ جَآءَ الْغُلَامُ بِاِدَاوَةٍ مِّنْ مَّاءٍ كَانَ يَسْتَنْجِي بِهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَبُو مُعَاذٍ اسْمُهُ عَطَاءُ بْنُ مَنِيعٍ اَبِي مَيْمُونَةَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قضائے حاجت کے لئے تشریف لے جاتے تو کوئی لڑکا پانی کا برتن لے کر جاتا اور آپ اس پانی کے ذریعے استنجا کرتے۔

امام ابودارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس حدیث کے راوی) ابومعاذ کا نام عطا بن منیع ابومیمونہ ہے۔

**700**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ ذَرٍّ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ

---

حدیث 798: "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 85
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء 1143
حدیث 699: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 149
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/ 1986ء 45
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12777
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1442
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 86
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 47
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 512
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 3654
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 2134
"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 1621
حدیث 700: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 7
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 301
المنتقی 42

نَجَبَةَ قَالَ حَدَّثَتْنِي عَمَّتِي وَكَانَتْ تَحْتَ حُذَيْفَةَ اَنَّ حُذَيْفَةَ كَانَ يَسْتَنْجِي بِالْمَاءِ

☆☆ مسیب بن نجبہ بیان کرتے ہیں میری پھوپھی جو حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھی' نے مجھے یہ بات بتائی ہے کہ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ پانی کے ذریعے استنجا کیا کرتے تھے۔

## بَابٌ فِيمَنْ يَمْسَحُ يَدَهُ بِالتُّرَابِ بَعْدَ الِاسْتِنْجَاءِ

## باب 15: استنجا کرنے کے بعد ہاتھ کو مٹی کے ذریعے صاف کرنا

**701**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ اَبَانَ بْنِ عَبْدِ اللهِ بْنِ اَبِي حَازِمٍ عَنْ مَوْلًى لِاَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ائْتِنِي بِوَضُوءٍ ثُمَّ دَخَلَ غَيْضَةً فَاَتَيْتُهُ بِمَاءٍ فَاسْتَنْجَى ثُمَّ مَسَحَ يَدَهُ بِالتُّرَابِ ثُمَّ غَسَلَ يَدَيْهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' میرے پاس پانی لاؤ' پھر آپ ایک باغ میں داخل ہوئے میں پانی لے کر آپ کے پاس آیا آپ نے استنجا کیا اور پھر اپنے ہاتھوں کو مٹی کے ذریعے صاف کر کے پھر اپنے ہاتھوں کو دھولیا۔

**702**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللهِ حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ جَرِيرِ بْنِ عَبْدِ اللهِ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

## بَابُ مَا يَقُولُ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ

## باب 16: بیت الخلاء سے باہر آنے کی دعا

**703**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ يُوسُفَ بْنِ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَائِشَةَ حَدَّثَتْهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ مِنَ الْخَلَاءِ قَالَ غُفْرَانَكَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت الخلاء سے باہر تشریف لاتے تو یہ دعا پڑھتے۔

(''اے اللہ میں تجھ سے) تیری مغفرت (کا سوال کرتا ہوں)''۔

## بَابٌ فِي السِّوَاكِ

## باب 17: مسواک کا بیان

**704**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے میں مسواک کے بارے میں تمہیں بکثرت تاکید کرتا

ہوں۔

**705**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكْثَرْتُ عَلَيْكُمْ فِي السِّوَاكِ

☆☆ حضرت سعد بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' میں تمہیں مسواک کے بارے میں بکثرت تاکید کرتا ہوں۔

**706**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِهِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ يَعْنِي السِّوَاكَ

---

حدیث **704**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **848**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **6**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12481**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1066**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **141**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **4171**

حدیث **706**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **6813**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **252**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **46**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **22**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **7**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **287**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9544**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1068**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **139**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **517**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **6**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **154**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **6343**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **5223**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **965**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **1786**

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' اگر مجھے اپنی اُمت کی مشقت کا خیال نہ ہوتا تو میں ہر نماز کے وقت اس بات کا حکم دیتا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یعنی مسواک (کرنے کا حکم دیتا)

## بَابُ السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ.

## باب 18: مسواک منہ کو صاف کر دیتی ہے

**707**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ هُوَ الْقَطْوَانِيُّ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ بْنِ اَبِي حَبِيبَةَ اَخْبَرَنِي دَاوُدُ بْنُ الْحُصَيْنِ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السِّوَاكُ مَطْهَرَةٌ لِّلْفَمِ مَرْضَاةٌ لِّلرَّبِّ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے مسواک منہ کو صاف کر دیتی ہے اور پروردگار کو راضی کر دیتی ہے۔

## بَابُ السِّوَاكِ عِنْدَ التَّهَجُّدِ

## باب 19: تہجد کے وقت مسواک کرنا

**708**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُصَيْنٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اِلَى التَّهَجُّدِ يَشُوصُ فَاهُ بِالسِّوَاكِ

---

حدیث **707** ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء — **5**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **289**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **7**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **1070**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **135**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء — **4**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **134**

## بَابٌ فِي غُسْلِ الْمُسْتَحَاضَةِ

## باب 83: مستحاضہ کا غسل کرنا

**796**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ قَالَتْ سَاَلَتِ امْرَاَةٌ مِّنَ الْاَنْصَارِ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَيْضِ قَالَ خُذِيْ

حدیث **795** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء **225**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **360**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **138**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء **293**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **629**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26965**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء **1396**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء **275**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء **285**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء **37**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء **287**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1638**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **320**

مَائَكِ وَسِدْرَكِ ثُمَّ اغْتَسِلِيْ وَانْقِي ثُمَّ صُبِّي عَلَى رَأْسِكِ حَتَّى تَبْلُغِي شُؤُونَ الرَّأْسِ ثُمَّ خُذِيْ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً قَالَتْ كَيْفَ اَصْنَعُ بِهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسَكَتَ قَالَتْ فَكَيْفَ اَصْنَعُ بِهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَسَكَتَ فَقَالَتْ عَائِشَةُ خُذِيْ فِرْصَةً مُمَسَّكَةً فَتَتَبَّعِي بِهَا اٰثَارَ الدَّمِ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْمَعُ فَمَا اَنْكَرَ عَلَيْهَا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ایک انصاری خاتون نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم پانی اور بیری حاصل کرو پھر اسے دھوکر اچھی طرح صاف کرو پھر سر پر پانی بہاؤ' یہاں تک کہ وہ بالوں کی جڑوں تک پہنچ جائے پھر خوشبو میں بسا ہوا کپڑے کا ٹکڑا استعمال کرو اس خاتون نے دریافت کیا یا رسول اللہ میں اس کے ذریعے کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے اس خاتون نے عرض کی یا رسول اللہ میں اس کے ذریعے کیا کروں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا تم خوشبو میں بسا ہوا کپڑے کا ٹکڑا لے کر خون کے مخصوص مقام پر پھیرو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات سنی اور آپ نے اس پر کوئی انکار نہیں کیا۔

**797- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَ تْ فَاطِمَةُ بِنْتُ اَبِي**

حدیث 796: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 308
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 251
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 134
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1199
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 248
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 248
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 828
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 4733
حدیث 797: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 226
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 333
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 280
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 125
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 202
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 621
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 135
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 24191
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1350
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 6885
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 209

حُبَيْشٍ اِلَى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّي امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ اَفَاَدَعُ الصَّلٰوةَ قَالَ لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَدَعِي الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَصَلِّي

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' فاطمہ بنت ابوحبیش نامی خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اور عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں استحاضہ کا شکار عورت ہوں اور پاک نہیں ہوتی کیا نماز پڑھنا چھوڑ دوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ کسی دوسری رگ کا خون ہے جب حیض آئے تو تم نماز پڑھنا چھوڑ دیا کرو اور جب وہ ختم ہو جائے تو خون دھو کر نماز پڑھنا شروع کر دیا کرو۔

**798**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ ابْنَةَ جَحْشٍ اسْتُحِيْضَتْ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغُسْلِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ فَاِنْ كَانَتْ لَتَدْخُلُ الْمِرْكَنَ وَاِنَّهُ لَمَمْلُوْءٌ مَاءً فَتَنْغَمِسُ فِيْهِ ثُمَّ تَخْرُجُ مِنْهُ وَاِنَّ الدَّمَ لَعَالِيْهِ فَتُصَلِّي

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جحش صاحبزادی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں استحاضہ کا شکار ہوئی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہر نماز کے وقت غسل کرنے کا حکم دیا وہ خاتون ٹب میں داخل ہوتی تھی جو پانی سے بھرا ہوا ہوتا تھا وہ خاتون اس میں غوطہ لگا کر باہر نکلتی تو خون پانی پر غالب آ چکا ہوتا تھا لیکن وہ خاتون نماز پڑھتی تھی۔

**799**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّمَا هِيَ فُلَانَةُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَمَرَهَا بِالْغُسْلِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ فَلَمَّا شَقَّ ذٰلِكَ عَلَيْهَا اَمَرَهَا اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ وَّبَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ وَّتَغْتَسِلَ لِلْفَجْرِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ النَّاسُ يَقُوْلُوْنَ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ قَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ سُهَيْلَةُ بِنْتُ سَهْلٍ

بقیہ حدیث 797 ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 1430
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 898
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) 160
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ/1991ء 564
حدیث 798 ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 1532
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1560
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 26047
حدیث 799 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 294
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 25130
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 1543
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 1419
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 213
''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) 1403ھ 1176

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' فلاں خاتون کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہر نماز کے وقت غسل کرنے کی ہدایت کی جب یہ بات اس کے لئے پریشانی کا باعث ثابت ہوئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے یہ ہدایت کی کہ وہ ایک غسل کرنے کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرلیا کرے اور ایک مرتبہ غسل کرنے کے بعد مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے اور فجر کے لئے پھر غسل کرے۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: محدثین (اس خاتون کا نام) سہلہ بنت سہیل بیان کرتے ہیں' جبکہ یزید بن ہارون نے اس کا سہلہ بنت سہل نقل کیا ہے۔

**800**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ فَاَخْبَرَنِیْ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ امْرَاَةً اُسْتُحِیْضَتْ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاُمِرَتْ قَالَ قُلْتُ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهَا قَالَ لَا اُحَدِّثُكَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ شَیْئًا فَاُمِرَتْ اَنْ تُؤَخِّرَ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلَ الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَتُؤَخِّرَ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلَ الْعِشَاءَ وَتَغْتَسِلَ لَهُمَا غُسْلًا وَتَغْتَسِلَ لِلصُّبْحِ غُسْلًا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک خاتون استحاضہ میں مبتلا ہوگئی تو اسے یہ حکم دیا گیا شعبہ کہتے ہیں میں نے عبدالرحمٰن نامی راوی سے دریافت کیا' کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اُسے یہ حکم دیا تھا؟ انہوں نے جواب دیا: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے تمہیں کوئی چیز نہیں سنا رہا (صرف یہ بتا رہا ہوں) اس خاتون کو یہ ہدایت کی گئی کہ وہ ظہر کی نماز کو مؤخر کر دیا کرے اور عصر کی نماز جلدی ادا کیا کرے اور ان دونوں نمازوں کے لئے ایک دفعہ غسل کرے پھر وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کرے اور عشاء کی نماز جلدی ادا کرے اور ان دونوں کے لئے ایک ہی دفعہ غسل کیا کرے پھر صبح کی نماز کے لئے ایک دفعہ غسل کرے۔

**801**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنِی الزُّهْرِیُّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتُحِیْضَتْ اُمُّ حَبِیْبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ سَبْعَ سِنِیْنَ وَهِیَ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَاشْتَكَتْ ذٰلِكَ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا لَیْسَتْ بِحَیْضَةٍ اِنَّمَا هُوَ عِرْقٌ فَاِذَا اَقْبَلَتِ الْحَیْضَةُ فَدَعِی الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَاغْتَسِلِیْ وَصَلِّیْ قَالَتْ عَائِشَةُ فَكَانَتْ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ ثُمَّ تُصَلِّیْ قَالَتْ وَكَانَتْ تَقْعُدُ فِیْ مِرْكَنٍ لِاُخْتِهَا زَیْنَبَ بِنْتِ جَحْشٍ حَتّٰی اِنَّ حُمْرَةَ الدَّمِ لَتَعْلُو الْمَاءَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' اُم حبیبہ بنت جحش سات برس تک استحاضہ میں مبتلا رہیں وہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس بات کی شکایت کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے فرمایا یہ حیض نہیں ہے بلکہ مواد ہے جب حیض آئے تو نماز پڑھنا ترک کردو اور جب ختم ہوجائے تو غسل کرکے نماز پڑھنا شروع کردو۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' وہ خاتون ہر نماز کے وقت غسل کرکے نماز پڑھتی تھی سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا مزید بیان کرتی ہیں' وہ خاتون اپنی بہن زینب بنت جحش کے بڑے ٹب میں بیٹھتی تھیں یہاں تک کہ خون کی سرخی پانی پر غالب آجاتی تھی۔

**802**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ اَبِیْ حُبَیْشٍ قَالَتْ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّیْ امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ اَفَاَتْرُكُ الصَّلٰوةَ قَالَ لَا اِنَّمَا ذٰلِكِ عِرْقٌ وَلَیْسَتْ بِالْحَیْضَةِ

فَإِذَا أَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَاتْرُكِي الصَّلٰوةَ فَإِذَا ذَهَبَ قَدْرُهَا فَاغْسِلِي عَنْكِ الدَّمَ وَتَوَضَّئِي وَصَلِّي قَالَ هِشَامٌ فَكَانَ أَبِي يَقُولُ تَغْتَسِلُ غُسْلَ الْأَوَّلِ ثُمَّ مَا يَكُونُ بَعْدَ ذٰلِكَ فَإِنَّهَا تَطَّهَّرُ وَتُصَلِّي

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' فاطمہ بنت ابوحبیش نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں استحاضہ کا شکار ہوں کیا میں نماز پڑھنا ترک کردوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا یہ مواد ہے حیض نہیں ہے جب حیض آئے نماز پڑھنا ترک کردو اور جب اس کی مدت پوری ہو جائے تو خون دھو کر وضو کر کے نماز پڑھنا شروع کردو۔

ہشام بیان کرتے ہیں' میرے والد یہ بیان کرتے تھے: ایسی عورت کو ایک ہی مرتبہ غسل کرنا ہوگا اس کے بعد نہیں کیونکہ وہ پاک ہو چکی ہے اور نماز پڑھ سکتی ہے۔

**803**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ أَنَّ رَجُلًا أَخْبَرَهُ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ امْرَأَةً كَانَتْ تُهَرَاقُ الدَّمَ عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَفْتَتْ أُمُّ سَلَمَةَ لَهَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهَا رَسُولُ اللّٰهِ لِتَنْظُرْ عَدَدَ اللَّيَالِي وَالْأَيَّامِ الَّتِي كَانَتْ تَحِيضُهُنَّ قَبْلَ أَنْ يَكُونَ بِهَا الَّذِي كَانَ وَقَدْرَهُنَّ مِنَ الشَّهْرِ فَتَتْرُكِ الصَّلٰوةَ لِذٰلِكَ فَإِذَا خَلَّفَتْ ذٰلِكَ وَحَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتَسْتَثْفِرْ بِثَوْبٍ ثُمَّ تُصَلِّي

☆☆ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ایک خاتون کا خون مسلسل خارج ہوتا رہتا تھا سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں جواب دیا اس عورت کو چاہیے کہ اس عارضے سے پہلے جتنے دن تک اسے حیض آیا کرتا تھا ہر مہینے میں ان ایام کا خیال رکھے اور اس دوران نماز نہ پڑھے جب وہ وقت گزر جائے اور نماز کا وقت آجائے تو اس عورت کو چاہیے غسل کر کے اس مخصوص مقام پر کپڑا باندھ کر نماز پڑھے۔

**804**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا ابْنُ أَبِي ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ غَلَبَنِي الدَّمُ قَالَ اغْتَسِلِي وَصَلِّي

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: اُم حبیبہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرا خون بہت زیادہ خارج ہوتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم غسل کر کے نماز پڑھا کرو۔

**805**- أَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ يَعْنِي ابْنَ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ أَنَّهَا سَمِعَتْ عَائِشَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَقُولُ جَاءَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ بِنْتُ جَحْشٍ إِلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَتِ اسْتُحِيضَتْ سَبْعَ سِنِينَ فَاشْتَكَتْ ذٰلِكَ إِلَيْهِ وَاسْتَفْتَتْهُ فِيهِ فَقَالَ لَهَا إِنَّ هٰذَا لَيْسَ بِالْحَيْضَةِ إِنَّمَا هٰذَا عِرْقٌ فَاغْتَسِلِي ثُمَّ صَلِّي قَالَتْ عَائِشَةُ وَكَانَتْ أُمُّ حَبِيبَةَ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَتُصَلِّي وَكَانَتْ تَجْلِسُ فِي الْمِرْكَنِ فَتَعْلُو حُمْرَةُ الدَّمِ الْمَاءَ ثُمَّ تُصَلِّي

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' اُم حبیبہ بنت جحش نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں وہ سات برس سے استحاضہ کا شکار تھیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی شکایت کی اور اس کا حکم دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا یہ حیض نہیں

ہے یہ ایک مواد ہے، تم غسل کر کے نماز پڑھا کرو۔

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' اُم حبیبہ ہر نماز کے وقت غسل کیا کرتی تھیں وہ جس ٹب میں بیٹھا کرتی تھیں اس میں خون کی سرخی غالب آجاتی تھی لیکن وہ نماز پڑھتی تھیں۔

**806**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ كَانَتِ اسْتُحِيضَتْ فِي عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْغُسْلِ لِكُلِّ صَلٰوةٍ فَاِنْ كَانَتْ لَتَنْغَمِسُ فِي الْمِرْكَنِ وَاِنَّهُ لَمَمْلُوءٌ مَّاءً ثُمَّ تَخْرُجُ مِنْهُ وَاِنَّ الدَّمَ لَعَالِيهِ فَتُصَلِّي

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانۂ اقدس میں اُم حبیبہ بنت جحش استحاضہ کا شکار ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہر نماز کے وقت غسل کرنے کا حکم دیا وہ ایک بڑے ٹب میں غوطہ لگایا کرتی تھی جو پانی سے بھرا ہوا ہوتا تھا' جب وہ اس میں سے باہر نکلتی تھیں تو خون پانی پر غالب آچکا ہوتا تھا' لیکن وہ نماز پڑھا کرتی تھیں۔

**807**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْقَاسِمِ اَنَّهَا كَانَتْ بَادِيَةَ بِنْتَ غَيْلَانَ الثَّقَفِيَّةَ

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں' وہ خاتون بادیہ بنت غیلان ثقفیہ تھی۔

**808**- وَعَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّمَا هِيَ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو اسْتُحِيضَتْ وَاَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اَمَرَهَا بِالْغُسْلِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ فَلَمَّا جَهَدَهَا ذٰلِكَ اَمَرَ اَنْ تَجْمَعَ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فِي غُسْلٍ وَّاحِدٍ وَّالْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فِي غُسْلٍ وَّاحِدٍ وَّتَغْتَسِلَ لِلصُّبْحِ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' سہلہ بنت سہیل استحاضہ کا شکار ہوگئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہر نماز کے وقت غسل کرنے کا حکم دیا جب یہ کام ان کے لئے مشکل ہوا تو آپ نے انہیں حکم دیا کہ وہ ایک ہی غسل کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیا کریں اور ایک غسل کے بعد مغرب' عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کر لیا کریں اور صبح کی نماز کے لئے پھر غسل کر لیا کریں۔

**809**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اِنَّمَا جَاءَ اخْتِلَافُهُمْ اَنَّهُنَّ ثَلَاثَتَهُنَّ كُنَّ عِنْدَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ فَقَالَ بَعْضُهُمْ هِيَ اُمُّ حَبِيبَةَ وَقَالَ بَعْضُهُمْ هِيَ بَادِيَةُ وَقَالَ بَعْضُهُمْ هِيَ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلٍ

☆☆ سعد بن ابراہیم بیان کرتے ہیں' محدثین نے اس بارے میں اختلاف کیا ہے کہ ان تین خواتین میں سے حضرت عبد الرحمٰن رضی اللہ عنہ کی اہلیہ کون تھیں، بعض نے کہا ہے وہ ام حبیبہ تھیں بعض نے کہا ہے کہ وہ بادیہ تھیں اور بعض نے کہا ہے کہ وہ سہلہ بنت سہیل تھیں۔

**810**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى اَنَّ الْقَعْقَاعَ بْنَ حَكِيمٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَاَلَ سَعِيدًا عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ فَقَالَ يَا ابْنَ اَخِي مَا بَقِيَ اَحَدٌ اَعْلَمُ بِهٰذَا مِنِّي اِذَا اَقْبَلَتِ الْحَيْضَةُ فَلْتَدَعِ الصَّلٰوةَ وَاِذَا اَدْبَرَتْ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ

☆☆ قعقاع بن حکیم بیان کرتے ہیں' انہوں نے سعید سے مستحاضہ خاتون کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا:

اے میرے بھتیجے اب اس بارے میں مجھ سے زیادہ علم رکھنے والا کوئی شخص باقی نہیں رہا جب اس عورت کو حیض آئے تو وہ نماز پڑھنا ترک کر دے اور جب وہ ختم ہو جائے تو وہ غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے۔

**811**- اَخْبَرَنَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمَّارٍ مَّوْلٰی بَنِیْ هَاشِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِی الْمُسْتَحَاضَةِ تَدَعُ الصَّلٰوةَ اَیَّامَ اَقْرَائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ ثُمَّ تَحْتَشِیْ وَتَسْتَثْفِرُ ثُمَّ تُصَلِّیْ فَقَالَ الرَّجُلُ وَاِنْ كَانَ يَسِيْلُ قَالَ وَاِنْ كَانَ يَسِيْلُ مِثْلَ هٰذَا الْمَثْعَبِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مستحاضہ خاتون کے بارے میں فرماتے ہیں اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران وہ نماز پڑھنا ترک کر دے پھر غسل کرے اور روئی کی پوٹلی بنا کر اسے مخصوص جگہ پر باندھ کر نماز پڑھے۔ ایک شخص نے دریافت کیا اگر خون بہہ رہا ہو تو انہوں نے جواب دیا اگرچہ اس پرنالے کی طرح خون بہہ رہا ہو۔

**812**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِیْ عَمَّارٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ مِّنْ اَشَدِّ النَّاسِ قَوْلًا فِی الْمُسْتَحَاضَةِ ثُمَّ رَخَّصَ بَعْدُ اَتَتْهُ امْرَاَةٌ فَقَالَتْ اَدْخُلُ الْكَعْبَةَ وَاَنَا حَائِضٌ قَالَ نَعَمْ وَاِنْ كُنْتِ تَثْجِيْنَهٗ ثَجًّا اسْتَدْخِلِیْ ثُمَّ اسْتَثْفِرِیْ ثُمَّ ادْخُلِیْ

☆☆ عمار بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مستحاضہ عورت کے بارے میں پہلے بہت زیادہ سخت رائے کے مالک تھے پھر انہوں نے رخصت دی ایک مرتبہ ایک خاتون ان کے پاس آئیں اور بولی کیا میں حیض کی حالت میں خانہ کعبہ میں جا سکتی ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں اگر تم روئی کی پوٹلی بنا کر (شرمگاہ) کے اندر رکھ کر اسے اچھی طرح باندھ لو تو پھر تم (خانہ کعبہ کے) اندر داخل ہو سکتی ہو۔

**813**- اَخْبَرَنَا مُوْسٰی بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِیْ خَالِدٍ عَنْ مُّجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ قَمِيْرَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَاَلْتُهَا عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ قَالَتْ تَنْتَظِرُ اَقْرَائَهَا الَّتِیْ كَانَتْ تَتْرُكُ فِيْهَا الصَّلٰوةَ قَبْلَ ذٰلِكَ فَاِذَا كَانَ يَوْمُ طُهْرِهَا الَّذِیْ كَانَتْ تَطْهُرُ فِيْهِ اغْتَسَلَتْ ثُمَّ تَوَضَّاَتْ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّصَلَّتْ

☆☆ قمیر بیان کرتی ہیں میں نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے مستحاضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: استحاضہ سے پہلے جن ایام میں وہ عورت نماز نہیں پڑھتی تھی ان مخصوص ایام کا خیال رکھے گی پھر جب وہ دن آئے جس میں وہ پاک ہو جایا کرتی تھی تو وہ غسل کرے گی اب وہ ہر نماز کے وقت وضو کر کے نماز پڑھے گی۔

**814**- اَخْبَرَنَا مُوْسٰی بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُّعْتَمِرٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ حَيِّهٖ عَنْ اَبِیْ جَعْفَرٍ مِثْلَ مَا قَالَتْ عَائِشَةُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

**815**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ قَمِيْرَ عَنْ عَائِشَةَ فِی الْمُسْتَحَاضَةِ تَنْتَظِرُ اَيَّامَهَا الَّتِیْ كَانَتْ تَتْرُكُ الصَّلٰوةَ فِيْهَا فَاِذَا كَانَ يَوْمُ طُهْرِهَا الَّذِیْ كَانَتْ تَطْهُرُ فِيْهِ اغْتَسَلَتْ ثُمَّ تَوَضَّاَتْ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّصَلَّتْ

☆☆ مستحاضہ عورت کے بارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' پہلے وہ جن ایام کے دوران نماز نہیں پڑھتی تھی (استحاضہ کے دوران) وہ ان ایام کا خیال رکھے گی اور جب اس کے پاک ہونے کا دن آئے گا جس دن وہ پہلے پاک ہو جایا کرتی تھی تو وہ غسل کرے گی اور ہر نماز کے وقت وضو کر کے نماز ادا کرے گی۔

**816**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِي الْيَقْظَانِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَدَعُ الصَّلٰوةَ اَيَّامَ حَيْضِهَا فِي كُلِّ شَهْرٍ فَاِذَا كَانَ عِنْدَ انْقِضَائِهَا اغْتَسَلَتْ وَصَلَّتْ وَصَامَتْ وَتَوَضَّاَتْ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ عدی بن ثابت اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' مستحاضہ عورت ہر مہینے میں اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران نماز پڑھنا ترک کر دے گی' جب وہ دن گزر جائیں گے تو وہ غسل کر کے نماز پڑھے گی اور روزہ رکھے گی وہ ہر نماز کے وقت وضو کرے گی۔

**817**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيرٍ وَحَفْصٍ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ اِذَا طُلِّقَتْ فَيَطُولُ بِهَا الدَّمُ فَاِنَّهَا تَعْتَدُّ قَدْرَ اَقْرَائِهَا ثَلَاثَ حِيَضٍ وَفِي الصَّلٰوةِ اِذَا جَاءَ وَقْتُ الْحَيْضِ فِي كُلِّ شَهْرٍ اَمْسَكَتْ عَنِ الصَّلٰوةِ

☆☆ مستحاضہ عورت کے بارے میں حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر اُسے طلاق ہو جائے اور لگاتار خون آ رہا ہو تو وہ تین حیض جتنے ایام تک عدت بسر کرے گی اس کی نماز کے بارے میں فرماتے ہیں کہ ہر مہینے میں اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران وہ نماز پڑھنا ترک کر دے گی۔

**818**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قُلْتُ لِقَتَادَةَ امْرَاَةٌ كَانَ حَيْضُهَا مَعْلُومًا فَزَادَتْ عَلَيْهِ خَمْسَةَ اَيَّامٍ اَوْ اَرْبَعَةَ اَيَّامٍ اَوْ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ قَالَ تُصَلِّي قُلْتُ يَوْمَيْنِ قَالَ ذَاكَ مِنْ حَيْضِهَا وَسَاَلْتُ ابْنَ سِيرِينَ قَالَ النِّسَاءُ اَعْلَمُ بِذٰلِكَ

☆☆ معتمر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے قتادہ سے ایک خاتون کے بارے میں دریافت کیا جس کے حیض کے ایام مخصوص ہوں اور پھر اسکے بعد پانچ' چار یا تین دن تک (خون آتا رہے) انہوں نے جواب دیا: وہ عورت نماز پڑھے گی میں نے دریافت کیا اگر دو دن ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: یہ اس کے حیض کا حصہ شمار ہوں گے۔

میں نے یہی سوال ابن سیرین سے کیا تو انہوں نے جواب دیا: اس بارے میں خواتین زیادہ بہتر جانتی ہیں۔

**819**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمَرْاَةِ تَرَى الدَّمَ اَيَّامَ طُهْرِهَا قَالَ اَرٰى اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُصَلِّيَ

☆☆ جو عورت طہر کے ایام کے دوران خون دیکھے اس کے بارے میں حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میری رائے کے مطابق اسے غسل کر کے نماز پڑھنی چاہیے۔

**820**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ

عَنِ الْمَرْاَةِ تُسْتَحَاضُ قَالَ تَنْتَظِرُ قَدْرَ مَا كَانَتْ تَحِيضُ فَلْتُحَرِّمِ الصَّلٰوةَ ثُمَّ لِتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ حَتّٰى إِذَا كَانَ اَوَانُهَا الَّذِى تَحِيضُ فِيهِ فَلْتُحَرِّمِ الصَّلٰوةَ ثُمَّ لِتَغْتَسِلْ فَإِنَّمَا ذَاكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ يُرِيدُ اَنْ يُكْفِرَ اِحْدَاهُنَّ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مستحاضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: وہ ان ایام کا خیال رکھے کہ جن میں پہلے اسے حیض آتا تھا اور اس دوران نماز نہیں پڑھے گی پھر وہ غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے گی یہاں تک کہ پھر جب وہ وقت آئے جو اس کے حیض کا مخصوص وقت ہے تو وہ نماز پڑھنا ترک کر دے گی (جب وہ گزر جائے) تو وہ غسل کر کے (نماز پڑھے گی) کیونکہ یہ شیطان ہے جو خاتون کو گمراہ کرنا چاہتا ہے۔

**821**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ اَخْبَرَنَا اِسْرَآئِيلُ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اَبِى جَعْفَرٍ اَنَّهُ قَالَ فِى الْمُسْتَحَاضَةِ تَدَعُ الصَّلٰوةَ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ وَتَحْتَشِى كُرْسُفًا وَتَوَضَّاُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ مستحاضہ عورت کے بارے میں امام باقر ارشاد فرماتے ہیں وہ اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران نماز نہیں پڑھے گی۔ (وہ ایام گزر جانے کے بعد) غسل کرے گی اور (خون کے خروج کی مخصوص جگہ پر) روئی رکھ لے گی اور ہر نماز کے وقت غسل کر لیا کرے گی۔

**822**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَمِيرَ امْرَاَةِ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ تَجْلِسُ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ غُسْلًا وَاحِدًا وَتَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، مستحاضہ عورت حیض کے ایام کے دوران بیٹھی رہے گی (یعنی نماز ادا نہیں کرے گی)۔ پھر ایک ہی مرتبہ غسل کرے گی اور پھر ہر نماز کے لیے وضو کیا کرے گی۔

**823**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ اسْتُحِيضَتِ امْرَاَةٌ مِنْ اٰلِ اَنَسٍ فَاَمَرُونِى فَسَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَقَالَ اَمَّا مَا رَاَتِ الدَّمَ الْبَحْرَانِيَّ فَلَا تُصَلِّى فَإِذَا رَاَتِ الطُّهْرَ وَلَوْ سَاعَةً مِنْ نَهَارٍ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ

☆☆ انس بن سیرین بیان کرتے ہیں، حضرت انس رضی اللہ عنہ کے خاندان میں سے کوئی خاتون استحاضہ میں مبتلا ہوگئی تو ان لوگوں نے مجھے ہدایت کی تو میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کا حکم دریافت کیا۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے فرمایا اگر وہ عورت گاڑھا خون دیکھے تو نماز نہ پڑھے اور جب وہ طہر دیکھے خواہ وہ دن کے ایک مخصوص حصے کے لئے ہی کیوں نہ ہو تو غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے۔

**824**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اَنَسِ بْنِ سِيرِينَ قَالَ كَانَتْ اُمُّ وَلَدٍ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اسْتُحِيضَتْ فَاَمَرُونِى اَنْ اَسْتَفْتِىَ ابْنَ عَبَّاسٍ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ إِذَا رَاَتِ الدَّمَ الْبَحْرَانِيَّ فَلَا تُصَلِّى فَإِذَا رَاَتِ الطُّهْرَ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ

☆☆ انس بن سیرین بیان کرتے ہیں، حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کی ایک اُم ولد استحاضہ میں مبتلا ہوگئی ان کے گھر والوں نے ہدایت کی کہ میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے اس کا حکم دریافت کروں۔ میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے

جواب دیا: جب اسے گاڑھا خون نظر آئے تو نماز پڑھنا ترک کردے اور جب طہر دیکھے تو غسل کرکے نماز پڑھنا شروع کردے۔

**825-** حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ نُصَيْرٍ حَدَّثَنَا قُرَّةُ عَنِ الضَّحَّاكِ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْهُ فَقَالَتْ اِنِّي امْرَاَةٌ اُسْتَحَاضُ فَقَالَ اِذَا رَاَيْتِ دَمًا عَبِيطًا فَاَمْسِكِي اَيَّامَ اَقْرَائِكِ

☆☆ ضحاک کے بارے میں منقول ہے ایک خاتون نے ان سے سوال کیا کہ میں استحاضہ میں مبتلا ہوں انہوں نے جواب دیا: جب تم تازہ خون دیکھو تو حیض کے ایام کے دوران نماز نہ پڑھو۔

**826-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَجْلِسُ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا ثُمَّ تَغْتَسِلُ لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ غُسْلًا وَاحِدًا وَتُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلُ الْعِشَاءَ وَذٰلِكَ فِي وَقْتِ الْعِشَاءِ وَلِلْفَجْرِ غُسْلًا وَاحِدًا وَلَا تَصُومُ وَلَا يَاْتِيهَا زَوْجُهَا وَلَا تَمَسُّ الْمُصْحَفَ

☆☆ ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں' مستحاضہ عورت اپنے مخصوص ایام کے دوران بیٹھی رہے گی (نماز ادا نہیں کرے گی) پھر وہ ظہر اور عصر کی نماز کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔ پھر وہ مغرب کی نماز کو مؤخر کرے گی اور عشاء کی نماز جلدی ادا کرے گی اور ایسا عشاء کے وقت ہی کرے گی۔ پھر وہ فجر کی نماز کے لئے الگ سے وضو کرے گی ایسی عورت روزہ نہیں رکھ سکتی اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کرسکتا اور وہ عورت قرآن مجید کو نہیں چھوسکتی۔

**827-** اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ رُفَيْعٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كَانَ ابْنُ عَبَّاسٍ يَقُولُ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ غُسْلًا وَاحِدًا لِلظُّهْرِ وَالْعَصْرِ وَغُسْلًا لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ وَكَانَ يَقُولُ تُؤَخِّرُ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلُ الْعَصْرَ وَتُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلُ الْعِشَاءَ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مستحاضہ عورت کے بارے میں فرمایا کرتے تھے' وہ ظہر اور عصر کی نماز کے لئے ایک غسل کرے گی۔ مغرب اور عشاء کی نماز کے لئے ایک غسل کرے گی حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرمایا کرتے تھے' وہ ظہر کی نماز کو مؤخر کرے گی اور عصر جلدی ادا کرے گی مغرب کی نماز مؤخر کرے گی اور عشاء جلد ادا کرے گی۔

**828-** اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ اِذَا خَلَفَتْ قُرُوئَهَا فَاِذَا كَانَ عِنْدَ الْعَصْرِ تَوَضَّاَتْ وُضُوئًا سَابِغًا ثُمَّ لِتَاْخُذْ ثَوْبًا فَلْتَسْتَثْفِرْ بِهِ ثُمَّ لِتُصَلِّ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ جَمِيعًا ثُمَّ لِتَفْعَلْ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ لِتُصَلِّ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ جَمِيعًا ثُمَّ لِتَفْعَلْ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ تُصَلِّي الصُّبْحَ

☆☆ مجاہد' مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں' جب اس کے حیض کا مخصوص وقت ختم ہوجائے تو اگر وہ عصر کا وقت ہو تو وہ عورت اچھی طرح وضو کرکے کپڑا لے کر اسے (اپنی شرمگاہ) پر مضبوطی سے باندھ لے پھر ظہر اور عصر کی نماز اکٹھی ادا کرے گی۔ پھر ایسا ہی کرنے کے بعد مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے پھر ایسا ہی کرے (یعنی اچھی طرح وضو کرکے شرمگاہ پر کپڑا باندھ کر) فجر کی نماز ادا کرے گی۔

**829-** اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ عَطَاءٍ وَسَعِيدٍ وَعِكْرِمَةَ قَالُوا فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ لِصَلٰوةِ الْاُوْلٰى وَالْعَصْرِ فَتُصَلِّيهِمَا وَتَغْتَسِلُ لِلْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ فَتُصَلِّيهِمَا

وَتَغْتَسِلُ لِصَلٰوةِ الْغَدَاةِ

☆☆ عطاء سعید اور عکرمہ بیان کرتے ہیں' مستحاضہ عورت روزانہ ظہر اور عصر کی نماز کے لئے غسل کرے گی اور دونوں نمازیں ادا کرے گی پھر مغرب اور عشاء کے لئے غسل کر کے دونوں نمازیں ایک ساتھ ادا کرے گی اور فجر کی نماز کے لئے پھر غسل کرے گی۔

**830**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُبَيْدٍ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ ثُمَّ تَجْمَعُ بَيْنَ الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ فَاِنْ رَاَتْ شَيْئًا اغْتَسَلَتْ وَجَمَعَتْ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت غسل کرنے کے بعد ظہر اور عصر کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گی پھر اگر اسے کچھ دکھائی دے یعنی (خون خارج ہو) تو وہ غسل کرے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کرے گی۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ تَغْتَسِلُ مِنَ الظُّهْرِ اِلَى الظُّهْرِ وَتُجَامَعُ وَتَصُوْمُ

## باب 84: جوحضرات اس بات کے قائل ہیں کہ مستحاضہ عورت ظہر کے وقت غسل کرے گی جو اگلے دن ظہر تک کافی ہوگا اس عورت کے ساتھ صحبت بھی کی جاسکتی ہے اور وہ روزہ بھی رکھ سکتی ہے

**831**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُمَيٍّ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنِ الْمُسْتَحَاضَةِ فَقَالَ تَجْلِسُ اَيَّامَ اَقْرَائِهَا وَتَغْتَسِلُ مِنَ الظُّهْرِ اِلَى الظُّهْرِ وَتَسْتَذْفِرُ بِثَوْبٍ وَّيَاْتِيْهَا زَوْجُهَا وَتَصُوْمُ فَقُلْتُ عَمَّنْ هٰذَا فَاَخَذَ الْحَصَا

☆☆ سمی بیان کرتے ہیں میں نے سعید بن مسیب سے مستحاضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: وہ اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران بیٹھی رہے گی۔ یعنی (نماز ادا نہیں کرے گی) پھر ایک ظہر کی نماز سے لے کر اگلے دن ظہر کی نماز تک ایک غسل کرے گی (اس عرصے کے دوران) وہ کپڑے کو اپنی (شرمگاہ پر) اچھی طرح باندھ کر رکھے گی اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکے گا اور وہ عورت روزہ رکھ سکے گی۔ (سمی کہتے ہیں) میں نے دریافت کیا اس کی دلیل کیا ہے تو انہوں نے (مجھے مارنے کے لئے) کنکری اٹھالی۔

**832**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ تَغْتَسِلُ مِنْ ظُهْرٍ اِلَى ظُهْرٍ وَّتَتَوَضَّاُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ فَاِنْ غَلَبَهَا الدَّمُ اسْتَثْفَرَتْ وَكَانَ الْحَسَنُ يَقُوْلُ ذٰلِكَ

☆☆ سعید بن مسیب فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت ایک ظہر کی نماز سے لے کر اگلے دن ظہر کی نماز تک کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی اور ہر نماز کے وقت وضو کیا کرے گی اگر بکثرت خون خارج ہو رہا ہو تو وہ اپنی شرمگاہ پر کپڑا باندھ لے گی۔

حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**833**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا يَحْيَى اَنَّ سُمَيًّا مَّوْلٰى اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ الْقَعْقَاعَ بْنَ حَكِيْمٍ وَّزَيْدَ بْنَ اَسْلَمَ اَرْسَلَاهُ اِلٰى سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ يَسْاَلُهُ كَيْفَ تَغْتَسِلُ الْمُسْتَحَاضَةُ فَقَالَ سَعِيْدٌ تَغْتَسِلُ مِنَ الظُّهْرِ اِلٰى مِثْلِهَا مِنَ الْغَدِ لِصَلٰوةِ الظُّهْرِ فَاِنْ غَلَبَهَا الدَّمُ اسْتَثْفَرَتْ وَتَوَضَّاَتْ

لِكُلِّ صَلٰوةٍ وَّصَلَّتْ

☆☆ سمی جو ابوبکر بن عبدالرحمٰن بن حارث بن ہشام کے آزاد کردہ غلام ہیں' بیان کرتے ہیں' قعقاع بن حکیم اور زید بن اسلم نے انہیں (یعنی سمی کو) سعید بن مسیب کی خدمت میں بھیجا تاکہ وہ ان سے مستحاضہ عورت کے بارے میں دریافت کریں کہ وہ غسل کس طرح سے کرے؟ سعید نے جواب دیا: وہ عورت ظہر کے وقت غسل کرے گی جو اگلے دن ظہر کی نماز تک کافی ہوگا اگر اس کا خون زیادہ خارج ہو رہا ہو تو وہ (اپنی شرمگاہ پر مضبوطی کے ساتھ) کپڑا باندھ لے اور ہر نماز کے وقت وضو کر کے نماز پڑھ لیا کرے۔

**834**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُعْتَمِرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ مِنْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ اِلٰى صَلٰوةِ الظُّهْرِ مِنَ الْغَدِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں' وہ ایک دن ظہر کی نماز سے لے کر اگلے دن ظہر کی نماز تک کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

**835**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَدَعُ الصَّلٰوةَ اَيَّامَ حَيْضِهَا مِنَ الشَّهْرِ ثُمَّ تَغْتَسِلُ مِنَ الظُّهْرِ اِلَى الظُّهْرِ وَتَوَضَّأُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّتَصُوْمُ وَتُصَلِّيْ وَيَاْتِيْهَا زَوْجُهَا

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' ہر مہینے اپنے حیض کے مخصوص ایام کے دوران' مستحاضہ عورت نماز نہیں پڑھے گی پھر (جب وہ مخصوص دن گزر جائیں) تو وہ غسل کرے جو ایک دن ظہر کے وقت سے لے کر اگلے دن ظہر کے وقت تک کافی ہوگا۔ وہ عورت ہر نماز کے وقت وضو کیا کرے گی ایسی عورت نماز بھی پڑھ سکتی ہے اور روزہ بھی رکھ سکتی ہے۔ اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت بھی کر سکتا ہے۔

**836**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَبَّادِ بْنِ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْحَسَنِ وَعَطَاءٍ مِثْلَ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ' حضرت عطاء رحمۃ اللہ علیہ (بن ابورباح) سے بھی اسی طرح منقول ہے۔

**837**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَمِيْرَ امْرَاَةِ مَسْرُوْقٍ اَنَّ عَائِشَةَ قَالَتْ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ مَّرَّةً

☆☆ مسروق کی اہلیہ قمیر بیان کرتی ہیں' سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے مستحاضہ عورت کے بارے میں یہ فرمایا ہے: وہ ایک دن میں ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

**838**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ مَعْرُوْفٍ عَنْ مُقَاتِلِ بْنِ حَيَّانَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ مِنْ ظُهْرٍ اِلٰى ظُهْرٍ قَالَ مَرْوَانُ وَهُوَ قَوْلُ الْاَوْزَاعِيِّ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت ایک دن دوپہر سے لے کر اگلے دن دوپہر تک کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

مروان بیان کرتے ہیں' امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**839**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ

اَلْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ عِنْدَ صَلٰوةِ الْاُوْلٰى

☆☆ سعید بن میتب بیان کرتے ہیں' متحاضہ عورت روزانہ ظہر کی نماز کے وقت غسل کیا کرے گی۔

# بَابُ مَنْ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ يُجَامِعُهَا زَوْجُهَا

# باب 85: مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے

**840**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَتَّابٌ هُوَ ابْنُ بَشِيْرٍ الْجَزَرِيُّ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ لَمْ يَرَ بَاْسًا اَنْ يَّاْتِيَهَا زَوْجُهَا

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس بات میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے کہ مستحاضہ عورت کے ساتھ اس کا شوہر صحبت کرے۔

**841**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَالِمٍ الْاَفْطَسِ قَالَ سُئِلَ سَعِيْدُ بْنُ جُبَيْرٍ اَتُجَامَعُ الْمُسْتَحَاضَةُ فَقَالَ الصَّلٰوةُ اَعْظَمُ مِنَ الْجِمَاعِ

☆☆ سالم افطس بیان کرتے ہیں' سعید بن جبیر سے سوال کیا گیا' کیا مستحاضہ عورت کے ساتھ صحبت کی جاسکتی ہے؟ تو انہوں نے جواب دیا: نماز صحبت سے زیادہ اہم ہے۔

**842**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ يَاْتِيْهَا زَوْجُهَا

☆☆ حضرت سعید بن میتب رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (مستحاضہ عورت) کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔

**843**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ قَالَ يَغْشَاهَا زَوْجُهَا

☆☆ یونس بیان کرتے ہیں' مستحاضہ عورت کے بارے میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔

**844**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ يَغْشَاهَا زَوْجُهَا وَاِنْ قَطَرَ الدَّمُ عَلَى الْحَصِيْرِ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔ اگرچہ اس کا خون چٹائی پر ٹپک رہا ہو۔

**845**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ قَالَ قِيْلَ لِبَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اِنَّ الْحَجَّاجَ بْنَ يُوْسُفَ يَقُوْلُ اِنَّ الْمُسْتَحَاضَةَ لَا يَغْشَاهَا زَوْجُهَا قَالَ بَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيُّ الصَّلٰوةُ اَعْظَمُ حُرْمَةً يَغْشَاهَا زَوْجُهَا

☆☆ حمید بیان کرتے ہیں بکر بن عبداللہ سے کہا گیا حجاج بن یوسف یہ کہتا ہے کہ مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کرسکتا تو بکر بن عبداللہ مزنی نے جواب دیا نماز زیادہ قابل احترام ہے (جب مستحاضہ عورت نماز پڑھ سکتی ہے) تو اس کا شوہر بھی اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔

846- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ يَاْتِيهَا زَوْجُهَا

☆☆ حضرت حسن بصری بیان کرتے ہیں' مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے۔

847- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ يُجَامِعُهَا زَوْجُهَا تَدَعُ الصَّلٰوةَ اَيَّامَ حَيْضِهَا فَإِذَا حَلَّتْ لَهَا الصَّلٰوةُ فَلْيَطَأْهَا

☆☆ حضرت عطا بن ابی رباح مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے وہ حیض کے مخصوص ایام کے دوران نماز نہیں پڑھے گی' جب اس کے لئے نماز پڑھنا جائز ہو گا تو اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت بھی کر سکتا ہے۔

848- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ زُرْعَةَ الْخَارِفِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ يُجَامِعُهَا زَوْجُهَا

☆☆ حضرت علی فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے۔

849- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَالْحَسَنِ وَعَطَاءٍ قَالُوا فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّي وَتَصُومُ رَمَضَانَ وَيَغْشَاهَا زَوْجُهَا

☆☆ سعید بن مسیب' حسن بصری اور عطاء (بن ابی رباح) مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں' وہ غسل کر کے نماز پڑھے گی۔ رمضان کے روزے رکھے گی اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے۔

## بَابُ مَنْ قَالَ لَا يُجَامِعُ الْمُسْتَحَاضَةَ زَوْجُهَا

## باب 86: جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کر سکتا

850- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ حَفْصٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَانَ يَقُولُ الْمُسْتَحَاضَةُ لَا يَغْشَاهَا زَوْجُهَا قَالَ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ لِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ لَا اَعْلَمُ اَحَدًا قَالَ هٰذَا عَنِ الْحَسَنِ

☆☆ حفص بیان کرتے ہیں حضرت حسن بصری فرماتے ہیں مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کر سکتا۔

ابونعمان بیان کرتے ہیں' یحییٰ بن سعید قطان نے مجھے بتایا میرے علم میں کوئی ایسا شخص نہیں ہے۔ جس نے حسن بصری کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہو۔

851- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ قَالَ كَانَ مُحَمَّدٌ يَكْرَهُ اَنْ يَغْشَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ خالد بیان کرتے ہیں' امام محمد اس بات کو مکروہ سمجھتے تھے کہ مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرے۔

852- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ لَا يَاْتِيهَا زَوْجُهَا وَلَا تَصُومُ وَلَا تَمَسُّ الْمُصْحَفَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کر سکتا۔ وہ عورت روزہ نہیں رکھ سکتی اور قرآن مجید کو نہیں چھو سکتی۔

**853**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا حَجَّاجُ الْاَعْوَرُ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ قَمِيرَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ الْمُسْتَحَاضَةُ لَا يَاْتِيهَا زَوْجُهَا

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ قمیر کے حوالے سے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' مستحاضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کر سکتا۔

**854**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ كَانَ يُقَالُ الْمُسْتَحَاضَةُ لَا تُجَامَعُ وَلَا تَصُومُ وَلَا تَمَسُّ الْمُصْحَفَ اِنَّمَا رُخِّصَ لَهَا فِي الصَّلٰوةِ قَالَ يَزِيدُ يُجَامِعُهَا زَوْجُهَا وَيَحِلُّ لَهَا مَا يَحِلُّ لِلطَّاهِرِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت کے ساتھ صحبت نہیں کی جا سکتی وہ عورت روزہ نہیں رکھ سکتی اور قرآن مجید کو نہیں چھو سکتی (راوی کہتے ہیں) امام ابراہیم نخعی رحمۃ اللہ علیہ نے مستحاضہ عورت کو نماز پڑھنے کی رخصت دی ہے۔

یزید فرماتے ہیں ایسی عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے اور اس کے لئے ہر وہ کام جائز ہے جو کسی پاک عورت کے لئے جائز ہوتا ہے۔

## بَابُ مَا جَاءَ فِي اَكْثَرِ الْحَيْضِ

## باب 87: حیض کی اکثر مدت کے بارے میں روایات

**855**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ تُمْسِكُ الْمَرْاَةُ عَنِ الصَّلٰوةِ فِي حَيْضِهَا سَبْعًا فَاِنْ طَهُرَتْ فَذَاكَ وَاِلَّا اَمْسَكَتْ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعَشْرِ فَاِنْ طَهُرَتْ فَذَاكَ وَاِلَّا اغْتَسَلَتْ وَصَلَّتْ وَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں عورت سات دن تک حیض کی وجہ سے نماز نہیں پڑھے گی اگر وہ پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ سات سے لے کر دس تک نماز نہیں پڑھے گی اگر پھر پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ غسل کر کے نماز پڑھے گی۔ ایسی عورت مستحاضہ شمار ہوگی۔

**856**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الرَّبِيعِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْحَيْضُ عَشْرٌ فَمَا زَادَ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حیض کی مدت دس دن ہے اس سے زائد جو ہو وہ مستحاضہ ہے۔

**857**- وَقَالَ عَطَاءٌ الْحَيْضُ خَمْسَ عَشْرَةَ

☆☆ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں' حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت پندرہ دن ہے۔

858- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْجَلْدِ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي اِيَاسٍ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ الْحَيْضُ عَشَرَةٌ فَمَا زَادَ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' حیض (کی زیادہ سے زیادہ مدت) دس دن ہے۔ اس سے زیادہ جو ہو وہ استحاضہ ہے۔

859- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ الْحَيْضُ اِلٰى ثَلَاثَ عَشْرَةَ فَمَا زَادَ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ سعید بن جبیر فرماتے ہیں حیض کی (زیادہ سے زیادہ) مدت تیرہ دن ہے اس سے زیادہ جو ہو وہ استحاضہ ہے۔

860- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْجَلْدِ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ الْحَيْضُ عَشَرَةُ اَيَّامٍ ثُمَّ هِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' حیض کی (زیادہ سے زیادہ) مدت دس دن تک ہے پھر عورت مستحاضہ ہو جاتی ہے۔

861- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ الْحَيْضُ اِلٰى ثَلَاثَةَ عَشَرَ يَوْمًا فَمَا سِوٰى ذٰلِكَ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ سعید بن جبیر فرماتے ہیں حیض (کی زیادہ سے زیادہ مدت) تیرہ دن ہے اس سے زیادہ جو ہو وہ مستحاضہ ہے۔

862- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا رَاَتِ الدَّمَ فَاِنَّهَا تُمْسِكُ عَنِ الصَّلٰوةِ بَعْدَ اَيَّامِ حَيْضِهَا يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ هِيَ بَعْدَ ذٰلِكَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' جب عورت خون دیکھے گی تو وہ نماز پڑھنا بند کر دے گی وہ اپنے حیض کے مخصوص ایام سے ایک یا دو دن زیادہ تک وہ حیض شمار کرے گی اور پھر وہ مستحاضہ شمار ہو گی۔

863- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْجَلْدِ بْنِ اَيُّوبَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَنْتَظِرُ ثَلَاثًا اَرْبَعًا خَمْسًا سِتًّا سَبْعًا ثَمَانِيًا تِسْعًا عَشْرًا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' مستحاضہ عورت تین' چار' پانچ' چھ' سات' آٹھ' نو' دس دنوں تک کو حیض شمار کر سکتی ہے۔

864- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ بَلَغَنَا اَنَّ الْمُسْتَحَاضَةَ تَنْتَظِرُ اَعْلٰى اَقْرَائِهَا بِيَوْمٍ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) بیان کرتے ہیں' ہمیں یہ بات پتہ چلی ہے۔ مستحاضہ عورت اپنے حیض کے مخصوص ایام سے ایک دن زیادہ کو (حیض) شمار کرے گی۔

865- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا الرَّبِيعُ بْنُ صَبِيحٍ عَنْ مَنْ سَمِعَ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ مَا زَادَ عَلَى الْعَشْرِ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' دس دن سے زیادہ (جو مواد خارج ہو گا) وہ استحاضہ شمار ہو گا۔

**866**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ مُفَضَّلِ بْنِ مُهَلْهَلٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اَقْصَى الْحَيْضِ خَمْسَ عَشْرَةَ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) فرماتے ہیں' حیض کی زیادہ سے زیادہ مدت پندرہ دن ہے۔

# بَابٌ فِي اَقَلِّ الْحَيْضِ

# باب 88: حیض کی کم از کم مدت

**867**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ بَلَغَنِيْ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ قَالَ اَدْنَى الْحَيْضِ ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ الدَّارِمِيُّ تَاْخُذُ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ اِذَا كَانَ عَادَتَهَا وَسَاَلْتُهُ اَيْضًا عَنْ هٰذَا قَالَ اَقَلُّ الْحَيْضِ يَوْمٌ وَّلَيْلَةٌ وَّاَكْثَرُهُ خَمْسَ عَشْرَةَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' حیض کی کم از کم مدت تین دن ہے۔

امام عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کیا آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں۔ جبکہ اس عورت کی عام عادت یہی ہے۔ (راوی کہتے ہیں) میں نے ان سے اس بارے میں سوال کیا انہوں نے جواب دیا: حیض کی کم از کم مدت ایک دن اور ایک رات ہے اور اس کی زیادہ سے زیادہ مدت پندرہ دن ہے۔

**868**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِيْ زَكَرِيَّا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ هُوَ اَبُوْ سَعْدٍ الصَّغَانِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الرَّبِيْعِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اَدْنَى الْحَيْضِ ثَلَاثٌ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' حیض کی کم از کم مدت تین دن ہے۔

**869**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مَخْلَدُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اَدْنَى الْحَيْضِ يَوْمٌ

☆☆ حضرت عطاء بن ابی رباح رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' حیض کی کم از کم مدت ایک دن ہے۔

**870**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا رَاَتِ الدَّمَ قَبْلَ حَيْضِهَا يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ فَهُوَ مِنَ الْحَيْضِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' جب کوئی عورت اپنے حیض کے مخصوص ایام کے ایک یا دو دن پہلے خون دیکھ لے تو وہ بھی حیض میں شمار ہوگا۔

# بَابٌ فِي الْبِكْرِ يَسْتَمِرُّ بِهَا الدَّمُ

# باب 89: اگر باکرہ عورت کا خون مسلسل جاری رہے؟

**871**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ وَقَيْسِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُمَا قَالَا فِي الْبِكْرِ اِذَا نَفِسَتْ فَاسْتُحِيْضَتْ قَالَا تُمْسِكُ عَنِ الصَّلٰوةِ مِثْلَ مَا تُمْسِكُ الْمَرْاَةُ مِنْ نِسَآئِهَا

☆☆ حضرت قتادہ اور حضرت عطاء بن ابی رباح باکرہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں' جب وہ حیض آنے پر استحاضہ کا شکار ہو جائے تو اتنے دن تک نماز نہیں پڑھے گی۔ جتنے دن تک عام طور پر عورتیں نہیں پڑھتی ہیں۔

**872**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ إِذَا كَانَتِ الْمَرْاَةُ اَوَّلَ مَا تَحِيضُ تَجْلِسُ فِي الْحَيْضِ مِنْ نَحْوِ نِسَآئِهَا سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ هٰذَا فَقَالَ هُوَ اَشْبَهُ الْاَشْيَاءِ

☆☆ سفیان فرماتے ہیں' جب عورت کو پہلی مرتبہ حیض آئے تو اتنے دن تک حیض شمار ہو گا جتنے عرصے تک عورتوں کو حیض آیا کرتا ہے۔

امام عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے اس بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے فرمایا یہ سب سے زیادہ مناسب رائے ہے۔

## بَابٌ فِي الْكَبِيرَةِ تَرَى الدَّمَ

## باب 90: اگر عمر رسیدہ عورت کو خون نظر آ جائے؟

**873**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْكَبِيرَةِ تَرَى الدَّمَ قَالَ لَا نَرَاهُ حَيْضًا

☆☆ جب عمر رسیدہ عورت کو خون نظر آ جائے تو اس کے بارے میں عطاء فرماتے ہیں ہم اسے حیض شمار نہیں کریں گے۔

**874**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنِيهِ ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ فِي امْرَاَةٍ تَرَكَهَا الْحَيْضُ ثَلَاثِينَ سَنَةً ثُمَّ رَاَتِ الدَّمَ فَاَمَرَ فِيهَا بِشَاْنِ الْمُسْتَحَاضَةِ

☆☆ ابن جریج فرماتے ہیں جس عورت کو تیس سال تک حیض نہ آئے اور پھر اسے خون نظر آ جائے تو اس کے بارے میں عطاء بن ابی رباح کی رائے یہ ہے کہ اس کا حکم مستحاضہ عورت کا ہو گا۔

**875**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْكَبِيرَةِ تَرَى الدَّمَ قَالَ هِيَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ تَفْعَلُ كَمَا تَفْعَلُ الْمُسْتَحَاضَةُ

☆☆ ابن جریج بیان کرتے ہیں' عمر رسیدہ عورت' جسے خون نظر آ جائے۔ اس کے بارے میں عطاء بن ابی رباح یہ فرماتے ہیں کہ وہ مستحاضہ عورت کے حکم میں ہو گی اور ہر وہ کام کرے گی جو مستحاضہ عورت کرتی ہے۔

**876**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَالْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ فِي الَّتِي قَعَدَتْ مِنَ الْمَحِيضِ إِذَا رَاَتِ الدَّمَ تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ وَلَا تَغْتَسِلُ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنِ الْكَبِيرَةِ قَالَ تَوَضَّاُ وَتُصَلِّي وَإِذَا طُلِّقَتْ تَعْتَدُّ بِالْاَشْهُرِ

☆☆ حجاج بیان کرتے ہیں' عطاء بن ابی رباح اور حکم بن عتیبہ فرماتے ہیں جس عورت کو حیض آنا بند ہو چکا ہے اگر اسے خون دکھائی دے تو وہ وضو کر کے نماز پڑھ لے گی اور غسل نہیں کرے گی۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے عمر رسیدہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: وہ وضو کر کے نماز پڑھ لے گی اور اگر ایسی عورت کو طلاق دے دی جائے تو وہ مہینے کے حساب سے عدت بسر کرے گی۔

# بَابٌ فِي أَقَلِّ الطُّهْرِ

## باب 91: طہر کی کم از کم مدت

**877**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ الطُّهْرُ خَمْسَ عَشْرَةَ

٭٭ سفیان فرماتے ہیں' طہر کی مدت پندرہ دن ہے۔

**878**- أَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا حَاضَتِ الْمَرْأَةُ فِي شَهْرٍ أَوْ فِي أَرْبَعِينَ لَيْلَةً ثَلَاثَ حِيَضٍ فَإِذَا شَهِدَ لَهَا الشُّهُودُ الْعُدُولُ مِنَ النِّسَاءِ أَنَّهَا رَأَتْ مَا يُحَرِّمُ عَلَيْهَا الصَّلَوٰةَ مِنْ طُمُوثِ النِّسَاءِ الَّذِي هُوَ الطَّمْثُ الْمَعْرُوفُ فَقَدْ خَلَا أَجَلُهَا قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ هَارُونَ يَقُولُ أَسْتَحِبُّ الطُّهْرَ خَمْسَ عَشْرَةَ

٭٭ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں جب کسی عورت کو ایک ہی مہینے میں یا چالیس دن کے اندر' تین مرتبہ حیض آ جائے تو اگر معتبر گواہ عورتیں اس عورت کے حق میں گواہی دیدیں کہ اس عورت نے وہ حیض دیکھا ہے جس کی وجہ سے نماز حرام ہو جاتی ہے اور جو خواتین کو آتا ہے واس عورت (کی عدت) کی مدت پوری ہو جائے گی۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' میں نے یزید بن ہارون کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے: میرے نزدیک طہر کی مدت پندرہ دن ہے۔

**879**- أَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ جَاءَتِ امْرَأَةٌ إِلَى عَلِيٍّ تُخَاصِمُ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا فَقَالَتْ قَدْ حِضْتُ فِي شَهْرٍ ثَلَاثَ حِيَضٍ فَقَالَ عَلِيٌّ لِشُرَيْحٍ اقْضِ بَيْنَهُمَا قَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَأَنْتَ هَا هُنَا قَالَ اقْضِ بَيْنَهُمَا قَالَ يَا أَمِيرَ الْمُؤْمِنِينَ وَأَنْتَ هَا هُنَا قَالَ اقْضِ بَيْنَهُمَا قَالَ إِنْ جَاءَتْ مِنْ بِطَانَةِ أَهْلِهَا مِمَّنْ يُرْضَى دِينُهُ وَأَمَانَتُهُ تَزْعُمُ أَنَّهَا حَاضَتْ ثَلَاثَ حِيَضٍ تَطْهُرُ عِنْدَ كُلِّ قُرْءٍ وَتُصَلِّي جَازَ لَهَا وَإِلَّا فَلَا فَقَالَ عَلِيٌّ قَالُونُ وَقَالُونُ بِلِسَانِ الرُّومِ أَحْسَنْتَ

٭٭ عامر بیان کرتے ہیں' ایک خاتون مقدمہ لے کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ اس نے اپنے شوہر کو فریق بنایا تھا جس نے اسے طلاق دے دی تھی۔ وہ عورت بولی مجھے مہینے میں تین مرتبہ حیض آیا ہے۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (شہر کے قاضی) شریح کو حکم دیا ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر دو شریح نے عرض کی امیر المؤمنین آپ موجود ہیں (آپ کی موجودگی میں' میں کیسے فیصلہ کر سکتا ہوں) حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر دو انہوں نے عرض کی' امیر المؤمنین آپ کی موجودگی میں؟ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم ان دونوں کے درمیان فیصلہ کر دو تو انہوں نے یہ فیصلہ دیا اگر اس عورت کے خاندان کی کوئی دیندار اور امانتدار خاتون یہ گواہی دے کہ اسے ایک مہینے میں تین مرتبہ حیض آیا اور وہ پاک ہو گئی ہے اور اس نے ہر مرتبہ حیض سے پاک ہونے پر نماز ادا کی ہے تو عورت کے حق میں فیصلہ ہو گا ورنہ نہیں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا قالون (راوی کہتے ہیں) رومی زبان میں قالون کا مطلب بہت اچھا ہے۔

**880**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ (وَلَا يَحِلُّ لَهُنَّ اَنْ يَكْتُمْنَ مَا خَلَقَ اللّٰهُ فِيْ اَرْحَامِهِنَّ) قَالَ الْحَيْضُ قِيْلَ لِاَبِيْ مُحَمَّدٍ اَتَقُوْلُ بِهٰذَا قَالَ لَا سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ حَدِيْثِ شُرَيْحٍ تَقُوْلُ بِهِ قَالَ لَا وَقَالَ ثَلَاثُ حِيَضٍ فِي الشَّهْرِ كَيْفَ يَكُوْنُ

☆☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''ان عورتوں کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے ارحام میں جو پیدا کیا ہے انہیں چھپا ئیں''۔

عکرمہ فرماتے ہیں اس سے مراد حیض ہے۔

(راوی کہتے ہیں) امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کیا آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں؟ انہوں نے جواب دیا نہیں۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے حضرت شریح رضی اللہ عنہ کی روایت کے بارے میں دریافت کیا گیا کیا آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں انہوں نے جواب دیا نہیں ایک ماہ میں تین حیض کیسے آسکتے ہیں۔

## بَابُ الطُّهْرِ كَيْفَ هُوَ ؟

## باب 92: طہر کیسا ہوتا ہے

**881**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ قَالَتْ كَانَتْ عَائِشَةُ تَنْهَى النِّسَآءَ اَنْ يَنْظُرْنَ لَيْلًا فِي الْمَحِيْضِ وَتَقُوْلُ اِنَّهُ قَدْ يَكُوْنُ الصُّفْرَةُ وَالْكُدْرَةُ

☆☆ عمرہ بیان کرتی ہیں' سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا عورتوں کو اس بات سے منع کیا کرتی تھیں کہ وہ رات کو اٹھ کر حیض (یعنی خون) کے خروج کا جائزہ لیں اور یہ فرمایا کرتی تھیں بعض اوقات اس مواد کا رنگ زرد اور مٹیالا بھی ہوتا ہے۔

**882**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مَوْلَاةِ عَمْرَةَ قَالَتْ كَانَتْ عَمْرَةُ تَاْمُرُ النِّسَآءَ اَنْ لَّا يَغْتَسِلْنَ حَتّٰى تَخْرُجَ الْقُطْنَةُ بَيْضَاءَ

☆☆ یحییٰ بن سعید' عمرہ کی کنیز کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں۔ عمرہ خواتین کو یہ ہدایت کرتی تھیں کہ وہ اس وقت تک غسل نہ کریں جب تک (شرمگاہ میں پھیرنے کے بعد) روئی سفید نہ نکلے۔

**883**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ قَالَ قَالَ سُفْيَانُ الْكُدْرَةُ وَالصُّفْرَةُ فِيْ اَيَّامِ الْحَيْضِ حَيْضٌ وَكُلُّ شَيْءٍ رَاَتْهُ بَعْدَ اَيَّامِ الْحَيْضِ مِنْ دَمٍ اَوْ كُدْرَةٍ اَوْ صُفْرَةٍ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ تَاْخُذُ بِقَوْلِ سُفْيَانَ قَالَ نَعَمْ

☆☆ سفیان فرماتے ہیں' حیض کے ایام میں نکلنے والا مٹیالا اور زرد مواد بھی حیض شمار ہوگا اور حیض کے مخصوص ایام گزرنے کے بعد خون یا مٹیالا یا زرد مواد جو کچھ بھی خارج ہو وہ مستحاضہ شمار ہوگا۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا کیا آپ سفیان کے اس فتویٰ کو تسلیم کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

**884**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ بَكْرٍ عَنْ صَاحِبَتِهٖ فَاطِمَةَ بِنْتِ مُحَمَّدٍ وَكَانَتْ فِيْ حِجْرِ عَمْرَةَ قَالَتْ اَرْسَلَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ قُرَيْشٍ اِلٰى عَمْرَةَ بِكُرْسُفَةِ قُطْنٍ فِيْهَا كَالصُّفْرَةِ تَسْاَلُهَا هَلْ تَرٰى

إِذَا لَمْ تَرَ الْمَرْأَةُ مِنَ الْحِيضَةِ إِلَّا هٰذَا اَنْ قَدْ طَهُرَتْ فَقَالَتْ لَا حَتّٰى تَرَى الْبَيَاضَ خَالِصًا

☆☆ فاطمہ بنت محمد جو عمرہ کی زیر پرورش رہی تھی بیان کرتی ہیں میں نے ایک قریشی خاتون کو عمرہ کی خدمت میں ایک ڈبیہ دے کر بھیجا جس میں زرد رنگت والی روئی موجود تھی اس خاتون نے ان سے یہ سوال کیا۔ اگر عورت کو حیض کے دوران یہی مواد خارج ہو تو آپ کے خیال میں کیا وہ پاک ہو جائے گی انہوں نے جواب دیا نہیں جب تک خالص (سفید روئی) نہ دیکھے اس وقت تک وہ پاک نہیں ہوگی۔

**885**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ عَنْ يَزِيدَ بْنِ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ عَنْ اَسْمَاءَ قَالَتْ كُنَّا نَكُونُ فِي حِجْرِهَا فَكَانَتْ إِحْدَانَا تَحِيضُ ثُمَّ تَطْهُرُ فَتَغْتَسِلُ وَتُصَلِّي ثُمَّ تَنْكُسُهَا الصُّفْرَةُ الْيَسِيرَةُ فَتَأْمُرُنَا اَنْ نَعْتَزِلَ الصَّلٰوةَ حَتّٰى لَا نَرٰى إِلَّا الْبَيَاضَ خَالِصًا

☆☆ فاطمہ بنت محمد بیان کرتی ہیں۔ ہم سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا (بنت ابوبکر) کے زیر پرورش تھیں ہم میں سے کسی ایک کو حیض آ جاتا تھا تو وہ پاک ہو کر غسل کر کے نماز پڑھ لیتی پھر اس کا تھوڑا سا زرد مواد خارج ہو جاتا تو سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا ہمیں یہ ہدایت کرتیں کہ ہم اس وقت تک نماز نہ پڑھیں جب تک خالص سفید مواد نہ دیکھ لیں۔

**886**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ الْكُدْرَةُ وَالصُّفْرَةُ وَالدَّمُ فِي اَيَّامِ الْحَيْضِ بِمَنْزِلَةِ الْحَيْضِ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) بیان کرتے ہیں' حیض کے ایام کے دوران (خارج ہونے والا) مٹیالا اور زرد مواد بھی حیض کا حصہ شمار ہوتا ہے۔

**887**- اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ عُبَيْدٍ الدِّمَشْقِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِي رَبَاحٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ إِذَا رَاَتِ الدَّمَ فَلْتُمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ حَتّٰى تَرَى الطُّهْرَ اَبْيَضَ كَالْقَصَّةِ ثُمَّ لِتَغْتَسِلْ وَتُصَلِّي

☆☆ عطاء بن ابی رباح سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' جب عورت خون دیکھے تو نماز پڑھنا ترک کر دے یہاں تک کہ جب چونے کی طرح سفید طہر دیکھے تو وہ غسل کر کے نماز پڑھنا شروع کر دے۔

**888**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ قَالَ كَانَ الْحَسَنُ لَا يَعُدُّ الصُّفْرَةَ وَالْكُدْرَةَ وَلَا مِثْلَ غُسَالَةِ اللَّحْمِ شَيْئًا

☆☆ عامر احول بیان کرتے ہیں' حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ زرد' مٹیالے مواد اور گوشت دھونے کے بعد پانی کا جو رنگ ہوتا ہے جیسے مواد کو حیض کا حصہ شمار نہیں کرتے تھے۔

**889**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ كُنَّا لَا نَعُدُّ الصُّفْرَةَ وَالْكُدْرَةَ شَيْئًا

☆☆ سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں ہم زرد اور مٹیالے مواد کو (حیض) شمار نہیں کرتی تھیں۔

## بَابُ الْكُدْرَةِ اِذَا كَانَتْ بَعْدَ الْحَيْضِ

## باب 93: حیض (کے مخصوص ایام کے بعد) خارج ہونے والا مٹیالا مواد

**890**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمَرْاَةِ تَرَى الدَّمَ فِي اَيَّامِ طُهْرِهَا قَالَ اَرَى اَنْ تَغْتَسِلَ وَتُصَلِّيَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ ایسی خاتون کے بارے میں جو طہر کے ایام کے دوران خون دیکھ لے فرماتے ہیں' میرے نزدیک اسے غسل کر کے نماز پڑھتے رہنا چاہیے۔

**891**- وَقَالَ ابْنُ سِيرِينَ لَمْ يَكُونُوا يَرَوْنَ بِالْكُدْرَةِ وَالصُّفْرَةِ بَاْسًا

☆☆ ابن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' صحابہ کرام مٹیالے اور زرد مواد (کے خروج) میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

**892**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَنَفِيَّةِ فِي الْمَرْاَةِ تَرَى الصُّفْرَةَ بَعْدَ الطُّهْرِ قَالَ تِلْكَ التَّرِيَّةُ تَغْسِلُهُ وَتَوَضَّاُ وَتُصَلِّي

☆☆ امام محمد بن حنفیہ رحمۃ اللہ علیہ ایسی خاتون کے بارے میں جو طہر کے بعد زرد مواد دیکھے فرماتے ہیں یہ تری ہے اسے دھو کر وضو کرنے کے بعد عورت نماز پڑھ سکتی ہے۔

**893**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ وَحَجَّاجٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ يُونُسَ وَحُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَيْسَ فِي التَّرِيَّةِ شَيْءٌ بَعْدَ الْغُسْلِ اِلَّا الطُّهُورُ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ التَّرِيَّةُ الصُّفْرَةُ وَالْكُدْرَةُ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (حیض کا وقت گزر جانے کے بعد) غسل کرنے کے بعد جو تری خارج ہوتی ہے وہ طہر کی حالت ہوتی ہے اس پر کچھ لازم نہیں آتا۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہاں تری سے مراد زرد اور مٹیالا مواد ہے۔

**894**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ وَعَفَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ قَالَ اِذَا رَاَتِ الْمَرْاَةُ التَّرِيَّةَ بَعْدَ الْغُسْلِ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ فَاِنَّهَا تَطَهَّرُ وَتُصَلِّي

☆☆ حضرت علی کرم اللہ وجہہ فرماتے ہیں جب عورت غسل کرنے کے ایک یا دو دن بعد تری دیکھے تو وہ عورت طہر کی حالت میں شمار ہوگی اور نماز پڑھے گی۔

**895**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ لَيْسَ فِي التَّرِيَّةِ بَعْدَ الْغُسْلِ اِلَّا الطُّهُورُ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) بیان کرتے ہیں غسل کرنے کے بعد خارج ہونے والی تری میں کوئی حرج نہیں ہے وہ طہر کی حالت شمار ہوگی۔

**896**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اُمِّ الْهُذَيْلِ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ وَكَانَتْ قَدْ بَايَعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى

اللّٰہُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهَا قَالَتْ كُنَّا لَا نَعْتَدُّ بِالْكُدْرَةِ وَالصُّفْرَةِ بَعْدَ الْغُسْلِ شَيْئًا

٭٭ سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا جنہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا تھا فرماتی ہیں' ہم غسل کر لینے کے بعد (خارج ہونے والے) مٹیالے اور زرد مواد کو کچھ (حیض) نہیں سمجھتی تھیں۔

**897**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا رَاَتِ الْحَائِضُ دَمًا عَبِيطًا بَعْدَ الْغُسْلِ بِيَوْمٍ اَوْ يَوْمَيْنِ فَاِنَّهَا تُمْسِكُ عَنِ الصَّلٰوةِ يَوْمًا ثُمَّ هِيَ بَعْدَ ذٰلِكَ مُسْتَحَاضَةٌ

٭٭ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب حائضہ عورت غسل کر لینے کے ایک یا دو دن بعد گاڑھا خون خارج ہوتے ہوئے دیکھے تو وہ ایک دن تک نماز نہیں پڑھے گی لیکن اگر اس کے بعد بھی خارج ہوتا رہے تو وہ مستحاضہ شمار ہوگی۔

**898**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اِذَا تَطَهَّرَتِ الْمَرْاَةُ مِنَ الْمَحِيضِ ثُمَّ رَاَتْ بَعْدَ الطُّهْرِ مَا يَرِيبُهَا فَاِنَّمَا هِيَ رَكْضَةٌ مِنَ الشَّيْطٰنِ فِي الرَّحِمِ فَاِذَا رَاَتْ مِثْلَ الرُّعَافِ اَوْ قَطْرَةِ الدَّمِ اَوْ غُسَالَةِ اللَّحْمِ تَوَضَّاَتْ وُضُوئَهَا لِلصَّلَاةِ ثُمَّ تُصَلِّيْ فَاِنْ كَانَ دَمًا عَبِيطًا الَّذِيْ لَا خَفَاءَ بِهِ فَلْتَدَعِ الصَّلٰوةَ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ هَارُونَ يَقُولُ اِذَا كَانَ اَيَّامُ الْمَرْاَةِ سَبْعَةً فَرَاَتِ الطُّهْرَ بَيَاضًا فَتَزَوَّجَتْ ثُمَّ رَاَتِ الدَّمَ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْعَشْرِ فَالنِّكَاحُ جَائِزٌ صَحِيحٌ فَاِنْ رَاَتِ الطُّهْرَ دُوْنَ السَّبْعِ فَتَزَوَّجَتْ ثُمَّ رَاَتِ الدَّمَ فَلَا يَجُوزُ وَهُوَ حَيْضٌ وَّ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ

٭٭ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب عورت حیض سے پاک ہو جائے اور پاک ہونے کے بعد ایسی چیز دیکھے جو اسے شک میں مبتلا کر دے تو یہ شیطان رحم میں کچھ چھوتا ہے جب عورت نکسیر یا خون کے قطرے یا دھوئے ہوئے گوشت (کے پانی) کی مانند (کوئی مواد) خارج ہوتا ہوا دیکھے تو نماز کے وضو جیسا وضو کر کے نماز پڑھ لے۔ لیکن اگر وہ گاڑھا خون دیکھے (جس کے حیض ہونے کے بارے میں) کوئی شبہ نہ ہو تو اسے نماز پڑھنا ترک کر دینا چاہیے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' میں نے یزید بن ہارون کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے جب عورت (کے حیض) کے مخصوص ایام سات دن ہوں اور وہ عورت سفید طہر دیکھ لے اور پھر وہ نکاح کرے پھر اس دن اور دس دن کے درمیان اسے دوبارہ خون دکھائی دے اس کا نکاح جائز اور درست ہوگا لیکن اگر اس نے سات دن سے پہلے طہر دیکھ لیا اور پھر شادی کر لی اور اس کے بعد خون نظر آ گیا تو نکاح جائز نہیں ہوگا اور وہ حالت حیض شمار ہوگی۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **896** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء | **320** |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | **307** |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء | **368** |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان | **646** |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **620** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء | **1491** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **151** |

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں

**899**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ فِى الْمَرْاَةِ يَكُوْنُ حَيْضُهَا سِتَّةَ اَيَّامٍ اَوْ سَبْعَةَ اَيَّامٍ ثُمَّ تَرٰى كُدْرَةً اَوْ صُفْرَةً اَوْ تَرَى الْقَطْرَةَ اَوِ الْقَطْرَتَيْنِ مِنَ الدَّمِ اَنَّ ذٰلِكَ بَاطِلٌ وَّلَا يَضُرُّهَا شَىْءٌ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں (جس عورت کے حیض کے) مخصوص ایام چھ یا سات دن ہوں اور پھر وہ مٹیالا یا زرد مواد دیکھے یا خون کے ایک یا دو قطرے دیکھے تو یہ باطل شمار ہوں گے اور اس عورت کو کوئی ضرر لاحق نہیں ہوگا۔

**900**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ قَالَ سَاَلْتُ عَطَاءً عَنِ الْمَرْاَةِ تَغْتَسِلُ مِنَ الْحَيْضِ ثُمَّ تَرَى الصُّفْرَةَ قَالَ تَوَضَّاُ وَتَنْضَحُ

☆☆ عبدالکریم بیان کرتے ہیں میں نے عطاء (بن ابی رباح) سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو حیض کے بعد غسل کر لینے کے بعد زرد مواد خارج ہوتا ہوا دیکھے تو انہوں نے جواب دیا: وہ اس مواد کو دھو کر وضو کرے (اور پھر نماز ادا کرے)

**901**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْمُسْتَحَاضَةِ قَالَ تَدَعُ الصَّلٰوةَ فِىْ قُرُوْئِهَا ذٰلِكَ يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ ثُمَّ تَغْتَسِلُ فَاِذَا كَانَ عِنْدَ الْاُوْلٰى نَظَرَتْ فَاِنْ كَانَتْ تَرِيَّةً تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ وَاِنْ كَانَ دَمًا اَخَّرَتِ الظُّهْرَ وَعَجَّلَتِ الْعَصْرَ ثُمَّ صَلَّتْهُمَا بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ فَاِذَا غَابَتِ الشَّمْسُ نَظَرَتْ فَاِنْ كَانَتْ تَرِيَّةً تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ وَاِنْ كَانَ دَمًا اَخَّرَتِ الْمَغْرِبَ وَعَجَّلَتِ الْعِشَاءَ ثُمَّ صَلَّتْهُمَا بِغُسْلٍ وَّاحِدٍ فَاِذَا طَلَعَ الْفَجْرُ نَظَرَتْ فَاِنْ كَانَتْ تَرِيَّةً تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ وَاِنْ كَانَ دَمًا اغْتَسَلَتْ وَصَلَّتِ الْغَدَاةَ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَقْرَاءُ عِنْدِى الْحَيْضُ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں وہ (حیض کے مخصوص ایام) کے بعد ایک یا دو دن تک نماز نہ پڑھے اور پھر غسل کرے پھر جب ظہر کا وقت ہو تو دیکھے زرد یا مٹیالا مواد خارج ہوا ہو تو وضو کر کے نماز پڑھ لے اور اگر خون خارج ہوا ہو تو ظہر کی نماز کو مؤخر کر دے اور عصر کی نماز جلدی ادا کرے یہ دونوں نمازیں ایک ہی غسل کرنے کے بعد ادا کرے گی اور پھر جب سورج غروب ہو جائے تو پھر دیکھے (اگر تری زرد یا مٹیالا مواد خارج ہوا ہو) تو وضو کر کے نماز پڑھ لے اور اگر خون (خارج ہوا ہو) تو مغرب کی نماز کو مؤخر کرے اور عشاء کی نماز جلدی ادا کرے وہ ایک مرتبہ غسل کر کے یہ نمازیں ادا کرے پھر جب صبح صادق کا وقت ہو تو دیکھے (یعنی زرد یا مٹیالا) مواد خارج ہوا ہو تو وضو کر کے نماز پڑھ لے اور اگر خون (خارج ہوا ہو) تو غسل کرے اور فجر کی نماز ادا کرے۔ یعنی وہ عورت روزانہ تین مرتبہ غسل کرے گی۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے نزدیک قرء سے مراد حیض ہے۔

**902**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَكَفَ وَاعْتَكَفَ مَعَهُ بَعْضُ نِسَائِهِ وَهِىَ مُسْتَحَاضَةٌ تَرَى الدَّمَ فَرُبَّمَا وَضَعَتِ الطَّسْتَ تَحْتَهَا مِنَ الدَّمِ وَزَعَمَ اَنَّ عَائِشَةَ رَاَتْ مَاءَ الْعُصْفُرِ فَقَالَتْ كَانَ هٰذَا شَيْئًا كَانَتْ فُلَانَةُ تَجِدُهُ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اعتکاف کیا' آپ کے ہمراہ آپ کی ایک اہلیہ نے بھی اعتکاف کیا وہ استحاضہ کا شکار تھیں ان کا خون خارج ہوتا تھا بعض اوقات وہ اپنے نیچے ایک طشت رکھ لیتی تھیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے زرد قسم کا پانی دیکھ کر فرمایا ان محترمہ کا اسی طرح کا مواد خارج ہوتا تھا۔

**903**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ عَنِ الْحَجَّاجِ قَالَ سَأَلْتُ عَطَاءً عَنِ الْمَرْاَةِ تَطْهُرُ مِنَ الْمَحِيضِ ثُمَّ تَرَى الصُّفْرَةَ قَالَ تَوَضَّأُ

☆☆ حجاج بیان کرتے ہیں' میں نے عطاء (بن ابی رباح) سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جو حیض سے پاک ہو جانے کے بعد زرد مواد (خارج ہوتا ہوا دیکھے) تو انہوں نے جواب دیا: وہ اسے (دھوکر) وضو کرے (اور نماز ادا کرے)

**904**-قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ قَرَاْتُ عَلٰى زَيْدِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ مَالِكٍ هُوَ ابْنُ اَنَسٍ قَالَ سَاَلْتُهُ عَنِ الْمَرْاَةِ كَانَ حَيْضُهَا سَبْعَةَ اَيَّامٍ فَزَادَتْ حَيْضَتُهَا قَالَ تَسْتَظْهِرُ بِثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

☆☆ امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' زید بن یحییٰ بیان کرتے ہیں' میں نے امام مالک بن انس رحمۃ اللہ علیہ سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا جس کے حیض کے مخصوص ایام سات دن ہوں اور اسے اس کے بعد حیض آتا رہے تو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: (سات دن گزرنے کے بعد) مزید تین دن کے بعد (وہ عورت مستحاضہ) یعنی حالت طہر میں شمار ہوگی۔

## بَابُ الْمَرْاَةِ تَطْهُرُ عِنْدَ الصَّلٰوةِ اَوْ تَحِيضُ

## باب 94: اگر نماز کے وقت عورت کو حیض آجائے یا اس کا حیض ختم ہو جائے

**905**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ عَوَّامٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا طَهُرَتِ الْمَرْاَةُ فِي وَقْتِ صَلٰوةٍ فَلَمْ تَغْتَسِلْ وَهِيَ قَادِرَةٌ عَلٰى اَنْ تَغْتَسِلَ قَضَتْ تِلْكَ الصَّلٰوةَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' جب کسی نماز کے وقت عورت کا حیض ختم ہو جائے اور وہ غسل نہ کرے حالانکہ وہ غسل کرنے کی قدرت رکھتی ہو تو وہ عورت اس نماز کی قضا ادا کرے گی۔

**906**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا صَلَّتِ الْمَرْاَةُ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ حَاضَتْ فَلَا تَقْضِي اِذَا طَهُرَتْ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' جب عورت دو رکعت پڑھے اور پھر اسے حیض آجائے تو پاک ہونے کے بعد وہ اس کی قضا ادا نہیں کرے گی۔

---

حدیث 902 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 304

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 1780

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 25042

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — 3346

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 1456

**907**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا الْمَعْمَرِيُّ اَبُوْ سُفْيَانَ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ

☆☆ یہی رائے قتادہ سے بھی منقول ہے۔

**908**-قَالَ وَحَدَّثَنَا اَبُوْ مُعَاوِيَةَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْمَرْاَةِ تَطْهُرُ عِنْدَ الظُّهْرِ فَتُؤَخِّرُ غُسْلَهَا حَتّٰى يَدْخُلَ وَقْتُ الْعَصْرِ قَالَا تَقْضِي الظُّهْرَ

☆☆ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں جو عورت ظہر کے وقت پاک ہو (یعنی اس کا حیض ختم ہو جائے) اور وہ غسل نہ کرے یہاں تک کہ عصر کا وقت ہو جائے تو وہ ظہر کی نماز قضا ادا کرے گی۔

**909**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**910**- وَمُغِيْرَةُ عَنْ عَامِرٍ

☆☆ عامر شعبی کا بھی یہی موقف ہے۔

**911**- وَعُبَيْدَةُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي الْمَرْاَةِ تُفَرِّطُ فِي الصَّلٰوةِ حَتّٰى يُدْرِكَهَا الْحَيْضُ قَالُوْا تُعِيْدُ تِلْكَ الصَّلٰوةَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں' جو عورت نماز میں تاخیر کرے۔ یہاں تک کہ اسے حیض آ جائے تو وہ اس نماز کی قضا ادا کرے گی (سابقہ دو آثار 910 اور 909 میں اسی مسئلے کا تذکرہ ہے)

**912**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ وَيُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ فِي امْرَاَةٍ حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَفَرَّطَتْ حَتّٰى حَاضَتْ قَالَا تَقْضِي تِلْكَ الصَّلٰوةَ اِذَا اغْتَسَلَتْ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' جب کسی نماز کا وقت ہو جائے اور عورت وہ نماز ادا نہ کرے۔ یہاں تک کہ اسے حیض آ جائے تو وہ جب حیض سے پاک ہو کر غسل کرے گی تو اس نماز کی قضا ادا کرے گی۔ حماد بن ابو سلیمان بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**913**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ وَقَتَادَةَ قَالَا اِذَا ضَيَّعَتِ الْمَرْاَةُ الصَّلٰوةَ حَتّٰى تَحِيْضَ فَعَلَيْهَا الْقَضَاءُ اِذَا طَهُرَتْ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ اور قتادہ فرماتے ہیں' جب کوئی عورت وقت پر نماز ادا نہ کرے یہاں تک کہ اسے حیض آ جائے تو پاک ہونے کے بعد اس پر نماز کی قضا لازم ہوگی۔

**914**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِذَا فَرَّطَتْ ثُمَّ حَاضَتْ قَضَتْ

☆☆ شعبی فرماتے ہیں جب عورت نماز میں تاخیر کرے (اور اسی نماز کے وقت کے دوران) حیض آ جائے تو پاک (ہونے کے بعد) اس نماز کی قضا ادا کرے گی۔

**915**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَنْ يَعْقُوْبَ عَنْ اَبِي يُوْسُفَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ فِي وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَلَيْسَ عَلَيْهَا الْقَضَاءُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْقُوْبُ هُوَ ابْنُ الْقَعْقَاعِ قَاضِي مَرْوَ وَاَبُوْ يُوْسُفَ شَيْخٌ مَكِّيٌّ

☆☆ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' جب نماز کے وقت کے دوران عورت کو حیض آ جائے تو اس پر (اس نماز کی قضاء) لازم نہیں ہوگی۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں (اس حدیث کی سند میں) یعقوب نامی راوی قعقاع کے صاحبزادے ہیں اور''مرو'' کے قاضی ہیں۔ جبکہ ابویوسف نامی راوی مکہ کے رہنے والے بزرگ ہیں۔

**916**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَجَّاجٍ وَّقَيْسٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِذَا طَهُرَتْ قَبْلَ الْمَغْرِبِ صَلَّتِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَاِذَا طَهُرَتْ قَبْلَ الْفَجْرِ صَلَّتِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ

☆☆ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں' اگر عورت مغرب سے پہلے پاک ہو جائے تو وہ اس دن کی ظہر اور عصر کی نماز بھی ادا کرے گی اور اگر فجر سے پہلے پاک ہو تو (گزشتہ رات کی) مغرب اور عشاء کی نماز بھی ادا کرے گی۔

**917**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ مِثْلَهُ

☆☆ سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے بھی یہی رائے منقول ہے۔

**918**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ زِيَادٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ مِثْلَهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بھی یہی رائے منقول ہے۔

**919**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ فِى الْحَائِضِ تُصَلِّى الصَّلٰوةَ الَّتِىْ طَهُرَتْ فِىْ وَقْتِهَا

☆☆ حضرت حسن بصری رحمہ اللہ فرماتے ہیں' عورت وہ نماز ادا کرے گی' جس کے وقت میں وہ حیض سے پاک ہوئی ہے۔

**920**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ وَّطَاوُسٍ وَّمُجَاهِدٍ قَالُوْا اِذَا طَهُرَتِ الْحَائِضُ قَبْلَ الْفَجْرِ صَلَّتِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ وَاِذَا طَهُرَتْ قَبْلَ غُرُوْبِ الشَّمْسِ صَلَّتِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) طاؤس اور مجاہد فرماتے ہیں اگر حائضہ عورت فجر سے پہلے پاک ہو تو (وہ گزشتہ رات کی) مغرب اور عشاء کی نماز ادا کرے گی اور اگر غروب آفتاب سے پہلے پاک ہوئی ہے تو اس (دن کی ظہر اور عصر کی) نماز بھی ادا کرے گی۔

**921**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنِ الْحَكَمِ فِى الْحَائِضِ اِذَا رَاَتِ الطُّهْرَ اٰخِرَ النَّهَارِ صَلَّتِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَاِذَا طَهُرَتْ اٰخِرَ اللَّيْلِ صَلَّتِ الْمَغْرِبَ وَالْعِشَآءَ

☆☆ حکم حائضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں' اگر وہ دن کے آخری حصے میں پاک ہو گی تو (اس دن کی) ظہر اور عصر کی نماز قضا (کرے گی) اگر رات کے آخری حصے میں پاک ہوئی ہے تو (گزشتہ رات کی) مغرب اور عشاء کی نماز ادا کرے گی۔

**922**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَّيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ مِثْلَهُ

☆☆ طاؤس سے بھی یہی رائے منقول ہے۔

**923**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَيْدٍ سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ قَالَ كَانَ اِبْرَاهِيْمُ يَقُوْلُ اِذَا طَهُرَتْ عِنْدَ

الْعَصْرِ صَلَّتِ الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں جب عورت عصر کے وقت پاک ہوتو وہ ظہر اور عصر کی نماز ادا کرے گی۔

**924**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَيْدٍ قَالَ قَالَ شُعْبَةُ سَاَلْتُ حَمَّادًا قَالَ اِذَا طَهُرَتْ فِيْ وَقْتِ صَلٰوةٍ صَلَّتْ

☆☆ شعبہ فرماتے ہیں میں نے حماد سے سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا: عورت جس نماز کے وقت میں پاک ہوگی وہی نماز ادا کرے گی۔

**925**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يُوْنُسَ وَحُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اِذَا طَهُرَتْ فِيْ وَقْتِ صَلٰوةٍ صَلَّتْ تِلْكَ الصَّلٰوةَ وَلَا تُصَلِّيْ غَيْرَهَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں عورت جس نماز کے وقت میں پاک ہوگی صرف وہی نماز ادا کرے گی۔ اس کے علاوہ کوئی اور نماز ادا نہیں کرے گی۔

**926**- قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ قَرَاْتُ عَلٰى زَيْدِ بْنِ يَحْيٰى عَنْ مَالِكٍ قَالَ سَاَلْتُهُ عَنِ الْمَرْاَةِ تَطْهُرُ بَعْدَ الْعَصْرِ قَالَ تُصَلِّي الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ قُلْتُ فَاِنْ كَانَ طُهْرُهَا قَرِيْبًا مِّنْ مَغِيْبِ الشَّمْسِ قَالَ تُصَلِّي الْعَصْرَ وَلَا تُصَلِّي الظُّهْرَ وَلَوْ اَنَّهَا لَمْ تَطْهُرْ حَتّٰى تَغِيْبَ الشَّمْسُ لَمْ يَكُنْ عَلَيْهَا شَيْءٌ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ تَاْخُذُ بِهٖ قَالَ لَا

☆☆ زید بن یحییٰ فرماتے ہیں میں نے امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا اگر عورت عصر کے بعد پاک ہوئی ہو تو انہوں نے جواب دیا: وہ ظہر اور عصر دونوں نمازیں ادا کرے گی میں نے دریافت کیا اگر وہ غروب آفتاب کے قریب پاک ہوئی ہو تو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا: وہ عصر کی نماز ادا کرے گی ظہر کی نماز ادا نہیں کرے گی اور اگر وہ غروب آفتاب تک پاک نہیں ہوئی تھی تو (ان دونوں نمازوں میں سے) کوئی نماز واجب نہیں ہوگی۔

(راوی کہتے ہیں) امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا۔ آپ بھی اس بات کے قائل ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔

## بَابُ اِذَا اخْتَلَطَتْ عَلَى الْمَرْاَةِ اَيَّامُ حَيْضِهَا فِيْ اَيَّامِ اسْتِحَاضَتِهَا

## باب 95: اگر عورت کو حیض اور استحاضہ کے ایام میں فرق پتہ نہ چل سکے

**927**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ الْمُحَارِبِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَتَبَتْ اِلَيْهِ امْرَاَةٌ اِنِّيْ قَدِ اسْتَحَضْتُ مُنْذُ كَذَا وَكَذَا فَبَلَغَنِيْ اَنَّ عَلِيًّا قَالَ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَا نَجِدُ لَهَا غَيْرَ مَا قَالَ عَلِيٌّ

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو کسی خاتون نے خط لکھا کہ میں فلاں مدت سے استحاضہ میں مبتلا ہوں مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایسی عورت ہر نماز کے بعد غسل کرے گی۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا: اس بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے فتوے کے علاوہ ہمیں کسی اور رائے کا علم نہیں ہے۔

**928**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ اَوْ عِكْرِمَةُ قَالَ كَانَتْ زَيْنَبُ تَعْتَكِفُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تُرِيقُ الدَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَغْتَسِلَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں' سیدہ زینب رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ اعتکاف کیا (استحاضہ کی وجہ سے) ان کا خون خارج ہو رہا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی کہ وہ ہر نماز کے وقت غسل کرلیا کریں۔

**929**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ اَنَّ عَلِيًّا وَابْنَ مَسْعُودٍ كَانَا يَقُولَانِ الْمُسْتَحَاضَةُ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ یحییٰ بن ابوکثیر بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: استحاضہ کی شکار عورت ہر نماز کے وقت غسل کرے گی۔

**930**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ يَقُولُ تَغْتَسِلُ بَيْنَ كُلِّ صَلَاتَيْنِ غُسْلًا وَاحِدًا وَلِلْفَجْرِ غُسْلًا وَاحِدًا قَالَ الْاَوْزَاعِيُّ وَكَانَ الزُّهْرِيُّ وَمَكْحُولٌ يَقُولَانِ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ

☆☆ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں: ایسی عورت دو نمازوں کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی اور فجر کی نماز کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: امام ابن شہاب زہری رحمۃ اللہ علیہ اور مکحول شامی فرماتے ہیں وہ عورت ہر نماز کے وقت غسل کرے گی۔

**931**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ عَنْ هِشَامٍ صَاحِبِ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ قَالَ وَهْبٌ اُمَّ حَبِيبَةَ بِنْتَ جَحْشٍ كَانَتْ تُهَرَاقُ الدَّمَ وَاَنَّهَا سَاَلَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذَاكَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَغْتَسِلَ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَتُصَلِّيَ

☆☆ ابوسلمہ اور وہب بیان کرتے ہیں' اُم حبیبہ بنت جحش کا خون خارج ہوتا تھا انہوں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی کہ وہ ہر نماز کے وقت غسل کر کے نماز ادا کرے۔

**932**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُو بِشْرٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ كَتَبَتِ امْرَاَةٌ اِلَى ابْنِ عَبَّاسٍ وَابْنِ الزُّبَيْرِ اِنِّي اُسْتَحَاضُ فَلَا اَطْهُرُ وَاِنِّي اُذَكِّرُكُمَا اللّٰهَ اِلَّا اَفْتَيْتُمَانِي وَاِنِّي سَاَلْتُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالُوا كَانَ عَلِيٌّ يَقُولُ تَغْتَسِلُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ فَقَرَاْتُ وَكَتَبْتُ الْجَوَابَ بِيَدِي مَا اَجِدُ لَهَا اِلَّا مَا قَالَ عَلِيٌّ فَقِيلَ اِنَّ الْكُوفَةَ اَرْضٌ بَارِدَةٌ فَقَالَ لَوْ شَاءَ اللّٰهُ لَابْتَلَاهَا بِاَشَدَّ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں' ایک خاتون نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہما کو خط لکھا کہ میں استحاضہ میں مبتلا ہوں اور کبھی پاک نہیں ہوتی۔ میں آپ کو اللہ کا واسطہ دیتی ہوں کہ آپ مجھے اس بارے میں فتویٰ دیں' جس کے بارے میں میں نے آپ سے سوال کیا ہے تو ان حضرات نے جواب دیا' حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ایسی عورت ہر نماز کے وقت غسل کرے گی۔ سعید بن جبیر کہتے ہیں میں نے وہ سوال پڑھا تھا اور اپنے ہاتھ سے جواب لکھا تھا (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے یہ جواب دیا تھا) اس

کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے قول کے علاوہ کوئی اور دلیل نہیں ملتی۔ ان سے کہا گیا کوفہ میں سردی زیادہ ہوتی ہے (اس لئے ہر نماز کے وقت غسل کرنا مشکل ہوگا) انہوں نے جواب دیا: اگر اللہ تعالیٰ چاہتا تو اس عورت کو اس سے زیادہ بڑی آزمائش میں مبتلا کر دیتا۔

**933**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ قَيْسٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ قِيلَ لِابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّ اَرْضَهَا اَرْضٌ بَارِدَةٌ فَقَالَ تُؤَخِّرُ الظُّهْرَ وَتُعَجِّلُ الْعَصْرَ وَتَغْتَسِلُ غُسْلًا وَتُؤَخِّرُ الْمَغْرِبَ وَتُعَجِّلُ الْعِشَاءَ وَتَغْتَسِلُ غُسْلًا وَتَغْتَسِلُ لِلْفَجْرِ غُسْلًا

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے کہا گیا کوفہ میں سردی زیادہ ہوتی ہے تو انہوں نے جواب دیا: وہ عورت ظہر کی نماز کو مؤخر کرے گی اور عصر کی نماز جلدی ادا کرے گی اور دونوں نماز (کے لئے ایک مرتبہ) غسل کرے گی پھر مغرب کی نماز کو مؤخر کرے اور عشاء کی نماز جلدی ادا کرے گی اور ان دونوں نمازوں کے لئے (ایک مرتبہ) غسل کرے گی اور پھر فجر کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

**934**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ ابْنَةَ جَحْشٍ كَانَتْ تَحْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ وَّكَانَتْ تُسْتَحَاضُ فَكَانَتْ تَخْرُجُ مِنْ مِرْكَنِهَا وَاِنَّهُ لَعَالِيهِ الدَّمُ فَتُصَلِّي

☆☆ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بنت ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جحش کی صاحبزادی جو حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھیں' استحاضہ میں مبتلا ہوگئیں وہ جب ٹب میں سے باہر آتی تھیں تو ان کا خون بکثرت نکل رہا ہوتا تھا (لیکن کیونکہ وہ غسل کر چکی ہوتی تھیں) اس لئے وہ نماز ادا کر لیتی تھیں۔

**935**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ سَعِيدٍ الدِّمَشْقِيُّ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ وَيَحْيَى بْنَ اَبِي كَثِيرٍ يَقُولَانِ تُفْرِدُ لِكُلِّ صَلٰوةٍ اغْتِسَالَةً قَالَ الْاَوْزَاعِيُّ وَبَلَغَنِي عَنْ مَكْحُولٍ مِثْلُ ذٰلِكَ

☆☆ امام اوزاعی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں' میں نے امام زہری رحمہ اللہ اور یحییٰ بن ابوکثیر کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے: ایسی عورت ہر نماز کے وقت الگ سے غسل کرے گی۔

امام اوزاعی رحمہ اللہ بیان کرتے ہیں' مکحول سے بھی یہی منقول ہے۔

**936**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ اَخْبَرَنِي عَطَاءٌ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ كَانَ يَقُولُ لِكُلِّ صَلَاتَيْنِ اغْتِسَالَةٌ وَّتُفْرِدُ لِصَلٰوةِ الصُّبْحِ اغْتِسَالَةً

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: ایسی عورت دو نمازوں کے لئے ایک مرتبہ غسل کرے گی اور فجر کی نماز کے لئے الگ سے ایک مرتبہ غسل کرے گی۔

**937**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَمَّادٍ الْكُوفِيِّ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ اِبْرَاهِيمَ فَقَالَتْ اِنِّي اُسْتَحَاضُ فَقَالَ عَلَيْكِ بِالْمَاءِ فَانْضَحِيهِ فَاِنَّهُ يَقْطَعُ الدَّمَ عَنْكِ

☆☆ حماد کوفی بیان کرتے ہیں' ایک خاتون نے ابراہیم نخعی سے سوال کیا میں استحاضہ میں مبتلا ہوگئی ہوں آپ نے فرمایا: تم پانی سے دھو لیا کرو' تمہارا خون صاف ہو جائے گا۔

**938**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ دِينَارٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْمُطَلَّقَةِ الَّتِي ارْتِيبَ بِهَا تَرَبَّصَ سَنَةً فَإِنْ حَاضَتْ وَإِلَّا تَرَبَّصَتْ بَعْدَ انْقِضَاءِ السَّنَةِ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ فَإِنْ حَاضَتْ وَإِلَّا فَقَدِ انْقَضَتْ عِدَّتُهَا

☆☆ یونس بیان کرتے ہیں' جس عورت کو حیض آنا بند ہو جائے اور اسے طلاق دے دی جائے۔ اس کے بارے میں حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ ایک سال تک انتظار کرے گی اگر حیض آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ ایک سال گزرنے کے بعد وہ تین ماہ تک انتظار کرے گی۔ اگر اس دوران حیض آجائے تو ٹھیک ہے ورنہ اس کی عدت ختم ہو جائے گی۔

**939**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ قَالَ سُئِلَ مَالِكٌ عَنْ عِدَّةِ الْمُسْتَحَاضَةِ إِذَا طُلِّقَتْ فَحَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ قَالَ عِدَّتُهَا سَنَةٌ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ هُوَ قَوْلُ مَالِكٍ

☆☆ امام مالک رحمۃ اللہ علیہ سے مستحاضہ عورت کی عدت کے بارے میں دریافت کیا گیا' اگر اسے طلاق دے دی جائے؟ تو امام مالک رحمۃ اللہ علیہ نے ابن شہاب زہری کے حوالے سے سعید بن مسیب کا یہ قول نقل کیا ایسی عورت کی مدت ایک برس ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**940**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ قَالَ سُئِلَ جَابِرُ بْنُ زَيْدٍ عَنِ الْمَرْاَةِ تُطَلَّقُ وَهِيَ شَابَّةٌ فَتَرْتَفِعُ حِيضَتُهَا مِنْ غَيْرِ كِبَرٍ قَالَ مِنْ غَيْرِ حَيْضٍ تُحَيَّضُ وَقَالَ طَاوُسٌ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ

☆☆ حضرت جابر بن زید رضی اللہ عنہ سے ایسی عورت کے بارے میں سوال کیا گیا جس کو طلاق دی جا چکی ہو وہ جوان ہو اور اسے حیض نہ آتا ہو (لیکن عمر رسیدگی کی وجہ سے ایسا نہ ہو) تو انہوں نے جواب دیا' حیض نہیں بھی آتا تو بھی وہ حیض کا ہی حساب کرے گی۔

(ایسی عورت کے بارے میں) طاؤس فرماتے ہیں (اس کی عدت) تین ماہ ہوگی۔

**941**- اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ إِذَا طَلَّقَ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ فَحَاضَتْ حَيْضَةً اَوْ حَيْضَتَيْنِ ثُمَّ ارْتَفَعَتْ حَيْضَتُهَا إِنْ كَانَ ذٰلِكَ مِنْ كِبَرٍ اعْتَدَّتْ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ وَإِنْ كَانَتْ شَابَّةً وَارْتَابَتِ اعْتَدَّتْ سَنَةً بَعْدَ الرِّيبَةِ

☆☆ زہری فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو طلاق دیدے اور اسے ایک یا دو مرتبہ حیض آجائے اور پھر حیض آنا بند ہو جائے تو ایسا اگر عمر رسیدگی کی وجہ سے ہوا ہے تو وہ تین ماہ تک عدت بسر کرے گی اور اگر وہ عورت نوجوان تھی تو پھر بھی حیض نہیں آتا تو وہ عورت ایک برس تک عدت بسر کرے گی۔

**942**-اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ وَالَّتِي لَا يَسْتَقِيمُ لَهَا حَيْضٌ فَتَحِيضُ فِي شَهْرٍ مَرَّةً وَفِي الشَّهْرِ مَرَّتَيْنِ عِدَّتُهَا ثَلَاثَةُ اَشْهُرٍ

☆☆ عکرمہ فرماتے ہیں: استحاضہ میں مبتلا عورت اور وہ عورت جسے باقاعدگی سے حیض نہیں آتا کبھی مہینے میں ایک مرتبہ آتا ہے اور کبھی مہینے میں دو مرتبہ آجاتا ہے' ایسی عورت تین ماہ تک عدت بسر کرے گی۔

**943**- اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا اَبُو دَاوُدَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَمَّادٍ قَالَ تَعْتَدُّ بِالْاَقْرَاءِ

☆☆ حماد فرماتے ہیں: ایسی عورت حیض کے حساب سے عدت بسر کرے گی۔

**944-** حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ عِدَّةُ الْمُسْتَحَاضَةِ سَنَةٌ

☆☆ سعید بن مسیب فرماتے ہیں: مستحاضہ عورت کی عدت ایک برس ہے۔

**945-** اَخْبَرَنَا إِسْحٰقُ بْنُ عِيسٰى اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَعْتَدُّ بِالْاَقْرَاءِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مستحاضہ عورت قروء کے اعتبار سے عدت بسر کرے گی۔

**946-** اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ بِالْاَقْرَاءِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَهْلُ الْحِجَازِ يَقُولُونَ الْاَقْرَاءُ الْاَطْهَارُ وَقَالَ اَهْلُ الْعِرَاقِ هُوَ الْحَيْضُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَاَنَا اَقُولُ هُوَ الْحَيْضُ

☆☆ ابن شہاب زہری فرماتے ہیں: وہ عورت قروء کے حساب سے (عدت بسر کرے گی)

امام ابومحمد داری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت میں ''قرء'' استعمال ہوا ہے) اہل حجاز کے نزدیک اس سے مراد طہر ہے اور اہل عراق کے نزدیک اس سے مراد حیض ہے۔

امام ابومحمد عبداللہ داری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک اس سے مراد حیض ہے۔

**947-** اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْمُسْتَحَاضَةُ تَعْتَدُّ بِالْاَقْرَاءِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مستحاضہ عورت حیض کے اعتبار سے عدت بسر کرے گی۔

**948-** حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ خَالِدٍ عَنِ الْهِقْلِ بْنِ زِيَادٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ سَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ شَابَّةٌ تَحِيضُ فَانْقَطَعَ عَنْهَا الْمَحِيضُ حِينَ طَلَّقَهَا فَلَمْ تَرَ دَمًا كَمْ تَعْتَدُّ قَالَ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے امام زہری رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا جو شخص اپنی بیوی کو طلاق دے وہ عورت نوجوان ہو اسے حیض آتا ہو اور پھر جب اس مرد نے اسے طلاق دی تو اس عورت کو حیض آنا بند ہو جائے اور خون دکھائی نہ دے وہ کتنی عدت بسر کرے گی؟ تو امام زہری رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا۔ تین ماہ۔

**949-**قَالَ وَسَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ فَحَاضَتْ حَيْضَتَيْنِ ثُمَّ ارْتَفَعَتْ حَيْضَتُهَا كَمْ تَرَبَّصُ قَالَ عِدَّتُهَا سَنَةٌ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے امام زہری رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا جو شخص اپنی بیوی کو طلاق دے اس عورت کو دو مرتبہ حیض آئے اور پھر حیض آنا بند ہو جائے تو وہ کتنے عرصے تک عدت بسر کرے گی؟ امام زہری رحمۃ اللہ علیہ نے جواب دیا' اس کی عدت ایک برس ہوگی۔

قَالَ وَسَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنْ رَجُلٍ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ تَحِيضُ تَمْكُثُ ثَلَاثَةَ اَشْهُرٍ ثُمَّ تَحِيضُ حَيْضَةً ثُمَّ يَتَاَخَّرُ عَنْهَا الْحَيْضُ ثُمَّ تَمْكُثُ السَّبْعَةَ الْاَشْهُرَ وَالثَّمَانِيَةَ ثُمَّ تَحِيضُ اُخْرٰى تَسْتَعْجِلُ اِلَيْهَا مَرَّةً وَتَسْتَاخِرُ اُخْرٰى كَيْفَ تَعْتَدُّ قَالَ اِذَا اخْتَلَفَتْ حَيْضَتُهَا عَنْ اَقْرَائِهَا فَعِدَّتُهَا سَنَةٌ

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے امام زہری رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا ایک شخص اپنی بیوی کو طلاق دے دیتا ہے' اس عورت کو حیض

آتا ہے۔ لیکن تین ماہ بعد آتا ہے پھر حیض آنا بند ہو جاتا ہے اور سات یا آٹھ ماہ بعد آتا ہے۔ کبھی حیض جلدی آ جاتا ہے اور کبھی حیض تاخیر سے آتا ہے وہ کیسے عدت بسر کرے گی؟ امام زہری رحمہ اللہ نے جواب دیا' جب اس کے حیض اور طہر کے درمیان فرق آ جائے تو اس کی عدت ایک برس ہو گی۔

**950**- قُلْتُ وَكَيْفَ اِنْ كَانَ طَلَّقَ وَهِيَ تَحِيْضُ فِيْ كُلِّ سَنَةٍ مَرَّةً كَمْ تَعْتَدُّ قَالَ اِنْ كَانَتْ تَحِيْضُ اَقْرَاؤُهَا مَعْلُوْمَةٌ هِيَ اَقْرَاؤُهَا فَاِنَّا نَرٰى اَنْ تَعْتَدَّ اَقْرَائَهَا

☆☆ امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے سوال کیا ایک مرد اپنی عورت کو طلاق دے دیتا ہے اس عورت کو سال میں ایک مرتبہ حیض آتا ہے وہ کتنی عدت بسر کرے گی؟ امام زہری رحمہ اللہ نے جواب دیا: اگر اس عورت کو حیض آتا ہے اور حیض کے ایام طے شدہ ہیں ہم اسی بات کے قائل ہیں کہ وہ حیض کے اعتبار سے عدت بسر کرے گی۔

**951**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ سَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنِ الرَّجُلِ يَبْتَاعُ الْجَارِيَةَ لَمْ تَبْلُغِ الْمَحِيْضَ وَلَا تَحْمِلُ مِثْلُهَا بِكَمْ يَسْتَبْرِئُهَا قَالَ بِثَلَاثَةِ اَشْهُرٍ

☆☆ امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: میں نے امام زہری رحمہ اللہ سے سوال کیا' ایک شخص ایک کنیز خریدتا ہے جو ابھی حیض کی عمر تک نہیں پہنچی اور اتنی عمر کی لڑکی کو حمل بھی نہیں ہو سکتا تو اس کے استبراء کا طریقہ کیا ہے؟ امام زہری رحمہ اللہ نے جواب دیا: تین ماہ (تک اس کے ساتھ صحبت نہ کرے)

**952**- وَقَالَ يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ بِخَمْسَةٍ وَّاَرْبَعِيْنَ يَوْمًا

☆☆ (اسی مسئلے کے بارے میں) یحییٰ بن ابی کثیر کہتے ہیں (ایسی کنیز کے استبراء کی مدت) 45 دن ہو گی۔

**953**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ فِي الْمُسْتَحَاضَةِ تَغْتَسِلُ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَّتُصَلِّي

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مستحاضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: وہ ہر نماز کے وقت غسل کر کے نماز ادا کرے گی۔

**954**- وَقَالَ حَمَّادُ لَوْ اَنَّ مُسْتَحَاضَةً جَهِلَتْ فَتَرَكَتِ الصَّلٰوةَ اَشْهُرًا فَاِنَّهَا تَقْضِيْ تِلْكَ الصَّلَوَاتِ قِيْلَ لَهُ وَكَيْفَ تَقْضِيْهَا قَالَ تَقْضِيْهَا فِيْ يَوْمٍ وَّاحِدٍ اِنِ اسْتَطَاعَتْ قِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ اِيْ وَاللّٰهِ

☆☆ حماد فرماتے ہیں: اگر استحاضہ کی شکار کوئی عورت اس حالت کی وجہ سے کئی ماہ تک نماز ادا نہ کرے تو وہ ان تمام نمازوں کی قضا ادا کرے گی ان سے سوال کیا گیا' وہ تمام نمازوں کی قضا کیسے ادا کرے گی؟ تو انہوں نے جواب دیا' اگر وہ ایسا کر سکتی ہو تو ایک ہی دن میں تمام نمازوں کی قضا ادا کرے گی۔

(راوی کہتے ہیں) امام ابو محمد عبداللہ دارمی رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا' آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں' انہوں نے جواب دیا: ہاں اللہ کی قسم (میں بھی اسی بات کا قائل ہوں)

# بَابٌ فِي الْحُبْلٰى اِذَا رَاَتِ الدَّمَ

## باب 96: اگر حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے

**955**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ قَالَ سَاَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنِ الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ فَقَالَ تَدَعُ الصَّلٰوةَ

☆☆ امام مالک بن انس فرماتے ہیں: میں نے امام زہری سے ایسی حاملہ عورت کے بارے میں سوال کیا' جس کا خون نکلنے لگے' انہوں نے جواب دیا: وہ نماز پڑھنا ترک کردے۔

**956**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ سَاَلْتُ مُجَاهِدًا عَنِ امْرَاَتِي رَاَتْ دَمًا وَّاَنَا اُرَاهَا حَامِلًا قَالَ ذٰلِكَ غَيْضُ الْاَرْحَامِ (اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ) فَمَا غَاضَتْ مِنْ شَيْءٍ زَادَتْ مِثْلَهُ فِي الْحَمْلِ

☆☆ عثمان بن اسود فرماتے ہیں: میں نے مجاہد سے اپنی اہلیہ کے بارے میں دریافت کیا' جس کا خون نکلنے لگا تھا' میرے علم کے مطابق وہ اس وقت حاملہ تھی تو انہوں نے جواب دیا: یہ رحم میں سے نکا ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ عورت کو کیا حمل ہوتا ہے اور رحم میں کیا کمی اور کیا اضافہ ہوتا ہے''۔

(مجاہد نے فرمایا) جس چیز کی کمی ہوتی ہے' حمل میں اسی کی مانند اضافہ ہو جاتا ہے۔

**957**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ عِكْرِمَةَ فِي هٰذِهِ الْاٰيَةِ (اللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ) قَالَ ذٰلِكَ الْحَيْضُ عَلَى الْحَبَلِ لَا تَحِيضُ يَوْمًا فِي الْحَبَلِ اِلَّا زَادَتْهُ طَاهِرًا فِي حَبَلِهَا

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ عورت کو کیا حمل ہوا ہے اور رحم میں کیا چیز کم کی ہے اور کس چیز کا اضافہ کیا ہے اس کی بارگاہ میں ہر چیز تقدیر کے مطابق ہے''۔

اس کی تفسیر کرتے ہوئے عکرمہ فرماتے ہیں: اس سے مراد حاملہ عورت کا حیض ہے حمل کے دوران اگر اسے ایک دن کے لئے حیض آتا ہے تو اس کے طہر میں بھی ایک دن کا اضافہ ہوتا ہے۔

**958**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ قَالَ اَمْرٌ لَا يُخْتَلَفُ فِيهِ عِنْدَنَا عَنْ عَائِشَةَ الْمَرْاَةُ الْحُبْلٰى اِذَا رَاَتِ الدَّمَ اَنَّهَا لَا تُصَلِّي حَتّٰى تَطْهُرَ

☆☆ یحییٰ بن سعید فرماتے ہیں: یہ ایسا معاملہ ہے جس کے بارے میں ہمارے درمیان کوئی اختلاف نہیں ہے' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' اگر حاملہ عورت کا خون نکلنا شروع ہو جائے تو اس وقت تک نماز نہیں پڑھے گی جب تک پاک نہ ہو جائے۔

**959**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ عِكْرِمَةَ (وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ) قَالَ هُوَ الْحَيْضُ عَلَى الْحَبَلِ (وَمَا تَزْدَادُ) قَالَ فَلَهَا بِكُلِّ يَوْمٍ حَاضَتْ فِي حَمْلِهَا يَوْمًا تَزْدَادُ فِي طُهْرِهَا حَتّٰى تَسْتَكْمِلَ تِسْعَةَ اَشْهُرٍ طُهْرًا

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اور رحم میں جو کمی ہوتی ہے''۔

عکرمہ فرماتے ہیں اس سے مراد حاملہ عورت کا حیض ہے۔

(ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اور وہ جو اضافہ کرتا ہے''۔

(عکرمہ فرماتے ہیں) عورت حمل کے دوران ایک دن کے لئے حائضہ ہوتی ہے تو اس کے طہر میں بھی ایک دن کا اضافہ ہو جاتا ہے۔ یہاں تک کہ طہر کی حالت میں اس کے نو ماہ مکمل ہوتے ہیں۔

**960**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (وَمَا تَغِيضُ الْاَرْحَامُ) قَالَ اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ وَهِيَ حَامِلٌ قَالَ يَكُوْنُ ذٰلِكَ نُقْصَانًا مِّنَ الْوَلَدِ فَاِذَا زَادَتْ عَلٰى تِسْعَةِ اَشْهُرٍ كَانَ تَمَامًا لِمَا نَقَصَ مِنْ وَّلَدِهَا

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اور رحم میں جو کمی ہوتی ہے''۔

مجاہد فرماتے ہیں (اس سے مراد) جب عورت حمل کی حالت میں حائضہ ہو جائے مجاہد فرماتے ہیں: یہ بچے کے لئے نقصان وہ ہوتا ہے لہٰذا نو ماہ سے اضافی دن ہوں گے وہ بچے کے اس نقصان کو پورا کرتے ہیں۔

**961**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِيِّ اَنَّهُ قَالَ امْرَاَتِيْ تَحِيْضُ وَهِيَ حُبْلٰى

☆☆ بکر بن عبداللہ مزنی فرماتے ہیں: میری بیوی کو حمل کی حالت میں حیض آ گیا۔

**962**-قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ حَرْبٍ يَقُوْلُ امْرَاَتِيْ تَحِيْضُ وَهِيَ حُبْلٰى

سلیمان بن حرب فرماتے ہیں میری بیوی کو حالتِ حمل میں حیض آ گیا تھا۔

**963**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا قَالَتْ اِذَا رَاَتِ الْحُبْلٰى الدَّمَ فَلْتُمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ فَاِنَّهُ حَيْضٌ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جب حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے وہ نماز پڑھنے سے رُک جائے کیونکہ یہ حیض ہے۔

**964**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ اَنَّهُ بَلَغَهُ عَنْ عَائِشَةَ مِثْلُ ذٰلِكَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے اسی طرح کی روایت منقول ہے۔

**965**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيْسَ عَنْ لَيْثٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ اِنْ كَانَ الدَّمُ عَبِيْطًا اغْتَسَلَتْ وَصَلَّتْ وَاِنْ كَانَتْ تَرِيَّةً تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے تو اگر وہ گاڑھا خون ہو تو عورت غسل کر کے نماز پڑھے گی اور اگر وہ تری ہو یعنی زرد یا مٹیالا مواد ہو تو وہ وضو کر کے نماز ادا کرے گی۔

**966**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ مِثْلَهُ

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

**967**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبَّادٌ هُوَ ابْنُ الْعَوَّامِ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِنْ كَانَتْ تَرَاهُ كَمَا كَانَتْ تَرَاهُ قَبْلَ ذٰلِكَ فِيْ اَقْرَائِهَا تَرَكَتِ الصَّلٰوةَ وَاِنْ كَانَ اِنَّمَا هُوَ فِي الْيَوْمِ اَوِ الْيَوْمَيْنِ لَمْ تَدَعِ الصَّلٰوةَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اگر عورت کا اسی طرح کا مواد نکلا ہے جو (حاملہ ہونے سے) پہلے حیض کی حالت میں نکلتا تھا تو وہ عورت نماز پڑھنا بند کر دے۔ لیکن اگر ایک یا دو دن کے لئے (کوئی مواد خارج ہو) تو وہ نماز پڑھنا ترک نہیں کرے گی۔

**968**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ هُوَ ابْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ وَعَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ فِي الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَتْ لَا يَمْنَعُهَا ذٰلِكَ مِنْ صَلٰوةٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے وہ اس کی وجہ سے نماز پڑھنا نہ چھوڑ دے۔

**969**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ فِي الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَتْ تَغْتَسِلُ وَتُصَلِّيْ قَالَ يَزِيْدُ لَا تَغْتَسِلُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اَقُوْلُ بِقَوْلِ يَزِيْدَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے وہ غسل کر کے نماز پڑھ لے۔

یزید فرماتے ہیں وہ غسل نہ کرے۔

امام ابو عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں یزید کے قول کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

**970**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَ هِيَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ غَيْرَ اَنَّهَا لَا تَدَعُ الصَّلٰوةَ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے وہ مستحاضہ کے حکم میں ہوگی البتہ وہ نماز پڑھنا ترک نہیں کرے گی۔

**971**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَ تَغْسِلُ عَنْهَا الدَّمَ وَتَتَوَضَّاُ وَتُصَلِّيْ

☆☆ جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے اس کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: وہ خون دھو کر وضو کر کے نماز پڑھ لے۔

**972**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ عَطَاءٍ وَالْحَكَمِ قَالَا اِذَا رَاَتِ الْحَامِلُ الدَّمَ تَوَضَّاَتْ وَصَلَّتْ

☆☆ عطاء اور حکم فرماتے ہیں جب حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے تو وہ وضو کر کے نماز پڑھ لے۔

**973**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَامِعٍ هُوَ ابْنُ اَبِى رَاشِدٍ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَ تَوَضَّأُ وَتُصَلِّى

☆☆ جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے اس کے بارے میں عطاء یہ فرماتے ہیں: وہ وضو کر کے نماز پڑھ لے گی۔

**974**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ هِىَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایسی عورت مستحاضہ کے حکم میں ہو گی۔

**975**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِىُّ عَنْ جَرِيرٍ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ لَا يَكُونُ حَيْضٌ عَلَى حَمْلٍ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حمل کی حالت میں حیض نہیں آ سکتا۔

**976**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ فِى الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ قَالَ هِىَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ

☆☆ جس حاملہ عورت کا خون نکلنے لگے اس کے بارے میں حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ مستحاضہ کی مانند ہو گی۔

**977**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ اِذَا رَاَتِ الْحَامِلُ الدَّمَ لَمْ تَدَعِ الصَّلٰوةَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جب حاملہ عورت کا خون نکلے تو وہ نماز پڑھنا ترک نہ کرے۔

**978**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَطَاءٍ وَّالْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ اَنَّهُمَا قَالَا فِى الْحُبْلٰى وَالَّتِى قَعَدَتْ عَنِ الْمَحِيضِ اِذَا رَاَتِ الدَّمَ تَوَضَّاَتَا وَصَلَّتَا وَلَا تَغْتَسِلَانِ

☆☆ عطاء اور حکم بن عتیبہ فرماتے ہیں: حاملہ عورت اور جس عورت کو حیض آنا بند ہو چکا ہو اگر ان کا خون نکلے تو وضو کر کے نماز پڑھ لے گی غسل نہیں کریں گی۔ (کیونکہ وہ خون حیض شمار نہیں ہو گا)

**979**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ تَغْتَسِلَانِ وَتُصَلِّيَانِ

☆☆ (ایسی عورت کے بارے میں) عطاء فرماتے ہیں: وہ غسل کر کے نماز پڑھیں گی۔

**980**- اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى الدِّمَشْقِىُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِى رَبَاحٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّ الْحُبْلٰى لَا تَحِيضُ فَاِذَا رَاَتِ الدَّمَ فَلْتَغْتَسِلْ وَلْتُصَلِّ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' حاملہ عورت کو حیض نہیں آتا اگر وہ خون دیکھے تو اسے غسل کر کے نماز پڑھنا چاہیے۔

**981**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفُضَيْلِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحَكَمِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِى الْمَرْاَةِ اِذَا رَاَتِ الدَّمَ وَهِىَ تَمْخَضُ قَالَ هُوَ حَيْضٌ تَتْرُكُ الصَّلٰوةَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جس عورت کی ولادت قریب ہو اگر اس کا خون نکل آئے تو وہ حیض ہو گا اور وہ عورت نماز نہیں پڑھے گی۔

**982**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ فِى الْمَرْاَةِ الْحَامِلِ اِذَا ضَرَبَهَا الطَّلْقُ وَرَاَتِ الدَّمَ عَلَى الْوَلَدِ فَلْتُمْسِكْ عَنِ الصَّلٰوةِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تُصَلِّى مَا لَمْ تَضَعْ

☆☆ حاملہ عورت کے بارے میں حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب اسے ولادت کا درد شروع ہو جائے اور بچے کی پیدائش سے پہلے ہی اس کا خون نکلنے لگے تو وہ نماز پڑھنا ترک کر دے۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب تک بچے کی پیدائش نہ ہو جائے وہ عورت نماز پڑھتی رہے گی۔

# بَابُ وَقْتِ النُّفَسَاءِ وَمَا قِيلَ فِيهِ

# باب 97: نفاس کی مدت اور اس بارے میں اقوال

**983**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ سُفْيَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ فِي النُّفَسَاءِ كَطُهْرِ امْرَاَةٍ مِنْ نِسَآئِهَا

☆☆ قتادہ فرماتے ہیں: نفاس کی مدت اتنی ہی ہوگی جتنی عورت کی (ہم عمر اور ہم خاندان) خواتین کی طہر کی مدت ہوتی ہے۔

**984**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ فِي النُّفَسَاءِ تُمْسِكُ عَنِ الصَّلٰوةِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فَاِنْ رَاَتِ الطُّهْرَ فَذَاكَ وَاِنْ لَّمْ تَرَ الطُّهْرَ اَمْسَكَتْ عَنِ الصَّلٰوةِ اَيَّامًا خَمْسًا سِتًّا فَاِنْ طَهُرَتْ فَذَاكَ وَاِلَّا اَمْسَكَتْ عَنِ الصَّلٰوةِ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْخَمْسِيْنَ فَاِنْ طَهُرَتْ فَذَاكَ وَاِلَّا فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ نفاس والی خواتین کے بارے میں فرماتے ہیں: وہ چالیس دن تک نماز نہیں پڑھے گی اگر وہ پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ مزید پانچ دن یا چھ دن تک نماز نہیں پڑھے گی اگر پھر پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ پچاس دن پورے ہونے تک نماز نہیں پڑھے گی۔ اگر پھر پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ وہ عورت مستحاضہ شمار ہوگی۔

**985**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ اَنَّهُ كَانَ لَا يَقْرَبُ النُّفَسَاءَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا و قَالَ الْحَسَنُ النُّفَسَاءُ خَمْسَةٌ وَّاَرْبَعُوْنَ اِلٰى خَمْسِيْنَ فَمَا زَادَ فَهِيَ مُسْتَحَاضَةٌ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں' عثمان بن ابوالعاص کے بارے میں منقول ہے: نفاس والی اہلیہ کے ساتھ (بچے کی پیدائش کے) چالیس دن تک صحبت نہیں کرتے تھے۔

حسن بیان کرتے ہیں' نفاس کی مدت پینتالیس دن سے لے کر پچاس تک ہے' اس کے بعد جو (مواد خارج ہوگا) وہ استحاضہ شمار ہوگا۔

**986**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي الْعَاصِ قَالَ وَقْتُ النُّفَسَاءِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا فَاِنْ طَهُرَتْ وَاِلَّا فَلَا تُجَاوِزْهُ حَتّٰى تُصَلِّيَ

☆☆ حسن' حضرت عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نفاس کی مدت چالیس دن ہے اگر عورت پاک ہو جائے تو ٹھیک ہے۔ ورنہ اس کے بعد وہ نماز پڑھنا شروع کر دے گی (اور مستحاضہ شمار ہوگی)

**987**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِنْ كَانَ لِلنُّفَسَاءِ عَادَةٌ وَّاِلَّا

حَالَسَتْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً

❀❀ عطاء (بن ابی رباح) فرماتے ہیں: اگر عورت کی نفاس کی مدت طے شدہ ہو تو ٹھیک ہے ورنہ وہ چالیس دن نفاس کی حالت میں بسر کرے گی۔

**988**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ النِّفَاسُ حَيْضٌ

❀❀ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں (نفاس کے احکام) بھی حیض کی (مانند) ہیں۔

**989**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ تَنْتَظِرُ النُّفَسَاءُ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ نَحْوَهَا

❀❀ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نفاس والی عورت چالیس دن تک نفاس کی حالت میں رہے گی۔

## بَابُ فِی الْمَرْءَةِ الْحَائِضِ تُصَلِّیْ فِیْ ثَوْبِهَا اِذَا طَهُرَتْ

## باب **98**: حائضہ عورت پاک ہونے کے بعد حیض والے (کپڑے کو دھو کر) اس میں نماز پڑھ سکتی ہے

**990**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا عَلِیُّ بْنُ عَبْدِ الْاَعْلٰی عَنْ اَبِیْ سَهْلٍ الْبَصْرِیِّ عَنْ مُسَّةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَتِ النُّفَسَاءُ تَجْلِسُ عَلٰی عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا اَوْ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً وَكَانَتْ اِحْدَانَا تَطْلِی الْوَرْسَ عَلٰی وَجْهِهَا مِنَ الْكَلَفِ

❀❀ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں نفاس والی عورت چالیس دن نفاس میں بسر کرتی تھیں اور بعض اوقات کوئی عورت کلف کی وجہ سے اپنے چہرے پر ورس (نامی گھاس کا لیپ کرتی تھیں)

**991**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ جَلْدٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ اَنَّ امْرَاَةً لِعَائِذِ بْنِ عَمْرٍو نَفِسَتْ فَجَاءَتْ بَعْدَمَا مَضَتْ عِشْرُوْنَ لَيْلَةً فَدَخَلَتْ فِیْ لِحَافِهٖ فَقَالَ مَنْ هٰذِهٖ قَالَتْ اَنَا فُلَانَةُ اِنِّیْ قَدْ تَطَهَّرْتُ فَرَكَضَهَا بِرِجْلِهٖ فَقَالَ لَا تُغَرِّيْنِیْ عَنْ دِيْنِیْ حَتّٰی تَمْضِیَ اَرْبَعُوْنَ لَيْلَةً

❀❀ عائذ بن عمرو کی اہلیہ نفاس والی ہوگئی' بیس دن گزرنے کے بعد وہ اپنے شوہر کے لحاف میں آئی تو انہوں نے دریافت کیا

---

حدیث **990** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **311**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **139**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **648**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26603**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **622**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **1502**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **7023**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **878**

کون ہے۔ اہلیہ نے جواب دیا: میں ہوں۔ میں پاک ہوگئی ہوں تو عائذ نے انہیں پاؤں سے پرے کرتے ہوئے کہا مجھے شرعی مسئلے میں غلطی کا شکار نہ کرو (اور اس وقت تک مجھ سے دور رہو) جب تک چالیس دن گزر نہ جائیں۔

**992**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ النُّفَسَاءُ تَجْلِسُ نَحْوًا مِّنْ اَرْبَعِيْنَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نفاس والی عورت تقریباً چالیس دن اس حالت میں گزارے گی۔

**993**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ النُّفَسَاءُ تَنْتَظِرُ نَحْوًا مِّنْ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: نفاس والی عورت تقریباً چالیس (دن اس حالت میں) گزارے گی۔

**994**- اَخْبَرَنَا مُوْسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ الْحَسَنَ قَالَ فِى النُّفَسَاءِ الَّتِىْ تَرَى الدَّمَ تَرَبَّصُ اَرْبَعِيْنَ لَيْلَةً ثُمَّ تُصَلِّىْ وَقَالَ الشَّعْبِىُّ شَهْرَيْنِ ثُمَّ هِىَ بِمَنْزِلَةِ الْمُسْتَحَاضَةِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب نفاس والی عورت کا خون نکلنے لگے تو وہ چالیس دن اس حالت میں گزار کر پھر نماز پڑھنے لگے گی۔

شعبی فرماتے ہیں دو ماہ تک ایسا کرے گی (اگر اس کے بعد بھی خون جاری رہے) تو وہ مستحاضہ شمار ہوگی۔

**995**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْاَفْطَسُ قَالَ سَمِعْتُ الْعَلَاءَ بْنَ الْحَارِثِ عَنْ مَّكْحُوْلٍ قَالَ الْمَرْاَةُ تَنْتَظِرُ مِنَ الْغُلَامِ ثَلَاثِيْنَ يَوْمًا وَّمِنَ الْجَارِيَةِ اَرْبَعِيْنَ يَوْمًا يَعْنِى النُّفَسَاءَ قَالَ مَرْوَانُ هُوَ قَوْلُ سَعِيْدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ و قَالَ الْاَوْزَاعِىُّ هُمَا سَوَاءٌ

☆☆ مکحول فرماتے ہیں: بچے کی پیدائش کے بعد عورت تیس دن (نفاس کی حالت میں) بسر کرے گی اور بچی کی پیدائش پر چالیس دن بسر کرے گی۔

مروان بیان کرتے ہیں' سعید بن عبدالعزیز کا بھی یہی فتویٰ ہے۔

امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (بیٹا یا بیٹی کی پیدائش) دونوں یکساں حیثیت رکھتے ہیں (اور ان دونوں کے نفاس کی مدت ایک ہی ہوگی)

**996**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِىُّ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنِىْ يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا رَاَتِ الدَّمَ عِنْدَ الطَّلْقِ يَوْمًا اَوْ يَوْمَيْنِ فَهُوَ مِنَ النِّفَاسِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب عورت کو پیدائش کے درد کے ایک دو دن پہلے خون نظر آئے تو وہ نفاس شمار ہو گا۔

**997**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْحَامِلِ تَرَى الدَّمَ وَهِىَ تَطْلُقُ قَالَ تَصْنَعُ مَا تَصْنَعُ الْمُسْتَحَاضَةُ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) فرماتے ہیں: ایسی حاملہ عورت جس کے ہاں پیدائش کا وقت قریب ہو اور اس کا خون نکلنے لگے تو وہ عورت وہی کچھ کرے گی جو مستحاضہ عورت کرتی ہے۔

## بَابُ الْمَرْاَةُ تُجْنِبُ ثُمَّ تَحِيضُ

## باب 99: جب عورت کو جنابت لاحق ہو اور پھر اسے حیض آ جائے

**998- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي الْمَرْاَةِ تُجْنِبُ ثُمَّ تَحِيضُ قَالَ تَغْتَسِلُ**

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جس عورت کو جنابت لاحق ہو اور پھر اسے حیض آ جائے اسے غسل کرنا چاہیے۔

**999- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ مِثْلَهُ**

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی رائے منقول ہے۔

**1000- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ الْحَيْضُ اَكْبَرُ**

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) بیان کرتے ہیں' حیض زیادہ اہم ہے۔

**1001- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي رَجُلٍ غَشِيَ امْرَاَتَهُ فَحَاضَتْ فَقَالَ تَغْتَسِلُ اَحَبُّ اِلَيَّ**

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جس عورت کے ساتھ اس کا شوہر صحبت کرے اور پھر اسے حیض آ جائے تو میرے نزدیک پسندیدہ بات یہ ہے کہ وہ غسل کرے۔

**1002- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَالنَّخَعِيِّ قَالَا لِتَغْتَسِلْ مِنَ الْجَنَابَةِ**

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) اور ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: (جو عورت جنبی ہو اور پھر اسے حیض آ جائے) اسے غسل جنابت کر لینا چاہیے۔

**1003- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ عَنِ الْحَسَنِ مِثْلَ ذٰلِكَ**

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے بھی یہی منقول ہے۔

**1004- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْمُسَيَّبِ قَالَ سُئِلَ عَنْهَا حَمَّادٌ فَقَالَ قَالَ اِبْرَاهِيمُ تَغْتَسِلُ**

☆☆ حماد سے ایسی عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا: ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس عورت کو غسل کر لینا چاہیے۔

**1005- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى عَنِ ابْنِ فُضَيْلٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ تَغْتَسِلُ**

☆☆ امام شعبی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایسی عورت کو غسل کر لینا چاہیے۔

## بَابُ الْحَائِضِ تَوَضَّأُ عِنْدَ وَقْتِ الصَّلٰوۃِ

## باب 100: حائضہ عورت کو ہر نماز کے وقت وضو کرنا چاہیے

**1006**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَكَمَ بْنَ عُتَيْبَةَ يَقُولُ كَانَ يُعْجِبُهُمْ فِي الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ اَنْ تَوَضَّاُ وُضُوئَهَا لِلصَّلَاةِ ثُمَّ تُسَبِّحَ اللّٰهَ وَتُكَبِّرَهُ فِي وَقْتِ الصَّلٰوۃِ

☆☆ حکم بن عتیبہ فرماتے ہیں: لوگ (یعنی صحابہ کرام رضی اللہ عنہم) یہ بات پسند کرتے تھے کہ عورت نماز کے وضو جیسا وضو کرنے کے بعد' نماز کے وقت اللہ کی تسبیح اور کبریائی کا ذکر کرے۔

**1007**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ قَالَ قُلْتُ لِاَبِي قِلَابَةَ الْحَائِضُ تَوَضَّاُ عِنْدَ وَقْتِ كُلِّ صَلٰوۃٍ وَتَذْكُرُ اللّٰهَ فَقَالَ مَا وَجَدْتُ لِهٰذَا اَصْلًا

☆☆ سلیمان تیمی فرماتے ہیں: میں نے ابوقلابہ سے دریافت کیا۔ کیا حاملہ عورت کو ہر نماز کے وقت وضو کر کے اللہ کا ذکر کرنا چاہیے' انہوں نے جواب دیا' مجھے اس بارے میں کسی اصل یعنی (حدیث یا صحابی کے قول) کا علم نہیں ہے۔

**1008**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي خَالِدُ بْنُ يَزِيدَ الصَّدَفِيُّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَاْمُرُ الْمَرْاَةَ الْحَائِضَ عِنْدَ اَوَانِ الصَّلٰوۃِ اَنْ تَوَضَّاَ وَتَجْلِسَ بِفِنَاءِ مَسْجِدِهَا فَتَذْكُرَ اللّٰهَ وَتُسَبِّحَ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے وہ نماز کے وقت حائضہ خاتون کو یہ ہدایت کرتے تھے کہ وہ وضو کرے اور جائے نماز پر بیٹھ کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کرے اور اس کی پاکی بیان کرے' یا سبحان اللہ کا ورد کرے۔

**1009**- حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ اَتَقْرَاُ قَالَ لَا اِلَّا طَرَفَ الْاٰيَةِ وَلٰكِنْ تَوَضَّاُ عِنْدَ وَقْتِ كُلِّ صَلٰوۃٍ ثُمَّ تَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ وَتُسَبِّحُ وَتُكَبِّرُ وَتَدْعُو اللّٰهَ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) سے حائضہ عورت کے بارے میں سوال کیا گیا' کیا وہ قرأت کر سکتی ہے۔ انہوں نے جواب دیا' نہیں البتہ آیت کا کچھ حصہ پڑھ سکتی ہے۔ تاہم اسے ہر نماز کے وقت وضو کر کے قبلہ کی طرف رُخ کر کے تسبیح اور تکبیر پڑھنی چاہیے اور اللہ تعالیٰ سے دعا کرنی چاہیے۔

**1010**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ حَدَّثَنَا السَّيْبَانِيُّ وَهُوَ يَحْيَى بْنُ اَبِي عَمْرٍو مِنْ اَهْلِ الرَّمْلَةِ حَدَّثَنَا مَكْحُولٌ قَالَ تُؤْمَرُ الْحَائِضُ تَوَضَّاُ عِنْدَ مَوَاقِيتِ الصَّلٰوۃِ وَتَسْتَقْبِلُ الْقِبْلَةَ وَتَذْكُرُ اللّٰهَ

☆☆ مکحول فرماتے ہیں: حائضہ عورت کو یہ ہدایت کی جائے گی کہ وہ ہر نماز کے وقت وضو کرنے کے بعد قبلہ کی طرف منہ کر کے اللہ کا ذکر کیا کرے۔

## بَابٌ فِي الْحَائِضِ تَقْضِي الصَّوْمَ وَلَا تَقْضِي الصَّلٰوۃَ

## باب 101: حائضہ عورت روزے کی قضا کرے گی' نماز کی قضا نہیں کرے گی

**1011**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا سَمِعَ الْحَائِضُ وَالْجُنُبُ السَّجْدَةَ يَغْتَسِلُ الْجُنُبُ وَيَسْجُدُ وَلَا تَقْضِي الْحَائِضُ لِأَنَّهَا لَا تُصَلِّي

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب حائضہ عورت یا جنبی شخص سجدے والی آیت سن لے تو جنبی شخص غسل کرنے کے بعد سجدہ کرے گا۔ البتہ حائضہ عورت اس سجدے کی قضاء ادا نہیں کرے گی کیونکہ وہ نماز نہیں پڑھ سکتی۔

**1012**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ فِي الْحَائِضِ تَسْمَعُ السَّجْدَةَ قَالَ لَا تَقْضِي

حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ حائضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں کہ اگر وہ سجدے والی آیت سن لے تو (پاک ہونے کے بعد) سجدے کی قضا نہیں کرے گی۔

**1013**- أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ وَجَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ لَيْسَ عَلَيْهَا شَيْءٌ

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حائضہ عورت پر کوئی چیز یعنی (آیت سجدہ سن کر سجدہ تلاوت کرنا) لازم نہیں ہوگا۔

**1014**- أَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا عُبَيْدَةُ بْنُ مُعَتِّبٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنَّا نَحِيضُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا يَأْمُرُ امْرَأَةً مِنَّا بِرَدِّ الصَّلٰوةِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ہمیں حیض آجاتا تھا لیکن آپ نے ہم میں سے کسی ایک عورت کو بھی نماز کی قضا کرنے کا حکم نہیں دیا۔

**1015**- أَخْبَرَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ مُعَاذَةَ أَنَّ امْرَأَةً سَأَلَتْ عَائِشَةَ

---

حدیث 1015: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 315

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 335

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 262

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 130

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 382

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 631

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 24082

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء — 1349

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء — 1001

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1990ء — 622

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 2627

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 1371

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء — 2637

اَتَقْضِي اِحْدَانَا صَلٰوةَ اَيَّامِ حَيْضِهَا فَقَالَتْ اَحَرُوْرِيَّةٌ اَنْتِ قَدْ كَانَتْ اِحْدَانَا تَحِيضُ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا تُؤْمَرُ بِقَضَاءٍ

☆☆ معاذہ فرماتی ہیں: ایک خاتون نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا' کیا ہمیں حیض کے ایام کے دوران والی نمازوں کی قضا ادا کرنا چاہیے؟ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جواباً فرمایا کیا تم ''حروریہ'' ہو؟ ہم میں سے کوئی ایک عورت' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں حائضہ ہو جاتی تھی۔ لیکن اسے (نماز کی) قضا کا حکم نہیں دیا جاتا تھا۔

**1016**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ عَنْ مُعَاذَةَ قَالَ اَبُو النُّعْمَانِ كَانَ حَمَّادًا فَرَّقَ حَدِيْثَ اَيُّوْبَ فَجَاءَ بِهٰذَا

☆☆ ابونعمان کہتے ہیں (گزشتہ روایت میں میرے استاد) حماد نے اس حدیث کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے بیان کیا ہے۔

**1017**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ عَامِرٍ قَالَ اِذَا سَمِعَتِ الْحَائِضُ السَّجْدَةَ فَلَا تَسْجُدْ

☆☆ عامر فرماتے ہیں: جب حائضہ عورت آیت سجدہ سن لے تو وہ سجدہ نہیں کرے گی۔

**1018**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ قَالَ لَا تَسْجُدُ الْمَرْاَةُ الْحَائِضُ اِذَا سَمِعَتِ السَّجْدَةَ

☆☆ ابوقلابہ فرماتے ہیں: حائضہ عورت جب آیت سجدہ سن لے تو وہ سجدہ نہیں کرے گی۔

**1019**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ لِلْحَائِضِ اَنْ تَسْجُدَ اِذَا سَمِعَتِ السَّجْدَةَ

☆☆ ابراہیم (نخعی) فرماتے ہیں: حائضہ عورت اگر آیت سجدہ سن لے تو اس کے لئے سجدہ کرنا مکروہ ہے۔

**1020**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَوْنٍ عَنْ اَبِي غَالِبٍ عَجْلَانَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنِ النُّفَسَاءِ وَالْحَائِضِ هَلْ تَقْضِيَانِ الصَّلٰوةَ اِذَا تَطَهَّرْنَ قَالَ هُوَ ذَا اَزْوَاجُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَوْ فَعَلْنَ ذٰلِكَ اَمَرْنَا نِسَآئَنَا بِذٰلِكَ

☆☆ عجلان فرماتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے نفاس والی اور حائضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا' کیا وہ دونوں پاک ہو جانے کے بعد نمازوں کی قضا ادا کریں تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات بھی تو

---

بقیہ حدیث **1015**: ''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ **1991**ء　**1384**

''سنن دارمی'' امام ابو محمد عبداللہ بن عبدالرحمان دارمی' دار الکتاب العربی بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء　**1514**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ　**1277**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ　**7238**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ بیروت لبنان　**1570**

''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابو محمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیۃ بیروت لبنان **1408**ھ **1988**ء　**101**

ہیں اگر انہوں نے ایسا کیا ہوتا تو ہم بھی اپنی عورتوں کو ایسا کرنے کا حکم دیتے۔

**1021**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اَتَتِ امْرَاَةٌ اِلٰى عَائِشَةَ فَقَالَتْ اَقْضِىْ مَا تَرَكْتُ مِنْ صَلَوَاتِىْ فِى الْحَيْضِ عِنْدَ الطُّهْرِ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَحَرُوْرِيَّةٌ اَنْتِ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَتْ اِحْدَانَا تَحِيْضُ وَتَطْهُرُ فَلَا يَاْمُرُنَا بِالْقَضَاءِ

☆☆ عبدالرحمن بن قاسم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ایک خاتون سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی حیض کے دوران میری جو نمازیں قضا ہوگئی تھیں پاک ہوجانے کے بعد میں ان کی قضا ادا کروں گی؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کیا تم ''حروریہ'' ہو؟ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہے ہیں ہم میں سے کسی ایک کو حیض آجاتا تھا اور جب وہ پاک ہوجاتی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمیں قضا نماز ادا کرنے کا حکم نہیں دیتے تھے۔

**1022**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ كَثِيْرٍ اَبِىْ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ قُلْتُ لِفَاطِمَةَ يَعْنِىْ بِنْتَ عَلِيٍّ اَتَقْضِيْنَ صَلٰوةَ اَيَّامِ حَيْضِكِ قَالَتْ لَا

☆☆ کثیر بن اسمٰعیل فرماتے ہیں: میں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا (راوی کہتے ہیں) یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی سے دریافت کیا کیا آپ حیض کے دوران قضا ہوجانے والی نمازیں پڑھتی ہیں؟ انہوں نے جواب دیا نہیں۔

**1023**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَزِيْدَ الرِّشْكِ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاذَةَ عَنْ عَائِشَةَ سَاَلَتْهَا امْرَاَةٌ اَتَقْضِى الْحَائِضُ الصَّلٰوةَ قَالَتْ اَحَرُوْرِيَّةٌ اَنْتِ قَدْ حِضْنَ نِسَآءُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُنَّ يَجْزِيْنَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَعْنَاهُ اَنَّهُنَّ لَا يَقْضِيْنَ

☆☆ معاذہ فرماتی ہیں سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایک خاتون نے سوال کیا کیا حائضہ عورت (حیض کے دوران رہ جانے والی نماز) کی قضا کرے گی؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کیا تم ''حروریہ'' ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں خواتین کو حیض آیا کرتا تھا لیکن آپ نے انہیں یہی ہدایت کی کہ وہ درست رہیں۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس کا مفہوم یہ ہے کہ خواتین ان نمازوں کی قضا ادا نہیں کریں گی۔

## بَابُ الْحَائِضُ تَذْكُرُ اللّٰهَ وَلَا تَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ

## باب 102: حائضہ عورت اللہ کا ذکر کرے گی لیکن قرآن کی تلاوت نہیں کرے گی

**1024**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ الْحَائِضُ وَالْجُنُبُ يَذْكُرَانِ اللّٰهَ وَيُسَمِّيَانِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حائضہ عورت اور جنبی شخص اللہ کا ذکر کرسکتے ہیں اور بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھ سکتے ہیں۔

**1025**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ بَلَغَنِىْ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُمَا قَالَا لَا يَقْرَاُ الْجُنُبُ وَالْحَائِضُ اٰيَةً تَامَّةً يَقْرَاٰنِ الْحَرْفَ

☆☆ ابراہیم نخعی اور سعید بن جبیر فرماتے ہیں: جنبی شخص اور حائضہ عورت کوئی مکمل آیت نہیں پڑھ سکتے البتہ کوئی ایک حرف (یعنی لفظ) پڑھ سکتے ہیں۔

**1026**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ فِرَاسٍ عَنْ عَامِرٍ الْجُنُبُ وَالْحَائِضُ لَا يَقْرَآنِ الْقُرْآنَ

☆☆ عامر فرماتے ہیں' جنبی شخص اور حائضہ عورت قرآن کی تلاوت نہیں کر سکتے۔

**1027**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا الْحَكَمُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ عُمَرُ يَكْرَهُ اَوْ يَنْهٰى اَنْ يَقْرَاَ الْجُنُبُ قَالَ شُعْبَةُ وَجَدْتُ فِي الْكِتَابِ وَالْحَائِضُ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اس بات کو مکروہ سمجھتے تھے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اس بات سے منع کرتے تھے کہ جنبی شخص قرآن کی قرأت کرے۔

شعبہ فرماتے ہیں: میں نے ایک کتاب میں (جنبی کے ہمراہ) حائضہ عورت (بھی پڑھا ہے)

**1028**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اَرْبَعَةٌ لَّا يَقْرَئُوْنَ الْقُرْآنَ عِنْدَ الْخَلَاءِ وَفِي الْحَمَّامِ وَالْجُنُبُ وَالْحَائِضُ اِلَّا الْاٰيَةَ وَنَحْوَهَا لِلْجُنُبِ وَالْحَائِضِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: چار طرح کے لوگ قرآن کی قرأت نہیں کر سکتے' بیت الخلاء میں' حمام میں' جنبی شخص اور حائضہ عورت البتہ جنبی شخص اور حائضہ عورت ایک آیت پڑھ سکتے ہیں۔

**1029**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدٍ الْاَحْمَرُ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَّحَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَسَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالُوا الْحَائِضُ وَالْجُنُبُ يَسْتَفْتِحُوْنَ الْاٰيَةَ وَلَا يُتِمُّوْنَ اٰخِرَهَا

☆☆ ابراہیم نخعی اور سعید بن جبیر فرماتے ہیں: حائضہ عورت اور جنبی شخص کسی آیت کا ابتدائی حصہ پڑھ سکتے ہیں لیکن اسے مکمل نہیں پڑھ سکتے ہیں۔

**1030**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِي الْعَالِيَةِ فِي الْحَائِضِ قَالَ لَا تَقْرَاُ الْقُرْآنَ

☆☆ ابوالعالیہ حائضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: وہ قرآن نہیں پڑھ سکتی۔

**1031**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى وَاَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَا اَخْبَرَنَا السَّائِبُ بْنُ عُمَرَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ مُلَيْكَةَ اَنَّ عَائِشَةَ كَانَتْ تَرْقِيْ اَسْمَاءَ وَهِيَ عَارِكٌ

☆☆ ابن ابوملیکہ بیان کرتے ہیں: سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا حیض کی حالت میں سیدہ اسماء رضی اللہ عنہا کو دم وغیرہ کر دیا کرتی تھیں۔

**1032**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ قَالَ الْجُنُبُ يَذْكُرُ اسْمَ اللّٰهِ

☆☆ قتادہ فرماتے ہیں: جنبی شخص اللہ تعالیٰ کا ذکر کر سکتا ہے۔

**1033**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَيَّارٍ عَنْ اَبِى وَائِلٍ قَالَ كَانَ يُقَالُ لَا يَقْرَأُ الْجُنُبُ وَلَا الْحَائِضُ وَلَا يُقْرَأُ فِى الْحَمَّامِ وَحَالَانِ لَا يَذْكُرُ الْعَبْدُ فِيهِمَا اللّٰهَ عِنْدَ الْخَلَاءِ وَعِنْدَ الْجِمَاعِ اِلَّا اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا اَتٰى اَهْلَهُ بَدَاَ فَسَمَّى اللّٰهَ

☆☆ ابووائل فرماتے ہیں: یہ بات بیان کی جاتی ہے' جنبی شخص اور حائضہ عورت قرآن نہیں پڑھ سکتے اور کوئی شخص حمام میں قرآن نہیں پڑھ سکتا۔

دو حالتیں ایسی ہیں جن میں کوئی شخص اللہ کا ذکر نہیں کرسکتا ایک بیت الخلاء میں دوسرا صحبت کرتے وقت۔ البتہ جب کوئی شخص اپنی بیوی کے پاس آئے تو اللہ کے نام سے آغاز کرسکتا ہے۔

**1034**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ تَقْرَاُ قَالَ لَا اِلَّا طَرَفَ الْآيَةِ

☆☆ عطاء بن ابی رباح حائضہ عورت کے بارے میں فرماتے ہیں: وہ (قرآن کی) قرأت نہیں کرسکتی البتہ آیت کا کچھ حصہ پڑھ سکتی ہے۔

**1035**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنِ الْجُرَيْرِىِّ عَنْ اَبِى عَطَّافٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ اَرْبَعٌ لَا يَحْرُمْنَ عَلٰى جُنُبٍ وَلَا حَائِضٍ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: چار کلمات ایسے ہیں جن کا پڑھنا جنبی شخص اور حائضہ عورت کے لئے منع نہیں ہے۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ

## بَابُ الْحَائِضِ تَسْمَعُ السَّجْدَةَ فَلَا تَسْجُدُ

## باب 103: حائضہ عورت آیت سجدہ سن لے تو سجدہ نہیں کرے گی

**1036**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ صُبَيْحٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الْحَائِضِ تَسْمَعُ السَّجْدَةَ قَالَ لَا تَسْجُدُ لِاَنَّهَا صَلٰوةٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ایسی حائضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا گیا جو آیت سجدہ سن لے تو انہوں نے جواب دیا: وہ سجدہ نہیں کرے گی کیونکہ سجدہ بھی نماز کا حصہ ہے۔

**1037**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ وَاَبِى الضُّحٰى قَالَا لَا تَسْجُدُ

☆☆ ابراہیم نخعی اور ابوضحیٰ فرماتے ہیں: وہ عورت سجدہ نہیں کرے گی۔

**1038**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ نُمَيْرٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ وَسَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَا لَيْسَ عَلَيْهَا ذَاكَ الصَّلٰوةُ اَكْبَرُ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ ابراہیم نخعی اور سعید بن جبیر فرماتے ہیں' ایسی عورت پر سجدہ لازم نہیں ہوگا کیونکہ نماز اس سے زیادہ اہم ہے۔

**1039**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ مُنِعَتْ خَيْرًا مِنْ ذٰلِكَ الصَّلٰوةَ الْمَكْتُوبَةَ

☆☆ عطاء بن ابی رباح فرماتے ہیں' ایسی عورت کو اس سجدے سے زیادہ اہم چیز سے منع کیا گیا ہے اور وہ فرض نماز ہے۔

**1040**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا تَسْجُدُ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: وہ عورت سجدہ نہیں کرے گی۔

**1041**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي الْمَرْاَةِ تَرَى الطُّهْرَ فَتَسْمَعُ السَّجْدَةَ قَالَ لَا تَسْجُدُ حَتّٰى تَغْتَسِلَ

☆☆ امام زہری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جو عورت حیض ختم ہونے کے بعد آیت سجدہ سن لے وہ اس وقت تک سجدہ نہیں کرے گی جب تک غسل نہ کرے۔

**1042**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَيْدٍ سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ ذَرًّا عَنْ وَائِلِ بْنِ مُهَانَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِلنِّسَاءِ تَصَدَّقْنَ فَاِنَّكُنَّ اَكْثَرُ اَهْلِ النَّارِ فَقَالَتِ امْرَاَةٌ لَيْسَتْ مِنْ عِلْيَةِ النِّسَاءِ لِمَ اَوْ بِمَ اَوْ فِيمَ قَالَ اِنَّكُنَّ تُكْثِرْنَ اللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ قَالَ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَا مِنْ نَاقِصِي الدِّيْنِ

---

حدیث **1042**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **1393**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **79**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2613**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **2583**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4003**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3569**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء **4248**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ **1970**ء **2464**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1990**ء **2772**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **1772**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7900**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **5112**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **1156**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء **11357**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **384**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **92**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء **480**

وَالْعَقْلِ اَغْلَبَ لِلرِّجَالِ ذَوِى الْاَمْرِ عَلٰى اَمْرِهِمْ مِنَ النِّسَاءِ قَالَ رَجُلٌ لِعَبْدِ اللّٰهِ مَا نُقْصَانُ عَقْلِهَا قَالَ جُعِلَتْ شَهَادَةُ امْرَاَتَيْنِ بِشَهَادَةِ رَجُلٍ قَالَ سُئِلَ مَا نُقْصَانُ دِيْنِهَا قَالَ تَمْكُثُ كَذَا وَكَذَا مِنْ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ لَا تُصَلِّىْ لِلّٰهِ صَلٰوةً

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین سے فرمایا تھا' تم صدقہ کیا کرو کیونکہ جہنم میں اکثریت تمہاری ہے تو ایک خاتون جو کسی بڑے خاندان سے تعلق نہیں رکھتی تھی نے عرض کی کیوں؟ کس وجہ سے یا کس لئے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیونکہ تم بکثرت لعنت کرتی ہو اور شوہر کی ناشکری کرتی ہو۔

راوی کہتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا دین اور عقل کے اعتبار سے ناقص لوگوں میں کوئی ایسا نہیں ہے جو عورتوں کی طرح عقل مند مردوں پر غالب آ جائے ایک شخص نے دریافت کیا ان عورتوں کی عقل میں کیا کمی ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: دو عورتوں کی گواہی ایک مرد کے برابر قرار دی گئی ہے ان سے سوال کیا گیا ان عورتوں کے دین میں کیا کمی ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: وہ عورت حیض آنے پر کئی دن تک اللہ کی بارگاہ میں نماز ادا نہیں کر سکتی۔

## بَابُ الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ تُصَلِّىْ فِىْ ثَوْبِهَا اِذَا طَهُرَتْ

## باب 104: حائضہ عورت پاک ہو جانے کے بعد اسی کپڑے میں نماز پڑھ سکتی ہے (جو اس نے حیض کے دوران پہن رکھے تھے)

**1043**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِىُّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا طَهُرَتِ الْمَرْاَةُ مِنَ الْحَيْضِ فَلْتَتَبَّعْ ثَوْبَهَا الَّذِىْ يَلِىْ جِلْدَهَا فَلْتَغْسِلْ مَا اَصَابَهُ مِنَ الْاَذٰى ثُمَّ تُصَلِّىْ فِيْهِ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب عورت حیض سے پاک ہو جائے تو اسے اپنے کپڑے کے اس حصے کو لینا چاہیے جو اس کی جلد (یعنی شرمگاہ) کے ساتھ لگا ہوا تھا اور اس پر موجود ناپاکی کو دھو کر پھر اسی کپڑے میں نماز پڑھنی لینی چاہیے۔

**1044**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يَكُوْنُ لِاَحَدَانَا الدِّرْعُ فِيْهِ تَحِيْضُ وَفِيْهِ تُجْنِبُ ثُمَّ تَرٰى فِيْهِ الْقَطْرَةَ مِنْ دَمِ حَيْضَتِهَا فَتَقْصَعُهُ بِرِيْقِهَا

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' ہمارے پاس ایک چادر ہوتی تھی اسی میں حیض آ جاتا تھا پھر اگر اس میں کوئی خون کا قطرہ لگا ہوا نظر آتا تو ہم تھوک لگا کر اس کو مل دیا کرتے تھے۔

**1045**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ الْهُذَلِىُّ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اُمِّهِ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّ اِحْدَاكُنَّ تَسْبِقُهَا الْقَطْرَةُ مِنَ الدَّمِ فَاِذَا اَصَابَتْ اِحْدَاكُنَّ ذٰلِكَ فَلْتَقْصَعْهُ بِرِيْقِهَا

سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: بعض اوقات خون کا کوئی قطرہ کسی (عورت) کے کپڑے پر لگ جاتا ہے جب ایسا ہو جائے تو عورت اسے تھوک کے ذریعے صاف کر لے۔

**1046**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا غَسَلَتِ الْمَرْاَةُ الدَّمَ فَلَمْ يَذْهَبْ فَلْتُغَيِّرْهُ بِصُفْرَةٍ وَّرْسٍ اَوْ زَعْفَرَانٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: جب عورت خون دھو لے اور اس کا نشان نہ جائے تو وہ اسے ورس یا زعفران کے ذریعے صاف کرے۔

**1047-** اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ الرَّبِیْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ یَزِیْدَ الرِّشْكِ قَالَ سَمِعْتُ مُعَاذَةَ الْعَدَوِیَّةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَهَا امْرَاَةٌ الدَّمُ یَكُوْنُ فِی الثَّوْبِ فَاَغْسِلُهُ فَلَا یَذْهَبُ فَاَقْطَعُهُ قَالَتِ الْمَاءُ طَهُوْرٌ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے بارے میں منقول ہے ایک خاتون نے ان سے کہا میرے کپڑے پر خون لگ جاتا ہے میں دھوتی ہوں لیکن اس کا نشان نہیں جاتا کیا میں اسے کاٹ دوں۔ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: پانی پاک کر دیتا ہے۔

**1048-** اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ الْقَطَّانُ حَدَّثَنِیْ جَابِرُ بْنُ صُبْحٍ قَالَ سَمِعْتُ خِلَاسَ بْنَ عَمْرٍو قَالَ سَمِعْتُ عَائِشَةَ تَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَبُو الْقَاسِمِ یَكُوْنُ مَعِیْ فِی الشِّعَارِ الْوَاحِدِ وَاَنَا حَائِضٌ طَامِثٌ اِنْ اَصَابَهُ مِنِّیْ شَیْءٌ غَسَلَ مَا اَصَابَهُ لَمْ یَعْدُهُ اِلٰی غَیْرِهٖ وَصَلّٰی فِیْهِ ثُمَّ یَعُوْدُ وَاِنْ اَصَابَهُ مِنِّیْ شَیْءٌ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ غَسَلَ مَكَانَهُ لَمْ یَعْدُهُ اِلٰی غَیْرِهٖ وَصَلّٰی فِیْهِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے ساتھ ایک لحاف میں ہوتے تھے' مجھے حیض آیا ہوا ہوتا تھا۔ اگر آپ کے (کپڑے پر کچھ خون) لگ جاتا تو آپ اس جگہ کو دھو لیتے باقی کپڑے کو نہیں دھوتے تھے اور پھر اسی کپڑے میں نماز ادا کر لیتے تھے' بعد میں پھر بھی ایسا ہوتا تو آپ کے (کپڑے پر) کچھ لگ جاتا تو آپ ایسا ہی کرتے تھے (جہاں خون لگا ہوتا) اسی جگہ کو دھو لیتے اور باقی کپڑے کو نہیں دھوتے تھے اور پھر اسی میں نماز ادا کر لیتے تھے۔

**1049-** اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِیِّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ فِیْمَا تَلْبَسُ الْمَرْاَةُ مِنَ الثِّیَابِ وَهِیَ حَائِضٌ اِنْ اَصَابَهُ دَمٌ غَسَلَتْهُ وَاِلَّا فَلَیْسَ عَلَیْهَا غَسْلُهُ وَاِنْ عَرِقَتْ فِیْهِ فَاِنَّهُ یُجْزِئُهَا اَنْ تَنْضَحَهُ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: عورت نے حالت حیض میں کپڑے پہنے ہوئے ہوں ان پر خون لگ جائے تو وہ انہیں دھو دے اور اگر نہیں لگا تو اس کپڑے کو دھونا لازم نہیں ہے' اگرچہ اس میں پسینہ لگا ہوا ہو اس کے لئے پانی چھڑک لینا کافی ہے۔

**1050-** اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنْ عُثْمَانَ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ الْمَرْاَةُ الْحَائِضُ تُصَلِّیْ فِیْ ثِیَابِهَا الَّتِیْ تَحِیْضُ فِیْهَا اِلَّا اَنْ تُصِیْبَ شَیْئًا مِنْهَا دَمٌ فَتَغْسِلَ مَوْضِعَ الدَّمِ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں: حائضہ عورت اسی کپڑے میں نماز پڑھ سکتی ہے' جس میں اسے حیض آیا تھا (شرط یہ ہے کہ اس پر خون نہ لگا ہو) اگر اس پر خون لگا ہو تو خون کی جگہ کو دھو لے۔

**1051-** اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ الْمُنْذِرِ عَنْ

حدیث 1048: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر بیروت' لبنان 269

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 284

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 276

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 1400

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء 120

اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ قَالَتْ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضِ يُصِيْبُ الثَّوْبَ قَالَ حُتِّيهِ ثُمَّ رُشِّيهِ بِالْمَاءِ

☆☆ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حیض کے اس خون کے بارے میں دریافت کیا جو کپڑے پر لگ جاتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کھرچ کر پانی کے ذریعے دھولو۔

**1052**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ طَهْمَانَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ الْحَائِضُ لَا تَغْسِلُ ثَوْبَهَا اِذَا لَمْ يَكُنْ فِيْهِ دَمٌ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اگر (حیض کے دوران) پہنے ہوئے کپڑے پر خون نہ لگا ہو تو حائضہ عورت کے لئے اس کپڑے کو دھونا ضروری نہیں ہے۔

**1053**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ الْمُنْذِرِ عَنْ اَسْمَاءَ بِنْتِ اَبِي بَكْرٍ قَالَتْ سَمِعْتُ امْرَاَةً تَسْاَلُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَوْبِهَا اِذَا طَهُرَتْ مِنْ مَحِيْضِهَا كَيْفَ تَصْنَعُ بِهِ قَالَ اِنْ رَاَيْتِ فِيْهِ دَمًا فَحُكِّيْهِ ثُمَّ اقْرُصِيْهِ بِمَاءٍ ثُمَّ انْضَحِي فِي سَائِرِهِ فَصَلِّيْ فِيْهِ

☆☆ سیدہ اسماء بنت ابوبکر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے ایک خاتون کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ سوال کرتے ہوئے سنا کہ جب وہ حیض سے پاک ہو جائے تو اس کپڑے کا کیا کرے؟ (جو اس نے حیض کے دوران پہنا ہوا تھا) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر تمہیں ان میں خون نظر آئے تو اس کو کھرچ کر پانی کے ذریعے دھولو اور باقی کپڑے پر پانی چھڑک دو اور اسی کپڑے میں نماز پڑھ لو۔

**1054**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عُبَيْدٍ الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ ثَابِتٍ الْحَدَّادِ عَنْ عَدِيِّ بْنِ دِيْنَارٍ مَوْلٰى اُمِّ قَيْسٍ بِنْتِ مِحْصَنٍ عَنْ اُمِّ قَيْسٍ قَالَتْ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ دَمِ الْحَيْضَةِ يَكُوْنُ فِي الثَّوْبِ فَقَالَ اغْسِلِيْهِ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَّحُكِّيْهِ بِضِلَعٍ

☆☆ سیدہ اُم قیس بیان کرتی ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے' حیض کے اس خون کے بارے میں دریافت کیا جو کپڑے پر لگ چکا ہو تو آپ نے ارشاد فرمایا: تم اسے ہڈی کے ذریعے رگڑ کر پانی اور بیری کے ذریعے دھو دو۔

**1055**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْمُبَارَكِ قَالَ سَمِعْتُ كَرِيْمَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ عَائِشَةَ وَسَاَلَتْهَا امْرَاَةٌ فَقَالَتِ الْمَرْاَةُ يُصِيْبُ ثَوْبَهَا مِنْ دَمِ حَيْضَتِهَا فَقَالَتْ لِتَغْسِلْهُ بِالْمَاءِ قَالَتْ فَاِنَّا نَغْسِلُهُ فَيَبْقَى اَثَرُهُ قَالَتْ اِنَّ الْمَاءَ طَهُوْرٌ

☆☆ کریمہ بیان کرتی ہیں' ایک خاتون نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا اس کے حیض کا خون اس کے کپڑے پر لگ جاتا ہے؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا تم اسے پانی کے ذریعے دھو لو وہ عورت بولی ہم اسے دھو بھی لیں تو اس کا نشان باقی رہ جاتا ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا پانی (ہر چیز کو) پاک کر دیتا ہے۔

**1056**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ كَانَتْ عَائِشَةُ تَرَى الشَّيْءَ مِنَ الْمَحِيْضِ

فِي ثَوْبِهَا فَتَحُتُّهُ بِالْحَجَرِ اَوْ بِالْعُوْدِ اَوْ بِالْقَرْنِ ثُمَّ تَرُشُّهُ

☆☆ عطا بیان کرتے ہیں' اگر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے کپڑے پر حیض کا خون لگا ہوا نظر آتا تو وہ اسے پتھر لکڑی یا سینگ کے ذریعے کرچ کر اسے دھودیتی تھیں۔

## بَابٌ فِي عَرَقِ الْجُنُبِ وَالْحَائِضِ

## باب 105: جنبی شخص اور حائضہ عورت کے پسینے کا حکم

**1057**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ الثَّقَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ قَالَ سَاَلْتُ سَعِيْدَ بْنَ جُبَيْرٍ عَنِ الْجُنُبِ يَعْرَقُ فِي الثَّوْبِ ثُمَّ يَمْسَحُهُ بِهِ قَالَ لَا بَاْسَ بِهِ

☆☆ عبداللہ بن عثمان بیان کرتے ہیں' میں نے سعید بن جبیر سے جنبی شخص کے بارے میں دریافت کیا کہ اسے کپڑوں میں پسینہ آجاتا ہے اور وہ اس کپڑے کے ذریعے اسے پونچھ لیتا ہے تو سعید نے جواب دیا: اس میں تو کوئی حرج نہیں ہے۔

**1058**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى بِعَرَقِ الْجُنُبِ فِي الثَّوْبِ بَاْسًا

☆☆ عبداللہ بیان کرتے ہیں' سعید بن جبیر کے نزدیک جنبی شخص کا پسینہ کپڑے پر لگ جانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**1059**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّهُ كَانَ لَا يَرٰى بِهِ بَاْسًا

☆☆ شعبی کے نزدیک بھی اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**1060**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَا كُلُّ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانُوْا يَجِدُوْنَ ثَوْبَيْنِ فَقَالَ اِذَا اغْتَسَلْتَ اَلَسْتَ تَلْبَسُهُ فَذَاكَ بِذَاكَ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے تمام صحابہ کے پاس دو لباس نہیں ہوتے تھے اس لئے آپ نے فرمایا جب تم غسل کر لیتے ہو اس کو پہن نہیں لیتے تو یہ اس کے بدلے میں ہو گیا۔

**1061**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ اَنَّ عَائِشَةَ سُئِلَتْ عَنِ الرَّجُلِ يُصِيْبُ الْمَرْاَةَ ثُمَّ يَلْبَسُ الثَّوْبَ فَيَعْرَقُ فِيْهِ فَلَمْ تَرَ بِهِ بَاْسًا

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو اپنی اہلیہ کے ساتھ صحبت کرنے کے بعد (غسل سے پہلے) کپڑے پہن لیتا ہے اور اسے ان کپڑوں میں پسینہ آجاتا ہے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

**1062**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سُلَيْمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ يَعْرَقَ الْجُنُبُ وَالْحَائِضُ فِي الثَّوْبِ يُصَلِّي فِيْهِ

☆☆ عطاء فرماتے ہیں: جنبی شخص اور حائضہ عورت جن کپڑوں میں نماز پڑھتے ہیں اگر انہیں ان کپڑوں میں پسینہ آجائے تو

اس میں کوئی حرج نہیں ہے۔

1063- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِیْ حَمْزَةَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْجُنُبِ یَعْرَقُ فِیْ ثَوْبِهٖ قَالَ لَا یَضُرُّهٗ وَلَا یَنْضَحُهٗ بِالْمَاءِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں جنبی شخص کو اپنے کپڑوں میں پسینہ آ جائے تو اس کو کوئی ضرر نہیں ہوگا اور نہ ہی اسے کپڑے کو پانی کے ذریعے دھونا پڑے گا۔

1064- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ فِی الْحَائِضِ اِذَا عَرِقَتْ فِیْ ثِیَابِهَا فَاِنَّهٗ یُجْزِئُهَا اَنْ تَنْضَحَهٗ بِالْمَاءِ

☆☆ حائضہ عورت کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں اگر اسے اپنے کپڑوں میں پسینہ آ جائے تو اس کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ اس پر پانی چھڑک لے۔

1065- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ كَانَ یَعْرَقُ فِی الثَّوْبِ وَهُوَ جُنُبٌ ثُمَّ یُصَلِّیْ فِیْهِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کو کپڑوں میں پسینہ آ جاتا تھا وہ اس وقت جنابت کی حالت ہوتے تھے بعد میں وہ انہی کپڑوں میں نماز پڑھتے تھے۔

1066- اَخْبَرَنَا یَحْیٰی بْنُ یَحْیٰی حَدَّثَنَا هُشَیْمٌ عَنْ هِشَامٍ هُوَ ابْنُ حَسَّانَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهٗ لَمْ یَكُنْ یَرٰی بَاْسًا بِعَرَقِ الْحَائِضِ وَالْجُنُبِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے نزدیک حائضہ عورت اور جنبی شخص کے پسینے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## بَاب مُبَاشَرَةِ الْحَائِضِ

## باب 106: حائضہ عورت کے ساتھ مباشرت کرنا

1067- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ زَیْدِ بْنِ اَسْلَمَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا یَحِلُّ لِیْ مِنِ امْرَاَتِیْ وَهِیَ حَائِضٌ قَالَ لِتَشُدَّ عَلَیْهَا اِزَارَهَا ثُمَّ شَاْنَكَ بِاَعْلَاهَا

☆☆ حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اپنی بیوی کے حوالے سے میرے لئے کیا جائز ہوگا جبکہ وہ حیض کی حالت میں ہو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: وہ عورت اپنا تہبند اچھی طرح باندھے پھر تم اس کا اوپری جسم استعمال کر سکتے ہو۔

1068- اَخْبَرَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ قَالَ اَرْسَلَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اِلٰى عَائِشَةَ لِیَسْاَلَهَا هَلْ یُبَاشِرُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهٗ وَهِیَ حَائِضٌ فَقَالَتْ لِتَشُدَّ اِزَارَهَا عَلٰى اَسْفَلِهَا ثُمَّ یُبَاشِرُهَا

☆☆ عبداللہ نے ایک شخص کو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں بھیجا تاکہ وہ ان سے یہ دریافت کرے کہ کیا کوئی شخص اپنی بیوی

کے ساتھ اس وقت مباشرت کرسکتا ہے جب وہ حیض کی حالت میں ہو؟ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: وہ عورت اپنے زیریں حصہ پہ ازار باندھے پھر وہ شخص اس کے ساتھ مباشرت کرسکتا ہے۔

**1069**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي زَائِدَةَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْحَائِضُ يَاْتِيهَا زَوْجُهَا فِي مَرَاقِهَا وَبَيْنَ فَخِذَيْهَا فَإِذَا دَفَقَ غَسَلَتْ مَا اَصَابَهَا وَاغْتَسَلَ هُوَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں حائضہ عورت کا شوہر اس کے ساتھ پیٹ کے نیچے اور رانوں کے درمیان (یعنی شرمگاہ کے علاوہ) عمل کرے گا اور جب اسے انزال ہو جائے گا تو عورت اپنے جسم پر لگی ہوئی ناپاکی کو دھولے گی اور مرد غسل کرے گا۔

**1070**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَدِيٍّ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ الْكَرِيمِ عَنِ الْحَائِضِ فَقَالَ قَالَ اِبْرَاهِيمُ لَقَدْ عَلِمَتْ اُمُّ عِمْرَانَ اَنِّي اَطْعُنُ فِي اَلْيَتِهَا يَعْنِي وَهِيَ حَائِضٌ

☆☆ عبداللہ بیان کرتے ہیں: میں نے عبدالکریم سے حائضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: ابراہیم نخعی کہا کرتے تھے (میری اہلیہ) ام عمران جانتی ہے کہ میں اس کی سرین میں ٹھوکیں لگاتا رہتا ہوں۔ (راوی کہتے ہیں) یعنی جب وہ خاتون حالت حیض میں ہوتی ہیں۔

**1071**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ عَطَاءً عَنِ الْحَائِضِ فَلَمْ يَرَ بِمَا دُونَ الدَّمِ بَاْسًا

☆☆ مالک بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عطاء سے حائضہ عورت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے خون (کے خروج کے مخصوص مقام) کے علاوہ جگہ استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں سمجھا۔

**1072**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اِذَا حِضْتُ اَمَرَنِي النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَّزِرُ وَكَانَ يُبَاشِرُنِي

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب مجھے حیض آجاتا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مجھے ہدایت کرتے: میں ازار باندھ لیتی اور آپ مجھ سے مباشرت کیا کرتے۔

**1073**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِي مَيْمُونُ بْنُ مِهْرَانَ قَالَ سُئِلَتْ عَائِشَةُ مَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَتْ مَا فَوْقَ الْاِزَارِ

☆☆ میمون بیان کرتے ہیں: سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا گیا مرد کے لئے بیوی کا کتنا حصہ جائز ہے جبکہ وہ حیض کی حالت میں ہو تو انہوں نے جواب دیا: ازار سے اوپر والا حصہ۔

**1074**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا عُيَيْنَةُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ جَوْشَنٍ عَنْ مَرْوَانَ الْاَصْفَرِ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ مَا يَحِلُّ لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهِ اِذَا كَانَتْ حَائِضًا قَالَتْ كُلُّ شَيْءٍ غَيْرُ الْجِمَاعِ قَالَ قُلْتُ فَمَا يَحْرُمُ عَلَيْهِ مِنْهَا اِذَا كَانَا مُحْرِمَيْنِ قَالَتْ كُلُّ شَيْءٍ غَيْرُ كَلَامِهَا

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا: مرد کے لئے بیوی کا کتنا حصہ جائز ہے؟ جبکہ وہ حیض کی

حالت میں ہو' سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: صحبت کرنے کے علاوہ ہر چیز' مسروق کہتے ہیں میں نے دریافت کیا جب میاں بیوی دونوں حالت احرام میں ہوں تو مرد کے لئے عورت کا کتنا حصہ حرام ہوگا؟ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: بات کرنے کے علاوہ ہر چیز۔

**1075**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ جَلْدِ بْنِ اَيُّوْبَ عَنْ رَجُلٍ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ لِاِنْسَانٍ اجْتَنِبْ شِعَارَ الدَّمِ

٭٭ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ایک شخص سے فرمایا تھا خون کے مخصوص مقام سے پرہیز کرو۔

**1076**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِذَا كَفَّ الْاَذٰى يَعْنِى الدَّمَ

٭٭ شعبی فرماتے ہیں وہ شخص ناپاکی یعنی خون سے پرہیز کرے۔

**1077**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تُؤْتَى الْحَائِضُ بَيْنَ فَخِذَيْهَا وَفِىْ سُرَّتِهَا

٭٭ مجاہد فرماتے ہیں: حائضہ عورت کے دونوں زانوں کے درمیان اور ناف میں عمل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**1078**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ يُقْبِلُ بِهٖ وَيُدْبِرُ اِلَّا الدُّبُرَ وَالْمَحِيْضَ

٭٭ مجاہد بیان کرتے ہیں' مرد آگے اور پیچھے کی جانب سے صحبت کر سکتا ہے البتہ دبر اور حیض کے مقام میں نہیں کر سکتا۔

**1079**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ وَيَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ كُنْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ لِحَافٍ فَوَجَدْتُ مَا تَجِدُ النِّسَآءُ فَقُمْتُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

حدیث 1079 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء **294**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **296**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء **286**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **637**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **125**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26568**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء **3901**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء **275**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/ 1994ء **7892**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء **6991**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ **1695**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء **533**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **1235**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء **943**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَكِ اَنَفِسْتِ قُلْتُ وَجَدْتُ مَا تَجِدُ النِّسَآءُ قَالَ ذَاكَ مَا كَتَبَ اللّٰهُ عَلٰى بَنَاتِ اٰدَمَ قَالَتْ فَقُمْتُ فَاَصْلَحْتُ مِنْ شَاْنِيْ ثُمَّ رَجَعْتُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ادْخُلِيْ فِي اللِّحَافِ فَدَخَلْتُ

☆☆ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک لحاف میں لیٹی ہوئی تھی میں نے وہی صورت پائی جو خواتین پاتی ہیں میں اُٹھ کھڑی ہوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا' تمہیں کیا ہوا ہے؟ کیا تمہیں حیض آ گیا؟ میں نے عرض کی میں نے وہی صورت پائی ہے جو خواتین پاتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ وہ چیز ہے جو اللہ تعالیٰ نے حضرت آدم کی بیٹیوں کا مقدر کر دی ہے۔ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں اُٹھی' میں نے اپنا معاملہ درست کیا اور واپس آ گئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: لحاف کے اندر آ جاؤ تو میں آ گئی۔

**1080**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ زَيْنَبَ بِنْتِ اُمِّ سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ بَيْنَا اَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُضْطَجِعَةٌ فِي الْخَمِيْلَةِ اِذْ حِضْتُ فَانْسَلَلْتُ فَاَخَذْتُ ثِيَابَ حِيْضَتِيْ فَقَالَ اَنَفِسْتِ قُلْتُ نَعَمْ قَالَتْ دَعَانِيْ فَاضْطَجَعْتُ مَعَهُ فِي الْخَمِيْلَةِ قَالَتْ وَكَانَتْ هِيَ وَرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَغْتَسِلَانِ مِنَ الْاِنَاءِ الْوَاحِدِ مِنَ الْجَنَابَةِ وَكَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک چادر میں لیٹی ہوئی تھی مجھے حیض آ گیا میں باہر گئی اور میں نے حیض کے کپڑے پہن لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کیا تمہیں حیض آ گیا ہے؟ میں نے عرض کی جی ہاں! سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بلایا تو میں آپ کے ساتھ چادر میں لیٹ گئی۔

راوی خاتون بیان کرتی ہیں وہ (سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا) اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ہی برتن سے غسل جنابت کیا کرتے تھے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں ان کا بوسہ لے لیا کرتے تھے۔

**1081**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ عَنْ مَيْمُوْنَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَآئِهِ فَوْقَ الْاِزَارِ وَهِيَ حَائِضٌ

☆☆ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اہلیہ کے ساتھ ازار کے اوپر عمل کرتے تھے جب وہ حیض کی حالت میں ہوتی تھیں۔

**1082**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ عَمْرِو بْنِ شُرَحْبِيْلَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُ اِحْدَانَا اِذَا كَانَتْ حَائِضًا اَنْ تَشُدَّ عَلَيْهَا اِزَارَهَا ثُمَّ يُبَاشِرُهَا

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ہم میں سے کوئی ایک جب حیض کی حالت میں ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اُسے ازار باندھنے کی ہدایت اور اس کے ساتھ مباشرت کرتے۔

**1083**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ مَيْسَرَةَ قَالَ قَالَتْ اُمُّ الْمُؤْمِنِيْنَ كُنْتُ اَتَّزِرُ وَاَنَا حَائِضٌ ثُمَّ اَدْخُلُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ لِحَافِهِ

☆☆ اُم المومنین بیان کرتی ہیں' حیض کی حالت میں ازار باندھ کر میں نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ ایک لحاف میں داخل ہو جاتی تھی۔

1084- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِى زِيَادٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ جُبَيْرٍ مَا لِلرَّجُلِ مِنِ امْرَاَتِهِ اِذَا كَانَتْ حَائِضًا قَالَ مَا فَوْقَ الْاِزَارِ

☆☆ ابن جبیر سے سوال کیا گیا جب عورت حیض کی حالت میں ہو تو مرد اس کے ساتھ کیا کر سکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: ازار کے اوپر (استعمال کر سکتا ہے)۔

1085- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَبِيْدَةَ فِى الْحَائِضِ قَالَ الْفِرَاشُ وَاحِدٌ وَّاللُّحُفُ شَتّٰى فَاِنْ كَانُوْا لَا يَجِدُوْنَ رَدَّ عَلَيْهَا مِنْ لِحَافِهِ

☆☆ حائضہ عورت کے بارے میں عبیدہ فرماتے ہیں بستر ایک ہونا چاہیے اور لحاف الگ ہونے چاہیے' لیکن اگر زیادہ لحاف نہ ہوں تو مرد عورت کو اپنا لحاف دے دیں۔

1086- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ لَهُ مَا فَوْقَ السُّرَرِ اَوِ السُّرَّةِ

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں' قاضی شریح نے ان سے کہا تھا (مرد عورت کا) ناف سے اوپر والا حصہ استعمال کر سکتا ہے۔

1087- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِى عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ بَابَنُوْسَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَوَشَّحُنِى وَاَنَا حَائِضٌ وَّيُصِيْبُ مِنْ رَّاْسِى وَبَيْنِى وَبَيْنَهُ ثَوْبٌ

☆☆ سیدہ عائشہ ؓ بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ مجھے چادر اوڑھا دیتے تھے جب میں حائضہ ہوتی تھی آپ میرے سر پر پیار کرتے تھے اس وقت میرے اور آپ کے درمیان صرف ایک کپڑا حائل ہوتا تھا۔

1088- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ الْيَهُوْدَ كَانُوْا اِذَا حَاضَتِ الْمَرْاَةُ فِيْهِمْ لَمْ يُؤَاكِلُوْهَا وَلَمْ يُشَارِبُوْهَا وَاَخْرَجُوْهَا مِنَ الْبَيْتِ وَلَمْ تَكُنْ مَعَهُمْ فِى الْبُيُوْتِ فَسُئِلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى) فَاَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُؤَاكِلُوْهُنَّ وَاَنْ يُشَارِبُوْهُنَّ وَاَنْ يَكُنَّ مَعَهُمْ فِى الْبُيُوْتِ وَاَنْ يَفْعَلُوْا كُلَّ شَىْءٍ مَا خَلَا النِّكَاحَ فَقَالَتِ الْيَهُوْدُ مَا يُرِيْدُ هٰذَا اَنْ يَدَعَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِنَا اِلَّا خَالَفَنَا فِيْهِ فَجَاءَ عَبَّادُ بْنُ بِشْرٍ وَّاُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخْبَرَاهُ بِذٰلِكَ وَقَالَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفَلَا نَنْكِحُهُنَّ فِى الْمَحِيْضِ فَتَمَعَّرَ وَجْهُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَمَعُّرًا شَدِيْدًا حَتّٰى ظَنَنَّا اَنَّهُ وَجَدَ عَلَيْهِمَا فَقَامَا فَخَرَجَا فَاسْتَقْبَلَتْهُمَا هَدِيَّةُ لَبَنٍ فَبَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى اٰثَارِهِمَا فَرَدَّهُمَا فَسَقَاهُمَا فَعَلِمْنَا اَنَّهُ لَمْ يَغْضَبْ عَلَيْهِمَا

☆☆ حضرت انس ؓ بیان کرتے ہیں' یہودیوں کا یہ معمول تھا جب ان کے درمیان کسی خاتون کو حیض آ جاتا تو وہ اس کے ساتھ کھاتے پیتے نہیں تھے' بلکہ اسے گھر سے نکال دیتے تھے اور وہ عورت ان لوگوں کے ساتھ گھر میں نہیں رہ سکتی تھی نبی اکرم ﷺ سے

اس بارے میں سوال کیا گیا تب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں دریافت کرتے ہیں تم فرما دو وہ ناپاکی ہے''۔

نبی اکرم ﷺ نے لوگوں کو ہدایت کی کہ وہ خواتین کے ساتھ کھا سکتے ہیں۔ ان کے ساتھ پی سکتے ہیں اور ان کے ساتھ گھر میں رہ سکتے ہیں۔ نیز صحبت کرنے کے علاوہ سب کچھ کر سکتے ہیں (یہ سن کر) یہودیوں نے کہا یہ صاحب ہر معاملے میں ہماری مخالفت کرنا چاہتے ہیں۔

عباد بن بشیر اور اسید بن حضیر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے آپ کو اس بارے میں بتایا اور عرض کی کیوں نہ ہم لوگ ان خواتین کے ساتھ' حیض کی حالت' صحبت کر لیا کریں نبی اکرم ﷺ کے چہرہ مبارک کا رنگ تبدیل ہو گیا حتیٰ کہ ہم نے یہ گمان کیا نبی اکرم ﷺ اب ان دونوں حضرات پر شدید ناراضگی کا اظہار کریں گے یہ دونوں حضرات اُٹھ کر وہاں سے چلے گئے اس کے فوراً بعد دودھ کا تحفہ آیا نبی اکرم ﷺ نے ان کے پیچھے آدمی بھیجا جو انہیں واپس لے آیا آپ نے ان دونوں کو دودھ پلایا جس سے ہمیں یہ اندازہ ہوا کہ آپ ان حضرات پر شدید ناراض نہیں ہوئے۔

**1089- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِلَالٍ حَدَّثَنِىْ شَيْبَةُ بْنُ هِشَامٍ الرَّاسِبِىُّ قَالَ سَاَلْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الرَّجُلِ يُضَاجِعُ امْرَاَتَهٗ وَهِىَ حَائِضٌ فِىْ لِحَافٍ وَّاحِدٍ فَقَالَ اَمَّا نَحْنُ اٰلَ عُمَرَ فَنَهْجُرُهُنَّ اِذَا كُنَّ حُيَّضًا**

☆☆ وہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت سالم بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنی حائضہ بیوی کے ہمراہ ایک لحاف میں لیٹ جاتا ہے تو انہوں نے جواب دیا: ہم لوگ یعنی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے خاندان کے افراد خواتین کو اس وقت الگ کر دیتے ہیں جب وہ حیض کی حالت میں ہوتی ہیں۔

**1090- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ لَا بَاْسَ بِفَضْلِ وَضُوْءِ الْمَرْاَةِ مَا لَمْ تَكُنْ جُنُبًا اَوْ حَائِضًا**

حدیث 1088: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان 302

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 258

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2977

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 288

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 644

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12376

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ 1993ء 1362

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ 1994ء 1396

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ 1984ء 3533

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 2052

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء 11037

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اگر کوئی عورت جنبی یا حائضہ نہ ہو تو اس کے وضو سے بچے ہوئے پانی کو استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں۔

**1091**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ غَيْلَانَ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ يَضَعُهُ وَضْعًا يَعْنِي عَلَى الْفَرْجِ

☆☆ حکم بیان کرتے ہیں (حائضہ عورت کو) شرمگاہ پر کوئی چیز رکھ لینی چاہیے۔

**1092**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ حَبِيبٍ مَوْلَى عُرْوَةَ عَنْ نُدْبَةَ مَوْلَاةِ مَيْمُونَةَ عَنْ مَيْمُونَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُبَاشِرُ الْمَرْاَةَ مِنْ نِسَائِهِ وَهِيَ حَائِضٌ اِذَا كَانَ عَلَيْهَا اِزَارٌ يَبْلُغُ اَنْصَافَ الْفَخِذَيْنِ اَوِ الرُّكْبَتَيْنِ مُحْتَجِزَةً بِهِ

☆☆ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی ازواج میں سے کسی حائضہ اہلیہ کے ساتھ مباشرت کرلیا کرتے تھے جبکہ ان اہلیہ کا تہبند نصف زانو یا گھٹنے تک پہنچا ہوتا جو ان اہلیہ نے باندھا ہوتا تھا۔

## بَابُ الْحَائِضِ تَمْشُطُ زَوْجَهَا

## باب 107: حائضہ عورت اپنے شوہر کی کنگھی کرسکتی ہے

**1093**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کیا کرتی تھی حالانکہ میں حیض کی حالت میں ہوتی تھی۔

**1094**- اَخْبَرَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُرَجِّلُ رَاْسَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سر میں کنگھی کیا کرتی تھی' حالانکہ میں حیض کی حالت میں تھی۔

---

حدیث **1094** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 291

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 297

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 277

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 133

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 26015

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1359

''سنن کبری'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 268

''سنن کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/ 1994ء — 844

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ — 1544

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 846

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 1247

**1095**- اَخْبَرَنَا خَالِدٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ قَالَ كُنَّ جَوَارِىْ ابْنِ عُمَرَ يَغْسِلْنَ رِجْلَيْهِ وَهُنَّ حُيَّضٌ وَيُعْطِيْنَهُ الْخُمْرَةَ

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی کنیزیں حیض کی حالت میں ان کے پاؤں دھودیا کرتی تھیں اور انہیں جائے نماز پکڑادیا کرتی تھیں۔

**1096**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْمِقْدَامِ بْنِ شُرَيْحِ بْنِ هَانِئٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اُوْتٰى بِالْإِنَاءِ فَاَضَعُ فِمِىْ فَاَشْرَبُ وَاَنَا حَائِضٌ فَيَضَعُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَهُ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِىْ وَضَعْتُ فَيَشْرَبُ وَاُوْتٰى بِالْعَرْقِ فَاَنْتَهِسُ فَيَضَعُ فَاهُ عَلَى الْمَكَانِ الَّذِىْ وَضَعْتُ فَيَنْتَهِسُ ثُمَّ يَاْمُرُنِىْ فَاَتَّزِرُ وَاَنَا حَائِضٌ وَكَانَ يُبَاشِرُنِىْ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' مجھے کوئی برتن دیا جاتا میں اسے منہ لگا کر پی لیتی میں حائضہ عورت ہوتی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اپنا منہ مبارک اس جگہ رکھ کر پیتے جہاں میں نے منہ رکھا ہوتا' اسی طرح کوئی (پُرگوشت) ہڈی ہوتی جسے میں نے نوچا ہوتا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اسی جگہ اپنا منہ رکھ کر نوچتے تھے جہاں میں نے اپنا منہ رکھا ہوتا تھا' جب میں حائضہ ہوتی تو آپ مجھے ہدایت کرتے میں ازار باندھ لیتی اور آپ مجھ سے مباشرت کرتے۔

**1097**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ يُقَالُ الْحَائِضُ لَيْسَتِ الْحِيْضَةُ فِىْ يَدِهَا تَغْسِلُ يَدَهَا وَتَعْجِنُ وَتَنْبِذُ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں حیض والی عورت کے ہاتھ میں حیض نہیں ہوتا وہ ہاتھ دھوکر آٹا گوندھ سکتی ہے اور نبیذ تیار کر سکتی ہے۔

**1098**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَيْدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ اِنَّ الْحَائِضَ حِيْضَتُهَا لَيْسَتْ فِىْ يَدِهَا وَكَانَ يَقُوْلُ الْحَائِضُ حُبُّ الْحَىِّ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں حیض والی عورت کے ہاتھ میں حیض نہیں ہوتا' وہ یہ بھی فرماتے ہیں حیض والی عورت قبیلے کی محبوب ہوتی ہے (یعنی اسے گھر سے نہیں نکالا جاتا)

**1099**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَمَّادٍ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ مُصَافَحَةِ الْيَهُوْدِىِّ وَالنَّصْرَانِىِّ وَالْمَجُوْسِىِّ وَالْحَائِضِ فَلَمْ يَرَ فِيْهِ وُضُوْءًا

☆☆ حماد بیان کرتے ہیں' میں نے ابراہیم نخعی سے یہودی' عیسائی' مجوسی شخص اور حائضہ عورت سے ہاتھ ملانے کے بارے میں دریافت کیا تو ان کے نزدیک اس کے نتیجے وضو نہیں کرنا پڑتا۔

**1100**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ السُّدِّىُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَهِىِّ قَالَ حَدَّثَتْنِىْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِى الْمَسْجِدِ فَقَالَ لِلْجَارِيَةِ نَاوِلِيْنِى الْخُمْرَةَ قَالَتْ اَرَادَ اَنْ يَبْسُطَهَا وَيُصَلِّىَ عَلَيْهَا فَقَالَتْ اِنَّهَا حَائِضٌ فَقَالَ اِنَّ حِيْضَتَهَا لَيْسَ فِىْ يَدِهَا

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں موجود تھے آپ نے کنیز سے کہا مجھے جائے نماز پکڑا دو۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارادہ یہ تھا کہ اسے بچھا کر اس پہ نماز پڑھ لیں گے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی یہ حائضہ ہے آپ نے فرمایا اس کا حیض اس کا ہاتھ میں نہیں ہے۔

**1101**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ عِيَاضٍ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُخْرِجُ اِلَيَّ رَاْسَهُ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاَغْسِلُهُ يَعْنِيْ وَهُوَ مُعْتَكِفٌ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مسجد میں سے' اپنا سر میری طرف بڑھا دیتے تھے اور میں اسے دھو دیا کرتی تھی' آپ اعتکاف کی حالت میں ہوتے تھے۔

**1102**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ كَانَ لَا يَرٰى بَاْسًا اَنْ تُوَضِّئَ الْحَائِضُ الْمَرِيضَ

☆☆ ابراہیم نخعی کے نزدیک اس بات میں کوئی حرج نہیں ہے کہ کوئی حائضہ عورت کسی بیمار کو وضو کروادے۔

**1103**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كُنْتُ اَغْسِلُ رَاْسَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک دھو دیا کرتی تھی حالانکہ میں حائضہ ہوتی تھی۔

**1104**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ تَمِيمِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ لَقَدْ كُنْتُ اَغْسِلُ رَاْسَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا حَائِضٌ وَّهُوَ عَاكِفٌ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا سر مبارک دھو دیا کرتی تھی حالانکہ میں حائضہ ہوتی تھی اور آپ معتکف ہوتے تھے۔

**1105**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَمِعْتُ مُغِيرَةَ قَالَ اَرْسَلَ اَبُوْ ظَبْيَانَ اِلَى اِبْرَاهِيمَ يَسْاَلُهُ عَنِ الْحَائِضِ تُوَضِّئُ الْمَرِيضَ قَالَ نَعَمْ وَتُسْنِدُهُ قَالَ لَا فَقُلْتُ لِلْمُغِيرَةِ سَمِعْتَهُ مِنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ لَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَتُسْنِدُهُ يَعْنِيْ فِي الصَّلٰوةِ

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں' میں نے مغیرہ کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ابوظبیان نے ابراہیم نخعی کی خدمت میں یہ مسئلہ دریافت کرنے کے لئے کسی کو بھیجا کہ کیا کوئی حائضہ عورت کسی بیمار کو وضو کروا سکتی ہے انہوں نے جواب دیا: ہاں! اس نے دریافت کیا اسے سہارا دے سکتی ہے انہوں نے جواب دیا: نہیں!

شعبہ بیان کرتے ہیں' میں نے مغیرہ سے دریافت کیا آپ نے خود ابراہیم کی زبانی یہ بات سنی ہے؟ انہوں نے جواب دیا۔ نہیں

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہاں سہارا دینے سے مراد نماز کے دوران سہارا دینا ہے۔

**1106**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سُلَيْمَانُ اَخْبَرَنِيْ عَنْ ثَابِتِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهَا نَاوِلِينِي الْخُمْرَةَ قَالَتْ اِنِّيْ حَائِضٌ قَالَ اِنَّهَا لَيْسَتْ فِيْ يَدِكِ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا مجھے جائے نماز پکڑاؤ انہوں نے عرض کی میں حائضہ ہوں آپ نے فرمایا وہ تمہارے ہاتھ میں نہیں ہیں۔

**1107**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ عَنِ الْحَسَنِ أَنَّهُ سُئِلَ عَنِ امْرَأَةٍ حَائِضٍ شَرِبَتْ مِنْ مَاءٍ أَيَتَوَضَّأُ بِهِ فَضَحِكَ وَقَالَ نَعَمْ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا اگر حائضہ عورت کوئی پانی پی لے (تو اس بچے ہوئے پانی سے) وضو ہو سکتا ہے؟ وہ مسکرائے اور جواب دیا ہاں!

**1108**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حَرَامِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ قَالَ وَاكِلْهَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حائضہ عورت کے ساتھ کھانے پینے کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے فرمایا تم اس کے ساتھ کھا سکتے ہو۔

**1109**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّهُ كَانَ يَأْمُرُ جَارِيَتَهُ أَنْ تُنَاوِلَهُ الْخُمْرَةَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَتَقُولُ إِنِّي حَائِضٌ فَيَقُولُ إِنَّ حَيْضَتَكِ لَيْسَتْ فِي كَفِّكِ فَتُنَاوِلُهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے مسجد میں سے اپنی کنیز سے کہا کہ وہ انہیں جائے پکڑائے اس نے جواب دیا: میں حائضہ ہوں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا تمہارا حیض تمہاری ہتھیلی میں نہیں تو کنیز نے انہیں جائے نماز پکڑا دی۔

**1110**- أَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا الْعَلَاءُ بْنُ الْحَارِثِ عَنْ حَرَامِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عَمِّهِ قَالَ سَأَلْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ مُؤَاكَلَةِ الْحَائِضِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ بَعْضَ أَهْلِي لَحَائِضٌ وَإِنَّا لَمُتَعَشُّونَ إِنْ شَاءَ اللَّهُ جَمِيعًا

☆☆ حرام بن حکیم اپنے چچا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے' حائضہ کے ساتھ کھانے کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میری کوئی اہلیہ بھی حائضہ ہوتی ہے اور اگر اللہ نے چاہا تو ہم اکٹھے ہی کھانا کھاتے رہیں گے۔

**1111**- أَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّهَا كَانَتْ لَا تَرَى بَأْسًا أَنْ تَمَسَّ الْحَائِضُ الْخُمْرَةَ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک حائضہ عورت کے جائے نماز کو پکڑنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

## بَاب مُجَامَعَةِ الْحَائِضِ إِذَا طَهُرَتْ قَبْلَ أَنْ تَغْتَسِلَ

## باب 108: جب حائضہ پاک ہو جائے تو اس کے غسل کرنے سے پہلے اس کے ساتھ صحبت کی جا سکتی ہے؟

**1112**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا مُغِيرَةُ عَنْ إِبْرَاهِيمَ وَيُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ وَعَبْدُ الْمَلِكِ

عَنْ عَطَاءٍ قَالَ مُحَمَّدٌ وَحَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ الْقَطَّانُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ فِي الْحَائِضِ اِذَا طَهُرَتْ مِنَ الدَّمِ لَا يَقْرَبُهَا زَوْجُهَا حَتّٰى تَغْتَسِلَ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں جب کوئی حائضہ عورت خون سے پاک ہو جائے تو اس کا شوہر اس وقت تک اس کے ساتھ صحبت نہیں کر سکتا جب تک وہ عورت غسل نہ کرے۔

**1113**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ مِثْلَهُ سَوَاءً

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

**1114**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ قَالَ سُئِلَ سُفْيَانُ اَيُجَامِعُ الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ اِذَا انْقَطَعَ عَنْهَا الدَّمُ قَبْلَ اَنْ تَغْتَسِلَ فَقَالَ لَا فَقِيلَ اَرَاَيْتَ اِنْ تَرَكَتِ الْغُسْلَ يَوْمَيْنِ اَوْ اَيَّامًا قَالَ تُسْتَتَابُ

☆☆ سفیان سے سوال کیا گیا جب کسی عورت کا خون بند ہو جائے تو اس کے غسل سے پہلے کیا اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا نہیں! سوال کیا گیا اگر وہ عورت دو دن یا چند دن تک غسل نہیں کرتی تو آپ کیا کہیں گے؟ انہوں نے جواب دیا اس عورت سے توبہ کروائی جائے گی۔

**1115**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَمَّنْ حَدَّثَهُ عَنْ مُجَاهِدٍ (وَلَا تَقْرَبُوهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ) قَالَ حَتّٰى يَنْقَطِعَ الدَّمُ (فَاِذَا تَطَهَّرْنَ) قَالَ اِذَا اغْتَسَلْنَ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں قرآن مجید میں (حَتّٰى يَطْهُرْنَ) کا مطلب ہے اس کا خون نکلنا بند ہو جائے اور (فَاِذَا تَطَهَّرْنَ) کا مطلب ہے جب وہ غسل کر لے۔

**1116**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (حَتّٰى يَطْهُرْنَ) قَالَ اِذَا انْقَطَعَ الدَّمُ (فَاِذَا تَطَهَّرْنَ) قَالَ اغْتَسَلْنَ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں قرآن مجید میں (حَتّٰى يَطْهُرْنَ) کے مطلب ہے اس کا خون نکلنا بند ہو جائے اور (فَاِذَا تَطَهَّرْنَ) کا مطلب ہے جب وہ غسل کرے۔

**1117**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ سَاَلْتُ مُجَاهِدًا عَنِ امْرَاَةٍ رَاَتِ الطُّهْرَ اَيَحِلُّ لِزَوْجِهَا اَنْ يَاْتِيَهَا قَبْلَ اَنْ تَغْتَسِلَ قَالَ لَا حَتّٰى تَحِلَّ لَهَا الصَّلٰوةُ

☆☆ عثمان بیان کرتے ہیں میں نے مجاہد سے سوال کا جو عورت طہر دیکھ لیتی ہے کیا اس کے شوہر کے لئے یہ بات جائز ہے کہ وہ اس کے غسل کرنے سے پہلے اس کے ساتھ صحبت کرے انہوں نے جواب دیا نہیں! اس وقت تک نہیں جب تک اس عورت کے لئے نماز پڑھنا جائز نہیں ہو جاتا۔

**1118**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ هُوَ ابْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ اَرْطَاةَ قَالَ سَاَلْتُ عَطَاءً وَمَيْمُونَ بْنَ مِهْرَانَ وَحَدَّثَنِي حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالُوا لَا يَغْشَاهَا حَتّٰى تَغْتَسِلَ

☆☆ عطاء میمون اور ابراہیم نخعی اس بات کے قائل ہیں کہ شوہر ایسی عورت کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہیں کر سکتا جب تک

وہ غسل نہیں کرلیتی۔

**1119**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ فِى الرَّجُلِ يَطَأُ امْرَاَتَهُ وَقَدْ رَاَتِ الطُّهْرَ قَبْلَ اَنْ تَغْتَسِلَ قَالَ هِىَ حَائِضٌ مَا لَمْ تَغْتَسِلْ وَعَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ وَلَهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا مَا لَمْ تَغْتَسِلْ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے ایسی خاتون کے بارے میں دریافت کیا گیا جس کا شوہر اس وقت اس کے ساتھ صحبت کرتا ہے جب وہ طہر دیکھ چکی تھی لیکن اس نے غسل نہیں کیا تھا تو حسن نے جواب دیا' جب تک وہ غسل نہیں کرلیتی اس وقت تک حائضہ شمار ہوگی اور اس کے شوہر کو کفارہ دینا ہوگا (طلاق کے مسئلہ میں) شوہر اسی وقت تک بیوی سے رجوع کرسکتا ہے جب تک وہ غسل نہیں کرلیتی۔

**1120**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا يَغْشَاهَا زَوْجُهَا

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ایسی عورت کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہ کرے۔

**1121**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ بْنُ شُرَيْحٍ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيدَ بْنَ اَبِى حَبِيبٍ يَقُوْلُ قَالَ اَبُو الْخَيْرِ مَرْثَدُ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِىُّ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ الْجُهَنِىَّ يَقُوْلُ وَاللّٰهِ اِنِّى لَا اُجَامِعُ امْرَاَتِى فِى الْيَوْمِ الَّذِى تَطْهُرُ فِيهِ حَتّٰى يَمُرَّ يَوْمٌ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم! میں اپنی بیوی کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہیں کرتا جب تک (اسے حیض سے پاک) ہوجانے کے بعد ایک دن گزر نہ جائے۔

**1122**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْمَرْاَةِ تَرَى الطُّهْرَ اَيَاْتِيهَا زَوْجُهَا قَبْلَ اَنْ تَغْتَسِلَ قَالَ لَا حَتّٰى تَغْتَسِلَ

☆☆ عطاء بن ابی رباح سے ایسی عورت کے بارے میں سوال کیا گیا جو حیض سے پاک ہوجاتی ہے' کیا اس کے غسل کرنے سے پہلے اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے' انہوں نے جواب دیا: نہیں جب تک وہ عورت غسل نہ کرے (اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت نہیں کرسکتا)

**1123**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ لَيْثِ بْنِ اَبِى سُلَيْمٍ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْمَرْاَةِ يَنْقَطِعُ عَنْهَا الدَّمُ قَالَ اِنْ اَدْرَكَهُ الشَّبَقُ غَسَلَتْ فَرْجَهَا ثُمَّ اَتَاهَا

☆☆ جس عورت کا خون آنا بند ہوجائے اس کے بارے میں عطاء یہ فرماتے ہیں: اگر اس کے شوہر میں شہوت کا مادہ زیادہ ہو تو وہ عورت شرمگاہ کو دھولے گی اور اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔

**1124**- اَخْبَرَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِى الْمَغْرَاءِ قَالَ سَمِعْتُ شَرِيكًا وَسَاَلَهُ رَجُلٌ فَقَالَ الْمَرْاَةُ يَنْقَطِعُ عَنْهَا الدَّمُ اَيَاْتِيهَا زَوْجُهَا قَبْلَ اَنْ تَغْتَسِلَ فَقَالَ قَالَ عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ اَنَّهُ رَخَّصَ فِى ذٰلِكَ لِلشَّبِقِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَخَافُ اَنْ يَكُوْنَ اَخْطَاَ وَاَخَافُ اَنْ يَكُوْنَ مِنْ حَدِيثِ لَيْثٍ لَا اَعْرِفُهُ مِنْ حَدِيثِ عَبْدِ الْمَلِكِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ الشَّبِقُ الَّذِى يَشْتَهِى

☆☆ فروہ ابن ابو مغراء بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے شریک سے سوال کیا جب عورت کا خون نکلنا بند ہوجائے تو کیا اس کے غسل کرنے سے پہلے اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کرسکتا ہے۔ انہوں نے جواب دیا' شیخ عبد الملک نے حضرت عطاء بن ابی

باح رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات نقل کی ہے کہ انہوں نے بکثرت شہوت والے شخص کو اس کی اجازت دی ہے۔

امام ابو محمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مجھے یہ اندیشہ ہے کہ راوی نے بیان کرنے میں غلطی کی ہے اور مجھے یہ بھی اندیشہ ہے کہ یہ روایت لیث (نامی راوی) کے حوالے سے منقول ہوگی۔ عبدالملک کے حوالے سے یہ ہمارے علم میں نہیں ہے۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت میں استعمال ہونے والا) لفظ ''شبق'' سے مراد وہ شخص ہے جس میں شہوت بہت زیادہ ہو۔

## بَابٌ فِي الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ تَخْتَضِبُ وَالْمَرْاَةِ تُصَلِّيْ فِي الْخِضَابِ

## باب 109: حائضہ عورت کا خضاب لگانا' عورت کا خضاب لگا کر نماز پڑھنا

**1125**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى قَالَ زَعَمَ لَنَا هُشَيْمٌ عَنْ اَبِيْ حُرَّةَ وَاصِلِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ رَاَيْتُ نِسَآءً مِنْ نِسَآءِ الْمَدِيْنَةِ يُصَلِّيْنَ فِي الْخِضَابِ

☆☆ حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے مدینہ منورہ کی چند خواتین کو دیکھا ہے جو خضاب لگا کر نماز پڑھ لیا کرتی تھیں۔

**1126**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَمَّنْ سَمِعَ عَائِشَةَ سُئِلَتْ عَنِ الْمَرْاَةِ تَمْسَحُ عَلَى الْخِضَابِ فَقَالَتْ لَاَنْ تُقْطَعَ يَدِيْ بِالسَّكَاكِيْنِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے ایسی خاتون کے بارے میں سوال کیا گیا جو خضاب کے اوپر سے ہی مسح کر لیتی ہے تو انہوں نے جواب دیا' میری انگلی چھری سے کاٹ دی جائے یہ بات میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ ہے (کہ خضاب کے اوپر ہی مسح کر لیا جائے)

**1127**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ امْرَاَةً سَاَلَتْ عَائِشَةَ تُصَلِّي الْمَرْاَةُ فِي الْخِضَابِ قَالَتِ اسْلُتِيْهِ وَرَغْمًا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَبُوْ سَعِيْدٍ هُوَ ابْنُ اَبِي الْعَنْبَسِ وَاسْمُ اَبِي الْعَنْبَسِ سَعِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ عُبَيْدٍ

☆☆ ابوسعید بیان کرتے ہیں' ایک خاتون نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیا' ایک عورت خضاب لگا کر نماز پڑھ لیتی ہے تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: اس کا ستیاناس ہو اسے کھول لو اسے صاف کرلو۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (اس روایت کے راوی) ابوسعید' ابوعنبس کے صاحبزادے ہیں' ابوعنبس کا نام سعید بن کثیر بن عبید ہے۔

**1128**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّ نِسَاؤُنَا يَخْتَضِبْنَ بِاللَّيْلِ فَاِذَا اَصْبَحْنَ فَتَحْنَهُ فَتَوَضَّاْنَ وَصَلَّيْنَ ثُمَّ يَخْتَضِبْنَ بَعْدَ الصَّلٰوةِ فَاِذَا كَانَ عِنْدَ الظُّهْرِ فَتَحْنَهُ فَتَوَضَّاْنَ وَصَلَّيْنَ فَاَحْسَنَّ خِضَابَهُ وَلَا يَمْنَعُ مِنَ الصَّلٰوةِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: ہماری خواتین رات کے وقت خضاب لگا لیتی ہیں صبح کے وقت وہ اسے دھو کر

وضو کر کے نماز پڑھ لیتی ہیں' نماز کے بعد پھر خضاب لگا لیتی ہیں پھر جب ظہر کا وقت ہوتا ہے تو اسے دھو کر وضو کر کے نماز پڑھ لیتی ہیں' یوں خضاب بھی اچھا ہو جاتا ہے اور نماز میں حرج نہیں ہوتا۔

**1129**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ نِسَآءَ ابْنِ عُمَرَ كُنَّ يَخْتَضِبْنَ وَهُنَّ حُيَّضٌ

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے گھر کی خواتین حائض حیض میں خضاب لگا لیا کرتی تھیں۔

**1130**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِى مِجْلَزٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنَّ نِسَاؤُنَا اِذَا صَلَّيْنَ الْعِشَآءَ الْاٰخِرَةَ اخْتَضَبْنَ فَاِذَا اَصْبَحْنَ اَطْلَقْنَهُ وَتَوَضَّانَ وَصَلَّيْنَ وَاِذَا صَلَّيْنَ الظُّهْرَ اخْتَضَبْنَ فَاِذَا اَرَدْنَ اَنْ يُصَلِّيْنَ الْعَصْرَ اَطْلَقْنَهُ فَاَحْسَنَّ خِضَابَهُ وَلَا يُحْبَسْنَ عَنِ الصَّلٰوةِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ہمارے گھر کی خواتین عشاء کی نماز پڑھ لینے کے بعد خضاب لگاتی ہیں' صبح کے وقت اسے دھو کر وضو کر کے نماز پڑھ لیتی ہیں پھر جب ظہر کی نماز پڑھ لیتی ہیں تو خضاب لگا لیتی ہیں پھر جب عصر کی نماز پڑھنے لگتی ہیں تو اسے دھو کر (وضو کر کے نماز پڑھتی ہیں) یوں خضاب بھی بہتر ہو جاتا ہے اور وہ نماز بھی پڑھ لیتی ہیں۔

## بَاب اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ وَهِىَ حَائِضٌ

## باب 110: جب کوئی شخص اپنی زوجہ کے پاس آئے اور وہ حائضہ ہو

**1131**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ ح و اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اَبِى خَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ فِيمَنْ اَتَى اَهْلَهُ وَهِىَ حَائِضٌ قَالَا ذَنْبٌ اَتَاهُ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَيَتُوبُ اِلَيْهِ وَلَا يَعُودُ

☆☆ ابراہیم نخعی اور عامر' ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرے فرماتے ہیں: اس نے گناہ کا ارتکاب کیا ہے وہ اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے اس کی بارگاہ میں توبہ کرے اور دوبارہ یہ حرکت نہ کرے۔

**1132**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى زَائِدَةَ عَنِ الْمُثَنّٰى عَنْ عَطَاءٍ مِثْلَهُ

☆☆ عطاء سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

**1133**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى وَاَبُو النُّعْمَانِ قَالَا حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يَعْقُوبَ بْنِ الْقَعْقَاعِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ ذَنْبٌ اَتَاهُ وَلَيْسَ عَلَيْهِ كَفَّارَةٌ

☆☆ سعید بن جبیر کہتے ہیں اس شخص نے گناہ کا ارتکاب کیا ہے لیکن اس پر کوئی کفارہ لازم نہیں ہوگا۔

**1134**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الَّذِى يَاْتِى امْرَاَتَهُ وَهِىَ حَائِضٌ قَالَ يَعْتَذِرُ اِلَى اللّٰهِ وَيَتُوبُ اِلَى اللّٰهِ

☆☆ عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد کے بارے میں نقل کرتے ہیں' ان سے اس شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے انہوں نے جواب دیا: وہ شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں معذرت پیش کرے اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرے۔

**1135**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ تَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَلَيْسَ عَلَيْكَ

شَيْءٌ يَعْنِي إِذَا وَقَعَ عَلَى امْرَأَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں (اگر تم اس حرکت کے مرتکب ہو جاؤ) تو تمہیں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنی چاہیے البتہ تم پر کوئی کفارہ لازم نہیں ہوگا۔

(راوی کہتے ہیں) یعنی جب کوئی شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرے۔

**1136**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْخَطَّابِ الْعَنْبَرِيِّ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ سُئِلَ وَاَنَا اَسْمَعُ عَنِ الرَّجُلِ يَاْتِي امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

☆☆ مالک بن خطاب عنبری بیان کرتے ہیں' ابن ابی ملیکہ سے سوال کیا گیا میں یہ بات سن رہا تھا' ایک شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے؟ انہوں نے جواب دیا: وہ شخص اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرے۔

**1137**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ اَنَّ رَجُلًا اَتَى اَبَا بَكْرٍ فَقَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنِّي اَبُولُ دَمًا قَالَ تَاْتِي امْرَاَتَكَ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ نَعَمْ قَالَ اتَّقِ اللّٰهَ وَلَا تَعُدْ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آیا اور عرض کی: میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میں خون پر پیشاب کر رہا ہوں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے سوال کیا تم نے اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کی ہے؟ اس نے جواب دیا' جی ہاں! حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ سے ڈرو! اور آئندہ یہ حرکت نہ کرنا۔

**1138**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ فِي الَّذِي يَقَعُ عَلَى امْرَاَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ يَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

☆☆ جو شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرے اس کے بارے میں امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اسے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنی چاہیے۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ عَلَيْهِ الْكَفَّارَةُ

## باب 111: جو حضرات اس بات کے قائل ہیں ایسے شخص پر کفارہ لازم ہوگا

**1139**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُولُ فِي الَّذِي يُفْطِرُ يَوْمًا مِّنْ رَّمَضَانَ قَالَ عَلَيْهِ عِتْقُ رَقَبَةٍ اَوْ بَدَنَةٌ اَوْ عِشْرِينَ صَاعًا لِاَرْبَعِينَ مِسْكِينًا وَفِي الَّذِي يَغْشَى امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ مِثْلُ ذٰلِكَ

☆☆ یزید بن ابراہیم بیان کرتے ہیں: جو شخص رمضان کے مہینے میں ایک دن روزہ نہ رکھے اس کے بارے میں' میں نے حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے اسے ایک غلام آزاد کرنا ہوگا یا قربانی دینی ہوگی یا چالیس مسکینوں کو بیس صاع غلہ دینا ہوگا اور جو شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرلے اس پر بھی یہی کفارہ لازم ہوگا۔

**1140**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

وَسَلَّمَ فِي الَّذِي يَأْتِي امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ يَتَصَدَّقُ بِنِصْفِ دِينَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ایسے شخص کے بارے میں نقل کرتے ہیں جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: وہ شخص نصف دینار صدقہ کرے۔

**1141**- حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الَّذِي يَأْتِي امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ قَالَ يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ أَوْ نِصْفِ دِينَارٍ شَكَّ الْحَكَمُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرلے فرماتے ہیں: اسے ایک دینار یا شاید نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

(راوی کہتے ہیں) یہ شک اس حدیث کے ایک راوی حکم کو لاحق ہوا ہے۔

**1142**- أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الَّذِي يَغْشَى امْرَأَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ أَوْ نِصْفِ دِينَارٍ قَالَ شُعْبَةُ أَمَّا حِفْظِي فَهُوَ مَرْفُوعٌ وَأَمَّا فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَقَالَا غَيْرُ مَرْفُوعٍ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ حَدِّثْنَا بِحِفْظِكَ وَدَعْ مَا قَالَ فُلَانٌ وَفُلَانٌ فَقَالَ وَاللَّهِ مَا أُحِبُّ أَنِّي عُمِّرْتُ فِي الدُّنْيَا عُمُرَ نُوحٍ وَأَنِّي حَدَّثْتُ بِهَذَا أَوْ سَكَتُّ عَنْ هَذَا قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ وَكَانَ وَالِيَ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَلَى الْكُوفَةِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کرے فرماتے ہیں: اسے ایک دینار (راوی کو شک ہے) یا شاید نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

شعبہ رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میری یادداشت کے مطابق یہ حدیث مرفوع ہے البتہ فلاں اور فلاں راوی نے اسے مرفوع حدیث کے طور پر نقل نہیں کیا۔

بعض محدثین نے ان سے کہا آپ ہمیں اپنی یادداشت کے مطابق حدیث سنا دیں اور فلاں فلاں راوی نے جو کہا ہے اسے چھوڑ دیں تو شعبہ نے کہا: اللہ کی قسم! مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میں دنیا میں حضرت نوح علیہ السلام جتنی لمبی زندگی بسر کروں اور پھر یہ حدیث بیان کردوں یا اسے بیان کرنے سے خاموش رہوں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (اس حدیث کے ایک راوی) عبدالحمید زید بن عبدالرحمن بن زید بن خطاب کے صاحبزادے ہیں یہ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کی طرف سے کوفہ کے گورنر تھے۔

**1143**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ عَنْ رَجُلٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ إِذَا أَتَاهَا فِي دَمٍ فَدِينَارٌ وَإِذَا أَتَاهَا وَقَدِ انْقَطَعَ الدَّمُ فَنِصْفُ دِينَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں جب مرد اس (حائضہ بیوی) کے ساتھ صحبت کرلے تو اسے ایک دینار دینا ہوگا اور اگر وہ خون کی آمد رک جانے کے بعد صحبت کرلے تو نصف دینار دینا ہوگا۔

**1144**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خُصَيْفٍ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الَّذِي يَقَعُ عَلَى امْرَاَتِهِ وَهِيَ حَائِضٌ يَتَصَدَّقُ بِنِصْفِ دِيْنَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے شخص کے بارے میں جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے' یہ ارشاد فرمایا ہے' اسے نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

**1145**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ امْرَاَةٌ تَكْرَهُ الْجِمَاعَ فَكَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْتِيَهَا اعْتَلَّتْ عَلَيْهِ بِالْحَيْضِ فَوَقَعَ عَلَيْهَا فَاِذَا هِيَ صَادِقَةٌ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهُ اَنْ يَتَصَدَّقَ بِخُمُسِ دِيْنَارٍ

☆☆ عبدالحمید بن زید بن خطاب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کی ایک اہلیہ تھیں جنہیں صحبت کرنا پسند نہیں تھا۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے ساتھ صحبت کرنے لگے تو انہوں نے یہ عذر پیش کیا کہ انہیں حیض آیا ہوا ہے لیکن حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان کے ساتھ صحبت کر لی اس خاتون کا بیان درست تھا' حضرت عمر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں دینار کا پانچواں حصہ خیرات کرنے کا حکم دیا۔

**1146**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْ جَعْفَرٍ الرَّازِيِّ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا اَتَى الرَّجُلُ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَاِنْ كَانَ الدَّمُ عَبِيْطًا فَلْيَتَصَدَّقْ بِدِيْنَارٍ وَّاِنْ كَانَتْ صُفْرَةً فَلْيَتَصَدَّقْ بِنِصْفِ دِيْنَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب کوئی شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے تو اگر اس کا خون سرخ ہو تو اس شخص کو ایک دینار صدقہ کرنا چاہیے اور اگر زرد ہو تو اس شخص کو نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

**1147**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ هُوَ ابْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنْ

---

حدیث **1144**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **264**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **136**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **289**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **640**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2201**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **612**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **282**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **1407**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **2432**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **11921**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **1265**

''المنتقی من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/**1988**ء **108**

بْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنِ الَّذِیْ یَاْتِیْ امْرَاَتَهُ وَهِیَ حَائِضٌ قَالَ یَتَصَدَّقُ بِدِیْنَارٍ اَوْ بِنِصْفِ دِیْنَارٍ و قَالَ اِبْرَاهِیْمُ یَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے کہ ان سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا گیا جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لیتا ہے تو انہوں نے جواب دیا اس شخص کو ایک دینار (راوی کو شک ہے) یا شاید نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس شخص کو اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنی چاہیے۔

**1148**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا وَقَعَ عَلٰی امْرَاَتِهٖ وَهِیَ حَائِضٌ فَعَلَیْهِ اَنْ یَتَصَدَّقَ بِدِیْنَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے تو اس کے اوپر ایک دینار صدقہ کرنا لازم ہوگا۔

**1149**- اَخْبَرَنَا یَعْلٰی بْنُ عُبَیْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِیْ رَجُلٍ جَامَعَ امْرَاَتَهُ وَهِیَ حَائِضٌ قَالَ یَتَصَدَّقُ بِدِیْنَارٍ

☆☆ جو شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے اس شخص کے بارے میں عطاء فرماتے ہیں، اسے ایک دینار صدقہ کرنا ہوگا۔

**1150**- اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰی عَنِ ابْنِ اَبِیْ لَیْلٰی عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ یَتَصَدَّقُ بِدِیْنَارٍ اَوْ نِصْفِ دِیْنَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: اسے ایک دینار صدقہ کرنا ہوگا (راوی کو شک ہے) یا شاید نصف دینار۔

**1151**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ شُعَیْبِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ فِیْ رَجُلٍ یَغْشٰی امْرَاَتَهُ وَهِیَ حَائِضٌ اَوْ رَاَتِ الطُّهْرَ وَلَمْ تَغْتَسِلْ قَالَ یَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَیَتَصَدَّقُ بِخُمُسِ دِیْنَارٍ

☆☆ جو شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ (یا ایسی بیوی کے ساتھ) جو طہر دیکھ چکی ہو اور اس نے غسل نہ کیا ہو صحبت کر لیتا ہے تو اس کے بارے میں امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اسے اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرنی چاہیے اور دینار کا پانچواں حصہ صدقہ کرنا چاہیے۔

**1152**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ اِذَا وَقَعَ الرَّجُلُ عَلٰی امْرَاَتِهٖ وَهِیَ حَائِضٌ یَتَصَدَّقُ بِنِصْفِ دِیْنَارٍ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِّنَ الْقَوْمِ فَاِنَّ الْحَسَنَ یَقُوْلُ یُعْتِقُ رَقَبَةً فَقَالَ مَا اَنْهَاكُمْ اَنْ تَقَرَّبُوْا اِلَی اللّٰهِ مَا اسْتَطَعْتُمْ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں، جب کوئی شخص اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے تو اسے نصف دینار صدقہ کرنا چاہیے۔ حاضرین میں سے ایک صاحب نے ان سے کہا حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اسے غلام آزاد کرنا چاہیے۔ انہوں نے فرمایا: میں تمہیں اس بات سے منع نہیں کرتا جہاں تک تمہاری گنجائش ہو تم اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں زیادہ نیکی پیش کرو۔

**1153**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسَى عَنِ ابْنِ اَبِى لَيْلَى عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِى الَّذِى يَقَعُ عَلَى امْرَاَتِهِ وَهِىَ حَائِضٌ قَالَ يَتَصَدَّقُ بِدِينَارٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اس شخص کے بارے میں' جو اپنی حائضہ بیوی کے ساتھ صحبت کر لے' فرماتے ہیں: اسے ایک دینار صدقہ کرنا چاہیے۔

## بَابُ اِتْيَانِ النِّسَآءِ فِى اَدْبَارِهِنَّ

## باب 112: عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنا

**1154**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنِ ابْنِ سَابِطٍ قَالَ سَاَلْتُ حَفْصَةَ بِنْتَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ اَبِى بَكْرٍ قُلْتُ لَهَا اِنِّى اُرِيدُ اَنْ اَسْاَلَكِ عَنْ شَىْءٍ وَّاَنَا اَسْتَحْيِى اَنْ اَسْاَلَكِ عَنْهُ قَالَتْ سَلْ يَا ابْنَ اَخِى عَمَّا بَدَا لَكَ قَالَ اَسْاَلُكِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَآءِ فِى اَدْبَارِهِنَّ فَقَالَتْ حَدَّثَتْنِى اُمُّ سَلَمَةَ قَالَتْ كَانَتِ الْاَنْصَارُ لَا تُجَبِّى وَكَانَتِ الْمُهَاجِرُوْنَ تُجَبِّى فَتَزَوَّجَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُهَاجِرِيْنَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ فَجَبَّاهَا فَاَبَتِ الْاَنْصَارِيَّةُ فَاَتَتْ اُمَّ سَلَمَةَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهَا فَلَمَّا اَنْ جَآءَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَحْيَتِ الْاَنْصَارِيَّةُ وَخَرَجَتْ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ اُمُّ سَلَمَةَ لِلنَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ادْعُوْهَا لِى فَدُعِيَتْ لَهُ فَقَالَ لَهَا (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) سِمَامًا وَّاحِدًا وَّالسِّمَامُ السَّبِيلُ الْوَاحِدُ

☆☆ ابن سابط بیان کرتے ہیں: میں نے حفصہ بنت عبدالرحمٰن یہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادے ہیں سے سوال کیا میں آپ سے ایک چیز کے بارے میں سوال کرنا چاہتا ہوں' لیکن مجھے آپ سے وہ سوال کرتے ہوئے شرم آتی ہے۔ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بنت عبدالرحمٰن نے فرمایا اے بھتیجے! تم نے جو سوال کرنا ہے کرو۔ ابن سابط نے کہا: میں آپ سے' عورتوں کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنے کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں تو سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بنت عبدالرحمٰن نے بتایا مجھے سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی ہے انصار (اپنی بیویوں کو) الٹا نہیں لٹاتے تھے' جبکہ مہاجرین ایسا کیا کرتے تھے۔ ایک مہاجر نے ایک انصاری خاتون سے شادی کی۔ اسے الٹا لٹانا چاہا تو انصاری خاتون نے انکار کر دیا پھر وہ انصاری خاتون سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئی اور ان سے اس بات کا تذکرہ کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو اس انصاری خاتون کو حیاء آ گئی اور وہ چلی گئی۔ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا: اس عورت کو میرے پاس بلاؤ اس عورت کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سامنے یہ آیت پڑھی۔

''تمہاری عورتیں تمہارے کھیت ہے تم اپنے کھیت میں جیسے چاہو آ سکتے ہو''۔

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صحبت کرنے کا مقام) ایک ہی ہے۔

(امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں استعمال ہونے والا لفظ) سمام سے مراد راستہ ہے۔

**1155**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ اَبَانَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ لَقَدْ عَرَضْتُ الْقُرْاٰنَ عَلَى ابْنِ عَبَّاسٍ ثَلَاثَ عَرَضَاتٍ اَقِفُ عِنْدَ كُلِّ اٰيَةٍ اَسْاَلُهُ فِيْمَ اُنْزِلَتْ وَفِيْمَ كَانَتْ

فَقُلْتُ يَا ابْنَ عَبَّاسٍ اَرَاَيْتَ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى (فَإِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) قَالَ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمْ اَنْ تَعْتَزِلُوْهُنَّ

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے ساتھ تین مرتبہ قرآن مجید کا دور کیا ہے اور ہر آیت پر رک کر ان سے دریافت کیا ہے کہ آیت کس بارے میں نازل ہوئی اور کہاں نازل ہوئی' ایک مرتبہ میں نے ان سے کہا: اے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما! اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں۔

''جب وہ اچھی طرح سے پاک ہو جائیں تو جیسے تمہیں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے ویسے ان کے ساتھ صحبت کیا کرو''۔

تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا جس جگہ (یعنی صحبت کے مخصوص مقام سے حیض کے دوران) تمہیں ان عورتوں سے الگ رہنے کا حکم دیا تھا (اب اسی صحبت کے مخصوص مقام پر صحبت کرو)۔

**1156**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَاهِدٍ (فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) قَالَ اُمِرُوْا اَنْ يَاْتُوْا مِنْ حَيْثُ نُهُوا

☆☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں جو حکم دیا ہے اس کے مطابق ان کے ساتھ صحبت کرو''۔

مجاہد فرماتے ہیں: لوگوں کو یہ حکم دیا گیا ہے کہ وہ وہاں صحبت کریں' جہاں حیض کے دوران صحبت کرنے سے انہیں منع کیا ہے۔

**1157**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ رَزِيْنٍ (فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) قَالَ مِنْ قِبَلِ الطُّهْرِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

''اللہ تعالیٰ نے تمہیں جو حکم دیا ہے پھر اس کے مطابق ان عورتوں کے ساتھ صحبت کرو''۔

شیخ ابورزین فرماتے ہیں: یعنی طہر کی جانب سے (صحبت کرو)

**1158**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُهَاجِرٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (وَتَذَرُوْنَ مَا خَلَقَ لَكُمْ رَبُّكُمْ مِنْ اَزْوَاجِكُمْ) قَالَ هُوَ وَاللّٰهِ الْقُبُلُ

☆☆ ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

''اور جو تمہارے پروردگار نے تمہارے لئے بیویاں پیدا کی ہیں''۔

امام مجاہد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اللہ کی قسم اس سے مراد اگلی شرمگاہ ہے۔

**1159**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ رِبَاحٍ عَنْ عِكْرِمَةَ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قَالَ اِنَّمَا هُوَ الْفَرْجُ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہے تم اپنے کھیت میں جیسے چاہو آ سکتے ہو''۔

عکرمہ فرماتے ہیں: اس سے مراد اگلی شرمگاہ ہے۔

**1160**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَلِيِّ الرِّفَاعِيُّ قَالَ سَمِعْتُ الْحَسَنَ يَقُوْلُ كَانَتِ الْيَهُوْدُ لَا تَأْلُو مَا شَدَّدَتْ عَلَى الْمُسْلِمِيْنَ كَانُوْا يَقُوْلُوْنَ يَا اَصْحَابَ مُحَمَّدٍ اِنَّهُ وَاللّٰهِ مَا يَحِلُّ لَكُمْ اَنْ تَاْتُوْا نِسَآئَكُمْ اِلَّا مِنْ وَجْهٍ وَّاحِدٍ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) فَخَلَّى اللّٰهُ بَيْنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَبَيْنَ حَاجَتِهِمْ

٭٭ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یہودی مسلمانوں پر اعتراض کرنے میں کوئی کوتاہی نہیں کرتے تھے وہ یہ کہا کرتے تھے اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیو! اللہ کی قسم! تمہارے لئے صرف ایک ہی طریقے کے ساتھ اپنی بیویوں سے صحبت کرنا جائز ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جیسے چاہو آسکتے ہو''۔

(حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) تو اللہ تعالیٰ نے اہل ایمان کی خواہش کے مطابق انہیں سہولت عطا کی۔

**1161**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ (فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قَالَ ائْتِهَا مِنْ بَيْنِ يَدَيْهَا وَمِنْ خَلْفِهَا بَعْدَ اَنْ يَكُوْنَ فِي الْمَاْتٰى

٭٭ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں (اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے)۔

''اپنے کھیت میں جیسے چاہو آؤ''۔

اس سے مراد یہ ہے صحبت کے مخصوص مقام پر آگے یا پیچھے کسی بھی طرف سے صحبت کی جاسکتی ہے۔

**1162**- اَخْبَرَنَا خَلِيْفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يَصْنَعُوْنَ فِي الْحَائِضِ نَحْوًا مِّنْ صَنِيْعِ الْمَجُوْسِ فَذُكِرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَزَلَتْ (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ) فَلَمْ يَزِدِ الْاَمْرُ فِيْهِنَّ اِلَّا شِدَّةً

٭٭ عکرمہ بیان کرتے ہیں زمانہ جاہلیت میں لوگ حائضہ عورت کے ساتھ وہی سلوک کرتے تھے جو مجوسی کیا کرتے تھے۔ اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا گیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں تم جواب دو وہ ناپاکی ہے۔ حیض کے دوران عورتوں سے (جنسی طور پر) الگ رہو اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں ان کے قریب نہ جاؤ''۔

(عکرمہ کہتے ہیں) تو ان خواتین کے بارے میں سختی میں اضافہ ہو گیا۔

**1163**- اَخْبَرَنَا خَلِيْفَةُ حَدَّثَنَا مُؤَمَّلٌ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (قُلْ هُوَ اَذًى) قَالَ هُوَ الدَّمُ

٭٭ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تم جواب دو وہ ناپاکی ہے''۔

مجاہد فرماتے ہیں: اس سے مراد خون ہے۔

**1164**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ (قُلْ هُوَ اَذًى) قَالَ قَذَرٌ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تم جواب دو وہ ناپاکی ہے''۔

قتادہ فرماتے ہیں اس سے مراد گندگی ہے۔

**1165**- اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ بْنُ خَيَّاطٍ حَدَّثَنَا الْمُعْتَمِرُ قَالَ سَمِعْتُ لَيْثًا حَدَّثَ عَنْ عِيسَى بْنِ قَيْسٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قَالَ اِنْ شِئْتَ فَاعْزِلْ وَاِنْ شِئْتَ فَلَا تَعْزِلْ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم جیسے چاہو اپنے کھیت میں آسکتے ہو''۔

سعید بن مسیّب فرماتے ہیں (اس سے مراد یہ ہے) اگر تم چاہو عزل کرو اور اگر چاہو تو عزل نہ کرو۔

**1166**- اَخْبَرَنَا خَلِيفَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ عَنْ عَوْفٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَيْفَ شِئْتَ يَعْنِى اِتْيَانَهَا فِى الْفَرْجِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس آیت سے مراد یہ ہے)

تم جیسے چاہو (راوی کہتے ہیں) اگلی شرمگاہ میں صحبت کر سکتے ہو۔

**1167**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِىِّ اَنَّ الْيَهُودَ قَالُوا لِلْمُسْلِمِينَ مَنْ اَتَى امْرَاَتَهُ وَهِىَ مُدْبِرَةٌ جَاءَ وَلَدُهُ اَحْوَلَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ)

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ انصاری رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: یہود نے مسلمانوں سے یہ کہا جو شخص پیچھے کی جانب سے عورت کی اگلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے اس کے ہاں بھینگا بچہ پیدا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی:

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم جیسے چاہو اپنے کھیت میں آؤ''

**1168**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ (فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قَالَ يَاْتِى اَهْلَهُ كَيْفَ شَاءَ قَائِمًا وَّقَاعِدًا وَّبَيْنَ يَدَيْهَا وَمِنْ خَلْفِهَا

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''تم اپنے کھیت میں جیسے چاہو آؤ''۔

عکرمہ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ مرد جیسے چاہے اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے۔ کھڑا ہو کر' بیٹھ کر' عورت کے آگے کی جانب سے' عورت کے پیچھے کی جانب سے' اگلی شرمگاہ میں صحبت کر سکتا ہے۔

**1169**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ الْاَشَجُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اِدْرِيسَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْوَلِيدِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ (فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) قَالَ فِى الْفَرْجِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

''تمہیں جو حکم دیا ہے اس کے مطابق ان کے ساتھ صحبت کرو''۔

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس سے مراد فرج (اگلی شرمگاہ میں صحبت کرنا ہے)

# بَابٌ مَّنْ اَتَى امْرَاَتَهُ فِىْ دُبُرِهَا

# باب 113: عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنا

**1170**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ مَنْ اَتَى امْرَاَتَهُ فِىْ دُبُرِهَا فَهُوَ مِنَ الْمَرْاَةِ مِثْلُهُ مِنَ الرَّجُلِ ثُمَّ تَلَا (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِى الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) اَنْ تَعْتَزِلُوْهُنَّ فِى الْمَحِيْضِ الْفَرْجَ ثُمَّ تَلَا (نِسَآؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ) قَائِمَةً وَّقَاعِدَةً وَّمُقْبِلَةً وَّمُدْبِرَةً فِى الْفَرْجِ

مجاہد فرماتے ہیں: جو شخص عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرے اس نے گویا کسی مرد کے ساتھ بدفعلی کی ہے۔

پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

''لوگ تم سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں' تم جواب دو یہ ناپاکی ہے' حیض کے دوران عورتوں سے (جنسی تعلق کے اعتبار سے الگ رہو) اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں تو ان کے قریب نہ جاؤ جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو جیسے اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے ان کے ساتھ صحبت کرو''۔

مجاہد فرماتے ہیں: حیض کے دوران ان سے الگ رہنے کا مفہوم یہ ہے کہ ان کی اگلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

پھر انہوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جیسے چاہو آؤ''۔

(اس کی وضاحت مجاہد نے یوں کی) خواہ وہ عورت کھڑی ہو خواہ وہ بیٹھی ہو خواہ تمہاری طرف منہ کرے خواہ وہ تمہاری طرف پیٹھ کرے لیکن صحبت) فرج یعنی اگلی شرمگاہ میں کی جائے گی۔

**1171**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ حَكِيْمٍ الْاَثْرَمِ عَنْ اَبِىْ تَمِيْمَةَ الْهُجَيْمِىِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنْ

حدیث 1171 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 3904

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 135

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 639

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9279

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 15

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 9016

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 13092

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 5408

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء 453

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَتٰى حَائِضًا اَوِ امْرَاَةً فِيْ دُبُرِهَا اَوْ كَاهِنًا فَصَدَّقَهُ بِمَا يَقُوْلُ فَقَدْ كَفَرَ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص کسی حائضہ عورت کے ساتھ صحبت کرے اور بیوی کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرے یا کسی کاہن کی پشین گوئی کی تصدیق کرے تو اس نے اس چیز کا انکار کیا جو اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نازل کی ہے۔

**1172**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هِلَالٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّقَرِيِّ عَنْ اَبِي الْقَعْقَاعِ الْجَرْمِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فَقَالَ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اٰتِيْ امْرَاَتِيْ حَيْثُ شِئْتُ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَمِنْ اَيْنَ شِئْتُ قَالَ نَعَمْ قَالَ وَكَيْفَ شِئْتُ قَالَ نَعَمْ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اِنَّ هٰذَا يُرِيْدُ السُّوْءَ قَالَ لَا مَحَاشُّ النِّسَاءِ عَلَيْكُمْ حَرَامٌ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت ابوقعقاع جرمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور دریافت کیا' اے ابوعبدالرحمٰن! میں اپنی بیوی کے ساتھ جیسے چاہوں صحبت کرسکتا ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں! اس شخص نے سوال کیا اور جہاں چاہوں صحبت کرسکتا ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: ہاں؟ اس نے سوال کیا جس طرح چاہوں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: ہاں! تو ایک شخص نے ان سے کہا: اے ابوعبدالرحمٰن اس شخص کا مطلب غلط ہے تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا نہیں عورتوں کی پچھلی شرمگاہیں تمہارے لئے حرام ہیں۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ بھی اسی بات کے قائل ہیں انہوں نے جواب دیا' ہاں!

**1173**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ دَاوُدَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ كَانَ يَكْرَهُ اِتْيَانَ الرَّجُلِ امْرَاَتَهُ فِيْ دُبُرِهَا وَيَعِيْبُهُ عَيْبًا شَدِيْدًا

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما مرد کے بیوی کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنے کو مکروہ (حرام) قرار دیتے تھے اور اسے بہت برا سمجھتے تھے۔

**1174**- حَدَّثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ (اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعَالَمِيْنَ) قَالَ مَا نَرٰى ذَكَرٌ عَلٰى ذَكَرٍ حَتّٰى كَانَ قَوْمُ لُوْطٍ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

---

بقیہ: حدیث **1171** "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **10005**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **382**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **482**

"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیۃ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **107**

"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء **425**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **6809**

''تم لوگوں نے ایسی برائی کا ارتکاب کیا ہے جو دنیا میں تم سے پہلے کسی نے نہیں کی''

عمرو بن دینار فرماتے ہیں: کسی مرد نے کسی مرد کے ساتھ بدفعلی نہیں کی' یہاں تک کہ حضرت لوط علیہ السلام کی قوم نے (دنیا میں سب سے پہلی مرتبہ ایسا کیا)

**1175**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِىْ صَالِحٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ مُخَلَّدٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَتٰى امْرَاَتَهُ فِىْ دُبُرِهَا لَمْ يَنْظُرِ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَيْهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص اپنی بیوی کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرے گا' اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی طرف نظر رحمت نہیں کرے گا۔

**1176**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ عِيْسٰى بْنِ حِطَّانَ عَنْ مُسْلِمِ بْنِ سَلَّامٍ الْحَنَفِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ طَلْقٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَحْدَثَ اَحَدُكُمْ فِى الصَّلٰوةِ فَلْيَنْصَرِفْ وَلْيَتَوَضَّاْ ثُمَّ يُصَلِّىْ وَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِىْ اَدْبَارِهِنَّ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِىْ مِنَ الْحَقِّ سُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَلِيُّ بْنُ طَلْقٍ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جب نماز کے دوران کسی شخص کا وضو ٹوٹ جائے اور وہ جا کر وضو کرے اور پھر (وہیں سے نماز پڑھنا شروع کردے)

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے عورتوں کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو' بے شک اللہ تعالیٰ حق بیان کرنے سے حیاء نہیں کرتا۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کیا حضرت علی بن طلق رضی اللہ عنہ کو شرف صحبت حاصل ہے (یعنی وہ صحابی رسول ہے؟) تو انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

**1177**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ حَدَّثَنِى الْحَارِثُ بْنُ يَعْقُوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ اَبِى الْحُبَابِ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ مَا تَقُوْلُ فِى الْجَوَارِىْ حِيْنَ اُحَمِّضُ بِهِنَّ قَالَ وَمَا التَّحْمِيْضُ فَذَكَرْتُ الدُّبُرَ فَقَالَ هَلْ

---

حدیث **1176** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1114**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1222**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2238**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1019**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **655**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **3194**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **222**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **9008**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **3741**

يَفْعَلُ ذَاكَ اَحَدٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ

☆☆ ابوحباب سعید بن یسار بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا آپ کنیزوں کے ساتھ تحمیض کے بارے میں کیا کہتے ہیں' انہوں نے دریافت کیا تحمیض سے مراد کیا ہے؟ تو میں نے پچھلی شرمگاہ کا ذکر کیا۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے فرمایا کیا کوئی مسلمان یہ حرکت کرسکتا ہے۔

**1178**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُصَيْنٍ الْاَنْصَارِيِّ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ رَجُلٌ مِّنْ قَوْمِيْ وَكَانَ مِنْ اَسْنَانِيْ حَدَّثَنِيْ هَرَمِيُّ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تَذَاكَرْنَا شَاْنَ النِّسَآءِ فِيْ مَجْلِسِ بَنِيْ وَاقِفٍ وَّمَا يُؤْتٰى مِنْهُنَّ فَقَالَ خُزَيْمَةُ بْنُ ثَابِتٍ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِيْ مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِيْ اَعْجَازِهِنَّ

☆☆ ھرمی بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' ہم بنو واقف کی ایک محفل میں خواتین اور ان سے صحبت کرنے کے طریقے کے بارے میں گفتگو کررہے تھے تو حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیاء نہیں کرتا عورتوں کے ساتھ ان کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

**1179**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ عَنْ مُّجَاهِدٍ قَالَ كَانُوْا يَجْتَنِبُوْنَ النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ وَيَاْتُوْنَهُنَّ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ فَسَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَيَسْاَلُوْنَكَ عَنِ الْمَحِيْضِ قُلْ هُوَ اَذًى فَاعْتَزِلُوا النِّسَآءَ فِي الْمَحِيْضِ وَلَا تَقْرَبُوْهُنَّ حَتّٰى يَطْهُرْنَ فَاِذَا تَطَهَّرْنَ فَاْتُوْهُنَّ مِنْ حَيْثُ اَمَرَكُمُ اللّٰهُ) فِي الْفَرْجِ وَلَا تَعْدُوْهُ

☆☆ مجاہد بیان کرتے ہیں: لوگ حیض کے دوران عورتوں سے (جنسی تعلق قائم کرنے سے) اجتناب کرتے تھے اور ان کی پچھلی شرمگاہوں میں صحبت کرلیا کرتے تھے۔ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اس بارے میں دریافت کیا تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"لوگ تم سے حیض کے بارے میں سوال کرتے ہیں' تم فرما دو یہ ناپاکی ہے' حیض کے دوران (جنسی تعلق کے حوالے) سے عورتوں سے الگ رہو اور جب تک وہ پاک نہ ہو جائیں ان کے قریب نہ جاؤ' جب وہ اچھی طرح پاک ہو جائیں تو جیسے اللہ تعالیٰ نے تمہیں اجازت دی ہے۔ ان کے ساتھ صحبت کرو"۔

(مجاہد فرماتے ہیں: عورتوں کے ساتھ صرف) ان کی اگلی شرمگاہ میں صحبت کی جائے گی' اس کے علاوہ نہیں۔

**1180**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِي ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ اَبَانُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ طَاؤُسٍ وَّسَعِيْدٍ وَّمُجَاهِدٍ وَّعَطَاءٍ اَنَّهُمْ كَانُوْا يُنْكِرُوْنَ اِتْيَانَ النِّسَآءِ فِيْ اَدْبَارِهِنَّ وَيَقُوْلُوْنَ هُوَ الْكُفْرُ

☆☆ طاؤس' سعید' مجاہد اور عطاء عورت کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کرنے کا انکار کرتے تھے اور اسے کفر قرار دیتے تھے۔

## بَابُ اغْتِسَالِ الْحَائِضِ إِذَا وَجَبَ الْغُسْلُ عَلَيْهَا قَبْلَ اَنْ تَحِيضَ

## باب 114: جب کسی عورت کے حیض آنے سے پہلے ہی اس پر غسل واجب ہو جائے

**1181** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ عَطَاءٍ وَّالزُّهْرِيِّ قَالَا الْغُسْلُ مِنَ الْجَنَابَةِ وَالْحَيْضِ وَاحِدٌ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) اور زہری فرماتے ہیں: غسل جنابت اور حیض کے بعد والا غسل ایک ہی مرتبہ کرے۔

**1182** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ لِامْرَاَتِهِ خَلِّلِي شَعْرَكِ بِالْمَاءِ قَبْلَ اَنْ تَخَلَّلَهُ نَارٌ قَلِيلَةُ الْبُقْيَا عَلَيْهِ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سے کہا: اپنے بالوں کا پانی کے ذریعے خلال کرلو اس سے پہلے کہ یہ آگ ان کا خلال کرے۔ جو ان پر رحم نہیں کرے گی۔

**1183** - اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ صَدَقَةَ بْنِ سَعِيدٍ الْحَنَفِيِّ حَدَّثَنِي جُمَيْعُ بْنُ عُمَيْرٍ اَحَدُ بَنِي تَيْمِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اُمِّي وَخَالَتِي عَلٰى عَائِشَةَ فَسَاَلَتْهَا اِحْدَاهُمَا كَيْفَ تَصْنَعِينَ عِنْدَ الْغُسْلِ فَقَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَطَهَّرُ طُهُورَهُ لِلصَّلَاةِ وَيُفِيضُ عَلٰى رَاْسِهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ وَّنَحْنُ نُفِيضُ عَلٰى رُءُوسِنَا خَمْسًا مِنْ اَجْلِ الضَّفْرِ

☆☆ جمیع بن عمیر' جن کا تعلق بنو تیم سے ہے' بیان کرتے ہیں میں اپنی خالہ اور بہن کے ہمراہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوا تو ان دونوں خواتین میں سے کسی ایک نے ان سے سوال کیا۔ آپ غسل کے وقت کیا کرتی ہیں۔ انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کرتے وقت پہلے وضو کرتے تھے اور پھر اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہا لیتے تھے ہم خواتین اپنے سر پر پانچ مرتبہ پانی بہاتی ہیں کیونکہ ہم نے بالوں کی چوٹی بنائی ہوتی ہے۔

**1184** - اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَزِيدَ بْنِ زَاذِيَ عَنْ اَبِي زُرْعَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَاَلَ عَائِشَةَ عَنِ الْمَرْاَةِ تَغْتَسِلُ تَنْقُضُ شَعْرَهَا فَقَالَتْ بَخٍ وَّاِنْ اَنْفَقَتْ فِيهِ اُوقِيَّةً اِنَّمَا يَكْفِيهَا اَنْ تُفْرِغَ عَلٰى رَاْسِهَا ثَلَاثًا

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے عورت کے غسل کرنے کے بارے میں سوال کیا کیا وہ اپنے بال کھولے گی تو سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: بہت اچھے کیا اسے ایک اوقیہ بھی خرچ کرنا چاہیے۔ اس عورت کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ وہ اپنے سر پر تین مرتبہ پانی بہا لے۔

**1185** - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ فُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تُخَلِّلُهُ بِاَصَابِعِهَا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود فرماتے ہیں) عورت اپنی انگلیوں کے ذریعے (اپنے بالوں کا) خلال کرے گی۔

**1186** - اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ فِي الْحَائِضِ وَالْجُنُبِ يَصُبَّانِ الْمَاءَ صَبًّا وَّلَا يَنْقُضَانِ شُعُورَهُمَا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ حائضہ اور جنبی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں وہ دونوں پانی بہائیں گی چوٹی نہیں کھولیں گی۔

**1187**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ مِثْلَهُ

☆☆ عطاء سے بھی یہی روایت منقول ہے۔

**1188**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُورٍ قَالَ قَالَ اِبْرَاهِيمُ اِذَا بَلَّتْ اُصُولَهُ وَاَطْرَافَهُ لَمْ تَنْقُضْهُ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں جب بالوں کی جڑیں اور ان کے کنارے گیلے ہو جائیں تو عورت کو بال کھولنے کی ضرورت نہیں ہے۔

**1189**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عُبَيْدِ اللهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ نِسَاءَ ابْنِ عُمَرَ وَاُمَّهَاتِ اَوْلَادِهِ كُنَّ اِذَا اغْتَسَلْنَ لَمْ يَنْقُضْنَ عُقَصَهُنَّ مِنْ حَيْضٍ وَّلَا جَنَابَةٍ

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کی بیگمات جو ان کی اولاد کی مائیں تھیں جب غسل کرتی تھیں تو بالوں کی چوٹی نہیں کھولتی تھیں چاہے حیض کے بعد کرتیں چاہے جنابت کے بعد۔

**1190**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اُمِّ مُحَمَّدٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ اَنَّهَا قَالَتْ لَا تَنْقُضْنَ عُقَصَكُنَّ مِنْ حَيْضٍ وَّلَا مِنْ جَنَابَةٍ

☆☆ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں غسل جنابت یا غسل حیض کے وقت خواتین چوٹی نہیں کھولتی تھیں۔

**1191**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنِّي اَشُدُّ ضَفْرَ رَاْسِي اَوْ عُقْدَهُ قَالَ احْفِنِي عَلَى رَاْسِكِ ثَلَاثَ حَفَنَاتٍ ثُمَّ اغْمِزِي عَلَى اِثْرِ كُلِّ حَفْنَةٍ غَمْزَةً

☆☆ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی میری چوٹی بڑی مضبوطی سے بند ہوتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے سر پر تین مرتبہ پانی ڈالو اور ہر مرتبہ پانی ڈالنے کے ساتھ سر پر ہاتھ پھیرلو۔

**1192**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهُ قَالَ لِامْرَاَتِهِ اسْتَاْصِلِي الشَّعْرَ لَا تَخَلَّلُهُ نَارٌ قَلِيلٌ بُقْيَاهَا عَلَيْهِ قَالَ مَنْصُورٌ يَعْنِي الْجَنَابَةَ

☆☆ حذیفہ نے اپنی اہلیہ سے کہا: غسل کرتے وقت اپنے بالوں کی جڑوں کو گیلا کیا کرو ایسا نہ ہو کہ آگ ان میں خلال کرے جو ان پر رحم نہیں کرے گی۔

اس روایت کے راوی منصور کہتے ہیں یعنی غسل جنابت کے وقت ایسا کیا کرو۔

**1193**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ هَمَّامِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهُ قَالَ لِامْرَاَتِهِ اسْتَاْصِلِي الشَّعْرَ بِالْمَاءِ لَا تَخَلَّلُهُ نَارٌ قَلِيلٌ بُقْيَاهَا عَلَيْهِ

---

حدیث **1191**: "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **243**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **823**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **798**

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ نے اپنی اہلیہ سے کہا' پانی کے ذریعے بالوں کی جڑوں کو تر کرلیا کرو ایسا نہ ہو کہ وہ آگ ان کا خلال کرے جوان پر رحم نہیں کرے گی۔

**1194**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ اَبِى لَيْلٰى عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِذَا اغْتَسَلَتِ الْمَرْاَةُ مِنَ الْجَنَابَةِ فَلَا تَنْقُضْ شَعْرَهَا وَلٰكِنْ تَصُبُّ الْمَاءَ عَلٰى اُصُولِهِ وَتَبُلُّهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' جب کوئی عورت غسل جنابت کرے تو وہ اپنے بال نہ کھولے بلکہ بالوں کی جڑوں پر پانی بہا کر انہیں گیلا کرلے۔

**1195**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِى الْمَرْاَةِ تُصِيبُهَا الْجَنَابَةُ وَرَاْسُهَا مَعْقُوصٌ تَحُلُّهُ قَالَ لَا وَلٰكِنْ تَصُبُّ عَلٰى رَاْسِهَا الْمَاءَ صَبًّا حَتّٰى تُرَوِّىَ اُصُولَ الشَّعْرِ

☆☆ عطاء (بن ابی رباح) سے ایسی خاتون کے بارے میں سوال کیا گیا جسے جنابت لاحق ہوجائے اور اس نے بال باندھے ہوئے ہوں' کیا اسے بال کھولنے چاہئیں' انہوں نے جواب دیا نہیں بلکہ وہ اپنے سر پر پانی بہائے اور بالوں کی جڑوں کو گیلا کرے۔

**1196**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَتْنِى حَبِيبَةُ بِنْتُ حَمَّادٍ حَدَّثَتْنِى عَمْرَةُ بِنْتُ حَيَّانَ السَّهْمِيَّةُ قَالَتْ قَالَتْ لِى عَائِشَةُ اُمُّ الْمُؤْمِنِينَ اَمَا تَسْتَطِيعُ اِحْدَاكُنَّ اِذَا طَهُرَتْ مِنْ حَيْضِهَا اَنْ تُدَخِّنَ شَيْئًا مِنْ قُسْطٍ فَاِنْ لَمْ تَجِدْ فَشَيْئًا مِنْ آسٍ فَاِنْ لَمْ تَجِدْ فَشَيْئًا مِنْ نَوًى فَاِنْ لَمْ تَجِدْ فَشَيْئًا مِنْ مِلْحٍ

☆☆ عمرہ بنت حیان بیان کرتی ہیں: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے مجھ سے کہا کیا ہر عورت ایسا کرسکتی ہے کہ جب وہ حیض کے بعد غسل کرے تو تھوڑی سی خوشبو (شرمگاہ) پر لگالے۔ اگر وہ نہ ملے تو کوئی اور چیز لگالے اگر وہ بھی نہ ملے تو کھجور کی گٹھلی لگالے اور اگر وہ بھی نہ ملے تو تھوڑا سا نمک لگالے (تاکہ خون کی بدبو زائل ہوجائے)

**1197**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنْ مُعَاذَةَ الْعَدَوِيَّةِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِذَا اغْتَسَلَتِ الْمَرْاَةُ مِنَ الْحَيْضِ فَلْتَمَسَّ اَثَرَ الدَّمِ بِطِيبٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں' جب عورت حیض کے بعد غسل کرے تو خون کے مخصوص مقام پر خوشبو لگالے۔

**1198**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ نِسَائَهُ وَاُمَّهَاتِ اَوْلَادِهِ كُنَّ يَغْتَسِلْنَ مِنَ الْحِيضَةِ وَالْجَنَابَةِ وَلَا يَنْقُضْنَ شُعُورَهُنَّ وَلٰكِنْ يُبَالِغْنَ فِى بَلِّهَا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی بیگمات جوان کی اولاد کی مائیں تھیں جب جنابت یا حیض کے بعد غسل کرتی تھی تو اپنے بال نہیں کھولا کرتی تھیں البتہ اہتمام کے ساتھ انہیں گیلا کرتی تھیں۔

## بَابُ دُخُولِ الْحَائِضِ الْمَسْجِدَ

## باب 115: حائضہ عورت کا مسجد میں داخل ہونا

**1199**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ لَا بَاْسَ اَنْ تَتَنَاوَلَ الْحَائِضُ

مِنَ الْمَسْجِدِ الشَّیْءَ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ حائضہ عورت مسجد میں سے کوئی چیز پکڑا دے۔

**1200**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ تَتَنَاوَلُ الْحَائِضُ الشَّیْءَ مِنَ الْمَسْجِدِ وَلَا تَدْخُلُهُ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حائضہ عورت مسجد میں سے کوئی چیز پکڑ سکتی ہے' لیکن اس میں داخل نہیں ہوسکتی۔

**1201**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ الْجُنُبُ يَاْخُذُ مِنَ الْمَسْجِدِ وَلَا يَضَعُ فِيهِ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں' جنبی شخص مسجد میں سے کوئی چیز پکڑ سکتا ہے' لیکن اس میں داخل نہیں ہوسکتا۔

**1202**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْحَائِضِ تَنَاوَلُ مِنَ الْمَسْجِدِ الشَّیْءَ قَالَ نَعَمْ اِلَّا الْمُصْحَفَ

☆☆ عطاء سے حائضہ عورت کے بارے میں سوال کیا گیا' کیا وہ مسجد میں سے کوئی چیز پکڑ سکتی ہے۔ انہوں نے جواب دیا' قرآن مجید کے علاوہ کوئی بھی چیز پکڑ سکتی ہے۔

## بَابُ مُرُوْرِ الْجُنُبِ فِي الْمَسْجِدِ

## باب 116: جنبی شخص کا مسجد میں سے گزرنا

**1203**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِي مِجْلَزٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي قَوْلِهِ (وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ) قَالَ هُوَ الْمُسَافِرُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی وضاحت کرتے ہوئے فرماتے ہیں: اس سے مراد گزرنے والا ہے (فرمان یہ ہے)

''اور نہ ہی جنبی شخص البتہ گزرنے والا''۔

**1204**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا سَلْمٌ الْعَلَوِيُّ عَنْ اَنَسٍ (وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ) قَالَ الْجُنُبُ يَجْتَازُ بِالْمَسْجِدِ وَلَا يَجْلِسُ فِيهِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اور نہ ہی جنبی شخص البتہ گزرنے والا''۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جنبی شخص مسجد میں سے گزر سکتا ہے لیکن وہاں بیٹھ نہیں سکتا۔

**1205**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ وَاَبُو نُعَيْمٍ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ الْجَزَرِيِّ عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ قَالَ الْجُنُبُ يَمُرُّ فِي الْمَسْجِدِ وَلَا يَقْعُدُ فِيهِ ثُمَّ قَرَاَ هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَلَا جُنُبًا اِلَّا عَابِرِي سَبِيلٍ)

☆☆ ابوقتادہ فرماتے ہیں جنبی شخص مسجد میں سے گزر سکتا ہے وہاں بیٹھ نہیں سکتا پھر یہ آیت تلاوت کی۔

''نہ ہی جنبی شخص البتہ گزرنے والا''۔

**1206**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ وَسَالِمٍ عَنْ سَعِيدٍ قَالَا يَمُرُّ وَلَا يَقْعُدُ فِيهِ

☆☆ عکرمہ اور سالم بیان کرتے ہیں' جنبی شخص مسجد میں سے گزر سکتا ہے لیکن وہاں بیٹھ نہیں سکتا۔

**1207**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا نَمْشِي فِي الْمَسْجِدِ وَنَحْنُ جُنُبٌ لَا نَرٰى بِذٰلِكَ بَاْسًا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم جنابت کی حالت میں مسجد میں سے گزر جاتے تھے اور اس میں کوئی حرج نہیں سمجھتے تھے۔

## بَابُ التَّعْوِيذِ لِلْحَائِضِ

## باب 117: حائضہ عورت کو تعویذ دینا

**1208**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْمَرْاَةِ الْحَائِضِ فِي عُنُقِهَا التَّعْوِيذُ اَوِ الْكِتَابُ قَالَ اِنْ كَانَ فِي اَدِيمٍ فَلْتَنْزِعْهُ وَاِنْ كَانَ فِي قَصَبَةٍ مُصَاغَةٍ مِنْ فِضَّةٍ فَلَا بَاْسَ اِنْ شَائَتْ وَضَعَتْ وَاِنْ شَائَتْ لَمْ تَفْعَلْ قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ تَقُولُ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ

☆☆ عبدالملک بیان کرتے ہیں' عطاء سے ایسی حائضہ عورت کے بارے میں سوال کیا گیا' جس حائضہ عورت کی گردن میں کوئی تعویذ یا تحریر ہو۔ انہوں نے جواب دیا' اگر وہ چمڑے میں ہیں تو اسے اتار دے اور اگر چاندی کی ڈبیہ میں ہے۔ اس میں کوئی حرج نہیں ہے اگر چاہے تو اسے اتار دے اور اگر چاہے تو ایسا نہ کرے۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ بھی یہی کہتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا۔ ہاں!

## بَابُ الْحَائِضِ اِذَا طَهُرَتْ وَلَمْ تَجِدِ الْمَاءَ

## باب 118: اگر حائضہ عورت کو پاک ہونے کے بعد غسل کرنے کے لئے پانی نہ ملے

**1209**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا ضَمْرَةُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَوْذَبٍ حَدَّثَنَا عَنْ مَطَرٍ قَالَ سَاَلْتُ الْحَسَنَ وَعَطَاءً عَنِ الرَّجُلِ تَكُونُ مَعَهُ امْرَاَتُهُ فِي سَفَرٍ فَتَحِيضُ ثُمَّ تَطْهُرُ وَلَا تَجِدُ الْمَاءَ قَالَا تَتَيَمَّمُ وَتُصَلِّي قَالَ قُلْتُ لَهُمَا يَطَؤُهَا زَوْجُهَا قَالَا نَعَمِ الصَّلٰوةُ اَعْظَمُ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ مطر بیان کرتے ہیں: میں نے حسن اور عطاء سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا جس کی بیوی اس کے ساتھ سفر میں شریک ہو۔ اسے حیض آ جائے پھر وہ عورت پاک ہو جائے تو اسے (غسل کرنے کے لئے پانی نہ ملے) تو ان دونوں حضرات نے جواب دیا: وہ عورت تیمم کر کے نماز پڑھے گی۔

مطر کہتے ہیں میں نے ان دونوں سے سوال کیا' کیا اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے ان دونوں نے جواب دیا: ہاں کیونکہ نماز اس سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔

**1210**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْمَرْأَةِ تَطْهُرُ وَلَا تَجِدُ الْمَاءَ قَالَ يُصِيبُهَا زَوْجُهَا إِذَا تَيَمَّمَتْ سُئِلَ عَبْدُ اللَّهِ تَقُولُ بِهَذَا قَالَ إِي وَاللَّهِ

☆☆ ابن جریج بیان کرتے ہیں' عطاء سے ایسی خاتون کے بارے میں سوال کیا گیا جسے پاک ہو جانے کے بعد (غسل) کرنے کے لئے پانی نہ ملے انہوں نے جواب دیا: جب وہ عورت تیمم کر لے تو اس کا شوہر اس کے ساتھ صحبت کر سکتا ہے۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ بھی یہی کہتے ہیں انہوں نے جواب دیا: ہاں اللہ کی قسم! میں بھی اسی بات کا قائل ہوں۔

## بَاب اسْتِبْرَاءِ الْأَمَةِ

## باب 119: کنیز کا استبراء

**1211**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ فِي اسْتِبْرَاءِ الْأَمَةِ إِنْ لَمْ تَكُنْ تَحِيضُ قَالَ خَمْسَةٌ وَأَرْبَعِينَ

☆☆ ایسی کنیز جسے حیض نہ آتا ہو اس کے استبراء کے بارے میں طاؤس یہ کہتے ہیں۔ اس کی مدت 45 دن ہے۔

**1212**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ

☆☆ ابوقلابہ فرماتے ہیں: اس کی مدت تین ماہ ہے۔

**1213**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْوَاحِدِ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ قَالَ سَأَلْتُ الزُّهْرِيَّ عَنِ الرَّجُلِ يَبْتَاعُ الْجَارِيَةَ لَمْ تَبْلُغِ الْمَحِيضَ وَلَا تَحْمِلُ مِثْلُهَا كَمْ يَسْتَبْرِئُهَا قَالَ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ وَ قَالَ يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ بِخَمْسَةٍ وَأَرْبَعِينَ يَوْمًا

☆☆ امام اوزاعی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں نے زہری سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا جو ایک کنیز خریدتا ہے جو اپنی حیض کی عمر تک نہیں پہنچی اور اس لڑکی کو حمل بھی نہیں ہو سکتا اس کی مدت استبراء کتنی ہو گی انہوں نے جواب دیا' تین ماہ۔

یحییٰ بن کثیر کہتے ہیں ایسی کنیز کے استبراء کی مدت 45 دن ہے۔

**1214**- أَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيلٍ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ يَحْيَى بْنِ بِشْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ بِشَهْرٍ سُئِلَ عَبْدُ اللَّهِ بِأَيِّهِمَا تَقُولُ قَالَ ثَلَاثَةُ أَشْهُرٍ أَوْثَقُ وَشَهْرٌ يَكْفِي

☆☆ عکرمہ کہتے ہیں (ایسی کنیز کے استبراء کی مدت) ایک ماہ ہو گی۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ ان دونوں میں سے کون سے قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا' تین ماہ اس کے لئے زیادہ قابل وثوق ہیں۔ ویسے ایک ماہ بھی کافی ہے۔

☆☆☆☆☆☆

☆☆☆

# كِتَابُ الصَّلٰوةِ

# نماز کا بیان

## بَابُ فِیْ فَضْلِ الصَّلَوَاتِ

## باب 1: نماز کی فضیلت

**1215**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِیْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْمَكْتُوْبَاتِ كَمَثَلِ نَهْرٍ جَارٍ عَذْبٍ عَلٰى بَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ مِنْهُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے فرض نمازوں کی مثال تم میں سے کسی ایک شخص کے گھر سے آگے سے گزرنے والی میٹھے پانی کی نہر کی طرح ہے۔ جس میں وہ روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرے۔

**1216**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ حَدَّثَنِیْ يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اَرَاَيْتُمْ لَوْ اَنَّ نَهَرًا بِبَابِ اَحَدِكُمْ يَغْتَسِلُ كُلَّ يَوْمٍ خَمْسَ مَرَّاتٍ مَاذَا تَقُوْلُوْنَ ذٰلِكَ مُبْقِيًا مِنْ دَرَنِهٖ قَالُوْا لَا يُبْقِىْ مِنْ دَرَنِهٖ قَالَ كَذٰلِكَ مَثَلُ الصَّلَوَاتِ الْخَمْسِ يَمْحُو اللّٰهُ بِهِنَّ الْخَطَايَا

---

حدیث 1216: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 505

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 667

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2868

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 462

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1397

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 518

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1726

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 323

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 1574

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 2292

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 7684

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء — 56

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 7646

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' تمہارا کیا خیال ہے' اگر کسی شخص کے دروازے کے پاس نہر ہو۔ جس میں وہ روزانہ پانچ مرتبہ غسل کرے۔ تم کیا کہتے ہو اس کا کوئی میل باقی رہے گا؟ لوگوں نے عرض کی اس کی میل باقی نہیں رہے گی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: پانچ نمازوں کی مثال بھی اسی طرح ہے اللہ تعالیٰ ان کے ذریعے گناہوں کو ختم کر دیتا ہے۔

## بَابٌ فِيْ مَوَاقِيْتِ الصَّلٰوةِ

## باب 2: نمازوں کے اوقات

**1217-** اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَمْرِو بْنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ قَالَ سَاَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ زَمَنِ الْحَجَّاجِ وَكَانَ يُؤَخِّرُ الصَّلٰوةَ عَنْ وَقْتِ الصَّلٰوةِ فَقَالَ جَابِرٌ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الظُّهْرَ حِيْنَ تَزُوْلُ الشَّمْسُ وَالْعَصْرَ وَهِيَ حَيَّةٌ اَوْ نَقِيَّةٌ وَالْمَغْرِبَ حِيْنَ تَجِبُ الشَّمْسُ وَالْعِشَاءَ رُبَّمَا عَجَّلَ وَرُبَّمَا اَخَّرَ اِذَا اجْتَمَعَ النَّاسُ عَجَّلَ وَاِذَا تَاَخَّرُوْا اَخَّرَ وَالصُّبْحَ رُبَّمَا كَانُوْا اَوْ كَانَ يُصَلِّيْهَا بِغَلَسٍ

محمد بن عمرو بیان کرتے ہیں' حجاج نے اپنے عہد حکومت میں ایک نماز کو اپنے وقت سے تاخیر سے ادا کیا۔ ہم نے اس بارے میں حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے سوال کیا تو حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے بتایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز سورج ڈھل جانے کے بعد ادا کر لیتے تھے اور جب آپ عصر ادا کرتے تو سورج ابھی روشن (راوی کو شک ہے یا شاید یہ فرمایا) چمکدار ہوتا تھا اور مغرب اس وقت ادا کر لیتے تھے جب سورج غروب ہو جاتا۔ عشاء کی نماز آپ کبھی جلدی ادا کر لیتے اور کبھی تاخیر کر دیتے تھے جب لوگ اکٹھے ہو جاتے تو جلدی ادا کر لیتے جب لوگ تاخیر کر دیتے تو آپ بھی تاخیر سے ادا کرتے۔ صبح کی نماز آپ اندھیرے میں ہی ادا کر لیا کرتے تھے۔

**1218-** اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَخَّرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا فَدَخَلَ عَلَيْهِ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ فَاَخْبَرَهُ اَنَّ الْمُغِيْرَةَ بْنَ شُعْبَةَ اَخَّرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا فَدَخَلَ عَلَيْهِ اَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيُّ فَقَالَ مَا هٰذَا يَا مُغِيْرَةُ اَلَيْسَ قَدْ عَلِمْتَ اَنَّ جِبْرِيْلَ نَزَلَ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَصَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ صَلّٰى فَصَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ قَالَ بِهٰذَا اُمِرْتَ قَالَ اعْلَمْ مَا تُحَدِّثُ يَا عُرْوَةُ اَوْ اَنَّ جِبْرِيْلَ اَقَامَ وَقْتَ الصَّلٰوةِ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَذٰلِكَ كَانَ بَشِيْرُ بْنُ اَبِيْ مَسْعُوْدٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ عُرْوَةُ وَلَقَدْ حَدَّثَتْنِيْ عَائِشَةُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ وَالشَّمْسُ فِيْ حُجْرَتِهَا قَبْلَ اَنْ تَظْهَرَ

ابن شہاب بیان کرتے ہیں' ایک دن حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ایک نماز تاخیر سے ادا کی تو عروہ بن زبیر ان کے پاس آئے اور انہیں بتایا ایک دن حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ایک نماز تاخیر سے ادا کی تو حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ ان کے پاس

آئے اور فرمایا مغیرہ یہ تم نے کیا کیا ہے؟ تم جانتے ہو حضرت جبرائیل ؑ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے نماز ادا کی نبی اکرم ﷺ نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے دوسری نماز ادا کی تو نبی اکرم ﷺ نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے اگلی نماز ادا کی تو نبی اکرم ﷺ نے بھی نماز ادا کی پھر انہوں نے اگلی نماز ادا کی تو نبی اکرم ﷺ نے یہ نماز ادا کی پھر انہوں نے اگلی نماز ادا کی تو نبی اکرم ﷺ نے بھی ادا کی اور پھر فرمایا مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے۔

عمر بن عبدالعزیز بولے اے عروہ! آپ ذرا غور کریں آپ کیا کہہ رہے ہیں کیا حضرت جبرائیل ؑ نے نبی اکرم ﷺ کو نمازوں کے اوقات کے بارے میں بتایا تھا۔

عروہ بن زبیر نے جواب دیا ایسا ہی ہے۔ حضرت ابومسعود انصاری ؓ کے صاحبزادے یزید اپنے والد کے حوالے سے اسی طرح حدیث بیان کرتے ہیں۔

---

حدیث 1218 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 499

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 394

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 22407

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 352

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 713

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 3337

''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 519

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 611

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 407

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 159

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 505

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 683

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 2

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 13296

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1521

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 332

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1990ء — 692

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 1494

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/ 1994ء — 1920

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 4420

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 2132

عروہ نے یہ بھی بتایا مجھے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی تھی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عصر کی نماز ادا کر لیتے تھے جبکہ دھوپ ابھی ان کے حجرے میں موجود ہوتی تھی۔

# بَابٌ فِیْ بَدْءِ الْاَذَانِ

# باب 3: اذان کا آغاز

**1219**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ قَالَ وَقَدْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ قَدِمَهَا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِى الْمَدِيْنَةَ اِنَّمَا يُجْتَمَعُ اِلَيْهِ بِالصَّلٰوةِ لِحِيْنِ مَوَاقِيْتِهَا بِغَيْرِ دَعْوَةٍ فَهَمَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّجْعَلَ بُوْقًا كَبُوْقِ الْيَهُوْدِ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ بِهٖ لِصَلَاتِهِمْ ثُمَّ كَرِهَهٗ ثُمَّ اَمَرَ بِالنَّاقُوْسِ فَنُحِتَ لِيُضْرَبَ بِهٖ لِلْمُسْلِمِيْنَ اِلَى الصَّلٰوةِ فَبَيْنَمَا هُمْ عَلٰى ذٰلِكَ اِذْ رَاٰى عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ اَخُوْ بَلْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَاَتٰى رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهٗ طَافَ بِیَ اللَّيْلَةَ طَائِفٌ مَرَّ بِیْ رَجُلٌ عَلَيْهِ ثَوْبَانِ اَخْضَرَانِ يَحْمِلُ نَاقُوْسًا فِیْ يَدِهٖ فَقُلْتُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَتَبِيْعُ هٰذَا النَّاقُوْسَ فَقَالَ وَمَا تَصْنَعُ بِهٖ قُلْتُ نَدْعُوْ بِهٖ اِلَى الصَّلٰوةِ قَالَ اَفَلَا اَدُلُّكَ عَلٰى خَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكَ قُلْتُ وَمَا هُوَ قَالَ تَقُوْلُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَیَّ عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَاْخَرَ غَيْرَ كَثِيْرٍ ثُمَّ قَالَ مِثْلَ مَا قَالَ وَجَعَلَهَا وِتْرًا اِلَّا اَنَّهٗ قَالَ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ فَلَمَّا خُبِّرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّهَا لَرُؤْيَا حَقٌّ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَقُمْ مَعَ بِلَالٍ فَاَلْقِهَا عَلَيْهِ فَاِنَّهٗ اَنْدٰى صَوْتًا مِّنْكَ فَلَمَّا اَذَّنَ بِلَالٌ سَمِعَهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَهُوَ فِیْ بَيْتِهٖ فَخَرَجَ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَجُرُّ اِزَارَهٗ وَهُوَ يَقُوْلُ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ وَالَّذِیْ بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ رَاَيْتُ مِثْلَ مَا رَاٰى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ فَذَاكَ اَثْبَتُ

☆☆ محمد بن اسحٰق بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم (امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مدینہ منورہ) تشریف لائے تو لوگ کسی اعلان کے بغیر نماز کے مخصوص وقت میں اکٹھے ہو جایا کرتے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارادہ کیا کہ یہود کے بوق کی طرح ایک بوق بنایا جائے جس کے ذریعے لوگوں کو نماز کے لئے بلایا جائے لیکن پھر آپ کو یہ اچھا نہیں لگا۔ پھر آپ نے لوگوں کو ناقوس (باجا) بنانے کا حکم دیا تاکہ اسے بجا کر مسلمانوں کو نماز کے لئے اکٹھا کیا جائے اسی دوران حضرت عبداللہ بن زید بن عبد ربہ رضی اللہ عنہ جن کا تعلق حارث بن خزرج قبیلے سے تھا انہوں نے ایک خواب دیکھا وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئے اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! رات خواب میں میرے پاس ایک شخص آیا' جس نے دو سبز چادریں اوڑھی ہوئی تھیں اس نے اپنے ہاتھ میں ایک باجا پکڑا ہوا تھا۔ میں نے کہا: اے اللہ کے بندے! کیا تم یہ باجا فروخت کرو گے۔ اس نے جواب دیا: تم اس کا کیا کرو گے میں نے کہا ہم اس کے ذریعے نماز کے لئے بلائیں گے۔ وہ بولا: کیا میں تمہیں اس سے بہتر چیز کے متعلق بتاؤں میں نے پوچھا اس سے بہتر چیز کیا ہے۔ وہ بولا تم یوں کہو: اَللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ

اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الصَّلٰوةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ' لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

(اللہ سب سے بڑا اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ سب سے بڑا ہے' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں' نماز کی طرف آؤ' نماز کی طرف آؤ' کامیابی کی طرف آؤ' کامیابی کی طرف آؤ' اللہ سب سے بڑا ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں۔)

(حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں) پھر وہ تھوڑا سا پیچھے ہٹا اور انہی کلمات کو طاق تعداد میں کہا' البتہ ان میں ان الفاظ کا اضافہ کیا تھا۔ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوةُ اللّٰهُ اَكْبَرُ اللّٰهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔

(نماز کھڑی ہوگئی ہے۔ نماز کھڑی ہوگئی ہے۔ اللہ سب سے بڑا ہے' اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے)۔

(راوی کہتے ہیں) جب اس بات کی اطلاع نبی اکرم ﷺ کو ہوئی تو آپ نے فرمایا: اللہ نے چاہا تو یہ خواب سچ ثابت ہوگا۔ تم بلال کے پاس جاؤ اور اسے یہ کلمات سکھاؤ کیونکہ اس کی آواز تم سے بلند ہے۔

(راوی کہتے ہیں) جب حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اذان دی اور حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے وہ سنی تو وہ اس وقت اپنے گھر میں موجود تھے۔ وہ اپنا تہبند گھسیٹتے ہوئے نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے اور عرض کی اے اللہ کے نبی اس ذات کی قسم! جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔ جس طرح کا خواب انہوں نے (یعنی حضرت عبداللہ بن زید رضی اللہ عنہ) نے دیکھا ہے۔ میں نے بھی ویسا ہی خواب دیکھا ہے تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے اب بات مزید پختہ ہوگئی ہے۔

**1220**- قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنِيهِ سَلَمَةُ قَالَ حَدَّثَنِيهِ ابْنُ اِسْحٰقَ قَالَ حَدَّثَنِي هٰذَا الْحَدِيْثَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهٖ عَنْ اَبِيْهِ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

❁❁ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1221**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَبِيْ عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ قَالَ

---

حدیث 1219 "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء، 370

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان، 499

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان، 706

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر، 16524

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء، 1679

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء، 1705

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/ 1991ء، 1937

"المنتقی من السنن المسند" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ/ 1988ء، 158

حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ بْنِ الْحَارِثِ التَّيْمِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ زَيْدِ بْنِ عَبْدِ رَبِّهِ قَالَ حَدَّثَنِي أَبِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ زَيْدٍ قَالَ لَمَّا أَمَرَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالنَّاقُوسِ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

☆☆ محمد بن عبداللہ بیان کرتے ہیں: میرے والد عبداللہ بن زید نے مجھے یہ حدیث سنائی ہے کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناقوس بنانے کا حکم دیا ہے (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)۔

## بَابٌ فِي وَقْتِ أَذَانِ الْفَجْرِ

## باب 4: فجر کی اذان کا وقت

طرف اشارہ کر کے یہ فرمایا کہ انہوں نے (حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا کون سا عمل افضل ہے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) کون سا عمل اللہ کے نزدیک زیادہ محبوب ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: نماز کو اس کے وقت پر ادا کرنا۔

**1258**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ النُّعْمَانِ الْاَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِيْ سَعْدُ بْنُ اِسْحٰقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ الْاَنْصَارِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ كَعْبٍ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي الْمَسْجِدِ سَبْعَةٌ مِنَّا ثَلَاثَةٌ مِنْ عَرَبِنَا وَاَرْبَعَةٌ مِنْ مَوَالِيْنَا اَوْ اَرْبَعَةٌ مِنْ عَرَبِنَا وَثَلَاثَةٌ مِنْ مَوَالِيْنَا قَالَ فَخَرَجَ عَلَيْنَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ بَعْضِ حُجَرِهِ حَتّٰى جَلَسَ اِلَيْنَا فَقَالَ مَا يُجْلِسُكُمْ هَاهُنَا قُلْنَا انْتِظَارُ الصَّلٰوةِ قَالَ فَنَكَتَ بِاِصْبَعِهِ فِي الْاَرْضِ وَنَكَسَ سَاعَةً ثُمَّ رَفَعَ اِلَيْنَا رَاْسَهُ فَقَالَ هَلْ تَدْرُوْنَ مَا يَقُوْلُ رَبُّكُمْ قَالَ قُلْنَا اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَعْلَمُ قَالَ اِنَّهُ يَقُوْلُ مَنْ صَلَّى الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَاَقَامَ حَدَّهَا كَانَ لَهُ بِهِ عَلَيَّ عَهْدٌ اُدْخِلُهُ الْجَنَّةَ وَمَنْ لَّمْ يُصَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا وَلَمْ يُقِمْ حَدَّهَا لَمْ يَكُنْ لَّهُ عِنْدِيْ عَهْدٌ اِنْ شِئْتُ اَدْخَلْتُهُ النَّارَ وَاِنْ شِئْتُ اَدْخَلْتُهُ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے ہم سات لوگ مسجد میں موجود تھے' جن میں سے تین عرب تھے اور چار ہمارے آزاد کردہ غلام تھے یا شاید چار عرب تھے اور تین ہمارے آزاد کردہ غلام تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے

حدیث 1257 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 504
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 426
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 170
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء 611
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 3890
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 1475
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 327
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 674
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 1580
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 1035
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 5286
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 9804
''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' 1409ھ/1989ء 1
''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 1569
''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء 470
حدیث 1258 ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 18157
''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 371
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 313

حجرۂ مبارک میں سے نکل کر ہمارے پاس تشریف لائے اور ہمارے ساتھ بیٹھ گئے آپ نے دریافت کیا' تم یہاں کیوں بیٹھے ہوئے ہو ہم نے عرض کی نماز کے انتظار میں نبی اکرم ﷺ نے اپنی انگلی مبارک سے زمین کو کریدا تھوڑی دیر کے لئے سر جھکایا اور پھر ہماری طرف سر اٹھا کر فرمایا کیا تم جانتے ہو کہ تمہارے پروردگار نے کیا ارشاد فرمایا ہے ہم نے عرض کی' اللہ اور اس کا رسول ﷺ زیادہ بہتر جانتے ہیں' آپ نے فرمایا: اس نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص نماز کو اس کے وقت پر ادا کرے۔ اس کے آداب کا خیال رکھے اس کے لئے میرا یہ عہد ہے کہ میں اسے جنت میں داخل کروں گا اور جو شخص نماز کو اس کے وقت پر ادا نہ کرے اور اس کے آداب کا خیال نہ رکھے اس کے لئے میرا کوئی عہد نہیں ہے اگر میں چاہوں تو اسے جہنم میں داخل کروں اور اگر چاہوں تو جنت میں داخل کروں۔

## بَابُ الصَّلٰوةِ خَلْفَ مَنْ يُّؤَخِّرُ الصَّلٰوةَ عَنْ وَقْتِهَا

## باب 25: جو شخص نماز تاخیر سے ادا کرے اس کی اقتداء میں نماز پڑھنا

**1259**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ بُدَيْلٍ عَنْ اَبِى الْعَالِيَةِ الْبَرَّاءِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَهٗ كَيْفَ اَنْتَ اِذَا بَقِيْتَ فِىْ قَوْمٍ يُؤَخِّرُوْنَ الصَّلٰوةَ عَنْ وَقْتِهَا قَالَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَعْلَمُ قَالَ صَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا وَاخْرُجْ فَاِنْ اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ وَاَنْتَ فِى الْمَسْجِدِ فَصَلِّ مَعَهُمْ

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ان سے فرمایا اس وقت تمہارا کیا حال ہوگا جب تم ایسے

| | |
|---|---|
| حدیث 1259: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان | 648 |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 4759 |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء | 859 |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 1257 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 3790 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء | 1482 |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء | 1639 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء | 932 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء | 5098 |
| "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء | 4323 |
| "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ | 1365 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء | 10206 |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | 454 |
| "ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' 1409ھ 1989ء | 954 |
| "مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء | 1178 |
| "مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء | 1093 |

لوگوں کے درمیان رہ جاؤ گے۔ جو نماز تاخیر سے ادا کیا کریں گے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی اللہ اور اس کا رسول زیادہ بہتر جانتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نماز اپنے وقت پر (گھر میں) پڑھ کر نکل جانا پھر جب نماز قائم ہو اور تم مسجد میں موجود ہو تو ان لوگوں کے ساتھ ہی نماز پڑھ لینا۔

**1260**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَبَا ذَرٍّ كَيْفَ تَصْنَعُ اِذَا اَدْرَكْتَ اُمَرَاءَ يُؤَخِّرُوْنَ الصَّلٰوةَ عَنْ وَقْتِهَا قُلْتُ مَا تَاْمُرُنِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ صَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا وَاجْعَلْ صَلَاتَكَ مَعَهُمْ نَافِلَةً قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ ابْنُ الصَّامِتِ هُوَ ابْنُ اَخِيْ اَبِيْ ذَرٍّ

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے ابوذر! اس وقت تم کیا کرو گے۔ جب تم ایسے حکمرانوں کا زمانہ پاؤ گے۔ جو نماز اپنے وقت سے تاخیر سے ادا کریں گے۔ میں نے عرض کی' اے اللہ کے رسول! آپ اس بارے میں مجھے کیا ہدایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نماز وقت پر ادا کر لینا اور ان کے ساتھ نفل نماز کے لئے شریک ہو جانا۔ امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس حدیث کی سند میں موجود راوی) عبداللہ بن ثابت' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ کے بھتیجے ہیں۔

## بَابُ مَنْ نَامَ عَنْ صَلٰوةٍ اَوْ نَسِيَهَا

## باب 26: جو شخص نماز کے وقت سویا رہ جائے یا نماز پڑھنا بھول جائے

**1261**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَسِيَ صَلٰوةً اَوْ نَامَ عَنْهَا فَلْيُصَلِّهَا اِذَا ذَكَرَهَا اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُوْلُ (اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِذِكْرِيْ)

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو نماز پڑھنا بھول جائے یا سویا رہ جائے جیسے ہی

حدیث 1261 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 572

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 684

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 442

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 613

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 696

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 11991

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1555

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 991

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 1586

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/ 1994ء 2998

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ- 1984ء 2854

اسے یاد آجائے وہ نماز پڑھ لے بے شک اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے:
"مجھے یاد کرنے کے لئے نماز قائم کرو"۔

# بَابٌ فِي الَّذِيْ تَفُوتُهُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ

# باب 27: جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو جائے

**1262- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ يَرْفَعُهُ قَالَ اِنَّ الَّذِيْ تَفُوتُهُ الصَّلٰوةُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَمَالَهُ**

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کے حوالے سے یہ مرفوع روایت نقل کرتے ہیں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے) بے شک جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو جائے گویا اس کے اہل خانہ اور مال سب کچھ برباد ہو گیا۔

**1263- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ فَاتَتْهُ صَلٰوةُ الْعَصْرِ فَكَاَنَّمَا وُتِرَ اَهْلَهُ وَوَلَدَهُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَوْ مَالَهُ**

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس شخص کی عصر کی نماز فوت ہو جائے گویا اس

---

حدیث 1262 "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 527
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 626
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 414
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 175
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 478
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 685
"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 21
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 5084
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء — 1469
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء — 335
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — 364
"السنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 1931
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء — 5453
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 13108
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 1237
"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دار الرایہ ریاض سعودی عرب 1411ھ 1991ء — 953
"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ 1408ھ 1988ء — 3013

کے اہل خانہ اور اولاد سب کچھ ہلاک ہوگیا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (یا شاید اس حدیث میں یہ الفاظ ہیں) اس کا مال (برباد ہوگیا)

## بَابٌ فِي الصَّلٰوةِ الْوُسْطٰى

## باب 28: نمازِ وسطیٰ

**1264**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبِيْدَةَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ الْخَنْدَقِ مَلَا اللّٰهُ قُبُوْرَهُمْ وَبُيُوْتَهُمْ نَارًا كَمَا حَبَسُوْنَا عَنْ صَلٰوةِ الْوُسْطٰى حَتّٰى غَابَتِ الشَّمْسُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ خندق کے دن فرمایا: اللہ تعالیٰ ان (مشرکین) کی قبروں اور گھروں کو آگ سے بھر دے جیسے انہوں نے ہمیں سورج غروب ہوجانے تک نمازِ وسطیٰ (نمازِ عصر) ادا نہیں کرنے دی۔

## بَابٌ فِيْ تَارِكِ الصَّلٰوةِ

## باب 29: نماز کا تارک

**1265**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ اَوْ قَالَ جَابِرٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الشِّرْكِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ اِلَّا تَرْكُ الصَّلٰوةِ قَالَ لِيْ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْعَبْدُ اِذَا تَرَكَهَا مِنْ غَيْرِ عُذْرٍ وَّعِلَّةٍ وَّلَا بُدَّ مِنْ اَنْ يُّقَالَ بِهٖ كُفْرٌ وَّلَمْ يَصِفْ بِالْكُفْرِ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' انسان اور شرک کے درمیان (راوی کو شک ہے یا شاید یہ فرمایا) کفر کے درمیان فرق نماز ترک کرنا ہے۔

---

حدیث 1264 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء — 3885

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 627

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2984

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 984

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 994

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — 2891

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء — 1336

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 1999

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء — 385

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء — 12069

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 8596

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب انسان کسی عذر اور علت کے بغیر نماز ترک کر دے تو یہ ضروری ہے کہ اسے کفر سے منسوب کیا جائے لیکن اسے کافر قرار نہیں دیا جاسکتا۔

## بَابٌ فِي تَحْوِيلِ الْقِبْلَةِ مِنْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ إِلَى الْكَعْبَةِ

## باب 30: قبلہ کا بیت المقدس سے خانہ کعبہ کی طرف منتقل ہو جانا

**1266**- أَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَمَا النَّاسُ فِي صَلٰوةِ الْفَجْرِ فِي قُبَاءٍ جَاءَهُمْ رَجُلٌ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُنْزِلَ عَلَيْهِ الْقُرْآنُ وَأُمِرَ أَنْ يَسْتَقْبِلَ الْكَعْبَةَ فَاسْتَقْبِلُوهَا وَكَانَ وُجُوهُ النَّاسِ إِلَى الشَّامِ فَاسْتَدَارُوا فَوَجَّهُوا إِلَى الْكَعْبَةِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' قبا میں چند لوگ فجر کی نماز ادا کر رہے تھے۔ اسی دوران ایک شخص آیا اور بولا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر قرآن کا نیا حکم نازل ہوا ہے اور آپ کو کعبہ کی طرف منہ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔ اس لئے تم لوگ بھی اس طرف منہ کر لو' لوگوں کے چہرے اس وقت ''شام'' کی طرف تھے' وہ اسی حالت میں گھوم گئے اور اپنا منہ کعبہ کی طرف کر لیا۔

حدیث **1265**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 82

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 4678

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2618

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء 464

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1080

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 15021

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 1453

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 11

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 330

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 6288

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 1953

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء 374

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 1022

حدیث **1266**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 4220

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 526

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 4794

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 1715

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 3374

**1267**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ الَّذِيْنَ مَاتُوْا وَهُمْ يُصَلُّوْنَ اِلٰى بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيْعَ اِيْمَانَكُمْ)

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے؛ جو بیت المقدس کی طرف منہ کر کے نماز پڑھتے رہے اور اسی حالت میں فوت ہو گئے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''اللہ تعالیٰ تمہارے ایمان (یعنی تمہارے اعمال) ضائع نہیں کرے گا''۔

## بَابٌ فِيْ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ

## باب 31: نماز کا آغاز کرنا

**1268**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ حَدَّثَنَا بُدَيْلٌ الْعُقَيْلِيُّ عَنْ اَبِي الْجَوْزَاءِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْتَتِحُ الصَّلٰوةَ بِالتَّكْبِيْرِ وَيَفْتَتِحُ الْقِرَاءَةَ بِالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَيَخْتِمُهَا بِالتَّسْلِيْمِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ اکبر کہہ کر نماز کا آغاز کرتے تھے آپ سب سے پہلے سورۂ فاتحہ کی قرأت کرتے تھے؛ آپ سلام پھیر کر نماز ختم کرتے تھے۔

---

حدیث **1267** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4680**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2964**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2776**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1717**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **3063**

حدیث **1268** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **498**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **783**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24076**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1768**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **2385**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء **4667**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **1331**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **2965**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ **2602**

# بَابُ رَفْعِ الْيَدَيْنِ عِنْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ

## باب 32: نماز کے آغاز میں رفع یدین کرنا

**1269**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ يَكُنْ يَقُومُ اِلَى الصَّلٰوةِ اِلَّا رَفَعَ يَدَيْهِ مَدًّا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے تھے تو آپ دونوں ہاتھ اوپر تک بلند کرتے تھے۔

# بَابُ مَا يُقَالُ بَعْدَ افْتِتَاحِ الصَّلٰوةِ

## باب 33: نماز شروع کرنے کے بعد کیا پڑھا جائے

**1270**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَمِّهِ الْمَاجِشُونَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ كَبَّرَ ثُمَّ قَالَ وَجَّهْتُ وَجْهِيَ لِلَّذِي فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ حَنِيفًا وَّمَا اَنَا مِنَ الْمُشْرِكِينَ (اِنَّ صَلَاتِي وَنُسُكِي وَمَحْيَايَ وَمَمَاتِي لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا شَرِيكَ لَهُ وَبِذٰلِكَ اُمِرْتُ وَاَنَا اَوَّلُ الْمُسْلِمِينَ) اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْمَلِكُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَنْتَ رَبِّي وَاَنَا عَبْدُكَ ظَلَمْتُ نَفْسِي وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْ لِي ذُنُوبِي جَمِيعًا لَا يَغْفِرُ

حدیث **1269**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 753
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 240
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء 883
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9606
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 1777
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء 2152
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 2562
حدیث **1270**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 771
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 3421
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 462
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء 2172
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 285
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 515

الذُّنُوبَ اِلَّا اَنْتَ وَاهْدِنِي لِاَحْسَنِ الْاَخْلَاقِ لَا يَهْدِي لِاَحْسَنِهَا اِلَّا اَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّي سَيِّئَهَا لَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا اِلَّا اَنْتَ لَبَّيْكَ وَسَعْدَيْكَ وَالْخَيْرُ كُلُّهُ فِي يَدَيْكَ وَالشَّرُّ لَيْسَ اِلَيْكَ اَنَا بِكَ وَاِلَيْكَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوبُ اِلَيْكَ

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز کا آغاز کرتے تو تکبیر کہتے اور پھر یہ دعا پڑھتے۔

''میں اپنا رخ اس ذات کی طرف کرتا ہوں جس نے آسمانوں اور زمین کو بالکل ٹھیک پیدا کیا ہے اور میں مشرک نہیں ہوں بے شک میری نماز' میری قربانی' میری زندگی اور میری موت تمام جہانوں کے پروردگار اللہ کے لئے ہے جس کا کوئی شریک نہیں ہے مجھے اسی بات کا حکم دیا گیا ہے اور میں سب سے پہلا مسلمان ہوں' اے اللہ! تو بادشاہ ہے تیرے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے تو میرا پروردگار ہے میں تیرا بندہ ہوں۔ میں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے میں اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں تو میرے تمام گناہوں کو بخش دے۔ تیرے علاوہ کوئی اور گناہوں کو نہیں بخش سکتا تو مجھے اچھے اخلاق کی ہدایت دے۔ اچھے اخلاق کی ہدایت صرف تو ہی مجھے دے سکتا ہے تو مجھ سے برائیاں دور کردے۔ ان برائیوں کو صرف تو ہی دور کر سکتا ہے۔ میں حاضر ہوں اور تیری بارگاہ میں ہوں ہر طرح کی بھلائی تیرے دست قدرت میں ہے تیری طرف کوئی برائی نہیں آسکتی میں تیرے لئے ہوں اور تیری ہی طرف لوٹ کر آؤں گا تو برکت والا ہے' عظمت والا ہے میں تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور تیری بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں''۔

**1271**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ اَبِي الْمُتَوَكِّلِ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ مِنَ اللَّيْلِ فَكَبَّرَ قَالَ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالَى جَدُّكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اَعُوذُ بِاللّٰهِ السَّمِيعِ الْعَلِيمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيمِ مِنْ هَمْزِهِ وَنَفْثِهِ وَنَفْخِهِ ثُمَّ يَسْتَفْتِحُ صَلَاتَهُ قَالَ جَعْفَرٌ وَفَسَّرَهُ مَطَرٌ هَمْزُهُ الْمُوتَةُ وَنَفْثُهُ الشِّعْرُ وَنَفْخُهُ الْكِبْرُ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت جب نوافل ادا کرنے کے لئے کھڑے ہوتے تو تکبیر کہہ کر یہ دعا پڑھتے:

''اے اللہ! تو پاک ہے' حمد تیرے لیے ہے' تیرا اسم برکت والا ہے' تیری عظمت بلند و برتر ہے' تیرے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے' میں سمیع و علیم اللہ تعالیٰ کی' شیطان سے' اور اس کے ہمز' نفث اور نفخ سے' پناہ مانگتا ہوں''۔

پھر نبی اکرم نماز کا آغاز کرتے تھے۔

اس روایت کے راوی جعفر بیان کرتے ہیں۔ مطر نے ان الفاظ کی وضاحت یوں کی ہے

---

حدیث **1271**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 775

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 11491

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — 2179

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء — 1108

''ہمزہ'' کا مطلب ''موتہ'' ہے نفث سے مراد ''شعر'' ہے۔ اور ''نفخ'' سے مراد ''تکبر'' ہے۔

## بَاب كَرَاهِيَةِ الْجَهْرِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

## باب 34: بلند آواز میں بسم اللہ پڑھنا مکروہ ہے

**1272**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ كَانُوْا يَفْتَتِحُوْنَ الْقِرَائَةَ بِ (الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ) قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ بِهٰذَا نَقُوْلُ وَلَا اَرَى الْجَهْرَ بِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم 'حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (نماز کے دوران بلند آواز میں) قرأت کا آغاز الحمد للہ رب العالمین سے کرتے تھے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ہم اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں میرے نزدیک بلند آواز میں بسم اللہ نہیں پڑھی جائے گی۔

## بَاب قَبْضِ الْيَمِيْنِ عَلَى الشِّمَالِ فِي الصَّلٰوةِ

## باب 35: نماز کے دوران دائیں ہاتھ کو بائیں پر رکھنا

**1273**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الْجَبَّارِ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَضَعُ يَدَهُ الْيُمْنٰى عَلَى الْيُسْرٰى قَرِيْبًا مِّنَ الرُّسْغِ

☆☆ عبدالجبار اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے دیکھا ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنا دایاں ہاتھ بائیں ہاتھ پر کلائی کے

---

حدیث **1272**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407** ھ **1987**ء — **710**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **399**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **782**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2928**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406** ھ **1986**ء — **902**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **813**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **12010**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414** ھ/ **1993**ء — **1799**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390** ھ/ **1970**ء — **492**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411** ھ/ **1990**ء — **855**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411** ھ/ **1991**ء — **979**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414** ھ/ **1994**ء — **2242**

قریب رکھتے تھے۔

## بَاب لَا صَلٰوۃَ اِلَّا بِفَاتِحَۃِ الْکِتَابِ

## باب 36: سورۂ فاتحہ کے بغیر نماز نہیں ہوتی

**1274**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ الرَّبِیْعِ عَنْ عُبَادَۃَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَّمْ یَقْرَاْ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ فَلَا صَلٰوۃَ لَهٗ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' جو شخص (نماز میں) سورۂ فاتحہ نہیں پڑھتا اس کی نماز نہیں ہوتی۔

## بَابٌ فِی السَّکْتَتَیْنِ

## باب 37: دو مرتبہ خاموشی اختیار کرنا

**1275**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ عَنْ حُمَیْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَۃَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

---

حدیث **1273**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء — **707**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **401**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **755**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **18893**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **1805**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **479**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء — **10358**

حدیث **1275**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **777**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **251**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **844**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **20093**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **1807**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **1578**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1990**ء — **780**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' **1414**ھ/**1994**ء — **2898**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔**1984**ء — **6109**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء — **6875**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء — **162**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/**1984**ء — **915**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَسْكُتُ سَكْتَتَيْنِ إِذَا دَخَلَ فِي الصَّلٰوةِ وَإِذَا فَرَغَ مِنَ الْقِرَاءَةِ فَأَنْكَرَ ذٰلِكَ عِمْرَانُ بْنُ حُصَيْنٍ فَكَتَبُوا إِلٰى أُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ فَكَتَبَ إِلَيْهِمْ أَنْ قَدْ صَدَقَ سَمُرَةُ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ كَانَ قَتَادَةُ يَقُولُ ثَلَاثُ سَكَتَاتٍ وَفِي الْحَدِيثِ الْمَرْفُوعِ سَكْتَتَانِ

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دومرتبہ خاموشی اختیار کرتے تھے ایک جب آپ نماز میں داخل ہوتے اور دوسرا جب آپ قرأت کر کے فارغ ہوتے حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ نے اس بات کا انکار کیا تو ان حضرات نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کو خط لکھ کر (یہ مسئلہ دریافت کیا) انہوں نے ان حضرات کو جواب میں لکھا کہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے درست بیان کیا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں قتادہ فرماتے ہیں (نماز میں) تین مرتبہ خاموشی اختیار کی جائے گی جبکہ مرفوع حدیث میں دو مرتبہ خاموشی اختیار کرنے کا ذکر ہے۔

**1276**- أَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ آدَمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ عَنْ أَبِي زُرْعَةَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْكُتُ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ إِسْكَاتَةً حَسِبْتُهُ قَالَ هُنَيَّةً فَقُلْتُ لَهُ بِأَبِي وَأُمِّي يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِسْكَاتَتَكَ بَيْنَ التَّكْبِيرِ وَالْقِرَاءَةِ مَا تَقُولُ قَالَ أَقُولُ اللّٰهُمَّ بَاعِدْ بَيْنِي وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ اللّٰهُمَّ نَقِّنِي مِنْ خَطَايَايَ كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الدَّنَسِ اللّٰهُمَّ اغْسِلْنِي مِنْ خَطَايَايَ بِالثَّلْجِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تکبیر اور قرأت کے درمیان خاموشی اختیار کرتے تھے (راوی بیان کرتے ہیں' میرا خیال ہے کہ انہوں نے لفظ مختصر بھی کہا تھا) میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں تکبیر اور قرأت کے درمیان خاموشی میں آپ کیا پڑھتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: میں یہ پڑھتا ہوں۔

"اے اللہ! میرے اور گناہوں کے درمیان اتنا فاصلہ کر دے جتنا تو نے مشرق اور مغرب کے درمیان فاصلہ رکھا ہے۔
اے اللہ! مجھے گناہوں سے اس طرح پاک رکھنا جیسے سفید کپڑے کو میل سے پاک رکھا جاتا ہے۔ اے اللہ! میری خطاؤں کو برف اور ٹھنڈے پانی کے ذریعے دھودے"۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ التَّأْمِينِ

## باب 38: آمین کہنے کی فضیلت

**1277**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا قَالَ الْقَارِئُ (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ) فَقَالَ مَنْ خَلْفَهُ آمِينَ فَوَافَقَ ذٰلِكَ أَهْلَ السَّمَاءِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' جب قرأت کرنے والا (امام) غَيْرِ

الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّينَ پڑھتا ہے اوراس کے پیچھے کھڑا ہوا شخص آمین کہتا ہے تو یہ بات آسمانوں والوں (یعنی فرشتوں کے عمل) کے موافق ہو جاتی ہے تو اس شخص کے گزشتہ گناہوں کو بخش دیا جاتا ہے۔

**1278**- اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا قَالَ الْاِمَامُ (غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ تَقُوْلُ اٰمِيْنَ وَاِنَّ الْاِمَامَ يَقُوْلُ اٰمِيْنَ فَمَنْ وَّافَقَ تَاْمِيْنُهُ تَاْمِيْنَ الْمَلَائِكَةِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جب امام غَيْرِ الْمَغْضُوبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ پڑھے تو تم آمین کہو کیونکہ فرشتے بھی آمین کہتے ہیں اور امام بھی آمین کہتا ہے جس شخص کا آمین کہنا فرشتوں کے آمین کہنے کے ساتھ ہوگا اس کے گزشتہ گناہوں کو بخشش دیا جائے گا۔

## بَابُ الْجَهْرِ بِالتَّاْمِيْنِ

## باب 39: بلند آواز میں آمین کہنا

**1279**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ حُجْرِ بْنِ الْعَنْبَسِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَرَاَ (وَلَا الضَّالِّيْنَ) قَالَ اٰمِيْنَ وَيَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ

☆☆ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب ولا الضالین پڑھتے تو آمین کہتے تھے اور بلند آواز میں

حدیث **1277**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 749

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 410

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 935

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** 927

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 195

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9924

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** 1804

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390ھ/1970ء** 575

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** 1001

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** 2265

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** 1411

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412ھ/1991ء** 98

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403ھ** 644

کہتے تھے۔

## بَابُ التَّكْبِيرِ عِنْدَ كُلِّ خَفْضٍ وَّرَفْعٍ

## باب 40: ہر مرتبہ جھکتے اور اُٹھتے وقت تکبیر کہنا

**1280**- اَخْبَرَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُمَا صَلَّيَا خَلْفَ اَبِيْ هُرَيْرَةَ فَلَمَّا رَكَعَ كَبَّرَ فَلَمَّا رَفَعَ رَاْسَهُ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ ثُمَّ قَالَ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ثُمَّ سَجَدَ وَكَبَّرَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَكَبَّرَ ثُمَّ كَبَّرَ حِيْنَ قَامَ مِنَ الرَّكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهِ اِنِّيْ لَاَقْرَبُكُمْ شَبَهًا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا زَالَ هٰذِهٖ صَلَاتُهُ حَتّٰى فَارَقَ الدُّنْيَا

☆☆ ابوبکر اور ابوسلمہ بیان کرتے ہیں' ان دونوں حضرات نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز ادا کی جب وہ رکوع میں گئے تو انہوں نے تکبیر کہی جب انہوں نے سر اُٹھایا تو سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ پڑھا پھر رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ پڑھا پھر سجدے میں جاتے ہوئے تکبیر کہی پھر سجدے سے سر اٹھاتے ہوئے تکبیر کہی پھر جب وہ دو رکعت ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوئے تو تکبیر کہی (نماز سے فارغ ہونے کے بعد) انہوں نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے دست قدرت میں میری جان ہے میں تم سب کے مقابلے میں سب سے زیادہ (بہتر طور پر) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرح نماز پڑھتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دنیا سے تشریف لے جانے تک اسی طرح نماز ادا کرتے رہے۔

**1281**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ اَخْبَرَنَا اَبُوْ خَيْثَمَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِيْهِ وَعَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِيْ كُلِّ رَفْعٍ وَّوَضْعٍ وَّقِيَامٍ وَّقُعُوْدٍ

حدیث 1279: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 932

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء — 929

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — 2286

"صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء — 752

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 836

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء — 1155

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 166

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 7645

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — 1766

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — 742

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 2325

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء — 5499

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء — 353

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ آپ ہر مرتبہ اٹھتے ہوئے جھکتے ہوئے قیام کرتے ہوئے اور بیٹھتے ہوئے تکبیر کہا کرتے تھے۔

# بَابٌ فِی رَفْعِ الْيَدَيْنِ فِي الرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

## باب 41: رکوع اور سجدے میں رفع یدین کرنا

**1282**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا دَخَلَ الصَّلٰوةَ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ وَاِذَا رَكَعَ كَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَلَا يَرْفَعُ بَيْنَ السَّجْدَتَيْنِ اَوْ فِي السُّجُوْدِ

☆☆ سالم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نماز میں داخل ہوتے تو تکبیر کہتے اور دونوں ہاتھ کندھوں تک اٹھاتے جب آپ رکوع میں جاتے تو تکبیر کہتے اور دونوں ہاتھ بلند کرتے جب رکوع سے سر اٹھاتے تو بھی ایسا ہی کرتے البتہ آپ دونوں سجدوں کے درمیان رفع یدین نہیں کرتے تھے۔

**1283**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ نَصْرِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا كَبَّرَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَتّٰى يُحَاذِيَ اُذُنَيْهِ وَاِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوْعِ

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب تکبیر تحریمہ کہتے تو دونوں ہاتھ کانوں تک بلند کرتے تھے جب آپ رکوع میں جاتے اور جب رکوع سے سر مبارک اٹھاتے (تو بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے)

**1284**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ حَدَّثَنِي اَبُو الْبَخْتَرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

---

حدیث **1282** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ/1987ء **702**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **390**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **721**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **3423**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ/1986ء **877**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **860**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **163**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **467**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **1864**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء **583**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **644**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **2137**

الْيَحْصُبِيِّ عَنْ وَائِلِ الْحَضْرَمِيِّ أَنَّهُ صَلَّى مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَانَ يُكَبِّرُ إِذَا خَفَضَ وَإِذَا رَفَعَ وَيَرْفَعُ يَدَيْهِ عِنْدَ التَّكْبِيرِ وَيُسَلِّمُ عَنْ يَمِينِهِ وَعَنْ يَسَارِهِ قَالَ قُلْتُ حَتّٰى يَبْدُوَ وَضَحُ وَجْهِهِ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت وائل حضرمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدار میں نماز ادا کی ہے آپ جب بھی جھکتے تھے یا اُٹھتے تھے تو تکبیر کہا کرتے تھے اور ہر تکبیر کے ہمراہ رفع یدین کرتے تھے نیز آپ (نماز کے اختتام پر) دائیں اور بائیں (دونوں طرف) سلام پھیرتے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے دریافت کیا یہاں تک کہ آپ کے چہرے کی سفیدی نمایاں ہو جاتی تھی؟ انہوں نے جواب دیا' ہاں!

## بَابٌ مَنْ اَحَقُّ بِالْإِمَامَةِ

## باب 42: امامت کا زیادہ کا حقدار کون ہے

**1285**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا وُهَيْبُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا أَيُّوبُ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ مَالِكِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ قَالَ أَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَفَرٍ مِّنْ قَوْمِي وَنَحْنُ شَبَبَةٌ فَأَقَمْنَا عِنْدَهُ عِشْرِيْنَ لَيْلَةً وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَفِيْقًا فَلَمَّا رَاَى شَوْقَنَا إِلَى أَهْلِيْنَا قَالَ ارْجِعُوْا إِلَى أَهْلِيكُمْ فَكُوْنُوْا فِيْهِمْ فَمُرُوْهُمْ وَعَلِّمُوْهُمْ وَصَلُّوا كَمَا رَأَيْتُمُوْنِي أُصَلِّي وَإِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيُؤَذِّنْ لَكُمْ أَحَدُكُمْ ثُمَّ لِيَؤُمَّكُمْ أَكْبَرُكُمْ

☆☆ حضرت مالک بن حویرث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنی قوم کے چند افراد کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا ہم لوگ نوجوان تھے' ہم نے بیس دن تک آپ کے یہاں قیام کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بہت مہربان تھے جب آپ نے ہمارا اپنے گھر کی طرف اشتیاق ملاحظہ کیا تو ارشاد فرمایا تم لوگ اپنے گھر واپس چلے جاؤ اور وہاں رہنا انہیں (اسلامی احکام) کا حکم اور تعلیم دینا اور اسی طرح نماز ادا کرنا جیسے تم نے مجھے نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے جب نماز کا وقت ہو جائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص اذان دے اور سب سے زیادہ عمر کا آدمی تمہاری امامت کرے۔

| | |
|---|---|
| حدیث **1285**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء | **605** |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **674** |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **635** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **15636** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **1872** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **586** |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **1599** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **4707** |

**1286**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَبِیْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اجْتَمَعَ ثَلَاثَةٌ فَلْیَؤُمَّهُمْ اَحَدُهُمْ وَاَحَقُّهُمْ بِالْاِمَامَةِ اَقْرَؤُهُمْ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب تین لوگ اکٹھے ہو جائیں تو ان میں سے کوئی ایک امامت کرے اور ان میں سے امامت کا زیادہ حقدار وہ شخص ہوگا جو زیادہ اچھا قاری (یا زیادہ آیات کا حافظ) ہو۔

## بَابٌ مَّقَامِ مَنْ يُّصَلِّیْ مَعَ الْاِمَامِ اِذَا كَانَ وَحْدَهٗ

## باب **43**: اگر مقتدی اکیلا ہو تو امام کے ہمراہ کہاں کھڑا ہو

**1287**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِیْدَ بْنَ جُبَیْرٍ یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ خَالَتِیْ مَیْمُوْنَةَ فَجَآءَ النَّبِیُّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعْدَ الْعِشَاءِ فَصَلّٰی اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ قَامَ فَقَالَ اَنَامَ الْغُلَیِّمُ اَوْ كَلِمَةً نَحْوَهَا فَقَامَ فَصَلّٰی فَجِئْتُ فَقُمْتُ عَنْ یَسَارِهٖ فَاَخَذَ بِیَدِیْ فَجَعَلَنِیْ عَنْ یَمِیْنِهٖ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں اپنی خالہ سیّدہ میمونہ رضی اللہ عنہا کے ہاں موجود تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کے بعد

---

حدیث **1286**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء — **840**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **11316**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **1701**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء — **857**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **5070**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء — **1319**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **878**

حدیث **1287**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **117**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **763**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **610**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **232**

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں امام احمد بن حنبل' عمرو بن مرہ کی روایت کو درست قرار دیتے ہیں جبکہ میں یزید بن زیاد کی اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

**1320** - اَخْبَرَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ وَابِصَةَ بْنِ مَعْبَدٍ اَنَّ رَجُلًا صَلَّى خَلْفَ الصُّفُوفِ وَحْدَهُ فَاَمَرَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يُعِيدَ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَقُولُ بِهٰذَا

☆☆ حضرت وابصہ بن معبد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے صف کے پیچھے کھڑے ہو کر تنہا نماز پڑھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دوبارہ نماز پڑھنے کا حکم دیا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں اس کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

**1321** - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي طَلْحَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ جَدَّتَهُ مُلَيْكَةَ دَعَتْ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِطَعَامٍ صَنَعَتْهُ فَاَكَلَ ثُمَّ قَالَ قُومُوا فَلِاُصَلِّيَ بِكُمْ قَالَ اَنَسٌ فَقُمْتُ اِلٰى حَصِيرٍ لَنَا قَدِ اسْوَدَّ مِنْ طُولِ مَا لُبِسَ فَنَضَحْتُهُ بِمَاءٍ فَقَامَ عَلَيْهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَصَفَفْتُ اَنَا وَالْيَتِيمُ وَرَائَهُ وَالْعَجُوزُ وَرَائَنَا فَصَلَّى لَنَا رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ انْصَرَفَ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ان کی دادی سیدہ ملیکہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے کھانا تیار کیا آپ نے اسے کھالیا تو پھر ارشاد فرمایا اُٹھو میں تمہیں نماز پڑھاتا ہوں حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں ایک چٹائی کی طرف بڑھا جو طویل استعمال کی وجہ سے سیاہ ہو چکی تھی میں نے اسے پانی کے ذریعے دھویا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس پر کھڑے ہوئے میں نے اور یتیم نے آپ کے پیچھے صف قائم کی جبکہ بزرگ خواتین ہمارے پیچھے کھڑی ہوئیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں دو رکعت پڑھانے کے بعد سلام پھیر دیا۔

| | |
|---|---|
| حدیث **1321**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء | **373** |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان | **658** |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **612** |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان | **234** |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء | **801** |
| "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | **359** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **12362** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ **1993**ء | **2205** |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1991**ء | **876** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء | **4940** |

# بَاب قَدْرِ الْقِرَائَةِ فِي الظُّهْرِ

## باب 61: ظہر کی نماز میں قرأت کی مقدار

1322- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنِ الْوَلِيْدِ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُوْمُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ قَدْرَ ثَلَاثِيْنَ آيَةً وَّفِي الْاُخْرَيَيْنِ عَلٰى قَدْرِ النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ وَفِي الْعَصْرِ عَلٰى قَدْرِ الْاُخْرَيَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ وَفِي الْاُخْرَيَيْنِ عَلٰى قَدْرِ النِّصْفِ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز کی ابتدائی دو رکعت میں تقریباً تیس کے قریب آیات تلاوت کیا کرتے تھے جب کہ آخری دو رکعت میں اس سے نصف تلاوت کرتے تھے جبکہ عصر کی نماز میں ظہر کی آخری دو رکعت جتنی قرأت کرتے تھے اور عصر کی آخری دو رکعت میں عصر کی پہلی دو رکعت کے نصف جتنی قرأت کرتے تھے۔

1323- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْوَلِيْدِ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ بِنَحْوِهٖ وَزَادَ قَدْرَ قِرَائَةِ الم تَنْزِيْلُ السَّجْدَةِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سورۃ آلم تنزیل السجدہ کی مقدار جتنی تلاوت کرتے تھے۔

1324- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ بِالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی نماز میں سورۂ طارق اور سورۂ بروج کی تلاوت کیا کرتے تھے۔

---

حدیث 1322: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 452

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء 475

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 10999

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 1825

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 509

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 351

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء 2307

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 1126

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 946

حدیث 1324: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 805

# بَاب كَيْفَ الْعَمَلُ بِالْقِرَائَةِ فِي الظُّهْرِ وَالْعَصْرِ

## باب 62: ظہر اور عصر کی نماز میں قرأت کا طریقہ کیا ہے

**1325**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى قَتَادَةَ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ بِاُمِّ الْقُرْاٰنِ وَبِسُورَتَيْنِ مَعَهَا فِي الرَّكْعَتَيْنِ الْاُولَيَيْنِ مِنْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ وَصَلٰوةِ الْعَصْرِ وَيُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ اَحْيَانًا وَكَانَ يُطَوِّلُ فِي الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى

عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر اور عصر کی ابتدائی دو رکعت میں سورۂ فاتحہ اور اس کے ہمراہ دو سورتیں پڑھا کرتے تھے اور بعض اوقات آپ ایک آیت بلند آواز سے بھی پڑھتے تھے اور آپ پہلی رکعت لمبی ادا کیا کرتے تھے۔

**1326**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيٰى بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

---

بقیہ حدیث **1324**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **307**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **979**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21020**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **1827**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **1051**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **3835**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **1966**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **774**

حدیث **1325**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **725**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **451**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **798**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **974**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **819**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19437**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **1855**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **503**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **1046**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **2288**

**1327**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِى كَثِيرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِى قَتَادَةَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْرَاُ فِى الرَّكْعَتَيْنِ الْاُوْلَيَيْنِ مِنْ صَلٰوةِ الظُّهْرِ بِاُمِّ الْكِتَابِ وَبِسُوْرَتَيْنِ وَفِى الْاُخْرَيَيْنِ بِاُمِّ الْكِتَابِ وَكَانَ يُسْمِعُنَا الْاٰيَةَ وَكَانَ يُطِيلُ فِى الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى مَا لَا يُطِيلُ فِى الثَّانِيَةِ وَهٰكَذَا فِى صَلٰوةِ الْعَصْرِ وَهٰكَذَا فِى صَلٰوةِ الْغَدَاةِ

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ظہر کی ابتدائی دو رکعت میں سورۂ فاتحہ اور دو سورتیں پڑھتے تھے' جن میں سے کوئی ایک آیت بلند آواز میں پڑھتے تھے۔ آپ ﷺ پہلی رکعت کو دوسری رکعت سے لمبی ادا کرتے تھے عصر کی اور فجر کی نماز بھی آپ اسی طرح سے ادا کرتے تھے۔

## بَابٌ فِى قَدْرِ الْقِرَائَةِ فِى الْمَغْرِبِ

## باب 63: مغرب کی نماز میں قرأت کی مقدار

**1328**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ اَنَّهَا سَمِعَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِى الْمَغْرِبِ بِالْمُرْسَلَاتِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: انہوں نے مغرب کی نماز میں نبی اکرم ﷺ کو سورۂ مرسلات کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔

**1329**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ سَمِعَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِى الْمَغْرِبِ بِالطُّوْرِ

☆☆ محمد بن زبیر اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو مغرب کی نماز میں سورۂ طور کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔

---

حدیث **1328**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **4166**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **986**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **26910**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء — **1058**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔**1984**ء — **7071**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1585**

حدیث **1329**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **2885**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **463**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **811**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **987**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **832**

## بَابُ قَدْرِ الْقِرَائَةِ فِي الْعِشَاءِ

## باب 64: عشاء کی نماز میں قرأت کی مقدار

**1330**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ اَنَّ مُعَاذًا كَانَ يُصَلِّي مَعَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثُمَّ يَاْتِي قَوْمَهُ فَيُصَلِّي بِهِمْ فَجَاءَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَصَلَّى الْعَتَمَةَ وَقَرَاَ الْبَقَرَةَ فَجَاءَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ فَصَلَّى ثُمَّ ذَهَبَ فَبَلَغَهُ اَنَّ مُعَاذًا يَنَالُ مِنْهُ فَشَكَا ذٰلِكَ اِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِمُعَاذٍ فَاتِنًا فَاتِنًا فَاتِنًا اَوْ فَتَّانًا فَتَّانًا فَتَّانًا ثُمَّ اَمَرَهُ بِسُورَتَيْنِ مِنْ وَسَطِ الْمُفَصَّلِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ نَاْخُذُ بِهٰذَا

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کرنے کے بعد اپنے

---

| | |
|---|---|
| بقیہ حدیث **1329**: "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | 171 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | 16781 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء | 1833 |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء | 514 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء | 1059 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 2887 |
| حدیث **1330**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء | 668 |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 465 |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان | 599 |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 583 |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء | 835 |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان | 986 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | 14226 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء | 2400 |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء | 521 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء | 909 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 3844 |
| "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء | 1827 |
| "معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/ عمان 1405ھ 1985ء | 1009 |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان | 1694 |
| "مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 1246 |

محلے میں آجاتے تھے اور وہاں کے لوگوں کو نماز پڑھاتے تھے ایک رات وہ آئے اور عشاء کی نماز پڑھانا شروع کی۔انہوں نے سورۂ بقرہ کی تلاوت شروع کردی۔انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا اور تنہا نماز پڑھ کر چلا گیا بعد میں پتہ چلا کہ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو اس بات سے افسوس ہوا ہے اس شخص نے اس بات کی شکایت حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے کی تو انہوں نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو فرمایا کہ (تم) فتنے میں مبتلا کرنے والے ہو۔فتنے میں مبتلا کرنے والے ہو (راوی کو شک ہے کہ اس حدیث میں فاتن کی بجائے فتّان کے الفاظ ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو وسط مفصل سے تعلق رکھنے والی کوئی سی دو سورتیں تلاوت کرنے کی ہدایت کی تھی۔

امام محمد ابو دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم اسی کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

## بَابُ قَدْرِ الْقِرَائَةِ فِى الْفَجْرِ

## باب 65: فجر کی نماز میں قرأت کی مقدار

**1331- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّى يَقُوْلُ اِنَّهُ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعَهُ يَقْرَأُ فِى اِحْدَى الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الصُّبْحِ وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ قَالَ شُعْبَةُ وَسَاَلْتُهُ مَرَّةً اُخْرٰى قَالَ سَمِعْتُهُ يَقْرَأُ بِقٓ**

☆☆ زیاد بن علاقہ بیان کرتے ہیں' میں نے اپنے چچا سے یہ بیان سنا ہے' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی تھی آپ نے فجر کی نماز میں دونوں میں سے کسی ایک رکعت میں یہ آیت تلاوت کی تھی۔ وَالنَّخْلِ بَاسِقَاتٍ۔

شعبہ کہتے ہیں: میں نے اپنے استاد سے دوبارہ یہ سوال کیا تو انہوں نے بتایا کہ میں نے اپنے چچا کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے (کہ انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی) سورۂ قٓ کی تلاوت سنی تھی۔

**1332- اَخْبَرَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ عَنْ قُطْبَةَ بْنِ مَالِكٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَأُ فِى الْفَجْرِ فِى الرَّكْعَةِ الْاُوْلٰى وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَضِيْدٌ**

---

حدیث 1331: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 458

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 950

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 816

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 16443

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 1814

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 1591

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 1022

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 3821

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 7459

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 1929

☆☆ قطبہ بن مالک بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو فجر کی نماز میں پہلی رکعت میں یہ آیت پڑھتے ہوئے سنا ہے۔

وَالنَّخْلَ بَاسِقَاتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَضِيْدٌ

**1333**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ سَرِيْعٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِيْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ فَلَمَّا انْتَهٰى اِلٰى هٰذِهِ الْاٰيَةِ (وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ) جَعَلْتُ اَقُوْلُ فِيْ نَفْسِيْ مَا اللَّيْلُ اِذَا عَسْعَسَ

☆☆ حضرت عمرو بن حریث رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو فجر کی نماز میں سورۂ تکویر کی تلاوت کرتے ہوئے سنا ہے۔ جب نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت پڑھی وَاللَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ تو میں نے دل میں سوچا اس کا مطلب کیا ہے۔

اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنِ الْوَلِيْدِ عَنْ عَمْرِو بْنِ حُرَيْثٍ بِنَحْوِهٖ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہیں۔

**1334**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا عَوْفٌ عَنْ سَيَّارِ بْنِ سَلَامَةَ قَالَ دَخَلْتُ مَعَ اَبِيْ عَلٰى اَبِيْ بَرْزَةَ الْاَسْلَمِيِّ وَهُوَ عَلٰى عُلْوٍ مِّنْ قَصَبٍ فَسَاَلَهُ اَبِيْ عَنْ وَقْتِ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ كَانَ يُصَلِّي الْهَجِيْرَ الَّتِيْ تَدْعُوْنَ الظُّهْرَ اِذَا دَحَضَتِ الشَّمْسُ وَكَانَ يُصَلِّي الْعَصْرَ ثُمَّ يَنْطَلِقُ اَحَدُنَا اِلٰى اَهْلِهٖ فِيْ اَقْصَى الْمَدِيْنَةِ وَالشَّمْسُ حَيَّةٌ قَالَ وَنَسِيْتُ مَا ذَكَرَ فِي الْمَغْرِبِ وَكَانَ يَسْتَحِبُّ اَنْ يُّؤَخِّرَ مِنْ صَلٰوةِ الْعِشَاءِ الَّتِيْ تَدْعُوْنَ الْعَتَمَةَ وَكَانَ يَنْصَرِفُ مِنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ وَالرَّجُلُ يَعْرِفُ جَلِيْسَهٗ وَكَانَ يَقْرَاُ فِيْهَا مِنَ السِّتِّيْنَ اِلَى الْمِائَةِ

☆☆ حضرت سیار بن سلامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ حضرت ابو برزہ اسلمی رضی اللہ عنہ کے پاس گیا وہ ایک بالاخانے میں مقیم تھے میرے والد نے نبی اکرم ﷺ کی نمازوں کے اوقات کے بارے میں سوال کیا تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم ﷺ دوپہر کی نماز جسے تم لوگ ظہر کہتے ہو اس وقت پڑھا کرتے تھے جب سورج ڈھل جاتا تھا۔ جب آپ عصر کی نماز ادا کر لیتے تو ہم میں سے ایک شخص مدینہ منورہ کے دور دراز گوشوں میں سے ایک میں موجود اپنے گھر چلا جاتا اور دھوپ ابھی باقی ہوتی تھی (راوی فرماتے ہیں) کہ مغرب کی نماز کے بارے میں انہوں نے جو بات کی تھی وہ میں بھول گیا ہوں۔

(انہوں نے یہ بھی بتایا کہ عشاء کی نماز) جسے تم عتمہ کہتے ہو' تاخیر سے ادا کرنا پسند کرتے تھے اور جب آپ فجر کی نماز پڑھ کر فارغ ہوتے تھے تو آدمی اپنے پاس بیٹھے ہوئے شخص کو پہچان لیتا تھا آپ اس نماز میں ساٹھ سے لے کر سو آیات تک تلاوت کرتے تھے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **1333**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء | **951** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **1023** |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ- **1984**ء | **1408** |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | **567** |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان | **1055** |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ | **4630** |

# بَابُ كَرَاهِيَةِ رَفْعِ الْبَصَرِ اِلَى السَّمَآءِ فِي الصَّلٰوةِ

## باب 66: نماز کے دوران آسمان کی طرف نگاہ اُٹھا کر دیکھنا مکروہ ہے

**1335** - اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ تَمِيمِ بْنِ طَرَفَةَ عَنْ جَابِرِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَسْجِدَ وَقَدْ رَفَعُوْا اَبْصَارَهُمْ فِي الصَّلٰوةِ اِلَى السَّمَآءِ فَقَالَ لَتَنْتَهُنَّ اَوْ لَا تَرْجِعُ اِلَيْكُمْ اَبْصَارُكُمْ

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ بیان کرتے ہیں۔

نبی اکرم ﷺ مسجد میں تشریف لائے کچھ لوگ نماز کے دوران آسمان کی طرف نگاہ اُٹھا کر دیکھ رہے تھے تو حضور ﷺ نے فرمایا یا تو یہ لوگ (اس حرکت سے) باز آجائیں گے یا ان کی بصارت واپس نہیں آئے گی۔

**1336** - اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ يَرْفَعُوْنَ اَبْصَارَهُمْ اِلَى السَّمَآءِ فِي صَلَاتِهِمْ فَاشْتَدَّ قَوْلُهُ فِي ذٰلِكَ حَتّٰى قَالَ لَتَنْتَهُنَّ عَنْ ذٰلِكَ اَوْ لَيَخْطَفَنَّ اللّٰهُ اَبْصَارَكُمْ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں لوگ نماز کے دوران آسمان کی طرف نگاہ اُٹھا کر کیوں دیکھتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے اس بات کو بہت شدت کے ساتھ بیان کیا ہے کہ یا تو یہ لوگ اس حرکت سے باز آجائیں گے یا اللہ تعالیٰ ان کی بینائی واپس لے گا۔

# بَابُ الْعَمَلِ فِي الرُّكُوْعِ

## باب 67: رکوع کرنے کا طریقہ

حدیث 1335: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 717

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 428

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 912

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 1193

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 1043

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 838

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء — 2284

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء — 475

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 542

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 3351

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء — 2918

**1337**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ حَدَّثَنَا اَبُوْ يَعْفُوْرٍ الْعَبْدِيُّ حَدَّثَنِي مُصْعَبُ بْنُ سَعْدٍ قَالَ كَانَ بَنُو عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اِذَا رَكَعُوْا جَعَلُوْا اَيْدِيَهُمْ بَيْنَ اَفْخَاذِهِمْ فَصَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِ سَعْدٍ فَصَنَعْتُهُ فَضَرَبَ يَدِي فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ يَا بُنَيَّ اضْرِبْ بِيَدَيْكَ رُكْبَتَيْكَ ثُمَّ فَعَلْتُهُ مَرَّةً اُخْرٰى بَعْدَ ذٰلِكَ بِيَوْمٍ فَصَلَّيْتُ اِلٰى جَنْبِهِ فَضَرَبَ يَدِي فَلَمَّا انْصَرَفَ قَالَ كُنَّا نَفْعَلُ هٰذَا وَاُمِرْنَا اَنْ نَضْرِبَ بِالْاَكُفِّ عَلَى الرُّكَبِ

☆☆ مصعب بن سعد بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے جب رکوع میں جاتے تو اپنے دونوں ہاتھ اپنے زانوں کے درمیان رکھ لیتے تھے۔ ایک مرتبہ میں حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے پہلو میں نماز پڑھ رہا تھا تو میں نے بھی ایسا ہی کیا تو انہوں نے میرے ہاتھوں پر مارا اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد فرمایا اے بیٹے! اپنے دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھا کرو ایک بار پھر میں ان کے پہلو میں نماز پڑھ رہا تھا میں نے پھر ایسا ہی کیا تو انہوں نے نماز سے فارغ ہو کر کہا کہ پہلے ہم ایسا ہی کیا کرتے تھے لیکن پھر ہمیں گھٹنوں پر ہاتھ رکھنے کا حکم ہوا۔

**1338**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ مُصْعَبٍ بِاِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1339**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ السَّائِبِ عَنْ سَالِمٍ الْبَرَّادِ قَالَ وَكَانَ اَوْثَقَ عِنْدِي مِنْ نَفْسِي قَالَ قَالَ لَنَا اَبُوْ مَسْعُوْدٍ الْاَنْصَارِيُّ اَلَا اُصَلِّي بِكُمْ صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَكَبَّرَ وَرَكَعَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ وَفَرَّجَ بَيْنَ اَصَابِعِهِ حَتّٰى اسْتَقَرَّ كُلُّ شَيْءٍ مِّنْهُ

☆☆ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کیا میں تم لوگوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے طریقے کے مطابق نماز پڑھ کر دکھاؤں (راوی کہتے ہیں) پھر انہوں نے تکبیر کہی' رکوع میں گئے اور اپنے دونوں ہاتھ اپنے گھٹنوں پر رکھ لئے۔ اپنی انگلیوں کو کشادہ رکھا یہاں تک کہ ان میں سے ہر ایک حصہ اپنی جگہ پر آ گیا۔

## بَابُ مَا يُقَالُ فِي الرُّكُوْعِ

## باب 68- رکوع میں کیا پڑھا جائے

**1340**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا مُوْسَى بْنُ اَيُّوْبَ حَدَّثَنِي عَمِّي اِيَاسُ بْنُ عَامِرٍ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ (فَسَبِّحْ بِاسْمِ رَبِّكَ الْعَظِيْمِ) قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حدیث **1340**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17450**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **600**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **817**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **2388**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ- **1984**ء **1738**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **890**

اجْعَلُوْهَا فِيْ رُكُوْعِكُمْ فَلَمَّا نَزَلَتْ (سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى) قَالَ اجْعَلُوْهَا فِيْ سُجُوْدِكُمْ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی ''اپنے عظیم پروردگار کے اسم کی تسبیح پڑھو'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی یہ تم رکوع میں پڑھا کرو۔ ''جب یہ آیت نازل ہوئی: ''اپنے اعلیٰ پروردگار کے اسم کی تسبیح پڑھو'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی اسے تم سجدے میں پڑھا کرو۔

**1341**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنِ الْمُسْتَوْرِدِ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ عَنْ حُذَيْفَةَ اَنَّهُ صَلّٰى مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَكَانَ يَقُوْلُ فِيْ رُكُوْعِهِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ وَفِيْ سُجُوْدِهِ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى وَمَا اَتٰى عَلٰى اٰيَةِ رَحْمَةٍ اِلَّا وَقَفَ عِنْدَهَا فَسَاَلَ وَمَا اَتٰى عَلٰى اٰيَةِ عَذَابٍ اِلَّا تَعَوَّذَ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز ادا کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رکوع میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمِ پڑھا اور سجدے میں سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى پڑھا (اس نماز کے دوران) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رحمت کے مضمون والی کوئی آیت پڑھتے تو ٹھہر جاتے اور رحمت کا سوال کرتے اور جب عذاب کے مضمون والی آیت پڑھتے تو اس سے پناہ مانگتے۔

# بَابُ التَّجَافِيْ فِي الرُّكُوْعِ

## باب 69: رکوع میں (کہنیوں کو پہلو سے) الگ رکھنا

**1342**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا فُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبَّاسِ بْنِ سَهْلٍ قَالَ اجْتَمَعَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ وَاَبُوْ اُسَيْدٍ وَاَبُوْ حُمَيْدٍ وَسَهْلُ بْنُ سَعْدٍ فَذَكَرُوْا صَلٰوةَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ اَنَا اَعْلَمُكُمْ بِصَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَكَبَّرَ وَرَفَعَ يَدَيْهِ ثُمَّ رَفَعَ يَدَيْهِ حِيْنَ كَبَّرَ لِلرُّكُوْعِ ثُمَّ رَكَعَ وَوَضَعَ يَدَيْهِ عَلٰى رُكْبَتَيْهِ كَاَنَّهُ قَابِضٌ عَلَيْهِمَا وَوَتَرَ يَدَيْهِ فَنَحَّاهُمَا عَنْ جَنْبَيْهِ وَلَمْ يُصَوِّبْ رَاْسَهُ وَلَمْ يُقْنِعْهُ

☆☆ حضرت عباس بن سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ' حضرت ابو اسید رضی اللہ عنہ اور حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ ایک جگہ اکٹھے ہوئے ان لوگوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے نماز کے طریقے کا ذکر چھیڑ دیا تو حضرت حمید رضی اللہ عنہ بولے میں آپ سب

---

حدیث **1341**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **871**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **262**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **1008**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **23288**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **604**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **1080**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **3502**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **415**

کے مقابلے میں حضرت محمد ﷺ کے نماز کے طریقے سے بہتر طور پر واقف ہوں۔

نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوکر تکبیر کہتے تھے پھر رکوع میں جاتے ہوئے اپنے دونوں ہاتھ گھٹنوں پر رکھتے تھے' یوں جیسے آپ ﷺ نے انہیں پکڑا ہوا ہے آپ اپنے دونوں بازوؤں کو پہلوؤں سے الگ رکھتے تھے سر کو جھکاتے نہیں تھے اور نہ ہی زیادہ اُٹھاتے تھے۔

## بَابُ الْقَوْلِ بَعْدَ رَفْعِ الرَّأْسِ مِنَ الرُّكُوعِ

## باب 70: رکوع سے سر اُٹھانے کے بعد کیا پڑھا جائے

**1343**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا افْتَتَحَ الصَّلٰوةَ رَفَعَ يَدَيْهِ حَذْوَ مَنْكِبَيْهِ فَاِذَا رَكَعَ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَاِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ مِنَ الرُّكُوعِ فَعَلَ مِثْلَ ذٰلِكَ وَقَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَا يَفْعَلُ ذٰلِكَ فِي السُّجُودِ

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب نماز کا آغاز کرتے تو دونوں ہاتھ کندھوں تک لے کر جاتے تھے۔ پھر جب رکوع میں جاتے تو پھر بھی ایسا ہی کرتے تھے جب رکوع سے سر اُٹھاتے تو بھی ایسا ہی کرتے تھے اور یہ پڑھتے۔ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهُ' رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ (جس نے اللہ کی حمد بیان کی اللہ نے اس کو سن لیا اے اللہ ہمارے پروردگار ہر طرح کی حمد تیرے لئے ہے (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) نبی اکرم ﷺ سجدے میں ایسا نہیں کرتے تھے۔

**1344**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّهُ قَالَ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہی نقل کرتے ہیں' البتہ اس میں رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ کے الفاظ ہیں (یعنی اَللّٰهُمَّ منقول نہیں ہے)

---

حدیث **1343**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **703**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **390**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **721**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **255**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **876**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **858**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4540**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1868**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **583**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **949**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **2134**

**1345**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ وَاِذَا قَالَ الْاِمَامُ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوْا رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب امام سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے تو تم رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ پڑھو۔

**1346**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِمَامُ لِيُؤْتَمَّ بِهٖ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا رَكَعَ فَارْكَعُوْا وَاِذَا سَجَدَ فَاسْجُدُوْا وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوا اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ وَاِذَا صَلّٰى قَائِمًا فَصَلُّوْا قِيَامًا وَّاِذَا صَلّٰى جَالِسًا فَصَلُّوْا جُلُوْسًا اَجْمَعُوْنَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے امام کو اس لئے مقرر کیا گیا ہے تاکہ اس کی پیروی کی جائے جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو۔ جب وہ رکوع میں جائے تو تم بھی رکوع میں جاؤ جب وہ سجدے میں جائے تو تم بھی سجدے میں جاؤ جب وہ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ پڑھے تو تم اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ پڑھو۔ جب وہ کھڑا ہو کر نماز پڑھے تو تم بھی کھڑے ہو کر نماز پڑھو اور جب وہ بیٹھ کر نماز پڑھے تو تم بھی بیٹھ کر ہی نماز پڑھو۔

**1347**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيِّ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّهُ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطَبَنَا فَعَلَّمَنَا صَلَاتَنَا وَسَنَّ لَنَا سُنَّتَنَا قَالَ اَحْسَبُهٗ قَالَ اِذَا اُقِيْمَتِ الصَّلٰوةُ فَلْيَؤُمَّكُمْ اَحَدُكُمْ فَاِذَا كَبَّرَ فَكَبِّرُوْا وَاِذَا قَالَ (غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ) فَقُوْلُوْا اٰمِيْنَ يُجِبْكُمُ اللّٰهُ وَاِذَا كَبَّرَ وَرَكَعَ فَكَبِّرُوْا وَارْكَعُوْا فَاِنَّ الْاِمَامَ يَرْكَعُ قَبْلَكُمْ وَيَرْفَعُ قَبْلَكُمْ قَالَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتِلْكَ بِتِلْكَ وَاِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ فَقُوْلُوا اللّٰهُمَّ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ اَوْ قَالَ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ فَاِنَّ اللّٰهَ قَالَ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّهٖ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ہمیں نماز کا طریقہ سکھایا تھا اور ہمیں اس کے آداب کے بارے میں بتایا آپ نے یہ بھی ارشاد فرمایا جب نماز قائم کی جائے تو تم میں سے کوئی ایک شخص تمہاری امامت کروائے۔ جب وہ تکبیر کہے تو تم بھی تکبیر کہو جب وہ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّالِّيْنَ○ پڑھے تو تم آمین کہو اللہ تمہاری دعا قبول کرے گا۔ جب وہ تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جائے تو تم بھی تکبیر کہتے ہوئے رکوع میں جاؤ امام تم سے پہلے رکوع میں جائے گا اور تم

حدیث **1345**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالثہ) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ/1987ء **772**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **411**
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **1238**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **24441**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **2111**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **7514**

سے پہلے رکوع سے اُٹھے گا' نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا یہ اسی طرح ہوگا جب امام سَمِعَ اللّٰہُ لِمَنْ حَمِدَہٗ پڑھے گا تو تم اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ پڑھو گے۔ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) رَبَّنَا وَلَکَ الْحَمْدُ کیونکہ اللہ نے اپنے نبی کی زبانی یہ بات بیان کی ہے (جس نے اس کی حمد بیان کی اللہ نے اسے سُن لیا)

**1348**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ عَطِيَّةَ بْنِ قَيْسٍ عَنْ قَزَعَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَمِلْءَ الْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ اَهْلَ الثَّنَاءِ وَالْمَجْدِ اَحَقُّ مَا قَالَ الْعَبْدُ وَكُلُّنَا لَكَ عَبْدٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِىَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب رکوع سے سر اٹھاتے تو یہ دعا پڑتے ''اے ہمارے پروردگار آسمان جتنی اور زمین جتنی حمد تیرے لئے مخصوص ہے اور اس کے بعد جو چیز تو چاہے اس جتنی (حمد بھی تیرے لیے ہے) تو تعریف و بزرگی کا مستحق ہے اور بندہ جو کچھ کہے اس کا سب سے زیادہ حق دار ہے ہم سب تیرے بندے ہیں اے اللہ جسے تو عطا کرنا چاہے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جسے تو نہ دینا چاہے اسے کوئی کچھ دے نہیں سکتا اور تیری مرضی کے آگے کسی کی کوششیں کام نہیں آتی۔

**1349**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ عَمِّهِ الْمَاجِشُوْنَ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ رَافِعٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِىْ طَالِبٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهٗ مِنَ الرُّكُوْعِ قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ قِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ تَاْخُذُ بِهٖ قَالَ لَا وَقِيْلَ لَهٗ تَقُوْلُ هٰذَا فِى الْفَرِيْضَةِ قَالَ عَسٰى وَقَالَ كُلُّهٗ طَيِّبٌ

☆☆ حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ جب رکوع سے سر اُٹھاتے تو یہ پڑھتے سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ۔ مِلْءَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمِلْءَ مَا بَيْنَهُمَا وَمِلْءَ مَا شِئْتَ مِنْ شَىْءٍ بَعْدُ قِيْلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ (اللہ نے شخص کی حمد سن لی جس نے اس کی حمد بیان کی اے پروردگار ساری حمد تیرے ہی لئے ہے' آسمانوں کے برابر زمین جتنی ان دونوں کے درمیان موجود خلا جتنی اور اس کے بعد جو چاہے اس جتنی)

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ اس روایت پر عمل کرتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں ان سے دریافت کیا گیا آپ فرض نماز میں یہ پڑھتے ہیں انہوں نے جواب دیا' شاید۔ انہوں نے یہ بھی جواب دیا یہ سب پاکیزہ کلمات ہیں۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ مُّبَادَرَةِ الْاَئِمَّةِ بِالرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ

## باب 71: رکوع وسجود میں امام سے آگے نکلنے کی ممانعت

حدیث 1348: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 477
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 1060
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 611
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1397

**1350**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنِ ابْنِ مُحَيْرِيْزٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنِّىْ قَدْ بَدَّنْتُ فَلَا تَسْبِقُوْنِىْ بِالرُّكُوْعِ وَلَا بِالسُّجُوْدِ فَاِنِّىْ مَهْمَا اَسْبِقُكُمْ حِيْنَ اَرْكَعُ تُدْرِكُوْنِىْ حِيْنَ اَرْفَعُ وَمَهْمَا اَسْبِقُكُمْ حِيْنَ اَسْجُدُ تُدْرِكُوْنِىْ حِيْنَ اَرْفَعُ

☆☆ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ میں عمر رسیدہ ہو گیا ہوں اس لئے تم مجھ سے پہلے رکوع و سجود میں نہ چلے جایا کرو ہو سکتا ہے میں تم سے پہلے رکوع میں چلا جاؤں لیکن جب میں اُٹھنے لگوں تو تم مجھ سے پہلے رکوع سے اُٹھ جاؤ یا ہو سکتا ہے کہ میں سجدے میں چلا جاؤں میں اُٹھنے لگوں گا لیکن تم مجھ سے پہلے سجدے میں سے اُٹھ چکے ہو۔

**1351**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَا يَخْشٰى اَحَدُكُمْ اَوْ اَلَا يَخْشٰى اَحَدُكُمْ اِذَا رَفَعَ رَاْسَهُ قَبْلَ الْاِمَامِ اَنْ يَّجْعَلَ اللّٰهُ رَاْسَهُ رَاْسَ حِمَارٍ اَوْ صُوْرَتَهُ صُوْرَةَ حِمَارٍ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ کیا تم اس بات سے نہیں ڈرتے کہ جب کوئی شخص امام سے پہلے اپنا سر اُٹھائے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کا سر گدھے کے سر جیسا کر دے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اس کی شکل کو گدھے کی شکل میں تبدیل کر دے۔

**1352**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ حَدَّثَنَا الْمُخْتَارُ بْنُ فُلْفُلٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَثَّهُمْ عَلَى الصَّلٰوةِ وَنَهَاهُمْ اَنْ يَّسْبِقُوْهُ اِذَا كَانَ يَؤُمُّهُمْ بِالرُّكُوْعِ وَالسُّجُوْدِ وَاَنْ يَّنْصَرِفُوْا قَبْلَ انْصِرَافِهِ مِنَ الصَّلٰوةِ وَقَالَ اِنِّىْ اَرَاكُمْ مِنْ خَلْفِىْ وَاَمَامِىْ

---

حدیث **1350**: "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **2230**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **2428**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **1579**

حدیث **1351**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **659**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **623**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **9885**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **1600**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **2431**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ — **3306**

حدیث **1352**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **624**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **792**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **7878**

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو نماز پڑھنے کی تلقین کی اور اس بات سے منع کیا کہ وہ اپنے امام سے پہلے رکوع و سجود میں چلے جائیں یا نماز ختم کریں۔ آپ نے فرمایا میں تمہیں اپنے پیچھے یا اپنے آگے (دونوں طرح سے) دیکھ لیتا ہوں۔

## بَابُ السُّجُوْدِ عَلٰی سَبْعَةِ اَعْظُمٍ وَّكَيْفَ الْعَمَلُ فِي السُّجُوْدِ

## باب 72: سات اعضاء پر سجدہ کرنا' سجدہ کرنے کا طریقہ

**1353**- اَخْبَرَنَا اَبُو النَّضْرِ هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ قَالَ سَمِعْتُ طَاوُسًا يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اُمِرَ نَبِيُّكُمْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَّسْجُدَ عَلٰی سَبْعَةٍ وَّاُمِرَ اَنْ لَّا يَكُفَّ شَعَرًا وَّلَا ثَوْبًا قَالَ شُعْبَةُ وَحَدَّثَنِيْهِ مَرَّةً اُخْرٰی قَالَ اُمِرْتُ بِالسُّجُوْدِ وَلَا اَكُفَّ شَعَرًا وَّلَا ثَوْبًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' آپ لوگوں کے نبی کو حکم دیا گیا کہ وہ سات ہڈیوں (اعضاء) پر سجدہ کیا کریں اور انہیں یہ بھی حکم دیا گیا (کہ نماز پڑھتے ہوئے) وہ بالوں یا کپڑوں کو نہ سمیٹیں۔

شعبہ بیان کرتے ہیں یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہیں جب میرے استاد نے مجھے سنائی تو اس کے الفاظ کچھ مختلف تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: (مجھے سجدہ کرنے کا حکم دیا گیا ہے اور بالوں اور کپڑوں کو سمیٹنے سے منع کیا گیا ہے۔

**1354**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ وَيَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ قَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُمِرْتُ اَنْ اَسْجُدَ عَلٰی سَبْعَةِ اَعْظُمٍ الْجَبْهَةِ قَالَ وُهَيْبٌ وَّاَشَارَ بِيَدِهٖ اِلٰی اَنْفِهٖ وَالْيَدَيْنِ وَالرُّكْبَتَيْنِ وَاَطْرَافِ الْقَدَمَيْنِ وَلَا يَكُفُّ الثِّيَابَ وَلَا الشَّعَرَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں مجھے یہ حکم دیا گیا ہے کہ میں سات ہڈیوں پر سجدہ کروں۔ پیشانی (راوی کہتے ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست اقدس کے ذریعے ناک کی طرف اشارہ کیا' دونوں ہاتھ' دونوں گھٹنے اور دونوں

حدیث **1353**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **777**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **790**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **889**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **273**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **1093**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **883**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **2527**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **1923**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **632**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **680**

پاؤں (اور مجھے یہ بھی حکم دیا گیا ہے کہ نماز پڑھتے ہوئے) کپڑوں اور بالوں کو نہ چھیڑوں۔

## بَابُ اَوَّلِ مَا يَقَعُ مِنَ الْاِنْسَانِ الْاَرْضَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَسْجُدَ

## باب 73: سجدے میں جاتے وقت جسم کا کون سا حصہ پہلے زمین پر رکھا جائے

**1355** - اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ كُلَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَجَدَ يَضَعُ رُكْبَتَيْهِ قَبْلَ يَدَيْهِ وَاِذَا نَهَضَ رَفَعَ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ

☆☆ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا جب آپ سجدے میں گئے تو آپ نے ہاتھوں سے پہلے گھٹنے زمین پر رکھے لیکن جب اٹھے تو پہلے ہاتھوں کو اُٹھایا۔

**1356** - اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا صَلَّى اَحَدُكُمْ فَلَا يَبْرُكْ كَمَا يَبْرُكُ الْبَعِيرُ وَلْيَضَعْ يَدَيْهِ قَبْلَ رُكْبَتَيْهِ قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ مَا تَقُولُ قَالَ كُلُّهُ طَيِّبٌ وَقَالَ اَهْلُ الْكُوفَةِ يَخْتَارُونَ الْاَوَّلَ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جب کوئی شخص نماز پڑھے تو اونٹ کی طرح نہ بیٹھے۔ بلکہ دونوں ہاتھ گھٹنوں سے پہلے رکھے۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ آپ کیا کہتے ہیں تو انہوں نے جواب دیا: سب ٹھیک ہے۔ انہوں نے یہ بھی بتایا اہل کوفہ پہلا طریقہ اختیار کرتے ہیں۔

---

حدیث 1355 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 838
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 268
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 1089
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 882
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1912
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 676
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء 97
حدیث 1356 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 840
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 269
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 1090
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 8942
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 677
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 6540

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الِافْتِرَاشِ وَنَقْرَةِ الْغُرَابِ

## باب 74: پاؤں بچھا کر بیٹھنے اور کوے کی طرح ٹھونگ مارنے کی ممانعت

**1357**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ وَسَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَدِلُوا فِي الرُّكُوعِ وَلَا يَبْسُطْ اَحَدُكُمْ ذِرَاعَيْهِ بِسَاطَ الْكَلْبِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا رکوع میں اعتدال اختیار کرو اور کوئی بھی شخص کتے کی طرح پاؤں بچھا کر نہ بیٹھے۔

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے آزاد کردہ غلام کریب بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے عبداللہ بن حارث کو دیکھا وہ نماز پڑھ رہے تھے انہوں نے اپنے بال پیچھے کو باندھے ہوئے تھے تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما پیچھے کھڑے ہوئے اور انہیں کھولنا شروع کردیا (ایک طرف کے بال کھول دیئے ) اور دوسری طرف کے ویسے ہی رہنے دیئے حضرت عبداللہ بن حارث رضی اللہ عنہ نماز سے فارغ ہوکر حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آئے اور کہا کہ آپ نے میرے بالوں کے ساتھ کیا کیا تو انہوں نے جواب دیا میں نے ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص (ایسی حالت ) میں (نماز پڑھ رہا ہو ) تو اس کی نماز ایسی ہوگی جیسے کہ اس شخص کو باندھ دیا گیا ہو اور وہ شخص نماز پڑھ رہا ہو۔

## بَابُ التَّثَاؤُبِ فِي الصَّلٰوةِ

## باب 105: نماز کے دوران جماہی لینا

**1418** - اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَشُدَّ يَدَهُ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَدْخُلُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِيْ عَلٰى فِيْهِ

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابوسعید اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کسی شخص کو جمائی آجائے تو وہ اپنا ہاتھ آگے رکھ لے کیونکہ شیطان اندر چلا جاتا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی اس شخص کے منہ کے اندر چلا جاتا ہے۔

## بَابُ كَرَاهِيَةِ الصَّلٰوةِ لِلنَّاعِسِ

## باب 106: اونگھنے والے شخص کے لئے نماز پڑھنا مکروہ ہے

حدیث **1418**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث ) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **3115**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **2995**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5026**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **968**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7292**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2360**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **919**

**1419**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا وَجَدَ اَحَدُكُمُ النَّوْمَ وَهُوَ يُصَلِّي فَلْيَنَمْ حَتّٰى يَذْهَبَ نَوْمُهُ فَاِنَّهُ عَسٰى يُرِيْدُ اَنْ يَسْتَغْفِرَ فَيَسُبَّ نَفْسَهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں جب کسی شخص کو نیند آ رہی ہو اور وہ نماز پڑھنا چاہتا ہو تو اسے سو جانا چاہیے۔ تاکہ اس کی نیند پوری ہو جائے کیونکہ ہو سکتا ہے (اونگھنے کی حالت میں نماز پڑھتے ہوئے) وہ دعائے مغفرت کرنا چاہتا ہو (اور بے خیالی میں) اپنے آپ کو برا کہہ رہا ہو۔

## بَابٌ صَلٰوةُ الْقَاعِدِ عَلَى النِّصْفِ مِنْ صَلٰوةِ الْقَائِمِ

## باب 107: بیٹھ کر نماز پڑھنے کا ثواب کھڑے ہو کر پڑھنے سے نصف ہے

**1420**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ هُوَ ابْنُ الْحَارِثِ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالٍ عَنْ اَبِي يَحْيٰى عَنْ

---

حدیث 1419 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 209
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 786
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1310
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 355
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 443
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1370
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 12469
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 2584
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 907
حدیث 1420 ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 735
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 950
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 307
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 6894
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 1365
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 13166
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 4336
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 954
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ — 746
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 742
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 1190

عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ بَلَغَنِي اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ جَالِسًا نِصْفُ الصَّلٰوةِ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّي جَالِسًا فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّهُ بَلَغَنِي اَنَّكَ قُلْتَ صَلٰوةُ الرَّجُلِ جَالِسًا نِصْفُ الصَّلٰوةِ وَاَنْتَ تُصَلِّي جَالِسًا قَالَ اَجَلْ وَلٰكِنِّي لَسْتُ كَاَحَدٍ مِنْكُمْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے پتہ چلا ہے' رسول اکرم ﷺ نے یہ ارشاد فرمایا ہے: آدمی بیٹھ کر نماز پڑھے تو اسے نصف ثواب ملتا ہے ایک دن میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا تو رسول اکرم ﷺ بیٹھ کر نماز پڑھ رہے تھے میں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے پتہ چلا ہے کہ آپ نے فرمایا کہ آدمی بیٹھ کر نماز پڑھے تو اسے نصف ثواب ملتا ہے جب کہ آپ خود بیٹھ کر نماز پڑھ رہے ہیں رسول ﷺ نے فرمایا: ایسا ہی ہے مگر میں تم لوگوں کی طرح نہیں ہوں۔

## بَابُ صَلٰوةِ التَّطَوُّعِ قَاعِدًا

## باب 108: نوافل بیٹھ کر ادا کرنا

**1421**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ عَنِ الْمُطَّلِبِ ابْنِ اَبِي وَدَاعَةَ اَنَّ حَفْصَةَ زَوْجَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي سُبْحَتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ حَتّٰى كَانَ قَبْلَ اَنْ يُتَوَفّٰى بِعَامٍ وَاحِدٍ اَوْ عَامَيْنِ فَرَاَيْتُهُ يُصَلِّي فِي سُبْحَتِهِ وَهُوَ جَالِسٌ فَيُرَتِّلُ السُّوْرَةَ حَتّٰى تَكُوْنَ اَطْوَلَ مِنْ اَطْوَلَ مِنْهَا

☆☆ نبی اکرم ﷺ کی زوجہ محترمہ سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے کبھی بھی رسول اللہ ﷺ کو بیٹھ کر نوافل ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا یہاں تک کہ آپ ﷺ کے وصال سے ایک سال پہلے یا شاید دو سال پہلے میں نے آپ ﷺ کو دیکھا کہ آپ بیٹھ کر نوافل ادا کر رہے تھے اور آپ سورت اتنی آرام آرام سے پڑھ رہے تھے کہ وہ (جو سورت آپ ﷺ پڑھ رہے تھے) اس سے زیادہ لمبی سورت سے بھی زیادہ لمبی سورت محسوس ہوئی۔

بقیہ: حدیث 1420 ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان 515

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 641

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 4123

حدیث 1421: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان 733

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان 373

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام 1406ھ 1986ء 1658

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 309

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 26484

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ 1993ء 2508

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 1242

1422- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْمُطَّلِبِ بْنِ اَبِي وَدَاعَةَ عَنْ حَفْصَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا سے منقول ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ مَّسْحِ الْحَصَا

## باب 109: نماز کے دوران کنکریاں ہٹانا مکروہ ہے

1423- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيْرٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ حَدَّثَنِي مُعَيْقِيبٌ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قِيْلَ لَهُ فِي الْمَسْحِ فِي الْمَسْجِدِ قَالَ اِنْ كُنْتَ لَا بُدَّ فَاعِلًا فَوَاحِدَةً قَالَ هِشَامٌ اَرَاهُ قَالَ يَعْنِي مَسْحَ الْحَصَا

☆☆ حضرت معیقیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے (سجدے کی جگہ سے) کنکریاں ہٹانے کا مسئلہ دریافت کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اگر یہ ضروری ہو تو صرف ایک مرتبہ کیا جائے (اس حدیث کے راوی) ہشام کہتے ہیں۔ میرا خیال ہے (امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی حدیث میں یہ الفاظ ہیں) کنکریاں ہٹانا۔

1424- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ اَحَدُكُمْ اِلَى الصَّلٰوةِ فَاِنَّ الرَّحْمَةَ تُوَاجِهُهُ فَلَا يَمْسَحِ الْحَصَا

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوتا ہے تو رحمت اس کے مدمقابل ہوتی ہے اس لئے اسے کنکریاں نہیں ہٹانی چاہئیں۔ (یعنی اپنی پوری توجہ نماز کی طرف رکھنی چاہیے)۔

## بَابُ الْاَرْضُ كُلُّهَا طَاهِرَةٌ مَّا خَلَا الْمَقْبَرَةَ وَالْحَمَّامَ

## باب 110: قبر اور حمام کے علاوہ پوری روئے زمین پاک ہے

1425- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا سَيَّارٌ قَالَ سَمِعْتُ يَزِيْدَ الْفَقِيْرَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ جَابِرَ

حدیث 1423 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 946
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 380
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1026
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14242
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 2275
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 895
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 533
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 3363

بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُعْطِيتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ نَبِيٌّ قَبْلِي كَانَ النَّبِيُّ يُبْعَثُ إِلَى قَوْمِهِ خَاصَّةً وَبُعِثْتُ إِلَى النَّاسِ كَافَّةً وَأُحِلَّتْ لِيَ الْمَغَانِمُ وَحُرِّمَتْ عَلَى مَنْ كَانَ قَبْلِي وَجُعِلَتْ لِيَ الْأَرْضُ طَيِّبَةً مَسْجِدًا وَطَهُورًا وَيُرْعَبُ مِنَّا عَدُوُّنَا مَسِيرَةَ شَهْرٍ وَأُعْطِيتُ الشَّفَاعَةَ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مجھے پانچ خصوصیات عطا کی گئی ہیں جو پہلے کسی نبی کو نہیں عطا کی گئیں۔1-(مجھ سے پہلے آنے والے) ہر نبی کو کسی مخصوص قوم کی طرف مبعوث کیا گیا لیکن مجھے تمام بنی نوع انسان کی طرف مبعوث کیا گیا۔

2-میرے لئے مالِ غنیمت کو حلال قرار دیا گیا۔ جو مجھ سے پہلے والوں کے لئے حرام تھا۔

3-میرے لئے تمام روئے زمین کو سجدہ گاہ اور تیمم کا ذریعہ بنایا گیا۔

4-میرے دشمنوں پر ایک ماہ کی مسافت سے میرا رعب قائم کیا گیا۔

5-اور مجھے شفاعت کا منصب عطا کیا گیا۔

**1426**- أَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ أَنَا سَأَلْتُهُ عَنْهُ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْأَرْضُ كُلُّهَا مَسْجِدٌ إِلَّا الْمَقْبَرَةَ وَالْحَمَّامَ قِيلَ لِأَبِي مُحَمَّدٍ تُجْزِئُ الصَّلٰوةُ فِي الْمَقْبَرَةِ قَالَ إِذَا لَمْ تَكُنْ عَلَى الْقَبْرِ فَنَعَمْ وَقَالَ الْحَدِيثُ أَكْثَرُهُمْ أَرْسَلُوهُ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر اور حمام کے علاوہ تمام روئے زمین مسجد ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا' کیا قبرستان میں نماز پڑھنا جائز ہے؟ انہوں نے جواب دیا' اگر قبر کے اوپر نہ پڑھی

---

حدیث **1425** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **328**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **521**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **432**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **763**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **6398**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **958**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **7931**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **472**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **945**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/ **1988**ء **943**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/ **1992**ء **942**

جائے تو جائز ہے امام دارمی رحمۃ اللہ نے یہ بھی بتایا کہ اکثر راویوں نے اسے حدیث مرسل روایت کے طور پر نقل کیا ہے۔

## بَابُ الصَّلٰوةِ فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَمَعَاطِنِ الْاِبِلِ

## باب 111: بھیڑ بکریوں اور اونٹوں کے باڑے میں نماز پڑھنے کا حکم

**1427**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا حَضَرَتِ الصَّلٰوةُ فَلَمْ تَجِدُوْا اِلَّا مَرَابِضَ الْغَنَمِ وَاَعْطَانَ الْاِبِلِ فَصَلُّوْا فِیْ مَرَابِضِ الْغَنَمِ وَلَا تُصَلُّوْا فِیْ اَعْطَانِ الْاِبِلِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب نماز کا وقت ہو جائے اور تمہارے پاس صرف بھیڑ بکریوں یا اونٹوں کے باڑے میں نماز پڑھنے کی گنجائش ہو تو بکریوں کے باڑے میں نماز پڑھ لو اور اونٹوں کے باڑے میں نماز نہ پڑھو۔

## بَابُ مَنْ بَنٰى لِلّٰهِ مَسْجِدًا

## باب 112: اللہ کی رضا کے لیے مسجد تعمیر کرنا

**1428**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ عَنْ مَحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ اَنَّ عُثْمَانَ لَمَّا اَرَادَ

---

حدیث 1427 ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9824

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1384

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 795

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 4151

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 768

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 408

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 1602

حدیث 1428 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 439

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 533

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 318

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 735

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 434

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 1609

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 1291

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 4087

اَنْ یَّبْنِیَ الْمَسْجِدَ کَرِهَ النَّاسُ ذٰلِكَ فَقَالَ عُثْمَانُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَنٰی لِلّٰهِ مَسْجِدًا بَنَی اللّٰهُ لَهٗ فِي الْجَنَّةِ مِثْلَهٗ

☆☆ محمود بن لبید بیان کرتے ہیں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے مسجد نبوی کی تعمیر کا ارادہ کیا تو لوگوں کو یہ بات اچھی نہ لگی حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے بتایا کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص اللہ کی رضا کے لئے مسجد بناتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لئے اس جیسا (گھر) جنت میں بنادیتا ہے۔

## بَابُ الرَّكْعَتَيْنِ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ

## باب 113: مسجد میں آنے کے بعد دو رکعات ادا کرنا

**1429**- اَخْبَرَنَا يَحْيَی بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ وَّفُلَيْحُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَمْرِو ابْنِ سُلَيْمٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا جَآءَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ قَبْلَ اَنْ يَّجْلِسَ

☆☆ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص مسجد میں آئے تو اسے بیٹھنے سے پہلے دو رکعات ادا کرلینی چاہیے۔

## بَابُ الْقَوْلِ عِنْدَ دُخُوْلِ الْمَسْجِدِ

## باب 114: مسجد میں داخل ہونے کی دعا

**1430**- حَدَّثَنَا يَحْيَی بْنُ حَسَّانَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ رَبِيْعَةَ بْنِ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ

---

حدیث **1429**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 433

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 714

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 467

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 316

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 730

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 1013

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 386

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 15002

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء — 2497

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/ 1970ء — 1325

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء — 809

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 4702

الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدِ ابْنِ سُوَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا حُمَيْدٍ اَوْ اَبَا اُسَيْدٍ الْاَنْصَارِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيُسَلِّمْ عَلَى النَّبِيِّ ثُمَّ لِيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

☆☆ حضرت عبدالمالک بن سعید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ (راوی کو شک ہے یا شاید) حضرت ابواُسید رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے سنا ہے کہ جب کوئی مسجد میں آئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے اور یہ دعا پڑھے ''اے اللہ میرے لئے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے'' اور جب (مسجد سے) باہر نکلے تو یہ پڑھے ''اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں''۔

## بَابُ كَرَاهِيَةِ الْبُزَاقِ فِي الْمَسْجِدِ

## باب 115: مسجد میں تھوکنا مکروہ (حرام) ہے

**1431**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ قُلْتُ لِقَتَادَةَ اَسَمِعْتَ اَنَسًا يَقُوْلُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث **1430**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دارا حیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **713**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **465**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دارا حیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **315**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **729**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **772**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26462**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **2049**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **452**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **808**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **4117**
حدیث **1431**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **405**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دارا حیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **552**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **474**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دارا حیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **572**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **723**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13458**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **1637**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **1309**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **802**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْبُزَاقُ فِي الْمَسْجِدِ خَطِيئَةٌ قَالَ نَعَمْ وَكَفَّارَتُهَا دَفْنُهَا

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں' میں نے قتادہ سے دریافت کیا' آپ نے حضرت انس رضی اللہ عنہ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ حدیث نقل کرتے سنا ہے' مسجد میں تھوکنا گناہ ہے؟ انہوں نے جوب دیا: ہاں (اور حدیث کے یہ الفاظ بھی ہیں) اس کا کفارہ اسے دفن کرنا ہے۔

**1432**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْعَبْدَ اِذَا صَلّٰى فَاِنَّمَا يُنَاجِىْ رَبَّهُ اَوْ رَبُّهُ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ فَاِذَا بَزَقَ اَحَدُكُمْ فَلْيَبْصُقْ عَنْ يَّسَارِهٖ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهٖ اَوْ يَقُوْلُ هٰكَذَا وَبَزَقَ فِىْ ثَوْبِهٖ وَدَلَكَ بَعْضَهُ بِبَعْضٍ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب بندہ نماز پڑھ رہا ہوتا ہے وہ اپنے پروردگار کی بارگاہ میں مناجات کر رہا ہوتا ہے (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں اس وقت) اس کا پروردگار اس کے اور قبلہ کے درمیان ہوتا ہے۔ (اس لئے نماز کے دوران) اگر کسی شخص نے تھوکنا ہو تو اپنے بائیں طرف یا اپنے پاؤں کے نیچے تھوکے یا اس طرح کرے (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے کپڑے میں تھوک کر اس کپڑے کو مل دیا۔

**1433**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ بَيْنَا النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ اِذْ رَاٰى نُخَامَةً فِىْ قِبْلَةِ الْمَسْجِدِ فَتَغَيَّظَ عَلٰى اَهْلِ الْمَسْجِدِ وَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ قِبَلَ اَحَدِكُمْ اِذَا كَانَ فِىْ صَلَاتِهٖ فَلَا يَبْزُقَنَّ اَوْ قَالَ لَا يَتَنَخَّعَنَّ ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَحُكَّ مَكَانُهَا وَاَمَرَ بِهَا فَلُطِخَتْ قَالَ حَمَّادٌ لَا اَعْلَمُهُ اِلَّا قَالَ بِزَعْفَرَانٍ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے آپ نے قبلہ کی جانب (مسجد کی دیوار پر) تھوک لگا ہوا دیکھا تو حاضرین مسجد کے سامنے ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے ارشاد فرمایا بے شک جب کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے سامنے ہوتا ہے تو کوئی بھی شخص ہرگز (سامنے کی طرف) نہ تھوکے (راوی کو شک ہے کہ شاید یہاں پر لفظ دوسرا منقول

---

بقیہ حدیث **1431**: "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء　**3403**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ- **1984**ء　**2885**

حدیث **1432**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء　**397**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　**550**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان　**480**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　**571**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء　**309**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان　**761**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)　**457**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　**4509**

ہے) پھر نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس تھوک کو صاف کر دیا گیا۔

اس حدیث کے راوی (حماد) کہتے ہیں میرے علم کے مطابق (میرے استاد نے یہ بات بیان کی تھی اس تھوک کو) زعفران کے ذریعے صاف کیا گیا۔

**1434**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا سَعِيدٍ وَّاَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَاهُ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى نُخَامَةً فِي جِدَارِ الْمَسْجِدِ فَتَنَاوَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَصَاةً وَّحَتَّهَا ثُمَّ قَالَ اِذَا تَنَخَّمَ اَحَدُكُمْ فَلَا يَتَنَخَّمَنَّ قِبَلَ وَجْهِهِ وَلَا عَنْ يَمِينِهِ وَلْيَبْصُقْ عَنْ يَسَارِهِ اَوْ تَحْتَ قَدَمِهِ

☆☆ حمید بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ نبی اکرم ﷺ نے مسجد کی دیوار پر تھوک لگا دیکھا تو ایک کنکری اٹھا کر اسے صاف کر دیا اور ارشاد فرمایا اگر کسی شخص نے (نماز کے دوران) تھوکنا ہو تو سامنے کی طرف اور دائیں طرف نہ تھوکے بلکہ اپنے بائیں طرف اور پاؤں کے نیچے تھوکے۔

# بَابُ النَّوْمِ فِي الْمَسْجِدِ

## باب 116: مسجد میں سو جانا

**1435**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِي حَرْبِ بْنِ اَبِي الْاَسْوَدِ الدِّيلِيِّ عَنْ عَمِّهِ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ اَتَانِي نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَنَا نَائِمٌ فِي الْمَسْجِدِ فَضَرَبَنِي بِرِجْلِهِ قَالَ اَلَا اَرَاكَ نَائِمًا فِيهِ قُلْتُ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ غَلَبَتْنِي عَيْنِي

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ ﷺ میرے پاس تشریف لائے میں اس وقت مسجد میں سو رہا تھا آپ نے اپنے پاؤں مبارک سے مجھے ہلایا اور فرمایا تم مجھے مسجد میں سوتے نظر آ رہے ہو میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی! میری آنکھ لگ گئی تھی۔

**1436**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ اَبِيتُ فِي الْمَسْجِدِ وَلَمْ يَكُنْ لِي اَهْلٌ فَرَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّمَا انْطُلِقَ بِي اِلٰى بِئْرٍ فِيهَا رِجَالٌ مُعَلَّقُونَ فَقِيلَ انْطَلِقُوا بِهِ اِلٰى ذَاتِ الْيَمِينِ فَذَكَرْتُ الرُّؤْيَا لِحَفْصَةَ فَقُلْتُ قُصِّيهَا عَلٰى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَّتْهَا عَلَيْهِ فَقَالَ مَنْ رَاٰى هٰذِهِ قَالَتِ ابْنُ عُمَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِعْمَ الْفَتٰى اَوْ قَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ لَوْ كَانَ يُصَلِّي مِنَ اللَّيْلِ قَالَ وَكُنْتُ اِذَا نِمْتُ لَمْ اَقُمْ حَتّٰى اُصْبِحَ قَالَ فَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي اللَّيْلَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں رات مسجد میں سویا کرتا تھا میرا گھر بار نہیں تھا میں نے خواب دیکھا مجھے ایک

---

حدیث 1435: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 21419

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 6668

کنویں کے پاس لے جایا گیا ہے۔ جس میں کچھ لوگ لٹکے ہوئے ہیں پھر کہا گیا اسے دائیں طرف لے جاؤ (حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) کہ میں نے اس خواب کا تذکرہ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے کیا اور کہا کہ آپ یہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے بیان کیجئے گا سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے یہ خواب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سنایا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے پوچھا یہ خواب کس نے دیکھا ہے۔ سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی۔ ابن عمر رضی اللہ عنہما نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ اچھا نوجوان ہے (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں) وہ اچھا آدمی ہے اگر وہ رات کے وقت نوافل ادا کیا کرے تو یہ زیادہ بہتر ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' پہلے جب میں سویا کرتا تھا تو صبح ہونے سے پہلے بیدار نہیں ہوتا تھا (نافع بیان کرتے ہیں) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رات بھر نوافل ادا کرتے رہتے تھے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ اسْتِنْشَادِ الضَّالَّةِ فِي الْمَسْجِدِ وَالشِّرٰى وَالْبَيْعِ

## باب 117: مسجد میں گمی ہوئی چیز کا اعلان کرنا اور خرید وفروخت کرنا منع ہے

**1437-** اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِي زَيْدٍ الْكُوفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنِي يَزِيْدُ بْنُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا رَاَيْتُمْ مَنْ يَبِيعُ اَوْ يَبْتَاعُ فِي الْمَسْجِدِ فَقُوْلُوْا لَا اَرْبَحَ اللّٰهُ تِجَارَتَكَ وَاِذَا رَاَيْتُمْ مَنْ يَنْشُدُ فِيهِ الضَّالَّةَ فَقُوْلُوْا لَا اَدَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جب تم کسی شخص کو مسجد میں خرید وفروخت کرتے دیکھو تو یہ کہو کہ خدا تمہاری تجارت میں فائدہ نہ دے اور جب تم کسی کو مسجد میں گمشدہ چیز کا اعلان کرتے ہوئے دیکھو تو یہ کہو کہ اللہ تعالیٰ تمہیں وہ چیز واپس نہ دے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **1436**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء | **1070** |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **2479** |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان | **3919** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **6330** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **7070** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **1330** |
| حدیث **1437**: "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **1650** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **1305** |
| "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **2339** |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **10004** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **4142** |
| "مسند" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **562** |

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ حَمْلِ السِّلَاحِ فِي الْمَسْجِدِ

## باب 118: مسجد میں اسلحہ لے کر آنا منع ہے

**1438**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ قُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ اَسَمِعْتَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ مَرَّ رَجُلٌ فِي الْمَسْجِدِ يَحْمِلُ نَبْلًا فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمْسِكْ نُصُوْلَهَا قَالَ نَعَمْ

☆☆ سفیان بن عیینہ بیان کرتے ہیں' میں نے عمرو بن دینار سے دریافت کیا کہ آپ نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ ایک شخص تیر اٹھا کر مسجد میں آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے کی پھل کی جانب سے پکڑو تو عمرو بن دینار نے جواب دیا: جی ہاں۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ اتِّخَاذِ الْقُبُوْرِ مَسَاجِدَ

## باب 119: قبر کو مسجد بنانے کی ممانعت

**1439**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ وَعَائِشَةَ قَالَا لَمَّا نَزَلَ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَفِقَ يَطْرَحُ خَمِيْصَةً لَهُ عَلٰى وَجْهِهِ فَاِذَا اغْتَمَّ كَشَفَهَا عَنْ وَجْهِهِ فَقَالَ وَهُوَ كَذٰلِكَ لَعْنَةُ اللّٰهِ عَلَى الْيَهُوْدِ وَالنَّصَارٰى اتَّخَذُوْا قُبُوْرَ اَنْبِيَائِهِمْ مَسَاجِدَ يُحَذِّرُ مِثْلَ مَا صَنَعُوْا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شدید بیمار ہوئے تو آپ چادر اپنے اوپر لے لیتے اور جب اس سے الجھن محسوس ہوتی تو اسے اپنے اوپر سے اٹھا لیتے تھے۔ اسی دوران آپ نے یہ ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ یہود و نصاریٰ پر لعنت کرے۔ جنہوں نے اپنے انبیاء کی قبروں کو مسجد بنالیا تھا (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے اس عمل سے بچنے کی تلقین کررہے تھے۔

---

حدیث **1439**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **3267**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **529**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3227**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **703**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1583**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1884**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **2327**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **782**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **7011**

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الاِشْتِبَاكِ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْمَسْجِدِ

## باب 120: مسجد کی طرف جاتے ہوئے انگلیوں میں انگلیاں ڈالنا یا انگلیاں چٹخانا منع ہے

**1440**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ الْفَرَّاءُ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي ثُمَامَةَ الْحَنَّاطِ قَالَ اَدْرَكَنِي كَعْبُ بْنُ عُجْرَةَ بِالْبَلَاطِ وَاَنَا مُشَبِّكٌ بَيْنَ اَصَابِعِي فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا تَوَضَّاَ اَحَدُكُمْ ثُمَّ خَرَجَ عَامِدًا اِلَى الصَّلٰوةِ فَلَا يُشَبِّكْ بَيْنَ اَصَابِعِهِ

☆☆ ابوثمامہ حناط بیان کرتے ہیں' "بلاط" میں حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ مجھ سے ملے میں نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں پھنسائی ہوئی تھیں تو حضرت کعب رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب کوئی وضو کرنے کے بعد مسجد کی طرف نماز کے لیے جانے لگے تو اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں نہ پھنسائے"۔

**1441**-اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا تَوَضَّاْتَ فَعَمَدْتَ اِلَى الْمَسْجِدِ فَلَا تُشَبِّكَنَّ بَيْنَ اَصَابِعِكَ فَاِنَّكَ فِي صَلٰوةٍ

☆☆ حضرت کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "جب تم وضو کرو اور مسجد کی طرف جانے لگو تو اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں نہ پھنساؤ کیونکہ تم (گویا) نماز کی حالت میں ہوتے ہو۔

**1442**- اَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَوَضَّاَ ثُمَّ خَرَجَ يُرِيْدُ الصَّلٰوةَ فَهُوَ فِي صَلٰوةٍ حَتّٰى يَرْجِعَ اِلَى بَيْتِهِ فَلَا تَقُوْلُوْا هٰكَذَا يَعْنِي يُشَبِّكُ بَيْنَ اَصَابِعِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص وضو کرے اور پھر نماز پڑھنے کے لئے جائے وہ

---

حدیث **1440**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 562

"جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 386

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 18128

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 2149

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 442

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 745

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 5673

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 332

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 1063

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 369

نماز کی حالت میں شمار ہوتا ہے یہاں تک کہ وہ (نماز ادا کرنے کے بعد) اپنے گھر واپس آ جائے لہٰذا اس طرح نہ کیا کرو (راوی کہتے ہیں) یعنی اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں پھنسایا کرو۔

## بَاب فَضْلِ مَنْ جَلَسَ فِي الْمَسْجِدِ يَنْتَظِرُ الصَّلٰوةَ

## باب 121: نماز کے انتظار میں مسجد میں بیٹھنے کی فضیلت

**1443**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَزَالُ الْمَلَائِكَةُ تُصَلِّىْ عَلَى الْعَبْدِ مَا دَامَ فِىْ مُصَلَّاهُ الَّذِىْ يُصَلِّىْ فِيْهِ مَا لَمْ يَقُمْ اَوْ يُحْدِثْ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اللّٰهُمَّ ارْحَمْهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: انسان جس جگہ نماز پڑھتا ہے جب تک وہاں بیٹھا رہے اور جس وقت تک وہاں سے اُٹھے نہیں یا اس کا وضو نہ ٹوٹے تو فرشتے اس وقت تک اس کے لئے یہ دعا کرتے رہتے ہیں' اے اللہ! اس شخص کو بخش دے اے اللہ اس شخص پر رحم کر۔

## بَابُ فِيْ تَزْوِيْقِ الْمَسَاجِدِ

## باب 122: مساجد کی آرائش وزیبائش کرنا

**1444**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَقُوْمُ السَّاعَةُ حَتّٰى يَتَبَاهَى النَّاسُ فِى الْمَسَاجِدِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں' قیامت اس وقت تک قائم نہ ہوگی جب تک لوگ مساجد (کی آرائش وزیبائش میں) ایک دوسرے پر فخر نہ کرنے لگیں۔

---

حدیث **1447** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **10527**

''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **3369**

حدیث **1444** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **419**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **739**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13428**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **[illegible]614**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **[illegible]323**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **[illegible]798**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **[illegible]087**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **[illegible]52**

## بَابُ الصَّلٰوۃِ اِلٰی سُتْرَۃٍ

## باب 123: سُترہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا

**1445**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا جُحَيْفَةَ يَقُولُ خَرَجَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْبَطْحَاءِ بِالْهَاجِرَةِ فَصَلَّى الظُّهْرَ رَكْعَتَيْنِ وَالْعَصْرَ رَكْعَتَيْنِ وَبَيْنَ يَدَيْهِ عَنَزَةٌ وَاِنَّ الظُّعُنَ لَتَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ

☆☆ حضرت ابوجحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم دوپہر کے وقت بطحا تشریف لائے وہاں آپ نے ظہر کی دو رکعت ادا کیں اور عصر کی دو رکعت ادا کیں۔ آپ کے سامنے نیزہ موجود تھا اور اس کے دوسری طرف سے خواتین گزر رہی تھیں۔

**1446**- اَخْبَرَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَتْ تُرْكَزُ لَهُ الْعَنَزَةُ يُصَلِّي اِلَيْهَا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے نیزہ گاڑ دیا جاتا اور آپ اس کی طرف منہ کر کے نماز ادا کر لیتے تھے۔

## بَابٌ فِي دُنُوِّ الْمُصَلِّي اِلَى السُّتْرَةِ

## باب 124: نمازی کا سُترے کے قریب کھڑے ہونا

**1447**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ

---

حدیث **1445**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **473**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **688**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — **470**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **18771**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — **136**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — **1052**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء — **891**

حدیث **1447**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **3100**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **505**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **697**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — **757**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **955**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **361**

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدٍ الْخُدْرِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا كَانَ اَحَدُكُمْ يُصَلِّیْ فَلَا يَدَعْ اَحَدًا يَمُرُّ بَيْنَ يَدَيْهِ فَاِنْ اَبٰى فَلْيُقَاتِلْهُ فَاِنَّمَا هُوَ شَيْطَانٌ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص نماز پڑھنے کے لئے کھڑا ہوتو وہ کسی کو اپنے آگے سے گزرنے نہ دے اور اگر وہ شخص نہ مانے تو اس کے ساتھ جھگڑا کرے کیونکہ وہ شخص شیطان ہوگا۔

## بَابُ الصَّلٰوةِ اِلَى الرَّاحِلَةِ

## باب 125: سواری کے جانور کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنا

**1448**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِیْ خَالِدٍ الْاَحْمَرِ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّیْ اِلٰى رَاحِلَتِهٖ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سواری کے جانور کی طرف منہ کر کے نماز پڑھ لیا کرتے تھے۔

## بَابُ الْمَرْاَةِ تَكُوْنُ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّیْ

## باب 126: عورت کا نمازی کے سامنے ہونا

**1449**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِی اللَّيْثُ حَدَّثَنِیْ عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ حَدَّثَنِیْ عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ

---

بقیہ حدیث **1447** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11317**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2368**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **816**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **921**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **833**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **3257**

حدیث **1449** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **375**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **512**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **710**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **167**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **956**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **256**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24134**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2341**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **821**

اَنَّ عَـآئِشَةَ اَخْبَرَتْـهُ اَنَّ رَسُـوْلَ اللّٰـهِ صَـلَّـى اللّٰـهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصَلِّيْ وَهِيَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْقِبْلَةِ عَلٰى فِرَاشِ اَهْلِه اعْتِرَاضَ الْجَنَازَةِ

☆☆ عروہ بن زبیر بیان کرتے ہیں سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نماز پڑھ رہے ہوتے تھے اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا آپ کے اور قبلہ کے درمیان بستر پر یوں لیٹی ہوئی ہوتی تھیں (جیسے امام کے سامنے) جنازہ پڑا ہوتا ہے۔

## بَابٌ مَّا يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ وَمَا لَا يَقْطَعُهَا

## باب127: آگے سے گزرنے والی کون سی چیز نماز توڑتی ہے اور کون سی نہیں توڑتی

**1450**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ وَحَجَّاجٌ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِيْ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّهُ قَالَ يَقْطَعُ صَلٰوةَ الرَّجُلِ اِذَا لَمْ يَكُنْ بَيْنَ يَدَيْهِ كَاٰخِرَةِ الرَّحْلِ الْحِمَارُ وَالْكَلْبُ الْاَسْوَدُ وَالْمَرْاَةُ قَالَ قُلْتُ فَمَا بَالُ الْاَسْوَدِ مِنَ الْاَحْمَرِ مِنَ الْاَصْفَرِ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا سَاَلْتَنِيْ فَقَالَ الْاَسْوَدُ شَيْطَانٌ

☆☆ حضرت عبداللہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے بتایا اگر انسان کے نماز پڑھنے کے دوران اس کے آگے پالان کی پچھلی لکڑی جتنی (کوئی رکاوٹ) نہ ہو تو گدھا' کالا کتا یا عورت کے آگے سے گزرنے سے نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ عبداللہ بن صامت کہتے ہیں میں نے دریافت کیا کالا کتا ہی کیوں سرخ یا زرد کیوں نہیں؟ تو حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: جس طرح تم نے مجھ سے سوال کیا ہے اسی طرح میں نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کیا تھا تو آپ نے فرمایا تھا: کالا کتا شیطان ہوتا ہے۔

## بَابٌ لَا يَقْطَعُ الصَّلٰوةَ شَيْءٌ

## باب128: (کسی بھی) چیز کے آگے سے گزرنے سے نماز نہیں ٹوٹتی

**1451**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جِئْتُ

حدیث 1451: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء　76
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　504
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　337
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء　752
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان　947
"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)　366
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　1891
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء　2151
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء　833
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء　828

3314 ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء
11172 ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء

اَنَا وَالْفَضْلُ يَعْنِي عَلَى اَتَانٍ وَالنَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي بِمِنًى اَوْ بِعَرَفَةَ فَمَرَرْتُ عَلَى بَعْضِ الصَّفِّ فَنَزَلْتُ عَنْهَا وَتَرَكْتُهَا تَرْعَى وَدَخَلْتُ فِي الصَّفِّ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں (میں اور میرے بڑے بھائی) فضل آئے راوی کہتے ہیں (یعنی یہ دونوں صاحبان گدھی پر سوار ہو کر آئے) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں (راوی کو شک ہے یا شاید عرفات میں) نماز ادا کر رہے تھے (حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) میں ایک صف کے کچھ حصے کے آگے سے گزر گیا اور پھر اس سے اتر گیا میں نے اسے چرنے کے لئے چھوڑ دیا اور خود صف میں شامل ہو گیا۔

## بَابُ كَرَاهِيَةِ الْمُرُوْرِ بَيْنَ يَدَيِ الْمُصَلِّيْ

## باب 129: نمازی کے آگے سے گزرنا مکروہ ہے

**1488**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ بُرْدٍ حَدَّثَنِيْ سُلَيْمَانُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ قَيْسٍ الْجُذَامِيِّ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ هَمَّارٍ الْغَطَفَانِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى ابْنَ اٰدَمَ صَلِّ لِيْ اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ اَكْفِكَ اٰخِرَهُ

☆☆ نعیم بن ہمار غطفانی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اے ابن آدم! دن کے آغاز میں میرے

بقیہ حدیث 1484 ''مسند ابو یعلی'' امام ابو یعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 6380

''معجم صغیر'' امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' 1405ھ 1985ء 21

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء 373

''مسند شامیین'' امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء 93

لئے چار رکعت ادا کر، میں اس کے آخر تک تیرے لئے کافی ہوں گا۔

# بَابُ صَلٰوةِ الضُّحٰی

## باب 150: چاشت کی نماز

**1489**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ اَنْبَانِي قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ اَبِي لَيْلٰى يَقُوْلُ مَا اَخْبَرَنَا اَحَدٌ اَنَّهُ رَاَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي الضُّحٰی غَيْرُ اُمِّ هَانِئٍ فَاِنَّهَا ذَكَرَتْ اَنَّهُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ اغْتَسَلَ فِي بَيْتِهَا ثُمَّ صَلّٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ قَالَتْ وَلَمْ اَرَهُ صَلّٰى صَلٰوةً اَخَفَّ مِنْهَا غَيْرَ اَنَّهُ يُتِمُّ الرُّكُوْعَ وَالسُّجُوْدَ

☆☆ ابن ابی لیلیٰ بیان کرتے ہیں: مجھے کسی نے یہ نہیں بتایا کہ اس نے نبی اکرم ﷺ کو چاشت کی نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔صرف سیدہ اُم ہانی ﷝ نے یہ بات بتائی ہے کہ فتح مکہ کے دن نبی اکرم ﷺ نے سیدہ ام ہانی ﷝ کے ہاں غسل کیا پھر اور آٹھ رکعت ادا کی تھیں۔

سیدہ ام ہانی ﷝ بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم ﷺ کو اس سے زیادہ مختصر نماز ادا کرتے ہوئے نہیں دیکھا۔تاہم آپ نے رکوع وسجود مکمل ادا کیے تھے۔

**1490**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي النَّضْرِ اَنَّ اَبَا مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيْلِ بْنِ اَبِي طَالِبٍ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ اُمَّ هَانِئٍ بِنْتَ اَبِي طَالِبٍ تُحَدِّثُ اَنَّهَا ذَهَبَتْ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَ الْفَتْحِ فَوَجَدَتْهُ يَغْتَسِلُ وَفَاطِمَةُ بِنْتُهُ تَسْتُرُهُ بِثَوْبٍ قَالَتْ فَسَلَّمْتُ عَلَيْهِ وَذٰلِكَ ضُحًى فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ هٰذِهِ فَقُلْتُ اَنَا اُمُّ هَانِئٍ قَالَتْ فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ غُسْلِهِ قَامَ فَصَلّٰى ثَمَانَ رَكَعَاتٍ مُلْتَحِفًا فِي ثَوْبٍ وَاحِدٍ ثُمَّ انْصَرَفَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ زَعَمَ ابْنُ اُمِّي اَنَّهُ قَاتِلٌ رَجُلًا اَجَرْتُهُ فُلَانَ بْنَ هُبَيْرَةَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَجَرْنَا مَنْ اَجَرْتِ يَا اُمَّ هَانِئٍ

---

حدیث **1488**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر بیروت' لبنان **1289**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **475**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17428**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء **2533**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء **466**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **4680**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **1757**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **7746**

''مسند حارث'' امام حارث بن ابواسامہ (زوائد نور الدین ہیثمی) مرکز خدمۃ السنۃ والسیرۃ النبویہ' مدینہ منورہ **1413**ھ/ **1992**ء **222**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **293**

☆☆ ابومرہ' جو جناب عقیل بن ابوطالب کے آزاد کردہ غلام ہیں بیان کرتے ہیں انہوں نے سیدہ ام ہانی رضی اللہ عنہا بنت ابوطالب کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے کہ فتح مکہ کے موقع پر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی تو آپ کو غسل کرتے ہوئے پایا آپ کی صاحبزادی سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے ایک کپڑے کے ذریعے پردہ تان رکھا تھا۔ سیدہ اُم ہانی بیان کرتی ہیں کہ کیا میں نے آپ کو سلام کیا یہ چاشت کا وقت تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت ۔کون خاتون ہے؟ میں نے جواب دیا: میں اُم ہانی ہوں' سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم غسل کر کے فارغ ہوئے تو آپ نے ایک کپڑا لپیٹ کر آٹھ رکعت ادا کیں جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو میں نے عرض کی' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میرے ماں جائے (حضرت علی رضی اللہ عنہ) ایک شخص کو قتل کرنا چاہتے ہیں جسے میں نے پناہ دی ہے وہ ہبیرہ کا فلاں بیٹا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے اُم ہانی! جسے تم نے پناہ دی ہے اُسے ہم بھی پناہ دیتے ہیں۔

**1491**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ اَوْصَانِي خَلِيلِي بِثَلَاثٍ لَا اَدَعُهُنَّ حَتّٰى اَمُوْتَ الْوِتْرِ قَبْلَ اَنْ اَنَامَ وَصَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّمِنَ الضُّحٰى رَكْعَتَيْنِ

---

حدیث **1490**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **276**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **336**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2734**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **465**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **356**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **27428**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **1188**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **906**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **1017**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **1620**

حدیث **1491**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **1124**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1432**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **1677**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **10824**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **2122**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **1386**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **8219**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ ۔ **1984**ء — **6226**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ — **4926**

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میرے خلیل (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے مجھے تین باتوں کی وصیت کی ہے انہیں میں مرتے دم تک نہیں چھوڑوں گا' سونے سے پہلے وتر ادا کرنے کی' ہر مہینے تین روزے رکھنے کی اور چاشت کی دو رکعت ادا کرنے کی۔

# بَابُ مَّا جَآءَ فِي الْكَرَاهِيَةِ فِيهِ

## باب 151: چاشت کی نماز کے مکروہ ہونے کے بارے میں روایات

**1492**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَا صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُبْحَةَ الضُّحٰى فِي سَفَرٍ وَّلَا حَضَرٍ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سفر یا حضر' میں کبھی بھی چاشت کی نماز ادا نہیں کی۔

**1493**- حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ فَضَالَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ بَكْرَةَ اَنَّ اَبَاهُ رَاٰى اُنَاسًا يُصَلُّوْنَ صَلٰوةَ الضُّحٰى فَقَالَ اَمَا اِنَّهُمْ لَيُصَلُّوْنَ صَلٰوةً مَا صَلَّاهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا عَامَّةُ اَصْحَابِهٖ

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابوبکرہ بیان کرتے ہیں ان کے والد (حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ) نے چند لوگوں کو چاشت کی نماز ادا کرتے ہوئے دیکھا اور فرمایا: یہ لوگ وہ نماز پڑھ رہے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ادا نہیں کی اور آپ کے صحابہ نے بھی ادا نہیں کی۔

# بَابٌ فِيْ صَلٰوةِ الْاَوَّابِيْنَ

## باب 152: اوابین کی نماز

**1494**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَوْفٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ يُصَلُّوْنَ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ الْاَوَّابِيْنَ اِذَا رَمِضَتِ الْفِصَالُ

☆☆ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے وہ اس وقت سورج طلوع ہو جانے کے بعد نماز ادا کر رہے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اوابین کی نماز کا وقت وہ ہے جب اونٹوں کے بچوں کے پاؤں جلنے لگیں۔

# بَابُ صَلٰوةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَثْنٰى مَثْنٰى

## باب 153: دن اور رات کے نوافل دو دو کر کے پڑھے جائیں

**1495**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا وَكِيعٌ وَّغُنْدَرٌ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ

حدیث **1494**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **748**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19284**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **5113**

عَلِيِّ الْاَزْدِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةُ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَثْنٰى مَثْنٰى وَقَالَ اَحَدُهُمَا رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے دن اور رات کے نوافل دو دو کر کے پڑھے جائیں۔

ایک اور روایت میں الفاظ کچھ مختلف منقول ہیں۔

## بَابٌ فِيْ صَلٰوةِ اللَّيْلِ

## باب 154: رات کے نوافل

**1496**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَلٰوةِ اللَّيْلِ فَقَالَ مَثْنٰى مَثْنٰى فَاِذَا خَشِيَ اَحَدُكُمُ الصُّبْحَ فَلْيُصَلِّ رَكْعَةً وَّاحِدَةً تُوتِرُ مَا قَدْ صَلّٰى

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے رات کے نوافل کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے جواب دیا: انہیں دو دو کر کے پڑھا جائے اور جب تمہیں صبح قریب ہونے کا اندازہ ہو تو ایک رکعت وتر پڑھ کے انہیں طاق کر لو۔

## بَابُ فَضْلِ صَلٰوةِ اللَّيْلِ

## 155: رات کے نوافل کی فضیلت

**1497**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ عَوْفٍ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ لَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ

حدیث **1495** "صحیح بخاری" امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء — **948**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **749**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **1295**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **437**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء — **1666**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **1175**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **267**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **1799**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/ **1993**ء — **2482**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ/ **1970**ء — **1210**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/ **1991**ء — **438**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **4349**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان/عمان **1405**ھ **1985**ء — **47**

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ اسْتَشْرَفَهُ النَّاسُ فَقَالُوا قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ قَدِمَ رَسُولُ اللّٰهِ فَخَرَجْتُ فِيمَنْ خَرَجَ فَلَمَّا رَأَيْتُ وَجْهَهُ عَرَفْتُ اَنَّ وَجْهَهُ لَيْسَ بِوَجْهِ كَذَّابٍ فَكَانَ اَوَّلُ مَا سَمِعْتُهُ يَقُولُ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ وَصِلُوا الْاَرْحَامَ وَصَلُّوا وَالنَّاسُ نِيَامٌ تَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِسَلَامٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو لوگ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے استقبال کے لئے آئے اور بولے اللہ کے رسول تشریف لے آئے ہیں اللہ کے رسول تشریف لے آئے ہیں۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ان لوگوں کے ساتھ میں بھی نکلا جب میں نے آپ کا چہرہ مبارک دیکھا تو مجھے اندازہ ہوگیا کہ یہ کسی جھوٹے شخص کا چہرہ نہیں ہے۔ میں نے سب سے پہلے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا۔ اے لوگو! سلام کو عام کرو (دوسروں کو) کھانا کھلاؤ رشتہ داری برقرار رکھو اور جب لوگ سو رہے ہوں اس وقت نوافل ادا کرو تم لوگ سلامتی کے ساتھ جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

## بَابُ فَضْلِ مَنْ سَجَدَ لِلّٰهِ سَجْدَةً

## باب 156: اللہ تعالیٰ کے لئے سجدہ کرنے کی فضیلت

**1498**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ هَارُونَ بْنِ رِئَابٍ عَنِ الْاَحْنَفِ بْنِ قَيْسٍ قَالَ دَخَلْتُ مَسْجِدَ دِمَشْقَ فَاِذَا رَجُلٌ يُكْثِرُ الرُّكُوعَ وَالسُّجُودَ قُلْتُ لَا اَخْرُجُ حَتّٰى اَنْظُرَ اَعَلٰى شَفْعٍ يَدْرِي هٰذَا يَنْصَرِفُ اَمْ عَلٰى وِتْرٍ فَلَمَّا فَرَغَ قُلْتُ يَا عَبْدَ اللّٰهِ اَعَلٰى شَفْعٍ تَدْرِي انْصَرَفْتَ اَمْ عَلٰى وِتْرٍ فَقَالَ اِنْ لَا اَدْرِي فَاِنَّ اللّٰهَ يَدْرِي ثُمَّ قَالَ اِنِّي سَمِعْتُ خَلِيلِي اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْجُدُ لِلّٰهِ سَجْدَةً اِلَّا رَفَعَهُ اللّٰهُ بِهَا دَرَجَةً وَحَطَّ عَنْهُ بِهَا خَطِيئَةً قُلْتُ مَنْ اَنْتَ رَحِمَكَ اللّٰهُ قَالَ اَنَا اَبُو ذَرٍّ قَالَ فَتَقَاصَرَتْ اِلَيَّ نَفْسِي

☆☆ احنف بن قیس بیان کرتے ہیں میں مسجد دمشق میں داخل ہوا تو وہاں ایک صاحب بکثرت رکوع وسجود کر رہے تھے میں نے سوچا میں اُس وقت تک مسجد سے باہر نہیں جاؤں گا۔ جب تک اس بات کا جائزہ نہ لے لوں یہ صاحب طاق تعداد میں نماز ادا کرتے ہیں۔ یا جفت تعداد میں ادا کرتے ہیں؟ جب وہ نماز پڑھ کر فارغ ہو گئے تو میں نے دریافت کیا' اے اللہ کے بندے! کیا آپ جانتے ہیں؟ آپ نے طاق تعداد میں رکوع وسجود کئے ہیں یا جفت میں' انہوں نے جواب دیا' مجھے پتہ نہیں چلا' اللہ تعالیٰ بہتر جانتا ہے۔ پھر انہوں

حدیث **1497** "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **2485**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1334**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **23835**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **4283**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **4422**

"مسند شہاب" امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان **1407**ھ/ **1986**ء **719**

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/ **1988**ء **496**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **25740**

نے جواب دیا: میں نے اپنے خلیل حضرت ابوالقاسم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو بندہ اللہ کی بارگاہ میں ایک سجدہ کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں اس کا ایک درجہ بلند کر دیتا ہے اور اس سجدے کے بدلے میں ایک گناہ معاف کر دیتا ہے۔ احنف بن قیس کہتے ہیں میں نے دریافت کیا' اللہ تعالیٰ آپ پر رحم کرے آپ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: میں ابوذر (غفاری) ہوں۔

احنف بن قیس کہتے ہیں پھر مجھے اطمینان ہو گیا۔

## بَابٌ فِیْ سَجْدَةِ الشُّكْرِ

## باب 157- سجدہ شکر کا بیان

**1499**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ بْنُ رَجَاءٍ حَدَّثَتْنَا شَعْثَاءُ قَالَتْ رَاَيْتُ ابْنَ اَبِیْ اَوْفٰی صَلّٰی رَكْعَتَيْنِ وَقَالَ صَلّٰی رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الضُّحٰی رَكْعَتَيْنِ حِيْنَ بُشِّرَ بِالْفَتْحِ اَوْ بِرَاْسِ اَبِیْ جَهْلٍ

☆☆ شعثاء بیان کرتی ہیں میں نے حضرت ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ کو دو رکعت ادا کرتے ہوئے دیکھا بعد میں انہوں نے بتایا کہ نبی اکرم ﷺ نے چاشت کے وقت دو رکعت اس وقت ادا کی تھیں جب (غزوۂ بدر کے موقع پر) آپ کو فتح کی خوشخبری سنائی گئی۔ (راوی کو شک ہے) یا شاید ابوجہل کے سر (لائے جانے کی خوشخبری سنائی گئی)

## بَابُ النَّهْيِ اَنْ يَّسْجُدَ لِاَحَدٍ

## باب 158: کسی شخص کو سجدہ کرنا منع ہے

**1500**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ الْاَزْرَقُ عَنْ شَرِيْكٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ قَيْسِ بْنِ

حدیث **1498** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21490**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **4359**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **3561**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **4630**

حدیث **1500** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2140**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1159**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1852**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19422**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **4171**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2763**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **9147**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **14481**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **895**

سَعْدٍ قَالَ اَتَيْتُ الْحِيرَةَ فَرَاَيْتُهُمْ يَسْجُدُونَ لِمَرْزُبَانَ لَهُمْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَلَا نَسْجُدُ لَكَ فَقَالَ لَوْ اَمَرْتُ اَحَدًا لَاَمَرْتُ النِّسَآءَ اَنْ يَسْجُدْنَ لِاَزْوَاجِهِنَّ لِمَا جَعَلَ اللّٰهُ عَلَيْهِنَّ مِنْ حَقِّهِمْ

☆☆ قیس بن سعد بیان کرتے ہیں۔ میں حیرہ میں آیا میں نے وہاں لوگوں کو اپنے رئیس کو سجدہ کرتے ہوئے دیکھا (پھر جب میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آیا) تو عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہم لوگ آپ کو سجدہ نہ کیا کریں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی شخص کو یا کسی فرد کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو خواتین کو یہ حکم دیتا کہ وہ اپنے شوہروں کو سجدہ کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اُن خواتین پر اُن کے شوہروں کے بہت سے حقوق مقرر کیے ہیں۔

**1501**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَيَّانَ عَنِ ابْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ جَآءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِيْ فَلِاَسْجُدَ لَكَ قَالَ لَوْ كُنْتُ اٰمِرًا اَحَدًا اَنْ يَسْجُدَ لِاَحَدٍ لَاَمَرْتُ الْمَرْاَةَ تَسْجُدُ لِزَوْجِهَا

☆☆ ابن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ایک دیہاتی نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! مجھے اجازت دیں میں آپ کو سجدہ کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: اگر میں کسی شخص کو کسی دوسرے کو سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو عورت کو حکم دیتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے۔

# بَابُ السُّجُوْدِ فِي النَّجْمِ

## باب 159: سورۂ نجم میں سجدہ تلاوت

**1502**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَرَاَ النَّجْمَ فَسَجَدَ فِيْهَا وَلَمْ يَبْقَ اَحَدٌ اِلَّا سَجَدَ اِلَّا شَيْخٌ اَخَذَ كَفًّا مِّنْ حَصًى فَرَفَعَهُ اِلٰى جَبْهَتِهِ وَقَالَ يَكْفِيْنِيْ هٰذَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے سورۂ النجم کی تلاوت کی اور سجدۂ تلاوت کیا۔ تمام

---

حدیث **1501**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان' 1407ھ 1987ء **3640**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1406**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **575**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء **959**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3805**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء **2764**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء **553**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء **1030**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء **3519**

حاضرین نے بھی سجدہ کیا۔البتہ ایک شخص نے چند کنکریاں اُٹھا کر اپنے ماتھے پر لگائیں اور بولا میرے لئے یہی کافی ہے۔

## بَابُ السُّجُوْدِ فِیْ ص

## باب 160: سورۂ صٓ میں سجدۂ تلاوت

**1503**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ يَزِيْدَ عَنْ سَعِيْدٍ يَعْنِي ابْنَ اَبِي هِلَالٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُ قَالَ خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا فَقَرَاَ ص فَلَمَّا مَرَّ بِالسَّجْدَةِ نَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدْنَا مَعَهُ وَقَرَاَهَا مَرَّةً اُخْرٰى فَلَمَّا بَلَغَ السَّجْدَةَ تَيَسَّرْنَا لِلسُّجُوْدِ فَلَمَّا رَآنَا قَالَ اِنَّمَا هِيَ تَوْبَةُ نَبِيٍّ وَلٰكِنِّي اَرَاكُمْ قَدِ اسْتَعْدَدْتُمْ لِلسُّجُوْدِ فَنَزَلَ فَسَجَدَ وَسَجَدْنَا

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے سورۂ ص کی تلاوت کی اور جب آپ آیت سجدہ تک پہنچے تو آپ (منبر سے) نیچے اُترے اور آپ نے سجدہ کیا اور آپ کے ہمراہ ہم نے بھی سجدہ کیا پھر جب دوبارہ آپ نے اس سورت کو پڑھا اور آیت سجدہ تک پہنچے تو ہم سجدہ کرنے کے لئے تیار ہوئے جب آپ نے ہمیں دیکھا تو فرمایا: یہ تو ایک نبی کی توبہ کا واقعہ ہے۔لیکن میں دیکھ رہا ہوں تم لوگ سجدہ کرنے کے لیے تیار ہو۔(راوی کہتے ہیں) آپ منبر سے نیچے اُترے اور سجدہ کیا اور ہم نے بھی سجدہ کیا۔

**1504**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ هُوَ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ فِي السُّجُوْدِ فِيْ ص لَيْسَتْ مِنْ عَزَائِمِ السُّجُوْدِ وَقَدْ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔سورۂ ص میں سجدہ تلاوت ضروری نہیں ہے۔البتہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اسے کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## بَابُ السُّجُوْدِ فِيْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ

## باب 161- سورۂ انشقاق میں سجدہ تلاوت

**1505**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَسْجُدُ فِيْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ فَقِيْلَ لَهُ تَسْجُدُ فِيْ سُوْرَةٍ مَا يُسْجَدُ فِيْهَا فَقَالَ اِنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْجُدُ فِيْهَا

---

حدیث 1503 ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 1455

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 1052

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 1410

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 2765

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 3558

☆☆ ابوسلمٰی بیان کرتے ہیں: میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو سورۂ انشقاق میں سجدۂ تلاوت کرتے ہوئے دیکھا ہے ان سے کہا گیا آپ اس سورت میں سجدہ کر رہے ہیں۔ جن میں سجدہ نہیں ہے تو حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سورت میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

**1506**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ قَالَ رَاَيْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَسْجُدُ فِىْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ فَقُلْتُ يَا اَبَا هُرَيْرَةَ اَرَاكَ تَسْجُدُ فِىْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ فَقَالَ لَوْ لَمْ اَرَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِيْهَا لَمْ اَسْجُدْ

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو سورۂ انشقاق میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھا تو بولا اے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ! میں آپ کو سورۂ انشقاق میں سجدہ کرتے ہوئے دیکھ رہا ہوں۔ (اس کی کیا وجہ ہے؟)

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا۔ اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس سورت میں سجدہ تلاوت کرتے ہوئے نہ دیکھا ہوتا تو میں بھی سجدہ نہ کرتا۔

**1507**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ اَبِىْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ فِىْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سورۂ انشقاق میں سجدہ تلاوت کیا ہے۔

---

حدیث **1505**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**۔ **732**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **578**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1407**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **573**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**۔ **962**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1059**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **480**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9880**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**۔ **2767**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ **1970**۔ **555**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1990**۔ **6663**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**۔ **1034**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**۔ **3535**

## بَابُ السُّجُوْدِ فِيْ اقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

## باب 162: سورۂ علق میں سجدہ تلاوت

**1508**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَطَاءِ بْنِ مِيْنَاءَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ سَجَدْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ وَاقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں ہم لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سورۂ انشقاق اور سورۂ علق میں سجدۂ تلاوت کیا ہے۔

## بَابٌ فِي الَّذِيْ يَسْمَعُ السَّجْدَةَ وَلَا يَسْجُدُ

## باب 163: آیات سجدہ سن کر سجدہ نہ کرنا

**1509**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ قَرَاْتُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّجْمَ فَلَمْ يَسْجُدْ فِيْهَا

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے سورۂ النجم کی تلاوت کی لیکن آپ نے سجدہ نہیں کیا۔

## بَابُ صِفَةِ صَلٰوةِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 164: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے نوافل کا بیان

**1510**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّىْ مَا بَيْنَ الْعِشَاءِ اِلَى الْفَجْرِ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يُسَلِّمُ فِىْ كُلِّ رَكْعَتَيْنِ وَيُوْتِرُ بِوَاحِدَةٍ وَيَسْجُدُ فِىْ سُبْحَتِهِ بِقَدْرِ مَا يَقْرَاُ اَحَدُكُمْ خَمْسِيْنَ اٰيَةً قَبْلَ اَنْ يَرْفَعَ رَاْسَهُ فَاِذَا سَكَتَ الْمُؤَذِّنُ مِنَ الْاَذَانِ الْاَوَّلِ رَكَعَ رَكْعَتَيْنِ خَفِيْفَتَيْنِ ثُمَّ اضْطَجَعَ حَتّٰى يَاْتِيَهُ الْمُؤَذِّنُ فَيَخْرُجَ مَعَهُ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عشاء کی نماز سے لیکر فجر کی نماز تک کے درمیانی عرصہ میں 11 رکعات

---

حدیث **1510**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 1336

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406ھ**' **1986ء** — 1328

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1847

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414ھ/ 1993ء** — 1331

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411ھ/ 1991ء**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404ھ- 1984ء** — [illegible]7

کرتے تھے جن میں ہر دو رکعات کے بعد سلام پھیر دیتے تھے اور ایک رکعت وتر ادا کرتے تھے۔ آپ ان نوافل کے دوران اتنا طویل سجدہ کرتے تھے کہ تم میں سے کوئی اس عرصہ کے درمیان پچاس آیات پڑھ سکتا ہے پھر جب مؤذن فجر کی اذان دے کر فارغ ہو جاتا تو نبی اکرم ﷺ دو مختصر رکعات (سنت) ادا کر لیتے۔ پھر آپ لیٹ جاتے یہاں تک کہ مؤذن آپ کی خدمت میں حاضر ہوتا تو آپ اس کے ساتھ تشریف لے جاتے۔

**1511**– حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَوَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ قَالَا حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ اَبِى سَلَمَةَ قَالَ سَالْتُ عَائِشَةَ عَنْ صَلٰوةِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِاللَّيْلِ فَقَالَتْ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي ثَلَاثَ عَشْرَةَ رَكْعَةً يُصَلِّي ثَمَانَ رَكَعَاتٍ ثُمَّ يُوتِرُ ثُمَّ يُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ فَإِذَا اَرَادَ اَنْ يَرْكَعَ قَامَ فَرَكَعَ وَيُصَلِّي رَكْعَتَيْنِ بَيْنَ النِّدَآءِ وَالْإِقَامَةِ مِنْ صَلٰوةِ الصُّبْحِ

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں میں نے سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے نبی اکرم ﷺ کے رات کے نوافل کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم ﷺ 13 رکعات پڑھا کرتے تھے۔ جن میں آٹھ رکعات ادا کرنے کے بعد 1 وتر پڑھ لیتے تھے پھر آپ 2 رکعت بیٹھ کر ادا کرتے تھے پھر جب رکوع میں جانے لگتے تو کھڑے ہو کر رکوع میں جاتے پھر آپ (فجر کی) اذان اور اقامت کے درمیان دو رکعت سنت ادا کرتے تھے۔

**1512**– حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنِي اَبِي عَنْ قَتَادَةَ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَاَتَى الْمَدِينَةَ لِيَبِيعَ عَقَارَهُ فَيَجْعَلَهُ فِي السِّلَاحِ وَالْكُرَاعِ فَلَقِيَ رَهْطًا مِنَ الْاَنْصَارِ فَقَالُوا اَرَادَ ذٰلِكَ سِتَّةٌ مِنَّا عَلٰى عَهْدِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَنَعَهُمْ وَقَالَ اَمَا لَكُمْ فِيَّ اُسْوَةٌ ثُمَّ اِنَّهُ قَدِمَ الْبَصْرَةَ فَحَدَّثَنَا اَنَّهُ لَقِيَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ فَسَاَلَهُ عَنِ الْوِتْرِ فَقَالَ اَلَا اُحَدِّثُكَ بِاَعْلَمِ النَّاسِ بِوِتْرِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْتُ بَلٰى قَالَ اُمُّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةُ فَاْتِهَا فَاسْاَلْهَا ثُمَّ ارْجِعْ اِلَيَّ فَحَدِّثْنِي بِمَا حَدَّثَتْكَ فَاَتَيْتُ حَكِيمَ بْنَ اَفْلَحَ فَقُلْتُ لَهُ انْطَلِقْ مَعِي اِلٰى اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ عَائِشَةَ قَالَ اِنِّي لَا اٰتِيهَا اِنِّي نَهَيْتُ عَنْ هٰذِهِ الشِّيعَتَيْنِ فَاَبَتْ اِلَّا مُضِيًّا قُلْتُ اَقْسَمْتُ عَلَيْكَ لَمَا انْطَلَقْتَ فَانْطَلَقْنَا فَسَلَّمْنَا فَعَرَفَتْ صَوْتَ حَكِيمٍ فَقَالَتْ مَنْ هٰذَا قُلْتُ سَعْدُ بْنُ هِشَامٍ قَالَتْ مَنْ هِشَامٌ قُلْتُ هِشَامُ ابْنُ عَامِرٍ قَالَتْ نِعْمَ الْمَرْءُ قُتِلَ يَوْمَ اُحُدٍ قُلْتُ اَخْبِرِينَا عَنْ خُلُقِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اَلَسْتَ تَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ قُلْتُ بَلٰى قَالَتْ فَاِنَّهُ خُلُقُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَرَدْتُ اَنْ اَقُومَ وَلَا اَسْاَلَ اَحَدًا عَنْ شَيْءٍ حَتّٰى اَلْحَقَ بِاللّٰهِ فَعَرَضَ لِيَ الْقِيَامُ فَقُلْتُ اَخْبِرِينَا عَنْ قِيَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ اَلَسْتَ تَقْرَاُ يَا اَيُّهَا الْمُزَّمِّلُ قُلْتُ بَلٰى قَالَتْ فَاِنَّهَا كَانَتْ قِيَامَ رَسُولِ اللّٰهِ اُنْزِلَ اَوَّلُ السُّورَةِ فَقَامَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَصْحَابُهُ حَتّٰى انْتَفَخَتْ اَقْدَامُهُمْ وَحُبِسَ اٰخِرُهَا فِي السَّمَآءِ سِتَّةَ عَشَرَ شَهْرًا ثُمَّ اُنْزِلَ فَصَارَ قِيَامُ

حدیث **1512**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی 'موسسہ قرطبہ' قاہرہ مصر **24314**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی 'مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **4588**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ 'مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **1316**

اللَّيْلِ تَطَوُّعًا بَعْدَ اَنْ كَانَ فَرِيضَةً فَاَرَدْتُ اَنْ اَقُوْمَ وَلَا اَسْاَلَ اَحَدًا عَنْ شَيْءٍ حَتَّى الْحَقَ بِاللّٰهِ فَعَرَضَ لِيَ الْوِتْرُ فَقُلْتُ اَخْبِرِيْنَا عَنْ وِتْرِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا نَامَ وَضَعَ سِوَاكَهُ عِنْدِيْ فَيَبْعَثُهُ اللّٰهُ لِمَا شَاءَ اَنْ يَبْعَثَهُ فَيُصَلِّيْ تِسْعَ رَكَعَاتٍ لَا يَجْلِسُ اِلَّا فِي الثَّامِنَةِ فَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ رَبَّهُ ثُمَّ يَقُوْمُ وَلَا يُسَلِّمُ ثُمَّ يَجْلِسُ فِي التَّاسِعَةِ فَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ رَبَّهُ وَيُسَلِّمُ تَسْلِيْمَةً يُسْمِعُنَا ثُمَّ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ فَتِلْكَ اِحْدٰى عَشْرَةَ رَكْعَةً يَا بُنَيَّ فَلَمَّا اَسَنَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَحَمَلَ اللَّحْمَ صَلّٰى سَبْعَ رَكَعَاتٍ لَا يَجْلِسُ اِلَّا فِي السَّادِسَةِ فَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ رَبَّهُ ثُمَّ يَقُوْمُ وَلَا يُسَلِّمُ ثُمَّ يَجْلِسُ فِي السَّابِعَةِ فَيَحْمَدُ اللّٰهَ وَيَدْعُوْ رَبَّهُ ثُمَّ يُسَلِّمُ تَسْلِيْمَةً ثُمَّ يُصَلِّيْ رَكْعَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ فَتِلْكَ تِسْعٌ يَا بُنَيَّ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا غَلَبَهُ نَوْمٌ اَوْ مَرَضٌ صَلّٰى مِنَ النَّهَارِ ثِنْتَيْ عَشْرَةَ رَكْعَةً وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَخَذَ خُلُقًا اَحَبَّ اَنْ يُدَاوِمَ عَلَيْهِ وَمَا قَامَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةً حَتّٰى يُصْبِحَ وَلَا قَرَاَ الْقُرْاٰنَ كُلَّهُ فِيْ لَيْلَةٍ وَلَا صَامَ شَهْرًا كَامِلًا غَيْرَ رَمَضَانَ فَاَتَيْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَحَدَّثْتُهُ فَقَالَ صَدَقَتْكَ اَمَا اِنِّيْ لَوْ كُنْتُ اَدْخُلُ عَلَيْهَا لَشَافَهْتُهَا مُشَافَهَةً قَالَ فَقُلْتُ اَمَا اِنِّيْ لَوْ شَعَرْتُ اَنَّكَ لَا تَدْخُلُ عَلَيْهَا مَا حَدَّثْتُكَ

زرارہ بن اوفی بیان کرتے ہیں: سعد بن ہشام نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی اور اپنی جائیداد فروخت کرنے کے لیے مدینہ منورہ آئے تاکہ اُسے فروخت کر کے ہتھیار خرید سکیں ان کی ملاقات چند انصاری حضرات سے ہوئی تو ان حضرات نے بتایا نبی اکرم ﷺ کے زمانۂ اقدس میں چھ حضرات نے ایسا کرنے کی کوشش کی تھی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں اس بات سے منع کر دیا تھا اور دریافت کیا تھا کیا تم لوگوں کے لیے میرا اسوہ کافی نہیں ہے۔ (زرارہ بیان کرتے ہیں پھر وہ) یعنی سعد بن ہشام بصرہ آ گئے اور انہوں نے ہمیں بتایا کہ ان کی ملاقات حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوئی اور انہوں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے وتر کی نماز کے بارے میں سوال کیا تو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے جواب دیا' نبی اکرم ﷺ کی وتر کی نماز کے بارے میں جسے سب سے زیادہ علم ہے میں تمہیں اس کے بارے میں نہ بتاؤں۔ میں نے جواب دیا۔ ہاں! حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بتایا کہ اُم المؤمنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہو۔ تم ان کی خدمت میں جاؤ' ان سے یہ سوال کرو اور پھر وہ جواب دیں واپس آ کر مجھے بھی بتا دینا۔

سعد بن ہشام کہتے ہیں میں حکیم بن افلح کے پاس آیا اور ان سے کہا آپ میرے ساتھ اُم المؤمنین کی خدمت میں چلیں' حکیم نے جواب دیا' میں ان کی خدمت میں نہیں جاؤں گا۔ کیونکہ میں نے اُنہیں ان دونوں گروہوں (یعنی حضرت علی رضی اللہ عنہ کے موافقین اور مخالفین) کے معاملے میں دخل دینے سے منع کیا تھا تو انہوں نے میری بات نہیں مانی' سعد کہتے ہیں میں بولا' میں آپ کو قسم دیتا ہوں کہ آپ چلیں پھر ہم دونوں چل پڑے۔ (سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کی خدمت میں حاضر ہوئے) پھر ہم نے سلام کیا انہوں نے حکیم کی آواز پہچان لی اور دریافت کیا یہ کون ہے؟ میں نے جواب دیا: میں سعد بن ہشام ہوں۔ انہوں نے دریافت کیا کون ہشام؟ میں نے جواب دیا: ہشام بن عامر' انہوں نے جواب دیا' بڑے اچھے آدمی تھے۔ غزوۂ اُحد میں شہید ہوئے تھے۔ میں نے سوال کیا' آپ نبی اکرم ﷺ کے اخلاق کے بارے میں بتائیں' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا' کیا تم قرآن نہیں پڑھتے؟ میں نے جواب دیا' جی ہاں! سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا وہی نبی اکرم ﷺ کا اخلاق ہے (سعد بن ہشام کہتے ہیں) میں نے یہ ارادہ کیا اب میں اُٹھ جاتا ہوں اور مرتے دم تک کبھی کسی سے کوئی

سوال نہیں کروں گا لیکن پھر مجھے نبی اکرم ﷺ کے نوافل کا خیال آ گیا تو میں نے سوال کیا آپ ہمیں نبی اکرم ﷺ کے نوافل کے بارے میں بتائیں۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: کیا تم نے سورۃ المزمل نہیں پڑھی' میں نے جواب دیا: جی ہاں! (پڑھی ہے) سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: اس سورت کے آغاز میں نبی اکرم ﷺ کے لئے رات کے نوافل کا حکم نازل ہوا نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اصحاب نوافل ادا کرتے رہے۔ یہاں تک کہ اُن کے پاؤں سوج گئے۔ چھ ماہ تک اس سورت کا آخری حصہ نازل نہیں ہوا پھر وہ حصہ نازل ہوا تو رات کے نوافل کو نفل قرار دے دیا گیا حالانکہ پہلے یہ فرض تھے۔ (سعد بن ہشام کہتے ہیں) میں نے ارادہ کیا اب میں اُٹھ جاتا ہوں اور مرتے دم تک کوئی سوال نہیں کروں گا۔ لیکن پھر مجھے وتر کا خیال آ گیا تو میں نے عرض کی آپ ہمیں نبی اکرم ﷺ کی وتر کی نماز کے بارے میں بتائیں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: نبی اکرم ﷺ جب سونے لگتے تھے تو اپنی مسواک میرے پاس رکھ دیتے تھے پھر اللہ تعالیٰ کسی وقت اُنہیں بیدار کر دیتا تو آپ 9 رکعات ادا کرتے تھے جن میں سے آپ 8 ویں رکعت کے بعد بیٹھ کر اللہ کی حمد بیان کرتے۔ اپنے پروردگار سے دُعا مانگتے پھر سلام پھیرے بغیر کھڑے ہو جاتے۔ پھر نویں رکعت پڑھنے کے بعد بیٹھتے اور اللہ کی حمد بیان کرتے اور اپنے پروردگار سے دعا کرتے اور پھر بلند آواز میں سلام پھیر دیتے پھر آپ بیٹھ کر دو رکعت ادا کرتے۔ یہ گیارہ رکعت ہوتی تھی۔

(پھر سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا) اے بیٹے! جب نبی اکرم ﷺ کی عمر زیادہ ہوگئی تو آپ کا جسم مبارک بھاری ہو گیا تو آپ 7 رکعت ادا کیا کرتے تھے جن میں سے آپ 6 رکعت ادا کرنے کے بعد بیٹھ جاتے تھے۔ اللہ تعالیٰ کی حمد بیان کرتے تھے اپنے پروردگار سے دُعا مانگتے تھے پھر سلام پھیرے بغیر کھڑے ہو جاتے اور ساتویں رکعت ادا کرنے کے بعد پھر بیٹھ کر اللہ کی حمد بیان کرتے۔ اپنے پروردگار سے دُعا مانگتے اور پھر سلام پھیر دیتے۔ پھر آپ بیٹھ کر دو رکعات ادا کرتے تھے۔ یہ 9 رکعات ہوتی تھیں۔

(سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے یہ بھی فرمایا) اے بیٹے! جب نبی اکرم ﷺ پر نیند کا غلبہ ہوتا یا آپ بیمار ہوتے (اور اس وجہ سے رات کے نوافل ادا نہیں کر سکتے تھے) تو آپ دن کے وقت 12 رکعت ادا کیا کرتے تھے۔ نبی اکرم ﷺ جب بھی کوئی معمول اختیار کرتے تھے تو آپ کو یہ پسند تھا آپ اُسے باقاعدگی سے سرانجام دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے کبھی بھی رات بھر نوافل ادا نہیں کئے اور نہ ہی آپ نے کبھی ایک رات میں پورا قرآن پڑھا ہے اور رمضان کے علاوہ آپ نے کسی بھی مہینے میں پورا مہینہ روزے نہیں رکھے۔

سعد بن ہشام کہتے ہیں میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور انہیں یہ حدیث سنائی تو انہوں نے فرمایا: سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے ٹھیک بیان کیا ہے اگر میں ان کی خدمت میں حاضر ہو سکتا تو ان سے براہ راست یہ حدیث سن لیتا۔ سعد بن ہشام کہتے ہیں میں نے کہا اگر مجھے پتہ ہوتا کہ آپ اُن کے ہاں نہیں آتے جاتے ہیں تو میں آپ کو یہ حدیث نہ سناتا۔

## بَابُ اَیُّ صَلٰوۃِ اللَّیْلِ اَفْضَلُ

## باب 165: رات کی کون سی نماز افضل ہے

**1513**- اَخْبَرَنَا زَیْدُ بْنُ عَوْفٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَیْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ حُمَیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الصَّلٰوۃِ بَعْدَ الْفَرِیْضَةِ الصَّلٰوۃُ فِیْ جَوْفِ اللَّیْلِ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں فرض نماز کے بعد سب سے افضل نماز وہ ہے جو نصف رات کے وقت ادا کی جائے۔

# بَاب اِذَا نَامَ عَنْ حِزْبِہٖ مِنَ اللَّيْلِ

## باب 166- اگر انسان رات کے وظائف پڑھے بغیر سو جائے

**1514**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَبْدٍ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَامَ عَنْ حِزْبِهٖ اَوْ عَنْ شَيْءٍ مِّنْهُ فَقَرَاَهُ فِيْمَا بَيْنَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَصَلٰوةِ الظُّهْرِ كُتِبَ لَهٗ كَاَنَّمَا قَرَاَهُ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے اگر کوئی انسان رات کے وظائف یا ان کا کچھ حصہ پڑھے بغیر سو جائے اور پھر انہیں (اگلے دن) فجر اور ظہر کے درمیان پڑھ لے تو انہیں اسی طرح نوٹ کیا جائے گا جیسے اس نے رات کے وقت پڑھے تھے۔

---

حدیث **1513**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1163**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **2429**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **438**
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ/**1986**ء **1614**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **8013**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء **2563**
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ/**1970**ء **1134**
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1155**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1991**ء **1308**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **4437**
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء **6392**
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ/**1983**ء **1695**
"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبہ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **276**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1423**
حدیث **1514**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **747**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **1313**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **581**

# بَاب يَنْزِلُ اللّٰهُ اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا

## باب 167: اللہ تعالیٰ کا آسمان دنیا کی طرف نزول

**1515**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَعَالٰى اِلَى السَّمَآءِ الدُّنْيَا كُلَّ لَيْلَةٍ لِنِصْفِ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ اَوْ لِثُلُثِ اللَّيْلِ الْاٰخِرِ فَيَقُوْلُ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَدْعُوْنِىْ فَاَسْتَجِيْبَ لَهٗ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَسْاَلُنِىْ فَاُعْطِيَهٗ مَنْ ذَا الَّذِىْ يَسْتَغْفِرُنِىْ فَاَغْفِرَ لَهٗ حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ اَوْ يَنْصَرِفَ الْقَارِئُ مِنْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے:

روزانہ رات کے آخری نصف حصے میں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) رات کے آخری تہائی حصے میں' اللہ تعالیٰ آسمان

---

بقیہ حدیث **1514**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **1790**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1343**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **471**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **220**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **2643**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **1171**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **1462**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **4334**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **235**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان' عمان' **1405**ھ **1985**ء — **962**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ — **4748**

حدیث **1515**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **1094**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1315**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **446**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1366**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **9426**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **10313**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **4427**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **7408**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' **1409**ھ/ **1989**ء — **753**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء — **478**

دنیا کی طرف نزول (یعنی توجہ) کر کے ارشاد فرماتا ہے: کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے تو میں اس کی دعا قبول کروں؟ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے تو میں اسے عطا کروں؟ کون ہے مجھ سے بخشش مانگے تو میں اسے بخش دوں؟

(نبی اکرم فرماتے ہیں یہ سلسلہ) صبح صادق تک رہتا ہے۔

(راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) اس وقت تک رہتا ہے جب آدمی فجر کی نماز پڑھ کر واپس آتا ہے۔

**1516**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبُو عَبْدِ اللّٰهِ الْاَغَرُّ صَاحِبَا اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهُمَا اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ رَبُّنَا تَبَارَكَ اسْمُهُ كُلَّ لَيْلَةٍ حِينَ يَبْقَى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُولُ مَنْ يَدْعُونِي فَاَسْتَجِيبَ لَهُ مَنْ يَسْتَغْفِرُنِي فَاَغْفِرَ لَهُ مَنْ يَسْاَلُنِي فَاُعْطِيَهُ حَتَّى الْفَجْرِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' ہمارا پروردگار ہر رات کو جب رات کا ایک تہائی آخری حصہ باقی رہ جاتا آسمان دنیا کی طرف خاص طور پر متوجہ ہو کر ارشاد فرماتا ہے کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کی دعا قبول کروں گا کون ہے جو مجھ سے مغفرت طلب کرے میں اسے بخش دوں گا کون ہے جو مجھ سے کچھ مانگے میں اسے عطا کروں گا ایسا فجر تک ہوتا رہتا ہے۔

**1517**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَنْزِلُ اللّٰهُ تَعَالٰى كُلَّ لَيْلَةٍ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَيَقُولُ هَلْ مِنْ سَائِلٍ فَاُعْطِيَهُ هَلْ مِنْ مُسْتَغْفِرٍ فَاَغْفِرَ لَهُ

☆☆ نافع بن زبیر رضی اللہ عنہما اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ہر رات میں آسمان دنیا کی طرف متوجہ ہو کر ارشاد فرماتا ہے' کیا کوئی مانگنے والا ہے کہ میں اسے عطا کروں کیا کوئی مغفرت طلب کرنے والا ہے کہ میں اسے بخش دوں۔

**1518**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ رِفَاعَةَ بْنِ عَرَابَةَ الْجُهَنِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا مَضَى مِنَ اللَّيْلِ نِصْفُهُ اَوْ ثُلُثَاهُ هَبَطَ اللّٰهُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا ثُمَّ يَقُولُ لَا اَسْاَلُ عَنْ عِبَادِي غَيْرِي مَنْ ذَا الَّذِي يَسْاَلُنِي فَاُعْطِيَهُ مَنْ ذَا الَّذِي يَسْتَغْفِرُنِي فَاَغْفِرَ لَهُ مَنْ ذَا الَّذِي يَدْعُونِي فَاَسْتَجِيبَ لَهُ حَتَّى يَطْلُعَ الْفَجْرُ

☆☆ حضرت رفاعہ بن عرابہ جہنی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' جب رات کا نصف حصہ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں دو تہائی حصہ گزر جاتا ہے) تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور پھر فرماتا ہے میرے بندوں سے میرے علاوہ اور کوئی دریافت نہیں کر سکتا کون ہے جو مجھ سے مانگے میں اسے عطا کروں کون ہے جو مجھ سے مغفرت طلب کرے میں اسے بخش دوں کون ہے جو مجھ سے دعا مانگے میں اس کی دعا قبول کرلوں؟ ایسا فجر تک ہوتا رہتا ہے۔

**1519**- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ هِلَالِ ابْنِ اَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ اَنَّ

رِفَاعَةَ اَخْبَرَهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1520**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حُمَيْدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُخْتَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَمِّهِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ ثُلُثُ اللَّيْلِ اَوْ نِصْفُ اللَّيْلِ فَذَكَرَ النُّزُوْلَ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب ایک تہائی رات ہو جاتی ہے (راوی کو شک ہے) یا نصف رات گزر جاتی ہے تو اس کے بعد حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اللہ تعالیٰ کے نزول کا ذکر کیا ہے۔

**1521**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا اَبِي عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِي سَعِيْدُ بْنُ اَبِي سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيُّ عَنْ عَطَاءٍ مَوْلٰى اُمِّ صُبَيَّةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْلَا اَنْ اَشُقَّ عَلٰى اُمَّتِي لَاَمَرْتُهُمْ بِالسِّوَاكِ عِنْدَ كُلِّ صَلٰوةٍ وَلَاَخَّرْتُ الْعِشَاءَ الْاٰخِرَةَ اِلٰى ثُلُثِ اللَّيْلِ فَاِنَّهُ اِذَا مَضٰى ثُلُثُ اللَّيْلِ الْاَوَّلُ هَبَطَ اللّٰهُ اِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا فَلَمْ يَزَلْ هُنَالِكَ حَتّٰى يَطْلُعَ الْفَجْرُ يَقُوْلُ قَائِلٌ اَلَا سَائِلٌ يُعْطٰى اَلَا دَاعٍ يُجَابُ اَلَا سَقِيْمٌ يَسْتَشْفِي فَيُشْفٰى اَلَا مُذْنِبٌ يَسْتَغْفِرُ فَيُغْفَرَ لَهُ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اگر مجھے اپنی اُمت کے مشقت میں مبتلا کا خیال نہ ہوتا تو میں انہیں ہر نماز کے وقت مسواک کرنے کا حکم دیتا اور عشاء کی نماز کو تہائی رات تک مؤخر کر دیتا کیونکہ جب تہائی رات گزر جاتی ہے تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا کی طرف توجہ کرتا ہے اور صبح صادق ہونے تک اسی عالم میں رہتا ہے اور یہ فرماتا ہے کیا کوئی مانگنے والا ہے جو اسے عطا کیا جائے کیا کوئی دعا مانگنے والا ہے کہ اسے قبول کیا جائے کیا کوئی بیمار ہے جو شفا چاہتا ہو اسے شفا عطا کی جائے کیا کوئی گنہگار ہے جو مغفرت طلب کرتا ہو اور اس کی مغفرت کر دی جائے۔

**1522**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا يَعْقُوْبُ حَدَّثَنِي اَبِي عَنِ ابْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِي عَمِّي عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ يَسَارٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَافِعٍ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ اَبِي طَالِبٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَ حَدِيْثِ اَبِي هُرَيْرَةَ

☆☆ عبید اللہ بن ابی رافع' حضرت علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' (امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) یہ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کی حدیث کی مانند ہے۔

## بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ التَّهَجُّدِ

## باب **168**: تہجد کے وقت دعا مانگنا

**1523**- حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ هُوَ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَحْوَلِ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَامَ يَتَهَجَّدُ مِنَ اللَّيْلِ قَالَ اللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ نُوْرُ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ قَيِّمُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ اَنْتَ مَلِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ اَنْتَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالْبَعْثُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَقٌّ اللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ وَبِكَ اٰمَنْتُ وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ وَاِلَيْكَ اَنَبْتُ وَبِكَ خَاصَمْتُ وَاِلَيْكَ حَاكَمْتُ فَاغْفِرْ لِي مَا قَدَّمْتُ وَمَا اَخَّرْتُ وَمَا اَعْلَنْتُ وَمَا اَسْرَرْتُ اَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَاَنْتَ الْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت جب تہجد کی نماز پڑھنے کے لئے کھڑے ہوتے تو یہ دعا مانگتے: ''اے اللہ ہر طرح کی حمد تیرے لئے ہے تو آسمانوں' زمین اوران میں موجود چیزوں کونور عطا کرنے والا ہے ہر طرح کی حمد تیرے لئے ہے تو آسمانوں' زمین اوران میں موجود ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے ہر طرح کی حمد تیرے لئے ہے تو آسمانوں' زمین اوران میں موجود ہر چیز کا مالک ہے تو حق ہے تیرا فرمان حق ہے تیرا وعدہ حق ہے تیری بارگاہ میں حاضری حق ہے جنت حق ہے' جہنم حق ہے' دوبارہ زندہ ہونا حق ہے تمام نبی حق ہیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم حق ہیں اے اللہ! میں تیرے لئے اسلام لاتا ہوں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تجھ پر توکل کرتا ہوں تیری طرف رجوع کرتا ہوں تیری مدد سے مقابلہ کرتا ہوں اور تیری ہی طرف فیصلے کے لیے آتا ہوں تو میری مغفرت کر دے ان سب کی جو گزر چکے ہیں اور جو بعد میں آئیں گے جو میں نے اعلانیہ کیے اور جو پوشیدہ طور پر کیے بے شک تو آگے لانے والا ہے اور تو ہی پیچھے لانے والا ہے تیرے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور تیری مدد کے بغیر کچھ نہیں ہوسکتا۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث 1523 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء | 1069 |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 769 |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 771 |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 3418 |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء | 1619 |
| ''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | 502 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 2710 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 2597 |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء | 1151 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 1319 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 4441 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء | 2404 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء | 10987 |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 495 |
| ''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' 1409ھ/ 1989ء | 697 |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ | 2565 |

## بَابُ مَنْ قَرَاَ الْاٰيَتَيْنِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

## باب 169: سورۂ بقرہ کی آخری دوآیات تلاوت کرنا

**1524**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِىْ مَسْعُوْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ قَرَاَ الْاٰيَتَيْنِ الْاٰخِرَتَيْنِ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِىْ لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جوشخص رات کے وقت سورۂ بقرہ کی آخری دوآیات پڑھ لے گا یہ دونوں آیات اس کے لیے کافی ہوں گی۔

## بَابُ التَّغَنِّىْ بِالْقُرْاٰنِ

## باب 170: خوبصورت آواز میں قرآن پڑھنا

**1525**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَىْءٍ كَاَذِنِهِ لِنَبِيٍّ يَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ يَجْهَرُ بِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' اللہ تعالیٰ نے کسی بھی چیز کی اس طرح اجازت نہیں دی جیسے اس نے اپنے نبی کو اجازت دی ہے کہ وہ قرآن بلند آواز میں اچھی آواز میں پڑھے۔

| | |
|---|---|
| حدیث **1524**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء | **3786** |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **807** |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **1397** |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **2881** |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **1368** |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **17109** |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **781** |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **1141** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **8003** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **4537** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **541** |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | **614** |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | **452** |
| ''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء | **233** |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ | **6020** |

**1526**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ ابْنُ عُيَيْنَةَ اُرَاهُ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبَا مُوْسٰى وَهُوَ يَقْرَاُ فَقَالَ لَقَدْ اُوْتِيَ هٰذَا مِنْ مَزَامِيْرِ اٰلِ دَاوُدَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت موسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کو قرأت کرتے ہوئے سنا تو فرمایا اس شخص کو آل داؤد کی خوش آوازی میں سے حصہ دیا گیا ہے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث 1525: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء | 4735 |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 792 |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 1469 |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء | 1017 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 7819 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 120 |
| "سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 1091 |
| "سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 4485 |
| "مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء | 5959 |
| "مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 76 |
| "مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ | 4168 |
| حدیث 1526: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء | 4761 |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 793 |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 3855 |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء | 1019 |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 1341 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 8631 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 7195 |
| "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء | 7757 |
| "سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 1092 |
| "سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 4484 |
| "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ | 1367 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء | 6318 |
| "مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 282 |
| "مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء | 624 |
| "ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' 1409ھ/ 1989ء | 805 |
| "مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/ 1990ء | 3457 |

**1527**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِیْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَمْرٍو یَعْنِیْ ابْنَ دِیْنَارٍ عَنِ ابْنِ اَبِیْ مُلَیْکَةَ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ نَهِیْكٍ عَنْ سَعْدٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَیْسَ مِنَّا مَنْ لَّمْ یَتَغَنَّ بِالْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے' جوشخص اچھی آواز میں قرآن نہیں پڑھتا' اس کا ہمارے ساتھ کوئی تعلق نہیں ہے۔

**1528**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِشَیْءٍ مَّا اَذِنَ لِنَبِیٍّ یَتَغَنّٰى بِالْقُرْاٰنِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ یُرِیْدُ بِهِ الِاسْتِغْنَاءَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے کسی بھی چیز کے لئے اس طرح اجازت نہیں دی جس طرح اس نے اپنے نبی کو اس بات کی اجازت دی کہ وہ قرآن اچھی آواز میں پڑھے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس سے مراد استغناء ہے۔

## بَاب اُمُّ الْقُرْاٰنِ هِیَ السَّبْعُ الْمَثَانِیْ

## باب **171**: اُم القرآن (یعنی سورۂ فاتحہ) ہی السبع المثانی ہے

**1529**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِیُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَیْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ

حدیث **1527**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء **7089**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1471**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1476**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء **2091**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء **2257**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء **748**
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ 1983ء **11239**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **201**
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **77**
''مسند شہاب'' امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1407ھ 1986ء **1193**
حدیث **1529**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **4204**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1458**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **913**
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **186**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15768**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ 1993ء **777**

اَبِیْ سَعِیْدِ بْنِ الْمُعَلّٰی قَالَ مَرَّ بِیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَلَمْ يَقُلِ اللّٰهُ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اسْتَجِيْبُوْا لِلّٰهِ وَلِلرَّسُوْلِ اِذَا دَعَاكُمْ) ثُمَّ قَالَ اَلَا اُعَلِّمُكَ سُوْرَةً اَعْظَمَ سُوْرَةٍ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ اَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَمَّا اَرَادَ اَنْ يَخْرُجَ قَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيْمُ الَّذِیْ اُوْتِيْتُمْ

☆☆ ابوسعید بن المعلی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ میرے پاس سے گزرے اور دریافت کیا کہ کیا اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا "اے ایمان والوں جب اللہ اور اس کا رسول ﷺ تمہیں بلائے تو تم ان کو جواب دو پھر آپ نے ارشاد فرمایا کہ کیا میں تمہیں اس سورت کی تعلیم نہ دوں جو قرآن کی سب سے عظیم سورت ہے میں مسجد سے نکلنے سے پہلے ایسا کروں گا پھر جب آپ نے مسجد سے تشریف لے جانے کا ارادہ کیا تو فرمایا الحمد للہ رب العالمین ہی وہ السبع المثانی اور قرآن عظیم ہے جو تمہیں عطا کیا گیا ہے۔

# بَابٌ فِیْ كَمْ يُخْتَمُ الْقُرْاٰنُ

## باب 172: کتنے عرصے میں قرآن ختم کیا جائے

**1530**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِی الْعَلَاءِ يَزِيْدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَفْقَهُ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فِیْ اَقَلَّ مِنْ ثَلَاثٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' جو شخص تین دن سے کم عرصے میں قران پورا پڑھ لیتا ہے اس نے اُسے سمجھا نہیں ہے۔

---

بقیہ حدیث **1529**: "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **862**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **8010**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **13175**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء **6837**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **768**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1266**

حدیث **1530**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1394**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2949**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1347**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **6535**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **758**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **8067**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **8701**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **2275**

## بَابُ الرَّجُلُ لَا يَدْرِیْ اَثَلَاثًا صَلّٰی اَمْ اَرْبَعًا

## باب 173: وہ شخص جسے یہ یاد نہ رہے کہ اس نے تین رکعات ادا کی ہیں یا چار رکعات ادا کی ہیں

**1531**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا نُوْدِىَ بِالْاَذَانِ اَدْبَرَ الشَّيْطٰنُ لَهٗ ضُرَاطٌ حَتّٰى لَا يَسْمَعَ الْاَذَانَ فَاِذَا قُضِىَ الْاَذَانُ اَقْبَلَ فَاِذَا ثُوِّبَ اَدْبَرَ فَاِذَا قُضِىَ التَّثْوِيْبُ اَقْبَلَ حَتّٰى يَخْطِرَ بَيْنَ الْمَرْءِ وَنَفْسِهٖ فَيَقُوْلُ اذْكُرْ كَذَا اذْكُرْ كَذَا لِمَا لَمْ يَكُنْ يَعْنِىْ يَذْكُرُ حَتّٰى يَظَلَّ الرَّجُلُ اِنْ يَدْرِىْ كَمْ صَلّٰى فَاِذَا لَمْ يَدْرِ اَحَدُكُمْ كَمْ صَلّٰى ثَلَاثًا اَمْ اَرْبَعًا فَلْيَسْجُدْ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب نماز کے لئے اذان دی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگتا ہے اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوتی ہے اور وہ اتنی دور چلا جاتا ہے کہ اذان کی آواز نہیں آتی پھر جب اذان ختم ہو جاتی ہے تو وہ واپس آ جاتا ہے پھر جب اقامت کہی جاتی ہے تو پھر بھاگ جاتا ہے جب وہ اقامت ختم ہو جاتی ہے تو وہ پھر آ جاتا ہے اور آدمی کے ذہن میں خیالات پیدا کرنا شروع کرتا ہے اور یہ کہتا ہے فلاں چیز یاد کرو فلاں چیز یاد کرو آدمی اس کام میں لگ جاتا ہے یہاں تک کہ اسے یہ بھی یاد نہیں رہتا کہ اس نے کتنی نماز ادا کی ہے تو جب کسی شخص کو یہ یاد نہ رہے کہ اس نے تین رکعت ادا کی ہیں یا چار رکعت ادا کی ہیں تو اسے چاہیے جب قعدے کی حالت میں ہو تو دو سجدے کر لے۔

**1532**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ ابْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ اَسْلَمَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا لَمْ يَدْرِ اَحَدُكُمْ اَثَلَاثًا

حدیث **1531**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 583

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 389

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 516

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 670

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 152

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 8124

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 1662

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 392

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 588

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 3623

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 5993

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 5440

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 2345

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 3462

صَلّٰى اَمْ اَرْبَعًا فَلْيَقُمْ فَلْيُصَلِّ رَكْعَةً ثُمَّ يَسْجُدُ بَعْدَ ذٰلِكَ سَجْدَتَيْنِ فَإِنْ كَانَ صَلّٰى خَمْسًا شَفَعَتَا لَهُ صَلَاتَهُ وَإِنْ كَانَ صَلّٰى اَرْبَعًا كَانَتَا تَرْغِيمًا لِلشَّيْطٰنِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اٰخُذُ بِهٖ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' جب کسی شخص کو یہ یاد نہ رہے کہ اس نے تین رکعت ادا کی ہیں یا چار ادا کی ہیں تو اسے چاہیے کہ وہ ایک مزید رکعت ادا کرے اور پھر بعد میں دو سجدے کرلے کیونکہ اگر اس نے پانچ پڑھی ہوں گی تو اس میں سے دو نماز بن جائیں گی اور اگر اس نے چار پڑھی ہوئی ہوں گی تو یہ شیطان کے لیے رُسوائی کا باعث ہوں گی۔ امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں حدیث کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

## بَابٌ فِيْ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ مِنَ الزِّيَادَةِ

## باب 174: (نماز میں کسی) اضافے کی وجہ سے سجدۂ سہو کرنا

**1533**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِحْدٰى صَلَاتَيِ الْعَشِيِّ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ سَلَّمَ وَقَامَ اِلٰى خَشَبَةٍ مُعْتَرِضَةٍ فِي الْمَسْجِدِ فَوَضَعَ يَدَهُ عَلَيْهَا قَالَ يَزِيْدُ وَاَرَانَا ابْنُ عَوْنٍ وَوَضَعَ كَفَّيْهِ اِحْدَاهُمَا عَلٰى ظَهْرِ الْاُخْرٰى وَاَدْخَلَ اَصَابِعَهُ الْعُلْيَا فِي السُّفْلٰى وَاضِعًا وَقَامَ كَاَنَّهُ غَضْبَانُ قَالَ فَخَرَجَ السَّرَعَانُ مِنَ النَّاسِ وَجَعَلُوْا يَقُوْلُوْنَ قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ وَفِي الْقَوْمِ اَبُوْ بَكْرٍ وَعُمَرُ فَلَمْ يَتَكَلَّمَا وَفِي الْقَوْمِ رَجُلٌ طَوِيْلُ الْيَدَيْنِ يُسَمّٰى ذُو الْيَدَيْنِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَنَسِيْتَ الصَّلٰوةَ اَمْ قُصِرَتْ فَقَالَ مَا نَسِيْتُ وَلَا قُصِرَتِ الصَّلٰوةُ فَقَالَ اَوَ كَذٰلِكَ قَالُوْا نَعَمْ قَالَ فَرَجَعَ فَاَتَمَّ مَا بَقِيَ ثُمَّ سَلَّمَ وَكَبَّرَ فَسَجَدَ طَوِيْلًا ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ فَكَبَّرَ وَسَجَدَ مِثْلَ مَا سَجَدَ ثُمَّ رَفَعَ رَاْسَهُ وَانْصَرَفَ

---

حدیث **1533**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء — 392

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 573

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1008

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 399

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 1224

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1203

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 210

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 3602

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 2249

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 860

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 464

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 562

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 3170

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مغرب یا عشاء میں سے کوئی ایک نماز پڑھائی آپ نے دو رکعت ادا کرنے کے بعد سلام پھیر دیا پھر آپ مسجد میں چوڑائی کی سمت میں رکھی ہوئی لکڑی کے پاس کھڑے ہوئے آپ نے اپنا دست مبارک اس پر رکھا (راوی بیان کرتے ہیں' ہمارے استاد نے ہمیں ایسا کر کے دکھایا) پھر آپ نے اپنے دو ہاتھوں میں سے ایک دوسرے کی پشت پر رکھا اور اوپر والے ہاتھ کی اُنگلیوں کو نیچے والے ہاتھ میں داخل کر دیا اور یوں کھڑے ہوئے جیسے آپ غصے کے عالم میں ہوں لوگوں میں سے جلد باز لوگ مسجد سے نکل گئے اور یہ کہنے لگے کہ نماز مختصر ہوگئی ہے نماز مختصر ہوگئی ہے حاضرین میں سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ بھی موجود تھے۔ ان حضرات نے کوئی بات نہیں کی حاضرین میں ایک صاحب تھے جن کے ہاتھ لمبے تھے انہیں ہاتھوں والا کہا جاتا تھا انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ کیا آپ نماز بھول گئے ہیں یا وہ مختصر ہوگئی ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہ میں بھولا ہوں اور نہ ہی نماز مختصر ہوئی ہے پھر آپ نے دریافت کیا کہ کیا ایسا ہی ہے لوگوں نے عرض کی جی ہاں راوی بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس آئے آپ نے باقی نماز مکمل کی پھر سلام پھیرا پھر تکبیر کہہ کر طویل سجدہ کیا پھر اپنا سر مبارک اُٹھایا اور تکبیر کہہ کر پہلے سجدے کی مانند سجدہ کیا پھر آپ نے اپنا سر مبارک اُٹھایا اور نماز ختم کی۔

**1534**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَاَبُوْ سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَاَبُوْ بَكْرِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَعُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ صَلّٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلٰوةَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ فَسَلَّمَ فِيْ رَكْعَتَيْنِ مِنْ اِحْدَاهُمَا فَقَالَ لَهُ ذُو الشِّمَالَيْنِ بْنُ عَبْدِ عَمْرِو بْنِ نَضْلَةَ الْخُزَاعِيُّ وَهُوَ حَلِيفُ بَنِيْ زُهْرَةَ اَقُصِرَتْ اَمْ نَسِيتَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمْ اَنْسَ وَلَمْ تُقْصَرْ فَقَالَ ذُو الشِّمَالَيْنِ قَدْ كَانَ بَعْضُ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَاَقْبَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى النَّاسِ فَقَالَ اَصَدَقَ ذُو الْيَدَيْنِ قَالُوْا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَمَّ الصَّلٰوةَ وَلَمْ يُحَدِّثْنِيْ اَحَدٌ مِنْهُمْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ فِيْ تِلْكَ الصَّلٰوةِ وَذٰلِكَ فِيمَا نُرٰى وَاللّٰهُ اَعْلَمُ مِنْ اَجْلِ اَنَّ النَّاسَ يَقَّنُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اسْتَيْقَنَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر یا شاید عصر کی نماز پڑھائی اور دو رکعت ادا کرنے کے بعد سلام پھیر دیا ان سے ذوالشمالین نے عرض کی یہ صاحب بنو زہرہ کے حلیف تھے' کیا نماز مختصر ہوگئی ہے یا آپ بھول گئے ہیں یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہ میں بھولا ہوں نہ ہی وہ مختصر ہوئی ہے تو ذوالشمالین نے عرض کی اس میں سے کوئی ایک بات تو ہوتی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کی طرف متوجہ ہوئے اور دریافت کیا' کیا ذوالیدین نے درست کہا ہے لوگوں نے عرض کی جی ہاں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور نماز مکمل کی۔

راوی بیان کرتے ہیں' مجھے کسی نے یہ حدیث نہیں سنائی لیکن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس نماز میں بیٹھنے کے عالم میں دو سجدے کئے تھے میرے خیال کے مطابق ایسا ہی ہے باقی اللہ بہتر جانتا ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بات کا یقین دلایا تھا یہاں تک کہ آپ کو یقین آ گیا۔

**1535**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلّٰى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ صَلَّى الظُّهْرَ خَمْسًا فَقِيْلَ لَهُ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں' آپ نے ظہر کی نماز میں پانچ رکعت ادا کر دی تھیں جب آپ کو بتایا گیا تو آپ نے صرف دو سجدے کیے تھے۔

## بَاب اِذَا كَانَ فِى الصَّلٰوةِ نُقْصَانٌ

## باب 175: جب نماز میں کوئی کمی ہو جائے

**1536**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هُرْمُزَ الْاَعْرَجِ عَنِ ابْنِ بُحَيْنَةَ قَالَ صَلَّى بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ قَامَ وَلَمْ يَجْلِسْ وَقَامَ النَّاسُ فَلَمَّا قَضَى الصَّلٰوةَ نَظَرْنَا تَسْلِيْمَهُ فَكَبَّرَ فَسَجَدَ سَجْدَتَيْنِ وَهُوَ جَالِسٌ قَبْلَ اَنْ يُسَلِّمَ ثُمَّ سَلَّمَ

☆☆ ابن بحینہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نماز پڑھائی اور دو رکعت پڑھنے کے بعد پھر کھڑے ہو گئے پھر آپ بیٹھے نہیں لوگ بھی کھڑے ہو گئے پھر آپ نے جب نماز مکمل کر لی اور ہم آپ کے سلام پھیرنے کے منتظر تھے تو آپ نے تکبیر کہی اور دو سجدے کیے آپ اس وقت بیٹھے ہوئے تھے اور یہ سجدے سلام پھیرنے سے پہلے کیے تھے اُس کے بعد آپ نے سلام پھیرا۔

**1537**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ مَالِكِ ابْنِ بُحَيْنَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فِى الرَّكْعَتَيْنِ مِنَ الظُّهْرِ اَوِ الْعَصْرِ فَلَمْ يَرْجِعْ حَتّٰى فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ ثُمَّ سَجَدَ سَجْدَتَيِ الْوَهْمِ ثُمَّ سَلَّمَ

---

حدیث **1536**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء — **195**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **570**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1034**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء — **1222**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **218**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **18241**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — **2676**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — **1145**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء — **2627**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء — **7211**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **903**

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء — **878**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء — **81**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — **3449**

☆☆ حضرت مالک بن عیینہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ظہر کی نماز میں یا شاید عصر میں دو رکعت ادا کرنے کے بعد کھڑے ہوگئے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوبارہ بیٹھے نہیں یہاں تک کہ جب آپ نماز سے فارغ ہونے لگے تو آپ نے سجدۂ سہو کیا پھر سلام پھیرا۔

**1538**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنِ الْمَسْعُوْدِيِّ عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ صَلَّى بِنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ فَلَمَّا صَلَّى رَكْعَتَيْنِ قَامَ وَلَمْ يَجْلِسْ فَسَبَّحَ بِهِ مَنْ خَلْفَهُ فَاَشَارَ اِلَيْهِمْ اَنْ قُوْمُوْا فَلَمَّا فَرَغَ مِنْ صَلَاتِهِ سَلَّمَ وَسَجَدَ سَجْدَتَيِ السَّهْوِ وَسَلَّمَ وَقَالَ هٰكَذَا صَنَعَ بِنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَزِيْدُ يُصَحِّحُوْنَهُ

☆☆ زیاد بن علاقہ بیان کرتے ہیں' حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں نماز پڑھائی جب انہوں نے دو رکعت پڑھ لی تو کھڑے ہوگئے پھر بیٹھے نہیں ان کے پیچھے کھڑے ہوئے لوگوں میں سے کسی نے سبحان اللہ کہا انہوں نے لوگوں کی طرف اشارہ کیا کہ وہ کھڑے رہیں پھر جب وہ نماز سے فارغ ہوئے تو سلام پھیرا اور سجدۂ سہو کیا پھر سلام پھیرا اور پھر بیان کیا کہ ہمارے ساتھ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسا کیا تھا۔

یزید نامی راوی بیان کرتے ہیں: لوگ اس بات کو درست قرار دیتے ہیں۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْكَلَامِ فِي الصَّلٰوةِ

## باب **176**: نماز کے دوران کلام کرنے کی ممانعت

**1539**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنْ يَحْيٰى عَنْ هِلَالِ بْنِ اَبِي مَيْمُوْنَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ الْحَكَمِ السُّلَمِيِّ قَالَ بَيْنَا اَنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّلٰوةِ اِذْ عَطَسَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ فَقُلْتُ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ قَالَ فَحَدَّقَنِي الْقَوْمُ بِاَبْصَارِهِمْ فَقُلْتُ وَا ثُكْلَاهُ مَا لَكُمْ تَنْظُرُوْنَ اِلَيَّ قَالَ فَضَرَبَ الْقَوْمُ بِاَيْدِيهِمْ عَلٰى اَفْخَاذِهِمْ فَلَمَّا رَاَيْتُهُمْ يُسَكِّتُوْنَنِي قُلْتُ مَا لَكُمْ تُسَكِّتُوْنَنِي لٰكِنِّي سَكَتُّ قَالَ فَلَمَّا انْصَرَفَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَبِاَبِي هُوَ وَاُمِّي مَا رَاَيْتُ مُعَلِّمًا قَبْلَهُ وَلَا بَعْدَهُ اَحْسَنَ تَعْلِيمًا مِنْهُ وَاللّٰهِ مَا ضَرَبَنِي وَلَا كَهَرَنِي وَلَا سَبَّنِي وَلٰكِنْ قَالَ اِنَّ صَلَاتَنَا هٰذِهِ لَا يَصْلُحُ فِيهَا شَيْءٌ مِنْ كَلَامِ النَّاسِ اِنَّمَا هِيَ التَّسْبِيحُ وَالتَّكْبِيرُ وَتِلَاوَةُ الْقُرْاٰنِ

حدیث **1539**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **537**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **930**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **23813**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **556**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **3165**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **945**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1105**

''[illegible]'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **212**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب' **1411**ھ/ **1991**ء **1398**

☆☆ حضرت معاویہ بن حکم اسلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ نماز پڑھ رہا تھا اس دوران حاضرین میں سے ایک شخص کو چھینک آ گئی میں نے کہا اللہ تعالیٰ تم پر رحم کرے حاضرین میں سے کچھ لوگوں نے مجھے گھور کر دیکھا میں نے کہا ہائے افسوس کہ تم میری طرف اس طرح کیوں دیکھ رہے ہو لوگوں نے اپنے ہاتھ ہاتھ پر مارے اور ہاتھ رانوں پر مارے جب میں نے دیکھا کہ وہ مجھے خاموش کروا رہے ہیں تو میں نے کہا تم لوگ مجھے خاموش کیوں کروا رہے ہو لیکن پھر میں خاموش ہو گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز ختم کی میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں میں نے آپ سے پہلے اور آپ کے بعد آپ سے اچھا معلم نہیں دیکھا اللہ کی قسم نہ تو آپ نے مجھے مارا نہ مجھے ڈانٹا نہ مجھے بُرا کہا بلکہ آپ نے یہ ارشاد فرمایا: ہماری یہ نماز جو ہے اس میں لوگوں کے کلام کی مانند کوئی کلام نہیں ہوتا بلکہ اس میں تسبیح بیان کی جاتی ہے تکبیر پڑھی جاتی ہے اور قرآن کی تلاوت ہوتی ہے۔

**1540** - حَدَّثَنَا صَدَقَةُ اَخْبَرَنَا ابْنُ عُلَيَّةَ وَيَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ عَنْ حَجَّاجِ الصَّوَّافِ عَنْ يَحْيَى عَنْ هِلَالٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بِنَحْوِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

# بَاب قَتْلِ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ فِي الصَّلٰوةِ

## باب 177: نماز کے دوران سانپ یا بچھو کو مار دینا

**1541** - اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ ضَمْضَمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ بِقَتْلِ الْاَسْوَدَيْنِ فِي الصَّلٰوةِ قَالَ يَحْيَى وَالْاَسْوَدَيْنِ الْحَيَّةُ وَالْعَقْرَبُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے دوران دو سیاہ چیزوں کو قتل کرنے کی ہدایت کی ہے۔

یحییٰ نامی راوی بیان کرتے ہیں' دو سیاہ چیزوں سے مراد سانپ اور بچھو ہیں۔

---

حدیث **1541** سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **921**

سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **1202**

سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1245**

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7178**

صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2351**

صحیح ابن خزیمہ' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **869**

المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **939**

سنن نسائی کبری' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **520**

سنن بیہقی کبری' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **3251**

مسند طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2538**

المنتقی من السنن المسندۃ' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **213**

# بَاب قَصْرِ الصَّلٰوةِ فِى السَّفَرِ

## باب 178: سفر کے دوران نماز مختصر کرنا

**1542**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِىْ عَمَّارٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بَابَيْهِ عَنْ يَعْلَى بْنِ اُمَيَّةَ قَالَ قُلْتُ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اَنْ تَقْصُرُوْا مِنَ الصَّلٰوةِ اِنْ خِفْتُمْ) فَقَدْ اَمِنَ النَّاسُ قَالَ عَجِبْتُ مِمَّا عَجِبْتَ مِنْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَةٌ تَصَدَّقَ اللّٰهُ بِهَا عَلَيْكُمْ فَاقْبَلُوْهَا

☆☆ یعلیٰ بن اُمیہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

''اگر تمہیں خوف ہو تو تم نماز مختصر کر دو''

اب تو لوگ امن کی حالت میں آ چکے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: جس بات پر تمہیں حیرانی ہو رہی ہے میں بھی اس بات پر حیران ہوا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تھا یہ اللہ تعالیٰ کی مہربانی ہے جو اس نے تم پر کی ہے تم اسے قبول کر لو۔

**1543**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

حدیث 1542: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1199

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 1433

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1065

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 174

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 2739

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 945

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 1891

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 5204

''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان 1408ھ/1988ء 146

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 8159

حدیث 1543: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء 1032

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 694

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1960

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 545

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 1445

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 902

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 443

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 2758

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَأَبُو بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ وَعُمَرُ رَكْعَتَيْنِ وَعُثْمَانُ رَكْعَتَيْنِ صَدْرًا مِنْ إِمَارَتِهِ ثُمَّ أَتَمَّهَا بَعْدَ ذَلِكَ

☆☆ حضرت سالم رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں دو رکعت ادا کی تھی اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی دو رکعت ادا کی تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی دو رکعت ادا کی تھی جب کہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اپنی خلافت کے ابتدائی زمانے میں دو رکعت ادا کی تھی لیکن بعد میں وہ مکمل نماز پڑھنے لگے تھے۔

**1544**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ صَلَّيْنَا الظُّهْرَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَصَلَّيْنَا مَعَهُ بِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں مدینہ منورہ میں ظہر کی نماز کی چار رکعت ادا کی تھی اور ذوالحلیفہ میں آپ کی اقتداء میں دو رکعت ادا کی تھی۔

---

بقیہ: حدیث **1543**: ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1702**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **512**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **5110**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء **4271**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **777**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **3242**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **318**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **36**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **13982**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **4269**

حدیث **1544**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1039**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **690**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1202**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **546**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **469**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12100**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2743**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **342**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **5229**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **2811**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1191**

**1545**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ أَنَّهُمَا سَمِعَا أَنَسَ ابْنَ مَالِكٍ يَقُولُ صَلَّى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَدِينَةِ أَرْبَعًا وَّبِذِي الْحُلَيْفَةِ رَكْعَتَيْنِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ منورہ میں چار رکعت پڑھائی اور ذوالحلیفہ میں دو رکعت پڑھائی تھیں۔

**1546**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ قَالَ سَمِعْتُ الزُّهْرِيَّ يَذْكُرُ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ إِنَّ الصَّلوٰةَ أَوَّلَ مَا فُرِضَتْ رَكْعَتَيْنِ فَأُقِرَّتْ صَلوٰةُ السَّفَرِ وَأُتِمَّتْ صَلوٰةُ الْحَضَرِ فَقُلْتُ مَا لَهَا كَانَتْ تُتِمُّ الصَّلوٰةَ فِي السَّفَرِ قَالَ إِنَّهَا تَأَوَّلَتْ كَمَا تَأَوَّلَ عُثْمَانُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نماز آغاز میں دو رکعت کی شکل میں فرض ہوئی تھی جو سفر کی حالت میں اسی حالت میں برقرار رہی اور حضر کی حالت میں اسے مکمل کر دیا گیا۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے اپنے اُستاد سے پوچھا سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سفر کے دوران مکمل نماز کیوں پڑھا کرتی تھیں انہوں نے جواب دیا: وہ تاویل کرتی تھیں جیسے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ تاویل کرتے تھے۔

## بَابٌ فِيمَنْ أَرَادَ أَنْ يُقِيمَ بِبَلْدَةٍ كَمْ يُقِيمُ حَتَّى يَقْصُرَ الصَّلوٰةَ

## باب 179: جو شخص کسی شہر میں اقامت اختیار کرے تو کتنی اقامت کے دوران وہ نماز قصر پڑھے گا

**1547**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى هُوَ ابْنُ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ يَقْصُرُ حَتَّى قَدِمْنَا مَكَّةَ فَأَقَامَ بِهَا عَشَرَةَ أَيَّامٍ يَقْصُرُ حَتَّى رَجَعَ وَذٰلِكَ فِي حَجَّةٍ

---

حدیث **1546**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **1040**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **685**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **453**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ قاہرہ' مصر **26009**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ بیروت' لبنان **1414**ھ **1993**ء **2737**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **303**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء **317**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **1578**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔**1984**ء **2638**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' **1405**ھ **1985**ء **364**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **573**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **6710**

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم قصر نماز ادا کرتے رہے یہاں تک کہ جب ہم مکہ آئے تو آپ نے وہاں دس دن قیام کیا اور اس دوران قصر نماز ادا کرتے رہے پھر آپ واپس تشریف لے گئے یہ حج کے موقع کی بات ہے۔

**1548**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُكْثُ الْمُهَاجِرِ بَعْدَ قَضَاءِ نُسُكِهِ ثَلَاثٌ

☆☆ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے' مہاجر شخص اپنے فرائض حج ادا کرنے کے بعد تین دن تک ٹھہر سکتا ہے۔

**1549**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ عَنِ السَّائِبِ بْنِ يَزِيْدَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَضْرَمِيِّ قَالَ رَخَّصَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْمُهَاجِرِيْنَ اَنْ يُقِيْمُوْا ثَلَاثًا بَعْدَ الصَّدَرِ بِمَكَّةَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَقُوْلُ بِهٖ

☆☆ حضرت سائب بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے باہر سے آنے والوں کو یہ رُخصت عطا کی ہے کہ وہ مکہ میں (ارکانِ حج سے) فارغ ہونے کے بعد تین دن تک قیام کر سکتے ہیں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں بھی اس کے مطابق فتاویٰ دیتا ہوں۔

## بَابُ الصَّلٰوةِ عَلَى الرَّاحِلَةِ

## باب **180**: سواری کے اوپر نماز ادا کرنا

**1628**- اَخْبَرَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ حَصِيْنٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ وَثَّابٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ فِيْ كُلِّ الْوَقْتِ قَدْ اَوْتَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَانْتَهٰى وِتْرُهُ اِلَى السَّحَرِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات میں کسی بھی وقت وتر ادا کرلیا کرتے تھے آپ کا وتر ادا کرنے

بقیہ حدیث **1627**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **1428**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — **4634**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **2555**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ — **1666**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء — **12434**

حدیث **1628**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **951**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **745**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1435**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **1681**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1186**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **825**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء — **2443**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **1080**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء — **1390**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **4611**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **4370**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء — **115**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **188**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ — **1449**

''المنتقی من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء — **268**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبہ السنہ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء — **72**

کا آخری وقت صبح صادق تھا۔

**1625**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ الْعَطَّارُ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ اَبِىْ كَثِيْرٍ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ نَضْرَةَ اَنَّ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِىَّ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْوِتْرِ فَقَالَ اَوْتِرُوْا قَبْلَ الْفَجْرِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وتر کی نماز کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا: صبح صادق سے پہلے ادا کرلیا کرو۔

## بَابُ الْقِرَائَةِ فِى الْوِتْرِ

## باب 211: وتر کی نماز میں قرأت کرنا

**1626**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ قَالَ زَكَرِيَّاءُ حَدَّثَنِىْ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُوْتِرُ بِثَلَاثٍ يَقْرَاُ فِى الْاُوْلٰى بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَفِى الثَّانِيَةِ بِقُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ وَفِى الثَّالِثَةِ بِقُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم وتر کی تین رکعات ادا کرتے تھے جس میں پہلی رکعت میں سورۂ الاعلیٰ دوسری رکعت میں سورۂ الکافرون اور تیسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھا کرتے تھے۔

## بَابُ الْوِتْرِ عَلَى الرَّاحِلَةِ

## باب 212: سواری پر وتر ادا کرنا

**1627**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُوْتِرُ عَلَى الْبَعِيْرِ قِيْلَ لِاَبِىْ مُحَمَّدٍ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اونٹ پر وتر ادا کرلیا کرتے تھے۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ سے دریافت کیا گیا آپ اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں انہوں نے جواب دیا: جی ہاں!

---

حدیث 1625 "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 468

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1189

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 11342

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 1089

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء 1123

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 4293

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 2163

حدیث 1627 "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 2044

# بَابُ الدُّعَاءِ فِي الْقُنُوْتِ

## باب 213: دعائے قنوت پڑھنا

**1628** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ قَالَ قُلْتُ لِلْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ مَا تَذْكُرُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ حَمَلَنِيْ عَلَى عَاتِقِهِ فَاَخَذْتُ تَمْرَةً مِنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَاَدْخَلْتُهَا فِيْ فِيْ فَقَالَ اَلْقِهَا اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ قَالَ وَكَانَ يَدْعُوْ بِهٰذَا الدُّعَاءِ اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ اِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ

ابوالحوراء سعدی بیان کرتے ہیں' میں نے امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما سے کہا' آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کیا بات نقل کرتے ہیں' انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے کندھے پر اٹھالیا میں نے صدقہ کی کھجوروں میں سے ایک کھجور پکڑی اور اسے اپنے منہ میں ڈال لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے باہر نکال دو' کیا تمہیں پتا نہیں ہے کہ ہمارے لئے صدقہ استعمال کرنا جائز نہیں ہے۔

حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا مانگا کرتے تھے۔

''اے اللہ جو تو ہدایت عطا کرتا ہے اس میں سے مجھے بھی ہدایت عطا کر اور جو تو عافیت عطا کرتا ہے اس میں سے مجھے بھی عافیت عطا کر اور جس چیز کو تو پھیر دیتا ہے اس سے مجھے بھی پھیر دے اور جو تو عطا کرتا ہے اس میں میرے لئے بھی برکت عطا کر اور جو تو نے فیصلہ کیا ہے اس کے برے حوالے سے مجھے بچالے بے شک تو ہی فیصلہ کرنے والا ہے اور تیرے خلاف فیصلہ نہیں کیا جا سکتا اور جس کا تو مددگار ہو وہ رسوا نہیں ہو سکتا تو برکت والا ہے اور عظمت والا ہے''۔

**1629** - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُوْلُهُنَّ فِي الْقُنُوْتِ فِيْ

| | |
|---|---|
| حدیث 1628 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء | 1420 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 1723 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ 1993ء | 945 |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان 1390ھ 1970ء | 2347 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1991ء | 8645 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء | 13010 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ 1984ء | 6762 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ 1983ء | 2714 |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | 1177 |

الْوِتْرِ فَذَكَرَ مِثْلَهُ

☆☆ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کچھ کلمات تعلیم کیے تھے جنہیں میں وتر میں دعائے قنوت میں پڑھتا ہوں۔ (اس کے سابقہ حدیث والی دعا ہے)

**1630**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبُو الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ بُرَيْدِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ اَبِي الْحَوْرَاءِ السَّعْدِيِّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ عَلَّمَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَلِمَاتٍ اَقُوْلُهُنَّ فِيْ قُنُوْتِ الْوِتْرِ اللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ فِيْمَنْ هَدَيْتَ وَعَافِنِيْ فِيْمَنْ عَافَيْتَ وَتَوَلَّنِيْ فِيْمَنْ تَوَلَّيْتَ وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اَعْطَيْتَ وَقِنِيْ شَرَّ مَا قَضَيْتَ فَاِنَّكَ تَقْضِيْ وَلَا يُقْضٰى عَلَيْكَ وَاِنَّهُ لَا يَذِلُّ مَنْ وَّالَيْتَ تَبَارَكْتَ وَتَعَالَيْتَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَبُو الْحَوْرَاءِ اسْمُهُ رَبِيْعَةُ بْنُ شَيْبَانَ

☆☆ حضرت امام حسن بن علی رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کلمات سکھائے تھے جنہیں میں وتر کی دعائے قنوت میں پڑھتا ہوں وہ یہ ہیں۔

''اے اللہ! تو جو ہدایت عطا کرتا ہے اس میں سے مجھے بھی ہدایت عطا کر اور جو تو عافیت عطا کرتا ہے اس میں سے مجھے بھی عافیت عطا کر اور جس چیز کو تو پھیر دیتا ہے اس میں سے مجھے بھی پھیر دے اور جو تو عطاء کرتا ہے اس میں سے میرے لئے برکت عطا کر اور جو تو نے فیصلہ کیا ہے اس کے شر سے مجھے بچالے بے شک تو ہی فیصلہ کرنے والا ہے اور تیرے خلاف فیصلہ نہیں ہو سکتا اور جس کا تو مددگار ہو وہ رسوا نہیں ہو سکتا تو برکت والا ہے اور عظمت والا ہے''۔

امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں: ابوالحوراء کا نام ربیعہ بن شیبان تھا۔

## بَابُ فِي الرَّكْعَتَيْنِ بَعْدَ الْوِتْرِ

## باب 214: وتر کے بعد دو رکعات ادا کرنا

**1631**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ شُرَيْحِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

حدیث **1630** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1425**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **464**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **1745**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1718**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **1442**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **2957**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ- **1984**ء **6786**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **2705**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1179**

بْنِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ ثَوْبَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ هٰذَا السَّهَرَ جَهْدٌ وَّثِقَلٌ فَاِذَا اَوْتَرَ اَحَدُكُمْ فَلْيَرْكَعْ رَكْعَتَيْنِ فَاِنْ قَامَ مِنَ اللَّيْلِ وَاِلَّا كَانَتَا لَهٗ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' رات کو جاگنا بہت مشکل اور بوجھل ہوتا ہے جب کوئی شخص وتر کی نماز ادا کر لے تو اسے بعد میں دو رکعات بھی ادا کر لینی چاہیے اگر وہ رات کے وقت بیدار ہو گیا تو ٹھیک ہے نہیں تو وہ دو رکعات اس کے لئے کافی ہوں گی۔

# بَابٌ فِي الْقُنُوْتِ بَعْدَ الرُّكُوْعِ

## باب 215: رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھنا

**1632**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَرَادَ اَنْ يَّدْعُوَ عَلٰى اَحَدٍ اَوْ يَدْعُوَ لِاَحَدٍ قَنَتَ بَعْدَ الرُّكُوْعِ فَرُبَّمَا قَالَ اِذَا قَالَ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ اللّٰهُمَّ اَنْجِ الْوَلِيْدَ بْنَ الْوَلِيْدِ وَسَلَمَةَ بْنَ هِشَامٍ وَّعَيَّاشَ بْنَ اَبِيْ رَبِيْعَةَ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اللّٰهُمَّ اشْدُدْ وَطْاَتَكَ عَلٰى مُضَرَ وَاجْعَلْهَا سِنِيْنَ كَسِنِيْ يُوْسُفَ وَيَجْهَرُ بِذٰلِكَ يَقُوْلُ فِيْ بَعْضِ صَلَاتِهٖ فِيْ صَلٰوةِ الْفَجْرِ اللّٰهُمَّ الْعَنْ فُلَانًا وَّفُلَانًا لِحَيَّيْنِ مِنْ اَحْيَاءِ الْعَرَبِ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (لَيْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ اَوْ يَتُوْبَ عَلَيْهِمْ اَوْ يُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظَالِمُوْنَ)

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب کسی شخص کے لئے دعائے ضرر کرنا ہوتی یا کسی شخص کے حق میں دعا کرنی ہوتی تو آپ رکوع کے بعد قنوت کرتے تھے جب آپ سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ رَبَّنَا وَلَكَ الْحَمْدُ ٥ پڑھ لیتے تو پھر یہ دعا کرتے اے اللہ ولید بن ولید کو اور سلمہ بن ہشام کو اور عیاش بن ابوربیعہ کو اور دیگر کمزور مسلمانوں کو نجات عطا کر اے اللہ مضر قبیلے کو شدت کا شکار کر دے اور حضرت یوسف کے زمانے کے جیسا ان پر قحط مسلط کر دے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بلند آواز میں دعا کیا کرتے تھے بعض اوقات آپ فجر کی نماز میں یہ دعا کرتے تھے۔ ''اے اللہ! فلاں پر لعنت کر اور فلاں قبیلے پر لعنت کر تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی''۔

''اس معاملے میں تمہارے لئے کوئی چیز لازم نہیں ہے اللہ تعالیٰ ان کی توبہ قبول کرے یا انہیں عذاب دیں وہ لوگ ظالم ہیں''۔

**1633**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ عَنِ الْقُنُوْتِ فَقَالَ

حدیث **1631**: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء **2577**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1106**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **4604**

حدیث **1632**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **4284**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4758**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1097**

قَبْلَ الرُّكُوعِ قَالَ فَقُلْتُ إِنَّ فُلَانًا زَعَمَ أَنَّكَ قُلْتَ بَعْدَ الرُّكُوعِ قَالَ كَذَبَ ثُمَّ حَدَّثَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَنَتَ شَهْرًا بَعْدَ الرُّكُوعِ يَدْعُو عَلَى حَيٍّ مِنْ بَنِي سُلَيْمٍ

حضرت عاصم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے دعائے قنوت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: وہ رکوع سے پہلے پڑھی جائے گی عاصم بیان کرتے ہیں' میں نے دریافت کیا کہ فلاں صاحب تو یہ بیان کرتے ہیں' آپ نے یہ بات بیان کی ہے کہ رکوع کے بعد پڑھی جائے گی انہوں نے جواب دیا: اس نے جھوٹ کہا ہے پھر انہوں نے یہ حدیث بیان کی کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک ماہ تک رکوع کے بعد دعائے قنوت پڑھتے رہے جس میں آپ نے بنوسلیم کے ایک قبیلے کے لئے دعائے ضرر کی تھی۔

**1634**- حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنِ ابْنِ أَبِي لَيْلَى عَنِ الْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقْنُتُ فِي الصُّبْحِ

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھتے تھے۔

**1635**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ عَنْ شُعْبَةَ بِإِسْنَادِهِ نَحْوَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1636**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ سُئِلَ أَنَسُ بْنُ مَالِكٍ أَقَنَتَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي صَلَاةِ الصُّبْحِ قَالَ نَعَمْ فَقِيلَ لَهُ أَوْ قُلْتُ لَهُ قَبْلَ الرُّكُوعِ أَوْ بَعْدَ الرُّكُوعِ قَالَ بَعْدَ الرُّكُوعِ يَسِيرًا قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ أَقُولُ بِهِ وَآخُذُ بِهِ وَلَا أَرَى أَنْ آخُذَ بِهِ إِلَّا فِي الْحَرْبِ

امام محمد بیان کرتے ہیں' حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا گیا' کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز میں دعائے قنوت پڑھتے تھے انہوں نے جواب دیا: جی ہاں! ان سے یہ کہا گیا کہ آپ رکوع سے پہلے پڑھتے تھے یا بعد میں پڑھتے تھے؟ انہوں نے جواب دیا: رکوع کے بعد پڑھتے تھے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں بھی اس کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں اور اس حدیث پر عمل کرتا ہوں میرے نزدیک جنگ کے دوران اس پر عمل کرنا چاہیے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **1633** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء | **956** |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **1444** |
| "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | **1071** |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **1184** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **12130** |

# اَبْوَابُ الْعِيْدَيْنِ

## عیدین سے متعلق ابواب

### بَابُ فِي الْاَكْلِ قَبْلَ الْخُرُوْجِ يَوْمَ الْعِيْدِ

### باب 1: عید کے دن (گھر سے) نکلنے سے پہلے کچھ کھالینا

**1637-** اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ الْاَصَمِّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَطْعَمُ يَوْمَ الْفِطْرِ قَبْلَ اَنْ يَخْرُجَ وَكَانَ اِذَا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ لَمْ يَطْعَمْ حَتّٰى يَرْجِعَ فَيَاْكُلَ مِنْ ذَبِيْحَتِهِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن بریدہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید الفطر کے دن گھر سے نکلنے سے پہلے کچھ کھالیا کرتے تھے جب کہ عید قربان کے دن گھر واپس آنے تک کچھ نہیں کھاتے تھے اور قربانی کا گوشت کھایا کرتے تھے۔

**1638-** حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ حَفْصِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ اَنَسٍ عَنْ

---

حدیث 1637: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 910

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 542

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 1756

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 431

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 13451

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء — 2814

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء — 1426

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1990ء — 1088

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 5947

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 2039

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفہ بیروت لبنان — 811

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ — 5014

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ

حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَاب صَلٰوةِ الْعِيْدَيْنِ بِلَا اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ وَّالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ

## باب 2: عیدین کی نماز اذان اور اقامت کے بغیر پڑھی جائے گی اور نماز خطبے سے پہلے ادا کی جائے گی۔

**1639**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ شَهِدْتُ الصَّلٰوةَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ يَوْمِ عِيْدٍ فَبَدَاَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ بِغَيْرِ اَذَانٍ وَّلَا اِقَامَةٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' مجھے عید کے دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتداء میں نماز میں شریک ہونے کا شرف حاصل ہے آپ نے خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کی تھی اور یہ نماز اذان اور اقامت کے بغیر تھی۔

**1640**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِيْ اَيُّوْبُ السَّخْتِيَانِيُّ قَالَ سَمِعْتُ عَطَاءً يَّقُوْلُ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَّقُوْلُ اَشْهَدُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهٗ بَدَاَ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ يَوْمَ الْعِيْدِ ثُمَّ خَطَبَ فَرَاٰى اَنَّهٗ لَمْ يُسْمِعِ النِّسَآءَ فَاَتَاهُنَّ فَذَكَّرَهُنَّ وَوَعَظَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ اَنْ يَّتَصَدَّقْنَ وَبِلَالٌ قَابِضٌ بِثَوْبِهٖ فَجَعَلَتِ الْمَرْاَةُ تَجِيْءُ بِالْخُرْصِ وَالشَّيْءِ ثُمَّ تُلْقِيْهِ فِيْ ثَوْبِ بِلَالٍ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات گواہی دے کر کہتا ہوں کہ آپ نے عید کے دن خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کی تھی پھر آپ نے خطبہ دیا تھا پھر آپ نے یہ مناسب سمجھا کہ خواتین تک آواز نہیں پہنچی تو پھر آپ خواتین کے پاس تشریف لائے انہیں بطور خاص وعظ ونصیحت کی اور صدقہ کرنے کی ہدایت کی تو حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اپنے کپڑے کو پھیلا لیا تو خواتین نے اپنی انگوٹھیاں وغیرہ اور دیگر چیزیں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالنا شروع کر دیں۔

**1641**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ شَهِدْتُّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَّعُمَرَ وَعُثْمَانَ يُصَلُّوْنَ قَبْلَ الْخُطْبَةِ فِي الْعِيْدِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' مجھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی اقتداء میں نماز عید ادا کرنے کا شرف حاصل ہوا ہے یہ حضرات عید کے دن خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کرتے تھے۔

---

حدیث **1640** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **885**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1141**

حدیث **1641** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **919**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **884**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2171**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1458**

## بَاب لَا صَلٰوةَ قَبْلَ الْعِيدِ وَلَا بَعْدَهَا

## باب 3: نمازعید سے پہلے یا اس کے بعد کوئی اور نوافل وغیرہ نہیں پڑھے جائیں گے

**1642**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ يَوْمَ الْفِطْرِ فَصَلّٰى رَكْعَتَيْنِ وَلَمْ يُصَلِّ قَبْلَهَا وَلَا بَعْدَهَا قِيلَ لِاَبِي مُحَمَّدٍ تَقُولُ بِهٰذَا قَالَ لِيْ وَاَوْمَا اَيْ نَعَمْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عیدالفطر کے دن تشریف لے گئے آپ نے دو رکعات پڑھائیں آپ نے ان دو رکعات سے پہلے یا ان کے بعد کوئی اور نماز ادا نہیں کی۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا' کیا آپ اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں؟ تو انہوں نے اشارے کے ذریعے جواب دیا جی ہاں۔

## بَابُ التَّكْبِيرِ فِي الْعِيدَيْنِ

## باب 4: عیدین میں تکبیریں کہنا

**1643**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ الْمُؤَذِّنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمَّارٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكَبِّرُ فِي الْعِيدَيْنِ فِي الْاُولٰى سَبْعًا وَّفِي الْاُخْرٰى خَمْسًا وَّكَانَ يَبْدَاُ بِالصَّلٰوةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ

حدیث 1642: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 921
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1159
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 537
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 1587
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 3333
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ 1993ء — 2818
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء — 1436
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء — 1095
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء — 492
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 5992
حدیث 1647: "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء — 1109
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 5969
"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' 1405ھ 1985ء — 1173

٭٭ عبداللہ بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ عیدین کی نماز میں پہلی رکعت میں سات تکبیریں کہا کرتے تھے اور دوسری رکعت میں پانچ تکبیریں کہا کرتے تھے آپ خطبہ دینے سے پہلے نماز ادا کیا کرتے تھے۔

## بَابُ الْقِرَائَةِ فِي الْعِيْدَيْنِ

## باب 5: نماز عیدین میں قرأت کرنا

**1644**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْرَاُ فِي الْعِيْدَيْنِ وَالْجُمُعَةِ بِسَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى وَهَلْ اَتَاكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ وَرُبَّمَا اجْتَمَعَا فَقَرَاَ بِهِمَا

٭٭ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ عیدین اور جمعہ کی نماز میں سورۃ الاعلیٰ اور سورۃ الغاشیہ کی تلاوت کیا کرتے تھے بعض اوقات آپ ان دونوں کو ایک ساتھ بھی پڑھ لیا کرتے تھے۔

## بَابُ الْخُطْبَةِ عَلَى الرَّاحِلَةِ

## باب 6: اونٹ پر سوار ہو کر خطبہ دینا

**1645**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سَلَمَةُ يَعْنِي ابْنَ نُبَيْطٍ حَدَّثَنِي اَبِي اَوْ نُعَيْمُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ عَنْ اَبِي قَالَ حَجَجْتُ مَعَ اَبِي وَعَمِّي فَقَالَ لِي اَبِي تَرٰى ذٰلِكَ صَاحِبَ الْجَمَلِ الْاَحْمَرِ الَّذِي يَخْطُبُ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

٭٭ سلمہ بیان کرتے ہیں' نعیم میرے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: میں نے اپنے والد اور چچا کے ہمراہ حج کیا میرے والد نے مجھ سے فرمایا کیا تم دیکھ رہے ہو جو صاحب سرخ اونٹ پر سوار ہے خطبہ دے رہے ہیں۔ یہ نبی اکرم ﷺ ہیں۔

## بَاب خُرُوْجِ النِّسَآءِ فِي الْعِيْدَيْنِ

## باب 7: عیدین کی نماز کے لئے خواتین کا جانا

حدیث **1644** "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **878**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **533**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **1590**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18433**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **1846**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **1775**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان **1405**ھ **1985**ء **1042**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **10788**

**1646**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عَبْدِ الصَّمَدِ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ اَمَرَنَا بِاَبِي هُوَ اَنْ نُخْرِجَ يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ النَّحْرِ الْعَوَاتِقَ وَذَوَاتِ الْخُدُورِ فَاَمَّا الْحُيَّضُ فَاِنَّهُنَّ يَعْتَزِلْنَ الصَّفَّ وَيَشْهَدْنَ الْخَيْرَ وَدَعْوَةَ الْمُسْلِمِينَ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَاِنْ لَمْ يَكُنْ لِاِحْدَاهُنَّ الْجِلْبَابُ قَالَ تُلْبِسُهَا اُخْتُهَا مِنْ جِلْبَابِهَا

☆☆ سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میرے والد کی قسم! ہمیں یہ ہدایت دی گئی تھی کہ ہم عید الفطر کے دن اور عید قربان کے دن جوان اور بوڑھی خواتین کو لے کر آیا کریں جو حیض والی خواتین ہیں وہ جماعت سے الگ رہیں گی البتہ دعا اور بھلائی کے کام میں شریک ہوں گی سیدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اگر کسی خاتون کے پاس چادر نہ ہو؟ تو آپ نے ارشاد فرمایا: اس کی بہن اسے اپنی چادر دیدیں۔

## بَابُ الْحَثِّ عَلَى الصَّدَقَةِ يَوْمَ الْعِيدِ

## باب 8: عید کے دن صدقہ کرنے کی ترغیب دینا

**1647**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ شَهِدْتُ الصَّلوٰةَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي يَوْمِ عِيدٍ فَبَدَاَ بِالصَّلوٰةِ قَبْلَ الْخُطْبَةِ ثُمَّ قَامَ مُتَوَكِّئًا عَلَى بِلَالٍ حَتّٰى اَتَى النِّسَاءَ فَوَعَظَهُنَّ وَذَكَّرَهُنَّ وَاَمَرَهُنَّ بِتَقْوَى اللّٰهِ قَالَ تَصَدَّقْنَ فَذَكَرَ شَيْئًا مِنْ اَمْرِ جَهَنَّمَ فَقَامَتِ امْرَاَةٌ مِنْ سِفْلَةِ النِّسَاءِ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ فَقَالَتْ لِمَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ قَالَ لِاَنَّكُنَّ تُفْشِينَ الشَّكَاءَ وَاللَّعْنَ وَتَكْفُرْنَ الْعَشِيرَ فَجَعَلْنَ يَاْخُذْنَ مِنْ حُلِيِّهِنَّ وَاَقْرَاطِهِنَّ وَخَوَاتِيمِهِنَّ يَطْرَحْنَهُ فِي ثَوْبِ بِلَالٍ يَتَصَدَّقْنَ بِهِ

| | |
|---|---|
| حدیث **1646**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (صحیح ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء | **318** |
| "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | **890** |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | **539** |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء | **390** |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان | **1307** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | **20812** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء | **2816** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ **1970**ء | **1467** |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء | **1757** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء | **6032** |
| "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر **1415**ھ | **670** |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء | **102** |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان | **362** |

حضرت جابر بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم ﷺ کی اقتداء میں نماز عید میں شرکت کی۔ آپ نے پہلے نماز ادا کی۔ خطبہ بعد میں دیا۔ پھر آپ ﷺ حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے ساتھ ٹیک لگا کر کھڑے ہوئے اور خواتین کے پاس تشریف لائے آپ نے انہیں وعظ نصیحت کی اور انہیں اللہ تعالیٰ سے ڈرنے کی نصیحت کی اور صدقہ کرنے کے بارے میں فرمایا پھر آپ نے جہنم سے متعلق کچھ تذکرہ کیا ایک خاتون کھڑی ہوئی جو کسی عام خاندان سے تعلق رکھتی تھی اس کے رخسار کھنچے ہوئے تھے اس نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ اس کی وجہ کیا ہے آپ نے ارشاد فرمایا: اس کی وجہ یہ ہے کہ تم خواتین شکایت بکثرت کرتی ہو اور لعنت بکثرت کرتی ہو اور شوہر کی نافرمانی کرتی ہو۔

راوی بیان کرتے ہیں: خواتین نے اپنے زیورات انگوٹھیاں اور بالیاں حضرت بلال رضی اللہ عنہ کے کپڑے میں ڈالنا شروع کردیں یہ انہوں نے صدقے کے طور پر ڈالی تھیں۔

**1648**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَ هٰذَا

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَاب اِذَا اجْتَمَعَ عِيدَانِ فِي يَوْمٍ

## باب 9: جب ایک ہی دن میں دو عیدیں اکٹھی ہو جائیں

**1649**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِي رَمْلَةَ قَالَ شَهِدْتُ مُعَاوِيَةَ يَسْاَلُ زَيْدَ بْنَ اَرْقَمَ اَشَهِدْتَ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِيدَيْنِ اجْتَمَعَا فِي يَوْمٍ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَكَيْفَ صَنَعَ قَالَ صَلَّى الْعِيدَ ثُمَّ رَخَّصَ فِي الْجُمُعَةِ فَقَالَ مَنْ شَاءَ اَنْ يُصَلِّيَ فَلْيُصَلِّ

ایاس بن ابورملہ بیان کرتے ہیں: میں اس وقت حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا، جب انہوں نے حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ آپ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ کسی ایسے دن عید کی نماز میں شریک ہوئے ہیں جب ایک ہی دن میں دو عیدیں اکٹھی ہوئی ہوں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا پھر نبی اکرم ﷺ کیا کیا تھا انہوں نے فرمایا نبی

حدیث **1649** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1070**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19337**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411** ھ/ **1990**ء **1063**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414** ھ/ **1994**ء **6080**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404** ھ/ **1983**ء **5120**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **685**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390** ھ/ **1970**ء **1464**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411** ھ/ **1991**ء **1793**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409** ھ **5846**

اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عید کی نماز ادا کی پھر جمعہ کی نماز کے لئے رخصت عطا کر دی جو شخص چاہے وہ یہاں نماز ادا کر لے اور جو چاہے (وہ اپنے گاؤں واپس چلا جائے)

## بَابُ الرُّجُوْعِ مِنَ الْمُصَلّٰى مِنْ غَيْرِ الطَّرِيْقِ الَّذِىْ خَرَجَ مِنْهُ

## باب 10: عیدگاہ سے واپس آتے ہوئے دوسرا راستہ اختیار کرنا

**1650**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا فُلَيْحٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا خَرَجَ اِلَى الْعِيْدِ رَجَعَ فِىْ طَرِيْقٍ اٰخَرَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عید کی نماز کے لئے جب تشریف لے جاتے تھے تو واپس دوسرے راستے سے آتے تھے۔

حدیث **1650**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1156**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1298**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1990**ء **1098**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **6048**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ **1983**ء **1172**

# كِتَابُ الزَّكٰوةِ

# زکوٰۃ کا بیان

## بَابٌ فِىْ فَرْضِ الزَّكٰوةِ

## باب نمبر 1: زکوٰۃ کی فرضیت

**1651**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِىْ مَعْبَدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اِنَّكَ تَاْتِىْ قَوْمًا اَهْلَ كِتَابٍ فَادْعُهُمْ اِلٰى اَنْ يَّشْهَدُوْا اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ فَاِنْ اَطَاعُوْا لَكَ فِىْ ذٰلِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْهِمْ خَمْسَ صَلَوَاتٍ فِىْ كُلِّ يَوْمٍ وَلَيْلَةٍ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ فِىْ ذٰلِكَ فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّ اللّٰهَ فَرَضَ عَلَيْهِمْ صَدَقَةً فِىْ اَمْوَالِهِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِيَائِهِمْ وَتُرَدُّ عَلٰى فُقَرَائِهِمْ فَاِنْ هُمْ اَطَاعُوْا لَكَ فِىْ ذٰلِكَ فَاِيَّاكَ وَكَرَائِمَ اَمْوَالِهِمْ وَاِيَّاكَ وَدَعْوَةَ الْمَظْلُوْمِ فَاِنَّهٗ لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ حِجَابٌ

❀❀ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا تو فرمایا تم اس قوم کے پاس جا رہے ہو جو اہل کتاب ہیں۔ تم انہیں اس بات کی دعوت دینا کہ وہ یہ گواہی دیں کہ اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں بے شک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اگر وہ اس بارے میں تمہاری اطاعت کرلیں تو انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر روزانہ پانچ وقت کی نمازیں فرض کی ہیں اگر وہ اس بارے میں بھی تمہاری اطاعت کرلیں تو انہیں بتانا کہ اللہ تعالیٰ نے ان کے مال پر زکوٰۃ کو فرض کیا ہے جو ان کے خوشحال لوگوں سے لے کر ان کے غریب لوگوں میں تقسیم کردی جائے گی اگر وہ اس بارے میں بھی تمہاری اطاعت کرلیں تو وہ (زکوٰۃ وصول کرتے وقت) ان کے بہترین مال (حاصل کرنے سے) بچنا اور مظلوم کی بددعا سے بچنا کیونکہ اس کے اور اللہ تعالیٰ کے درمیان کوئی حجاب نہیں ہوتا۔

## بَابٌ مَنِ الْمِسْكِيْنُ الَّذِىْ يُتَصَدَّقُ عَلَيْهِ

## باب 2: وہ غریب کون ہے جسے زکوٰۃ دینی چاہیے؟

---

**2346** حدیث **1651** صحیح ابن خزیمہ' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء

**7095** سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء

**1652-** اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لَيْسَ الْمِسْكِينُ الَّذِي تَرُدُّهُ اللُّقْمَةُ وَاللُّقْمَتَانِ وَالْكِسْرَةُ وَالْكِسْرَتَانِ وَالتَّمْرَةُ وَالتَّمْرَتَانِ وَلٰكِنِ الْمِسْكِينُ الَّذِي لَيْسَ لَهُ غِنًى يُغْنِيهِ يَسْتَحْيِي اَنْ يَسْاَلَ النَّاسَ اِلْحَافًا اَوْ لَا يَسْاَلُ النَّاسَ اِلْحَافًا

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان روایت کرتے ہیں' غریب وہ شخص نہیں ہے جسے ایک یا دو لقمے (روٹی کا) ایک یا دو ٹکڑے' ایک یا دو کھجوریں دی جائیں بلکہ غریب وہ شخص ہے جسے بنیادی ضروریات حاصل نہ ہوں اور وہ لوگوں سے مانگنے سے شرم کرے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) وہ لوگوں سے مانگتا نہیں۔

## بَابُ مَنْ لَّمْ يُؤَدِّ زَكٰوةَ الْاِبِلِ وَالْبَقَرِ وَالْغَنَمِ

## باب 3: جو شخص اونٹ گائے اور بکری کی زکوٰۃ ادا نہ کرے

**1653-** اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث 1652 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 1406
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1631
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 2571
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1645
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 3636
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ 1993ء — 3351
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء — 2363
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء — 2352
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 7656
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ 1984ء — 6337

حدیث 1653 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 1391
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 988
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 2454
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1785
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 21439
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ 1993ء — 3255
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء — 2321
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء — 2234
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 7574

وَسَلَّمَ مَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ وَّلَا بَقَرٍ وَّلَا غَنَمٍ لَّا يُؤَدِّي حَقَّهَا اِلَّا اُقْعِدَ لَهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَطَؤُهُ ذَاتُ الظِّلْفِ بِظِلْفِهَا وَتَنْطَحُهُ ذَاتُ الْقَرْنِ بِقَرْنِهَا لَيْسَ فِيهَا يَوْمَئِذٍ جَمَّاءُ وَلَا مَكْسُوْرَةُ الْقَرْنِ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَمَا حَقُّهَا قَالَ اِطْرَاقُ فَحْلِهَا وَاِعَارَةُ دَلْوِهَا وَمِنْحَتُهَا وَحَلَبُهَا عَلَى الْمَاءِ وَحَمْلٌ عَلَيْهَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کسی اونٹ' گائے' بکری کا جو مالک ان کا حق ادا نہیں کرتا اسے قیامت کے دن ان کے سامنے ایک چٹیل میدان میں بٹھادیا جائے گا' کھر والے جانور اپنے کھروں کے ذریعے اسے روندیں گے اور سینگ والے جانور اپنے سینگوں کے ذریعے اسے ماریں گے' جانوروں میں کوئی ایسا نہیں ہوگا جس کے سینگ نہ ہوں اور نہ ہی کوئی ایسا ہوگا جس کے سینگ ٹوٹے ہوں گے لوگوں نے دریافت کیا' یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ان کا حق کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا نر جانور کو جفتی کے لئے ادھار دینا' اس کا ڈول ادھار دینا' دودھ دینے کے لئے کوئی بکری ادھار دے دینا' جب پانی پلانا ہو تو اس کا دودھ دوہ کر (کسی کو دے دینا) اور اللہ تعالیٰ کی راہ میں (جہاد کرنے کے لئے) ان پر سامان لاد دینا۔

**1654**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ صَاحِبِ اِبِلٍ لَّا يَفْعَلُ فِيهَا حَقَّهَا اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرَ مَا كَانَتْ قَطُّ وَاُقْعِدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَسْتَنُّ عَلَيْهِ بِقَوَائِمِهَا وَاَخْفَافِهَا وَلَا صَاحِبِ بَقَرٍ لَّا يَفْعَلُ فِيهَا حَقَّهَا اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرَ مَا كَانَتْ قَطُّ وَاُقْعِدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهُ بِقَوَائِمِهَا وَلَا صَاحِبِ غَنَمٍ لَّا يَفْعَلُ فِيهَا حَقَّهَا اِلَّا جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَكْثَرَ مَا كَانَتْ وَاُقْعِدَ لَهَا بِقَاعٍ قَرْقَرٍ تَنْطَحُهُ بِقُرُوْنِهَا وَتَطَؤُهُ بِاَظْلَافِهَا لَيْسَ فِيهَا جَمَّاءُ وَلَا مَكْسُوْرَةٌ قَرْنُهَا وَلَا صَاحِبِ كَنْزٍ لَّا يَفْعَلُ فِيهِ حَقَّهُ اِلَّا جَاءَ كَنْزُهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ شُجَاعًا اَقْرَعَ يَتْبَعُهُ فَاتِحًا فَاهُ فَاِذَا اَتَاهُ فَرَّ مِنْهُ فَيُنَادِيهِ خُذْ كَنْزَكَ الَّذِي خَبَّاْتَهُ قَالَ فَاَنَا عَنْهُ غَنِيٌّ فَاِذَا رَاٰى اَنَّهُ لَا بُدَّ مِنْهُ سَلَكَ يَدَهُ فِي فَمِهِ فَيَقْضِمُهَا قَضْمَ الْفَحْلِ قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ سَمِعْتُ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ يَقُوْلُ هٰذَا الْقَوْلَ ثُمَّ سَاَلْنَا جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ وَقَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ سَمِعْتُ عُبَيْدَ بْنَ عُمَيْرٍ يَقُوْلُ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا حَقُّ الْاِبِلِ قَالَ حَلَبُهَا عَلَى الْمَاءِ وَاِعَارَةُ دَلْوِهَا وَاِعَارَةُ فَحْلِهَا وَمَنْحُهَا وَحَمْلٌ عَلَيْهَا فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے کسی اونٹ کا جو مالک اس کا حق ادا نہیں کرتا تو وہ اونٹ قیامت کے دن زیادہ بڑے حجم میں آئے گا اور اس مالک کو اس کے اونٹ کے سامنے ایک چٹیل میدان میں بٹھادیا جائے گا۔ وہ اونٹ اپنے پاؤں اور کھروں کے ذریعے اسے روندے گا جس گائے کا مالک اس کا حق ادا نہیں کرے گا وہ گائے قیامت کے دن زیادہ بڑے حجم میں آئے گی اس شخص کو اس گائے کے سامنے ایک چٹیل میدان میں بٹھادیا جائے گا وہ گائے اسے اپنے سینگوں کے ذریعے مارے گی اور اپنے کھروں کے ذریعے روندے گی۔ جس بکری کا مالک اس کا حق ادا نہیں کرے گا وہ بکری قیامت کے دن زیادہ بڑے حجم میں آئے گی اس شخص کو اس بکری کے سامنے ایک چٹیل میدان میں بٹھادیا جائے گا وہ بکری اسے اپنے سینگوں کے ذریعے مارے گی اور اپنے کھروں کے ذریعے روندے گی ان جانوروں میں کوئی بھی بغیر سینگ کے نہیں ہوگا اور کسی کا سینگ ٹوٹا ہوا نہیں ہوگا۔ جس خزانے کا مالک اس کا حق ادا نہیں کرے گا قیامت کے دن وہ خزانہ ایک اژدھے کی شکل میں اپنا منہ کھول کر اس

کے پیچھے آئے گا۔ جب وہ اس شخص کے پاس آئے گا تو وہ شخص اس سے بھاگے گا تو وہ بلند آواز سے پکارے گا اپنا وہ خزانہ لے لو جسے تم نے سنبھال کے رکھا ہوا تھا' وہ شخص کہے گا مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے لیکن پھر وہ شخص دیکھے گا کہ اب کوئی چارہ نہیں ہے تو وہ اپنا ہاتھ اس اژدھے کے منہ کی طرف بڑھائے گا تو وہ اسے یوں چبالے گا جیسے کوئی اونٹ کوئی چیز چبالیتا ہے۔

ابوزبیر کہتے ہیں میں نے عبید بن عمیر کو یہی بات بیان کرتے ہوئے سنا پھر ہم نے حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا تو انہوں نے بھی یہی بات بیان کی جو عبید بن عمیر نے بیان کی تھی۔

ابوزبیر بیان کرتے ہیں میں نے عبید بن عمیر کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اونٹ کا حق کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جب پانی (پلانے کے لئے اسے لایا جائے) تو اس کا دودھ دوہ کر دوسروں کو پلا دیا جائے اس کے ڈول کو ادھار دے دیا جائے۔ نر اونٹ کو (جفتی کے لئے) ادھار دے دیا جائے (کسی بکری کو) دودھ دوہنے کے لئے دے دیا جائے اور ان جانوروں پر اللہ کی راہ میں (جہاد کرنے کے لئے سامان لادا جائے)۔

**1655**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْمَعْرُوْرِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَعْضِ هٰذَا الْحَدِيْثِ

☆☆ ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے اس روایت کا بعض حصہ منقول ہے۔

## بَابٌ فِيْ زَكٰوةِ الْغَنَمِ

## باب4: بکریوں کی زکوٰۃ

**1656**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ وَاِبْرَاهِيْمُ بْنُ صَدَقَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ الصَّدَقَةَ فَكَانَ فِي الْغَنَمِ فِيْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ سَائِمَةً شَاةٌ اِلٰى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا شَاتَانِ اِلٰى مِائَتَيْنِ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا ثَلَاثُ شِيَاهٍ اِلٰى ثَلَاثِ مِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ شَاةً لَمْ يَجِبْ فِيْهَا اِلَّا ثَلَاثُ شِيَاهٍ حَتّٰى تَبْلُغَ اَرْبَعَ مِائَةٍ فَاِذَا بَلَغَتْ اَرْبَعَ مِائَةِ شَاةٍ فَفِيْ كُلِّ مِائَةٍ شَاةٌ وَلَا تُؤْخَذُ فِي الصَّدَقَةِ هَرِمَةٌ وَلَا ذَاتُ عَوَارٍ وَلَا ذَاتُ عَيْبٍ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کی حد مقرر کی ہے جنگل میں چرنے والی چالیس سے ایک سو بیس بکریوں تک ایک بکری زکوٰۃ کے طور پر ادا کی جائے گی۔ اگر ان کی تعداد زیادہ ہو تو دو سو تک میں دو بکریاں دی جائیں گی اگر اس سے بھی زیادہ ہو تو تین سو تک میں تین بکریاں دی جائیں گی اگر اس سے بھی زیادہ ہو جائیں تو تین بکریاں ہی رہیں گی۔ یہاں تک کہ ان

حدیث 1655 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 2249

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1661

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان' 1405ھ 1985ء 373

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 22239

حدیث 1656 ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 2270

کی تعداد چار سو ہو جائے جب ان کی تعداد چار سو ہو جائے پھر ہر ایک سو میں ایک بکری دینا ہوگی زکوۃ میں کوئی ایسی بکری وصول نہیں کی جائے گی جو کمزور ہو کانی ہو اور عیب دار ہو۔

**1657** - اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْخَوْلَانِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى اَهْلِ الْيَمَنِ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ بِسْمِ اللَّهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ اِلَى شُرَحْبِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ فِي اَرْبَعِينَ شَاةً شَاةٌ اِلَى اَنْ تَبْلُغَ عِشْرِينَ وَمِائَةً فَاِذَا زَادَتْ عَلَى عِشْرِينَ وَمِائَةٍ وَّاحِدَةً فَفِيهَا شَاتَانِ اِلَى اَنْ تَبْلُغَ مِائَتَيْنِ فَاِذَا زَادَتْ وَاحِدَةً فَفِيهَا ثَلَاثَةٌ اِلَى اَنْ تَبْلُغَ ثَلَاثَ مِائَةٍ فَمَا زَادَ فَفِي كُلِّ مِائَةٍ شَاةٍ شَاةٌ

ابوبکر بن محمد اپنے دادا کے حوالے سے روایت کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ کے ہمراہ پہلے اہل یمن کو ایک خط میں یہ حکم بھجوایا تھا۔

''اللہ کے نام سے آغاز کرتا ہوں جو رحمن اور رحیم ہے یہ (اللہ) کے نبی محمد کی جانب سے شرحبیل بن عبد کلال حارث بن عبد کلال اور نعیم بن عبد کلال کے نام ہے (اور حکم یہ ہے) ہر چالیس بکریوں میں ایک بکری بطور زکوۃ ادا کرنا لازم ہوگا' یہاں تک کہ ان کی تعداد ایک سو بیس ہو جائے جب ایک سو بیس سے زیادہ ہو جائے تو دو سو تک میں دو بکریوں کی ادائیگی لازم ہو گی جب ان میں سے ایک بھی زیادہ ہو جائے تو تین سو تک میں تین کی ادائیگی لازم ہوگی اگر ان سے بھی زیادہ ہو جائے تو ہر ایک سو میں سے ایک بکری کی ادائیگی لازم ہوگی۔

**1658** - حَدَّثَنَا بِشْرُ ابْنُ الْحَكَمِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ لَهُمْ كِتَابًا فَذَكَرَ نَحْوَهُ

عبداللہ بن ابوبکر اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے یہ نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے انہیں ایک خط لکھا تھا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

## بَابُ زَكٰوةِ الْبَقَرِ

## باب 5: گائے کی زکوۃ کا بیان

| | |
|---|---|
| حدیث **1657** ''سنن نسائی' امام ابو عبد الرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء | **4853** |
| ''موطا امام مالک' امام ابو عبد اللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبد الباقی) | **469** |
| ''سنن نسائی کبری' امام ابو عبد الرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **7058** |
| ''سنن بیہقی کبری' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **412** |
| ''صحیح ابن حبان' امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **6559** |
| ''المستدرک' امام ابو عبد اللہ محمد بن عبد اللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **1447** |

**1659**- حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ مَسْرُوقٍ وَّالْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَا قَالَ مُعَاذٌ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَنِي اَنْ اٰخُذَ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِينَ بَقَرَةً مُسِنَّةً وَّمِنْ كُلِّ ثَلَاثِينَ تَبِيعًا اَوْ تَبِيعَةً

☆☆ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا آپ نے مجھے ہدایت کی کہ میں ہر چالیس گائے میں سے' دو برس کی ہوکر تیسرے برس میں لگ جانے والی ایک بچھڑی (وصول کروں) اور ہر تیس گائے میں سے' ایک برس کا ہوکر (دوسرے برس میں لگنے والا بچھڑا یا بچھڑی زکوٰۃ کے طور پر وصول کروں)

**1660**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَنِي اَنْ اٰخُذَ مِنَ الْبَقَرِ مِنْ ثَلَاثِينَ تَبِيعًا حَوْلِيًّا وَّمِنْ اَرْبَعِينَ بَقَرَةً مُسِنَّةً

☆☆ حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا اور مجھے یہ ہدایت کی کہ میں ہر تیس گائے میں سے ایک سال کا بچھڑا لوں اور ہر چالیس گائے میں سے دو سال کا ہوکر (تیسرے سال میں لگنے والا) گائے کا بچہ وصول کروں۔

**1661**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُونُسَ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ بِنَحْوِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَاب زَكٰوةِ الْاِبِلِ

## باب 6: اونٹ کی زکوٰۃ

**1662**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَبَّادُ بْنُ الْعَوَّامِ وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ صَدَقَةَ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ الصَّدَقَةَ فَلَمْ تَخْرُجْ اِلٰى عُمَّالِهِ حَتّٰى قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا قُبِضَ اَخَذَهَا اَبُو بَكْرٍ فَعَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِ فَلَمَّا قُبِضَ اَبُو بَكْرٍ اَخَذَهَا عُمَرُ

حدیث **1659** ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2451**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر بیروت' لبنان **1803**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22090**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تیمی بستی' موسسہ الرسالہ بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **4886**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2231**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' **1414**ھ/**1994**ء **7078**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **261**

حدیث **1662** ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2267**

''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **427**

فَعَمِلَ بِهَا مِنْ بَعْدِهِمَا وَلَقَدْ قُتِلَ عُمَرُ وَاِنَّهَا لَمَقْرُوْنَةٌ بِسَيْفِهِ اَوْ بِوَصِيَّتِهِ وَكَانَ فِي صَدَقَةِ الْاِبِلِ فِي كُلِّ خَمْسٍ شَاةٌ اِلَى خَمْسٍ وَعِشْرِيْنَ فَاِذَا بَلَغَتْ خَمْسًا وَعِشْرِيْنَ فَفِيْهَا بِنْتُ مَخَاضٍ اِلَى خَمْسٍ وَثَلَاثِيْنَ فَاِنْ لَمْ تَكُنْ بِنْتُ مَخَاضٍ فَابْنُ لَبُوْنٍ ذَكَرٌ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا بِنْتُ لَبُوْنٍ اِلَى خَمْسٍ وَاَرْبَعِيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّةٌ اِلَى سِتِّيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا جَذَعَةٌ اِلَى خَمْسٍ وَسَبْعِيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا بِنْتَا لَبُوْنٍ اِلَى تِسْعِيْنَ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا حِقَّتَانِ اِلَى عِشْرِيْنَ وَمِائَةٍ فَاِذَا زَادَتْ فَفِيْهَا فِي كُلِّ خَمْسِيْنَ حِقَّةٌ وَفِي كُلِّ اَرْبَعِيْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے زکوٰۃ کے احکام تحریر کروائے آپ نے انہیں اپنے ریاستی اہلکاروں کو نہیں بھجوایا تھا کہ اس سے پہلے ہی آپ کا وصال ہو گیا آپ کے وصال کے بعد حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس تحریر کو حاصل کر کے اس پر عمل کیا' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے وصال کے بعد حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسے حاصل کیا اور ان دونوں صاحبان کے بعد وہ بھی اس پر عمل کرتے رہے یہاں تک کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ شہید ہو گئے۔ وہ تحریر ان کی تلوار میں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہے) ان کی وصیت کے ہمراہ موجود تھی (وہ تحریر یہ تھی) اونٹوں کی زکوٰۃ کے بارے میں حکم یہ ہے کہ ہر پانچ اونٹوں سے پچیس اونٹوں تک میں ایک بکری وصول کی جائے گی جب ان کی تعداد پچیس ہو جائے تو ان میں سے دوسرے سال میں داخل ہونے والی ایک اونٹنی دی جائے گی۔ پچیس سے پینتیس تک یہی ہو گی اگر ایسی اونٹنی نہ ہو تو دو سال کا ہو کر تیسرے سال میں داخل ہونے والا ایک اونٹ لیا جائے گا۔ جب اونٹوں کی تعداد اس سے زیادہ ہو جائے تو پینتالیس سے ساٹھ تک ایک ایسی اونٹنی لی جائے گی جو چوتھے سال میں داخل ہو چکی ہو جب اونٹوں کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہو تو پچھتر تک میں ایسی اونٹنی لی جائے گی جو پانچویں سال میں داخل ہو چکی ہو اگر اونٹوں کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہو تو نوے تک میں ان سے دو ایسی اونٹنیاں لی جائے گی جو دو سال کی ہو کر تیسرے سال میں داخل ہو چکی ہوں گی اگر ان کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہو تو ایک سو بیس تک میں دو ایسی اونٹنیاں لی جائیں گی جو چوتھے سال میں داخل ہو چکی ہوں گی اگر اونٹوں کی تعداد اس سے بھی زیادہ ہو تو ہر پچاس کے اضافے میں ایک ایسی اونٹنی مزید لی جائے گی جو چوتھے سال میں شامل ہو چکی ہو اور ہر چالیس کے اضافے میں ایک ایسی اونٹنی لی جائے گی جو تیسرے سال میں داخل ہو چکی ہو۔

**1663**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہی حدیث منقول ہے۔

## بَابٌ فِي زَكٰوةِ الْوَرِقِ

## باب 7: چاندی کی زکوٰۃ

**1664**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْخَوْلَانِيِّ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي بَكْرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اِلَى شُرَحْبِيْلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ اِنَّ فِي كُلِّ خَمْسِ اَوَاقٍ مِنَ

الْوَرِقِ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ فَمَا زَادَ فَفِي كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَّلَيْسَ فِيْمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ شَيْءٌ

ابوبکر بن محمد بن عمرو اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم رضی اللہ عنہ (راوی) کے ذریعے شرحبیل بن عبد کلال' حارث بن عبد کلال اور نعیم بن عبد کلال کو یہ خط بھیجا کہ چاندی کے ہر پانچ اوقیہ میں پانچ درہم ہوں گے جب اس سے زیادہ ہو تو ہر چالیس درہموں میں ایک درہم ہوگا پانچ اوقیہ سے کم میں کوئی زکوٰۃ لازم نہیں ہوگی۔

**1665**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ عَلِيٍّ رَفَعَهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ عَفَوْتُ عَنْ صَدَقَةِ الْخَيْلِ وَالرَّقِيْقِ هَاتُوْا صَدَقَةَ الرِّقَةِ مِنْ كُلِّ اَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَّلَيْسَ فِيْ تِسْعِيْنَ وَمِائَةٍ شَيْءٌ حَتّٰى تَبْلُغَ مِائَتَيْنِ

حضرت علی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' میں نے گھوڑے اور غلام کی زکوٰۃ معاف کر دی ہے' چاندی کی زکوٰۃ میں ہر چالیس درہم میں سے ایک درہم ادا کرو۔ جب تک پورے دو سو نہ ہو جائیں ایک سو نوے ہوں تو کوئی (اضافی ادائیگی) چیز لازم نہیں ہوگی۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْفَرْقِ بَيْنَ الْمُجْتَمِعِ وَالْجَمْعِ بَيْنَ الْمُتَفَرِّقِ

## باب 8: اکٹھی چیز کو الگ کرنے اور الگ شدہ کو اکٹھی کرنے کی ممانعت

**1666**- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ عُثْمَانَ الثَّقَفِيِّ عَنْ اَبِيْ لَيْلٰى هُوَ الْكِنْدِيُّ عَنْ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ قَالَ اَتَانَا مُصَدِّقُ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَخَذْتُ بِيَدِهٖ فَقَرَاْتُ فِيْ عَهْدِهٖ اَنْ لَّا يُجْمَعَ بَيْنَ مُتَفَرِّقٍ وَّلَا يُفَرَّقَ بَيْنَ مُجْتَمِعٍ خَشْيَةَ الصَّدَقَةِ

حضرت سوید بن غفلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف سے زکوٰۃ وصول کرنے والا شخص ہمارے ہاں آیا' میں نے اس سے تحریر وصول کی تو اس میں یہ تحریر تھی (زکوٰۃ کی ادائیگی میں ہیرا پھیری کرنے کے لئے) الگ الگ چیزوں کو اکٹھا نہ کیا جائے اور اکٹھی چیزوں کو الگ الگ نہ کیا جائے تاکہ زکوٰۃ سے بچا نہ جا سکے۔

حدیث 1665: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1574
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 769
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 1232
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 7311
حدیث 1666: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1580
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 7124
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 6474

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ اَخْذِ الصَّدَقَةِ مِنْ كَرَائِمِ اَمْوَالِ النَّاسِ

## باب 9: زکوٰۃ وصول کرتے ہوئے لوگوں کے بہترین مال حاصل کرنے کی ممانعت

**1667** - اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ يَحْيَى بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ صَيْفِيٍّ عَنْ اَبِي مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا بَعَثَ مُعَاذًا اِلَى الْيَمَنِ قَالَ اِيَّاكَ وَكَرَائِمَ اَمْوَالِهِمْ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور فرمایا ان لوگوں کے بہترین مال (زبردستی وصول) کرنے سے بچنا۔

## بَابُ مَا لَا تَجِبُ فِيهِ الصَّدَقَةُ مِنَ الْحَيَوَانِ

## باب 10: کون سے جانوروں میں زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی

**1668** - حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِينَارٍ اَخْبَرَنِي قَالَ سَمِعْتُ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ

---

حدیث **1667**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **19870**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **7843**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء — **352**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **836**

حدیث **1668**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **1394**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1595**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **628**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء — **2467**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1812**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **611**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **7293**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء — **3271**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء — **2285**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء — **2246**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **7195**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ - **1984**ء — **6138**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **2527**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **1073**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان **1408**ھ/ **1988**ء — **354**

يُحَدِّثُ عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ عَلَى فَرَسِ الْمُسْلِمِ وَلَا عَلَى غُلَامِهِ صَدَقَةٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' مسلمان کے گھوڑے اور اس کے غلام کے بارے میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے۔

## بَابُ مَا لَا يَجِبُ فِيهِ الصَّدَقَةُ مِنَ الْحُبُوبِ وَالْوَرِقِ وَالذَّهَبِ

## باب11: کتنی مقدار میں اناج چاندی اور سونے پر زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی

**1669-** حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَمْرِو بْنِ يَحْيَى عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنْ

بقیہ حدیث 1668 ''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ 1990ء۔ 1596

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 10139

حدیث 1669 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء۔ 1340

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 979

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1558

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 626

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء۔ 2445

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1793

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 577

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 5670

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ 1993ء۔ 3268

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء۔ 2263

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991 2225

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء۔ 7035

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔1984ء۔ 1071

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' 1405ھ 1985ء۔ 658

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 693

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ' 1983ء۔ 933

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 1702

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) 735

''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ' 1988ء۔ 340

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ' 1988ء۔ 1103

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 7250

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ وَّلَا فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَّلَا فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْوَسْقُ سِتُّوْنَ صَاعًا وَّالصَّاعُ مَنَوَانِ وَنِصْفٌ فِي قَوْلِ اَهْلِ الْحِجَازِ وَاَرْبَعَةُ اَمْنَاءٍ فِي قَوْلِ اَهْلِ الْعِرَاقِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' پانچ وسق سے کم اناج میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے۔ پانچ اوقیہ سے کم (چاندی) میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے اور پانچ اونٹوں سے کم میں زکوٰۃ فرض نہیں ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ایک وسق سات صاع کا ہوتا اور ایک صاع اڑھائی امناء کا ہوتا ہے اہل حجاز کے قول کے مطابق' جب کہ اہل عراق کے بیان کے مطابق یہ چار امناء کا ہوتا ہے۔

**1670** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اِسْمٰعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ يَحْيَى بْنِ عُمَارَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسَةِ اَوْسُقٍ صَدَقَةٌ مِّنْ حَبٍّ وَّلَا تَمْرٍ وَّلَا فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ صَدَقَةٌ وَّلَا فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ ذَوْدٍ صَدَقَةٌ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے پانچ وسق سے کم کسی اناج یا کھجور میں زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی اور پانچ اوقیہ سے کم (سونے یا چاندی) میں زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی اور پانچ سے کم اونٹوں میں زکوٰۃ فرض نہیں ہوتی۔

**1671** - اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ الْخَوْلَانِيِّ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي بَكْرِ ابْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ مَعَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اِلَى شُرَحْبِيلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ اِنَّ فِي كُلِّ خَمْسِ اَوَاقٍ مِّنَ الْوَرِقِ خَمْسَةَ دَرَاهِمَ فَمَا زَادَ فَفِي كُلِّ اَرْبَعِينَ دِرْهَمًا دِرْهَمٌ وَّلَيْسَ فِيمَا دُوْنَ خَمْسِ اَوَاقٍ شَيْءٌ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے' اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمرو بن حزم کے ذریعے شرحبیل بن عبدکلال' حارث بن عبدکلال اور نعیم بن عبدکلال کو خط میں یہ حکم بھیجا کہ ہر پانچ اوقیہ چاندی میں پانچ درہم زکوٰۃ ہوگی اگر چاندی اس سے زیادہ ہو تو ہر چالیس درہموں میں ایک درہم ہوگی اور پانچ اوقیہ سے کم میں کوئی زکوٰۃ نہیں ہوگی۔

## بَابٌ فِي تَعْجِيلِ الزَّكٰوةِ

## باب 12: زکوٰۃ جلدی ادا کرنا

**1672** - اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ زَكَرِيَّا عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ الْحَكَمِ بْنِ عُتَيْبَةَ عَنْ حُجَيَّةَ بْنِ عَدِيٍّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ الْعَبَّاسَ سَاَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي تَعْجِيلِ صَدَقَتِهِ قَبْلَ اَنْ تَحِلَّ فَرَخَّصَ فِي ذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اٰخُذُ بِهِ وَلَا اَرٰى فِي تَعْجِيلِ الزَّكٰوةِ بَاْسًا

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عباس رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زکوٰۃ فرض ہونے سے پہلے ہی جلدی ادا کر لینے کے بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اس بارے میں رخصت عطا کی۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میں اسی کو دلیل کے طور پر اختیار کرتا ہوں میرے نزدیک زکوۃ کی جلدی ادائیگی میں کوئی حرج نہیں۔

## بَابُ مَا يَجِبُ فِي مَالٍ سِوَى الزَّكٰوةِ

## باب 13: مال میں زکوۃ کے علاوہ کیا چیز واجب ہے

**1673-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الطُّفَيْلِ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِي حَمْزَةَ عَنْ عَامِرٍ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ فِي اَمْوَالِكُمْ حَقًّا سِوَى الزَّكٰوةِ

☆☆ سیدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے تمہارے اموال میں زکوۃ کے علاوہ بھی کچھ حقوق ہیں۔

## بَابُ فِيمَنْ يَتَصَدَّقُ عَلٰى غَنِيٍّ

## باب 14: اس شخص کا حکم جو کسی خوشحال شخص کو صدقہ دے

**1674-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ حَدَّثَنَا اَبُو الْجُوَيْرِيَةِ الْجَرْمِيُّ اَنَّ مَعْنَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَهُ قَالَ

---

حدیث **1672**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1624**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **678**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1795**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **822**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **5431**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7157**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ- **1984**ء **638**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان **1408**ھ/ **1988**ء **360**

حدیث **1673**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **659**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7034**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **979**

حدیث **1674**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1356**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15898**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **13032**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ- **1984**ء **1551**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **1455**

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/ **1991**ء **1375**

بَايَعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَاَبِىْ وَجَدِّىْ وَخَطَبَ عَلَىَّ فَاَنْكَحَنِىْ وَخَاصَمْتُ اِلَيْهِ كَانَ اَبِىْ يَزِيْدُ اَخْرَجَ دَنَانِيْرَ يَتَصَدَّقُ بِهَا فَوَضَعَهَا عِنْدَ رَجُلٍ فِى الْمَسْجِدِ فَجِئْتُ فَاَخَذْتُهَا فَاَتَيْتُهُ بِهَا فَقَالَ وَاللّٰهِ مَا اِيَّاكَ اَرَدْتُ بِهَا فَخَاصَمْتُهُ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَكَ مَا نَوَيْتَ يَا يَزِيْدُ وَلَكَ يَا مَعْنُ مَا اَخَذْتَ

★★ حضرت معن بن یزید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے' میرے والد نے اور میرے دادا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دست اقدس پر اسلام قبول کیا' آپ ہی نے بات چیت طے کر کے میری شادی کروائی اور میں ایک مقدمہ لے کر بھی آپ کی خدمت میں حاضر ہوا میرے والد یزید نے صدقہ کرنے کے لئے کچھ دینار الگ کیے اور انہیں مسجد میں ایک شخص کے پاس رکھوا دیا' میں آیا اور میں نے وہ دینار وصول کر لئے۔ میں وہ دینار لے کر والد صاحب کے پاس آیا تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ کی قسم! میں نے یہ تمہیں دینے کے لئے نہیں نکالے تھے (معن بیان کرتے ہیں) میں یہ مقدمہ لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا اے یزید! تم نے جو نیت کی تھی اس کا تمہیں اجر ملے گا اور معن تم نے جو وصول کیا ہے وہ تمہارا ہے۔

## بَابُ مَنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ

## باب 15: کس شخص کے لئے صدقہ (وصول کرنا) حلال ہے

**1675**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ، وَاَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ رَيْحَانَ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَحِلُّ الصَّدَقَةُ لِغَنِىٍّ وَّلَا لِذِىْ مِرَّةٍ سَوِىٍّ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِىْ قَوِىٍّ

حدیث **1675** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1634**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **653**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **2597**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1839**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9049**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء **2368**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1477**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **2378**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **12934**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **[illegible]199**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **[illegible]504**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفہ' بیروت' لبنان **[illegible]271**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان **1408**ھ/**1988**ء **[illegible]63**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/**1991**ء **[illegible]049**

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' خوشحال اور طاقت ور شخص کے لئے (صدقہ وصول کرنا) جائز نہیں ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ ذی مرہ سوی سے مراد) قوی (طاقت ور ہے)

**1676**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ سَالَ عَنْ ظَهْرِ غِنًى جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَفِي وَجْهِهِ خُمُوشٌ اَوْ كُدُوحٌ اَوْ خُدُوشٌ قِيلَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ وَمَا الْغِنَى قَالَ خَمْسُونَ دِرْهَمًا اَوْ قِيمَتُهَا مِنَ الذَّهَبِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص خوشحال ہونے کے باوجود مانگے گا' وہ جب قیامت کے دن آئے گا تو اس کے چہرے میں داغ ہوں گے' عرض کی گئی یارسول اللہ ﷺ! خوشحالی کیا ہے؟ آپ نے فرمایا' پچاس درہم یا ان کی قیمت جتنا سونا۔

**1677**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ وَمُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ حَكِيمِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

## بَابُ الصَّدَقَةِ لَا تَحِلُّ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلَا لِاَهْلِ بَيْتِهِ

## باب 16: نبی اکرم ﷺ اور آپ کے اہل بیت کے لئے صدقہ وصول کرنا جائز نہیں ہے

**1678**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ اَخَذَ

حدیث 1676: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1626
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 2592
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1840
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 3675
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء 2446
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء 1479
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء 2373
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ 1994ء 12986
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء 5217
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 1686
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ 1983ء 1407
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 322
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 10432

الْحَسَنُ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَجَعَلَهَا فِي فِيهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كِخْ كِخْ اَلْقِهَا اَمَا شَعَرْتَ اَنَّا لَا نَاكُلُ الصَّدَقَةَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' حضرت امام حسن رضی اللہ عنہ نے صدقے کی کھجوروں میں سے ایک کھجور پکڑی اور اسے اپنے منہ میں ڈالنے لگے تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ارے ارے' اسے رکھ دو کیا تمہیں پتا نہیں ہے ہم صدقہ نہیں کھاتے۔

**1679**- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِيسَى عَنْ عِيسَى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى عَنْ اَبِي لَيْلَى قَالَ كُنْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ فَاَخَذَ تَمْرَةً مِّنْ تَمْرِ الصَّدَقَةِ فَانْتَزَعَهَا مِنْهُ وَقَالَ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّهُ لَا تَحِلُّ لَنَا الصَّدَقَةُ

حضرت ابولیلیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا حضرت علی رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حسن بھی آپ کے پاس موجود تھے' انہوں نے صدقے کی کھجوروں میں سے ایک کھجور پکڑی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہ ان سے چھین لی اور فرمایا کیا تمہیں پتہ نہیں ہے ہمارے لئے صدقہ حلال نہیں ہے۔

## بَابُ التَّشْدِيدِ عَلٰى مَنْ سَالَ وَهُوَ غَنِيٌّ

## باب 17: جو شخص خوشحال ہونے کے باوجود سوال کرے اس کے بارے میں شدت کا اظہار

**1680**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ وَهْبِ بْنِ مُنَبِّهٍ عَنْ اَخِيهِ عَنْ مُعَاوِيَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُلْحِفُوا بِي فِي الْمَسْاَلَةِ فَوَاللَّهِ لَا يَسْاَلُنِي اَحَدٌ شَيْئًا فَاُعْطِيَهُ وَاَنَا كَارِهٌ فَيُبَارَكَ لَهُ فِيهِ

---

حدیث **1678**: صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 2907

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1725

صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3294

صحیح ابن خزیمہ' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2347

مسند ابویعلیٰ' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 6762

معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 2710

حدیث **1680**: صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1038

سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 2593

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 16939

صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3389

المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2364

سنن نسائی کبریٰ' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 2374

سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7661

☆☆ حضرت معاویہ رٹائٹڈروایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا ہے مجھ سے کوئی چیز مانگتے ہوئے شدت نہ کیا کرو اللہ کی قسم! مجھ سے جو چیز مانگے گا اور میں ناپسندیدگی کے عالم میں اسے دے دوں گا' تو اس شخص کو اس میں کوئی برکت نصیب نہ ہوگی۔

**1681**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ ثَوْبَانَ مَوْلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَاَلَ النَّاسَ مَسْاَلَةً وَّهُوَ عَنْهَا غَنِيٌّ كَانَتْ شَيْنًا فِىْ وَجْهِهٖ

☆☆ نبی اکرم ﷺ کے آزاد کردہ غلام حضرت ثوبان رٹائٹڈ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا ہے جو شخص لوگوں سے کوئی چیز مانگے حالانکہ وہ اس کا محتاج نہ ہو تو وہ چیز اس کے چہرے میں ایک داغ ہوگی۔

## بَابٌ فِى الْاِسْتِعْفَافِ عَنِ الْمَسْاَلَةِ

## باب 18: مانگنے سے بچنا

**1682**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَزِيْدَ اللَّيْثِيِّ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ نَاسًا مِّنَ الْاَنْصَارِ سَاَلُوْا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَاهُمْ ثُمَّ سَاَلُوْهُ فَاَعْطَاهُمْ حَتّٰى اِذَا نَفِدَ مَا عِنْدَهُ قَالَ مَا يَكُوْنُ عِنْدِىْ مِنْ خَيْرٍ فَلَنْ اَدَّخِرَهُ عَنْكُمْ وَمَنْ يَّسْتَعْفِفْ يُعِفَّهُ اللّٰهُ وَمَنْ يَّسْتَغْنِ يُغْنِهِ اللّٰهُ وَمَنْ يَّتَصَبَّرْ يُصَبِّرْهُ اللّٰهُ وَمَا اُعْطِىَ اَحَدٌ عَطَاءً هُوَ خَيْرٌ وَّاَوْسَعُ مِنَ الصَّبْرِ

---

بقیہ حدیث **1680**: ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء — **5628**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء — **808**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **604**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/**1988**ء — **420**

حدیث **1682**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **1400**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1053**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1644**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2024**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء — **2588**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1812**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **11453**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **3400**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء — **2369**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **7655**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء — **1352**

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انصار سے تعلق رکھنے والے بعض افراد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا آپ نے انہیں عطا کر دیا' انہوں نے اور مانگا آپ نے انہیں عطا کر دیا یہاں تک کہ آپ کے پاس موجود سارا مال ختم ہو گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا میرے پاس جو بھی بہترین چیز موجود ہو گی وہ میں تم سے چھپا کے نہیں رکھوں گا اور جو شخص مانگنے سے بچے گا اللہ تعالیٰ اسے بچا کے رکھے گا اور جو شخص بے نیازی اختیار کرے گا' اللہ تعالیٰ اُسے بے نیاز کر دے گا اور جو شخص صبر اختیار کرے اللہ تعالیٰ اسے صبر عطا کرے گا اور کسی بھی شخص کو کوئی بھی ایسی چیز نہیں دی گئی جو صبر سے زیادہ بہتر اور وسعت والی ہو۔

# بَابُ النَّهْيِ عَنْ رَدِّ الْهَدِيَّةِ

## باب 19: ہدیہ واپس کرنے کی ممانعت

**1683**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ اَنَّهٗ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُعْطِيْنِي الْعَطَاءَ فَاَقُوْلُ اَعْطِهٖ مَنْ هُوَ اَفْقَرُ اِلَيْهِ مِنِّي فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُذْهُ وَمَا اٰتَاكَ اللّٰهُ مِنْ هٰذَا الْمَالِ وَاَنْتَ غَيْرُ مُسْرِفٍ وَّلَا سَائِلٍ فَخُذْهُ وَمَا لَا فَلَا تُتْبِعْهُ نَفْسَكَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے کوئی چیز عطا کی تو میں نے عرض کی آپ یہ اسے عطا کر دیں جس کو مجھ سے زیادہ ضرورت ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسے تم لو اللہ تعالیٰ تمہیں اس طرح سے جو بھی مال عطا کرے اگر تم اسراف نہیں کرتے اور مانگتے نہیں تو اسے وصول کر لو اور جو تمہیں نہیں ملتا اس کی وجہ سے خود کو پریشان نہ کرو۔

**1684**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي السَّائِبُ بْنُ يَزِيْدَ اَنَّ حُوَيْطِبَ بْنَ عَبْدِ الْعُزّٰى اَخْبَرَهٗ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ السَّعْدِيِّ اَخْبَرَهٗ عَنْ عُمَرَ بِنَحْوِهٖ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1685**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ بُسْرِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنِ ابْنِ السَّعْدِيِّ قَالَ اسْتَعْمَلَنِي

---

حدیث **1683**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **1404**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **045**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء — **608**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **36**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **676**

"آحاد و مثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب' **1411**ھ/ **1991**ء — **33**

"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء — **96**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **89**

عُمَرُ فَذَكَرَ نَحْوًا مِّنْهُ

☆☆ ابن سعدی بیان کرتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے مجھے عامل مقرر کیا تو (اس کے بعد انہوں نے اسی طرح کی روایت نقل کی ہے)

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الْمَسْأَلَةِ

## باب 20: مانگنے کی ممانعت

**1686**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ حَكِيمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَعْطَانِي ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِي ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَاَعْطَانِي ثُمَّ سَاَلْتُهُ فَقَالَ يَا حَكِيمُ اِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ اَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُورِكَ لَهُ فِيهِ وَمَنْ اَخَذَهُ بِاِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيهِ وَكَانَ كَالَّذِي يَاْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ

☆☆ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک چیز مانگی آپ نے مجھے عطا کردی میں نے پھر مانگی آپ نے پھر عطا کردی میں نے پھر مانگی آپ نے پھر عطا کردی میں نے پھر مانگی تو آپ نے ارشاد فرمایا اے حکیم! یہ مال سرسبز اور میٹھا ہے جو شخص نفس کی سخاوت کے ہمراہ اسے وصول کرے گا اس کے لئے اس میں برکت رکھ دی گئی اور جو شخص نفس کی حرص کے ہمراہ اسے حاصل کرے گا اس کے لئے اس میں برکت نہیں رکھی گئی اور اس کی مثال اس شخص کی طرح ہوگی جو کھا کر بھی سیر نہیں ہوتا۔

## بَابُ مَتٰى يُسْتَحَبُّ لِلرَّجُلِ الصَّدَقَةُ

## باب 21: کس شخص کے لئے صدقہ کرنا کب مستحب ہوتا ہے

**1687**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي هِشَامٌ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ

حدیث **1686**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء۔ **1403**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1035**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2374**
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء۔ **2531**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **15356**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء۔ **3220**
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1990**ء۔ **6048**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء۔ **2310**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء۔ **7662**
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ **1984**ء۔ **6606**
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء۔ **3080**

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خَيْرُ الصَّدَقَةِ مَا تُصُدِّقَ بِهِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَلْيَبْدَأْ اَحَدُكُمْ بِمَنْ يَعُوْلُ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ سب سے بہترین صدقہ وہ ہے جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے اور آدمی کو آغاز اس شخص سے کرنا چاہیے جو اس کے زیر کفالت ہو۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الْيَدِ الْعُلْيَا

## باب 22: اوپر والے ہاتھ کی فضیلت

**1688**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ

حدیث **1687** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1360

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1034

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1676

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 2544

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 7342

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 3345

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — 2439

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1990ء — 1509

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 2323

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7558

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء — 3091

"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/1988ء — 751

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء — 196

حدیث **1688** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1361

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1033

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1648

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2343

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 2534

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1813

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 5728

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 3364

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 2312

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7541

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى قَالَ وَالْيَدُ الْعُلْيَا يَدُ الْمُعْطِىْ وَالْيَدُ السُّفْلٰى يَدُ السَّائِلِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے آپ نے فرمایا: اوپر والا ہاتھ لینے والا ہاتھ ہے اور نیچے والا ہاتھ مانگنے والا ہاتھ ہے۔

**1689**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ مُوْسَى بْنَ طَلْحَةَ يَذْكُرُ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ حِزَامٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الصَّدَقَةِ عَنْ ظَهْرِ غِنًى وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِّنَ الْيَدِ السُّفْلٰى وَابْدَاْ بِمَنْ تَعُوْلُ

☆☆ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بہترین صدقہ وہ ہے جو خوشحالی کے عالم میں دیا جائے اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے ہاتھ سے بہتر ہے تم آغاز ان لوگوں سے کرو جو زیر کفالت ہوں۔

## بَابُ اَىُّ الصَّدَقَةِ اَفْضَلُ

## باب 23: کون سا صدقہ افضل ہے

**1690**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سُلَيْمَانُ اَخْبَرَنِىْ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ زَيْنَبَ امْرَاَةِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهَا قَالَتْ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا مَعْشَرَ النِّسَآءِ

بقیہ حدیث 1688: "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء — 5730

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 3091

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دارالبشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ 1989ء — 196

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر 1408ھ 1988ء — 775

"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان 1405ھ 1984ء — 777

حدیث 1690: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1393

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1000

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 2853

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دارالفکر بیروت لبنان — 1835

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 16126

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالۃ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء — 4248

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء — 2463

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — 2364

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 7548

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 539

تَصَدَّقْنَ وَلَوْ مِنْ حُلِيِّكُنَّ وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ خَفِيفَ ذَاتِ الْيَدِ فَجِئْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَسْأَلُهُ فَوَافَقَتْ زَيْنَبَ امْرَأَةٍ مِنَ الْأَنْصَارِ تَسْأَلُ عَمَّا أَسْأَلُ عَنْهُ فَقُلْتُ لِبِلَالٍ سَلْ لِي رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيْنَ أَضَعُ صَدَقَتِي عَلَى عَبْدِ اللَّهِ أَوْ فِي قَرَابَتِي فَسَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَيُّ الزَّيَانِبِ فَقَالَ امْرَأَةُ عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ لَهَا أَجْرَانِ أَجْرُ الْقَرَابَةِ وَأَجْرُ الصَّدَقَةِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے خواتین! صدقہ کیا کرو خواہ وہ تمہارے زیور ہی کیوں نہ ہو (سیدہ زینب رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ان دنوں تنگ دست تھے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اس بارے میں دریافت کرنے کے لئے گئی تو زینب نامی ایک انصاری خاتون مجھے ملی اس نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے وہی سوال کرنا تھا' جو میں نے کرنا تھا میں نے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے کہا آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ مسئلہ پوچھ کر مجھے بتائیں کہ میں اپنا صدقہ کہاں خرچ کروں۔ کیا عبداللہ پر یا اپنے رشتہ داروں پر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ نے دریافت کیا کون سے والی زینب ہے؟ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے عرض کی حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا' اسے دوطرح کا اجر ملے گا ایک رشتہ داری کا اور دوسرا صدقہ کرنے کا۔

**1691**- أَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَنَسٍ قَالَ كَانَ أَبُو طَلْحَةَ أَكْثَرَ أَنْصَارِيٍّ بِالْمَدِينَةِ مَالًا نَخْلًا وَكَانَتْ أَحَبَّ أَمْوَالِهِ إِلَيْهِ بَيْرُحَاءُ وَكَانَتْ مُسْتَقْبِلَةَ الْمَسْجِدِ وَكَانَ يَعْنِي النَّبِيَّ يَدْخُلُهَا وَيَشْرَبُ مِنْ مَائِهَا طَيِّبٌ فَقَالَ أَنَسٌ فَلَمَّا أُنْزِلَتْ هَذِهِ الْآيَةُ (لَنْ تَنَالُوا الْبِرَّ حَتَّى تُنْفِقُوا مِمَّا تُحِبُّونَ وَمَا تُنْفِقُوا مِنْ شَيْءٍ فَإِنَّ اللَّهَ بِهِ عَلِيمٌ) قَالَ إِنَّ أَحَبَّ أَمْوَالِي إِلَيَّ بَيْرُحَاءُ وَإِنَّهَا صَدَقَةٌ لِلَّهِ أَرْجُو بِرَّهَا وَذُخْرَهَا عِنْدَ اللَّهِ فَضَعْهَا يَا رَسُولَ اللَّهِ حَيْثُ شِئْتَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَخٍ ذَلِكَ مَالٌ رَابِحٌ أَوْ رَائِحٌ وَقَدْ سَمِعْتُ مَا قُلْتَ فِيهِ وَإِنِّي أَرَى أَنْ تَجْعَلَهُ فِي الْأَقْرَبِينَ فَقَالَ أَبُو طَلْحَةَ أَفْعَلُ يَا رَسُولَ اللَّهِ فَقَسَمَهُ أَبُو طَلْحَةَ فِي قَرَابَةِ بَنِي عَمِّهِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کھجوروں کے باغ کی ملکیت کے حوالے سے حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ مدینہ منورہ میں سب سے امیر انصاری تھے انہیں اپنے باغات میں سے سب سے زیادہ بیرحاء نامی باغ تھا جو مسجد کے مقابل میں تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی اس

حدیث **1691** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1392**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **998**
"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1807**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12461**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **3340**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **11066**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **11700**
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **2460**

میں تشریف لے جایا کرتے تھے وہاں کا پاکیزہ پانی پیتے تھے۔حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی۔

''تم لوگ اس وقت تک نیکی تک نہیں پہنچ سکتے جب تک وہ چیز خرچ نہ کردو جو تمہیں پسند ہے اور تم جو چیز خرچ کرو گے اللہ تعالیٰ اس سے واقف ہے''۔

حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بولے اپنا سب سے پسندیدہ مال بیرحاء ہے یہ صدقہ ہے اور میں اللہ کی بارگاہ میں اس کے اجروثواب کا امیدوار ہوں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ جہاں چاہے اسے خرچ کر سکتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا بہت عمدہ نفع بخش (راوی کو شک ہے یا شاید آپ نے یہ فرمایا) فائدہ مند مال ہے تم نے اس کے بارے میں جو کہا میں نے سن لیا تاہم میری رائے یہ ہے کہ تم اسے اپنے قریبی عزیزوں میں خرچ کردو حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں ایسا ہی کروں گا (راوی کہتے ہیں) پھر حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے وہ باغ اپنے چچازاد اور رشتے داروں میں تقسیم کردیا۔

## بَابُ الْحَثِّ عَلَى الصَّدَقَةِ

## باب24: صدقہ کرنے کی ترغیب دینا

**1692**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ حَدَّثَنَا اَبِى عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ هَيَّاجِ بْنِ عِمْرَانَ عَنْ عِمْرَانَ ابْنِ حُصَيْنٍ قَالَ مَا خَطَبَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا اَمَرَنَا فِيْهَا بِالصَّدَقَةِ وَنَهَانَا عَنِ الْمُثْلَةِ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بھی ہمیں خطبہ دیا تو آپ نے اس میں ہمیں صدقہ کرنے کی ہدایت کی اور مثلہ کرنے سے منع کیا۔

**1693**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ خَيْثَمَةَ عَنْ عَدِيِّ بْنِ

حدیث **1693**''صحیح بخاری''امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی'(طبع ثالث) دارابن کثیر'یمامہ'بیروت'لبنان'**1407**ھ**1987**ء **1351**

''صحیح مسلم''امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری'داراحیاء التراث العربی'بیروت'لبنان **1016**

''سنن نسائی''امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی'مکتب المطبوعات الاسلامیہ'حلب'شام'**1406**ھ**1986**ء **2552**

''مسند احمد''امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی'موسسہ قرطبہ'قاہرہ'مصر **3679**

''صحیح ابن حبان''امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی'موسسۃ الرسالۃ'بیروت'لبنان'**1414**ھ**1993**ء **473**

''صحیح ابن خزیمہ''امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری'المکتب الاسلامی'بیروت'لبنان'**1390**ھ**1970**ء **2429**

''سنن نسائی کبریٰ''امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی'دارالکتب العلمیہ'بیروت'لبنان'**1411**ھ**1991**ء **2333**

''سنن بیہقی کبریٰ''امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی'مکتبہ دارالباز'مکہ مکرمہ'سعودی عرب**1414**ھ**1994**ء **7532**

''مسند ابویعلیٰ''امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی'دارالمامون للتراث'دمشق'شام'**1404**ھ-**1984**ء **85**

''معجم کبیر''امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی'مکتبہ العلوم والحکم'موصل'**1404**ھ**1983**ء **210**

''مسند طیالسی''امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی'دارالمعرفۃ'بیروت'لبنان **1036**

''مصنف ابن ابی شیبہ''ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی'مکتبہ الرشد'ریاض'سعودی عرب'(طبع اول)**1409**ھ **9806**

حَاتِمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اتَّقُوا النَّارَ وَلَوْ بِشِقِّ تَمْرَةٍ فَإِنْ لَّمْ تَجِدُوا فَبِكَلِمَةٍ طَيِّبَةٍ

☆☆ حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں آگ سے بچنے کی کوشش کرو خواہ ایک کھجور کے ٹکڑے کے ذریعے ہی ہو اور اگر وہ بھی نہ ملے تو پاکیزہ بات کے ذریعے (آگ سے بچو)

# بَابُ النَّهْيِ عَنِ الصَّدَقَةِ بِجَمِيعِ مَا عِنْدَ الرَّجُلِ

## باب 25: آدمی کا اپنے پاس موجود سارا مال صدقہ کرنے کی ممانعت

**1694**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ الدِّمَشْقِيُّ دُحَيْمٌ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَسْلَمَةَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ لُبَابَةَ اَنَّ اَبَا لُبَابَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ لَمَّا رَضِيَ عَنْهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ مِنْ تَوْبَتِيْ اَنْ اَهْجُرَ دَارَ قَوْمِيْ وَاُسَاكِنَكَ وَاَنْخَلِعَ مِنْ مَّالِيْ صَدَقَةً لِّلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُجْزِيْ عَنْكَ الثُّلُثُ

☆☆ عبدالرحمن بن ابولبابہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابولبابہ رضی اللہ عنہ نے انہیں بتایا کہ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان سے راضی ہو گئے تو انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری توبہ میں یہ بات بھی شامل ہے کہ میں اپنی قوم کے گھر سے علیحدگی اختیار کرتا ہوں اور آپ کے پاس سکونت اختیار کرتا ہوں اور اپنا مال اللہ اور اس کے رسول کے لئے صدقہ کرتا ہوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تمہارے لئے ایک تہائی (مال صدقہ کرنا) ہی کافی ہوگا۔

**1695**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى وَاَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ عُمَرَ بْنِ قَتَادَةَ عَنْ مَّحْمُوْدِ بْنِ لَبِيْدٍ عَنْ جَابِرِ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ بَيْنَا نَحْنُ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذْ جَآءَ رَجُلٌ بِمِثْلِ الْبَيْضَةِ مِنْ ذَهَبٍ اَصَابَهَا فِيْ بَعْضِ الْمَغَازِيْ قَالَ اَحْمَدُ فِيْ بَعْضِ الْمَعَادِنِ وَهُوَ الصَّوَابُ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ خُذْهَا مِنِّيْ صَدَقَةً فَوَاللّٰهِ مَا لِيْ مَالٌ غَيْرُهَا فَاَعْرَضَ عَنْهُ ثُمَّ جَاءَهُ عَنْ رُكْنِهِ الْاَيْسَرِ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ جَاءَهُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ فَقَالَ مِثْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قَالَ هَاتِهَا مُغْضَبًا فَحَذَفَهُ بِهَا حَذْفَةً لَوْ اَصَابَهُ لَاَوْجَعَهُ اَوْ عَقَرَهُ ثُمَّ قَالَ يَعْمِدُ اَحَدُكُمْ اِلٰى مَالِهِ لَا يَمْلِكُ غَيْرَهُ فَيَتَصَدَّقُ بِهِ ثُمَّ يَقْعُدُ يَتَكَفَّفُ النَّاسَ اِنَّمَا الصَّدَقَةُ عَنْ ظَهْرِ غِنًى خُذِ الَّذِيْ لَكَ لَا حَاجَةَ لَنَا بِهِ فَاَخَذَ الرَّجُلُ مَالَهُ وَذَهَبَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ كَانَ مَالِكٌ يَقُوْلُ اِذَا جَعَلَ الرَّجُلُ مَالَهُ فِي الْمَسَاكِيْنِ يَتَصَدَّقُ بِثُلُثِ مَالِهِ

حدیث 1694 "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دارابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **2606**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دارالفکر بیروت لبنان **3317**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء **4510**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دارالرایۃ ریاض سعودی عرب 1411ھ 1991ء **1898**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء **3371**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء **7565**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ **16397**

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھے ایک شخص انڈے کی طرح کا سونا لے کر آپ کے پاس آیا جو اُسے کسی جنگ میں ملا تھا (ایک روایت میں ہے) کسی کان میں سے ملا تھا اور یہی زیادہ صحیح ہے اس نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ میری طرف سے صدقہ کے طور پر قبول کیجئے اللہ کی قسم! میرے پاس اس کے علاوہ کوئی اور مال نہیں ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی طرف سے منہ پھیر لیا' پھر وہ دوسری جانب سے آپ کے پاس آیا اور وہی بات عرض کی پھر وہ آپ کے سامنے کی جانب سے آیا اور وہی بات عرض کی' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ناراضگی کے عالم میں فرمایا لاؤ پھر آپ نے وہ اس کی طرف پھینکا اگر وہ اسے لگ جاتا تو وہ زخمی ہو جاتا (یا شاید مر ہی جاتا) پھر آپ نے فرمایا کوئی شخص اپنے مال کو صدقہ کرنا چاہتا ہے حالانکہ اس کے پاس اس کے علاوہ کوئی اور مال نہیں ہوتا پھر وہ اسے صدقہ کر دیتا ہے اور خود لوگوں سے مانگنے کے لئے بیٹھ جاتا ہے صدقہ وہ ہے جو خوشحالی کے عالم میں ہو (پھر آپ نے اسے فرمایا) اپنا یہ پکڑو ہمیں اس کی کوئی ضرورت نہیں (راوی کہتے ہیں) اس شخص نے وہ مال پکڑا اور چلا گیا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' امام مالک رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنا مال غریبوں میں بانٹنا چاہے تو وہ ایک تہائی مال صدقہ کرے۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَتَصَدَّقُ بِجَمِيعِ مَا عِنْدَهُ

## باب 26: کسی آدمی کا اپنے پاس موجود سب کچھ صدقہ کر دینا

**1696**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَصَدَّقَ فَوَافَقَ ذٰلِكَ مَالًا عِنْدِىْ فَقُلْتُ الْيَوْمَ اَسْبِقُ اَبَا بَكْرٍ اِنْ سَبَقْتُهُ يَوْمًا فَجِئْتُ بِنِصْفِ مَالِىْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَبْقَيْتَ لِاَهْلِكَ قُلْتُ مِثْلَهُ قَالَ فَاَتٰى اَبُوْ بَكْرٍ بِكُلِّ مَا عِنْدَهُ فَقَالَ يَا اَبَا بَكْرٍ مَا اَبْقَيْتَ لِاَهْلِكَ فَقَالَ اَبْقَيْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقُلْتُ لَا اُسَابِقُكَ اِلٰى شَىْءٍ اَبَدًا

☆☆ زید بن اسلم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں صدقہ کرنے کی ہدایت کی' میرے پاس اس وقت مال موجود تھا میں نے سوچا آج میں ابوبکر پر سبقت لے جاؤں گا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں اپنا نصف مال لے کر آ گیا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم نے اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے۔ میں نے جواب دیا: اتنا ہی' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اپنا سارا مال لے کر آئے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم نے اپنے گھر والوں کے لئے کیا چھوڑا ہے' تو انہوں نے جواب دیا: میں نے ان کے لئے اللہ اور اس کا رسول چھوڑا ہے (حضرت عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں) میں آئندہ کبھی بھی کسی بھی معاملے میں آپ کا مقابلہ نہیں کروں گا۔

## بَابٌ فِىْ زَكٰوةِ الْفِطْرِ

## باب 27: صدقہ فطر کا بیان

**1697**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَضَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَكٰوةَ الْفِطْرِ مِنْ رَمَضَانَ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ عَلٰى كُلِّ حُرٍّ وَّعَبْدٍ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ قِيْلَ لِاَبِىْ مُحَمَّدٍ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ مَالِكٌ كَانَ يَقُوْلُ بِهٖ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے صدقہ فطر میں کھجور کا ایک صاع' یا جو کا ایک صاع' ہر آزاد اور غلام' مرد اور عورت مسلمان پر لازم کیا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا آپ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں' انہوں نے جواب دیا: امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بھی اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

**1698**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِزَكٰوةِ الْفِطْرِ عَنْ كُلِّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ حُرٍّ اَوْ عَبْدٍ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ قَالَ ابْنُ عُمَرَ فَعَدَلَهُ النَّاسُ بِمُدَّيْنِ مِنْ بُرٍّ

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صدقہ فطر کے بارے میں یہ ہدایت کی ہے کہ ہر چھوٹے اور بڑے آزاد اور غلام کی طرف سے ایک صاع جو' ایک صاع کھجور (صدقہ فطر کے طور پر) ادا کیا جائے گا۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' پھر لوگوں نے دو ''مد'' گندم کو اس کے برابر قرار دے دیا۔

**1699**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ قَيْسٍ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِىِّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ زَكٰوةَ الْفِطْرِ اِذْ كَانَ فِيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كُلِّ صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ حُرٍّ وَّمَمْلُوْكٍ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ فَلَمْ يَزَلْ ذٰلِكَ كَذٰلِكَ حَتّٰى قَدِمَ عَلَيْنَا مُعَاوِيَةُ الْمَدِيْنَةَ حَاجًّا اَوْ مُعْتَمِرًا فَقَالَ اِنِّىْ اَرٰى مُدَّيْنِ مِنْ سَمْرَاءِ الشَّامِ يَعْدِلُ صَاعًا مِّنَ التَّمْرِ فَاَخَذَ النَّاسُ

---

حدیث نمبر **1697** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **1432**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **984**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1611**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **676**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2503**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1826**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **626**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **5339**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **3301**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2399**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1494**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2282**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7479**

بِذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ اَمَّا اَنَا فَلَا اَزَالُ اُخْرِجُهُ كَمَا كُنْتُ اُخْرِجُهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَرٰى صَاعًا مِّنْ كُلِّ شَيْءٍ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے تو ہم صدقہ فطر کے طور پر چھوٹے' بڑے' آزاد اور غلام کی طرف سے اناج کا ایک صاع یا کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع یا پنیر کا ایک صاع' یا کشمش کا ایک صاع ادا کیا کرتے تھے اور یہ معمول یونہی برقرار رہا' یہاں تک کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ (اپنے عہدہ حکومت میں) حج یا شاید عمرہ کرنے کے لئے مدینہ منورہ آئے تو انہوں نے فرمایا میرے خیال میں شام کی گندم کے دو مد ایک صاع کھجوروں کے برابر ہوتے ہیں تو لوگوں نے اس کے مطابق عمل کرنا شروع کیا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں' جہاں تک میرا تعلق ہے میں تو اسی طرح صدقہ ادا کرتا ہوں' جیسے پہلے ادا کیا کرتا تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' میرے خیال میں ہر شے کا ایک صاع ادا کرنا چاہیے۔

**1700**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعْدِ بْنِ اَبِىْ سَرْحٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ قَالَ كُنَّا نُخْرِجُ زَكٰوةَ الْفِطْرِ مِنْ رَّمَضَانَ صَاعًا مِّنْ طَعَامٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ تَمْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ شَعِيْرٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ زَبِيْبٍ اَوْ صَاعًا مِّنْ اَقِطٍ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم لوگ رمضان میں صدقہ فطر کے طور پر اناج کا ایک صاع یا کھجور کا ایک صاع یا جو کا ایک صاع یا کشمش کا ایک صاع یا پنیر کا ایک صاع ادا کیا کرتے تھے۔

**1701**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عِيَاضِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ قَالَ كُنَّا نُعْطِىْ عَلٰى عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں ادا کیا کرتے تھے (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

## بَابُ كَرَاهِيَةِ اَنْ يَّكُوْنَ الرَّجُلُ عَشَّارًا

## باب 28: کسی آدمی کا بھتہ وصول کرنا حرام ہے

**1702**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ

حدیث نمبر 1702 "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان　2937

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　17333

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ 1970ء　2333

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء　1469

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء　12954

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء　1756

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ 1983ء　878

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　339

شِمَاسَةَ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ صَاحِبُ مَكْسٍ قَالَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي عَشَّارًا

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ جنت میں مکس (وصول کرنے والا) والا شخص داخل نہیں ہوگا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یعنی بھتہ وصول کرنے والا۔

## بَابُ الْعُشْرِ فِيْمَا سَقَتِ السَّمَآءُ وَمَا سُقِيَ بِالنَّضْحِ

## باب 29: آسمان (یعنی بارش) سے سیراب ہونے والی اور اونٹنیوں کے ذریعے (پانی لاکر) سیراب کی جانے والی زمین میں عشر کی ادائیگی لازم ہوگی

**1703**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ مُعَاذٍ قَالَ بَعَثَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْيَمَنِ فَاَمَرَنِيْ اَنْ اٰخُذَ مِنَ الثِّمَارِ مَا سُقِيَ بَعْلًا الْعُشْرَ وَمَا سُقِيَ بِالسَّانِيَةِ نِصْفَ الْعُشْرِ

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یمن بھیجا آپ نے مجھے یہ ہدایت کی کہ زمینوں کو قدرتی طور پر پانی سے سیراب کیا جاتا ہے' ان کے پھلوں میں سے دسواں حصہ وصول کرو اور جنہیں اونٹنیوں کے ذریعے پانی لاکر سیراب کیا جاتا ہے ان سے نصف عشر وصول کرو۔

## بَابٌ فِي الرِّكَازِ

## باب 30: خزانے کا حکم

**1704**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ

---

حدیث نمبر **1703** "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1818**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **2490**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22090**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1991**ء **2269**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7216**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **262**

حدیث نمبر **1704** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1428**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1710**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4593**

هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جُرْحُ الْعَجْمَاءِ جُبَارٌ وَالْبِئْرُ جُبَارٌ وَالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَفِي الرِّكَازِ الْخُمُسُ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جانور کے ذریعے زخمی ہونے کا کوئی جرمانہ نہیں ہے۔ کنوئیں (میں گرنے کا) کوئی جرمانہ نہیں ہے' ''کان'' میں (مرجانے کا کوئی جرمانہ نہیں ہے) اور خزانے میں خمس کی ادائیگی لازم ہے۔

## بَابُ مَا يُهْدَى لِعُمَّالِ الصَّدَقَةِ لِمَنْ هُوَ

## باب 31: صدقہ وصول کرنے والوں کو جو چیز بطور تحفہ دی جائے وہ کس کی ہوگی؟

**1705**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي عُرْوَةُ بْنُ الزُّبَيْرِ عَنْ اَبِي حُمَيْدٍ الْاَنْصَارِيِّ ثُمَّ السَّاعِدِيِّ اَنَّهُ اَخْبَرَهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَعْمَلَ عَامِلًا عَلَى الصَّدَقَةِ فَجَاءَهُ

بقیہ حدیث نمبر **1704**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **642**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2495**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2509**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **585**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7450**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **6005**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2326**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2374**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **2274**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **2274**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7429**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ/**1984**ء **6308**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' **1405**ھ/**1985**ء **334**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **1206**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **11726**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2305**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **597**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **64**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتاب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **372**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/**1990**ء **1121**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **121**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **18373**

الْعَامِلُ حِيْنَ فَرَغَ مِنْ عَمَلِهِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا الَّذِىْ لَكُمْ وَهٰذَا اُهْدِىَ لِىْ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَهَلَّا قَعَدْتَ فِىْ بَيْتِ اَبِيْكَ وَاُمِّكَ فَنَظَرْتَ اَيُهْدٰى لَكَ اَمْ لَا ثُمَّ قَامَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَشِيَّةً بَعْدَ الصَّلٰوةِ عَلَى الْمِنْبَرِ فَتَشَهَّدَ وَاَثْنٰى عَلَى اللّٰهِ بِمَا هُوَ اَهْلُهُ ثُمَّ قَالَ اَمَّا بَعْدُ مَا بَالُ الْعَامِلِ نَسْتَعْمِلُهُ فَيَاْتِيْنَا فَيَقُوْلُ هٰذَا مِنْ عَمَلِكُمْ وَهٰذَا اُهْدِىَ لِىْ فَهَلَّا قَعَدَ فِىْ بَيْتِ اَبِيْهِ وَاُمِّهِ فَيَنْظُرَ هَلْ يُهْدٰى لَهُ اَمْ لَا وَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهِ لَا يَغُلُّ اَحَدُكُمْ مِنْهَا شَيْئًا اِلَّا جَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَحْمِلُهُ عَلٰى عُنُقِهِ اِنْ كَانَ بَعِيْرًا جَآءَ بِهِ لَهُ رُغَاءٌ وَّاِنْ كَانَتْ بَقَرَةً جَآءَ بِهَا لَهَا خُوَارٌ وَّاِنْ كَانَتْ شَاةً جَآءَ بِهَا تَيْعَرُ فَقَدْ بَلَّغْتُ قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ ثُمَّ رَفَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدَيْهِ حَتّٰى اِنَّا لَنَنْظُرُ اِلٰى عُفْرَةِ اِبْطَيْهِ قَالَ اَبُوْ حُمَيْدٍ وَّقَدْ سَمِعَ ذٰلِكَ مَعِىْ مِنَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ فَسَلُوْهُ

☆☆ حضرت ابوحمید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو صدقہ وصول کرنے کا عامل مقرر کیا۔ وہ شخص اپنا کام کر کے جب آپ کی خدمت میں حاضر ہوا تو عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ آپ کے لئے ہے یہ مجھے تحفہ کے طور پر دیا گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم اپنے ماں باپ کے گھر بیٹھو اور پھر دیکھو تمہیں تحفہ ملتا ہے یا نہیں ملتا۔

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم شام کے وقت نماز کے بعد منبر پر کھڑے ہوئے آپ نے کلمہ شہادت پڑھا اللہ تعالیٰ کی شان کے مطابق اس کی حمد وثنا بیان کی۔ پھر ارشاد فرمایا صدقہ وصول کرنے والوں کو ہم اس کام کا نگران مقرر کرتے ہیں پھر یہ ہمارے پاس آ کر یہ کہتے ہیں کہ یہ آپ کے کام کی وصولی ہے اور یہ مجھے تحفہ دیا گیا ہے وہ شخص اپنے ماں باپ کے گھر میں بیٹھ کیوں نہیں جاتا تا کہ وہ اس بات کا جائزہ لے کہ اب اسے ہدیہ ملتا ہے یا نہیں ملتا اس ذات کی قسم! جس کے دست قدرت میں میری جان ہے۔ اس بارے میں جو بھی شخص ہمارے ساتھ دھوکہ کرے گا' قیامت کے دن وہ اسے ساتھ لے کر آئے گا۔ اس نے اسے اپنے کندھوں پر اُٹھایا ہوگا اگر وہ اونٹ ہو

---

حدیث نمبر 1705 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 2457

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1832

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2946

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 23646

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4515

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2339

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7456

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/ عمان 1405ھ/1985ء — 838

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 1213

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 840

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایۃ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء — 2067

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1405ھ/1984ء — 310

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 6950

گا تو اسے لے کر آئے گا اور وہ اونٹ آوازیں نکال رہا ہوگا' اگر وہ گائے ہوگی تو وہ اسے لے کر آئے گا وہ گائے آواز نکال رہی ہوگی اگر وہ بکری ہوگی تو اسے لے کر آئے گا' جو منمنا رہی ہوگی پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں نے تبلیغ کر دی ہے۔

حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے دونوں ہاتھ بلند کئے' یہاں تک کہ ہم نے آپ کی بغلوں کی سفیدی دیکھ لی۔

حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ سے یہ بات' میرے ساتھ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے بھی سنی تھی تم ان سے پوچھ سکتے ہو۔

## بَابٌ لِّيَرْجِعِ الْمُصَدِّقُ عَنْكُمْ وَهُوَ رَاضٍ

## باب 32: صدقہ وصول کرنے والا شخص جب تم سے واپس جائے تو اسے مطمئن ہونا چاہیے

**1706**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ دَاوُدَ وَمُجَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ جَرِيرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا جَاءَ كُمُ الْمُصَدِّقُ فَلَا يَصْدُرَنَّ عَنْكُمْ اِلَّا وَهُوَ رَاضٍ

☆☆ حضرت جریر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے جب صدقہ وصول کرنے والا شخص تمہارے پاس آئے تو وہ جب تمہارے پاس سے واپس جائے تو اسے تم سے مطمئن ہونا چاہیے۔

**1707**- حَدَّثَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيِّ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِيْ هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَرِيرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

---

حدیث نمبر **1706**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1802**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19210**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **2333**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **2341**

حدیث نمبر **1707**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/ **1987**ء **2427**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1030**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2130**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1809**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7581**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7536**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **715**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2316**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسمٰعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409**ھ/ **1989**ء **122**

# بَابُ كَرَاهِيَةِ رَدِّ السَّائِلِ بِغَيْرِ شَيْءٍ بَاب كَرَاهِيَةِ رَدِّ السَّائِلِ بِغَيْرِ شَيْءٍ

## باب 33: جو چیز مانگے بغیر ملی ہو اسے واپس کرنا مکروہ ہے

**1708**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُعَاذٍ الْاَشْهَلِيِّ عَنْ جَدَّتِهِ يُقَالُ لَهَا حَوَّاءُ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا نِسَآءَ الْمُسْلِمَاتِ لَا تَحْقِرَنَّ اِحْدَاكُنَّ لِجَارَتِهَا وَلَوْ كُرَاعُ شَاةٍ مُحَرَّقٌ

٭٭ عمرو بن معاذ اپنی نانی' جن کا نام حواء تھا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' اے مسلم خواتین! تم میں سے کوئی ایک اپنی (پڑوسن کی طرف سے آئی ہوئی) کسی بھی چیز کو حقیر نہ سمجھے خواہ وہ بکری کا جلا ہوا پایا ہی کیوں نہ ہو۔

# بَابُ مَنْ اَسْلَمَ عَلٰى شَيْءٍ

## باب 34: جب کوئی شخص اسلام قبول کرے (تو اس کے غصب شدہ مال کا حکم)

**1709**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَجَلِيُّ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ صَخْرِ بْنِ الْعَيْلَةِ قَالَ اَخَذْتُ عَمَّةَ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ فَقَدِمْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَمَّتَهُ فَقَالَ يَا صَخْرُ اِنَّ الْقَوْمَ اِذَا اَسْلَمُوْا اَحْرَزُوْا اَمْوَالَهُمْ وَدِمَائَهُمْ فَادْفَعْهَا اِلَيْهِ وَكَانَ مَاءٌ لِبَنِيْ سُلَيْمٍ فَاَسْلَمُوْا فَسَاَلُوْهُ ذٰلِكَ فَدَعَانِيْ فَقَالَ يَا صَخْرُ اِنَّ الْقَوْمَ اِذَا اَسْلَمُوْا اَحْرَزُوْا اَمْوَالَهُمْ وَدِمَائَهُمْ فَادْفَعْهَا اِلَيْهِمْ فَدَفَعْتُهَا

٭٭ حضرت صخر بن عیلہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کی پھوپھی کو پکڑ لیا۔ پھر میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم ﷺ سے اپنی پھوپھی کے بارے میں عرض کی تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے صخر! جب لوگ اسلام قبول کرلیں تو وہ اپنے اموال اور اپنی جان کو محفوظ کر لیتے ہیں تم اس خاتون کو ان لوگوں کے حوالے کر دو۔

بنو سلیم کا ایک تالاب تھا' جب ان لوگوں نے اسلام قبول کیا' تو نبی اکرم ﷺ سے اس کا سوال کیا' نبی اکرم ﷺ نے مجھے بلایا اور ارشاد فرمایا اے صخر! جب یہ لوگ اسلام قبول کرلیں تو وہ اپنے مال اور خون کو محفوظ کر لیتے ہیں تم اسے ان کے حوالے کر دو۔

راوی کہتے ہیں کہ میں نے وہ ان کے حوالے کر دیا۔

**1710**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِيْ عُثْمَانُ بْنُ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ صَخْرٍ اَطْوَلَ مِنْ حَدِيْثِ اَبِيْ نُعَيْمٍ

٭٭ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم یہ زیادہ طویل ہے۔

0279

حدیث نمبر 1708 المعجم الکبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم موصل' 1404ھ/1983ء

# بَابٌ فِیْ فَضْلِ الصَّدَقَةِ

## باب 35: صدقہ کرنے کی فضیلت

**1711**- اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ الْمُغِیْرَةِ عَنْ عِیْسَی بْنِ یُوْنُسَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا تَصَدَّقَ امْرُؤٌ بِصَدَقَةٍ مِنْ كَسْبٍ طَیِّبٍ وَلَا یَقْبَلُ اللّٰهُ اِلَّا طَیِّبًا اِلَّا وَضَعَهَا حِیْنَ یَضَعُهَا فِیْ كَفِّ الرَّحْمٰنِ وَاِنَّ اللّٰهَ لَیُرَبِّیْ لِاَحَدِكُمُ التَّمْرَةَ كَمَا یُرَبِّیْ اَحَدُكُمْ فَلُوَّهُ اَوْ فَصِیْلَهُ حَتّٰی تَكُوْنَ مِثْلَ اُحُدٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جو شخص پاکیزہ مال میں سے جو بھی چیز صدقہ کرتا ہے۔ ویسے اللہ تعالیٰ پاکیزہ چیز کو ہی قبول کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ اس چیز کو اپنے دست رحمت میں رکھ لیتا ہے اور اللہ تعالیٰ تمہاری ایک کھجور کو اسی طرح پالتا پوستا ہے جیسے کوئی شخص اپنے بچھڑے کو (پالتا ہے) یہاں تک کہ (ایک کھجور) "احد" پہاڑ جتنی ہو جاتی ہے۔

**1712**- حَدَّثَنَا اَبُو الرَّبِیْعِ الزَّهْرَانِیُّ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ

---

حدیث نمبر 1711: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1344

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1014

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 661

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 2525

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 1842

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1806

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 9413

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء — 270

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء — 2425

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1990ء — 3283

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — 2304

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 7535

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان عمان 1405ھ 1985ء — 329

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ — 708

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 8571

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 1154

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبہ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ 1991ء — 957

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 9814

اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا نَقَصَتْ صَدَقَۃٌ مِنْ مَالٍ وَمَا زَادَ اللّٰہُ عَبْدًا بِعَفْوٍ اِلَّا عِزًّا وَمَا تَوَاضَعَ اَحَدٌ لِلّٰہِ اِلَّا رَفَعَہُ اللّٰہُ

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے صدقہ مال میں کوئی کمی نہیں کرتا اور اللہ تعالیٰ معاف کر دینے سے بندے کی عزت میں اضافہ ہی کرتا ہے اور جو شخص اللہ تعالیٰ کے لئے عاجزی اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بلندی عطا کرتا ہے۔

## بَابُ لَیْسَ فِیْ عَوَامِلِ الْاِبِلِ صَدَقَۃٌ

## باب 36: کام کاج میں استعمال ہونے والے اونٹوں پر زکوٰۃ فرض نہیں ہے

**1713**- اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَیْلٍ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ فِیْ کُلِّ اِبِلٍ سَائِمَۃٍ فِیْ کُلِّ اَرْبَعِیْنَ بِنْتُ لَبُوْنٍ لَا تُفَرَّقُ اِبِلٌ عَنْ حِسَابِهَا مَنْ اَعْطَاهَا مُؤْتَجِرًا بِهَا فَلَهٗ اَجْرُهَا وَمَنْ مَنَعَهَا فَاِنَّا اٰخِذُوْهَا وَشَطْرَ مَالِهٖ عَزْمَۃٌ مِنْ عَزَمَاتِ اللّٰہِ لَا یَحِلُّ لِاٰلِ مُحَمَّدٍ مِنْهَا شَیْءٌ

بہز بن حکیم اپنے والد کے حوالے سے اپنی دادی کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے جنگل میں چرنے والے ہر چالیس اونٹوں میں سے ایک بنت لبون (یعنی جو دو سال کی ہو کر تیسرے سال میں داخل ہو چکی ہو) کی ادائیگی لازم ہو گی اور اونٹوں کو اس کے حساب سے الگ نہیں کیا جائے گا جو شخص اَجر کے حصول کے لئے زکوٰۃ ادا کرے گا۔ اسے اس کا اَجر ملے گا اور جو شخص ادا نہیں کرے گا ہم وہ وصول کر لیں گے اور اس کے مال کا کچھ حصہ جرمانے کے طور پر وصول کریں گے اور "آلِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم" لیے (اس زکوٰۃ) میں سے کچھ لینا جائز نہیں ہے۔

---

حدیث **1712** "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8996**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **3248**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2438**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7606**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **6458**

حدیث **1713** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1575**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2444**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **20030**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2266**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1990**ء **1448**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2224**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7182**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **986**

# بَابٌ مَّنْ تَحِلُّ لَهُ الصَّدَقَةُ

## باب 37: کس شخص کے لئے صدقہ لینا جائز ہے

**1714**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ وَّاَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هَارُوْنَ بْنِ رِيَابٍ حَدَّثَنِيْ كِنَانَةُ بْنُ نُعَيْمٍ عَنْ قَبِيصَةَ بْنِ مُخَارِقٍ الْهِلَالِيِّ قَالَ تَحَمَّلْتُ بِحَمَالَةٍ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْاَلُهُ فِيْهَا فَقَالَ اَقِمْ يَا قَبِيصَةُ حَتّٰى تَاْتِيَنَا الصَّدَقَةُ فَنَاْمُرَ لَكَ بِهَا ثُمَّ قَالَ يَا قَبِيصَةُ اِنَّ الْمَسْاَلَةَ لَا تَحِلُّ اِلَّا لِاَحَدِ ثَلَاثَةٍ رَجُلٍ تَحَمَّلَ حَمَالَةً فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ فَسَاَلَ حَتّٰى يُصِيْبَهَا ثُمَّ يُمْسِكُ وَرَجُلٍ اَصَابَتْهُ جَائِحَةٌ فَاجْتَاحَتْ مَالَهُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ فَسَاَلَ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ قَالَ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ وَّرَجُلٍ اَصَابَتْهُ فَاقَةٌ حَتّٰى يَقُوْلَ ثَلَاثَةٌ مِّنْ ذَوِى الْحِجٰى مِنْ قَوْمِهٖ قَدْ اَصَابَ فُلَانًا الْفَاقَةُ فَحَلَّتْ لَهُ الْمَسْاَلَةُ فَسَاَلَ حَتّٰى يُصِيْبَ قِوَامًا مِّنْ عَيْشٍ اَوْ سِدَادًا مِّنْ عَيْشٍ ثُمَّ يُمْسِكُ وَمَا سِوَاهُنَّ مِنَ الْمَسْاَلَةِ سُحْتٌ يَّا قَبِيصَةُ يَاْكُلُهَا صَاحِبُهَا سُحْتًا

☆☆ حضرت قبیصہ بن مخارق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے اوپر کچھ رقم کی ادائیگی لازم ہوگئی میں وہ مانگنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے قبیصہ! یہاں ٹھہرو ہمارے پاس صدقے کا مال آجائے تو ہم اس میں سے تمہارے لئے کچھ حکم کر دیں گے' پھر آپ نے فرمایا اے قبیصہ! تین طرح کے لوگوں میں سے کسی ایک شخص کے لئے مانگنا جائز ہے۔ ایک وہ شخص جس کے ذمے کوئی ادائیگی لازم ہوگئی ہو اس کے لئے مانگنا جائز ہے وہ شخص مانگے' یہاں تک کہ جب ادائیگی مکمل ہو جائے تو مانگنے سے باز آجائے' دوسرا وہ شخص جسے کوئی آفت لاحق ہوگئی ہو اور اس کا مال ضائع ہو جائے۔ اس کے لئے مانگنا جائز ہے۔ وہ مانگے

حدیث **1714** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1044**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1640**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2579**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15957**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء **3396**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ **1970**ء **2359**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء **2361**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **11182**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' **1405**ھ **1985**ء **500**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء **947**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1327**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **819**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب' **1411**ھ/**1991**ء **1443**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **10685**

گا۔ یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات پوری ہو جائیں گی (تو مانگنے سے باز آ جائے گا) اور وہ شخص جسے فاقہ لاحق ہو جائے اور اس کی قوم کے تین دانش مند لوگ یہ کہہ دیں کہ فلاں شخص کو فاقہ لاحق ہو گیا ہے وہ مانگتا رہے گا۔ یہاں تک کہ جب اس کی ضروریات پوری ہو جائیں گی اس کے علاوہ کسی بھی شخص کا مانگنا حرام ہے اے قبیصہ! اس طرح مانگ کر کھانے والا حرام کھائے گا۔

## بَابُ الصَّدَقَةِ عَلَى الْقَرَابَةِ

## باب 38: رشتہ داروں کو صدقہ دینا

**1715**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبَّادِ بْنِ الْعَوَّامِ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ حُسَيْنٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ بَشِيرٍ عَنْ حَكِيمِ ابْنِ حِزَامٍ أَنَّ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصَّدَقَاتِ أَيُّهَا أَفْضَلُ قَالَ عَلَى ذِي الرَّحِمِ الْكَاشِحِ

٭٭ حکیم بن حزام بیان کرتے ہیں ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے صدقات کے بارے میں دریافت کیا کہ ان میں سے کون سا افضل ہے؟ آپ نے جواب دیا وہ جو ایسے قریبی رشتہ دار کو دیا جائے جو (باطنی طور پر) تمہارے ساتھ دشمنی رکھتا ہو۔

**1716**- أَخْبَرَنَا أَبُو حَاتِمٍ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ الرَّائِحِ بِنْتِ صُلَيْعٍ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ ذَكَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ الصَّدَقَةَ عَلَى الْمِسْكِينِ صَدَقَةٌ وَإِنَّهَا عَلَى ذِي الرَّحِمِ اثْنَتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

٭٭ حضرت سلمان بن عامر ضی تعنہ نے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کیا ہے (ناواقف) غریب آدمی کو صدقہ دینا صرف صدقہ ہے اور رشتہ دار کو صدقہ دینے میں دو پہلو ہیں ایک صدقہ دینا اور دوسرا رشتے داری کے حقوق کا خیال رکھنا۔

**1717**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ قَالَ وَقَدْ سَمِعْتُهُ مِنَ الثَّوْرِيِّ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ

---

حدیث **1715** "مسند احمد" امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 15355

مسند حارث — 301

حدیث **1716** "سنن نسائی" امام ابو عبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 2582

"سنن ابن ماجہ" امام ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 1844

"مسند احمد" امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 16272

"صحیح ابن حبان" امام ابو حاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ 1993ء — 3344

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابو بکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ 1970ء — 2067

"سنن نسائی کبری" امام ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — 2363

"سنن بیہقی کبری" امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 7524

"معجم کبیر" امام ابو القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ 1983ء — 4723

"الآحاد والمثانی" امام ابو بکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دار الرایہ ریاض سعودی عرب 1411ھ 1991ء — 1136

سِيْرِيْنَ عَنِ الرَّبَابِ عَنْ سَلْمَانَ بْنِ عَامِرٍ الضَّبِّيِّ يَرْفَعُهُ قَالَ الصَّدَقَةُ عَلَى الْمِسْكِيْنِ صَدَقَةٌ وَهِيَ عَلَى ذِي الرَّحِمِ اثْنَتَانِ صَدَقَةٌ وَصِلَةٌ

☆☆ حضرت سلمان بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: (ناواقف) غریب آدمی کو صدقہ دینا صرف صدقہ ہے اور وہی صدقہ کسی رشتہ دار کو دینے میں دو پہلو ہیں ایک صدقہ دینا اور دوسرا رشتہ داری کے حقوق کا خیال رکھنا۔

☆☆☆☆☆☆

☆☆☆

☆

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

# وِمِنْ کِتَابِ الصَّوْمِ

# روزے کا بیان

## بَابٌ فِی النَّهْیِ عَنْ صِیَامِ یَوْمِ الشَّكِّ

## باب 1: مشکوک دن میں روزہ رکھنے کی ممانعت

**1718**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ خَالِدِ الْاَحْمَرُ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَیْسٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنْ صِلَةَ بْنِ زُفَرَ قَالَ کُنَّا عِنْدَ عَمَّارِ بْنِ یَاسِرٍ فَاُتِیَ بِشَاةٍ مَصْلِیَّةٍ فَقَالَ کُلُوْا فَتَنَحّٰی بَعْضُ الْقَوْمِ فَقَالَ اِنِّیْ صَائِمٌ فَقَالَ عَمَّارُ بْنُ یَاسِرٍ مَنْ صَامَ الْیَوْمَ الَّذِیْ یُشَكُّ فِیْهِ فَقَدْ عَصٰی اَبَا الْقَاسِمِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ صلہ بیان کرتے ہیں ہم حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھے وہاں ایک بھنی ہوئی بکری لائی گئی۔ حضرت عمار رضی اللہ عنہ نے فرمایا کھاؤ' حاضرین میں سے ایک صاحب پیچھے ہٹ گئے اور بولے! میں روزہ دار ہوں' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص مشکوک دن (جس کے بارے میں شبہ ہو وہ رمضان کا پہلا دن ہے یا شعبان کا آخری دن ہے) میں روزے رکھے اس نے حضرت ابوالقاسم صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کی۔

**1719**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ ابْنُ عُلَیَّةَ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اَبِیْ صَغِیْرَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ قَالَ اَصْبَحْتُ فِیْ یَوْمٍ قَدْ اُشْكِلَ عَلَیَّ مِنْ شَعْبَانَ اَوْ مِنْ شَهْرِ رَمَضَانَ فَاَصْبَحْتُ صَائِمًا فَاَتَیْتُ عِكْرِمَةَ فَاِذَا هُوَ یَاْكُلُ خُبْزًا وَبَقْلًا فَقَالَ هَلُمَّ اِلَی الْغَدَاءِ فَقُلْتُ اِنِّیْ صَائِمٌ فَقَالَ اُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَتُفْطِرَنَّ فَلَمَّا رَاَیْتُهُ حَلَفَ وَلَا یَسْتَثْنِیْ تَقَدَّمْتُ فَعَذَرْتُ وَاِنَّمَا تَسَحَّرْتُ قُبَیْلَ ذٰلِكَ ثُمَّ قُلْتُ هَاتِ الْاٰنَ مَا عِنْدَكَ فَقَالَ حَدَّثَنَا ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْیَتِهِ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْیَتِهِ فَاِنْ حَالَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَهُ سَحَابٌ فَكَمِّلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِیْنَ وَلَا

---

حدیث **1718** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **686**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء **2188**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/ **1993**ء **3585**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **1914**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **1542**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **2498**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7741**

تَسْتَقْبِلُوا الشَّهْرَ اسْتِقْبَالًا

☆☆ حضرت سماک بن حرب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک دن' جو مشکوک تھا کہ وہ شعبان کا آخری دن ہے یا رمضان کا دن ہے؟ میں نے روزہ رکھ لیا اور حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا وہ روٹی اور سبزی کھا رہے تھے انہوں نے فرمایا آؤ کھانا کھاؤ میں نے کہا: میں روزہ دار ہوں انہوں نے جواب دیا' میں تمہیں اللہ کی قسم دیتا ہوں کہ تم ضرور کھانا کھاؤ' جب میں نے دیکھا کہ انہوں نے قسم اٹھائی ہے اور اس میں کوئی استثناء نہیں رکھا میں آگے بڑھا اور میں نے تھوڑا سا کھانا کھا لیا کیونکہ میں نے تھوڑی دیر پہلے ہی سحری کی تھی پھر میں نے کہا' اب آپ بتائیں آپ کے پاس (اس بارے) میں کیا علم ہے؟ انہوں نے فرمایا حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا تھا: اسے (یعنی چاند) کو دیکھ کر روزہ رکھو اور اسے دیکھ کر روزے رکھنے ختم کرو اگر تمہارے اور اس کے درمیان بادل آ جائے تو تیس کی تعداد پوری کرو اور (رمضان کے مہینے) کا استقبال (پہلے ہی نہ کرو)۔

## بَابُ الصَّوْمِ لِرُؤْيَةِ الْهِلَالِ

## باب 2: چاند دیکھ کر روزہ رکھنا

**1720**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَ رَمَضَانَ فَقَالَ لَا تَصُوْمُوْا حَتّٰى تَرَوُا الْهِلَالَ وَلَا تُفْطِرُوْا حَتّٰى تَرَوْهُ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاقْدُرُوْا لَهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چاند کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: اس وقت تک روزہ نہ رکھو جب تک تم (رمضان کا) چاند نہ دیکھ لو اور اس وقت تک روزے رکھنے بند نہ کرو جب تک تم (شوال کا) چاند نہ دیکھ لو اور اگر بادل وغیرہ آ

---

حدیث **1719**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2189**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **3590**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **1912**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1990**ء **1547**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2499**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7736**

حدیث **1720** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **1807**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1080**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **688**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2121**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **630**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1931**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **3445**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **1913**

جائے تو گنتی پوری کرو۔

**1721**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوْ قَالَ اَبُو الْقَاسِمِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صُوْمُوْا لِرُؤْيَتِهِ وَاَفْطِرُوْا لِرُؤْيَتِهِ فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمُ الشَّهْرُ فَعُدُّوْا ثَلَاثِيْنَ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس یعنی (پہلی کے چاند) کو دیکھ کر روزہ رکھو اور اسے ہی دیکھ کر روزے رکھنے ختم کرو اور اگر بادل وغیرہ کی وجہ سے مہینہ ختم ہونے کا پتہ نہ چل سکے تو تیس کی تعداد پوری کرو۔

**1722**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ دِيْنَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ عَجِبَ مِمَّنْ يَتَقَدَّمُ الشَّهْرَ وَيَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا رَاَيْتُمُوْهُ فَصُوْمُوْا وَاِذَا رَاَيْتُمُوْهُ فَاَفْطِرُوْا فَاِنْ غُمَّ عَلَيْكُمْ فَاَكْمِلُوا الْعِدَّةَ ثَلَاثِيْنَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں ہلاکت کا شکار ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تمہیں کس چیز نے ہلاکت کا شکار کیا اس نے عرض کی میں نے رمضان کے مہینے میں اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم ایک غلام آزاد کر دو اس نے عرض کی میرے پاس پیسے نہیں ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم لگا تار دو مہینے تک روزے رکھو اس نے عرض کی میں یہ بھی نہیں کر سکتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم ساٹھ مسکینوں کو کھانا کھلاؤ اس نے عرض کی میرے پاس اس کی بھی گنجائش نہیں (راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک تھیلا لایا گیا۔ جس میں کھجوریں موجود تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ سوال کرنے والا شخص کہاں ہے (پھر اسے فرمایا) تم اسے صدقہ کر دو اس نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا میں اپنے گھر والوں سے زیادہ مستحق شخص کو صدقہ کروں اللہ کی قسم! مدینہ کے دونوں کناروں کے درمیان ہمارے گھر سے زیادہ محتاج کوئی اور نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر تم ہی کھا لو آپ مسکرا دیئے' یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آنے لگی۔

**1753**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَجُلًا اَفْطَرَ فِىْ رَمَضَانَ فَذَكَرَ الْحَدِيْثَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے رمضان کے مہینے میں روزہ توڑ دیا (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

**1754**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى يَعْنِىْ ابْنَ سَعِيْدٍ الْاَنْصَارِىَّ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ الْقَاسِمِ اَخْبَرَهُ اَنَّ مُحَمَّدَ ابْنَ جَعْفَرِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ سَمِعَ عَبَّادَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ عَآئِشَةَ تَقُوْلُ اِنَّ رَجُلًا سَاَلَ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّهُ احْتَرَقَ فَسَاَلَهُ مَا لَهُ فَقَالَ اَصَابَ اَهْلَهُ فِىْ رَمَضَانَ فَاُتِىَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث **1754** ''صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء — **1833**
''صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1111**
''سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **2392**
''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1671**
''موطا امام مالک' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **657**
''مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **7288**
''صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **3523**
''صحیح ابن خزیمہ' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء — **1943**
''سنن نسائی کبریٰ' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **3111**
''سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **7829**
''مسند ابویعلیٰ' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء — **4809**
''معجم اوسط' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ — **1787**
''مسند حمیدی' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **1008**

وَسَلَّمَ بِمِكْتَلٍ يُدْعَى الْعَرَقَ فِيهِ تَمْرٌ فَقَالَ اَيْنَ الْمُحْتَرِقُ فَقَامَ الرَّجُلُ فَقَالَ تَصَدَّقْ بِهٰذَا

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی وہ جل گیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے دریافت کیا کہ اسے کیا ہوا ہے اس نے عرض کی اس نے رمضان کے مہینے میں اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کر لی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیمانہ لایا گیا جس کا نام عرق تھا' اس میں کھجوریں موجود تھیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا وہ جلنے والے صاحب کہاں ہیں وہ شخص کھڑا ہوا آپ نے فرمایا تم اسے صدقہ کر دو۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ صَوْمِ الْمَرْاَةِ تَطَوُّعًا اِلَّا بِاِذْنِ زَوْجِهَا

## باب 20: عورت شوہر کی اجازت کے بغیر نفلی روزہ نہیں رکھ سکتی

**1755**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ لِامْرَاَةٍ لَا تَصُوْمِي اِلَّا بِاِذْنِهِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: انہوں نے ایک خاتون سے کہا تم شوہر کی اجازت کے بغیر (نفلی) روزہ نہ رکھنا۔

**1756**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُ الْمَرْاَةُ يَوْمًا تَطَوُّعًا فِي غَيْرِ رَمَضَانَ وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کوئی عورت اپنے شوہر کی موجودگی میں' اس کی مرضی کے بغیر' رمضان کے علاوہ کوئی اور روزہ نہ رکھے۔

**1757**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ مُوسَى بْنِ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُوْمُ الْمَرْاَةُ يَوْمًا وَزَوْجُهَا شَاهِدٌ اِلَّا بِاِذْنِهِ مَعْنَاهُ قَالَ فِي النُّذُورِ تَفِي بِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جس عورت کا شوہر موجود ہو وہ اس کی اجازت کے بغیر کوئی (نفلی) روزہ نہ رکھے۔

راوی کہتے ہیں نذر کا روزہ وہ عورت رکھ سکتی ہے۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِي الْقُبْلَةِ لِلصَّائِمِ

## باب 21: روزہ دار شخص کے لئے بوسہ دینے کی رخصت

حدیث **1756**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **10171**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2168**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1016**

**1758-** حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُ وَهُوَ صَائِمٌ فَقَالَ عُرْوَةُ أَمَا إِنَّهَا لَا تَدْعُو إِلَى خَيْرٍ

سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں بوسہ لے لیا کرتے تھے۔

عروہ فرماتے ہیں یہ بات کسی نیکی کے کام کی طرف نہیں جاتی۔

**1759-** أَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ الطَّلْحِيُّ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ أَبِي سَلَمَةَ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُقَبِّلُهَا وَهُوَ صَائِمٌ

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روزے کی حالت میں ان کا بوسہ لے لیا کرتے تھے۔

**1760-** حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الْأَشَجِّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيدٍ الْأَنْصَارِيِّ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ هَشِشْتُ فَقَبَّلْتُ وَأَنَا صَائِمٌ فَجِئْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ إِنِّي صَنَعْتُ الْيَوْمَ أَمْرًا عَظِيمًا قَبَّلْتُ وَأَنَا صَائِمٌ قَالَ أَرَأَيْتَ لَوْ مَضْمَضْتَ مِنَ

---

حدیث 1758 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2384

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 727

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1685

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 24156

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 3539

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء 2000

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء 3052

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 7883

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ- 1984ء 4696

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 1785

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء 551

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 1476

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) 198

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء 662

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ/ 1988ء 391

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/ 1990ء 2591

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 7406

حدیث 1760 ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2385

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء 3544

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء 21

الْمَاءِ قُلْتُ اِذًا لَا يَضُرُّ قَالَ فَفِيمَ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں نے جوش میں آ کر (اپنی اہلیہ کا) بوسہ لے لیا۔ میں روزے کی حالت میں تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی آج میں نے ایک بڑے جرم کا ارتکاب کیا ہے میں نے روزے کی حالت میں اپنی بیوی کا بوسہ لے لیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہارا کیا خیال ہے اگر تم پانی سے کلی کر لیتے تو؟ میں نے عرض کی اس کا کوئی نقصان نہیں ہوتا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر مسئلہ کیا ہے۔

## بَابٌ فِيمَنْ يُّصْبِحُ جُنُبًا وَّهُوَ يُرِيْدُ الصَّوْمَ

## باب 22: جو شخص جنابت کی حالت میں صبح کرے اور وہ روزہ رکھنا چاہے

**1761**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ يَعْنِي ابْنَ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ اَخْبَرَهُ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ اُمَّ سَلَمَةَ وَعَائِشَةَ اَخْبَرَتَاهُ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُصْبِحُ جُنُبًا مِنْ اَهْلِهِ ثُمَّ يَصُوْمُ

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا اور سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنی اہلیہ (کے ساتھ صحبت) کی وجہ سے صبح کے وقت جنابت کی حالت میں ہوتے تھے تو آپ روزہ رکھ لیتے تھے۔

## بَابٌ فِيمَنْ اَكَلَ نَاسِيًا

## باب 23: (روزے کے دوران) بھول کر کچھ کھا پی لینے کا حکم

**1762**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيرِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ نَسِيَ وَهُوَ صَائِمٌ فَاَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَلْيُتِمَّ صَوْمَهُ فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص روزے کی حالت میں بھول کر کچھ کھا پی لے اس

---

حدیث **1761**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **183**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24108**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **3493**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2943**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔**1984**ء **6999**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **168**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **901**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1606**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **664**

شخص کو اپنا روزہ پورا کرنا چاہیے' کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے کھلایا اور پلایا ہے۔

**1763** - اَخْبَرَنَا اَبُوْ جَعْفَرٍ مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ الْجَمَّالُ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ ذُبَابٍ عَنْ عَمِّهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَكَلَ اَحَدُكُمْ اَوْ شَرِبَ نَاسِيًا وَّهُوَ صَائِمٌ ثُمَّ ذَكَرَ فَلْيُتِمَّ صِيَامَهٗ فَاِنَّمَا اَطْعَمَهُ اللّٰهُ وَسَقَاهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَهْلُ الْحِجَازِ يَقُوْلُوْنَ يَقْضِىْ وَاَنَا اَقُوْلُ لَا يَقْضِىْ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص روزے کی حالت میں بھول کر کھا یا پی لے پھر اسے یاد آئے تو اسے اپنا روزہ پورا کرنا چاہیے۔ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے اسے کھلایا اور پلایا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' اہل حجاز کہتے ہیں وہ شخص روزے کی قضا کرے گا اور میں یہ فتویٰ دیتا ہوں کہ وہ قضا نہیں کرے گا۔

## بَابُ الْقَىْءِ لِلصَّائِمِ

## باب 24: روزہ دار شخص کا قے کرنا

**1764** - اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنِىْ اَبِىْ حَدَّثَنِىْ حُسَيْنٌ الْمُعَلِّمُ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِىِّ عَنْ يَعِيْشَ بْنِ الْوَلِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِىْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِى الدَّرْدَاءِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَاءَ فَاَفْطَرَ قَالَ فَلَقِيْتُ ثَوْبَانَ بِمَسْجِدِ دِمَشْقَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهٗ فَقَالَ صَدَقَ اَنَا صَبَبْتُ لَهُ الْوَضُوْءَ قَالَ عَبْدُ

---

حدیث **1762** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء **1831**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1151**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **721**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1673**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9485**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء **3520**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء **1989**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء **3275**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء **7860**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء **6038**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ **85**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء **18**

''المنتقی من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ/1988ء **389**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء **2677**

اللّٰهِ اِذَا اسْتَقَاءَ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قے کی تو آپ نے روزہ توڑ دیا۔

راوی کہتے ہیں مسجد دمشق میں میری ملاقات حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ سے ہوئی میں نے اس بات کا تذکرہ ان سے کیا تو فرمایا حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے صحیح بیان کیا ہے' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے وضوء کرنے کے لئے پانی انڈیلا تھا۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' یہ حکم اس صورت میں ہے جب وہ شخص جان بوجھ کر قے کرے۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِيْهِ

## باب 25: قے کے بارے میں رُخصت

**1765**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عِيْسٰى بْنُ يُوْنُسَ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا ذَرَعَ الصَّائِمَ الْقَىْءُ وَهُوَ لَا يُرِيْدُهُ فَلَا قَضَاءَ عَلَيْهِ وَاِذَا اسْتَقَاءَ فَعَلَيْهِ الْقَضَاءُ قَالَ عِيْسٰى زَعَمَ اَهْلُ الْبَصْرَةِ اَنَّ هِشَامًا اَوْهَمَ فِيْهِ فَمَوْضِعُ الْخِلَافِ هَا هُنَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی روزہ دار کو قے آ جائے اور اس کا یہ ارادہ نہ ہو اس شخص پر روزے کی قضا نہ ہوگی لیکن اگر وہ خود قے کرے تو اس پر اس کی قضا ہوگی۔

راوی عیسیٰ کہتے ہیں اہل بصرہ اس بات کے قائل ہیں کہ اس روایت کے حوالے سے ہشام نامی راوی کو وہم ہوا ہے اور اختلاف کی بنیاد یہی بات ہے۔

## بَابُ الْحِجَامَةِ تُفْطِرُ الصَّائِمَ

## باب 26: پچھنے لگوانا روزہ توڑ دیتا ہے

**1766**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ اَبِى الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِىِّ عَنْ اَبِىْ

حدیث **1764** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2381**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **81**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21748**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **1097**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1956**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **1553**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **3120**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **654**

"المنتقیٰ من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **8**

اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ عَنْ شَدَّادِ بْنِ اَوْسٍ قَالَ مَرَرْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ ثَمَانِ عَشْرَةَ خَلَتْ مِنْ رَمَضَانَ فَاَبْصَرَ رَجُلًا يَحْتَجِمُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ

☆☆ حضرت شداد بن اوس بیان کرتے ہیں' میں رمضان کی اٹھارہ تاریخ کو نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ کہیں جا رہا تھا نبی اکرم ﷺ نے ایک شخص کو دیکھا جو پچھنے لگوار ہا تھا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا' پچھنے لگوانے والا اور لگانے والا دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا ہے۔

**1767**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ اَنَّ اَبَا اَسْمَاءَ الرَّحَبِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّ ثَوْبَانَ حَدَّثَهُ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِيْ بِالْبَقِيْعِ فَاِذَا رَجُلٌ يَحْتَجِمُ فَقَالَ اَفْطَرَ الْحَاجِمُ وَالْمَحْجُوْمُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَنَا اَتَّقِي الْحِجَامَةَ فِي الصَّوْمِ فِيْ رَمَضَانَ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ ''بقیع'' سے گزر رہے تھے وہاں ایک شخص پچھنے لگوار ہا تھا نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا' پچھنے لگوانے اور لگانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ گیا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ علیہ فرماتے ہیں' رمضان کے مہینے میں روزے کی حالت میں پچھنے لگوانے سے میں پرہیز کرتا ہوں۔

## بَابُ الصَّائِمِ يَغْتَابُ فَيَخْرِقُ صَوْمَهُ

## باب 27: روزہ دار شخص کے غیبت کرنے سے اس کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے

**1768**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ وَاصِلٍ مَوْلٰى اَبِيْ عُيَيْنَةَ عَنْ بَشَّارِ بْنِ اَبِيْ

حدیث **1766**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2367**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **774**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1680**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8753**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **3533**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء **1963**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1558**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **3133**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8065**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **6239**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **1671**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **1406**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **989**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **7527**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **9300**

سَيْفٍ عَنِ الْوَلِيدِ ابْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ غُطَيْفٍ عَنْ أَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الصَّوْمُ جُنَّةٌ مَا لَمْ يَخْرِقْهَا قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ يَعْنِي بِالْغِيبَةِ

☆☆ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے روزہ ایک ڈھال ہے جب تک اسے پھاڑ نہ دیا جائے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی غیبت کے ذریعے اسے پھاڑ نہ دیا جائے۔

# بَابُ الْكُحْلِ لِلصَّائِمِ

## باب 28: روزہ دار شخص کا سرمہ لگانا

**1769**- أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ النُّعْمَانِ أَبُو النُّعْمَانِ الْأَنْصَارِيُّ حَدَّثَنِي أَبِي عَنْ جَدِّي وَكَانَ جَدِّي قَدْ أُتِيَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَسَحَ عَلَى رَأْسِهِ وَقَالَ لَا تَكْتَحِلْ بِالنَّهَارِ وَأَنْتَ صَائِمٌ اكْتَحِلْ لَيْلًا بِالْإِثْمِدِ فَإِنَّهُ يَجْلُو الْبَصَرَ وَيُنْبِتُ الشَّعَرَ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ لَا أَرَى بِالْكُحْلِ بَأْسًا

☆☆ ابونعمان انصاری اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے سر پر ہاتھ پھیرا اور فرمایا روزے کی حالت میں دن کے وقت سرمہ نہ لگاؤ رات کے وقت ''اثمد'' کے ذریعے سرمہ لگاؤ کیونکہ یہ بینائی کو تیز کرتا ہے اور بالوں کو اُگاتا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میرے نزدیک سرمہ لگانے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

# بَابٌ فِي تَفْسِيرِ قَوْلِهِ تَعَالٰى (فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْيَصُمْهُ)

## باب 29: اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کی تفسیر

**1770**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي بَكْرٌ هُوَ ابْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ عَنْ يَزِيدَ مَوْلَى سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْأَكْوَعِ أَنَّهُ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ (وَعَلَى الَّذِينَ يُطِيقُونَهُ فِدْيَةٌ طَعَامُ مِسْكِينٍ) قَالَ

حدیث **1768**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء، 2233

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 682

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء، 7484

حدیث **1769**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 15947

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء، 8248

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 2681

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 1064

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء، 183

كَانَ مَنْ اَرَادَ اَنْ يُّفْطِرَ وَيَفْتَدِىَ فَعَلَ حَتّٰى نَزَلَتِ الْاٰيَةُ الَّتِىْ بَعْدَهَا فَنَسَخَتْهَا

حضرت سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی:

''اور جو لوگ اس کی طاقت نہیں رکھتے وہ مسکین کو کھانا کھلا کر فدیہ ادا کر دیں''۔

جو شخص روزہ نہ رکھنا چاہتا' وہ روزہ نہیں رکھتا اور فدیہ ادا کر دیتا' یہاں تک کہ اس کے بعد والی آیت نازل ہوگئی اور بعد والی آیت نے اس آیت کو منسوخ کر دیا۔

## بَابُ فِيْمَنْ يُّصْبِحُ صَائِمًا تَطَوُّعًا ثُمَّ يُفْطِرُ

## باب 30: جو شخص نفلی روزہ رکھے اور پھر روزہ توڑ دے

**1771**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ هَارُوْنَ ابْنِ ابْنَةِ اُمِّ هَانِئٍ اَوِ ابْنِ ابْنِ اُمِّ هَانِئٍ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَهِىَ صَائِمَةٌ فَاُتِىَ بِاِنَاءٍ فَشَرِبَ ثُمَّ نَاوَلَهَا فَشَرِبَتْ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ كَانَ قَضَاءَ رَمَضَانَ فَصُوْمِىْ يَوْمًا اٰخَرَ وَاِنْ كَانَ تَطَوُّعًا فَاِنْ شِئْتِ فَاقْضِيهِ وَاِنْ شِئْتِ فَلَا تَقْضِيهِ

---

حدیث **1770** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء — **4237**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1145**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **2315**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **798**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء — **2316**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **3478**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **2625**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **7686**

حدیث **1771** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **2456**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **731**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **26937**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **3302**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **8132**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ — **1612**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء — **992**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **1618**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ — **9098**

☆☆ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نے روزہ رکھا ہوا تھا' آپ کی خدمت میں ایک برتن پیش کیا گیا آپ نے اس میں سے کچھ مشروب پی لیا اور پھر اسے سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا کی طرف بڑھا دیا۔ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نے بھی اسے پی لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' اگر تم نے رمضان کی قضا کا روزہ رکھا ہوا تھا تو پھر کسی اور دن روزہ رکھ لینا اور اگر یہ نفلی روزہ تھا تو اگر تم چاہو تو اس کی قضا رکھ لینا اور اگر چاہو تو قضا نہ کرنا۔

**1772**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ هَانِئٍ قَالَتْ لَمَّا كَانَ يَوْمُ فَتْحِ مَكَّةَ جَائَتْ فَاطِمَةُ فَجَلَسَتْ عَنْ يَسَارِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاُمُّ هَانِئٍ عَنْ يَمِينِهِ قَالَتْ فَجَائَتِ الْوَلِيدَةُ بِإِنَاءٍ فِيهِ شَرَابٌ فَنَاوَلَتْهُ فَشَرِبَ مِنْهُ ثُمَّ نَاوَلَهُ اُمَّ هَانِئٍ فَشَرِبَتْ مِنْهُ ثُمَّ قَالَتْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ اَفْطَرْتُ وَكُنْتُ صَائِمَةً فَقَالَ لَهَا اَكُنْتِ تَقْضِينَ شَيْئًا قَالَتْ لَا قَالَ فَلَا يَضُرُّكِ اِنْ كَانَ تَطَوُّعًا قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَقُوْلُ بِهِ

☆☆ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' فتح مکہ کے موقع پر سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا تشریف لائیں اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بائیں طرف بیٹھ گئیں سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے دائیں طرف بیٹھی ہوئی تھیں۔ سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک بچی ایک برتن لائی جس میں ایک مشروب تھا اس نے وہ برتن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے پی لیا' پھر اسے سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا کی طرف بڑھا دیا سیدہ اُم ہانی رضی اللہ عنہا نے اس میں سے پی لیا پھر عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے روزہ توڑ دیا ہے' میں نے روزہ رکھا ہوا تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا کیا تم نے کوئی قضا روزہ رکھا ہوا تھا' انہوں نے عرض کی نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھر تمہیں کوئی نقصان نہیں ہوا اگر یہ نفلی روزہ تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں اسی کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

## بَابُ مَنْ دُعِيَ اِلَى الطَّعَامِ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ اِنِّي صَائِمٌ

## باب 31: جس شخص کو کھانے کی دعوت دی جائے' اگر وہ روزہ دار ہے تو اسے یہ بتا دینا چاہیے کہ میں نے روزہ رکھا ہوا ہے

**1773**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلَى طَعَامٍ وَهُوَ صَائِمٌ فَلْيَقُلْ اِنِّي صَائِمٌ

حدیث **1773**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1431**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2461**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1750**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **6280**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1012**

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کو کھانے کی دعوت دی جائے اور وہ روزہ دار ہو تو اسے بتا دینا چاہیے کہ میں روزہ دار ہوں۔

## بَابٌ فِي الصَّائِمِ إِذَا أُكِلَ عِنْدَهُ

## باب 32: جس روزہ دار کے پاس کوئی چیز کھائی جائے

**1774**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حَبِيبِ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ سَمِعْتُ مَوْلَاةً لَنَا يُقَالُ لَهَا لَيْلَى تُحَدِّثُ عَنْ جَدَّتِهَا أُمِّ عُمَارَةَ بِنْتِ كَعْبٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا فَدَعَتْ لَهُ بِطَعَامٍ فَقَالَ لَهَا كُلِي فَقَالَتْ اِنِّي صَائِمَةٌ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصَّائِمَ اِذَا اُكِلَ عِنْدَهُ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى يَفْرُغُوا وَرُبَّمَا قَالَ حَتّٰى يَقْضُوا اَكْلَهُمْ

سیدہ اُم عمارہ بنت کعب بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کھانا پیش کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے کہا تم بھی کھاؤ' انہوں نے عرض کی میں روزہ دار ہوں۔ نبی اکرم نے فرمایا: جب کسی روزہ دار کی موجودگی میں کوئی چیز کھائی جائے تو جب تک لوگ کھا کر فارغ نہ ہو جائیں اس وقت تک فرشتے اس روزہ دار کے لئے دعائے رحمت کرتے ہیں (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) جب تک وہ لوگ کھانا ختم نہیں کر لیتے۔

## بَابٌ فِي وِصَالِ شَعْبَانَ بِرَمَضَانَ

## باب 33: شعبان کو رمضان کے ساتھ ملا دینا

**1775**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ مَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَامَ شَهْرًا تَامًّا اِلَّا شَعْبَانَ فَاِنَّهُ كَانَ يَصِلُهُ بِرَمَضَانَ لِيَكُونَا شَهْرَيْنِ

حدیث **1774** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **785**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1748**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **27105**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414ھ/ 1993ء** **3430**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390ھ/ 1970ء** **2140**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411ھ/ 1991ء** **3268**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/ 1994ء** **8296**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404ھ۔ 1984ء** **7148**

''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1403ھ/ 1983ء** **49**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408ھ/ 1988ء** **1568**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410ھ/ 1990ء** **872**

مُتَتَابِعَيْنِ وَكَانَ يَصُومُ مِنَ الشَّهْرِ حَتَّى نَقُولَ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ حَتَّى نَقُولَ لَا يَصُومُ

☆☆ سیدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کونہیں دیکھا کہ آپ نے شعبان کے علاوہ کسی اور مہینے میں مکمل روزے رکھے ہوں آپ رمضان کے ساتھ شعبان کو ملا لیتے تھے تاکہ یہ دونوں مہینے لگاتار ہو جائیں' آپ کسی مہینے میں یوں روزے رکھتے رہتے تھے کہ ہم کہتے کہ آپ روزہ رکھنا چھوڑیں گے نہیں' اور کبھی آپ یوں روزے چھوڑ دیتے تھے کہ ہم کہتے تھے کہ آپ اب روزہ نہیں رکھیں گے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الصَّوْمِ بَعْدَ انْتِصَافِ شَعْبَانَ

## باب 34: نصف شعبان گزرنے کے بعد روزہ رکھنے کی ممانعت

**1776**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ الْحَنَفِيُّ يُقَالُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا كَانَ النِّصْفُ مِنْ شَعْبَانَ فَاَمْسِكُوا عَنِ الصَّوْمِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب نصف شعبان گزر جائے تو روزہ رکھنے سے باز آجاؤ۔

**1777**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَ هٰذَا

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

## بَابُ الصَّوْمِ مِنْ سَرَرِ الشَّهْرِ

## باب 35: مہینے کے آخر میں روزہ رکھنا

**1778**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِرَجُلٍ هَلْ صُمْتَ مِنْ سَرَرِ هٰذَا الشَّهْرِ فَقَالَ لَا قَالَ فَاِذَا اَفْطَرْتَ

| | |
|---|---|
| حدیث 1776: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 2337 |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 738 |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 1651 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 9705 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء | 3589 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء | 2911 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء | 7750 |
| "معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ | 1936 |

مِنْ رَمَضَانَ فَصُمْ يَوْمَيْنِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ سَرَرُهُ اٰخِرُهُ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص سے دریافت کیا کیا تم نے اس (شعبان کے) مہینے کے آخری روزے رکھے ہیں اس نے جواب دیا: نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جب تم رمضان کے روزے رکھنے کے بعد فارغ ہو جاؤ تو پھر دو روزے رکھ لینا۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ "سرر" سے مراد آخری حصہ ہے۔

# بَابٌ فِيْ صِيَامِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 36: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے روزوں کا بیان

**1779**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا صَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرًا كَامِلًا غَيْرَ رَمَضَانَ وَاِنْ كَانَ لَيَصُوْمُ اِذَا صَامَ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ لَا وَاللّٰهِ لَا يُفْطِرُ وَيُفْطِرُ اِذَا اَفْطَرَ حَتّٰى يَقُوْلَ الْقَائِلُ لَا وَاللّٰهِ لَا يَصُوْمُ

حدیث **1778** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1882**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1161**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2328**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19852**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **3587**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **2868**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **7756**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **220**

حدیث **1779** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1870**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1157**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2434**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **768**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **2346**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1711**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **681**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2046**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **2655**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **2602**

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمضان کے علاوہ اور کسی بھی مہینے میں مکمل روزے نہیں رکھے جب آپ روزہ رکھنا شروع کرتے تو یوں رکھتے کہ کوئی کہنے والا یہ کہتا اللہ کی قسم! اب آپ (نفلی) روزے رکھنا ترک نہیں کریں گے اور جب آپ (نفلی) روزے رکھنا ختم کرتے تو کہنے والا یہ کہتا اللہ کی قسم! اب آپ کبھی روزہ نہیں رکھیں گے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ صِيَامِ الدَّهْرِ

## باب 37: ہمیشہ روزہ رکھنے کی ممانعت

**1780**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ مُطَرِّفِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَجُلٌ يَصُومُ الدَّهْرَ فَقَالَ لَا صَامَ وَلَا اَفْطَرَ

☆☆ مطرف بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک ایسے صاحب کا ذکر کیا گیا جو مستقل روزے رکھتا تھا آپ نے فرمایا اس شخص نے نہ تو روزہ رکھا اور نہ ہی چھوڑتا ہے۔

## بَابُ فِي صَوْمِ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ

## باب 38: ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھنا

**1781**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اَوْصَانِي خَلِيلِي بِثَلَاثٍ لَّسْتُ بِتَارِكِهِنَّ اَنْ لَّا اَنَامَ اِلَّا عَلَى وِتْرٍ وَّاَنْ اَصُومَ ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ مِّنْ كُلِّ شَهْرٍ وَّاَنْ

حدیث **1780** ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **767**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **2374**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1705**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16347**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ **1993**ء **3581**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ **1970**ء **2151**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1990**ء **1591**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1991**ء **2682**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ **1983**ء **13617**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1147**

حدیث **1781** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7180**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ **1970**ء **1223**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2392**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **4850**

لَا اَدَعُ رَكْعَتَيِ الضُّحٰى

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میرے حبیب صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے تین چیزوں کی ہدایت کی تھی' جنہیں میں کبھی ترک نہیں کروں گا ایک یہ کہ سونے سے پہلے وتر ادا کرلوں گا دوسرا ہر مہینے میں تین دن روزہ رکھوں گا اور چاشت کی دو رکعت کبھی نہیں چھوڑوں گا۔

**1782**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبَّاسٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي عُثْمَانَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے۔

**1783**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ قُرَّةَ عَنْ اَبِيهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صِيَامُ الْبِيضِ صِيَامُ الدَّهْرِ وَإِفْطَارُهُ

☆☆ معاویہ بن قرہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں ایام بیض کے روزے رکھنا ہمیشہ روزے رکھنے کے مترادف ہے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الصِّيَامِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

## باب 39: جمعہ کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت

**1784**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ شَيْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ قُلْتُ لِجَابِرٍ اَنَهَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ الْجُمُعَةِ قَالَ نَعَمْ وَرَبِّ هٰذَا الْبَيْتِ

☆☆ محمد بن عباد بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا' کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جمعہ کے دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے انہوں نے جواب دیا' ہاں! اس گھر کے پروردگار کی قسم!

## بَابٌ فِي صِيَامِ يَوْمِ السَّبْتِ

## باب 40: ہفتہ کے دن روزہ رکھنا

**1785**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنْ ثَوْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللَّهِ بْنُ بُسْرٍ عَنْ اُخْتِهِ يُقَالُ لَهَا الصَّمَّاءُ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصُومُوا يَوْمَ السَّبْتِ اِلَّا فِيمَا افْتُرِضَ عَلَيْكُمْ وَاِنْ لَمْ يَجِدْ اَحَدُكُمْ اِلَّا كَذَا اَوْ لِحَاءَ شَجَرَةٍ فَلْيَمْضَغْهُ

☆☆ عبداللہ بن بسر اپنی بہن جن کا نام صماء تھا کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' ہفتہ کے دن فرض

---

حدیث **1784** "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1143

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 1724

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14392

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 9270

روزے کے علاوہ کوئی اور روزہ نہ رکھو اگر کسی شخص کو یہ (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) درخت کی چھال ملے تو وہ اسے ہی چبا لے۔

## بَابٌ فِي صِيَامِ يَوْمِ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

## باب 41: پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھنا

**1786-** حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ عُمَرَ بْنِ الْحَكَمِ بْنِ ثَوْبَانَ أَنَّ مَوْلَى قُدَامَةَ بْنِ مَظْعُونٍ حَدَّثَهُ أَنَّ مَوْلَى أُسَامَةَ حَدَّثَهُ قَالَ كَانَ أُسَامَةُ يَرْكَبُ إِلَى مَالٍ لَهُ بِوَادِي الْقُرَى فَيَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ فِي الطَّرِيقِ فَقُلْتُ لَهُ لِمَ تَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ فِي السَّفَرِ وَقَدْ كَبِرْتَ وَضَعُفْتَ أَوْ رَقِقْتَ فَقَالَ إِنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسَ وَقَالَ إِنَّ أَعْمَالَ النَّاسِ تُعْرَضُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

☆☆ حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ سوار ہو کر اپنی اس زرعی اراضی کی طرف جایا کرتے تھے' جو وادی قریٰ میں تھی اور وہ راستے میں پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھتے تھے (راوی کہتے ہیں) میں نے ان سے دریافت کیا آپ سفر کے دوران پیر اور جمعرات کے دن روزہ کیوں رکھتے ہیں' حالانکہ آپ کی عمر زیادہ ہو چکی ہے آپ کمزور ہو چکے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھا کرتے تھے اور یہ ارشاد فرماتے تھے لوگوں کے اعمال پیر اور جمعرات کے دن (اللہ تعالیٰ کی بارگاہ) میں پیش کیے جاتے ہیں۔

**1787-** أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَصُومُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ فَسَأَلْتُهُ فَقَالَ إِنَّ الْأَعْمَالَ تُعْرَضُ يَوْمَ الِاثْنَيْنِ وَالْخَمِيسِ

---

حدیث **1785**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **2421**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **744**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1726**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **17722**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء — **3615**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء — **2163**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء — **1592**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **2760**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **8276**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **818**

حدیث **1786**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **21865**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **8218**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ — **9234**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **632**

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پیر اور جمعرات کے دن روزہ رکھا کرتے تھے میں نے آپ سے دریافت کیا تو فرمایا پیر اور جمعرات کے دن (لوگوں کے اعمال اللہ کی بارگاہ) میں پیش کیے جاتے ہیں۔

## بَابٌ فِي صَوْمِ دَاوُدَ عَلَيْهِ السَّلَام

## باب 42: حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ

**1788**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ دِينَارٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَوْسٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرٍو يَرْفَعُهُ قَالَ اَحَبُّ الصِّيَامِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ صِيَامُ دَاوُدَ كَانَ يَصُوْمُ يَوْمًا وَّيُفْطِرُ يَوْمًا وَّاَحَبُّ الصَّلٰوةِ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ صَلٰوةُ دَاوُدَ كَانَ يُصَلِّيْ نِصْفًا وَّيَنَامُ ثُلُثًا وَّيُسَبِّحُ سُدُسًا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ هٰذَا اللَّفْظُ الْاٰخِرُ غَلَطٌ اَوْ خَطَاٌ اِنَّمَا هُوَ اَنَّهٗ كَانَ يَنَامُ نِصْفَ اللَّيْلِ وَيُصَلِّيْ ثُلُثَهٗ وَيُسَبِّحُ سُدُسَهٗ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ روزہ حضرت داؤد علیہ السلام کا روزہ ہے وہ ایک دن روزہ رکھتے تھے اور ایک دن نہیں رکھتے تھے اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے پسندیدہ نماز حضرت داؤد علیہ السلام کی نماز ہے وہ نصف (رات) میں نماز ادا کرتے تھے ایک تہائی (رات) سو کر گزارتے تھے اور (رات کا) چھٹا حصہ تسبیح میں گزارتے تھے۔

امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں یہ آخری جملہ غلط ہے (درست حدیث یہ ہے) کہ وہ نصف رات سو کر گزارتے تھے ایک تہائی رات میں نماز پڑھتے رات کا چھٹا حصہ تسبیح میں گزارتے تھے۔

---

حدیث **1787** ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1740**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21839**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **353**

حدیث **1788** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **3238**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2448**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **770**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **1630**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1712**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **6491**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **2590**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **1145**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **1327**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8233**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **589**

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ الصِّيَامِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ الْاَضْحٰى

## باب 43: عیدالفطر اور عیدالاضحیٰ کے دن روزہ رکھنے کی ممانعت

**1789**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ قَزَعَةَ مَوْلَى زِيَادٍ عَنْ اَبِى سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا صَوْمَ يَوْمَيْنِ يَوْمَ الْفِطْرِ وَيَوْمَ النَّحْرِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' دو دن روزہ نہیں رکھا جائے گا' عیدالفطر کے دن اور قربانی کے دن۔

## بَابٌ فِى صِيَامِ السِّتَّةِ مِنْ شَوَّالٍ

## باب 44: شوال کے چھ روزے رکھنا

**1790**- حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ وَسَعْدُ بْنُ سَعِيدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ

---

حدیث **1789**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1138**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1721**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **665**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **163**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **3898**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1991**ء **2798**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **8240**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **238**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2242**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **8**

''المنتقیٰ من السنن المسندة'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتاب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **401**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **7879**

حدیث **1790**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1164**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2433**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **759**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1716**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **14752**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **3634**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2114**

ثَابِتٍ عَنْ أَبِي أَيُّوبَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ صَامَ رَمَضَانَ ثُمَّ أَتْبَعَهُ سِتَّةً مِنْ شَوَّالٍ فَذَلِكَ صِيَامُ الدَّهْرِ

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص رمضان میں روزہ رکھے اور پھر اس کے بعد شوال میں چھ روزے رکھے تو یہ ہمیشہ روزے رکھنے کے مترادف ہے۔

**1791**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ الذِّمَارِيُّ عَنْ أَبِي أَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ عَنْ ثَوْبَانَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ صِيَامُ شَهْرٍ بِعَشَرَةِ أَشْهُرٍ وَسِتَّةِ أَيَّامٍ بَعْدَهُنَّ بِشَهْرَيْنِ فَذَلِكَ تَمَامُ سَنَةٍ يَعْنِي شَهْرَ رَمَضَانَ وَسِتَّةَ أَيَّامٍ بَعْدَهُ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں ایک ماہ کے روزے دس ماہ کے برابر ہیں' ان کے بعد چھ دن کے روزے دو ماہ کے برابر ہیں' یوں پورا سال ہو جائے گا۔

(راوی کہتے ہیں) رمضان کے مہینے کے روزے اور ان کے بعد (شوال) کے چھ روزے۔

## بَابٌ فِي صِيَامِ الْمُحَرَّمِ

## باب 45: محرم کے روزے

**1792**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ فُضَيْلٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ إِسْحَقَ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى عَلِيٍّ فَسَأَلَهُ عَنْ شَهْرٍ يَصُومُهُ فَقَالَ لَهُ عَلِيٌّ مَا سَأَلَنِي أَحَدٌ عَنْ هَذَا بَعْدَ إِذْ سَمِعْتُ رَجُلًا سَأَلَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّ شَهْرٍ يَصُومُهُ مِنَ السَّنَةِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ فَأَمَرَهُ بِصِيَامِ الْمُحَرَّمِ وَقَالَ إِنَّ فِيهِ يَوْمًا تَابَ اللَّهُ عَلَى قَوْمٍ وَيَتُوبُ فِيهِ عَلَى قَوْمٍ

☆☆ حضرت نعمان بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے سوال کیا' رمضان کے مہینے کے روزے رکھنے کے بعد کون سے مہینے کے روزے رکھے جائیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس سے کہا میں نے ایک شخص کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہی سوال کرتے ہوئے سنا تھا اور اس کے بعد مجھ سے کسی نے یہ سوال نہیں کیا اس شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تھا' وہ

---

بقیہ حدیث **1790**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء — **2860**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **8214**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء — **1451**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — **594**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **380**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/ **1988**ء — **228**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء — **903**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ — **7918**

سال بھر میں رمضان کے مہینے کے روزے رکھنے کے بعد کون سے مہینے کے روزے رکھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے محرم کے روزے رکھنے کی ہدایت کی اور فرمایا اس مہینے میں ایک دن ایسا ہے جس دن اللہ تعالیٰ نے ایک قوم کی توبہ قبول کی تھی اور اسی دن ایک قوم کی توبہ قبول کرے گا۔

**1793**- اَخْبَرَنَا زَيْدُ بْنُ عَوْفٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْتَشِرِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ شَهْرُ اللّٰهِ الَّذِيْ تَدْعُوْنَهُ الْمُحَرَّمَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں رمضان کے مہینے کے بعد سب سے افضل روزے اللہ کے مہینے کے ہیں جسے تم محرم کے نام سے جانتے ہو۔

**1794**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ وَّاَخْبَرَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَفْضَلُ الصِّيَامِ بَعْدَ شَهْرِ رَمَضَانَ الْمُحَرَّمُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں رمضان کے مہینے کے بعد سب سے افضل روزے محرم کے ہیں۔

---

حدیث **1793**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1163**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2429**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **438**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **1614**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1742**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8013**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **2563**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **1134**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **1155**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **1313**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **4437**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **267**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **1695**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **276**

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **1423**

## بَابٌ فِیْ صِیَامِ یَوْمِ عَاشُوْرَاءَ

## باب46: عاشورہ کے دن روزے رکھنا

**1795**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِیْ بِشْرٍ عَنْ سَعِیْدِ بْنِ جُبَیْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ قَالَ قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِیْنَةَ وَالْیَهُوْدُ یَصُوْمُوْنَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَسَاَلَهُمْ فَقَالُوْا هٰذَا الْیَوْمُ الَّذِیْ ظَهَرَ فِیْهِ مُوْسٰی عَلٰی فِرْعَوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنْتُمْ اَوْلٰی بِمُوْسٰی فَصُوْمُوْهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو یہود عاشورہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے' آپ نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا' یہ وہ دن ہے جس میں حضرت موسیٰ علیہ السلام کو فرعون پر غلبہ حاصل ہوا تھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (مسلمانوں) سے ارشاد فرمایا تم لوگ حضرت موسیٰ علیہ السلام کے زیادہ قریب ہو اس لئے اس دن تم بھی روزہ رکھا کرو۔

**1796**- اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیْدِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِیْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ كَانَ یَصُوْمُ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ وَیَاْمُرُنَا بِصِیَامِهِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عاشورہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے اور اس دن روزہ رکھنے کی ہدایت کرتے تھے۔

**1797**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ عُبَیْدٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ یَوْمَ عَاشُوْرَاءَ رَجُلًا مِّنْ اَسْلَمَ اِنَّ الْیَوْمَ یَوْمُ عَاشُوْرَاءَ فَمَنْ كَانَ اَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَلْیُتِمَّ بَقِیَّةَ یَوْمِهٖ وَمَنْ لَّمْ یَكُنْ

---

حدیث **1795** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **4460**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3112**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **3625**

''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **2567**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **12362**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **6992**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **9359**

حدیث **1796** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2437**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **2372**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **27416**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **2681**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8176**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **836**

اَكَلَ اَوْ شَرِبَ فَلْيَصُمْهُ

☆☆ حضرت سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے عاشورہ کے دن قبیلہ اسلم سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کو (یہ اعلان کرنے کے لئے) بھیجا آج عاشورہ کا دن ہے جس شخص نے کچھ کھا پی لیا ہو وہ بقیہ دن (روزہ) پورا کرے اور جس نے کچھ نہ کھایا ہو نہ پیا ہو وہ روزہ رکھ لے۔

**1798**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هٰذَا يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ كَانَتْ قُرَيْشٌ تَصُوْمُهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّصُوْمَهُ فَلْيَصُمْهُ وَمَنْ اَحَبَّ مِنْكُمْ اَنْ يَّتْرُكَهُ فَلْيَتْرُكْهُ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ لَا يَصُوْمُهُ اِلَّا اَنْ يُّوَافِقَ صِيَامَهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ عاشورہ کا دن ہے جس میں' زمانہ جاہلیت میں' قریش روزہ رکھا کرتے تھے تم میں سے جو شخص پسند کرے وہ روزہ رکھ لے اور جو شخص نہ رکھنا چاہے وہ نہ رکھے۔

راوی کہتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ خود اس دن روزہ نہیں رکھتے تھے۔ البتہ اگر ان کے معمول کے روزوں میں یہ دن آ جاتا تو رکھ لیتے۔

**1799**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ يَوْمُ عَاشُوْرَاءَ يَوْمًا تَصُوْمُهُ قُرَيْشٌ فِي الْجَاهِلِيَّةِ فَلَمَّا قَدِمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِيْنَةَ صَامَهُ وَاَمَرَ بِصِيَامِهِ حَتّٰى اِذَا فُرِضَ رَمَضَانُ كَانَ رَمَضَانُ هُوَ الْفَرِيْضَةُ وَتَرَكَ يَوْمَ عَاشُوْرَاءَ فَمَنْ شَاءَ صَامَهُ وَمَنْ شَاءَ تَرَكَهُ

---

| | |
|---|---|
| حدیث **1897** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء | **1824** |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء | **2321** |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **1735** |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | **2058** |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **3619** |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **2092** |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء | **6253** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **2630** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **7824** |
| ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ | **589** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **3691** |
| ''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء | **1398** |
| ''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ | **9367** |

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' قریش' زمانہ جاہلیت میں' عاشورہ کے دن روزہ رکھا کرتے تھے۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ تشریف لائے تو آپ نے خود بھی اس دن روزہ رکھا اور اس دن روزہ رکھنے کی ہدایت کی۔ یہاں تک کہ جب رمضان فرض ہوگیا تو' آپ نے عاشورہ کے دن روزہ رکھنا ترک کردیا۔

اب جو شخص چاہے وہ اس دن روزہ رکھ لے اور جو چاہے وہ نہ رکھے۔

## بَابٌ فِیْ صِیَامِ یَوْمِ عَرَفَةَ

## باب 47: عرفہ کے دن روزہ رکھنا

**1800**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُلَيٍّ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمُ عَرَفَةَ وَاَيَّامُ التَّشْرِيقِ عِيدُنَا اَهْلَ الْإِسْلَامِ وَهِيَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَّشُرْبٍ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عرفہ کے دن اور ایام تشریق ہماری' اہل اسلام کی عید ہے اور یہ کھانے پینے کے دن ہیں۔

**1801**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ ابْنُ عُلَيَّةَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ صَوْمِ يَوْمِ عَرَفَةَ فَقَالَ حَجَجْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَحَجَجْتُ مَعَ اَبِي بَكْرٍ فَلَمْ يَصُمْهُ

---

حدیث **1799** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **1794**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1126**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **2442**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **753**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1753**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **662**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **6292**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **3621**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء — **2080**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **2837**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **8192**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء — **4638**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/عمان **1405**ھ **1985**ء — **1086**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ — **1459**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء — **13183**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء — **647**

وَحَجَجْتُ مَعَ عُمَرَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَحَجَجْتُ مَعَ عُثْمَانَ فَلَمْ يَصُمْهُ وَاَنَا لَا اَصُوْمُهُ وَلَا اٰمُرُ بِهِ وَلَا اَنْهٰى عَنْهُ

☆☆ ابن ابونجیح اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے عرفہ کے دن روزہ رکھنے کے بارے میں سوال کیا گیا' انہوں نے جواب دیا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ حضرت حج کیا ہے' آپ نے اس دن روزہ نہیں رکھا میں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ بھی حج کیا ہے انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا' میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہمراہ بھی حج کیا ہے' انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا میں نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ہمراہ بھی حج کیا انہوں نے بھی اس دن روزہ نہیں رکھا اور میں بھی اس دن روزہ نہیں رکھتا اور نہ ہی اس کی ہدایت کرتا ہوں اور نہ ہی اس سے منع کرتا ہوں۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ صِيَامِ اَيَّامِ التَّشْرِيقِ

## باب 48: ایام تشریق کے روزے رکھنے کی ممانعت

**1802** - حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ بِشْرِ بْنِ سُحَيْمٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَوْ اَمَرَ رَجُلًا يُنَادِي اَيَّامَ التَّشْرِيقِ اَنَّهُ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ اِلَّا مُؤْمِنٌ وَهِيَ اَيَّامُ اَكْلٍ وَشُرْبٍ

☆☆ حضرت بشر بن سحیم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں (راوی کو شک ہے یا شاید) کسی شخص کو یہ ہدایت کی کہ وہ ایام تشریق میں یہ اعلان کرے کہ جنت میں صرف مؤمن داخل ہوں گے اور یہ (ایام تشریق) کھانے پینے کے دن ہے۔

حدیث **1801**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **751**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **5080**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء **3604**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء **2827**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **595**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء **13090**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **681**

حدیث **1802**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1142**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2419**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **773**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3004**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1719**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **838**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **567**

**1803**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَزِيْدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِي مُرَّةَ مَوْلٰى عَقِيْلٍ اَنَّهُ دَخَلَ هُوَ وَعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَلٰى عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ وَذٰلِكَ الْغَدَ اَوْ بَعْدَ الْغَدِ مِنْ يَوْمِ الْاَضْحٰى فَقَرَّبَ اِلَيْهِمْ عَمْرٌو طَعَامًا فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنِّي صَائِمٌ فَقَالَ عَمْرٌو اَفْطِرْ فَاِنَّ هٰذِهِ الْاَيَّامَ الَّتِي كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْمُرُنَا بِفِطْرِهَا وَيَنْهَانَا عَنْ صِيَامِهَا فَاَفْطَرَ عَبْدُ اللّٰهِ فَاَكَلَ وَاَكَلْتُ مَعَهُ

☆☆ ابومرہ بیان کرتے ہیں وہ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے ہمراہ عمرو بن العاص کی خدمت میں حاضر ہوئے یہ عیدالاضحی کے اگلے یا اس سے اگلے دن کی بات ہے حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کے آگے کھانا رکھا تو حضرت عبداللہ نے کہا میں روزہ دار ہوں۔ حضرت عمرو رضی اللہ عنہ نے فرمایا روزہ توڑ دو کیونکہ یہ وہ دن ہے جس دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں روزہ نہ رکھنے کی ہدایت کی ہے اور اس دن روزہ رکھنے سے منع کیا ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے روزہ توڑ دیا انہوں نے بھی کھانا کھایا اور میں نے بھی کھانا کھایا۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَمُوْتُ وَعَلَيْهِ صَوْمٌ

## باب 49: جو شخص فوت ہو جائے اور اس پر کچھ روزے لازم ہوں

**1804**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ فَمَاتَتْ فَجَاءَ اَخُوهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ اَكُنْتَ قَاضِيَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاقْضُوا اللّٰهَ اللّٰهُ اَحَقُّ بِالْوَفَاءِ قَالَ فَصَامَ عَنْهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک خاتون نے روزہ رکھنے کی نذر مانی اس کا انتقال ہو گیا اس کا بھائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے فرمایا اگر اس خاتون کے ذمے کوئی قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا کرتے؟ اس نے جواب دیا جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تو اللہ تعالیٰ کا قرض بھی ادا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حقدار ہے کہ اس کا قرض ادا کیا جائے (راوی کہتے ہیں) تو اس شخص نے اس خاتون کی طرف سے روزہ رکھا۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الصِّيَامِ

## باب 50: روزہ دار کی فضیلت

**1805**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ

حدیث **1803** "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **2149**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **8041**

حدیث **1805** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء — **1805**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **764**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء — **2212**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **7174**

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُلُوْفُ فَمِ الصَّائِمِ اَطْيَبُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَلِلصَّائِمِ فَرْحَتَانِ فَرْحَةٌ عِنْدَ فِطْرِهٖ وَفَرْحَةٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: روزہ دار کے منہ کی بو اللہ تعالیٰ کے نزدیک مشک کی بو سے زیادہ پاکیزہ ہے روزہ دار شخص کو دوخوشیاں نصیب ہوں گی ایک خوشی افطار کے وقت دوسری قیامت کے دن (نصیب ہوگی)

**1806**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اللّٰهُ تَعَالٰى كُلُّ عَمَلِ ابْنِ اٰدَمَ لَهٗ فَالْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا اِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ اِلَّا الصِّيَامَ هُوَ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهٖ اِنَّهٗ يَتْرُكُ الطَّعَامَ وَشَهْوَتَهٗ مِنْ اَجْلِىْ وَيَتْرُكُ الشَّرَابَ وَشَهْوَتَهٗ مِنْ اَجْلِىْ فَهُوَ لِىْ وَاَنَا اَجْزِىْ بِهٖ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: اللہ تعالیٰ ارشادفرماتا ہے ابن آدم کا ہر عمل اس کے لئے ہے۔ایک نیکی دس گنا سے لے کر سات سو گنا تک اجروثواب کی حامل ہوتی ہے۔لیکن روزوں کا حکم مختلف ہے وہ میرے لئے ہیں اور میں ہی ان کی جزادوں گا' ابن آدم میرے لئے کھانا اور اپنی خواہش نفس کو ترک کرتا ہے اور میرے لئے پینا اور اپنی خواہش نفس کو ترک کرتا ہے تو وہ روزہ میرے لئے ہے اور میں ہی اس کی جزادوں گا۔

**1807**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الصَّوْمُ جُنَّةٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا روزہ ڈھال ہے۔

---

| | |
|---|---|
| بقیہ حدیث **1805**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **2526** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **8115** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **1235** |
| ''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء | **1120** |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ | **7893** |
| حدیث **1806**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت لبنان' **1407**ھ/ **1987**ء | **1805** |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت لبنان | **764** |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء | **2211** |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت لبنان | **3823** |
| حدیث **1807**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء | **2224** |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **9950** |
| ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **1890** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **2534** |

# بَابُ دُعَاءِ الصَّائِمِ لِمَنْ يُفْطِرُ عِنْدَهُ

## باب 51: روزہ دار کا اس شخص کو دعا دینا جس نے اس کو افطاری کروائی ہو

**1808**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا اَفْطَرَ عِنْدَ اُنَاسٍ قَالَ اَفْطَرَ عِنْدَكُمُ الصَّائِمُوْنَ وَاَكَلَ طَعَامَكُمُ الْاَبْرَارُ وَتَنَزَّلَتْ عَلَيْكُمُ الْمَلَائِكَةُ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی کے ہاں افطاری کرتے تو یہ دعا دیتے تھے ''تمہارے ہاں روزہ داروں نے افطاری کی ہے تمہارا کھانا نیک لوگوں نے کھایا ہے اور تم پر فرشتے (رحمت لے کر) نازل ہوئے ہیں''۔

# بَابٌ فِي فَضْلِ الْعَمَلِ فِي الْعَشْرِ

## باب 52: (ذوالحج کے پہلے) عشرے میں عمل کی فضیلت

**1809**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الرَّبِيعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ مُسْلِمًا الْبَطِينَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ

حدیث **1808** ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1741**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12198**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **5296**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **6901**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **7924**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **4319**
''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **301**
''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **1234**
حدیث **1809** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **926**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2438**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **757**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1727**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1968**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **3853**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2865**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **8175**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **2090**
''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **889**

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا الْعَمَلُ فِي أَيَّامٍ أَفْضَلَ مِنَ الْعَمَلِ فِي عَشْرِ ذِي الْحِجَّةِ قِيلَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ ثُمَّ لَمْ يَرْجِعْ بِشَيْءٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' کسی بھی دن میں کیا جانے والا عمل ذوالحج کے (پہلے) عشرے میں کئے جانے والے عمل سے زیادہ افضل نہیں ہوگا' عرض کی گئی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں' آپ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں البتہ جو شخص اپنی جان اور مال کے ہمراہ (اللہ کی راہ میں جہاد کے لئے تیار ہے) اور پھر کچھ بھی واپس لے کر نہ آئے۔ (تو اس کا اجر زیادہ ہوگا)

**1810**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا أَصْبَغُ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ أَبِي أَيُّوبَ عَنْ سَعِيدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ عَمَلٍ أَزْكَى عِنْدَ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ وَلَا أَعْظَمَ أَجْرًا مِنْ خَيْرٍ تَعْمَلُهُ فِي عَشْرِ الْأَضْحَى قِيلَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ وَلَا الْجِهَادُ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ إِلَّا رَجُلٌ خَرَجَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَلَمْ يَرْجِعْ مِنْ ذَلِكَ بِشَيْءٍ قَالَ وَكَانَ سَعِيدُ بْنُ جُبَيْرٍ إِذَا دَخَلَ أَيَّامُ الْعَشْرِ اجْتَهَدَ اجْتِهَادًا شَدِيدًا حَتَّى مَا يَكَادُ يَقْدِرُ عَلَيْهِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ کے نزدیک کوئی بھی عمل اس سے زیادہ پاکیزہ اور اس سے زیادہ اجر والا نہیں ہے جو عمل کوئی شخص ذوالحج (کے پہلے عشرے) میں کرتا ہے عرض کی گئی اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا بھی نہیں' البتہ جو شخص جان اور مال کے ہمراہ (اللہ کی راہ میں) جہاد کرنے کے لئے جائے اور ان میں سے کچھ بھی لے کر واپس نہ آئے (تو اس کا اجر زیادہ ہوگا)

(راوی کہتے ہیں) حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ کا یہ معمول تھا کہ جب ذوالحج کے عشرے کے ایام آ جاتے تو وہ زیادہ محنت کے ساتھ عبادت کرتے اور اتنی محنت کرتے جتنی ان کے اندر طاقت ہوتی اور کبھی اتنی محنت کرتے کہ ان کی طاقت سے زیادہ ہوتی۔

## بَابُ فِي فَضْلِ شَهْرِ رَمَضَانَ

## باب 53: رمضان کے مہینے کی فضیلت

**1811**- حَدَّثَنَا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا أَبُو سُهَيْلٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ أَنَّ

بقیہ حدیث **1809** ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **1756**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ **1983**ء **10455**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **2631**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **8121**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **19540**

حدیث **1811**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **1799**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **682**

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا جَآءَ رَمَضَانُ فُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ وَغُلِّقَتْ اَبْوَابُ النَّارِ وَصُفِّدَتِ الشَّيَاطِيْنُ

✿✿ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب رمضان آجاتا ہے تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر لئے جاتے ہیں اور شیاطین کو قید کر لیا جاتا ہے۔

# بَابُ فِيْ قِيَامِ رَمَضَانَ

## باب 54: رمضان کے مہینے میں نوافل کی فضیلت

1812- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِیْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ

---

بقیہ حدیث 1811 ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام' 1406ھ/1986ء 2097

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر بیروت' لبنان 1642

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 684

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 7767

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 3434

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 1882

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 1532

''سنن نسائی کبری'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 2487

''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 7695

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان' عمان' 1405ھ/1985ء 323

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ 1563

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 326

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبہ السنہ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 1439

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء 82

حدیث 1812 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء 38

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1372

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام' 1406ھ/1986ء 2203

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1641

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9459

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 3432

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 1894

''سنن نسائی کبری'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 2501

اَبِی هُرَیْرَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَامَ رَمَضَانَ اِیْمَانًا وَّاحْتِسَابًا غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ وَمَنْ قَامَ لَیْلَةَ الْقَدْرِ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص ایمان اور احتساب کے ہمراہ رمضان کے مہینے میں نوافل پڑھے گا اس کے گزشتہ تمام گناہ بخش دیے جائیں گے اور جو شخص شب قدر کے نوافل پڑھے گا اس کے گزشتہ تمام گناہ بخش دیے جائیں گے۔

**1813**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِی هِنْدٍ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ اَبِی ذَرٍّ قَالَ صُمْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهْرَ رَمَضَانَ قَالَ فَلَمْ يَقُمْ بِنَا مِنَ الشَّهْرِ شَيْئًا حَتّٰى بَقِيَ سَبْعٌ قَالَ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ ثُلُثُ اللَّيْلِ قَالَ فَلَمَّا كَانَتِ السَّادِسَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا كَانَتِ الْخَامِسَةُ قَامَ بِنَا حَتّٰى ذَهَبَ شَطْرُ اللَّيْلِ الْاٰخِرُ قُلْنَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ نَفَّلْتَنَا بَقِيَّةَ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ فَقَالَ اِنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَامَ مَعَ الْاِمَامِ حَتّٰى يَنْصَرِفَ مِنْ صَلَاتِهِ حُسِبَ لَهُ قِيَامُ لَيْلَتِهِ فَلَمَّا كَانَتِ الرَّابِعَةُ لَمْ يَقُمْ بِنَا فَلَمَّا كَانَتِ الثَّالِثَةُ جَمَعَ اَهْلَهُ وَنِسَائَهُ وَالنَّاسَ فَقَامَ بِنَا حَتّٰى خَشِيْنَا اَنْ يَفُوتَنَا الْفَلَاحُ قُلْنَا وَمَا الْفَلَاحُ قَالَ السُّحُورُ قَالَ ثُمَّ لَمْ يَقُمْ بِنَا بَقِيَّةَ الشَّهْرِ

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رمضان کے مہینے میں روزے رکھنا شروع کیے آپ نے پورا مہینہ ہمیں کوئی نوافل نہیں پڑھائے' یہاں تک کہ سات راتیں باقی رہ گئیں حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں نوافل پڑھانے شروع کیے' یہاں تک کہ ایک تہائی رات گزر گئی پھر جب چھٹی رات آئی تو آپ نے کوئی نوافل نہیں پڑھائے' پھر جب پانچویں رات آئی تو آپ نے ہمیں نوافل پڑھائے یہاں تک کہ رات کا دوسرا نصف حصہ گزر گیا ہم نے عرض کی: یا رسول

---

| | |
|---|---|
| بقیہ حدیث **1812**: "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء | **8289** |
| "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق شام **1404**ھ- **1984**ء | **5930** |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ بیروت' لبنان | **2360** |
| "مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | **950** |
| "مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ **1991**ء | **487** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **404** |
| حدیث **1813**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر بیروت' لبنان | **1375** |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان | **806** |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام **1406**ھ **1986**ء | **1364** |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر بیروت' لبنان | **1327** |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **21457** |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ بیروت' لبنان **1414**ھ **1993**ء | **2547** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان **1390**ھ **1970**ء | **2205** |

اللہ ﷺ! آپ ہمیں بقیہ رات بھی نوافل پڑھاتے رہتے (تو یہ مناسب تھا) آپ نے ارشاد فرمایا جب کوئی شخص امام کے ہمراہ نماز کی اقتداء میں نوافل ادا کرے تو جیسے ہی وہ نماز پڑھ کر فارغ ہوتا ہے اسے پوری رات کے قیام کا ثواب مل جاتا ہے (راوی کہتے ہیں) جب چوتھی رات آئی تو آپ نے ہمیں کوئی نوافل نہیں پڑھائے پھر جب تیسری رات آئی تو آپ نے اپنے اہل خانہ اور خواتین کو جمع کیا اور لوگوں کو بھی جمع کیا پھر آپ نے ہمیں نوافل پڑھائے' یہاں تک کہ ہمیں اس بات کا اندیشہ ہوا کہ ہماری فلاح رہ جائے گی (راوی کہتے ہیں) ہم نے دریافت کیا فلاح سے مراد کیا ہے تو حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ نے جواب دیا سحری' حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اس کے بعد نبی اکرم ﷺ نے بقیہ مہینے میں ہمیں کوئی نوافل نہیں پڑھائے۔

**1814**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجُرَشِيِّ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ أَبِي ذَرٍّ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## بَابُ اعْتِكَافِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 55: نبی اکرم ﷺ کا اعتکاف کرنا

**1815**- حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ عَنْ أَبِي حَصِينٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ

حدیث 1815 ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء 1921
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1171
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2463
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 790
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 1769
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 6172
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 3663
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 2221
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 1601
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 3335
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 8347
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 6422
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 553
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء 652
''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' 1408ھ/1988ء 407
''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء 1575
''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/1988ء 181

قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْتَكِفُ الْعَشْرَ الْاَوَاخِرَ فَلَمَّا كَانَ الْعَامُ الَّذِىْ قُبِضَ فِيْهِ اعْتَكَفَ عِشْرِيْنَ يَوْمًا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم آخری عشرے میں اعتکاف کیا کرتے تھے' جس سال آپ کا وصال ہوا اس سال آپ نے بیس دن اعتکاف کیا۔

**1816**- حَدَّثَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ اَخْبَرَنِىْ عَلِىُّ بْنُ حُسَيْنٍ اَنَّ صَفِيَّةَ بِنْتَ حُيَيٍّ اَخْبَرَتْهُ اَنَّهَا جَائَتِ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَزُوْرُهُ فِىْ اعْتِكَافِهِ فِى الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ فِى الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ مِنْ رَمَضَانَ فَتَحَدَّثَتْ عِنْدَهُ سَاعَةً ثُمَّ قَامَتْ

☆☆ حضرت امام علی بن حسین رضی اللہ عنہ (امام زین العابدین) بیان کرتے ہیں' سیدہ صفیہ بنت حی رضی اللہ عنہا نے انہیں بتایا کہ ایک مرتبہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اعتکاف کے دوران ان سے ملنے کے لئے مسجد میں آئی تھیں یہ رمضان کے آخری عشرے کی بات ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مختصر گفتگو کی اور پھر واپس چلی گئیں۔

## بَابٌ فِىْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ

## باب 56: شب قدر کا بیان

**1817**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ خَرَجَ عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُرِيْدُ اَنْ يُّخْبِرَنَا بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ فَتَلَاحَى رَجُلَانِ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنِّىْ خَرَجْتُ اِلَيْكُمْ وَاَنَا اُرِيْدُ اَنْ اُخْبِرَكُمْ بِلَيْلَةِ الْقَدْرِ وَكَانَ بَيْنَ فُلَانٍ وَّفُلَانٍ لِحَاءٌ فَرُفِعَتْ وَعَسٰى اَنْ يَّكُوْنَ خَيْرًا فَالْتَمِسُوْهَا فِى الْعَشْرِ الْاَوَاخِرِ فِى الْخَامِسَةِ وَالسَّابِعَةِ وَالتَّاسِعَةِ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے آپ کا ارادہ یہ تھا ہمیں شب

حدیث **1816**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء **1930**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2175**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2470**
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1779**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26905**
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء **2233**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء **3356**
"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ 1983ء **189**
"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **8065**
"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1405ھ 1984ء **3004**

قدر کے بارے میں بتائیں گے دو مسلمان آپس میں بحث کر رہے تھے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا میں تمہارے پاس آیا تھا اور میرا ارادہ تھا کہ میں تمہیں شب قدر کے بارے میں بتاؤں لیکن فلاں فلاں لوگ لڑ رہے تھے تو اس کا علم اُٹھالیا گیا اور شاید یہی تمہارے لئے بہتر ہو تم اس رات کو آخری عشرے کی راتوں میں تلاش کرو پانچویں' ساتویں اور نویں رات۔

**1818**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ وَقَالَ اَبُو سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُرِيتُ لَيْلَةَ الْقَدْرِ ثُمَّ اَيْقَظَنِي بَعْضُ اَهْلِي فَنَسِيتُهَا فَالْتَمِسُوهَا فِي الْعَشْرِ الْغَوَابِرِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: میں نے شب قدر کو خواب دیکھا پھر مجھے گھر والوں نے جگا دیا تو وہ مجھے بھلا دی گئی تم اسے آخری عشرے میں تلاش کرو۔

**1819**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِي سَالِمُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُمَرَ قَالَ اِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْتَمِسُوا لَيْلَةَ الْقَدْرِ فِي السَّبْعِ الْاَوَاخِرِ

☆☆ سالم بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' شب قدر کو آخری سات راتوں میں تلاش کرو۔

---

حدیث **1817** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1381**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **794**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13477**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **3686**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء **2175**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1598**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **3403**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8315**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **1076**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد البصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **576**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **8682**

حدیث **1818** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1166**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **3678**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء **2197**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **3392**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8311**

# مِنْ كِتَابِ الْمَنَاسِكِ

## مناسک کا بیان

## بَابُ مَنْ اَرَادَ الْحَجَّ فَلْيَتَعَجَّلْ

## باب 1: جو شخص حج کرنا چاہتا ہو اسے جلدی کر لینا چاہیے

الْوُسْطَى الَّتِي تُخْرِجُكَ إِلَى الْجَمْرَةِ الْكُبْرَى حَتَّى إِذَا أَتَى الْجَمْرَةَ الَّتِي عِنْدَهَا الشَّجَرَةُ فَرَمَى بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ عَلَى كُلِّ حَصَاةٍ مِنْ حَصَى الْخَذْفِ ثُمَّ رَمَى مِنْ بَطْنِ الْوَادِي ثُمَّ انْصَرَفَ إِلَى الْمَنْحَرِ فَنَحَرَ ثَلَاثًا وَسِتِّينَ بَدَنَةً بِيَدِهِ ثُمَّ أَعْطَى عَلِيًّا فَنَحَرَ مَا غَبَرَ وَأَشْرَكَهُ فِي بُدْنِهِ ثُمَّ أَمَرَ مِنْ كُلِّ بَدَنَةٍ بِبَضْعَةٍ فَجُعِلَتْ فِي قِدْرٍ فَطُبِخَتْ فَأَكَلَا مِنْ لُحُومِهَا وَشَرِبَا مِنْ مَرَقِهَا ثُمَّ رَكِبَ فَأَفَاضَ إِلَى الْبَيْتِ فَأَتَى الْبَيْتَ فَصَلَّى الظُّهْرَ بِمَكَّةَ وَأَتَى بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ وَهُمْ يَسْتَقُونَ عَلَى زَمْزَمَ فَقَالَ انْزِعُوا بَنِي عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَلَوْلَا يَغْلِبُكُمُ النَّاسُ عَلَى سِقَايَتِكُمْ لَنَزَعْتُ مَعَكُمْ فَنَاوَلُوهُ دَلْوًا فَشَرِبَ

☆☆ امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ اپنے والد امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' امام باقر فرماتے ہیں ہم حضرت جابر بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے تمام حاضرین کا تعارف دریافت کیا جب میری باری آئی تو میں نے کہا میں علی بن حسین بن علی کا بیٹا ''محمد'' ہوں' تو حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما نے اپنا ہاتھ میرے اوپر والے اور نیچے والے بٹن کی طرف بڑھایا اور پھر اپنا منہ میرے سینے کے اوپر رکھ دیا میں ان دنوں نوجوان تھا۔ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اے میرے بھتیجے تمہیں خوش آمدید ہو تم جو چاہو سوال کر سکتے ہو میں نے ان سے سوال کیا' وہ نابینا ہو چکے تھے' اور نماز کا وقت ہو چکا تھا۔ انہوں نے ایک چھوٹی چادر لپیٹ کر نماز پڑھنا شروع کر دی۔ وہ جب بھی اس چادر کو اپنے کندھوں کے اوپر ڈالتے تو اس کے ایک طرف والا حصہ ڈھلک جاتا' کیونکہ وہ چھوٹی چادر تھی' حالانکہ ان کی بڑی چادر ایک طرف کھونٹی کے ساتھ لٹکی ہوئی تھی جب انہوں نے نماز ادا کر لی تو میں نے دریافت کیا آپ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کے بارے میں بتائیں' انہوں نے اپنے ہاتھ کی طرف اشارہ کرتے ہوئے نو کا اشارہ کیا اور فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نو برس تک کوئی حج نہ کیا پھر دسویں سال آپ نے لوگوں میں حج کا اعلان کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم حج کے لئے تشریف لے جا رہے تھے تو مدینہ منورہ سے بہت سے لوگ حج کے لئے روانہ ہوئے ان میں سے بہت سے لوگوں کی خواہش تھی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرتے ہوئے اسی طرح حج کریں جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کریں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ہم لوگ بھی روانہ ہوئے اور ذوالحلیفہ پہنچ گئے وہاں حضرت اسماء رضی اللہ عنہا بنت عمیس نے محمد بن ابوبکر کو جنم دیا انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کسی کو بھیجا کہ اب میں کیا کروں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں ہدایت کی کہ تم غسل کر لو اور کپڑے کے ذریعے (خون کے مقام) کو باندھ لو اور احرام باندھ لو' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں کی مسجد میں نماز ادا کی اور پھر اپنی اونٹنی قصواء پر سوار ہوئے جب اونٹنی آپ کو لے کر کھڑی ہوئی میں نے دیکھا کہ حد نگاہ تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے آگے سوار اور پیدل لوگوں کا ہجوم ہے آپ کے دائیں طرف بھی اسی طرح لوگ تھے اور بائیں طرف بھی اتنے ہی لوگ تھے اور آپ کے پیچھے بھی اتنے ہی لوگ تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان موجود تھے۔ آپ پر قرآن نازل ہو رہا تھا۔ آپ کو اس کے مفہوم کا بخوبی علم تھا آپ نے کلمہ توحید کے ذریعے تلبیہ پڑھا اور کہا میں حاضر ہوں اے اللہ میں حاضر ہوں' میں حاضر ہوں' تیرا کوئی شریک نہیں ہے۔ میں حاضر ہوں' بے شک حمد اور نعمت تیرے لئے ہے اور بادشاہی بھی تیرا کوئی شریک نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جو تلبیہ پڑھا تھا لوگوں نے بھی وہی تلبیہ پڑھنا شروع کر دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان پر کوئی اعتراض نہیں کیا' پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہی تلبیہ پڑھتے رہے یہاں تک کہ ہم آپ کی ہمراہی میں بیت اللہ تک پہنچ گئے۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہماری نیت صرف حج کرنے کی تھی ہمیں عمرے کا کوئی خیال نہیں تھا جب ہم بیت اللہ ان کے

ہمراہ پہنچ گئے آپ نے رُکن کران کا استلام کیا تین مرتبہ رمل کیا اور چار مرتبہ چل کر گزرے پھر آپ مقام ابراہیم کے پاس تشریف لائے۔ وہاں نماز ادا کی اور یہ آیت پڑھی۔

''مقام ابراہیم کو جائے نماز بنالو''۔

نبی اکرم ﷺ نے مقام کو اپنے اور بیت اللہ کے درمیان رکھا تھا (امام جعفر رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) میرے والد صاحب نے یہ بات ذکر کی تھی میرا خیال ہے انہوں نے حضرت جابر رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کی حدیث کے طور پر نقل کی ہوگی۔ نبی اکرم ﷺ نے ان دو رکعات میں سورۂ اخلاص اور سورۂ الکافرون کی تلاوت کی۔ پھر نبی اکرم ﷺ رکن کے پاس واپس تشریف لائے آپ نے اس کا استلام کیا پھر آپ دروازے سے ہو کر صفا کی طرف تشریف لے گئے۔ صفا تشریف لا کر آپ نے قرآن کی یہ آیت پڑھی۔

''بے شک صفا اور مروہ اللہ کی نشانیوں میں سے ہیں''۔ (پھر آپ نے ارشاد فرمایا) میں اس سے آغاز کروں گا جس کا ذکر اللہ تعالیٰ نے پہلے کیا ہے' نبی اکرم ﷺ نے صفا سے آغاز کیا آپ اس پر چڑھ گئے جب آپ نے بیت اللہ کی طرف نظر کی' تو اللہ کی وحدانیت اور کبریائی بیان کی اور یہ پڑھا:

''اللہ کے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے وہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کی بادشاہی ہے حمد اسی کے لئے مخصوص ہے وہ زندہ کرتا ہے۔ وہ موت دیتا ہے وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔ صرف ایک اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے خاص بندے کی مدد کی اور دشمنوں کے گروہوں کو تنہا اس نے پسپا کر دیا''۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے ان کے درمیان دعا کی اور یہی کلمات تین مرتبہ پڑھے پھر آپ اتر کر مروہ کے پاس آ گئے جب آپ بطن وادی میں پہنچے' امام عبداللہ بن عبدالرحمٰن دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یعنی وہاں پہنچ کر آپ دوڑ کر گزرے' یہاں تک کہ آپ بلندی کی طرف چڑھنے لگے تو آپ پھر چلنے لگ پڑے' ہم لوگ جب مروہ پر آئے تو آپ نے مروہ پر بھی وہی عمل کیا جو صفا پر کیا تھا یہاں تک کہ جب آپ نے مروہ کا آخری چکر لگایا تو یہ فرمایا جو بات بعد میں میرے ذہن میں آئی اگر مجھے پہلے خیال آ جاتا تو میں قربانی کا جانور ساتھ لے کر نہ آتا اور اس عمل کو عمرہ بنا لیتا تم میں سے جس شخص کے پاس قربانی کا جانور نہ ہو وہ احرام کھول دے اور اسے عمرے میں تبدیل کر دے۔

حضرت سراقہ بن مالک بن جعشم رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا' یارسول اللہ ﷺ! کیا یہ اسی سال کے لئے مخصوص ہے یا ہمیشہ کے لئے ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی انگلیاں ایک دوسرے میں پیوست کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: عمرہ حج میں داخل ہو گیا یہ بات آپ نے دو مرتبہ ارشاد فرمائی اور فرمایا نہیں بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے' نہیں بلکہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے' حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے قربانی کے کچھ جانور لے کر آئے۔ انہوں نے سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو دیکھا کہ وہ احرام کھول چکی ہیں انہوں نے رنگین کپڑے پہنے ہوئے ہیں اور سرمہ لگایا ہوا ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس بات پر ان کا انکار کیا سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نے بتایا کہ میرے والد نے مجھے یہ ہدایت کی ہے حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گیا تا کہ سیدہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کی شکایت کروں جو انہوں نے عمل کیا ہے اس کے بارے میں نبی اکرم ﷺ سے دریافت کروں اور جو بات بتائی ہے اس کے بارے میں بھی دریافت کروں اور میں نے جو ان پر انکار کیا ہے اس کا بھی ذکر کروں تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا اس نے سچ کہا ہے جب تم نے حج کی نیت کی تھی تو کیا نیت کی تھی' حضرت علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے عرض کی' میں

نے یہ نیت کی تھی اے اللہ! میں وہی نیت کرتا ہوں جو تیرے رسول نے کی ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا میرے ساتھ تو قربانی کا جانور بھی ہے تو تم احرام نہ کھولو۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ یمن سے نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں ایک سو قربانی کے اونٹ لے کر آئے تھے۔ سب لوگوں نے احرام کھول لئے اور بال کٹوا لئے سوائے نبی اکرم ﷺ کے اور ان لوگوں کے جن کے ہمراہ قربانی کے جانور موجود تھے۔

ترویہ کے دن نبی اکرم ﷺ نے منیٰ کا رخ کیا تو ہم لوگوں نے حج کا احرام باندھ لیا نبی اکرم ﷺ سوار ہوئے' منیٰ پہنچ کر آپ نے ظہر' عصر' مغرب اور عشاء اور صبح کی نماز ادا کی۔ پھر آپ نے وہاں کچھ دیر قیام کیا یہاں تک کہ سورج طلوع ہو گیا تو آپ نے نمرہ میں ایک خیمہ لگانے کا حکم دیا پھر نبی اکرم ﷺ سوار ہو کر روانہ ہوئے قریش کو اس بارے میں کوئی شک نہیں تھا کہ آپ مشعر حرام کے نزدیک قیام کریں گے' جیسا کہ زمانہ جاہلیت میں قریش مزدلفہ کے نزدیک قیام کیا کرتے تھے' لیکن نبی اکرم ﷺ وہاں سے گزر کر عرفہ آ گئے۔ وہاں آپ کیلئے نمرہ میں خیمہ لگایا جا چکا تھا۔ نبی اکرم ﷺ سواری سے اترے جب سورج ڈھل گیا تو آپ کے حکم کے ذریعے قصواء پر پالان رکھا گیا نبی اکرم ﷺ اس پر سوار ہو کر بطن وادی میں تشریف لائے آپ نے لوگوں کو خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا۔

''بے شک تمہارے خون اموال اسی طرح قابل احترام ہیں' جیسے آج کا دن یہ مہینہ اور یہ شہر قابل احترام ہیں۔ خبردار! زمانہ جاہلیت کے تمام تر معاملات میں اپنے قدموں کے نیچے روند دیتا ہوں زمانہ جاہلیت کے تمام خون معاف ہیں اور سب سے پہلے میں اپنا وہ خون معاف کرتا ہوں جو ربیعہ بن حارث کے صاحبزادے کا تھا۔ جو بنوسعد میں دودھ پی رہا تھا اسے ہذیل قبیلے کے لوگوں نے قتل کر دیا تھا زمانہ جاہلیت کا تمام سود معاف ہے میں سب سے پہلے حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ کے وصول کرنے والے سود معاف کرتا ہوں وہ سب معاف ہیں۔ خواتین کے بارے میں اللہ سے ڈرو تم نے اللہ کی امانت کے ذریعے انہیں حاصل کیا ہے اور اللہ کے کلمے کے ذریعے ان کی شرم گاہوں کو حلال کیا ہے۔ تمہارا ان پر یہ حق ہے کہ وہ تمہارے گھر میں کسی ایسے شخص کو نہ آنے دیں جسے تم ناپسند کرتے ہو اگر وہ ایسا کریں تو ان کی پٹائی کرو لیکن زیادتی کئے بغیر' اور ان کا تم پر یہ حق ہے کہ تم ان کے کھانے پینے اور لباس کا مناسب طور پر انتظام کرو اگر تم سے میرے بارے میں سوال کیا جائے تو تم کیا جواب دو گے' لوگوں نے عرض کی ہم یہ گواہی دیتے ہیں کہ آپ نے تصدیق کر دی ہے اپنا فریضہ انجام دے دیا ہے اور خیر خواہی کی ہے' نبی اکرم ﷺ نے اپنی شہادت کی انگلی کو آسمان کی طرف اٹھایا اور پھر انگلیوں کے ذریعے اشارہ کرتے ہوئے دعا کی اے اللہ! تو گواہ ہو جا اے اللہ! تو گواہ ہو جا اے اللہ! تو گواہ ہو جا۔

پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے ایک ہی اذان دی پھر اقامت کہی نبی اکرم ﷺ نے ظہر کی نماز ادا کی پھر حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے اقامت کہی نبی اکرم ﷺ نے عصر کی نماز ادا کی آپ نے ان دونوں کے درمیان کوئی نماز ادا نہیں کی۔ پھر آپ سواری پر سوار ہوئے اور کھڑے ہو گئے آپ نے اپنی اونٹنی قصوا کا پیٹ ''مخیرات'' اور ایک روایت میں ہے ''شجیرات'' کی طرف کیا جبل مشات آپ کے سامنے تھا آپ نے قبلہ کی طرف رخ کیا اور وہاں کھڑے رہے یہاں تک کہ سورج غروب ہونے کے قریب ہو گیا۔ یہاں تک کہ سورج غروب ہو گیا اس کی زردی رخصت ہو گئی جب سورج کی ٹکیہ غروب ہو گئی آپ نے حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھایا اور روانہ ہو گئے

آپ نے قصواء اونٹنی کی لگام کھینچی ہوئی تھی یہاں تک کہ اس کا سر پالان کے ساتھ مل رہا تھا آپ اپنے دائیں ہاتھ کے ذریعے یہ فرما رہے تھے آرام سے چلو آرام سے چلو جب آپ کسی ٹیلے کے پاس آتے تو اس کی لگام ڈھیلی کر دیتے تا کہ وہ اوپر چڑھ جائے۔ یہاں تک کہ آپ مزدلفہ تشریف لے آئے وہاں آپ نے ایک اذان اور دو اقامت کے ذریعے مغرب اور عشاء کی نمازیں ادا کی پھر آپ لیٹ گئے یہاں تک کہ جب صبح صادق کا وقت ہوا تو آپ نے فجر کی نماز ایک اذان اور ایک اقامت کے ہمراہ ادا کی پھر آپ قصواء اونٹنی پر سوار ہوئے اور مشعر حرام کے قریب آ کر آپ نے قیام کیا۔

آپ نے قبلہ کی طرف منہ کیا اللہ تعالیٰ سے دعا کی اس کی کبریائی بیان کی اس کی معبودیت کا ذکر کیا اس کی وحدانیت کا تذکرہ کیا یہاں تک کہ جب اچھی طرح سے روشنی پھیل گئی تو سورج طلوع ہونے کے بعد آپ وہاں سے روانہ ہوئے' آپ نے حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ کو اپنے پیچھے بٹھا لیا وہ خوبصورت آدمی تھے ان کے بال بھی بہت خوبصورت تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہوئے تو آپ کچھ خواتین کے پاس سے گزرے جو جا رہی تھیں۔ حضرت فضل رضی اللہ عنہ نے ان کی طرف دیکھنا شروع کر دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنا ہاتھ ان کے چہرے پر رکھا اور حضرت فضل رضی اللہ عنہ کا منہ دوسری طرف موڑ دیا یہاں تک کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم محسر پہنچے تو آپ نے اپنی اونٹنی کی رفتار تیز کی اور اس درمیانی راستے پر ہو لئے جس سے تم لوگ جمرہ کبریٰ کی طرف جاتے ہو جب آپ اس جمرہ کے پاس تشریف لائے جس کے پاس درخت ہے تو وہاں آپ نے چھوٹی چھوٹی سات کنکریوں کے ذریعے رمی کی۔ پھر آپ نے بطن وادی سے رمی کی پھر آپ واپس قربان گاہ تشریف لائے وہاں آپ نے تریسٹھ اونٹ اپنے دست اقدس کے ذریعے قربان کئے اور پھر بقیہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کو دے دیئے جو انہوں نے قربان کئے آپ نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو اپنی قربانی میں شریک کر لیا تھا۔ پھر آپ کے حکم تحت ہر قربانی کے اونٹ سے کچھ حصہ لے کر ایک ہنڈیا میں پکایا گیا' ان دونوں حضرات نے وہ گوشت کھایا اس کا شوربہ پیا پھر آپ سوار ہوئے۔ بیت اللہ کی طرف روانہ ہو گئے جب آپ بیت اللہ تشریف لائے تو آپ نے مکہ میں ظہر کی نماز ادا کی پھر آپ بنو عبدالمطلب کے پاس تشریف لائے وہ لوگ زم زم میں سے پانی نکال رہے تھے آپ نے فرمایا: بنو عبدالمطلب! پانی نکالتے رہو' اگر لوگ تمہارے پلانے کے کام پر غالب نہ آ گئے ہوتے تو میں بھی تمہارے ساتھ پانی نکالتا ان لوگوں نے پانی کا ڈول آپ کی طرف بڑھایا تو آپ نے اسے نوش فرمالیا۔

**1887** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدِ الْاَصْبَهَانِيُّ اَخْبَرَنَا حَاتِمُ ابْنُ اِسْمٰعِيْلَ عَنْ جَعْفَرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَابِرٍ بِهٰذَا

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ' امام جعفر صادق رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' امام محمد باقر رحمۃ اللہ علیہ کے حوالے سے' حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُحْرِمِ اِذَا مَاتَ مَا يُصْنَعُ بِهٖ

## باب 35: حالت احرام والا شخص جب فوت ہو جائے تو اس کے ساتھ کیا کیا جائے

**1888** - اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَيْنَا رَجُلٌ وَّاقِفٌ مَّعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ فَوَقَعَ عَنْ رَاحِلَتِهٖ اَوْ قَالَ فَاَقْعَصَتْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اغْسِلُوْهُ بِمَاءٍ وَّسِدْرٍ وَّكَفِّنُوْهُ فِيْ ثَوْبَيْنِ وَلَا تُحَنِّطُوْهُ وَلَا تُخَمِّرُوْا رَاْسَهٗ فَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَبْعَثُهٗ

يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُلَبِّيًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ عرفہ میں ٹھہرا ہوا تھا وہ اپنی اونٹنی سے گر گیا (راوی کو شک ہے یا شاید) یہ الفاظ ہیں کہ اس کی اونٹنی نے اسے گرا دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسے پانی اور بیری کے پتوں کے ذریعے غسل دو اور اسے دو کپڑوں میں کفن دو اسے خوشبو نہ لگانا اور اس کا سر نہ ڈھانپنا کیونکہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے زندہ کرے گا تو یہ تلبیہ پڑھتا ہوا آئے گا۔

## بَابُ الذِّكْرِ فِي الطَّوَافِ وَالسَّعْيِ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ

## باب 36: طواف اور صفا و مروہ کے درمیان سعی کرتے ہوئے ذکر کرنا

**1889**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ زِيَادٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ اِنَّمَا جُعِلَ الطَّوَافُ بِالْبَيْتِ وَرَمْيُ الْجِمَارِ وَالسَّعْيُ بَيْنَ الصَّفَا وَالْمَرْوَةِ لِاِقَامَةِ ذِكْرِ اللّٰهِ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ كَانَ يَرْفَعُهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں بیت اللہ کے طواف رمی جمار اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کو اللہ تعالیٰ کا ذکر قائم کرنے کے لئے مقرر کیا گیا ہے۔

---

حدیث **1888**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء — **1206**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **1206**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **3241**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **951**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء — **1904**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **1850**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **3084**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء — **3959**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء — **3693**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — **6431**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی المکتب الاسلامی دار عمار بیروت لبنان عمان **1405**ھ **1985**ء — **215**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء — **12361**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — **2623**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **466**

"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ **1988**ء — **507**

"آحاد و مثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دار الرایہ ریاض سعودی عرب **1411**ھ **1991**ء — **774**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ — **14429**

ابو عاصم اس روایت کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کرتے ہیں۔

**1890**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ وَّمُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَآئِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

٭٭ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے حوالے سے منقول ہے۔

## بَابٌ فِي فَسْخِ الْحَجِّ

## باب 37: حج کو فسخ کر دینا

**1891**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ بِلَالِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَسْخُ الْحَجِّ لَنَا خَاصَّةً اَمْ لِمَنْ بَعْدَنَا قَالَ بَلْ لَنَا خَاصَّةً

٭٭ حضرت بلال بن حارث رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! حج کو فسخ کرنا صرف ہمارے لئے مخصوص ہے یا ہم سے بعد والوں کے لئے بھی ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بلکہ صرف ہمارے لئے مخصوص ہے۔

## بَابُ مَنِ اعْتَمَرَ فِي اَشْهُرِ الْحَجِّ

## باب 38: حج کے مہینوں میں عمرہ کرنا

**1892**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذِهِ عُمْرَةٌ اسْتَمْتَعْنَا بِهَا فَمَنْ لَمْ يَكُنْ مَعَهُ هَدْيٌ فَلْيَحِلَّ الْحِلَّ كُلَّهُ فَقَدْ دَخَلَتِ الْعُمْرَةُ فِي الْحَجِّ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

٭٭ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' یہ عمرہ ہے جس کے ذریعے ہم نے فائدہ حاصل کیا ہے

---

حدیث **1889** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1888**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **902**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24396**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2738**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **1685**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **9428**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **928**

"المنتقیٰ من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **457**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **8961**

حدیث **1891**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1808**

جس شخص کے ساتھ قربانی کا جانور نہ ہوا سے چاہیے کہ مکمل طور پر احرام کھول دے۔ کیونکہ عمرہ حج میں قیامت تک کے لئے داخل ہو گیا ہے۔

**1893**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ رَبِيعِ بْنِ سَبْرَةَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُمْ سَارُوْا مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى بَلَغُوا عُسْفَانَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي مُدْلِجٍ يُقَالُ لَهُ مَالِكُ بْنُ سُرَاقَةَ اَوْ سُرَاقَةُ بْنُ مَالِكٍ اقْضِ لَنَا قَضَاءَ قَوْمٍ وُلِدُوا الْيَوْمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ قَدْ اَدْخَلَ عَلَيْكُمْ فِي حَجِّكُمْ هٰذَا عُمْرَةً فَاِذَا اَنْتُمْ قَدِمْتُمْ فَمَنْ تَطَوَّفَ بِالْبَيْتِ وَبِالصَّفَا وَالْمَرْوَةِ فَقَدْ حَلَّ اِلَّا مَنْ كَانَ مَعَهُ هَدْيٌ

☆☆ حضرت ربیع بن سبرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ان کے والد نے انہیں بتایا تھا' ان حضرات نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سفر کیا۔ یہاں تک کہ وہ لوگ عسفان پہنچے تو بنو مدلج سے تعلق رکھنے والے شخص نے' جس کا نام مالک بن سراقہ' یا شاید سراقہ بن مالک تھا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا ان لوگوں کے بارے میں ہمیں حکم بتا دیجئے جو آج پیدا ہوئے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اسے اللہ تعالیٰ نے تمہارے حج میں اس عمرے کو داخل کر دیا ہے لہٰذا تم لوگ آؤ جو شخص بیت اللہ کا طواف اور صفا اور مروہ کے درمیان سعی کر لے وہ احرام کھول دے البتہ جس شخص کے ہمراہ قربانی کا جانور ہو اس کا حکم مختلف ہے۔

## بَاب كَمِ اعْتَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 39: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کتنے عمرے کئے

**1894**- اَخْبَرَنَا شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ

حدیث **1892**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1241**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1790**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء **2815**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2115**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ **1991**ء **3797**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **8645**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ **1983**ء **11045**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفہ' بیروت' لبنان **2642**

حدیث **1893**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1801**

حدیث **1894**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1253**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1993**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **816**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3003**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12395**

عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْتَمَرَ اَرْبَعَ عُمَرٍ عُمْرَةَ الْحُدَيْبِيَةِ وَعُمْرَةَ الْقَضَاءِ اَوْ قَالَ عُمْرَةَ الْقِصَاصِ شَكَّ شِهَابُ بْنُ عَبَّادٍ مِّنْ قَابِلٍ وَّالثَّالِثَةَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ وَالرَّابِعَةَ الَّتِي مَعَ حَجَّتِهٖ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چار عمرے کئے ہیں' ایک حدیبیہ کے موقع پر عمرہ کیا دوسرا عمرہ قضا راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں عمرہ قصاص ہے جو اگلے برس کیا' تیسرا جعرانہ سے کیا اور چوتھا حج کے ہمراہ کیا۔

# بَابٌ فِيْ فَضْلِ الْعُمْرَةِ فِيْ رَمَضَانَ

## باب 40: رمضان کے مہینے میں عمرہ کرنے کی فضیلت

**1895**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِامْرَاَةٍ اعْتَمِرِيْ فِيْ رَمَضَانَ فَاِنَّ عُمْرَةً فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون سے فرمایا تم رمضان کے مہینے میں عمرہ کرو کیونکہ رمضان کے مہینے میں عمرہ کرنا حج کرنے کے برابر ہے۔

**1896**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عِيْسَى بْنِ مَعْقِلِ بْنِ اَبِيْ مَعْقِلٍ الْاَسَدِيِّ اَسَدُ خُزَيْمَةَ حَدَّثَنِيْ يُوْسُفُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ عَنْ جَدَّتِهٖ اُمِّ مَعْقِلٍ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُمْرَةٌ فِيْ رَمَضَانَ تَعْدِلُ حَجَّةً

---

بقیہ حدیث **1894** "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 3764

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' 1390ھ/ 1970ء — 3071

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 4372

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 4218

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 8520

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 2872

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 11629

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991ء — 1652

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء — 809

حدیث **1895** "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 2110

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 17873

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 4227

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 8525

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 371

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 3699

☆☆ یوسف بن عبداللہ اپنی دادی ام معقل کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: رمضان کے مہینے میں عمرہ کرنا حج کرنے کے برابر ہے۔

## بَابُ الْمِيقَاتِ فِي الْعُمْرَةِ

## باب41: عمرہ کا میقات

**1897**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْبَزَّازُ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُزَاحِمُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ مُحَرِّشٍ الْكَعْبِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ مِنَ الْجِعْرَانَةِ حِينَ اَنْشَاَ مُعْتَمِرًا فَدَخَلَ مَكَّةَ لَيْلًا فَقَضَى عُمْرَتَهُ ثُمَّ خَرَجَ مِنْ تَحْتِ لَيْلَتِهِ فَاَصْبَحَ بِالْجِعْرَانَةِ كَبَائِتٍ

☆☆ حضرت محرش کعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے جب عمرہ کرنے کا ارادہ کیا تو آپ جعرانہ سے روانہ ہوئے رات کے وقت آپ مکہ میں داخل ہوئے آپ نے عمرہ ادا کیا اور پھر رات ہی میں واپس تشریف لے آئے۔ صبح کے وقت آپ جعرانہ میں تھے یوں جیسے آپ نے رات وہیں بسر کی ہے۔

---

حدیث **1896**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/ **1987**ء **1690**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **939**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2991**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2809**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **3700**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **4225**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' **1414**ھ/ **1994**ء **8524**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **370**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **11299**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **932**

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **504**

حدیث **1897**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **935**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء **2863**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15551**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **3846**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' **1414**ھ/ **1994**ء **8575**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **863**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **770**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **15584**

**1898**- حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو سَمِعَ عَمْرَو بْنَ اَوْسٍ يَقُوْلُ اَخْبَرَنِىْ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ يَقُوْلُ اَمَرَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ اُرْدِفَ عَائِشَةَ فَاُعْمِرَهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ قَالَ سُفْيَانُ كَانَ شُعْبَةُ يُعْجِبُهُ مِثْلَ هٰذَا الْاِسْنَادِ

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے یہ ہدایت کی تھی' میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کو اپنے ساتھ سواری پر بٹھاؤں اور انہیں تنعیم سے عمرہ کرواؤں۔

سفیان کہتے ہیں شعبہ اس حدیث کی سند کو پسند کرتے ہیں۔

**1899**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يُوْنُسَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ الْعَطَّارُ عَنِ ابْنِ خُثَيْمٍ عَنْ يُوْسُفَ بْنِ مَاهَكَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ اَبِىْ بَكْرٍ الصِّدِّيْقِ عَنْ اَبِيْهَا اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ اَرْدِفْ اُخْتَكَ يَعْنِىْ عَائِشَةَ وَاَعْمِرْهَا مِنَ التَّنْعِيْمِ فَاِذَا هَبَطْتَ مِنَ الْاَكَمَةِ فَمُرْهَا فَلْتُحْرِمْ فَاِنَّهَا عُمْرَةٌ مُتَقَبَّلَةٌ

حضرت حفصہ بنت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہا اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر رضی اللہ عنہ کو یہ حکم دیا اپنی بہن یعنی سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کو اپنے ساتھ سواری پر بٹھاؤ اور انہیں تنعیم سے عمرہ کرواؤ جب تم ٹیلے سے نیچے اترو تو انہیں ہدایت کرنا وہ احرام باندھ لیں گی' یہ مقبول عمرہ ہوگا۔

## بَابٌ فِىْ تَقْبِيْلِ الْحَجَرِ

## باب 42: حجر اسود کو بوسہ دینا

حدیث **1898**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء — 1692

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1212

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1995

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 934

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2999

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1705

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء — 3025

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 1766

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — 4230

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 8578

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 563

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ/1991ء — 684

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء — 655

"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' 1410ھ/1990ء — 35

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 12939

**1900**- اَخْبَرَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ اِنِّي لَاُقَبِّلُكَ وَاِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَّلٰكِنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُقَبِّلُكَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا تھا (اے حجر اسود) میں تجھے بوسہ دے رہا ہوں حالانکہ مجھے پتہ ہے تو صرف ایک پتھر ہے لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو تجھے بوسہ دیتے ہوئے دیکھا ہے۔

**1901**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُثْمَانَ قَالَ رَاَيْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبَّادِ بْنِ جَعْفَرٍ يَسْتَلِمُ الْحَجَرَ ثُمَّ يُقَبِّلُهُ وَيَسْجُدُ عَلَيْهِ فَقُلْتُ لَهُ مَا هٰذَا فَقَالَ رَاَيْتُ خَالَكَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبَّاسٍ يَفْعَلُهُ ثُمَّ قَالَ رَاَيْتُ عُمَرَ فَعَلَهُ ثُمَّ قَالَ اِنِّي لَاَعْلَمُ اَنَّكَ حَجَرٌ وَّلٰكِنِّي رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُ هٰذَا

---

حدیث **1900** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **1520**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1270**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر بیروت لبنان **1873**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **860**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء **2937**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر بیروت لبنان **2943**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **818**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **131**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء **3821**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ **1970**ء **2711**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1990**ء **1682**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء **3918**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **9001**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ **1984**ء **217**

"معجم صغیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار بیروت لبنان' عمان **1405**ھ **1985**ء **171**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین قاہرہ مصر **1415**ھ **1719**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفہ بیروت لبنان **34**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **9**

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ **1988**ء **452**

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر **1408**ھ **1988**ء **26**

"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر بیروت لبنان **1410**ھ **1990**ء **2152**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ **9033**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **17451**

☆☆ جعفر بن عبداللہ بیان کرتے ہیں' میں نے محمد بن عباد کو حجر اسود کو چھوتے اور بوسہ دیتے ہوئے اس پر سجدہ کرتے ہوئے دیکھا ان سے دریافت کیا یہ آپ نے کیا کیا ہے انہوں نے جواب دیا میں نے تمہارے ماموں حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ کرتے ہوئے دیکھا ہے انہوں نے بتایا تھا کہ میں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو یہ کرتے ہوئے دیکھا ہے اور پھر حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے کہا مجھے پتہ ہے کہ تو صرف ایک پتھر ہے لیکن میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا کرتے ہوئے دیکھا ہے۔

## بَابُ الصَّلٰوةِ فِي الْكَعْبَةِ

## باب 43: خانہ کعبہ میں نماز پڑھنا

**1902- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ**

حدیث 1901: ''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 2714

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 1672

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 9005

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 219

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 28

حدیث 1902: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 482

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1329

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2023

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 874

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء 749

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 3063

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 895

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 2126

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء 3201

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء 3010

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء 825

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 3601

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/عمان' 1405ھ 1985ء 326

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء 1031

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 1849

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) 692

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ/1991ء 612

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ وَرَدِيفُهُ أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ فَأَنَاخَ فِي أَصْلِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ وَسَعَى النَّاسُ فَدَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبِلَالٌ وَأُسَامَةُ فَقُلْتُ لِبِلَالٍ مِنْ وَرَاءِ الْبَابِ أَيْنَ صَلَّى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ بَيْنَ السَّارِيَتَيْنِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم مکہ میں داخل ہوئے تو حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ آپ کے ہمراہ سواری پر سوار تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خانہ کعبہ کے قریب اپنی سواری کو بٹھایا' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں وہ دوڑتے ہوئے آئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم' حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ خانہ کعبہ کے اندر تشریف لے گئے میں نے دروازے سے باہر سے حضرت بلال رضی اللہ عنہ سے پوچھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کہاں نماز ادا کی ہے تو انہوں نے جواب دیا دو ستونوں کے درمیان۔

**1903**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّهُ قَالَ دَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْبَيْتَ هُوَ وَأُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ وَبِلَالٌ وَعُثْمَانُ بْنُ طَلْحَةَ الْحَجَبِيُّ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بیت اللہ میں داخل ہوئے آپ کے ہمراہ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ بھی تھے اور حضرت بلال رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان بن طلحہ حجبی رضی اللہ عنہ تھے (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

## بَابُ الْحِجْرِ مِنَ الْبَيْتِ

## باب 44: حطیم' بیت اللہ کا حصہ ہے

**1904**- حَدَّثَنِي فَرْوَةُ بْنُ أَبِي الْمَغْرَاءِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ

بقیہ حدیث 1902 "مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ' 1988ء 360
"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 15020
"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 9064
حدیث 1904 "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء 126
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1333
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 875
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء 2901
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2955
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 24342
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1414ھ' 1993ء 3816
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ' 1970ء 2742
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ' 1990ء 1764
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ' 1991ء 3885
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ' 1994ء 9100

قَالَ لِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْلَا حَدَاثَةُ عَهْدِ قَوْمِكِ بِالْكُفْرِ لَنَقَضْتُ الْكَعْبَةَ ثُمَّ لَبَنَيْتُهَا عَلَى أُسِّ إِبْرَاهِيمَ فَإِنَّ قُرَيْشًا حِينَ بَنَتِ اسْتَقْصَرَتْ ثُمَّ جَعَلْتُ لَهَا خَلْفًا

٭٭ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اگر تمہاری قوم کفر کے زمانے کے نزدیک نہ ہوتی تو میں خانہ کعبہ کو ڈھا کر اسے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی بنیادوں کے مطابق تعمیر کرتا کیونکہ قریش نے اسے بناتے ہوئے اسے چھوٹا کر دیا تھا اور میں اس کے پیچھے کی طرف والا دروازہ بھی بناتا۔

**1905**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَشْعَثِ بْنِ سُلَيْمٍ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَأَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحِجْرِ اَمِنَ الْبَيْتِ هُوَ قَالَ نَعَمْ قُلْتُ فَمَا لَهُمْ لَمْ يُدْخِلُوْهُ فِي الْبَيْتِ فَقَالَ اِنَّ قَوْمَكِ قَصَّرَتْ بِهِمُ النَّفَقَةُ قُلْتُ فَمَا شَأْنُ بَابِهِ مُرْتَفِعًا قَالَ فَعَلَ ذٰلِكَ قَوْمُكِ لِيُدْخِلُوْا مَنْ شَاءُوْا وَيَمْنَعُوْا مَنْ شَاءُوْا وَلَوْلَا اَنَّ قَوْمَكِ حَدِيثُ عَهْدٍ بِجَاهِلِيَّةٍ فَاَخَافُ اَنْ تُنْكِرَ قُلُوْبُهُمْ لَعَمَدْتُ اِلَى الْحِجْرِ فَجَعَلْتُهُ فِي الْبَيْتِ وَاَلْزَقْتُ بَابَهُ بِالْاَرْضِ

٭٭ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حطیم کے بارے میں دریافت کیا' کیا یہ بیت اللہ کا حصہ ہے آپ نے جواب دیا ہاں! میں نے دریافت کیا ان لوگوں نے اس حصے کو بیت اللہ میں شامل کیوں نہیں کیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تمہاری قوم کے پاس خرچ کم ہو گیا تھا میں نے دریافت کیا ان لوگوں نے اس کا دروازہ اونچا کیوں رکھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تمہاری قوم نے ایسا اس لئے کیا کیونکہ وہ جسے چاہتے اندر داخل ہونے دیں اور جسے چاہے اندر داخل ہونے سے روک دیں اگر تمہاری قوم زمانہ جاہلیت نئی نئی چھوڑ کر (مسلمان نہ ہوئی ہوتی) اور مجھے یہ اندیشہ نہ ہوتا کہ ان کے دل منکر ہو جائیں گے تو میں حطیم کو بیت اللہ میں شامل کرتا اور اس کا دروازہ زمین کے ساتھ ملا دیتا۔

## بَابُ فِي التَّحْصِيبِ

## باب 45: تحصیب (میں رات بسر کرنا)

**1906**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرٍو عَنْ عَطَاءٍ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُوْلُ التَّحْصِيبُ لَيْسَ بِشَيْءٍ اِنَّمَا هُوَ مَنْزِلٌ نَزَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ التَّحْصِيبُ مَوْضِعٌ بِمَكَّةَ وَهُوَ مَوْضِعٌ بِبَطْحَاءَ

---

بقیہ حدیث **1904** ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام **1404**ھ - **1984**ء **4628**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **1382**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء **551**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی موسسہ نادر بیروت لبنان **1410**ھ **1990**ء **2525**

حدیث **1905** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **1507**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2955**

٭٭ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں تحصیب میں رات بسر کرنا کوئی حکم نہیں ہے۔ یہ جگہ ہے جہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پڑاؤ کیا تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: تحصیب مکہ میں ایک جگہ ہے اور یہ بطحاء میں بھی ایک جگہ کا نام ہے۔

## بَابٌ كَمْ صَلٰوةً يُصَلِّيْ بِمِنًى حَتّٰى يَغْدُوَ اِلٰى عَرَفَاتٍ

## باب 46: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم منیٰ میں کتنی نمازیں ادا کرنے کے بعد عرفات کی طرف روانہ ہوئے

**1907**- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ كُدَيْنَةَ هُوَ يَحْيَى بْنُ الْمُهَلَّبِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَلَّى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِنًى خَمْسَ صَلَوَاتٍ

٭٭ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں پانچ نمازیں ادا کی۔

**1908**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ وَاَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ حَنْبَلٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ رُفَيْعٍ قَالَ قُلْتُ لِاَنَسِ بْنِ مَالِكٍ حَدِّثْنِيْ بِشَيْءٍ عَقَلْتَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيْنَ صَلَّى الظُّهْرَ يَوْمَ التَّرْوِيَةِ قَالَ بِمِنًى قَالَ قُلْتُ فَاَيْنَ صَلَّى الْعَصْرَ يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ بِالْاَبْطَحِ ثُمَّ قَالَ اصْنَعْ مَا يَصْنَعُ اُمَرَاؤُكَ

٭٭ عبدالعزیز بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس بن مالک سے دریافت کیا' آپ مجھے کوئی ایسی حدیث سنائیں جو آپ کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یاد ہو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تبیہ کے دن ظہر کی نماز کہاں ادا کی؟ انہوں نے جواب دیا' منیٰ میں' میں نے دریافت کیا روانگی کے دن آپ نے عصر کی نماز کہاں ادا کی؟ انہوں نے جواب دیا' بطحاء میں' پھر حضرت انس رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم وہی کرو جو تمہارے امراء کرتے ہیں۔

**1909**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِيْ خَالِدٌ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ هِلَالٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الظُّهْرَ وَالْعَصْرَ وَالْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ وَرَقَدَ رَقْدَةً بِمِنًى ثُمَّ

---

حدیث **1907** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2700**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ **1983**. **12126**

حدیث **1908** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**. **1674**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1309**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1912**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **964**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**. **2997**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**. **3846**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**. **958**

رَكِبَ اِلَى الْبَيْتِ فَطَافَ بِهِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ظہر' عصر' مغرب اور عشاء کی نماز ادا کی پھر آپ منیٰ میں کچھ دیر سو گئے پھر آپ سوار ہو کر بیت اللہ کی طرف آئے اور اس کا طواف کیا۔

# بَابُ قَصْرِ الصَّلٰوةِ بِمِنًى

# باب 47: منیٰ میں قصر نماز ادا کرنا

**1910- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ اَبِى الْاَسْوَدِ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ**

---

حدیث 1909: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1669

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2013

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 5756

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 3884

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — 962

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 4204

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 9517

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء — 5694

"المنتقیٰ من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/1988ء — 493

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء — 8755

حدیث 1910: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1032

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 694

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1960

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 545

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — 1447

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 902

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 3953

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 2758

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — 2962

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 1905

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 5110

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء — 4271

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ — 777

بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَصَلَّى مَعَ عُثْمَانَ بِمِنًى اَرْبَعَ رَكَعَاتٍ لَقَدْ صَلَّيْتُ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ هٰذَا الْمَكَانِ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ اَبِيْ بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ وَمَعَ عُمَرَ رَكْعَتَيْنِ رَكْعَتَيْنِ ثُمَّ تَفَرَّقَتْ بِكُمُ الطُّرُقُ فَلَيْتَ حَظِّي مِنْ اَرْبَعِ رَكَعَاتٍ رَكْعَتَانِ مُتَقَبَّلَتَانِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے' حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں منیٰ میں چار رکعت ادا کرنے کے بعد فرمایا میں نے اس جگہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اقتدا میں دو رکعت ادا کی ہیں اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں دو رکعت ادا کی ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی اقتدا میں دو رکعت ادا کی ہیں' پھر تمہارے راستے مختلف ہو گئے کاش مجھے ان چار رکعات کی بجائے دو مقبول رکعات ہی مل جاتی۔

**1911**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى بِمِنًى رَكْعَتَيْنِ وَاَبَا بَكْرٍ رَكْعَتَيْنِ وَعُمَرَ رَكْعَتَيْنِ وَعُثْمَانَ رَكْعَتَيْنِ صَدْرًا مِنْ اِمَارَتِهٖ ثُمَّ اَتَمَّهَا بَعْدُ

☆☆ سالم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے منیٰ میں دو رکعت ادا کی ہیں' حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دو رکعت ادا کی ہیں اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دو رکعت ادا کی ہیں' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ اپنی دور خلافت کے ابتدائی دور میں دو رکعت ادا کرتے رہے' لیکن بعد میں پوری چار پڑھنے لگے۔

## بَابٌ كَيْفَ الْعَمَلُ فِي الْقُدُوْمِ مِنْ مِنًى اِلٰى عَرَفَةَ

## باب 48: منیٰ سے عرفات جاتے ہوئے کیا طریقہ اختیار کیا جائے

**1912**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ يَحْيٰى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ مِنًى فَمِنَّا مَنْ يُّكَبِّرُ وَمِنَّا مَنْ يُّلَبِّي

---

بقیہ حدیث **1910**: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء **3249**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ بیروت لبنان **1947**

''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/ 1988ء **491**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ **13982**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ **4269**

حدیث **1912**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1284**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ/ 1986ء **3000**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **4850**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء **3991**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء **6066**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء **13302**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1211**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر بیروت لبنان 1410ھ/ 1990ء **2907**

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی میں منیٰ سے روانہ ہوئے ہم میں سے بعض لوگ تکبیر کہہ رہے تھے اور بعض لوگ تلبیہ پڑھ رہے تھے۔

**1913**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الثَّقَفِيُّ قَالَ سَاَلْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ وَنَحْنُ غَادِيَانِ مِنْ مِنًى اِلَى عَرَفَاتٍ عَنِ التَّلْبِيَةِ كَيْفَ كُنْتُمْ تَصْنَعُونَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَانَ يُلَبِّي الْمُلَبِّي فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ وَيُكَبِّرُ الْمُكَبِّرُ فَلَا يُنْكَرُ عَلَيْهِ

☆☆ محمد بن ابوبکر بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے سوال کیا' ہم لوگ اس وقت منیٰ سے عرفات جا رہے تھے میرا سوال تلبیہ کے بارے میں تھا آپ لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمراہی میں کیا کرتے تھے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ نے جواب دیا کچھ لوگ تلبیہ پڑھتے تھے ان پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہوتا تھا اور کچھ لوگ تکبیر پڑھتے تھے ان پر بھی کوئی اعتراض نہیں ہوتا تھا۔

## بَابُ الْوُقُوفِ بِعَرَفَةَ

## باب 49: عرفہ میں وقوف اختیار کرنا

**1914**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ قَالَ قَالَ جُبَيْرٌ اَضْلَلْتُ بَعِيرًا لِي فَذَهَبْتُ اَطْلُبُهُ فَرَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاقِفًا مَعَ النَّاسِ بِعَرَفَةَ فَقُلْتُ وَاللّٰهِ اِنَّ هٰذَا لَمِنَ الْحُمْسِ فَمَا شَاْنُهُ هَا هُنَا

☆☆ محمد بن جبیر بن مطعم بیان کرتے ہیں' حضرت جبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میرا اونٹ گم ہو گیا میں اسے تلاش کرنے کے لئے نکلا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو لوگوں کے ہمراہ عرفہ میں کھڑے ہوئے پایا میں نے سوچا اللہ کی قسم ان کا تعلق حمس (قریش) سے ہے (یہ اس وقت) یہاں کیا کر رہے ہیں (کیونکہ قریش وہاں قیام نہیں کرتے تھے)

---

حدیث **1914** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء — **1581**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1220**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء — **3013**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **16783**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — **3849**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ/1970ء — **3059**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1990ء — **1773**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — **4009**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء — **9235**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء — **1556**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **559**

# بَاب عَرَفَةُ كُلُّهَا مَوْقِفٌ

## باب 50: پورا عرفہ ٹھہرنے کی جگہ ہے

**1915**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَمَى ثُمَّ قَعَدَ لِلنَّاسِ فَجَاءَهُ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي حَلَقْتُ قَبْلَ أَنْ أَنْحَرَ قَالَ لَا حَرَجَ ثُمَّ جَاءَهُ آخَرُ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنِّي طُفْتُ قَبْلَ أَنْ أَرْمِيَ قَالَ لَا حَرَجَ قَالَ فَمَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ إِلَّا قَالَ لَا حَرَجَ ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ عَرَفَةَ مَوْقِفٌ وَكُلُّ مُزْدَلِفَةَ مَوْقِفٌ وَمِنًى كُلُّهَا مَنْحَرٌ وَكُلُّ فِجَاجِ مَكَّةَ طَرِيقٌ وَمَنْحَرٌ

★★ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے رمی کی پھر آپ لوگوں کے سامنے بیٹھ گئے ایک صاحب آئے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قربانی سے پہلے ہی سر منڈوالیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کوئی حرج نہیں ہے۔ ایک اور صاحب آئے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے رمی کرنے سے پہلے ہی طواف کرلیا ہے آپ نے فرمایا کوئی حرج نہیں ہے (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے جس چیز کے بارے میں سوال کیا گیا آپ نے یہی جواب دیا کوئی حرج نہیں ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا عرفہ سارے کا سارا ٹھہرنے کی جگہ ہے اور مزدلفہ سارے کا سارا ٹھہرنے کی جگہ ہے اور منیٰ میں ہر جگہ قربانی ہوسکتی ہے اور مکہ کی ہر گلی گزرگاہ اور راستہ قربانی کی جگہ ہے۔

---

حدیث **1915** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء — **124**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **1307**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **2014**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **3052**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **941**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **1858**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء — **3877**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ **1970**ء — **2774**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء — **4103**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — **9693**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء — **473**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — **2285**

"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ **1988**ء — **488**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دار الرایہ ریاض سعودی عرب **1411**ھ **1991**ء — **1469**

## بَابُ كَيْفَ السَّيْرُ فِي الْإِفَاضَةِ مِنْ عَرَفَةَ

## باب 51: عرفہ سے روانگی کے وقت کیسے چلا جائے

**1916** - حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّهُ كَانَ رَدِيفَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَفَاضَ مِنْ عَرَفَةَ وَكَانَ يَسِيرُ الْعَنَقَ فَإِذَا أَتَى عَلَى فَجْوَةٍ نَصَّ

☆☆ حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سواری پر سوار تھے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم عرفہ سے روانہ ہوئے تو آپ آہستہ چل رہے تھے جب آپ کسی ٹیلے کے پاس تشریف لاتے تو سواری کو تیز کر لیتے۔

## بَابُ الْجَمْعِ بَيْنَ الصَّلَاتَيْنِ بِجَمْعٍ

## باب 52: مزدلفہ میں دو نمازیں ایک ساتھ ادا کرنا

**1917** - حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ عُقْبَةَ أَخْبَرَنِي كُرَيْبٌ أَنَّهُ سَأَلَ أُسَامَةَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ أَخْبِرْنِي عَشِيَّةَ رَدِفْتَ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَيْفَ فَعَلْتُمْ أَوْ صَنَعْتُمْ قَالَ جِئْنَا الشِّعْبَ الَّذِي يُنِيخُ النَّاسُ فِيهِ لِلْمُعَرَّسِ فَأَنَاخَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَاقَتَهُ ثُمَّ بَالَ وَمَا قَالَ أَهْرَاقَ الْمَاءَ ثُمَّ دَعَا بِالْوَضُوءِ فَتَوَضَّأَ وُضُوءًا لَيْسَ بِالسَّابِغِ جِدًّا قُلْتُ يَا رَسُولَ اللَّهِ الصَّلَاةَ قَالَ الصَّلَاةُ أَمَامَكَ قَالَ فَرَكِبَ حَتَّى قَدِمْنَا الْمُزْدَلِفَةَ فَأَقَامَ الْمَغْرِبَ ثُمَّ أَنَاخَ وَالنَّاسُ فِي مَنَازِلِهِمْ فَلَمْ يَحِلُّوا حَتَّى أَقَامَ الْعِشَاءَ الْآخِرَةَ فَصَلَّى ثُمَّ حَلَّ النَّاسُ قَالَ قُلْتُ أَخْبِرْنِي كَيْفَ فَعَلْتُمْ حِينَ أَصْبَحْتُمْ قَالَ رَدِفَهُ الْفَضْلُ بْنُ عَبَّاسٍ فَانْطَلَقْتُ أَنَا فِي سُبَّاقِ قُرَيْشٍ عَلَى رِجْلَيَّ

☆☆ کریب بیان کرتے ہیں انہوں نے حضرت اُسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے سوال کیا کہ جب آپ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سواری پر سوار تھے تو اس شام آپ نے کیا کیا۔ مجھے اس بارے میں بتائیں۔ حضرت اُسامہ نے جواب دیا جب ہم اس گھاٹی میں آئے جہاں لوگ رات کے وقت اونٹ بٹھاتے تھے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں (اونٹنی کو) بٹھایا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے پیشاب کیا (راوی کہتے ہیں انہوں نے) یہ نہیں کہا کہ پانی دو پھر آپ نے وضو کے لئے پانی منگوایا اور وضو کیا لیکن اس میں اسباغ نہیں کیا۔ پھر میں نے عرض کیا یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نماز۔ آپ نے فرمایا: نماز آگے چل کر پڑھیں گے۔ حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر آپ سوار ہوئے یہاں

| | |
|---|---|
| حدیث **1917**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **21880** |
| "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء | **973** |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **9271** |
| "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | **1921** |
| "مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/ **1988**ء | **1280** |
| "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/ **1986**ء | **3025** |
| "مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء | **3019** |

تک کہ ہم مزدلفہ آ گئے۔ آپ نے مغرب کی نماز ادا کی پھر آپ نے اپنی اونٹنی کو بٹھایا لوگ اپنے اپنے پڑاؤ کی جگہ پر تھے اور انہوں نے اس وقت تک احرام نہ کھولا جب تک عشاء کی نماز ادا نہ کر لی اور جب نبی اکرم ﷺ نے نماز پڑھا دی تو پھر لوگوں نے اپنا اپنا احرام کھول لیا۔

کریب بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی مجھے یہ بتائیں اگلے دن آپ نے صبح کیا کیا؟ تو حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا اس وقت حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم ﷺ کے ساتھ سوار تھے میں قریش کے چند لوگوں کے ساتھ پیدل آگے چلا گیا تھا۔

**1918**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ كُرَيْبِ بْنِ اَبِى مُسْلِمٍ عَنْ اُسَامَةَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**1919**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ عَدِىُّ بْنُ ثَابِتٍ اَنْبَانِى قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ عَنْ اَبِى اَيُّوبَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمَعَ بَيْنَ الْمَغْرِبِ وَالْعِشَاءِ يَعْنِى بِجَمْعٍ

☆☆ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مغرب اور عشاء کی نماز ایک ساتھ ادا کی تھی۔

(راوی کہتے ہیں) یعنی مزدلفہ میں۔

**1920**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى ذِئْبٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلَّى الْمَغْرِبَ وَالْعِشَاءَ بِالْمُزْدَلِفَةِ لَمْ يُنَادِ فِى وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا اِلَّا بِالْاِقَامَةِ وَلَمْ يُسَبِّحْ بَيْنَهُمَا وَلَا عَلَى اِثْرِ وَاحِدَةٍ مِّنْهُمَا

☆☆ سالم اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے مزدلفہ میں مغرب اور عشاء کی

حدیث **1919**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — **1590**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1287**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1926**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — **605**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **3021**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **898**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **5186**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ 1993ء — **3850**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ 1970ء — **2848**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1991ء — **4023**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — **1743**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ 1984ء — **5791**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ 1983ء — **3862**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — **2720**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **383**

نماز ایک ساتھ ادا کی ان میں کسی ایک کے لیے بھی اذان نہیں دی گئی صرف اقامت کہی گئی۔ آپ نے ان دونوں کے درمیان کوئی (تسبیح یا نوافل) ادا نہیں کیے اور ان دونوں میں سے کسی ایک نماز کے بعد بھی (کوئی تسبیح یا نوافل) ادا نہیں کیے۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِي النَّفْرِ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

## باب 53: مزدلفہ سے رات کے وقت ہی روانہ ہو جانے کی رخصت

**1921**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ شَوَّالٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اُمَّ حَبِيبَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهَا اَنْ تَنْفِرَ مِنْ جَمْعٍ بِلَيْلٍ

❁ ❁ سیدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں یہ ہدایت کی کہ وہ مزدلفہ سے رات کے وقت ہی روانہ ہو جائیں۔

**1922**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا اَفْلَحُ قَالَ سَمِعْتُ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اسْتَاْذَنَتْ سَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْذَنَ لَهَا فَتَدْفَعَ قَبْلَ اَنْ يَدْفَعَ فَاَذِنَ لَهَا قَالَ الْقَاسِمُ وَكَانَتِ امْرَاَةً ثَبِطَةً قَالَ الْقَاسِمُ الثَّبِطَةُ الثَّقِيلَةُ فَدَفَعَتْ وَحُبِسْنَا مَعَهُ حَتّٰى دَفَعْنَا بِدَفْعِهِ قَالَتْ عَائِشَةُ فَلَاَنْ اَكُوْنَ اسْتَاْذَنْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَمَا اسْتَاْذَنَتْ سَوْدَةُ فَاَدْفَعَ قَبْلَ النَّاسِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ مَفْرُوحٍ بِهِ

❁ ❁ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں سیدہ سودہ بنت زمعہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ اجازت مانگی کہ آپ اپنے روانہ ہونے سے پہلے ہی انہیں روانگی کی اجازت دیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں اجازت دے دی۔

قاسم بیان کرتے ہیں وہ ایک بھاری بھرکم خاتون تھیں (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) وہ روانہ ہو گئیں اور ہم لوگ وہیں رہے۔ یہاں تک کہ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے۔

---

حدیث **1922** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **1596**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1290**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء **3037**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **24679**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **3861**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء **2869**

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **4033**

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **9296**

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء **4808**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) 1412ھ/1991ء **71**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء **56**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبۃ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ **589**

سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں جس طرح سیدہ سودہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے اجازت مانگی تھی میں بھی اسی طرح آپ سے اجازت لے کر لوگوں سے پہلے چلی جاتی تو یہ بات میرے نزدیک ہر اس چیز سے زیادہ پسندیدہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے خوش ہوا جاتا ہے۔

## بَابٌ بِمَا يَتِمُّ الْحَجُّ

## باب 54: کس عمل کے ذریعے حج مکمل ہوتا ہے

**1923**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا بُكَيْرُ بْنُ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَعْمُرَ الدِّيلِيَّ يَقُوْلُ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْحَجِّ فَقَالَ الْحَجُّ عَرَفَاتٌ اَوْ يَوْمُ عَرَفَةَ وَمَنْ اَدْرَكَ لَيْلَةَ جَمْعٍ قَبْلَ صَلٰوةِ الصُّبْحِ فَقَدْ اَدْرَكَ وَقَالَ اَيَّامُ مِنًى ثَلَاثَةُ اَيَّامٍ (فَمَنْ تَعَجَّلَ فِيْ يَوْمَيْنِ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ وَمَنْ تَاَخَّرَ فَلَا اِثْمَ عَلَيْهِ)

☆☆ عبدالرحمن بن یعمر دیلی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے حج کے بارے میں دریافت کیا گیا تو آپ نے فرمایا حج عرفات (میں قیام) کا نام ہے (راوی کو شک ہے یا شاید یہ فرمایا) عرفہ کا نام ہے۔ جو شخص فجر کی نماز سے پہلے مزدلفہ میں رات کے وقت پہنچ جاتا ہے اس نے حج کو پالیا۔

آپ فرماتے ہیں منیٰ کے ایام تین ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''جو شخص دو دنوں میں جلدی کرے اسے کوئی گناہ نہیں اور جو تاخیر سے کام لے اسے بھی کوئی گناہ نہیں''۔

**1924**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ مُضَرِّسٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى

---

حدیث **1923** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18797**

حدیث **1924** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر بیروت' لبنان **1950**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **891**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **3039**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18326**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء **3851**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' **1390**ھ **1970**ء **2821**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1990**ء **1702**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء **4048**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **9252**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء **377**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1282**

''المنتقی من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتاب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ **1988**ء **467**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **13682**

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْمَوْقِفِ عَلٰى رُءُوسِ النَّاسِ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ جِئْتُ مِنْ جَبَلَيْ طَيِّءٍ اَكْلَلْتُ مَطِيَّتِيْ وَاَتْعَبْتُ نَفْسِيْ وَاللّٰهِ اِنْ بَقِيَ جَبَلٌ اِلَّا وَقَفْتُ عَلَيْهِ فَهَلْ لِيْ مِنْ حَجٍّ قَالَ مَنْ شَهِدَ مَعَنَا هٰذِهِ الصَّلٰوةَ وَقَدْ اَتٰى عَرَفَاتٍ قَبْلَ ذٰلِكَ لَيْلًا اَوْ نَهَارًا فَقَدْ قَضٰى تَفَثَهُ وَتَمَّ حَجُّهُ

حضرت عروہ بن مضرس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص میدان عرفات میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اس وقت نبی اکرم موجود تھے اس نے عرض کی: اے اللہ کے رسول! میں جبل طے سے آ رہا ہوں میری سواری تھک گئی ہے اور میں خود بھی تھک کر چور ہو چکا ہوں اللہ کی قسم! کوئی پہاڑ ایسا نہیں ہے جس سے گزر کر میں نہیں آیا۔ کیا مجھے حج نصیب ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص ہمارے ہمراہ اس نماز میں شریک ہوا اور وہ رات یا دن سے پہلے عرفات آ گیا اس نے اپنے احرام کو پورا کر لیا اور حج کو مکمل کر لیا۔

**1925**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ ابْنِ مُضَرِّسِ بْنِ حَارِثَةَ بْنِ لَامٍ قَالَ اَتَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

# بَابُ وَقْتِ الدَّفْعِ مِنَ الْمُزْدَلِفَةِ

## باب 55: مزدلفہ سے روانگی کا وقت

**1926**- اَخْبَرَنَا اَبُو غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ كَانَ اَهْلُ الْجَاهِلِيَّةِ يُفِيْضُوْنَ مِنْ جَمْعٍ بَعْدَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَكَانُوْا يَقُوْلُوْنَ اَشْرِقْ ثَبِيْرُ لَعَلَّنَا نُغِيْرُ وَاِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَالَفَهُمْ فَدَفَعَ قَبْلَ طُلُوْعِ الشَّمْسِ بِقَدْرِ صَلٰوةِ الْمُسْفِرِيْنَ اَوْ قَالَ الْمُشْرِقِيْنَ بِصَلٰوةِ الْغَدَاةِ

حدیث 1926: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ/1987ء — 1600

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1938

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 896

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ/1986ء — 3047

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 3022

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 84

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 3860

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — 2859

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 4054

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 9302

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ — 644

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 53

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' زمانہ جاہلیت میں لوگ مزدلفہ سے سورج نکلنے کے بعد روانہ ہوتے تھے وہ یہ کہا کرتے تھے' اے ثبیر تو روشن ہو جا تا کہ ہم روانہ ہو جائیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی مخالفت کی اور آپ سورج طلوع ہونے سے پہلے ہی جس وقت روشنی میں فجر کی نماز پڑھی جاتی ہے۔اس وقت روانہ ہو گئے۔

## بَابُ الْوَضْعِ فِيْ وَادِيْ مُحَسِّرٍ

## باب 56: وادیٔ محسر سے تیزی سے گزرنا

**1927**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ اَخْبَرَنَا عِيْسَى بْنُ يُوْنُسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّ اَبَا مَعْبَدٍ مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اَخْبَرَهُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيْ عَشِيَّةِ عَرَفَةَ وَغَدَاةِ جَمْعٍ حِيْنَ دَفَعُوْا عَلَيْكُمُ السَّكِيْنَةَ وَهُوَ كَافٌّ نَاقَتَهُ حَتّٰى اِذَا دَخَلَ مُحَسِّرًا اَوْضَعَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت فضل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں عرفہ کی رات اور مزدلفہ کی صبح جب وہ لوگ روانہ ہوئے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا آرام سے چلو۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اونٹ کی لگام کھینچے ہوئے تھے جب آپ ''وادیٔ محسر'' میں داخل ہوئے تو آپ نے رفتار تیز کر دی۔

**1928**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ بِاِسْنَادِهٖ نَحْوَهٗ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ الْاِيْضَاعُ لِلْاِبِلِ وَالْاِيْجَافُ لِلْخَيْلِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

امام ابو محمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اونٹ کو تیز چلانے کے لئے لفظ ''ایضاع'' استعمال ہوتا ہے جبکہ گھوڑے کو دوڑانے کیلئے لفظ ''ایجاف'' استعمال ہوتا ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُحْصَرِ بِعَدُوٍّ

## باب 57: دشمن کی وجہ سے محصور ہو جانے کا حکم

**1929**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَسَالِمًا كَلَّمَا ابْنَ عُمَرَ لَيَالِيَ نَزَلَ الْحَجَّاجُ بِابْنِ الزُّبَيْرِ قَبْلَ اَنْ يُقْتَلَ فَقَالَا لَا يَضُرُّكَ اَنْ لَّا تَحُجَّ الْعَامَ نَخَافُ اَنْ يُحَالَ بَيْنَكَ وَبَيْنَ الْبَيْتِ فَقَالَ قَدْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُعْتَمِرِيْنَ فَحَالَ كُفَّارُ قُرَيْشٍ دُوْنَ الْبَيْتِ فَنَحَرَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَدْيَهٗ وَحَلَقَ رَاْسَهٗ ثُمَّ رَجَعَ فَاُشْهِدُكُمْ اَنِّيْ قَدْ اَوْجَبْتُ عُمْرَةً فَاِنْ

---

حدیث **1927** ''صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1282**

''جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **886**

''سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3018**

''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3023**

خَلَى بَيْنِي وَبَيْنَ الْبَيْتِ طُفْتُ وَإِنْ حِيلَ بَيْنِي وَبَيْنَهُ فَعَلْتُ كَمَا كَانَ فَعَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا مَعَهُ فَأَهَلَّ بِالْعُمْرَةِ مِنْ ذِي الْحُلَيْفَةِ ثُمَّ سَارَ فَقَالَ إِنَّمَا شَأْنُهُمَا وَاحِدٌ أُشْهِدُكُمْ أَنِّي قَدْ أَوْجَبْتُ حَجًّا مَعَ عُمْرَتِي قَالَ نَافِعٌ فَطَافَ لَهُمَا طَوَافًا وَاحِدًا وَسَعَى لَهُمَا سَعْيًا وَاحِدًا ثُمَّ لَمْ يَحِلَّ حَتَّى جَاءَ يَوْمَ النَّحْرِ فَأَهْدَى وَكَانَ يَقُولُ مَنْ جَمَعَ الْعُمْرَةَ وَالْحَجَّ فَأَهَلَّ بِهِمَا جَمِيعًا فَلَا يَحِلَّ حَتَّى يَحِلَّ مِنْهُمَا جَمِيعًا يَوْمَ النَّحْرِ

نافع بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے صاحبزادے عبداللہ اور سالم نے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما سے کہا اگر آپ اس سال حج نہ کریں تو آپ کو کوئی نقصان نہیں ہوگا ہمیں یہ اندیشہ ہے کہ آپ کو بیت اللہ تک پہنچنے نہیں دیا جائے گا یہ اس زمانے کی بات ہے جب حجاج نے حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا تھا اور ابھی انہیں شہید نہیں کیا تھا۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے جواب دیا ہم لوگ عمرہ کرنے کے لئے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے تھے تو بیت اللہ سے پہلے ہی کفار قریش ہمارے راستے میں رکاوٹ بن گئے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وہاں ہی اپنی قربانی کا جانور ذبح کیا اپنا سر منڈوالیا اور واپس تشریف لے آئے۔

میں تمہیں گواہ بنا رہا ہوں کہ میں نے عمرہ کی نیت کرلی ہے۔ اگر مجھے بیت اللہ تک جانے دیا گیا تو میں طواف کرلوں گا اگر راستے میں رکاوٹ ڈال دی گئی تو میں وہی کروں گا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا تھا اور میں بھی اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ تھا۔

(راوی کہتے ہیں) پھر حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ذوالحلیفہ سے عمرہ کی نیت کی اور روانہ ہوئے اور بولے ان دونوں کی حیثیت ایک ہی ہے میں تمہیں گواہ بنا کر یہ کہتا ہوں کہ میں نے عمرہ کے ہمراہ حج کی نیت بھی کرلی ہے۔

نافع بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے حج اور عمرہ کے لئے ایک طواف کیا ان دونوں کے لئے ایک ہی مرتبہ سعی کی اور پھر اس وقت تک احرام نہیں کھولا جب تک قربانی کے دن انہوں نے قربانی نہیں کرلی۔ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما نے یہ فرمایا جو شخص حج اور عمرہ ایک ساتھ ادا کرے وہ ان دونوں کا ایک ساتھ احرام باندھے اور اس وقت تک احرام نہ کھولے جب تک قربانی کے دن ان دونوں سے مکمل طور پر فارغ نہ ہو جائے۔

**1930- حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنْ حَجَّاجٍ الصَّوَّافِ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ**

---

حدیث 1929 "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء 1559

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1230

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 2859

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 5165

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/ 1993ء 3998

"سنن نسائی کبری" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1991ء 3727

"سنن بیہقی کبری" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء 8564

"مسند ابویعلی" امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء 5500

"مسند شامیین" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1405ھ/ 1984ء 712

عَمْرٍو الْاَنْصَارِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كُسِرَ اَوْ عَرِجَ فَقَدْ حَلَّ وَعَلَيْهِ حَجَّةٌ اُخْرٰى قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ رَوَاهُ مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ وَّمَعْمَرٌ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِىْ كَثِيْرٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَافِعٍ عَنِ الْحَجَّاجِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حجاج بن عمرو انصاری نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جس شخص کی ہڈی ٹوٹ جائے یا وہ لنگڑا ہو جائے تو وہ احرام کھول دے اس پر بعد میں حج کرنا لازم ہوگا۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہی روایت ایک سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِىْ جَمْرَةِ الْعَقَبَةِ اَىَّ سَاعَةٍ تُرْمٰى

## باب 58: جمرہ عقبہ کی رمی کس وقت کی جائے

**1931**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ رَمٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْجَمْرَةَ يَوْمَ النَّحْرِ الضُّحٰى وَبَعْدَ ذٰلِكَ عِنْدَ زَوَالِ الشَّمْسِ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے قربانی کے دن چاشت کے وقت یا اس کے بعد سورج کے ڈھلنے سے پہلے جمرہ کی رمی کی تھی۔

**1932**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِى الْبَدَّاحِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْخَصَ لِرِعَاءِ الْاِبِلِ اَنْ يَرْمُوْا يَوْمَ النَّحْرِ ثُمَّ يَرْمُوا الْغَدَ اَوْ مِنْ بَعْدِ الْغَدِ لِيَوْمَيْنِ ثُمَّ يَرْمُوْا يَوْمَ النَّفْرِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِى الْبَدَّاحِ

☆☆ عاصم بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے اونٹوں کے چرواہوں کو یہ رخصت دی تھی کہ وہ قربانی کے دن رمی کر لیں پھر اس سے اگلے دن بھی کر سکتے ہیں اور پھر اس کے بعد دو دن تک کر سکتے ہیں پھر وہ روانگی کے دن بھی رمی کر سکتے ہیں۔

---

حدیث **1930**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **1862**

"جامع ترمذی" امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **940**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء **2860**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار ... بیروت لبنان **3077**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **15769**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1990**ء **1725**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء **3843**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء **9872**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء **3211**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دار الرایہ ریاض سعودی عرب **1411**ھ **1991**ء **2155**

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابُ فِي الرَّمْيِ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

## باب 59: چٹکی میں آنے والی کنکری کے ذریعے رمی کی جائے گی

**1933**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُرَّةَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عُثْمَانَ التَّيْمِيِّ قَالَ اَمَرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَجَّةِ الْوَدَاعِ اَنْ نَرْمِيَ الْجَمْرَةَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ

❀❀ حضرت عبدالرحمن بن عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حجۃ الوداع کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ ہدایت کی تھی کہ ہم چٹکی میں آنے والی کنکری کے ذریعے رمی کریں۔

**1934**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اَمَرَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

حدیث **1932**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی 'دارالفکر' بیروت 'لبنان — **1976**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی 'داراحیاء التراث العربی' بیروت 'لبنان — **954**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی 'مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب 'شام' **1406**ھ/**1986**ء — **3068**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی 'دارالفکر' بیروت 'لبنان — **3036**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی 'داراحیاء التراث العربی' (تحقیق فواد عبدالباقی) — **919**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی 'موسسہ قرطبہ' قاہرہ 'مصر — **23826**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی 'موسسہ الرسالہ' بیروت 'لبنان' **1414**ھ/**1993**ء — **3888**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری 'المکتب الاسلامی' بیروت 'لبنان' **1390**ھ/**1970**ء — **2976**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری 'دارالکتب العلمیہ' بیروت 'لبنان' **1411**ھ/**1990**ء — **1758**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی 'دارالکتب العلمیہ' بیروت 'لبنان' **1411**ھ/**1991**ء — **4074**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی 'مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ 'سعودی عرب' **1414**ھ/**1994**ء — **9455**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی 'دارالمامون للتراث' دمشق 'شام' **1404**ھ-**1984**ء — **6836**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی 'مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء — **455**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی 'دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **854**

"المنتقی من السنن المسندہ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری 'موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت 'لبنان' **1408**ھ/**1988**ء — **477**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی 'مکتبہ الرشد' ریاض 'سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ — **14110**

حدیث **1933**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی 'دارالفکر' بیروت 'لبنان — **3028**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی 'دارالحرمین' قاہرہ 'مصر' **1415**ھ — **335**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی 'مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء — **300**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَمَوْا بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ وَاَوْضَعَ فِي وَادِي مُحَسِّرٍ وَقَالَ عَلَيْكُمُ السَّكِينَةُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ہدایت کے تحت لوگوں نے چٹکی میں آنے والی کنکری کے ذریعے ''رمی'' کی تھی۔ نبی اکرم ''وادی محسر'' سے تیزی سے گزر رہے تھے (بقیہ سفر کے دوران آپ نے لوگوں کو) ہدایت کی تھی۔ آرام سے چلو۔

**1935**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ حُمَيْدٍ الْاَعْرَجِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاذٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَاْمُرُنَا اَنْ نَرْمِيَ الْجِمَارَ بِمِثْلِ حَصَى الْخَذْفِ قِيلَ لِاَبِي مُحَمَّدٍ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُعَاذٍ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ نَعَمْ

☆☆ عبدالرحمن بن معاذ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ ہدایت کی ہم چٹکی میں آنے والی کنکری کے ذریعے رمی جمار کریں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے یہ سوال کیا گیا حضرت عبدالرحمن بن معاذ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہیں انہوں نے جواب دیا ہاں!

## بَابٌ فِي رَمْيِ الْجِمَارِ يَرْمِيهَا رَاكِبًا

## باب 60: سواری پر سے ''رمی جمار'' کرنا

**1936**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ وَالْمُؤَمَّلُ وَاَبُو نُعَيْمٍ عَنْ اَيْمَنَ بْنِ نَابِلٍ عَنْ قُدَامَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمَّارٍ الْكِلَابِيِّ قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْمِي الْجِمَارَ عَلَى نَاقَةٍ صَهْبَاءَ لَيْسَ ثَمَّ ضَرْبٌ وَلَا طَرْدٌ وَلَا اِلَيْكَ اِلَيْكَ

☆☆ حضرت قدامہ بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے آپ اپنی سرخ اونٹنی پر سوار تھے اور رمی جمار کر رہے تھے وہاں کوئی مار پیٹ اور دھکم پیل نہیں تھی اور ہٹو بچو کی آوازیں نہیں تھیں۔

**1937**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيمِ هُوَ الْجَزَرِيُّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ الْفَضْلِ قَالَ كُنْتُ رِدْفَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يَزَلْ يُلَبِّي حَتَّى رَمَى

حدیث **1936** ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء 3061
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 15448
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' 1390ھ 1970ء 2878
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء 1712
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء 4067
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ 1983ء 77
''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ 1991ء 1499
''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ 1988ء 357

الْجَمْرَةَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ' حضرت فضل بن عباس رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ سواری پر سوار تھا رمی جمرہ کرنے تک آپ تلبیہ پڑھتے رہے۔

# بَابُ الرَّمْيِ مِنْ بَطْنِ الْوَادِیْ وَالتَّكْبِيْرِ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ

## باب 61: بطن وادی سے رمی کرنا اور ہر کنکری کے ہمراہ تکبیر کہنا

**1938**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَمَى الْجَمْرَةَ الَّتِیْ تَلِی الْمَسْجِدَ مَسْجِدَ مِنًى يَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ مَعَ كُلِّ حَصَاةٍ ثُمَّ تَقَدَّمَ اَمَامَهَا فَوَقَفَ مُسْتَقْبِلَ الْقِبْلَةِ رَافِعًا يَدَيْهِ وَكَانَ يُطِيلُ الْوُقُوفَ ثُمَّ يَاْتِي الْجَمْرَةَ الثَّانِيَةَ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَنْحَدِرُ مِنْ ذَاتِ الْيَسَارِ مِمَّا يَلِي الْوَادِیْ رَافِعًا يَدَيْهِ يَدْعُو ثُمَّ يَاْتِي الْجَمْرَةَ الَّتِیْ عِنْدَ الْعَقَبَةِ فَيَرْمِيهَا بِسَبْعِ حَصَيَاتٍ يُكَبِّرُ كُلَّمَا رَمَى بِحَصَاةٍ ثُمَّ يَنْصَرِفُ وَلَا يَقِفُ عِنْدَهَا قَالَ الزُّهْرِيُّ سَمِعْتُ سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يُحَدِّثُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يَفْعَلُهُ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس جمرہ کی رمی کی جو مسجد یعنی مسجد منیٰ کے ساتھ ہے تو آپ نے سات کنکریاں لیں اور ہر کنکری کو پھینکتے ہوئے تکبیر کہی پھر آپ آگے بڑھے اور قبلہ کی طرف منہ کر کے دونوں ہاتھ اٹھا کر ٹھہر گئے۔ وہاں آپ خاصی دیر کھڑے رہے پھر آپ دوسرے جمرہ کے پاس آئے آپ نے اسے بھی سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری کے ہمراہ تکبیر کہی۔ پھر آپ واپس آئے اور وادی کے بائیں طرف ہو گئے اور دونوں ہاتھ بلند کر کے دعا کرنے لگے پھر آپ اس جمرہ کے پاس آئے جو عقبہ کے پاس ہے آپ نے اسے سات کنکریاں ماریں اور ہر کنکری پھینکتے وقت تکبیر کہی۔ پھر آپ واپس تشریف لے آئے اور ان کے پاس نہیں ٹھہرے۔

زہری بیان کرتے ہیں یہ حدیث میں نے سالم بن عبداللہ سے سنی ہے انہوں نے یہ حدیث اپنے والد (حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ) کے حوالے سے روایت کی ہے۔

سالم کہتے ہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

# بَابُ الْبَقَرَةِ تُجْزِئُ عَنِ الْبَدَنَةِ

## باب 62: اونٹ کی جگہ گائے کی قربانی بھی ہو سکتی ہے

حدیث **1938** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **1666**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **3083**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' **1390**ھ/**1970**ء **2972**

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت' لبنان' **1408**ھ/**1988**ء **6404**

**1939**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ هُوَ الْمَاجِشُونُ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ الْقَاسِمِ عَنِ الْقَاسِمِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَذْكُرُ اِلَّا الْحَجَّ فَلَمَّا جِئْنَا سَرِفَ طَمِثْتُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ النَّحْرِ طَهُرْتُ فَاَرْسَلَنِي رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَفَضْتُ فَاُتِيَ بِلَحْمِ بَقَرٍ فَقُلْتُ مَا هٰذَا قَالُوْا اَهْدٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِسَائِهِ الْبَقَرَةَ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ روانہ ہوئے ہمارا ارادہ صرف حج کرنے کا تھا جب ہم ''سرف'' کے مقام پر پہنچے تو جب قربانی کا دن آیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے بھیجا میں نے طواف افاضہ کیا میرے پاس گائے کا گوشت لایا گیا میں نے دریافت کیا یہ کہاں سے آیا ہے۔ لوگوں نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی ازواج کی طرف سے گائے قربان کی ہے۔

## بَابُ مَنْ قَالَ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ حَلْقٌ

## باب 63: جو لوگ اس بات کے قائل ہیں کہ خواتین سر نہیں منڈوا سکتی ہیں

**1940**- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْمَدِيْنِيُّ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي عَبْدُ الْحَمِيْدِ بْنُ جُبَيْرٍ عَنْ صَفِيَّةَ بِنْتِ شَيْبَةَ قَالَتْ اَخْبَرَتْنِي اُمُّ عُثْمَانَ بِنْتُ اَبِي سُفْيَانَ اَنَّ ابْنَ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى النِّسَاءِ حَلْقٌ اِنَّمَا عَلَى النِّسَاءِ التَّقْصِيْرُ

---

حدیث **1939** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمۃ اللہ علیہ (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء — **290**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام' **1406**ھ **1986**ء — **2741**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر بیروت' لبنان — **2963**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ قاہرہ' مصر — **24158**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ بیروت' لبنان' **1414**ھ **1993**ء — **3834**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی بیروت' لبنان' **1390**ھ **1970**ء — **2936**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ بیروت' لبنان' **1411**ھ **1991**ء — **283**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — **1372**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء — **4719**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفہ' بیروت' لبنان — **1413**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **206**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ **1991**ء — **917**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ بیروت' لبنان' **1408**ھ **1988**ء — **466**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ **1990**ء — **2918**

حدیث **1940** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **1984**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — **9187**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ **1983**ء — **13018**

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خواتین کے لئے سر منڈوانا درست نہیں ہے وہ صرف بال کٹوا سکتی ہیں۔

# بَابُ فَضْلِ الْحَلْقِ عَلَى التَّقْصِيرِ

# باب 64: بال کٹوانے سے سر منڈوانا افضل ہے

**1941**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ رَحِمَ اللَّهُ الْمُحَلِّقِينَ قِيلَ وَالْمُقَصِّرِينَ قَالَ رَحِمَ اللَّهُ الْمُحَلِّقِينَ قَالَ فِي الرَّابِعَةِ وَالْمُقَصِّرِينَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ دعا نقل کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم کرے جن لوگوں نے بال منڈوا لئے ہیں عرض کی گئی بال کٹوانے والوں کے لئے (دعائے خیر فرمائیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ ان لوگوں پر رحم کرے جنہوں نے سر منڈوا لئے ہیں (راوی کہتے ہیں) پھر آپ نے چوتھی مرتبہ فرمایا: بال کٹوانے والوں (پر اللہ تعالیٰ رحم کرے)۔

---

حدیث **1941** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **1640**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1301**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1979**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **913**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3043**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **886**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3311**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **3880**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء **2929**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **4114**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **9179**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **2476**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ **845**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **3509**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1835**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **931**

## بَابُ فِيمَنْ قَدَّمَ نُسُكَهُ شَيْئًا قَبْلَ شَيْءٍ

## باب 65: جو شخص حج کے کسی ایک رُکن کو دوسرے سے پہلے سرانجام دے

**1942**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ ابْنُ اَبِىْ سَلَمَةَ الْمَاجِشُوْنُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عِيْسَى بْنِ طَلْحَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ رَاَيْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ الْجَمْرَةِ وَهُوَ يُسْاَلُ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ نَحَرْتُ قَبْلَ اَنْ اَرْمِىَ قَالَ ارْمِ وَلَا حَرَجَ قَالَ اٰخَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ حَلَقْتُ قَبْلَ اَنْ اَنْحَرَ قَالَ انْحَرْ وَلَا حَرَجَ قَالَ فَمَا سُئِلَ عَنْ شَيْءٍ قُدِّمَ وَلَا اُخِّرَ اِلَّا قَالَ افْعَلْ وَلَا حَرَجَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو جمرہ کے قریب دیکھا آپ سے سوال کیے جا رہے تھے ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے رمی کرنے سے پہلے ہی قربانی کر لی ہے۔ آپ نے فرمایا: تم اب رمی کر لو کوئی حرج نہیں ہے۔

ایک اور شخص نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں نے قربانی کرنے سے پہلے ہی سر منڈوا لیا ہے آپ نے فرمایا: تم اب قربانی کر لو کوئی حرج نہیں ہے۔

---

بقیہ حدیث **1941** ''المنتقی من السنن المسند'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتاب الثقافیۃ بیروت' لبنان' 1408ھ 1988ء **485**

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایۃ' ریاض' سعودی عرب' 1411ھ 1991ء **1593**

''مصنف ابن ابی شیبۃ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبۃ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **13618**

حدیث **1942** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامۃ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء **124**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3323**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء، **5254**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء، **6704**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء، **4892**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء، **831**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر 1408ھ/1988ء، **1489**

خَرَجَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْبَرَازِ فَقُدِّمَ إِلَيْهِ طَعَامٌ فَقِيلَ لَهُ أَلَا تَوَضَّأُ قَالَ فَقَالَ أُصَلِّي فَأَتَوَضَّأُ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ إِنَّمَا هُوَ سَعِيدُ ابْنُ الْحُوَيْرِثِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رفع حاجت کے بعد تشریف لائے تو آپ کے سامنے کھانا رکھا گیا' عرض کی گئی آپ نے وضو نہیں کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا کیا میں نماز پڑھنے لگا ہوں جو وضو کروں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس حدیث کی سند میں ایک راوی کا نام سعید بن ابوحویرث نقل کیا گیا ہے) وہ سعید بن حویرث ہے۔

**2114**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ

☆☆ یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**2115**-قَالَ وَسَمِعْتُ أَبَا عَاصِمٍ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْحُوَيْرِثِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ بِإِسْنَادِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِي الْجُنُبِ يَأْكُلُ

## باب 36: جنبی شخص کا کھانا

**2116**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ سَمِعْتُ إِبْرَاهِيمَ يُحَدِّثُ عَنِ الْأَسْوَدِ عَنْ

حدیث 2113: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **374**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1932**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **24461**

حدیث 2116: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **284**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **305**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **222**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **255**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **854**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24761**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **1217**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء **213**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **253**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **915**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **4522**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1384**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء **1484**

عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا أَجْنَبَ فَأَرَادَ أَنْ يَّأْكُلَ أَوْ يَنَامَ تَوَضَّأَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب جنابت کی حالت میں ہوتے اور آپ کچھ کھانے یا سونے کا ارادہ کرتے تو پہلے وضو کر لیتے۔

## بَابٌ فِيْ اِكْثَارِ الْمَاءِ فِي الْقِدْرِ

## باب 37: ہنڈیا میں شوربہ زیادہ بنانا

**2117**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ اَوْصَانِيْ خَلِيْلِيْ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِذَا طَبَخْتَ مَرَقَةً فَاَكْثِرْ مَائَهَا ثُمَّ انْظُرْ اَهْلَ بَيْتٍ مِّنْ جِيْرَتِكَ فَاَغْرِفْ لَهُمْ مِنْهَا

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میرے حبیب نے مجھے یہ نصیحت کی تھی جب تم سالن بناؤ تو اس میں شوربہ زیادہ رکھو اور پھر اپنے پڑوسیوں میں سے کسی کے ہاں اس میں سے کچھ بھیج دیا کرو۔

## بَابٌ فِيْ خَلْعِ النِّعَالِ عِنْدَ الْاَكْلِ

## باب 38: کھاتے وقت جوتے اتار دینا

**2118**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا وُضِعَ الطَّعَامُ فَاخْلَعُوْا نِعَالَكُمْ فَاِنَّهُ اَرْوَحُ لِاَقْدَامِكُمْ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کھانا رکھ دیا جائے تو جوتے اتار دو کیونکہ اس طرح تمہارے پاؤں کو زیادہ آرام ملے گا۔

## بَابٌ فِيْ اِطْعَامِ الطَّعَامِ

## باب 39: کھانا کھلانا

حدیث **2117**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21364**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **513**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **6690**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **450**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **139**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409**ھ/**1989**ء **113**

حدیث **2118**: ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **3202**

**2119**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اعْبُدُوا الرَّحْمٰنَ وَاَفْشُوا السَّلَامَ وَاَطْعِمُوا الطَّعَامَ تَدْخُلُوا الْجِنَانَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رحمٰن کی عبادت کرو' اسلام کو عام کرو اور (لوگوں کو) کھانا کھلاؤ تم جنت میں داخل ہو جاؤ گے۔

## بَابٌ فِي الدَّعْوَةِ

## باب 40: دعوت (قبول کرنا)

**2120**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَجِيبُوا الدَّاعِيَ اِذَا دُعِيتُمْ قَالَ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَاْتِي الدَّعْوَةَ فِي الْعُرْسِ وَفِي غَيْرِ الْعُرْسِ وَيَاْتِيهَا وَهُوَ صَائِمٌ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص دعوت دے تو اس کی دعوت قبول کرو۔ راوی کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما شادی کی دعوت میں تشریف لایا کرتے تھے اور دوسری دعوت میں بھی آ جاتے تھے آپ ایسی حالت میں بھی آ جاتے تھے جب روزے سے ہوتے تھے۔

## بَابٌ فِي الْفَارَةِ تَقَعُ فِي السَّمْنِ فَمَاتَتْ

## باب 41: جب چوہا گھی میں گر کر مر جائے

**2121**- اَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ فَارَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ فَقَالَ اَلْقُوهَا وَمَا حَوْلَهَا وَكُلُوا

☆☆ سیدہ میمونہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا ایسے چوہے کے بارے میں جو گھی میں گر جائے تو آپ

---

حدیث **2119** "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 855

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 694

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 587

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء 81

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر 1408ھ/1988ء 55

حدیث **2120** "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 867

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 603

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ/1984ء 12

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 844

مسند حارث 7

نے ارشاد فرمایا اس چوہے اور اس کے آس پاس والے گھی کو پھینک کر باقی کھالو۔

**2122**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ ابْنِ عُيَيْنَةَ بِإِسْنَادِهِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**2123**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ فَارَةٍ وَقَعَتْ فِي سَمْنٍ فَمَاتَتْ فَقَالَ خُذُوهَا وَمَا حَوْلَهَا فَاطْرَحُوهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسے چوہے کے بارے میں دریافت کیا گیا جو گھی میں گر کر مر جائے آپ نے ارشاد فرمایا اس گھی کو اور اس کے آس پاس والے کو نکال کر پھینک دو۔

**2124**- حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيَى حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ مَيْمُونَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ إِذَا كَانَ ذَائِبًا أُهْرِيقَ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اگر وہ گھی پگھلا ہوا ہو تو سارے کو پھینک دیا جائے گا۔

## بَابٌ فِي التَّخْلِيلِ

## باب **42**: خلال کرنا

حدیث **2121**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء　**233**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دارالفکر بیروت لبنان　**3841**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان　**1798**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء　**4259**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)　**1748**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر　**7177**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ **1993**ء　**1392**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء　**4584**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ **1984**ء　**5841**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ **1983**ء　**1043**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دارالمعرفۃ بیروت لبنان　**2716**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دارالکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی)　**312**

"المنتقیٰ من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتاب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ **1988**ء　**871**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ　**24400**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ　**278**

**2125**- اَخْبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ثَوْرُ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ الْحِمْيَرِيُّ اَخْبَرَنِى اَبُو سَعْدٍ الْخَيْرُ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَكَلَ فَلْيَتَخَلَّلْ فَمَا تَخَلَّلَ فَلْيَلْفِظْهُ وَمَا لَاكَ بِلِسَانِهِ فَلْيَبْتَلِعْ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص کھانا کھا لے اسے خلال کر لینا چاہیے اور خلال کے ذریعے جو چیز نکلے اسے پھینک دے اور جو زبان کے ذریعے نکلے اُسے نگل لینا چاہیے۔

حدیث **2125**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 35
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 337
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 7199
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 453

# وَمِنْ كِتَابِ الْاَشْرِبَةِ

# مشروبات کا بیان

## بَابُ مَّا جَآءَ فِي الْخَمْرِ

## باب 1: شراب کے بارے میں روایات

**2126**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْلَةَ اُسْرِيَ بِهِ بِإِيلِيَاءَ بِقَدَحَيْنِ مِنْ خَمْرٍ وَّلَبَنٍ فَنَظَرَ اِلَيْهِمَا ثُمَّ اَخَذَ اللَّبَنَ فَقَالَ جِبْرِيلُ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هَدَاكَ لِلْفِطْرَةِ لَوْ اَخَذْتَ الْخَمْرَ غَوَتْ اُمَّتُكَ

☆☆ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں' انہوں نے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے معراج کی رات ''ایلیا'' کے مقام پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں دو پیالے پیش کیے گئے ایک شراب کا تھا اور دوسرا دودھ کا تھا۔ آپ نے ان دونوں کی طرف دیکھا اور دودھ والا پیالہ پکڑ لیا۔ حضرت جبرائیل علیہ السلام بولے ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے۔ جس نے آپ کی فطرت کی طرف رہنمائی کی اگر آپ شراب پکڑ لیتے تو آپ کی اُمت گمراہ ہو جاتی۔

---

حدیث **2126**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **4432**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **168**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **5657**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **10655**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **52**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **5167**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **17108**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/**1984**ء **1724**

# بَابٌ فِي تَحْرِيمِ الْخَمْرِ كَيْفَ كَانَ

## باب 2: شراب کی حرمت کا حکم کیسے نازل ہوا

**2127**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنْتُ سَاقِيَ الْقَوْمِ فِي مَنْزِلِ اَبِي طَلْحَةَ قَالَ فَنَزَلَ تَحْرِيمُ الْخَمْرِ قَالَ فَاَمَرَ مُنَادِيًا فَنَادَى فَقَالَ اَبُو طَلْحَةَ اخْرُجْ فَانْظُرْ مَا هٰذَا فَخَرَجْتُ فَقُلْتُ هٰذَا مُنَادٍ يُنَادِي اَلَا اِنَّ الْخَمْرَ قَدْ حُرِّمَتْ فَقَالَ لِيَ اذْهَبْ فَاَهْرِقْهَا قَالَ فَجَرَتْ فِي سِكَكِ الْمَدِينَةِ قَالَ وَكَانَتْ خَمْرُهُمْ يَوْمَئِذٍ الْفَضِيخَ فَقَالَ بَعْضُ الْقَوْمِ قُتِلَ قَوْمٌ وَهِيَ فِي بُطُونِهِمْ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ (لَيْسَ عَلَى الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ جُنَاحٌ فِيمَا طَعِمُوا اِذَا مَا اتَّقَوْا وَاٰمَنُوا) الْاٰيَةَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ کے ہاں ساقی گری کر رہا تھا اس وقت شراب کی حرمت کا حکم نازل ہو گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو اعلان کرنے کا حکم دیا اس نے اعلان کیا حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے (مجھ سے) کہا جاؤ اور دیکھو کیا اعلان ہو رہا ہے؟ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں میں باہر آیا اور (واپس آ کر انہیں بتایا) ایک شخص اعلان کر رہا ہے کہ شراب حرام قرار دے دی گئی ہے۔ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ نے مجھے ہدایت کی جاؤ اور اسے بہا دو۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں مدینہ کی گلیوں کے اندر شراب بہہ رہی تھی حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ان دنوں کھجور کی شراب استعمال کی جاتی تھی۔

بعض لوگوں نے کہا جو لوگ ایسی حالت میں فوت ہوئے کہ شراب ان کے پیٹ میں موجود تھی (ان کا کیا انجام ہو گا) تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''جو لوگ ایمان لائے اور انہوں نے نیک اعمال کئے ان پر اس بات کا کوئی گناہ نہیں ہے جو وہ پہلے کھا پی چکے ہیں جبکہ وہ

حدیث **2127**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — **2332**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1980**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **3673**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء — **5541**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1544**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **12996**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء — **5352**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء — **5050**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — **11332**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء — **3008**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **1210**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' 1409ھ/1989ء — **1241**

پرہیزگاری اختیار کر چکے ہوں اور ایمان لا چکے ہوں''۔

## بَابٌ فِي التَّشْدِيدِ عَلٰى شَارِبِ الْخَمْرِ

## باب 3: شرابی کے بارے میں شدید (وعید)

**2128**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ فِي الدُّنْيَا ثُمَّ لَمْ يَتُبْ مِنْهَا حُرِمَهَا فِي الْآخِرَةِ فَلَمْ يُسْقَهَا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص دنیا میں شراب پیے اور پھر اس سے توبہ نہ کرے وہ آخرت میں اس سے محروم رہے گا اسے وہ نہیں پلائی جائے گی۔

**2129**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي رَبِيعَةُ بْنُ يَزِيدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ فِي حَائِطٍ لَهُ بِالطَّائِفِ يُقَالُ لَهُ الْوَهْطُ فَإِذَا هُوَ مُخَاصِرٌ فَتًى مِنْ قُرَيْشٍ يُزَنُّ ذٰلِكَ الْفَتٰى بِشُرْبِ الْخَمْرِ فَقُلْتُ خِصَالٌ بَلَغَتْنِي عَنْكَ اَنَّكَ تُحَدِّثُ بِهَا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شَرْبَةً لَمْ تُقْبَلْ لَهُ صَلٰوةٌ اَرْبَعِينَ صَبَاحًا فَلَمَّا اَنْ سَمِعَهُ الْفَتٰى يَذْكُرُ الْخَمْرَ اخْتَلَجَ يَدَهُ مِنْ يَدِ

---

حدیث **2128**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ/**1987**ء **5253**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2003**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3679**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1861**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **5671**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3373**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1542**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4690**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **5366**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **7230**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5181**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **17113**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1857**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **770**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء **1180**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **98**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **140**[illegible]ھ **17056**

عَبْدِ اللّٰهِ ثُمَّ وَلّٰى فَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ لَا اُحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَّقُوْلَ عَلَىَّ مَا لَمْ اَقُلْ وَاِنِّىْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ شُرْبَةً لَمْ تُقْبَلْ لَهٗ صَلٰوةٌ اَرْبَعِيْنَ صَبَاحًا فَاِنْ تَابَ تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِ فَلَا اَدْرِىْ فِى الثَّالِثَةِ اَمْ فِى الرَّابِعَةِ كَانَ حَقًّا عَلَى اللّٰهِ اَنْ يَّسْقِيَهٗ مِنْ رَّدْغَةِ الْخَبَالِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

★★ حضرت عبداللہ بن دیلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کے' طائف میں موجود باغ' جس کا نام ''وھط'' تھا' میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا وہ اس وقت قریش سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کے بازو میں بازو ڈال کر (چل رہے تھے) اس نوجوان پر یہ الزام تھا کہ وہ شراب پیتا ہے میں نے کہا آپ کے حوالے سے مجھے ایک بات کا پتہ چلا ہے کہ آپ اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص شراب پیئے گا اس کی چالیس دن تک توبہ قبول نہیں ہو گی' عبداللہ بن دیلمی بیان کرتے ہیں جب اس نوجوان نے شراب کا ذکر سنا تو حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے اپنا ہاتھ چھڑا کر چلا گیا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اے اللہ! میں کسی شخص کے لئے یہ بات جائز قرار نہیں دیتا کہ وہ میرے حوالے سے کوئی ایسی بات بیان کرے جو میں نے نہیں کہی ہو' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص ایک مرتبہ شراب پیئے گا اس کی چالیس دن تک نماز قبول نہیں ہوگی اگر وہ توبہ کر لیتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ قبول کر لے گا (راوی کہتے ہیں) مجھے صحیح یاد نہیں ہے کہ تیسری یا چوتھی مرتبہ آپ نے یہ ارشاد فرمایا (اگر وہ شخص شراب پیتا ہے) تو اللہ تعالیٰ کے ذمے یہ بات لازم ہوگی کہ وہ قیامت کے دن اس شخص کو دو زخیوں کی پیپ پلائے۔

## بَابٌ فِى النَّهْىِ عَنِ الْقُعُوْدِ عَلٰى مَائِدَةٍ يُّدَارُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

## باب 4: جس دستر خوان پر شراب موجود ہو اس پر بیٹھنے کی ممانعت

| | |
|---|---|
| حدیث 2129: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 1862 |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء | 5668 |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 3377 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 4917 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 5357 |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء | 83 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 5178 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء | 5687 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء | 1989 |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان | 1901 |
| ''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء | 983 |
| ''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء | 743 |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ | 17058 |

**2130**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِى جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَلَا يَقْعُدْ عَلٰى مَائِدَةٍ يُشْرَبُ عَلَيْهَا الْخَمْرُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھتا ہو وہ ایسے دسترخوان پر نہ بیٹھے۔ جہاں شراب پی جاتی ہو۔

## بَابٌ فِى مُدْمِنِ الْخَمْرِ

## باب 5: ہمیشہ شراب پینے والا شخص

**2131**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ الْبَصْرِىُّ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ جَابَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ وَلَدُ زِنْيَةٍ وَّلَا مَنَّانٌ وَّلَا عَاقٌّ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا شخص' احسان جتانے والا شخص (والدین کا) نافرمان شخص اور ہمیشہ شراب پینے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔

**2132**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْحَجَّاجِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مَهْدِىٍّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ نُبَيْطِ بْنِ شَرِيطٍ عَنْ جَابَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ عَاقٌّ وَّلَا مَنَّانٌ وَّلَا مُدْمِنُ خَمْرٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (والدین کا) نافرمان احسان جتانے والا شخص اور ہمیشہ شراب پینے والا شخص جنت میں داخل نہیں ہوں گے۔

## بَاب لَيْسَ فِى الْخَمْرِ شِفَاءٌ

## باب 6: شراب میں شفا نہیں ہے

| | |
|---|---|
| حدیث 2131: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء | 5672 |
| "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 3376 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 6537 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 3383 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 4914 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 19775 |
| "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء | 1168 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء | 11168 |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان | 2295 |
| "مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' 1408ھ/ 1988ء | 324 |

**2133**- اَخْبَرَنَا سُهَيْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا سِمَاكٌ قَالَ سَمِعْتُ عَلْقَمَةَ بْنَ وَائِلٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ وَائِلٍ اَنَّ سُوَيْدَ ابْنَ طَارِقٍ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخَمْرِ فَنَهَاهُ عَنْهَا اَنْ يَّصْنَعَهَا فَقَالَ اِنَّهَا دَوَاءٌ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهَا لَيْسَتْ دَوَاءً وَّلٰكِنَّهَا دَاءٌ

☆☆ حضرت وائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت سوید بن طارق رضی اللہ عنہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شراب کے بارے میں سوال کیا تو آپ نے انہیں شراب بنانے سے منع کر دیا انہوں نے عرض کی یہ دوا کے طور پر بنائی جاتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا یہ دوا نہیں ہے یہ بیماری ہے۔

## بَابُ مِمَّا يَكُوْنُ الْخَمْرُ

## باب 7: شراب کس چیز سے بنائی جاتی ہے

**2134**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا كَثِيرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ الْخَمْرُ فِي هَاتَيْنِ الشَّجَرَتَيْنِ النَّخْلَةِ وَالْعِنَبِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: شراب ان دو درختوں سے بنائی جاتی ہے کھجور اور انگور۔

## بَابُ مَا قِيلَ فِي الْمُسْكِرِ

## باب 8: نشہ آور چیز کے بارے میں روایات

**2135**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ

حدیث **2133**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1984**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18810**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء **6065**
''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **71100**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **23491**
حدیث **2134**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **43678**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء **5572**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1875**
حدیث **2135**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ' 1987ء **5263**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2001**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3682**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء **5592**

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْبِتْعِ قَالَ كُلُّ شَرَابٍ اَسْكَرَ حَرَامٌ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے شہد سے بنی ہوئی شراب کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے ارشاد فرمایا ہر وہ چیز جو نشہ آور ہو وہ حرام ہے۔

**2136**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ بْنِ اَبِىْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ قَالَ بَعَثَنِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَا وَمُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ اِلَى الْيَمَنِ فَقَالَ اشْرَبُوْا وَلَا تَشْرَبُوْا مُسْكِرًا فَاِنَّ كُلَّ مُسْكِرٍ حَرَامٌ

☆☆ حضرت ابوبردہ بن ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد (حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اور حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ کو یمن بھیجا اور ہدایت کی تم (جو چاہو پیو) لیکن نشہ آور چیز نہ پینا کیونکہ ہر نشہ آور چیز حرام ہے۔

**2136**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ كَثِيْرِ بْنِ سِنَانٍ حَدَّثَنِى الضَّحَّاكُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْهَاكُمْ عَنْ قَلِيْلِ مَا اَسْكَرَ كَثِيْرُهُ

☆☆ حضرت سعد رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جس چیز کی زیادہ مقدار نشہ آور ہو میں اس کی تھوڑی مقدار سے بھی تمہیں منع کرتا ہوں۔

**2137**- حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رَاشِدٍ عَنْ اَبِىْ وَهْبٍ الْكَلَاعِىِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِنَّ اَوَّلَ مَا يُكْفَأُ قَالَ زَيْدٌ يَعْنِى الْاِسْلَامَ كَمَا يُكْفَأُ الْاِنَاءُ يَعْنِى الْخَمْرَ فَقِيْلَ فَكَيْفَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَقَدْ بَيَّنَ اللّٰهُ فِيْهَا مَا بَيَّنَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

بقیہ حدیث **2135**: "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1540**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24696**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **5345**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5102**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **17136**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **3971**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **1067**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **17002**

حدیث **2136**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/ **1986**ء **5608**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5118**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **17166**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **964**

"المنتقی من السنن المسندة" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء **862**

يُسَمُّونَهَا بِغَيْرِ اسْمِهَا فَيَسْتَحِلُّونَهَا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: سب سے پہلے اس چیز کو انڈیلا جائے گا جیسے برتن کو انڈیلا جاتا ہے۔

(راوی کہتے ہیں یعنی اسلام میں شراب کو سب سے پہلے عام استعمال کیا جائے گا) عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ کیسے ہوسکتا ہے جبکہ اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں واضح کر دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ لوگ اس کا نام تبدیل کر دیں گے اور اسے حلال قرار دے دیں گے۔

**2138**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي اَبُوْ وَهْبٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ عَنْ اَبِي ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِيِّ عَنْ اَبِي عُبَيْدَةَ بْنِ الْجَرَّاحِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَوَّلُ دِينِكُمْ نُبُوَّةٌ وَرَحْمَةٌ ثُمَّ مُلْكٌ وَرَحْمَةٌ ثُمَّ مُلْكٌ اَعْفَرُ ثُمَّ مُلْكٌ وَجَبَرُوتٌ يُسْتَحَلُّ فِيهَا الْخَمْرُ وَالْحَرِيرُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ سُئِلَ عَنْ اَعْفَرَ فَقَالَ يُشَبِّهُهُ بِالتُّرَابِ وَلَيْسَ فِيهِ خَيْرٌ

☆☆ حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارے دین کا آغاز نبوت اور رحمت سے ہوا پھر رحمت اور حکومت رہے گی پھر بے فائدہ حکومت ہوگی پھر حکومت اور ظلم آجائیں گے جس میں شراب اور ریشم کو حلال قرار دے دیا جائے گا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ ''اَعْفَر'' کے بارے میں دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا وہ اسے مٹی سے تشبیہ دیتے ہیں یعنی وہ چیز جس میں کوئی بھلائی نہ ہو۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْخَمْرِ وَشِرَائِهَا

## باب 9: شراب کی خرید وفروخت کی ممانعت

**2139**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا طُعْمَةُ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ بَيَانٍ التَّغْلِبِيُّ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ مَنْ بَاعَ الْخَمْرَ فَلْيُشَقِّصِ الْخَنَازِيرَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اِنَّمَا هُوَ عُمَرُ بْنُ بَيَانٍ

---

حدیث **2137**: ''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء **4731**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء **923**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **749**

حدیث **2138**: ''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء **873**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء **367**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1405ھ/1984ء **1369**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **228**

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے عروہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص شراب فروخت کرے تو اسے خنزیر کی بھی خرید وفروخت شروع کردینی چاہیے۔

امام ابومحمد داری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (اس حدیث کی سند میں ایک راوی کا نام عمرو بن بیان منقول ہوا ہے) اس کا نام عمر بن بیان ہے۔

**2140**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ وَعْلَةَ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ بَيْعِ الْخَمْرِ فَقَالَ كَانَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدِيقٌ مِّنْ ثَقِيفٍ اَوْ مِنْ دَوْسٍ فَلَقِيَهُ بِمَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ بِرَاوِيَةٍ مِّنْ خَمْرٍ يُّهْدِيهَا لَهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا فُلَانُ اَمَا عَلِمْتَ اَنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى قَدْ حَرَّمَهَا قَالَ فَاَقْبَلَ الرَّجُلُ عَلٰى غُلَامِهِ فَقَالَ اذْهَبْ فَبِعْهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاذَا اَمَرْتَهُ يَا فُلَانُ قَالَ اَمَرْتُهُ بِبَيْعِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الَّذِیْ حَرَّمَ شُرْبَهَا حَرَّمَ بَيْعَهَا فَاَمَرَ بِهَا فَاُكْفِئَتْ فِي الْبَطْحَاءِ

☆☆ عبدالرحمن بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے شراب کی خرید وفروخت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک دوست تھا جو ''ثقیف'' یا شاید ''دوس'' کے قبیلے سے تعلق رکھتا تھا فتح مکہ کے سال وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ملا اس کے پاس شراب کا ایک مشکیزہ تھا وہ اس نے تحفے کے طور پر آپ کی خدمت میں پیش کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اے فلاں کیا تمہیں علم نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اسے حرام قرار دے دیا ہے۔ راوی کہتے ہیں وہ شخص اپنے غلام کی طرف متوجہ ہوا اور بولا جاؤ وہ فروخت کردو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا اے فلاں تم نے اس کو کیا ہدایت کی ہے۔ اس نے کہا میں نے اسے اس کو فروخت کرنے کی ہدایت کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بے شک اللہ تعالیٰ نے جس چیز کے پینے کو حرام قرار دیا ہے۔ اس کی خرید و فروخت کو بھی حرام قرار دیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت وہ شراب میدان میں بہادی گئی۔

**2141**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِیْ ابْنَ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ بَلَغَ عُمَرَ اَنَّ سَمُرَةَ بَاعَ خَمْرًا فَقَالَ قَاتَلَ اللّٰهُ سَمُرَةَ اَمَا عَلِمَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعَنَ اللّٰهُ الْيَهُوْدَ

حدیث **2139**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3489**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18239**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **10829**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **884**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **700**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **760**

حدیث **2140**: ''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1543**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2041**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **2468**

حُرِمَتْ عَلَيْهِمُ الشُّحُوْمُ فَجَمَلُوْهَا فَبَاعُوْهَا قَالَ سُفْيَانُ جَمَلُوْهَا اَذَابُوْهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو اطلاع ملی کہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ شراب فروخت کرتے ہیں تو انہوں نے فرمایا اللہ تعالیٰ سمرہ کو موت دیدے کیا اسے پتہ نہیں ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اللہ تعالیٰ یہود پر لعنت کرے کہ ان پر چربی (کی فروخت) حرام قرار دی گئی تو انہوں نے اسے پگھلا کر فروخت کرنا شروع کر دیا۔ سفیان کہتے ہیں جَمَلُوْهَا کا مطلب ہے اسے پگھلا دینا۔

# بَابُ الْعُقُوْبَةِ فِيْ شُرْبِ الْخَمْرِ

## باب 10: شراب پینے کی سزا

**2142**- حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَكِرَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِذَا سَكِرَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِذَا سَكِرَ فَاجْلِدُوْهُ ثُمَّ اِذَا سَكِرَ فَاضْرِبُوْا عُنُقَهٗ يَعْنِيْ فِي الرَّابِعَةِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کوئی شخص مدہوش ہو جائے تو اسے کوڑے لگاؤ جب کوئی شخص نشہ کرے تو اسے کوڑے لگاؤ پھر جب نشہ کرے اسے کوڑے لگاؤ پھر جب نشہ کرے تو اسے کوڑے لگاؤ اگر پھر نشہ کرے تو اس کی گردن اڑا دو یعنی یہ بات آپ نے چوتھی مرتبہ ارشاد فرمائی۔

# بَابٌ فِي التَّغْلِيْظِ لِمَنْ شَرِبَ الْخَمْرَ

## باب 11: شراب پینے والے کی شدید مذمت

**2143**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ

---

حدیث **2141**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — **2110**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **170**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — **6252**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — **18518**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **14**

"معجم اوسط" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' 1415ھ — **7993**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — **10046**

حدیث **2143**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — **2343**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **57**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **4689**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2625**

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزْنِي الزَّانِيْ حِيْنَ يَزْنِيْ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَسْرِقُ السَّارِقُ حِيْنَ يَسْرِقُ وَهُوَ مُؤْمِنٌ وَّلَا يَشْرَبُ الْخَمْرَ حِيْنَ يَشْرَبُهَا وَهُوَ مُؤْمِنٌ

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: زنا کرنے والا زنا کرتے وقت مؤمن نہیں ہوتا' چوری کرنے والا چوری کرتے وقت مؤمن نہیں ہوتا اور شراب پینے والا شراب پیتے وقت مؤمن نہیں ہوتا۔

## بَابٌ فِيْمَا يُنْبَذُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 12: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے تیار کی جانے والی نبیذ

**2144**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ اَبِيْ سُلَيْمَانَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ يُنْبَذُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي السِّقَاءِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ سِقَاءٌ نُبِذَ لَهُ فِيْ تَوْرٍ مِّنْ بِرَامٍ

حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے مشکیزے میں نبیذ تیار کیا کرتے تھے اور اگر مشکیزہ نہ ہوتا تو ایک برتن میں تیار کرتے تھے۔

---

بقیہ حدیث **2143**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **4869**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3936**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7316**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **186**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **5169**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **20542**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔**1984**ء **6299**

''معجم صغیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دارعمار' بیروت' لبنان/ عمان' **1405**ھ **1985**ء **906**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **534**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء **11623**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **823**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1128**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **416**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **525**

''مسند ابن الجعد'' امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر' بیروت' لبنان' **1410**ھ/ **1990**ء **265**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' **1405**ھ/ **1984**ء **1300**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **13686**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **30390**

حدیث **2144**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **14328**

---

# بَابٌ فِي النَّقِيعِ

## باب 13: نقیع کا حکم

2145- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي عَمْرٍو السَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الدَّيْلَمِيِّ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ اَبَاهُ اَوْ اَنَّ رَجُلًا مِنْهُمْ سَالَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا قَدْ خَرَجْنَا مِنْ حَيْثُ عَلِمْتَ وَنَزَلْنَا بَيْنَ ظَهْرَانَيْ مَنْ قَدْ عَلِمْتَ فَمَنْ وَلِيُّنَا قَالَ اللّٰهُ وَرَسُولُهُ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّا كُنَّا اَصْحَابَ كَرْمٍ وَخَمْرٍ وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَ الْخَمْرَ فَمَا نَصْنَعُ بِالْكَرْمِ قَالَ اصْنَعُوهُ زَبِيبًا قَالُوا فَمَا نَصْنَعُ بِالزَّبِيبِ قَالَ انْقَعُوهُ فِي الشِّنَانِ انْقَعُوهُ عَلَى غَدَائِكُمْ وَاشْرَبُوهُ عَلَى عَشَائِكُمْ وَانْقَعُوهُ عَلَى عَشَائِكُمْ وَاشْرَبُوهُ عَلَى غَدَائِكُمْ فَاِنَّهُ اِذَا اَتَى عَلَيْهِ الْعَصْرَانِ كَانَ خَلًّا قَبْلَ اَنْ يَكُونَ خَمْرًا

☆☆ عبداللہ بن دیلمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ان میں سے ایک صاحب نے نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا یارسول اللہ ﷺ! ہم جس ماحول سے نکل کر آئے ہیں وہ آپ کے علم میں ہے اور جس جگہ پڑاؤ کیا ہے وہ بھی آپ کے علم میں ہے ہمارا حمایتی کون ہوگا۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا' اللہ اور اس کا رسول۔ انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! ہم لوگ انگور اور شراب کے مالک ہیں اللہ تعالیٰ نے شراب کو تو حرام قرار دے دیا ہے۔

اب ہم انگوروں کا کیا کریں نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا تم ان کی نبیذ بنالو انہوں نے عرض کی ہم اس کی نبیذ کیسے تیار کریں آپ نے ارشاد فرمایا اسے مشکیزے میں ڈالو اور صبح کے وقت بناؤ تو شام کو پی لو اور شام کے وقت بناؤ تو اسے صبح کے وقت پی لو اور جب اس میں اتنا عرصہ گزر جائے تو یہ مشروب ہوگی لیکن وہ شراب نہ بنی ہو۔

# بَابُ النَّهْيِ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ وَمَا يُنْبَذُ فِيهِ

## باب 14: مٹکے میں اور نبیذ بنانے والے دیگر برتنوں میں نبیذ تیار کرنے کی ممانعت

2146- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي عَرُوبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عُمَرَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ حَرَّمَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقِيتُ ابْنَ عَبَّاسٍ فَاَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ صَدَقَ اَبُو عَبْدِ الرَّحْمٰنِ

---

حدیث 2145 ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 18067

''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 6825

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء 5735

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 5244

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 846

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1405ھ/1984ء 870

☆☆ حضرت سعید بن جبیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ سے مٹکے میں نبیذ تیار کرنے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے حرام قرار دیا ہے پھر میری ملاقات حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے ہوئی تو میں نے انہیں حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے بیان کے بارے میں بتایا تو انہوں نے جواب دیا ابوعبدالرحمٰن نے درست کہا ہے۔

**2147** - اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَنْبِذُوْا فِي الدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے۔ دبّاء اور مزفت (شراب تیار کرنے کے دو برتن) میں نبیذ تیار نہ کرو۔

**2148** - اَخْبَرَنَا اَبُوْ زَيْدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا الْحَكَمِ قَالَ سَاَلْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ اَوْ سَمِعْتُهُ سُئِلَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ فَقَالَ نَهَى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نَبِيذِ الْجَرِّ وَالدُّبَّاءِ وَسَاَلْتُ ابْنَ الزُّبَيْرِ فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يُحَرِّمَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ اَوْ مَنْ كَانَ مُحَرِّمًا مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوْلُهُ فَلْيُحَرِّمِ النَّبِيذَ قَالَ وَحَدَّثَنِي اَخِي عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنِ الْجَرِّ وَالدُّبَّاءِ وَالْمُزَفَّتِ وَعَنِ الْبُسْرِ وَالتَّمْرِ

حدیث **2148**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4482**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1444**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء **5661**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2572**

**2185**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ وَكِيعَ بْنَ عُدُسٍ يُحَدِّثُ عَنْ

حدیث **2183**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2274**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11258**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **6041**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **8183**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **1357**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء **927**

حدیث **2185**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5020**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3914**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16227**

عَمِّهٖ اَبِیْ رَزِیْنٍ الْعُقَیْلِیِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ الرُّؤْیَا هِیَ عَلٰی رِجْلِ طَائِرٍ مَا لَمْ یُحَدِّثْ بِهَا فَاِذَا حُدِّثَ بِهَا وَقَعَتْ

☆☆ وکیع بیان کرتے ہیں' ان کے چچا حضرت رزین عقیلی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جب تک خواب کو بیان نہ کیا جائے اس وقت تک وہ موقوف رہتا ہے جب اسے بیان کر دیا جائے تو وہ واقع ہو جاتا ہے۔

## بَابٌ فِیْ رُؤْیَةِ الرَّبِّ تَعَالٰی فِی النَّوْمِ

## باب 12: نیند کی حالت میں اللہ تعالیٰ کی زیارت کرنا

**2186**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنِی الْوَلِیْدُ حَدَّثَنِیْ ابْنُ جَابِرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ اللَّجْلَاجِ وَسَاَلَهٗ مَكْحُوْلٌ اَنْ یُّحَدِّثَهٗ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَائِشٍ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ رَاَیْتُ رَبِّیْ فِیْ اَحْسَنِ صُوْرَةٍ قَالَ فِیْمَ یَخْتَصِمُ الْمَلَاُ الْاَعْلٰی فَقُلْتُ اَنْتَ اَعْلَمُ یَا رَبِّ قَالَ فَوَضَعَ كَفَّهٗ بَیْنَ كَتِفَیَّ فَوَجَدْتُ بَرْدَهَا بَیْنَ ثَدْیَیَّ فَعَلِمْتُ مَا فِی السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَتَلَا (وَكَذٰلِكَ نُرِیْ اِبْرَاهِیْمَ مَلَكُوْتَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَلِیَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِیْنَ)

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن عائش رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے میں نے اپنے پروردگار کو بہترین صورت میں دیکھا اس نے دریافت کیا' اعلیٰ کے لوگ کس بارے میں بحث کر رہے ہیں۔ میں نے عرض کی اے میرے پروردگار! تو زیادہ بہتر جانتا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں پھر اس نے اپنا دست قدرت میرے دونوں کندھوں کے درمیان رکھا تو میں نے اس کی ٹھنڈک اپنے سینے میں محسوس کی اور آسمانوں اور زمین میں موجود چیزوں کا مجھے علم حاصل ہو گیا۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس آیت کی تلاوت کی۔ ''اسی طرح ہم نے ابراہیم کو آسمانوں اور زمین میں موجود سب بادشاہی دکھائی تاکہ وہ اہل یقین میں رہے۔''

**2187**- اَخْبَرَنَا نُعَیْمُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِیْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ قُطْبَةَ عَنْ یُوْسُفَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ قَالَ مَنْ رَاٰی رَبَّهٗ فِی الْمَنَامِ دَخَلَ الْجَنَّةَ

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں جو شخص خواب میں اپنے پروردگار کی زیارت کرے وہ جنت میں داخل ہو گا۔

---

بقیہ: حدیث **2185**: ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء　**464**

''آحاد و مثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب' **1411**ھ/ **1991**ء　**1473**

حدیث **2186**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　**3233**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء　**456**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء　**2608**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405**ھ **1984**ء　**597**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/ **1988**ء　**682**

## بَابٌ فِي الْقُمُصِ وَالْبِئْرِ وَاللَّبَنِ وَالْعَسَلِ وَالسَّمْنِ وَالتَّمْرِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ فِي النَّوْمِ

## باب 13: خواب میں قمیص، کنواں، دودھ، شہد، گھی اور کھجور دیکھنا

**2188**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ هُوَ ابْنُ سَعْدٍ عَنْ صَالِحِ بْنِ كَيْسَانَ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ اَبِىْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ بَيْنَا اِذَا اَنَا نَائِمٌ رَاَيْتُ النَّاسَ يُعْرَضُوْنَ عَلَيَّ وَعَلَيْهِمْ قُمُصٌ مِنْهَا مَا يَبْلُغُ الثُّدِيَّ وَمِنْهَا مَا يَبْلُغُ دُوْنَ ذٰلِكَ وَعُرِضَ عَلَيَّ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَعَلَيْهِ قَمِيْصٌ يَجُرُّهٗ فَقَالَ مَنْ حَوْلَهٗ فَمَاذَا تَاَوَّلْتَ ذٰلِكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الدِّيْنَ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے میں سو رہا تھا میں نے لوگوں کو دیکھا انہیں میرے سامنے پیش کیا گیا انہوں نے قمیصیں پہنی ہوئی تھیں ان میں کچھ کی قمیصیں سینوں تک تھیں اور کچھ کی ان سے لمبی تھیں پھر میرے سامنے عمر بن خطاب کو لایا گیا ان کی قمیص (پاؤں کے نیچے) گھسٹ رہی تھی، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس حاضرین نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا ''دین''۔

**2189**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ ابْنَ عُمَرَ قَالَ كُنْتُ فِيْ عَهْدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَا لِيْ مَبِيْتٌ اِلَّا فِيْ مَسْجِدِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصْبَحَ يَاْتُوْنَهٗ فَيَقُصُّوْنَ عَلَيْهِ الرُّؤْيَا قَالَ فَقُلْتُ مَا لِيْ لَا اَرٰى شَيْئًا فَرَاَيْتُ كَاَنَّ النَّاسَ يُحْشَرُوْنَ فَيُرْمٰى بِهِمْ عَلٰى اَرْجُلِهِمْ فِيْ رَكِيٍّ فَاُخِذْتُ فَلَمَّا دَنَا اِلَى الْبِئْرِ قَالَ رَجُلٌ خُذُوْا بِهٖ ذَاتَ الْيَمِيْنِ فَلَمَّا اسْتَيْقَظْتُ هَمَّتْنِيْ رُؤْيَايَ وَاَشْفَقْتُ مِنْهَا فَسَاَلْتُ حَفْصَةَ عَنْهَا فَقَالَتْ نِعْمَ مَا رَاَيْتَ فَقُلْتُ لَهَا سَلِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَتْهُ فَقَالَ نِعْمَ الرَّجُلُ عَبْدُ اللّٰهِ لَوْ كَانَ يُصَلِّيْ مِنَ اللَّيْلِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں، میں مسجد میں سویا کرتا تھا صبح کے وقت جب نبی

حدیث **2188**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 23
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2390
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2285
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 5011
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 11832
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 6890
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 7645
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 1290
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 2355
''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1403ھ/ 1983ء — 360

اکرم ﷺ کی خدمت میں لوگ حاضر ہوتے تو آپ کے سامنے اپنے خواب بیان کیا کرتے تھے میں سوچتا مجھے کوئی خواب نظر نہیں آتا ایک مرتبہ میں نے خواب دیکھا کہ لوگ ایک جگہ جمع ہیں انہیں ان کی ٹانگوں سے پکڑ کر ایک کنویں میں ڈالا جا رہا ہے مجھے بھی پکڑ لیا گیا جب لوگ کنویں کے قریب ہوئے تو ایک شخص بولا یہ تو دائیں طرف والے ہیں جب میں بیدار ہوا تو مجھے خواب یاد آیا اور میں اس کی وجہ سے پریشان ہو گیا میں نے اس کے بارے میں سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا تم نے اچھا خواب دیکھا ہے میں نے ان سے کہا کہ آپ نبی اکرم ﷺ سے اس بارے میں دریافت کریں سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ سے دریافت کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا عبداللہ اچھا آدمی ہے اگر یہ رات کے وقت نوافل بھی ادا کیا کرے۔

**2190**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ بْنِ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ بِهَذَا الْحَدِيثِ قَالَ ابْنُ عُمَرَ وَكُنْتُ إِذَا نِمْتُ لَمْ أَقُمْ حَتَّى أُصْبِحَ قَالَ نَافِعٌ وَكَانَ ابْنُ عُمَرَ يُصَلِّي اللَّيْلَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں میں جب سویا کرتا تھا تو صبح تک اُٹھا نہیں کرتا تھا نافع بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما رات کے وقت نوافل ادا کیا کرتے تھے۔

**2191**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُمَرَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ بَيْنَا أَنَا نَائِمٌ إِذْ أُتِيتُ بِقَدَحٍ مِنْ لَبَنٍ فَشَرِبْتُ مِنْهُ حَتَّى إِنِّي لَأَرَى الرِّيَّ فِي ظُفُرِي أَوْ قَالَ فِي أَظْفَارِي ثُمَّ نَاوَلْتُ فَضْلَهُ عُمَرَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ مَا أَوَّلْتَهُ قَالَ الْعِلْمَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے ایک مرتبہ میں سویا ہوا تھا میری خدمت میں دودھ کا ایک پیالہ پیش کیا گیا میں نے اسے پی لیا تو اس کا اثر مجھے اپنے ناخنوں میں محسوس ہوا پھر میں نے بچا ہوا دودھ "عمر" کو دے دیا لوگوں نے دریافت کیا یا رسول اللہ ﷺ! آپ نے اس کی کیا تعبیر کی ہے۔ آپ نے جواب دیا "علم"۔

**2192**- أَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ أَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ حَدَّثَنَا ابْنُ جَابِرٍ حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ قَيْسٍ حَدَّثَنِي بَعْضُ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اللَّبَنُ الْفِطْرَةُ وَالسَّفِينَةُ نَجَاةٌ وَالْجَمَلُ حُزْنٌ وَالْخُضْرَةُ الْجَنَّةُ وَالْمَرْأَةُ

| | |
|---|---|
| حدیث **2191**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء | 82 |
| "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 2284 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 5554 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 6878 |
| "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء | 4496 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 5837 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 13102 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/ 1983ء | 13155 |
| "فضائل صحابہ" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1403ھ/ 1983ء | 319 |

خَيْرٌ

☆☆ محمد بن قیس بیان کرتے ہیں مجھے نبی اکرم ﷺ کے بعض اصحاب نے نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ حدیث بیان کی ہے دودھ سے مراد فطرت ہے کشتی سے مراد نجات ہے اونٹ سے مراد غم ہے سبزے سے مراد جنت ہے اور عورت سے مراد بھلائی ہے۔(یعنی خواب میں اس کی تعبیر یہ ہوتی ہے)

**2193**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ هُوَ ابْنُ كَثِيرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ مِمَّا يَقُوْلُ لِاَصْحَابِهِ مَنْ رَّاٰى مِنْكُمْ رُؤْيَا فَلْيَقُصَّهَا عَلَيَّ فَاَعْبُرَهَا لَهُ قَالَ فَجَآءَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ رَاَيْتُ ظُلَّةً بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ تَنْطِفُ عَسَلًا وَّسَمْنًا وَّرَاَيْتُ سَبَبًا وَّاصِلًا مِّنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ وَرَاَيْتُ اُنَاسًا يَّتَكَفَّفُوْنَ مِنْهَا فَمُسْتَكْثِرٌ وَّمُسْتَقِلٌّ فَاَخَذْتَ بِهٖ فَعَلَوْتَ فَاَعْلَاكَ اللّٰهُ ثُمَّ اَخَذَ بِهِ الَّذِىْ بَعْدَكَ فَعَلَا فَاَعْلَاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اَخَذَهُ الَّذِىْ بَعْدَهٗ فَعَلَا فَاَعْلَاهُ اللّٰهُ ثُمَّ اَخَذَهُ الَّذِىْ بَعْدَهٗ فَقُطِعَ بِهٖ ثُمَّ وُصِلَ فَاتَّصَلَ فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ائْذَنْ لِّىْ فَاَعْبُرَهَا فَقَالَ اعْبُرْهَا وَكَانَ اَعْبَرَ النَّاسِ لِلرُّؤْيَا بَعْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَمَّا الظُّلَّةُ فَالْاِسْلَامُ وَاَمَّا الْعَسَلُ وَالسَّمْنُ فَالْقُرْاٰنُ حَلَاوَةُ الْعَسَلِ وَلِيْنُ السَّمْنِ وَاَمَّا الَّذِيْنَ يَتَكَفَّفُوْنَ مِنْهُ فَمُسْتَكْثِرٌ وَّمُسْتَقِلٌّ فَهُمْ حَمَلَةُ الْقُرْاٰنِ

وَاَمَّا السَّبَبُ الْوَاصِلُ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ فَالْحَقُّ الَّذِىْ اَنْتَ عَلَيْهِ، تَاْخُذُ بِهٖ فَيُعْلِيْكَ اللّٰهُ بِهٖ، ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ رَجُلٌ مِّنْ بَعْدِكَ فَيَعْلُوْ بِهٖ، ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ رَجُلٌ آخَرُ فَيَعْلُوْ بِهٖ، ثُمَّ يَاْخُذُ بِهٖ رَجُلٌ آخَرُ فَيَنْقَطِعُ بِهٖ، ثُمَّ يُوْصَلُ لَهٗ فَيَعْلُوْ بِهٖ، فَاَخْبِرْنِىْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ - بِاَبِىْ اَنْتَ اَصَبْتُ اَمْ اَخْطَاْتُ .

---

| | |
|---|---|
| حدیث **2193**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء | 6639 |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 2269 |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 4362 |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 2293 |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 3918 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 2113 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 111 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء | 7640 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 19669 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء | 2565 |
| ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) | 536 |
| ''فضائل صحابہ'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1403ھ/ 1983ء | 590 |
| ''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1405ھ/ 1984ء | 1756 |
| ''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ | 30481 |

فَقَالَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَصَبْتَ وَاَخْطَاْتَ فَقَالَ فَمَا الَّذِىْ اَصَبْتُ وَمَا الَّذِىْ اَخْطَاْتُ فَاَبٰى اَنْ يُّخْبِرَهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھیوں سے فرمایا کرتے تھے جو شخص خواب دیکھے وہ میرے سامنے بیان کرے میں اس کی تعبیر بتایا کروں گا۔ راوی کہتے ہیں ایک شخص آیا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے آسمانوں اور زمین کے درمیان بادلوں کا ایک ٹکڑا دیکھا جس میں سے شہد اور گھی برس رہا تھا میں نے آسمان سے لے کر زمین تک لٹکی رسی دیکھی میں نے لوگوں کو دیکھا کہ وہ اسے حاصل کر رہے ہیں کچھ کم حاصل کر رہے ہیں اور کچھ زیادہ حاصل کر رہے ہیں۔ پھر آپ نے اس رسی کو پکڑا اور اوپر تشریف لے گئے اللہ تعالیٰ نے آپ کو بلندی عطا کر دی پھر آپ کے بعد ایک صاحب نے اس رسی کو پکڑا اور وہ بھی اوپر چڑھنے لگے اللہ تعالیٰ انہیں بھی اوپر لے گیا پھر اس کے بعد ایک اور شخص نے اسے پکڑا اور وہ بھی اوپر کی طرف چڑھے اللہ تعالیٰ نے انہیں بھی اوپر چڑھادیا پھر اس کے بعد ایک اور صاحب نے پکڑا اور وہ رسی ٹوٹ گئی پھر اس رسی کو ملا دیا گیا اور وہ جڑ گئی۔

حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! مجھے اجازت دیں کہ میں اس کی تعبیر بیان کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا تم اس کی تعبیر بیان کرو (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد خواب کی تعبیر کے سب سے بڑے ماہر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے' انہوں نے عرض کی بادل سے مراد اسلام ہے شہد اور گھی سے مراد قرآن ہے' جس میں شہد کی مٹھاس اور گھی کی نرمی پائی جاتی ہے لوگوں کا اسے حاصل کرنا اور کم یا زیادہ حاصل کرنا اس سے مراد وہ لوگ ہیں جو قرآن کا علم حاصل کرتے ہیں آسمان سے زمین تک لٹکی رسی سے مراد وہ حق ہے جس پر آپ گامزن ہیں' آپ اس پر عمل کرتے ہیں اور اس کے ذریعے اللہ تعالیٰ آپ کو بلندی عطا کر دیتا ہے اور پھر اس کے بعد جو شخص اس کو پکڑتا ہے اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے اس کو بھی بلندی عطا کر دیتا ہے پھر جو شخص اسے پکڑتا ہے تو اللہ تعالیٰ اسے بھی بلندی عطا کرے گا اور پھر جو شخص اسے پکڑے گا تو وہ اس کی وجہ سے منقطع ہو جائے گی اور پھر اسے جھوڑ دیا جائے گا۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھے بتائیں میرے والد آپ پر قربان ہوں میں نے صحیح تعبیر بیان کی ہے یا غلط؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کچھ صحیح ہے اور کچھ غلط ہے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی کہ صحیح کیا ہے اور غلط کیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بتانے سے انکار کر دیا۔

**2194**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مِهْرَانَ حَدَّثَنَا مِسْكِيْنٌ الْحَرَّانِيُّ عَنْ جَعْفَرِ بْنِ بُرْقَانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ الْاَصَمِّ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ فَقَالَ رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ شَمْسًا اَوْ قَمَرًا شَكَّ اَبُوْ جَعْفَرٍ فِي الْاَرْضِ تُرْفَعُ اِلَى السَّمَآءِ بِاَشْطَانٍ شِدَادٍ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ ذَاكَ ابْنُ اَخِيْكَ يَعْنِيْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفْسَهُ

☆☆ حضرت عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے خواب میں دیکھا کہ سورج (راوی کو شک ہے) یا چاند زمین میں موجود ہے اور پھر اسے سخت رسیوں کے ذریعے آسمان کی طرف اٹھالیا جاتا ہے انہوں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا یہ تمہارے بھتیجے (یعنی خود نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) کی وفات کی طرف اشارہ ہے۔

**2195**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ بُرَيْدٍ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى

حدیث **2195**: "صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء۔ **3853**

"صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **2272**

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ فِیْ رُؤْیَایَ ھٰذِہٖ اَنِّیْ ھَزَزْتُ سَیْفًا فَانْقَطَعَ صَدْرُہٗ فَاِذَا ھُوَ مَا اُصِیْبَ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ اُحُدٍ ثُمَّ ھَزَزْتُہٗ اُخْرٰی فَعَادَ کَاَحْسَنِ مَا کَانَ فَاِذَا ھُوَ مَا جَآءَ اللّٰہُ بِہٖ مِنَ الْفَتْحِ وَاجْتِمَاعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَرَاَیْتُ فِیْھَا اَیْضًا بَقَرًا وَّاللّٰہِ خَیْرٌ فَاِذَا ھُوَ النَّفَرُ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ اُحُدٍ وَّاِذَا الْخَیْرُ مَا جَآءَ اللّٰہُ بِہٖ مِنَ الْخَیْرِ وَثَوَابِ الصِّدْقِ الَّذِیْ اٰتَانَا بَعْدَ یَوْمِ بَدْرٍ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' میں نے خواب میں دیکھا کہ میں نے ایک تلوار نکالی تو وہ درمیان میں سے ٹوٹ گئی اس سے مراد غزوۂ احد کے موقع پر مؤمنین کو پیش آنے والی صورت حال ہے پھر میں نے تلوار نکالی تو وہ پہلے سے زیادہ بہتر تھی اس سے مراد فتح مکہ ہے اور مؤمنین کا اکٹھا ہونا ہے میں نے خواب میں یہ بھی دیکھا کہ ایک گائے ہے اور اللہ بہتر جانتا ہے اس سے مراد غزوۂ احد کے دن اہل ایمان کی نفری ہے اور بھلائی وہی ہے جو اللہ تعالیٰ عطا کرے اور اس سچائی کا ثواب ہے جو غزوۂ بدر کے بعد ہم تک آیا۔

**2196**- اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْھَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَۃَ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَیْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ رَاَیْتُ کَاَنِّیْ فِیْ دِرْعٍ حَصِیْنَۃٍ وَّرَاَیْتُ بَقَرًا یُنْحَرُ فَاَوَّلْتُ اَنَّ الدِّرْعَ الْمَدِیْنَۃُ وَاَنَّ الْبَقَرَ نَفَرٌ وَّاللّٰہِ خَیْرٌ وَّلَوْ اَقَمْنَا بِالْمَدِیْنَۃِ فَاِذَا دَخَلُوْا عَلَیْنَا قَاتَلْنَاھُمْ فَقَالُوْا وَاللّٰہِ مَا دُخِلَتْ عَلَیْنَا فِی الْجَاھِلِیَّۃِ اَفَتُدْخَلُ عَلَیْنَا فِی الْاِسْلَامِ قَالَ فَشَاْنَکُمْ اِذًا وَّقَالَتِ الْاَنْصَارُ بَعْضُھَا لِبَعْضٍ رَدَدْنَا عَلَی النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ رَاْیَہٗ فَجَاءُ وْا فَقَالُوْا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ شَاْنَکَ فَقَالَ الْاٰنَ اِنَّہٗ لَیْسَ لِنَبِیٍّ اِذَا لَبِسَ لَاْمَتَہٗ اَنْ یَّضَعَھَا حَتّٰی یُقَاتِلَ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے دیکھا کہ ایک مضبوط زرہ پہنے ہوئے ہوں اور پھر میں نے ایک بیل کو دیکھا کہ اسے قربان کیا گیا ہے تو میں نے اس کی تعبیر یہ کی کہ زرہ سے مراد مدینہ منورہ ہے اور بیل سے مراد مسلمانوں کی نفری ہے اللہ بہتری عطا کرنے والا ہے اگر ہم مدینے میں رہیں تو (یہ مناسب ہے) اگر دشمن اس میں داخل ہو گیا تو ہم اس کے ساتھ جنگ کریں گے۔ لوگوں نے عرض کی اللہ کی قسم زمانۂ جاہلیت میں بھی کبھی دشمن ہمارے علاقے میں داخل نہیں ہو سکا تو کیا اسلام کی حالت میں داخل ہوگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا پھر تمہاری مرضی ہے (اس کے بعد) انصار نے ایک دوسرے سے کہا کہ ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے تسلیم نہیں کی وہ لوگ آئے اور عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جو آپ مناسب سمجھیں ویسا ہی ہوگا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی نبی کے لئے مناسب نہیں ہے کہ جب ہتھیار سجا لے تو جنگ کرنے سے پہلے اسے اتارے۔

**2197**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ الرَّقَاشِیُّ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ عَنْ قَتَادَۃَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَۃَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَنَّہٗ کَانَ یَقُوْلُ اَکْرَہُ الْغُلَّ وَاُحِبُّ الْقَیْدَ الْقَیْدُ ثَبَاتٌ فِی الدِّیْنِ

---

حدیث **2296** ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **14829**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **30489**

حدیث **2197** ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3926**

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (میں خواب میں) "طوق" دیکھنے کو نہ پسند کرتا ہوں اور بیڑی دیکھنے کو پسند کرتا ہوں' بیڑی سے مراد دین میں ثابت قدمی ہے۔

**2198**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ رَاَيْتُ فِى الْمَنَامِ امْرَاَةً سَوْدَاءَ ثَائِرَةَ الشَّعْرِ تَفِلَةً اُخْرِجَتْ مِنَ الْمَدِيْنَةِ فَاُسْكِنَتْ مَهْيَعَةَ فَاَوَّلْتُهَا وَبَاءَ الْمَدِيْنَةِ يَنْقُلُهَا اللّٰهُ اِلٰى مَهْيَعَةَ

☆☆ سالم بن عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے میں نے خواب میں ایک سیاہ فام عورت کو دیکھا جس کے بال بکھرے ہوئے اور میلے تھے وہ مدینہ سے نکلی اور مہیعہ چلی گئی میں نے اس کی تعبیر یہ کی ہے کہ اس سے مراد مدینہ کی وباء ہے جسے اللہ تعالیٰ نے مہیعہ کی طرف منتقل کردیا ہے۔

**2199**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا عَبِيْدَةُ بْنُ الْاَسْوَدِ عَنْ مُجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَوْمًا مِنَ الْاَيَّامِ اِنِّى رَاَيْتُ فِى الْمَنَامِ اَنَّ رَجُلًا اَتَانِى بِكُتْلَةٍ مِنْ تَمْرٍ فَاَكَلْتُهَا فَوَجَدْتُ فِيهَا نَوَاةً فَآذَتْنِى حِيْنَ مَضَغْتُهَا ثُمَّ اَعْطَانِى كُتْلَةً اُخْرٰى فَقُلْتُ اِنَّ الَّذِى اَعْطَيْتَنِى وَجَدْتُ فِيهَا نَوَاةً آذَتْنِى فَاَكَلْتُهَا فَقَالَ اَبُوْ بَكْرٍ نَامَتْ عَيْنُكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذِهِ السَّرِيَّةُ الَّتِى بَعَثْتَ بِهَا غَنِمُوْا مَرَّتَيْنِ كِلْتَاهُمَا وَجَدُوْا رَجُلًا يَنْشُدُ ذِمَّتَكَ فَقُلْتُ لِمُجَالِدٍ مَا يَنْشُدُ ذِمَّتَكَ قَالَ يَقُوْلُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں نے خواب میں دیکھا ایک شخص کھجوروں کا ایک پیمانہ لے کر میرے پاس آیا میں نے انہیں کھانا شروع کردیا مجھے اس میں ایک گٹھلی ملی جب میں نے اس چبایا تو اس نے مجھے تکلیف دی۔ پھر اس شخص نے ایک اور پیمانہ مجھے دیا تو میں نے کہا تم نے مجھے جو پہلے دیا تھا اس میں اس گٹھلی کی وجہ سے کھاتے ہوئے مجھے اذیت ہوئی حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ سلامت رہیں اس سے مراد وہ "سریہ" ہے جسے آپ بھیجیں گے وہ لوگ دو مرتبہ مال غنیمت لے کر آئیں گے اور انہیں ایک ایسا شخص ملے گا جو آپ کے ذمے کی قسم دے گا۔

راوی کہتے ہیں میں نے اپنے استاد سے دریافت کیا آپ کے ذمے کی قسم دینے سے مراد کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا وہ شخص کہے گا اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے۔

**2200**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ بْنُ يَعِيْشَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ هُوَ ابْنُ بُكَيْرٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ عَطَاءٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَائِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَتِ امْرَاَةٌ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَهَا زَوْجٌ تَاجِرٌ يَخْتَلِفُ فَكَانَتْ تَرٰى رُؤْيَا كُلَّمَا غَابَ عَنْهَا زَوْجُهَا وَقَلَّمَا يَغِيْبُ اِلَّا تَرَكَهَا حَامِلًا فَتَاْتِى رَسُوْلَ اللّٰهِ

| | |
|---|---|
| حدیث 2198: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء | 6631 |
| "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 6216 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1991ء | 5316 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء | 13224 |
| "مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد ریاض' سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ | 15906 |

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَقُولُ إِنَّ زَوْجِي خَرَجَ تَاجِرًا فَتَرَكَنِي حَامِلًا فَرَأَيْتُ فِيمَا يَرَى النَّائِمُ أَنَّ سَارِيَةَ بَيْتِي انْكَسَرَتْ وَأَنِّي وَلَدْتُ غُلَامًا أَعْوَرَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرٌ يَرْجِعُ زَوْجُكِ عَلَيْكِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ تَعَالَى صَالِحًا وَتَلِدِينَ غُلَامًا بَرًّا فَكَانَتْ تَرَاهَا مَرَّتَيْنِ أَوْ ثَلَاثًا كُلَّ ذٰلِكَ تَأْتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيَقُولُ ذٰلِكَ لَهَا فَيَرْجِعُ زَوْجُهَا وَتَلِدُ غُلَامًا فَجَاءَتْ يَوْمًا كَمَا كَانَتْ تَأْتِيهِ وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غَائِبٌ وَقَدْ رَأَتْ تِلْكَ الرُّؤْيَا فَقُلْتُ لَهَا عَمَّ تَسْأَلِينَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا أَمَةَ اللّٰهِ فَقَالَتْ رُؤْيَا كُنْتُ أَرَاهَا فَآتِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَسْأَلُهُ عَنْهَا فَيَقُولُ خَيْرًا فَيَكُونُ كَمَا قَالَ فَقُلْتُ فَأَخْبِرِينِي مَا هِيَ قَالَتْ حَتّٰى يَأْتِيَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْرِضَهَا عَلَيْهِ كَمَا كُنْتُ أَعْرِضُ فَوَاللّٰهِ مَا تَرَكْتُهَا حَتّٰى أَخْبَرَتْنِي فَقُلْتُ وَاللّٰهِ لَئِنْ صَدَقَتْ رُؤْيَاكِ لَيَمُوتَنَّ زَوْجُكِ وَتَلِدِينَ غُلَامًا فَاجِرًا فَقَعَدَتْ تَبْكِي وَقَالَتْ مَا لِي حِينَ عَرَضْتُ عَلَيْكِ رُؤْيَايَ فَدَخَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَبْكِي فَقَالَ لَهَا مَا لَهَا يَا عَائِشَةُ فَأَخْبَرْتُهُ الْخَبَرَ وَمَا تَأَوَّلْتُ لَهَا فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَهْ يَا عَائِشَةُ إِذَا عَبَرْتُمْ لِلْمُسْلِمِ الرُّؤْيَا فَاعْبُرُوهَا عَلَى الْخَيْرِ فَإِنَّ الرُّؤْيَا تَكُونُ عَلَى مَا يَعْبُرُهَا صَاحِبُهَا فَمَاتَ وَاللّٰهِ زَوْجُهَا وَلَا أُرَاهَا إِلَّا وَلَدَتْ غُلَامًا فَاجِرًا

☆☆ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں مدینہ سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون کا شوہر تاجر تھا جو مختلف علاقوں میں جایا کرتا تھا۔

وہ عورت جب بھی اس کا شوہر کہیں جاتا تو خواب دیکھا کرتی تھی اور جب بھی اس کا شوہر باہر جاتا تو اسے حمل کی حالت میں چھوڑ کر جاتا وہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی میرا شوہر تجارت کے لئے گیا ہوا ہے اور مجھے حمل کی حالت میں چھوڑ گیا ہے میں نے خواب میں دیکھا ہے کہ میرے گھر کا ایک ستون ٹوٹ گیا ہے اور میں نے ایک کانے بیٹے کو جنم دیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا بہتر خواب ہے اگر اللہ تعالیٰ نے چاہا تو تمہارا شوہر واپس آ جائے گا صحیح حالت میں اور تم ایک نیک بچے کو جنم دو گی اس عورت نے دو یا شاید تین مرتبہ یہیں خواب دیکھا وہ جب بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اسے یہیں جواب دیتے اس کا شوہر واپس آ گیا اور اس نے ایک لڑکے کو جنم دیا پھر ایک دن آیا وہ عورت پہلے کی طرح آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی آپ موجود نہیں تھے اس عورت وہ ہی خواب دیکھا تھا میں نے اس عورت سے دریافت کیا اے اللہ کی کنیز! تم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا سوال کرنا چاہتی ہو اس نے عرض کی میں نے ایک خواب دیکھا تھا میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی ہوں تا کہ آپ سے اس خواب کے بارے میں دریافت کروں تو آپ نے مثبت جواب دیا تھا اور اسی طرح ہوا جس طرح آپ نے ارشاد فرمایا تھا سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں نے کہا تم مجھے تو بتاؤ وہ کیا خواب ہے وہ عورت بولی جب تک نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف نہ لے آئیں اور میں آپ کے سامنے وہ خواب بیان نہ کروں جیسے پہلے بیان کیا کرتی تھی اس وقت تک میں آپ کو نہیں بتاؤں گی حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں میں اس سے تقاضا کرتی رہی یہاں تک کہ اس نے مجھے جواب سنا دیا تو میں نے کہا اللہ کی قسم! اگر تمہارا خواب درست ہے تو عنقریب تمہارا شوہر فوت ہو جائے گا اور تم ایک گناہ گار بچے کو جنم دو گی۔

وہ عورت بیٹھ کر رونے لگی اور بولی کاش آپ کے سامنے میں نے اپنا خواب بیان نہ کیا ہوتا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو وہ

عورت بیٹھی ہوئی رو رہی تھی نبی اکرم ﷺ نے سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا کہ اسے کیا ہوا ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے نبی اکرم ﷺ کو اس بارے میں بتایا اور جو خواب کی تعبیر بتائی تھی تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اے عائشہ رضی اللہ عنہا بعض رہو جب تم کسی مسلمان کو خواب کی تعبیر بتاؤ تو اسے اچھی تعبیر بتاؤ کیونکہ تعبیر اس صورت ہوتی جو تعبیر کرنے والے نے بیان کی ہوتی ہے۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں اللہ کی قسم اس عورت کا شوہر بھی فوت ہو گیا اور اس نے ایک گناہ لڑکا کو جنم دیا۔

☆☆☆☆

# وَمِنْ كِتَابِ النِّكَاحِ

# نکاح کا بیان

## بَابُ الْحَثِّ عَلَى التَّزْوِيجِ

## باب 1: شادی کرنے کی ترغیب

**2201**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الْمُغَلِّسِ عَنْ اَبِي نَجِيحٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَدَرَ عَلٰى اَنْ يَّنْكِحَ فَلَمْ يَنْكِحْ فَلَيْسَ مِنَّا

☆☆ حضرت ابونجیح رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوشخص نکاح کی قدرت رکھنے کے باوجود نکاح نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔

## بَابُ مَنْ كَانَ عِنْدَهُ طَوْلٌ فَلْيَتَزَوَّجْ

## باب 2: جس شخص کے پاس گنجائش موجود ہو اسے شادی کر لینی چاہیے

**2202**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عُمَارَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَبَابٌ لَيْسَ لَنَا شَيْءٌ فَقَالَ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنِ اسْتَطَاعَ مِنْكُمُ الْبَائَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهُ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَعَلَيْهِ بِالصَّوْمِ فَاِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ رہا کرتے تھے ہم جوان تھے ہمارے پاس کچھ نہیں تھا آپ نے ارشادفرمایا: اے نوجوانوں کے گروہ! تم میں سے جوشخص شادی کر سکتا ہو اسے شادی کر لینی چاہیے۔ کیونکہ یہ نگاہوں کو جھکانے کے لئے اور شرم گاہ کی حفاظت کے لئے سب سے بہتر ہے اور جس شخص کے پاس شادی کی گنجائش نہ ہو اسے روزے رکھنے چاہئیں کیونکہ روزہ ''وجاء'' ہے۔

**2203**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَقِيَهُ عُثْمَانُ وَاَنَا مَعَهُ فَقَالَ لَهُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هَلْ لَكَ فِيْ جَارِيَةٍ بِكْرٍ تُذَكِّرُكَ فَقَالَ لَئِنْ قُلْتَ ذَاكَ فَقَدْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَا مَعْشَرَ الشَّبَابِ مَنْ كَانَ يَسْتَطِيْعُ مِنْكُمُ الْبَائَةَ فَلْيَتَزَوَّجْ فَاِنَّهُ اَغَضُّ لِلْبَصَرِ

وَاَحْصَنُ لِلْفَرْجِ وَمَنْ لَّمْ يَسْتَطِعْ فَلْيَصُمْ فَاِنَّ الصَّوْمَ لَهُ وِجَاءٌ

☆☆ حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کی ملاقات ہوئی میں اس وقت حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ تھا۔ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا اے عبدالرحمن! آپ کسی لڑکی سے شادی کرنا پسند کریں گے کہ وہ آپ کو (گزرے ہوئے دنوں) کی یاد دلا دے۔ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا اگر آپ یہ کہتے ہیں تو (میں آپ کو بتاتا ہوں) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اے نوجوانوں کے گروہ تم میں سے جو شخص شادی کرنے کی گنجائش رکھتا ہوا سے شادی کر لینی چاہیے۔ کیونکہ یہ نگاہوں کو زیادہ جھکانے والی ہے اور شرمگاہ کی زیادہ بہتر طور پر حفاظت کرنیوالی ہے اور جو شخص اس کی استطاعت نہیں رکھتا اسے روزے رکھنے چاہئیں کیونکہ روزہ اس کے لئے ''وجاء'' ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ التَّبَتُّلِ

## باب 3: مجرد زندگی کی ممانعت

**2204- اَخْبَرَنَا اَبُو الْيَمَانِ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِىْ سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ سَمِعَ سَعْدَ بْنَ اَبِىْ وَقَّاصٍ يَقُوْلُ لَقَدْ رَدَّ ذٰلِكَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى عُثْمَانَ وَلَوْ اَجَازَ لَهُ التَّبَتُّلَ لَاخْتَصَيْنَا**

☆☆ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں انہوں نے حضرت سعد بن ابی وقاص کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ (بن مظعون) کی یہ بات مسترد کردی تھی اگر آپ انہیں مجرد رہنے کی اجازت دیدیتے تو ہم سب لوگ (خود کو) خصی کروالیتے۔

---

حدیث **2204**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407** ھ/**1987**ء **4786**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1402**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1083**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406** ھ/**1986**ء **3212**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1848**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1514**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414** ھ/**1993**ء **4027**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411** ھ/**1991**ء **5323**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' **1414** ھ/**1994**ء **13240**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404** ھ-**1984**ء **788**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404** ھ/**1983**ء **8313**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **219**

''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408** ھ/**1988**ء **674**

''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1405** ھ/**1984**ء **3007**

**2205-** اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ مَسْعَدَةَ حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ التَّبَتُّلِ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجرد زندگی گزارنے سے منع کیا ہے۔

**2206-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ بُكَيْرٍ حَدَّثَنِيْ ابْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ لَمَّا كَانَ مِنْ اَمْرِ عُثْمَانَ بْنِ مَظْعُوْنٍ الَّذِيْ كَانَ مِنْ تَرْكِ النِّسَاءِ بَعَثَ اِلَيْهِ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا عُثْمَانُ اِنِّيْ لَمْ اُوْمَرْ بِالرَّهْبَانِيَّةِ اَرَغِبْتَ عَنْ سُنَّتِيْ قَالَ لَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ مِنْ سُنَّتِيْ اَنْ اُصَلِّيَ وَاَنَامَ وَاَصُوْمَ وَاَطْعَمَ وَاَنْكِحَ وَاُطَلِّقَ فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ يَا عُثْمَانُ اِنَّ لِاَهْلِكَ عَلَيْكَ حَقًّا وَلِنَفْسِكَ عَلَيْكَ حَقًّا قَالَ سَعْدٌ فَوَاللّٰهِ لَقَدْ كَانَ اَجْمَعَ رِجَالٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنْ هُوَ اَقَرَّ عُثْمَانَ عَلٰى مَا هُوَ عَلَيْهِ اَنْ نَخْتَصِيَ فَنَتَبَتَّلَ

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب حضرت عثمان بن مظعون رضی اللہ عنہ کا بیویوں سے علیحدگی اختیار کرنے کا معاملہ درپیش ہوا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے انہیں بلا کر ارشاد فرمایا اے عثمان! مجھے رہبانیت اختیار کرنے کا حکم نہیں دیا گیا۔ کیا تم میری سنت سے منہ موڑنا چاہتے ہو؟ انہوں نے عرض کی نہیں۔ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ نے فرمایا: میری سنت یہ ہے کہ میں (رات کے وقت) نوافل ادا کرتا ہوں اور سو بھی جاتا ہوں (دن میں) روزہ بھی رکھ لیتا ہوں اور کھا پی بھی لیتا ہو (یعنی روزہ نہیں بھی رکھتا) اور میں نکاح بھی کر لیتا ہوں اور طلاق بھی دے دیتا ہوں جو شخص میری سنت سے منہ موڑے گا اس کا مجھ سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ (پھر آپ نے ارشاد فرمایا) اے عثمان! تمہارے اہل خانہ کا تم پر حق ہے اور تمہاری جان کا تم پر حق ہے۔

حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں اللہ کی قسم تمام مسلمان مردوں نے یہ طے کر لیا تھا کہ اگر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو اس بات کی اجازت دیدی تو ہم سب خود کو خصی کروا کر مجرد زندگی بسر کریں گے۔

## بَابٌ تُنْكَحُ الْمَرْاَةُ عَلٰى اَرْبَعٍ

## باب 4: کسی عورت کے ساتھ چار چیزوں کی وجہ سے نکاح کیا جا سکتا ہے

**2207-** اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِيْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْهِ

حدیث **2205**: "مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبۃ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء **1311**

حدیث **2207**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **4802**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1466**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2047**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1086**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **3230**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1858**

عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُنْکَحُ النِّسَاءُ لِاَرْبَعٍ لِلدِّیْنِ وَالْجَمَالِ وَالْمَالِ وَالْحَسَبِ فَعَلَیْكَ بِذَاتِ الدِّیْنِ تَرِبَتْ یَدَاكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' خواتین کے ساتھ چار باتوں کی وجہ سے نکاح کیا جاتا ہے' دین' خوبصورتی' مال اور نسب تمہیں چاہیے کہ دیندار عورت کے ساتھ نکاح کرو' تمہارے دونوں ہاتھ خاک آلود ہوں۔

**2208**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُیَیْنَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِیْثِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابُ الرُّخْصَةِ فِی النَّظَرِ اِلَی الْمَرْاَةِ عِنْدَ الْخِطْبَةِ

## باب 5: نکاح کا پیغام دیتے وقت عورت کی طرف دیکھنے کی رخصت

**2209**- اَخْبَرَنَا قَبِیْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیِّ عَنِ الْمُغِیْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ اَنَّهُ خَطَبَ امْرَاَةً مِّنَ الْاَنْصَارِ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اذْهَبْ فَانْظُرْ اِلَیْهَا فَاِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ یُّؤْدَمَ بَیْنَکُمَا

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے ایک انصاری عورت کو نکاح کا پیغام بھیجا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی' تم جا کر اسی عورت کو ایک نظر دیکھ لو کیونکہ یہ تمہارے درمیان محبت پیدا کرنے کے لئے مناسب ہے۔

## بَابُ اِذَا تَزَوَّجَ الرَّجُلُ مَا یُقَالُ لَهُ

## باب 6: جب کوئی شخص شادی کر لے تو اسے کن الفاظ میں مبارکباد دی جائے

**2210**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ کَثِیْرٍ الْعَبْدِیُّ الْبَصْرِیُّ اَخْبَرَنَا سُفْیَانُ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ سَمِعْتُهُ یَقُوْلُ قَدِمَ عَقِیْلُ بْنُ اَبِیْ طَالِبٍ الْبَصْرَةَ فَتَزَوَّجَ امْرَاَةً مِّنْ بَنِیْ جُشَمٍ فَقَالُوْا لَهُ بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِیْنَ فَقَالَ لَا تَقُوْلُوْا ذٰلِكَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَانَا عَنْ ذٰلِكَ وَاَمَرَنَا اَنْ نَقُوْلَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَیْكَ

---

بقیہ: حدیث **2207**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9517**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **4036**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2680**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **5337**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13244**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **1012**

''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر' **1408**ھ/**1988**ء **328**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **17149**

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں' حضرت عقیل بن ابوطالب رضی اللہ عنہ بصرہ تشریف لائے انہوں نے بنوجشم سے تعلق رکھنے والی ایک عورت کے ساتھ شادی کرلی۔ لوگوں نے انہیں مبارکباد دیتے ہوئے کہا "آپ پھلیں پھولیں اور بچے ہوں" انہوں نے جواب دیا یہ نہ کہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں یہ کہنے سے منع فرمایا ہے اوران الفاظ میں مبارک باد دینے کی ہدایت کی ہے: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت نصیب کرے اورتم پر برکتیں نازل کرے۔

**2211**- حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ عَنْ سُهَيْلٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ كَانَ اِذَا رَفَّا لِاِنْسَانٍ قَالَ بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ وَبَارَكَ عَلَيْكَ وَجَمَعَ بَيْنَكُمَا فِى خَيْرٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں' آپ جب کبھی کسی انسان کو مبارک باد دیتے تو یہ الفاظ استعمال کرتے: اللہ تعالیٰ تمہیں برکت نصیب کرے اورتم پر برکتیں نازل کرے اورتم دونوں کے درمیان بھلائی کو جمع کردے۔

## بَابُ النَّهْىِ عَنْ خِطْبَةِ الرَّجُلِ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ

## باب 7: اپنے (مسلمان) بھائی کے پیغام نکاح کی موجودگی میں نکاح کا پیغام دینے کی ممانعت

**2212**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِى صَالِحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ نَهٰى عَنْ اَنْ يَخْطُبَ الرَّجُلُ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں نقل کرتے ہیں' آپ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ کوئی شخص اپنے بھائی کے پیغام نکاح کی موجودگی میں نکاح کا پیغام بھیجے

**2213**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ قَالَ حَدَّثَنِى نَافِعٌ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَخْطُبُ اَحَدُكُمْ عَلٰى خِطْبَةِ اَخِيهِ وَلَا يَبِيعُ عَلٰى بَيْعِ اَخِيهِ حَتّٰى يَاْذَنَ لَهُ

---

حدیث **2210**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2130**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1091**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **3371**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1905**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8943**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2745**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5561**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13619**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **514**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایہ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/**1991**ء **367**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **10457**

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کوئی شخص اپنے بھائی کے نکاح کے پیغام کی موجودگی میں نکاح کا پیغام نہ بھیجے اور کوئی شخص اپنے بھائی کے سودے پر سودا نہ کرے یہاں تک کہ وہ شخص اسے اس کی اجازت دیدے۔

**2214**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ اَنَّهَا حَدَّثَتْهُ وَكَتَبَهُ مِنْهَا كِتَابًا اَنَّهَا كَانَتْ تَحْتَ رَجُلٍ مِّنْ قُرَيْشٍ مِّنْ بَنِىْ مَخْزُوْمٍ فَطَلَّقَهَا الْبَتَّةَ فَاَرْسَلَتْ اِلٰى اَهْلِهٖ تَبْتَغِىْ مِنْهُمُ النَّفَقَةَ فَقَالُوْا لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ فَبَلَغَ ذٰلِكَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَيْسَ لَكِ نَفَقَةٌ وَّعَلَيْكِ الْعِدَّةُ وَانْتَقِلِىْ اِلٰى بَيْتِ اُمِّ شَرِيْكٍ وَّلَا تَفُوْتِيْنَا بِنَفْسِكِ ثُمَّ قَالَ اِنَّ اُمَّ شَرِيْكٍ امْرَاَةٌ يَّدْخُلُ عَلَيْهَا اِخْوَانُهَا مِنَ الْمُهَاجِرِيْنَ وَلٰكِنِ انْتَقِلِىْ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَاِنَّهٗ رَجُلٌ اَعْمٰى اِنْ وَضَعْتِ ثِيَابَكِ لَمْ يَرَ شَيْئًا وَّلَا تَفُوْتِيْنَا بِنَفْسِكِ فَانْطَلَقَتْ اِلٰى بَيْتِ ابْنِ اُمِّ مَكْتُوْمٍ فَلَمَّا حَلَّتْ ذَكَرَتْ اَنَّ مُعَاوِيَةَ وَاَبَا جَهْمٍ خَطَبَاهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا مُعَاوِيَةُ فَرَجُلٌ لَّا مَالَ لَهٗ وَاَمَّا اَبُوْ جَهْمٍ فَلَا يَضَعُ عَصَاهُ عَنْ عَاتِقِهٖ فَاَيْنَ اَنْتُمْ مِنْ اُسَامَةَ فَكَاَنَّ اَهْلَهَا كَرِهُوْا ذٰلِكَ

---

حدیث **2213**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **2033**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1412**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **2080**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1134**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء — **3239**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1867**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1089**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **4722**

حدیث **2214**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1480**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **2284**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1180**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء — **3244**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **1869**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1210**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **27145**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **4049**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء — **6882**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **5351**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **13559**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء — **913**

فَقَالَتْ وَاللّٰهِ لَا اَنْكِحُ اِلَّا الَّذِى قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَنَكَحَتْ اُسَامَةَ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ يَا فَاطِمَةُ اتَّقِى اللّٰهَ فَقَدْ عَلِمْتِ فِى اَىِّ شَىْءٍ كَانَ هٰذَا قَالَ وَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ قَالَ اللّٰهُ تَعَالٰى (يَاَيُّهَا النَّبِىُّ اِذَا طَلَّقْتُمُ النِّسَاءَ فَطَلِّقُوْهُنَّ لِعِدَّتِهِنَّ وَاَحْصُوا الْعِدَّةَ وَاتَّقُوا اللّٰهَ رَبَّكُمْ لَا تُخْرِجُوْهُنَّ مِنْ بُيُوْتِهِنَّ وَلَا يَخْرُجْنَ اِلَّا اَنْ يَّاْتِيْنَ بِفَاحِشَةٍ مُّبَيِّنَةٍ) وَالْفَاحِشَةُ اَنْ تَبْذُوَ عَلٰى اَهْلِهَا فَاِذَا فَعَلَتْ ذٰلِكَ فَقَدْ حَلَّ لَهُمْ اَنْ يُّخْرِجُوْهَا

☆☆ سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں وہ بنومخزوم سے تعلق رکھنے والے قریشی شخص کی بیوی تھیں۔اس شخص نے انہیں طلاق بتہ دیدی۔انہوں نے اپنے میاں کے خاندان والوں کے پاس کسی شخص کو بھیجا۔تاکہ اُن سے خرچ کا مطالبہ کریں تو ان خاندان والوں نے جواب دیا تمہیں کوئی خرچ نہیں ملے گا۔اس بات کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے (فاطمہ بنت قیس سے) فرمایا تمہیں خرچ نہیں ملے گا تمہیں عدت بسر کرنی ہے تم اُم شریک کے گھر منتقل ہو جاؤ اور پھر آ کر مجھ سے ملنا پھر آپ نے فرمایا اُم شریک کے ہاں تو اس کے مہاجر بھائی آتے جاتے رہتے ہیں۔تم ابن اُم مکتوم کے ہاں منتقل ہو جاؤ۔کیونکہ وہ نابینا ہیں اگر تم اپنی چادر (سر) سے اتار بھی دو گی تو وہ تمہیں نہیں دیکھ سکیں گے لیکن تم مجھ سے مل ضرور لینا۔

فاطمہ بنت قیس حضرت ابن اُم مکتوم رضی اللہ عنہ کے ہاں چلی گئیں جب ان کی عدت ختم ہوگئی تو انہوں نے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوکر) یہ بات ذکر کی کہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوجہم رضی اللہ عنہ نے انہیں نکاح کا پیغام بھیجا ہے۔نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معاویہ کے پاس تو پیسے نہیں ہیں اور ابوجہم وہ گردن سے عصا اتارتا ہی نہیں ہے۔تم اُسامہ سے شادی کیوں نہیں کر لیتی۔

سیّدہ فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا کے خاندان والوں نے اس بات کو پسند نہیں کیا لیکن فاطمہ بنت قیس نے یہی کہا "اللہ کی قسم میں صرف اسی شخص کے ساتھ شادی کروں گی جس کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے" پھر حضرت فاطمہ بنت قیس رضی اللہ عنہا نے حضرت اُسامہ رضی اللہ عنہ کے ساتھ شادی کر لی۔

محمد بن ابراہیم بولے اے فاطمہ اللہ سے ڈرو تم جانتی ہو کہ یہ معاملہ کیا ہے۔

راوی کہتے ہیں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے۔

"اے نبی جب تم اپنی بیویوں کو طلاق دے دو تو انہیں ان کی عدت میں طلاق دو اور ان کی عدت پوری کرو اور اللہ سے ڈرو جو تمہارا پروردگار ہے انہیں اپنے گھروں سے مت نکالو اور نہ ہی وہ خود نکلیں البتہ اگر وہ واضح فحاشی کی مرتکب ہوں (تو انہیں نکالا جا سکتا ہے)"۔

یہاں فاحشہ سے مراد یہ ہے کہ وہ عورت اپنے خاوند کے ساتھ بدزبانی کرے اگر ایسا کرے تو پھر خاوند کے لئے یہ جائز ہے کہ وہ اسے اپنے گھر سے نکال دے۔

## بَابُ الْحَالِ الَّتِى يَجُوْزُ لِلرَّجُلِ اَنْ يَّخْطُبَ فِيْهَا

## باب 8: آدمی کس حالت میں نکاح کا پیغام بھیج سکتا ہے

**2215**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا دَاوُدُ يَعْنِى ابْنَ اَبِى هِنْدٍ حَدَّثَنَا عَامِرٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ تُنْكَحَ الْمَرْاَةُ عَلٰى عَمَّتِهَا وَالْعَمَّةُ عَلٰى ابْنَةِ اَخِيْهَا اَوِ الْمَرْاَةُ عَلٰى خَالَتِهَا اَوِ الْخَالَةُ عَلٰى بِنْتِ اُخْتِهَا وَلَا تُنْكَحُ الصُّغْرٰى عَلَى الْكُبْرٰى وَلَا الْكُبْرٰى عَلَى الصُّغْرٰى

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے: اپنی بیوی کی بھتیجی کے ساتھ شادی کر لی جائے یا اپنی بیوی کی پھوپھی کے ساتھ شادی کر لی جائے یا اپنی بیوی کی بھانجی کے ساتھ شادی کر لی جائے یا اپنی بیوی کی خالہ کے ساتھ شادی کر لی جائے یا بیوی کی چھوٹی بہن کے ساتھ شادی کر لی جائے یا بیوی کی بڑی بہن کے ساتھ شادی کر لی جائے۔

**2216**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ يُّجْمَعَ بَيْنَ الْمَرْاَةِ وَعَمَّتِهَا وَالْمَرْاَةِ وَخَالَتِهَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے: نکاح میں عورت اور اس کی پھوپھی یا عورت اور اس کی خالہ کو جمع کیا جائے۔ (یعنی دونوں کے ساتھ بیک وقت نکاح کیا جائے)

## بَابُ فِي النَّهْيِ عَنِ الشِّغَارِ

## باب 9: شغار کی ممانعت

**2217**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الشِّغَارِ قَالَ مَالِكٌ وَّالشِّغَارُ اَنْ يُّزَوِّجَ الرَّجُلُ الْاٰخَرَ ابْنَتَهٗ عَلٰى اَنْ يُّزَوِّجَهُ الْاٰخَرُ ابْنَتَهٗ بِغَيْرِ صَدَاقٍ قِيْلَ لِاَبِيْ مُحَمَّدٍ تَرٰى بَيْنَهُمَا نِكَاحًا قَالَ لَا يُعْجِبُنِيْ

---

حدیث **2215**: "سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2065**

"جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1125**

"سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **3292**

"سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1929**

"مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1929**

"مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9461**

"صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/**1993**ء **4068**

"سنن نسائی کبریٰ' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **5419**

"سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13725**

"مسند ابویعلیٰ' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **1890**

"معجم صغیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' المکتب الاسلامی' دار عمار' بیروت' لبنان/عمان' **1405**ھ **1985**ء **240**

"معجم اوسط' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر' **1415**ھ **351**

"معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/**1983**ء **11805**

"مسند طیالسی' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1787**

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ''شغار'' سے منع کیا ہے۔

امام مالک رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' شغار سے مراد یہ ہے کہ ایک شخص دوسرے شخص کی بیٹی کے ساتھ شادی کرلے اس شرط پر کہ وہ دوسرا شخص اس پہلے شخص کی بیٹی کے ساتھ شادی کرے گا اور دونوں کا کوئی مہر نہیں ہوگا۔ امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ کے نزدیک دونوں کا نکاح ہو جاتا ہے انہوں نے جواب دیا مجھے پسند نہیں ہے۔

## بَابٌ فِي نِكَاحِ الصَّالِحِينَ وَالصَّالِحَاتِ

## باب 10: نیک مردوں اور خواتین کی شادی کرنا

**2218**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ عُمَرَ بْنِ كَيْسَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ وَهْبِ بْنِ اَبِي مُغِيثٍ حَدَّثَتْنِي اَسْمَاءُ بِنْتُ اَبِي بَكْرٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَنْكِحُوا الصَّالِحِينَ وَالصَّالِحَاتِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ وَسَقَطَ عَلَيَّ مِنَ الْحَدِيثِ فَمَا تَبِعَهُمْ بَعْدُ فَحَسَنٌ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں' نیک عورتوں اور نیک مردوں کی شادی کردو۔ امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس حدیث کا کچھ حصہ مجھے بھول گیا ہے اس کے بعد جو انہیں ملے گا وہ بہتر ہوگا۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ النِّكَاحِ بِغَيْرِ وَلِيٍّ

## باب 11: ولی کے بغیر نکاح کی ممانعت

**2219**- اَخْبَرَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ

حدیث **2217**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **4822**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1415**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2074**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1124**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **3334**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1112**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4526**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **5494**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **13912**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء **5819**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ **1671**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **803**

''المنتقیٰ من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان 1408ھ/1988ء **719**

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

**2220**- حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ حُجْرٍ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْ بُرْدَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا نِكَاحَ اِلَّا بِوَلِيٍّ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں ولی کے بغیر نکاح نہیں ہوتا۔

**2221**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ نُكِحَتْ بِغَيْرِ اِذْنِ وَلِيِّهَا فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَنِكَاحُهَا بَاطِلٌ فَاِنِ اشْتَجَرُوْا قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ وَقَالَ مَرَّةً فَاِنْ تَشَاجَرُوْا فَالسُّلْطَانُ وَلِيُّ مَنْ لَا وَلِيَّ لَهُ فَاِنْ اَصَابَهَا فَلَهَا الْمَهْرُ بِمَا

---

حدیث **2219**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2085**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1101**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1880**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2260**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4076**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2710**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13381**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **2507**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **11298**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **523**

''المنتقیٰ من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان **1408**ھ/**1988**ء **702**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **15932**

حدیث **2221**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2083**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1879**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24417**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4074**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2709**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13377**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **4837**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **228**

''المنتقیٰ من السنن المسندہ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان **1408**ھ/**1988**ء **700**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **15919**

اسْتَحَلَّ مِنْ فَرْجِهَا قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ اَمْلاهُ عَلَيَّ سَنَةَ سِتٍّ وَّاَرْبَعِيْنَ وَمِائَةٍ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں۔ جو عورت ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے اس کا نکاح باطل ہوگا۔ اس کا نکاح باطل ہوگا۔ اس کا نکاح باطل ہوگا۔ اگر جھگڑا ہو جائے تو جس کا کوئی ولی نہ ہو اس کا حاکم وقت ولی ہوتا ہے اگر وہ شخص اس عورت کے ساتھ صحبت کر چکا ہو تو اس عورت کو مہر ملے گا اس وجہ سے جو اس مرد نے اس کی شرم گاہ کو حلال کیا تھا۔

اس حدیث کے راوی ابوعاصم بیان کرتے ہیں میرے استاد نے یہ حدیث ایک سو چھیالیس (146) ہجری میں مجھے املا کروائی تھی۔

## بَابٌ فِي الْيَتِيمَةِ تُزَوَّجُ

## باب 12: وہ یتیم لڑکی جس کی شادی ہونی ہو

**2222**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ بْنُ اَبِيْ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بُرْدَةَ بْنُ اَبِيْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسْتَاْمَرُ الْيَتِيْمَةُ فِيْ نَفْسِهَا فَاِنْ سَكَتَتْ فَقَدْ اَذِنَتْ وَاِنْ اَبَتْ لَمْ تُكْرَهْ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یتیم لڑکی سے اس کے بارے میں اجازت مانگی جائے گی۔ اگر وہ خاموش رہے تو گویا اس نے اجازت دے دی اور اگر وہ انکار کر دے تو اسے مجبور نہیں کیا جائے گا۔

## بَاب اسْتِئْمَارِ الْبِكْرِ وَالثَّيِّبِ

## باب 13: کنواری اور مطلقہ (یا بیوہ) سے اجازت مانگنا

**2223**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنِيْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُنْكَحُ الثَّيِّبُ حَتّٰى تُسْتَاْمَرَ وَلَا تُنْكَحُ الْبِكْرُ حَتّٰى تُسْتَاْذَنَ وَاِذْنُهَا الصُّمُوْتُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ثیبہ (مطلقہ یا بیوہ) کا نکاح اس وقت تک نہیں

حدیث 2222: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2093

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1109

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 3270

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 7519

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 4079

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 2702

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 5381

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 13488

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 6019

ہوتا جب تک اس سے اجازت نہ لی جائے اور باکرہ کا نکاح اس وقت نہیں ہوتا جب تک اس سے اجازت نہ لی جائے اس کی اجازت خاموشی ہے۔

**2224**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ حَدَّثَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے ایک اور سند کے ہمراہ یہی روایت منقول ہے۔

**2225**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَيِّمُ اَحَقُّ بِنَفْسِهَا مِنْ وَّلِيِّهَا وَالْبِكْرُ تُسْتَاْذَنُ فِىْ نَفْسِهَا وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیوہ عورت اپنے بارے میں اپنے ولی سے زیادہ حق رکھتی ہے اور کنواری لڑکی سے اس کے بارے میں اجازت لی جائے گی اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔

**2226**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنِىْ مَالِكٌ اَوَّلُ شَىْءٍ سَاَلْتُهُ عَنْهُ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْفَضْلِ عَنْ نَافِعِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسْتَاْذَنُ الْبِكْرُ وَاِذْنُهَا صُمَاتُهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کنواری لڑکی سے اجازت لی جائے گی۔ اس کی اجازت اس کی خاموشی ہے۔

**2227**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنِىْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَوْهَبٍ اَخْبَرَنَا نَافِعُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاَيِّمُ اَمْلَكُ بِاَمْرِهَا مِنْ وَّلِيِّهَا وَالْبِكْرُ

حدیث **2225**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 5443
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1419
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2092
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1107
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ 1986ء — 3260
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1870
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1092
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 9487
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 4084
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 5371
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء — 13441
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 10743

تُسْتَامَرُ فِي نَفْسِهَا وَصَمْتُهَا اِقْرَارُهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیوہ عورت اپنے معاملے کی اپنے ولی سے زیادہ مالک ہے اور کنواری لڑکی سے اس کے بارے میں اجازت لی جائے گی اس کی خاموشی اس کا اقرار ہوگی۔

## بَابُ الثَّيِّبِ يُزَوِّجُهَا اَبُوْهَا وَهِيَ كَارِهَةٌ

## باب 14: جب کسی بیوہ (یا مطلقہ) کا باپ اس کی شادی کرے اور اسے یہ ناپسند ہو

**2228**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ اَنَّهُ سَمِعَ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ يَزِيْدَ وَمُجَمِّعَ بْنَ يَزِيْدَ الْاَنْصَارِيَّيْنِ حَدَّثَاهُ اَنَّ رَجُلًا مِّنْهُمْ مِنَ الْاَنْصَارِ يُدْعٰى خِذَامًا اَنْكَحَ بِنْتًا لَّهُ فَكَرِهَتْ نِكَاحَ اَبِيْهَا فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَرَدَّ عَنْهَا نِكَاحَ اَبِيْهَا فَنَكَحَتْ اَبَا لُبَابَةَ بْنَ عَبْدِ الْمُنْذِرِ فَذَكَرَ يَحْيَى اَنَّهُ بَلَغَهُ اَنَّهَا كَانَتْ ثَيِّبًا

☆☆ عبدالرحمٰن بن یزید اور مجمع بن یزید انصاری بیان کرتے ہیں انصار سے تعلق رکھنے والے ایک شخص جس کا نام خزام تھا۔ اس نے اپنی بیٹی کا نکاح کر دیا اس لڑکی کو اپنے باپ کا کیا ہوا نکاح پسند نہیں تھا۔ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے باپ کے کیے ہوئے نکاح کو کالعدم قرار دیا پھر اس لڑکی نے حضرت ابولبابہ بن عبدالمنذر رضی اللہ عنہ سے شادی کر لی۔

اس حدیث کے راوی نے یہ بات نقل کی ہے کہ انہیں یہ بات پتہ چلی کہ وہ لڑکی بیوہ (یا طلاق یافتہ) تھی۔

**2229**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُجَمِّعٍ ابْنَيْ يَزِيْدَ ابْنِ جَارِيَةَ اَنَّ خَنْسَاءَ بِنْتَ خِذَامٍ زَوَّجَهَا اَبُوْهَا وَهِيَ ثَيِّبٌ فَكَرِهَتْ ذٰلِكَ فَاَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرَدَّ نِكَاحَهَا

---

حدیث **2228**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — **4845**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **2101**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — **3268**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1113**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **26829**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — **5380**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — **13451**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — **12001**

"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان 1408ھ/1988ء — **710**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) 1403ھ — **10307**

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ اور مجمع' جو یزید بن جاریہ کے صاحبزادے ہیں' بیان کرتے ہیں' خنساء بنت خزام کے والد نے اس کی شادی کردی وہ خاتون طلاق یافتہ (یا شاید بیوہ) تھی۔ اس خاتون کو یہ بات پسند نہیں آئی وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے نکاح کو کالعدم قرار دیا۔

## بَابُ الْمَرْاَةِ يُزَوِّجُهَا الْوَلِيَّانِ

## باب 15: جس خاتون کے دوولی اس کی شادی کردیں

**2230**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سَعِيْدٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَوْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ زَوَّجَهَا وَلِيَّانِ لَهَا فَهِيَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا وَاَيُّمَا رَجُلٍ بَاعَ بَيْعًا مِنْ رَّجُلَيْنِ فَهُوَ لِلْاَوَّلِ مِنْهُمَا

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ (یا شاید حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ) بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس خاتون کے دوولی اس کی شادی کردیں تو جس نے پہلے کی تھی وہ صحیح شمار ہوگی اور جو شخص کسی دو شخصوں کے ساتھ کوئی سودا کرلے تو وہ پہلے کے ساتھ سودا شمار ہوگا۔

**2231**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ مُتْعَةِ النِّسَآءِ

## باب 16: خواتین کے ساتھ متعہ کرنے کی ممانعت

**2232**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ اَنَّ اَبَاهُ حَدَّثَهٗ اَنَّهُمْ سَارُوْا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ فَقَالَ اسْتَمْتِعُوْا مِنْ هٰذِهِ النِّسَآءِ وَالْاِسْتِمْتَاعُ

---

حدیث **2230**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2088**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1110**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **4682**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' مؤسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17387**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2721**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5397**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13573**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **6893**

عِنْدَنَا التَّزْوِيجُ فَعَرَضْنَا ذٰلِكَ عَلَى النِّسَآءِ فَأَبَيْنَ اَنْ لَّا نَضْرِبَ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُنَّ اَجَلًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ افْعَلُوْا فَخَرَجْتُ اَنَا وَابْنُ عَمٍّ لِّيْ مَعَهُ بُرْدٌ وَّمَعِيْ بُرْدٌ وَّبُرْدُهٗ اَجْوَدُ مِنْ بُرْدِيْ وَاَنَا اَشَبُّ مِنْهُ فَاَتَيْنَا عَلَى امْرَاَةٍ فَاَعْجَبَهَا شَبَابِيْ وَاَعْجَبَهَا بُرْدُهٗ فَقَالَتْ بُرْدٌ كَبُرْدٍ وَّكَانَ الْاَجَلُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهَا عَشْرًا فَبِتُّ عِنْدَهَا تِلْكَ اللَّيْلَةَ ثُمَّ غَدَوْتُ فَاِذَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَائِمٌ بَيْنَ الرُّكْنِ وَالْبَابِ فَقَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ قَدْ كُنْتُ اَذِنْتُ لَكُمْ فِي الْاِسْتِمْتَاعِ مِنَ النِّسَآءِ اَلَا وَاِنَّ اللّٰهَ قَدْ حَرَّمَهٗ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ فَمَنْ كَانَ عِنْدَهٗ مِنْهُنَّ شَيْءٌ فَلْيُخَلِّ سَبِيْلَهَا وَلَا تَاْخُذُوْا مِمَّا اٰتَيْتُمُوْهُنَّ شَيْئًا

☆☆ حضرت ربیع بن سبرہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ لوگ نبی اکرم ﷺ کے ہمراہ حجۃ الوداع کے موقع پر (مکہ مکرمہ) آئے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تم ان خواتین سے متعہ کر سکتے ہو ہمارے نزدیک اس سے مراد شادی تھی ہم نے کچھ خواتین کو یہ پیش کش کی انہوں نے انکار کر دیا اور یہ شرط رکھی کہ ہمارے اور ان کے درمیان شادی کی مدت طے شدہ ہو گی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ایسا ہی کرلو (سبرہ) بیان کرتے ہیں میں اور میرا چچازاد ہم دونوں نکلے اس کے پاس ایک چادر تھی اور میرے پاس بھی ایک چادر تھی اس کی چادر میری چادر سے زیادہ بہتر تھی اور میں اس سے زیادہ جوان تھا۔ ہم ایک خاتون کے پاس آئے اسے میری جوانی پسند آ گئی اور میرے چچازاد کی چادر پسند آ گئی وہ بولی یہ چادر اس چادر جیسی ہے۔ (یعنی اس نے مجھے منتخب کرلیا) میرے اور اس کے درمیان دس دن کا معاہدہ طے پایا اس رات میں اس کے ہاں رہا اگلے دن صبح میں آیا تو نبی اکرم ﷺ رکن اور خانہ کعبہ کے درمیان کھڑے یہ ارشاد فرما رہے تھے۔ اے لوگو! میں نے تمہیں خواتین کے ساتھ متعہ کرنے کی اجازت دی تھی خبردار اللہ تعالیٰ نے اسے قیامت کے دن تک کے لئے حرام قرار دے دیا ہے جس شخص کے پاس ایسی کوئی خاتون ہو وہ اس سے علیحدگی اختیار کرے اور تم نے ان خواتین کو جو ادائیگی کی ہے اس میں سے کچھ واپس نہ لینا۔

**2233**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ سَبْرَةَ الْجُهَنِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ نِكَاحِ الْمُتْعَةِ عَامَ الْفَتْحِ

☆☆ ربیع بن سبرہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے فتح مکہ کے موقع پر نکاح متعہ سے منع کیا تھا۔

**2234**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنِيْ ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ الْحَسَنِ وَعَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَبِيْهِمَا قَالَ سَمِعْتُ عَلِيًّا يَقُوْلُ لِابْنِ عَبَّاسٍ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُتْعَةِ مُتْعَةِ النِّسَآءِ وَعَنْ لُحُوْمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ عَامَ خَيْبَرَ

☆☆ حسن اور عبداللہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کو یہ بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے' جب خیبر فتح ہوا تو نبی اکرم ﷺ نے متعہ اور پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کر دیا۔

حدیث **2232**: ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **1324**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **6519**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **847**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **939**

## بَابٌ فِي نِكَاحِ الْمُحْرِمِ

## باب 17: حالت احرام والے شخص کا نکاح کرنا

**2235**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ اَيُّوبَ بْنِ مُوسَى عَنْ نُبَيْهِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ اَبَانَ بْنِ عُثْمَانَ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُحْرِمُ لَا يَنْكِحُ وَلَا يُنْكِحُ

☆☆ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: حالت احرام والا شخص خود شادی نہیں کر سکتا اور کسی کی شادی بھی نہیں کروا سکتا۔

## بَاب كَمْ كَانَتْ مُهُوْرُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَبَنَاتِهِ

## باب 18: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج اور آپ کی صاحبزادیوں کا مہر کتنا تھا

**2236**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ قَالَ سَاَلْتُ عَائِشَةَ كَمْ كَانَ صَدَاقُ اَزْوَاجِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ صَدَاقُهُ لِاَزْوَاجِهِ اثْنَتَيْ عَشْرَةَ اُوقِيَّةً وَنَشًّا وَقَالَتْ اَتَدْرِي مَا النَّشُّ قَالَ قُلْتُ لَا قَالَتْ نِصْفُ اُوقِيَّةٍ فَهٰذَا صَدَاقُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاَزْوَاجِهِ

---

حدیث **2235**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1409**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **1841**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء **2842**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **1966**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **772**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **401**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4124**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ/**1970**ء **2649**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**ء **3825**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **8933**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **74**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبۃ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **33**

"المنتقیٰ من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسۃ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ/**1988**ء **444**

"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر **1408**ھ **1988**ء **45**

"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی موسسہ نادر بیروت لبنان **1410**ھ/**1990**ء **2792**

☆☆ ابوسلمہ بیان کرتے ہیں: میں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کا مہر کتنا تھا۔ انہوں نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کا مہر بارہ اوقیہ اور ''نش'' تھا۔ پھر سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے دریافت کیا کیا تمہیں پتہ ہے ''نش'' سے مراد کیا ہے۔ میں نے جواب دیا نہیں انہوں نے فرمایا نصف اوقیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج کا یہی مہر تھا۔

**2237-** اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُوْرِ بْنِ زَاذَانَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِى الْعَجْفَاءِ السُّلَمِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ يَخْطُبُ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ اَلَا لَا تُغَالُوْا فِىْ صُدُقِ النِّسَآءِ فَاِنَّهَا لَوْ كَانَتْ مَكْرُمَةً فِى الدُّنْيَا اَوْ تَقْوٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَانَ اَوْلَاكُمْ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَصْدَقَ امْرَاَةً مِّنْ نِسَائِهِ وَلَا اُصْدِقَتِ امْرَاَةٌ مِّنْ بَنَاتِهِ فَوْقَ اثْنَتَىْ عَشْرَةَ اُوْقِيَّةً اَلَا وَاِنَّ اَحَدَكُمْ لَيُغَالِىْ بِصَدَاقِ امْرَاَتِهِ حَتّٰى يَبْقٰى لَهَا فِىْ نَفْسِهِ عَدَاوَةٌ حَتّٰى يَقُوْلَ كَلِفْتُ لَكِ عَلَقَ الْقِرْبَةِ اَوْ عَرَقَ الْقِرْبَةِ

☆☆ ابوعجفاء سلمی بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو خطبہ دیتے ہوئے سنا انہوں نے اللہ تعالیٰ کی حمد وثناء کرنے کے بعد ارشاد فرمایا خبردار! خواتین کے مہر میں غیر ضروری اضافہ نہ کرو کیونکہ اگر یہ چیز دنیا میں عزت کا نشان ہوتی یا اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں پرہیزگاری کا نشان ہوتی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس بات کے سب سے زیادہ حق دار تھے آپ نے اپنی ازواج میں کسی خاتون کا اور صاحبزادیوں میں کسی کا مہر 12 اوقیہ سے زیادہ نہیں رکھا۔ خبردار! کوئی شخص بیوی کو مہر تو زیادہ دے دیتا ہے لیکن اس کے دل میں اس عورت کے لئے عداوت باقی رہ جاتی ہے اور وہ یہ سوچتا ہے تمہاری وجہ سے مجھے بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔

---

حدیث **2236** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1426**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2105**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3347**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1886**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24670**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5513**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **7308**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول **1412ھ/1991ء**) **1075**

حدیث **2237** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2106**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **285**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4620**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **2725**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **14125**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415ھ** **570**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **23**

## بَابٌ مَا يَجُوْزُ اَنْ يَّكُوْنَ مَهْرًا

## باب 19: کون سی چیز مہر بن سکتی ہے

**2238**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِىْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ اَتَتِ امْرَاَةٌ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّهَا وَهَبَتْ نَفْسَهَا لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لِىْ فِى النِّسَآءِ مِنْ حَاجَةٍ فَقَالَ رَجُلٌ زَوِّجْنِيْهَا فَقَالَ اَعْطِهَا ثَوْبًا فَقَالَ لَا اَجِدُ قَالَ اَعْطِهَا وَلَوْ خَاتَمًا مِّنْ حَدِيْدٍ قَالَ فَاعْتَلَّ لَهٗ فَقَالَ مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ قَالَ كَذَا وَكَذَا قَالَ فَقَدْ زَوَّجْتُكَهَا عَلٰى مَا مَعَكَ مِنَ الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی کہ وہ اپنا آپ اللہ اور اس کے رسول کے نام کرتی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے کسی خاتون (کے ساتھ شادی کرنے کی) ضرورت نہیں ہے۔ایک صاحب نے عرض کی اس کی شادی میرے ساتھ کر دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا (مہر کے طور پر) اسے کوئی کپڑا دے دوان صاحب نے عرض کی وہ میرے پاس نہیں ہے۔آپ نے فرمایا: اسے کچھ دو خواہ وہ لوہے کی ایک انگوٹھی ہی ہو ان صاحب نے اس سے بھی معذوری ظاہر کی تو آپ نے ارشاد فرمایا: تمہیں قرآن مجید کتنا یاد ہے اس نے عرض کی اتنا آپ نے فرمایا تمہیں جو قرآن یاد ہے (اس کی تعلیم دینے پر) میں تمہاری شادی اس عورت کے ساتھ کرتا ہوں۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **2238**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء | **2186** |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **1425** |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **2111** |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **1114** |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء | **3339** |
| ''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | **1096** |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | **22850** |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء | **4093** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء | **5308** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء | **13141** |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء | **3483** |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' **1404**ھ/ **1983**ء | **5750** |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ | **12274** |
| ''المنتقیٰ من السنن المسندۃ'' امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسہ الکتب الثقافیہ' بیروت' لبنان' **1408**ھ/ **1988**ء | **716** |

# بَابُ خُطْبَةِ النِّكَاحِ

## باب 20: نکاح کا خطبہ

**2239**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ وَحَجَّاجٌ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَنْبَانَا اَبُو اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا عُبَيْدَةَ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ عَلَّمَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خُطْبَةَ الْحَاجَةِ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اَوْ اِنَّ الْحَمْدَ لِلّٰهِ نَحْمَدُهُ وَنَسْتَعِيْنُهُ وَنَسْتَغْفِرُهُ وَنَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا مَنْ يَّهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهُ وَمَنْ يُّضْلِلْ فَلَا هَادِىَ لَهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُوْلُهُ ثُمَّ يَقْرَاُ ثَلَاثَ اٰيَاتٍ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اتَّقُوا اللّٰهَ حَقَّ تُقَاتِهٖ وَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ) (يَا اَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمُ الَّذِىْ خَلَقَكُمْ مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ وَّخَلَقَ مِنْهَا زَوْجَهَا اِلٰى رَقِيْبًا) (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَقُوْلُوْا قَوْلًا سَدِيْدًا يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهُ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا) ثُمَّ يَتَكَلَّمُ بِحَاجَتِهٖ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے (ان الفاظ میں) ہمیں نکاح کا خطبہ سکھایا تھا۔

''ہر طرح کی حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) بے شک حمد اللہ کے لئے مخصوص ہے ہم اس کی حمد بیان کرتے ہیں اسی سے مدد طلب کرتے ہیں اسی سے مغفرت طلب کرتے ہیں ہم اپنے نفس کے شر سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ جسے اللہ ہدایت عطا کردے اسے کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ہے اور جسے وہ گمراہی میں رہنے دے اسے کوئی ہدایت نہیں دے سکتا۔ میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اور میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔

پھر آپ نے ان تین آیات کی تلاوت کی۔

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو جیسے اس سے ڈرنے کا حق ہے اور تمہیں موت نہ آئے مگر یہ کہ تم مسلمان ہو (یعنی تم مرتے وقت مسلمان ہونا)''۔

''اے... اپنے پروردگار سے ڈرو جس نے تمہیں ایک جان سے پیدا کیا ہے اور اسی جان سے اس کا جوڑا بنایا ہے اور پھر ان دونوں کے ذریعے بے شمار مردوں اور عورتوں کو پھیلا دیا اس اللہ سے ڈرو جس کے نام کے واسطے سے تم رشتہ داری کے

حدیث **2239** ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء۔ **1404**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3720**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ' **1990**ء۔ **2744**

''سنن نسائی کبری'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ' **1991**ء۔ **1709**

''سنن بیہقی کبری'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء۔ **5593**

''مسند ابویعلی'' امام ابویعلی احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء۔ **5257**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' **1404** **1983** **10080**

''مسند طیالسی'' امام ابو... [illegible] **338**

حقوق کا تقاضا کرتے ہو بے شک اللہ تعالیٰ تمہارا نگران ہے۔''

''اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو اور سچی بات کہو وہ تمہارے اعمال درست کر دے گا اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ جو صرف اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کرے گا وہ عظیم کامیابی حاصل کرے گا (راوی کہتے ہیں پھر اس کے بعد وہ شخص اپنی حاجت کے بارے میں بات کرے)''۔

# بَابُ الشَّرْطِ فِي النِّكَاحِ

## باب 21: نکاح میں شرط عائد کرنا

**2240**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيْدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اَحَقَّ الشُّرُوْطِ اَنْ تُوْفُوْا بِهٖ مَا اسْتَحْلَلْتُمْ بِهِ الْفُرُوْجَ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں پوری کی جانے کی سب سے زیادہ مستحق وہ شرط ہے جس کے ذریعے تم شرمگاہوں کو حلال کرتے ہو۔

# بَابٌ فِي الْوَلِيْمَةِ

## باب 22: ولیمہ کا بیان

**2241**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَاٰى عَلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ صُفْرَةً فَقَالَ مَا هٰذِهِ الصُّفْرَةُ قَالَ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً عَلٰى وَزْنِ نَوَاةٍ مِّنْ ذَهَبٍ قَالَ بَارَكَ

---

حدیث **2240**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **2572**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1418**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2139**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1127**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **3281**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1954**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17340**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **4092**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **5531**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **14208**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء **1754**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **752**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **10613**

اللّٰهُ لَكَ اَوْلِمْ وَلَوْ بِشَاةٍ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پر زرد رنگ کا نشان دیکھا تو دریافت کیا یہ زرد رنگ کس چیز کا ہے۔ انہوں نے عرض کی میں نے ایک گٹھلی کے وزن کے برابر سونے کے عوض میں خاتون سے شادی کرلی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائے۔ تم ولیمہ کرو خواہ ایک بکری (قربان کر کے دعوت کرو)۔

## بَابٌ فِيْ اِجَابَةِ الْوَلِيمَةِ

## باب 23: ولیمہ کی دعوت قبول کرنے کے بارے میں روایات

**2242**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ

حدیث **2241**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **4858**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1427**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **2109**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1094**
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء **3351**
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **1907**
"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1135**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **13394**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **4060**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **55089**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **14138**
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء **3348**
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **2128**
"المنتقی من السنن المسندہ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/1988ء **726**
"مسند عبد بن حمید" امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی مکتبۃ السنۃ قاہرہ مصر 1408ھ/1988ء **1326**
"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ **10410**
حدیث **2242**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **4878**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1429**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3736**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **5294**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **6606**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **14296**

رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا دُعِيَ اَحَدُكُمْ اِلٰى وَلِيْمَةٍ فَلْيُجِبْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَنْبَغِي اَنْ يُجِيْبَ وَلَيْسَ الْاَكْلُ عَلَيْهِ بِوَاجِبٍ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب کسی شخص کو ولیمہ (کی دعوت میں شریک ہونے کی) دعوت دی جائے تو اسے قبول کر لینی چاہیے۔

امام ابومحمد دارمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اسے دعوت قبول کر لینی چاہیے۔ البتہ جا کر کھانا کھانا اس پر واجب نہیں ہے۔

## بَابٌ فِي الْعَدْلِ بَيْنَ النِّسَآءِ

## باب 24: بیویوں کے درمیان انصاف قائم رکھنا

**2243**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ النَّضْرِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ بَشِيْرِ بْنِ نَهِيْكٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَتْ لَهُ امْرَاَتَانِ فَمَالَ اِلٰى اِحْدَاهُمَا جَآءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَشِقُّهُ مَائِلٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جس شخص کی دو بیویاں ہوں وہ دونوں میں سے کسی ایک کی طرف مائل ہو تو جب قیامت کا دن آئے گا تو اس کا ایک پہلو مائل ہوگا۔

## بَابٌ فِي الْقِسْمَةِ بَيْنَ النِّسَآءِ

## باب 25: بیویوں کے درمیان تقسیم

**2244**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقْسِمُ فَيَعْدِلُ وَيَقُوْلُ اللّٰهُمَّ هٰذِهِ قِسْمَتِيْ فِيْمَا

حدیث **2243**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — **2133**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **1141**
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ/**1986**ء — **3942**
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **1969**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **7923**
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **4207**
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء — **2759**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **8890**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **14515**
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — **2454**
"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ/**1991**ء — **100**
"المنتقیٰ من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری موسسہ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان **1408**ھ/**1988**ء — **722**

اَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِي فِيمَا تَمْلِكُ وَلَا اَمْلِكُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تقسیم کرتے ہوئے انصاف سے کام لیتے تھے اور یہ دعا کیا کرتے تھے اے اللہ! یہ وہ تقسیم ہے جس کا میں مالک ہوں تو اس چیز کے بارے میں مجھے ملامت نہ کرنا جس کا تو مالک ہے اور میں مالک نہیں ہوں۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَكُونُ عِنْدَهُ النِّسْوَةُ

## باب 26: جس شخص کی کئی بیویاں ہوں (اسے کیا کرنا چاہیے)

**2245** - اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيلُ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ يُونُسَ بْنِ يَزِيدَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا سَافَرَ اَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَاَيَّتُهُنَّ خَرَجَ سَهْمُهَا خَرَجَ بِهَا مَعَهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی سفر پر روانہ ہونے لگتے تو اپنی بیویوں کے درمیان قرعہ اندازی کرتے ان میں سے جس کسی کا نام نکل آتا آپ اسے اپنے ساتھ لے جاتے۔

حدیث **2244**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2134**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1140**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **3943**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1971**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **25154**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **4205**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **2761**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **8891**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **14522**
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412**ھ/ **1991**ء **1370**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **17540**
حدیث **2245**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **2453**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2445**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2138**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1970**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24876**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/ **1991**ء **8923**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **14545**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ-**1984**ء **4397**

## بَابُ الْإِقَامَةِ عِنْدَ الثَّيِّبِ وَالْبِكْرِ إِذَا بَنٰى بِهَا

## باب 27: شب زفاف کے بعد ثیبہ یا باکرہ کے پاس رہنا

**2246**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْبِكْرِ سَبْعٌ وَّلِلثَّيِّبِ ثَلَاثٌ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: باکرہ کے پاس سات دن اور ثیبہ کے پاس تین دن (رہا جائے)۔

**2247**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِيْ بَكْرٍ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ أَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ أَبِيْهِ عَنْ أُمِّ سَلَمَةَ أَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا تَزَوَّجَ أُمَّ سَلَمَةَ أَقَامَ عِنْدَهَا ثَلَاثًا وَّقَالَ إِنَّهُ لَيْسَ بِكِ عَلٰى أَهْلِكِ هَوَانٌ إِنْ شِئْتِ سَبَّعْتُ لَكِ وَإِنْ سَبَّعْتُ لَكِ سَبَّعْتُ لِسَائِرِ نِسَائِيْ

☆☆ سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جب سیّدہ اُم سلمہ رضی اللہ عنہا سے شادی کی تو آپ ان کے ہاں تین دن رہے پھر آپ نے ارشاد فرمایا تمہارے میاں کے سامنے تمہاری حیثیت کم نہیں ہے اگر تم چاہو تو میں تمہارے پاس سات دن رہ سکتا ہوں لیکن اگر میں تمہارے پاس سات دن رہوں گا تو دوسری بیویوں کے پاس بھی سات دن رہوں گا۔

## بَاب بِنَاءِ الرَّجُلِ بِأَهْلِهِ فِيْ شَوَّالٍ

## باب 28: شوال کے مہینے میں رخصتی کروانا

**2248**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ أُمَيَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ شَوَّالٍ وَّأُدْخِلْتُ عَلَيْهِ فِيْ شَوَّالٍ فَأَيُّ نِسَائِهِ كَانَ أَحْظٰى عِنْدَهُ مِنِّيْ قَالَ وَكَانَتْ تَسْتَحِبُّ أَنْ تُدْخِلَ عَلَى النِّسَآءِ فِيْ شَوَّالٍ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا روایت کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے میرے ساتھ شوال کے مہینے میں شادی کی اور میں شوال کے مہینے میں ہی آپ کے ہاں آئی۔ آپ کی بارگاہ میں جو حیثیت مجھے حاصل ہے وہ اور کسے حاصل ہے؟

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اس بات کو مستحب قرار دیتی تھیں کہ خواتین کی رخصتی شوال کے مہینے میں کی جائے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **2246**: "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | 1103 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء | 14541 |
| "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء | 3789 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء | 11404 |
| "مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ | 16956 |

# بَابُ الْقَوْلِ عِنْدَ الْجِمَاعِ

## باب 29: صحبت کے وقت کی دعا

**2249**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ اِسْرَآئِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ اَنْ يَقُولَ حِينَ يُجَامِعُ اَهْلَهُ بِسْمِ اللّٰهِ اللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطٰنَ وَجَنِّبِ الشَّيْطٰنَ مَا رَزَقْتَنَا فَاِنْ قَضَى اللّٰهُ وَلَدًا لَمْ يَضُرَّهُ الشَّيْطٰنُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص صحبت کے وقت یہ دعا پڑھ لے۔

''اللہ کے نام سے آغاز کرتا ہوں اے اللہ ہمیں شیطان سے دور رکھ اور جو اولاد تو ہمیں عطا کرے گا اسے بھی شیطان سے دور رکھ''۔

اگر اللہ تعالیٰ نے اس کے لئے اولاد مقدر کی ہو تو شیطان اس اولاد کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔

# بَابُ النَّهْيِ عَنْ اِتْيَانِ النِّسَآءِ فِي اَعْجَازِهِنَّ

## باب 30: خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت کی ممانعت

**2250**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحُصَيْنِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ الْخَطْمِيِّ عَنْ هَرَمِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ سَمِعْتُ خُزَيْمَةَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِي مِنَ الْحَقِّ لَا تَاْتُوا النِّسَآءَ فِي اَعْجَازِهِنَّ

☆☆ حضرت خزیمہ بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے بے شک اللہ تعالیٰ حق بات سے حیا نہیں کرتا۔ تم خواتین کی پچھلی شرمگاہ میں صحبت نہ کرو۔

**2251**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ الْيَهُودَ قَالُوا

حدیث **2250**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **21907**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4198**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **8982**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **13892**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **3734**

حدیث **2251**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **4254**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1435**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2163**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2978**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1925**

لِلْمُسْلِمِينَ مَنْ اَتَى امْرَاَتَهُ وَهِيَ مُدْبِرَةٌ جَاءَ وَلَدُهُ اَحْوَلَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (نِسَاؤُكُمْ حَرْثٌ لَّكُمْ فَاْتُوْا حَرْثَكُمْ اَنّٰى شِئْتُمْ)

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں یہودیوں نے مسلمانوں سے کہا جو شخص پیچھے سے عورت کی اگلی شرمگاہ میں صحبت کرتا ہے اس کی اولاد اندھی ہوتی ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

''تمہاری بیویاں تمہارے کھیت ہیں تم اپنے کھیت میں جس طرف سے چاہو آؤ''۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَرَى الْمَرْاَةَ فَيَخَافُ عَلٰى نَفْسِهٖ

## باب 31: جو شخص کسی عورت کو دیکھے اور اسے اپنے بارے میں کوئی اندیشہ محسوس ہو

**2252**- اَخْبَرَنَا قَبِيصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَلَّامٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ رَاٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةً فَاَعْجَبَتْهُ فَاَتٰى سَوْدَةَ وَهِيَ تَصْنَعُ طِيبًا وَّعِنْدَهَا نِسَاءٌ فَاَخْلَيْنَهُ فَقَضٰى حَاجَتَهُ ثُمَّ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ رَاٰى امْرَاَةً تُعْجِبُهُ فَلْيَقُمْ اِلٰى اَهْلِهٖ فَاِنَّ مَعَهَا مِثْلَ الَّذِي مَعَهَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک خاتون کو دیکھا وہ آپ کو اچھی لگی آپ سیّدہ سودہ رضی اللہ عنہا کے پاس تشریف لائے وہ اس وقت خوشبو بنا رہی تھیں۔ ان کے پاس کچھ دیگر خواتین بھی موجود تھیں۔ وہ خواتین اٹھ کر چلی گئیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی حاجت پوری کی اور فرمایا جو شخص کسی عورت کو دیکھے اور وہ عورت اسے اچھی لگے تو اس شخص کو چاہیے کہ اپنی بیوی کے ساتھ صحبت کرلے کیونکہ اس کی بیوی کے پاس بھی وہی کچھ ہوگا جو اس عورت کے پاس ہے۔

## بَابٌ فِي تَزْوِيجِ الْاَبْكَارِ

## باب 32: کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کرنا

**2253**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيعٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا سَيَّارٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ حَدَّثَنَا جَابِرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي سَفَرٍ فَلَمَّا قَفَلْنَا تَعَجَّلْتُ فَلَحِقَنِي رَاكِبٌ قَالَ فَالْتَفَتُّ فَاِذَا اَنَا بِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِي مَا اَعْجَلَكَ يَا جَابِرُ قَالَ اِنِّي حَدِيثُ عَهْدٍ بِعُرْسٍ قَالَ اَفَبِكْرًا تَزَوَّجْتَهَا اَمْ ثَيِّبًا قَالَ قُلْتُ بَلْ ثَيِّبًا قَالَ فَهَلَّا بِكْرًا تُلَاعِبُهَا وَتُلَاعِبُكَ قَالَ ثُمَّ قَالَ لِي اِذَا قَدِمْتَ فَالْكَيْسَ الْكَيْسَ قَالَ فَلَمَّا قَدِمْنَا ذَهَبْنَا

| | |
|---|---|
| حدیث **2252**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | **2151** |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | **1158** |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء | **5572** |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء | **9121** |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء | **13294** |
| ''مسند عبد بن حمید'' امام ابومحمد عبد بن حمید بن نصر الکسی' مکتبۃ السنۃ' قاہرہ' مصر **1408**ھ/**1988**ء | **1061** |

نَدْخُلُ قَالَ اَمْهِلُوْا حَتّٰی نَدْخُلَ لَيْلًا اَیْ عِشَاءً لِكَیْ تَمْتَشِطَ الشَّعِثَةُ وَتَسْتَحِدَّ الْمُغِيبَةُ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ایک سفر میں شریک تھے۔ جب ہم واپس آرہے تھے تو میں تیزی سے آگے نکل گیا ایک سوار پیچھے سے میرے قریب آگیا میں نے توجہ کی تو وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تھے۔ آپ نے مجھ سے دریافت کیا اے جابر! تم جلدی کیوں جا رہے ہو۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میری شادی نئی نئی ہوئی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کیا تم نے کسی کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کی ہے یا کسی بیوہ (یا مطلقہ) کے ساتھ؟ حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں' میں نے جواب دیا بیوہ (یا مطلقہ) کے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا تم نے کسی کنواری لڑکی کے ساتھ شادی کیوں نہیں کی تا کہ تم اس کے ساتھ کھیلتے اور وہ تمہارے ساتھ کھیلتی پھر آپ نے ان سے ارشاد فرمایا جب تم گھر جاؤ تو سمجھداری کا مظاہرہ کرنا سمجھداری کا۔

حضرت جابر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں جب ہم (مدینہ منورہ) آئے اور اپنے گھروں میں جانے لگے تو آپ نے فرمایا: ٹھہر جاؤ ہم رات کے وقت گھر جائیں گے تا کہ جس عورت کے بال بکھرے ہوئے ہوں وہ انہیں سنوار لے اور جس عورت نے (بغل یا موئے زیر ناف) صاف کرنے ہوں وہ انہیں صاف کرلے۔

# بَابٌ فِی الْغِيلَةِ

## باب 33: غیلہ کا حکم

**2254**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ نَوْفَلٍ الْاَسَدِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنْ جُدَامَةَ بِنْتِ وَهْبٍ الْاَسَدِيَّةِ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَنْهٰی عَنِ الْغِيلَةِ حَتّٰی ذَكَرْتُ اَنَّ فَارِسَ وَالرُّوْمَ يَصْنَعُوْنَ ذٰلِكَ فَلَا يَضُرُّ اَوْلَادَهُمْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْغِيلَةُ اَنْ يُّجَامِعَهَا وَهِیَ تُرْضِعُ

حدیث **2253**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — **4791**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **2048**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1100**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — **3219**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **14164**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — **1974**

حدیث **2254**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1442**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **3882**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2076**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — **3326**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1269**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — **4196**

☆☆ حضرت جدامہ رضی اللہ عنہا بنت وہب اسدیہ بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: پہلے میں نے یہ ارادہ کیا کہ میں غیلہ سے منع کردوں پھر مجھے یہ خیال آیا کہ ایرانی اوررومی لوگ ایسا کرتے ہیں اوران کی اولادکوکوئی نقصان نہیں ہوتا۔امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں غیلہ سے مراد یہ ہے کہ جس وقت عورت دودھ پلارہی ہواس وقت اس کے ساتھ صحبت کی جائے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ ضَرْبِ النِّسَآءِ

## باب 34: عورتوں کو مارنے کی ممانعت

**2255**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ مَا ضَرَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَادِمًا قَطُّ وَلَا ضَرَبَ بِيَدِهِ شَيْئًا قَطُّ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی کسی خادم کونہیں مارا آپ نے اپنے دست اقدس کے ذریعے کسی کونہیں مارا البتہ اللہ کی راہ میں جہاد کرتے ہوئے۔(دشمن پرحملہ کیا ہے)

**2256**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ اَبِيْ خَلَفٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ ذُبَابٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَضْرِبُوْا اِمَاءَ اللّٰهِ فَجَآءَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ قَدْ ذَئِرْنَ عَلٰى اَزْوَاجِهِنَّ فَرَخَّصَ فِيْ ضَرْبِهِنَّ فَاَطَافَ بِآلِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَّشْكُوْنَ اَزْوَاجَهُنَّ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ نِسَاءٌ كَثِيْرٌ يَّشْكُوْنَ اَزْوَاجَهُنَّ لَيْسَ اُولٰٓئِكَ بِخِيَارِكُمْ

☆☆ حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشادفرمایا ہے اللہ کی کنیزوں کو مارو نہیں۔حضرت عمر

---

| | |
|---|---|
| حدیث 2255: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 1984 |
| "مسنداحمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 25756 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء | 9163 |
| "مسندابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء | 4375 |
| "مسنداسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/ 1991 | 17942 |
| حدیث 2256: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان | 2146 |
| "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء | 4189 |
| "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1990ء | 2765 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء | 9167 |
| "سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء | 14558 |
| "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ 1983ء | 784 |
| "مسندحمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان [illegible]) | 876 |
| "مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ | 17945 |

بن خطاب رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی خواتین اپنے شوہروں کا مقابلہ کرنے لگی ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مردوں کو اس کی رخصت عطا کی کہ وہ انہیں مار سکتے ہیں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل خانہ کے پاس بکثرت خواتین آنے لگیں جو اپنے شوہروں کی شکایت پیش کیا کرتی تھیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: محمد کے اہل خانہ کے پاس بہت سی خواتین آرہی ہیں جو اپنے شوہروں کی شکایت کرتی ہیں ایسے لوگ اچھے لوگ نہیں ہیں۔ (جو اپنی بیویوں کو مارتے ہیں)

**2257**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَمْعَةَ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ النَّاسَ يَوْمًا فَوَعَظَهُمْ فِي النِّسَآءِ فَقَالَ مَا بَالُ الرَّجُلِ يَجْلِدُ امْرَاَتَهُ جَلْدَ الْعَبْدِ وَلَعَلَّهُ يُضَاجِعُهَا فِيْ اٰخِرِ يَوْمِهٖ

☆☆ عبداللہ بن زمعہ بیان کرتے ہیں ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو خواتین کے بارے میں وعظ ونصیحت کرتے ہوئے ارشاد فرمایا مرد اپنی بیوی کو غلاموں کی طرح کیوں مارتا ہے۔ حالانکہ اسی دن کے آخری حصے میں تم نے اسی کے ساتھ ہم بستری کرنا ہوتی ہے۔

## بَابٌ فِيْ مُدَارَاةِ الرَّجُلِ اَهْلَهٗ

## باب 35: آدمی کا اپنی بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرنا

**2258**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ اَبِي الْعَلَاءِ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ قَعْنَبٍ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَرْاَةَ خُلِقَتْ مِنْ ضِلَعٍ فَاِنْ تُقِمْهَا كَسَرْتَهَا فَدَارِهَا فَاِنَّ فِيْهَا اَوَدًا وَّبُلْغَةً

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت کو پسلی سے پیدا کیا گیا ہے اگر تم اسے

حدیث **2257**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 4908
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2865
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1983
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 16266
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 4190

حدیث **2258**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 3153
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1468
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1188
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 9520
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 4178
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1990ء — 7334

سیدھا کروگے تو تم اس کو توڑ دو گے تم اس کا خیال رکھو یہی عقلمندی اور سمجھ داری کا ثبوت ہے۔

**2259**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ اَبِي الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا الْمَرْاَةُ كَالضِّلَعِ اِنْ تُقِمْهَا تَكْسِرْهَا وَاِنْ تَسْتَمْتِعْ تَسْتَمْتِعْ وَفِيهَا عِوَجٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عورت پسلی کی طرح ہے اگر تم اسے سیدھا کرنا چاہو گے تو تم اسے توڑ دو گے اور اگر تم اس سے فائدہ حاصل کرنا چاہتے ہو تو اس کے ٹیڑھے پن سمیت اس سے فائدہ حاصل کرو۔

## بَابٌ فِي الْعَزْلِ

## باب 36: عزل کا بیان

**2260**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْعَزْلِ فَقَالَ اَوَ تَفْعَلُوْنَ ذٰلِكَ فَلَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا فَاِنَّهُ لَيْسَ مِنْ نَسَمَةٍ قَضَى اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ تَكُوْنَ اِلَّا كَانَتْ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عزل کے بارے میں دریافت کیا تو آپ نے جواب دیا کیا تم لوگ ایسا کرتے ہو اگر تم یہ نہ بھی کرو تو کوئی حرج نہیں ہے کیونکہ جس جان کی پیدائش کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے فیصلہ کر دیا ہے وہ پیدا ہو کر ہی رہے گی۔

**2261**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ بِشْرٍ يَرُدُّ الْحَدِيْثَ اِلٰى اَبِي سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قُلْنَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ تَكُوْنُ لَهُ الْجَارِيَةُ فَيُصِيْبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ اَفَيَعْزِلُ عَنْهَا وَتَكُوْنُ عِنْدَهُ الْمَرْاَةُ تُرْضِعُ فَيُصِيْبُ مِنْهَا وَيَكْرَهُ اَنْ تَحْمِلَ فَيَعْزِلُ عَنْهَا قَالَ لَا عَلَيْكُمْ اَنْ لَّا تَفْعَلُوْا فَاِنَّمَا هُوَ الْقَدَرُ قَالَ ابْنُ عَوْنٍ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلْحَسَنِ فَقَالَ وَاللّٰهِ لَكَاَنَّ هٰذَا زَجْرٌ وَاللّٰهِ لَكَاَنَّ هٰذَا زَجْرٌ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک شخص کی کنیز ہے وہ اس کے ساتھ

---

حدیث **2260**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1926**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **9086**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ - **1984**ء **1230**

حدیث **2261**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1438**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2170**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3327**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11093**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4191**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5047**

صحبت کرتا ہے اور اسے یہ پسند نہیں ہے کہ وہ کنیز حاملہ ہو جائے کیا وہ اس کے ساتھ عزل کر سکتا ہے اسی طرح ایک شخص کی بیوی ہے جو بچے کو دودھ پلاتی ہے وہ اس کے ساتھ صحبت کرتا ہے اور یہ بات پسند نہیں کرتا کہ وہ حاملہ ہو جائے کیا وہ اس کے ساتھ عزل کر سکتا ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اگر تم ایسا نہ بھی کرو تو کوئی حرج نہیں کیونکہ یہ تو طے شدہ ہے۔ ابن عون بیان کرتے ہیں' میں نے اس بات کا تذکرہ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ سے کیا تو وہ بولے: اللہ کی قسم! یہ زجر (ناپسندیدگی ظاہر کر کے روکنے) کی مانند ہے۔

## بَابٌ فِي الْغَيْرَةِ

## باب 37: غیرت کا بیان

**2262- حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ شَقِيقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ أَحَدٌ أَغْيَرَ مِنَ اللَّهِ لِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ وَلَيْسَ أَحَدٌ أَحَبَّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ**

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ سے زیادہ غیرت والا کوئی نہیں اسی لئے اس نے فحش چیزوں کو حرام قرار دیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی اور کو (اپنی) تعریف پسند نہیں ہے۔

**2263- أَخْبَرَنَا أَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْأَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ أَبِي كَثِيرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنِي**

---

حدیث 2262: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 4358
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2760
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3530
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 3616
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 11183
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 5123
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 10378
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 266
حدیث 2263: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2659
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 2558
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1996
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 17436
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 295
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2478
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 1525
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 2339
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 18259
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 1772

ابْنُ جَابِرِ بْنِ عَتِيكٍ حَدَّثَنِي أَبِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مِنَ الْغَيْرَةِ مَا يُحِبُّ اللَّهُ وَمِنْهَا مَا يُبْغِضُ اللَّهُ فَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُحِبُّ اللَّهُ الْغَيْرَةُ فِي الرِّيبَةِ وَالْغَيْرَةُ الَّتِي يُبْغِضُ اللَّهُ الْغَيْرَةُ فِي غَيْرِ رِيبَةٍ

☆☆ ابن جابر بیان کرتے ہیں میرے والد نے مجھے یہ روایت سنائی ہے' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک قسم کی غیرت وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے اور ایک غیرت وہ ہے جسے اللہ تعالیٰ ناپسند کرتا ہے وہ غیرت جسے اللہ تعالیٰ پسند کرتا ہے وہ (ریبہ) ہے جو شک کے بارے میں ہو اور جس غیرت کو اللہ تعالیٰ پسند نہیں کرتا وہ ریبہ کے علاوہ غیرت ہے جو شک کے علاوہ دیگر معاملات میں ہو۔

**2264**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ بَلَغَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّ سَعْدَ بْنَ عُبَادَةَ يَقُولُ لَوْ وَجَدْتُ مَعَهَا رَجُلًا لَضَرَبْتُهَا بِالسَّيْفِ غَيْرَ مُصْفِحٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَعْجَبُونَ مِنْ غَيْرَةِ سَعْدٍ أَنَا أَغْيَرُ مِنْ سَعْدٍ وَاللَّهُ أَغْيَرُ مِنِّي وَلِذَلِكَ حَرَّمَ الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ وَلَا شَخْصَ أَغْيَرُ مِنَ اللَّهِ وَلَا أَحَبُّ إِلَيْهِ مِنَ الْمَعَاذِرِ وَلِذَلِكَ بَعَثَ النَّبِيِّينَ مُبَشِّرِينَ وَمُنْذِرِينَ وَلَا شَخْصَ أَحَبُّ إِلَيْهِ الْمَدْحُ مِنَ اللَّهِ وَلِذَلِكَ وَعَدَ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کو اس بات کا پتا چلا کہ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ یہ کہتے ہیں اگر میں اپنی بیوی کے ہمراہ کسی شخص کو پاؤں تو اس عورت کو اپنی تلوار سے قتل کردوں گا اور کوئی درگزر نہیں کروں گا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کیا تم لوگوں کو سعد کی غیرت پر حیرت ہو رہی ہے۔ میں سعد سے زیادہ غیرت والا ہوں اور اللہ تعالیٰ مجھ سے زیادہ غیرت والا ہے اسی لئے اس نے ظاہری اور خفیہ ہر طرح کے فحش کاموں کو حرام قرار دیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کوئی اور غیرت والا نہیں ہے اور نہ ہی اس کے نزدیک عذر سے زیادہ کوئی اور چیز محبوب ہے اس لئے اس نے انبیاء کرام کو خوشخبری سنانے والا اور ڈرانے والا بنا کر مبعوث کیا ہے اور اللہ تعالیٰ سے زیادہ کسی بھی شخص کو اپنی تعریف پسند نہیں ہے اسی لئے اس نے جنت کا وعدہ کیا ہے۔

## بَابٌ فِي حَقِّ الزَّوْجِ عَلَى الْمَرْأَةِ

## باب 38: شوہر کا بیوی پر حق

**2265**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ أَوْفَى الْعَامِرِيِّ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِذَا بَاتَتِ الْمَرْأَةُ هَاجِرَةً لِفِرَاشِ زَوْجِهَا لَعَنَتْهَا الْمَلَائِكَةُ حَتَّى تَرْجِعَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب کوئی عورت اپنے شوہر کے بستر سے الگ رہتی ہے تو

حدیث 2264: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء 6454

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 1499

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان 4532

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان 2605

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر 18193

فرشتے اس وقت تک اس پر لعنت کرتے رہتے ہیں جب تک وہ واپس نہ آجائے۔

## بَابٌ فِي اللِّعَانِ

## باب 39: لعان کا بیان

**2266**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُوَيْمِرًا الْعَجْلَانِيَّ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ رَجُلًا وَّجَدَ مَعَ امْرَاَتِهِ رَجُلًا اَيَقْتُلُهُ فَيَقْتُلُوْنَهُ اَمْ كَيْفَ يَفْعَلُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَدْ اَنْزَلَ اللّٰهُ فِيْكَ وَفِيْ صَاحِبَتِكَ فَاذْهَبْ فَاْتِ بِهَا قَالَ سَهْلٌ فَتَلَاعَنَا وَاَنَا مَعَ النَّاسِ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمَّا فَرَغَا مِنْ تَلَاعُنِهِمَا قَالَ كَذَبْتُ عَلَيْهَا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنْ اَمْسَكْتُهَا فَطَلَّقَهَا ثَلَاثًا قَبْلَ اَنْ يَّاْمُرَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ وَّكَانَتْ تِلْكَ بَعْدُ سُنَّةَ الْمُتَلَاعِنَيْنِ

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں عویمر عجلانی نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کے خیال میں اگر کوئی شخص اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو پاتا ہے تو اسے اس کو قتل کر دینا چاہیے تاکہ لوگ اس شخص کو بھی قتل کر دیں یا پھر اسے کیا کرنا چاہیے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ تمہارے اور تمہاری بیوی کے بارے میں کوئی حکم نازل کر دے گا تم جاؤ اور اس عورت کو لے کر آؤ۔ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر ان دونوں میاں بیوی نے ایک دوسرے کے ساتھ لعان کیا اس وقت میں بھی لوگوں کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا۔ جب وہ دونوں لعان کر کے فارغ ہوگئے عویمر کہتے ہیں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر میں اب بھی اس عورت کو اپنے پاس رہنے دیتا ہوں تو گویا میں نے اس پر جھوٹا الزام لگایا ہے (حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) پھر عویمر نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے کوئی ہدایت دینے سے پہلے ہی اپنی بیوی کو تین طلاقیں دے دیں۔

ابن شہاب بیان کرتے ہیں اس کے بعد لعان کرنے والوں کا یہی طریقہ رہ گیا (کہ وہ لعان کرنے کے بعد بیوی کو طلاق دے

---

حدیث **2265** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان' **1407**ھ **1987**ء **3065**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1436**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2141**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7465**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2458**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **17133**

حدیث **2266** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان' **1407**ھ **1987**ء **4468**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2245**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3405**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2066**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1177**

دیتے ہیں)۔

**2267**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ اَنَّ عُوَيْمِرًا اَتَى عَاصِمَ بْنَ عَدِيٍّ وَّكَانَ سَيِّدَ بَنِيْ عَجْلَانَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ وَلَمْ يَذْكُرْ طَلَّقَهَا ثَلَاثًا

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں عویمر عاصم بن عدی کے پاس آئے وہ بنوعجلان کے سردار تھے اور ان کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا راوی کہتے ہیں تاہم اس روایت میں تین طلاقیں دینے کا ذکر نہیں ہے۔

**2268**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ اَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ جُبَيْرٍ يَقُولُ سُئِلْتُ عَنِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فِي اِمَارَةِ مُصْعَبِ بْنِ الزُّبَيْرِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا فَمَا دَرَيْتُ مَا اَقُولُ قَالَ فَقُمْتُ حَتّٰى اَتَيْتُ مَنْزِلَ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عُمَرَ فَقُلْتُ لِلْغُلَامِ اسْتَاذِنْ لِي عَلَيْهِ فَقَالَ اِنَّهُ قَائِلٌ لَا تَسْتَطِيعُ اَنْ تَدْخُلَ عَلَيْهِ قَالَ فَسَمِعَ ابْنُ عُمَرَ صَوْتِي فَقَالَ ابْنُ جُبَيْرٍ فَقُلْتُ نَعَمْ فَقَالَ ادْخُلْ فَمَا جَاءَ بِكَ هٰذِهِ السَّاعَةَ اِلَّا حَاجَةٌ قَالَ فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ فَوَجَدْتُهُ وَهُوَ مُفْتَرِشٌ بَرْذَعَةَ رَحْلِهِ مُتَوَسِّدٌ مِرْفَقَةً اَوْ قَالَ نُمْرُقَةً شَكَّ عَبْدُ اللّٰهِ حَشْوُهَا لِيفٌ فَقُلْتُ يَا اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمُتَلَاعِنَانِ اَيُفَرَّقُ بَيْنَهُمَا قَالَ سُبْحَانَ اللّٰهِ نَعَمْ اِنَّ اَوَّلَ مَنْ سَاَلَ عَنْ ذٰلِكَ فُلَانٌ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْكَ اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ اَحَدَنَا رَاٰى امْرَاَتَهُ عَلٰى فَاحِشَةٍ كَيْفَ يَصْنَعُ اِنْ سَكَتَ سَكَتَ عَلٰى اَمْرٍ عَظِيمٍ وَّاِنْ تَكَلَّمَ فَمِثْلُ ذٰلِكَ قَالَ فَسَكَتَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَمْ يُجِبْهُ فَقَامَ لِحَاجَتِهِ فَلَمَّا كَانَ بَعْدَ ذٰلِكَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنَّ الَّذِي سَاَلْتُكَ عَنْهُ قَدِ ابْتُلِيتُ بِهِ قَالَ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ الَّتِي فِي سُورَةِ النُّورِ (وَالَّذِينَ يَرْمُونَ اَزْوَاجَهُمْ) حَتّٰى خَتَمَ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ قَالَ فَدَعَا الرَّجُلَ فَتَلَاهُنَّ عَلَيْهِ وَذَكَّرَهُ بِاللّٰهِ وَاَخْبَرَهُ اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَ مَا كَذَبْتُ عَلَيْهَا ثُمَّ دَعَا الْمَرْاَةَ فَوَعَظَهَا وَذَكَّرَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّ عَذَابَ الدُّنْيَا اَهْوَنُ مِنْ عَذَابِ الْاٰخِرَةِ فَقَالَتْ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ اِنَّهُ لَكَاذِبٌ فَدَعَا الرَّجُلَ فَشَهِدَ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الصَّادِقِينَ (وَالْخَامِسَةُ اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ عَلَيْهِ اِنْ كَانَ مِنَ الْكَاذِبِينَ) ثُمَّ اَتَى بِالْمَرْاَةِ فَشَهِدَتْ اَرْبَعَ شَهَادَاتٍ بِاللّٰهِ اِنَّهُ لَمِنَ الْكَاذِبِينَ (وَالْخَامِسَةَ اَنَّ غَضَبَ اللّٰهِ عَلَيْهَا اِنْ كَانَ مِنَ الصَّادِقِينَ) ثُمَّ فَرَّقَ بَيْنَهُمَا

☆☆ سعید بن جبیر بیان کرتے ہیں مجھ سے حضرت مصعب بن زبیر رضی اللہ عنہ کی حکومت کے زمانہ میں لعان کرنے والوں کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ کیا ان کے درمیان علیحدگی کرادی جائے گی مجھے سمجھ نہ آئی کہ میں کیا جواب دوں۔

سعید کہتے ہیں میں اٹھا اور حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما کے گھر آیا۔ میں نے ان کے خادم سے کہا۔ میرے لئے اندر آنے کی اجازت مانگو۔ خادم نے جواب دیا وہ قیلولہ کررہے ہیں تم ان کے پاس نہیں جاسکتے سعید بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے شاید میری آواز سن لی تو انہوں نے اندر سے دریافت کیا کیا ابن جبیر ہے۔ میں نے جواب دیا۔ جی ہاں! انہوں نے جواب دیا آجاؤ تم اس وقت کسی ضروری کام سے ہی آئے ہوگے۔ سعید بیان کرتے ہیں اندر ان کے پاس آیا تو میں نے دیکھا کہ انہوں نے اپنی ٹانگ پر ایک چادر اوڑھی ہوئی ہے اور لیٹے ہوئے ہیں اور اپنے بازو (راوی کو شک ہے یا شاید) نمرقہ کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے ہیں اس تکیے کے اندر پتے بھرے ہوئے تھے میں نے عرض کی اے ابوعبدالرحمٰن لعان کرنے والوں کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی؟ انہوں نے جواب

دیا' سبحان اللہ! ہاں اس بارے میں سب سے پہلے فلاں شخص نے سوال کیا تھا۔ اس نے عرض کی تھی یارسول اللہ ﷺ! آپ کے خیال میں اگر ہم میں سے کوئی ایک شخص اپنی بیوی کو گناہ کرتے ہوئے دیکھے تو اسے کیا کرنا چاہیے اگر وہ خاموش رہتا ہے تو ایک بڑے جرم پر خاموش رہے گا اور اگر وہ یہ بیان کر دیتا ہے تو ایسی بات بیان کرے گا (راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ خاموش رہے' آپ نے اسے کوئی جواب نہیں دیا وہ صاحب اپنے کام سے اٹھ کر چلے گئے اس کے بعد جب وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے اور عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! میں نے آپ سے جس چیز کے بارے میں سوال کیا تھا اس میں مبتلا ہو گیا ہوں۔

راوی کہتے ہیں تو اللہ تعالیٰ نے سورۂ نور کی یہ آیات نازل کی۔

''جو لوگ اپنی بیویوں پر الزام لگاتے ہیں اور ان کے پاس کوئی گواہ نہیں ہوتا صرف وہ خود ہی گواہ ہوتے ہیں تو اس اکیلے شخص کی گواہی چار گواہوں کے برابر ہوگی۔ وہ اللہ کے نام کی قسم اٹھائے گا کہ وہ سچ کہہ رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے گا کہ اس پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹ بول رہا ہو اور عورت سے عذاب ہٹا دیا جائے گا اگر وہ اللہ کے نام پر چار مرتبہ یہ گواہی دے کہ وہ مرد جھوٹ کہہ رہا ہے اور پانچویں مرتبہ یہ کہے کہ اس عورت پر اللہ کا غضب نازل ہو اگر مرد سچ کہہ رہا ہو''۔

نبی اکرم ﷺ نے ان آیات کی تلاوت کی پھر آپ نے ان صاحب کو بلایا اور یہ آیات اس کے سامنے تلاوت کرنے کے بعد اسے اللہ تعالیٰ کے خوف سے ڈرایا اور اسے بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں زیادہ آسان ہے وہ صاحب بولے میں نے اس عورت پر جھوٹا الزام عائد نہیں کیا۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے اس خاتون کو بلایا اور اسے وعظ و نصیحت کرتے ہوئے یہ بتایا کہ دنیا کا عذاب آخرت کے عذاب کے مقابلے میں آسان ہے وہ عورت بولی اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے یہ صاحب جھوٹ بول رہے ہیں۔

پھر نبی اکرم ﷺ نے ان صاحب کو بلوایا ان صاحب نے اللہ کے نام پر چار مرتبہ قسم اٹھا کر یہ گواہی دی کہ وہ سچ کہہ رہے ہیں اور پانچویں مرتبہ یہ کہا کہ ان پر اللہ کی لعنت ہو اگر وہ جھوٹ بول رہے ہوں۔

پھر اس خاتون کو لایا گیا اس نے اللہ کے نام پر چار مرتبہ یہ گواہی دی کہ وہ صاحب جھوٹ بول رہے ہیں اور پانچویں مرتبہ پر اعتراف کیا کہ اگر وہ صاحب سچے ہوں تو اس خاتون پر اللہ کا غضب نازل ہو۔

(حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں) کہ نبی اکرم ﷺ نے ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروا دی۔

حدیث **2268**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1202**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ 1986ء** **3473**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4693**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4286**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5667**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **15104**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ۔1984ء** **5656**

2269- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنِي مَالِكٌ قَالَ سَمِعْتُ نَافِعًا عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ قَالَ فَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْمُتَلاعِنَيْنِ وَاَلْحَقَ الْوَلَدَ بِاُمِّهِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے لعان کرنے والے میاں بیوی کے درمیان علیحدگی کروادی تھی اور بچے کا نسب اس کی ماں کے ساتھ ثابت کیا تھا۔

## بَابٌ فِي الْعَبْدِ يَتَزَوَّجُ بِغَيْرِ اِذْنِ سَيِّدِهٖ

## باب 40: جو غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر شادی کرلے

2270- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَقِيْلٍ قَالَ سَمِعْتُ جَابِرًا يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيْهِ اَوْ اَهْلِهٖ فَهُوَ عَاهِرٌ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو غلام آقا کی اجازت کے بغیر شادی کرلے وہ ظالم ہوگا۔

2271- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا مِنْدَلُ بْنُ عَلِيٍّ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ مُوْسَى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ بِغَيْرِ اِذْنِ مَوَالِيْهِ فَهُوَ زَانٍ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جو غلام اپنے آقا کی اجازت کے بغیر شادی کرلے وہ زانی ہوگا۔

## بَابُ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ

## باب 41: بچہ عورت کے شوہر کا شمار ہوگا

2272- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ يَرْفَعُهٗ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

حدیث 2269: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 5007

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1494

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 398

حدیث 2271: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2078

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1111

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1960

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 15073

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 13508

☆☆ سعید بن مسیب' حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ مرفوع حدیث نقل کرتے ہیں: بچہ عورت کے شوہر کا شمار ہوگا اور زنا کرنے والے کو پتھر مارے جائیں گے۔

**2273**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بچہ عورت کے شوہر کا ہوگا۔

**2274**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَخْبَرَنِيْ عُرْوَةُ عَنْ عَآئِشَةَ زَوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ كَانَ عُتْبَةُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ عَهِدَ اِلٰى اَخِيْهِ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ اَنْ يَّقْبِضَ اِلَيْهِ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ فَقَالَ عُتْبَةُ اِنَّهُ ابْنِيْ فَلَمَّا قَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَمَنَ الْفَتْحِ اَخَذَ سَعْدُ بْنُ اَبِيْ وَقَّاصٍ ابْنَ وَلِيْدَةِ زَمْعَةَ فَاِذَا هُوَ اَشْبَهُ النَّاسِ بِعُتْبَةَ ابْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ لَكَ يَا عَبْدُ بْنَ زَمْعَةَ مِنْ اَجْلِ اَنَّهُ وُلِدَ عَلٰى فِرَاشِ اَبِيْهِ وَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ احْتَجِبِيْ مِنْهُ يَا سَوْدَةُ بِنْتَ زَمْعَةَ مِمَّا رَاٰى مِنْ شَبَهِهِ بِعُتْبَةَ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ وَّسَوْدَةُ بِنْتُ زَمْعَةَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' عتبہ بن ابووقاص نے اپنے بھائی سعد بن ابی وقاص سے یہ عہد لیا کہ وہ زمعہ کی کنیز کے بیٹے کو اپنے قبضے میں لیں عتبہ نے یہ کہا کہ یہ میرا بیٹا ہے جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فتح مکہ کے موقع پر مکہ تشریف لائے تو سعد بن ابی وقاص نے زمعہ کی کنیز کے بیٹے کو حاصل کرلیا وہ عتبہ بن ابووقاص سے مشابہت رکھتا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اے عبد بن زمعہ یہ تمہیں

حدیث **2272**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **6432**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1458**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1157**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3482**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2006**

''سنن دارمی'' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمان دارمی' دار الکتاب العربی' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1119**

حدیث **2274**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **1948**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1457**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2273**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3484**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1418**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **25019**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4105**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5678**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **11244**

ملے گا' کیونکہ یہ اس کے باپ کے بستر پر پیدا ہوا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے سودہ بنت زمعہ تم اس لڑکے سے پردہ کرنا (راوی کہتے ہیں) اس کی وجہ یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے عتبہ بن ابی وقاص کیساتھ اس لڑکے کی مشابہت دیکھ لی تھی۔

## بَابٌ مَّنْ جَحَدَ وَلَدَهُ وَهُوَ يَعْرِفُهُ

## باب 42: جو شخص اپنے بچے کو پہچاننے کے باوجود اس کا انکار کردے

**2275**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يُونُسَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي سَعِيدٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ حِينَ اُنْزِلَتْ آيَةُ الْمُلَاعَنَةِ اَيُّمَا امْرَاَةٍ اَدْخَلَتْ عَلٰى قَوْمٍ نَسَبًا لَيْسَ مِنْهُمْ فَلَيْسَتْ مِنَ اللّٰهِ فِي شَيْءٍ وَلَمْ يُدْخِلْهَا اللّٰهُ جَنَّتَهُ وَاَيُّمَا رَجُلٍ جَحَدَ وَلَدَهُ وَهُوَ يَنْظُرُ اِلَيْهِ احْتَجَبَ اللّٰهُ مِنْهُ وَفَضَحَهُ عَلٰى رُءُوسِ الْاَوَّلِينَ وَالْآخِرِينَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ قَالَ مُحَمَّدُ بْنُ كَعْبٍ الْقُرَظِيُّ وَسَعِيدٌ يُحَدِّثُهُ هٰذَا وَقَدْ بَلَغَنِي هٰذَا الْحَدِيثُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے اس موقع پر جب لعان سے متعلق آیت نازل ہوئی:

''جو عورت کسی قوم کے نسب میں وہ نسب داخل کردے جو ان سے تعلق نہیں رکھتا تو اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں اُسے کچھ نصیب نہیں ہوگا اور اللہ تعالیٰ اسے اپنی جنت میں داخل نہیں کرے گا اور جو شخص اپنی اولاد کو پہچان لینے کے باوجود اس کا انکار کردے اللہ تعالیٰ اسے حجاب میں رکھے گا اور اسے سب اگلے پچھلے لوگوں کے سامنے رُسوا کرے گا''۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَتَزَوَّجُ امْرَاَةَ اَبِيهِ

## باب 43: کسی شخص کا اپنے باپ کی بیوی سے شادی کرنا

**2276**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ زَيْدٍ عَنْ عَدِيِّ بْنِ ثَابِتٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ الْبَرَاءِ عَنْ اَبِيهِ قَالَ لَقِيتُ عَمِّي وَمَعَهُ رَايَةٌ فَقُلْتُ اَيْنَ تُرِيدُ فَقَالَ بَعَثَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى

حدیث **2275**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2263**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء **3481**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2743**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء **4108**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2814**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء **5675**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **15110**

رَجُلٍ نَكَحَ امْرَاَةَ اَبِيهِ فَاَمَرَنِى اَنْ اَضْرِبَ عُنُقَهُ وَاٰخُذَ مَالَهُ

☆☆ یزید بن براء اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میری ملاقات اپنے چچا سے ہوئی ان کے پاس ایک جھنڈا تھا میں نے دریافت کیا آپ کہاں جارہے ہیں انہوں نے جواب دیا مجھے نبی اکرم ﷺ نے ایک ایسے شخص کی طرف بھیجا ہے جس نے اپنے باپ کی بیوی کے ساتھ نکاح کرلیا ہے آپ نے مجھے یہ ہدایت دی ہے کہ میں اسے قتل کردوں اور اس کا مال قبضے میں لے لوں۔

## بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ)

## باب 44: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان "اس کے بعد عورتیں تمہارے لئے حلال نہیں ہیں"

**2277**- حَدَّثَنِى مُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِى مُوسٰى عَنْ رَجُلٍ مِنَ الْاَنْصَارِ يُسَمّٰى زِيَادًا قَالَ قُلْتُ لِاُبَىِّ بْنِ كَعْبٍ اَرَاَيْتَ لَوْ اَنَّ اَزْوَاجَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتْنَ كَانَ يَحِلُّ لَهُ اَنْ يَتَزَوَّجَ قَالَ نَعَمْ اِنَّمَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَهُ ضَرْبًا مِنَ النِّسَاءِ وَوَصَفَ لَهُ صِفَةً فَقَالَ (لَا يَحِلُّ لَكَ النِّسَآءُ مِنْ بَعْدُ) مِنْ بَعْدِ هٰذِهِ الصِّفَةِ

☆☆ محمد بن ابوموسیٰ بیان کرتے ہیں' انصار سے تعلق رکھنے والا ایک شخص یہ بات بیان کرتا ہے میں نے حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا آپ کے خیال میں اگر نبی اکرم ﷺ کی تمام ازواج فوت ہو جائیں تو کیا آپ کے لیے مزید شادی کرنا جائز ہوگا۔ انہوں نے جواب دیا ہاں کیونکہ اللہ تعالیٰ نے نبی اکرم ﷺ کے لیے خواتین کی مخصوص قسم کو حلال قرار دیا ہے اور اس کی صفت بیان کی ہے اور یہ فرمایا ہے تمہارے لئے اس کے بعد عورتوں سے نکاح کرنا حلال نہیں ہے یعنی جن میں یہ صفات نہ پائی جاتی ہوں۔

**2278**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ مَا

---

حدیث **2276**: ''سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4457**

''سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3331**

''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2607**

''مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18580**

''صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4112**

''المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2776**

''سنن نسائی کبریٰ' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5488**

''سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13696**

''معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **3406**

حدیث **2278**: ''جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3216**

''سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3205**

''مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24183**

''صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6366**

تُوُفِّيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى اَحَلَّ اللّٰهُ لَهُ اَنْ يَّتَزَوَّجَ مِنَ النِّسَآءِ مَا شَآءَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہیں' نبی اکرم ﷺ کے وصال سے پہلے اللہ تعالیٰ نے آپ پر یہ بات حلال کردی تھی کہ آپ جتنی خواتین کے ساتھ چاہیں شادی کرسکتے ہیں۔

## بَابٌ فِي الْاَمَةِ يُجْعَلُ عِتْقُهَا صَدَاقَهَا

## باب 45: کنیز کی آزادی کو اس کا مہر مقرر کرنا

**2279**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ الْحَبْحَابِ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کردیا تھا اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا تھا۔

**2280**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَعْتَقَ صَفِيَّةَ وَتَزَوَّجَهَا وَجَعَلَ عِتْقَهَا صَدَاقَهَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے سیّدہ صفیہ رضی اللہ عنہا کو آزاد کر کے ان سے شادی کرلی تھی اور ان کی آزادی کو ان کا مہر قرار دیا تھا۔

## بَاب فَضْلِ مَنْ اَعْتَقَ اَمَةً ثُمَّ تَزَوَّجَهَا

## باب 46: کنیز کو آزاد کر کے اس سے شادی کرنے کی فضیلت

**2281**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحِ بْنِ حَيِّ الْهَمْدَانِيِّ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ

---

بقیہ حدیث **2278**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **5314**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **13126**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **235**

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ (طبع اول 1412ھ/1991ء) **1183**

حدیث **2279**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **4798**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1115**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1958**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11975**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **4063**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **6600**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **13145**

الشَّعْبِیِّ فَاَتَاہُ رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ خُرَاسَانَ فَقَالَ یَا اَبَا عَمْرٍو اِنَّ مَنْ قِبَلَنَا مِنْ اَھْلِ خُرَاسَانَ یَقُوْلُوْنَ فِی الرَّجُلِ اِذَا اَعْتَقَ اَمَتَہُ ثُمَّ تَزَوَّجَھَا فَھُوَ کَالرَّاکِبِ بَدَنَتَہُ فَقَالَ الشَّعْبِیُّ حَدَّثَنِی اَبُوْ بُرْدَۃَ بْنُ اَبِی مُوْسٰی عَنْ اَبِیْہِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَۃٌ یُؤْتَوْنَ اَجْرَھُمْ مَرَّتَیْنِ رَجُلٌ مِنْ اَھْلِ الْکِتَابِ اٰمَنَ بِنَبِیِّہٖ ثُمَّ اَدْرَکَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فَاٰمَنَ بِہٖ وَاتَّبَعَہُ وَعَبْدٌ مَمْلُوْکٌ اَدّٰی حَقَّ اللّٰہِ وَحَقَّ مَوَالِیْہِ فَلَہُ اَجْرَانِ وَرَجُلٌ کَانَتْ لَہُ اَمَۃٌ فَغَذَّاھَا فَاَحْسَنَ غِذَائَھَا وَاَدَّبَھَا فَاَحْسَنَ تَادِیْبَھَا فَاَعْتَقَھَا وَتَزَوَّجَھَا فَلَہُ اَجْرَانِ ثُمَّ قَالَ لِلرَّجُلِ خُذْ ھٰذَا الْحَدِیْثَ بِغَیْرِ شَیْءٍ فَقَدْ کَانَ یُرْحَلُ فِیْمَا دُوْنَ ھٰذَا اِلَی الْمَدِیْنَۃِ قَالَ ھُشَیْمٌ اَفَادُوْنِیْ بِالْبَصْرَۃِ فَاَتَیْتُہُ فَسَاَلْتُہُ عَنْہُ

☆☆ صالح بن صالح بیان کرتے ہیں' میں شعبی کے پاس موجود تھا ان کے پاس خراسان سے تعلق رکھنے والا ایک شخص آیا اور بولا اے ابوعمرو ہمارے ہاں خراسان جو شخص اپنے کنیز کو آزاد کر کے اس کیساتھ شادی کر لے۔اس کے بارے میں لوگ یہ کہتے ہیں یہ اپنی قربانی کے جانور پر سوار ہونے کے مترادف ہے شعبی نے جواب دیا مجھے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ نے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنایا ہے تین طرح کے لوگوں کو دوگنا اجر دیا جائے گا ایک وہ شخص جو اہل کتاب سے تعلق رکھتا ہوا اور اپنی نبی پر ایمان لے آئے پھر اسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا زمانہ نصیب ہوا ہو اور وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کرے (دوسرا) وہ غلام جو اللہ تعالیٰ کا حق ادا کرے اور اپنے آقا کا حق ادا کرے اس کو دوگنا اجر ملے گا (اور تیسرا) وہ شخص جس کی کوئی کنیز ہو وہ اسے اچھی خوراک فراہم کرے اور اس کی اچھی طرح سے تعلیم وتربیت کرے پھر اسے آزاد کر کے اس کے ساتھ شادی کر لے تو اسے دوگنا اجر ملے گا پھر شعبی نے اس شخص سے کہا کسی معاوضے کے بغیر تم یہ حدیث حاصل کر لو پہلے اس اس کم درجے کی حدیث کے لیے مدینہ منورہ کا سفر کرنا پڑتا تھا۔

ہشیم بیان کرتے ہیں' بصرہ میں مجھے اس بات کا پتا چلا تو میں ان کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے یعنی (صالح سے) اس روایت کے بارے میں دریافت کیا۔

**2282**- اَخْبَرَنَا سَھْلُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ شُعْبَۃَ عَنْ صَالِحِ بْنِ حَیٍّ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ بُرْدَۃَ عَنْ اَبِیْہِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَحْوَ ھٰذَا الْحَدِیْثِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابُ الرَّجُلِ یَتَزَوَّجُ الْمَرْاَۃَ فَیَمُوْتُ قَبْلَ اَنْ یَفْرِضَ لَھَا

## باب 47: جو شخص کسی عورت کے ساتھ شادی کرے اور مہر مقرر کرنے سے پہلے فوت ہو جائے

**2283**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاھِیْمَ عَنْ عَلْقَمَۃَ عَنْ عَبْدِ اللّٰہِ فِیْ رَجُلٍ تَزَوَّجَ امْرَاَۃً وَلَمْ یَکُنْ فَرَضَ لَھَا شَیْئًا وَلَمْ یَدْخُلْ بِھَا وَمَاتَ عَنْھَا قَالَ فِیْھَا لَھَا صَدَاقُ نِسَائِھَا وَعَلَیْھَا الْعِدَّۃُ وَلَھَا الْمِیْرَاثُ قَالَ مَعْقِلٌ الْاَشْجَعِیُّ قَضٰی رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ بِرْوَعَ بِنْتِ وَاشِقٍ امْرَاَۃٍ مِنْ بَنِیْ رُوَاسٍ بِمِثْلِ مَا قَضَیْتَ قَالَ فَفَرِحَ بِذٰلِکَ قَالَ مُحَمَّدٌ وَسُفْیَانُ نَاْخُذُ بِھٰذَا

حدیث **2281**: ''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی)

☆☆ علقمہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو کسی خاتون کے ساتھ شادی کرے اور اس کا مہر مقرر کرنے اور رخصتی سے پہلے ہی فوت ہو جائے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں یہ فتویٰ دیا اس عورت کو اس جیسی دیگر خواتین جتنا مہر ملے گا عورت عدت بسر کرے گی اور اسے وراثت میں بھی حصہ ملے گا حضرت معقل اشجعی رضی اللہ عنہ بولے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نبو رواس تعلق رکھنے والی خاتون بروع بنت واشق کے بارے میں اس طرح کا فیصلہ دیا تھا جو آپ نے فیصلہ دیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ یہ سن کر بہت خوش ہوئے اس حدیث کے راوی محمد بن یوسف اور سفیان کہتے ہیں ہم اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔

## بَابٌ مَّا يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعِ

## باب 48: رضاعت کے ذریعے کیا چیز حرام ہوتی ہے

**2284**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ مَعَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ بَيْتِ حَفْصَةَ فَسَمِعَتْ صَوْتَ اِنْسَانٍ قَالَتْ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ سَمِعْتُ صَوْتَ اِنْسَانٍ فِیْ بَيْتِكَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُرَاهُ فُلَانًا لِعَمِّ حَفْصَةَ مِنَ الرَّضَاعَةِ قَالَتْ عَآئِشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَوْ كَانَ فُلَانٌ حَيًّا لِعَمِّهَا مِنَ الرَّضَاعَةِ دَخَلَ عَلَیَّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

---

حدیث **2283**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2114**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1145**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3354**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1891**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4099**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **2738**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409ھ** **29046**

حدیث **2284**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **2503**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1444**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3313**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1254**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **25492**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5470**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **13680**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) **1412ھ/1991ء** **1010**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ بیان کرتی ہیں' وہ نبی اکرم ﷺ کے (دوسرے) گھر میں تھیں انہوں نے کسی صاحب کی آواز سنی تو عرض کی یا رسول اللہ ﷺ میں نے آپ کے (دوسرے) گھر میں کسی صاحب کی آواز سنی ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: میرا خیال ہے یہ فلاں شخص ہے وہ صاحب سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے رضاعی چچا تھے' سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یا رسول اللہ ﷺ اگر فلاں شخص موجود ہوتا یہ بات انہوں نے اپنے رضاعی چچا کے بارے میں کہی تو کیا وہ میرے ہاں آ جاتا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہاں رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو ولادت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے۔

**2285**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ قَالَ اَخْبَرَتْنِي عَائِشَةُ اَنَّ عَمَّهَا اَخَا اَبِي الْقُعَيْسِ جَآءَ يَسْتَاْذِنُ عَلَيْهَا بَعْدَمَا ضُرِبَ الْحِجَابُ فَاَبَتْ اَنْ تَاْذَنَ لَهُ حَتّٰى يَاْتِيَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذِنَهُ فَلَمَّا جَآءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ذَكَرَتْ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَتْ جَآءَ عَمِّي اَخُو اَبِي الْقُعَيْسِ فَرَدَدْتُّهُ حَتّٰى اَسْتَاْذِنَكَ قَالَ اَوَ لَيْسَ بِعَمِّكِ قَالَتْ اِنَّمَا اَرْضَعَتْنِي الْمَرْاَةُ وَلَمْ يُرْضِعْنِي الرَّجُلُ فَقَالَ اِنَّهُ عَمُّكِ فَلْيَلِجْ عَلَيْكِ قَالَ وَكَانَتْ عَائِشَةُ تَقُوْلُ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' ان کے چچا' جو ابوقعیس کے بھائی تھے' آئے اور سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں آنے کی اجازت مانگی اس وقت پردے کا حکم نازل ہو چکا تھا سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے انہیں اندر آنے کی اجازت دینے سے انکار کر دیا جب نبی اکرم ﷺ تشریف لائے تو سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس بات کا تذکرہ ان سے کیا اور عرض کی میرے چچا جو ابوقعیس کے بھائی ہیں تشریف لائے تھے لیکن میں نے انہیں واپس کر دیا تا کہ پہلے آپ سے اجازت حاصل کروں۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: کیا وہ تمہارے چچا نہیں ہیں۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی مجھے ایک خاتون نے دودھ پلایا تھا مرد نے دودھ نہیں پلایا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: وہ تمہارے چچا ہیں تم انہیں اندر آنے دے سکتی ہو۔ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرمایا کرتی تھیں رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو ولادت کے ذریعے ثابت ہوتی ہے۔

**2286**- اَخْبَرَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ مَالِكٍ حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ دِيْنَارٍ عَنْ سُلَيْمَانَ

حدیث **2285**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **2501**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1445**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2057**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1148**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **3301**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1948**

حدیث **2286**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **2502**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2055**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1146**

بْنِ يَسَارٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَحْرُمُ مِنَ الرَّضَاعَةِ مَا يَحْرُمُ مِنَ الْوِلَادَةِ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں رضاعت کے ذریعے وہی حرمت ثابت ہوتی ہے جو ولادت کے ذریعے ہوتی ہے۔

**2287**-قَالَ مَالِكٌ وَّحَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَاب كَمْ رَضْعَةً تُحَرِّمُ

## باب 49: کتنی رضاعت حرمت کو ثابت کرتی ہے

**2288**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُحَرِّمُ الْمَصَّةُ وَالْمَصَّتَانِ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں ایک یا دو گھونٹ سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

**2289**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي الْخَلِيلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ اُمِّ الْفَضْلِ اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي قَدْ تَزَوَّجْتُ امْرَاَةً

---

بقیہ: حدیث **2286**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1937**

موطا امام مالک' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1268**

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24216**

حدیث **2288**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1450**

سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2063**

جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1150**

سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3309**

سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1941**

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16166**

صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **1227**

حدیث **2289**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1451**

سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3308**

مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26922**

معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **28**

صحیح ابن حبان' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4229**

وَعِندِیْ اُخْرٰی فَزَعَمَتِ الْاُوْلٰی اَنَّهَا اَرْضَعَتِ الْحُدْثٰی فَقَالَ لَا تُحَرِّمُ الْاِمْلَاجَةُ وَلَا الْاِمْلَاجَتَانِ

☆☆ سیدہ اُم فضل رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں نے ایک خاتون سے شادی کی میری پہلے سے ایک بیوی تھی پہلے والی بیوی یہ کہتی ہے کہ اس نے دوسری والی بیوی کو دودھ پلایا ہوا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک یا دو گھونٹ سے حرمت ثابت نہیں ہوتی۔

**2290**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا رَوْحٌ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ بَكْرٍ عَنْ عَمْرَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ نَزَلَ الْقُرْاٰنُ بِعَشْرِ رَضَعَاتٍ مَعْلُوْمَاتٍ يُحَرِّمْنَ ثُمَّ نُسِخْنَ بِخَمْسٍ مَعْلُوْمَاتٍ فَتُوُفِّیَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُنَّ مِمَّا يُقْرَاُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں قرآن پاک میں یہ حکم نازل ہوا تھا کہ دس گھونٹ سے حرمت ثابت ہوتی ہے پھر یہ حکم منسوخ ہو گیا اور پانچ گھونٹ رہ گیا جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا انتقال ہوا تو یہ آیت قرآن کا حصہ تھی اور تلاوت کی جاتی تھی۔

## بَابٌ مَّا يُذْهِبُ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ

## باب **50**: دودھ پلانے کا بدلہ کیسے ادا کیا جاتا ہے

**2291**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ حَجَّاجِ بْنِ حَجَّاجٍ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُذْهِبُ عَنِّیْ مَذَمَّةَ الرَّضَاعِ قَالَ الْغُرَّةُ الْعَبْدُ اَوِ الْاَمَةُ

☆☆ حجاج بن حجاج اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں دودھ پلانے کا معاوضہ کیسے

حدیث **2290** ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1452**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2062**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3307**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4221**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5448**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **15397**

حدیث **2291** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2064**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1153**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3329**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4230**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5482**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **15456**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **6835**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **3199**

ادا کرسکتا ہوں آپ نے فرمایا: پیشانی (یعنی غلام) کے ذریعے خواہ وہ کوئی غلام ہو یا کنیز ہو۔

## بَاب شَهَادَةِ الْمَرْاَةِ الْوَاحِدَةِ عَلَى الرَّضَاعِ

## باب 51: رضاعت کے بارے میں ایک خاتون کی گواہی

**2292**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُقْبَةُ بْنُ الْحَارِثِ ثُمَّ قَالَ لَمْ يُحَدِّثْنِيهِ وَلَكِنْ سَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ الْقَوْمَ قَالَ تَزَوَّجْتُ بِنْتَ اَبِي اِهَابٍ فَجَائَتْ اَمَةٌ سَوْدَاءُ فَقَالَتْ اِنِّي اَرْضَعْتُكُمَا فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَاَعْرَضَ عَنِّي قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ قَالَ فِي الثَّالِثَةِ اَوِ الرَّابِعَةِ قَالَ كَيْفَ وَقَدْ قِيلَ وَنَهَاهُ عَنْهَا قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ وَّقَالَ عُمَرُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي حُسَيْنٍ عَنِ ابْنِ اَبِي مُلَيْكَةَ فَكَيْفَ وَقَدْ قِيلَ وَلَمْ يَقُلْ نَهَاهُ عَنْهَا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ كَذَا عِنْدَنَا

☆☆ عقبہ بن حارث بیان کرتے ہیں' میں نے ابووہاب کی صاحبزادی سے شادی کر لی ایک سیاہ فام کنیز آئی اور بولی میں نے تم دونوں کو دودھ پلایا ہوا ہے میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ کے سامنے اس بات کا تذکرہ کیا تو آپ نے میری طرف سے منہ پھیر لیا۔

ابوعاصم کی روایت میں یہ بات ہے کہ تیسری یا شاید چوتھی مرتبہ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: جب حکم آ چکا ہے تو پھر اب کیا مسئلہ ہے پھر آپ نے اس صاحب کو اس خاتون سے منع کر دیا ابوعاصم بیان کرتے ہیں' ایک روایت میں منع کرنے کے الفاظ نہیں ہیں امام ابومحمد فرماتے ہیں ہمارے نزدیک بھی یہی حکم ہے۔

## بَابٌ فِي رَضَاعَةِ الْكَبِيرِ

## باب 52: بڑی عمر کے بچے کو دودھ پلانا

**2293**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهَا وَعِنْدَهَا رَجُلٌ فَتَغَيَّرَ وَجْهُهُ وَكَاَنَّهُ كَرِهَ ذٰلِكَ فَقُلْتُ اِنَّهُ اَخِي مِنَ الرَّضَاعَةِ فَقَالَ انْظُرْنَ مَا اِخْوَانُكُنَّ فَاِنَّمَا الرَّضَاعَةُ مِنَ الْمَجَاعَةِ

---

حدیث **2292**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء۔ **88**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر بیروت لبنان **3603**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1151**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب' شام 1406ھ 1986ء۔ **3330**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16193**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ بیروت' لبنان 1414ھ/ 1993ء۔ **4217**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ **15435**

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے ہاں تشریف لائے اس وقت ان کے پاس ایک صاحب موجود تھے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ مبارک کا رنگ تبدیل ہو گیا گویا آپ نے اُن کی موجودگی کو ناپسند کیا میں نے عرض کی یہ میرے رضاعی بھائی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنے رضاعی بھائیوں کی تحقیق کرلیا کرو کیونکہ رضاعت بھوک سے ثابت ہوتی ہے۔

**2294**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ جَآئَتْ سَهْلَةُ بِنْتُ سُهَيْلِ بْنِ عَمْرٍو وَكَانَتْ تَحْتَ اَبِي حُذَيْفَةَ بْنِ عُتْبَةَ بْنِ رَبِيْعَةَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ اِنَّ سَالِمًا مَوْلَى اَبِي حُذَيْفَةَ يَدْخُلُ عَلَيْنَا وَاَنَا فُضُلٌ وَّاِنَّمَا نَرَاهُ وَلَدًا وَكَانَ اَبُو حُذَيْفَةَ تَبَنَّاهُ كَمَا تَبَنَّى النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (اُدْعُوْهُمْ لِاٰبَآئِهِمْ هُوَ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ) فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ اَنْ تُرْضِعَ سَالِمًا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ هٰذَا لِسَالِمٍ خَاصَّةً

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' سہلہ بنت سہیل جو حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آئی اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوحذیفہ کا آزاد کردہ غلام سالم ہمارے ہاں آیا کرتا ہے اور میں نے اس وقت چادر وغیرہ نہیں لی ہوتی ہم اسے اپنا بیٹا سمجھتے ہیں' ابوحذیفہ نے اس لڑکے کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا جیسے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا' تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کردی ''ان بچوں کو ان کے باپ کے نام سے بلاؤ۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہی بات انصاف کے مطابق ہے'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون کو یہ ہدایت کی کہ وہ سالم کو اپنا دودھ پلادیں امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حکم سالم کے ساتھ مخصوص ہے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ التَّحْلِيْلِ

## باب **53**: حلالہ کرنے کی ممانعت

**2295**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي قَيْسٍ عَنِ الْهُزَيْلِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ لَعَنَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُحِلَّ وَالْمُحَلَّلَ لَهُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حلالہ کرنے والے اور جس کے لئے حلالہ کیا جارہا ہو اس کے اوپر

حدیث **2293**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **2504**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1455**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2058**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1945**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24676**

حدیث **2294**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **5449**

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب **1411**ھ/**1991**ء **312**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **26373**

لعنت فرمائی ہے۔

## بَابٌ فِیْ وُجُوْبِ نَفَقَةِ الرَّجُلِ عَلٰی اَهْلِهٖ

## باب 54: بیوی کا خرچ شوہر پر لازم ہے

**2296**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ هِنْدًا اُمَّ مُعَاوِيَةَ امْرَاَةَ اَبِى سُفْيَانَ اَتَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ اَبَا سُفْيَانَ رَجُلٌ شَحِيحٌ وَّاِنَّهُ لَا يُعْطِيْنِىْ مَا يَكْفِيْنِىْ وَبَنِىَّ اِلَّا مَا اَخَذْتُ مِنْهُ وَهُوَ لَا يَعْلَمُ فَهَلْ عَلَىَّ فِىْ ذٰلِكَ جُنَاحٌ فَقَالَ خُذِىْ مَا يَكْفِيْكِ وَوَلَدَكِ بِالْمَعْرُوْفِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی والدہ ہند جو ابوسفیان کی اہلیہ تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ابوسفیان ایک کنجوس آدمی ہے وہ میری اور میرے بچوں کی ضرورت کے مطابق خرچ نہیں دیتے میں ان کی لاعلمی میں اسے حاصل کر سکتی ہوں کیا مجھے اس سے کوئی گناہ ہوگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو مناسب طور پر تمہاری اور تمہاری اولاد کے لئے کافی ہو تم حاصل کر لیا کرو۔

## بَابٌ فِیْ حُسْنِ مُعَاشَرَةِ النِّسَآءِ

## باب 55: خواتین کے ساتھ اچھے سلوک کا بیان

**2297**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ خَيْرُكُمْ لِاَهْلِهٖ وَاِذَا مَاتَ صَاحِبُكُمْ فَدَعُوْهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم میں بہترین شخص وہ ہے جو اپنے اہل خانہ کے

---

حدیث **2295**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2076**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1119**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1934**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13961**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **684**

حدیث **2296**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **2097**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1714**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3532**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **5420**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2293**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24163**

ساتھ اچھا ہو اور جب تمہارا کوئی ساتھی فوت ہو جائے تو اسے اس کے حال پر چھوڑ دو (یعنی اس کی برائی بیان نہ کرو)

## بَابٌ فِي تَزْوِيجِ الصِّغَارِ إِذَا زَوَّجَهُنَّ آبَاؤُهُنَّ

## باب 56: کمسن بچوں کی شادی کا حکم جبکہ شادی ان کے باپ نے کی ہو

**2298**- أَخْبَرَنَا إِسْمَعِيلُ بْنُ خَلِيلٍ أَخْبَرَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ تَزَوَّجَنِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَأَنَا بِنْتُ سِتِّ سِنِينَ فَقَدِمْنَا الْمَدِينَةَ فَنَزَلْنَا فِي بَنِي الْحَارِثِ بْنِ الْخَزْرَجِ فَوُعِكْتُ فَتَمَرَّقَ رَأْسِي فَأَوْفَى جُمَيْمَةً فَأَتَتْنِي أُمُّ رُومَانَ وَإِنِّي لَفِي أُرْجُوحَةٍ وَمَعِي صَوَاحِبَاتٌ لِي فَصَرَخَتْ بِي فَأَتَيْتُهَا وَمَا أَدْرِي مَا تُرِيدُ فَأَخَذَتْ بِيَدِي حَتَّى أَوْقَفَتْنِي عَلَى بَابِ الدَّارِ وَإِنِّي لَأَنْهَجُ حَتَّى سَكَنَ بَعْضُ نَفَسِي ثُمَّ أَخَذَتْ شَيْئًا مِنْ مَاءٍ فَمَسَحَتْ بِهِ وَجْهِي وَرَأْسِي ثُمَّ أَدْخَلَتْنِي الدَّارَ فَإِذَا نِسْوَةٌ مِنَ الْأَنْصَارِ فِي الْبَيْتِ فَقُلْنَ عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَعَلَى خَيْرِ طَائِرٍ فَأَسْلَمَتْنِي إِلَيْهِنَّ فَأَصْلَحْنَ مِنْ شَأْنِي فَلَمْ يَرُعْنِي إِلَّا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضُحًى فَأَسْلَمَتْنِي إِلَيْهِ وَأَنَا يَوْمَئِذٍ بِنْتُ تِسْعِ سِنِينَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' جب نبی اکرم ﷺ نے میرے ساتھ شادی کی اس وقت میری عمر چھ برس تھی ہم مدینہ آئے اور بنو حارث بن خزرج کے محلے میں قیام کیا مجھے بخار ہو گیا جس سے میرے سر کے سارے بال جھڑ گئے اور صرف کندھوں تک کچھ بال باقی رہ گئے میرے پاس اُم رومان تشریف لائیں میں جھولا جھول رہی تھی۔ میرے ساتھ میری کچھ سہیلیاں تھیں وہ مجھے کھینچ کر لے گئیں مجھے پتا نہیں چلا کہ ان کا کیا ارادہ ہے انہوں نے میرا ہاتھ پکڑا اور لا کر گھر کے دروازے پر کھڑا کر دیا میں کھڑی ہوئی یہاں تک کہ میری سانس درست ہوئی پھر انہوں نے کچھ پانی لے کر اس کے ذریعے میرا سر اور میرا منہ دھویا پھر مجھے گھر لے گئیں وہاں کچھ انصاری خواتین موجود تھیں وہ بولیں خیر و برکت کے ہمراہ اور آنے والی خیر کے ہمراہ (یہ شادی انجام پذیر ہو) میری والدہ نے مجھے ان خواتین کے حوالے کر دیا انہوں نے مجھے تیار کیا اور چاشت کے وقت نبی اکرم ﷺ ہمارے ہاں تشریف لائے انہوں نے مجھے ان کے حوالے کر دیا اس وقت میری عمر نو برس تھی۔

---

حدیث **2297**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3895**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1977**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4177**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **15477**

"مسند شہاب" امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1986**ء **1244**

حدیث **2298**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **3681**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1422**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2121**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3255**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **24198**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13621**

# وَمِنْ كِتَابِ الطَّلَاقِ

# طلاق کا بیان

## بَابُ السُّنَّةِ فِي الطَّلَاقِ

## باب 1: طلاق کا سنت طریقہ

**2299**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ وَهِيَ حَائِضٌ فَذَكَرَ

| | |
|---|---|
| حدیث 2299: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء | 4625 |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 1471 |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان | 2179 |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 1176 |
| ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء | 3389 |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان | 2019 |
| ''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) | 1196 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | 4500 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء | 4263 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء | 5582 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء | 14686 |
| ''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔ 1984ء | 191 |
| ''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی دار الحرمین قاہرہ مصر 1415ھ | 560 |
| ''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء | 13305 |
| ''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان | 20 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر | 734 |
| ''سنن دارمی'' امام ابومحمد عبداللہ بن عبدالرحمان دارمی دار الکتاب العربی بیروت لبنان 1407ھ 1987ء | 2795 |
| ''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ | 10954 |
| ''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ | 19220 |
| ''مسند شامیین'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1405ھ/ 1984ء | 1780 |

ذٰلِكَ عُمَرُ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْهُ اَنْ يُرَاجِعَهَا وَيُمْسِكْهَا حَتّٰى تَطْهُرَ ثُمَّ تَحِيضَ ثُمَّ تَطْهُرَ ثُمَّ اِنْ شَآءَ اَمْسَكَ وَاِنْ شَآءَ طَلَّقَ قَبْلَ اَنْ يَمَسَّ فَتِلْكَ الْعِدَّةُ الَّتِيْ اَمَرَ اللّٰهُ اَنْ يُطَلَّقَ لَهَا النِّسَآءُ

☆☆ نافع' حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: انہوں نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی وہ خاتون اس وقت حالتِ حیض میں تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو انہوں نے فرمایا: اسے (ابن عمر رضی اللہ عنہما کو) یہ حکم دو کہ اس عورت سے رجوع کرے اور اسے اپنے پاس رکھے یہاں تک کہ اسے حیض آجائے پھر پاک ہو جائے تو پھر اگر وہ (ابن عمر رضی اللہ عنہما) چاہے تو اس عورت کو روک لے اور اگر چاہے تو اس کے ساتھ صحبت کرنے سے پہلے اسے طلاق دیدے یہ وہ عدت ہے۔ جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے حکم دیا ہے کہ اس کے مطابق عورتوں کو طلاق دی جائے۔

**2300**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُّحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ سَالِمًا يَذْكُرُ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ قَالَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِيْنَ طَلَّقَ ابْنُ عُمَرَ امْرَاَتَهُ فَقَالَ مُرْهُ فَلْيُرَاجِعْهَا ثُمَّ لِيُطَلِّقْهَا وَهِيَ طَاهِرٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ رَوَاهُ ابْنُ الْمُبَارَكِ وَوَكِيعٌ اَوْ حَامِلٌ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا' جب حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اپنی اہلیہ کو طلاق دی تھی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اُسے (ابن عمر رضی اللہ عنہما) کو ہدایت کرو کہ وہ اس عورت سے رجوع کر لے اور پھر اس عورت کو اس وقت طلاق دے جب وہ پاکی کی حالت میں ہو۔

امام ابومحمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابن مبارک نے اس روایت کو نقل کیا ہے' اور وکیع کی روایت میں یہ الفاظ ہیں (یا وہ حاملہ ہو)

## بَابٌ فِي الرَّجْعَةِ

## باب 2: رجوع کرنے کا بیان

**2301**- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ وَّاِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ قَالَا حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ زَائِدَةَ عَنْ صَالِحِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ طَلَّقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَفْصَةَ ثُمَّ رَاجَعَهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی تھی اور پھر ان سے رجوع کر لیا تھا۔

حدیث **2301** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2283**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء **3560**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2016**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15966**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء **4275**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2796**

**2302**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ طَلَّقَ حَفْصَةَ ثُمَّ رَاجَعَهَا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ كَانَ عَلِيُّ بْنُ الْمَدِيْنِيِّ اَنْكَرَ هٰذَا الْحَدِيْثَ وَقَالَ لَيْسَ عِنْدَنَا هٰذَا الْحَدِيْثُ بِالْبَصْرَةِ عَنْ حُمَيْدٍ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے سیدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کو طلاق دے دی تھی اور پھر ان سے رجوع کر لیا تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں' حضرت مدینی رضی اللہ عنہ نے اس حدیث کو منکر قرار دیا ہے اور یہ فرمایا ہے ہمارے نزدیک یہ حدیث حمید نامی محدث سے منقول نہیں ہے۔

## بَابٌ لَا طَلَاقَ قَبْلَ نِكَاحٍ

## باب 3: نکاح سے پہلے طلاق نہیں ہوتی

**2303**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ الْحَكَمُ قَالَ لِي يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ اَفْصِلُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ اَنْ لَّا يَمَسَّ الْقُرْاٰنَ اِلَّا طَاهِرٌ وَّلَا طَلَاقَ قَبْلَ اِمْلَاكٍ وَّلَا عَتَاقَ حَتّٰى يَبْتَاعَ سُئِلَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مَّنْ سُلَيْمَانُ قَالَ اَحْسَبُهُ كَاتِبًا مِّنْ كُتَّابِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ

☆☆ حکم بیان کرتے ہیں' یحییٰ بن حمزہ نے مجھ سے کہا میں یہ بات یقین سے بیان کرتا ہوں کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو خط کے ذریعے یہ حکم بھیجا تھا کہ قرآن کو صرف باوضو شخص ہاتھ لگا سکتا ہے اور شادی سے پہلے طلاق نہیں دی جا سکتی اور (غلام یا کنیز) کو خریدنے سے پہلے آزاد نہیں کیا جا سکتا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے (اس حدیث کے راوی) سلیمان (بن ابوداؤد جنہوں نے زہری سے یہ روایت نقل کی ہے) کے بارے میں دریافت کیا گیا تو امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ نے کہا میرا یہ خیال ہے کہ یہ صاحب حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے سیکرٹری تھے۔

## بَابٌ مَّا يُحِلُّ الْمَرْاَةَ لِزَوْجِهَا الَّذِيْ طَلَّقَهَا فَبَتَّ طَلَاقَهَا

## باب 4: جو شخص اپنی بیوی کو طلاق بتہ دیدے تو وہ عورت اس شخص کے لیے کس طرح حلال ہوگی

**2304**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ جَاءَتِ امْرَاَةُ رِفَاعَةَ الْقُرَظِيِّ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَعِنْدَهُ اَبُوْ بَكْرٍ وَّخَالِدُ بْنُ سَعِيْدِ بْنِ الْعَاصِ عَلَى الْبَابِ يَنْتَظِرُ اَنْ يُّؤْذَنَ لَهُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ كُنْتُ عِنْدَ رِفَاعَةَ فَطَلَّقَنِيْ فَبَتَّ طَلَاقِيْ قَالَ اَتُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِيْ اِلٰى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ وَتَذُوْقِيْ عُسَيْلَتَهُ فَنَادٰى خَالِدُ بْنُ سَعِيْدٍ اَبَا بَكْرٍ اَلَا تَرٰى مَا تَجْهَرُ بِهٖ هٰذِهٖ عِنْدَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں رفاعہ قرظی کی اہلیہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئیں اس وقت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں موجود تھے اور خالد بن سعید بن عاص دروازے پر منتظر تھے کہ انہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہونے کی اجازت دی جائے اس خاتون نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں رفاعہ کی اہلیہ تھی انہوں نے مجھے طلاق بتہ دے دی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کہ کیا تم چاہتی ہو کہ تم دوبارہ رفاعہ کے پاس چلی جاؤ؟ نہیں (یہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا) جب تک تمہارا دوسرا (شوہر) تمہارا شہد نہ چکھ لے اور تم اس کا شہد نہ چکھ لو۔ خالد بن سعید نے بلند آواز میں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کہا کہ آپ نے دیکھا کہ یہ عورت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی موجودگی میں کس طرح کی باتیں کرتی ہے۔

**2305**- حَدَّثَنَا فَرْوَةُ بْنُ اَبِي الْمَغْرَاءِ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مُسْهِرٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَآئِشَةَ قَالَتْ طَلَّقَ رِفَاعَةُ رَجُلٌ مِنْ بَنِي قُرَيْظَةَ امْرَاَتَهُ فَتَزَوَّجَهَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الزُّبَيْرِ فَدَخَلَتْ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَاللّٰهِ اِنْ مَعَهُ اِلَّا مِثْلُ هُدْبَتِي هٰذِهٖ فَقَالَ لَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَعَلَّكِ تُرِيْدِيْنَ اَنْ تَرْجِعِي اِلٰى رِفَاعَةَ لَا حَتّٰى يَذُوْقَ عُسَيْلَتَكِ اَوْ قَالَ تَذُوْقِي عُسَيْلَتَهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' رفاعہ'' یہ ایک صاحب ہیں جو بنو قریظہ سے تعلق رکھتے تھے'' نے اپنی اہلیہ کو طلاق دے دی اس خاتون کے ساتھ عبدالرحمٰن بن زبیر نے شادی کرلی وہ خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی عرض کی۔ اے اللہ کے رسول! اللہ کی قسم! ان کی حیثیت میری چادر کے پلو جیسی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خاتون سے کہا کہ شاید تم یہ چاہتی ہو کہ تم رفاعہ کے پاس چلی جاؤ؟ نہیں (ایسا اس وقت تک نہیں ہوسکتا) جب تک وہ (تمہارا دوسرا شوہر) تمہارا شہد نہ چکھ لے (راوی کو شک ہے شاید یہ الفاظ ہیں) یہاں تک کہ تم اس کا شہد نہ چکھ لو۔

## بَابُ فِي الْخِيَارِ

## باب 5: اختیار کا بیان

**2306**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْتُ عَآئِشَةَ عَنْ

حدیث **2304**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **4964**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **3408**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24695**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **4120**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **14971**
''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء **718**
حدیث **2306**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1477**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2203**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1179**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **3202**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2052**

الْخِيَرَةِ فَقَالَتْ قَدْ خَيَّرَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفَكَانَ طَلَاقًا

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں' میں نے سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے (بیوی کو) اختیار دیے جانے کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اختیار دیا تھا تو کیا وہ طلاق ہوگئی تھی۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنْ اَنْ تَسْاَلَ الْمَرْاَةُ زَوْجَهَا طَلَاقَهَا

## باب 6: عورت کے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کرنے کی ممانعت

**2307**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِىْ اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا امْرَاَةٍ سَاَلَتْ زَوْجَهَا الطَّلَاقَ مِنْ غَيْرِ بَاْسٍ فَحَرَامٌ عَلَيْهَا رَائِحَةُ الْجَنَّةِ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' "نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو خاتون کسی تکلیف کے بغیر اپنے شوہر سے طلاق کا مطالبہ کرے تو اس پر جنت کی خوشبو حرام ہوگی"۔

## بَابٌ فِى الْخُلْعِ

## باب 7: خلع کا بیان

**2308**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ اَنَّ عَمْرَةَ اَخْبَرَتْهُ اَنَّ حَبِيْبَةَ بِنْتَ سَهْلٍ تَزَوَّجَهَا ثَابِتُ بْنُ قَيْسِ بْنِ شَمَّاسٍ فَذَكَرَتْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ هَمَّ اَنْ يَّتَزَوَّجَهَا وَكَانَتْ جَارَةً لَّهُ وَاَنَّ ثَابِتًا ضَرَبَهَا فَاَصْبَحَتْ عَلٰى بَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِى الْغَلَسِ وَاَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ فَرَاٰى اِنْسَانًا فَقَالَ مَنْ هٰذَا قَالَتْ اَنَا حَبِيْبَةُ بِنْتُ سَهْلٍ فَقَالَ مَا شَاْنُكِ قَالَتْ لَا اَنَا وَلَا ثَابِتٌ فَاَتٰى ثَابِتٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ خُذْ مِنْهَا وَخَلِّ سَبِيْلَهَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدِىْ كُلُّ شَىْءٍ اَعْطَانِيْهِ فَاَخَذَ مِنْهَا وَقَعَدَتْ عِنْدَ اَهْلِهَا

---

حدیث 2307: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 2226

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1187

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 2055

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 22433

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4184

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2809

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 14637

حدیث 2308: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 2228

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 14634

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 11757

☆☆ عمرہ بیان کرتی ہیں' حبیبہ بنت سہل کے ساتھ ثابت بن قیس نے شادی کر لی اس خاتون کو پتہ چلا کہ نبی اکرم ﷺ اس سے شادی کرنا چاہتے تھے وہ خاتون نبی اکرم ﷺ کی پڑوسن تھی ایک مرتبہ ثابت نے اس کی پٹائی کر دی اگلے دن صبح اندھیرے میں وہ خاتون نبی اکرم ﷺ کے دروازے پر موجود تھی۔

جب نبی اکرم ﷺ باہر تشریف لائے اور کسی انسان کو دیکھا تو دریافت کیا کون؟ تو اس نے عرض کی میں حبیبہ بنت سہل ہوں نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ تمہارا کیا مسئلہ ہے اس نے عرض کی کہ میں اور ثابت اکٹھے نہیں رہ سکتے۔

(راوی بیان کرتی ہیں) ثابت نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو آپ نے انہیں ہدایت کی تم اس سے (اپنا دیا ہوا مہر) وصول کرلو اور اسے آزاد کردو۔ اس خاتون نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! انہوں نے جو کچھ مجھے دیا ہے وہ میرے پاس موجود ہے (راوی بیان کرتی ہیں) حضرت ثابت رضی اللہ عنہ نے وہ سب کچھ وصول کیا اور وہ خاتون واپس اپنے خاندان میں چلی گئی۔

## بَابٌ فِيْ طَلَاقِ الْبَتَّةِ

## باب 8: طلاق بتہ کا بیان

**2309**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنِ الزُّبَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ رَجُلٍ مِّنْ بَنِيْ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ قَالَ بَلَغَنِيْ حَدِيْثٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيِّ بْنِ يَزِيْدَ بْنِ رُكَانَةَ وَهُوَ فِيْ قَرْيَةٍ لَّهُ فَاتَيْتُهُ فَسَاَلْتُهُ فَقَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ عَنْ جَدِّيْ اَنَّهُ طَلَّقَ امْرَاَتَهُ الْبَتَّةَ فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ مَا اَرَدْتَّ فَقَالَ وَاحِدَةً قَالَ اللّٰهِ قَالَ اللّٰهِ قَالَ هُوَ مَا نَوَيْتَ

☆☆ بنو عبد المطلب سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب زبیر بن سعید بیان کرتے ہیں' مجھے عبداللہ بن علی کے حوالے سے ایک روایت کا پتہ چلا جو انہی کے محلے میں رہتے تھے۔ کہتے ہیں' میں ان کے پاس آیا اور ان سے دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا کہ میرے والد نے مجھے یہ حدیث بتائی ہے کہ میرے دادا نے اپنی بیوی کو طلاق بتہ دے دی پھر وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے اس بات کا ذکر کیا نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تمہارا ارادہ کیا تھا (تمہاری نیت کیا تھی) انہوں نے عرض کی ایک طلاق' نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا اللہ کی قسم! انہوں نے عرض کیا اللہ کی قسم! نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: پھر وہ تمہاری نیت کے مطابق ہوئی ہے۔

حدیث **2309**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2206**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2051**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4274**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2807**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **14779**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **1537**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **4612**

# بَابٌ فِي الظِّهَارِ

## باب 9: ظہار کا بیان

**2310**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ إِدْرِيسَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِسْحَقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ صَخْرٍ الْبَيَاضِيِّ قَالَ كُنْتُ امْرَأً أُصِيبُ مِنَ النِّسَاءِ مَا لَا يُصِيبُ غَيْرِي فَلَمَّا دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ خِفْتُ أَنْ أُصِيبَ فِي لَيْلِي شَيْئًا فَيَتَتَابَعَ بِي ذَلِكَ إِلَى أَنْ أُصْبِحَ قَالَ فَتَظَاهَرْتُ إِلَى أَنْ يَنْسَلِخَ فَبَيْنَا هِيَ لَيْلَةً تَخْدُمُنِي إِذْ تَكَشَّفَ لِي مِنْهَا شَيْءٌ فَمَا لَبِثْتُ أَنْ نَزَوْتُ عَلَيْهَا فَلَمَّا أَصْبَحْتُ خَرَجْتُ إِلَى قَوْمِي فَأَخْبَرْتُهُمْ وَقُلْتُ امْشُوا مَعِي إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا لَا وَاللَّهِ لَا نَمْشِي مَعَكَ مَا نَأْمَنُ أَنْ يَنْزِلَ فِيكَ الْقُرْآنُ أَوْ أَنْ يَكُونَ فِيكَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَقَالَةٌ يَلْزَمُنَا عَارُهَا وَلَنُسْلِمَنَّكَ بِجَرِيرَتِكَ فَانْطَلَقْتُ إِلَى رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ خَبَرِي فَقَالَ يَا سَلَمَةُ أَنْتَ بِذَاكَ قُلْتُ أَنَا بِذَاكَ قَالَ يَا سَلَمَةُ أَنْتَ بِذَاكَ قُلْتُ أَنَا بِذَاكَ قَالَ يَا سَلَمَةُ أَنْتَ بِذَاكَ قُلْتُ أَنَا بِذَاكَ وَهَا أَنَا صَابِرٌ نَفْسِي فَاحْكُمْ فِيَّ مَا أَرَاكَ اللَّهُ قَالَ فَأَعْتِقْ رَقَبَةً قَالَ فَضَرَبْتُ صَفْحَةَ رَقَبَتِي فَقُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ مَا أَصْبَحْتُ أَمْلِكُ رَقَبَةً غَيْرَهَا قَالَ فَصُمْ شَهْرَيْنِ مُتَتَابِعَيْنِ قُلْتُ وَهَلْ أَصَابَنِي الَّذِي أَصَابَنِي إِلَّا فِي الصِّيَامِ قَالَ فَأَطْعِمْ وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ سِتِّينَ مِسْكِينًا فَقُلْتُ وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ لَقَدْ بِتْنَا لَيْلَتَنَا وَحْشَى مَا لَنَا طَعَامٌ قَالَ فَانْطَلِقْ إِلَى صَاحِبِ صَدَقَةِ بَنِي زُرَيْقٍ فَلْيَدْفَعْهَا إِلَيْكَ وَأَطْعِمْ سِتِّينَ مِسْكِينًا وَسْقًا مِنْ تَمْرٍ وَكُلْ بَقِيَّتَهُ أَنْتَ وَعِيَالُكَ قَالَ فَأَتَيْتُ قَوْمِي فَقُلْتُ وَجَدْتُ عِنْدَكُمُ الضِّيقَ وَسُوءَ الرَّأْيِ وَوَجَدْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّعَةَ وَحُسْنَ الرَّأْيِ وَقَدْ أَمَرَ لِي بِصَدَقَتِكُمْ

☆☆ سلمہ بن صخر بیان کرتے ہیں میں ایک ایسا شخص تھا جو بیوی کے ساتھ اتنی مرتبہ صحبت کیا کرتا تھا جو عام طور پر لوگ نہیں کرتے جب رمضان کا مہینہ آیا تو مجھے یہ اندیشہ ہوا کہ شاید میں رات کے وقت ایسی کسی حرکت کا مرتکب ہو جاؤں گا۔ میں اس سے بچنے کی کوشش کرتا رہا یہاں تک کہ صبح ہوگئی وہ بیان کرتے ہیں' میں نے مہینہ ختم ہونے کی مدت تک کے لئے ظہار کر لیا اسی دوران رات کے وقت میری بیوی میری خدمت کر رہی تھی اس کا کچھ حصہ میرے سامنے بے پردہ ہوا تو میں اس کی طرف لپکنے سے باز نہیں رہ سکا۔ جب صبح ہوئی تو میں اپنی قوم کے لوگوں کے پاس آیا اور انہیں اس کے بارے میں بتایا اور ان سے کہا کہ تم میرے ساتھ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس چلو لوگ بولے نہیں اللہ کی قسم! ہم تمہارے ساتھ نہیں چلیں گے کیونکہ ہمیں اندیشہ ہے کہ تمہارے بارے میں قرآن کا حکم نازل ہو جائے گا یا نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم تمہارے بارے میں ایسی بات ارشاد فرما دیں گے جس سے ہمیں شرمندگی کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ہم تمہیں تمہارے جرم کے حوالے کرتے ہیں۔

(سلمہ بن صخر بیان کرتے ہیں) میں خود ہی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور سارا واقعہ سنایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا صخر کیا یہ تم نے کیا ہے میں نے عرض کی' میں نے ہی ایسا کیا ہے' آپ نے پھر دریافت کیا' اے سلمہ! تم نے ایسا کیا ہے؟

میں نے عرض کی: میں نے ایسا کیا ہے' آپ نے دریافت کیا' اے سلمہ! تم نے ایسا کیا ہے؟ میں نے عرض کی: میں نے ایسا کیا ہے۔اوراب میں نے اپنے آپ کو پیش کردیا ہے آپ میرے بارے میں وہ حکم دیں جواللہ نے آپ کوحکم دیا ہے نبی اکرم ﷺ نے فرمایا تم غلام آزادکردو۔سلمہ کہتے ہیں' میں نے اپنی گردن کی پشت پر ہاتھ مارتے ہوئے عرض کی اس ذات کی قسم جس نے آپ کوحق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے میرے پاس توصرف بیوی ہے کوئی غلام نہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایاتم دو مہینے تک لگاتارروزے رکھوتو میں نے عرض کی یہ جرم مجھ سے روزے کی حالت میں سرزدہوا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایاتم ایک وسق کھجوریں ساٹھ مسکینوں کوکھلاؤ میں نے عرض کی اس ذات کی قسم جس نے آپ کوحق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے۔گزشتہ رات ہم نے بھوکے رہ کرگزاری ہے ہمارے پاس تو کھاناہی نہیں ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایاجوصاحب بنوزریق سے صدقہ وصول کرنے پرمعمورہےتم ان کے پاس جاؤوہ تمہیں اس صدقے میں سے کچھ دیدے گاتم ساٹھ مسکینوں کوایک وسق کھجوریں کھلادیناجوبچ جائے وہ تمہارےاورتمہارے گھروالوں کے لئے ہیں۔

سلمہ بیان کرتے ہیں' میں اپنی قوم کےلوگوں کے پاس آیااورکہا میں نے تم لوگوں کے پاس تنگی اورغلط رائے پائی ہےاورمیں نے نبی اکرم ﷺ کے پاس بہترین اورکشادہ رائے پائی ہے۔آپ نے مجھے تمہیں صدقہ دینے کاحکم دیا ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُطَلَّقَةِ ثَلَاثًا أَلَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ أَمْ لَا

## باب 10: جس عورت کوتین طلاقیں دی گئی ہوں کیااسے رہائش اورخرچ ملے گاکہ نہیں

**2311** - أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ فَاطِمَةَ بِنْتِ قَيْسٍ أَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلَاثًا فَلَمْ يَجْعَلْ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَفَقَةً وَلَا سُكْنٰى قَالَ سَلَمَةُ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِإِبْرَاهِيمَ فَقَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ بِقَوْلِ امْرَأَةٍ فَجَعَلَ لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةَ

حدیث **2311**: ''سنن ابی داؤد' امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر'بیروت'لبنان **2213**

''جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی'بیروت'لبنان **3299**

''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر'بیروت'لبنان **2062**

''مسنداحمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ'قاہرہ'مصر **16468**

''صحیح ابن خزیمہ' امام ابوبکرمحمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی'بیروت'لبنان' **1390**ھ/ **1970**ء **2378**

''المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ'بیروت'لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **2815**

حدیث **2311**: ''صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی'بیروت'لبنان **1480**

''سنن ابی داؤد' امام ابوداؤدسلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر'بیروت'لبنان **2284**

''جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی'بیروت'لبنان **1180**

''سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ'حلب'شام' **1406**ھ' **1986**ء **3244**

''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر'بیروت'لبنان **2035**

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: فاطمہ بنت قیس بیان کرتی ہیں کہ ان کے شوہر نے ان کو تین طلاقیں دے دیں تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں خرچ یا رہائش کی سہولت نہیں دی۔

سلمہ بیان کرتے ہیں' میں نے اس بات کا تذکرہ ابراہیم سے کیا تو وہ بولے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم اپنے پروردگار کی کتاب اور نبی کی سنت کا حکم ایک عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کے لئے رہائش اور خرچ فراہم کرنے کا حکم دیا ہے۔

**2312**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ حَدَّثَتْنِي فَاطِمَةُ بِنْتُ قَيْسٍ اَنَّ زَوْجَهَا طَلَّقَهَا ثَلاثًا فَاَمَرَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَعْتَدَّ عِنْدَ ابْنِ عَمِّهَا ابْنِ اُمِّ مَكْتُومٍ

☆☆ فاطمہ بنت قیس بیان کرتی ہیں کہ ان کے شوہر نے ان کو تین طلاقیں دے دی تو نبی اکرم ﷺ نے انہیں یہ ہدایت دی کہ وہ اپنے چچازاد ابن ام مکتوم رضی اللہ عنہ کے ہاں عدت بسر کریں۔

**2313**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنِ الْحَكَمِ وَحَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ قَالَ لَا نَدَعُ كِتَابَ رَبِّنَا وَسُنَّةَ نَبِيِّهِ بِقَوْلِ امْرَاَةٍ الْمُطَلَّقَةُ ثَلاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم اپنے پروردگار کی کتاب اور نبی کی سنت کا حکم ایک عورت کے بیان کی وجہ سے ترک نہیں کریں گے۔ جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں اس کو رہائش اور خرچ کا حق حاصل ہوگا۔

**2314**- اَخْبَرَنَا طَلْقُ بْنُ غَنَّامٍ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عُمَرَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**2315**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ قَالَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَا نُجِيزُ قَوْلَ امْرَاَةٍ فِي دِينِ اللّٰهِ الْمُطَلَّقَةُ ثَلاثًا لَهَا السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ لَا اَرَى السُّكْنٰى وَالنَّفَقَةَ لِلْمُطَلَّقَةِ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم ایک خاتون کے بیان کو اللہ کے دین کے معاملے میں (بنیاد بننے کی) اجازت نہیں دیں گے۔ جس عورت کو تین طلاقیں دی گئی ہوں اسے رہائش اور خرچ کا حق حاصل ہوگا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: میرے نزدیک طلاق یافتہ عورت کو رہائش اور خرچ کا حق حاصل نہیں ہوگا۔

## بَابٌ فِي عِدَّةِ الْحَامِلِ الْمُتَوَفّٰى عَنْهَا زَوْجُهَا وَالْمُطَلَّقَةِ

## باب 11: حاملہ بیوہ اور مطلقہ کی عدت کا بیان

**2316**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ اَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَخْبَرَهُ اَنَّهُ اجْتَمَعَ هُوَ وَابْنُ عَبَّاسٍ عِنْدَ اَبِي هُرَيْرَةَ فَذَكَرُوا الرَّجُلَ يُتَوَفّٰى عَنِ الْمَرْاَةِ فَتَلِدُ بَعْدَهُ بِلَيَالٍ قَلَائِلَ فَقَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ حِلُّهَا آخِرُ الْاَجَلَيْنِ وَقَالَ اَبُو سَلَمَةَ اِذَا وَضَعَتْ فَقَدْ حَلَّتْ فَتَرَاجَعَا فِي ذٰلِكَ بَيْنَهُمَا فَقَالَ

اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَا مَعَ ابْنِ اَخِي يَعْنِي اَبَا سَلَمَةَ فَبَعَثُوا كُرَيْبًا مَوْلَى ابْنِ عَبَّاسٍ اِلَى اُمِّ سَلَمَةَ فَسَاَلَهَا فَذَكَرَتْ اُمُّ سَلَمَةَ اَنَّ سُبَيْعَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ الْاَسْلَمِيَّةَ مَاتَ عَنْهَا زَوْجُهَا فَنَفِسَتْ بَعْدَهُ بِلَيَالٍ وَّاَنَّ رَجُلًا مِّنْ بَنِي عَبْدِ الدَّارِ يُكْنَى اَبَا السَّنَابِلِ خَطَبَهَا وَاَخْبَرَهَا اَنَّهَا قَدْ حَلَّتْ فَاَرَادَتْ اَنْ تَتَزَوَّجَ غَيْرَهُ فَقَالَ لَهَا اَبُو السَّنَابِلِ فَاِنَّكِ لَمْ تَحِلِّيْنَ فَذَكَرَتْ سُبَيْعَةُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاَمَرَهَا اَنْ تَتَزَوَّجَ

☆☆ ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن بیان کرتے ہیں ایک مرتبہ وہ اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ان لوگوں نے ایک ایسے شخص کا مسئلہ چھیڑ دیا جو فوت ہو جائے اور اس کی وفات کے کچھ دن بعد بچے کی پیدائش ہو جائے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے بیان کیا (بیوگی اور حمل) میں سے جو مدت زیادہ ہوگی وہ اس کی عدت ہوگی۔

ابوسلمہ بولے جیسے ہی وہ بچے کو جنم دے گی اس کی عدت ختم ہو جائے گی۔ یہ دونوں صاحبان اس مسئلے پر الجھ پڑے حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے میں اپنے بھتیجے کے ساتھ ہوں۔ یعنی ابوسلمہ کی تائید کرتا ہوں۔

ان حضرات نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے غلام کریب کو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کے پاس یہ مسئلہ دریافت کرنے کے لئے بھیجا تو سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا نے یہ بات بتائی کہ سبیعہ بنت حارث اسلمیہ کے شوہر فوت ہو گئے ان کی وفات کے کچھ دن بعد ان کے ہاں بچے کی پیدائش ہو گئی تو بنو ابن الدار سے تعلق رکھنے والے ایک صاحب جن کی کنیت ابوسنابل تھی نے نکاح کا پیغام بھیجا اور اسے یہ بتایا کہ تمہاری عدت ختم ہو چکی ہے اس عورت نے یہ ارادہ ظاہر کیا کہ وہ کسی اور کے ساتھ نکاح کرنا چاہتی ہے تو ابوسنابل نے اس سے کہا کہ تمہاری عدت ابھی ختم نہیں ہوئی۔ سبیعہ نامی خاتون نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے اسے اجازت دی کہ وہ شادی کر سکتی ہے۔

**2317**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ كُرَيْبٍ عَنْ اُمِّ سَلَمَةَ قَالَتْ تُوُفِّيَ زَوْجُ سُبَيْعَةَ بِنْتِ الْحَارِثِ فَوَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِاَيَّامٍ فَاَمَرَهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ تَتَزَوَّجَ

☆☆ سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: سبیعہ بنت حارث کے شوہر فوت ہو گئے اپنے شوہر کی وفات کے کچھ دن بعد انہوں نے بچے کو جنم دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اجازت دی کہ وہ شادی کر سکتی ہے۔

**2318**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ حَدَّثَنَا مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ اَبِي السَّنَابِلِ قَالَ وَضَعَتْ سُبَيْعَةُ بِنْتُ الْحَارِثِ حَمْلَهَا بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِبِضْعٍ وَّعِشْرِيْنَ لَيْلَةً فَلَمَّا تَعَلَّتْ مِنْ نِفَاسِهَا تَشَوَّفَتْ فَعِيبَ ذٰلِكَ عَلَيْهَا فَذُكِرَتْ اَمْرُهَا لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنْ تَفْعَلْ فَقَدِ انْقَضَى اَجَلُهَا

---

حدیث **2317**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **4626**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **7794**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء — **3509**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1225**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **26700**

☆☆ ابوسنابل بیان کرتے ہیں: سبیعہ بنت حارث نے اپنے شوہر کی وفات کے بیس سے کچھ دن بعد بچے کو جنم دیا جب وہ نفاس میں مبتلا ہوئی انہوں نے بناؤ سنگھار کیا تو اس بات پر ان پر اعتراض کیا گیا انہوں نے اپنے معاملے کا ذکر نبی پاک ﷺ سے کیا تو آپ نے ارشاد فرمایا: کہ وہ ایسا کر سکتی ہے کیونکہ اس کی عدت ختم ہو چکی ہے۔

**2319**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ أَنَّ سُبَيْعَةَ وَضَعَتْ بَعْدَ وَفَاةِ زَوْجِهَا بِأَيَّامٍ فَتَشَوَّفَتْ فَعَابَ أَبُو السَّنَابِلِ فَسَأَلَتْ أَوْ ذَكَرَتْ أَمْرَهَا لِرَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَمَرَهَا أَنْ تَتَزَوَّجَ

☆☆ اسود بیان کرتے ہیں کہ سبیعہ بنت حارث نامی خاتون نے اپنے شوہر کی وفات کے کچھ دن بعد بچے کو جنم دیا۔ انہوں نے بناؤ سنگھار کیا تو ابوسنابل نے ان پر اعتراض کیا اس خاتون نے اپنے معاملے کا ذکر نبی اکرم ﷺ سے کیا تو آپ نے ان کو شادی کی اجازت دیدی۔

## بَابٌ فِي إِحْدَادِ الْمَرْأَةِ عَلَى الزَّوْجِ

## باب 12: عورت کا شوہر کا سوگ کرنا

**2320**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيرٍ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ كَثِيرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَوْ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ أَنْ تَحِدَّ عَلَى أَحَدٍ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَّا عَلَى زَوْجِهَا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: اللہ تعالیٰ اور آخرت کے دن پر ایمان رکھنے والی کسی بھی خاتون (یا شاید صرف یہ الفاظ ہیں اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والی کسی بھی خاتون) کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ کسی بھی شخص کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔ البتہ شوہر کی وفات پر (چار ماہ دس دن سوگ کرے گی)

**2321**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ أَبِي سَلَمَةَ

---

حدیث **2320**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء۔ **5028**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1486**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **2305**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1197**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء۔ **3503**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2086**

حدیث **2321**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء۔ **5030**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1486**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **26809**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ 1994ء۔ **15296**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/ 1983ء۔ **421**

تُحَدِّثُ عَنْ أُمِّ حَبِيبَةَ بِنْتِ أَبِي سُفْيَانَ أَنَّ أَخًا لَهَا مَاتَ أَوْ حَمِيمًا لَهَا فَعَمَدَتْ إِلَى صُفْرَةٍ فَجَعَلَتْ تَمْسَحُ يَدَيْهَا وَقَالَتْ إِنَّمَا أَفْعَلُ هَذَا لِأَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَحِلُّ لِامْرَأَةٍ تُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ أَنْ تَحِدَّ فَوْقَ ثَلَاثٍ إِلَّا عَلَى زَوْجِهَا فَإِنَّهَا تَحِدُّ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا

☆☆ سیدہ اُم حبیبہ بنت ابوسفیان رضی اللہ عنہا کے بھائی یا شاید کوئی قریبی عزیز فوت ہو گئے (تین دن کے بعد) انہوں نے زرد رنگ منگوایا اور اسے اپنے ہاتھوں پہ مل لیا اور فرمایا کہ میں نے اس وجہ سے ایسا کیا ہے کیونکہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ تعالیٰ اور آخرت پر ایمان رکھنے والی کسی بھی عورت کے لئے یہ بات مناسب نہیں ہے کہ وہ شوہر کے علاوہ کسی اور شخص کے مرنے پر تین دن سے زیادہ سوگ کرے۔ شوہر کی وفات پر وہ چار ماہ دس دن سوگ کرے گی۔

**2322**- أَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ نَافِعٍ قَالَ سَمِعْتُ زَيْنَبَ بِنْتَ أُمِّ سَلَمَةَ تُحَدِّثُ عَنْ أُمِّهَا أَوِ امْرَأَةٍ مِنْ أَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ منقول ہے تاہم اس میں سیدہ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کا ذکر ہے یا شاید نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی اور زوجہ محترمہ کا ذکر ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ لِلْمَرْأَةِ عَنِ الزِّينَةِ فِي الْعِدَّةِ

## باب 13: عدت کے دوران عورت کے لئے زیب وزینت اختیار کرنے کی ممانعت

**2323**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ عَنْ حَفْصَةَ بِنْتِ سِيرِينَ عَنْ أُمِّ عَطِيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَحِدُّ الْمَرْأَةُ فَوْقَ ثَلَاثَةِ أَيَّامٍ إِلَّا عَلَى زَوْجٍ فَإِنَّهَا تَحِدُّ عَلَيْهِ أَرْبَعَةَ أَشْهُرٍ وَعَشْرًا لَا تَلْبَسُ ثَوْبًا مَصْبُوغًا إِلَّا ثَوْبَ عَصْبٍ وَلَا تَكْتَحِلُ وَلَا تَمَسُّ طِيبًا إِلَّا فِي أَدْنَى طُهْرِهَا إِذَا اغْتَسَلَتْ مِنْ مَحِيضِهَا نُبْذَةً مِنْ كُسْتٍ وَأَظْفَارٍ

☆☆ سیدہ ام عطیہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: کوئی بھی عورت شوہر کے علاوہ کسی اور (کے مرنے) پر تین دن سے زیادہ سوگ نہیں کر سکتی۔ شوہر کا سوگ چار ماہ دس دن کرے گی۔ اس دوران وہ عصب کے علاوہ کوئی رنگین کپڑا استعمال نہیں کرے گی نہ خوشبو لگائے گی اور نہ سرمہ لگائے گی البتہ جب حیض سے پاک ہو گی اور غسل کرے گی اس وقت تھوڑی سی خوشبو استعمال کر سکتی ہے۔

## بَابُ خُرُوجِ الْمُتَوَفَّى عَنْهَا زَوْجُهَا

## باب 14: بیوہ عورت کا گھر سے نکلنا

**2324**- أَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيدِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِسْحَقَ بْنِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ عَنْ عَمَّتِهِ

---

حدیث **2323** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **2302**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **20813**

"المعجم الکبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبۃ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء **141**

زَيْنَبَ بِنْتِ كَعْبِ بْنِ عُجْرَةَ اَنَّ الْفُرَيْعَةَ بِنْتَ مَالِكٍ اَخْبَرَتْهَا اَنَّهَا سَاَلَتْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْذَنَ لَهَا اَنْ تَرْجِعَ اِلٰى اَهْلِهَا فَاِنَّ زَوْجَهَا قَدْ خَرَجَ فِيْ طَلَبِ اَعْبُدٍ لَّهُ اَبَقُوْا فَاَدْرَكَهُمْ حَتّٰى اِذَا كَانَ بِطَرَفِ الْقَدُوْمِ قَتَلُوْهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْكُثِيْ فِيْ بَيْتِكِ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ فَقُلْتُ اِنَّهُ لَمْ يَدَعْنِيْ فِيْ بَيْتٍ اَمْلِكُهُ وَلَا نَفَقَةٍ فَقَالَ امْكُثِيْ حَتّٰى يَبْلُغَ الْكِتَابُ اَجَلَهُ فَاعْتَدَّتْ فِيْهِ اَرْبَعَةَ اَشْهُرٍ وَّعَشْرًا قَالَتْ فَلَمَّا كَانَ عُثْمَانُ اَرْسَلَ اِلَيَّ فَسَاَلَنِيْ عَنْ ذٰلِكَ فَاَخْبَرْتُهُ فَاتَّبَعَ ذٰلِكَ وَقَضٰى بِهٖ

☆☆ سعد بن اسحق اپنی پھوپھی زینب بنت کعب کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' فریعہ بنت مالک نے انہیں بتایا ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ سے یہ سوال کیا کہ آپ اسے یہ اجازت دیں کہ وہ اپنے خاندان میں واپس چلی جائیں کیونکہ اس کا شوہر اپنے مفرور غلاموں کو تلاش کرنے کے لئے نکلا جب اس نے ''قدوم'' کے پاس انہیں پایا تو ان کے غلاموں نے ان کو قتل کر دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا جب تک عدت ختم نہیں ہو جاتی تم اپنے گھر میں رہو۔

میں نے عرض کی: میرے شوہر نے ایسا کوئی گھر نہیں چھوڑا۔ جس کی میں مالک ہوں نہ کوئی خرچ چھوڑا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم ہیں رہو جب تک عدت ختم نہیں ہو جاتی (راوی بیان کرتے ہیں) تو اس عورت نے اس گھر میں چار ماہ دس دن عدت بسر کی۔

زینب بنت کعب بیان کرتی ہیں' حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے عہد حکومت میں انہوں نے کسی کو بھجوا کر مجھ سے یہ مسئلہ دریافت کیا تو میں نے اس بارے میں بتایا تو انہوں نے اس کی پیروی کرتے ہوئے اس کے مطابق فیصلہ دیا۔

**2325**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ طُلِّقَتْ خَالَتِيْ فَاَرَادَتْ اَنْ تَجُدَّ نَخْلًا لَّهَا فَقَالَ لَهَا رَجُلٌ لَّيْسَ لَكِ اَنْ تَخْرُجِيْ قَالَتْ فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لَهُ فَقَالَ اخْرُجِيْ فَجُدِّيْ نَخْلَكِ فَلَعَلَّكِ اَنْ تَصَدَّقِيْ اَوْ تَصْنَعِيْ مَعْرُوْفًا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میری خالہ کو طلاق دے دی گئی۔ انہوں نے یہ ارادہ کیا کہ وہ اپنے کھجوروں کے باغ

---

حدیث **2324**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2300

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 3528

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1229

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 27132

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 4292

حدیث **2325**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ' 1986ء — 3550

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2034

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 14484

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/ 1991ء — 5744

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ۔ 1984ء — 2192

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/ 1993ء — 2831

کی دیکھ بھال کیا کریں تو ایک شخص نے اُن سے کہا کہ تمہیں اس بات کی اجازت نہیں کہ تم گھر سے باہر نکلو وہ خاتون بیان کرتی ہیں کہ میں نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: تم گھر سے باہر نکلو اور اپنے باغ میں کام کرو۔ شاید تم اسے صدقہ کر دو یا نیکی کے کسی اور کام میں استعمال کرو۔

## بَابٌ فِيْ تَخْيِيرِ الْاَمَةِ تَكُوْنُ تَحْتَ الْعَبْدِ فَتُعْتَقُ

## باب 15: جو کنیز کسی غلام کی بیوی ہو تو جب وہ آزاد ہو جائے تو اسے اختیار ہوگا

**2326**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا اَرَادَتْ اَنْ تَشْتَرِىَ بَرِيْرَةَ فَاَرَادَ مَوَالِيْهَا اَنْ يَّشْتَرِطُوْا وَلَائَهَا فَذَكَرَتْ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اشْتَرِيْهَا فَاِنَّمَا الْوَلَاءُ لِمَنْ اَعْتَقَ فَاشْتَرَتْهَا فَاَعْتَقَتْهَا وَخَيَّرَهَا مِنْ زَوْجِهَا وَكَانَ حُرًّا وَّاَنَّ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُتِىَ بِلَحْمٍ فَقَالَ مِنْ اَيْنَ هٰذَا قِيْلَ تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰى بَرِيْرَةَ فَقَالَ هُوَ لَهَا صَدَقَةٌ وَّلَنَا هَدِيَّةٌ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے بریرہ (نامی کنیز) کو خریدنے کا ارادہ کیا۔ اس کے مالکوں نے یہ شرط عائد کی کہ ولاء کا حق انہیں حاصل ہوگا۔ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے اس کا تذکرہ کیا نبی اکرم ﷺ سے کیا تو آپ نے فرمایا کہ تم اسے خرید لو کیونکہ ولاء کا حق آزاد کرنے والے کو ہوتا ہے (راوی بیان کرتے ہیں) سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے خرید کر آزاد کر دیا۔

اس کنیز کو اس کے شوہر کے بارے میں اختیار دیا گیا اس کا شوہر آزاد تھا۔

ایک مرتبہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں گوشت پیش کیا گیا تو آپ نے فرمایا کہ یہ کہاں سے آیا ہے عرض کی گئی کہ یہ بریرہ کو صدقہ کے طور پر دیا گیا تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ یہ اس کے لئے صدقہ ہے اور ہمارے لیے ہدیہ ہے۔

**2327**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ خَلِيْلٍ حَدَّثَنَا عَلِىُّ بْنُ مُسْهِرٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ دَخَلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَىَّ فَقَرَّبْتُ اِلَيْهِ طَعَامًا لَّيْسَ فِيْهِ لَحْمٌ فَقَالَ اَلَمْ اَرَ لَكُمْ قِدْرًا مَّنْصُوْبَةً قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا لَحْمٌ تُصُدِّقَ بِهٖ عَلٰى بَرِيْرَةَ فَاَهْدَتْ لَنَا قَالَ هُوَ عَلَيْهَا صَدَقَةٌ وَّلَنَا هَدِيَّةٌ وَّكَانَ لَهَا زَوْجٌ فَلَمَّا عُتِقَتْ خُيِّرَتْ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، نبی اکرم ﷺ میرے گھر تشریف لائے تو میں نے ان کے سامنے کھانا رکھا اس میں

حدیث **2326**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی" (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **1422**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1504**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ 1986ء **2614**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **25432**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/ 1993ء **5115**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1991ء **2396**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/ 1994ء **14033**

گوشت نہیں تھا نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میں نے دیکھا تو تھا کہ تم نے ہنڈیا رکھی ہوئی ہے۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! یہ وہ گوشت ہے۔ جو بریرہ کو صدقے کے طور پر دیا گیا لیکن اس نے ہمیں ہدیہ کے طور پر دے دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا کہ وہ اس کے لئے صدقہ تھا۔ لیکن ہمارے لئے ہدیہ ہے۔

(راوی کہتے ہیں) اس کا شوہر تھا جب وہ خاتون آزاد ہوئی تو اس کو اختیار دیا گیا۔

**2328**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ الضَّحَّاكِ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْمَخْزُوْمِيِّ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَآئِشَةَ اَنَّ بَرِيْرَةَ حِيْنَ اَعْتَقَتْهَا عَآئِشَةُ كَانَ زَوْجُهَا عَبْدًا فَجَعَلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَحُضُّهَا عَلَيْهِ فَجَعَلَتْ تَقُوْلُ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ لِيْ اَنْ اُفَارِقَهُ قَالَ بَلٰى قَالَتْ فَقَدْ فَارَقْتُهُ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جب انہوں نے بریرہ کو آزاد کیا تو اس کا شوہر ایک غلام تھا نبی اکرم ﷺ بریرہ کو یہ ترغیب دیتے رہے اور وہ یہ عرض کرتی رہی کہ کیا مجھے اس سے علیحدہ ہونے کا اختیار نہیں ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا: ہے! تو اس نے عرض کی کہ میں اس سے علیحدگی اختیار کرتی ہوں۔

**2329**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدٍ يَعْنِي الْحَذَّاءَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ زَوْجَ بَرِيْرَةَ كَانَ عَبْدًا يُقَالُ لَهُ مُغِيْثٌ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهِ يَطُوْفُ خَلْفَهَا يَبْكِيْ وَدُمُوْعُهُ تَسِيْلُ عَلٰى لِحْيَتِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلْعَبَّاسِ يَا عَبَّاسُ اَلَا تَعْجَبُ مِنْ شِدَّةِ حُبِّ مُغِيْثٍ بَرِيْرَةَ وَمِنْ شِدَّةِ بُغْضِ بَرِيْرَةَ مُغِيْثًا فَقَالَ لَهَا لَوْ رَاجَعْتِيْهِ فَاِنَّهُ اَبُوْ وَلَدِكِ فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتَاْمُرُنِيْ قَالَ اِنَّمَا اَنَا شَافِعٌ قَالَتْ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهِ

---

حدیث **2327** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **1424**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **1655**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **12346**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ/ **1970**ء **2449**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ **1994**. **13026**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **1549**

"مسند اسحاق بن راہویہ" امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ مکتبۃ الایمان مدینہ منورہ (طبع اول) **1412**ھ **1991**. **1540**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبۃ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **13009**

حدیث **2329** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **4979**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**. **5417**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2075**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **2542**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/ **1993**. **4273**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ **1991**. **5978**

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' بریرہ کے شوہر غلام تھے اوران کا نام مغیث تھا مجھے اچھی طرح یاد ہے وہ ان کے پیچھے جارہے تھے اوران کے آنسوان کی ڈاڑھی پر گر رہے تھے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عباس رضی اللہ عنہ سے کہا کہ اے عباس تمہیں حیرانگی نہیں ہوئی کہ مغیث' بریرہ سے کتنی محبت کرتا ہے اور بریرہ' مغیث سے کتنی نفرت کرتی ہے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بریرہ سے کہا کہ تم اس کے ساتھ رہو تو بہتر ہے کیونکہ یہ تمہاری اولاد کا باپ ہے۔ بریرہ نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کیا آپ مجھے حکم دے رہے ہیں؟ فرمایا نہیں میں سفارش کررہا ہوں۔ اس نے عرض کی پھر مجھے اس شخص کی ضرورت نہیں۔

## بَابٌ فِي تَخْيِيرِ الصَّبِيِّ بَيْنَ أَبَوَيْهِ

## باب 16: بچے کو ماں باپ میں سے (کسی ایک کے ساتھ رہنے کا) اختیار دینا

**2330**- أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ قَالَ أَخْبَرَنِي زِيَادُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ هِلَالِ بْنِ أُسَامَةَ عَنْ أَبِي مَيْمُونَةَ سُلَيْمَانَ مَوْلًى لِأَهْلِ الْمَدِينَةِ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ أَبِي هُرَيْرَةَ فَجَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِوَلَدِي فَقَالَ أَبُو هُرَيْرَةَ كُنْتُ عِنْدَ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَتْهُ امْرَأَةٌ فَقَالَتْ إِنَّ زَوْجِي يُرِيدُ أَنْ يَذْهَبَ بِوَلَدِي أَوْ بِابْنِي وَقَدْ نَفَعَنِي وَسَقَانِي مِنْ بِئْرِ أَبِي عِنَبَةَ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْتَهِمَا أَوْ قَالَ تَسَاهَمَا أَبُو عَاصِمٍ الشَّاكُّ فَجَاءَ زَوْجُهَا فَقَالَ مَنْ يُخَاصِمُنِي فِي وَلَدِي أَوْ فِي ابْنِي فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا غُلَامُ هَذَا أَبُوكَ وَهَذِهِ أُمُّكَ فَخُذْ بِيَدِ أَيِّهِمَا شِئْتَ وَقَدْ قَالَ أَبُو عَاصِمٍ فَاتْبَعْ أَيَّهُمَا شِئْتَ فَأَخَذَ بِيَدِ أُمِّهِ فَانْطَلَقَتْ بِهِ

☆☆ ابومیمونہ سلیمان بیان کرتے ہیں' میں حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا کہ ایک خاتون ان کے پاس آئی اور عرض کی میرا شوہر یہ چاہتا کہ میرے بچے کو اپنے ساتھ لے جائے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بولے کہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا کہ ایک عورت آئی اور بولی کہ میرا شوہر یہ چاہتا ہے کہ وہ میرے بچے کو اپنے ساتھ لے جائے حالانکہ اس نے مجھے نفع بھی دیا ہے اور مجھے ابوعنبہ کے کنوئیں سے سیراب بھی کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم دونوں حصہ مقرر کرلو۔ (یا شاید یہ الفاظ ہیں) قرعہ اندازی کرلو اسی دوران اس کا شوہر بھی آ گیا اور بولا کہ میری اولاد کے بدلے میں کون مجھ سے جھگڑا کرسکتا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس لڑکے سے فرمایا کہ اے لڑکے یہ تمہاری امی ہے اور یہ تمہارے ابو ہیں۔ تم ان دونوں میں سے جس کا چاہو ہاتھ تھام لو (راوی بیان کرتے ہیں ابوعاصم کے یہ الفاظ ہیں) تم ان میں سے جس کے ساتھ چاہو چلے جاؤ تو لڑکے نے اپنی والدہ کا ہاتھ تھام لیا اور اس کے ساتھ چلا گیا۔

حدیث **2330**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ/**1986**ء **3496**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7346**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتاب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **5690**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتاب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1083**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **12611**

## بَابٌ فِيْ طَلَاقِ الْاَمَةِ

## باب 17: کنیز کی طلاق کا حکم

**2331**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي مُظَاهِرٌ وَّهُوَ ابْنُ اَسْلَمَ اَنَّهُ سَمِعَ الْقَاسِمَ بْنَ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْاَمَةِ تَطْلِيقَتَانِ وَقُرْؤُهَا حَيْضَتَانِ قَالَ اَبُوْ عَاصِمٍ سَمِعْتُهُ مِنْ مُظَاهِرٍ

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں' کنیز کو دو طلاقیں دی جائیں گی اور اس کی عدت دو حیض ہوگی۔

ابو عاصم بیان کرتے ہیں' میں نے یہ بات مظاہر سے سنی ہے۔

## بَابٌ فِيْ اسْتِبْرَاءِ الْاَمَةِ

## باب 18: کنیز کا استبراء

**2332**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنْ قَيْسِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ اَبِي الْوَدَّاكِ عَنْ اَبِي سَعِيْدٍ وَّرَفَعَهُ اَنَّهُ قَالَ فِيْ سَبَايَا اَوْطَاسٍ لَا تُوْطَاُ حَامِلٌ حَتّٰى تَضَعَ حَمْلَهَا وَلَا غَيْرُ ذَاتِ حَمْلٍ حَتّٰى تَحِيضَ حَيْضَةً

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ مرفوع روایت کے طور پر نقل کرتے ہیں اوطاس کے قیدیوں کے بارے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ حکم دیا تھا) کہ حاملہ عورت جب تک بچے کو جنم نہ دے اس کے ساتھ صحبت نہ کی جائے اور جو عورت حاملہ نہ ہو اس کے ساتھ اس وقت تک صحبت نہ کی جائے جب تک کہ اس کو ایک مرتبہ حیض نہ آ جائے۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث **2331**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 2189 |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 1182 |
| ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 2079 |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**۔ | 2822 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**۔ | 15233 |
| حدیث **2332**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 2157 |
| ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**۔ | 2790 |
| ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**۔ | 10572 |

# وَمِنْ كِتَابِ الْحُدُوْدِ

# حدود کا بیان

## بَابٌ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ

## باب 1: تین طرح کے لوگوں سے قلم (یعنی شریعت کا حکم) اٹھالیا گیا

**2333** - اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنِ الْاَسْوَدِ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رُفِعَ الْقَلَمُ عَنْ ثَلَاثَةٍ عَنِ النَّائِمِ حَتّٰى يَسْتَيْقِظَ وَعَنِ الصَّغِيْرِ حَتّٰى يَحْتَلِمَ وَعَنِ الْمَجْنُوْنِ حَتّٰى يَعْقِلَ وَقَدْ قَالَ حَمَّادٌ اَيْضًا وَعَنِ الْمَعْتُوْهِ حَتّٰى يَعْقِلَ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: تین طرح کے لوگوں سے قلم (یعنی شریعت کا حکم) اٹھالیا گیا۔ سویا ہوا شخص جب تک بیدار نہ ہو جائے' نابالغ بچہ جب تک بالغ نہ ہو جائے اور دیوانہ جب تک کہ اُسے عقل نہ آجائے۔

حماد نے اپنی روایت میں یہ الفاظ بھی نقل کیے ہیں بے ہوش جب تک کہ اسے ہوش نہ آجائے۔

## بَابٌ مَّا يَحِلُّ بِهٖ دَمُ الْمُسْلِمِ

## باب 2: کن صورتوں میں مسلمانوں کا خون (بہانا) جائز ہوتا ہے

**2334** - اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ

---

حدیث **2333** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4398**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1423**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء **3432**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2041**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **956**

حدیث **2334** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث)' دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ' **1987**ء **6484**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1676**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4352**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1402**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ' **1986**ء **4016**

عَنْ عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَحِلُّ دَمُ امْرِئٍ مُسْلِمٍ اِلَّا بِاِحْدٰى ثَلَاثٍ بِكُفْرٍ بَعْدَ اِيْمَانٍ اَوْ بِزِنًى بَعْدَ اِحْصَانٍ اَوْ يَقْتُلُ نَفْسًا بِغَيْرِ نَفْسٍ فَيُقْتَلُ

☆☆ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے' کسی بھی مسلمان کا خون تین میں سے کسی ایک صورت میں بہانا جائز ہے ایمان کے بعد کافر ہو جانا۔ محصن ہونے کے باوجود زنا کرنا اور کسی شخص کو قصاص کے بغیر قتل کر دینا تو (قاتل کو بھی) قتل کر دیا جائے گا۔

**2335**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاَنِّیْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَّا اَحَدَ ثَلَاثَةِ نَفَرٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِیْ وَالتَّارِكُ لِدِيْنِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے: جو شخص یہ گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور میں اللہ کا رسول ہوں۔ اس کا خون' تین میں سے کسی ایک وجہ سے بہایا جائے گا۔ جان کے بدلے جان' شادی شدہ زانی اور اپنے دین کو ترک کر کے مسلمانوں کی جماعت سے علیحدہ ہونے والا شخص (ان تین کو قتل کیا جائے گا)

## بَابُ السَّارِقِ يُوْهَبُ مِنْهُ السَّرِقَةُ بَعْدَ مَا سَرَقَ

## باب 3: جب چور کو اس کی چوری کرنے کے بعد چوری کا مال ہبہ کر دیا جائے

**2336**- اَخْبَرَنَا سَعْدُ بْنُ حَفْصٍ حَدَّثَنَا شَيْبَانُ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ صَفْوَانُ بْنُ اُمَيَّةَ نَائِمًا فِی الْمَسْجِدِ فَاَتَاهُ رَجُلٌ وَهُوَ نَائِمٌ فَاسْتَلَّ رِدَائَهُ مِنْ تَحْتِ رَاْسِهِ فَتَنَبَّهَ بِهِ فَلَحِقَهُ فَاَخَذَهُ فَانْطَلَقَ بِهِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ كُنْتُ نَائِمًا فِی الْمَسْجِدِ فَاَتَانِیْ هٰذَا فَاسْتَلَّ رِدَائِیْ مِنْ تَحْتِ رَاْسِیْ فَلَحِقْتُهُ فَاَخَذْتُهُ فَاَمَرَ بِقَطْعِهِ فَقَالَ لَهُ صَفْوَانُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّ رِدَائِیْ لَمْ يَبْلُغْ اَنْ يُقْطَعَ فِيْهِ هٰذَا قَالَ فَهَلَّا قَبْلَ اَنْ تَاْتِيَنِیْ بِهِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ مسجد میں سوئے ہوئے تھے ایک شخص ان کے پاس آیا وہ سوئے ہوئے تھے اس شخص نے ان کے سر کے نیچے سے چادر کھینچی تو ان کی آنکھ کھل گئی وہ اس کے پیچھے گئے اور اسے پکڑ لیا اور اسے لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میں مسجد میں سویا ہوا تھا یہ شخص آیا اور اس نے میرے سر کے نیچے سے میری چادر کھینچی۔ میں نے اس کے پیچھے جا کر اسے پکڑ لیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کا ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا۔ صفوان نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! میری چادر اتنی مہنگی نہیں ہے کہ اس کا ہاتھ کاٹ دیا جائے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: یہ

حدیث **2336**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **4882**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15341**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **7371**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **7327**

بات تم نے اس کو میرے پاس لانے سے پہلے کیوں نہیں سوچی۔

## بَابٌ مَّا تُقْطَعُ فِيْهِ الْيَدُ

## باب 4 (کتنی قیمت والی چیز کی چوری پر) ہاتھ کاٹا جائے گا

**2337**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ دَاوُدَ الْهَاشِمِيُّ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَمْرَةَ بِنْتِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تُقْطَعُ الْيَدُ فِي رُبْعِ دِيْنَارٍ فَصَاعِدًا

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں ایک چوتھائی دینار یا اس سے زیادہ (قیمتی) چیز میں ہاتھ کاٹا جائے گا۔

**2338**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوْبَ وَاِسْمٰعِيلَ بْنِ اُمَيَّةَ وَعُبَيْدِ اللّٰهِ وَمُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَطَعَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مِجَنٍّ قِيْمَتُهُ ثَلَاثَةُ دَرَاهِمَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ڈھال (کی چوری) کی وجہ سے ہاتھ کٹوا دیا تھا اس کی قیمت تین درہم تھی۔

## بَابٌ فِي الشَّفَاعَةِ فِي الْحُدُوْدِ دُوْنَ السُّلْطَانِ

## باب 5: حدود کے بارے میں حاکم کے سامنے سفارش کرنا

**2339**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اللَّيْثُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّ قُرَيْشًا اَهَمَّهُمْ شَانُ الْمَرْاَةِ الْمَخْزُوْمِيَّةِ الَّتِي سَرَقَتْ فَقَالُوْا مَنْ يُكَلِّمُ فِيْهَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالُوْا وَمَنْ

---

حدیث **2337**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 6407

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4384

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 4916

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 24125

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4455

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 7404

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 16936

حدیث **2338**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 6411

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1686

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4385

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1446

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 4906

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 7584

يَجْتَرِئُ عَلَيْهِ إِلَّا أُسَامَةُ بْنُ زَيْدٍ حِبُّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَكَلَّمَهُ أُسَامَةُ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَتَشْفَعُ فِي حَدٍّ مِنْ حُدُودِ اللَّهِ ثُمَّ قَامَ فَاخْتَطَبَ فَقَالَ إِنَّمَا هَلَكَ الَّذِينَ قَبْلَكُمْ أَنَّهُمْ كَانُوا إِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الشَّرِيفُ تَرَكُوهُ وَإِذَا سَرَقَ فِيهِمُ الضَّعِيفُ أَقَامُوا عَلَيْهِ الْحَدَّ وَايْمُ اللَّهِ لَوْ أَنَّ فَاطِمَةَ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَرَقَتْ لَقَطَعْتُ يَدَهَا

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' قریش نے یہ ارادہ کیا کہ قبیلہ مخزوم سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون جس نے چوری کی تھی کے بارے میں سفارش کریں۔ انہوں نے غور شروع کیا کہ اس خاتون کے بارے میں کون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سفارش کرے گا تو کسی نے کہا کہ یہ کام صرف اُسامہ بن زید کر سکتے ہیں جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے محبوب ہیں۔

حضرت اسامہ رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کیا تم اللہ تعالیٰ کی حد کے بارے میں سفارش کر رہے ہو؟

(سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں) پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دینے کے کھڑے ہوئے اور ارشاد فرمایا:

''بے شک تم سے پہلے کے بعض لوگ اسی وجہ سے ہلاکت کا شکار ہوئے کیونکہ جب ان میں سے بڑے خاندان کا کوئی فرد چوری کرتا تھا تو وہ اسے چھوڑ دیتے تھے اور جب کوئی عام فرد چوری کرتا تھا تو وہ اسے سزا دیتے تھے۔ اللہ کی قسم! اگر فاطمہ بنت محمد نے بھی چوری کی ہوتی تو میں اس کا ہاتھ بھی کٹوا دیتا''۔

# بَابُ الْمُعْتَرِفِ بِالسَّرِقَةِ

## باب 6: چوری کا اعتراف کرنا

**2340**- أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ إِسْحَقَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَبِي

حدیث **2339**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 3288

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1688

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 4891

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4373

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 7388

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 17005

حدیث **2340**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 22561

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 17053

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 328

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء — 905

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 18923

الْمُنْذِرِ مَوْلٰی اَبِیْ ذَرٍّ عَنْ اَبِیْ اُمَیَّةَ الْمَخْزُوْمِیِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اُتِیَ بِسَارِقٍ اعْتَرَفَ اعْتِرَافًا لَمْ یُوجَدْ مَعَهُ مَتَاعٌ فَقَالَ مَا اِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰی قَالَ مَا اِخَالُكَ سَرَقْتَ قَالَ بَلٰی قَالَ فَاذْهَبُوْا فَاقْطَعُوْا یَدَهُ ثُمَّ جِیئُوْا بِهٖ فَقَطَعُوْا یَدَهُ ثُمَّ جَاءُوْا بِهٖ فَقَالَ اسْتَغْفِرِ اللّٰهَ وَتُبْ اِلَیْهِ فَقَالَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ فَقَالَ اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَیْهِ اللّٰهُمَّ تُبْ عَلَیْهِ

☆☆ حضرت ابوامیہ مخزومی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص لایا گیا جس نے چوری کا اعتراف کیا تھا اور اس سے مال دستیاب نہیں ہوا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' میرا خیال ہے کہ تم نے چوری نہیں کی ہوگی۔ اس نے عرض کی' کی ہے آپ نے فرمایا کہ میرا نہیں خیال کہ تم نے چوری کی ہوگی اس نے عرض کی ہے میں نے کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا جاؤ اور اس کے ہاتھ کاٹ دو پھر اسے لے کر آؤ لوگوں نے اس کا ہاتھ کاٹ دیا اور پھر اسے لے کر واپس آئے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا تم اللہ سے مغفرت طلب کرو اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرو اس نے عرض کی میں اللہ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کی۔ اے اللہ! اس کی توبہ قبول کرلے اے اللہ! اس کی توبہ قبول کرلے۔

## بَابٌ مَّا لَا یُقْطَعُ فِیْهِ مِنَ الثِّمَارِ

## باب 7: کس طرح کے پھلوں (کی چوری پر) ہاتھ نہیں کاٹا جاسکتا

**2341**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا یَحْیٰی هُوَ ابْنُ سَعِیْدٍ اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ یَحْیٰی بْنِ حَبَّانَ اَخْبَرَهُ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' پھل اور کثر میں ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**2342**- حَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ قَوْمِهٖ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں: پھل اور کثر (کی چوری پر) ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

**2343**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا وَكِیْعٌ عَنْ سُفْیَانَ عَنْ یَحْیَی بْنِ سَعِیْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ یَحْیَی بْنِ حَبَّانَ عَنْ عَمِّهٖ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِیْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لَا قَطْعَ فِیْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا پھل اور کثر (کی چوری پر) ہاتھ نہیں کاٹا جائے

حدیث **2341**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1449

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 4966

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2593

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 17299

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 958

**2344**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**2345**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ وَّالثَّقَفِيُّ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا قَطْعَ فِيْ ثَمَرٍ وَّلَا كَثَرٍ قَالَ وَهُوَ شَحْمُ النَّخْلِ وَالْكَثَرُ الْجُمَّارُ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے' پھل اور کثر ( کی چوری پر) ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: کثر'' جمار'' کو کہتے ہیں۔

**2346**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ اَبِيْ مَيْمُوْنٍ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا قَطْعَ فِيْ كَثَرٍ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْقَوْلُ مَا قَالَ اَبُوْ اُسَامَةَ

حضرت رافع بن خدیج بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

'' کثر'' ( کی چوری ) کی وجہ سے ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا۔

## بَابٌ مَّا لَا يُقْطَعُ مِنَ السُّرَّاقِ

## باب 8: کس طرح کے چوروں کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا

**2347**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ قَالَ قَالَ اَبُو الزُّبَيْرِ قَالَ جَابِرٌ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيْسَ عَلَى الْمُنْتَهِبِ وَلَا عَلَى الْمُخْتَلِسِ وَلَا عَلَى الْخَائِنِ قَطْعٌ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ڈاکہ ڈالنے والے' اچکے اور خیانت کرنے والے کا ہاتھ نہیں کاٹا جائے گا ( بلکہ ان کے لئے علیحدہ سے سزائیں تجویز کی گئی ہیں)

حدیث **2347**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4392**

'' جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1448**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406ھ/1986ء** **4971**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2591**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414ھ/1993ء** **4457**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411ھ/1991ء** **7464**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **17069**

# بَابٌ فِي حَدِّ الْخَمْرِ

# باب 9: شراب نوشی کی حد

**2348**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَنَسٍ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أُتِيَ بِرَجُلٍ قَدْ شَرِبَ خَمْرًا فَضَرَبَهُ بِجَرِيدَتَيْنِ ثُمَّ فَعَلَ أَبُو بَكْرٍ مِثْلَ ذَلِكَ فَلَمَّا كَانَ عُمَرُ اسْتَشَارَ النَّاسَ فَقَالَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَوْفٍ أَخَفَّ الْحُدُودِ ثَمَانِينَ قَالَ فَفَعَلَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک شخص کو لایا گیا اس نے شراب پی تھی آپ نے اسے دوشاخوں سے مارا پھر حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے بھی ایسا ہی کیا جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا دور آیا تو انہوں نے اس بارے میں مشورہ کیا تو حضرت عبدالرحمن بن عوف رضی اللہ عنہ نے مشورہ دیا کہ سب سے کم تر حدود (اسی) کوڑے ہیں تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ایسا ہی کیا۔

**2349**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ أَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ الدَّانَاجُ حَدَّثَنَا حُضَيْنُ بْنُ الْمُنْذِرِ الرَّقَاشِيُّ قَالَ شَهِدْتُ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ وَأُتِيَ بِالْوَلِيدِ بْنِ عُقْبَةَ فَقَالَ عَلِيٌّ جَلَدَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعِينَ وَجَلَدَ أَبُو بَكْرٍ أَرْبَعِينَ وَعُمَرُ ثَمَانِينَ وَكُلٌّ سُنَّةٌ

☆☆ حضین بن منذر رقاشی بیان کرتے ہیں میں حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے ساتھ موجود تھا جب ولید بن عقبہ کو لایا گیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے چالیس کوڑے لگائے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے چالیس کوڑے لگائے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اسی (80) کوڑے لگائے تھے تو یہ سب طریقے سنت ہیں۔

# بَابٌ فِي شَارِبِ الْخَمْرِ إِذَا أُتِيَ بِهِ الرَّابِعَةَ

# باب 10: جب شراب نوش شخص کو چوتھی مرتبہ (اس جرم میں گرفتار کر کے) لایا جائے

**2350**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ هُوَ ابْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ إِسْحَقَ حَدَّثَنَا

---

حدیث **2348**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **2191**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4477**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1443**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2570**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **11956**

حدیث **2349**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4480**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **17295**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **504**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **1130**

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ بْنِ عُرْوَةَ بْنِ مَسْعُوْدِ الثَّقَفِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ الشَّرِيْدِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا شَرِبَ اَحَدُكُمْ فَاضْرِبُوْهُ ثُمَّ اِنْ عَادَ فَاضْرِبُوْهُ ثُمَّ اِنْ عَادَ فَاضْرِبُوْهُ ثُمَّ اِنْ عَادَ الرَّابِعَةَ فَاقْتُلُوْهُ

☆☆ عمرو بن شرید اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے جب کوئی شخص شراب پیے تو اس کو (حد میں کوڑے) مارو۔ جب وہ دوبارہ ایسا کرے تو پھر مارو پھر جب وہ ایسا کرے تو پھر مارو اور جب وہ چوتھی مرتبہ ایسا کرے تو اسے قتل کر دو۔

## بَابُ التَّعْزِيْرِ فِي الذُّنُوْبِ

## باب 11: جرائم میں سزا

**2351**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ هُوَ ابْنُ اَبِي اَيُّوْبَ حَدَّثَنِي يَزِيْدُ بْنُ اَبِي حَبِيْبٍ عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ هُوَ ابْنُ جَابِرٍ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ نِيَارٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَا يَحِلُّ لِاَحَدٍ اَنْ يَضْرِبَ اَحَدًا فَوْقَ عَشَرَةِ اَسْوَاطٍ اِلَّا فِي حَدٍّ مِّنْ حُدُوْدِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابو بردہ بن نیار رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کسی بھی شخص کے لئے یہ بات جائز نہیں ہے کہ وہ اللہ کی حدود کے علاوہ کسی اور جرم کے ارتکاب میں کسی شخص کو دس سے زیادہ کوڑے مارے۔

## بَابُ الْاِعْتِرَافِ بِالزِّنَا

## باب 12: زنا کا اعتراف کرنا

**2352**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ اَخْبَرَنِي ابْنُ شِهَابٍ عَنْ اَبِي سَلَمَةَ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَجُلًا مِّنْ اَسْلَمَ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحَدَّثَهُ اَنَّهُ زَنٰى فَشَهِدَ عَلٰى نَفْسِهِ اَنَّهُ زَنٰى اَرْبَعًا فَاَمَرَ بِرَجْمِهِ وَكَانَ قَدْ اُحْصِنَ ·

---

حدیث **2350**: "موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4482**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1444**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **5661**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2573**

حدیث **2351**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **6456**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4491**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1463**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15870**

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' اسلم سے تعلق رکھنے والا ایک شخص نبی پاک صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا اس نے خود آپ کو بتایا کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے۔ اس نے اپنے خلاف چار مرتبہ گواہی دی کہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مطابق اس کو سنگسار کر دیا گیا (راوی بیان کرتے ہیں) وہ شخص "محصن" تھا۔

**2353**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ سِمَاكٍ اَنَّهٗ سَمِعَ جَابِرَ بْنَ سَمُرَةَ يَقُوْلُ اُتِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ رَجُلٍ قَصِيْرٍ فِيْ اِزَارٍ مَا عَلَيْهِ رِدَاءٌ وَّرَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُتَّكِئٌ عَلٰى وِسَادَةٍ عَلٰى يَسَارِهٖ فَكَلَّمَهٗ فَمَا اَدْرِيْ مَا يُكَلِّمُهٗ بِهٖ وَاَنَا بَعِيْدٌ مِّنْهُ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ الْقَوْمُ ثُمَّ قَالَ اذْهَبُوْا بِهٖ فَارْجُمُوْهُ ثُمَّ قَالَ رُدُّوْهُ فَكَلَّمَهٗ اَيْضًا وَّاَنَا اَسْمَعُ غَيْرَ اَنَّ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُ الْقَوْمَ فَقَالَ اذْهَبُوْا بِهٖ فَارْجُمُوْهُ ثُمَّ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَخَطَبَ وَاَنَا اَسْمَعُهٗ ثُمَّ قَالَ كُلَّمَا نَفَرْنَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ خَلَفَ اَحَدُهُمْ لَهٗ نَبِيْبٌ كَنَبِيْبِ التَّيْسِ يَمْنَحُ اِحْدَاهُنَّ الْكُثْبَةَ مِنَ اللَّبَنِ وَاللّٰهِ لَا اَقْدِرُ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْهُمْ اِلَّا نَكَّلْتُ بِهٖ

☆☆ حضرت جابر بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ماعز بن مالک کو لایا گیا یہ ایک چھوٹے قد کے صاحب تھے انہوں نے ایک تہبند اوڑھا ہوا تھا اور اوپر چادر نہیں تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت بائیں طرف ایک تکیے سے ٹیک لگا کر بیٹھے ہوئے تھے اس شخص نے آپ سے کوئی بات کہی مجھے پتا نہیں چلا اس نے آپ کے ساتھ کیا بات کی ہے کیونکہ میں اس سے دور تھا میرے اور اس کے درمیان کچھ لوگ موجود تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی اسے لے جا کر سنگسار کر دو پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اسے واپس لاؤ آپ نے پھر اس کے ساتھ کوئی بات کی میں وہ نہیں سن سکا کیونکہ میرے اور آپ کے درمیان کچھ لوگ موجود تھے پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کی اسے لے جا کر سنگسار کر دو پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اٹھے' آپ نے خطبہ دیا میں نے اسے سنا آپ نے ارشاد فرمایا: جب ہم اللہ کی راہ میں جہاد کے لیے نکلتے ہیں تو ان میں سے کوئی آدمی پیچھے رہ جاتا ہے جو مرغ کی طرح آواز نکالتا ہے اور کسی خاتون کو تھوڑا سا دودھ دینا چاہتا ہے اللہ کی قسم ان میں سے جو بھی میرے قابو میں آ گیا میں اسے سخت سزا دوں گا۔

**2354**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَزَيْدِ بْنِ خَالِدٍ وَّشِبْلٍ قَالُوْا جَآءَ رَجُلٌ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَنْشُدُكَ اللّٰهَ اِلَّا قَضَيْتَ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ فَقَالَ خَصْمُهٗ وَكَانَ اَفْقَهَ مِنْهُ صَدَقَ اقْضِ بَيْنَنَا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَاْذَنْ لِيْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قُلْ فَقَالَ اِنَّ ابْنِيْ كَانَ عَسِيْفًا عَلٰى اَهْلِ هٰذَا فَزَنٰى بِامْرَاَتِهٖ فَافْتَدَيْتُ مِنْهُ بِمِائَةِ شَاةٍ وَّخَادِمٍ وَّاِنِّيْ سَاَلْتُ رِجَالًا مِّنْ اَهْلِ الْعِلْمِ فَاَخْبَرُوْنِيْ اَنَّ عَلَى ابْنِيْ جَلْدَ مِائَةٍ وَّتَغْرِيْبَ عَامٍ وَّاَنَّ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا الرَّجْمَ فَقَالَ وَالَّذِيْ نَفْسِيْ بِيَدِهٖ لَاَقْضِيَنَّ بَيْنَكُمَا بِكِتَابِ اللّٰهِ الْمِائَةُ شَاةٍ وَّالْخَادِمُ رَدٌّ عَلَيْكَ وَعَلَى ابْنِكَ جَلْدُ مِائَةٍ

حدیث **2352**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **4970**
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1694**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4430**
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1429**
"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1500**

وَتَغْرِيْبُ عَامٍ وَّيَا أُنَيْسُ اغْدُ عَلَى امْرَاَةِ هٰذَا فَسَلْهَا فَاِنِ اعْتَرَفَتْ فَارْجُمْهَا فَاعْتَرَفَتْ فَرَجَمَهَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید بن خالد رضی اللہ عنہ اور حضرت شبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک آدمی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں آپ کو اللہ کی قسم دے کر کہتا ہوں کہ آپ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کیجئے گا اس کے مقابل فریق نے جو اس سے زیادہ سمجھدار تھا کہا یہ ٹھیک کہہ رہا ہے آپ ہمارے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ دیں لیکن یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھے اجازت دیں میں کچھ عرض کروں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بولو! وہ بولا میرا بیٹا اس شخص کے ہاں ملازم تھا اس نے اس شخص کی بیوی کے ساتھ زنا کر لیا ہے میں نے بیٹے کی طرف سے فدیے کے طور پر ایک سو بکریاں اور ایک خادم دیا ہے میں نے اہل علم حضرات سے اس بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے مجھے بتایا کہ میرے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کر دیا جائے گا جبکہ اس کی بیوی کو سنگسار کر دیا جائے گا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مجھے اس ذات کی قسم جس کی دست قدرت میں میری جان ہے میں تم دونوں کے درمیان اللہ کی کتاب کے مطابق فیصلہ کروں گا ایک سو بکریاں اور خادم تمہیں واپس مل جائیں گے تمہارے بیٹے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطنی اختیار کرنا پڑے گی اے انیس کل تم اس عورت کے پاس جانا اور اس سے اس بارے میں دریافت کرنا اگر وہ اعتراف کر لے تو اسے رجم کر دینا۔

راوی کہتے اس عورت نے اس کا اعتراف کیا تو اسے رجم کر دیا گیا۔

## بَابُ الْمُعْتَرِفِ يَرْجِعُ عَنِ اعْتِرَافِهِ

## باب 13: اعتراف کرنے والا شخص جب اپنے اعتراف سے رجوع کر لے

**2355** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ بْنِ يَسَارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ ابْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِى الْهَيْثَمِ بْنِ نَصْرِ بْنِ دَهْرٍ الْاَسْلَمِيِّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ فِيْمَنْ رَجَمَهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِىْ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فَلَمَّا وَجَدَ مَسَّ الْحِجَارَةِ جَزِعَ جَزَعًا شَدِيْدًا قَالَ فَذَكَرْنَا ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَهَلَّا تَرَكْتُمُوْهُ

☆☆ ابوہیثم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں ان لوگوں میں موجود تھا جنہوں نے انہیں رجم کیا (امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں) یعنی حضرت معاذ بن مالک رضی اللہ عنہ کو جب انہیں پتھر لگے تو وہ شدت سے چلائے (راوی کہتے ہیں) ہم نے اس بات کا تذکرہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم نے اُسے چھوڑ کیوں نہیں دیا۔

---

| | |
|---|---|
| حدیث 2355: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 15130 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء | 7206 |
| "آحاد و مثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء | 1396 |
| "مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ | 28761 |

## بَابُ الْحَفْرِ لِمَنْ يُرَادُ رَجْمُهُ

## باب 14: جس شخص کو سنگسار کرنا ہو اس کے لئے گڑھا کھودنا

**2356**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ زَائِدَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ انْطَلِقُوْا بِمَاعِزِ بْنِ مَالِكٍ فَارْجُمُوْهُ فَانْطَلَقْنَا بِهِ اِلٰى بَقِيْعِ الْغَرْقَدِ فَوَاللّٰهِ مَا اَوْثَقْنَاهُ وَلَا حَفَرْنَا لَهُ وَلٰكِنْ قَامَ فَرَمَيْنَاهُ بِالْعِظَامِ وَالْخَزَفِ وَالْجَنْدَلِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: معاذ بن مالک کو لے جا کر اسے سنگسار کر دو (راوی کہتے ہیں) ہم انہیں بقیع غرقد لے گئے اللہ کی قسم ہم نے انہیں باندھا نہیں اور نہ ہی ان کے لئے گڑھا کھودا بلکہ ہم کھڑے ہو کر ہڈی پتھر اور کنکروں کے ذریعے انہیں مارتے رہے۔

**2357**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا بَشِيْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ حَدَّثَنِىْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَاءَهُ رَجُلٌ يُقَالُ لَهُ مَاعِزُ بْنُ مَالِكٍ فَاعْتَرَفَ عِنْدَهُ بِالزِّنَا فَرَدَّهُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ جَاءَ الرَّابِعَةَ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَحُفِرَ لَهُ حُفْرَةٌ فَجُعِلَ فِيْهَا اِلٰى صَدْرِهٖ وَاَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَرْجُمُوْهُ

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا ایک شخص آپ کی خدمت میں حاضر ہوا جس کا نام معاذ بن مالک تھا اس نے آپ کے سامنے زنا کرنے کا اعتراف کیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے تین مرتبہ واپس بھیجا جب وہ چوتھی مرتبہ آیا اور اس نے اس بات کا اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس شخص کے لئے گڑھا کھودا گیا اسے سینے تک اس میں رکھا گیا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو حکم دیا کہ وہ اسے رجم کر دیں۔

## بَابٌ فِى الْحُكْمِ بَيْنَ اَهْلِ الْكِتَابِ اِذَا تَحَاكَمُوْا اِلٰى حُكَّامِ الْمُسْلِمِيْنَ

## باب 15: اہل کتاب جب مسلمان حکام کے پاس مقدمہ لے کر آئیں تو ان کے درمیان فیصلہ دینا

**2358**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ الْيَهُوْدَ جَاءُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِرَجُلٍ مِّنْهُمْ وَامْرَاَةٍ قَدْ زَنَيَا فَقَالَ كَيْفَ تَفْعَلُوْنَ بِمَنْ زَنٰى مِنْكُمْ قَالُوْا

حدیث **2358**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء　1264

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　1699

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان　4551

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)　1497

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء　7215

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء　16709

لَا نَجِدُ فِيهَا شَيْئًا فَقَالَ لَهُمْ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَلَامٍ كَذَبْتُمْ فِي التَّوْرَاةِ الرَّجْمُ (فَأْتُوا بِالتَّوْرَاةِ فَاتْلُوهَا إِنْ كُنْتُمْ صَادِقِينَ) فَجَاءُ وْا بِالتَّوْرَاةِ فَوَضَعَ مِدْرَاسُهَا الَّذِي يَدْرُسُهَا مِنْهُمْ كَفَّهُ عَلَى آيَةِ الرَّجْمِ فَقَالَ مَا هَذِهِ فَلَمَّا رَأَوْا ذَلِكَ قَالُوا هِيَ آيَةُ الرَّجْمِ فَأَمَرَ بِهِمَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُجِمَا قَرِيبًا مِنْ حَيْثُ تُوضَعُ الْجَنَائِزُ عِنْدَ الْمَسْجِدِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ فَرَأَيْتُ صَاحِبَهَا يَجْنَأُ عَلَيْهَا يَقِيهَا الْحِجَارَةَ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' یہودی اپنے ایک مرد اور ایک عورت کو لے کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے ان دونوں نے زنا کا ارتکاب کیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص زنا کا مرتکب ہو تم اس کے ساتھ کیا سلوک کرتے ہو انہوں نے جواب دیا ہمیں اس بارے میں کوئی حکم نہیں ملا۔ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا کہ تم جھوٹ بول رہے ہو تورات میں رجم کا حکم موجود ہے تم تورات لے کر آؤ اور اسے پڑھو اگر سچ کہہ رہے ہو وہ لوگ تورات لے کر آئے جو شخص اس کا درس دیتا تھا اس نے اپنا ہاتھ اس آیت پر رکھ دیا جس میں رجم کا حکم موجود تھا حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بولے یہ کیا ہے جب ان لوگوں نے دیکھا تو وہ رجم سے متعلق آیت تھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت ان دونوں کو مسجد کے نزدیک اس جگہ پر سنگسار کیا گیا جہاں جنازے رکھے جاتے تھے۔

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں میں نے اس مرد کو دیکھا کہ وہ عورت کو بچانے کی کوشش کر رہا تھا اسے پتھروں سے بچا رہا تھا۔

## بَابٌ فِي حَدِّ الْمُحْصَنِينَ بِالزِّنَا

## باب 16: محصن زانی کی حد

**2359**- أَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ إِنَّ اللَّهَ تَعَالَى بَعَثَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالْحَقِّ وَأَنْزَلَ عَلَيْهِ الْكِتَابَ وَكَانَ فِيمَا أَنْزَلَ آيَةُ الرَّجْمِ فَقَرَأْنَاهَا وَوَعَيْنَاهَا وَعَقَلْنَاهَا وَرَجَمَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَرَجَمْنَا بَعْدَهُ فَأَخْشَى إِنْ

حدیث **2359**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء — 6441

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1691

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4418

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 276

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 25

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 16687

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ 1991ء — 7145

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ 1994ء — 16689

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/ 1983ء — 867

طَالَ بِالنَّاسِ زَمَانٌ اَنْ يَّقُوْلَ الْقَائِلُ لَا نَجِدُ حَدَّ اٰيَةِ الرَّجْمِ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ وَالرَّجْمُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ حَقٌّ عَلٰى مَنْ زَنٰى مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ اِذَا اُحْصِنَ اِذَا قَامَتْ عَلَيْهِ الْبَيِّنَةُ اَوْ كَانَ الْحَبَلُ اَوِ الْاِعْتِرَافُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہے بے شک اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو حق کے ہمراہ مبعوث کیا ہے اور آپ پر کتاب نازل کی ہے اور اس پر رجم سے متعلق آیت بھی نازل کی ہم اسے پڑھتے رہے ہیں اسے یاد رکھا ہے اسے سمجھا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی سنگسار کیا ہے اور آپ کے بعد ہم نے بھی سنگسار کیا ہے مجھے یہ ڈر ہے کہ کچھ زمانہ گزرنے کے بعد کوئی کہنے والا یہ کہے گا کہ رجم سے متعلق آیت تو ہم اللہ کی کتاب میں ملی نہیں ہے (یہ بات یاد رکھنا) رجم کا حکم اللہ کی کتاب میں موجود ہے اور بالکل درست ہے یہ ان مردوں اور خواتین کے بارے میں ہے جو محصن ہونے کے باوجود زنا کا ارتکاب کریں اور جب گواہی کے ذریعے یہ بات ثابت ہو جائے یا (عورت) حاملہ ہو جائے یا وہ اعتراف کر لیں۔

**2360**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا الْعَقَدِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ يُحَدِّثُ عَنْ كَثِيْرِ ابْنِ الصَّلْتِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ اَشْهَدُ لَسَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الشَّيْخُ وَالشَّيْخَةُ اِذَا زَنَيَا فَارْجُمُوْهُمَا الْبَتَّةَ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے شادی شدہ مرد اور عورت جب زنا کریں تو انہیں سنگسار کر دو۔

## بَابُ الْحَامِلِ اِذَا اعْتَرَفَتْ بِالزِّنَا

## باب 17: جب کوئی (غیر شادی شدہ) حاملہ عورت زنا کا اعتراف کرے

**2361**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا بَشِيْرُ بْنُ الْمُهَاجِرِ حَدَّثَنِيْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَائَتْهُ امْرَاَةٌ مِّنْ بَنِيْ غَامِدٍ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ اِنِّيْ قَدْ زَنَيْتُ وَاِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ تُطَهِّرَنِيْ فَقَالَ لَهَا ارْجِعِيْ فَلَمَّا كَانَ مِنَ الْغَدِ اَتَتْهُ اَيْضًا فَاعْتَرَفَتْ عِنْدَهُ بِالزِّنَا فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ طَهِّرْنِيْ فَلَعَلَّكَ اَنْ تَرُدَّنِيْ كَمَا رَدَدْتَّ مَاعِزَ بْنَ مَالِكٍ فَوَاللّٰهِ اِنِّيْ لَحُبْلٰى فَقَالَ لَهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْجِعِيْ حَتّٰى تَلِدِيْ فَلَمَّا وَلَدَتْ جَائَتْ بِالصَّبِيِّ تَحْمِلُهُ فِيْ خِرْقَةٍ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ هٰذَا قَدْ وَلَدْتُّ قَالَ فَاذْهَبِيْ فَاَرْضِعِيْهِ ثُمَّ افْطِمِيْهِ فَلَمَّا فَطَمَتْهُ جَائَتْ بِالصَّبِيِّ فِيْ يَدِهِ كِسْرَةُ خُبْزٍ فَقَالَتْ يَا نَبِيَّ اللّٰهِ قَدْ فَطَمْتُهُ فَاَمَرَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالصَّبِيِّ فَدُفِعَ اِلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ وَاَمَرَ بِهَا فَحُفِرَ لَهَا حُفْرَةٌ فَجُعِلَتْ فِيْهَا اِلٰى صَدْرِهَا ثُمَّ اَمَرَ النَّاسَ اَنْ يَّرْجُمُوْهَا فَاَقْبَلَ

حدیث **2360** "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1696**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4440**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1435**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **1957**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19068**

خَالِدُ بْنُ الْوَلِيْدِ بِحَجَرٍ فَرَمٰى رَأْسَهَا فَتَلَطَّخَ الدَّمُ عَلٰى وَجْنَةِ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ فَسَبَّهَا فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبَّهُ اِيَّاهَا فَقَالَ مَهْ يَا خَالِدُ لَا تَسُبَّهَا فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَّوْ تَابَهَا صَاحِبُ مَكْسٍ لَّغُفِرَ لَهٗ فَاَمَرَ بِهَا فَصُلِّىَ عَلَيْهَا وَدُفِنَتْ

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نبی اکرم ﷺ کے پاس موجود تھا غامد قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک عورت آپ کے پاس آئی اور عرض کی اے اللہ کے نبی ﷺ میں نے زنا کا ارتکاب کیا ہے میں یہ چاہتی ہوں کہ آپ مجھے پاک کر دیں نبی اکرم ﷺ نے اس سے فرمایا' تم واپس چلی جاؤ اگلے دن وہ عورت دوبارہ آپ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور اس نے آپ کے سامنے زنا کا اعتراف کیا اور عرض کی کہ اے اللہ کے نبی آپ مجھے پاک کر دیجئے شاید آپ بھی مجھے ایسے ہی واپس بھیج دینا چاہتے ہیں جیسے آپ نے معاذ بن مالک کو بھیجا تھا۔ اللہ کی قسم میں حاملہ ہو چکی ہوں (اور ابھی میری شادی نہیں ہوئی) نبی اکرم ﷺ نے اس سے ارشاد فرمایا تم واپس جاؤ اور بچے کو جنم دو (راوی کہتے ہیں) جب اس عورت نے بچے کو جنم دے دیا تو اس بچے کو ایک کپڑے میں لپیٹ کر آپ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کی اے اللہ کے نبی ﷺ میں نے اس کو جنم دے دیا ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جاؤ اسے دودھ پلاؤ جب دودھ چھڑوا دو گی پھر آنا (راوی کہتے ہیں) جب اس نے دودھ چھڑوا دیا تو بچے کو لے کر آئی اس بچے کے ہاتھ میں روٹی کا ایک ٹکڑا تھا اس نے عرض کی اے اللہ کے نبی میں نے اس کا دودھ چھڑوا دیا ہے نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس بچے کو ایک مسلمان شخص کے حوالے کر دیا گیا آپ نے اس عورت کے بارے میں حکم دیا اس عورت کے لئے گڑھا کھودا گیا اور اسے سینے تک اس گڑھے میں رکھا گیا پھر آپ نے لوگوں کو اسے پتھر مارنے کا حکم دیا حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے ایک پتھر اس کے سر پہ مارا تو اس کا خون اچھل کر حضرت خالد رضی اللہ عنہ کے گال پر آ گرا حضرت خالد رضی اللہ عنہ نے اس عورت کو برا کہا نبی اکرم ﷺ نے انہیں اس عورت کو برا کہتے ہوئے سنا تو آپ نے ارشاد فرمایا: اے خالد باز آ جاؤ اس کو برا نہ کہو اس ذات کی قسم جس کی دست قدرت میں میری جان ہے اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر وصول کرنے والا یہ توبہ کرتا تو اسے بھی بخش دیا جاتا۔

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ کے حکم کے تحت اس خاتون کی نماز جنازہ پڑھی گئی اور اسے دفن کر دیا گیا۔

**2362**- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ امْرَاَةً مِّنْ جُهَيْنَةَ اَتَتِ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِىَ حُبْلٰى مِنَ الزِّنَا فَقَالَتْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ اَصَبْتُ حَدًّا فَاَقِمْهُ عَلَىَّ فَدَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَلِيَّهَا فَقَالَ اذْهَبْ فَاَحْسِنْ اِلَيْهَا فَاِذَا وَضَعَتْ حَمْلَهَا فَاْتِنِىْ بِهَا فَفَعَلَ فَاَمَرَ بِهَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشُكَّتْ عَلَيْهَا ثِيَابُهَا ثُمَّ اَمَرَ بِهَا فَرُجِمَتْ ثُمَّ صَلّٰى عَلَيْهَا

حدیث **2362**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری حنفی" (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **2045**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1703**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **4470**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1440**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2565**

فَقَالَ عُمَرُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَتُصَلِّيْ عَلَيْهَا وَقَدْ زَنَتْ فَقَالَ لَقَدْ تَابَتْ تَوْبَةً لَوْ قُسِمَتْ بَيْنَ سَبْعِيْنَ مِنْ اَهْلِ الْمَدِيْنَةِ لَوَسِعَتْهُمْ وَهَلْ وَجَدْتَ اَفْضَلَ مِنْ اَنْ جَادَتْ بِنَفْسِهَا لِلّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جہینہ قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئی وہ زنا کرنے کے بعد حاملہ ہوگئی تھی اس نے عرض کی اے اللہ کے رسول میں نے ایک قابل حد جرم کا ارتکاب کیا ہے آپ حد مجھ پر قائم کریں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے سرپرست کو بلایا اور فرمایا اسے لے جاؤ اور اس کا خیال رکھنا اور جب یہ بچے کو جنم دے تو پھر اسے لے کر میرے پاس آنا اس نے ایسا ہی کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس عورت کے کپڑے اچھی طرح باندھ دیئے گئے اور آپ کے حکم کے تحت اسے سنگسار کردیا گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی نماز جنازہ ادا کی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ اس کی نماز جنازہ ادا کرنے لگے ہیں حالانکہ اس نے زنا کا ارتکاب کیا ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے ایسی توبہ کی ہے کہ اگر اسے مدینہ میں رہنے والے ستر افراد کے درمیان تقسیم کیا جائے تو ان سب کے لیے کافی ہو۔ کیا تمہیں اس سے زیادہ بہتر اور کوئی صورت نظر آتی ہے اس نے اپنی جان اللہ کے لئے قربان کردی۔

## بَابٌ فِي الْمَمَالِيكِ اِذَا زَنَوْا يُقِيمُ عَلَيْهِمْ سَادَتُهُمُ الْحَدَّ دُوْنَ السُّلْطَانِ

## باب 18: جب کوئی غلام یا کنیز زنا کا ارتکاب کرے تو ان کا آقا ان پر حد جاری کردے حاکم کی ضرورت نہیں ہے

**2363**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدٍ الْجُهَنِيِّ وَاَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنِ الْاَمَةِ تَزْنِيْ وَلَمْ تُحْصَنْ فَقَالَ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا ثُمَّ اِنْ زَنَتْ فَاجْلِدُوْهَا قَالَ مَا اَدْرِيْ فِي الثَّالِثَةِ اَوْ فِي الرَّابِعَةِ فَبِيْعُوْهَا وَلَوْ بِضَفِيْرٍ

☆☆ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایسی کنیز کے بارے میں دریافت کیا گیا جو زنا کی مرتکب ہو اور محصن نہ ہو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے لگاؤ اور پھر اگر زنا کا ارتکاب کرے تو اسے کوڑے لگاؤ (راوی کہتے ہیں) مجھے یاد نہیں کہ تیسری یا شاید چوتھی مرتبہ آپ نے یہ ارشاد فرمایا (کہ اگر وہ زنا کا ارتکاب کرے) تو اسے فروخت کردو خواہ ایک رسی کے عوض میں ہو۔

حدیث **2363**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1690**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4415**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1434**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2550**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15951**

## بَابٌ فِيْ تَفْسِيْرِ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (اَوْ يَجْعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا)

## باب 19: اللہ تعالیٰ کے فرمان کی تفسیر ''یا پھر اللہ! ان کے لئے کوئی راستہ پیدا کر دے''

**2364**- اَخْبَرَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عُبَادَةَ ابْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خُذُوا عَنِّيْ خُذُوا عَنِّيْ قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لَهُنَّ سَبِيْلًا الْبِكْرُ بِالْبِكْرِ وَالثَّيِّبُ بِالثَّيِّبِ الْبِكْرُ جَلْدُ مِائَةٍ وَّنَفْيُ سَنَةٍ وَّالثَّيِّبُ جَلْدُ مِائَةٍ وَّالرَّجْمُ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ حِطَّانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا ہے' مجھ سے یہ حکم حاصل کر لو اللہ تعالیٰ نے ان کے لئے حکم طے کر دیا ہے جب کوئی کنوارہ شخص کسی کنواری عورت کے ساتھ زنا کرے یا پھر کسی شادی شدہ کے ساتھ زنا کرے تو کنوارے کو ایک سو کوڑے لگائے جائیں گے اور ایک سال کے لئے جلاوطن کر دیا جائے گا جبکہ شادی شدہ کو ایک سو کوڑے مار کر سنگسار کر دیا جائے گا۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِيْمَنْ يَّقَعُ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ

## باب 20: جو شخص اپنی بیوی کی کنیز کے ساتھ زنا کرے

**2365**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبَانُ بْنُ يَزِيْدَ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ كَتَبَ اِلَيَّ خَالِدُ بْنُ عُرْفُطَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ اَنَّ غُلَامًا كَانَ يُنْبَزُ قُرْقُوْرًا فَوَقَعَ عَلٰى جَارِيَةِ امْرَاَتِهٖ فَرُفِعَ اِلَى النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ فَقَالَ لَاَقْضِيَنَّ فِيْهِ بِقَضَاءٍ شَافٍ اِنْ كَانَتْ اَحَلَّتْهَا لَهٗ جَلَدْتُّهٗ مِائَةً وَّاِنْ كَانَتْ لَمْ تُحِلَّهَا لَهٗ رَجَمْتُهٗ فَقِيْلَ لَهَا زَوْجُكِ فَقَالَتْ اِنِّيْ قَدْ اَحْلَلْتُهَا لَهٗ فَضَرَبَهٗ مِائَةً قَالَ يَحْيَى هُوَ مَرْفُوْعٌ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ الْفَضْلِ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عُرْفُطَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيْرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهٗ

---

حدیث **2365**: ''سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4458**

''جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1451**

''سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ 1986ء** **3361**

''سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2551**

''مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18421**

''سنن نسائی کبریٰ' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5554**

''المستدرک' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **8090**

☆☆ حبیب بن سالم بیان کرتے ہیں' ایک لڑکا جس کا نام قرقور تھا اس نے اپنی بیوی کی کنیز کے ساتھ زنا کرلیا یہ معاملہ حضرت نعمان بن بشر رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا گیا تو انہوں نے فرمایا میں اس بارے میں واضح فیصلہ دوں گا اگر وہ عورت اس کنیز کو اپنے شوہر کے لئے حلال قرار دیتی ہے تو میں اس کے شوہر کو سو کوڑے لگاؤں گا اور اگر وہ اس کنیز کو اپنے شوہر کے لئے حلال قرار نہیں دیتی تو میں اس مرد کو سنگسار کردوں گا (راوی کہتے ہیں) اس عورت سے کہا گیا یہ تمہارا شوہر ہے تو وہ عورت بولی میں اس کنیز کو اس شخص کے لئے حلال قرار دیتی ہوں تو حضرت نعمان بن بشر رضی اللہ عنہ نے اس مرد کو سو کوڑے لگوائے۔

یسار بیان کرتے ہیں' یہ روایت مرفوع ہے۔

یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابُ الْحَدُّ كَفَّارَةٌ لِّمَنْ اُقِيْمَ عَلَيْهِ

## باب 21: جس شخص پر حد قائم ہو جائے وہ اس کے لئے کفارہ بن جاتی ہے

**2366**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْكَدِرِ عَنِ ابْنِ خُزَيْمَةَ ابْنِ ثَابِتٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اُقِيْمَ عَلَيْهِ حَدٌّ غُفِرَ لَهُ ذٰلِكَ الذَّنْبُ

☆☆ ابن خزیمہ بن ثابت اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص پر حد قائم ہو جائے اس شخص کا وہ گناہ معاف ہو جاتا ہے۔

---

حدیث **2366**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 21915

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ **1994**ء — 17372

# وَمِنْ كِتَابِ النُّذُوْرِ وَالْاَيْمَانِ

# نذر اور قسم کا بیان

## بَابُ الْوَفَاءِ بِالنَّذْرِ

## باب 1: نذر پوری کرنے کا حکم

**2367**- اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِىْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ امْرَاَةً نَذَرَتْ اَنْ تَحُجَّ فَمَاتَتْ فَجَآءَ اَخُوهَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَاَلَهُ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كَانَ عَلَيْهَا دَيْنٌ كُنْتَ قَاضِيَهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاقْضُوا اللّٰهَ فَاللّٰهُ اَحَقُّ بِالْوَفَاءِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک خاتون نے یہ نذر مانی کہ وہ حج کریں گی اس کا انتقال ہو گیا اس کا بھائی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور آپ سے اس بارے میں دریافت کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر اس خاتون کے ذمے کوئی قرض ہوتا تو کیا تم اسے ادا کرتے اس نے عرض کی جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پھر اللہ کا حق بھی ادا کرو کیونکہ اللہ تعالیٰ اس بات کا زیادہ حق دار ہے کہ اس (کے ساتھ کیا ہوا عہد) پورا کیا جائے۔

**2368**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حَفْصٌ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنْ عُمَرَ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّىْ نَذَرْتُ نَذْرًا فِى الْجَاهِلِيَّةِ ثُمَّ جَآءَ الْاِسْلَامُ قَالَ فِ بِنَذْرِكَ

---

حدیث **2367**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ/1987ء — 6321
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 9634
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ بیروت لبنان — 2621
"المنتقی من السنن المسندۃ" امام ابومحمد عبداللہ بن علی بن الجارود نیشاپوری' موسسۃ الکتب الثقافیہ بیروت لبنان 1408ھ/1988ء — 501
"مسند ابن الجعد" امام ابوالحسن علی بن الجعد بن عبید جوہری بغدادی' موسسہ نادر بیروت لبنان 1410ھ/1990ء — 1710
حدیث **2368**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ/1987ء — 1927
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1656
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر بیروت لبنان — 2474
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ/1986ء — 3820
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر بیروت لبنان — 2129

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے زمانہ جاہلیت میں ایک نذر مانی تھی پھر اسلام قبول کرلیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم اپنی نذر کو پورا کرو۔

## بَابٌ فِیْ کَفَّارَةِ النَّذْرِ

## باب 2: نذر کا کفارہ

**2369**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ سَعِیْدٍ عَنْ عُبَیْدِ اللّٰهِ بْنِ زَحْرٍ عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الرُّعَیْنِیِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ نَذَرَتْ اُخْتِیْ اَنْ تَحُجَّ لِلّٰهِ مَاشِیَةً غَیْرَ مُخْتَمِرَةٍ فَذَکَرْتُ ذٰلِكَ لِرَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مُرْ اُخْتَكَ فَلْتَخْتَمِرْ وَلْتَرْکَبْ وَلْتَصُمْ ثَلَاثَةَ اَیَّامٍ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میری بہن نے یہ نذر مانی کہ وہ سر پر (دھوپ سے بچنے والی اضافی) چادر لئے بغیر پیدل بیت اللہ کا حج کرے گی میں نے اس بات کا تذکرہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے فرمایا: تم اپنی بہن کو یہ ہدایت کرو کہ وہ چادر لے لیں اور سوار ہو جائے اور (کفارے کے طور پر) تین روزے رکھے۔

**2370**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ اَخْبَرَنِیْ قَتَادَةُ عَنْ عِکْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اُخْتَ عُقْبَةَ نَذَرَتْ اَنْ تَمْشِیَ اِلَی الْبَیْتِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ لَغَنِیٌّ عَنْ نَذْرِ اُخْتِكَ لِتَرْکَبْ وَلْتُهْدِ هَدْیًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عقبہ رضی اللہ عنہ کی بہن نے یہ نذر مانی کہ وہ پیدل بیت اللہ جائے گی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ تمہاری بہن کی نذر سے بے نیاز ہے اسے چاہیے کہ وہ سوار ہو جائے اور قربانی کا جانور ساتھ لے کر جائے۔

**2371**- حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِیْزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِیْ عَمْرٍو عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَدْرَكَ شَیْخًا یَمْشِیْ بَیْنَ ابْنَیْهِ فَقَالَ مَا شَانُ هٰذَا الشَّیْخِ فَقَالَ ابْنَاهُ

حدیث 2369: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 1767
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 3296
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1536
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2134
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 2278
حدیث 2371: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ 1987ء 1766
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1642
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 3301
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1537
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12812

نَذَرَ اَنْ يَّمْشِىَ فَقَالَ ارْكَبْ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنْكَ وَعَنْ نَذْرِكَ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک بوڑھے شخص کو دیکھا جو اپنے دو بیٹوں کے درمیان پیدل جا رہا تھا آپ نے دریافت کیا' بڑے میاں کو کیا ہوا ہے؟ ان کے بیٹوں نے جواب دیا' انہوں نے پیدل چلنے کی نذر مانی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آپ سوار ہو جائیے اللہ تعالیٰ آپ سے اور آپ کی نذر سے بے نیاز ہے۔

## بَابٌ لَا نَذْرَ فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ

## باب 3: اللہ کی نافرمانی کی نذر درست نہیں ہوتی

**2372**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا وَفَاءَ لِنَذْرٍ فِىْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا فِيْمَا لَا يَمْلِكُ ابْنُ اٰدَمَ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کی نافرمانی' اور جو چیز آدمی کی حاکمیت میں نہ ہو اس کے بارے میں' مانی جانے والی نذر کی کوئی حیثیت نہیں۔

**2373**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ الْمَلِكِ الْاَيْلِىِّ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ نَذَرَ اَنْ يُّطِيْعَ اللّٰهَ فَلْيُطِعْهُ وَمَنْ نَذَرَ اَنْ يَّعْصِىَ اللّٰهَ فَلَا يَعْصِهِ

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کی فرمانبرداری کی نذر مانے اسے اس کی فرمانبرداری کرنی چاہیے اور جو اللہ تعالیٰ کی نافرمانی کی نذر مانے اسے اس کی نافرمانی نہیں کرنی چاہیے۔

## بَابٌ مَّنْ نَذَرَ اَنْ يُّصَلِّىَ فِىْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ اَيُجْزِئُهُ اَنْ يُّصَلِّىَ بِمَكَّةَ

## باب 4: جو شخص بیت المقدس میں نماز پڑھنے کی نذر مانے کیا اس کیلئے مکہ میں نماز پڑھنا کافی ہوگا

**2374**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ اَبِىْ بَقِيَّةَ الْمُعَلِّمِ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِىْ

حدیث 2372: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 14201
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — 4783
حدیث 2373: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 6318
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3289
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1526
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 3806
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2126
حدیث 2374: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 14961
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 7839
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — 2116

رَبَاحٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ نَذَرْتُ اِنْ فَتَحَ اللّٰهُ عَلَيْكَ اَنْ اُصَلِّيَ فِيْ بَيْتِ الْمَقْدِسِ فَقَالَ صَلِّ هَا هُنَا فَاَعَادَ عَلَيْهِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَشَاْنُكَ اِذَنْ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں نے نذر مانی تھی کہ اگر اللہ تعالیٰ آپ کو فتح نصیب کرے گا تو میں بیت المقدس میں نماز پڑھوں گا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم یہاں (مکہ مکرمہ میں) نماز پڑھ لو اس شخص نے تین مرتبہ اپنی بات دہرائی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری مرضی ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ عَنِ النَّذْرِ

## باب 5: نذر ماننے کی ممانعت

**2375**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِنَّ النَّذْرَ لَا يَرُدُّ شَيْئًا وَاِنَّمَا يُسْتَخْرَجُ بِهِ مِنَ الشَّحِيْحِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نذر سے (تقدیر میں طے شدہ) کوئی چیز واپس نہیں جاتی نذر کے ذریعے کنجوس آدمی سے مال نکلوایا جاتا ہے۔

## بَابُ النَّهْيِ اَنْ يُّحْلَفَ بِغَيْرِ اللّٰهِ

## باب 6: اللہ تعالیٰ کے علاوہ کسی اور کے نام پر قسم اُٹھانے کی ممانعت

**2376**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اَنَسٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَدْرَكَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ وَهُوَ يَسِيْرُ فِيْ رَكْبٍ وَهُوَ يَحْلِفُ بِاَبِيْهِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ يَنْهَاكُمْ اَنْ تَحْلِفُوْا بِآبَائِكُمْ فَمَنْ كَانَ حَالِفًا فَلْيَحْلِفْ بِاللّٰهِ اَوْ لِيَصْمُتْ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کو پایا وہ چند سواروں کے درمیان

---

حدیث **2375**: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — **4377**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — **1548**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — **1112**

حدیث **2376**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — **6270**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1646**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **3249**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1533**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — **3766**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **2094**

چلتے ہوئے اپنے والد کے نام کی قسم اُٹھار ہے تھے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہیں اس بات سے منع کیا ہے کہ تم اپنے باپ دادا کے نام کی قسم اُٹھاؤ جس شخص نے قسم اُٹھانی ہو وہ اللہ تعالیٰ کے نام کی قسم اُٹھائے ورنہ خاموش رہے۔

## بَابٌ فِي الِاسْتِثْنَاءِ فِي الْيَمِيْنِ

## باب 7: قسم میں استثناء کرنا

**2377**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ ثُمَّ قَالَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَقَدِ اسْتَثْنٰى

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص کوئی قسم اُٹھائے اور پھر انشاء اللہ کہے تو اس نے استثناء کرلیا۔

**2378**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ حَلَفَ عَلٰى يَمِيْنٍ ثُمَّ قَالَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ فَهُوَ بِالْخِيَارِ اِنْ شَآءَ فَعَلَ وَاِنْ شَآءَ لَمْ يَفْعَلْ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جو شخص کوئی قسم اُٹھائے اور پھر انشاء اللہ کہے اب اسے اختیار ہے کہ اگر وہ چاہے تو ایسا کرے اور اگر چاہے تو نہ کرے۔

## بَابُ الْقَسَمُ يَمِيْنٌ

## باب 8: قسم کو یمین کہتے ہیں

**2379**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِيْ بَكْرٍ لَا تُقْسِمْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحَدِيْثُ فِيْهِ طُوْلٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ تم قسم نہ اُٹھاؤ۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ حدیث کافی لمبی ہے۔

---

حدیث **2377**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3261

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1531

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 3793

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2105

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 5093

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4341

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 7832

## بَابُ مَّنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاٰی غَیْرَھَا خَیْرًا مِّنْھَا

## باب 9: جو شخص کوئی قسم اُٹھائے اور پھر یہ دیکھے کہ اس قسم کے خلاف کام کرنا بہتر ہے

**2380**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِیْدِ الطَّیَالِسِیُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرٍو هُوَ ابْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا یُقَالُ لَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو زَمَنَ الْجَمَاجِمِ یُحَدِّثُ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ عَدِیَّ بْنَ حَاتِمٍ فَحَلَفَ اَنْ لَّا یُعْطِیَهُ شَیْئًا ثُمَّ قَالَ لَوْلَا اَنِّیْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ مَنْ حَلَفَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاٰی غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا فَلْیَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ وَّلْیُکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِهٖ

☆☆ ابن مرہ بیان کرتے ہیں' میں نے عبداللہ بن عمرو نامی ایک شخص کو یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ہے ایک شخص نے حضرت عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے کچھ مانگا تو انہوں نے یہ قسم اُٹھائی کہ وہ اسے کچھ نہیں دیں گے پھر انہوں نے فرمایا اگر میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے نہ سنا ہوتا (تو میں تمہیں کچھ نہ دیتا) کہ جو شخص کوئی قسم اُٹھائے اور یہ دیکھے کہ قسم کے خلاف کرنا زیادہ بہتر ہے تو اسے اس کام کو کرنا چاہیے جو زیادہ بہتر ہو اور اپنی قسم کا کفارہ ادا کر دینا چاہیے۔

**2381**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا جَرِیْرُ بْنُ حَازِمٍ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَا عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَمُرَةَ لَا تَسْاَلِ الْاِمَارَةَ فَاِنَّكَ اِنْ اُعْطِیْتَهَا عَنْ مَّسْاَلَةٍ وُکِلْتَ اِلَیْهَا وَاِنْ اُعْطِیْتَهَا مِنْ غَیْرِ مَسْاَلَةٍ اُعِنْتَ عَلَیْهَا فَاِذَا حَلَفْتَ عَلٰی یَمِیْنٍ فَرَاَیْتَ غَیْرَهَا خَیْرًا مِّنْهَا فَکَفِّرْ عَنْ یَمِیْنِكَ وَاْتِ الَّذِیْ هُوَ خَیْرٌ

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے عبدالرحمٰن بن سمرہ! تم حکومت مانگنا نہیں کیونکہ اگر وہ تمہیں مانگ کر ملی تو تمہیں اس کے حوالے کر دیا جائے گا اور اگر تمہیں مانگے بغیر ملی تو اس بارے میں تمہاری مدد کی جائے گی اور جب تم کوئی قسم اُٹھاؤ اور دیکھو کہ اس قسم کے خلاف کرنا زیادہ بہتر ہے تو اپنی قسم کا کفارہ دو اور وہ کام کرو جو زیادہ بہتر ہو۔

**2382**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَمُرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ نَحْوَ الْحَدِیْثِ

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن سمرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (اس کے بعد حسب سابق حدیث ہے)

## بَابُ اِذَا کَانَ عَلَی الرَّجُلِ رَقَبَةٌ مُّؤْمِنَةٌ

## باب 10: جب کسی شخص کے ذمے مؤمن غلام آزاد کرنا ہو

حدیث **2381**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **6248**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1528**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3277**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **20637**

**2383**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنِ الشَّرِيْدِ قَالَ اَتَيْتُ النَّبِىَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ اِنَّ عَلٰى اُمِّى رَقَبَةً وَّاِنَّ عِنْدِىْ جَارِيَةً سَوْدَاءَ نُوْبِيَّةً اَفَتُجْزِئُ عَنْهَا قَالَ ادْعُ بِهَا فَقَالَ اَتَشْهَدِيْنَ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَتْ نَعَمْ قَالَ اَعْتِقْهَا فَاِنَّهَا مُؤْمِنَةٌ

☆☆ حضرت ابوسلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت شرید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت حاضر ہوا میں نے عرض کی کہ میری والدہ کے ذمے غلام آزاد کرتا تھا اور میرے پاس ایک سیاہ فام کنیز موجود ہے کیا یہ اس کی طرف سے جائز ہوگی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کنیز کو بلاؤ پھر آپ نے دریافت کیا کیا تم اس بات کی گواہی دیتی ہو کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اس نے عرض کی جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے آزاد کردو یہ مؤمن ہے۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَحْلِفُ عَلَى الشَّيْءِ وَهُوَ يُوَرِّكُ عَلٰى يَمِيْنِهٖ

## باب 11: جب کوئی شخص کسی چیز کا حلف اُٹھائے اور وہ اپنی اس قسم میں ذومعنیٰ مفہوم مراد لے رہا ہو

**2384**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمِيْنُكَ عَلٰى مَا صَدَّقَكَ بِهٖ صَاحِبُكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہاری قسم سے وہ معنیٰ مراد ہوں گے جس کو تمہارا ساتھی تصدیق کرے۔

## بَابُ بِاَيِّ اَسْمَاءِ اللّٰهِ حَلَفْتَ لَزِمَكَ

## باب 12: اللہ تعالیٰ کے کون سے نام کی قسم اٹھانے سے پوری کرنا لازم ہوتی ہے؟

**2385**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَتْ

---

حدیث **2383**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **3653**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **189**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **6480**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **15049**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **7257**

حدیث **2384**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1653**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3255**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2121**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8360**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **7834**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **19819**

يَمِيْنُ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّتِىْ يَحْلِفُ بِهَا لَا وَمُقَلِّبِ الْقُلُوْبِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان الفاظ میں قسم اُٹھایا کرتے تھے' دلوں کو پھیرنے والی ذات کی قسم ہے۔

حدیث 2385: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء 6243

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 3263

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1540

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 3761

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2092

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 1021

# وَمِنْ كِتَابِ الدِّيَاتِ

# دیت کے احکام

## بَابُ الدِّيَةِ فِي قَتْلِ الْعَمْدِ

## باب 1: قتلِ عمد میں دیت

**2386**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ فُضَيْلٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ اَبِى الْعَوْجَاءِ السُّلَمِيِّ عَنْ اَبِى شُرَيْحِ الْخُزَاعِيِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ اُصِيبَ بِدَمٍ اَوْ خَبْلٍ وَالْخَبْلُ الْجُرْحُ فَهُوَ بِالْخِيَارِ بَيْنَ اِحْدٰى ثَلَاثٍ فَاِنْ اَرَادَ الرَّابِعَةَ فَخُذُوا عَلٰى يَدَيْهِ بَيْنَ اَنْ يَقْتَصَّ اَوْ يَعْفُوَ اَوْ يَاْخُذَ الْعَقْلَ فَاِنْ اَخَذَ مِنْ ذٰلِكَ شَيْئًا ثُمَّ عَدَا بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَهُ النَّارُ خَالِدًا فِيهَا مُخَلَّدًا

☆☆ حضرت ابوشریح خزاعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جو شخص قتل ہو جائے یا زخمی ہو جائے اسے تین میں سے ایک بات کا اختیار ہے اگر وہ چوتھی بات کا ارادہ کرے گا تو تم اس کا ہاتھ پکڑ لو یا تو وہ قصاص لے یا معاف کر دے یا دیت لے اگر وہ اس میں کچھ لے لیتا ہے اور پھر اس کے بعد بھی کچھ اور مانگتا ہے تو اس کے لئے جہنم ہوگا جس میں وہ ہمیشہ رہے گا۔

**2387**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِى بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَكَانَ فِي كِتَابِهِ اَنَّ مَنِ اعْتَبَطَ مُؤْمِنًا قَتْلًا عَنْ بَيِّنَةٍ فَاِنَّهُ قَوَدُ يَدِهِ اِلَّا اَنْ يَرْضَى اَوْلِيَاءُ الْمَقْتُوْلِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اعْتَبَطَ

حدیث **2386**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4496**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2623**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16422**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **15817**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء **494**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **774**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **27996**

قَتَلَ مِنْ غَيْرِ عِلَّةٍ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو خط لکھا تھا اور اس خط میں یہ بات تحریر کی کہ جو شخص کسی مسلمان کو ناحق قتل کر دے اور قتل گواہی سے ثابت ہو جائے اس کا قصاص لیا جائے گا البتہ مقتول کے ورثاء راضی ہوں (تو وہ دیت لے سکتے ہیں)

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس روایت میں استعمال ہونے والے لفظ ''اعتبط'' سے مراد کسی وجہ کے بغیر قتل کرنا ہے۔

## بَابٌ فِي الْقَسَامَةِ

## باب 2: قسامت کا حکم

**2388**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحٰقَ حَدَّثَنَا بُشَيْرُ بْنُ يَسَارٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ أَبِي حَثْمَةَ قَالَ خَرَجَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَهْلٍ أَحَدُ بَنِي حَارِثَةَ إِلَى خَيْبَرَ مَعَ نَفَرٍ مِنْ قَوْمِهِ يُرِيدُونَ الْمِيرَةَ بِخَيْبَرَ قَالَ فَعُدِيَ عَلَى عَبْدِ اللّٰهِ فَقُتِلَ فَتُلَّتْ عُنُقُهُ حَتَّى نُخِعَ ثُمَّ طُرِحَ فِي مَنْهَلٍ مِنْ مَنَاهِلِ خَيْبَرَ فَاسْتَصْرَخَ عَلَيْهِ أَصْحَابُهُ فَاسْتَخْرَجُوهُ فَغَيَّبُوهُ ثُمَّ قَدِمُوا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَدِينَةَ فَتَقَدَّمَ أَخُوهُ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ سَهْلٍ وَكَانَ ذَا قِدَمٍ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَابْنَا عَمِّهِ مَعَهُ حُوَيِّصَةُ بْنُ مَسْعُودٍ وَمُحَيِّصَةُ فَتَكَلَّمَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ وَكَانَ أَحْدَثَهُمْ سِنًّا وَهُوَ صَاحِبُ الدَّمِ وَذَا قَدَمٍ فِي الْقَوْمِ فَلَمَّا تَكَلَّمَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْكُبْرَ الْكُبْرَ قَالَ فَاسْتَأْخَرَ فَتَكَلَّمَ حُوَيِّصَةُ وَمُحَيِّصَةُ ثُمَّ هُوَ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تُسَمُّونَ قَاتِلَكُمْ ثُمَّ تَحْلِفُونَ عَلَيْهِ خَمْسِينَ يَمِينًا ثُمَّ نُسَلِّمُهُ إِلَيْكُمْ قَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا كُنَّا لِنَحْلِفَ عَلَى مَا لَا نَعْلَمُ مَا نَدْرِي مَنْ قَتَلَهُ إِلَّا أَنَّ يَهُودَ عَدُوُّنَا وَبَيْنَ أَظْهُرِهِمْ قُتِلَ قَالَ فَيَحْلِفُونَ لَكُمْ بِاللّٰهِ إِنَّهُمْ لَبُرَآءُ مِنْ دَمِ صَاحِبِكُمْ ثُمَّ يَبْرَئُونَ مِنْهُ قَالُوا مَا كُنَّا لِنَقْبَلَ أَيْمَانَ يَهُودَ مَا فِيهِمْ أَكْبَرُ مِنْ أَنْ يَحْلِفُوا عَلَى إِثْمٍ قَالَ فَوَدَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ عِنْدِهِ بِمِائَةِ نَاقَةٍ

☆☆ حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن سہل رضی اللہ عنہ جن کا تعلق بنو حارثہ سے تھا وہ اپنی قوم کے چند افراد کے ہمراہ خیبر تشریف لے گئے انہوں نے وہاں خیبر میں کچھ کام کرنا تھا اس دوران حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کو قتل کر دیا گیا ان کی گردن گھونٹ دی گئی اور خیبر کے ایک تالاب میں پھینک دیا گیا ان کے ساتھی انہیں تلاش کرتے ہوئے وہاں آئے انہیں وہاں سے نکالا (قتل کے وقت) یہ لوگ ان کے پاس موجود نہیں تھے پھر یہ لوگ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں مدینہ منورہ آئے ان کے بھائی عبدالرحمٰن بن

حدیث **2388**: صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **3002**

صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1669**

سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4520**

سنن نسائی کبری' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1991ء **6917**

سنن بیہقی کبری' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **16210**

سہل آگے بڑھے یہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں خاص مقام رکھتے تھے ان کے دو چچازاد بھی ان کے ساتھ تھے جن کا نام ''حویصہ'' بن مسعود اور محیصہ (بن مسعود) تھا عبدالرحمٰن بات شروع کرنے لگے وہ عمر میں سب سے کم تھے اور خون کے وارث بھی وہی تھے اور اپنی قوم میں نمایاں مقام بھی رکھتے تھے جب انہوں نے بات شروع کی تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: پہلے بڑے کو موقع دو پہلے بڑے کو موقع دو وہ پیچھے ہو گئے حضرت حویصہ رضی اللہ عنہ نے بات شروع کی پھر عبدالرحمٰن نے بات شروع کی نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم لوگ قاتل کا نام لو اور اس بارے میں حلف اُٹھاؤ پچاس مرتبہ حلف اُٹھاؤ میں اسے تمہارے سپرد کر دوں گا انہوں نے عرض کی یا رسول اللہ ہم کیسے حلف اُٹھا سکتے ہیں جب کہ ہمیں پتا ہی نہیں ہے کہ کس نے انہیں قتل کیا ہے البتہ یہودی ہمارے دشمن ہے اور یہ قتل بھی ان کے درمیان ہوا ہے پھر نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ وہ تمہارے سامنے اللہ کے نام کی قسم اُٹھا کر تمہارے ساتھی کے قتل سے بری الذمہ ہو جائیں گے۔ انہوں نے عرض کی کہ ہم یہودیوں کو قسم قبول ہی نہیں کریں گے کیونکہ ان کے نزدیک کسی گناہ کی بات پر قسم اُٹھانا (جھوٹی قسم اُٹھانا) کوئی بڑی بات نہیں ہے (راوی بیان کرتے ہیں) پھر نبی اکرم ﷺ نے اپنے پاس سے ان حضرات کو سو اونٹنیاں دیت کے طور پر ادا کیں۔

## بَابُ الْقَوَدِ بَيْنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ

## باب: 3 مرد اور عورتوں کے درمیان قصاص

**2389**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلَى اَهْلِ الْيَمَنِ وَكَانَ فِي كِتَابِهِ اَنَّ الرَّجُلَ يُقْتَلُ بِالْمَرْاَةِ

☆☆ ابوبکر بن محمد بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو خط لکھا تھا اس میں یہ بات تحریر کی تھی' مرد کو عورت کے عوض میں قتل کیا جا سکتا ہے۔

## بَاب كَيْفَ الْعَمَلُ فِي الْقَوَدِ

## باب 4: قصاص لینے کا طریقہ

**2390**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ جَارِيَةً رُضَّ رَاْسُهَا بَيْنَ حَجَرَيْنِ فَقِيلَ لَهَا مَنْ فَعَلَ بِكِ هٰذَا اَفُلَانٌ اَفُلَانٌ حَتّٰى سُمِّيَ الْيَهُودِيُّ فَاَوْمَاَتْ بِرَاْسِهَا فَبُعِثَ اِلَيْهِ فَجِيءَ بِهِ فَاعْتَرَفَ فَاَمَرَ بِهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَرُضَّ رَاْسُهُ بَيْنَ حَجَرَيْنِ

حدیث **2390**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **2282**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **13129**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **5991**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **6942**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **15684**

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک لڑکی کا سر دو پتھروں کے درمیان کچل دیا گیا اس سے دریافت کیا گیا کہ تمہارے ساتھ یہ سلوک کس نے کیا ہے فلاں نے؟ یا فلاں نے؟ جب ایک یہودی کا نام لیا گیا تو اس نے اپنے سر کے ذریعے اشارہ کیا اس یہودی کو بلایا گیا اس نے اپنے جرم کا اعتراف کیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے تحت اس کا سر بھی دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کچل دیا گیا۔

## بَابٌ لَا یُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِکَافِرٍ

## باب 5: کسی مسلمان کو کسی کافر کے عوض میں قتل نہیں کیا جا سکتا

**2391**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ اَخْبَرَنَا جَرِیْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِیِّ عَنْ اَبِیْ جُحَیْفَةَ قَالَ قُلْتُ لِعَلِیٍّ یَا اَمِیْرَ الْمُؤْمِنِیْنَ هَلْ عَلِمْتَ شَیْئًا مِنَ الْوَحْیِ اِلَّا مَا فِیْ کِتَابِ اللّٰهِ تَعَالٰی قَالَ لَا وَالَّذِیْ فَلَقَ الْحَبَّةَ وَبَرَاَ النَّسَمَةَ مَا اَعْلَمُهُ اِلَّا فَهْمًا یُعْطِیْهِ اللّٰهُ الرَّجُلَ فِی الْقُرْاٰنِ وَمَا فِی الصَّحِیْفَةِ قُلْتُ وَمَا فِی الصَّحِیْفَةِ قَالَ الْعَقْلُ وَفِکَاکُ الْاَسِیْرِ وَلَا یُقْتَلُ مُسْلِمٌ بِمُشْرِکٍ

☆☆ حضرت ابو جحیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں عرض کی اے امیر المؤمنین آپ وحی کے بارے میں کسی ایسی چیز کا علم رکھتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں موجود نہ ہو انہوں نے جواب دیا نہیں اس ذات کی قسم جس نے دانے کو چیرا ہے اور جان کو پیدا کیا ہے میں ایسی کسی چیز کا علم نہیں رکھتا بلکہ یہ فہم ہے جو قرآن پڑھنے والے شخص کو عطا کی جاتی ہے اور صحیفے میں موجود کچھ احکام ہیں (راوی کہتے ہیں) میں نے دریافت کیا صحیفے میں کیا حکم موجود ہے؟ انہوں نے جواب دیا دیت کا ہے قیدی کو آزاد کرنے کا ہے اور یہ حکم ہے کہ کسی مسلمان کو کسی مشرک کے عوض میں قتل نہیں کیا جا سکتا۔

## بَابٌ فِی الْقَوَدِ بَیْنَ الْوَالِدِ وَالْوَلَدِ

## باب 6: باپ کو بیٹے کے عوض میں قتل نہیں کیا جا سکتا

**2392**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ اِسْمٰعِیْلَ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ طَاوٗسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

حدیث **2491**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **2882**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **599**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5896**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **6946**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **15687**
حدیث **2392**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1401**
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **3131**
''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **1709**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **28647**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1436**

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُقَامُ الْحُدُودُ فِي الْمَسَاجِدِ وَلَا يُقَادُ بِالْوَلَدِ الْوَالِدُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسجد میں حدود قائم نہیں کی جاسکتی اور کسی باپ کے بیٹے کوعوض میں قتل نہیں کیا جاسکتا۔

# بَابٌ فِي الْقَوَدِ بَيْنَ الْعَبْدِ وَسَيِّدِهِ

## باب 7: آقا اور غلام کے درمیان قصاص کا حکم

**2393**- اَخْبَرَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ سَمُرَةَ بْنِ جُنْدُبٍ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَتَلَ عَبْدَهُ قَتَلْنَاهُ وَمَنْ جَدَعَهُ جَدَعْنَاهُ قَالَ ثُمَّ نَسِيَ الْحَسَنُ هٰذَا الْحَدِيثَ وَكَانَ يَقُولُ لَا يُقْتَلُ حُرٌّ بِعَبْدٍ

☆☆ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جوشخص اپنے غلام کوقتل کردے ہم بھی اسے قتل کریں گے اور جو اس کی ناک کاٹ دے ہم بھی اس کی ناک کاٹ دیں گے راوی بیان کرتے ہیں' پھر حسن اس حدیث کو بھول گئے اور پھر وہ یہ فتویٰ دینے لگے کسی آزاد شخص کو غلام کے عوض میں قتل نہیں کیا جاسکتا۔

# بَاب لِمَنْ يَعْفُو عَنْ قَاتِلِهِ

## باب 8: جوشخص اپنے قاتل کو معاف کردے

**2394**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ عَوْفٍ عَنْ حَمْزَةَ اَبِي عُمَرَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ الْحَضْرَمِيِّ عَنْ اَبِيهِ وَائِلِ بْنِ حُجْرٍ قَالَ شَهِدْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اُتِيَ بِالرَّجُلِ الْقَاتِلِ يُقَادُ فِي نِسْعَةٍ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِوَلِيِّ الْمَقْتُولِ اَتَعْفُو قَالَ لَا قَالَ فَتَاْخُذُ الدِّيَةَ قَالَ لَا قَالَ فَتَقْتُلُهُ قَالَ نَعَمْ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكَ اِنْ عَفَوْتَ عَنْهُ فَاِنَّهُ يَبُوءُ بِاِثْمِكَ وَاِثْمِ صَاحِبِكَ قَالَ فَتَرَكَهُ قَالَ فَاَنَا رَاَيْتُهُ يَجُرُّ نِسْعَتَهُ قَدْ عَفَا عَنْهُ

حدیث **2393**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **20116**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **6938**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء — **6815**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء — **8099**

حدیث **2394**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1680**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **6930**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **15831**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دارالحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ — **1960**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ — **27997**

☆☆ حضرت وائل بن حجر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس موجود تھا جب ایک قاتل شخص کو آپ کی خدمت میں لایا گیا جسے قتل کے جرم میں پکڑا گیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مقتول کے ولی سے کہا کیا تم اسے معاف کردو گے تو اس نے جواب دیا نہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم دیت وصول کرنا چاہو گے تو اس نے عرض کی' نہیں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کیا تم اسے قتل کرنا چاہتے ہو اس نے عرض کی جی ہاں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اگر تم اسے معاف کردو تو تمہارے گناہ اور تمہارے ساتھی (مقتول) کے گناہ اس کے اعمال نامے میں چلے جائیں گے راوی بیان کرتے ہیں' اس شخص نے اسے چھوڑ دیا میں نے دیکھا کہ وہ خود اس قاتل کے تسمے کھول رہا تھا جس کو اس نے معاف کیا تھا۔

## بَابُ التَّشْدِيْدِ فِيْ قَتْلِ النَّفْسِ الْمُسْلِمَةِ

## باب 9: کسی مسلمان کو قتل کرنے کی شدید مذمت

**2395** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْكَبَائِرُ الْاِشْرَاكُ بِاللّٰهِ وَعُقُوقُ الْوَالِدَيْنِ وَقَتْلُ النَّفْسِ شُعْبَةُ الشَّاكُّ اَوِ الْيَمِيْنُ الْغَمُوْسُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں کبیرہ گناہ یہ ہیں کسی کو اللہ کا شریک ٹھہرانا والدین کی نافرمانی کرنا اور کسی کو قتل کرنا۔

(راوی شعبہ کو شک ہے یا شاید یہ لفظ ہے) جھوٹی قسم اٹھانا۔

## بَابُ التَّشْدِيْدِ عَلٰى مَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ

## باب 10: خودکشی کرنے کی شدید مذمت

**2396** - حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِيْ قِلَابَةَ عَنْ ثَابِتِ بْنِ الضَّحَّاكِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَعْنُ الْمُؤْمِنِ كَقَتْلِهٖ وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهٗ بِشَيْءٍ فِي الدُّنْيَا عُذِّبَ بِهٖ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ثابت بن ضحاک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مؤمن پر لعنت کرنا اس کو قتل کرنے کے

---

حدیث **2395**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **2510**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12394**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **7808**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **8785**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **578**

حدیث **2396**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16432**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **1340**

مترادف ہے اور جو شخص دنیا میں جس چیز کے ذریعے خودکشی کرے گا اسے قیامت کے دن اسی چیز کے ذریعے عذاب دیا جائے گا۔

**2397**- حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْأَعْمَشُ عَنْ أَبِي صَالِحٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِحَدِيدَةٍ فَحَدِيدَتُهُ فِي يَدِهِ يَتَوَجَّأُ بِهَا فِي بَطْنِهِ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا وَمَنْ قَتَلَ نَفْسَهُ بِسُمٍّ فَسُمُّهُ فِي يَدِهِ يَتَحَسَّاهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا وَمَنْ تَرَدَّى مِنْ جَبَلٍ فَقَتَلَ نَفْسَهُ فَهُوَ يَتَرَدَّى فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدًا مُخَلَّدًا فِيهَا أَبَدًا

☆☆ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص لوہے کے ذریعے خودکشی کرے گا' وہ لوہا اس کے ہاتھ میں ہوگا جسے وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ اپنے پیٹ میں گھونپتا رہے گا جو شخص زہر کے ذریعے خودکشی کرے گا وہ زہر اس کے ہاتھ میں ہوگا جسے وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ چاٹتا رہے گا اور جو شخص پہاڑ سے کود کر خودکشی کرے گا وہ جہنم کی آگ میں ہمیشہ چھلانگیں ہی لگاتا رہے گا۔

## بَاب كَمِ الدِّيَةُ مِنَ الْوَرِقِ وَالذَّهَبِ

## باب 11: سونے اور چاندی کے حساب سے کتنی دیت ہوگی

**2398**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَتَلَ رَجُلٌ رَجُلًا عَلَى عَهْدِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَتَهُ اثْنَيْ عَشَرَ أَلْفًا فَذَلِكَ قَوْلُهُ (وَمَا نَقَمُوا إِلَّا أَنْ أَغْنَاهُمُ اللَّهُ وَرَسُولُهُ مِنْ فَضْلِهِ) بِأَخْذِهِمُ الدِّيَةَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ایک شخص نے دوسرے شخص کو قتل کر دیا نبی اکرم ﷺ نے اس کے دیت بارہ ہزار مقرر کی جس کا ذکر اس فرمان میں ہے۔

''بلکہ انہوں نے انتقام نہیں لیا اللہ اور اس کے رسول نے اپنے فضل کے تحت انہیں غنی کر دیا''۔

یعنی دیت وصول کر کے وہ لوگ غنی ہوئے تھے۔

**2399**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسَى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ قَالَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ

---

حدیث **2397**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **109**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2043**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء **5986**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **19416**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل' 1404ھ/1983ء **1324**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **2416**

حدیث **2398**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' 1406ھ/1986ء **4803**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء **7007**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15956**

اَبِیْ بَکْرِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَعَلٰى اَهْلِ الذَّهَبِ اَلْفُ دِيْنَارٍ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو خط میں یہ لکھا تھا کہ سونے کی شکل میں ادائیگی کی صورت میں ایک ہزار دینار ادا کرنا ہوں گے۔

## بَاب كَمِ الدِّيَةُ مِنَ الْاِبِلِ

## باب 12: اونٹوں کے حساب سے دیت کتنی ہوگی

**2400**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ مِنْ مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلٰى شُرَحْبِيْلَ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّالْحَارِثِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ وَّنُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ كُلَالٍ قِيْلِ ذِیْ رُعَيْنٍ وَّمَعَافِرَ وَهَمْدَانَ فَكَانَ فِيْ كِتَابِهٖ وَاَنَّ فِي النَّفْسِ الدِّيَةَ مِائَةً مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو یہ خط لکھا تھا جس میں یہ بات تحریر تھی۔

''اللہ کے نام سے آغاز کرتا ہوں جو رحمٰن ورحیم ہے یہ اللہ کے نبی حضرت محمد ﷺ کی جانب سے ذی رعین' معافر اور ہمدان کے حکمران شرحبیل بن عبد کلال' حارث بن عبد کلال اور نعیم بن عبد کلال کے نام ہیں اس خط میں یہ بات تحریر تھی کہ ایک جان کی دیت ایک سو اونٹ ہیں۔

**2401**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِیْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَكَانَ فِيْ كِتَابِهٖ وَفِي الْاَنْفِ اِذَا اُوْعِبَ جَدْعُهُ الدِّيَةُ وَفِي اللِّسَانِ الدِّيَةُ وَفِي الشَّفَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الْبَيْضَتَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الذَّكَرِ الدِّيَةُ وَفِي الصُّلْبِ الدِّيَةُ وَفِي الْعَيْنَيْنِ الدِّيَةُ وَفِي الرِّجْلِ الْوَاحِدَةِ نِصْفُ الدِّيَةِ وَفِي الْمَاْمُوْمَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْجَائِفَةِ ثُلُثُ الدِّيَةِ وَفِي الْمُنَقِّلَةِ خَمْسَ عَشْرَةَ مِنَ الْاِبِلِ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو خط لکھا تھا اس خط میں یہ بات تحریر تھی کہ ناک کو کاٹ دیا جائے تو اس کی پوری دیت ہوں گی زبان کی پوری دیت ہوگی دونوں ہونٹوں کی پوری دیت ہوگی دو دانتوں کی پوری دیت ہوگی شرم گاہ کی پوری دیت ہوگی پشت کی پوری دیت ہوگی دونوں آنکھوں کی پوری دیت ہوگی ایک پاؤں کی نصف دیت ہوگی اور ہلکے زخم کی ایک تہائی دیت ہوگی اور ایک اور قسم کے زخم کی ایک تہائی دیت ہوگی اور ایک اور قسم کے زخم کی پندرہ اونٹ دیت ہوگی۔

## بَاب كَيْفَ الْعَمَلُ فِي أَخْذِ دِيَةِ الْخَطَاِ

## باب 13: قتل خطا میں دیت وصول کرنے کا طریقہ

**2402**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا أَبُو مُعَاوِيَةَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ خِشْفِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَعَلَ الدِّيَةَ فِي الْخَطَاِ أَخْمَاسًا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے قتل خطا میں پانچ قسم کے اونٹوں کی ادائیگی مقرر کی ہے۔

## بَابُ الْقِصَاصِ بَيْنَ الْعَبِيدِ

## باب 14: غلاموں کے درمیان قصاص کا حکم

**2403**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ أَبِيهِ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ أَبِي نَضْرَةَ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ أَنَّ عَبْدًا لِأُنَاسٍ فُقَرَاءَ قَطَعَ يَدَ غُلَامٍ لِأُنَاسٍ أَغْنِيَاءَ فَأَتَى أَهْلُهُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالُوا يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِنَّهُ لِأُنَاسٍ فُقَرَاءَ فَلَمْ يَجْعَلْ عَلَيْهِ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' کچھ غریب لوگوں کے غلام نے کسی امیر کے غلام کا ہاتھ کاٹ دیا اس کے مالکان نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آئے اور عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ غریب لوگوں کا غلام ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام پر کسی قسم کی ادائیگی کو لازم نہیں کیا۔

## بَابٌ فِي دِيَةِ الْأَصَابِعِ

## باب 15: انگلیوں کی دیت

**2404**- أَخْبَرَنَا أَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ غَالِبٍ التَّمَّارِ عَنْ مَسْرُوقِ بْنِ أَوْسٍ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْأَصَابِعُ سَوَاءٌ قَالَ فَقُلْتُ عَشْرٌ عَشْرٌ قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' تمام انگلیاں برابر ہیں راوی بیان کرتے ہیں' میں

---

حدیث **2402**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3635**

حدیث **2403**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4590**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ 1986ء** **5043**

حدیث **2404**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4556**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ 1986ء** **4844**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2654**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19568**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **6015**

نے دریافت کیا ان کی دیت دس دس اونٹ ہوں گی انہوں نے جواب دیا جی ہاں!

**2405**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ هٰذَا وَهٰذَا سَوَاءٌ وَّقَالَ بِخِنْصِرِهٖ وَاِبْهَامِهٖ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' یہ اور یہ برابر ہیں راوی بیان کرتے ہیں' آپ نے اپنی چھوٹی انگلی اور انگوٹھے کی طرف اشارہ کر کے فرمایا تھا۔

**2406**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ حَدَّثَنِيْ اَبُوْ بَكْرِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَفِيْ كُلِّ اِصْبَعٍ مِّنْ اَصَابِعِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو خط میں یہ لکھا تھا' ہاتھ اور پاؤں کی ہر انگلی کی دیت دس اونٹ ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُوْضِحَةِ

## باب 16: ہڈی ظاہر ہونے والے زخم کا حکم

**2407**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَوَاضِحِ خَمْسًا خَمْسًا مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہڈی ظاہر ہونے والے زخم کے بارے میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم قرار دی ہے۔

**2408**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوُدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَفِيْ كُلِّ اِصْبَعٍ مِّنْ اَصَابِعِ الْيَدِ وَالرِّجْلِ عَشْرٌ مِّنَ الْاِبِلِ وَفِي الْمُوْضِحَةِ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اہل یمن کو خط میں لکھا تھا ہاتھ اور پاؤں کی ہر انگلی کی دیت دس اونٹ ہیں اور ہڈی ظاہر ہونے والے زخم کی دیت پانچ اونٹ ہیں۔

حدیث **2405**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **6500**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4558**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1392**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **4847**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2652**
حدیث **2407**: ''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **16037**

## بَابٌ فِيْ دِيَةِ الْاَسْنَانِ

## باب 17: دانتوں کی دیت

2409- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ اَخْبَرَنَا عَبْدَةُ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ مَطَرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْاَسْنَانِ خَمْسًا خَمْسًا مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے دانتوں کے بارے میں پانچ اونٹوں کی ادائیگی لازم قرار دی ہے۔

2410- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ دَاوٗدَ حَدَّثَنِي الزُّهْرِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ مُحَمَّدِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَتَبَ اِلٰى اَهْلِ الْيَمَنِ وَفِي السِّنِّ خَمْسٌ مِّنَ الْاِبِلِ

☆☆ ابوبکر بن محمد اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے اہل یمن کو خط میں یہ لکھا تھا کہ دانتوں کی دیت پانچ اونٹ ہوگی۔

## بَابٌ فِيْمَنْ عَضَّ يَدَ رَجُلٍ فَانْتَزَعَ الْمَعْضُوْضُ يَدَهٗ

## باب 18: جو شخص دوسرے شخص کا ہاتھ کاٹ لے اور دوسرا شخص اپنا ہاتھ کھینچ لے

2411- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ قَتَادَةُ اَخْبَرَنِيْ قَالَ سَمِعْتُ زُرَارَةَ بْنَ اَوْفٰى عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَجُلًا عَضَّ يَدَ رَجُلٍ قَالَ فَنَزَعَ يَدَهٗ فَوَقَعَتْ ثَنِيَّتَاهُ فَاخْتَصَمُوْا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَعَضُّ اَحَدُكُمْ اَخَاهُ كَمَا يَعَضُّ الْفَحْلُ لَا دِيَةَ لَكَ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے دوسرے شخص کے ہاتھ پر کاٹ لیا اور دوسرے شخص نے اپنا ہاتھ کھینچ لیا تو پہلے شخص کے دو دانت باہر نکل آئے وہ لوگ مقدمہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے تو آپ نے ارشاد فرمایا: کیا تم اپنے بھائی کے ہاتھ پر اس طرح کاٹ دیتے ہو جیسے اونٹ کاٹتا ہے تمہیں اس کی کوئی دیت نہیں ملے گی۔

---

حدیث 2411: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 6497

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1674

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4584

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1416

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 4758

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2657

## بَابُ الْعَجْمَاءِ جُرْحُهَا جُبَارٌ

## باب 19: جانور کے زخمی کرنے کا کوئی تاوان نہیں ہوگا

**2412**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْمَاءُ جُرْحُهَا جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ وَّالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جانور کے زخمی کرنے کا کوئی تاوان نہیں ہوگا کنویں میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہوگا'' کان'' میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہوگا اور خزانے کے اندر پانچویں حصے کی ادائیگی لازم ہو گی۔

**2413**- اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جُرْحُ الْعَجْمَاءِ جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ وَّالْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جانور کے زخمی کرنے کا کوئی تاوان نہیں ہے کنویں میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہے کان میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہے اور خزانے میں پانچویں حصے کی ادائیگی لازم ہوگی۔

**2414**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِی الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمَعْدِنُ جُبَارٌ وَّالسَّائِمَةُ جُبَارٌ وَّالْبِئْرُ جُبَارٌ وَّفِی الرِّكَازِ الْخُمُسُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کان میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہے اور جانور کے مارنے کا کوئی تاوان نہیں ہے اور کنویں میں گرنے کا کوئی تاوان نہیں ہے اور خزانے میں پانچویں حصے کی ادائیگی لازم ہوگی۔

## بَابٌ فِیْ دِيَةِ الْجَنِيْنِ

## باب 20: پیٹ میں موجود بچے کی دیت

**2415**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ نُضَيْلَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ كَانَتَا تَحْتَ رَجُلٍ فَتَغَايَرَتَا فَضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِعَمُوْدٍ فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِیْ بَطْنِهَا فَاخْتَصَمَا اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضٰى فِيْهِ غُرَّةً وَّجَعَلَهَا عَلٰى عَاقِلَةِ الْمَرْاَةِ

---

حدیث **2412**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء 1428

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 1560

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 9359

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 6007

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 2326

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 2374

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' دو خواتین ایک شخص کی زوجیت میں تھیں ان دونوں کے درمیان لڑائی ہوگئی ان میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی کے ذریعے مار کر اس عورت کو اور اس کے پیٹ میں موجود بچے کو قتل کر دیا یہ مقدمہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آیا تو آپ نے اس بارے میں ایک غلام یا کنیز کی ادائیگی کو لازم قرار دیا اور اس کی ادائیگی عورت کے خاندان پر لازم قرار دی۔

**2416**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا ابْنُ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرٍو هُوَ ابْنُ دِيْنَارٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ عُمَرَ نَشَدَ النَّاسَ قَضَاءَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْجَنِيْنِ فَقَامَ حَمَلُ بْنُ مَالِكِ بْنِ النَّابِغَةِ فَقَالَ كُنْتُ بَيْنَ امْرَاَتَيْنِ فَضَرَبَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِمِسْطَحٍ فَقَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ جَنِيْنِهَا بِغُرَّةٍ وَّاَنْ تُقْتَلَ بِهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے لوگوں کو قسم دے کر دریافت کیا کہ پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فیصلہ کیا ہے تو حضرت حمل بن مالک رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور انہیں یہ بتایا کہ میں ان دونوں خواتین کے درمیان موجود تھا جن میں سے ایک نے دوسری کو لکڑی کے ذریعے مارا تھا اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے پیٹ میں موجود بچے کے بارے میں ادائیگی کو لازم قرار دیا تھا اور یہ فیصلہ کیا تھا کہ اسے اس (مقتول) عورت کے عوض میں قتل کر دیا جائے گا۔

## بَاب دِيَةِ الْخَطَاِ عَلٰى مَنْ هِيَ

## باب 21: قتل خطاء کی ادائیگی کی دیت کس پر لازم ہوگی

**2417**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَاَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّ امْرَاَتَيْنِ مِنْ هُذَيْلٍ اقْتَتَلَتَا فَرَمَتْ اِحْدَاهُمَا الْاُخْرٰى بِحَجَرٍ فَقَتَلَتْهَا وَمَا فِيْ بَطْنِهَا فَاخْتَصَمُوْا فِي الدِّيَةِ اِلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَضٰى اَنَّ دِيَةَ جَنِيْنِهَا غُرَّةٌ عَبْدٍ اَوْ وَلِيْدَةٍ وَّقَضٰى بِدِيَتِهَا عَلٰى عَاقِلَتِهَا وَوَرَّثَهَا وَلَدَهَا وَمَنْ مَعَهَا فَقَالَ حَمَلُ بْنُ النَّابِغَةِ الْهُذَلِيُّ كَيْفَ اُغَرَّمُ مَنْ لَّا شَرِبَ وَلَا اَكَلَ وَلَا نَطَقَ وَلَا اسْتَهَلَّ فَمِثْلُ ذٰلِكَ يُطَلُّ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا هُوَ مِنْ اِخْوَانِ الْكُهَّانِ مِنْ اَجْلِ سَجْعِهِ الَّذِيْ سَجَعَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہذیل قبیلے سے تعلق رکھنے والی دو خواتین کی لڑائی ہوگئی ان میں سے ایک نے دوسری کو پتھر مارا اور اسے قتل کر دیا اور اس کے پیٹ میں موجود بچے کو بھی قتل کر دیا وہ لوگ دیت کے بارے میں نبی اکرم

حدیث **2415**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء، 5427

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 18163

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء، 6022

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء، 6460

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء، 7022

اکرم ﷺ کی خدمت میں آئے تو آپ نے یہ فیصلہ دیا کہ پیٹ میں موجود بچے کی دیت ایک غلام یا کنیز ہوگی اور عورت کی دیت کی ادائیگی قتل کرنے والی عورت کے خاندان پر لازم ہوگی اور مقتول عورت کے ورثاء ہی اس کے وارث بنیں گے جس میں اس کی اولاد اور دیگر لوگ شامل ہوں گے۔ حضرت حمل بن نابغہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ میں کیسے تاوان ادا کروں اس بچے کا جس نے نہ کچھ پیا نہ کچھ کھایا نہ وہ رویا نہ ہی وہ بولا ایسا خون تو رائیگاں جاتا ہے نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: یہ کاہنوں کی طرح گفتگو کر رہا ہے۔ اس کی وجہ یہ تھی کہ ان کا کلام نہایت مقفع مسجع تھا۔

## بَابُ الدِّيَةِ فِي شِبْهِ الْعَمْدِ

## باب 22: شبہ العمد کی دیت

**2418**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَيُّوبَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ رَبِيعَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دِيَةُ قَتِيلِ الْخَطَإِ شِبْهِ الْعَمْدِ وَمَا كَانَ بِالسَّوْطِ وَالْعَصَا مِنْهَا اَرْبَعُونَ فِي بُطُونِهَا اَوْلَادُهَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: شبہ العمد جیسے خطا کے طور پر قتل ہونے والے شخص کی دیت اور جس شخص کو لکڑی یا سوٹی کے ذریعے مارا گیا ہو اس کی دیت چالیس اونٹنیاں ہے جن کے پیٹ میں بچے موجود ہوں۔

## بَابُ مَنِ اطَّلَعَ فِي دَارِ قَوْمٍ بِغَيْرِ اِذْنِهِمْ

## باب 23: جو شخص کسی کے گھر میں جھانکے

**2419**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ السَّاعِدِيِّ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَجُلًا اطَّلَعَ مِنْ جُحْرٍ فِي حُجْرَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِدْرًى يُخَلِّلُ بِهَا رَاْسَهُ فَرَآهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْظُرُنِي لَطَعَنْتُ بِهَا فِي عَيْنِكَ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِذْنُ مِنْ اَجْلِ النَّظَرِ

حدیث **2418**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **6533**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء — **15777**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء — **5675**

حدیث **2419**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **5580**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2156**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **18531**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء — **7510**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/ **1983**ء — **5660**

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حجرہ مبارک میں جھانکنے کی کوشش کی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہاتھ میں اس وقت ایک کنگھی تھی جس کے ذریعے آپ اپنے سر کا خلال کر رہے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اسے دیکھ لیا تو ارشاد فرمایا اگر مجھے پتا ہوتا کہ تم مجھے (اس طریقے سے) اسے دیکھ رہے ہو تو میں یہ کنگھی تمہاری آنکھوں میں چبھو دیتا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اجازت لینے کا مقصد ہی یہی ہے تا کہ اندر دیکھنے سے رکا جا سکے۔

**2420**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ اَبِىْ ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِىْ حُجْرَةٍ وَّمَعَهُ مِدْرًى يَحُكُّ بِهِ رَاْسَهُ اطَّلَعَ اِلَيْهِ رَجُلٌ فَقَالَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَعْلَمُ اَنَّكَ تَنْظُرُ لَقُمْتُ حَتّٰى اَطْعَنَ بِهِ عَيْنَيْكَ اِنَّمَا جُعِلَ الْاِذْنُ مِنْ اَجْلِ النَّظَرِ

☆☆ حضرت سہل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے حجرے میں موجود تھے آپ کے ہاتھ میں ایک کنگھی تھی جس کے ذریعے آپ کنگھی کر رہے تھے ایک شخص آیا اس نے جھانکنے کی کوشش کی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے پتا ہوتا کہ تم اس طرح دیکھ رہے ہو تو میں اُٹھ کر آتا اور اسے تمہاری آنکھوں میں چبھو دیتا اجازت لینے کا مقصد ہی یہی ہے تا کہ گھر میں کسی پر نظر نہ پڑ سکے۔

## بَابٌ لَا يُقْتَلُ قُرَشِىٌّ صَبْرًا

## باب 24: کسی قریشی شخص کو باندھ کر قتل نہیں کیا جا سکتا

**2421**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِىِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُطِيْعٍ عَنْ مُطِيْعٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَوْمَ فَتْحِ مَكَّةَ لَا يُقْتَلُ قُرَشِىٌّ صَبْرًا بَعْدَ هٰذَا الْيَوْمِ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

☆☆ عبداللہ' مطیع کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو فتح مکہ کے دن یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: آج کے دن کے بعد قیامت کے دن تک کسی قریشی شخص کو باندھ کر قتل نہیں کیا جا سکتا۔

**2422**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُطِيْعٍ سَمِعْتُ مُطِيْعًا يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ فَسَّرُوْا ذٰلِكَ اَنْ لَّا يُقْتَلَ قُرَشِىٌّ عَلَى الْكُفْرِ يَعْنِىْ لَا يَكُوْنُ هٰذَا اَنْ يَّكْفُرَ قُرَشِىٌّ بَعْدَ ذٰلِكَ الْيَوْمِ فَاَمَّا فِى الْقَوَدِ فَيُقْتَلُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں علماء نے اس کی وضاحت یہ کی ہے کسی قریشی شخص کو کافر ہونے کی وجہ سے قتل نہیں کیا جا سکتا یعنی

حدیث **2421**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1782**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **7726**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409ھ/1989ء** **826**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **3718**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **693**

یہ نہیں ہوسکتا کہ آج کے بعد کوئی قریشی شخص کافر ہوجائے البتہ قصاص کے اندر قتل کیا جاسکتا ہے۔

## بَابٌ لَا یُؤْخَذُ اَحَدٌ بِجِنَایَةِ غَیْرِهٖ

## باب 25: کسی شخص کو کسی دوسرے کے جرم میں نہیں پکڑا جاسکتا

**2423**- اَخْبَرَنَا یُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِیرٌ یَعْنِی ابْنَ حَازِمٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِکِ بْنَ عُمَیْرٍ حَدَّثَنِی اِیَادُ بْنُ لَقِیطٍ عَنْ اَبِی رِمْثَةَ قَالَ قَدِمْتُ الْمَدِینَةَ وَمَعِی ابْنٌ لِی وَلَمْ نَکُنْ رَاَیْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَاَتَیْتُهُ فَخَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَعَلَیْهِ ثَوْبَانِ اَخْضَرَانِ فَلَمَّا رَاَیْتُهُ عَرَفْتُهُ بِالصِّفَةِ فَاَتَیْتُهُ فَقَالَ مَنْ هٰذَا الَّذِی مَعَکَ قُلْتُ ابْنِی وَرَبِّ الْکَعْبَةِ فَقَالَ ابْنُکَ فَقُلْتُ اَشْهَدُ بِهِ قَالَ فَاِنَّ ابْنَکَ هٰذَا لَا یَجْنِی عَلَیْکَ وَلَا تَجْنِی عَلَیْهِ

☆☆ ابورمثہ بیان کرتے ہیں' میں مدینہ آیا میرے ساتھ میرا بیٹا موجود تھا ہم نے نبی اکرم ﷺ کو نہیں دیکھا تھا آپ باہر تشریف لائے آپ نے دو سبز کپڑے پہنے ہوئے تھے میں نے آپ کو دیکھا تو آپ کے حلیے کی وجہ سے آپ کو پہچان لیا میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ نے دریافت کیا یہ تمہارے ساتھ کون ہے میں نے جواب دیا رب کعبہ کی قسم یہ میرا بیٹا ہے آپ نے فرمایا تمہارا بیٹا ہے؟ میں نے عرض کی' میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں آپ نے ارشاد فرمایا: بے شک تمہارا بیٹا تمہارے کسی جرم کی وجہ سے پکڑا نہیں جاسکتا اور تم اس کے کسی جرم کی وجہ سے پکڑے نہیں جاسکتے۔

**2424**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِیدِ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ اِیَادٍ حَدَّثَنَا اِیَادٌ عَنْ اَبِی رِمْثَةَ قَالَ انْطَلَقْتُ مَعَ اَبِی نَحْوَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِاَبِی ابْنُکَ هٰذَا فَقَالَ اِی وَرَبِّ الْکَعْبَةِ قَالَ حَقًّا قَالَ اَشْهَدُ بِهِ قَالَ فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ ضَاحِکًا مِنْ ثَبَتِ شَبَهِی فِی اَبِی وَمِنْ حَلِفِ اَبِی عَلَیَّ فَقَالَ اِنَّ ابْنَکَ هٰذَا لَا یَجْنِی عَلَیْکَ وَلَا تَجْنِی عَلَیْهِ قَالَ وَقَرَاَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِزْرَ اُخْرٰی)

☆☆ حضرت ابورمثہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنے والد کے ہمراہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا آپ ﷺ نے میرے والد سے دریافت کیا کہ یہ تمہارا بیٹا ہے انہوں نے عرض کی جی ہاں رب کعبہ کی قسم آپ نے فرمایا ٹھیک کہہ رہے ہو؟ انہوں نے عرض کی میں یہ گواہی دیتا ہوں نبی اکرم ﷺ مسکرا دیئے آپ ﷺ اس بات پر مسکرائے تھے میری' میرے والد کے ساتھ بہت مشابہت تھی اور میرے والد نے میرے بارے میں قسم اُٹھائی تھی' آپ نے ارشاد فرمایا: تمہارا یہ بیٹا تمہارے کسی جرم کا ملزم نہیں بنے گا اور تم اس کے کسی جرم کے ملزم نہیں بنو گے پھر نبی اکرم ﷺ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''اور کوئی شخص کسی دوسرے کا وزن نہیں اُٹھائے گا''۔

حدیث **2423**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ قاہرہ' مصر **7118**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **16625**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **724**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# كِتَابُ الْجِهَادِ

# جہاد کا بیان

## بَابُ الْجِهَادُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ

## باب 1: اللہ کی راہ میں جہاد کرنا سب سے افضل عمل ہے

**2425**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ كَثِيْرٍ عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَامٍ قَالَ قَعَدْنَا نَفَرٌ مِنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَتَذَاكَرْنَا فَقُلْنَا لَوْ نَعْلَمُ اَيَّ الْاَعْمَالِ اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى لَعَمِلْنَاهُ فَاَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالٰى (سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ) حَتّٰى خَتَمَهَا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ فَقَرَاَهَا عَلَيْنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى خَتَمَهَا قَالَ اَبُوْ سَلَمَةَ فَقَرَاَهَا عَلَيْنَا ابْنُ سَلَامٍ قَالَ يَحْيٰى فَقَرَاَهَا عَلَيْنَا اَبُوْ سَلَمَةَ وَقَرَاَهَا عَلَيْنَا يَحْيٰى وَقَرَاَهَا عَلَيْنَا الْاَوْزَاعِيُّ وَقَرَاَهَا عَلَيْنَا مُحَمَّدٌ

☆☆ حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم لوگ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ کرام بیٹھے ہوئے گفتگو کر رہے تھے۔ ہم نے یہ کہا! اگر ہمیں علم ہو جاتا کہ اللہ کے قریب سے زیادہ پسندیدہ عمل کون سا ہے تو ہم وہ عمل سرانجام دیتے تو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی۔

"آسمان وزمین میں جو کچھ بھی موجود ہے وہ اللہ کی تسبیح بیان کرتا ہے اور وہ (یعنی اللہ تعالیٰ) غالب اور حکمت والا ہے"۔

(راوی کہتے ہیں) یہ مکمل سورۃ نازل ہوئی۔

حضرت عبداللہ بن سلام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ سورۃ ہمیں پڑھ کر سنائی اور پوری سورۃ پڑھ کر سنائی۔

(راوی) ابوسلمہ کہتے ہیں حضرت ابن سلام رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ سورۃ پڑھ کر سنائی۔

(راوی) حضرت یحییٰ کہتے ہیں ابوسلمہ نے یہ سورۃ ہمیں پڑھ کر سنائی۔

(راوی) یحییٰ نے ہمیں یہ پوری سورۃ پڑھ کر سنائی۔

(راوی کہتے ہیں) اوزاعی (نامی راوی نے) یہ پوری سورۃ ہمیں پڑھ کر سنائی۔ (امام دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں) محمد (جو اس

حدیث **2425**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3309**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **4594**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **2387**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ- **1984**ء **7499**

حدیث کی روایت میں میرے استاد ہیں) انہوں نے یہ پوری سورۃ ہمیں پڑھ کرسنائی۔

## بَابٌ فَضْلِ الْجِهَادِ

## باب2: جہاد کی فضیلت

**2426** - اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِى الزِّنَادِ عَنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَكَفَّلَ اللّٰهُ لِمَنْ خَرَجَ مِنْ بَيْتِهِ لَا يُخْرِجُهُ اِلَّا جِهَادٌ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَتَصْدِيْقُ كَلِمَاتِهِ اَنْ يُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ اَوْ يَرُدَّهُ اِلٰى مَسْكَنِهِ الَّذِىْ خَرَجَ مِنْهُ مَعَ مَا نَالَ مِنْ اَجْرٍ اَوْ غَنِيمَةٍ

2436: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی کریم نے ارشاد فرمایا ہے:

''جو اپنے گھر سے صرف اللہ کی راہ میں جہاد کرنے کے لیے اور اس کے کلمات کی تصدیق کرنے کے لیے نکلتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس بات کا کفیل ہو جاتا ہے کہ یا تو اسے جنت میں داخل کر دے گا یا اسے اس کے اسی مسکن کی طرف' اجر یا غنیمت کے ہمراہ واپس لے آئے جہاں سے وہ نکلا تھا''۔

## بَابٌ اَىُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ

## باب3: کون سا جہاد افضل ہے؟

**2427** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الْجِهَادِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ عُقِرَ جَوَادُهُ وَاُهْرِيقَ دَمُهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ عرض کی گئی یارسول اللہ! کون سا جہاد افضل ہے؟ جواب دیا جس میں آدمی کے گھوڑے کے پاؤں کاٹ دیئے جائیں اور آدمی کا خون بہادیا جائے۔ (یعنی اسے شہید کر دیا جائے)۔

---

حدیث **2426**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 2855

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4610

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 18266

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 4761

حدیث **2427**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2794

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 14428

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4638

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 2081

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ — 4225

# بَابٌ اَىُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ

## باب 4: کون سا عمل افضل ہے؟

**2428**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِىْ اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنِ ابْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ سُئِلَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيْمَانٌ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ قَالَ قِيْلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ الْجِهَادُ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قِيْلَ ثُمَّ مَاذَا قَالَ ثُمَّ حَجٌّ مَبْرُوْرٌ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی کریم سے سوال کیا گیا کہ کون سا عمل افضل ہے۔ جواب دیا' اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول پر ایمان لانا۔ عرض کی گئی۔ پھر اس کے بعد کون سا عمل افضل ہے۔ فرمایا خدا کی راہ میں جہاد کرنا۔ پھر عرض کی گئی۔ پھر کون سا ہے؟

آپ نے جواب دیا وہ حج ہے جس میں کوئی گناہ نہ کیا جائے۔

# بَابٌ مَّنْ قَاتَلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ

## باب 5: جو شخص (اتنی دیر کے لیے) اللہ کی راہ میں جہاد کرے (جتنی دیر میں) اونٹنی کا دودھ اتر آتا ہے

**2429**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ عَنْ بَحِيْرٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ مَّالِكِ بْنِ يَخَامِرَ عَنْ مُّعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَاتَلَ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فُوَاقَ نَاقَةٍ وَّجَبَتْ لَهُ الْجَنَّةُ وَهُوَ قَدْرُ مَا يَدِرُّ حَلَبُهَا لِمَنْ حَلَبَهَا

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اونٹنی کے دودھ اتر آنے کی مدت کے برابر عرصے کے لیے اللہ کی راہ میں جہاد کرے اس کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔

(راوی کہتے ہیں) اس سے مراد یہ ہے کہ جتنے عرصے میں دودھ دوہنے والے کے لیے اونٹنی کا دودھ اتر آئے۔

---

حدیث **2428**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **26**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **83**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1658**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **2526**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7580**

حدیث **2429**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2541**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1657**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **3141**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2792**

## بَابٌ اَفْضَلُ النَّاسِ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 6: سب سے افضل شخص وہ ہے جو اللہ کی راہ میں اپنے گھوڑے کا سر پکڑ کر (جہاد کیلئے نکلے)

**2430**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنْ عَطَاءِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ عَلَيْهِمْ وَهُمْ جُلُوْسٌ فَقَالَ اَلَا اُخْبِرُكُمْ بِخَيْرِ النَّاسِ مَنْزِلَةً قُلْنَا بَلٰى قَالَ رَجُلٌ مُّمْسِكٌ بِرَاْسِ فَرَسِهٖ اَوْ قَالَ فَرَسٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى يَمُوْتَ اَوْ يُقْتَلَ قَالَ فَاُخْبِرُكُمْ بِالَّذِيْ يَلِيْهِ فَقُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ امْرُؤٌ مُّعْتَزِلٌ فِيْ شِعْبٍ يُّقِيْمُ الصَّلٰوةَ وَيُؤْتِي الزَّكٰوةَ وَيَعْتَزِلُ شُرُوْرَ النَّاسِ قَالَ فَاُخْبِرُكُمْ بِشَرِّ النَّاسِ مَنْزِلَةً فَقُلْنَا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ الَّذِيْ يُسْاَلُ بِاللّٰهِ وَلَا يُعْطِيْ بِهٖ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان لوگوں کے پاس تشریف لائے۔ وہ لوگ بیٹھے ہوئے تھے۔ آپ نے فرمایا کیا میں تمہیں بتاؤں لوگوں میں قدر و منزلت کے اعتبار سے سب سے بہتر شخص کون سا ہے؟ ہم نے عرض کی جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا! وہ شخص جو اپنے گھوڑے کا سر پکڑ لے۔ (راوی کو شک ہے کہ شاید یہ الفاظ ہیں کہ اپنے گھوڑے کو اللہ کی راہ میں پکڑے) یہاں تک کہ وہ فوت ہو جائے یا شہید کر دیا جائے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا میں تمہیں اس شخص کے بارے میں بتاؤں جو اس سے بعد کا مرتبہ رکھتا ہے؟ ہم نے عرض جی یارسول اللہ۔ فرمایا وہ شخص جو الگ تھلگ کسی گھاٹی پر رہے نماز ادا کرے۔ زکوٰۃ دے اور لوگوں کے شر سے محفوظ رہے۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کیا میں قدر و منزلت کے اعتبار سے سب سے بدتر شخص کے بارے میں تمہیں بتاؤں؟ ہم نے عرض کی' جی یارسول اللہ! آپ نے فرمایا: وہ شخص جس سے اللہ کے نام پر سوال کیا جائے اور وہ اسے کچھ نہ دے۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ مَقَامِ الرَّجُلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 7: اللہ کی راہ میں کھڑے ہونے والے شخص کی فضیلت

**2431**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ

حدیث **2430**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1652**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **959**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2929**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2379**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **2350**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **10768**

حدیث **2431**: ''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2383**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **377**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **18285**

اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَقَامُ الرَّجُلِ فِي الصَّفِّ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ اَفْضَلُ مِنْ عِبَادَةِ الرَّجُلِ سِتِّيْنَ سَنَةً

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی کریم نے ارشاد فرمایا ہے: ایک آدمی کا اللہ کی راہ میں صف میں کھڑا ہونا دوسرے آدمی کی ساٹھ سال کی عبادت سے افضل ہے۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الْغُبَارِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 8: اللہ کی راہ میں غبار کی فضیلت

**2432**- اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَيْحٍ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْمَانَ اَنَّ مَالِكَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ مَرَّ عَلٰى حَبِيْبِ بْنِ مَسْلَمَةَ اَوْ حَبِيْبٌ مَرَّ عَلٰى مَالِكٍ وَّهُوَ يَقُوْدُ فَرَسًا يَمْشِيْ فَقَالَ ارْكَبْ حَمَلَكَ اللّٰهُ فَقَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اغْبَرَّتْ قَدَمَاهُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَرَّمَهُ اللّٰهُ عَلَى النَّارِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن سلیمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت مالک بن عبداللہ رضی اللہ عنہ' حضرت حبیب بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کے یا شاید حضرت حبیب رضی اللہ عنہ حضرت مالک رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرے وہ اپنے گھوڑے کو لے کر چل رہے تھے اور خود پیدل جا رہے تھے۔ انہوں نے سوال کیا آپ اس سواری پر سوار کیوں نہیں ہو جاتے؟ انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے قدم خدا کی راہ میں گرد آلود ہو جائیں اللہ تعالیٰ اس پر جہنم کو حرام کر دیتا ہے۔

## بَابُ الْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

## باب 9: اللہ کی راہ میں صبح و شام بسر کرنا

**2433**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَغَدْوَةٌ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ رَوْحَةٌ خَيْرٌ مِّنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: خدا کی راہ میں صبح کرنا یا خدا کی راہ میں شام کرنا' دنیا میں موجود ہر چیز سے افضل ہے۔

## بَابٌ مَّنْ صَامَ يَوْمًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

## باب 10: اللہ کی راہ میں (جہاد کے دوران) روزہ رکھنا

حدیث **2432**: "معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء۔ **662**

حدیث **2433**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء۔ **2639**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1880**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1651**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء۔ **3118**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2755**

**2434**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سُهَيْلِ بْنِ اَبِیْ صَالِحٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ اَبِیْ عَيَّاشٍ عَنْ اَبِیْ سَعِيْدِ الْخُدْرِیِّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ عَبْدٍ يَصُوْمُ يَوْمًا فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ اِلَّا بَاعَدَ اللّٰهُ بَيْنَ وَجْهِهٖ وَبَيْنَ النَّارِ سَبْعِيْنَ خَرِيْفًا

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ ارشاد نقل کرتے ہیں جو شخص خدا کی رضا کے حصول کے لیے ایک دن روزہ رکھتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے اور جہنم کے درمیان ستر ہزار برس (کا فاصلہ) کر دیتا ہے۔

## بَابٌ فِی الَّذِیْ يَسْهَرُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَارِسًا

## باب 11: جو شخص اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے جاگتا ہے

**2435**- اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ كَثِيْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَيْحٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِی الصَّبَّاحِ مُحَمَّدِ بْنِ سُمَيْرٍ عَنْ اَبِیْ عَلِیٍّ الْهَمْدَانِیِّ عَنْ اَبِیْ رَيْحَانَةَ اَنَّهٗ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِیْ غَزْوَةٍ فَسَمِعَهٗ ذَاتَ لَيْلَةٍ وَهُوَ يَقُوْلُ حُرِّمَتِ النَّارُ عَلٰی عَيْنٍ سَهِرَتْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَحُرِّمَتِ النَّارُ عَلٰی عَيْنٍ دَمَعَتْ مِنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ قَالَ وَقَالَ الثَّالِثَةَ فَنَسِيْتُهَا قَالَ اَبُوْ شُرَيْحٍ سَمِعْتُ مَنْ يَقُوْلُ ذَاكَ حُرِّمَتِ النَّارُ عَلٰی عَيْنٍ غَضَّتْ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰهِ اَوْ عَيْنٍ فُقِئَتْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

☆☆ ابوعلی ہمدانی بیان کرتے ہیں۔ ابوریحانہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ ایک غزوہ میں وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ شریک تھے۔ ایک رات انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا' جہنم اس آنکھ پر حرام ہو جاتی ہے جو اللہ کی راہ میں پہرہ دیتی ہے اور جہنم اس آنکھ پر حرام ہو جاتی ہے جو اللہ کے خوف سے روتی ہے۔

حضرت ابوریحانہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' آپ نے جو تیسری بات ارشاد فرمائی وہ مجھے بھول گئی ہے۔

راوی ابوشریح بیان کرتے ہیں۔ میں نے ایک اور آدمی کے ذریعے وہ تیسری بات سنی ہے' جہنم اس آنکھ پر حرام ہو جاتی ہے جو اللہ کی حرام کردہ چیزوں سے جھک جاتی ہے یا وہ آنکھ جو اللہ کی راہ میں پھوڑ دی جاتی ہے۔

**2436**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا ابْنُ الدَّرَاوَرْدِیِّ عَنْ صَالِحِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَائِدَةَ قَالَ سَمِعْتُ

حدیث **2434**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **2685**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1153**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1622**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **2244**

حدیث **2436**: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **3117**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17252**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **4325**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **18226**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2760**

عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ رَحِمَ اللَّهُ حَارِسَ الْحَرَسِ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ وَعُمَرُ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ لَمْ يَلْقَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں:

پہرہ دینے والے شخص پر اللہ تعالیٰ رحم کرے۔

امام عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت کے راوی) عمر بن عبدالعزیز نے حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے ملاقات نہیں کی ہے۔

# بَابٌ فِي فَضْلِ النَّفَقَةِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

## باب 12: اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی فضیلت

**2437**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ الْأَنْصَارِيِّ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ بِنَاقَةٍ مَخْطُومَةٍ فَقَالَ هَذِهِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَكَ بِهَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ سَبْعُ مِائَةِ نَاقَةٍ كُلُّهَا مَخْطُومَةٌ

☆☆ حضرت ابو مسعود انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص لگام والی اونٹنی کو لے کر آیا اور عرض کی یہ اللہ کی راہ میں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس کے عوض قیامت کے روز تمہیں سات سو اونٹنیاں ملیں گی جن میں سے ہر ایک کی لگام موجود ہو گی۔

# بَابٌ مَنْ أَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالٍ فِي سَبِيلِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ

## باب 13: جو شخص اپنے مال میں سے (کسی بھی چیز کا) جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے

**2438**- أَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ أَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ قَالَ لَقِيتُ أَبَا ذَرٍّ وَهُوَ يَسُوقُ جَمَلًا لَهُ أَوْ يَقُودُهُ فِي عُنُقِهِ قِرْبَةٌ فَقُلْتُ يَا أَبَا ذَرٍّ مَا مَالُكَ قَالَ لِي عَمَلِي فَقُلْتُ مَا مَالُكَ قَالَ لِي عَمَلِي قُلْتُ حَدِّثْنِي حَدِيثًا سَمِعْتَهُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَا

---

بقیہ: حدیث **2436**: "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** — **2438**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** — **18227**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ۔1984ء** — **1750**

حدیث **2437**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **1892**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** — **3187**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **17135**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** — **4649**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** — **2449**

حدیث **2438**: "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** — **4645**

مِنْ مُسْلِمٍ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالٍ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اِلَّا ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ هُوَ دِرْهَمَيْنِ اَوْ اَمَتَيْنِ اَوْعَبْدَيْنِ اَوْ دَابَّتَيْنِ

☆☆ حضرت صعصعہ بن معاویہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ میری حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ سے ملاقات ہوئی۔ وہ اپنے اونٹ کو لے کر جا رہے تھے۔ ان کی گردن میں ایک مشکیزہ تھا۔ میں نے عرض کی۔ اے ابوذر! یہ کیا ہے؟ جواب دیا: میرا عمل میرے ساتھ ہے۔

میں نے کہا کہ آپ مجھے ایسی حدیث سنائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہو۔ انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے۔ جو شخص مال میں سے کسی بھی چیز کا جوڑا اللہ کی راہ میں خرچ کرے تو جنت کے نگران تیزی سے اس کی طرف لپکتے ہیں۔

امام ابومحمد ابو دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت میں جوڑے سے مراد) دو درہم، دو کنیزیں، دو غلام یا دو جانور ہیں۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ الرَّمْيِ وَالْاَمْرِ بِهٖ

## باب 14: تیر اندازی کی فضیلت اور اس کا حکم دینا

**2439**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ اَبِي اَيُّوبَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ اَبِي حَبِيبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهُ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ (وَاَعِدُّوا لَهُمْ مَا اسْتَطَعْتُمْ مِنْ قُوَّةٍ) اَلَا اِنَّ الْقُوَّةَ الرَّمْيُ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے۔ انہوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

''اور ان کے لیے اپنی گنجائش کے مطابق طاقت کی تیاری کرو''۔

یہ آیت (تلاوت کرنے کے بعد وہ بولے) قوت سے مراد تیر اندازی ہے۔

**2440**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اَبِي سَلَّامٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ زَيْدٍ الْاَزْرَقِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُدْخِلُ الثَّلَاثَةَ بِالسَّهْمِ الْوَاحِدِ الْجَنَّةَ صَانِعَهُ يَحْتَسِبُ فِي صَنْعَتِهِ الْخَيْرَ وَالْمُمِدَّ بِهٖ وَالرَّامِيَ بِهٖ وَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْمُوا وَارْكَبُوا وَلَاَنْ تَرْمُوا اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ تَرْكَبُوا وَقَالَ كُلُّ شَيْءٍ يَلْهُو بِهِ الرَّجُلُ بَاطِلٌ اِلَّا رَمْيَ الرَّجُلِ بِقَوْسِهٖ وَتَادِيبَهُ فَرَسَهُ وَمُلَاعَبَتَهُ اَهْلَهُ فَاِنَّهُنَّ مِنَ الْحَقِّ وَقَالَ مَنْ تَرَكَ الرَّمْيَ بَعْدَمَا عَلِمَهُ فَقَدْ كَفَرَ الَّذِي عَلِمَهُ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ ایک تیر کی وجہ سے تین لوگوں کو جنت میں داخل کر دے گا۔ اسے بنانے والے کو جو اسے بنا کر بھلائی کے اجر کا

---

حدیث **2440** ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2513**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1637**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ 1986ء** **3146**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2811**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17338**

ارادہ رکھتا ہو اس کی مدد کرنے والے کو اور اس تیر کو پھینکنے والے کو۔

نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا:

''تیراندازی کرو۔ اور سواری کرو' تمہارا تیراندازی کرنا میرے نزدیک تمہارے سواری کرنے سے زیادہ پسندیدہ ہے''۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا: انسان جو بھی کھیل کھیلتا ہے وہ باطل ہے۔ ماسوائے انسان کے اپنے کمان کے ذریعے تیر پھینکنے کے اور اپنے گھوڑے کی تربیت کرنے کے اور اپنی بیوی کے ساتھ ہنسی مذاق کرنے کے۔ یہ درست ہیں۔

نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے' سیکھ لینے کے بعد جو شخص تیراندازی کو ترک کر دیتا ہے۔ وہ اس کا کفرانِ نعمت کرتا ہے جو اس نے سیکھا ہے۔

## بَابٌ فِیْ فَضْلِ مَنْ جُرِحَ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ جُرْحًا

## باب 15: اللہ کی راہ میں زخمی ہونے کی فضیلت

**2441**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِیُّ حَدَّثَنَا یَزِیْدُ بْنُ زُرَیْعٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنِیْ عَمِّیْ مُوْسٰی بْنُ یَسَارٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ مَجْرُوْحٍ یُجْرَحُ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ اِلَّا بَعَثَهُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَجُرْحُهُ یَدْمَی الرِّیْحُ رِیْحُ الْمِسْكِ وَاللَّوْنُ لَوْنُ الدَّمِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو بھی زخمی شخص اللہ کی راہ میں زخمی ہوتا ہے۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے جب زندہ کرے گا تو اس کے زخم سے جو خون بہہ رہا ہوگا اس کی خوشبو مشک کی خوشبو کی مانند ہوگی اور اس کا رنگ خون جیسا ہوگا۔

## بَابٌ فِیْمَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ

## باب 16: جو شخص اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگے

**2442**- اَخْبَرَنَا الْقَاسِمُ بْنُ كَثِیْرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ شُرَیْحٍ یُحَدِّثُ اَنَّهُ سَمِعَ سَهْلَ بْنَ اَبِیْ اُمَامَةَ

حدیث **2441**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2795

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 10751

''مسند اسحاق بن راہویہ'' امام اسحاق بن ابراہیم بن مخلد بن راہویہ' مکتبہ الایمان' مدینہ منورہ' (طبع اول) 1412ھ/1991ء — 466

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 9534

حدیث **2442**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1909

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1520

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1653

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 3162

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3192

بْنِ سَهْلِ بْنِ حُنَيْفٍ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ سَاَلَ اللّٰهَ الشَّهَادَةَ صَادِقًا مِنْ قَلْبِهِ بَلَّغَهُ اللّٰهُ مَنَازِلَ الشُّهَدَآءِ وَاِنْ مَاتَ عَلٰى فِرَاشِهِ

☆☆ سہل بن ابوامامہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جو شخص سچے دل سے اللہ تعالیٰ سے شہادت مانگے اللہ تعالیٰ اسے شہداء کے مرتبے پر فائز کرے گا۔ اگرچہ وہ اپنے بستر پر فوت ہو۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الشَّهِيْدِ

## باب 17: شہید کی فضیلت

**2443**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عِيْسٰى عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يَجِدُ الشَّهِيْدُ مِنْ اَلَمِ الْقَتْلِ اِلَّا كَمَا يَجِدُ اَحَدُكُمْ مِنْ اَلَمِ الْقَرْصَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ''شہید ہونے والا شخص قتل ہونے کی اتنی ہی تکلیف محسوس کرتا جتنی کسی شخص کو چیونٹی (کے کاٹنے سے) تکلیف ہوتی ہے۔

## بَابٌ مَّا يَتَمَنَّى الشَّهِيْدُ مِنَ الرَّجْعَةِ اِلَى الدُّنْيَا

## باب 18: شہید کا دنیا میں واپس جانے کی آرزو کرنا

**2444**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ نَفْسٍ تَمُوْتُ فَتَدْخُلُ الْجَنَّةَ فَتَوَدُّ اَنَّهَا رَجَعَتْ اِلَيْكُمْ وَلَهَا الدُّنْيَا وَمَا فِيْهَا اِلَّا الشَّهِيْدَ فَاِنَّهُ وَدَّ اَنَّهُ قُتِلَ كَذَا مَرَّةً لِمَا رَاٰى مِنَ الثَّوَابِ

حدیث **2443**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1668**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3161**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2802**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7940**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4655**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **280**

حدیث **2444**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **2642**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1877**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1643**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12295**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4662**

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو بھی شخص مر کر جنت میں چلا جائے گا۔ ان میں سے کوئی یہ خواہش نہیں کرے گا کہ وہ تمہارے پاس واپس آ جائے اور اسے دنیا اور اس میں موجود سب کچھ مل جائے۔ البتہ شہید یہ آرزو کرے گا کہ اسے اسی طرح دوبارہ قتل کیا جائے۔ اس کی وجہ یہ ہوگی کہ (وہ شہادت کا) اجر وثواب (اتنا دیکھ لے گا) کہ اس کی دوبارہ آرزو کرے گا۔

## اَرْوَاحُ الشُّهَدَآءِ

## باب 19: شہداء کی ارواح

**2445**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ سَاَلْنَا عَبْدَ اللّٰهِ عَنْ اَرْوَاحِ الشُّهَدَآءِ وَلَوْلَا عَبْدُ اللّٰهِ لَمْ يُحَدِّثْنَا اَحَدٌ قَالَ اَرْوَاحُ الشُّهَدَآءِ عِنْدَ اللّٰهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فِىْ حَوَاصِلِ طَيْرٍ خُضْرٍ لَّهَا قَنَادِيْلُ مُعَلَّقَةٌ بِالْعَرْشِ تَسْرَحُ فِىْ اَىِّ الْجَنَّةِ شَاءُ وْا ثُمَّ تَرْجِعُ اِلٰى قَنَادِيْلِهَا فَيُشْرِفُ عَلَيْهِمْ رَبُّهُمْ فَيَقُوْلُ اَلَكُمْ حَاجَةٌ تُرِيْدُوْنَ شَيْئًا فَيَقُوْلُوْنَ لَا اِلَّا اَنْ نَرْجِعَ اِلَى الدُّنْيَا فَنُقْتَلَ مَرَّةً اُخْرٰى

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں: ہم نے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے شہداء کی ارواح کے بارے میں دریافت کیا۔ اگر وہ نہ ہوتے تو شاید ہمیں اس بارے میں کوئی نہ بتاتا۔ جواب دیا: قیامت کے دن شہداء کی ارواح اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں سبز پرندوں کے پیٹ میں ہوں گی۔ ان کے لیے عرش کے ساتھ قندیلیں لٹکی ہوں گی۔ وہ ارواح جنت میں جہاں چاہیں گی سیر کرسکیں گی اور پھر واپس ان قندیلوں میں آ جائیں گی۔ ان کا پروردگار ان کے سامنے ظہور کر کے دریافت کرے گا کیا تمہیں کسی چیز کی ضرورت ہے؟ کیا تم کچھ چاہتے ہو؟ وہ جواب دیں گے نہیں۔ البتہ ہم دنیا میں جانا چاہتے ہیں تاکہ ہمیں دوبارہ شہید کیا جائے۔

## بَابٌ فِىْ صِفَةِ الْقَتْلٰى فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 20: اللہ کی راہ میں شہید کیے جانے کی صورت

**2446**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ يَحْيٰى هُوَ الصَّدَفِىُّ قَالَ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِى الْمُثَنّٰى الْاُمْلُوْكِيِّ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ عَبْدٍ السُّلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَتْلٰى ثَلَاثَةٌ مُؤْمِنٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِذَا لَقِىَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ قَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ فَذٰلِكَ الشَّهِيْدُ الْمُمْتَحَنُ فِىْ خَيْمَةِ اللّٰهِ تَحْتَ عَرْشِهِ لَا يَفْضُلُهُ النَّبِيُّوْنَ اِلَّا بِدَرَجَةِ النُّبُوَّةِ وَمُؤْمِنٌ خَلَطَ عَمَلًا صَالِحًا وَّاٰخَرَ سَيِّئًا

---

حدیث **2445**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **3011**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2801**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **18300**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی مکتبہ العلوم والحکم موصل **1404**ھ/**1983**ء **9023**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ **9554**

جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْهِ مُمَصْمِصَةٌ مَحَتْ ذُنُوْبَهُ وَخَطَايَاهُ اِنَّ السَّيْفَ مَحَّاءٌ لِلْخَطَايَا وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ مِنْ اَيِّ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ شَاءَ وَمُنَافِقٌ جَاهَدَ بِنَفْسِهِ وَمَالِهِ فَاِذَا لَقِيَ الْعَدُوَّ قَاتَلَ حَتّٰى يُقْتَلَ فَذَاكَ فِي النَّارِ اِنَّ السَّيْفَ لَا يَمْحُو النِّفَاقَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ يُقَالُ لِلثَّوْبِ اِذَا غُسِلَ مُصَمْصَ

☆☆ حضرت عتبہ بن عبد سلمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قتل ہونے والے تین قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک وہ مومن جو اللہ کی راہ میں اپنے مال اور جان کے ساتھ جہاد کرتا ہے جب وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے تو اسے شہید کر دیا جاتا ہے۔

اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: یہ وہ شہید ہے جس سے اللہ تعالیٰ کے خیمے میں یعنی (خاص رحمت میں) امتحان لیا جائیگا۔ جو اس کے عرش کے نیچے ہوگا۔ انبیاء کو اس شخص پر صرف نبوت کے مرتبہ کی فضیلت حاصل ہوگی۔

ایک وہ مومن جو نیک اعمال بھی کرتا ہے اور برے اعمال بھی کرتا ہے اور پھر اپنے مال اور جان کے ذریعے جہاد کرتا ہے۔ جب وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے تو اس سے لڑتے ہوئے شہید ہو جاتا ہے۔

اس کے بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ایک صفائی کے ذریعے اس کے گناہ اور خطائیں مٹ جائیں گی۔ بے شک تلوار غلطیوں کو مٹا دیتی ہے اور وہ شخص جس دروازے سے چاہے گا جنت میں داخل ہو جائے گا۔ ایک وہ منافق جو اپنی جان اور مال کے ہمراہ جہاد کرتا ہے۔ جب وہ دشمن کا سامنا کرتا ہے تو لڑتے ہوئے مارا جاتا ہے۔ یہ جہنم میں جائے گا کیونکہ تلوار نفاق کو نہیں مٹا سکتی۔

امام عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں جب کپڑے کو دھویا جاتا ہے تو اس کے لیے لفظ ''مصمص'' استعمال ہوتا ہے۔ (اور یہی لفظ حدیث میں استعمال ہوا ہے)

## بَابٌ فِيْمَنْ قَاتَلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ صَابِرًا مُحْتَسِبًا

## باب 21: جو شخص صبر کرتے ہوئے اور ثواب کی نیت سے اللہ کی راہ میں لڑے

**2447**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِيْ ذِئْبٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ قَتَادَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَامَ فَخَطَبَ فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ ذَكَرَ الْجِهَادَ فَلَمْ يَدَعْ شَيْئًا اَفْضَلَ مِنْهُ اِلَّا الْفَرَائِضَ فَقَامَ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَرَاَيْتَ مَنْ قُتِلَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَهَلْ ذٰلِكَ مُكَفِّرٌ عَنْهُ خَطَايَاهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَعَمْ اِذَا قُتِلَ صَابِرًا مُحْتَسِبًا مُقْبِلًا غَيْرَ مُدْبِرٍ اِلَّا الدَّيْنَ فَاِنَّهُ مَاْخُوْذٌ بِهِ كَمَا زَعَمَ لِيْ جِبْرِيْلُ

☆☆ عبداللہ بن ابوقتادہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے آپ نے خطبہ دینا شروع کیا۔ اللہ

---

حدیث **2446**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17693**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4663**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **18304**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل **1404ھ/1983ء** **310**

تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی۔ پھر جہاد کا ذکر فرمایا۔ اس سے افضل صرف فرائض ہیں۔ ایک شخص کھڑا ہوا اور عرض کی۔ یارسول اللہ! آپ کے خیال میں جو شخص اللہ کی راہ میں مارا جائے تو کیا اس کے گناہ ختم ہو جائیں گے؟ نبی اکرم ﷺ نے فرمایا۔ ہاں! جب وہ صبر کرتے ہوئے اور ثواب کے حصول کی نیت کرتے ہوئے دشمن کا سامنا کرتے ہوئے پیٹھ پھیرے بغیر مارا جائے (تو اس کے تمام گناہ بخش دیئے جائیں گے) البتہ قرض معاف نہیں ہوگا۔ اسے اس کی وجہ سے پکڑا جائے گا۔ جبرائیل نے مجھے اسی طرح بتایا ہے۔

## بَابٌ مَا يُعَدُّ مِنَ الشُّهَدَآءِ

## باب 22: کن لوگوں کو شہداء میں شمار کیا جائیگا؟

**2448**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ هُوَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْ عُثْمَانَ عَنْ عَامِرِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ اُمَيَّةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ وَّالْغَرَقُ شَهَادَةٌ وَّالْبَطْنُ شَهَادَةٌ وَالنُّفَسَاءُ شَهَادَةٌ

☆☆ حضرت صفوان بن امیہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ طاعون (کی وجہ سے) مرنا شہادت ہے۔ ڈوب کر (مرنا) شہادت ہے۔ پیٹ (کی تکلیف کی وجہ سے مرنا) شہادت ہے۔ نفاس (بچے کی پیدائش کے وقت عورت کا مرجانا) شہادت ہے۔

**2449**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ حَفْصٍ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ السِّمْطِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْقَتْلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ شَهَادَةٌ وَّالطَّاعُوْنُ شَهَادَةٌ وَّالْبَطْنُ شَهَادَةٌ وَّالْمَرْاَةُ يَقْتُلُهَا وَلَدُهَا جُمْعًا شَهَادَةٌ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی راہ میں مارا جانا شہادت ہے۔ طاعون (کی وجہ سے مرجانا) شہادت ہے۔ پیٹ (کی درد کی وجہ مرنا) شہادت ہے۔ بچے (کی وجہ سے عورت کا مرجانا) شہادت ہے۔

## بَابٌ مَا اَصَابَ اَصْحَابَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ مَغَازِيْهِمْ مِنَ الشِّدَّةِ

## باب 23: صحابہ کرام نے جنگوں کے دوران جن مشکلات کا سامنا کیا

**2450**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ قَيْسٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِيْ وَقَّاصٍ قَالَ كُنَّا نَغْزُوْ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ

---

حدیث **2456**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **8061**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایۃ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء **1872**

حدیث **2448**: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' کتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **2054**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15342**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **2181**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **7328**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دارالرایۃ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء **777**

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا لَنَا طَعَامٌ اِلَّا هٰذَا السَّمُرُ وَوَرَقُ الْحُبْلَةِ حَتّٰى اِنَّ اَحَدَنَا لَيَضَعُ كَمَا تَضَعُ الشَّاةُ مَا لَهُ خِلْطٌ ثُمَّ اَصْبَحَتْ بَنُو اَسَدٍ تُعَزِّرُونِى لَقَدْ خِبْتُ اِذَنْ وَضَلَّ عَمَلِيَهْ

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ہم نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ لڑائی میں شرکت کی۔ہمارے پاس کھانے کے لیے کچھ نہیں تھا۔صرف پتے وغیرہ تھے۔ہم میں سے ہر شخص اس طرح پاخانہ کرتا تھا کہ جیسے بکری مینگنیاں کرتی ہے۔اس میں کچھ ملا ہوا نہیں ہوتا تھا۔اب بنو سعد مجھے کم تر سمجھیں تو پھر تو میں رسوا ہوا اور میرا عمل ضائع ہو گیا۔

## بَابٌ مَّنْ غَزَا يَنْوِى شَيْئًا فَلَهُ مَا نَوٰى

## باب 24: جو شخص کسی خاص نیت سے جنگ میں شریک ہو تو اسے اس کی نیت کے مطابق (اجر) ملے گا

**2451**- اَخْبَرَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا جَبَلَةُ بْنُ عَطِيَّةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْوَلِيدِ بْنِ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ غَزَا فِى سَبِيلِ اللّٰهِ وَهُوَ لَا يَنْوِى فِى غَزَاتِهِ اِلَّا عِقَالًا فَلَهُ مَا نَوٰى

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو شخص اللہ کی راہ میں لڑائی میں شریک ہوا اور اس کا لڑائی میں شریک ہونے کا ارادہ صرف کسی رسی کا حصول ہو تو اسے اس کی نیت کے مطابق (اجر) ملے گا۔

## بَابٌ فِى صِفَةِ الْغَزْوِ غَزْوَانِ

## باب 25: لڑائی دو طرح کی ہوتی ہے

**2452**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا بَقِيَّةُ بْنُ الْوَلِيدِ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنْ اَبِى بَحْرِيَّةَ عَنْ مُعَاذِ ابْنِ جَبَلٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْغَزْوُ غَزْوَانِ فَاَمَّا مَنْ غَزَا ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ

حدیث **2450**: "صحیح بخاری" امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 5096

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2967

"سنن ابن ماجہ" امام ابو عبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4156

"مسند احمد" امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1498

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 520

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 212

حدیث **2451**: "سنن نسائی" امام ابو عبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 3138

"مسند احمد" امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 22744

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4638

"المستدرک" امام ابو عبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2522

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 4346

وَاَطَاعَ الْاِمَامَ وَاَنْفَقَ الْكَرِيمَةَ وَيَاسَرَ الشَّرِيكَ وَاجْتَنَبَ الْفَسَادَ فَاِنَّ نَوْمَهُ وَنُبْهَهُ اَجْرٌ كُلُّهُ وَاَمَّا مَنْ غَزَا فَخْرًا وَرِيَاءً وَسُمْعَةً وَعَصَى الْاِمَامَ وَاَفْسَدَ فِي الْاَرْضِ فَاِنَّهُ لَا يَرْجِعُ بِالْكَفَافِ

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لڑائی دوطرح کی ہوتی ہے۔ جوشخص اللہ کی رضا کے حصول کے لیے امام کی اطاعت کرتے ہوئے لڑائی میں شریک ہوتا ہے۔ اچھی چیز خرچ کرتا ہے۔ اپنے ساتھیوں کے لیے سہولت فراہم کرتا ہے اور فساد سے پرہیز کرتا ہے۔ اسکا سونا اور بیدار ہونا ہر عمل اجر کا باعث ہے اور جوشخص فخر۔ ریا کاری اور دکھاوے کے لیے لڑائی میں شریک ہوتا ہے۔ امام کی نافرمانی کرتا ہے۔ زمین میں فساد پیدا کرتا ہے۔ وہ کفاف کے ہمراہ واپس نہیں آئے گا۔

## بَابٌ فِيمَنْ مَاتَ وَلَمْ يَغْزُ

## باب 26: جوشخص اس حالت میں مرے کہ اس نے کسی لڑائی میں شرکت نہ کی ہو

**2453**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِي اُمَامَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ لَمْ يَغْزُ وَلَمْ يُجَهِّزْ غَازِيًا اَوْ يَخْلُفْ غَازِيًا فِي اَهْلِهِ بِخَيْرٍ اَصَابَهُ اللّٰهُ بِقَارِعَةٍ قَبْلَ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جوشخص لڑائی میں شریک نہ ہو اور کسی غازی کو سامان فراہم نہ کرے یا کسی غازی کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال نہ رکھے تو قیامت سے پہلے ہی اللہ تعالیٰ اسے کسی مصیبت میں مبتلا کریگا۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا

## باب 27: غازی کو سامان فراہم کرنے کی فضیلت

---

حدیث **2452**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2515**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3188**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22095**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2435**

حدیث **2453**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2503**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2762**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **1721**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **7747**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1434**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **287**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ **9275**

**2454**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ خَالِدِ الْجُهَنِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ جَهَّزَ غَازِيًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَوْ خَلَفَ فِيْ اَهْلِهِ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ مِثْلَ اَجْرِهِ اِلَّا اَنَّهُ لَا يَنْقُصُ مِنْ اَجْرِ الْغَازِي شَيْئًا

☆☆ حضرت زید بن خالد جہنی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان نقل کرتے ہیں۔ جو شخص اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والے غازی کو سامان فراہم کرے یا اس کی غیر موجودگی میں اس کے گھر والوں کا خیال رکھے تو اسے بھی اس غازی کے اجر کی مانند اجر عطا ہوگا اور غازی کے اجر میں کسی قسم کی کمی نہیں ہوگی۔

## بَابُ الْعُذْرِ فِي التَّخَلُّفِ عَنِ الْجِهَادِ

## باب 28: جہاد سے پیچھے رہ جانے پر عذر پیش کرنا

**2455**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ اَنْبَاَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ يَقُوْلُ لَمَّا نَزَلَتْ هٰذِهِ الْاٰيَةُ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ) دَعَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْدًا فَجَاءَ بِكَتِفٍ فَكَتَبَهَا وَشَكَا ابْنُ اُمِّ مَكْتُوْمٍ ضَرَارَتَهُ فَنَزَلَتْ (لَا يَسْتَوِي الْقَاعِدُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ غَيْرُ اُولِي الضَّرَرِ)

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب یہ آیت نازل ہوئی ''مومنوں میں سے بیٹھے رہ جانے والے برابر نہیں ہیں'' تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت زید رضی اللہ عنہ کو بلایا۔ وہ (اونٹ کی) کندھے کی ہڈی لے کر آئے اور اس پر یہ آیت لکھ دی۔

حضرت ابن اُمِ مکتوم رضی اللہ عنہ نے اپنے نابینا ہونے کا عذر پیش کیا تو یہ آیت نازل ہوئی۔

''اہل ایمان میں سے بیٹھے رہ جانے والے وہ لوگ ہے جنہیں کوئی ضرر نہیں' وہ برابر نہیں ہیں''۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ غُزَاةِ الْبَحْرِ

## باب 29: بحری جنگ کی فضیلت

حدیث **2454**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **2688**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1895**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2509**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1631**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2758**
حدیث **2455**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **2676**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1898**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18671**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **4309**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **17593**

**2456**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَبَّانَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ حَدَّثَتْنِي اُمُّ حَرَامٍ بِنْتُ مِلْحَانَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي بَيْتِهَا يَوْمًا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَضْحَكَكَ قَالَ اُرِيتُ قَوْمًا مِنْ اُمَّتِي يَرْكَبُونَ ظَهْرَ هٰذَا الْبَحْرِ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ اَنْتِ مِنْهُمْ ثُمَّ نَامَ اَيْضًا فَاسْتَيْقَظَ وَهُوَ يَضْحَكُ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا اَضْحَكَكَ قَالَ اُرِيتُ قَوْمًا مِنْ اُمَّتِي يَرْكَبُونَ ظَهْرَ هٰذَا الْبَحْرِ كَالْمُلُوكِ عَلَى الْاَسِرَّةِ قُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَجْعَلَنِي مِنْهُمْ قَالَ اَنْتِ مِنَ الْاَوَّلِينَ قَالَ فَتَزَوَّجَهَا عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ فَغَزَا فِي الْبَحْرِ فَحَمَلَهَا مَعَهُ فَلَمَّا قَدِمُوا قُرِّبَتْ لَهَا بَغْلَةٌ لِتَرْكَبَهَا فَصَرَعَتْهَا فَدَقَّتْ عُنُقَهَا فَمَاتَتْ

☆☆ اُمِ حرام بنت ملحان بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم ﷺ ایک دن ان کے گھر سو گئے جب بیدار ہوئے تو آپ مسکرا رہے تھے۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ! آپ کس بات پر مسکرا رہے ہیں۔

ارشاد ہوا۔ مجھے میری امت کے کچھ لوگ دکھائے گئے جو اس سمندر کی پشت پر یوں سوار تھے جیسے بادشاہ تخت پر بیٹھے ہوتے ہیں۔ میں نے عرض کی' یارسول اللہ! میرا نام بھی ان میں شامل کریں۔ فرمایا تم ان میں شامل ہو۔ پھر رسول کریم سو گئے۔ جب بیدار ہوئے تو مسکرا رہے تھے۔ میں نے عرض کی' کیا بات ہے؟ فرمایا میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ میری امت کے کچھ لوگ سمندر کی پشت پر سوار ہیں جیسے بادشاہ تخت پر بیٹھے ہوتے ہیں۔ میں نے عرض کی۔ یارسول اللہ میرا نام بھی ان میں شامل کرلیں۔ آپ نے فرمایا۔ تمہارا نام پہلے والوں میں شامل ہے۔

راوی کہتے ہیں۔ پھر سیدہ اُمِ حرام رضی اللہ عنہا سے حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ نے شادی کرلی۔ وہ ایک بحری جنگ میں شریک ہوئے اور اپنے ساتھ سیدہ اُمِ حرام رضی اللہ عنہا کو بھی لے گئے۔ جب وہ لوگ ساحل پر پہنچے تو سیدہ اُمِ حرام رضی اللہ عنہا کے لئے ایک خچر لایا گیا تاکہ وہ سوار ہوجائیں۔ اس خچر نے انہیں گرایا جس کی وجہ سے ان کی گردن کی ہڈی ٹوٹ گئی اور ان کا انتقال ہوگیا۔

## بَابٌ فِي النِّسَاءِ يَغْزُونَ مَعَ الرِّجَالِ

## باب 30: خواتین کا مردوں کے ہمراہ لڑائی میں شریک ہونا

**2457**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ هِشَامٍ عَنْ حَفْصَةَ عَنْ اُمِّ عَطِيَّةَ قَالَتْ

حدیث **2456**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء۔ 2646

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 27417

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ 9629

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء۔ 322

حدیث **2457** "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2856

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 27341

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ 1991ء۔ 8880

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبۃ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء۔ 121

غَزَوْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَبْعَ غَزَوَاتٍ اُدَاوِي الْجَرِيْحَ اَوِ الْجَرْحٰى وَاَصْنَعُ لَهُمُ الطَّعَامَ وَاَخْلُفُهُمْ فِي رِحَالِهِمْ

☆☆ سیّدہ اُم عطیہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' مجھے نبی کریم کے ساتھ سات غزوات میں شریک ہونے کا شرف حاصل ہوا ہے۔ میں زخمیوں کو دوائی دیا کرتی تھی اور ان کے لیے کھانا تیار کرتی تھی۔ میں لوگوں سے پیچھے قیام گاہ میں رہا کرتی تھی۔

## بَابٌ فِيْ خُرُوْجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَعَ بَعْضِ نِسَائِهِ فِي الْغَزْوِ

## باب 31: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنی ازواج کو جنگ میں ساتھ لے جانا

**2458**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ اَيْمَنَ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي مُلَيْكَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا خَرَجَ اَقْرَعَ بَيْنَ نِسَائِهِ فَطَارَتِ الْقُرْعَةُ عَلٰى عَائِشَةَ وَحَفْصَةَ فَخَرَجَتَا مَعَهُ جَمِيْعًا

☆☆ سیّدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب بھی باہر تشریف لے کر جاتے تو اپنی ازواج کے درمیان قرعہ اندازی کرتے۔ ایک دفعہ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا اور سیّدہ حفصہ رضی اللہ عنہا کے درمیان قرعہ نکلا تو وہ دونوں خواتین آپ کے ساتھ گئی تھیں۔

## بَابُ فَضْلِ مَنْ رَّابَطَ يَوْمًا وَّلَيْلَةً

## باب 32: ایک دن اور رات کے لیے پہرہ دینے کی فضیلت

**2459**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ مَوْلٰى عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُثْمَانَ عَلَى الْمِنْبَرِ وَهُوَ يَقُوْلُ اِنِّي كُنْتُ كَتَمْتُكُمْ حَدِيْثًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَرَاهِيَةَ تَفَرُّقِكُمْ عَنِّي ثُمَّ بَدَا لِي اَنْ اُحَدِّثَكُمُوْهُ لِيَخْتَارَ امْرُؤٌ لِنَفْسِهِ مَا بَدَا لَهُ اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ رِبَاطُ يَوْمٍ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ يَوْمٍ فِيْمَا سِوَاهُ مِنَ الْمَنَازِلِ

☆☆ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے منبر پر یہ بات بیان کی۔ میں نے تم سے ایک حدیث چھپائی تھی جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زبانی سنی ہے کیونکہ مجھے یہ اندیشہ تھا کہ تم لوگ مجھے چھوڑ کر چلے جاؤ گے۔ لیکن پھر میں نے سوچا کہ مجھے وہ تمہارے سامنے بیان کر دینی

حدیث **2458**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **2453**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2445**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24903**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **14545**

حدیث **2459**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1667**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **267**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **17866**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **[illegible]51**

چاہئے تاکہ ہر شخص اپنی پسند کے مطابق فیصلہ کر سکے۔ میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے سنا ہے۔
''اللہ کی راہ میں ایک دن کے لیے پہرہ دینا دیگر مقامات پر ایک ہزار دن بسر کرنے سے زیادہ بہتر ہے''۔

## بَابُ فَضْلِ مَنْ مَاتَ مُرَابِطًا

## باب 33: جو شخص پہرہ دیتے ہوئے فوت ہو جائے اس کی فضیلت

**2460**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ مِشْرَحٍ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ كُلُّ مَيِّتٍ يُخْتَمُ عَلٰى عَمَلِهِ اِلَّا الْمُرَابِطَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَاِنَّهُ يُجْرٰى لَهُ عَمَلُهُ حَتّٰى يُبْعَثَ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ایک دن میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے سنا۔
''ہر مرنے والے شخص کے عمل کا دفتر بند ہو جاتا ہے سوائے اس شخص کے جو اللہ کی راہ میں پہرہ دیتے ہوئے مرے کیونکہ اس کے عمل (کا اجر و ثواب) اس وقت تک جاری رہے گا جب تک وہ دوبارہ زندہ نہ ہو جائے۔

## بَاب فَضْلِ الْخَيْلِ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 34: اللہ کی راہ میں (استعمال کیے جانے والے) گھوڑے کی فضیلت

**2461**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُرْوَةَ الْبَارِقِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

☆☆ عروہ بارقی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: گھوڑے کی پیشانیوں میں قیامت تک کے لیے خیر رکھ دی گئی ہے۔(اجر اور غنیمت)۔

**2462**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ حُصَيْنٍ وَّعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُرْوَةَ

---

حدیث **2460**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1621**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17396**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2417**
''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **803**
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1158**
حدیث **2461**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **2694**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1871**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1636**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2787**
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **999**

قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْلُ مَعْقُوْدٌ فِيْ نَوَاصِيْهَا الْخَيْرُ اِلٰى يَوْمِ الْقِيَامَةِ الْاَجْرُ وَالْمَغْنَمُ

☆☆ حضرت عروہ بارقی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: گھوڑوں کی پیشانیوں میں قیامت کے دن تک خیر رکھ دی گئی ہے اجر اور مالِ غنیمت۔

## بَابٌ مَّا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْخَيْلِ وَمَا يُكْرَهُ

## باب 35: کون سا گھوڑا پسندیدہ ہے اور کون سا ناپسندیدہ ہے

**2463**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الدِّمَشْقِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ حَدَّثَنِيْ ابْنُ لَهِيْعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ عُلَيِّ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ اَبِيْ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيِّ اَنَّ رَجُلًا قَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنِّيْ اُرِيْدُ اَنْ اَشْتَرِيَ فَرَسًا فَاَيُّهَا اَشْتَرِيْ قَالَ اشْتَرِ اَدْهَمَ اَرْثَمَ مُحَجَّلًا طَلْقَ الْيَدِ الْيُمْنٰى اَوْ مِنَ الْكُمَيْتِ عَلٰى هٰذِهِ الشِّيَةِ تَغْنَمْ وَتَسْلَمْ

☆☆ حضرت ابوقتادہ انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ میں ایک گھوڑا خریدنا چاہتا ہوں۔ کون سا خریدوں۔ ارشاد ہوا۔ وہ گھوڑا خریدو جس کی ناک اوپر والے ہونٹ اور آگے والے دائیں پاؤں کے علاوہ باقی پاؤں سفید ہوں۔ یا ''کمت'' (کی قسم) کا گھوڑا خریدلو۔ تمہیں مالِ غنیمت بھی ملے گا اور تم سلامت بھی رہو گے۔

## بَابٌ فِي السَّبْقِ

## باب 36: گھڑ دوڑ کروانا

**2464**- حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُسَابِقُ بَيْنَ الْخَيْلِ الْمُضَمَّرَةِ مِنَ الْحَفْيَا اِلَى الثَّنِيَّةِ وَالَّتِيْ لَمْ تُضَمَّرْ مِنَ الثَّنِيَّةِ اِلٰى مَسْجِدِ بَنِيْ زُرَيْقٍ وَاَنَّ ابْنَ عُمَرَ كَانَ فِيْمَنْ سَابَقَ بِهَا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تربیت یافتہ گھوڑوں کے درمیان حفیاء سے لے کر ثنیہ تک گھڑ دوڑ کا مقابلہ کرواتے تھے اور جو گھوڑے تربیت یافتہ نہ ہوتے ان کے درمیان ثنیہ سے مسجد بنو زریق تک مقابلہ کرواتے تھے۔

حدیث **2463**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1696**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2789**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22614**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4676**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **2458**

حدیث **2464**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **410**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **3584**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4594**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **4692**

(راوی کہتے ہیں) حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بھی ان لوگوں میں شامل ہیں جنہوں نے اس گھڑ دوڑ میں حصہ لیا تھا۔

# بَابٌ فِيْ رِهَانِ الْخَيْلِ

## باب 37: گھڑ دوڑ کا بیان

**2465**- اَخْبَرَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنِي الزُّبَيْرُ بْنُ الْخِرِّيتِ عَنْ اَبِيْ لَبِيْدٍ قَالَ اَجْرَيْتُ الْخَيْلَ فِيْ زَمَنِ الْحَجَّاجِ وَالْحَكَمُ بْنُ اَيُّوْبَ عَلَى الْبَصْرَةِ فَاَتَيْنَا الرِّهَانَ فَلَمَّا جَائَتِ الْخَيْلُ قَالَ قُلْنَا لَوْ مِلْنَا اِلَى اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ فَسَاَلْنَاهُ اَكَانُوْا يُرَاهِنُوْنَ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فَاَتَيْنَاهُ وَهُوَ فِيْ قَصْرِهٖ فِي الزَّاوِيَةِ فَسَاَلْنَاهُ فَقُلْنَا يَا اَبَا حَمْزَةَ اَكُنْتُمْ تُرَاهِنُوْنَ عَلَى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُرَاهِنُ قَالَ نَعَمْ لَقَدْ رَاهَنَ عَلَى فَرَسٍ لَّهٗ يُقَالُ لَهٗ سَبْحَةُ فَسَبَقَ النَّاسَ فَاَنْهَشَ لِذٰلِكَ وَاَعْجَبَهٗ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَنْهَشَ يَعْنِيْ اَعْجَبَهٗ

☆☆ ابولبید بیان کرتے ہیں۔حجاج کے زمانے میں جب حکم بن ایوب بصرہ کا گورنر تھا۔میں نے اپنے گھوڑے کو تیار کیا ہم گھڑ دوڑ کروانے والے کے پاس آئے۔جب گھوڑے آ گئے تو ہم نے سوچا اگر ہم حضرت انس بن مالک کے پاس جائیں تو ان سے اس بارے میں دریافت کریں گے کیا وہ لوگ بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانے میں گھڑ دوڑ کرواتے تھے۔(تو یہ مناسب ہوگا) حبیب کہتے ہیں ہم لوگ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔وہ زاویہ (نامی علاقے) میں موجود تھے۔ہم نے ان سے یہ سوال کیا کہ کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اپنے زمانہ میں گھوڑوں کا مقابلہ کروایا کرتے تھے؟۔انہوں نے جواب دیا: ہاں۔

اللہ کی قسم! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے گھوڑے کو مقابلہ میں شامل کروایا تھا۔جس کا نام ''سبحہ'' تھا۔پھر آپ لوگوں سے آگے نکل گئے تو آپ کو بہت خوشی ہوئی۔

امام عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں حدیث میں جو ''انہش'' لفظ استعمال ہوا ہے اس کا مطلب ہے۔کوئی بات پسند آ جانا۔

# بَابٌ فِيْ جِهَادِ الْمُشْرِكِيْنَ بِاللِّسَانِ وَالْيَدِ

## باب 38: مشرکین کے ساتھ زبان اور ہاتھ کے ساتھ جہاد کرنا

**2466**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

حدیث **2465**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12648**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **19559**

''معجم اوسط'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر **1415**ھ **8850**

حدیث **2466**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2504**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء **3096**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12268**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی' ... بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4708**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2427**

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ جَاهِدُوا الْمُشْرِكِيْنَ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ وَاَلْسِنَتِكُمْ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مشرکین کے ساتھ اپنے اموال۔ اپنی ذات اور اپنی زبانوں کے ساتھ جہاد کرو۔

## بَابٌ لَا تَزَالُ طَائِفَةٌ مِّنْ هٰذِهِ الْاُمَّةِ يُقَاتِلُوْنَ عَلَى الْحَقِّ

## باب 39: اس امت کا ایک گروہ ہمیشہ حق کی خاطر جنگ کرتا رہے گا

**2467**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ اَبِىْ حَازِمٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ شُعْبَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ قَوْمٌ مِّنْ اُمَّتِىْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى النَّاسِ حَتّٰى يَاْتِىَ اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ ظَاهِرُوْنَ

☆☆ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' میری اُمت کا ایک گروہ ہمیشہ لوگوں پر غالب رہے گا یہاں تک کہ جب اللہ تعالیٰ کا حکم (یعنی قیامت) آئے گا اس وقت بھی وہ لوگ غالب ہوں گے۔

**2468**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوُدَ الطَّيَالِسِىُّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ ابْنِ الرَّبِيْعِ عَنْ عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ قَالَ سَمِعْتُهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَزَالُ نَاسٌ مِّنْ اُمَّتِىْ ظَاهِرِيْنَ عَلَى الْحَقِّ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: میری اُمت کے کچھ افراد ہمیشہ حق پر ثابت قدم رہیں گے۔

## بَابٌ فِىْ قِتَالِ الْخَوَارِجِ

## باب 40: خوارج کے ساتھ جنگ کرنا

**2469**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ بْنِ قَعْنَبٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ هُوَ ابْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِىْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ بَعْدِىْ مِنْ اُمَّتِىْ قَوْمًا يَقْرَئُوْنَ الْقُرْاٰنَ لَا يُجَاوِزُ حَلَاقِيْمَهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الدِّيْنِ كَمَا يَخْرُجُ السَّهْمُ مِنَ الرَّمِيَّةِ ثُمَّ لَا يَعُوْدُوْنَ فِيْهِ هُمْ شَرُّ الْخَلْقِ وَالْخَلِيْقَةِ قَالَ سُلَيْمَانُ قَالَ حُمَيْدٌ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّامِتِ فَلَقِيْتُ رَافِعًا اَخَا الْحَكَمِ بْنِ عَمْرٍو الْغِفَارِىِّ فَحَدَّثْتُهُ هٰذَا الْحَدِيْثَ قَالَ رَافِعٌ وَّاَنَا اَيْضًا سَمِعْتُهُ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم نے ارشاد فرمایا ہے' میرے بعد میری اُمت میں ایک فرقہ پیدا ہوگا۔ وہ لوگ قرآن پڑھیں گے لیکن وہ قرآن صرف ان کے حلق تک ہوگا۔ وہ لوگ دین سے اس طرح نکل جائیں گے جیسے تیر نشانے کے پار

حدیث 2467: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی بیروت' لبنان 1921

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم موصل 1404ھ/1983ء 959

ہو جاتا ہے اور پھر واپس دین میں نہیں آئیں گے وہ لوگ مخلوق میں سب سے بدتر افراد ہوں گے۔

حدیث 2469: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 4771

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1067

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4765

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 170

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 478

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 11506

# وَمِنْ كِتَابِ السِّيَرِ

# سیر کا بیان

## بَابٌ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا

## باب 1: (نبی اکرم ﷺ کی دعا' اے اللہ) میری امت کے صبح کے کاموں میں برکت عطا کر

**2470**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عُمَارَةَ بْنِ حَدِيْدٍ عَنْ صَخْرٍ الْغَامِدِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِأُمَّتِيْ فِيْ بُكُوْرِهَا وَكَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا بَعَثَ سَرِيَّةً بَعَثَهَا مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ قَالَ فَكَانَ هٰذَا الرَّجُلُ رَجُلًا تَاجِرًا فَكَانَ يَبْعَثُ غِلْمَانَهُ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ فَكَثُرَ مَالُهُ

☆☆ حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کی یہ دعا نقل کرتے ہیں' 'اے اللہ' میری اُمت کے صبح کے کاموں میں برکت عطا کر''۔

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ جب بھی کوئی مہم روانہ کرتے تھے تو اسے دن کے ابتدائی حصے میں روانہ کیا کرتے تھے۔

(راوی کہتے ہیں) یہ صاحب (یعنی اس حدیث کے راوی حضرت صخر غامدی رضی اللہ عنہ) تاجر آدمی تھے وہ اپنے ملازمین کو دن کے ابتدائی حصے میں (تجارت کے لیے) بھیجا کرتے تھے۔ تو ان کا مال بہت زیادہ ہو گیا تھا۔

## بَابٌ فِي الْخُرُوْجِ يَوْمَ الْخَمِيْسِ

## باب 2: جمعرات کے دن (جہاد یا سفر کے لیے) روانہ ہونا

**2471**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا يُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ لَقَلَّمَا

---

حدیث **2470**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2606**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1212**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15476**

حدیث **2471**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **2789**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2605**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15819**

كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْرُجُ إِذَا اَرَادَ سَفَرًا إِلَّا يَوْمَ الْخَمِيسِ

☆☆ حضرت عبدالرحمٰن بن کعب رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر پر روانہ ہونے لگتے تو عام طور پر جمعرات کے دن روانہ ہوتے۔

## بَابٌ فِيْ حُسْنِ الصَّحَابَةِ

## باب 3: (سفر کے ساتھیوں کے ساتھ) اچھا سلوک کرنا

**2472**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَابْنُ لَهِيعَةَ قَالَا حَدَّثَنَا شُرَحْبِيلُ بْنُ شَرِيكٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيَّ يُحَدِّثُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ خَيْرُ الْاَصْحَابِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِصَاحِبِهٖ وَخَيْرُ الْجِيرَانِ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرُهُمْ لِجَارِهٖ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہترین ساتھی وہ شخص ہے جو اپنے ساتھی کے لیے سب سے زیادہ بہتر ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے بہترین پڑوسی وہ ہے جو اپنے پڑوسی کے لیے سب سے زیادہ بہتر ہو۔

## بَابٌ فِيْ خَيْرِ الْاَصْحَابِ وَالسَّرَايَا وَالْجُيُوشِ

## باب 4: بہترین ساتھی' مہم اور لشکر کا بیان

**2473**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا حِبَّانُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ يُوْنُسَ وَعُقَيْلٍ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُ الْاَصْحَابِ اَرْبَعَةٌ وَخَيْرُ الْجُيُوشِ اَرْبَعَةُ

---

بقیہ: حدیث **2471**: "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2517

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 8787

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 10087

حدیث **2472**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1944

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 6566

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 518

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2539

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 1620

حدیث **2473**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 2718

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 18262

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 2714

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ — 9699

اَلْافٍ وَّخَیْرُ السَّرَایَا اَرْبَعُ مِائَةٍ وَّمَا بَلَغَ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا فَصَبَرُوْا وَصَدَقُوْا فَغُلِبُوْا مِنْ قِلَّةٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشادفرمایا: بہترین ساتھی چار ہیں اور بہترین لشکر چار ہزار کا ہے اور بہترین مہم چار سوافراد کی ہے اور اگر گروہ بارہ ہزار ہوں اور صبر کریں اور سچ بولیں تو قلت کی وجہ سے مغلوب نہیں ہوں گے۔

## بَاب وَصِيَّةِ الْإِمَامِ لِلسَّرَايَا

## باب 5: حاکم کا مہم میں ہدایت دینا

**2474**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ رَجُلًا عَلٰى سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ فِيْ خَاصَّةِ نَفْسِهٖ بِتَقْوَى اللّٰهِ وَبِمَنْ مَّعَهٗ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ خَيْرًا وَّقَالَ اغْزُوْا بِسْمِ اللّٰهِ وَفِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ قَاتِلُوْا مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ اغْزُوْا وَلَا تَغْدِرُوْا وَلَا تَغُلُّوْا وَلَا تُمَثِّلُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا وَلِيْدًا

☆☆ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' جب نبی اکرم ﷺ کسی شخص کو کسی مہم کا امیر مقرر کرتے تو اسے بطور خاص اپنے بارے میں اللہ سے ڈرنے کی اور اپنے ساتھی مسلمانوں کے بارے میں بھلائی کی تلقین کرتے اور ارشاد فرماتے۔ اللہ کا نام لے کر جنگ شروع کرنا۔ اللہ کے راستے میں لڑنا جو شخص اللہ کا انکار کرے اس سے جنگ لڑنا۔ جنگ کرتے رہنا۔ بدعہدی نہیں کرنا خیانت نہ کرنا اور مثلہ نہ کرنا اور بچوں کو قتل نہ کرنا۔

## بَابٌ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ

## باب 6: دشمن کا سامنا کرنے کی آرزو نہ کرو

**2475**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِيَادٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَتَمَنَّوْا لِقَاءَ الْعَدُوِّ وَسَلُوا اللّٰهَ الْعَافِيَةَ فَاِنْ لَقِيْتُمُوْهُمْ فَاثْبُتُوْا وَاَكْثِرُوْا ذِكْرَ اللّٰهِ فَاِنْ اَجْلَبُوْا وَضَجُّوْا فَعَلَيْكُمْ بِالصَّمْتِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ دشمن کا سامنا کرنے کی آرزو نہ کرو اور اللہ تعالی سے عافیت طلب کرو۔ جب تمہارا اس سے سامنا ہو جائے تو ثابت قدم رہو اور اللہ کا ذکر کثرت سے کرو۔ اگر وہ چلائیں اور شور کریں تو تم

حدیث **2474**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2858**

حدیث **2475**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **2804**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1741**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2631**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9186**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2413**

خاموشی اختیار کرو۔

## بَابٌ فِی الدُّعَاءِ عِنْدَ الْقِتَالِ

## باب 7: لڑائی کے وقت دعا کرنا

**2476**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِی لَيْلٰی عَنْ صُهَيْبٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو اَيَّامَ حُنَيْنٍ اللّٰهُمَّ بِكَ اُحَاوِلُ وَبِكَ اُصَاوِلُ وَبِكَ اُقَاتِلُ

☆☆ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے غزوۂ حنین کے دن یہ دعا مانگی ''اے اللہ! میں تیری ہی مدد کے ذریعے چلتا پھرتا ہوں اور تیری ہی مدد سے حملہ کرتا ہوں اور تیری ہی مدد کے ذریعے جنگ کرتا ہوں''۔

## بَابٌ فِی الدَّعْوَةِ اِلَی الْاِسْلَامِ قَبْلَ الْقِتَالِ

## باب 8: لڑائی سے پہلے اسلام کی دعوت دینا

**2477**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَمَّرَ رَجُلًا عَلٰی سَرِيَّةٍ اَوْصَاهُ اِذَا لَقِيْتَ عَدُوَّكَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ فَادْعُهُمْ اِلٰی اِحْدٰی ثَلَاثِ خِلَالٍ اَوْ ثَلَاثِ خِصَالٍ فَاَيَّتُهُمْ اَجَابُوْكَ اِلَيْهَا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی الْاِسْلَامِ فَاِنْ هُمْ اَجَابُوْكَ فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ ثُمَّ ادْعُهُمْ اِلَی التَّحَوُّلِ مِنْ دَارِهِمْ اِلٰی دَارِ الْمُهَاجِرِيْنَ وَاَخْبِرْهُمْ اِنْ هُمْ فَعَلُوْا اَنَّ لَهُمْ مَا لِلْمُهَاجِرِيْنَ وَاَنَّ عَلَيْهِمْ مَا عَلَی الْمُهَاجِرِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاَخْبِرْهُمْ اَنَّهُمْ يَكُوْنُوْنَ كَاَعْرَابِ الْمُسْلِمِيْنَ يَجْرِیْ عَلَيْهِمْ حُكْمُ اللّٰهِ الَّذِیْ يَجْرِیْ عَلَی الْمُسْلِمِيْنَ وَلَيْسَ لَهُمْ فِی الْفَیْءِ وَالْغَنِيْمَةِ نَصِيْبٌ اِلَّا اَنْ يُّجَاهِدُوْا مَعَ الْمُسْلِمِيْنَ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا اَنْ يَّدْخُلُوْا فِی الْاِسْلَامِ فَسَلْهُمْ اِعْطَاءَ الْجِزْيَةِ فَاِنْ فَعَلُوْا فَاقْبَلْ مِنْهُمْ وَكُفَّ عَنْهُمْ فَاِنْ هُمْ اَبَوْا فَاسْتَعِنْ بِاللّٰهِ وَقَاتِلْهُمْ وَاِنْ حَاصَرْتَ اَهْلَ حِصْنٍ فَاِنْ اَرَادُوْكَ اَنْ تَجْعَلَ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ نَبِيِّهِ فَلَا تَجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّةَ اللّٰهِ وَلَا ذِمَّةَ نَبِيِّهِ وَلٰكِنِ اجْعَلْ لَهُمْ ذِمَّتَكَ وَذِمَّةَ اَبِيْكَ وَذِمَّةَ اَصْحَابِكَ فَاِنَّكُمْ اِنْ تُخْفِرُوْا بِذِمَّتِكُمْ وَذِمَّةِ اٰبَائِكُمْ اَهْوَنُ عَلَيْكُمْ مِنْ اَنْ تُخْفِرُوْا ذِمَّةَ اللّٰهِ وَذِمَّةَ رَسُوْلِهٖ وَاِنْ حَاصَرْتَ حِصْنًا فَاَرَادُوْكَ اَنْ يَّنْزِلُوْا عَلٰی حُكْمِ اللّٰهِ فَلَا تُنْزِلْهُمْ عَلٰی حُكْمِ اللّٰهِ وَلٰكِنْ اَنْزِلْهُمْ عَلٰی حُكْمِكَ فَاِنَّكَ لَا تَدْرِیْ اَتُصِيْبُ حُكْمَ اللّٰهِ فِيْهِمْ اَمْ لَا ثُمَّ اقْضِ فِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ

☆☆ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب کسی شخص کو کسی مہم کا امیر مقرر کرتے تو اسے یہ ہدایت کرتے جب تمہارا اپنے کسی مشرک دشمن سے سامنا ہو تو انہیں تین میں سے کسی ایک بات کو قبول کرنے کی دعوت دو۔ ان میں سے

حدیث 2476: "صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 4758

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 29585

"مسند شہاب" امام ابوعبداللہ محمد بن سلامہ بن جعفر القضاعی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1407ھ/1986ء — 1483

جو بھی بات وہ قبول کرلیں اس کو ان کی طرف سے تم قبول کر لینا اور ان سے لڑائی سے رک جانا۔

تم انہیں اسلام کی دعوت دو۔ اگر وہ قبول کرلیں تو ان کی طرف سے اسے قبول کر لینا اور لڑائی سے رک جانا۔ (اگر نہ مانیں)

پھر تم انہیں دعوت دو کہ وہ اپنے علاقے کو چھوڑ کر مہاجرین کے علاقے کی طرف آجائیں اور اگر وہ ایسا کریں تو تم انہیں بتا دینا کہ انہیں وہی کچھ ملے گا جو مہاجرین کو ملتا ہے اور ان کے ذمے وہی ادائیگی لازم ہوگی جو مہاجرین کے ذمے لازم ہے۔

اگر وہ انکار کریں تو تم انہیں بتانا کہ وہ لوگ دیہاتی مسلمانوں کی مانند ہوں گے ان پر اللہ کے وہ تمام احکام جاری ہوں گے جو مسلمانوں پر ہوتے ہیں۔ انہیں مالِ فئی اور مالِ غنیمت میں سے کچھ نہیں ملے گا البتہ اگر وہ مسلمانوں کے ساتھ جہاد میں شریک ہوں (تو انہیں حصہ ملے گا) اگر وہ اسلام میں داخل ہونے سے انکار کر دیں تو تم انہیں جزیہ ادا عطا کرنے کا کہو۔ اگر وہ ایسا کریں تو ان کی طرف سے یہ قبول کرلو اور لڑائی بند کر دو۔ اگر وہ انکار کریں تو اللہ سے مدد حاصل کرتے ہوئے ان سے جنگ شروع کر دو۔

اگر تم کسی قلعہ والوں کا محاصرہ کرو اور وہ یہ چاہیں کہ تم انہیں اللہ کے ذمے اور اس کے نبی کے ذمے کرو تو تم انہیں اللہ کا ذمہ اور اس کے نبی کا ذمہ نہ دو بلکہ انہیں اپنا اور اپنے باپ کا ذمہ اور اپنے ساتھیوں کا ذمہ دو کیونکہ تم اپنے ذمے اور اپنے باپ دادا کے ذمے کی خلاف ورزی کرو۔ یہ تمہارے حق میں اس سے کم نقصان دہ ہے کہ تم اللہ اور اس کے رسول کے ذمے کی خلاف ورزی کرو۔

اگر تم کسی قلعہ کا محاصرہ کرو اور وہ یہ چاہیں کہ تمہیں اللہ کے حکم پر لے آئیں تو تم ان کے ساتھ اللہ کے حکم پر معاہدہ نہ کرو بلکہ اپنے فیصلے پر معاہدہ کرو کیونکہ تم یہ نہیں جانتے کہ تم ان کے بارے میں اللہ کے حکم تک پہنچ پاؤ گے یا نہیں۔ پھر تم ان کے بارے میں جو چاہو فیصلہ کرو۔

**2478**- قَالَ عَلْقَمَةُ فَحَدَّثْتُ بِهِ مُقَاتِلَ بْنَ حَيَّانَ فَقَالَ حَدَّثَنِي مُسْلِمُ بْنُ هَيْصَمٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ مُقَرِّنٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**2479**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ مُوسَى عَنْ سُفْيَانَ عَنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا قَاتَلَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَوْمًا حَتَّى دَعَاهُمْ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ سُفْيَانُ لَمْ يَسْمَعْ مِنِ ابْنِ اَبِي نَجِيحٍ يَعْنِي هٰذَا الْحَدِيثَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی بھی قوم کے ساتھ اس وقت تک جنگ نہیں کی جب تک انہیں دعوت نہیں دی۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: سفیان نامی راوی نے ابن ابی نجیح سے یہ حدیث نہیں سنی ہے۔

## بَابُ الْاِغَارَةِ عَلَى الْعَدُوِّ

## باب 9: دشمن پر اچانک حملہ کرنا

**2480**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ

حدیث **2480**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2634**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1299**

وَسَلَّمَ كَانَ يُغِيرُ عِنْدَ صَلٰوةِ الْفَجْرِ وَكَانَ يَسْتَمِعُ فَإِنْ سَمِعَ اَذَانًا اَمْسَكَ وَإِنْ لَّمْ يَسْمَعْ اَذَانًا اَغَارَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم صبح کی نماز کے وقت حملہ کیا کرتے تھے۔آپ دھیان رکھتے تھے۔اگر آپ کو اذان کی آواز سنائی دیتی تو حملہ نہیں کرتے تھے اور اگر نہ سنائی دیتی تو حملہ کر دیتے تھے۔

## بَابٌ فِي الْقِتَالِ عَلٰى قَوْلِ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

## باب 10: لا الہ الا اللہ کا اعتراف کروانے کے لیے جنگ کرنا

**2481**- اَخْبَرَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ سَمِعْتُ اَوْسَ بْنَ اَبِي اَوْسٍ الثَّقَفِيَّ قَالَ اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ قَالَ وَكُنْتُ فِي اَسْفَلِ الْقُبَّةِ لَيْسَ فِيهَا اَحَدٌ اِلَّا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَائِمٌ اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهُ فَقَالَ اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ ثُمَّ قَالَ اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ قَالَ شُعْبَةُ وَاَشُكُّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ قَالَ بَلٰى قَالَ اِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتّٰى يَقُولُوا لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ فَاِذَا قَالُوهَا حَرُمَتْ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ وَاَمْوَالُهُمْ اِلَّا بِحَقِّهَا وَحِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ قَالَ وَهُوَ الَّذِي قَتَلَ اَبَا مَسْعُودٍ قَالَ وَمَا مَاتَ حَتّٰى قَتَلَ خَيْرَ اِنْسَانٍ بِالطَّائِفِ

☆☆ حضرت اوس بن ابواوس ثقفی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔میں ثقیف قبیلے کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔میں نیچے والے قبہ میں موجود تھا۔اس میں کوئی موجود نہیں تھا۔صرف نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سو رہے تھے۔ایک شخص آپ کے پاس آیا اور آہستہ آواز میں آپ سے کوئی بات کہی۔آپ نے فرمایا جاؤ اور اسے قتل کر دو۔پھر آپ نے دریافت کیا کیا وہ یہ گواہی نہیں دیتا کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے؟ (شعبہ نامی راوی کی روایت میں یہ الفاظ زائد ہیں) اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے رسول ہیں۔اس شخص نے عرض کی جی ہاں! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں کے ساتھ اس وقت تک جنگ کروں جب تک وہ یہ اعتراف نہ کر لیں کہ خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور اگر وہ یہ اعتراف کر لیں تو ان کی جان اور اموال میرے لیے محترم ہو جائیں گے۔البتہ ان کا حق باقی رہے گا۔

راوی کہتے ہیں۔یہ وہی شخص ہے جس نے حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ کو قتل کیا تھا۔

راوی کہتے ہیں یہ شخص اس وقت تک نہیں مرا جب تک اس نے طائف میں موجود سب سے بہترین آدمی کو قتل نہ کر دیا۔

## بَابٌ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ

## باب 11: جو شخص اس بات کی گواہی دیتا ہو کہ اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے اس کا خون بہانا حلال نہیں ہے (جائز نہیں ہے)

**2482**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَحِلُّ دَمُ رَجُلٍ يَّشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلَّا اِحْدٰى ثَلَاثَةِ نَفَرٍ النَّفْسُ بِالنَّفْسِ وَالثَّيِّبُ الزَّانِي وَالتَّارِكُ لِدِينِهِ الْمُفَارِقُ لِلْجَمَاعَةِ

• ☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی اور معبود نہیں ہے اس کا خون بہانا جائز نہیں۔ البتہ ان تین میں سے کسی ایک صورت میں اسے بہایا جاسکتا ہے۔ جان کے بدلے میں جان' یا شادی شدہ زانی شخص یا اپنے دین (اسلام) کو چھوڑ کر (مسلمانوں کی) جماعت سے علیحدگی اختیار کرنے والے شخص (کا خون بہانا جائز ہے)

## بَابٌ فِی بَیَانِ قَوْلِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ

## باب 12: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فرمان کا بیان "نماز شروع ہونے لگی ہے"

**2483**- حَدَّثَنَا سُلَیْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ شَیْبَانَ عَنْ خَالِدِ بْنِ سُمَیْرٍ قَالَ قَدِمَ عَلَیْنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَبَاحٍ الْاَنْصَارِیُّ وَکَانَتِ الْاَنْصَارُ تُفَقِّهُهُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قَتَادَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ جَیْشَ الْاُمَرَاءِ قَالَ فَانْطَلَقُوْا فَلَبِثُوا مَا شَآءَ اللّٰهُ ثُمَّ صَعِدَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ الْمِنْبَرَ فَاَمَرَ فَنُوْدِیَ الصَّلٰوةُ جَامِعَةٌ

☆☆ خالد بن سمیر بیان کرتے ہیں' حضرت عبداللہ بن رباح انصاری رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ انصار ان کی سمجھ بوجھ کے قائل تھے۔ انہوں نے بتایا کہ حضرت ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے ہمیں یہ بات بتائی ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مہم روانہ کی آپ نے ہدایت کی وہ روانہ ہوئے اور لوگ اتنی دیر تک ٹھہرے رہے جتنی اللہ کی مرضی تھی۔ پھر آپ منبر پر چڑھے تو آپ کی ہدایت کے تحت یہ اعلان ہوا نماز ہونے لگی ہے۔

## بَابٌ فِی الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

## باب 13: جس شخص سے مشورہ لیا جائے گویا اس کے سپرد امانت ہوتی ہے

**2484**- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شَرِیْكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ عَنْ اَبِیْ مَسْعُوْدٍ

---

حدیث **2482**: "صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **6484**

"صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1676**

"سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4352**

"جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1402**

"سنن نسائی' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **4017**

حدیث **2484**: "سنن ابی داؤد' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5128**

"جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2822**

"مسند احمد' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22414**

"سنن بیہقی کبریٰ' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **20110**

"مسند ابویعلیٰ' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء **6966**

"معجم کبیر' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **1870**

الْاَنْصَارِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْمُسْتَشَارُ مُؤْتَمَنٌ

☆☆ حضرت ابومسعود انصاری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جس سے مشورہ لیا جائے گویا اس کے پاس امانت رکھی گئی۔

## بَابٌ فِي الْحَرْبِ خُدْعَةٌ

## باب 14: جنگ میں دھوکہ دینا

**2485**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا ابْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَرَادَ غَزْوَةً وَرَّى بِغَيْرِهَا

☆☆ حضرت ابوکعب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی جنگ کا ارادہ کرتے تھے تو اسے دوسری سمت میں ظاہر کرتے تھے۔

## بَابُ الشِّعَارِ

## باب 15: علامتی نشان

**2486**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وَكِيْعٌ عَنْ اَبِيْ عُمَيْسٍ عَنْ اِيَاسِ بْنِ سَلَمَةَ بْنِ الْاَكْوَعِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ بَارَزْتُ رَجُلًا فَقَتَلْتُهُ فَنَفَّلَنِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَلَبَهُ فَكَانَ شِعَارُنَا مَعَ خَالِدِ بْنِ الْوَلِيْدِ اَمِتْ اَمِتْ اقْتُلْ

☆☆ ایاس بن سلمہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے ایک شخص کو مقابلے کی دعوت دی اور اسے قتل کر دیا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کا سازوسامان مجھے عطا کر دیا (راوی کہتے ہیں) حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کے ہمراہ ہمارا نعرہ یہ تھا قتل کر دو۔

## بَابٌ فِيْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ

## باب 16: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان ''ان کے چہرے بگڑ جائیں''

**2487**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ وَعَفَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَسَارٍ اَبِيْ هَمَّامٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْفِهْرِيِّ قَالَ كُنَّا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزْوَةِ حُنَيْنٍ فَكُنَّا فِيْ يَوْمٍ قَائِظٍ شَدِيْدِ الْحَرِّ فَنَزَلْنَا تَحْتَ ظِلَالِ الشَّجَرِ فَذَكَرَ الْقِصَّةَ ثُمَّ اَخَذَ كَفًّا مِنْ تُرَابٍ قَالَ فَحَدَّثَنِي الَّذِيْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنِّيْ اَنَّهُ ضَرَبَ بِهِ وُجُوْهَهُمْ وَقَالَ شَاهَتِ الْوُجُوْهُ فَهَزَمَ اللّٰهُ الْمُشْرِكِيْنَ قَالَ يَعْلٰى فَحَدَّثَنِيْ اَبْنَاؤُهُمْ اَنَّ اٰبَاءَهُمْ قَالُوْا فَمَا بَقِيَ مِنَّا اَحَدٌ اِلَّا امْتَلَاَتْ عَيْنَاهُ وَفَمُهُ تُرَابًا

☆☆ حضرت ابوعبدالرحمٰن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ غزوہ حنین میں شریک ہوئے۔ یہ سخت گرمی کے

حدیث **2486**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 16539

دن تھے۔ ہم نے درختوں کے سائے کے نیچے پڑاؤ کیا۔ (اس کے بعد راوی نے قصہ بیان کیا ہے' جس کے آخر میں یہ بات ہے) پھر نبی اکرم ﷺ نے مٹھی میں مٹی پکڑی اور جو شخص اس وقت نبی اکرم ﷺ کے مجھ سے زیادہ قریب تھا۔ انہوں نے مجھے بتایا آپ نے مٹی ان کفار کے چہروں کی طرف پھینک کر فرمایا ان کے چہرے بگڑ جائیں تو اللہ تعالیٰ نے مشرکین کو شکست سے دوچار کیا۔

راوی بیان کرتے ہیں ان لوگوں کی اولاد نے ہمیں یہ بات بتائی ہے کہ اس وقت ہم میں سے ہر شخص کی آنکھوں اور منہ میں مٹی بھر گئی تھی۔

## بَابٌ فِیْ بَیْعَةِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ

## باب 17: نبی اکرم ﷺ کا بیعت لینا

**2488**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا یُوْنُسُ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ اَبِیْ اِدْرِیْسَ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ مَعَهٗ فِیْ مَجْلِسٍ بَایِعُوْنِیْ عَلٰی اَنْ لَّا تُشْرِکُوا بِاللّٰهِ شَیْئًا وَّلَا تَسْرِقُوْا وَلَا تَزْنُوْا وَلَا تَقْتُلُوْا اَوْلَادَکُمْ وَلَا تَاْتُوْا بِبُهْتَانٍ تَفْتَرُوْنَهٗ بَیْنَ اَیْدِیْکُمْ وَاَرْجُلِکُمْ فَمَنْ وَّفٰی مِنْکُمْ فَاَجْرُهٗ عَلَی اللّٰهِ وَمَنْ اَصَابَ شَیْئًا مِّنْ ذٰلِکَ فَسَتَرَهُ اللّٰهُ فَاَمْرُهٗ اِلَی اللّٰهِ اِنْ شَآءَ عَاقَبَهٗ وَاِنْ شَآءَ عَفَا عَنْهُ وَمَنْ اَصَابَ مِنْ ذٰلِکَ شَیْئًا فَعُوْقِبَ بِهٖ فِی الدُّنْیَا فَهُوَ کَفَّارَةٌ لَّهٗ قَالَ فَبَایَعْنَاهُ عَلٰی ذٰلِکَ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت ؓ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ہمیں یہ بات ارشاد فرمائی۔ ہم لوگ اس وقت آپ کے ہمراہ ایک مجلس میں شریک تھے کہ تم میرے ہاتھ پر اس بات پر بیعت کرو کہ تم اللہ کے ساتھ کسی کو شریک نہیں ٹھہراؤ گے اور چوری نہیں کرو گے اور زنا نہیں کرو گے اور اپنی اولاد کو قتل نہیں کرو گے اور کسی پر جھوٹا الزام عائد نہیں کرو گے۔ تم میں سے جو شخص اس کو پورا کرے گا اس کا اجر اللہ کے ذمے ہے اور جو ان میں سے کسی حرکت کا مرتکب ہو تو اللہ اسے چھپا لے تو یہ اللہ کا معاملہ ہے کہ اگر وہ چاہے تو اسے عذاب دے اور اگر چاہے تو اس سے درگزر کرے اور جو ان میں سے کسی حرکت کا مرتکب ہو تو اگر دنیا میں اس کو اس کی سزا مل جائے تو وہ اس کے لیے کفارہ بن جائے گی۔

راوی کہتے ہیں ہم نے ان باتوں پر بیعت کر لی۔

## بَابٌ فِیْ بَیْعَتِهٖ اَنْ لَّا یَفِرُّوْا

## باب 18: فرار نہ ہونے کی بیعت لینا

حدیث **2488**: "صحیح بخاری' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء [illegible]18

"صحیح مسلم' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان [illegible]1709

"جامع ترمذی' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان [illegible]439

"معجم اوسط' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' دار الحرمین' قاہرہ' مصر 1415ھ [illegible]023

"سنن ابن ماجہ' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان [illegible]1527

**2489** - اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ كُنَّا يَوْمَ الْحُدَيْبِيَةِ اَلْفًا وَّاَرْبَعَ مِائَةٍ فَبَايَعْنَاهُ وَعُمَرُ اٰخِذٌ بِيَدِهٖ تَحْتَ الشَّجَرَةِ وَهِىَ سَمُرَةٌ وَّقَالَ بَايَعْنَاهُ عَلٰى اَنْ لَّا نَفِرَّ وَلَمْ نُبَايِعْهُ عَلَى الْمَوْتِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں غزوہ حدیبیہ کے موقع پر ہماری تعداد ایک ہزار چار سو تھی۔ ہم نے آپ کے دست اقدس پر بیعت کی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے درخت کے نیچے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا دست اقدس پکڑا ہوا تھا۔

راوی کہتے ہیں یہ سمرہ (نامی درخت تھا)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں ہم نے یہ بیعت کی کہ ہم فرار نہیں ہوں گے ہم نے آپ کے ہاتھ پر موت کی بیعت نہیں کی تھی۔

## بَابٌ فِیْ حَفْرِ الْخَنْدَقِ

## باب 19: خندق کھودنا

**2490** - اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْقُلُ مَعَنَا التُّرَابَ يَوْمَ الْاَحْزَابِ وَقَدْ وَارَى التُّرَابُ بَيَاضَ اِبْطَيْهِ وَهُوَ يَقُوْلُ اللّٰهُمَّ لَوْلَا اَنْتَ مَا اهْتَدَيْنَا وَلَا تَصَدَّقْنَا وَلَا صَلَّيْنَا فَاَنْزِلَنْ سَكِيْنَةً عَلَيْنَا وَثَبِّتِ الْاَقْدَامَ اِنْ لَّاقَيْنَا اِنَّ الْاُولٰى قَدْ بَغَوْا عَلَيْنَا وَاِنْ اَرَادُوْا فِتْنَةً اَبَيْنَا وَيَرْفَعُ بِهَا صَوْتَهُ

☆☆ حضرت براء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں غزوہ احزاب کے موقع پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بھی ہمارے ہمراہ مٹی منتقل کر رہے تھے۔ مٹی نے آپ کی بغلوں کی سفیدی کو ڈھانپ لیا تھا آپ نے یہ دعا پڑھی۔

"اے اللہ! اگر تیری ذات نہ ہوتی تو ہم ہدایت حاصل نہ کر پاتے۔ ہم صدقہ نہ کرتے اور نماز نہ پڑھتے تو ہمارے اوپر سکینت نازل کر اور جب ہمارا دشمن سے سامنا ہو تو ہمیں ثابت قدم رکھ۔

بے شک دشمن نے ہم پر چڑھائی کر دی ہے وہ لوگ فتنہ چاہتے ہیں اور ہم انہیں روکیں گے"۔

---

حدیث **2489**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **3384**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — **4857**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **14865**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — **16335**

حدیث **2490**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **6246**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **1803**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **16558**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — **4535**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ 1991ء — **8857**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ 1984ء — **1716**

(راوی کہتے ہیں) نبی اکرم ﷺ بلند آواز میں یہ پڑھ رہے تھے۔

## بَابٌ كَيْفَ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَكَّةَ

## باب 20: نبی اکرم ﷺ مکہ میں کیسے داخل ہوئے

**2491**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ مَكَّةَ عَامَ الْفَتْحِ وَعَلٰى رَاْسِهٖ مِغْفَرٌ فَلَمَّا نَزَعَهٗ جَائَهٗ رَجُلٌ فَقَالَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ هٰذَا ابْنُ خَطَلٍ مُتَعَلِّقٌ بِاَسْتَارِ الْكَعْبَةِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْتُلُوْهُ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' فتح مکہ کے موقع پر نبی اکرم ﷺ جب داخل ہوئے تو آپ کے سر مبارک پر مغفر (لوہے کی ٹوپی) تھی۔ جب آپ نے اسے اتارا تو ایک شخص آپ کے پاس آیا اور عرض کی یارسول اللہ! ابن خطل کعبے کے پردوں کے پیچھے چھپا ہوا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا اسے قتل کردو۔

## بَابٌ فِيْ قَبِيْعَةِ سَيْفِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 21: نبی اکرم ﷺ کی تلوار کا دستہ

**2492**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا جَرِيْرُ بْنُ حَازِمٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ قَبِيْعَةُ سَيْفِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ فِضَّةٍ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ خَالَفَهٗ قَالَ قَتَادَةُ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَزَعَمَ النَّاسُ اَنَّهٗ هُوَ الْمَحْفُوْظُ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ کی تلوار کا دستہ چاندی سے بنا ہوا تھا۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ہشام دستوائی نے اس روایت کی مخالفت کی ہے۔

قتادہ نے یہ روایت سعید بن ابوحسن کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ سے نقل کی ہے جبکہ لوگوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ وہ محفوظ ہے۔

حدیث **2491** "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر' الیمامہ' بیروت لبنان 1407ھ/1987ء **1749**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **8584**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **9621**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **3539**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1212**

حدیث **2492** "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2584**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1691**

"معجم کبیر" امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء **11208**

"آحاد ومثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایہ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء **1691**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **9815**

## بَاب اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اِذَا ظَھَرَ عَلٰی قَوْمٍ اَقَامَ بِالْعَرْصَةِ ثَلَاثَةً

## باب 22: جب نبی اکرم ﷺ کسی قوم پرغلبہ پا لیتے تھے تو اس جگہ تین دن قیام کرتے تھے

**2493**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّی بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ مُعَاذٍ حَدَّثَنَا سَعِیْدُ بْنُ اَبِیْ عَرُوْبَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ اَبِیْ طَلْحَةَ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ کَانَ اِذَا ظَھَرَ عَلٰی قَوْمٍ اَحَبَّ اَنْ یُّقِیْمَ بِعَرْصَتِھِمْ ثَلَاثًا

☆☆ حضرت ابوطلحہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم ﷺ کسی قوم پر غلبہ پا لیتے تھے تو آپ کو یہ بات پسند تھی کہ آپ ان کے علاقے میں تین دن قیام کرے۔

## بَابٌ فِیْ تَحْرِیْقِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِی النَّضِیْرِ

## باب 23: نبی اکرم ﷺ کا بنونضیر کے کھجوروں کے درخت جلا دینا

**2494**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ سَعِیْدٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا عُبَیْدُ اللّٰہِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ حَرَّقَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نَخْلَ بَنِی النَّضِیْرِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں اللہ کے رسول نے بنونضیر کے کھجوروں کے درخت جلوا دیے تھے۔

## بَابٌ فِی النَّھْیِ عَنِ التَّعْذِیْبِ بِعَذَابِ اللّٰہِ

## باب 24: اللہ کے عذاب کی مانند کسی کو عذاب دینے کی ممانعت

**2495**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِیْمِ بْنُ سُلَیْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ یَزِیْدَ بْنِ اَبِیْ حَبِیْبٍ عَنْ بُکَیْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ الدَّوْسِیِّ عَنْ اَبِیْ ھُرَیْرَةَ الدَّوْسِیِّ قَالَ بَعَثَنَا رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ فِیْ سَرِیَّةٍ فَقَالَ اِنْ ظَفِرْتُمْ بِفُلَانٍ وَّفُلَانٍ فَحَرِّقُوْھُمَا بِالنَّارِ حَتّٰی اِذَا کَانَ الْغَدُ بَعَثَ اِلَیْنَا فَقَالَ اِنِّیْ کُنْتُ اَمَرْتُکُمْ بِتَحْرِیْقِ ھٰذَیْنِ الرَّجُلَیْنِ ثُمَّ رَاَیْتُ اَنَّہٗ لَا یَنْبَغِیْ لِاَحَدٍ اَنْ یُّعَذِّبَ بِالنَّارِ اِلَّا اللّٰہُ فَاِنْ ظَفِرْتُمْ

---

حدیث **2493**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **2900**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1551**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **16402**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **4777**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنی موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء **1415**

حدیث **2494**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **2201**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **5582**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **11573**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **17889**

بِهِمَا فَاقْتُلُوْهُمَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ دوسی بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں ایک مہم پر روانہ کیا اور ہدایت کی کہ جب تم فلاں اور فلاں شخص کو پکڑو تو پکڑ کر انہیں آگ میں جلا دینا۔ اگلے دن آپ نے ہمیں پیغام بھجوایا۔ میں نے تمہیں ان دو افراد کو جلانے کا حکم دیا تھا۔ پھر میں نے سوچا کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ دوسرے کسی کے لیے یہ مناسب نہیں ہے کہ وہ آگ کے ذریعے عذاب دے اگر تم ان دونوں پر قابو پالو تو انہیں قتل کر دینا۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ

## باب 25: خواتین اور بچوں کو قتل کرنے کی ممانعت

**2496**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عُمَرَ بْنِ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ وُجِدَ فِي بَعْضِ مَغَازِي رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ امْرَاَةٌ مَقْتُوْلَةٌ فَنَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ قَتْلِ النِّسَآءِ وَالصِّبْيَانِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ایک جنگ کے دوران ایک خاتون مقتول پائی گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خواتین اور بچوں کو قتل کرنے سے منع کر دیا۔

**2497**- اَخْبَرَنَا عَاصِمُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ الْفَزَارِيُّ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ عُبَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ قَالَ خَرَجْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ غَزَاةٍ فَظَفِرْنَا بِالْمُشْرِكِيْنَ فَاَسْرَعَ النَّاسُ فِي الْقَتْلِ حَتّٰى قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ مَا بَالُ اَقْوَامٍ ذَهَبَ بِهِمُ الْقَتْلُ حَتّٰى قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ اَلَا لَا تَقْتُلُنَّ ذُرِّيَّةً ثَلَاثًا

☆☆ اسود بن سریع بیان کرتے ہیں' ہم نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ہمراہ ایک جنگ میں شریک ہوئے۔ ہم نے کچھ مشرکین پکڑ لیے۔ لوگوں نے تیزی سے قتل کرنا شروع کیا۔ یہاں تک کہ انہوں نے کچھ بچوں کو قتل کر دیا۔ جب اس کی اطلاع نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ملی تو آپ نے ارشاد فرمایا لوگوں کو کیا ہو گیا ہے۔ یہ لوگوں کو قتل کرتے جا رہے ہیں۔ یہاں تک کہ بچوں کو بھی قتل کر دیا ہے۔ خبردار! کوئی بھی شخص

حدیث **2496** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' 1407ھ/1987ء **2851**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1744**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2668**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی بیروت' لبنان **1569**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر بیروت' لبنان **2841**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4739**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان' تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' 1414ھ/1993ء **135**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' 1411ھ/1991ء **8618**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب' 1414ھ/1994ء **17867**

بچوں کو قتل نہ کرے (یہ بات آپ نے تین بار ارشاد فرمائی)

## بَاب حَدِّ الصَّبِيِّ مَتٰى يُقْتَلُ

## باب 26: بچے کی حد اسے کب قتل کیا جا سکتا ہے

**2498**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ عَطِيَّةَ الْقُرَظِيِّ قَالَ عُرِضْنَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَئِذٍ فَمَنْ اَنْبَتَ الشَّعْرَ قُتِلَ وَمَنْ لَّمْ يُنْبِتْ تُرِكَ فَكُنْتُ اَنَا مِمَّنْ لَّمْ يُنْبِتِ الشَّعْرَ فَلَمْ يَقْتُلُوْنِيْ يَعْنِيْ يَوْمَ قُرَيْظَةَ

☆☆ حضرت عطیہ قرظی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں۔ ہمیں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش کیا گیا جس بچے کی داڑھی نکلی ہوئی تھی اسے قتل کر دیا گیا اور جس کی نہیں نکلی ہوئی تھی اسے چھوڑ دیا گیا۔ میں ان لوگوں میں سے ایک تھا جس کی داڑھی نہیں نکلی ہوئی تھی تو مسلمانوں نے مجھے قتل نہیں کیا۔ (راوی کہتے ہیں) یہ بنو قریظہ سے جنگ کے دنوں کی بات ہے۔

## بَابٌ فِيْ فِكَاكِ الْاَسِيْرِ

## باب 27: قیدی کو رہا کر دینا

**2499**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اَبِيْ وَائِلٍ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فُكُّوا الْعَانِيَ وَاَطْعِمُوا الْجَائِعَ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قیدی کو رہا کر دو اور بھوکے شخص کو کھانا کھلاؤ۔

## بَابٌ فِيْ فِدَآءِ الْاَسَارٰى

## باب 28: قیدیوں کا فدیہ دینا

حدیث **2498**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **4404**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1584**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء **4981**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **19024**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4782**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1990**ء **6173**

حدیث **2499**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **2881**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3105**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **19535**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء **3324**

**2500**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِیْ قِلَابَةَ عَنْ اَبِی الْمُهَلَّبِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَادٰى رَجُلًا بِرَجُلَيْنِ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دو افراد کے مقابلے میں ایک شخص کو فدیہ کے طور پر ادا کیا۔

## بَابُ الْغَنِيْمَةِ لَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ قَبْلَنَا

## باب 29: مالِ غنیمت ہم سے پہلے کسی قوم کے لیے جائز نہیں تھا

**2501**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اُعْطِيْتُ خَمْسًا لَمْ يُعْطَهُنَّ نَبِیٌّ قَبْلِیْ بُعِثْتُ اِلَى الْاَحْمَرِ وَالْاَسْوَدِ وَجُعِلَتْ لِیَ الْاَرْضُ مَسْجِدًا وَّطَهُوْرًا وَّاُحِلَّتْ لِیَ الْغَنَائِمُ وَلَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِیْ وَنُصِرْتُ بِالرُّعْبِ شَهْرًا يُرْعَبُ مِنِّیَ الْعَدُوُّ مَسِيْرَةَ شَهْرٍ وَّقِيْلَ لِیْ سَلْ تُعْطَهْ فَاخْتَبَاْتُ دَعْوَتِیْ شَفَاعَةً لِّاُمَّتِیْ وَهِیَ نَائِلَةٌ مِّنْكُمْ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى مَنْ لَّمْ يُشْرِكْ بِاللّٰهِ شَيْئًا

☆☆ حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے پانچ خصوصیات عطا کی گئی ہیں جو مجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں عطا کی گئی۔ مجھے سرخ اور سیاہ فام لوگوں کی طرف مبعوث کیا گیا اور میرے لئے تمام روئے زمین کو جائے نماز اور طہارت کے حصول کا ذریعہ بنایا گیا۔ میرے لئے مالِ غنیمت کو حلال کیا گیا جو مجھ سے پہلے کسی کے لیے حلال نہیں ہوا اور رعب کے ذریعے میری مدد کی گئی۔ دشمن ایک ماہ کے فاصلے سے مجھ سے مرعوب ہو جاتا ہے اور مجھ سے یہ کہا گیا کہ تم مانگو تمہیں عطا کیا جائیگا تو میں نے اپنی دعا کو اپنی امت کی شفاعت کے لیے سنبھال کر رکھ لیا ہے۔ اگر اللہ نے چاہا تو جو شخص کسی کو اللہ کا شریک نہیں سمجھتا یہ شفاعت اسے نصیب ہوگی۔

---

حدیث **2500**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **19840**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **17817**

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل **1404**ھ/**1983**ء **456**

حدیث **2501**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء **328**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **521**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1264**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2296**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **21092**

# بَابٌ مَّنْ كَسَرَ شَيْئًا فَعَلَيْهِ مِثْلُهُ

## باب 58: جو شخص کوئی چیز توڑ دے اس کے اوپر اس کی مانند چیز کی ادائیگی لازم ہوگئی

**2632**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ اَهْدَى بَعْضُ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَيْهِ قَصْعَةً فِيهَا ثَرِيدٌ وَّهُوَ فِي بَيْتِ بَعْضِ اَزْوَاجِهِ فَضَرَبَتِ الْقَصْعَةَ فَانْكَسَرَتْ فَجَعَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْخُذُ الثَّرِيدَ فَيَرُدُّهُ فِي الصَّحْفَةِ وَهُوَ يَقُولُ كُلُوا غَارَتْ اُمُّكُمْ ثُمَّ انْتَظَرَ حَتّٰى جَائَتْ قَصْعَةٌ صَحِيحَةٌ فَاَخَذَهَا فَاَعْطَاهَا صَاحِبَةَ الْقَصْعَةِ الْمَكْسُورَةِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ نَقُولُ بِهٰذَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی ایک زوجہ نے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک پیالہ بھیجا جس میں ثرید موجود تھا۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وسلم دوسری زوجہ محترمہ کے ہاں تھے اس دوسری زوجہ محترمہ نے اس پیالے کو مار کر توڑ دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس ثرید کو اٹھا کر ہتھیلی پر رکھا اور ارشاد فرمایا: کھالو۔ تمہاری والدہ کو غصہ آ گیا تھا۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم انتظار کرتے رہے یہاں تک کہ وہ صحیح پیالہ لے آئیں۔ آپ نے وہ پیالہ لیا اور وہ پیالہ ان زوجہ محترمہ کو ادا کیا جو ٹوٹے ہوئے پیالے کی مالک تھیں۔

امام ابو محمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ہم بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

# بَابٌ فِي اللُّقَطَةِ

## باب 59: ملی ہوئی چیز کا حکم

**2633**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ قَالَ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ عَنْ عَمْرٍو وَعَاصِمٍ ابْنَيْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبِيعَةَ الثَّقَفِيِّ اَنَّ سُفْيَانَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ وَجَدَ عَيْبَةً فَاَتٰى بِهَا عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ عَرِّفْهَا سَنَةً فَاِنْ عُرِفَتْ فَذَاكَ وَاِلَّا فَهِيَ لَكَ فَلَمْ تُعْرَفْ فَلَقِيَهُ بِهَا فِي الْعَامِ الْمُقْبِلِ فِي الْمَوْسِمِ فَذَكَرَهَا لَهُ فَقَالَ عُمَرُ هِيَ لَكَ فَاِنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَنَا بِذٰلِكَ قَالَ لَا حَاجَةَ لِي بِهَا فَقَبَضَهَا

حدیث **2632**: ''صحیح بخاری'' امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 2349
''سنن ابی داؤد'' امام ابو داؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3567
''جامع ترمذی'' امام ابو عیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1359
''مسند ابو یعلیٰ'' امام ابو یعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 3957
''مسند احمد'' امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 12046
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 8905
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 11391
''مسند ابو یعلیٰ'' امام ابو یعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 3774
حدیث **2633**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابو عبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 5818
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابو بکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 11639

عُمَرُ فَجَعَلَهَا فِيْ بَيْتِ الْمَالِ

☆☆ سفیان کے دو صاحبزادے عمرو اور عاصم بیان کرتے ہیں' حضرت سفیان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کو ایک تھیلی ملی وہ اسے لے کر حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ہدایت کی کہ ایک سال تک اس کا اعلان کرتے رہو۔ اگر اس کی شناخت ہو جائے تو ٹھیک ہے ورنہ یہ تمہاری ہوگئی (اتنے عرصے کے دوران) اس کی شناخت نہیں ہوسکی۔ اگلے سال حج کے موقع پر سفیان بن عبداللہ پھر اس تھیلی کے ہمراہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے ملے اور اس کا تذکرہ کیا تو انہوں نے فرمایا: یہ تمہاری ہے کیونکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی ہدایت کی ہے۔ سفیان نے کہا: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس تھیلی کو اپنے قبضے میں لیا اور اسے بیت المال میں جمع کروادیا۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ لُقَطَةِ الْحَاجِّ

## باب 60: حاجیوں کی گری ہوئی چیز اٹھانے (کی ممانعت)

**2634** - اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ مِّنْ اَهْلِ الْبَصْرَةِ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِيْ كَثِيْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ عَامَ فُتِحَتْ مَكَّةُ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ حَبَسَ عَنْ مَّكَّةَ الْفِيْلَ وَسَلَّطَ عَلَيْهِمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَالْمُؤْمِنِيْنَ اَلَا وَاِنَّهَا لَمْ تَحِلَّ لِاَحَدٍ قَبْلِيْ وَلَا تَحِلُّ لِاَحَدٍ بَعْدِيْ اَلَا وَاِنَّهَا سَاعَتِيْ هٰذِهٖ حَرَامٌ لَّا يُخْتَلٰى خَلَاهَا وَلَا يُعْضَدُ شَجَرُهَا وَلَا تُلْتَقَطُ سَاقِطَتُهَا اِلَّا لِمُنْشِدٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' فتح مکہ کے سال نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کھڑے ہوئے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے ہاتھیوں کے لشکر کو مکہ میں داخل نہیں ہونے دیا اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور اہل ایمان کو اس پر غلبہ نصیب کیا' خبردار یہ بات مجھ سے پہلے کسی کے لیے جائز نہ تھی اور میرے بعد بھی کسی کے لیے جائز نہیں ہوگی (کہ وہ مکہ پر حملہ کرے) خبردار آج کی اس گھڑی سے یہ قابل احترام ہے۔ اس کی گھاس کو نہیں کاٹا جائے گا۔ اس کے درخت کو نہیں کاٹا جائے گا اور اس میں گری ہوئی چیز کو نہیں اٹھایا جائے گا۔ البتہ کوئی شخص اعلان کرنے کے لیے اٹھائے (تو اسے اس کی اجازت ہے)۔

## بَابٌ فِي الضَّالَّةِ

## باب 61: گم شدہ چیز کا بیان

حدیث **2634**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **2302**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1355**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2017**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1406**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7241**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **3859**

**2635** - حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ الشِّخِّيرِ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ عَنِ الْجَارُودِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ

☆☆ جارود بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: (کسی دوسرے) مسلمان کی گمشدہ چیز آگ کا شعلہ ہے۔

**2636** - أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ أَبِي الْعَلَاءِ عَنْ أَبِي مُسْلِمٍ الْجَذْمِيِّ عَنِ الْجَارُودِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ ضَالَّةُ الْمُسْلِمِ حَرَقُ النَّارِ لَا تَقْرَبَنَّهَا قَالَ فَقَالَ رَجُلٌ يَا رَسُولَ اللَّهِ اللُّقَطَةُ نَجِدُهَا قَالَ أَنْشِدْهَا وَلَا تَكْتُمْ وَلَا تُغَيِّبْ فَإِنْ جَاءَ رَبُّهَا فَادْفَعْهَا إِلَيْهِ وَإِلَّا فَمَالُ اللَّهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَشَاءُ

☆☆ حضرت جارود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: مسلمان کی گمشدہ چیز آگ کا شعلہ ہے مسلمان کی گمشدہ چیز آگ کا شعلہ ہے۔ مسلمان کی گم شدہ چیز آگ کا شعلہ تم ہرگز اس کے قریب نہ جانا۔

راوی بیان کرتے ہیں ایک شخص نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ اگر کوئی گری ہوئی شے ہمیں مل جائے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم اس کا اعلان کرو تم اسے چھپاؤ نہیں تم اسے پوشیدہ نہ رکھو۔ اگر اس کا مالک آجائے تو وہ چیز اس کے سپرد کر دو ورنہ وہ اللہ کا مال ہے جسے چاہے عطا کر سکتا ہے۔

## بَابٌ فِيمَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ

## باب 62: جو شخص قسم اٹھا کر کسی مسلمان کا مال ہتھیا لے

**2637** - أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ يَعْقُوبَ الْكُوفِيُّ عَنْ إِسْمَعِيلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ السَّلَمِيِّ عَنْ أَخِيهِ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِي أُمَامَةَ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اقْتَطَعَ حَقَّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ فَقَدْ أَوْجَبَ اللَّهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ وَإِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ وَإِنْ قَضِيبٌ مِنْ أَرَاكٍ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص قسم اٹھا کر کسی مسلمان کا مال ہتھیا

حدیث **2636**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دارالفکر بیروت لبنان — 2502

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 20774

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 4887

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 5792

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دارالباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 11853

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دارالمامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء — 919

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دارالمعرفۃ بیروت لبنان — 1294

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دارالبشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء — 1639

لے اللہ تعالیٰ اس کے لیے جہنم کولازم کردیتا ہے اور جنت اس کے لیے حرام کردیتا ہے۔

ایک شخص نے آپ ﷺ سے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! اگر چہ وہ کوئی عام سی چیز ہو۔ آپ ﷺ نے ارشادفرمایا: اگر چہ وہ پیلو کی ایک شاخ ہو۔

**2638**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ كَثِيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَخَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ يُحَدِّثُ اَنَّ اَبَا اُمَامَةَ الْحَارِثِيَّ حَدَّثَهُ اَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَذَكَرَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِي الْيَمِيْنِ الْكَاذِبَةِ

## باب 63: جھوٹی قسم کا حکم

**2639**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ وَحَجَّاجٌ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنِي عَلِيُّ بْنُ مُدْرِكٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا زُرْعَةَ

---

حدیث 2637: ''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 549

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2324

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) 1409

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 22293

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 5980

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 20499

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 2214

حدیث 2639: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 106

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 4087

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1211

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 2563

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2208

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 21356

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 4907

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 2344

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 7630

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 467

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 24813

يُحَدِّثُ عَنْ خَرَشَةَ بْنِ الْحُرِّ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ فَقُلْتُ يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ خَابُوْا وَخَسِرُوْا فَاَعَادَهَا فَقُلْتُ مَنْ هُمْ يَا رَسُولَ اللّٰهِ فَقَالَ الْمُسْبِلُ وَالْمَنَّانُ وَالْمُنَفِّقُ سِلْعَتَهُ بِالْحَلِفِ كَاذِبًا

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: تین طرح کے لوگوں کے ساتھ اللہ تعالیٰ کلام نہیں کرے گا۔ ان کی طرف نظر کرم نہیں کرے گا۔ ان کا تزکیہ نہیں کرے گا اور ان لوگوں کے لیے دردناک عذاب ہوگا۔ (حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں) میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کون لوگ ہیں۔ یہ تو ذلیل بھی ہوئے اور خسارے کا بھی شکار ہو گئے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بات دہرائی۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! یہ کون لوگ ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تکبر کے طور پر شلوار یا تہبند کو لٹکا کر چلنے والا' احسان جتانے والا اور جھوٹی قسم کے ذریعے اپنا مال فروخت کرنے والا۔

## بَابٌ مَّنْ اَخَذَ شِبْرًا مِّنَ الْاَرْضِ

## باب 64: جو شخص زمین کا ایک چھوٹا سا ٹکڑا اٹھالے

**2640**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ حَدَّثَنِي طَلْحَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ سَهْلٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ سَعِيْدَ بْنَ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ مَنْ ظَلَمَ مِنَ الْاَرْضِ شِبْرًا فَاِنَّهُ يُطَوَّقُهُ مِنْ سَبْعِ اَرَضِيْنَ

☆☆ حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشادفرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص بطور ظلم زمین کا چھوٹا سا ٹکڑا اٹھالے تو سات زمینوں کے برابر وزنی طوق اس کے گلے میں ڈالا جائے گا۔

## بَابٌ مَّنْ اَحْيَا اَرْضًا مَّيْتَةً فَهِيَ لَهٗ

## باب 65: جو شخص کسی بے آباد زمین کو آباد کرے وہ اس کی ہو جائے گی

حدیث **2640**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 2320

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1610

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1418

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1633

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3195

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 11312

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 744

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 237

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 83

**2641**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامِ بْنِ عُرْوَةَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ رَافِعٍ اَنَّ جَابِرَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ اَخْبَرَهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحْيَا اَرْضًا مَيْتَةً فَلَهُ فِيهَا اَجْرٌ وَّمَا اَكَلَتِ الْعَافِيَةُ مِنْهَا فَلَهُ فِيهَا صَدَقَةٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْعَافِيَةُ الطَّيْرُ وَغَيْرُ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص کسی بنجر زمین کو آباد کرے اسے اس زمین سے اجر ملے گا۔ اس زمین سے جو بھی پرندے کھائیں گے وہ اس زمین میں اس شخص کے لیے صدقہ شمار ہوگا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں (استعمال ہونے والا لفظ) العافیہ سے مراد پرندے وغیرہ ہیں۔

# بَابٌ فِی الْقَطَائِعِ

## باب 66: زمین کا ٹکڑا عطا کرنا

**2642**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ الْحُمَيْدِیُّ حَدَّثَنَا الْفَرَجُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ السَّبَائِیُّ الْمَارِبِیُّ حَدَّثَنِیْ عَمِّی ثَابِتُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبْيَضَ اَنَّ اَبَاهُ سَعِيدَ بْنَ اَبْيَضَ حَدَّثَهُ عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ اَنَّهُ اسْتَقْطَعَ الْمِلْحَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِیْ يُقَالُ لَهُ مِلْحُ شَذًا بِمَارِبَ فَاَقْطَعَهُ ثُمَّ اِنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ التَّمِيمِیَّ قَالَ يَا نَبِیَّ اللّٰهِ اِنِّیْ قَدْ وَرَدْتُ الْمِلْحَ فِی الْجَاهِلِيَّةِ وَهُوَ بِاَرْضٍ لَّيْسَ بِهَا مَاءٌ وَّمَنْ وَّرَدَهُ اَخَذَهُ وَهُوَ مِثْلُ مَاءِ الْعِدِّ فَاسْتَقَالَ النَّبِیُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْاَبْيَضَ فِیْ قَطِيعَتِهِ فِی الْمِلْحِ فَقُلْتُ قَدْ اَقَلْتُهُ عَلٰى اَنْ تَجْعَلَهُ مِنِّیْ صَدَقَةً فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ مِنْكَ صَدَقَةٌ وَّهُوَ مِثْلُ مَاءِ الْعِدِّ مَنْ وَّرَدَهُ اَخَذَهُ قَالَ وَقَطَعَ لَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْضًا وَّكَذَا بِالْجَوْفِ جَوْفِ مُرَادٍ مَّكَانَهُ حِيْنَ اَقَالَهُ مِنْهُ قَالَ الْفَرَجُ فَهُوَ عَلٰى ذٰلِكَ مَنْ وَّرَدَهُ اَخَذَهُ

☆☆ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے زمین کا ایک ٹکڑا مانگا جس کا نام ''شذ مآرب''

حدیث **2641**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **14310**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **5202**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5756**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **11555**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** **1805**

حدیث **2642**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3064**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1380**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2475**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **4499**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **5767**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **11608**

تھا۔ نبی اکرم ﷺ نے انہیں عطا کر دیا۔ پھر حضرت اقرع بن حابس تمیمی نے عرض کی: اے اللہ کے نبی ﷺ! زمانہ جاہلیت میں وہ حصہ میں نے حاصل کیا تھا۔ یہ وہ زمین ہے جہاں پانی نہیں ہوتا اور وہ شخص جو وہاں تک پہنچ جائے وہ اسے اپنے قبضے میں لے سکتا ہے۔ اس کی مثال اس پانی کی طرح ہے جو مسلسل جاری ہو۔ نبی اکرم ﷺ نے ابیض بن حمال سے وہ قطعہ اراضی واپس کرنے کے لیے کہا۔

(حضرت ابیض رضی اللہ عنہ) کہتے ہیں۔ میں نے عرض کی: میں وہ آپ ﷺ کو اس شرط پر واپس کروں گا کہ آپ ﷺ اسے میری طرف سے صدقہ بنا دیں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تمہاری طرف سے صدقہ ہوگا اور اس کی مثال اس پانی کی طرح ہوگی جو لگاتار بہتا رہے جو شخص اس تک پہنچ جائے اسے حاصل کر لے۔

حضرت ابیض رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' پھر نبی اکرم ﷺ نے انہیں کچھ قطعہ اراضی اور کھجوروں کا ایک باغ بطن وادی میں عطا کیا (حضرت ابیض رضی اللہ عنہ کی مراد یہ ہے کہ نبی اکرم ﷺ نے جو ان سے قطعہ اراضی واپس لیا تھا اس کے عوض میں یہ مجھے عطا کیا)۔

فرج نامی راوی یہ کہتے ہیں' وہ قطعہ اراضی اسی حالت میں رہا جو شخص اس تک پہنچ جائے گا وہ اسے قبضے میں کر لے گا۔

**2643- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ وَائِلٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَقْطَعَهُ اَرْضًا قَالَ فَاَرْسَلَ مَعِي مُعَاوِيَةَ قَالَ اَعْطِهَا اِيَّاهُ قَالَ يَحْيٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ حَدَّثَنَا غُنْدَرٌ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ**

☆☆ علقمہ بن وائل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے انہیں زمین کا ایک ٹکڑا عطا کیا۔ حضرت وائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے حضرت معاویہ کو میرے ساتھ بھیجا اور ارشاد فرمایا: وہ زمین اسے دے دو۔

یحییٰ بیان کرتے ہیں' یہ روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الْغَرْسِ

## باب 67: پودے لگانے کی فضیلت

**2644- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ الْاَعْمَشُ حَدَّثَنَا اَبُوْ سُفْيَانَ**

حدیث 2643: ''مسند احمد'' امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 27282

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 11569

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 7205

حدیث 2644: ''صحیح بخاری'' امام ابو عبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء 2195

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1552

''مسند احمد'' امام ابو عبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12517

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 2269

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 11530

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 2213

قَالَ سَمِعْتُ جَابِرَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ يَقُوْلُ حَدَّثَتْنِي أُمُّ مُبَشِّرٍ امْرَأَةُ زَيْدِ بْنِ حَارِثَةَ قَالَتْ دَخَلَ عَلَىَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي حَائِطٍ لِّي فَقَالَ يَا أُمَّ مُبَشِّرٍ أَمُسْلِمٌ غَرَسَ هٰذَا أَمْ كَافِرٌ قُلْتُ مُسْلِمٌ فَقَالَ مَا مِنْ مُسْلِمٍ يَغْرِسُ غَرْسًا فَيَأْكُلُ مِنْهُ إِنْسَانٌ أَوْ دَابَّةٌ أَوْ طَيْرٌ إِلَّا كَانَتْ لَهُ صَدَقَةٌ

☆☆ حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ کی اہلیہ سیّدہ ام مبشر رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے باغ میں تشریف لائے اور دریافت کیا۔اے ام مبشر رضی اللہ عنہا! یہ باغ کسی مسلمان نے لگایا ہے یا کسی کافر نے؟ میں نے جواب دیا: مسلمان نے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جوبھی مسلمان جو پودا لگاتا ہے اور اس میں سے کوئی جانور یا پرندہ کھاتے ہیں تو وہ چیز اس کے لیے صدقہ ہو جاتی ہے۔

## بَابٌ فِي الْحِمٰى

## باب 68: چراگاہ کا بیان

**2645**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الزُّبَيْرِ حَدَّثَنَا الْفَرَجُ بْنُ سَعِيْدٍ قَالَ أَخْبَرَنِي عَمِّي ثَابِتُ بْنُ سَعِيْدٍ عَنْ أَبِيْهِ سَعِيْدٍ عَنْ جَدِّهِ أَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ أَنَّهُ سَأَلَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حِمَى الْأَرَاكِ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِمٰى فِي الْأَرَاكِ فَقَالَ أَرَاكَةٌ فِي حِظَارِي فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا حِمٰى فِي الْأَرَاكِ قَالَ فَرَجٌ يَعْنِي أَبْيَضُ بِحِظَارِي الْأَرْضَ الَّتِي فِيْهَا الزَّرْعُ الْمُحَاطُ عَلَيْهَا

☆☆ حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے چراگاہ کے اردگرد چار دیواری کرنے کے بارے میں دریافت کیا۔تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: ایسی چار دیواری کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔حضرت ابیض رضی اللہ عنہ نے عرض کی: میں اپنی زمین کے اردگرد چار دیواری کرنا چاہتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: ایسی چار دیواری کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔فرج نامی راوی بیان کرتے ہیں حظاری سے مراد وہ زمین ہے جہاں کھیت ہوں اور اس کے اردگرد احاطہ یا چار دیواری قائم کی گئی ہو۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ

## باب 69: پانی کو فروخت کرنے کی ممانعت

**2646**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا ابْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِيْنَارٍ عَنْ أَبِي الْمِنْهَالِ قَالَ سَمِعْتُ إِيَاسَ بْنَ عَبْدٍ الْمُزَنِيَّ وَكَانَ مِنْ أَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَبِيْعُوا الْمَاءَ فَإِنِّي سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَنْهٰى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ وَقَالَ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ لَا نَدْرِي أَيَّ مَاءٍ قَالَ يَقُوْلُ لَا أَدْرِي مَاءً جَارِيًا أَوِ الْمَاءَ الْمُسْتَقٰى

☆☆ حضرت ایاس بن عبد مزنی رضی اللہ عنہ جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں شامل ہیں بیان کرتے ہیں پانی کو فروخت نہ کرو

بقیہ: حدیث **2644**: "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **1998**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبۃ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **1274**

حدیث **2645**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3066**

کیونکہ میں نے نبی اکرم ﷺ کو پانی فروخت کرنے سے منع کرتے ہوئے سنا ہے۔

عمرو بن دینار فرماتے ہیں کہ ہمیں یہ نہیں پتہ اس سے مراد کون سا پانی ہے۔ وہ فرماتے ہیں: مجھے نہیں پتہ اس سے مراد پینے والا پانی ہے یا جسے کنویں سے نکالا جائے۔

## بَابٌ فِي الَّذِیْ لَا يَحِلُّ مَنْعُهٗ

## باب 70: کس چیز سے روکنا جائز نہیں ہے

**2647**- حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا كَهْمَسٌ عَنْ سَيَّارٍ رَجُلٍ مِنْ فَزَارَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ بُهَيْسَةَ عَنْ اَبِيهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَاْذَنَهُ فَدَخَلَ بَيْنَهُ وَبَيْنَ قَمِيصِهِ وَقَدْ قَالَ عُثْمَانُ فَالْتَزَمَهُ فَقَالَ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ فَقَالَ الْمِلْحُ وَالْمَاءُ قَالَ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ اِنْ تَفْعَلِ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ قَالَ مَا الشَّيْءُ الَّذِي لَا يَحِلُّ مَنْعُهُ قَالَ اِنْ تَفْعَلِ الْخَيْرَ خَيْرٌ لَكَ وَانْتَهَى اِلَى الْمِلْحِ وَالْمَاءِ قِيلَ لِعَبْدِ اللّٰهِ تَقُولُ بِهِ فَاَوْمَاَ بِرَاْسِهِ

☆☆ بہیسہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ ﷺ سے اجازت لے کر آپ ﷺ کی قمیص کے اندر (اپنا منہ ڈال کر مہر نبوت کا بوسہ لیا) راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ انہوں نے نبی اکرم ﷺ کے جسم کو اپنے جسم کے ساتھ لپٹا لیا تھا۔ انہوں نے دریافت کیا: وہ کون سی چیز ہے جسے (استعمال کرنے سے) روکنا جائز نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ

حدیث **2646**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1565**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3478**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1271**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **4660**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2476**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **14680**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **4953**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2286**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **6258**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **10842**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **912**

حدیث **2647**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1669**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15987**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **11810**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء **7177**

نے ارشاد فرمایا، نمک اور پانی۔ انہوں نے عرض کی: وہ کون سی چیز ہے (جس کے استعمال کرنے سے) روکنا جائز نہیں ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم نیکی کرو گے تو وہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔ انہوں نے پھر دریافت کیا کہ وہ کون سی چیز ہے (جس کے استعمال سے روکنا) جائز نہیں ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اگر تم نیکی کرو گے تو وہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے۔

راوی کہتے ہیں: آپ ﷺ نے صرف نمک اور پانی کی پابندی کی ہے (کہ ان کے استعمال سے روکا نہیں جا سکتا) امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا کہ آپ اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں تو انہوں نے سر کے اشارے سے جواب دیا (جی ہاں)۔

## بَاب اِنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ خَيْبَرَ

## باب 71: نبی اکرم ﷺ کا خیبر والوں کے ساتھ معاہدہ کرنا

**2648**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنِي نَافِعٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَامَلَ خَيْبَرَ بِشَطْرِ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ اَوْ زَرْعٍ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے خیبر والوں کے ساتھ یہ معاہدہ کیا تھا کہ پھلوں اور زراعت کی جو پیداوار ہوگی اس کا نصف حصہ (وہ نبی اکرم ﷺ کو عطا کریں گے)۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمُخَابَرَةِ

## باب 72: مخابرہ کی ممانعت

**2649**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْحَسَنِ عَنْ زَكَرِيَّا بْنِ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا يَقُوْلُ كُنَّا نُخَابِرُ قَبْلَ اَنْ يَنْهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْخِبْرِ بِسَنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثٍ عَلَى الثُّلُثِ وَالشَّطْرِ وَشَيْءٍ مِنْ تِبْنٍ فَقَالَ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَتْ لَهُ اَرْضٌ فَلْيَحْرُثْهَا فَاِنْ كَرِهَ اَنْ يَحْرُثَهَا فَلْيَمْنَحْهَا اَخَاهُ فَاِنْ كَرِهَ اَنْ يَمْنَحَهَا اَخَاهُ فَلْيَدَعْهَا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے جب ہمیں مخابرہ سے منع کیا اس سے پہلے دو یا شاید تین سال تک ہم ایک تہائی نصف یا پیداوار کا کچھ حصہ آپس میں مخابرہ کرتے رہے۔ پھر نبی اکرم ﷺ نے ہمیں حکم دیا: جس شخص کے پاس زمین ہو وہ خود

حدیث **2648**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **2185**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **3408**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **2467**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **4732**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **4664**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **11401**

اس میں کھیتی باڑی کرے۔ اگر وہ خود کھیتی باڑی کو ناپسند کرتا ہو تو وہ زمین اپنے بھائی کو دیدے اور اگر وہ اپنے بھائی کو دینا نہ چاہتا ہو تو پھر وہ اس زمین کو ایسے ہی رہنے دے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الْمُزَارَعَةِ فِي الثُّلُثِ وَالرُّبُعِ

## باب 73: ایک تہائی یا ایک چوتھائی پیداوار کے عوض میں کھیتی باڑی کی ممانعت

**2650**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ السَّائِبِ قَالَ سَاَلْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ مَعْقِلٍ عَنِ الْمُزَارَعَةِ فَقَالَ اَخْبَرَنِي ثَابِتُ بْنُ الضَّحَّاكِ الْاَنْصَارِيُّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهٰى عَنِ الْمُزَارَعَةِ قَالَ لِعَبْدِ اللّٰهِ تَقُوْلُ بِهٖ قَالَ لَا اَقُوْلُ بِالْاَوَّلِ

☆☆ عبداللہ بن صائب بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت عبداللہ بن معقل رضی اللہ عنہ سے مزارعت کے بارے میں دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا: حضرت ثابت بن ضحاک انصاری رضی اللہ عنہ نے مجھے یہ بتایا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مزارعت سے منع کیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں' میں نے امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا کہ آپ اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں۔ میں پہلی حدیث کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ بَيْعِ الْاَرْضِ سِنِيْنَ

## باب 74: دو برس کے لیے زمین فروخت کرنے کی ممانعت

**2651**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْاَرْضِ الْبَيْضَاءِ سَنَتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف زمین کو دو یا تین برس کے لیے فروخت کرنے سے منع کیا ہے۔

## بَابٌ فِي الرُّخْصَةِ فِي كِرَاءِ الْاَرْضِ بِالذَّهَبِ وَالْفِضَّةِ

## باب 75: سونے اور چاندی کے عوض میں زمین کرائے پر دینے کی رخصت

**2652**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عِكْرِمَةَ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْحَارِثِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَبِيْبَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِي وَقَّاصٍ قَالَ كُنَّا نُكْرِي الْاَرْضَ عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمَا عَلَى السَّوَاقِي مِنَ الزَّرْعِ وَبِمَا سَعِدَ مِنَ السَّمَاءِ مِنْهَا فَنَهَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ وَاَذِنَ لَنَا اَوْ قَالَ رَخَّصَ لَنَا فِي اَنْ

حدیث 2651: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 14881

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 15287

نُكْرِيْهَا بِالذَّهَبِ وَالْوَرِقِ

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ اقدس میں پہلے ہم پیداوار کے کچھ حصے کے عوض میں زمین کرائے پر دیا کرتے تھے۔ اسی طرح پانی وغیرہ کے عوض میں بھی دیا کرتے تھے۔ پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے منع کر دیا۔ تاہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی اجازت دی (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس بات کی رخصت دی کہ ہم سونے اور چاندی کے عوض میں زمین کو کرائے پر دے سکتے ہیں۔

## بَابٌ فِي الْخَرْصِ

## باب 76: خرص کا حکم

**2653**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَسْعُوْدِ بْنِ نِيَارٍ الْاَنْصَارِيِّ قَالَ جَآءَ سَهْلُ بْنُ اَبِي حَثْمَةَ اِلٰى مَجْلِسِنَا فَحَدَّثَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِذَا خَرَصْتُمْ فَخُذُوْا وَدَعُوْا الثُّلُثَ فَاِنْ لَّمْ تَدَعُوا الثُّلُثَ فَدَعُوا الرُّبُعَ

☆☆ عبدالرحمٰن بن مسعود انصاری بیان کرتے ہیں' حضرت سہل بن ابوحثمہ رضی اللہ عنہ ہماری محفل میں تشریف لائے۔ انہوں نے یہ حدیث بیان کی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب تم خرص کرو تو کچھ وصول کرلو اور کچھ چھوڑ دو۔ ایک تہائی چھوڑ دو اگر ایک تہائی نہیں چھوڑتے تو چوتھائی چھوڑ دو۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ كَسْبِ الْاَمَةِ

## باب 77: کنیز کی کمائی کی ممانعت

**2654**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جُحَادَةَ عَنْ اَبِيْ حَازِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ

---

حدیث **2653**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 1605
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 643
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 2491
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 15751
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3280
"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2319
"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 1464
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 2270
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 7234
"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء — 2073
"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 10559

نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ كَسْبِ الْإِمَاءِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے کنیز کی کمائی (استعمال کرنے سے) منع کیا ہے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

## باب 78: پچھنے لگانے والے کی ممانعت

**2655**- اَخْبَرَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيٰى عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَارِظٍ اَنَّ السَّائِبَ بْنَ يَزِيْدَ حَدَّثَهُ اَنَّ رَافِعَ بْنَ خَدِيْجٍ حَدَّثَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَسْبُ الْحَجَّامِ خَبِيْثٌ وَّمَهْرُ الْبَغِيِّ خَبِيْثٌ وَّثَمَنُ الْكَلْبِ خَبِيْثٌ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: پچھنے لگانے والے کی آمدن خبیث ہے۔فاحشہ عورت کی آمدن خبیث ہے اور کتے کی قیمت خبیث ہے۔

## بَابٌ فِي الرُّخْصَةِ فِيْ كَسْبِ الْحَجَّامِ

## باب 79: پچھنے لگانے والے کی آمدن رخصت

**2656**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ الطَّوِيْلُ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حدیث **2662** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **2163**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3425**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7838**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5158**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2279**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **11467**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **2520**

حدیث **2655**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1275**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15850**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5153**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **4685**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **10790**

حدیث **2656**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **1996**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1577**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3423**

وَسَلَّمَ حَجَمَهُ اَبُوْ طَيْبَةَ وَاَمَرَ لَهُ بِصَاعَيْنِ مِنْ طَعَامٍ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ابوطیبہ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو پچھنے لگائے تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے بارے میں یہ ہدایت کی کہ انہیں دو صاع دیئے جائیں۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ

## باب 80: نر جانور کو معاوضے کے طور پر جفتی کے لیے دینے کی ممانعت

**2657**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا ابْنُ فُضَيْلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ثَمَنِ عَسْبِ الْفَحْلِ

---

بقیہ: حدیث **2656**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1278

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — 2163

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 1754

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 1136

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 5151

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 8238

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 7580

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 15564

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — 1777

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان — 153

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 1217

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 20982

حدیث **2657**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 2164

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3428

"جامع ترمذی" امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1273

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 4671

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 4630

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2281

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 5156

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 4694

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 10633

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء — 1024

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جانور کو جفتی کے لیے دینے کے معاوضے کو استعمال کرنے سے منع کیا ہے۔

**2658**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا اَبِى عَنِ الْمَهْرِيِّ قَالَ قَالَ اَبُوْ هُرَيْرَةَ نَهٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ عَسْبِ الْفَحْلِ وَاَجْرِ الْمُومِسَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے نر جانور کو جفتی کے لیے معاوضے پر دینے اور بدکار عورت کی کمائی (وصول کرنے سے) منع کیا ہے۔

## بَابٌ فِيْمَنْ بَاعَ دَارًا فَلَمْ يَجْعَلْ ثَمَنَهَا فِىْ مِثْلِهَا

## باب 81: جو شخص کوئی گھر فروخت کرے اور اس کی قیمت کسی گھر پر نہ لگائے

**2659**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ هُوَ ابْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مُهَاجِرٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ الْمَلِكِ بْنَ عُمَيْرٍ يُحَدِّثُ قَالَ سَمِعْتُ عَمْرَو بْنَ حُرَيْثٍ عَنْ اَخِيْهِ سَعِيْدِ بْنِ حُرَيْثٍ وَكَانَتْ لَهُ صُحْبَةٌ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ بَاعَ مِنْكُمْ دَارًا اَوْ عَقَارًا قَمِنٌ اَنْ لَّا يُبَارَكَ لَهُ اِلَّا اَنْ يَجْعَلَهُ فِىْ مِثْلِهِ

☆☆ حضرت سعید بن حریث رضی اللہ عنہ جنہیں صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے۔ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے' جو شخص کوئی گھر یا قطعہ اراضی فروخت کرے تو وہ اس قابل نہیں ہے کہ اس سودے میں اس کے لیے برکت دی جائے۔ ماسوائے اس کے کہ وہ اس قیمت کو اسی طرح کی کسی چیز (یعنی کسی دوسرے گھر یا زمین کو خریدنے) میں استعمال کرے۔

## بَابٌ فِىْ حَرِيْمِ الْبِئْرِ

## باب 82: کنویں کے آس پاس کا احاطہ

**2660**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ اَخْبَرَنَا عَرْعَرَةُ بْنُ الْبِرِنْدِ السَّامِيُّ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ مُغَفَّلٍ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ احْتَفَرَ بِئْرًا فَلَيْسَ لِاَحَدٍ اَنْ يَحْفِرَ حَوْلَهُ اَرْبَعِيْنَ ذِرَاعًا عَطَنًا لِمَاشِيَتِهِ

حدیث **2659**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2490

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 15880

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 10856

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 1458

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 422

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء — 708

حدیث **2660**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 2486

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ جو شخص کنواں کھودے تو کسی دوسرے شخص کے لیے یہ بات درست نہیں ہے کہ اس کنوئیں کے اردگرد چالیس ذراع تک کوئی کنواں کھودے کیونکہ وہ اس شخص کے جانوروں کے بیٹھنے کی جگہ ہے۔

## بَابٌ فِي الشُّفْعَةِ

## باب 83: شفعہ کا حکم

**2661**- اَخْبَرَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الشُّفْعَةِ إِذَا كَانَ طَرِيْقُهُمَا وَاحِدًا قَالَ يُنْظَرُ بِهَا وَإِنْ كَانَ صَاحِبُهَا غَائِبًا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا شفعہ کے بارے میں یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب ان دونوں کا راستہ ایک ہو تو آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے' وہ اس کا انتظار کرے گا اگر اس کا ساتھی موجود نہ ہو۔

**2662**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ إِدْرِيْسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ أَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَضٰى رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِالشُّفْعَةِ فِي كُلِّ شِرْكٍ لَمْ يُقْسَمْ رَبْعَةٍ أَوْ حَائِطٍ لَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَبِيْعَ حَتّٰى يُؤْذِنَ شَرِيْكَهُ فَإِنْ شَاءَ أَخَذَ وَإِنْ شَاءَ تَرَكَ فَإِنْ بَاعَ وَلَمْ يُؤْذِنْهُ فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ قِيْلَ لِأَبِي مُحَمَّدٍ تَقُوْلُ بِهٰذَا قَالَ نَعَمْ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہر وہ چیز جسے تقسیم نہ کیا جا سکتا ہو اس کے شفعہ کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے یہ فیصلہ دیا ہے' خواہ وہ چیز مکان ہو یا کوئی باغ ہو ایک شخص کے لیے جائز نہیں ہے کہ اپنے ساتھی سے اجازت حاصل کیے بغیر اپنے حصے کو فروخت کر دے اور اگر اس کا ساتھی چاہے تو اسے وصول کر لے اور اگر چاہے تو اسے نہ کرے۔ اگر وہ شخص فروخت کر دیتا ہے جسے اس کا ساتھی اجازت نہیں دیتا تو اس کا ساتھی اس کا زیادہ حقدار ہوگا۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمہ اللہ سے سوال کیا گیا کہ آپ اس حدیث کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں؟ انہوں نے جواب دیا: جی ہاں۔

---

حدیث 2662: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 2199

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1608

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3513

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 4701

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 15324

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 5186

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 6308

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 11351

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ — 20843

# وَمِنْ كِتَابِ الْاِسْتِئْذَانِ

# اجازت مانگنے کا بیان

## بَابُ الْاِسْتِئْذَانِ ثَلَاثٌ

## باب 1: اجازت تین مرتبہ حاصل کی جاسکتی ہے

**2663**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّ اَبَا مُوْسَى الْاَشْعَرِيَّ اسْتَاْذَنَ عَلٰى عُمَرَ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَلَمْ يُؤْذَنْ لَهُ فَرَجَعَ فَقَالَ مَا رَجَعَكَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ اِذَا اسْتَاْذَنَ الْمُسْتَاْذِنُ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ فَاِنْ اُذِنَ لَهُ وَاِلَّا فَلْيَرْجِعْ فَقَالَ لَتَاْتِيَنَّ بِمَنْ يَشْهَدُ مَعَكَ اَوْ لَاَفْعَلَنَّ وَلَاَفْعَلَنَّ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدٍ فَاَتَانَا وَاَنَا فِيْ قَوْمٍ مِّنْ اَصْحَابِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الْمَسْجِدِ وَهُوَ فَزِعٌ مِّنْ وَعِيْدِ عُمَرَ اِيَّاهُ فَقَامَ عَلَيْنَا فَقَالَ اَنْشُدُ اللّٰهَ مِنْكُمْ رَجُلًا سَمِعَ ذٰلِكَ مِنْ رَّسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَّا شَهِدَ لِيْ بِهٖ قَالَ فَرَفَعْتُ رَاْسِيْ فَقُلْتُ اَخْبِرْهُ اَنِّيْ مَعَكَ عَلٰى هٰذَا وَقَالَ ذَاكَ اٰخَرُوْنَ فَسُرِّيَ عَنْ

---

حدیث **2663**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء　**1956**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان　**5180**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　**2690**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان　**3706**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی)　**1731**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　**11161**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء　**5807**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء　**17442**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔ **1984**ء　**981**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان　**516**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی)　**773**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان' **1409**ھ/ **1989**ء　**1065**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ　**5868**

اَبِیْ مُوْسٰی

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ہاں داخل ہونے کی تین مرتبہ اجازت مانگی۔ انہیں اجازت نہیں ملی تو وہ واپس چلے گئے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا: آپ واپس کیوں چلے گئے؟ انہوں نے جواب دیا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''جب کوئی شخص تین مرتبہ اجازت مانگے اور اسے اجازت مل جائے تو ٹھیک ہے ورنہ اسے واپس چلے جانا چاہیے۔''

حضرت عمر رضی اللہ عنہ بولے: ہاں! تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے ساتھ کوئی ایسا شخص لے کر آئیں جو اس بات کی گواہی دے (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے) ورنہ میں پھر آپ کو سخت سزا دوں گا۔ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ ہمارے پاس تشریف لائے۔ میں اس وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے چند صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے ساتھ مسجد میں بیٹھا ہوا تھا۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں جو دھمکی دی تھی وہ اس سے گھبرائے ہوئے تھے۔ وہ ہمارے پاس آ کر کھڑے ہوئے اور بولے: میں آپ حضرات کو قسم دے کر دریافت کرتا ہوں کہ آپ میں جس شخص نے بھی نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان سنا ہے وہ میرے حق میں گواہی دے۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے سر اٹھایا اور بولا کہ آپ انہیں بتا دیں کہ میں اس بارے میں آپ کے ساتھ ہوں۔ دوسرے لوگوں نے بھی یہ بات کہی تو حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ خوش ہو گئے۔

## بَاب كَيْفَ الِاسْتِئْذَانُ

2695- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا عِكْرِمَةُ هُوَ ابْنُ عَمَّارٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ اِيَاسُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ حَدَّثَنِيْ اَبِيْ قَالَ عَطَسَ رَجُلٌ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ثُمَّ عَطَسَ اُخْرٰى فَقَالَ الرَّجُلُ مَزْكُوْمٌ

☆☆ ایاس بن سلمہ بیان کرتے ہیں میرے والد نے مجھے بتایا ہے نبی اکرم ﷺ کی موجودگی میں ایک شخص کو چھینک آئی آپ نے فرمایا: "اللہ تم پر رحم کرے" انہیں دوبارہ چھینک آئی آپ نے فرمایا: ان صاحب کو زکام ہوا ہے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ التَّصَاوِيْرِ

## باب 33: تصاویر کی ممانعت

2696- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْقَاسِمِ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَتْ عَائِشَةُ كَانَ لَنَا ثَوْبٌ فِيْهِ تَصَاوِيْرُ فَجَعَلْتُهُ بَيْنَ يَدَيِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُصَلِّيْ فَنَهَانِيْ اَوْ قَالَتْ فَكَرِهَهُ قَالَتْ فَجَعَلْتُهُ وَسَائِدَ

☆☆ سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: ہمارے پاس ایک کپڑا تھا جس پر تصاویر بنی ہوئی تھیں۔ میں نے اسے نبی اکرم ﷺ کے سامنے لگا دیا۔ نبی اکرم ﷺ نماز پڑھ رہے تھے۔ آپ نے مجھے منع کر دیا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں) نبی اکرم ﷺ نے اسے ناپسند کیا۔

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: میں نے اس کپڑے کے تکیے بنا لیے۔

## بَابٌ لَا تَدْخُلُ الْمَلَائِكَةُ بَيْتًا فِيْهِ تَصَاوِيْرُ

## باب 34: فرشتے ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتے جس میں تصویریں موجود ہوں

2697- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا عُمَارَةُ بْنُ الْقَعْقَاعِ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ الْعُكْلِيُّ عَنْ اَبِيْ زُرْعَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ جَرِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُجَيٍّ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمَلَكَ لَا

---

| | |
|---|---|
| حدیث 2695: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان | 2993 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء | 10051 |
| "ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء | 938 |
| حدیث 2696: "سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام 1406ھ/1986ء | 761 |
| "سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء | 837 |
| "مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان | 1423 |

يَدْخُلُ بَيْتًا فِيهِ كَلْبٌ وَّلَا صُورَةٌ وَّلَا جُنُبٌ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: فرشتہ ایسے گھر میں داخل نہیں ہوتا جس میں کتا موجود ہو یا تصویر موجود ہو یا کوئی جنبی شخص موجود ہو۔

## بَابٌ فِي النَّفَقَةِ عَلَى الْعِيَالِ

## باب 35: اہل خانہ پر خرچ کرنا

**2698**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ اَخْبَرَنِي قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ يَزِيدَ يُحَدِّثُ عَنْ اَبِي مَسْعُودٍ الْبَدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْمُسْلِمُ اِذَا اَنْفَقَ نَفَقَةً عَلٰى اَهْلِهٖ وَهُوَ يَحْتَسِبُهَا فَهِيَ لَهُ صَدَقَةٌ

---

حدیث **2697**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **3053**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2106**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **227**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2804**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء **261**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3649**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1734**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **632**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5468**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **611**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **257**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **920**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **313**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **110**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دارالکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **431**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **1893**

حدیث **2698**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1002**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17123**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **4238**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **9205**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **7645**

☆☆ حضرت ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جب کوئی شخص ثواب کے حصول کی نیت سے اپنے اہل خانہ پر کوئی چیز خرچ کرتا ہے تو یہ اس کے لیے صدقہ ہوگی۔

## بَابٌ فِي الدَّابَّةِ يَرْكَبُ عَلَيْهَا ثَلَاثَةٌ

## باب 36: ایک جانور پر تین آدمیوں کا سوار ہونا

**2699**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ يَزِيْدَ قَالَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ الْاَحْوَلُ عَنْ مُوَرِّقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ جَعْفَرٍ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا قَفَلَ تُلُقِّيَ بِيْ وَبِالْحَسَنِ اَوْ بِالْحُسَيْنِ قَالَ وَاُرَاهُ قَالَ الْحَسَنَ فَحَمَلَنِيْ بَيْنَ يَدَيْهِ وَالْحَسَنَ وَرَائَهُ قَدِمْنَا الْمَدِيْنَةَ وَنَحْنُ عَلَى الدَّابَّةِ الَّتِيْ عَلَيْهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن جعفر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم واپس تشریف لائے تو آپ کا سامنا مجھ سے اور حضرت حسن رضی اللہ عنہ سے ہوا (راوی کو شک ہے یا شاید یہ الفاظ ہیں) حضرت حسین رضی اللہ عنہ سے سامنا ہوا۔ (راوی کہتے ہیں میرا خیال ہے حضرت عبداللہ جعفر رضی اللہ عنہ نے حضرت حسن رضی اللہ عنہ کا نام لیا تھا) تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے اپنے آگے اور حسن کو اپنے پیچھے بٹھا لیا یہاں تک کہ ہم مدینہ منورہ میں آ گئے اور ہم اسی سواری پر سوار تھے جس پر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے۔

## بَابٌ فِيْ صَاحِبِ الدَّابَّةِ اَحَقُّ بِصَدْرِهَا

## باب 37: سواری کا مالک آگے بیٹھنے کا زیادہ حق دار ہے

**2700**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ وَمَعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيْدَ الْخَطْمِيِّ وَكَانَ اَمِيْرًا عَلَى الْكُوْفَةِ قَالَ اَتَيْنَا قَيْسَ بْنَ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ فِيْ بَيْتِهٖ فَاَذَّنَ الْمُؤَذِّنُ لِلصَّلَاةِ وَقُلْنَا لِقَيْسٍ قُمْ فَصَلِّ لَنَا فَقَالَ لَمْ اَكُنْ لِاُصَلِّيَ بِقَوْمٍ لَسْتُ عَلَيْهِمْ بِاَمِيْرٍ فَقَالَ رَجُلٌ لَيْسَ بِدُوْنِهٖ يُقَالُ لَهٗ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَنْظَلَةَ بْنِ الْغَسِيْلِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الرَّجُلُ اَحَقُّ بِصَدْرِ دَابَّتِهٖ وَصَدْرِ فِرَاشِهٖ وَاَنْ يَؤُمَّ فِيْ رَحْلِهٖ قَالَ قَيْسُ بْنُ سَعْدٍ عِنْدَ ذَاكَ يَا فُلَانُ لِمَوْلًى لَهٗ قُمْ فَصَلِّ لَهُمْ

حدیث **2699**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2428**
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **2566**
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3773**
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1743**
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **4246**
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **10154**
"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء **6791**
"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409**ھ **26373**

☆☆ حضرت عبداللہ بن یزید خطمی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: وہ کوفہ کے امیر تھے، ایک مرتبہ حضرت قیس رضی اللہ عنہ بن سعد بن عبادہ ہمارے ہاں تشریف لائے موذن نے نماز کے لیے اذان دی ہم نے حضرت قیس رضی اللہ عنہ سے کہا آپ اٹھیں اور ہمیں نماز پڑھائیں۔ انہوں نے فرمایا: میں ایسے لوگوں کو نماز نہیں پڑھاؤں گا جن کا میں امیر نہیں ہوں تو ایک اور صاحب بولے جن کا نام حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن حنظلہ بن غسیل تھا، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: آدمی اپنی سواری پر آگے بیٹھنے کا اور اپنے بچھونے پر درمیان میں بیٹھنے کا اور اپنے رہائش گاہ پر امامت کرنے کا زیادہ حق دار ہے۔

تو حضرت قیس بن سعد رضی اللہ عنہ نے اپنے ایک غلام سے کہا: اے فلاں! تم اٹھو اور ان لوگوں کو نماز پڑھاؤ۔

## بَابٌ مَّا جَآءَ اَنَّ عَلٰى ذِرْوَةِ كُلِّ بَعِيْرٍ شَيْطَانًا

## باب 38: یہ جو روایت میں موجود ہے کہ اونٹ کی ہر کوہان پر شیطان ہوتا ہے

**2701**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَمْزَةَ بْنِ عَمْرٍو الْاَسْلَمِيِّ قَالَ وَقَدْ صَحِبَ اَبُوْهُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلٰى ذِرْوَةِ كُلِّ بَعِيْرٍ شَيْطَانٌ فَاِذَا رَكِبْتُمُوْهَا فَسَمُّوا اللّٰهَ وَلَا تُقَصِّرُوْا عَنْ حَاجَاتِكُمْ

☆☆ محمد بن حمزہ بیان کرتے ہیں، ان کے والد کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی ہونے کا شرف حاصل ہے۔ میں نے اپنے والد کو یہ روایت کرتے ہوئے سنا ہے، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہر اونٹ کی کوہان پر ایک شیطان ہوتا ہے تو جب تم اونٹ پر سوار ہو تو اللہ کا نام لے لو اور اپنے کاموں میں کوئی کوتاہی نہ کرو۔

## بَابٌ فِى النَّهْيِ عَنْ اَنْ تُتَّخَذَ الدَّوَابُّ كَرَاسِيَّ

## باب 39: جانوروں کو کرسی کے طور پر استعمال کرنے کی ممانعت

حدیث **2700**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2572

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2773

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 2370

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 788

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 25476

حدیث **2701**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 6082

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 703

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 2546

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 1626

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 10338

**2702-** اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا شَبَابَةُ بْنُ سَوَّارٍ حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِىْ حَبِيْبٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ ابْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ ارْكَبُوْا هٰذِهِ الدَّوَابَّ سَالِمَةً وَلَا تَتَّخِذُوْهَا كَرَاسِيَّ

☆☆ سہل بن معاذ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' وہ نبی اکرم ﷺ کے صحابہ کرام میں شامل تھے، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: ان جانوروں پر صحیح طرح سواری کرو انہیں کرسی نہ بناؤ۔

**2703-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنِ اللَّيْثِ اِلَّا اَنَّهٗ يُخَالِفُ شَبَابَةَ فِىْ شَىْءٍ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے تاہم اس میں کچھ اختلاف ہے۔

# بَابُ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ

## باب 40: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے

**2704-** اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ مَخْلَدٍ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ سُمَيٍّ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّفَرُ قِطْعَةٌ مِّنَ الْعَذَابِ يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ نَوْمَهٗ وَطَعَامَهٗ وَشَرَابَهٗ فَاِذَا قَضٰى اَحَدُكُمْ نَهْمَتَهٗ مِنْ وَّجْهِهٖ فَلْيُعَجِّلِ الرَّجْعَةَ اِلٰى اَهْلِهٖ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: سفر عذاب کا ایک ٹکڑا ہے جو آدمی کو سونے، کھانے اور پینے سے روک دیتا ہے جب کسی شخص کا کام ختم ہو جائے تو اسے چاہیے جلدی واپس گھر چلا جائے۔

---

حدیث **2702**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15679**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **5619**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390ھ/1970ء** **2544**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **1625**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **10116**

حدیث **2704**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **1710**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1927**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2882**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1768**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9738**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **2708**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **8783**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **1041**

## بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا وَدَّعَ رَجُلًا

## باب41: جب کسی شخص کو الوداع کیا جائے تو کیا کہا جائے۔

**2705**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ أَبِي كَعْبٍ أَبُو الْحَسَنِ الْعَبْدِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي مُوسَى بْنُ مَيْسَرَةَ الْعَبْدِيُّ عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَهُ يَا نَبِيَّ اللَّهِ إِنِّي أُرِيدُ السَّفَرَ فَقَالَ لَهُ مَتَى قَالَ غَدًا إِنْ شَاءَ اللَّهُ قَالَ فَأَتَاهُ فَأَخَذَ بِيَدِهِ فَقَالَ لَهُ فِي حِفْظِ اللَّهِ وَفِي كَنَفِهِ زَوَّدَكَ اللَّهُ التَّقْوَى وَغَفَرَ لَكَ ذَنْبَكَ وَوَجَّهَكَ لِلْخَيْرِ أَيْنَمَا تَوَخَّيْتَ أَوْ أَيْنَمَا تَوَجَّهْتَ شَكَّ سَعِيدٌ فِي إِحْدَى الْكَلِمَتَيْنِ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی یا رسول اللہ! میں سفر پر جانا چاہ رہا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا کب اس نے کہا اگر اللہ نے چاہا تو کل۔ راوی بیان کرتے ہیں آپ پھر اس کے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور اس سے کہا ''تم اللہ کی حفظ و امان میں رہو۔ اللہ تعالیٰ تمہیں تقویٰ کا زادِ راہ عطا کرے، تمہارے گناہوں کو بخش دے تم جہاں بھی جاؤ تمہارا بھلائی سے سامنا ہو۔''

اس حدیث کے ایک لفظ کے بارے میں راوی کو شک ہے۔

## بَابٌ فِي الدُّعَاءِ إِذَا سَافَرَ وَإِذَا قَدِمَ

## باب42: جب کوئی شخص سفر پر روانہ ہو یا واپس آئے تو اس وقت کی دعا

**2706**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا عَاصِمٌ هُوَ الْأَحْوَلُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ سَرْجِسٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا سَافَرَ قَالَ اللَّهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُومِ وَسُوءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن سرجس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر پر روانہ ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:

---

حدیث **2706**: ''صحیح مسلم''، امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان — **1342**

''سنن ابی داؤد''، امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی، دار الفکر، بیروت، لبنان — **2598**

''جامع ترمذی''، امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی، دار احیاء التراث العربی، بیروت، لبنان — **3438**

''سنن نسائی''، امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی، مکتب المطبوعات الاسلامیہ، حلب، شام **1406ھ/1986ء** — **5498**

''سنن ابن ماجہ''، امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی، دار الفکر، بیروت، لبنان — **3888**

''موطا امام مالک''، امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی، دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — **1762**

''مسند احمد''، امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی، موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر — **8374**

''سنن نسائی کبریٰ''، امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی، دار الکتب العلمیہ، بیروت، لبنان **1411ھ/1991ء** — **11466**

''سنن بیہقی کبریٰ''، امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی، مکتبہ دار الباز، مکہ مکرمہ، سعودی عرب **1414ھ/1994ء** — **10096**

"اے اللہ میں سفر کی پریشانی اور واپسی پر کسی مصیبت اور کسی کام کی خرابی اور مظلوم کی بددعا اور اپنے اہل خانہ اور مال کے بارے میں کسی برے منظر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔"

**2707**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَارِقِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا سَافَرَ فَرَكِبَ رَاحِلَتَهُ كَبَّرَ ثَلَاثًا وَيَقُوْلُ (سُبْحَانَ الَّذِيْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ) اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ فِيْ سَفَرِيْ هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ وَاطْوِ لَنَا بُعْدَ الْاَرْضِ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْاَهْلِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا فِيْ سَفَرِنَا وَاخْلُفْنَا فِيْ اَهْلِنَا بِخَيْرٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر پر روانہ ہوتے اور اپنی سواری پر سوار ہوتے تو تین مرتبہ تکبیر کہتے اور یہ دعا پڑھتے:

"پاک ہے وہ ذات جس نے ہمارے لیے اس جانور کو مسخر کیا ہے ہم تو اس پر قابو نہیں پا سکتے تھے اور بے شک ہم نے اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔"

"اے اللہ! میں اپنے اس سفر کے بارے میں تجھ سے نیکی اور تقویٰ کا سوال کرتا ہوں اور ایسے عمل کا سوال کرتا ہوں جس سے تو راضی ہو جائے۔ اے اللہ! ہمارے لیے اس سفر کو آسان کر دے اور ہمارے لیے زمین کے فاصلے کو سمیٹ دے۔ اے اللہ! سفر کے دوران تو ہی میرا ساتھی ہے اور میرے اہل خانہ میں تو ہی خیال رکھنے والا ہے۔ اے اللہ! اس سفر میں تو ہمارے ساتھ رہنا اور ہمارے اہل خانہ میں بھلائی رکھنا"۔

## بَابٌ مَّا يَقُوْلُ عِنْدَ الصُّعُوْدِ وَالْهُبُوْطِ

## باب 43: چڑھتے اور اترتے وقت کیا پڑھا جائے

**2708**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ زُبَيْدٍ عَنْ حُصَيْنٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كُنَّا اِذَا صَعِدْنَا كَبَّرْنَا وَاِذَا هَبَطْنَا سَبَّحْنَا

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب ہم لوگ بلندی کی طرف چڑھا کرتے تھے تو تکبیر کہتے تھے اور جب نیچے کی طرف اترتے تھے تو سبحان اللہ پڑھتے تھے۔

حدیث **2708**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — **2831**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **14608**

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — **2562**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — **8825**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — **10146**

# بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الْجَرَسِ

## باب 44: گھنٹی رکھنے کی ممانعت

**2709**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِى الْجَرَّاحِ مَوْلَى اُمِّ حَبِيبَةَ عَنْ اُمِّ حَبِيبَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْعِيرُ الَّتِي فِيهَا الْجَرَسُ لَا تَصْحَبُهَا الْمَلَائِكَةُ

☆☆ سیّدہ ام حبیبہ رضی اللہ عنہا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: جس قافلے میں کوئی گھنٹی ہو فرشتے اس کے ساتھ نہیں چلتے۔

**2710**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ حَدَّثَنَا سُهَيْلُ بْنُ اَبِى صَالِحٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رِفْقَةً فِيهَا كَلْبٌ اَوْ جَرَسٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: فرشتے ایسے لوگوں کے ساتھ نہیں چلتے جن کے ساتھ کتا یا گھنٹی ہو۔

# بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ لَعْنِ الدَّوَابِّ

## باب 45: جانوروں پر لعنت کرنے کی ممانعت

**2711**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ عَنْ اَبِى الْمُهَلَّبِ عَنْ

---

حدیث **2709**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2113

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 2554

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1703

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 8509

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 4703

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء 2553

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 8811

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 10107

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 6945

حدیث **2711**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2595

''معجم کبیر'' امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب طبرانی' مکتبہ العلوم والحکم' موصل 1404ھ/1983ء 2561

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 19895

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 5741

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 8816

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 10112

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 7428

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 25933

عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ فِي سَفَرٍ فَسَمِعَ لَعْنَةً فَقَالَ مَا هٰذَا قَالُوْا فُلَانَةُ لَعَنَتْ رَاحِلَتَهَا فَقَالَ ضَعُوْا عَنْهَا فَاِنَّهَا مَلْعُوْنَةٌ قَالَ عِمْرَانُ كَاَنِّيْ اَنْظُرُ اِلَيْهَا نَاقَةً وَرْقَاءَ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر کر رہے تھے آپ نے کسی کے لعنت کرنے کی آواز سنی۔ آپ نے دریافت کیا یہ کیا معاملہ ہے۔ لوگوں نے بتایا فلاں خاتون نے اپنی سواری پر لعنت کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اسے ہم سے الگ کر دو کیونکہ اس سواری پر لعنت ہو گئی ہے۔

حضرت عمران رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، مجھے اچھی طرح یاد ہے وہ گندمی رنگت کی اونٹنی تھی۔

## بَابٌ لَا تُسَافِرِ الْمَرْاَةُ اِلَّا وَمَعَهَا مَحْرَمٌ

## باب 46: عورت صرف اپنے محرم کے ہمراہ سفر کر سکتی ہے

**2712**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُسَافِرِ الْمَرْاَةُ سَفَرًا ثَلَاثَةَ اَيَّامٍ فَصَاعِدًا اِلَّا وَمَعَهَا اَبُوْهَا اَوْ اَخُوْهَا اَوْ زَوْجُهَا اَوْ ذُوْ مَحْرَمٍ مِّنْهَا

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب بھی کوئی عورت تین یا اس سے زیادہ دن کا سفر کرے تو اس کے ساتھ اس کے والد، اس کے شوہر، اس کے بھائی یا کسی اور محرم شخص کو ہونا چاہئے۔

## بَابٌ اِنَّ الْوَاحِدَ فِي السَّفَرِ شَيْطَانٌ

## باب 47: اکیلا سفر کرنے والا شخص شیطان ہوتا ہے

**2713**- اَخْبَرَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ جَمِيْلٍ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ

حدیث **2712**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 1036

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1338

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1723

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1170

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 2898

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء — 1766

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 4696

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 2720

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان 1390ھ/1970ء — 2525

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1990ء — 1615

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 5188

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 15170

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ يَعْلَمُ النَّاسُ مَا فِي الْوَحْدَةِ لَمْ يَسِرِ رَاكِبٌ بِلَيْلٍ وَحْدَهُ اَبَدًا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اگر لوگوں کو پتہ چل جائے کہ تنہائی سے کیا نقصان ہے تو کوئی شخص ایک رات کا سفر بھی اکیلا نہ کرے۔

## بَابُ مَا يَقُوْلُ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا

## باب 48: جب کسی جگہ پڑاؤ کیا جائے تو کیا پڑھا جائے

**2714**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْحٰقَ وَعَفَّانُ قَالَا حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ سَعْدِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ خَوْلَةَ بِنْتِ حَكِيْمٍ قَالَتْ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا قَالَ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لَمْ يَضُرَّهُ فِيْ ذٰلِكَ الْمَنْزِلِ شَيْءٌ حَتّٰى يَرْتَحِلَ مِنْهُ

حدیث **2713**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء — 2836
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1673
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3768
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 4770
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 2704
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2569
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2493
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 8850
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 10128
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 661

حدیث **2714**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2708
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 3437
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 3518
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1706
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 27166
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 2700
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 2566
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 10394
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 10102
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 6668

☆☆ سیدہ خولہ بنت حکیم رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جب کوئی شخص کسی جگہ پڑاؤ کرے تو یہ دعا پڑھے:

''میں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے ہر اس چیز سے پناہ مانگتا ہوں جسے اس نے پیدا کیا ہے۔''

(نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں) تو اس پڑاؤ کے دوران کوئی بھی چیز اسے نقصان نہیں پہنچا سکے گی یہاں تک کہ وہ شخص وہاں سے کوچ کر جائے۔

## بَابٌ فِي الرَّكْعَتَيْنِ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا

## باب 49: جب کسی جگہ پڑاؤ کیا جائے تو دو رکعت نماز ادا کر لی جائے

**2715**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا نَزَلَ مَنْزِلًا لَّمْ يَرْتَحِلْ مِنْهُ حَتّٰى يُصَلِّيَ رَكْعَتَيْنِ اَوْ يُوَدِّعَ الْمَنْزِلَ بِرَكْعَتَيْنِ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ عُثْمَانُ بْنُ سَعْدٍ ضَعِيفٌ

☆☆ حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کسی جگہ پڑاؤ کرتے تھے تو اس وقت تک وہاں سے کوچ نہیں کرتے تھے جب تک وہاں دو رکعت نہ ادا کر لیں یا دو رکعت پڑھ کر وہ پڑاؤ چھوڑتے تھے۔

عبداللہ بیان کرتے ہیں اس حدیث کے راوی عبداللہ بن سعد ضعیف ہیں۔

## بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا قَفَلَ مِنَ السَّفَرِ

## باب 50: سفر سے واپسی پر کیا پڑھا جائے

**2716**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَارِقِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ اِذَا رَجَعَ مِنْ سَفَرِهٖ قَالَ اٰئِبُوْنَ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ

---

حدیث **2715**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1205**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12225**

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء **975**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **1188**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **1485**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **4316**

حدیث **2716**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1345**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **10385**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **1664**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **12992**

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سفر سے واپس تشریف لاتے تو یہ دعا پڑھتے:

''اگر اللہ نے چاہا تو ہم رجوع کرنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں اور اپنے پروردگار کی حمد بیان کرنے والے ہیں۔''

# بَابُ الدُّعَاءِ عِنْدَ النَّوْمِ

## باب 51: سوتے وقت کی دعا

**2717**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ قَالَ سَمِعْتُ الْبَرَاءَ بْنَ عَازِبٍ يَقُوْلُ اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَ رَجُلًا اِذَا اَخَذَ مَضْجَعَهُ اَنْ يَقُوْلَ اللّٰهُمَّ اَسْلَمْتُ نَفْسِىْ اِلَيْكَ وَوَجَّهْتُ وَجْهِىْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ اَمْرِىْ اِلَيْكَ وَاَلْجَاْتُ ظَهْرِىْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَّرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجٰى مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اٰمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِىْ اَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِىْ اَرْسَلْتَ فَاِنْ مَاتَ مَاتَ عَلَى الْفِطْرَةِ

☆☆ حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک صاحب کو ہدایت کی کہ جب وہ اپنے بستر پر جائیں تو یہ دعا پڑھیں:

''اے اللہ! میں اپنا آپ تیرے سپرد کرتا ہوں اور اپنا رخ تیری طرف کر لیتا ہوں اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کرتا ہوں اور اپنی پشت کو تیری پناہ میں دیتا ہوں۔ تیری طرف رغبت کرتے ہوئے اور تجھ سے ڈرتے ہوئے تیری بارگاہ کے علاوہ کوئی پناہ اور کوئی جائے نجات نہیں ہے۔ سوائے تیرے، میں تیری اس کتاب پر ایمان لاتا ہوں جسے تو نے نازل کیا ہے اور تیرے اس نبی پر ایمان لاتا ہوں جسے تو نے مبعوث کیا ہے۔''

حدیث **2717**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ 1987ء** **224**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2710**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5046**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3394**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3876**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18538**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **5527**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390ھ/1970ء** **216**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **1933**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **10604**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406ھ/1986ء** **1666**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **744**

نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں: اگر وہ شخص (اسی رات) فوت ہو جائے تو وہ اسلام پر مرے گا۔

**2718- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَان حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَوٰى اَحَدُكُمْ اِلٰى فِرَاشِهِ فَلْيَنْفُضْ فِرَاشَهُ بِدَاخِلَةِ اِزَارِهِ فَاِنَّهُ لَا يَدْرِىْ مَا خَلَفَهُ فِيْهِ وَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ بِكَ وَضَعْتُ جَنْبِىْ وَبِكَ اَرْفَعُهُ اللّٰهُمَّ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِىْ فَاغْفِرْ لَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ**

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص اپنے بستر پر جائے تو اسے تہبند کے پلو کے ذریعے اسے جھاڑ لینا چاہئے کیونکہ اسے نہیں معلوم اس کی غیر موجودگی میں اس پر کیا آیا تھا اور پھر یہ دعا پڑھنی چاہئے:

''اے اللہ! میں تیری ہی مدد سے اپنا پہلو لٹکا رہا ہوں اور تیری ہی مدد سے اسے اٹھاؤں گا۔ اے اللہ! اگر تو نے میری جان کو روک لیا تو اسے بخش دینا اگر اس کو تو نے واپس کر دیا تو اس کی حفاظت کرنا اس چیز کے ذریعے جس چیز کے ذریعے تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔''

## بَابٌ فِي التَّسْبِيْحِ عِنْدَ النَّوْمِ

## باب 52: سوتے وقت کی تسبیح

**2719- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا الْعَوَّامُ بْنُ حَوْشَبٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اَتَانَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتّٰى وَضَعَ قَدَمَهُ بَيْنِىْ وَبَيْنَ فَاطِمَةَ فَعَلَّمَنَا مَا نَقُوْلُ اِذَا اَخَذْنَا مَضَاجِعَنَا ثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ تَسْبِيْحَةً وَّثَلَاثًا وَّثَلَاثِيْنَ تَحْمِيْدَةً وَّاَرْبَعًا وَّثَلَاثِيْنَ تَكْبِيْرَةً قَالَ عَلِيٌّ فَمَا تَرَكْتُهَا بَعْدُ فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ وَّلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ قَالَ وَلَا لَيْلَةَ صِفِّيْنَ**

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ ہمارے پاس تشریف لائے۔ آپ نے اپنا پاؤں مبارک میرے اور فاطمہ کے درمیان رکھا اور آپ نے ہمیں یہ تعلیم دی کہ جب ہم بستر پر لیٹ جائیں تو ہمیں کیا پڑھنا چاہئے، تینتیس مرتبہ سبحان اللہ، تینتیس مرتبہ الحمدللہ اور چونتیس مرتبہ اللہ اکبر پڑھنا چاہئے۔

| | |
|---|---|
| حدیث 2718: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء | 5961 |
| ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 2714 |
| ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان | 5050 |
| ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسٰی محمد بن عیسٰی بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان | 3401 |
| ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر | 9450 |
| ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء | 5534 |
| ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء | 10628 |
| ''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء | 1217 |

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس دن سے میں نے کبھی اس عمل کو ترک نہیں کیا۔ ایک شخص نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا جنگ صفین کی رات بھی نہیں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: جنگ صفین کی رات بھی نہیں۔

## بَابُ مَا يَقُولُ إِذَا انْتَبَهَ مِنْ نَوْمِهِ

## باب 53: نیند سے بیدار ہوتے وقت کیا پڑھا جائے

**2720**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذَا اسْتَيْقَظَ قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي أَحْيَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَيْهِ النُّشُورُ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب نیند سے بیدار ہوتے تو یہ دعا پڑھتے:
''ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے مخصوص ہے جس نے ہمیں موت دینے کے بعد دوبارہ زندہ کیا اور اس کی طرف حشر ہوگا۔''

حدیث **2719**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **2945**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2727**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5062**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3408**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **604**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5524**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **4724**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **9172**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **14495**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **345**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **93**
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **43**
''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **635**
حدیث **2720**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **5953**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5049**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3880**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18768**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **5532**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **10692**
''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **1205**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **26524**

**2721**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ الْحِزَامِيُّ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي عُمَيْرُ بْنُ هَانِئٍ الْعَنْسِيُّ قَالَ حَدَّثَنِي جُنَادَةُ بْنُ اَبِي اُمَيَّةَ قَالَ حَدَّثَنِي عُبَادَةُ بْنُ الصَّامِتِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ تَعَارَّ مِنَ اللَّيْلِ فَقَالَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ثُمَّ قَالَ رَبِّ اغْفِرْ لِي اَوْ قَالَ ثُمَّ دَعَا اسْتُجِيبَ لَهُ فَاِنْ عَزَمَ فَتَوَضَّاَ ثُمَّ صَلّٰى تُقُبِّلَتْ صَلَاتُهُ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص رات کے وقت نیند سے بیدار ہو کر یہ دعا پڑھے:

''اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے، وہ ایک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، بادشاہی اس کے لیے ہے، حمد اس کے لیے مخصوص ہے، وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے، اللہ پاک ہے، ہر طرح کی حمد اللہ کے لیے ہے، اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کی مدد کے بغیر کوئی قوت اور طاقت حاصل نہیں ہو سکتی۔''

پھر وہ یہ پڑھے:

''اے اللہ! تو مجھے بخش دے (راوی کو شک ہے شاید آپ نے یہ ارشاد فرمایا) پھر وہ شخص دعا کرے تو اس شخص کی دعا قبول ہو گی اور اگر وہ اٹھ کر وضو کر کے نماز پڑھ لے تو اس کی وہ نماز بھی قبول ہو گی۔

## بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا اَصْبَحَ

## باب 54: صبح کے وقت کیا پڑھا جائے

**2722**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبْزٰى عَنْ اَبِيهِ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا اَصْبَحَ قَالَ اَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَكَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَدِينِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ وَمِلَّةِ اَبِينَا اِبْرَاهِيمَ حَنِيفًا مُسْلِمًا

حدیث **2721**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **1103**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5060**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3414**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3878**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **22725**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **10697**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **4443**

حدیث **2722**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15397**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **9830**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **604**

☆☆ حضرت عبداللہ بن عبدالرحمٰن بن ابزیٰ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم جب صبح کرتے تو یہ دعا پڑھتے: ہم اسلام پر اعتقاد رکھتے ہوئے صبح کرتے ہیں اور اخلاص کے کلمہ پر اعتقاد رکھتے ہوئے صبح کرتے ہیں اور اپنے نبی کے دین پر صبح کرتے ہیں اور اپنے جد امجد حضرت ابراہیم علیہ السلام کے مذہب پر صبح کرتے ہیں جو سیدھے راستے پر چلنے والے سچے مسلمان تھے۔

**2723-** اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عَاصِمٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ اَبُوْ بَكْرٍ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُرْنِيْ بِشَيْءٍ اَقُوْلُهُ اِذَا اَصْبَحْتُ وَاِذَا اَمْسَيْتُ قَالَ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ اَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطٰنِ وَشِرْكِهِ قَالَ قُلْهُ اِذَا اَصْبَحْتَ وَاِذَا اَمْسَيْتَ وَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے کسی ایسی چیز کی ہدایت کیجئے کہ جو میں صبح وشام پڑھا کروں۔ آپ نے ارشاد فرمایا: تم یہ پڑھا کرو:

''اے اللہ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے، غیب اور شہادت کا علم رکھنے والے، ہر شے کے پروردگار اور مالک میں یہ گواہی دیتا ہوں، تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے، میں تجھ سے اپنے نفس کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور شیطان کے شر سے اور اس کے شرک سے پناہ مانگتا ہوں۔''

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: تم صبح وشام انہیں پڑھا کرو اور جب بستر پر لیٹنے لگو تو بھی پڑھا کرو۔

## بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا لَبِسَ ثَوْبًا

## باب 55: جب کوئی شخص نیا کپڑا پہنے تو کیا پڑھے

**2724-** اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ الْمُقْرِئُ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ هُوَ ابْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ عَنْ اَبِيْ مَرْحُوْمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ مُعَاذِ بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ لَبِسَ ثَوْبًا فَقَالَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ كَسَانِيْ هٰذَا وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ غُفِرَ لَهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهِ

حدیث **2723**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **5067**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3392**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **51**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **962**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **1892**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **7691**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** **77**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **9**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409ھ/1989ء** **1202**

☆☆ حضرت سہل بن معاذ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص نیا کپڑا پہن کر یہ دعا پڑھے:

''ہر طرح کی حمد صرف اللہ کے لیے مخصوص ہے جس نے مجھے یہ لباس پہنایا ہے اور میری کسی ذاتی محنت اور قوت کے بغیر مجھے یہ رزق عطا کیا ہے۔''

تو اس شخص کے تمام گزشتہ گناہ بخش دیے جائیں گے۔

## بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ الْمَسْجِدَ وَاِذَا خَرَجَ

## باب 56: مسجد میں داخل ہوتے وقت اور مسجد سے باہر نکلتے وقت کیا پڑھا جائے

**2725**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ يَعْنِىْ ابْنَ بِلَالٍ عَنْ رَبِيْعَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ حُمَيْدٍ اَوْ اَبِىْ اُسَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِذَا دَخَلَ اَحَدُكُمُ الْمَسْجِدَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ افْتَحْ لِىْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَاِذَا خَرَجَ فَلْيَقُلِ اللّٰهُمَّ اِنِّىْ اَسْاَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

☆☆ حضرت ابوحمید رضی اللہ عنہ یا شاید ابواسید روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جب کوئی شخص مسجد میں جائے تو یہ دعا پڑھے:

''اے اللہ تو میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔''

اور جب مسجد سے باہر آئے تو یہ دعا پڑھے:

''اے اللہ میں تجھ سے تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں۔''

---

حدیث **2725**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **713**

سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **465**

جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **315**

سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ/**1986**ء — **729**

سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان — **771**

مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **16101**

صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **2047**

صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان **1390**ھ/**1970**ء — **452**

سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **808**

سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **4117**

مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ/**1984**ء — **486**

# بَابٌ مَّا يَقُوْلُ اِذَا دَخَلَ السُّوْقَ

## باب 57: جب انسان بازار میں داخل ہو تو کیا پڑھے

**2726**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ قَالَ قَدِمْتُ مَكَّةَ فَلَقِيْتُ بِ اَخِي سَالِمَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ فَحَدَّثَنِي عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ السُّوْقَ فَقَالَ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُ شَيْءٍ قَدِيْرٌ كَتَبَ اللّٰهُ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ حَسَنَةٍ وَّمَحَا عَنْهُ اَلْفَ اَلْفِ سَيِّئَةٍ وَّرَفَعَ لَهُ اَلْفَ اَلْفِ دَرَجَةٍ قَالَ فَقَدِمْتُ خُرَاسَانَ فَلَقِيْتُ قُتَيْبَةَ بْنَ مُسْلِمٍ فَقُلْتُ اِنِّي اَتَيْتُكَ بِهَدِيَّةٍ فَحَدَّثْتُهُ فَكَانَ يَرْكَبُ فِي مَوْكِبِهِ فَيَاْتِي السُّوْقَ فَيَقُوْ فَيَقُوْلُهَا ثُمَّ يَرْجِعُ

☆☆ محمد بن واسع بیان کرتے ہیں، میں مکہ آیا وہاں میری ملاقات میرے بھائی سالم بن عبداللہ سے ہوئی انہوں نے مجھے اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان بتایا جو شخص بازار میں داخل ہو کر یہ پڑھے:

''اللہ کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں ہے وہ ہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اسی کی بادشاہی ہے اور حمد اسی کے لیے مخصوص ہے وہ زندگی دیتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ خود زندہ ہے اسے کبھی موت نہیں آئے گی اسی کے دستِ قدرت میں بھلائی ہے اور وہ ہر شے پر قدرت رکھتا ہے۔''

تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے دس لاکھ نیکیاں لکھ دے گا اور اس کے دس لاکھ گناہ مٹا دے گا اور اس کے دس لاکھ درجات بلند کر دے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں جب میں خراسان آیا اور میری ملاقات قتیبہ بن مسلم سے ہوئی تو میں نے کہا میں آپ کے پاس ایک تحفہ لے کر آیا ہوں۔

اسے میں نے یہ حدیث سنائی تو وہ اپنی سواری پر سوار ہو کر بازار میں آیا وہاں کھڑے ہو کر اس نے یہ دعا پڑھی اور واپس آیا۔

# بَابٌ تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي

## باب 58: (نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان) میرے نام کے مطابق نام رکھ لو لیکن میری کنیت اختیار نہ کرو

**2727**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَسَمَّوْا بِاسْمِي وَلَا تَكَنَّوْا بِكُنْيَتِي

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: میرے نام کے مطابق نام رکھ لو لیکن میری

حدیث **2726**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3428**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **327**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **1976**

...ت اختیار نہ کرو۔

## بَابٌ فِيْ حُسْنِ الْاَسْمَاءِ

## باب 59: اچھے نام رکھنا

**2728**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِیْ زَكَرِيَّا الْخُزَاعِيِّ عَنْ اَبِی الدَّرْدَآءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّكُمْ تُدْعَوْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ بِاَسْمَائِكُمْ وَاَسْمَاءِ اٰبَائِكُمْ فَاَحْسِنُوْا اَسْمَائَكُمْ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قیامت کے دن تم کو تمہارے ناموں اور تمہارے باپ دادا کے نام کے ذریعے بلایا جائے گا۔ اس لیے تم اچھے نام رکھو۔

## بَابٌ مَّا يُسْتَحَبُّ مِنَ الْاَسْمَاءِ

## باب 60: کون سے نام رکھنا مستحب ہے

**2729**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى

...ث **2727**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 110

...مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2133

...ن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4965

...ن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 3735

...د احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 12984

...ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 5812

...ن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 19102

...د ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء — 2302

...د طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 2419

...د حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دار الکتب العلمیہ مکتبہ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) — 1144

...ب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء — 836

...ف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 25927

...ث **2728**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4948

...د احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 21739

...ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 5818

...ن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 19091

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحَبُّ الْاَسْمَاءِ اِلَى اللّٰهِ عَبْدُ اللّٰهِ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ کے نزدیک پسندیدہ ترین نا
عبداللہ اور عبدالرحمٰن ہیں۔

## بَابُ مَا يُكْرَهُ مِنَ الْاَسْمَاءِ

## باب 61: کون سے نام رکھنا مکروہ ہے

**2730**- اَخْبَرَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنِ الرُّكَيْنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ سَمُرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْ
وَسَلَّمَ نَهٰى اَنْ نُسَمِّيَ اَرِقَّائَنَا اَرْبَعَةَ اَسْمَاءٍ اَفْلَحُ وَنَافِعٌ وَّرَبَاحٌ وَّيَسَارٌ

حدیث **2729**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 182
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 049
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 333
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 728
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 774
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 719
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 406
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 089
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 778
حدیث **2730**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 136
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان 958
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 835
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان 729
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 0090
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 836
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 721
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 8092
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء 250
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان 03
''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء 33
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ 25906

☆☆ حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بات سے منع کیا ہے کہ ہم اپنے غلاموں کے چار طرح کے نام رکھیں، افلح، نافع، رباح، یسار۔

## بَابٌ فِي تَغْيِيرِ الْأَسْمَاءِ

## باب 62: نام تبدیل کر دینا

**2731**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ أُمَّ عَاصِمٍ كَانَ يُقَالُ لَهَا عَاصِيَةُ فَسَمَّاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَمِيلَةَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، حضرت ام عاصم رضی اللہ عنہا کا نام عاصیہ تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام جمیلہ رکھ دیا۔

**2732**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَطَاءُ بْنُ أَبِي مَيْمُونَةَ عَنْ أَبِي رَافِعٍ عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ كَانَ اسْمُ زَيْنَبَ بَرَّةَ فَسَمَّاهَا النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ زَيْنَبَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، سیدہ زینب رضی اللہ عنہا کا نام "برہ" تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا نام زینب رکھ دیا۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنْ أَنْ يَقُولَ مَا شَاءَ اللَّهُ وَشَاءَ فُلَانٌ

## باب 63: یہ کہنا منع ہے جو اللہ نے چاہا اور فلاں شخص نے چاہا

**2733**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ رِبْعِيِّ بْنِ حِرَاشٍ عَنِ الطُّفَيْلِ أَخِي عَائِشَةَ قَالَ قَالَ رَجُلٌ مِنَ الْمُشْرِكِينَ لِرَجُلٍ مِنَ الْمُسْلِمِينَ نِعْمَ الْقَوْمُ أَنْتُمْ لَوْلَا أَنَّكُمْ تَقُولُونَ مَا شَاءَ اللَّهُ

حدیث **2731**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2139

سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 3733

سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4952

مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 25894

حدیث **2732**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 5839

صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2141

سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 4953

سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 3732

مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 9556

صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 5830

سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 19099

ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء — 821

مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 25893

وَشَاءَ مُحَمَّدٌ فَسَمِعَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا تَقُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ وَشَاءَ مُحَمَّدٌ وَلٰكِنْ قُولُوا مَا شَاءَ اللّٰهُ ثُمَّ شَاءَ مُحَمَّدٌ

☆☆ طفیل بیان کرتے ہیں مشرکین سے تعلق رکھنے والے ایک فرد نے ایک مسلمان سے یہ کہا تم اچھے لوگ ہو لیکن اگر تم یہ نہ کہو کہ اگر اللہ نے چاہا جو حضرت محمد ﷺ نے چاہا، نبی اکرم ﷺ نے یہ بات سنی تو ارشاد فرمایا: تم یہ نہ کہو کہ جو اللہ نے چاہا جو حضرت محمد ﷺ نے چاہا بلکہ یہ کہو کہ جو اللہ نے چاہا پھر حضرت محمد ﷺ جو چاہیں۔

## بَابٌ لَا يُقَالُ لِلْعِنَبِ الْكَرْمُ

## باب 64: انگور کو کرم نہ کہا جائے

**2734**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ هُوَ ابْنُ اِسْحٰقَ عَنْ صَالِحِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْاَعْرَجِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَقُوْلُوْا لِحَائِطِ الْعِنَبِ الْكَرْمُ اِنَّمَا الْكَرْمُ الرَّجُلُ الْمُسْلِمُ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: انگوروں کے باغ کو کرم نہ کہو کیونکہ کرم مسلمان آدمی ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُزَاحِ

## باب 65: مزاح کا بیان

**2735**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كَانَ غُلَامٌ يَسُوْقُ بِاَزْوَاجِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ يَا اَنْجَشَةُ رُوَيْدًا سَوْقَكَ بِالْقَوَارِيْرِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، ایک لڑکا تھا جو نبی اکرم ﷺ کی (ازواج کے) اونٹوں کو لے کر چلتا تھا۔ نبی

حدیث **2733**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان [illegible]980

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر [illegible]3313

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء [illegible]0821

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء [illegible]

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان [illegible]30

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ [illegible]6090

حدیث **2734**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء [illegible]828

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر [illegible]256

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء [illegible]832

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) [illegible]090

اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے انجشہ دھیان رکھنا تم شیشوں کو ساتھ لے کر جا رہے ہو۔

## بَابٌ فِي الَّذِي يَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ

## باب 66: جو شخص اس لیے جھوٹ بولے تا کہ اس کے ذریعے وہ لوگوں کو ہنسائے

**2736** - اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِيْمٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ وَيْلٌ لِلَّذِىْ يُحَدِّثُ فَيَكْذِبُ لِيُضْحِكَ بِهِ الْقَوْمَ وَيْلٌ لَّهُ وَيْلٌ لَّهُ

☆☆ بہز بن حکیم اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اس شخص کے لیے بربادی ہے جو کوئی بات بیان کرتا ہے اور جھوٹی بات بیان کرتا ہے تا کہ اس کے ذریعے لوگوں کو ہنسائے اس شخص کے لیے بربادی ہے، اس شخص کے لیے بربادی ہے۔

## بَابٌ فِي الشِّعْرِ

## باب 67: شعر کا بیان

**2737** - اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدَةُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ يَعْقُوْبَ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ صَدَّقَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اُمَيَّةَ بْنَ اَبِى الصَّلْتِ فِىْ بَيْتَيْنِ مِنَ الشِّعْرِ فَقَالَ رَجُلٌ وَّثَوْرٌ تَحْتَ رِجْلِ يَمِيْنِهِ وَالنَّسْرُ لِلْاُخْرٰى وَلَيْثٌ مُّرْصَدُ فَقَالَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ وَالشَّمْسُ

---

حدیث 2735: 1 "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اساعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **5797**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **12060**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **5800**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **10360**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **20821**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء **2810**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اساعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء **264**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **2048**

حدیث 2736: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **4990**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2315**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **20035**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1990ء **142**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **11126**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **20614**

تَـطْلُعُ كُلَّ اٰخِرِ لَيْلَةٍ حَمْرَاءَ يُصْبِحُ لَوْنُهَا يَتَوَرَّدُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ قَالَ تَاْبٰى فَمَا تَطْلُعُ لَنَا فِيْ رِسْلِهَا اِلَّا مُعَذَّبَةً وَّاِلَّا تُجْلَدُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَدَقَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے امیہ بن ابو الصلت کے ان دو اشعار کی تصدیق کی ہے۔

وَثَوْرٌ تَحْتَ رِجْلِ يَمِيْنِهٖ وَالنَّسْرُ لِلْاُخْرٰى وَلَيْثٌ مُّرْصَدُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے سچ کہا ہے پھر اس نے یہ شعر سنایا:

وَالشَّمْسُ تَطْلُعُ كُلَّ اٰخِرِ لَيْلَةٍ حَمْرَاءَ يُصْبِحُ لَوْنُهَا يَتَوَرَّدُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے سچ کہا ہے پھر کسی شخص نے یہ شعر سنایا:

تَاْبٰى فَمَا تَطْلُعُ لَنَا فِيْ رِسْلِهَا اِلَّا مُعَذَّبَةً وَّاِلَّا تُجْلَدُ

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس نے سچ کہا ہے۔

# بَابٌ فِيْ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

## باب 68: بعض شعر حکمت سے بھرپور ہوتے ہیں

**2738**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ زِيَادٍ هُوَ ابْنُ سَعْدٍ اَخْبَرَنِيْ اَنَّ ابْنَ شِهَابٍ اَخْبَرَهٗ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ عَبْدِ يَغُوْثَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حدیث **2737**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　2314

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء　2482

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ　26013

حدیث **2738**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء　5793

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان　5010

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان　2844

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان　3755

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر　2473

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء　5776

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء　8962

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء　5104

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان　556

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء　1116

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء　858

☆☆ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں بعض شعروں میں حکمت ہوتی ہے۔

## بَابٌ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ

## باب 69: کسی شخص کے پیٹ کا بھر جانا

**2739**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا حَنْظَلَةُ عَنْ سَالِمٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَاَنْ يَّمْتَلِئَ جَوْفُ اَحَدِكُمْ قَيْحًا اَوْ دَمًا خَيْرٌ مِّنْ اَنْ يَّمْتَلِئَ شِعْرًا

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی شخص کے پیٹ میں، پیپ یا خون کا بھر جانا اس کے لیے زیادہ بہتر ہے اس بات سے کہ اس میں شعر بھر جائیں۔

---

حدیث **2739**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء **5802**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2257**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان **5009**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2851**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان **3759**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **1507**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء **5777**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء **20932**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ۔1984ء **816**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان **202**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء **1403**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء **870**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ **26084**

# وَمِنْ كِتَابِ الرِّقَاقِ

# رقاق کا بیان

## بَابٌ مَّنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

## باب 1: جس شخص کے لیے اللہ بھلائی کا ارادہ کرے اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے

**2740**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ جَعْفَرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ هِنْدٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ يُّرِدِ اللّٰهُ بِهٖ خَيْرًا يُّفَقِّهْهُ فِي الدِّيْنِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے لیے اللہ تعالیٰ بھلائی کا ارادہ کرے تو اسے دین کی سمجھ بوجھ عطا کر دیتا ہے۔

## بَابٌ فِي الصِّحَّةِ وَالْفَرَاغِ

## باب 2: صحت اور فراغت کے بارے میں روایت

**2741**- اَخْبَرَنَا الْمَكِّيُّ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَاهُ يُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ

حدیث **2740**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 71

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 1037

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2645

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 220

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 1559

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 16883

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/ 1993ء — 89

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/ 1991ء — 5839

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔ 1984ء — 6606

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 31046

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الصِّحَّةَ وَالْفَرَاغَ نِعْمَتَانِ مِنْ نِعَمِ اللّٰهِ مَغْبُوْنٌ فِيْهِمَا كَثِيْرٌ مِّنَ النَّاسِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: صحت اور فراغت اللہ تعالیٰ کی نعمتوں میں سے دو نعمتیں ہیں اوران دونوں کے بارے میں بہت سے لوگ نقصان کا شکار ہیں۔

## بَابٌ فِيْ حِفْظِ السَّمْعِ

## باب 3: سماعت کی حفاظت

**2742**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ يَعْنِي ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ اسْتَمَعَ اِلٰى حَدِيْثِ قَوْمٍ وَهُمْ لَهٗ كَارِهُوْنَ صُبَّ فِيْ اُذُنِهِ الْاٰنُكُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں جب کوئی شخص کچھ لوگوں کے بارے میں کوئی ایسی بات سنے جسے وہ لوگ ناپسند کرتے ہوں تو اس شخص کے کان میں پگھلا ہوا سیسہ ڈالا جائے گا۔

**2743**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الطُّفَيْلِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لِيْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُتْبِعِ النَّظْرَةَ النَّظْرَةَ فَاِنَّ الْاُوْلٰى لَكَ وَالْاٰخِرَةَ عَلَيْكَ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (نامحرم چیز کی طرف) پہلی نظر کے بعد دوسری نظر نہ ڈالو کیونکہ پہلی کی تمہیں اجازت ہے لیکن دوسری کا تمہیں گناہ ہوگا۔

## بَابٌ فِيْ حِفْظِ اللِّسَانِ

## باب 4: زبان کی حفاظت

**2744**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَخْبِرْنِيْ بِعَمَلٍ فِي الْاِسْلَامِ لَا اَسْاَلُ عَنْهُ اَحَدًا قَالَ اتَّقِ اللّٰهَ ثُمَّ اسْتَقِمْ قَالَ قُلْتُ ثُمَّ اَيُّ شَيْءٍ قَالَ فَاَشَارَ اِلٰى لِسَانِهٖ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن سفیان اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ مجھے کسی

---

حدیث **2741**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407ھ/1987ء** **6049**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2304**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4170**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **2340**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **7845**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **6315**

ایسے اسلامی عمل کے بارے میں بتائیں جس کے بارے میں مجھے کسی اور سے دریافت نہ کرنا پڑے۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ سے ڈرو اور پھر استقامت اختیار کرو۔

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی پھر اس کے بعد کون سی چیز ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اپنی زبان کی طرف اشارہ کیا (یعنی اس کی حفاظت کرو)۔

**2745**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ يَعْنِىْ ابْنَ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُجَمِّعٍ قَالَ اَخْبَرَنِىْ ابْنُ شِهَابٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُعَاذٍ عَنْ سُفْيَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مُرْنِىْ بِاَمْرٍ اَعْتَصِمُ بِهٖ قَالَ قُلْ رَبِّىَ اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ قَالَ قُلْتُ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ مَا اَكْثَرُ مَا تَخَوَّفُ عَلَىَّ قَالَ فَاَخَذَ نَبِىُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِلِسَانِهٖ ثُمَّ قَالَ هٰذَا

☆☆ حضرت سفیان بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ! آپ ﷺ مجھے کسی ایسے کام کا حکم دیں جس کے ذریعے میں محفوظ ہو جاؤں۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم یہ اقرار کرو کہ میرا پروردگار اللہ ہے اور پھر اس پر استقامت اختیار کرو۔

حضرت سفیان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی اے اللہ کے نبی ﷺ! آپ کو میرے بارے میں کس بات کا زیادہ اندیشہ ہے۔تو نبی اکرم ﷺ نے اپنی زبان پکڑ کر ارشاد فرمایا: اس کا۔

**2746**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ مِغْوَلٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ قَالَ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

---

حدیث **2745**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **38**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2410**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3972**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15454**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **942**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **7874**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **11489**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409ھ/1989ء** **1584**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409ھ** **26501**

حدیث **2746**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2628**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15037**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **400**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** **2278**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1777**

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سا مسلمان افضل ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: جس کی زبان اور ہاتھوں سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

# بَابٌ فِي الصَّمْتِ

## باب 5: خاموشی کا بیان

**2747**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُقْبَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ عَمْرٍو عَنْ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحُبُلِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَمَتَ نَجَا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن عمرو بن العاص بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص خاموش رہا اس نے نجات پالی۔

# بَابٌ فِي الْغِيْبَةِ

## باب 6: غیبت کا بیان

**2748**- اَخْبَرَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيْزِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قِيْلَ لَهُ مَا الْغِيْبَةُ قَالَ ذِكْرُكَ اَخَاكَ بِمَا يَكْرَهُ قِيْلَ وَاِنْ كَانَ فِىْ اَخِىْ مَا اَقُوْلُ قَالَ فَاِنْ كَانَ فِيْهِ فَقَدِ اغْتَبْتَهُ وَاِنْ لَّمْ يَكُنْ فِيْهِ فَقَدْ بَهَتَّهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے نقل کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ غیبت کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: تم اپنے بھائی کی اس بات کا ذکر کرو جو اسے ناپسند ہو۔ عرض کی گئی اگرچہ میرے بھائی میں وہ بات موجود ہو جو میں نے بیان کی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اگر وہ اس میں موجود ہوگی تو تم نے اس کی غیبت کی اگر اس میں موجود نہ ہو تو تم نے

حدیث **2747**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2501**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **6481**

حدیث **2748**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2589**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **4874**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1934**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1786**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **7146**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414ھ/1993ء** **5758**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411ھ/1991ء** **11518**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404ھ-1984ء** **6493**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409ھ** **25538**

اس پر تہمت لگائی۔

## بَابٌ فِی الْكَذِبِ

## باب 7: جھوٹ کا بیان

**2749**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ اِدْرِيسَ الْاَوْدِيِّ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ يَرْفَعُ الْحَدِيثَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ شَرَّ الرَّوَايَا رَوَايَا الْكَذِبِ وَلَا يَصْلُحُ مِنَ الْكَذِبِ جِدٌّ وَّلَا هَزْلٌ وَّلَا يَعِدُ الرَّجُلُ ابْنَهُ ثُمَّ لَا يُنْجِزُ لَهُ اِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي اِلَى الْبِرِّ وَاِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي اِلَى الْجَنَّةِ وَاِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي اِلَى الْفُجُورِ وَاِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي اِلَى النَّارِ وَاِنَّهُ يُقَالُ لِلصَّادِقِ صَدَقَ وَبَرَّ وَيُقَالُ لِلْكَاذِبِ كَذَبَ وَفَجَرَ وَاِنَّ الرَّجُلَ لَيَصْدُقُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيقًا وَّيَكْذِبُ حَتّٰى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا وَّاِنَّهُ قَالَ لَنَا هَلْ اُنَبِّئُكُمْ مَا الْعَضْهُ وَاِنَّ الْعَضْهَ هِيَ النَّمِيمَةُ الَّتِي تُفْسِدُ بَيْنَ النَّاسِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس حدیث کو مرفوع حدیث کے طور پر نقل کرتے ہیں۔ سب سے برا خیال جھوٹ کا خیال ہے۔ جھوٹ کسی بھی حالت میں صحیح نہیں ہے نہ ہی سنجیدگی کے ساتھ اور نہ ہی مذاق میں اور کوئی شخص ایسا نہ کرے کہ اپنے بیٹے کے ساتھ کوئی وعدہ کرے تو اسے پورا نہ کرے۔ بے شک سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے اور نیکی جنت کی طرف راہنمائی کرتی ہے۔ بے شک جھوٹ گناہ کی طرف لے جاتا ہے اور گناہ جہنم کی طرف لے جاتا ہے۔ سچے شخص سے یہ کہا جائے گا اس نے سچ بولا نیکی کی جبکہ جھوٹے شخص سے کہا جائے گا اس نے جھوٹ بولا اور گناہ کیا۔

جس طرح ایک آدمی جھوٹ بولتا ہے یہاں تک کہ اسے اللہ کی بارگاہ میں جھوٹا لکھ دیا جاتا ہے اور ایک شخص سچ بولتا رہتا ہے اور اسے

حدیث **2749**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **5743**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2607**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4989**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1971**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1792**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **3638**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالۃ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **273**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **440**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **20927**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **5138**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **5**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دارالبشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان 1409ھ/1989ء **724**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **25600**

اللہ کی بارگاہ میں سچا لکھ دیا جاتا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے' میں تمہیں بتاؤں کہ''عضہ'' کیا ہے۔ عضہ چغل خوری ہے جس کے ذریعے تم لوگوں میں فساد پھیلا سکتے ہو۔

## بَابٌ فِي حِفْظِ الْيَدِ

## باب 8: ہاتھ کی حفاظت کرنا

**2750**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُوْنَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: سچا مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھوں سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

## بَابٌ فِي اَكْلِ الطَّيِّبِ

## باب 9: پاکیزہ چیز کھانا

**2751**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْفُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوْقٍ حَدَّثَنَا عَدِيُّ بْنُ ثَابِتٍ عَنْ اَبِي حَازِمٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ اللّٰهَ طَيِّبٌ لَا يَقْبَلُ اِلَّا الطَّيِّبَ اِنَّ اللّٰهَ اَمَرَ الْمُؤْمِنِيْنَ بِمَا اَمَرَ بِهِ الْمُرْسَلِيْنَ قَالَ (يَا اَيُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّيِّبَاتِ وَاعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّي بِمَا تَعْمَلُوْنَ عَلِيْمٌ) وَقَالَ (يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُلُوْا مِنْ طَيِّبَاتِ مَا رَزَقْنَاكُمْ) قَالَ ثُمَّ ذَكَرَ الرَّجُلَ يُطِيْلُ السَّفَرَ اَشْعَثَ اَغْبَرَ يَمُدُّ يَدَيْهِ اِلَى السَّمَآءِ يَا رَبِّ يَا

---

حدیث 2750: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء 10

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 41

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2627

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' کتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 4995

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 6515

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 180

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 22

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 8701

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء 20545

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 3909

حدیث 2751: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 1015

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 2989

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 8330

رَبِّ وَمَطْعَمُهُ حَرَامٌ وَّمَلْبَسُهُ حَرَامٌ وَّمَشْرَبُهُ حَرَامٌ وَّغُذِيَ بِالْحَرَامِ فَانّٰى يُسْتَجَابُ لِذٰلِكَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اے لوگو! بے شک اللہ تعالیٰ پاک ہے اور وہ صرف پاکیزہ چیزوں کو پسند کرتا ہے۔ اس نے اہل ایمان کو وہی حکم دیا ہے جو اس نے رسولوں کو حکم دیا تھا اور ارشاد فرمایا ہے:

''اے رسولوں! پاکیزہ چیز میں سے کھاؤ اور نیک عمل کرو تم جو عمل کرتے ہو بیشک میں اس کا علم رکھتا ہوں۔''

اللہ تعالیٰ نے یہ بھی ارشاد فرمایا ہے:

''اے ایمان والو! ہم نے تمہیں جو پاکیزہ رزق عطا کیا ہے اس میں سے کھاؤ اور اللہ کا شکر ادا کرو اگر تم اسی کی عبادت کرتے ہو۔''

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک ایسے شخص کا ذکر کیا جو طویل سفر کرے اور اس کے بال بکھرے ہوئے اور غبار آلود ہوں۔ پھر وہ اپنے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف کر کے دعا کرے۔ اے میرے پروردگار! اے میرے پروردگار! جبکہ اس کا کھانا حرام ہو۔ اس کا لباس حرام ہو اس کا پینا حرام ہو۔ اس کو حرام کے ذریعے غذا پہنچائی گئی ہو تو اس کی دعا کیسے قبول ہو سکتی ہے۔

## بَابٌ مَّا يَكْفِيْ مِنَ الدُّنْيَا

## باب 10: دنیا میں سے کیا کچھ کافی ہے

**2752**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْلَةَ عَنْ بُرَيْدَةَ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَكْفِيْ اَحَدَكُمْ مِنَ الدُّنْيَا خَادِمٌ وَّمَرْكَبٌ

☆☆ حضرت بریدہ اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: کسی بھی شخص کے لیے دنیا میں اتنا ہی کافی ہے کہ ایک خادم ہو اور ایک سواری ہو۔

## بَابٌ فِيْ ذَهَابِ الصَّالِحِيْنَ

## باب 11: نیک لوگوں کا رخصت ہو جانا

**2753**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ مَنْصُوْرٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ بَيَانٍ هُوَ ابْنُ بِشْرٍ الْاَحْمَسِيُّ عَنْ قَيْسٍ عَنْ مِرْدَاسٍ الْاَسْلَمِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَذْهَبُ الصَّالِحُوْنَ اَسْلَافًا وَّيَبْقٰى حُثَالَةٌ كَحُثَالَةِ الشَّعِيْرِ

☆☆ حضرت مرداس اسلمی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: نیک لوگ گروہ در گروہ رخصت ہو جائیں گے اور برے لوگ ایسے رہ جائیں گے جیسے ''جو'' کا برا حصہ باقی رہ جاتا ہے۔

---

حدیث **2752**: ''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **9812**

حدیث **2753**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ/**1987**ء **3925**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17764**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6852**

## بَابٌ فِي الْمُحَافَظَةِ عَلَى الصَّوْمِ

## باب 12: روزے کی حفاظت کرنا

**2754**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ عَمْرِو بْنِ اَبِى عَمْرٍو عَنْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ كَمْ مِنْ صَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ صِيَامِهِ اِلَّا الظَّمَأُ وَكَمْ مِنْ قَائِمٍ لَيْسَ لَهُ مِنْ قِيَامِهِ اِلَّا السَّهَرُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ کتنے ہی روزے دار ایسے ہیں کہ انہیں اپنے روزے میں پیاس کے علاوہ اور کچھ حاصل نہیں ہوتا اور کتنے ہی نوافل پڑھنے والے ایسے ہیں کہ انہیں نوافل پڑھنے سے صرف جاگنے کے علاوہ اور کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

## بَابٌ فِي الْمُحَافَظَةِ عَلَى الصَّلٰوةِ

## باب 13: نماز کی حفاظت کرنا

**2755**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ هُوَ ابْنُ اَبِى اَيُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِىْ كَعْبُ بْنُ عَلْقَمَةَ عَنْ عِيْسٰى بْنِ هِلَالٍ الصَّدَفِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ ذَكَرَ الصَّلٰوةَ يَوْمًا فَقَالَ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ نُوْرًا وَّبُرْهَانًا وَّنَجَاةً مِّنَ النَّارِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ لَّمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ تَكُنْ لَّهُ نُوْرًا وَّلَا نَجَاةً وَّلَا بُرْهَانًا وَّكَانَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ قَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ وَهَامَانَ وَاُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں' ایک دن آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا: جوشخص اس کی حفاظت کرے گا وہ نماز اس کے لیے نور ہوگی اور برہان ہوگی اور قیامت کے دن جہنم کی آگ

حدیث **2754**: "سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1690

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 8843

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 3481

"صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 1997

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 1571

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 3249

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 8097

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء — 6551

حدیث **2755**: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 6576

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 1467

سے نجات کا ذریعہ ہوگی اور جو شخص نماز کی حفاظت نہیں کرے گا نماز اس کے لیے نور نہیں ہوگی۔ نجات نہیں ہوگی اور برہان نہیں ہوگی اور قیامت کے دن وہ شخص قارون' فرعون' ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہوگا۔

## بَابٌ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ

## باب 14: رات کے وقت نوافل ادا کرنا

**2756**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنِي ابْنُ عَجْلَانَ عَنْ حُسَيْنِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَرْغَبُ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ حَتّٰى قَالَ وَلَوْ رَكْعَةً

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کے وقت نوافل ادا کرنے کی ترغیب دیا کرتے تھے یہاں تک کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: خواہ ایک ہی رکعت پڑھو (لیکن پڑھو ضرور)۔

## بَابٌ فِي الاِسْتِغْفَارِ

## باب 15: استغفار کا بیان

**2757**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ حَدَّثَنَا اَبُوْ اِسْحٰقَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عَمْرٍو اَبِي الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُذَيْفَةَ قَالَ كَانَ فِي لِسَانِي ذَرَبٌ عَلٰى اَهْلِي وَلَمْ يَكُنْ يَعْدُهُمْ اِلٰى غَيْرِهِمْ فَسَاَلْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيْنَ اَنْتَ عَنِ الاِسْتِغْفَارِ اِنِّي لَاَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ فَحَدَّثْتُ اَبَا بُرْدَةَ وَاَبَا بَكْرٍ ابْنَيْ اَبِي مُوْسٰى قَالَا قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ كُلَّ يَوْمٍ مِائَةَ مَرَّةٍ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ

☆☆ حضرت حذیفہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں اپنی بیوی کے ساتھ بدکلامی کیا کرتا تھا حالانکہ دوسرے لوگوں کے ساتھ نہیں کیا کرتا تھا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم استغفار کیوں نہیں کرتے۔ میں خود روزانہ ایک سو مرتبہ استغفار کرتا ہوں۔

حضرت ابواسحاق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے یہ حدیث حضرت موسیٰ رضی اللہ عنہ کے دو صاحبزادے حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ اور ابوبکر کو سنائی تو انہوں نے جواب دیا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میں روزانہ اللہ تعالیٰ سے سو مرتبہ مغفرت طلب کرتا ہوں۔

''(ان الفاظ میں) میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت طلب کرتا ہوں اور اس کی طرف توبہ کرتا ہوں۔''

حدیث **2757**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **3817**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **23388**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **926**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **1881**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **10282**

# بَابٌ فِي تَقْوَى اللّٰهِ

## باب 16: اللہ تعالیٰ سے ڈرنا

**2758** - حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ سَلْمِ بْنِ قُتَيْبَةَ عَنْ سُهَيْلٍ الْقُطَعِيِّ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ أَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ قَرَأَ (أَهْلُ التَّقْوَى وَأَهْلُ الْمَغْفِرَةِ) قَالَ قَالَ رَبُّكُمْ أَنَا أَهْلٌ أَنْ أُتَّقَى فَمَنِ اتَّقَانِي فَأَنَا أَهْلٌ أَنْ أَغْفِرَ لَهُ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ آیت پڑھی:

''وہ ہی تقویٰ والے ہیں اور وہ ہی مغفرت والے ہیں۔''

پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہمارا پروردگار ارشاد فرماتا ہے: میں سب سے زیادہ اس بات کا حق دار ہوں کہ مجھ سے ڈرا جائے جو شخص مجھ سے ڈرے گا تو میں اس بات کا زیادہ حقدار ہوں کہ اس کو بخش دوں۔

**2759** - حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ كَهْمَسِ بْنِ الْحَسَنِ عَنْ أَبِي السَّلِيلِ عَنْ أَبِي ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنِّي لَأَعْلَمُ آيَةً لَوْ أَخَذَ بِهَا النَّاسُ لَكَفَتْهُمْ (وَمَنْ يَتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَهُ مَخْرَجًا)

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے ایک آیت کا پتہ ہے اگر لوگ اسی کو حاصل کر لیں تو یہ ہی ان کے لیے کافی ہوگی۔

۔ جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہو اللہ تعالیٰ اس کے لیے۔کوئی صورت پیدا کردے گا''۔

# بَابٌ فِي الْمُحَقَّرَاتِ

## باب 17: معمولی گناہوں کا بیان

**2760** - أَخْبَرَنَا مَنْصُورُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ هُوَ ابْنُ مُسْلِمِ بْنِ بَانَكَ عَنْ مَالِكٍ عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ عَنْ عَوْفِ بْنِ الْحَارِثِ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عَائِشُ إِيَّاكِ وَمُحَقَّرَاتِ

حدیث 2758: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 3328

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 4299

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 12465

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 11630

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 3317

حدیث 2759: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 21591

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء 6669

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء 3819

الذُّنُوْبِ فَاِنَّ لَهَا مِنَ اللّٰهِ طَالِبًا

☆☆ سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عائشہ! معمولی گناہوں سے بچو کیونکہ ان کے بارے میں بھی اللہ تعالیٰ کی طرف سے گرفت ہوسکتی ہے۔

## بَابٌ فِي التَّوْبَةِ

## باب 18: توبہ کا بیان

**2761**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ مَسْعَدَةَ الْبَاهِلِيُّ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ بَنِىْ اٰدَمَ خَطَّاءٌ وَّخَيْرُ الْخَطَّائِيْنَ التَّوَّابُوْنَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تمام اولادِ آدم علیہ السلام گناہگار ہے اور سب سے بہتر گنہگار وہ ہے جو زیادہ توبہ کرتا ہو۔

## بَابُ اَللّٰهُ اَفْرَحُ بِتَوْبَةِ الْعَبْدِ

## باب 19: اللہ تعالیٰ بندے کی توبہ سے بہت خوش ہوتا ہے

**2762**- اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنِ النُّعْمَانِ هُوَ ابْنُ بَشِيْرٍ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَافَرَ رَجُلٌ فِىْ اَرْضٍ تَنُوْفَةٍ فَقَالَ تَحْتَ شَجَرَةٍ وَّمَعَهُ رَاحِلَتُهُ عَلَيْهَا زَادُهُ وَطَعَامُهُ فَاسْتَيْقَظَ وَقَدْ ذَهَبَتْ رَاحِلَتُهُ فَعَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ عَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا ثُمَّ عَلَا شَرَفًا فَلَمْ يَرَ شَيْئًا قَالَ فَالْتَفَتَ فَاِذَا هُوَ بِهَا تَجُرُّ خِطَامَهَا فَمَا هُوَ بِاَشَدَّ فَرَحًا بِهَا مِنَ اللّٰهِ بِتَوْبَةِ عَبْدِهٖ اِذَا تَابَ اِلَيْهِ

☆☆ حضرت نعمان رضی اللہ عنہ' یہ بشیر کے صاحبزادے ہیں' بیان کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: ایک مرتبہ ایک شخص ایک بے آب و گیاہ جگہ پر سفر کر رہا تھا وہ دوپہر کے وقت ایک درخت کے نیچے سو گیا۔ اس کے ساتھ اس کی

حدیث **2760**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4243**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **24460**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414ھ/1993ء** **5568**

حدیث **2761**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2499**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4251**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **13072**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **7617**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** **2922**

حدیث **2762**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **18432**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **794**

سواری تھی جس پر اس کا سامان اور کھانے پینے کی چیزیں رکھی ہوئی تھیں جب وہ شخص بیدار ہوا تو اس کی سواری کہیں جا چکی تھی۔ اس نے ادھر ادھر تلاش کیا لیکن اسے کچھ نہیں ملا اس نے پھر تلاش کیا پھر کچھ نہیں ملا۔ پھر تلاش کیا کچھ نہیں ملا۔ پھر اس نے جب توجہ کی تو سواری وہاں موجود تھی۔ اس نے اس کی لگام کو پکڑا تو وہ شخص اس وجہ سے جتنا خوش ہوا ہے اللہ کا بندہ جب اس کی بارگاہ میں توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ سے اس سے زیادہ خوش ہوتا ہے۔

## بَابٌ فِي الْاَمَلِ وَالْاَجَلِ

## باب 20: امید اور موت

**2763**- حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي يَعْلٰى عَنِ الرَّبِيعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ خَطَّ لَنَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَطًّا مُرَبَّعًا ثُمَّ خَطَّ وَسَطَهُ خَطًّا ثُمَّ خَطَّ حَوْلَهُ خُطُوْطًا وَّخَطَّ خَطًّا خَارِجًا مِنَ الْخَطِّ فَقَالَ هٰذَا الْإِنْسَانُ لِلْخَطِّ الْاَوْسَطِ وَهٰذَا الْاَجَلُ مُحِيْطٌ بِهِ وَهٰذِهِ الْاَعْرَاضُ لِلْخُطُوْطِ فَاِذَا اَخْطَاَهُ وَاحِدٌ نَهَشَهُ الْاٰخَرُ وَهٰذَا الْاَمَلُ لِلْخَطِّ الْخَارِجِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمارے سامنے ایک مربع شکل میں لکیریں کھینچیں۔ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے درمیان ایک اور لکیر کھینچی۔ پھر اس کے اردگرد چند اور لکیریں کھینچیں پھر اس کے باہر کچھ اور لکیریں کھینچیں۔ اور پھر درمیانی خط کے بارے میں ارشاد فرمایا کہ یہ انسان ہے اور یہ اس کی زندگی کی مخصوص مدت ہے جو اسے گھیرے میں لیے ہوئے ہے لکیروں کے بارے میں ارشاد فرمایا: یہ مصیبتیں ہیں جب ایک نہیں آتی تو اس کی جگہ دوسری آ جاتی ہے اور باہر کے خط کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اور یہ اس کی امیدیں ہیں۔

## بَابٌ مَّا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ

## باب 21: دو بھوکے بھیڑیوں کے بارے میں روایات

**2764**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ عَنْ زَكَرِيَّا عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَعْدِ بْنِ زُرَارَةَ عَنِ ابْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا ذِئْبَانِ جَائِعَانِ اُرْسِلَا فِي غَنَمٍ بِاَفْسَدَ لَهَا مِنْ حِرْصِ الْمَرْءِ عَلَى الْمَالِ وَالشَّرَفِ لِدِيْنِهِ

---

حدیث **2763**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری ( طبع ثالث ) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء — **6054**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **2454**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **3652**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **6297**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء — **5243**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **4231**

☆☆ ابن کعب بن مالک اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' دو بھوکے بھیڑیوں کو کسی بکریوں کے ریوڑ میں چھوڑ دیا جائے تو وہ اسے اتنا خراب نہیں کریں گے۔ جتنا مال اور عزت کا لالچ انسان کے ذہن کو خراب کر دیتا ہے۔

## بَابٌ فِي حُسْنِ الظَّنِّ بِاللَّهِ

## باب 22: اللہ تعالیٰ کے بارے میں گمان رکھنا

**2765**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ الْغَازِ عَنْ حَيَّانَ اَبِي النَّضْرِ عَنْ وَاثِلَةَ بْنِ الْاَسْقَعِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قَالَ اللَّهُ تَبَارَكَ وَتَعَالَى اَنَا عِنْدَ ظَنِّ عَبْدِي بِي فَلْيَظُنَّ بِي مَا شَآءَ

☆☆ حضرت واثلہ بن اسقع رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے: میں اپنے بارے میں اپنے بندے کے گمان کے مطابق ہوتا ہوں تو وہ میرے بارے جو چاہے گمان رکھ سکتا ہے۔

## بَابُ وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ

## باب 23: اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈراؤ

**2766**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَاَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَامَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اَنْزَلَ اللَّهُ تَعَالَى (وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ) فَقَالَ يَا مَعْشَرَ قُرَيْشٍ اشْتَرُوْا اَنْفُسَكُمْ مِنَ اللَّهِ لَا اُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا بَنِي عَبْدِ مَنَافٍ لَا اُغْنِي عَنْكُمْ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا عَبَّاسُ بْنَ عَبْدِ الْمُطَّلِبِ لَا اُغْنِي عَنْكَ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا صَفِيَّةُ عَمَّةَ رَسُوْلِ اللَّهِ لَا اُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا يَا فَاطِمَةُ بِنْتَ مُحَمَّدٍ سَلِيْنِي مَا شِئْتِ لَا اُغْنِي عَنْكِ مِنَ اللَّهِ شَيْئًا

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں جب اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل کی

---

حدیث **2764**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2676**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15822**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **3228**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **6449**
حدیث **2765**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **7066**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9065**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **633**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **7603**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **7730**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ-1984ء **3282**

''اور اپنے قریبی رشتے داروں کو ڈراؤ''

تو نبی اکرم ﷺ کھڑے ہوئے اور آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اے گروہ قریش تم اللہ تعالیٰ سے اپنے آپ کو خرید لو۔ میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا (اگر تم مسلمان نہ ہوئے) اے بنو عبد مناف میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا (اگر تم مسلمان نہیں ہوئے) اے عباس بن عبدالمطلب میں اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا (اگر تم مسلمان نہیں ہوتے) اور صفیہ اللہ کے رسول ﷺ کی پھوپھی میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا (اگر تم مسلمان نہیں ہوتی ہو) اے محمد ﷺ کی بیٹی فاطمہ! تم مجھ سے جو چاہو مانگو لیکن میں اللہ کی بارگاہ میں تمہاری کوئی مدد نہیں کر سکتا (اگر تم مسلمان نہیں ہوتی)۔

## بَابٌ لَا يُنجِيْ اَحَدَكُمْ عَمَلُهُ

## باب 24: کسی بھی شخص کا عمل اسے نجات نہیں دے گا

**2767**- اَخْبَرَنَا الْحَسَنُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَحْوَصِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَارِبُوْا وَسَدِّدُوْا وَاعْلَمُوْا اَنَّ اَحَدًا مِّنْكُمْ لَنْ يُّنْجِيَهُ عَمَلُهُ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَلَا اَنْتَ قَالَ وَلَا اَنَا اِلَّا اَنْ يَّتَغَمَّدَنِىَ اللّٰهُ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: ایک دوسرے کے قریب رہو اور پابندی کرو اور یہ بات جان لو کہ کسی بھی شخص کا عمل اسے نجات نہیں دے گا۔ لوگوں نے عرض کی آپ ﷺ کا بھی نہیں۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: میرا بھی نہیں البتہ مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت اور فضل کے ذریعے ڈھانپ لیا ہے۔

---

حدیث **2766**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **2602**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **204**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **8711**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **646**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **12428**

''ادب مفرد'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409**ھ/**1989**ء — **48**

حدیث **2767**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان **1407**ھ **1987**ء — **5349**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — **4201**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **1001**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **350**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء — **4517**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ-**1984**ء — **6594**

## بَابٌ مَّا مِنكُمْ اَحَدٌ اِلَّا وَمَعَهُ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ

## باب 25: تم میں سے ہر شخص کے ساتھ ایک جن ساتھی موجود ہوتا ہے

**2768**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَمَعَهُ قَرِينُهُ مِنَ الْجِنِّ وَقَرِينُهُ مِنَ الْمَلَائِكَةِ قَالُوا وَاِيَّاكَ قَالَ نَعَمْ وَاِيَّايَ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِي عَلَيْهِ فَاَسْلَمُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ مِنَ النَّاسِ مَنْ يَقُولُ اَسْلَمَ اسْتَسْلَمَ يَقُولُ ذَلَّ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر شخص کے ساتھ ایک جن ساتھی موجود ہوتا ہے اور ایک فرشتہ ساتھی موجود ہوتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بھی؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہاں میرے ساتھ بھی لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں میری مدد کی اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔ (ایک مطلب یہ ہوسکتا ہے کہ وہ میرا فرمانبردار ہوگیا ہے)

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ بعض علماء نے یہ بات بیان کی ہے اسلم کا مطلب استسلم ہے اس کا مطلب وہ ذلیل ہو گیا۔

## بَاب لَوْ تَعْلَمُونَ مَا اَعْلَمُ

## باب 26: اگر تم وہ بات جان جاؤ جو میں جانتا ہوں

**2769**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُوسَى بْنِ اَنَسٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ تَعْلَمُونَ مَا اَعْلَمُ لَضَحِكْتُمْ قَلِيلًا وَلَبَكَيْتُمْ كَثِيرًا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اگر تم لوگ وہ بات جان جاؤ جو میں جانتا ہوں تو تم تھوڑا ہنسو اور زیادہ روؤ۔

**2770**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِمِثْلِ هٰذَا

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِي هَوَانِ الدُّنْيَا عَلَى اللّٰهِ

## باب 27: دنیا کا اللہ تعالیٰ کے نزدیک بے حیثیت ہونا

**2771**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي الْمُهَزِّمِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَرَّ بِسَخْلَةٍ جَرْبَاءَ قَدْ اَخْرَجَهَا اَهْلُهَا قَالَ تُرَوْنَ هٰذِهِ هَيِّنَةً عَلَى اَهْلِهَا قَالُوا نَعَمْ قَالَ وَاللّٰهِ لَلدُّنْيَا اَهْوَنُ عَلَى اللّٰهِ مِنْ هٰذِهِ عَلَى اَهْلِهَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ایک خارش زدہ بکری کے پاس سے گزرے جسے اس کے مالک نے باہر پھینک دیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت کیا: کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ اس کے مالک کے نزدیک اس کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔ لوگوں

نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ کی قسم یہ اپنے مالک کے نزدیک جتنی بے حیثیت ہے دنیا اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس سے زیادہ بے حیثیت ہے۔

# بَاب اَیُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ

## باب 28: کون سا عمل زیادہ افضل ہے

**2772**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي الْمُرَاوِحِ عَنْ اَبِي ذَرٍّ قَالَ سَاَلَ رَجُلٌ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اَيُّ الْاَعْمَالِ اَفْضَلُ قَالَ اِيمَانٌ بِاللّٰهِ وَجِهَادٌ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے نبی اکرم ﷺ سے سوال کیا: کون سا عمل زیادہ افضل ہے؟ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا: اللہ پر ایمان رکھنا اور اللہ کے راستے میں جہاد کرنا۔

**2773**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ يَحْيَى عَنْ اَبِي جَعْفَرٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَفْضَلُ الْاَعْمَالِ عِنْدَ اللّٰهِ اِيمَانٌ لَا شَكَّ فِيهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اَبُو جَعْفَرٍ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے افضل عمل ایسا ایمان ہے جس میں شک نہ ہو۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ ابوجعفر نامی راوی' انصاری ہیں۔

# بَابٌ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

## باب 29: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوگا جب تک وہ اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو اپنے لیے کرتا ہے

**2774**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يُحِبَّ لِاَخِيهِ مَا يُحِبُّ لِنَفْسِهِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک اپنے بھائی کے لیے وہی چیز پسند نہ کرے جو وہ اپنے لیے پسند کرتا ہے۔

**2775**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ وَهَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُؤْمِنُ اَحَدُكُمْ حَتّٰى اَكُونَ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ وَالِدِهِ وَوَلَدِهِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی بھی شخص اس وقت تک کامل مومن نہیں ہوسکتا جب تک میں اس کے نزدیک اس کے والد اس کی اولاد اور سب لوگوں سے زیادہ محبوب نہ ہو جاؤں۔

## بَاب اَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ خَیْرٌ

## باب 30: کون سے مومن بہتر ہیں

**2776**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا زُهَیْرٌ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدِ بْنِ جُدْعَانَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِیْ بَكْرَةَ عَنْ اَبِیْ بَكْرَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَیُّ النَّاسِ خَیْرٌ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَحَسُنَ عَمَلُهٗ قَالَ فَاَیُّ النَّاسِ شَرٌّ قَالَ مَنْ طَالَ عُمُرُهٗ وَسَاءَ عَمَلُهٗ

☆☆ حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! کون سے لوگ بہتر ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جن کی عمر طویل ہو اور عمل اچھے ہوں انہوں نے دریافت کیا کون سے لوگ بُرے ہیں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جن کی عمر طویل ہو اور عمل اچھے نہ ہوں۔

**2777**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَلِیِّ بْنِ زَیْدٍ بِاِسْنَادِهٖ مِثْلَهٗ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِیْ فَضْلِ اٰخِرِ هٰذِهِ الْاُمَّةِ

## باب 31: اس امت کے آخری حصے کی فضیلت

**2778**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِیْرَةِ قَالَ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِیُّ حَدَّثَنَا اَسِیْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ خَالِدِ بْنِ دُرَیْكٍ عَنِ ابْنِ مُحَیْرِیْزٍ قَالَ قُلْتُ لِاَبِیْ جُمُعَةَ رَجُلٍ مِّنَ الصَّحَابَةِ حَدِّثْنَا حَدِیْثًا سَمِعْتَهٗ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَمْ اُحَدِّثُكَ حَدِیْثًا جَیِّدًا تَغَدَّیْنَا مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَمَعَنَا اَبُوْ عُبَیْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحَدٌ خَیْرٌ مِّنَّا اَسْلَمْنَا وَجَاهَدْنَا مَعَكَ قَالَ نَعَمْ قَوْمٌ یَّكُوْنُوْنَ مِنْ بَعْدِكُمْ یُؤْمِنُوْنَ بِیْ وَلَمْ یَرَوْنِیْ

☆☆ حضرت محیریز رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابوجمعہ رضی اللہ عنہ' جو ایک صحابی ہیں' سے کہا: آپ لوگوں کو ایسی حدیث بتائیں جو آپ نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سنی ہو۔ انہوں نے جواب دیا: ہاں میں تمہیں ایک بہترین حدیث سناتا ہوں۔ ایک مرتبہ ہم صبح کے وقت نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ ہمارے ساتھ تھے۔ انہوں نے عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کیا کوئی شخص ہم سے بہتر بھی ہوسکتا ہے۔ ہم نے اسلام قبول کیا ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جہاد کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں وہ لوگ جو تمہارے بعد آئیں گے اور مجھ پر ایمان لائیں گے حالانکہ انہوں نے مجھے دیکھا نہیں ہوگا۔

## بَابٌ فِیْ تَعَاهُدِ الْقُرْاٰنِ

## باب 32: قرآن کو یاد رکھنا

**2779**- اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِیْدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِئْسَمَا لِاَحَدِكُمْ اَنْ یَّقُوْلَ نَسِیْتُ اٰیَةَ كَیْتَ وَكَیْتَ بَلْ هُوَ نُسِّیَ فَاسْتَذْكِرُوا

الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ أَسْرَعُ تَفَصِّيًا مِنْ صُدُورِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهَا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' یہ بات بہت بُری ہے' کوئی شخص یہ کہے کہ مجھے فلاں فلاں آیت بھول گئی ہے۔ بلکہ وہ آیت اسے بھلادی گئی ہے۔تم قرآن کو پڑھتے رہو کیونکہ وہ انسان کے سینے سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے جس تیزی سے کوئی جانور اپنی رسی سے نکلتا ہے۔

## بَابٌ لَا يَنْبَغِي لِأَحَدٍ أَنْ يَقُولَ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى

## باب 33: کسی شخص کے لیے یہ کہنا مناسب نہیں ہے کہ میں حضرت یونس سے بہتر ہوں

**2780**- أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُولَنَّ أَحَدُكُمْ أَنَا خَيْرٌ مِنْ يُونُسَ بْنِ مَتَّى

☆☆ حضرت عبداللہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: کوئی بھی یہ ہرگز نہ کہے' میں یونس بن متّی سے بہتر ہوں۔

## بَاب عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ

## باب 34: ہر مسلمان پر صدقہ کرنا لازم ہے

**2781**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَائِنِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَعِيدِ بْنِ أَبِي بُرْدَةَ عَنْ أَبِيهِ عَنْ أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ صَدَقَةٌ قَالُوا يَا رَسُولَ اللَّهِ فَإِنْ لَمْ يَسْتَطِعْ أَوْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يَعْتَمِلُ بِيَدَيْهِ فَيَأْكُلُ مِنْهُ وَيَتَصَدَّقُ قَالُوا أَفَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يُعِينُ ذَا الْحَاجَةِ الْمَلْهُوفَ قَالُوا أَفَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يَأْمُرُ بِالْخَيْرِ قَالُوا أَفَرَأَيْتَ إِنْ لَمْ يَفْعَلْ قَالَ يُمْسِكُ عَنِ الشَّرِّ فَإِنَّهَا لَهُ صَدَقَةٌ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: ہر مسلمان پر صدقہ کرنا لازم ہے۔لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! اگر وہ اس کی استطاعت نہ رکھتا ہو (راوی کو شک یہاں شاید یہ الفاظ ہیں) اگر وہ ایسا نہ کرے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: وہ اپنے ہاتھ کے ذریعے مزدوری کر کے اسے صدقہ کردے۔لوگوں نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال میں اگر وہ ایسا نہ کرے تو؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: وہ کسی مصیبت زدہ ضرورت مند کی مدد کردے۔لوگوں نے عرض کی: اگر وہ یہ بھی نہ کرے تو؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا کہ وہ نیکی کا حکم دے لوگوں نے عرض کی وہ یہ بھی نہ کرے تو؟ پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے خیال میں وہ کیا کرے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: وہ برائی سے بچا رہے یہ بھی اس کے لیے صدقہ ہوگا۔

## بَابٌ مَنْ رَائَى رَائَى اللَّهُ بِهِ

## باب 35: جوشخص دکھاوے کے لیے کام کرے گا اللہ تعالیٰ اسے رسوا کرے گا

**2782**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ قَالَ حَدَّثَنِي أَبُو صَخْرٍ أَنَّهُ سَمِعَ مَكْحُولًا يَقُولُ حَدَّثَنِي أَبُو

هِنْدٍ الدَّارِيُّ أَنَّهُ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَنْ قَامَ مَقَامَ رِيَاءٍ وَسُمْعَةٍ رَائَى اللّٰهُ بِهِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَسَمَّعَ

☆☆ حضرت ابوہند داری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جو شخص دکھاوے اور شہرت کے لیے کوئی کام کرے گا۔ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے اس دکھاوے اور شہرت کی وجہ سے ذلیل و رسوا کرے گا۔

## بَابٌ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ كَمَثَلِ الزَّرْعِ

## باب 36: مسلمانوں کی مثال ایک کھیت کی مانند ہے

**2783**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ عَنْ أَبِيْهِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ مَثَلُ الْخَامَةِ مِنَ الزَّرْعِ تُفَيِّئُهَا الرِّيَاحُ تَعْدِلُهَا مَرَّةً وَتُضْجِعُهَا أُخْرَى حَتَّى يَأْتِيَهُ الْمَوْتُ وَمَثَلُ الْكَافِرِ كَمَثَلِ الْأَرْزَةِ الْمُجْذِيَةِ عَلَى أَصْلِهَا لَا يُصِيبُهَا شَيْءٌ حَتَّى يَكُوْنَ انْجِعَافُهَا مَرَّةً وَاحِدَةً قَالَ أَبُوْ مُحَمَّدٍ الْخَامَةُ الضَّعِيفُ

☆☆ حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مسلمانوں کی مثال ایک ایسے کمزور کھیت کی طرح ہے جس سے تیز ہوا گزرتی ہے تو اسے کبھی سیدھا کر دیتی ہے اور کبھی اسے لٹا دیتی ہے۔ یہاں تک کہ اسے موت آ جاتی ہے اور کافر کی مثال ایسے کھیت کی طرح ہے جو اپنی جڑ کے سہارے سیدھا کھڑا رہتا ہے اسے کوئی مصیبت لاحق نہیں ہوتی۔ یہاں تک کہ وہ ایک ہی مرتبہ اکھڑ جاتا ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (اس حدیث میں استعمال ہونے والے لفظ) خامہ سے مراد کمزور ہونا ہے۔

## بَابُ الدُّنْيَا خَضِرَةٌ حُلْوَةٌ

## باب 37: دنیا سرسبز اور میٹھی ہے

**2784**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنِ الْأَوْزَاعِيِّ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ وَعُرْوَةَ بْنِ الزُّبَيْرِ أَنَّ حَكِيْمَ بْنَ حِزَامٍ قَالَ سَأَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَأَعْطَانِيْ ثُمَّ سَأَلْتُهُ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا حَكِيْمُ إِنَّ هٰذَا الْمَالَ خَضِرٌ حُلْوٌ فَمَنْ أَخَذَهُ بِسَخَاوَةِ نَفْسٍ بُوْرِكَ لَهُ فِيْهِ وَمَنْ أَخَذَهُ بِإِشْرَافِ نَفْسٍ لَمْ يُبَارَكْ لَهُ فِيْهِ وَكَانَ كَالَّذِيْ يَأْكُلُ وَلَا يَشْبَعُ وَالْيَدُ الْعُلْيَا خَيْرٌ مِنَ الْيَدِ السُّفْلٰى

☆☆ حضرت حکیم بن حزام رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھے عطا کر دیا میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ مانگا۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر مجھے عطا کر دیا۔

میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا: آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر مجھے عطا کر دیا۔ میں نے پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے مانگا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے حکیم یہ مال سرسبز و مزیدار ہے جو اسے نفس کی سخاوت کے ہمراہ حاصل کرتا ہے۔ اس کے لیے اس میں برکت ڈال دی جاتی ہے اور جو

شخص اسے لالچ کے ذریعے حاصل کرتا ہے۔ اس کے لیے اس میں برکت نہیں ڈالی جاتی اور اس کی مثال اس شخص کی مانند ہوتی ہے جو کھاتا رہتا ہے لیکن سیر نہیں ہوتا اور اوپر والا ہاتھ نیچے والے سے بہتر ہے۔

## بَاب اِنَّ اللّٰهَ كَرِهَ لَكُمْ قِيلَ وَقَالَ

## باب 38: اللہ تعالیٰ نے تمہارے لیے فضول باتوں کو ناپسند کیا ہے

**2785**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو الرَّقِّيُّ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ وَرَّادٍ مَوْلَى الْمُغِيرَةِ عَنِ الْمُغِيرَةِ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ وَأْدِ الْبَنَاتِ وَعُقُوقِ الْاُمَّهَاتِ وَعَنْ مَنْعٍ وَهَاتِ وَعَنْ قِيلَ وَقَالَ وَكَثْرَةِ السُّؤَالِ وَاِضَاعَةِ الْمَالِ

☆☆ حضرت مغیرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے بچیوں کو زندہ درگور کرنے' ماؤں کی نافرمانی کرنے' خوامخواہ منع کرنے اور فضول بحث ومباحثہ کرنے اور بکثرت مانگنے اور مال کو ضائع کرنے سے منع کیا ہے۔

## بَابٌ فِي الْاَئِمَّةِ الْمُضِلِّينَ

## باب 39: گمراہ کرنے والے پیشواء

**2786**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ عَنْ ثَوْبَانَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّمَا اَخَافُ عَلَى اُمَّتِي الْاَئِمَّةَ الْمُضِلِّينَ

☆☆ حضرت ثوبان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اپنی امت کے بارے میں گمراہ کرنے والے پیشواؤں کا اندیشہ ہے۔

## بَاب انْصُرْ اَخَاكَ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُومًا

## باب 40: اپنے بھائی کی مدد کرو خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو

**2787**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِيَنْصُرِ الرَّجُلُ اَخَاهُ ظَالِمًا اَوْ مَظْلُومًا فَاِنْ كَانَ ظَالِمًا فَلْيَنْهَهُ فَاِنَّهُ لَهُ نُصْرَةٌ وَاِنْ كَانَ مَظْلُومًا فَلْيَنْصُرْهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: آدمی کو اپنے بھائی کی مدد کرنی چاہیے۔ خواہ وہ ظالم ہو یا مظلوم ہو اگر وہ ظالم ہو تو اسے اس سے روک دیا جائے وہ اس کے لیے مدد ہوگی اور اگر وہ مظلوم ہو تو پھر اس کی مدد کرے۔

## بَابُ الدِّيْنُ النَّصِيحَةُ

## باب 41: دین خیرخواہی کا نام ہے

**2788**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ هِشَامِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ وَنَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ لَنَا رَسُولُ

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الدِّيْنُ النَّصِيحَةُ قَالَ قُلْنَا لِمَنْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ لِلّٰهِ وَلِرَسُوْلِهِ وَلِكِتَابِهِ وَلِاَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ وَعَامَّتِهِمْ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ارشاد فرمایا: دین خیر خواہی کا نام ہے۔ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' ہم نے دریافت کیا: کس کے لیے یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم؟

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: اللہ کے لیے' اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے' اس کی کتاب کے لیے' مسلمانوں کے پیشواؤں اور عام مسلمانوں کے لیے (خیر خواہی کا نام ہے)۔

## بَابُ الْإِسْلَامُ بَدَأَ غَرِيْبًا

## باب 42: اسلام آغاز میں غریب الوطن تھا

**2789**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِيَاثٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الْاِسْلَامَ بَدَأَ غَرِيْبًا وَّسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا اَظُنُّ حَفْصًا قَالَ فَطُوْبٰى لِلْغُرَبَاءِ قِيْلَ وَمَنِ الْغُرَبَاءُ قَالَ النُّزَّاعُ مِنَ الْقَبَائِلِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم سے ارشاد فرمایا: اسلام آغاز میں غریب الوطن تھا اور یہ عنقریب غریب الوطن ہو جائے گا (راوی کہتے ہیں' شاید میرے استاد نے یہ بات نقل کی تھی) اس لیے غریب الوطن کے لیے خوشخبری ہے۔ عرض کی گئی غریب الوطن کون ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا قبیلوں سے تعلق رکھنے والے مسافر۔

## بَابٌ فِيْ حُبِّ لِقَاءِ اللّٰهِ

## باب 43: اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرنا

**2790**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ الصَّامِتِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ اَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ اَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ وَمَنْ كَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ كَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ فَقَالَتْ عَائِشَةُ اَوْ بَعْضُ اَزْوَاجِهِ اِنَّا لَنَكْرَهُ الْمَوْتَ قَالَ لَيْسَ ذٰلِكَ وَلٰكِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِرِضْوَانِ اللّٰهِ وَكَرَامَتِهِ فَلَيْسَ شَيْءٌ اَحَبَّ اِلَيْهِ مِمَّا اَمَامَهُ فَاَحَبَّ لِقَاءَ اللّٰهِ وَاَحَبَّ اللّٰهُ لِقَائَهُ وَاِنَّ الْكَافِرَ اِذَا حَضَرَهُ الْمَوْتُ بُشِّرَ بِعَذَابِ اللّٰهِ وَعُقُوْبَتِهِ فَلَيْسَ شَيْءٌ اَكْرَهَ اِلَيْهِ مِمَّا اَمَامَهُ فَكَرِهَ لِقَاءَ اللّٰهِ وَكَرِهَ اللّٰهُ لِقَائَهُ

☆☆ حضرت عبادہ بن صامت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے اور جو اللہ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا ہے۔ اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو ناپسند کرتا ہے۔ (سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی کسی دوسری زوجہ) نے عرض کی: ہمیں تو مرنا پسند نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس سے مراد یہ نہیں ہے بلکہ مومن شخص کے پاس جب موت کا وقت آ جائے تو اسے اللہ کی رضا مندی اور اس کی عطا کردہ

بزرگی کی خوشخبری دی جاتی ہے۔اس وقت اس کے نزدیک کوئی چیز اس سے زیادہ پسندیدہ نہیں ہوتی۔اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو پسند کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند کرتا ہے جبکہ کافر کے پاس موت کا وقت آتا ہے تو اسے اللہ تعالیٰ کے عذاب اور اس کی سزا کی وعید سنائی جاتی ہے تو اس کے نزدیک آگے آنے والے وقت سے زیادہ ناپسندیدہ اور کوئی چیز نہیں ہوتی۔اس لیے وہ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں حاضری کو ناپسند کرتا اور اللہ تعالیٰ بھی اس کی حاضری کو پسند نہیں کرتا ہے۔

## بَابٌ فِي الْمُتَحَابِّينَ فِي اللّٰهِ

## باب 44: اللہ تعالیٰ کے لیے آپس میں محبت کرنے والے لوگ

**2791**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِى الْحُبَابِ سَعِيدِ بْنِ يَسَارٍ عَنْ اَبِى هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰى يَقُولُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ اَيْنَ الْمُتَحَابُّونَ بِجَلَالِى الْيَوْمَ اُظِلُّهُمْ فِى ظِلِّى يَوْمَ لَا ظِلَّ اِلَّا ظِلِّى

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قیامت کے دن اللہ تعالیٰ ارشاد فرمائے گا میرے جلال کی خاطر آپس میں محبت رکھنے والے لوگ کہاں ہیں آج میں انہیں اپنا سایہ عطا کروں گا۔ایسے دن جب میرے سائے کے علاوہ اور کوئی سایہ نہیں ہے۔

## بَابٌ لَا يَتَمَنّٰى اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ

## باب 45: کوئی بھی شخص موت کی تمنا نہ کرے

**2792**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنِى شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِى اَبُو عُبَيْدٍ مَوْلٰى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَوْفٍ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَا يَتَمَنّٰى اَحَدُكُمُ الْمَوْتَ اِمَّا مُحْسِنًا فَلَعَلَّهُ اَنْ يَزْدَادَ اِحْسَانًا وَاِمَّا مُسِيئًا فَلَعَلَّهُ اَنْ يَسْتَعْتِبَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔
کوئی بھی شخص موت کی تمنا نہ کرے اگر وہ نیک ہوگا تو اس کی نیکی میں اضافہ ہوگا اگر وہ گنہگار ہوگا تو ہوسکتا ہے کہ وہ نیکی کرنے لگ جائے۔

## بَابٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ

## باب 46: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مجھے اور قیامت کو ان (دوانگلیوں) کی طرح مبعوث کیا گیا ہے

**2793**- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِى التَّيَّاحِ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةَ كَهَاتَيْنِ وَاَشَارَ وَهْبٌ بِالسَّبَّاحَةِ وَالْوُسْطٰى

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: مجھے اور قیامت کو ان دو انگلیوں کی طرح بھیجا گیا ہے۔ نبی

اکرم ﷺ نے شہادت کی اور درمیانی انگلی کے ذریعے اشارہ کرکے بتایا۔

## بَابٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْتُمْ اٰخِرُ الْاُمَمِ

## باب 47: نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان تم آخری امت ہو

**2794**- اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ حَدَّثَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اِنَّكُمْ وَفَّيْتُمْ سَبْعِينَ اُمَّةً اَنْتُمْ اٰخِرُهَا وَاَكْرَمُهَا عَلَى اللَّهِ

☆☆ بہز بن حکیم اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ تم نے ستر امتوں کو پورا کر دیا ہے تم ان میں سب سے آخری ہو اور اللہ تعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ عزت دار ہو۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ اَهْلِ بَدْرٍ

## باب 48: اہل بدر کی فضیلت

**2795**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَيْنَ فُلَانٌ فَغَمَزَهُ رَجُلٌ مِنْهُمْ فَقَالَ اِنَّهُ وَاِنَّهُ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلَيْسَ قَدْ شَهِدَ بَدْرًا قَالُوا بَلَى قَالَ فَلَعَلَّ اللَّهَ اطَّلَعَ عَلَى اَهْلِ بَدْرٍ فَقَالَ اعْمَلُوا مَا شِئْتُمْ فَقَدْ غَفَرْتُ لَكُمْ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا' ارشاد فرمایا: فلاں شخص کہاں ہے۔ ایک شخص نے اس کے بارے میں برا کہتے ہوئے کہا کہ وہ تو ایسا ایسا ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے دریافت کیا کیا وہ بدر میں شریک نہیں ہوا تھا۔ لوگوں نے عرض کی: جی ہاں! نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے اہل بدر کی طرف متوجہ ہو کر یہ بات ارشاد فرمادی ہے کہ تم جو چاہو کرو میں نے تمہیں بخش دیا ہے:

## بَابُ النَّهْيِ اَنْ يَّقُوْلَ مُطِرْنَا بِنَوْءِ كَذَا وَكَذَا

## باب 49: یہ کہنا منع ہے' فلاں ستارے کی وجہ سے بارش نازل ہوئی

**2796**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ قَالَ اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ عَنْ عَتَّابِ بْنِ حُنَيْنٍ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَوْ حَبَسَ اللَّهُ الْقَطْرَ عَنْ اُمَّتِي عَشْرَ سِنِينَ ثُمَّ اَنْزَلَهُ لَاَصْبَحَتْ طَائِفَةٌ مِنْ اُمَّتِي بِهَا كَافِرِينَ يَقُولُونَ هُوَ بِنَوْءِ مِجْدَحٍ قَالَ الْمِجْدَحُ كَوْكَبٌ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اگر اللہ تعالیٰ میری امت پر دس سال تک بارش نازل نہ کرے اور پھر بارش نازل کر دے تو میری امت کا ایک گروہ کفر کرتے ہوئے یہ کہے گا کہ یہ فلاں ستارے کی وجہ سے نازل ہوئی ہے۔

(راوی کہتے ہیں) مجدح ایک ستارہ ہے۔

## بَابُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا

## باب 50: ایک نیکی دس کے برابر ہوتی ہے

**2797**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ وَاصِلٍ مَوْلٰى اَبِىْ عُيَيْنَةَ عَنْ بَشَّارِ بْنِ اَبِىْ سَيْفٍ عَنِ الْوَلِيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ عِيَاضِ بْنِ غُطَيْفٍ قَالَ اَتَيْنَا اَبَا عُبَيْدَةَ بْنَ الْجَرَّاحِ نَعُوْدُهُ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ الْحَسَنَةُ بِعَشْرِ اَمْثَالِهَا

☆☆ عیاض بیان کرتے ہیں' ہم حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللہ عنہ کی عیادت کرنے کے لیےان کے پاس گئےتو انہوں نے بتایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشادفرماتے ہوئے سنا ہے'ایک نیکی دس کے برابر ہوتی ہے۔

## بَابٌ مَّا قِيْلَ فِىْ ذِى الْوَجْهَيْنِ

## باب 51: دوغلے آدمی کے بارے میں بیان

**2798**- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الرُّكَيْنِ عَنْ نُعَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ قَالَ شَرِيْكٌ وَّرُبَّمَا قَالَ النُّعْمَانِ بْنِ حَنْظَلَةَ عَنْ عَمَّارٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ كَانَ ذَا وَجْهَيْنِ فِى الدُّنْيَا كَانَ لَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ لِسَانَانِ مِنْ نَارٍ

☆☆ حضرت عمار رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جو شخص دنیا میں دوغلا ہوگا تو قیامت کے دن اس کے لیے جہنم کی دوزبانیں ہوں گی۔

## بَابٌ فِىْ قَوْلِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُّمَا رَجُلٍ لَّعَنْتُهُ اَوْ سَبَبْتُهُ

## باب 52: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان: جس شخص پر میں نے لعنت کی ہو اور جسے برا کہا ہو

**2799**- حَدَّثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ بْنُ زِيَادٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُمَّ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ فَاَىُّ الْمُسْلِمِيْنَ لَعَنْتُهُ اَوْ شَتَمْتُهُ اَوْ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلٰوةً وَّرَحْمَةً وَّقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: اے اللہ! میں انسان ہوں جس شخص پر میں لعنت کردوں اسے برا کہہ دوں یا اسے کوڑے لگادوں (اور وہ ان کا مستحق نہ ہو) تو اس کو اس شخص کے لیے دعا برکت' رحمت اور قربت بنا دینا۔ جس کی وجہ سے وہ قیامت کے دن تیری بارگاہ میں مقرب ہوسکے۔

**2800**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِىْ سُفْيَانَ عَنْ جَابِرٍ عَنِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ اِلَّا اَنَّ فِيْهِ زَكٰوةً وَّرَحْمَةً

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے: تاہم اس میں یہ الفاظ ہیں اُسے پاکیزہ اور رحمت بنادے۔

## بَابٌ فِيْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ اَنَّ لِيْ مِثْلَ اُحُدٍ ذَهَبًا

## باب 53: نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان: اگر میرے پاس ''احد'' پہاڑ جتنا سونا ہو

**2801** - حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ سُوَيْدَ بْنَ الْحَارِثِ عَنْ اَبِيْ ذَرٍّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا يَسُرُّنِيْ اَنَّ جَبَلَ اُحُدٍ لِّيْ ذَهَبًا اَمُوْتُ يَوْمَ اَمُوْتُ عِنْدِيْ دِيْنَارٌ اَوْ نِصْفُ دِيْنَارٍ اِلَّا لِغَرِيْمٍ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: مجھے یہ بات پسند نہیں ہے کہ میرے پاس ''احد'' پہاڑ جتنا سونا ہو اور جب میں مرنے لگوں تو اس میں سے میرے پاس ایک دینار یا نصف دینار ہو۔ ماسوائے اس کے جو کسی قرض خواہ کو ادا کرنے کے لیے رکھا ہو۔

## بَابٌ فِي الْمُوْبِقَاتِ

## باب 54: ہلاک کرنے والے امور

**2802** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ وَسُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ قَالَا حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ زَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عُبَادَةَ بْنِ قُرْطٍ قَالَ اِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ اُمُوْرًا هِيَ اَدَقُّ فِيْ اَعْيُنِكُمْ مِنَ الشَّعْرِ كُنَّا نَعُدُّهَا عَلٰى عَهْدِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الْمُوْبِقَاتِ فَذُكِرَ لِمُحَمَّدٍ يَعْنِيْ ابْنَ سِيْرِيْنَ فَقَالَ صَدَقَ فَاَرٰى جَرَّ الْاِزَارِ مِنْ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت عبادہ بن قرط رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ تم لوگ بال چیزوں کو بعض جتنی اہمیت حیثیت نہیں دیتے حالانکہ نبی اکرم ﷺ کے زمانہ اقدس میں ہم ان امور کو ہلاک کر دینے والا سمجھتے تھے۔

امام محمد بن سیرین رحمۃ اللہ علیہ کے سامنے اس بات کا ذکر کیا گیا تو وہ بولے: انہوں نے سچ کہا ہے میرے نزدیک تہبند کو کھینچتے ہوئے (زمین پر کھینچتے ہوئے) چلنا بھی ان میں شامل ہے۔

## بَابُ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ

## باب 55: بخار جہنم کی گرمی کا نتیجہ ہے

**2803** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبَايَةَ بْنِ رِفَاعَةَ عَنْ رَافِعِ بْنِ خَدِيْجٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْحُمّٰى مِنْ فَيْحِ جَهَنَّمَ اَوْ مِنْ فَوْرِ جَهَنَّمَ فَابْرِدُوْهَا بِالْمَاءِ

☆☆ حضرت رافع بن خدیج رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: بخار جہنم کی تپش کا حصہ ہے۔ اسے پانی کے ذریعے ٹھنڈا کرو۔

## بَابُ الْمَرَضُ كَفَّارَةٌ

## باب 56: بیماری کفارہ بن جاتی ہے

**2804**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُخَيْمِرَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا اَحَدٌ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ يُصَابُ بِبَلَاءٍ فِيْ جَسَدِهٖ اِلَّا اَمَرَ اللّٰهُ الْحَفَظَةَ الَّذِيْنَ يَحْفَظُوْنَهٗ فَقَالَ اكْتُبُوْا لِعَبْدِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ وَّلَيْلَةٍ مِثْلَ مَا كَانَ يَعْمَلُ مِنَ الْخَيْرِ مَا كَانَ مَحْبُوْسًا فِيْ وِثَاقِيْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: جو بھی مسلمان کسی بھی جسمانی آزمائش میں مبتلا ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کے محافظ فرشتوں کو یہ حکم دیتا ہے کہ میرے اس بندے کے ہر ایک دن اور ایک رات کے عوض میں اس کے لیے اتنی ہی بھلائی لکھ دو۔ جب تک یہ میری اس پکڑ میں بندھا ہوا ہے (یعنی بیماری میں مبتلا ہے)۔

## بَابُ اَجْرِ الْمَرِيْضِ

## باب 57: بیمار شخص کا اجر

**2805**- اَخْبَرَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ التَّيْمِيِّ عَنِ الْحَارِثِ بْنِ سُوَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يُوْعَكُ فَوَضَعْتُ يَدِيْ عَلَيْهِ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِنَّكَ لَتُوْعَكُ وَعْكًا شَدِيْدًا فَقَالَ اِنِّيْ اُوْعَكُ كَمَا يُوْعَكُ رَجُلَانِ مِنْكُمْ قَالَ قُلْتُ ذٰلِكَ بِاَنَّ لَكَ اَجْرَيْنِ قَالَ اَجَلْ وَمَا مِنْ مُسْلِمٍ يُصِيْبُهٗ اَذًى اَوْ مَرَضٌ فَمَا سِوَاهُ اِلَّا حُطَّ عَنْهُ مِنْ سَيِّئَاتِهٖ كَمَا تَحُطُّ الشَّجَرَةُ وَرَقَهَا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس وقت تکلیف میں مبتلا تھے۔ میں نے اپنا ہاتھ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوپر رکھا اور عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ صلی اللہ علیہ وسلم بخار میں مبتلا ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے اتنا بخار ہے جتنا دو آدمیوں کو ہوتا ہے۔ میں نے عرض کی: پھر تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم کو اجر بھی دوگنا ملے گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں! جس بھی مسلمان کو کوئی مصیبت یا بیماری یا اس کے علاوہ کوئی اور چیز لاحق ہوتی ہے تو اس کی وجہ سے اس کے گناہوں میں سے کچھ گناہ اس طرح جھاڑ دیے جاتے ہیں جیسے درخت سے پتے جھڑتے ہیں۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ الصَّلٰوةِ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 58: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجنے کی فضیلت

**2806**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ جَعْفَرٍ الْمَدَنِيُّ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ صَلّٰى عَلَيَّ صَلٰوةً وَّاحِدَةً صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ عَشْرًا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ

اس پر دس مرتبہ رحمت کرتا ہے۔

**2807**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ سُلَيْمَانَ مَوْلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ أَبِي طَلْحَةَ عَنْ أَبِيهِ قَالَ جَاءَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا وَهُوَ يُرَى الْبِشْرُ فِي وَجْهِهِ فَقِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّا نَرَى فِي وَجْهِكَ بِشْرًا لَمْ نَكُنْ نَرَاهُ قَالَ أَجَلْ إِنَّ مَلَكًا أَتَانِي فَقَالَ لِي يَا مُحَمَّدُ إِنَّ رَبَّكَ يَقُولُ لَكَ أَمَا يُرْضِيكَ أَنْ لَا يُصَلِّيَ عَلَيْكَ أَحَدٌ مِنْ أُمَّتِكَ إِلَّا صَلَّيْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا وَلَا يُسَلِّمَ عَلَيْكَ إِلَّا سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عَشْرًا قَالَ قُلْتُ بَلَى

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابوطلحہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے۔آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرے پر خوشی کے آثار تھے تو عرض کی گئی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آج ہم آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرہ مبارک پر ایسی خوشی دیکھ رہے ہیں جو ہم نے پہلے نہیں دیکھی۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: ہاں ابھی فرشتہ میرے پاس آیا اور اس نے مجھ سے کہا: اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم! آپ کا پروردگار آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے یہ فرما رہا ہے: کیا آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس بات سے راضی نہیں ہیں کہ جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود بھیجے گا میں اس پر دس رحمتیں نازل کروں گا اور جو شخص آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر سلام بھیجے گا میں اس پر دس مرتبہ سلام بھیجوں گا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں: میں نے کہا: ہاں! (ہاں میں اس بات سے راضی ہوں)۔

**2808**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ زَاذَانَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ مَسْعُودٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّ لِلَّهِ مَلَائِكَةً سَيَّاحِينَ فِي الْأَرْضِ يُبَلِّغُونِي عَنْ أُمَّتِي السَّلَامَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ کے کچھ فرشتے ہیں جو زمین پر گھومتے پھرتے رہتے ہیں اور میری امت کی طرف سے سلام مجھ تک پہنچاتے ہیں۔

## بَابٌ فِي أَسْمَاءِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

## باب 59: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اسماء

**2809**- أَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ أَخْبَرَنَا شُعَيْبُ بْنُ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ أَخْبَرَنِي مُحَمَّدُ بْنُ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ عَنْ أَبِيهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ إِنَّ لِي أَسْمَاءً أَنَا مُحَمَّدٌ وَأَنَا أَحْمَدُ وَأَنَا الْمَاحِي الَّذِي يَمْحُو اللَّهُ بِيَ الْكُفْرَ وَأَنَا الْحَاشِرُ الَّذِي يُحْشَرُ النَّاسُ عَلَى قَدَمِي وَأَنَا الْعَاقِبُ وَالْعَاقِبُ الَّذِي لَيْسَ بَعْدَهُ أَحَدٌ

☆☆ محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ میرے کچھ نام ہیں: میں محمد ہوں' احمد ہوں' میں وہ ماحی (مٹانے والا ہوں) کہ اللہ تعالیٰ نے میرے ذریعے کفر کو مٹا دیا ہے اور میں وہ حاشر ہوں' قیامت کے دن لوگوں کا میرے پاؤں تلے حشر ہو گا اور میں عاقب ہوں عاقب (وہ نبی ہے) جس کے بعد اور کوئی نبی نہیں آئے گا۔

# بَابٌ فِي اَكْلِ السُّحْتِ

## باب 60: حرام کھانے کا بیان

**2810**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ سَابِطٍ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يَا كَعْبُ بْنَ عُجْرَةَ اِنَّهُ لَنْ يَدْخُلَ الْجَنَّةَ لَحْمٌ نَبَتَ مِنْ سُحْتٍ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اے کعب بن عجرہ جنت میں ایسا گوشت داخل نہیں ہوگا جس کی پرورش حرام مال کے ذریعے کی گئی ہو۔

# بَابُ الْمُؤْمِنُ يُؤْجَرُ فِي كُلِّ شَيْءٍ

## باب 61: مومن کو ہر معاملے میں دوگنا اجر دیا جاتا ہے

**2811**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الْبَصْرِيُّ هُوَ رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ الْبَصْرِيُّ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا ثَابِتٌ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ صُهَيْبٍ قَالَ بَيْنَمَا رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ جَالِسٌ اِذْ ضَحِكَ فَقَالَ اَلَا تَسْاَلُوْنِي مِمَّا اَضْحَكُ فَقَالُوْا مِمَّ تَضْحَكُ قَالَ عَجَبًا مِّنْ اَمْرِ الْمُؤْمِنِ كُلُّهُ لَهُ خَيْرٌ اِنْ اَصَابَهُ مَا يُحِبُّ حَمِدَ اللّٰهَ عَلَيْهِ فَكَانَ لَهُ خَيْرٌ وَّاِنْ اَصَابَهُ مَا يَكْرَهُ فَصَبَرَ كَانَ لَهُ خَيْرٌ وَّلَيْسَ كُلُّ اَحَدٍ اَمْرُهُ لَهُ خَيْرٌ اِلَّا الْمُؤْمِنَ

☆☆ حضرت صہیب رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہمارے درمیان تشریف فرما تھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرا دیئے' آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کیا تم مجھ سے پوچھو گے نہیں کہ میں کیوں مسکرا رہا ہوں۔ لوگوں نے عرض کی آپ صلی اللہ علیہ وسلم کیوں مسکرائے ہیں؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: مجھے مومن کے بارے میں حیرت ہوتی ہے کہ ہر چیز اس کے لیے بہتر ہے۔ اگر اسے کوئی ایسی صورتحال لاحق ہو جو اسے پسند ہو تو وہ اس پر اللہ کی حمد بیان کرتا ہے اور یہ اس کے لیے بہتر ہوتی ہے اور اگر اسے کوئی ایسی صورتحال لاحق ہو جو اسے ناپسند ہو تو وہ اس پر صبر کرتا ہے اور وہ اس کے لیے بہتر ہوتا ہے۔

صرف مومن ہی وہ مرد ہے جس کا ہر معاملہ بہتر ہوتا ہے۔

# بَابٌ لَوْ كَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَّالٍ

## باب 62: اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں موجود ہوں

**2812**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ كُنْتُ اَسْمَعُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَا اَدْرِي اَشَيْءٌ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اَمْ شَيْءٌ يَقُوْلُهُ وَهُوَ يَقُوْلُ لَوْ كَانَ لِابْنِ اٰدَمَ وَادِيَانِ مِنْ مَّالٍ لَابْتَغٰى اِلَيْهِمَا ثَالِثًا وَّلَا يَمْلَاُ جَوْفَ ابْنِ اٰدَمَ اِلَّا التُّرَابُ وَيَتُوْبُ اللّٰهُ عَلٰى مَنْ تَابَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی یہ بات سنی ہے۔ مجھے نہیں پتہ یہ بات آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر

نازل ہوئی تھی یا آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود ارشاد فرمائی تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر ابن آدم کے پاس مال کی دو وادیاں ہوں تو وہ تیسری حاصل کرنے کی خواہش کرے گا۔ ابن آدم کا پیٹ صرف مٹی بھر سکتی ہے جو شخص توبہ کرے اللہ اس کی توبہ قبول کر لیتا ہے۔

## بَابٌ فِي النَّهْيِ عَنِ الْقَصَصِ

## باب 63: قصہ گوئی کی ممانعت

**2813**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَقُصُّ اِلَّا اَمِيْرٌ اَوْ مَاْمُوْرٌ اَوْ مُرَاءٍ قُلْتُ لِعَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ اِنَّا كُنَّا نَسْمَعُ مُتَكَلِّفٌ فَقَالَ هٰذَا مَا سَمِعْتُ

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: قصہ گوئی وہی شخص کرتا ہے جو حاکم ہو یا جسے بعض کہنے پر معمور کیا گیا ہو یا جو شخص دکھاوے کے لیے ایسا کرے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے عمرو بن شعیب سے کہا کہ ہم نے روایت کے الفاظ میں متکلف لفظ سنا ہے تو انہوں نے جواب دیا: میں نے تو یہی لفظ سنا ہے (جو انہوں نے بیان کیا ہے)۔

## بَابٌ فِي الرُّخْصَةِ

## باب 64: وعظ گوئی کی رخصت

**2814**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِي بُكَيْرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ قَالَ سَمِعْتُ كُرْدُوْسًا وَّكَانَ قَاصًّا يَقُوْلُ اَخْبَرَنِيْ رَجُلٌ مِّنْ اَهْلِ بَدْرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَاَنْ اَقْعُدَ فِيْ مِثْلِ هٰذَا الْمَجْلِسِ اَحَبُّ اِلَيَّ مِنْ اَنْ اُعْتِقَ اَرْبَعَ رِقَابٍ قَالَ قُلْتُ اَنَا اَيَّ مَجْلِسٍ يَعْنِيْ قَالَ كَانَ حِيْنَئِذٍ يَقُصُّ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الرَّجُلُ مِنْ اَصْحَابِ بَدْرٍ هُوَ عَلِيٌّ

☆☆ عبدالملک بن میسرہ بیان کرتے ہیں: میں نے کردوس "یہ ایک واعظ تھا" کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا ہے: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب میں سے ایک بدری صحابی نے مجھے بتایا ہے انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میرا اس محفل میں بیٹھنا میرے نزدیک چار غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے۔

راوی کہتے ہیں: میں نے دریافت کیا اس سے مراد کون سی مجلس ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: وہ مجلس جس میں آپ نے وعظ بیان کیا ہو۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ غزوہ بدر میں شریک ہونے والے صحابی سے مراد حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

## بَابٌ لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ مَّرَّتَيْنِ

## باب 65: مومن ایک ہی سوراخ سے دو مرتبہ نہیں ڈسا جاتا

**2815**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ قَالَ حَدَّثَنَا عُقَيْلٌ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ اَخْبَرَنِي سَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ اَخْبَرَهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يُلْدَغُ الْمُؤْمِنُ مِنْ جُحْرٍ وَّاحِدٍ مَّرَّتَيْنِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مومن ایک ہی سوراخ سے دومرتبہ نہیں ڈسا جاتا۔

## بَابُ الشَّيْطٰنِ يَجْرِىْ مَجْرَى الدَّمِ

## باب 66: شیطان' انسان کی خون کی رگوں میں گردش کرتا ہے

**2816**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ مُّجَالِدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ وَرُبَّمَا سَكَتَ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تَدْخُلُوْا عَلَى الْمُغِيْبَاتِ فَاِنَّ الشَّيْطٰنَ يَجْرِىْ مِنِ ابْنِ اٰدَمَ كَمَجْرَى الدَّمِ قَالُوْا وَمِنْكَ قَالَ نَعَمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَعَانَنِىْ عَلَيْهِ فَاَسْلَمَ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جس عورت کا خاوند موجود نہ ہو اس عورت کے پاس مت جاؤ کیونکہ شیطان انسان کے خون کی جگہ گردش کرتا ہے۔ لوگوں نے عرض کی: آپ کا بھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہاں۔ لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے خلاف میری مدد کی اور اس نے اسلام قبول کرلیا۔

## بَابٌ فِىْ اَشَدِّ النَّاسِ بَلَاءً

## باب 67: جس شخص کو شدید آزمائش میں مبتلا کیا جائے

**2817**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُّصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ سَعْدٍ قَالَ سُئِلَ النَّبِىُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَىُّ النَّاسِ اَشَدُّ بَلَاءً قَالَ الْاَنْبِيَاءُ ثُمَّ الْاَمْثَلُ فَالْاَمْثَلُ يُبْتَلَى الرَّجُلُ عَلٰى حَسَبِ دِيْنِهِ فَاِنْ كَانَ فِىْ دِيْنِهِ صَلَابَةٌ زِيْدَ صَلَابَةً وَّاِنْ كَانَ فِىْ دِيْنِهِ رِقَّةٌ خُفِّفَ عَنْهُ وَلَا يَزَالُ الْبَلَاءُ بِالْعَبْدِ حَتّٰى يَمْشِىَ عَلَى الْاَرْضِ مَا لَهُ خَطِيْئَةٌ

☆☆ حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا' کس شخص کو سب سے زیادہ شدید آزمائش میں مبتلا کیا گیا؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: انبیاء اور پھر اس کے بعد درجہ بدرجہ اور پھر ہر شخص کو اس کے دین کے مطابق آزمائش میں مبتلا کیا گیا۔ اگر وہ دین میں پختہ تھا تو اس کی پختگی میں اضافہ ہوا اور اگر وہ دین میں کمزور تھا تو اسے کمی کردی گئی۔ انسان آزمائش میں مبتلا ہوتا رہتا ہے جب تک وہ زمین پر چلتا ہے اور یہاں تک کہ اس کا کوئی گناہ باقی نہیں رہتا۔

## بَابٌ فِىْ قَوْلِ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا تُطْرُوْنِىْ

## باب 68: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان مجھے حد سے زیادہ نہ بڑھاؤ

**2818**- اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ حَدَّثَنَا مَالِكٌ عَنِ الزُّهْرِىِّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنْ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا تُطْرُوْنِىْ كَمَا تُطْرِى النَّصَارٰى عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ وَلٰكِنْ قُوْلُوْا عَبْدُ اللّٰهِ وَرَسُوْلُهُ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مجھے یوں ہی حد سے زیادہ نہ بڑھاؤ جیسے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو عیسائیوں نے حد سے بڑھا دیا تھا۔ بلکہ تم یہ کہو (میں) اللہ کا بندہ اور اس کا رسول ہوں۔

## بَاب اِنَّ لِلّٰهِ مِائَةَ رَحْمَةٍ

## باب 69: اللہ تعالیٰ کی سو رحمتیں ہیں

**2819**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ جَعَلَ اللّٰهُ الرَّحْمَةَ مِائَةَ جُزْءٍ فَاَمْسَكَ عِنْدَهُ تِسْعَةً وَّتِسْعِينَ وَاَنْزَلَ فِي الْاَرْضِ جُزْئًا وَّاحِدًا فَمِنْ ذٰلِكَ الْجُزْءِ يَتَرَاحَمُ الْخَلْقُ حَتّٰى تَرْفَعَ الْفَرَسُ حَافِرَهَا عَنْ وَلَدِهَا خَشْيَةَ اَنْ تُصِيبَهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کو سو اجزاء میں تقسیم کیا ہے جس میں سے ننانوے اس کے پاس ہیں اور ایک حصہ اس نے زمین پر نازل کیا ہے۔ اسی ایک حصے کی وجہ سے مخلوق ایک دوسرے سے اچھائی سے پیش آتی ہے۔ یہاں تک کہ گھوڑا اپنے بچے پر پاؤں تک نہیں مارتا۔ اس اندیشے کے تحت کہ اسے کوئی نقصان نہ ہو جائے۔

## بَابٌ مَّنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ

## باب 70: جو شخص کسی نیکی کا ارادہ کرے

**2820**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ حَدَّثَنَا الْجَعْدُ اَبُو عُثْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا رَجَاءٍ الْعُطَارِدِيَّ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا يَرْوِيهِ عَنْ رَبِّهِ عَزَّ وَجَلَّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ رَبَّكُمْ رَحِيمٌ مَّنْ هَمَّ بِحَسَنَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ لَهُ عَشْرًا اِلٰى سَبْعِ مِائَةِ ضِعْفٍ اِلٰى اَضْعَافٍ كَثِيرَةٍ وَّمَنْ هَمَّ بِسَيِّئَةٍ فَلَمْ يَعْمَلْهَا كُتِبَتْ لَهُ حَسَنَةً فَاِنْ عَمِلَهَا كُتِبَتْ وَاحِدَةً اَوْ يَمْحُوهَا وَلَا يَهْلِكُ عَلَى اللّٰهِ اِلَّا هَالِكٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تمہارا پروردگار بڑا رحم کرنے والا ہے اور جو شخص کسی ایک نیکی کا ارادہ کرتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا تو اس کی ایک نیکی لکھ لی جاتی ہے اور اگر وہ اس پر عمل کر لیتا ہے تو دس سے لے کر سات سو گنا تک اجر دیا جاتا ہے اور جو شخص برائی کا ارادہ کرتا ہے اور اس پر عمل نہیں کرتا تو اس کے لیے ایک نیکی لکھ لی جاتی ہے اور اگر وہ اس پر عمل کر لیتا ہے تو اس کے لیے ایک برائی لکھ لی جاتی ہے۔ یا اللہ تعالیٰ اسے بھی مٹا دیتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں وہی شخص ہلاکت کا شکار ہوگا جو خود اپنے آپ کو ہلاک کرے گا۔

## بَابُ الْمَرْءُ مَعَ مَنْ اَحَبَّ

## باب 71: آدمی کا (حشر) اس کے ساتھ ہوگا جس کو وہ پسند کرتا ہوگا

**2821**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ سُلَيْمَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ الرَّجُلُ يُحِبُّ الْقَوْمَ لَا يَسْتَطِيْعُ اَنْ يَّعْمَلَ مِثْلَ عَمَلِهِمْ قَالَ اَنْتَ يَا اَبَا ذَرٍّ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ قُلْتُ فَاِنِّیْ اُحِبُّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ قَالَ اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے عرض کی: یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایک آدمی کسی قوم سے محبت رکھتا ہے اور وہ یہ گنجائش نہیں رکھتا کہ ان جیسے عمل کر سکے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اے ابوذر! تم جن سے محبت رکھتے ہوان کے ساتھ ہو گے۔ میں نے عرض کی: میں اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت رکھتا ہوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جن سے محبت رکھتے ہوان کے ساتھ ہو گے۔

## بَابٌ اِذَا تَقَرَّبَ الْعَبْدُ اِلَى اللّٰهِ

## باب 72: جب کوئی شخص اللہ تعالیٰ کا قرب حاصل کر لیتا ہے

**2822**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا مَهْدِیٌّ حَدَّثَنَا غَيْلَانُ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ مَعْدِی كَرِبَ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرْوِيهِ عَنْ رَبِّهٖ قَالَ يَا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ مَا دَعَوْتَنِیْ وَرَجَوْتَنِیْ غَفَرْتُ لَكَ مَا كَانَ فِيْكَ ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ اِنْ تَلْقَانِیْ بِقُرَابِ الْاَرْضِ خَطَايَا لَقِيْتُكَ بِقُرَابِهَا مَغْفِرَةً بَعْدَ اَنْ لَّا تُشْرِكَ بِیْ شَيْئًا ابْنَ اٰدَمَ اِنَّكَ اِنْ تُذْنِبْ حَتّٰى يَبْلُغَ ذَنْبُكَ عَنَانَ السَّمَآءِ ثُمَّ تَسْتَغْفِرُنِیْ اَغْفِرْ لَكَ وَلَا اُبَالِیْ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے اللہ تعالیٰ کا فرمان نقل کرتے ہیں۔ اے ابن آدم تو جب تک مجھ سے مانگتا ہے اور مجھ سے امید رکھے میں تیری تمام خامیوں کو بخش دوں گا۔ اے ابن آدم تو اس حالت میں میری بارگاہ میں حاضر ہو کہ زمین جتنے تیرے گناہ ہوں تو میں اس حالت میں تجھ سے ملاقات کروں گا کہ اتنی ہی میری مغفرت ہو گی لیکن (اس شرط پر) کہ تم نے کسی کو میرا شریک نہ بنایا ہو۔ اے ابن آدم! اگر تو اتنے گناہ کر لے کہ وہ آسمان تک پہنچ جائیں پھر تو مجھ سے مغفرت طلب کرے تو میں پھر بھی تجھ کو بخش دوں گا مجھے اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے۔

## بَابٌ فِی الْبِرِّ وَالْاِثْمِ

## باب 73: نیکی اور گناہ

**2823**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو قَالَ حَدَّثَنِیْ يَحْيَى بْنُ جَابِرٍ الْقَاضِیْ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الْبِرِّ وَالْاِثْمِ فَقَالَ الْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ وَالْاِثْمُ مَا حَاكَ فِیْ نَفْسِكَ وَكَرِهْتَ اَنْ يَّعْلَمَهُ النَّاسُ

☆☆ حضرت نواس بن سمعان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے نیکی اور گناہ کے بارے میں دریافت کیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اچھے اخلاق نیکی ہیں اور گناہ وہ جو تمہارے من میں کھٹکتے ہیں اور تمہیں یہ بات ناپسند ہو کہ لوگوں کو اس بات کا

پتہ چل جائے۔

**2824**- اَخْبَرَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِیْسٰی عَنْ مَّعْنِ بْنِ عِیْسٰی عَنْ مُّعَاوِیَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ جُبَیْرِ بْنِ نُفَیْرٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنِ النَّوَّاسِ بْنِ سَمْعَانَ قَالَ سَاَلْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَذَکَرَ بِنَحْوِهٖ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِیْ حُسْنِ الْخُلُقِ

## باب 74: اچھے اخلاق کا بیان

**2825**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ حَبِیْبِ بْنِ اَبِیْ ثَابِتٍ عَنْ مَّیْمُوْنِ بْنِ اَبِیْ شَبِیْبٍ عَنْ اَبِیْ ذَرٍّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اتَّقِ اللّٰهَ حَیْثُمَا کُنْتَ وَاَتْبِعِ السَّیِّئَةَ الْحَسَنَةَ وَخَالِقِ النَّاسَ بِخُلُقٍ حَسَنٍ

☆☆ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: تم جہاں کہیں بھی موجود ہو اللہ سے ڈرتے رہو اور گناہ کے بعد نیکی کرلیا کرو وہ نیکی گناہ کو مٹادے گی اور لوگوں کے ساتھ اچھے اخلاق کا مظاہرہ کرو۔

**2826**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ حَدَّثَنَا سَعِیْدٌ هُوَ ابْنُ اَبِیْ اَیُّوْبَ قَالَ حَدَّثَنِیْ مُحَمَّدُ بْنُ عَجْلَانَ عَنِ الْقَعْقَاعِ بْنِ حَکِیْمٍ عَنْ اَبِیْ صَالِحٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُهُمْ خُلُقًا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ایمان کے اعتبار سے سب سے اچھا مومن وہ ہے جو سب سے اچھے اخلاق کا مالک ہو۔

## بَابٌ فِی الرِّفْقِ

## باب 75: نرمی کا بیان

**2827**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ هُوَ ابْنُ سَلَمَةَ عَنْ یُوْنُسَ وَحُمَیْدٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُغَفَّلٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ رَفِیْقٌ یُحِبُّ الرِّفْقَ وَیُعْطِیْ عَلَیْهِ مَا لَا یُعْطِیْ عَلَی الْعُنْفِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نرم ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے۔ وہ نرمی کی وجہ سے وہ کچھ عطا کرتا ہے جو سختی کی وجہ سے عطا نہیں کرتا۔

**2828**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ عَنِ الْاَوْزَاعِیِّ عَنِ الزُّهْرِیِّ عَنْ عُرْوَةَ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ یُحِبُّ الرِّفْقَ فِی الْاَمْرِ کُلِّهٖ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ ہر معاملے میں نرمی کو پسند کرتا ہے۔

## بَابٌ فِيمَنْ ذَهَبَ بَصَرُهُ فَصَبَرَ

### باب 76: جس شخص کی بینائی رخصت ہو جائے اور وہ صبر کرے

**2829**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْكَرْمَانِيُّ حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَذْهَبْتُ حَبِيبَتَيْهِ فَصَبَرَ وَاحْتَسَبَ لَمْ اَرْضَ لَهُ بِثَوَابٍ دُوْنَ الْجَنَّةِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: (اللہ تعالیٰ فرماتا ہے) جس شخص کی بینائی میں رخصت کردوں اور وہ صبر کرے اور ثواب کی امید رکھے میں اس کے لیے جنت سے کم ثواب پر راضی نہیں ہوں گا۔

## بَابٌ فِي الْعَدْلِ بَيْنَ الرَّعِيَّةِ

### باب 77: رعیت کے درمیان انصاف قائم کرنا

**2830**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ عُبَيْدَ اللّٰهِ بْنَ زِيَادٍ عَادَ مَعْقِلَ بْنَ يَسَارٍ فِي مَرَضِهِ الَّذِي مَاتَ فِيهِ فَقَالَ لَهُ مَعْقِلٌ اِنِّي مُحَدِّثُكَ بِحَدِيثٍ سَمِعْتُهُ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ عَلِمْتُ اَنَّ بِي حَيَاةً مَا حَدَّثْتُكَ اِنِّي سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ مَا مِنْ عَبْدٍ يَسْتَرْعِيهِ اللّٰهُ رَعِيَّةً يَمُوْتُ يَوْمَ يَمُوْتُ وَهُوَ غَاشٌّ لِرَعِيَّتِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' عبیداللہ بن زیاد حضرت معقل بن یسار رضی اللہ عنہ کی اس بیماری کے دوران ان کی عیادت کے لیے گئے جس میں ان کا انتقال ہوا تھا تو حضرت معقل رضی اللہ عنہ نے ان سے کہا: میں آپ کو ایک ایسی حدیث بیان کرنے لگا ہوں جو میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی زبانی سنی ہے۔ اگر مجھے یہ اندازہ ہوتا کہ ابھی میری زندگی باقی ہے تو میں یہ حدیث نہ سناتا۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جس شخص کو اللہ تعالیٰ رعایا (کا حکمران) بنادے اور وہ اس حالت میں مرے کہ وہ اپنی رعایا کے ساتھ دھوکہ دہی کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ اس شخص پر جنت کو حرام کردیتا ہے۔

## بَابٌ فِي الطَّاعَةِ وَلُزُوْمِ الْجَمَاعَةِ

### باب 78: (حاکم) کی اطاعت اور (مسلمانوں کی) کے ساتھ رہنے (کا حکم)

**2831**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ قَالَ اَخْبَرَنِي زُرَيْقُ بْنُ حَيَّانَ مَوْلَى بَنِي فَزَارَةَ اَنَّهُ سَمِعَ مُسْلِمَ بْنَ قَرَظَةَ الْاَشْجَعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ الْاَشْجَعِيَّ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ خِيَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُحِبُّوْنَهُمْ وَيُحِبُّوْنَكُمْ وَتُصَلُّوْنَ عَلَيْهِمْ وَيُصَلُّوْنَ عَلَيْكُمْ وَشِرَارُ اَئِمَّتِكُمُ الَّذِينَ تُبْغِضُوْنَهُمْ وَيُبْغِضُوْنَكُمْ وَتَلْعَنُوْنَهُمْ وَيَلْعَنُوْنَكُمْ قُلْنَا اَفَلَا نُنَابِذُهُمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ عِنْدَ ذٰلِكَ قَالَ لَا مَا اَقَامُوْا فِيكُمُ الصَّلٰوةَ اَلَا مَنْ وَلِيَ عَلَيْهِ وَالٍ فَرَآهُ يَاْتِي شَيْئًا مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ فَلْيَكْرَهْ مَا يَاْتِي مِنْ مَعْصِيَةِ اللّٰهِ وَلَا يَنْزِعَنَّ يَدًا مِنْ طَاعَةٍ قَالَ ابْنُ جَابِرٍ فَقُلْتُ اللّٰهِ يَا اَبَا الْمِقْدَامِ اَسَمِعْتَ هٰذَا

مِنْ مُسْلِمِ بْنِ قُرَظَةَ فَاسْتَقْبَلَ الْقِبْلَةَ وَجَثَا عَلَى رُكْبَتَيْهِ فَقَالَ اللَّهِ لَسَمِعْتُ هٰذَا مِنْ مُسْلِمِ بْنِ قَرَظَةَ يَقُوْلُ سَمِعْتُ عَمِّي عَوْفَ بْنَ مَالِكٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُهُ

☆☆ حضرت عوف بن مالک اشجعی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: تمہارے بہترین حکمران وہ ہیں جنہیں تم پسند کرتے ہو اور وہ تمہیں پسند کرتے ہیں۔ تم ان کے لیے دعائے رحمت کرو اور وہ تمہارے لیے دعائے رحمت کریں اور تمہارے بدترین حکمران وہ ہیں جنہیں تم ناپسند کرتے ہو اور وہ تمہیں ناپسند کرتے ہوں۔

تم ان پر لعنت کرتے ہو اور وہ تم پر لعنت کرتے ہیں۔ حضرت عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ہم نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! ایسی صورت میں ہم ان سے الگ نہ ہو جائیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں۔ جب تک وہ لوگ تمہارے درمیان نماز قائم کریں (تم ان سے لڑائی نہیں کر سکتے) جس شخص کا کوئی حکمران بنے اور پھر وہ دیکھے کہ وہ اللہ کی کتنی نافرمانی کر رہا ہے تو وہ شخص اللہ تعالیٰ کی اس نافرمانی کو ناپسند کرے لیکن حاکم کی پیروی سے ہاتھ نہ کھینچے۔

ابن جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے دریافت کیا: اے ابومقدام اللہ کی قسم کیا آپ نے واقعی یہ روایت مسلم بن قرظہ راوی سے سنی ہے؟ انہوں نے قبلہ کی طرف منہ کیا اور اپنے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر بولے: اللہ کی قسم میں نے یہ روایت مسلم بن قرظہ سے سنی ہے۔ انہوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ میں نے یہ روایت اپنے چچا حضرت عوف بن مالک رضی اللہ عنہ سے سنی ہے جو یہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔

## بَابٌ فِيْ نَفْخِ الصُّوْرِ

## باب 79: صور پھونکا جانا

**2832**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ اَسْلَمَ الْعِجْلِيِّ عَنْ بِشْرِ بْنِ شَغَافٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ سُئِلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنِ الصُّوْرِ فَقَالَ قَرْنٌ يُنْفَخُ فِيْهِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے ''صور'' کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ ایک سینگ کی مانند ہے جس میں پھونک ماری جائے گی۔

## بَابٌ فِيْ شَأْنِ السَّاعَةِ وَنُزُوْلِ الرَّبِّ تَعَالٰى

## باب 80: قیامت کا حال اور اللہ تعالیٰ کا نزول فرمانا

**2833**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ حَدَّثَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا سَلَمَةَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ يَقْبِضُ اللّٰهُ الْاَرْضَ وَيَطْوِي السَّمَاءَ بِيَمِيْنِهِ ثُمَّ يَقُوْلُ اَنَا الْمَلِكُ اَيْنَ مُلُوْكُ الْاَرْضِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: اللہ تعالیٰ زمین کو سمیٹے گا

اور آسمان کو اپنے دائیں ہاتھ پر لے گا۔ پھر ارشاد فرمائے گا: میں بادشاہ ہوں دنیا کے بادشاہ کہاں ہیں۔

**2834**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا الصَّعْقُ بْنُ حَزْنٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ الْحَكَمِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ أَبِي وَائِلٍ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ قِيلَ لَهُ مَا الْمَقَامُ الْمَحْمُودُ قَالَ ذَاكَ يَوْمٌ يَنْزِلُ اللَّهُ تَعَالَى عَلَى كُرْسِيِّهِ يَئِطُّ كَمَا يَئِطُّ الرَّحْلُ الْجَدِيدُ مِنْ تَضَايُقِهِ بِهِ وَهُوَ كَسَعَةِ مَا بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ وَيُجَاءُ بِكُمْ حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا فَيَكُونُ أَوَّلَ مَنْ يُكْسَى إِبْرَاهِيمُ يَقُولُ اللَّهُ تَعَالَى اكْسُوا خَلِيلِي فَيُؤْتَى بِرَيْطَتَيْنِ بَيْضَاوَيْنِ مِنْ رِيَاطِ الْجَنَّةِ ثُمَّ أُكْسَى عَلَى أَثَرِهِ ثُمَّ أَقُومُ عَنْ يَمِينِ اللَّهِ مَقَامًا يَغْبِطُنِي الْأَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا تھا' مقام محمود کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: یہ اس دن جب اللہ تعالیٰ اپنی کرسی پر یوں تشریف فرما ہوگا کہ وہ چرچرائے گی جیسے وہ کرسی چرچراتی ہے جس پر نیا بالان رکھا ہو کیونکہ وہ تنگ ہوتی ہے حالانکہ اللہ تعالیٰ کی کرسی آسمانوں اور زمین تک وسیع ہوگی۔ پھر تم لوگوں کو برہنہ پاؤں اور برہنہ جسم ختنے کے بغیر حالت میں لایا جائے گا۔ پھر سب سے پہلے حضرت ابراہیم علیہ السلام کو لباس پہنایا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ حکم دے گا میرے خلیل کو لباس پہناؤ تو جنت سے دو سفید چادریں لائی جائیں گی۔ پھر ان کے بعد مجھے لباس پہنایا جائے گا پھر میں اللہ تعالیٰ کی دائیں طرف ایسی جگہ پر کھڑا ہو جاؤں گا کہ سب پہلے اور بعد والے لوگ مجھ پر رشک کریں گے۔

## بَابُ النَّظَرِ إِلَى اللَّهِ تَعَالَى

## باب 81: اللہ تعالیٰ کا دیدار کرنا

**2835**- حَدَّثَنَا أَبُو الْيَمَانِ الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ أَبِي حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ أَخْبَرَنِي سَعِيدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ وَعَطَاءُ بْنُ يَزِيدَ اللَّيْثِيُّ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ أَخْبَرَهُمَا أَنَّ النَّاسَ قَالُوا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ نَرَى رَبَّنَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هَلْ تُمَارُونَ فِي رُؤْيَةِ الْقَمَرِ لَيْلَةَ الْبَدْرِ لَيْسَ دُونَهُ سَحَابٌ قَالُوا لَا يَا رَسُولَ اللَّهِ قَالَ فَهَلْ تُمَارُونَ فِي الشَّمْسِ لَيْسَ دُونَهَا سَحَابٌ قَالُوا لَا قَالَ فَإِنَّكُمْ تَرَوْنَهُ كَذَلِكَ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' لوگوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا' کیا ہم قیامت کے دن اپنے پروردگار کا دیدار کریں گے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا کیا چودھویں رات میں چاند کو دیکھنے میں تمہیں مشکل پیش آتی ہے جبکہ کوئی بادل بھی نہ ہو؟ لوگوں نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! نہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب بادل موجود نہ ہو تو کیا تمہیں سورج کو دیکھنے میں کوئی مشکل پیش آتی ہے؟ لوگوں نے عرض کی نہیں۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اسی طرح تم اللہ تعالیٰ کا دیدار کرو گے۔

## بَابٌ فِي صِفَةِ الْحَشْرِ

## باب 82: ''حشر'' کی حالت

**2836**- حَدَّثَنَا أَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ حَدَّثَنَا الْمُغِيرَةُ بْنُ النُّعْمَانِ قَالَ سَمِعْتُ سَعِيدَ بْنَ

جُبَیْرٍ یُحَدِّثُ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ خَطَبَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّکُمْ مَحْشُوْرُوْنَ اِلَی اللّٰهِ تَعَالٰی حُفَاةً عُرَاةً غُرْلًا ثُمَّ قَرَاَ (کَمَا بَدَاْنَا اَوَّلَ خَلْقٍ نُعِیْدُهُ وَعْدًا عَلَیْنَا اِنَّا کُنَّا فَاعِلِیْنَ)

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا: اے لوگو! قیامت کے دن تمہیں اللہ کی بارگاہ میں برہنہ پاؤں برہنہ جسم ختنے کے بغیر حالت میں اکٹھا کیا جائے گا پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی۔

''جیسے ہم نے انہیں پہلے پیدا کیا تھا اسی طرح دوبارہ پیدا کریں گے۔ یہ ہمارا وعدہ ہے ہم ایسا ہی کریں گے۔''

## بَابٌ فِی سُجُوْدِ الْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ

## باب 83: قیامت کے دن اہل ایمان کا سجدہ کرنا

**2837**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یَزِیْدَ الْبَزَّازُ عَنْ یُوْنُسَ بْنِ بُکَیْرٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ اِسْحٰقَ قَالَ اَخْبَرَنِیْ سَعِیْدُ بْنُ یَسَارٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَیْرَةَ یَقُوْلُ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْعِبَادَ فِیْ صَعِیْدٍ وَّاحِدٍ نَادٰی مُنَادٍ لِیَلْحَقْ کُلُّ قَوْمٍ بِمَا کَانُوْا یَعْبُدُوْنَ فَیَلْحَقُ کُلُّ قَوْمٍ بِمَا کَانُوْا یَعْبُدُوْنَ وَیَبْقَی النَّاسُ عَلٰی حَالِهِمْ فَیَاْتِیْهِمْ فَیَقُوْلُ مَا بَالُ النَّاسِ ذَهَبُوْا وَاَنْتُمْ هَا هُنَا فَیَقُوْلُوْنَ نَنْتَظِرُ اِلٰهَنَا فَیَقُوْلُ هَلْ تَعْرِفُوْنَهُ فَیَقُوْلُوْنَ اِذَا تَعَرَّفَ اِلَیْنَا عَرَفْنَاهُ فَیَکْشِفُ لَهُمْ عَنْ سَاقِهِ فَیَقَعُوْنَ سُجُوْدًا فَذٰلِكَ قَوْلُ اللّٰهِ تَعَالٰی (یَوْمَ یُکْشَفُ عَنْ سَاقٍ وَّیُدْعَوْنَ اِلَی السُّجُوْدِ فَلَا یَسْتَطِیْعُوْنَ) یَبْقٰی کُلُّ مُنَافِقٍ فَلَا یَسْتَطِیْعُ اَنْ یَّسْجُدَ ثُمَّ یَقُوْدُهُمْ اِلَی الْجَنَّةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں۔ میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ سب لوگوں کو ایک کھلے میدان میں اکٹھا کرے گا تو ایک شخص یہ اعلان کرے گا کہ ہر گروہ اس کے ساتھ مل جائے جس کی وہ عبادت کرتا تھا تو ہر گروہ اس کے ساتھ مل جائے گا جس کی وہ عبادت کیا کرتے تھے۔ کچھ لوگ وہیں رہیں گے یہ شخص ان لوگوں کے پاس آئے گا اور دریافت کرے گا: کیا معاملہ ہے؟ لوگ تو چلے گئے ہیں اور تم یہاں پر ہی ہو۔ وہ لوگ جواب دیں گے کہ ہم اپنے معبود کا انتظار کر رہے ہیں وہ شخص دریافت کرے گا: کیا تم اسے پہچانتے ہو؟ وہ لوگ جواب دیں گے: جب وہ ہمیں اپنی پہچان کرائے گا تو ہم اسے پہچان لیں گے۔ تو اللہ تعالیٰ ان لوگوں کے سامنے اپنی پنڈلی سے پردہ ہٹائے گا اور وہ سجدے میں چلے جائیں گے۔ اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کا یہی مطلب ہے۔

''جب پنڈلی سے پردہ ہٹایا جائے گا اور سجدے کی دعوت دی جائے گی تو وہ ایسا نہیں کرسکیں گے۔''

اس کے بعد منافق رہ جائیں گے وہ سجدہ نہیں کریں گے۔ پھر وہ شخص ان مسلمانوں کو جنت کی طرف لے جائے گا۔

## بَابٌ فِی الشَّفَاعَةِ

## باب 84: شفاعت کا بیان

**2838**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ زِیَادٍ حَدَّثَنَا دُخَیْنٌ الْحَجْرِیُّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِیِّ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ اِذَا جَمَعَ اللّٰهُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ فَقَضٰی بَیْنَهُمْ وَفَرَغَ

مِنَ الْقَضَاءِ قَالَ الْمُؤْمِنُوْنَ قَدْ قَضٰى بَيْنَنَا رَبُّنَا فَمَنْ يَّشْفَعُ لَنَا اِلٰى رَبِّنَا فَيَقُوْلُوْنَ انْطَلِقُوْا اِلٰى اٰدَمَ فَاِنَّ اللّٰهَ خَلَقَهٗ بِيَدِهٖ وَكَلَّمَهٗ فَيَاْتُوْنَهٗ فَيَقُوْلُوْنَ قُمْ فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّنَا فَيَقُوْلُ اٰدَمُ عَلَيْكُمْ بِنُوْحٍ فَيَاْتُوْنَ نُوْحًا فَيَدُلُّهُمْ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ فَيَاْتُوْنَ اِبْرَاهِيْمَ فَيَدُلُّهُمْ عَلٰى مُوْسٰى فَيَاْتُوْنَ مُوْسٰى فَيَدُلُّهُمْ عَلٰى عِيْسٰى فَيَاْتُوْنَ عِيْسٰى فَيَقُوْلُ اَدُلُّكُمْ عَلَى النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ قَالَ فَيَاْتُوْنِيْ فَيَاْذَنُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ لِيْ اَنْ اَقُوْمَ اِلَيْهِ فَيَثُوْرُ مَجْلِسِيْ اَطْيَبَ رِيْحٍ شَمَّهَا اَحَدٌ قَطُّ حَتّٰى اٰتِيَ رَبِّيْ فَيُشَفِّعُنِيْ وَيَجْعَلَ لِيْ نُوْرًا مِّنْ شَعْرِ رَاْسِيْ اِلٰى ظُفْرِ قَدَمِيْ فَيَقُوْلُ الْكَافِرُوْنَ عِنْدَ ذٰلِكَ لِاِبْلِيْسَ قَدْ وَجَدَ الْمُؤْمِنُوْنَ مَنْ يَّشْفَعُ لَهُمْ فَقُمْ اَنْتَ فَاشْفَعْ لَنَا اِلٰى رَبِّكَ فَاِنَّكَ اَنْتَ اَضْلَلْتَنَا قَالَ فَيَقُوْمُ فَيَثُوْرُ مَجْلِسُهٗ اَنْتَنَ رِيْحٍ شَمَّهَا اَحَدٌ قَطُّ ثُمَّ يَعْظُمُ نَحِيْبُهُمْ فَيَقُوْلُ عِنْدَ ذٰلِكَ (وَقَالَ الشَّيْطٰنُ لَمَّا قُضِيَ الْاَمْرُ اِنَّ اللّٰهَ وَعَدَكُمْ وَعْدَ الْحَقِّ وَوَعَدْتُّكُمْ فَاَخْلَفْتُكُمْ) اِلٰى اٰخِرِ الْاٰيَةِ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ جب اللہ تعالیٰ پہلے والے اور بعد والے لوگوں کو اکٹھا کرے گا اور ان کے درمیان فیصلہ کرے گا اور فیصلہ کر کے فارغ ہو جائے گا تو اہل ایمان یہ کہیں گے کہ ہمارے پروردگار نے ہمارے بارے میں فیصلہ کر دیا ہے۔ کون ہمارے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کرے گا وہ کہیں گے "تم حضرت آدم علیہ السلام کے پاس جاؤ کیونکہ اللہ تعالیٰ نے انہیں اپنے دست اقدس کے ذریعے پیدا کیا اور ان کے ساتھ کلام کیا' وہ حضرت آدم علیہ السلام کے پاس آئیں گے اور کہیں گے: آپ اٹھیں اور ہمارے پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کریں۔

حضرت آدم علیہ السلام جواب دیں گے: تم حضرت نوح علیہ السلام کے پاس جاؤ۔ وہ لوگ حضرت نوح علیہ السلام کے پاس آئیں گے۔ حضرت نوح علیہ السلام ان کی راہنمائی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف کریں گے۔ وہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی طرف آئیں گے وہ ان کی راہنمائی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف کریں گے۔ وہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی طرف آئیں گے وہ ان کی راہنمائی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طرف کریں گے۔ وہ لوگ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے پاس آئیں گے تو حضرت عیسیٰ علیہ السلام فرمائیں گے میں تمہاری "امی نبی" کی طرف راہنمائی کرتا ہوں۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں۔ وہ لوگ میرے پاس آئیں گے تو اللہ تعالیٰ مجھے یہ اجازت عطا کرے گا کہ میں ان کے لیے کھڑا ہوؤں تو میری جگہ سے اتنی پاکیزہ خوشبو پھیلے گی جو کسی نے نہیں سونگھی ہوگی۔ پھر میں اپنے پروردگار کی بارگاہ میں آؤں گا۔ وہ میری شفاعت کو قبول کرے گا اور منہ کو (یعنی مجھے) سر کے بالوں سے لے کر پاؤں کے ناخنوں تک خوشبو سے بھر دے گا۔ کافر اس وقت ابلیس سے یہ کہیں گے کہ مومنین کو تو وہ صاحب مل گئے جو ان کی شفاعت کریں گے اور اب تم اٹھو اور پروردگار کی بارگاہ میں ہماری شفاعت کرو کیونکہ تم نے ہمیں گمراہی کا شکار کیا تھا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں: وہ کھڑا ہوگا اس کی جگہ بدبو سے بھر جائے گی۔ ایسی بدبو کسی نے سونگھی نہیں ہوگی۔ پھر وہ انہیں مخصوص ٹھکانے (یعنی جہنم) میں لے جائے گا اور اس وقت یہ کہے گا:

جب فیصلہ ہو جائے گا "شیطان یہ کہے گا بے شک اللہ نے تمہارے ساتھ وعدہ کیا تھا جو سچا وعدہ تھا اور میں نے جو تمہارے ساتھ وعدہ کیا تھا میں اس کی خلاف ورزی کرتا ہوں۔"

## بَابٌ اِنَّ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةً

## باب 85: ہر نبی کی ایک مخصوص دعا ہوتی ہے

**2839**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ حَدَّثَنِي اَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِكُلِّ نَبِيٍّ دَعْوَةٌ وَّاُرِيْدُ اِنْ شَآءَ اللّٰهُ تَعَالٰى اَنْ اَخْتَبِئَ دَعْوَتِي شَفَاعَةً لِّاُمَّتِي يَوْمَ الْقِيَامَةِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ہر نبی کی مخصوص دعا ہوتی ہے۔ اور میری یہ خواہش ہے کہ اگر اللہ نے چاہا تو میں اس دعا کو قیامت کے دن اپنی امت کے لیے سنبھال کر رکھوں گا۔

**2840**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ اَبِي سُفْيَانَ بْنِ اَسِيدِ بْنِ جَارِيَةَ مِثْلَ ذٰلِكَ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَاب يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنْ اُمَّتِي بِغَيْرِ حِسَابٍ

## باب 86: میری امت کے ستر ہزار افراد حساب کے بغیر جنت میں جائیں گے

**2841**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ زِيَادٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يُحَدِّثُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ سَبْعُوْنَ اَلْفًا مِّنْ اُمَّتِي بِغَيْرِ حِسَابٍ فَقَالَ عُكَّاشَةُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ يَّجْعَلَنِي مِنْهُمْ فَدَعَا فَقَالَ اٰخَرُ ادْعُ اللّٰهَ لِي فَقَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: میری امت کے ستر ہزار افراد بغیر کسی حساب کے جنت میں داخل ہوں گے۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کر دی۔ ایک اور صاحب نے عرض کی: آپ صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ سے میرے لیے بھی دعا کریں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اس بارے میں عکاشہ رضی اللہ عنہ تم سے سبقت لے گیا ہے۔

## بَابٌ فِي قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَدْخُلُ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِي سَبْعُوْنَ اَلْفًا

## باب 87: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان میری امت کے ایک فرد کی شفاعت کی وجہ سے ستر ہزار افراد جنت میں داخل ہوں گے

**2842**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَقِيْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِى الْجَذْعَاءِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُوْلُ لَيَدْخُلَنَّ الْجَنَّةَ بِشَفَاعَةِ رَجُلٍ مِّنْ اُمَّتِىْ اَكْثَرُ مِنْ بَنِىْ تَمِيْمٍ قَالُوْا سِوَاكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ سِوَاىَ

☆☆ حضرت عبداللہ بن ابوجدعاء رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ میری امت کے ایک فرد کی شفاعت کی وجہ سے بنوتمیم قبیلے کے افراد سے زیادہ لوگ جنت میں داخل ہوں گے۔ لوگوں نے عرض کی: یارسول اللہ ﷺ! کیا وہ آپ ﷺ کے علاوہ کوئی اور شخص ہوگا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! وہ میرے علاوہ اور ہوگا۔

## بَابُ قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ)

## باب 88: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''جس دن زمین کو تبدیل کر دیا جائیگا''

**2843**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ قُلْتُ لِعَائِشَةَ يَا اُمَّ الْمُؤْمِنِيْنَ اَرَاَيْتِ قَوْلَ اللّٰهِ تَعَالٰى (يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ وَالسَّمٰوَاتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ) اَيْنَ النَّاسُ يَوْمَئِذٍ قَالَتْ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ عَلَى الصِّرَاطِ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں' میں نے سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے دریافت کیا: اے ام المومنین رضی اللہ عنہا اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں آپ کیا کہتی ہیں۔

''جب زمین کو دوسری زمین میں تبدیل کر دیا جائے گا اور آسمانوں کو بھی اور وہ سب اللہ واحد قہار کے سامنے جھک جائیں گے۔''

اس وقت لوگ کہاں ہوں گے؟

سیّدہ عائشہ رضی اللہ عنہا نے جواب دیا: میں نے اللہ کے رسول ﷺ سے اس بارے میں دریافت کیا تھا تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا تھا: لوگ اس وقت پل صراط پر ہوں گے۔

## بَابٌ فِىْ وُرُوْدِ النَّارِ

## باب 89: جہنم کے پاس آنا

**2844**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنِ السُّدِّيِّ قَالَ سَاَلْتُ مُرَّةَ عَنْ قَوْلِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ (وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا) فَحَدَّثَنِىْ اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ حَدَّثَهُمْ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَرِدُ النَّاسُ النَّارَ ثُمَّ يَصْدُرُوْنَ عَنْهَا بِاَعْمَالِهِمْ فَاَوَّلُهُمْ كَلَمْحِ الْبَرْقِ ثُمَّ كَالرِّيْحِ ثُمَّ كَحُضْرِ الْفَرَسِ ثُمَّ كَالرَّاكِبِ فِىْ رَحْلِهِ ثُمَّ كَشَدِّ الرَّجُلِ ثُمَّ كَمَشْيِهِ

☆☆ سُدّی بیان کرتے ہیں' میں نے مرہ سے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں دریافت کیا:

''تم میں سے ہر شخص اس تک آئے گا یہ تمہارے رب کا طے شدہ فیصلہ ہے۔''

تو مرہ نے مجھے یہ بات بتائی' حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ حدیث سنائی' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوگ جہنم کے پاس آئیں گے اور پھر اپنے عمل کے مطابق وہاں سے گزر جائیں گے۔ ان میں سے پہلا شخص بجلی کے چمکنے کی طرح گزرے گا۔ بعد والا ہوا کی طرح اور پھر اس کے بعد والا تیز رفتار گھوڑے کی طرح پھر اس کے بعد والا سواری پر سوار کی طرح۔ پھر اس کے بعد والا بھاگنے والے آدمی کی طرح اور پھر چلنے والے کی طرح۔

## بَابٌ فِي ذَبْحِ الْمَوْتِ

## باب 90: موت کا ذبح کیا جانا

**2845** - اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِي صَالِحٍ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُؤْتَى بِالْمَوْتِ كَكَبْشٍ اَغْبَرَ فَيُوقَفُ بَيْنَ الْجَنَّةِ وَالنَّارِ فَيُقَالُ يَا اَهْلَ الْجَنَّةِ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيُقَالُ يَا اَهْلَ النَّارِ فَيَشْرَئِبُّونَ وَيَنْظُرُونَ وَيَرَوْنَ اَنْ قَدْ جَآءَ الْفَرَجُ فَيُذْبَحُ وَيُقَالُ خُلُودٌ لَا مَوْتَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: موت کو ایک خاکی رنگ والے دنبے کی شکل میں لایا جائے گا۔ اسے جنت اور جہنم کے درمیان کھڑا کیا جائے گا اور پھر کہا جائے گا: اے اہل جنت! وہ لوگ جھانک کر دیکھیں گے پھر کہا جائے گا: اے اہل جہنم وہ لوگ جھانک کر دیکھیں گے۔ وہ یہ سمجھیں گے اب ہمیں نجات مل جائے گی۔ پھر موت کو ذبح کر دیا جائے گا اور پھر یہ کہا جائے گا۔ اب تم ہمیشہ یہاں ہی رہو گے۔ تمہیں موت نہیں آئے گی۔

## بَابٌ فِي تَحْذِيرِ النَّارِ

## باب 91: جہنم سے ڈرانا

**2846** - اَخْبَرَنَا عُثْمَانُ بْنُ عُمَرَ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ سِمَاكٍ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَخْطُبُ فَقَالَ اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ اَنْذَرْتُكُمُ النَّارَ فَمَا زَالَ يَقُولُهَا حَتّٰى لَوْ كَانَ فِي مَقَامِي هٰذَا لَسَمِعَهُ اَهْلُ السُّوقِ حَتّٰى سَقَطَتْ خَمِيصَةٌ كَانَتْ عَلَيْهِ عِنْدَ رِجْلَيْهِ

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو خطبہ کے دوران یہ بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: میں تمہیں جہنم سے ڈرا رہا ہوں' میں تمہیں جہنم سے ڈرا رہا ہوں میں تمہیں جہنم سے ڈرا رہا ہوں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات ارشاد فرماتے رہے اور آپ نے اتنی مرتبہ یہ بات ارشاد فرمائی کہ اگر وہ اس جگہ ہوتے (جہاں حضرت نعمان رضی اللہ عنہ اس وقت وہاں کھڑے تھے) تو بازار والے لوگ بھی آپ کی بات سن لیتے (حضرت نعمان رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم یہ بات ارشاد فرماتے رہے) یہاں تک کہ آپ کے پاؤں پر جو کمبل پڑا ہوا تھا وہ گر گیا۔

## بَابٌ فِيمَنْ قَالَ اِذَا مِتُّ فَاحْرِقُونِي بِالنَّارِ

## باب 92: جس شخص نے یہ کہا' جب میں مرجاؤں تو مجھے آگ کے ذریعے جلا دینا

**2847**- اَخْبَرَنَا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ قَالَ اَخْبَرَنَا بَهْزُ بْنُ حَكِيمٍ عَنْ اَبِيهِ عَنْ جَدِّهِ قَالَ سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ كَانَ عَبْدٌ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ وَكَانَ لَا يَدِينُ لِلّٰهِ دِينًا وَاِنَّهُ لَبِثَ حَتّٰى ذَهَبَ مِنْهُ عُمْرٌ وَبَقِيَ عُمْرٌ فَعَلِمَ اَنَّهُ لَمْ يَبْتَئِرْ عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرًا فَدَعَا بَنِيهِ فَقَالَ اَيَّ اَبٍ تَعْلَمُونِي قَالُوا خَيْرَهُ يَا اَبَانَا قَالَ فَاِنِّي لَا اَدَعُ عِنْدَ اَحَدٍ مِنْكُمْ مَالًا هُوَ مِنِّي اِلَّا اَخَذْتُهُ مِنْكُمْ اَوْ لَتَفْعَلُنَّ مَا اٰمُرُكُمْ قَالَ فَاَخَذَ مِنْهُمْ مِيثَاقًا وَرَبِّي قَالَ اَمَّا اَنَا اِذَا مِتُّ فَخُذُونِي فَاحْرِقُونِي بِالنَّارِ حَتّٰى اِذَا كُنْتُ حُمَمًا فَدُقُّونِي ثُمَّ اذْرُونِي فِي الرِّيحِ قَالَ فَفَعَلُوا ذٰلِكَ بِهِ وَرَبِّ مُحَمَّدٍ حِينَ مَاتَ فَجِيءَ بِهِ اَحْسَنَ مَا كَانَ قَطُّ فَعُرِضَ عَلٰى رَبِّهِ فَقَالَ مَا حَمَلَكَ عَلَى النَّارِ قَالَ خَشْيَتُكَ يَا رَبِّ قَالَ اِنِّي اَسْمَعُكَ لَرَاهِبًا قَالَ فَتِيبَ عَلَيْهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ يَبْتَئِرْ يَدَّخِرُ

☆☆ حضرت بہز بن حکیم رضی اللہ عنہ اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ایک بندہ تھا اس نے اللہ تعالیٰ کی کوئی عبادت نہیں کی وہ زندہ رہا یہاں تک کہ اس کی زندگی گزر گئی اور کچھ وقت باقی رہ گیا اس نے سوچا کہ اس نے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جانے کے لئے کوئی نیکی نہیں کی اس نے اپنے بچوں کو بلایا اور دریافت کیا تمہارے علم کے مطابق میں کیسا باپ ہوں۔ انہوں نے جواب دیا ابا جان آپ ہمارے نزدیک بہت بہتر ہیں' وہ شخص بولا تمہارے پاس میرا جو بھی مال موجود ہے وہ سب میں نے لے لینا ہے ورنہ تم وہ ہی کرنا جو میں کہوں گا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں اس نے ان سے پختہ عہد لیا اور بولا جب میں مرجاؤں تو تم مجھے پکڑ کر جلا دینا یہاں تک کہ جب میں کوئلہ بن جاؤں تو مجھے کوٹ کر ہوا میں اڑا دینا۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں ان بچوں نے ایسا ہی کیا محمد کے پروردگار کی قسم جب وہ شخص مر گیا تو اسے زندگی سے زیادہ اچھی شکل میں لایا گیا اور پروردگار کی بارگاہ میں پیش کیا گیا پروردگار نے دریافت کیا تم نے آگ میں جلنے کا عمل کیوں کیا وہ شخص بولا اے میرے پروردگار تجھ سے خوفزدہ ہو کر تو پروردگار نے فرمایا کہ مجھے پتہ ہے کہ تم نے خوفزدہ ہو کر ایسا کیا تھا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرماتے ہیں پھر اس شخص کی توبہ قبول کر لی گئی۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں' اس حدیث میں استعمال ہونے والا ایک لفظ یَبْتَئِرْ کا مطلب ذخیرہ کرنا ہے۔

## بَابٌ دَخَلَتِ امْرَاَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ

## باب 93: ایک بلی کی وجہ سے عورت کا جہنم میں داخل ہونا

**2848**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا مَالِكٌ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَتِ امْرَاَةٌ النَّارَ فِي هِرَّةٍ فَقِيلَ لَا اَنْتِ اَطْعَمْتِيهَا وَسَقَيْتِيهَا وَلَا اَنْتِ اَرْسَلْتِيهَا فَتَاْكُلَ مِنْ خَشَاشِ

الْاَرْضِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ایک عورت بلی کی وجہ سے جہنم میں چلی گئی اس سے کہا گیا کہ تم نے اسے کھلایا پلایا بھی نہیں اور اسے چھوڑا بھی نہیں کہ وہ خود کچھ کھا پی لیتی۔

## بَابٌ فِيْ شِدَّةِ عَذَابِ اَهْلِ النَّارِ

## باب 94: اہل جہنم کے عذاب کی شدت

**2819**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ اَبِيْ اَيُّوْبَ بْنِ مِقْلَاصٍ مَوْلٰى اَبِيْ هُرَيْرَةَ وَكُنْيَتُهُ اَبُوْ يَحْيٰى قَالَ سَمِعْتُ دَرَّاجًا اَبَا السَّمْحِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا الْهَيْثَمِ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا سَعِيْدٍ الْخُدْرِيَّ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيُسَلَّطُ عَلَى الْكَافِرِ فِيْ قَبْرِهٖ تِسْعَةٌ وَّتِسْعُوْنَ تِنِّيْنًا تَنْهَشُهُ وَتَلْدَغُهُ حَتّٰى تَقُوْمَ السَّاعَةُ وَلَوْ اَنَّ تِنِّيْنًا مِّنْهَا نَفَخَ فِي الْاَرْضِ مَا نَبَتَتْ خَضْرَاءُ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: قبر میں کافر شخص پر ننانوے اژدہے مقرر کئے جائیں گے۔ جو قیامت تک اسے کاٹتے اور ڈستے رہیں گے' اگر ان میں سے ایک اژدھا زمین پر پھونک مار دے تو وہاں کبھی سبزہ نہ اُگے۔

## بَابٌ فِيْ اَوْدِيَةِ جَهَنَّمَ

## باب 95: جہنم کی وادیوں کا بیان

**2850**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَزْهَرُ بْنُ سِنَانٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ وَاسِعٍ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى بِلَالِ بْنِ اَبِيْ بُرْدَةَ فَقُلْتُ اِنَّ اَبَاكَ حَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِيْ جَهَنَّمَ وَادِيًا يُقَالُ لَهٗ هَبْهَبُ يَسْكُنُهٗ كُلُّ جَبَّارٍ فَاِيَّاكَ اَنْ تَكُوْنَ مِنْهُمْ

☆☆ محمد بن واسع بیان کرتے ہیں' میں حضرت بلال بن ابو بردہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے کہا آپ کے والد نے مجھے اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی یہ حدیث سنائی تھی' آپ نے ارشاد فرمایا ہے جہنم میں ایک وادی ہے جس کا نام ھبھب ہے۔

''ہر جابر شخص اس میں رہے گا'' (حضرت محمد بن واسع رضی اللہ عنہ کہتے ہیں میں نے حضرت بلال بن ابی بردہ رضی اللہ عنہ سے کہا) تم اس بات سے بچو کہ ان میں شامل ہو جاؤ۔

## بَابُ مَا يُخْرِجُ اللّٰهُ مِنَ النَّارِ بِرَحْمَتِهٖ

## باب 96: جس شخص کو اللہ اپنی رحمت کے ذریعے جہنم سے نکالے گا

**2851**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ يَزِيْدَ اَبِيْ مَسْلَمَةَ عَنْ اَبِيْ نَضْرَةَ عَنْ

اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا اَهْلُ النَّارِ الَّذِیْنَ هُمْ اَهْلُ النَّارِ فَاِنَّهُمْ لَا یَمُوْتُوْنَ فِی النَّارِ وَاَمَّا نَاسٌ مِّنَ النَّاسِ فَاِنَّ النَّارَ تُصِیْبُهُمْ عَلٰی قَدْرِ ذُنُوْبِهِمْ فَیُحْرَقُوْنَ فِیْهَا حَتّٰی اِذَا صَارُوْا فَحْمًا اُذِنَ فِی الشَّفَاعَةِ فَیُخْرَجُوْنَ مِنَ النَّارِ ضَبَائِرَ ضَبَائِرَ فَیُنْثَرُوْنَ عَلٰی اَنْهَارِ الْجَنَّةِ فَیُقَالُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ یُفِیْضُوا عَلَیْهِمْ مِنَ الْمَاءِ قَالَ فَیُفِیْضُوْنَ عَلَیْهِمْ فَتَنْبُتُ لُحُوْمُهُمْ كَمَا تَنْبُتُ الْحِبَّةُ فِیْ حَمِیْلِ السَّیْلِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہلِ نار وہ ہی لوگ ہوں گے جو اہل جہنم ہیں وہ جہنم میں مریں گے نہیں البتہ کچھ لوگ ایسے ہوں گے جنہیں جہنم کا عذاب ان کے گناہوں کے حوالے سے دیا جائے گا وہ اس میں جلتے رہیں گے یہاں تک کہ جب وہ لوگ کوئلہ ہو جائیں گے تو ان کے بارے میں شفاعت کی اجازت دی جائے گی وہ لوگ جب جہنم سے نکلیں گے تو برے حال میں ہوں گے انہیں جنت کی نہروں میں ڈالا جائے گا۔ جنت سے کہا جائے گا ان پر پانی بہاؤ ان پر پانی بہایا جائے گا تو ان کا گوشت یوں اُگے گا جیسے سیلاب کی گزرگاہ سے کوئی دانہ اُگ جاتا ہے۔

## بَابٌ فِیْ اَبْوَابِ الْجَنَّةِ

## باب 97: جنت کے دروازوں کا بیان

**2852**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حُمَیْدٍ حَدَّثَنَا مُعَاوِیَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ شَرِیْكٍ عَنْ عُثْمَانَ الثَّقَفِیِّ عَنْ اَبِیْ صَادِقٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ ابْنِ یَزِیْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِلْجَنَّةِ ثَمَانِیَةُ اَبْوَابٍ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جنت کے آٹھ دروازے ہیں۔

## بَابٌ مَّنْ یَّدْخُلُ الْجَنَّةَ لَا یَبْؤُسُ

## باب 98: جو شخص جنت میں داخل ہوگا وہ کبھی محتاج نہیں ہوگا

**2853**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَیُّوْبَ عَنْ اَبِیْ رَافِعٍ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ دَخَلَ الْجَنَّةَ یَنْعَمُ لَا یَبْؤُسُ لَا تَبْلٰی ثِیَابُهُ وَلَا یَفْنٰی شَبَابُهُ فِی الْجَنَّةِ مَا لَا عَیْنٌ رَاَتْ وَلَا اُذُنٌ سَمِعَتْ وَلَا خَطَرَ عَلٰی قَلْبِ بَشَرٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص جنت میں داخل ہوگا وہ نعمتیں حاصل کرے گا اور کبھی محتاج نہیں ہوگا اس کے کپڑے میلے نہیں ہوں گے اس کی جوانی کبھی ختم نہیں ہوگی۔ اس کے لئے جنت میں ایسی نعمتیں موجود ہوں گی جو کسی آنکھ نے دیکھی نہیں ہوں گی اور کسی کے کانوں نے سنی نہیں ہوں گی اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال بھی نہیں آیا ہوگا۔

## بَابٌ لَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْهَا

## باب 99: جنت میں کوڑا پھینکنے کی جگہ دنیا اور اس میں موجود سب چیزوں سے بہتر ہے

**2854**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ قَالَ لَمَوْضِعُ سَوْطٍ فِی الْجَنَّةِ خَیْرٌ مِّنَ الدُّنْیَا وَمَا فِیْھَا وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ ( کُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَکُمْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ فَمَنْ زُحْزِحَ عَنِ النَّارِ وَاُدْخِلَ الْجَنَّةَ فَقَدْ فَازَ وَمَا الْحَیٰوةُ الدُّنْیَا اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ)

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جنت میں ایک لکڑی کی جگہ دنیا اور اس میں موجود سب چیزوں سے بہتر ہے اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ سکتے ہو۔

''ہر شخص نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے اور تمہیں قیامت کے دن پورا اجر دیا جائے گا' جس شخص کو جہنم سے بچالیا گیا اور جنت میں داخل کر دیا گیا وہ شخص کامیاب ہو گیا اور دنیا کی زندگی تو صرف دھوکے کی چیز ہے''۔

## بَابٌ فِیْ بِنَاءِ الْجَنَّةِ

## باب 100: جنت کی تعمیرات

**2855**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنْ سَعْدَانَ الْجُھَنِیِّ عَنْ اَبِیْ مُجَاھِدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ مُدِلَّةَ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا ھُرَیْرَةَ یَقُوْلُ قُلْنَا یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ الْجَنَّةُ مَا بِنَاؤُھَا قَالَ لَبِنَةٌ مِّنْ ذَھَبٍ وَّلَبِنَةٌ مِّنْ فِضَّةٍ مِلَاطُھَا الْمِسْکُ الْاَذْفَرُ وَحَصْبَاؤُھَا الْیَاقُوْتُ وَاللُّؤْلُؤُ وَتُرَابُھَا الزَّعْفَرَانُ مَنْ یَّدْخُلُھَا یَخْلُدُ فِیْھَا یَنْعَمُ لَا یَبْؤَسُ لَا یَفْنٰی شَبَابُھُمْ وَلَا تَبْلٰی ثِیَابُھُمْ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں ہم نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! جنت کی تعمیرات کس چیز کی ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس کی اینٹیں سونے کی بھی ہیں اور چاندی کی بھی اور اس کا گارہ بہترین مشک کا ہے اس کے پتھروں میں یاقوت اور لولو (موتی) ہیں اس کی مٹی زعفران کی ہے جو شخص اس میں داخل ہو گا وہ ہمیشہ اس میں رہے گا اور ہمیشہ خوش رہے گا اور اسے کوئی پریشانی نہیں ہو گی اس کی جوانی رخصت نہیں ہو گی اس کے کپڑے میلے نہیں ہوں گے اس کے کپڑے پرانے نہیں ہوں گے۔

## بَابٌ فِیْ جَنَّاتِ الْفِرْدَوْسِ

## باب 101: جنت الفردوس

**2856**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ عَنْ اَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ عَنْ اَبِیْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ قَیْسٍ عَنْ اَبِیْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ جَنَّاتُ الْفِرْدَوْسِ اَرْبَعٌ ثِنْتَانِ مِنْ ذَھَبٍ حِلْیَتُھُمَا وَاٰنِیَتُھُمَا وَمَا فِیْھِمَا وَثِنْتَانِ مِنْ فِضَّةٍ حِلْیَتُھُمَا وَاٰنِیَتُھُمَا وَمَا فِیْھِمَا وَلَیْسَ بَیْنَ الْقَوْمِ وَبَیْنَ اَنْ یَّنْظُرُوْا اِلٰی رَبِّھِمْ اِلَّا رِدَاءُ الْکِبْرِیَاءِ عَلٰی وَجْھِهٖ فِیْ جَنَّاتِ عَدْنٍ وَّھٰذِهِ الْاَنْھَارُ تَشْخُبُ مِنْ جَنَّاتِ عَدْنٍ فِیْ جَوْبَةٍ ثُمَّ تَصَدَّعُ بَعْدُ اَنْھَارًا قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ جَوْبَةٌ مَّا یُجَابُ عَنْهُ الْاَرْضُ

☆☆ ابوبکر بن عبداللہ اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' فردوس جنتیں چار طرح کی ہیں جن میں سے دو سونے کی ہیں وہاں موجود زیور اور برتن اور ان میں موجود سب چیزیں سونے کی ہوں گی اور دو چاندی کی ہیں جن کے برتن زیور اور سب چیزیں چاندی کی ہوں گی۔ ان لوگوں اور پروردگار کے دیدار کے درمیان کبریائی کی چادر ہو گی جو عدن کی جنتوں میں اس کی

ذات پر ہوگی۔

## بَابٌ فِیْ اَوَّلِ زُمْرَةٍ یَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ

## باب 102: جنت میں داخل ہونے والا سب سے پہلا گروہ

**2857**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِیْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَوَّلَ زُمْرَةٍ یَّدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ مِنْ اُمَّتِیْ عَلٰی صُوْرَةِ الْقَمَرِ لَیْلَةَ الْبَدْرِ ثُمَّ الَّذِیْنَ یَلُوْنَهُمْ عَلٰی اَحْسَنِ كَوْكَبٍ اِضَاءَةً فِی السَّمَآءِ فَقَامَ عُكَّاشَةُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ فَقَالَ اللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ مِنْهُمْ ثُمَّ قَامَ رَجُلٌ اٰخَرُ فَقَالَ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ادْعُ اللّٰهَ اَنْ یَّجْعَلَنِیْ مِنْهُمْ فَقَالَ سَبَقَكَ بِهَا عُكَّاشَةُ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: میری اُمت کا سب سے پہلا گروہ جو جنت میں داخل ہوگا وہ چودھویں رات کے چاند جیسے ہوں گے پھر اس کے بعد جو لوگ ہوں گے وہ آسمان میں موجود سب سے چمکدار ستارے جیسے ہوں گے۔

حضرت عکاشہ رضی اللہ عنہ کھڑے ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کریں کہ اللہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل کر دے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ دعا کی اے اللہ اسے بھی ان لوگوں میں شامل کر دے پھر ایک اور صاحب کھڑے ہوئے اور عرض کی یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! آپ اللہ تعالیٰ سے دعا کیجئے کہ مجھے بھی ان لوگوں میں شامل کر دے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا' عکاشہ تم سے پہل کر گیا ہے۔

## بَابٌ مَّا یُقَالُ لِاَهْلِ الْجَنَّةِ اِذَا دَخَلُوْهَا

## باب 103: جب اہل جنت' جنت میں داخل ہو جائیں گے تو ان سے کیا کہا جائے گا

**2858**- اَخْبَرَنَا عُبَیْدُ بْنُ یَعِیْشَ حَدَّثَنَا یَحْیَی بْنُ اٰدَمَ عَنْ حَمْزَةَ بْنِ حَبِیْبٍ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْاَغَرِّ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ وَاَبِیْ سَعِیْدٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ (وَنُوْدُوْا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ) قَالَ نُوْدُوْا اَنْ صِحُّوا فَلَا تَسْقَمُوْا وَانْعَمُوْا فَلَا تَبْؤَسُوْا وَشِبُّوا فَلَا تَهْرَمُوْا وَاخْلُدُوْا فَلَا تَمُوْتُوْا

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے) ''اور انہیں پکار کر یہ کہا جائے گا کہ یہی وہ جنت ہے جس کا ہم نے تمہیں وارث کیا ہے اس چیز کے عوض میں جو تم عمل کرتے تھے''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں انہیں پکار کر یہ کہا جائے گا اب تم صحت مند رہو گے اور بیمار نہیں ہو گے اور نعمتیں حاصل کرو گے اور نعمتوں سے محروم نہیں ہو گے جوان رہو گے اور بوڑھے نہیں ہو گے اور ہمیشہ رہو گے اور تمہیں موت نہیں آئے گی۔

## بَابٌ فِیْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَنَعِیْمِهَا

## باب 104: اہل جنت اور جنت کی نعمتیں

**2859**- اَخبَرَنَا جَعفَرُ بنُ عَونٍ عَنِ الاَعمَشِ عَن ثُمَامَةَ بنِ عُقبَةَ المُحَلِّمِيِّ قَالَ سَمِعتُ زَيدَ بنَ اَرقَمَ يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ مِن اَهلِ الجَنَّةِ لَيُعطَى قُوَّةَ مِائَةِ رَجُلٍ فِي الاَكلِ وَالشُّربِ وَالجِمَاعِ وَالشَّهوَةِ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ اليَهُودِ اِنَّ الَّذِي يَاكُلُ وَيَشرَبُ تَكُونُ مِنهُ الحَاجَةُ قَالَ يَفِيضُ مِن جِلدِهِ عَرَقٌ فَاِذَا بَطنُهُ قَد ضَمَرَ

☆☆ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل جنت میں سے ایک فرد کو کھانے پینے' صحبت اور شہوت کے حوالے سے ایک سو مردوں جتنی قوت عطا کی جائے گی' ایک یہودی شخص بولا جو شخص کھاتا ہے پیتا ہے اسے رفع حاجت کی ضرورت بھی پیش آتی ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا (جنت میں جو کھائے گا) وہ اس کی جلد میں سے پسینے کی شکل میں باہر آجائے گا اور اس کا پیٹ سمٹ جائے گا۔

**2860**- اَخبَرَنَا مُحَمَّدُ بنُ يَزِيدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا مُعَاذٌ يَعنِي ابنَ هِشَامٍ عَن اَبِيهِ عَن عَامِرٍ الاَحوَلِ عَن شَهرِ بنِ حَوشَبٍ عَن اَبِي هُرَيرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَهلُ الجَنَّةِ شَبَابٌ جُردٌ مُردٌ كُحلٌ لَا تَبلَى ثِيَابُهُم وَلَا يَفنَى شَبَابُهُم

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' اہل جنت جوان ہوں گے' ان کے جسم پر بال نہیں ہوں گے' ان کی داڑھی نہیں ہوگی مونچھیں نہیں ہوں گی ان کی آنکھوں میں (گویا سرمہ لگا ہوا ہوگا) ان کے کپڑے پرانے نہیں ہوں گے ان کی جوانی ختم نہیں ہوگی۔

**2861**- اَخبَرَنَا اَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابنِ جُرَيجٍ قَالَ اَخبَرَنِي اَبُو الزُّبَيرِ اَنَّهُ سَمِعَ جَابِرًا قِيلَ لِاَبِي عَاصِمٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ قَالَ نَعَم اَهلُ الجَنَّةِ لَا يَبُولُونَ وَلَا يَتَمَخَّطُونَ وَلَا يَتَغَوَّطُونَ وَيَكُونُ ذٰلِكَ مِنهُم جُشَاءً يَاكُلُونَ وَيَشرَبُونَ وَيُلهَمُونَ التَّسبِيحَ وَالحَمدَ كَمَا يُلهَمُونَ النَّفَسَ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: راوی ابی عاصم سے دریافت کیا گیا' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے؟ انہوں نے جواب دیا' ہاں (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے) اہل جنت پیشاب نہیں کریں گے' ناک صاف نہیں کریں گے اور پاخانہ نہیں کریں وہ صرف ڈکار لیں گے اور کھائیں گے اور پئیں گے انہیں تسبیح اور حمد یوں الہام کی جائے گی جیسے سانس لینا الہام کیا جائے گا۔

## بَابٌ مَّا اَعَدَّ اللّٰهُ لِعِبَادِهِ الصَّالِحِينَ

## باب 105: اللہ تعالیٰ نے اپنے نیک بندوں کے لئے کیا کچھ تیار کیا ہوا ہے

**2862**- اَخبَرَنَا يَزِيدُ بنُ هَارُونَ اَخبَرَنَا مُحَمَّدُ بنُ عَمرٍو عَن اَبِي سَلَمَةَ عَن اَبِي هُرَيرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اَعدَدتُ لِعِبَادِيَ الصَّالِحِينَ مَا لَا عَينٌ رَاَت وَلَا اُذُنٌ سَمِعَت وَلَا خَطَرَ عَلٰى قَلبِ بَشَرٍ وَّاقرَءُوا اِن شِئتُم (فَلَا تَعلَمُ نَفسٌ مَّا اُخفِيَ لَهُم مِن قُرَّةِ اَعيُنٍ جَزَاءً بِمَا كَانُوا يَعمَلُونَ)

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتا ہے:

میں نے نیک بندوں کے لئے وہ کچھ تیار کیا ہے جو کسی آنکھ نے دیکھا نہیں ہے اور کسی کان نے سنا نہیں ہے اور کسی انسان کے دل میں اس کا خیال نہیں آیا (نبی اکرم ﷺ فرماتے ہیں) اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ سکتے ہو۔

''آدمی نہیں جانتا کہ اس کی آنکھوں کی ٹھنڈک کے لئے اس کے اعمال کی جزاء کے طور پر کیا کچھ پوشیدہ رکھا گیا ہے''۔

## بَابٌ فِيْ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا

## باب 106: قدر و منزلت کے اعتبار سے اہل جنت کے سب سے کم مرتبہ والے شخص کا بیان

**2863**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَدْنٰى اَهْلِ الْجَنَّةِ مَنْزِلًا مَّنْ يَّتَمَنّٰى عَلَى اللّٰهِ فَيُقَالُ لَهُ لَكَ ذَالِكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ اِلَّا اَنَّهُ يُلَقَّنُ سِوٰى كَذَا وَكَذَا فَيُقَالُ لَهُ ذَالِكَ لَكَ وَمِثْلُهُ مَعَهُ قَالَ اَبُوْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيُّ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَيُقَالُ لَهُ ذَاكَ وَعَشَرَةُ اَمْثَالِهِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: مقام کے اعتبار سے اہل جنت کا سب سے کم تر شخص وہ ہوگا جو اللہ تعالیٰ سے کسی چیز کی آرزو کرے گا تو اس سے کہا جائے گا تمہیں وہ مل گئی اور اس جتنی مزید مل گئی البتہ یہ ہے کہ اسے اس چیز کی تلقین کی جائے گی اور اس سے کہا جائے گا تمہیں یہ مل گیا اور اس کے ساتھ یہ بھی مل گیا۔

حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس سے کہا جائے گا تمہیں یہ بھی مل گیا اور اس کے ساتھ یہ بھی مل گیا اور اس کے جتنا دس گنا اور بھی مل گیا۔

## بَابٌ فِيْ غُرَفِ الْجَنَّةِ

## باب 107: جنت کے بالا خانے

**2864**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَازِمٍ عَنْ سَهْلِ بْنِ سَعْدٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اَهْلَ الْجَنَّةِ لَيَتَرَاءَوْنَ اَهْلَ الْغُرَفِ فِي الْجَنَّةِ كَمَا تَرَوْنَ الْكَوْكَبَ الدُّرِّيَّ فِي السَّمَآءِ

☆☆ حضرت سہل بن سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اہل جنت جب بالا خانوں والوں کو دیکھیں گے تو یوں دیکھیں گے جیسے تم چمکدار ستارے کو دیکھتے ہو۔

**2865**-قَالَ اَبُوْ حَازِمٍ فَحَدَّثْتُ بِهٰذَا الْحَدِيْثِ النُّعْمَانَ بْنَ اَبِيْ عَيَّاشٍ فَحَدَّثَنِيْ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدِ الْخُدْرِيِّ اَنَّهُ قَالَ الْكَوْكَبُ الدُّرِّيُّ فِي السَّمَآءِ الشَّرْقِيُّ وَالْغَرْبِيُّ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' چمکدار ستارے سے مراد وہ ہے جو مشرقی اور مغربی سمت میں ہوتا ہے۔

## بَابٌ فِيْ صِفَةِ الْحُوْرِ الْعِيْنِ

## باب 108: حورِ عین کی تعریف

2866- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمِنْهَالِ حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الْقُرْدُوْسِيُّ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا فِي الْجَنَّةِ اَحَدٌ اِلَّا لَهُ زَوْجَتَانِ اِنَّهُ لَيَرٰى مُخَّ سَاقِهِمَا مِنْ وَّرَاءِ سَبْعِيْنَ حُلَّةً مَا فِيْهَا مِنْ عَزَبٍ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں ہر شخص کو دو بیویاں ملیں گی جس کی پنڈلی کا گودہ سات کپڑوں کے پیچھے سے بھی دیکھا جا سکتا ہے جنت میں کوئی بھی شخص مجرد نہیں ہوگا۔

## بَابٌ فِيْ خِيَامِ الْجَنَّةِ

## باب 109: جنت کے خیموں کا بیان

2867- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَيْمَةُ دُرَّةٌ مُّجَوَّفَةٌ طُوْلُهَا فِي السَّمَآءِ سِتُّوْنَ مِيْلًا فِيْ كُلِّ زَاوِيَةٍ مِّنْهَا اَهْلٌ لِّلْمُؤْمِنِ لَا يَرَاهُمُ الْاٰخَرُوْنَ

☆☆ حضرت ابوبکر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (جنت میں) خیمہ اندر سے موتی ہوگا جس کی لمبائی اوپر کی طرف ساٹھ میل ہوگی اس کے ہر زاویے میں مؤمن کی ایک بیوی ہوگی جسے دوسرے لوگ نہیں دیکھ سکیں گے۔

## بَابٌ فِيْ وَلَدِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

## باب 110: اہل جنت کی اولاد

2868- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ وَالْقَوَارِيْرِيُّ عَنْ مُعَاذِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَامِرٍ الْاَحْوَلِ عَنْ اَبِي الصِّدِّيْقِ النَّاجِيِّ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ الْمُؤْمِنَ اِذَا اشْتَهَى الْوَلَدَ فِي الْجَنَّةِ كَانَ حَمْلُهُ وَوَضْعُهُ وَسِنُّهُ فِيْ سَاعَةٍ كَمَا اشْتَهٰى

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جب کوئی مؤمن جنت میں کسی بچے کی خواہش کرے گا تو اس کا حمل اس کی پیدائش اور اس کی پرورش اس کی خواہش کے مطابق ایک لمحے میں ہو جائے گی۔

## بَابٌ فِيْ صُفُوْفِ اَهْلِ الْجَنَّةِ

## باب 111: اہل جنت کی صفیں

2869- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ قَالَ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ هِشَامٍ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَلْقَمَةَ بْنِ مَرْثَدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ بُرَيْدَةَ قَالَ اُرَاهُ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَهْلُ الْجَنَّةِ عِشْرُوْنَ وَمِائَةُ صَفٍّ ثَمَانُوْنَ مِنْهَا اُمَّتِيْ وَاَرْبَعُوْنَ سَائِرُ النَّاسِ

☆☆ سلیمان بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اہل جنت کی ایک سو بیس صفیں ہوں گی جن میں سے 80 صفیں میری اُمت میں سے ہوں گی اور باقی 40 صفیں دیگر لوگوں سے ہوں گی۔

## بَابٌ فِیْ اَنْهَارِ الْجَنَّةِ

## باب 112: جنت کی نہریں

**2870**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ قَالَ اَخْبَرَنَا الْجُرَيْرِيُّ عَنْ حَكِيْمِ بْنِ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ بَحْرَ اللَّبَنِ وَبَحْرَ الْعَسَلِ وَبَحْرَ الْخَمْرِ ثُمَّ تَشَقَّقُ مِنْهُ الْاَنْهَارُ

☆☆ حکیم بن معاویہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں دودھ کا ایک سمندر ہوگا اور شہد کا ایک سمندر ہوگا اور شراب کا ایک سمندر ہوگا جس میں سے نہریں جاری ہوں گی۔

## بَابٌ فِی الْكَوْثَرِ

## باب 113: (حوض) کوثر کا بیان

**2871**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ مُحَارِبِ بْنِ دِثَارٍ قَالَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ قَالَ لَمَّا نَزَلَتْ (اِنَّا اَعْطَيْنَاكَ الْكَوْثَرَ) قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ نَهْرٌ فِي الْجَنَّةِ حَافَتَاهُ مِنْ ذَهَبٍ يَجْرِيْ عَلَى الدُّرِّ وَالْيَاقُوْتِ تُرْبَتُهُ اَطْيَبُ مِنْ رِيْحِ الْمِسْكِ وَطَعْمُهُ اَحْلٰى مِنَ الْعَسَلِ وَمَاؤُهُ اَشَدُّ بَيَاضًا مِنَ الثَّلْجِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' جب یہ آیت نازل ہوئی:

''بیشک ہم نے تمہیں ''کوثر'' عطا کر دی''۔

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا وہ جنت کی ایک نہر ہے جس کے دونوں کنارے سونے کے ہیں اور یہ موتیوں اور یاقوت پر بہتی ہے اس کی مٹی مشک سے زیادہ پاکیزہ ہے اور اس کا ذائقہ شہد سے زیادہ میٹھا ہے اور اس کا پانی برف سے زیادہ سفید ہے۔

## بَابٌ فِیْ اَشْجَارِ الْجَنَّةِ

## باب 114: جنت کے درختوں کا بیان

**2872**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِيْ ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَّا يَقْطَعُهَا وَاقْرَءُ وْا اِنْ شِئْتُمْ (وَظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ)

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت میں ایک درخت اتنا ہوگا کہ کوئی سوار سو سال تک اس کے سائے میں چلتا جائے تو اس کا سایہ ختم نہیں ہوگا' اگر تم چاہو تو یہ آیت پڑھ سکتے ہو۔

''اور لمبے سائے ہوں گے''۔

**2873**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِی الضَّحَّاكِ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ شَجَرَةً يَسِيْرُ الرَّاكِبُ فِي ظِلِّهَا مِائَةَ عَامٍ لَّا يَقْطَعُهَا هِيَ شَجَرَةُ الْخُلْدِ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جنت میں درخت اتنا بڑا ہوگا کہ کوئی سوار شخص اس کے سائے میں ایک سو سال تک چلتا رہے تو اسے پار نہیں کر سکے گا یہ جنت کا درخت ہوگا۔

## بَابٌ فِي الْعَجْوَةِ

## باب 115: عجوہ کا بیان

**2874**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا عَبَّادٌ هُوَ ابْنُ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ شَهْرَ بْنَ حَوْشَبٍ يَقُوْلُ سَمِعْتُ اَبَا هُرَيْرَةَ يَقُوْلُ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْعَجْوَةُ مِنَ الْجَنَّةِ وَهِيَ شِفَاءٌ مِّنَ السُّمِّ

☆☆ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: عجوہ جنت سے تعلق رکھنے والی (کھجور ہے) اور یہ زہر کے لئے شفا کی حیثیت رکھتی ہے۔

## بَابٌ فِي سُوْقِ الْجَنَّةِ

## باب 116: جنت کے بازار کا بیان

**2875**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حُمَيْدٌ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ فِي الْجَنَّةِ لَسُوْقًا قَالُوْا وَمَا هِيَ قَالَ كُثْبَانٌ مِّنْ مِسْكٍ يَخْرُجُوْنَ اِلَيْهَا فَيَجْتَمِعُوْنَ فِيْهَا فَيَبْعَثُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ رِيْحًا فَتُدْخِلُهُمْ بُيُوْتَهُمْ فَيَقُوْلُ لَهُمْ اَهْلُوْهُمْ لَقَدِ ازْدَدْتُمْ بَعْدَنَا حُسْنًا وَّيَقُوْلُوْنَ لِاَهْلِيْهِمْ مِثْلَ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں' جنت میں ایک بازار بھی ہوگا لوگوں نے عرض کی وہ کیا ہوگا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اس میں مشک کے ٹیلے ہوں گے اور لوگ اس میں جائیں گے۔

اور جہاں وہ اکٹھے ہوں گے وہاں اللہ تعالیٰ ان کے لئے ایک ہوا بھیجے گا جو انہیں ان کے گھروں میں لے جائے گی تو ان کے اہل خانہ ان سے کہیں گے ہماری غیر موجودگی میں آپ کے حسن میں اضافہ ہوگیا ہے تو وہ اپنے اہل خانہ سے بھی یہی بات کہیں گے۔

**2876**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِنَحْوِهٖ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ

## باب 117: جنت (دنیاوی) تکالیف کے نیچے ہے

**2877**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ ثَابِتٍ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جنت (دنیاوی) پریشانیوں کے نیچے ہے اور جہنم نفسانی خواہشات کے نیچے ہے۔

## بَابٌ فِيْ دُخُوْلِ الْفُقَرَاءِ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ

## باب **118**: غریب لوگ امیروں سے پہلے جنت میں داخل ہوں گے

**2878**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ اَنَّ عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ جُبَيْرٍ حَدَّثَهُ عَنْ اَبِيْهِ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ بَيْنَا اَنَا قَاعِدٌ فِي الْمَسْجِدِ وَحَلْقَةٌ مِّنْ فُقَرَاءِ الْمُهَاجِرِيْنَ قُعُوْدٌ اِذْ دَخَلَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَعَدَ اِلَيْهِمْ فَقُمْتُ اِلَيْهِمْ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَهُمْ لِيُبْشِرْ فُقَرَاءُ الْمُهَاجِرِيْنَ بِمَا يَسُرُّ وُجُوْهَهُمْ فَاِنَّهُمْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ قَبْلَ الْاَغْنِيَاءِ بِاَرْبَعِيْنَ عَامًا قَالَ فَلَقَدْ رَاَيْتُ اَلْوَانَهُمْ اَسْفَرَتْ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَمْرٍو حَتّٰى تَمَنَّيْتُ اَنْ اَكُوْنَ مَعَهُمْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' ایک مرتبہ میں مسجد میں بیٹھا ہوا تھا' غریب مہاجرین بھی مسجد میں بیٹھے ہوئے تھے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور ان کے ساتھ بیٹھ گئے میں بھی اٹھ کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آ گیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا غریب مہاجرین کے لئے اِک ایسی خوشخبری ہے جس سے وہ خوش ہو جائیں گے وہ لوگ امیروں سے 40 سال پہلے جنت میں داخل ہوں گے۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' میں نے دیکھا تھا کہ ان کے رنگ چمکنے لگ پڑے حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ نے بیان کیا میں نے یہ خواہش کی کاش میں بھی ان میں ہوتا۔

## بَابٌ فِيْ نَفَسِ جَهَنَّمَ

## باب **119**: جہنم کی سانس

**2879**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا شُعَيْبٌ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اَخْبَرَنِيْ اَبُوْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ اَنَّهُ سَمِعَهُ يَقُوْلُ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اشْتَكَتِ النَّارُ اِلٰى رَبِّهَا فَقَالَتْ رَبِّ اَكَلَ بَعْضِيْ بَعْضًا فَاَذِنَ لَهَا بِنَفَسَيْنِ نَفَسٍ فِي الشِّتَاءِ وَنَفَسٍ فِي الصَّيْفِ فَهُوَ اَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الْحَرِّ وَاَشَدُّ مَا تَجِدُوْنَ مِنَ الزَّمْهَرِيْرِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں' انہوں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے جہنم نے اپنے پروردگار کی بارگاہ میں عرض کی اے میرے پروردگار میرا ایک حصہ دوسرے کو کھا جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ نے اسے یہ اجازت دی کہ وہ دو مرتبہ سانس لے سکتی ہے ایک مرتبہ گرمی کے موسم میں سانس لے اور ایک مرتبہ سردی کے موسم میں سانس لے۔

(نبی اکرم ﷺ ارشاد فرماتے ہیں) یہ جو تمہیں شدید گرمی یا سردی محسوس ہوتی ہے یہ اس وجہ سے ہے۔

**2880**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَحْوَهُ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

## بَابٌ فِىْ قَوْلِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَارُكُمْ هٰذِهٖ جُزْءٌ مِّنْ كَذَا جُزْئًا

## باب 120: نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا اتنا حصہ ہے

**2881**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا الْهَجَرِيُّ عَنْ اَبِىْ عِيَاضٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ نَارَكُمْ هٰذِهٖ جُزْءٌ مِّنْ سَبْعِيْنَ جُزْئًا مِّنْ نَارِ جَهَنَّمَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تمہاری یہ آگ جہنم کی آگ کا 70 واں حصہ ہے۔

## بَابٌ فِىْ اَهْوَنِ اَهْلِ النَّارِ عَذَابًا

## باب 121: جہنم میں سب سے ہلکا عذاب جسے ہوگا

**2882**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَهْوَنُ النَّاسِ عَذَابًا مَّنْ لَّهُ نَعْلَانِ يَغْلِىْ مِنْهُمَا دِمَاغُهُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جہنم میں سب سے ہلکا عذاب اس شخص کو ہوگا جسے جہنم کی جوتیاں پہنائی جائیں گی اور ان کی وجہ سے اس کا دماغ کھول جائے گا۔

## بَابُ قَوْلِهٖ تَعَالٰى (هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ)

## باب 122: اللہ تعالیٰ کا یہ فرمان ''کیا اور ہے''

**2883**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَمَّارِ بْنِ اَبِىْ عَمَّارٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ يُلْقٰى فِى النَّارِ اَهْلُهَا وَتَقُوْلُ (هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ) (هَلْ مِنْ مَّزِيْدٍ) ثَلَاثًا حَتّٰى يَاْتِيَهَا رَبُّهَا فَيَضَعَ قَدَمَهُ عَلَيْهَا فَتَزْوِىْ وَتَقُوْلُ قَطْ قَطْ قَطْ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اہل جہنم کو جہنم میں ڈال دیا جائے گا تو وہ کہے گی کیا اور ہے، وہ تین مرتبہ یہ بات کہے گی یہاں تک کہ اس کا پروردگار آئے گا اور اپنا قدم اس پر رکھ دے گا تو وہ سمٹنے لگے گی اور بولے گی بس، بس، بس۔

# وَمِنْ كِتَابُ الْفَرَائِضِ

# وراثت کا بیان

## بَابٌ فِي تَعْلِيمِ الْفَرَائِضِ

## باب 1: وراثت کی تعلیم دینا

**2884**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا عَاصِمٌ عَنْ مُوَرِّقٍ الْعِجْلِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَاللَّحْنَ وَالسُّنَنَ كَمَا تَعَلَّمُوْنَ الْقُرْاٰنَ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: وراثت، لغت اور مسائل کا اسی طرح علم حاصل کرو جس طرح تم قرآن سیکھتے ہو۔

**2885**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ قَالَ عُمَرُ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ فَاِنَّهَا مِنْ دِيْنِكُمْ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: وراثت کا علم حاصل کرو کیونکہ یہ تمہارے دین کا حصہ ہے۔

**2886**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا يُوْسُفُ الْمَاجِشُوْنُ قَالَ قَالَ ابْنُ شِهَابٍ لَوْ هَلَكَ عُثْمَانُ وَزَيْدٌ فِي بَعْضِ الزَّمَانِ لَهَلَكَ عِلْمُ الْفَرَائِضِ لَقَدْ اَتٰى عَلَى النَّاسِ زَمَانٌ وَّمَا يَعْلَمُهَا غَيْرُهُمَا

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: اگر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کچھ عرصہ پہلے فوت ہو جاتے تو علم وراثت ختم ہو جاتا کیونکہ لوگوں پر ایسا وقت بھی آیا تھا جب ان دو حضرات کے علاوہ کسی اور کے پاس یہ علم نہیں تھا۔

**2887**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تَعَلَّمُوا الْقُرْاٰنَ وَالْفَرَائِضَ فَاِنَّهُ يُوْشِكُ اَنْ يَّفْتَقِرَ الرَّجُلُ اِلٰى عِلْمٍ كَانَ يَعْلَمُهُ اَوْ يَبْقٰى فِيْ قَوْمٍ لَّا يَعْلَمُوْنَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: قرآن اور وراثت کا علم حاصل کرو کیونکہ اس بات کا امکان موجود ہے کہ کسی آدمی کو اس علم کی ضرورت پیش آئے گی جسے وہ پہلے جانتا تھا یا یہ بھی ہو سکتا ہے کہ وہ شخص ایسے لوگوں میں باقی رہ جائے جنہیں وہ علم حاصل نہیں ہے۔

**2888**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ اَبِيْ مُسْلِمٍ عَنْ اَبِي الْخَلِيْلِ قَالَ قَالَ اَبُوْ مُوْسٰى مَنْ عَلِمَ الْقُرْاٰنَ وَلَمْ يَعْلَمِ الْفَرَائِضَ فَاِنَّ مَثَلَهُ مَثَلُ الْبُرْنُسِ لَا وَجْهَ لَهُ اَوْ لَيْسَ لَهُ وَجْهٌ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: جوشخص قرآن کا علم حاصل کرلےاوروراثت کاعلم حاصل نہ کرے اس کی مثال ایسی ٹوپی کی سی ہے جس کا منہ نہیں ہوتا۔

**2889**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قُلْتُ لِعَلْقَمَةَ مَا اَدْرِىْ مَا اَسْاَلُكَ عَنْهُ قَالَ اَمِتْ جِيْرَانَكَ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشادفرماتے ہیں: میں نے حضرت علقمہ رضی اللہ عنہ سے کہا مجھے یہ سمجھ نہیں آئی، میں آپ سے کس چیز کے بارے میں سوال کروں۔انہوں نے جواب دیاتم اپنے پڑوسیوں کوفوت کرواؤاوران کی وراثت کاسوال مجھ سے کرو۔

**2890**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ الْوَلِيْدِ الْهَمْدَانِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ تَعَلَّمُوا الْفَرَائِضَ وَالطَّلَاقَ وَالْحَجَّ فَاِنَّهُ مِنْ دِيْنِكُمْ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: وراثت،طلاق،حج (کے احکام) کاعلم حاصل کروکیونکہ یہ تمہارے دین کاحصہ ہیں۔

**2891**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيْرٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ كَانُوْا يُرَغِّبُوْنَ فِىْ تَعْلِيْمِ الْقُرْاٰنِ وَالْفَرَائِضِ وَالْمَنَاسِكِ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: پہلے زمانے کے لوگ قرآن،وراثت اورمناسک کی تعلیم کی ترغیب دیا کرتے تھے۔

**2892**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِىْ عُبَيْدَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ فَلْيَتَعَلَّمِ الْفَرَائِضَ فَاِنْ لَقِيَهُ اَعْرَابِىٌّ قَالَ يَا مُهَاجِرُ اَتَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ فَاِنْ قَالَ نَعَمْ قَالَ تَفْرِضُ فَاِنْ قَالَ نَعَمْ فَهُوَ زِيَادَةٌ وَّخَيْرٌ وَّاِنْ قَالَ لَا قَالَ فَمَا فَضْلُكَ عَلَيَّ يَا مُهَاجِرُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: جوشخص قرآن کاعالم ہواسے وراثت کاعلم بھی حاصل کرناچاہئے کیونکہ اگرکوئی دیہاتی شخص ان سے ملےاوریہ دریافت کرےاے ہجرت کرنے والےشخص! کیاتوقرآن کاعالم ہےاگروہ جواب دےہاں تووہ دیہاتی دریافت کرےکیاتووراثت کاعلم رکھتا ہےاگروہ جواب دےہاں تو یہ بڑی بھلائی اوربہتری کی بات ہےلیکن اگروہ جواب دےنہیں تووہ دیہاتی یہ کہےگا،اےمہاجر! تجھے میرےاوپرکیافضیلت حاصل ہے۔

**2901**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عُقْبَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ قَالَ سَاَلْنَا مَسْرُوْقًا كَانَتْ عَائِشَةُ تُحْسِنُ الْفَرَائِضَ قَالَ وَالَّذِىْ لَا اِلٰهَ غَيْرُهُ لَقَدْ رَاَيْتُ الْاَكَابِرَ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ يَسْاَلُوْنَهَا عَنِ الْفَرَائِضِ

☆☆ مسلم بیان کرتے ہیں: ہم نے مسروق سے دریافت کیا،کیاسیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا وراثت کے مسائل اچھےطریقے سے بیان کیاکرتی تھیں؟انہوں نے جواب دیا: اس ذات کی قسم جس کےعلاوہ کوئی اورمعبودنہیں ہے میں نے حضرت محمد ﷺ کے اکابرصحابہ کرام کودیکھا ہے کہ وہ وراثت کےبارے میں سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا سے سوال کیاکرتے تھے۔

## بَابٌ مَّنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ

## باب 2: جوشخص اپنے باپ کےعلاوہ خودکوکسی اورطرف منسوب کرے

**2893-** اَخْبَرَنَا سَعِیْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ عَنْ سَعْدِ بْنِ اَبِیْ وَقَّاصٍ وَّعَنْ اَبِیْ بَکْرَةَ قَالَ شُعْبَةُ هٰذَا اَوَّلُ مَنْ رَّمٰی بِسَهْمٍ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ وَهٰذَا تَدَلّٰی مِنْ حِصْنِ الطَّائِفِ اِلٰی رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اِنَّهُمَا حَدَّثَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنِ ادَّعٰی اِلٰی غَیْرِ اَبِیْهِ وَهُوَ یَعْلَمُ اَنَّهٗ غَیْرُ اَبِیْهِ فَالْجَنَّةُ عَلَیْهِ حَرَامٌ

☆☆ حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اور حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، شعبہ (نامی راوی) فرماتے ہیں، یہ وہ پہلے صاحب ہیں جنہوں نے اللہ کی راہ میں تیر اندازی کی تھی۔ (یعنی حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) اور یہ صاحب (یعنی حضرت ابوبکرہ رضی اللہ عنہ) طائف کے قلعے سے گزر کر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے تھے، یہ دونوں حضرات یہ بات بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جوشخص اپنے باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف خودکومنسوب کرے اوروہ یہ بات جانتا ہوکہ دوسرا شخص اس کا باپ نہیں ہے تو ایسے شخص پر جنت حرام ہوجاتی ہے۔

**2894-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِیْ مَعْمَرٍ عَنْ اَبِیْ بَکْرٍ الصِّدِّیْقِ قَالَ کُفْرٌ بِاللّٰهِ ادِّعَاءٌ اِلٰی نَسَبٍ لَّا یُعْرَفُ وَکُفْرٌ بِاللّٰهِ تَبَرُّؤٌ مِّنْ نَسَبٍ وَّاِنْ دَقَّ

☆☆ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جونسب نہ ہواس کی طرف خودکومنسوب کرنا اللہ کا انکار کرنا ہے اور جونسب ہو، خواہ وہ کتنا ہی کم حیثیت کیوں نہ ہو، اس سے خودکولاتعلق قرار دینا بھی اللہ کا انکار کرنا ہے۔

**2895-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ زَکَرِیَّا اَبِیْ یَحْیٰی قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ یُّحَدِّثُ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ نَحْوًا مِّنْهُ

☆☆ حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ نے یہی بیان حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کیا ہے۔

**2896-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ مَنْصُوْرٍ السَّلُوْلِیُّ عَنْ جَعْفَرٍ الْاَحْمَرِ عَنِ السَّرِیِّ بْنِ اِسْمٰعِیْلَ عَنْ قَیْسِ بْنِ اَبِیْ حَازِمٍ قَالَ اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ لِاُبَایِعَهٗ فَجِئْتُ وَقَدْ قُبِضَ وَاَبُوْ بَکْرٍ قَائِمٌ فِیْ مَقَامِهٖ فَاَطَابَ الثَّنَاءَ وَاَکْثَرَ الْبُکَاءَ فَقَالَ سَمِعْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یَقُوْلُ کُفْرٌ بِاللّٰهِ انْتِفَاءٌ مِّنْ نَسَبٍ وَّاِنْ دَقَّ وَادِّعَاءُ نَسَبٍ لَّا یُعْرَفُ

☆☆ قیس بن ابوحازم بیان کرتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اسلام قبول کرنے کے لیے حاضر ہوا جب میں (مدینہ منورہ) پہنچا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا وصال ہو چکا تھا اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ آپ کے جانشین کی حیثیت اختیار کر چکے تھے۔ انہوں نے (اللہ کی) طویل حمد وثناء بیان کی اور بکثرت روتے رہے اور پھر یہ بات بیان کی، میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: (اپنے حقیقی) نسب کا خواہ وہ کتنا ہی کم حیثیت کیوں نہ ہو، انکار کرنا، اللہ کا انکار کرنے کے مترادف ہے اور جونسب نہ ہواس سے خودکو

منسوب کرنا (بھی اللہ تعالیٰ کا انکار کرنے کے مترادف ہے)۔

**2897**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَيُّمَا رَجُلٍ ادَّعَى إِلَى غَيْرِ وَالِدِهِ أَوْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ الَّذِينَ أَعْتَقُوهُ فَإِنَّ عَلَيْهِ لَعْنَةَ اللَّهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ أَجْمَعِينَ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اپنے باپ کے علاوہ کسی اور طرف کو منسوب کرے یا جس آقا نے اس کو آزاد کیا تھا اس کے علاوہ کسی اور کی طرف اپنی ولاء کو منسوب کرے تو ایسے شخص پر اللہ تعالیٰ فرشتوں اور تمام بنی نوع انسان کی قیامت کے دن تک لعنت ہوتی رہے گی ایسے شخص کی کوئی فرض یا نفل عبادت قبول نہیں ہوگی۔

## بَابٌ فِي زَوْجٍ وَأَبَوَيْنِ وَامْرَأَةٍ وَأَبَوَيْنِ

## باب 3: شوہر، ماں، باپ اور بیوی اور ماں باپ کی (وراثت کا حکم)

**2898**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ كَانَ عُمَرُ إِذَا سَلَكَ بِنَا طَرِيقًا وَجَدْنَاهُ سَهْلًا وَإِنَّهُ قَالَ فِي زَوْجٍ وَأَبَوَيْنِ لِلزَّوْجِ النِّصْفُ وَلِلْأُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ہمارے لیے جو راستہ مقرر کر دیتے تھے ہم اسے آسان پاتے تھے شوہر اور ماں باپ (کی وراثت کے مسئلے میں) حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ حکم دیا ہے شوہر کو نصف حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والے مال کا تہائی حصہ (مرحوم عورت کی) ماں کو ملے گا۔

**2899**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا يَزِيدُ الرِّشْكُ قَالَ سَأَلْتُ سَعِيدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ امْرَأَتَهُ وَأَبَوَيْهِ فَقَالَ قَسَّمَهَا زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ مِنْ أَرْبَعَةٍ

☆☆ یزید رشک بیان کرتے ہیں، میں نے سعید بن مسیب سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو (پسماندگان میں) ایک بیوی اور ماں کو چھوڑے انہوں نے جواب دیا: حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے اس کی وراثت چار حصوں میں تقسیم کی ہے۔

**2900**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ أَنَّ عُثْمَانَ بْنَ عَفَّانَ قَالَ فِي امْرَأَةٍ وَأَبَوَيْنِ لِلْمَرْأَةِ الرُّبُعُ وَلِلْأُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ

☆☆ ابومہلب بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے (مرحوم شخص کی) بیوی اور ماں باپ کی وراثت کے بارے میں یہ فرمایا ہے کہ بیوی کو چوتھائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والے مال کا تہائی حصہ (مرحوم شخص کی) ماں کو ملے گا۔

**2901**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْمُهَلَّبِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ أَنَّهُ قَالَ لِلْمَرْأَةِ الرُّبُعُ سَهْمٌ مِنْ أَرْبَعَةٍ وَلِلْأُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ سَهْمٌ وَلِلْأَبِ سَهْمَانِ

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بیوی کو چوتھائی حصہ ملے گا۔ یہ چار حصوں میں سے ایک حصہ ہوگا اور باقی بچ جانے والے مال میں سے ایک تہائی حصہ (یعنی ایک حصہ) مرحوم کی ماں کو ملے گا اور دو حصے مرحوم کے باپ کو ملیں گے۔

2902- اَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ سَعِيْدٍ اَنَّهُ سَاَلَ الْحَارِثَ الْاَعْوَرَ عَنِ امْرَاَةٍ وَاَبَوَيْنِ فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِ عُثْمَانَ

☆☆ عمیر بن سعید بیان کرتے ہیں: انہوں نے حارث اعور سے ایسی عورت کا مسئلہ دریافت کیا جس کے ماں باپ موجود ہوں دونوں نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے فرمان کے مطابق جواب دیا۔

2903- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ قَالَ فِيْ امْرَاَةٍ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَاَبَوَيْهَا لِلزَّوْجِ النِّصْفُ وَلِلْاُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ایسی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں (جس نے پسماندگان میں) شوہر اور والدین چھوڑے ہوں اس کے شوہر کو نصف حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والے مال کا تہائی حصہ اس کی ماں کو ملے گا۔

2904- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنْ عَامِرٍ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ فِيْ امْرَاَةٍ وَّاَبَوَيْنِ قَالَ مِنْ اَرْبَعَةٍ لِلْمَرْاَةِ الرُّبُعُ وَلِلْاُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ وَمَا بَقِيَ فَلِلْاَبِ

☆☆ (پسماندگان میں) بیوی اور ماں باپ کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں یہ تقسیم چار حصوں سے ہوگی۔ بیوی کو چوتھائی حصہ ملے گا، بقیہ مال کا تہائی حصہ ماں کو ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال باپ کو ملے گا۔

2905- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْاَعْمَشِ وَمَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ عُمَرُ اِذَا سَلَكَ بِنَا طَرِيْقًا اتَّبَعْنَاهُ فِيْهِ وَجَدْنَاهُ سَهْلًا وَّاَنَّهُ قَضٰى فِيْ امْرَاَةٍ وَّاَبَوَيْنِ مِنْ اَرْبَعَةٍ فَاَعْطَى الْمَرْاَةَ الرُّبُعَ وَالْاُمَّ ثُلُثَ مَا بَقِيَ وَالْاَبَ سَهْمَيْنِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ جب ہمارے لیے کوئی راستہ طے کردیتے تھے تو جب ہم اس کی پیروی کرتے تو ہم اسے آسان پاتے تھے۔ (کسی مرحوم شخص کی بیوی) اور ماں باپ کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ دیا ہے کہ اس کی بیوی کو چوتھائی حصہ دیا جائے گا اور باقی بچ جانے والے مال کا تہائی حصہ ماں کو دیا جائے گا جبکہ باپ کو دو حصے ملیں گے۔

2906- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عِيْسٰى عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ مِثْلَ ذٰلِكَ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے بھی اسی کی مانند منقول ہے۔

2907- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ يَقُوْلُ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيَرَانِيْ اَنْ اُفَضِّلَ اُمًّا عَلٰى اَبٍ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرمایا کرتے تھے: اللہ تعالیٰ میرے ذہن میں یہ بات نہیں ڈال سکتا کہ میں ماں کو باپ پر فضیلت دوں۔

2908- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عِكْرِمَةَ قَالَ اَرْسَلَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلٰى زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَتَجِدُ فِيْ كِتَابِ اللّٰهِ لِلْاُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ فَقَالَ زَيْدٌ اِنَّمَا اَنْتَ رَجُلٌ تَقُوْلُ بِرَاْيِكَ وَاَنَا رَجُلٌ اَقُوْلُ بِرَاْيِيْ

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کی خدمت میں یہ پیغام بھیجا کہ کیا

آپ اللہ کی کتاب میں یہ حکم پاتے ہیں کہ ماں کو باقی بچ جانے والے مال کا تیسرا حصہ ملے گا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا آپ اپنی رائے کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں اور میں اپنی رائے کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

**2909**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَجَّاجٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَحَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ أَنَّهُمَا قَالَا فِي زَوْجٍ وَأَبَوَيْنِ لِلزَّوْجِ النِّصْفُ وَلِلْأُمِّ ثُلُثُ جَمِيعِ الْمَالِ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأَبِ

☆☆ عطاء اور حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما (مرحوم عورت کے) شوہر اور ماں باپ کے بارے میں یہ فرماتے ہیں شوہر کو (کل مال کا) نصف حصہ ملے گا جبکہ ماں کو کل مال کا تہائی حصہ اور باقی بچ جانے والا حصہ (مرحوم عورت کے) باپ کو ملے گا۔

**2910**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ أَخْبَرَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لِلْأُمِّ ثُلُثُ جَمِيعِ الْمَالِ فِي امْرَأَةٍ وَأَبَوَيْنِ وَفِي زَوْجٍ وَأَبَوَيْنِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: (اگر کوئی مرد فوت ہو جائے) اور پسماندگان میں اس کی بیوی اور ماں باپ موجود ہوں تو ماں کو پورے مال کا تہائی حصہ ملے گا۔ اسی طرح (عورت فوت ہو جائے) اور پسماندگان میں شوہر اور ماں باپ ہوں (تو بھی اس کی ماں کو پورے مال کا تہائی حصہ ملے گا)۔

**2911**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنْ أَبِيهِ عَنِ الْفُضَيْلِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ خَالَفَ ابْنُ عَبَّاسٍ أَهْلَ الْقِبْلَةِ فِي امْرَأَةٍ وَأَبَوَيْنِ جَعَلَ لِلْأُمِّ الثُّلُثَ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: مرحوم شخص کی بیوی اور ماں باپ کے مسئلے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے تمام اہل اسلام سے برعکس رائے بیان کی ہے۔ انہوں نے پورے مال کا تہائی حصہ والدہ کے لیے مقرر کیا ہے۔

## بَابٌ فِي بِنْتٍ وَأُخْتٍ

## باب 4: ایک بیٹی اور بہن کی (وراثت کا حکم)

**2912**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ أَشْعَثَ بْنِ أَبِي الشَّعْثَاءِ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ قَالَ قَضَى مُعَاذُ ابْنُ جَبَلٍ بِالْيَمَنِ فِي بِنْتٍ وَأُخْتٍ فَأَعْطَى الْبِنْتَ النِّصْفَ وَالْأُخْتَ النِّصْفَ

☆☆ اسود بن یزید بیان کرتے ہیں: ایک بیٹی اور ایک بہن کی وراثت کے بارے میں حضرت معاذ رضی اللہ عنہ نے، یمن میں فیصلہ دیا تھا انہوں نے بیٹی کو نصف حصہ دیا تھا اور بہن کو بھی نصف حصہ دیا تھا۔

**2913**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنِ الْأَسْوَدِ بْنِ يَزِيدَ أَنَّ ابْنَ الزُّبَيْرِ كَانَ لَا يُوَرِّثُ الْأُخْتَ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ مَعَ الْبِنْتِ حَتَّى حَدَّثَهُ الْأَسْوَدُ أَنَّ مُعَاذَ بْنَ جَبَلٍ جَعَلَ لِلْبِنْتِ النِّصْفَ وَلِلْأُخْتِ النِّصْفَ فَقَالَ أَنْتَ رَسُولِي إِلَى عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُتْبَةَ فَأَخْبِرْهُ بِذَاكَ وَكَانَ قَاضِيَهُ بِالْكُوفَةِ

☆☆ اسود بن یزید بیان کرتے ہیں: حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ میت کی بیٹی کی موجودگی میں میت کی حقیقی بہن کو وراثت میں شریک نہیں کرتے تھے۔ یہاں تک کہ اسود نے انہیں بتایا کہ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ نے بیٹی کو (وراثت کا) نصف حصہ دیا تھا اور بہن کو

بھی نصف حصہ دیا تھا تو حضرت ابن زبیر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: تم عبداللہ بن عتبہ کے پاس میرے نمائندے کی حیثیت سے جاؤ اور اسے اس بارے میں بتا دینا (راوی بیان کرتے ہیں) وہ صاحب ان دنوں کوفہ میں قاضی کے فرائض سرانجام دے رہے تھے۔

**2914**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ قَالَ سَأَلْتُ ابْنَ أَبِي الزِّنَادِ عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ بِنْتًا وَأُخْتًا فَقَالَ لِابْنَتِهِ النِّصْفُ وَلِأُخْتِهِ مَا بَقِيَ وَقَالَ أَخْبَرَنِي أَبِي عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ كَانَ يَجْعَلُ الْأَخَوَاتِ مَعَ الْبَنَاتِ عَصَبَةً لَا يَجْعَلُ لَهُنَّ إِلَّا مَا بَقِيَ

☆☆ بشر بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میں نے ابن ابی زناد سے ایسے شخص کے بارے میں سوال کیا جس نے (پسماندگان میں) ایک بیٹی اور ایک بہن چھوڑی ہوانہوں نے جواب دیا اس کی بیٹی کو نصف حصہ ملے گا اور بقیہ مال اس کی بہن کو مل جائے گا۔

راوی بیان کرتے ہیں: انہوں نے یہ بات بھی بتائی کہ میرے والد نے حضرت خارجہ بن زید رضی اللہ عنہ کے حوالے سے یہ بات بتائی ہے کہ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بہنوں کو بیٹیوں کے ہمراہ عصبہ قرار دیتے تھے وہ انہیں بقیہ بچ جانے والا مال نہیں دیا کرتے تھے۔

## بَابٌ فِي الْمُشَرَّكَةِ

## باب 5: (مال وراثت میں) شریک کرنے کا حکم

**2915**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَنْصُورٍ وَالْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ فِي زَوْجٍ وَأُمٍّ وَإِخْوَةٍ لِأَبٍ وَأُمٍّ وَإِخْوَةٍ لِأُمٍّ قَالَ كَانَ عُمَرُ وَعَبْدُ اللَّهِ وَزَيْدٌ يُشَرِّكُونَ وَقَالَ عُمَرُ لَمْ يَزِدْهُمُ الْأَبُ إِلَّا قُرْبًا

☆☆ ابراہیم نخعی (مرحوم عورت) کے شوہر، ماں، سگے بہن بھائی اور ماں کی طرف سے بہن بھائیوں کے بارے میں بیان کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ان سب کو وراثت میں شریک کرتے تھے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ ارشاد فرمایا ہے، باپ صرف قرب میں اضافہ کرتا ہے۔

**2916**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ أَبِي إِسْحَقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ أَنَّهُ كَانَ لَا يُشَرِّكُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ایسی صورت میں انہیں شریک نہیں کرتے تھے۔

**2917**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِي مِجْلَزٍ أَنَّ عُثْمَانَ كَانَ يُشَرِّكُ وَعَلِيًّا كَانَ لَا يُشَرِّكُ

☆☆ ابومجلز بیان کرتے ہیں، حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ انہیں شریک کرتے تھے جبکہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نہیں کرتے تھے۔

**2918**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ ذَكْوَانَ أَنَّ زَيْدًا كَانَ يُشَرِّكُ

☆☆ ابن ذکوان بیان کرتے ہیں: حضرت زید رضی اللہ عنہ انہیں شریک کیا کرتے تھے۔

**2919**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ عَنْ شُرَيْحٍ أَنَّهُ كَانَ يُشَرِّكُ

☆☆ قاضی شریح کے بارے میں منقول ہے کہ وہ انہیں شریک کیا کرتے تھے۔

**2920**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ عَنِ الْحَجَّاجِ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ عَنْ سَعِيدٍ

بْنِ فَيْرُوْزَ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ عُمَرَ قَالَ فِي الْمُشَرَّكَةِ لَمْ يَزِدْهُمُ الْاَبُ اِلَّا قُرْبًا

☆☆ سعید اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں: (وراثت میں) شریک کرنے کے حوالے سے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے: باپ صرف قرب میں اضافہ کرتا ہے۔

## بَابٌ فِيْ ابْنَيْ عَمٍّ اَحَدُهُمَا زَوْجٌ وَّالْاٰخَرُ اَخٌ لِّاُمٍّ

## باب 6: دو ایسے چچازاد (کی وراثت کا حکم) جس میں سے ایک شوہر ہو اور دوسرا ماں کی طرف سے شریک بھائی ہو

**2921**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ الْاَعْوَرِ قَالَ اُتِيَ عَبْدُ اللّٰهِ فِيْ فَرِيْضَةِ بَنِيْ عَمٍّ اَحَدُهُمْ اَخٌ لِّاُمٍّ فَقَالَ الْمَالُ اَجْمَعُ لِاَخِيْهِ لِاُمِّهِ فَاَنْزَلَهُ بِحِسَابٍ اَوْ بِمَنْزِلَةِ الْاَخِ مِنَ الْاَبِ وَالْاُمِّ فَلَمَّا قَدِمَ عَلِيٌّ سَاَلْتُهُ عَنْهَا وَاَخْبَرْتُهُ بِقَوْلِ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ يَرْحَمُهُ اللّٰهُ اِنْ كَانَ لَفَقِيْهًا اَمَّا اَنَا فَلَمْ اَكُنْ لِاَزِيْدَهُ عَلٰى مَا فَرَضَ اللّٰهُ لَهُ سَهْمٌ السُّدُسُ ثُمَّ يُقَاسِمُهُمْ كَرَجُلٍ مِّنْهُمْ

☆☆ حارث اعور بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں دو چچازاد بھائیوں کی وراثت کا مسئلہ لایا گیا جن میں سے ایک ماں کی طرف سے شریک بھائی تھا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا یہ سارا مال اس کے ماں کی طرف سے شریک بھائی کو مل جائے گا۔ انہوں نے تقسیم میں اس بھائی کو سگے بھائی کی مانند قرار دیا۔ جب حضرت علی رضی اللہ عنہ تشریف لائے تو میں نے ان سے اس بارے میں دریافت کیا اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے جواب سے بھی انہیں آگاہ کیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ ان پر رحم کرے۔ اگر وہ (حقیقی) عالم ہوتے (تو یہ فتویٰ نہ دیتے) میں اس کے حصے میں اس چیز سے اضافہ نہیں کروں گا جو اللہ تعالیٰ نے اس کے لیے مقرر کیا ہے وہ چھٹا حصہ ہے۔ پھر وہ ان لوگوں کے درمیان ان کے ایک عام فرد کی مانند (وراثت تقسیم کرتے)۔

**2922**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ اَنَّهُ اُتِيَ فِيْ ابْنَيْ عَمٍّ اَحَدُهُمَا اَخٌ لِّاُمٍّ فَقِيْلَ لِعَلِيٍّ اِنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يُعْطِيْهِ الْمَالَ كُلَّهُ فَقَالَ عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنْ كَانَ لَفَقِيْهًا وَّلَوْ كُنْتُ اَنَا اَعْطَيْتُهُ السُّدُسَ وَمَا بَقِيَ كَانَ بَيْنَهُمْ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی خدمت میں دو چچازاد بھائیوں کا مسئلہ لایا گیا جن میں سے ایک ماں کی طرف سے شریک بھائی تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ سے یہ کہا گیا کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ایسے شخص کو پورے مال کا حقدار قرار دیتے ہیں تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر وہ (واقعی عالم ہوتے تو یہ فتویٰ نہ دیتے)۔ میں اس کو چھٹا حصہ دیتا جبکہ بقیہ مال ان (وارثوں کے درمیان) تقسیم ہو جاتا۔

## بَابٌ فِيْ بِنْتٍ وَّابْنَةِ ابْنٍ وَّاُخْتٍ لِّاَبٍ وَّاُمٍّ

## باب 7: ایک بیٹی، پوتی اور سگی بہن کی (وراثت کا حکم)

**2923**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ الثَّوْرِيُّ عَنْ أَبِي قَيْسٍ الْأَوْدِيِّ عَنْ هُزَيْلِ بْنِ شُرَحْبِيلَ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ إِلَى أَبِي مُوسَى الْأَشْعَرِيِّ وَإِلَى سَلْمَانَ بْنِ رَبِيعَةَ فَسَأَلَهُمَا عَنْ بِنْتٍ وَبِنْتِ ابْنٍ وَأُخْتٍ لِأُمٍّ وَأَبٍ فَقَالَا لِلِابْنَةِ النِّصْفُ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ وَأْتِ ابْنَ مَسْعُودٍ فَإِنَّهُ سَيُتَابِعُنَا فَجَاءَ الرَّجُلُ إِلَى عَبْدِ اللَّهِ فَسَأَلَهُ عَنْ ذَلِكَ فَقَالَ لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذًا وَمَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ وَإِنِّي أَقْضِي بِمَا قَضَى بِهِ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِلِابْنَةِ النِّصْفُ وَلِابْنَةِ الِابْنِ السُّدُسُ وَمَا بَقِيَ فَلِلْأُخْتِ

☆☆ ہزیل بن شرحبیل بیان کرتے ہیں: ایک شخص حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ اور حضرت سلمان بن ربیعہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اس نے ان دونوں حضرات سے ایک بیٹی، پوتی اور سگی بہن کی وراثت کا مسئلہ دریافت کیا تو ان دونوں حضرات نے یہ جواب دیا کہ بیٹی کو نصف حصہ ملے گا باقی بچ جانے والا مال بہن کو ملے گا پھر وہ بولے: تم حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے پاس جاؤ وہ بھی ہمارے مطابق فتویٰ دیں گے وہ شخص حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور ان سے اس مسئلے کے بارے میں دریافت کیا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اگر (میں بھی یہی جواب دوں) تو میں تو گمراہی کا شکار ہو جاؤں گا۔ میں ہدایت یافتہ نہیں رہوں گا۔ میں اس بارے میں وہی فیصلہ دوں گا جو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بارے میں دیا تھا۔ بیٹی کو نصف حصہ ملے گا پوتی کو چھٹا حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال بہن کو ملے گا۔

## بَابٌ فِي الْإِخْوَةِ وَالْأَخَوَاتِ وَالْوَلَدِ وَوَلَدِ الْوَلَدِ

## باب 8: بھائیوں، بہنوں، اولاد اور اولاد کی اولاد (کی وراثت کا حکم)

**2924**- أَخْبَرَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ مُسْلِمٍ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ أَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي أَخَوَاتٍ لِأَبٍ وَأُمٍّ وَإِخْوَةٍ وَأَخَوَاتٍ لِأَبٍ قَالَ لِلْأَخَوَاتِ لِلْأَبِ وَالْأُمِّ الثُّلُثَانِ وَمَا بَقِيَ فَلِلذُّكُورِ دُونَ الْإِنَاثِ فَقَدِمَ مَسْرُوقٌ الْمَدِينَةَ فَسَمِعَ قَوْلَ زَيْدٍ فِيهَا فَأَعْجَبَهُ فَقَالَ لَهُ بَعْضُ أَصْحَابِهِ أَتَتْرُكُ قَوْلَ عَبْدِ اللَّهِ فَقَالَ إِنِّي أَتَيْتُ الْمَدِينَةَ فَوَجَدْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ مِنَ الرَّاسِخِينَ فِي الْعِلْمِ قَالَ أَحْمَدُ فَقُلْتُ لِأَبِي شِهَابٍ وَكَيْفَ قَالَ زَيْدٌ فِيهَا قَالَ شَرَّكَ بَيْنَهُمْ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سگی بہنوں، باپ کی طرف والے بہن بھائیوں کے بارے میں یہ ارشاد فرماتے ہیں: سگی بہنوں کو دو تہائی حصہ ملے گا اور جو باقی بچ جائے گا وہ بھائیوں کو ملے گا۔ بہنوں کو نہیں ملے گا (جو صرف باپ کی طرف سے بہن بھائی) ہوں گے۔

مسروق مدینہ آئے۔ انہوں نے اس بارے میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کا فرمان سنا تو وہ انہیں بہت پسند آیا ان کے ساتھیوں نے ان سے دریافت کیا کہ آپ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے قول کو ترک کر دیں گے تو انہوں نے جواب دیا جب میں مدینہ آیا تو میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کو علم (وراثت) کے ماہرین میں سے ایک پایا۔

امام احمد ارشاد فرماتے ہیں: میں نے ابوشہاب سے دریافت کیا حضرت زید رضی اللہ عنہ نے اس بارے میں کیا فتویٰ دیا ہے تو انہوں نے

جواب دیا انہوں نے ان (بہن بھائیوں کو) ایک دوسرے کا حصے دار قرار دیا ہے۔

**2925-** حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ قَالَ ذَكَرْنَا عِنْدَ حَكِيمِ بْنِ جَابِرٍ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَ فِي اَخَوَاتٍ لِاَبٍ وَّاُمٍّ وَّاِخْوَةٍ وَّاَخَوَاتٍ لِاَبٍ اَنَّهُ كَانَ يُعْطِي لِلْاَخَوَاتِ مِنَ الْاَبِ وَالْاُمِّ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَلِلذُّكُوْرِ دُوْنَ الْاِنَاثِ فَقَالَ حَكِيمٌ قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ هٰذَا مِنْ عَمَلِ الْجَاهِلِيَّةِ اَنْ يَّرِثَ الرِّجَالُ دُوْنَ النِّسَآءِ اِنَّ اِخْوَتَهُنَّ قَدْ رُدُّوا عَلَيْهِنَّ

☆☆ اسماعیل بیان کرتے ہیں ہم نے حکیم بن جابر کے پاس یہ بات ذکر کی کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ سگی بہنوں اور باپ کی طرف والے بہن بھائیوں کے بارے میں یہ فتویٰ دیتے ہیں کہ سگی بہنوں کو دو تہائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال (باپ کی طرف والے) بھائیوں کو ملے گا باپ کو کچھ نہیں ملے گا۔ تو حکیم نے جواب دیا حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں یہ زمانہ جاہلیت کا کام ہے کہ مردوں کو وارث قرار دیا جائے اور عورتوں کو نہ دیا جائے وہ بہنیں دوسری بہنوں کو وراثت میں شریک کریں گی۔

**2926-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مَّعْبَدِ بْنِ خَالِدٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهَا كَانَتْ تُشَرِّكُ بَيْنَ ابْنَتَيْنِ وَابْنَةِ ابْنٍ وَّابْنِ ابْنٍ تُعْطِي الْاِبْنَتَيْنِ الثُّلُثَيْنِ وَمَا بَقِيَ فَشَرَّكَتْهُمْ وَكَانَ عَبْدُ اللّٰهِ لَا يُشَرِّكُ يُعْطِي الذُّكُوْرَ دُوْنَ الْاِنَاثِ وَقَالَ الْاَخَوَاتُ بِمَنْزِلَةِ الْبَنَاتِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا دو بیٹیوں اور ایک پوتی اور پوتے کو (وراثت میں) شریک قرار دیتی تھیں۔ وہ دو بیٹیوں کو دو تہائی حصہ دیتی تھیں اور باقی بچ جانے والے مال میں پوتی اور پوتے کو حصہ دار قرار دیتی تھیں۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ انہیں شریک قرار نہیں دیتے تھے۔ وہ صرف مردوں (پوتوں کو) وراثت میں حصہ دیتے تھے۔ لڑکیوں (یعنی پوتیوں) کو وراثت میں حصہ نہیں دیتے تھے۔ وہ یہ ارشاد فرماتے تھے: بہنیں بھی بیٹیوں کی مانند ہیں۔

**2927-** اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِي سَهْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَقُوْلُ فِي بِنْتٍ وَّبَنَاتِ ابْنٍ وَّابْنِ ابْنٍ اِنْ كَانَتِ الْمُقَاسَمَةُ بَيْنَهُمْ اَقَلَّ مِنَ السُّدُسِ اَعْطَاهُمُ السُّدُسَ وَاِنْ كَانَ اَكْثَرَ مِنَ السُّدُسِ اَعْطَاهُمُ السُّدُسَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: بیٹی، پوتی اور پوتے کے بارے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: ان کے درمیان باہمی تقسیم اگر چھٹے حصے سے کم ہو تو انہیں چھٹا حصہ دیا جائے گا اور اگر وہ چھٹے حصے سے زیادہ ہو تو بھی انہیں صرف چھٹا حصہ دیا جائے گا۔

**2928-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ مَّسْرُوْقٍ اَنَّهُ كَانَ يُشَرِّكُ فَقَالَ لَهُ عَلْقَمَةُ هَلْ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَثْبَتُ مِنْ عَبْدِ اللّٰهِ فَقَالَ لَا وَلٰكِنِّي رَاَيْتُ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ وَّاَهْلَ الْمَدِيْنَةِ يُشَرِّكُوْنَ فِي ابْنَتَيْنِ وَبِنْتِ ابْنٍ وَّابْنِ ابْنٍ وَّاُخْتَيْنِ

☆☆ ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: مسروق انہیں وراثت میں شریک قرار دیا کرتے تھے۔ علقمہ نے ان سے کہا کیا حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے بڑا عالم بھی کوئی ہے۔ انہوں نے جواب دیا نہیں لیکن میں نے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ اور اہل مدینہ کو دیکھا ہے کہ وہ اس بارے میں بیٹیوں کے ہمراہ پوتی، پوتے اور بہنوں کو وراثت میں شریک قرار دیتے ہیں۔

**2929**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ عَنْ شُرَيْحٍ فِي امْرَأَةٍ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَأُمَّهَا وَأُخْتَهَا لِأَبِيهَا وَأُمِّهَا وَأُخْتَهَا لِأَبِيهَا وَإِخْوَتَهَا لِأُمِّهَا جَعَلَهَا مِنْ سِتَّةٍ ثُمَّ رَفَعَهَا فَبَلَغَتْ عَشَرَةً لِلزَّوْجِ النِّصْفُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ وَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ وَالْأُمِّ النِّصْفُ ثَلَاثَةُ أَسْهُمٍ وَلِلْأُمِّ السُّدُسُ سَهْمٌ وَلِلْإِخْوَةِ مِنَ الْأُمِّ الثُّلُثُ سَهْمَانِ وَلِلْأُخْتِ مِنَ الْأَبِ سَهْمٌ تَكْمِلَةُ الثُّلُثَيْنِ

☆☆ قاضی شریح لیثی عورت کے بارے میں فرماتے ہیں جس نے پسماندگان میں شوہر، ماں، سگی بہن، باپ کی طرف سے شریک بہن اور ماں کی طرف سے شریک بھائی چھوڑے ہوں۔ قاضی صاحب یہ تقسیم چھ سے شروع کرتے ہیں۔ پھر اسے بڑھا کر دس تک لے آتے ہیں جس میں سے شوہر کو نصف حصہ دیتے ہیں جو تین حصے ہیں سگی بہن کو نصف دیتے ہیں۔ یہ تین حصے ہیں۔ ماں کو چھٹا حصہ دیتے ہیں جو ایک حصہ ہے۔ ماں کی طرف سے شریک بھائیوں کو ایک تہائی حصہ دیتے ہیں یہ دو حصے ہیں اور باپ کی طرف سے شریک بہن کو ایک حصہ دیتے ہیں یوں دو تہائی حصے کو مکمل کر دیتے ہیں۔

## بَابٌ فِي الْمَمْلُوكِينَ وَأَهْلِ الْكِتَابِ

## باب 9: غلاموں اور اہل کتاب کی وراثت کا حکم

**2930**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ أَنَّ عَلِيًّا وَزَيْدًا كَانَا لَا يَحْجُبَانِ بِالْكُفَّارِ وَلَا بِالْمَمْلُوكِينَ وَلَا يُوَرِّثَانِهِمْ شَيْئًا وَكَانَ عَبْدُ اللَّهِ يَحْجُبُ بِالْكُفَّارِ وَبِالْمَمْلُوكِينَ وَلَا يُوَرِّثُهُمْ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں' حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کافروں اور غلاموں کی وجہ سے کسی کو محجوب قرار نہیں دیتے اور نہ ہی انہیں کسی چیز کا وارث قرار دیتے ہیں۔

حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کفار اور غلاموں کی وجہ سے (ورثا) کو محجوب قرار دیتے ہیں اور ان (کفار کو اور غلاموں کو) وارث قرار نہیں دیتے۔

**2931**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّ عَلِيًّا وَزَيْدًا قَالَا الْمَمْلُوكُونَ وَأَهْلُ الْكِتَابِ لَا يَحْجُبُونَ وَلَا يَرِثُونَ وَقَالَ عَبْدُ اللَّهِ يَحْجُبُونَ وَلَا يَرِثُونَ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ غلام لوگ اور اہل کتاب نہ تو کسی کو محجوب کرتے ہیں اور نہ ہی کسی کے وارث بنتے ہیں۔ عبداللہ ارشاد فرماتے ہیں یہ لوگ محجوب کر دیتے ہیں اور وارث نہیں بنتے ہیں۔

## بَابُ الْجَدِّ

## باب 10: دادا کی (وراثت کا حکم)

**2932**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا يَحْيَى عَنْ سَعِيدٍ أَنَّ عُمَرَ كَانَ كَتَبَ مِيرَاثَ الْجَدِّ حَتَّى إِذَا طُعِنَ دَعَا بِهِ فَمَحَاهُ ثُمَّ قَالَ سَتَرَوْنَ رَأْيَكُمْ فِيهِ

☆☆ سعید بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے پہلے دادا کی وراثت کا حکم تحریر کیا تھا جب وہ زخمی ہوگئے تو انہوں نے اس حکم کو منگوا کر اس کو مٹا دیا اور ارشاد فرمایا عنقریب آپ لوگ اس بارے میں خود ہی کوئی رائے قائم کرلیں گے۔

**2933**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ قَالَ قُلْتُ لِعَبِيدَةَ حَدِّثْنِي عَنِ الْجَدِّ فَقَالَ اِنِّي لَاَحْفَظُ فِي الْجَدِّ ثَمَانِينَ قَضِيَّةً مُخْتَلِفَةً

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: میں نے عبیدہ سے کہا کہ آپ مجھے دادا (کی وراثت) کے بارے میں کوئی حدیث سنائیں انہوں نے جواب دیا میں نے دادا کی وراثت کے بارے میں 80 فیصلے یاد کیے ہوئے ہیں جو ایک دوسرے سے مختلف ہیں۔

**2934**- اَخْبَرَنَا اَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ عَلِيٍّ قَالَ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ عَنْ فَرِيضَةٍ فَقَالَ اِنْ لَمْ يَكُنْ فِيهَا جَدٌّ فَهَاتِهَا

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: ایک شخص ان کے پاس آیا اور وراثت کا حکم دریافت کیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا اگر اس میں کوئی دادا نہیں ہے تو یہ مسئلہ لے آؤ۔

**2935**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَيُّوبَ السَّخْتِيَانِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ رَجُلٍ مِنْ مُرَادٍ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُولُ مَنْ سَرَّهُ اَنْ يَتَقَحَّمَ جَرَاثِيمَ جَهَنَّمَ فَلْيَقْضِ بَيْنَ الْجَدِّ وَالْاِخْوَةِ

☆☆ سعید بن جبیر، قبیلہ مراد سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: اس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص جہنم میں جانا پسند کرتا ہو اسے چاہیے کہ وہ دادا اور بھائیوں کی وراثت کے بارے میں فیصلہ دے۔

## بَابُ قَوْلِ اَبِي بَكْرٍ فِي الْجَدِّ

## باب 11: دادا (کی وراثت کے بارے میں) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا فرمان

**2936**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا خَالِدٌ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ

☆☆ یہ بات حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

**2937**- وَعَنْ عِكْرِمَةَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ عکرمہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دادا کو والد کی مانند قرار دیا ہے۔

**2938**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ سُلَيْمَانَ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ كُرْدُوسٍ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ عَنْ اَبِي مُوسٰى عَنْ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ اَنَّهُ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دادا کو والد کی مانند قرار دیا ہے۔

**2939**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُو شِهَابٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ اَبِي بُرْدَةَ بْنِ اَبِي مُوسٰى عَنْ كُرْدُوسٍ عَنْ اَبِي مُوسٰى اَنَّ اَبَا بَكْرٍ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو والد کی مانند قرار دیا ہے۔

2940- اَخْبَرَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ عَنْ مَرْوَانَ عَنْ عُثْمَانَ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَانَ يَجْعَلُ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو والد کی مانند قرار دیا ہے۔

2941- حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَانَ يَجْعَلُ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو والد کی مانند قرار دیا ہے۔

2942- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى وَمُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ عُثْمَانَ اِنَّ اَبَابَكْرٍ كَانَ يَجْعَلُ الْجَدَّ اَبًا اَخْبَرَنَا اَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ اَبِىْ بُرْدَةَ قَالَ لَقِيْتُ مَرْوَانَ بْنَ الْحَكَمِ بِالْمَدِيْنَةِ فَقَالَ يَا ابْنَ اَبِىْ مُوْسٰى اَلَمْ اُخْبَرْ اَنَّ الْجَدَّ لَا يُنَزَّلُ فِيْكُمْ مَنْزِلَةَ الْاَبِ وَاَنْتَ لَا تُنْكِرُ قَالَ قُلْتُ وَلَوْ كُنْتَ اَنْتَ لَمْ تُنْكِرْ قَالَ مَرْوَانُ فَاَنَا اَشْهَدُ عَلٰى عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ اَنَّهُ شَهِدَ عَلٰى اَبِىْ بَكْرٍ اَنَّهُ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا اِذَا لَمْ يَكُنْ دُوْنَهُ اَبٌ

☆☆ حضرت ابوبردہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: مدینہ منورہ میں میری ملاقات مروان بن حکم سے ہوئی وہ بولا: اے حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ کے صاحبزادے کیا ایسا نہیں ہے کہ آپ لوگ دادا کو والد کی مانند قرار نہیں دیتے اور آپ لوگ اس کا انکار بھی نہیں کرتے۔ ابوبردہ بیان کرتے ہیں: میں نے جواب دیا اگر آپ ہوتے تو آپ اس چیز کا انکار نہ کرتے مروان نے کہا میں حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے بارے میں جو گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے بارے میں گواہی کے ہمراہ یہ بات بیان کی تھی کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو باپ کی مانند قرار دیا ہے جبکہ دادا سے نچلے طبقے میں باپ موجود نہ ہو۔

2943- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ جَعَلَهُ الَّذِىْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَوْ كُنْتُ مُتَّخِذًا اَحَدًا خَلِيْلًا لَاتَّخَذْتُهُ خَلِيْلًا وَّلٰكِنْ اُخُوَّةُ الْاِسْلَامِ اَفْضَلُ يَعْنِىْ اَبَا بَكْرٍ جَعَلَهُ اَبًا يَعْنِى الْجَدَّ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخصیت کے بارے میں یہ بات بیان فرمائی ہے اگر میں نے کسی کو خلیل بنانا ہوتا تو میں اسے خلیل بناتا لیکن اسلام کا بھائی چارہ افضل ہے۔ یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ۔ انہوں نے اسے باپ کی مانند قرار دیا ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) یعنی دادا کو۔

2944- حَدَّثَنَا الْاَسْوَدُ بْنُ عَامِرٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ وَعَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ كَانَ يَجْعَلُ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو باپ کی مانند قرار دیا ہے۔

2945- حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوْبُ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ عَنِ ابْنِ الزُّبَيْرِ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ جَعَلَ الْجَدَّ

اَبًا

☆☆ ابن زبیر بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے دادا کو باپ کی مانند قرار دیا ہے۔

**2946**- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِنَّ الْجَدَّ قَدْ مَضَتْ سُنَّتُهُ وَاِنَّ اَبَا بَكْرٍ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا وَّلٰكِنَّ النَّاسَ تَحَيَّرُوْا

☆☆ حسن بصری بیان کرتے ہیں: دادا کے بارے میں یہ بات پہلے سے چلی آ رہی ہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دادا کو باپ کی مانند قرار دیا ہے لیکن لوگوں نے اس بارے میں اپنی آراء اختیار کرلی ہیں۔

## بَابٌ فِيْ قَوْلِ عُمَرَ فِي الْجَدِّ

## باب 12: دادا کی (وراثت) کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی رائے

**2947**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ جَدٍّ وَّرِثَ فِي الْاِسْلَامِ عُمَرُ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: اسلام میں دادا کے طور پر سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ وارث بنے تھے۔

**2948**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ اَوَّلُ جَدٍّ وَّرِثَ فِي الْاِسْلَامِ عُمَرُ فَاَخَذَ مَالَهُ فَاَتَاهُ عَلِيٌّ وَّزَيْدٌ فَقَالَا لَيْسَ لَكَ ذَاكَ اِنَّمَا اَنْتَ كَاَحَدِ الْاَخَوَيْنِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: اسلام میں دادا کے طور پر سب سے پہلے حضرت عمر رضی اللہ عنہ وارث بنے تھے۔ انہوں نے اپنا حصہ وصول کرلیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ان کے پاس آئے اور یہ بات بیان کی آپ کے لیے اتنی گنجائش نہیں ہے آپ دو بھائیوں میں سے ایک کی حیثیت رکھتے ہیں۔

**2949**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ عِيْسَى الْحَنَّاطِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ عُمَرُ يُقَاسِمُ بِالْجَدِّ مَعَ الْاَخِ وَالْاَخَوَيْنِ فَاِذَا زَادُوْا اَعْطَاهُ الثُّلُثَ وَكَانَ يُعْطِيْهِ مَعَ الْوَلَدِ السُّدُسَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ایک یا دو بھائیوں کے ہمراہ دادا کا حصہ تقسیم کرتے تھے۔ جب بھائیوں کی تعداد زیادہ ہوتی تو دادا کو ایک تہائی حصہ دیتے تھے جبکہ میت کے ایک بیٹے کی موجودگی میں وہ دادا کو چھٹا حصہ دیا کرتے تھے۔

**2950**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَرْوَانَ بْنِ الْحَكَمِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ لَمَّا طُعِنَ اسْتَشَارَهُمْ فِي الْجَدِّ فَقَالَ اِنِّيْ كُنْتُ رَاَيْتُ فِي الْجَدِّ رَاْيًا فَاِنْ رَاَيْتُمْ اَنْ تَتَّبِعُوْهُ فَاتَّبِعُوْهُ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ اِنْ نَّتَّبِعْ رَاْيَكَ فَاِنَّهُ رَشَدٌ وَّاِنْ نَّتَّبِعْ رَاْيَ الشَّيْخِ فَلَنِعْمَ ذُو الرَّاْيِ كَانَ

☆☆ مروان بن حکم بیان کرتے ہیں: جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو زخمی کیا گیا تو انہوں نے لوگوں سے دادا کی وراثت کے بارے میں مشورہ کیا اور یہ کہا میں نے دادا کی وراثت کے بارے میں ایک رائے اختیار کی اگر آپ لوگ چاہیں تو اس کی پیروی کریں تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے آپ سے کہا اگر ہم آپ کی پیروی کریں تو یہ بھی ہدایت کے مطابق ہوگی لیکن ہم اس بزرگ کی پیروی کریں تو وہ بھی

بہت اچھی رائے کے مالک تھے (یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ مراد ہیں۔)

## بَابُ قَوْلِ عَلِيٍّ فِي الْجَدِّ

## باب 13: دادا کی (کی وراثت) کے بارے حضرت علی رضی اللہ عنہ کی رائے

**2951**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَتَبَ ابْنُ عَبَّاسٍ اِلٰى عَلِيٍّ وَابْنُ عَبَّاسٍ بِالْبَصْرَةِ اِنِّيْ اُتِيْتُ بِجَدٍّ وَسِتَّةِ اِخْوَةٍ فَكَتَبَ اِلَيْهِ عَلِيٌّ اَنْ اَعْطِ الْجَدَّ سُبُعًا وَلَا تُعْطِهِ اَحَدًا بَعْدَهُ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو خط میں لکھا، حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ان دنوں بصرہ کے گورنر تھے۔ میرے سامنے ایک دادا اور چھ بھائیوں کی وراثت کا مسئلہ آیا ہے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں جواب دیا تم دادا کو چھٹا حصہ دو اور اس کے علاوہ اسے اور کچھ نہ دینا۔

**2952**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِيْ سِتَّةِ اِخْوَةٍ وَجَدٍّ قَالَ اَعْطِ الْجَدَّ السُّدُسَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ كَاَنَّهُ يَعْنِيْ عَلِيًّا الشَّعْبِيُّ يَرْوِيهِ عَنْ عَلِيٍّ

☆☆ شعبی چھ بھائیوں اور دادا کی وراثت کے بارے میں فرماتے ہیں دادا کو چھٹا حصہ دو۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یعنی اس سے مراد حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں کیونکہ یہ روایت شعبی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے کی ہے۔

**2953**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ اَنَّ عَلِيًّا كَانَ يَجْعَلُ الْجَدَّ اَخًا حَتّٰى يَكُوْنَ سَادِسًا

☆☆ حضرت عبداللہ بن سلمہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ دادا کو بھائی کی مانند قرار دیتے ہیں جبکہ اس کا چھٹا حصہ بنتا ہو۔

**2954**- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ عَلِيًّا كَانَ يُشَرِّكُ الْجَدَّ مَعَ الْاِخْوَةِ اِلَى السُّدُسِ

☆☆ حضرت حسن بصری ارشاد فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ دادا کو بھائیوں کے ہمراہ چھٹے حصے تک وراثت میں شریک قرار دیتے ہیں۔

**2955**- حَدَّثَنَا هَاشِمُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَلَمَةَ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ يُشَرِّكُ بَيْنَ الْجَدِّ وَالْاِخْوَةِ حَتّٰى يَكُوْنَ سَادِسًا

☆☆ عبداللہ بن سلمہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ دادا کو وراثت میں بھائیوں کا شریک قرار دیتے ہیں جبکہ ان کا مشترکہ حصہ (کل مال کا) چھٹا حصہ بنتا ہے۔

**2956**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ يُشَرِّكُ الْجَدَّ اِلٰى

سِتَّةٍ مَعَ الْاِخْوَةِ يُعْطِى كُلَّ صَاحِبِ فَرِيْضَةٍ فَرِيْضَتَهُ وَلَا يُوَرِّثُ اَخًا لِاُمٍّ مَعَ جَدٍّ وَّلَا اُخْتًا لِاُمٍّ وَّلَا يَزِيْدُ الْجَدَّ مَعَ الْوَلَدِ عَلَى السُّدُسِ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ غَيْرُهُ وَلَا يُقَاسِمُ بِاَخٍ لِاَبٍ مَعَ اَخٍ لِاَبٍ وَّاُمٍّ وَّاِذَا كَانَتْ اُخْتٌ لِاَبٍ وَّاُمٍّ وَّاَخٌ لِاَبٍ اَعْطَى الْاُخْتَ النِّصْفَ وَالنِّصْفَ الْاٰخَرَ بَيْنَ الْجَدِّ وَالْاَخِ نِصْفَيْنِ وَاِذَا كَانُوْا اِخْوَةً وَّاَخَوَاتٍ شَرَّكَهُمْ مَعَ الْجَدِّ اِلَى السُّدُسِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: چھٹے حصے تک حضرت علی رضی اللہ عنہ دادا کو بھائیوں کا حصے دار قرار دیتے ہیں۔ وہ ہر ایک صاحب کو اس کے مخصوص حصے کے مطابق دیتے ہیں۔ البتہ وہ ماں کی طرف سے شریک بھائی کو دادا کے ہمراہ وراثت قرار نہیں دیتے۔ اسی طرح ماں کی طرف سے شریک بہن کو بھی نہیں قرار دیتے۔ بیٹے کی موجودگی میں وہ دادا کو چھٹے حصے سے زیادہ حصہ نہیں دیتے البتہ اس کے علاوہ کوئی اور ہو تو حکم مختلف ہے۔ باپ کی طرف سے شریک بھائی یا ماں اور باپ کی طرف سے بھائی کی موجودگی میں وہ حصہ تقسیم نہیں کرتے اگر سگی بہن موجود ہو یا باپ کی طرف سے بھائی موجود ہو۔ اگر سگی بہن اور باپ کی طرف سے بھائی موجود ہو تو بہن کو نصف حصہ دیتے ہیں جبکہ دوسرا نصف حصہ دادا اور بھائی کے درمیان دو حصوں میں تقسیم کر دیتے ہیں۔ اگر بہنیں اور بھائی زیادہ ہوں تو وہ انہیں دادا کے ہمراہ چھٹے حصے تک کا شریک قرار دیتے ہیں۔

## بَابُ قَوْلِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِي الْجَدِّ

## باب 14: دادا کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کی رائے

**2957**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنِ الْعَبْسِيِّ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مَعْقِلٍ قَالَ سُئِلَ ابْنُ عَبَّاسٍ عَنِ الْجَدِّ فَقَالَ اَىُّ اَبٍ لَّكَ اَكْبَرُ فَقُلْتُ اَنَا اٰدَمُ قَالَ اَلَمْ تَسْمَعْ اِلٰى قَوْلِ اللّٰهِ تَعَالٰى (يَا بَنِيْ اٰدَمَ)

☆☆ عبدالرحمٰن بن معقل بیان کرتے ہیں' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے دادا کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا تمہارا کون سا دادا سب سے بڑا ہے میں نے جواب دیا حضرت آدم علیہ السلام۔ انہوں نے فرمایا: کیا تم نے اللہ تعالیٰ کے اس فرمان کے بارے میں نہیں سنا ہے:

''اے اولادِ آدم''

**2958**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ سُمَيْعٍ عَنْ رَجُلٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَوَدِدْتُ اَنِّيْ وَالَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنِيْ فِي الْجَدِّ تَلَاعَنَّا اَيُّنَا اَسْوَاُ قَوْلًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: میری یہ خواہش ہے جو لوگ دادا کی وراثت کے بارے میں میرا مخالف نظریہ رکھتے ہیں ہم دونوں ایک دوسرے پر لعان کریں تا کہ اس بات کا پتہ چل جائے کہ کس کی رائے غلط ہے۔

**2959**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّهُ جَعَلَ الْجَدَّ اَبًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما دادا کو باپ کی مانند قرار دیتے ہیں۔

# بَابُ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِي الْجَدِّ

## باب 15: دادا کے بارے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے

**2960**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ قَالَ دَخَلْتُ عَلٰى شُرَيْحٍ وَّعِنْدَهٗ عَامِرٌ وَّاِبْرَاهِيْمُ وَعَبْدُ الرَّحْمٰنِ ابْنُ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ فَرِيْضَةِ امْرَاَةٍ مِّنَّا الْعَالِيَةِ تَرَكَتْ زَوْجَهَا وَاُمَّهَا وَاَخَاهَا لِاَبِيْهَا وَجَدَّهَا فَقَالَ لِيْ هَلْ مِنْ اُخْتٍ قُلْتُ لَا قَالَ هَلْ مِنْ اُخْتٍ قُلْتُ لَا قَالَ لِلْبَعْلِ الشَّطْرُ وَلِلْاُمِّ الثُّلُثُ قَالَ فَجَهِدْتُّ عَلٰى اَنْ يُّجِيْبَنِيْ فَلَمْ يُجِبْنِيْ اِلَّا بِذٰلِكَ فَقَالَ اِبْرَاهِيْمُ وَعَامِرٌ وَّعَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ مَا جَآءَ اَحَدٌ بِفَرِيْضَةٍ اَعْضَلَ مِنْ فَرِيْضَةٍ جِئْتَ بِهَا قَالَ فَاَتَيْتُ عَبِيْدَةَ السَّلْمَانِيَّ وَكَانَ يُقَالُ لَيْسَ بِالْكُوْفَةِ اَحَدٌ اَعْلَمَ بِفَرِيْضَةٍ مِّنْ عَبِيْدَةَ وَالْحَارِثِ الْاَعْوَرِ وَكَانَ عَبِيْدَةُ يَجْلِسُ فِي الْمَسْجِدِ فَاِذَا وَرَدَتْ عَلٰى شُرَيْحٍ فَرِيْضَةٌ فِيْهَا جَدٌّ رَفَعَهُمْ اِلٰى عَبِيْدَةَ فَفَرَضَ فَسَاَلْتُهٗ فَقَالَ اِنْ شِئْتُمْ نَبَّاْتُكُمْ بِفَرِيْضَةِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ فِيْ هٰذَا جَعَلَ لِلزَّوْجِ ثَلَاثَةَ اَسْهُمٍ النِّصْفَ وَلِلْاُمِّ ثُلُثُ مَا بَقِيَ السُّدُسُ مِنْ رَّاْسِ الْمَالِ وَلِلْاَخِ سَهْمٌ وَّلِلْجَدِّ سَهْمٌ قَالَ اَبُوْ اِسْحٰقَ الْجَدُّ اَبُو الْاَبِ

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: میں قاضی شریح کے پاس گیا۔اس وقت ان کے پاس عامر، ابراہیم، عبدالرحمٰن بن عبداللہ موجود تھے اور ہمارے (قبیلے سے) تعلق رکھنے والی ایک معزز خاتون کی وراثت کا مسئلہ درپیش تھا جس نے پسماندگان میں شوہر، ماں، باپ کی طرف سے شریک بھائی اور دادا کو چھوڑا تھا۔انہوں نے مجھ سے دریافت کیا کیا اس کی کوئی بہن ہے۔ میں نے جواب دیا نہیں۔ انہوں نے فرمایا: شوہر کو نصف حصہ ملے گا اور ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا۔ابواسحاق بیان کرتے ہیں' میں نے یہ کوشش کی کہ وہ مجھے مزید جواب دیں لیکن انہوں نے مجھے اس کے علاوہ کوئی جواب نہیں دیا۔ ابراہیم، عامر اور عبدالرحمٰن بن عبداللہ نے یہ کہا کہ تم جو وراثت کا مسئلہ لے کے آئے ہو اس سے زیادہ پیچیدہ وراثت کا مسئلہ کوئی اور نہیں آیا۔

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: میں عبیدہ سلمانی کی خدمت میں حاضر ہوا۔ان کے بارے میں کہا جاتا تھا کہ کوفہ میں عبیدہ اور حارث اعور سے زیادہ علم وراثت کا اور کوئی عالم نہیں ہے۔عبیدہ مجلس میں تشریف فرما ہوتے تھے۔قاضی شریح کی خدمت میں جب بھی وراثت سے متعلق کوئی مقدمہ آتا تھا جس میں کسی دادا کا حکم ہوتا تھا تو وہ عبیدہ کے پاس بھیج دیتے تھے اور وہ اس مسئلے کو حل کرتے تھے۔ میں نے عبیدہ سے یہ مسئلہ دریافت کیا تو انہوں نے جواب دیا اگر تم چاہو تو میں حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے بیان کردہ اصول کے مطابق اسے تقسیم کرتا ہوں ایسی صورت میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے شوہر کو تین حصے دیئے تھے جو نصف حصہ ہوتا ہے اور باقی بچ جانے والے مال کا ایک تہائی حصہ ماں کو دینا تھا جو کل مال کا ایک تہائی حصہ ہوتا ہے۔ بھائی کو ایک حصہ دینا تھا اور دادا کو ایک حصہ دینا تھا۔

ابواسحاق بیان کرتے ہیں: یہاں دادا سے مراد باپ کا باپ ہے۔

# بَابُ قَوْلِ زَيْدٍ فِي الْجَدِّ

## باب 16: دادا کے بارے میں حضرت زید رضی اللہ عنہ کی رائے

2961- اَخْبَرَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ زَيْدًا كَانَ يُشَرِّكُ الْجَدَّ مَعَ الْاِخْوَةِ اِلَى الثُّلُثِ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت زید رضی اللہ عنہ ایک تہائی مال تک دادا کو بھائیوں کے ہمراہ شریک قرار دیتے تھے۔

2962- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ كَانَ يُقَاسِمُ بِالْجَدِّ مَعَ الْاِخْوَةِ اِلَى الثُّلُثِ ثُمَّ لَا يُنْقِصُهُ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ ایک تہائی مال تک دادا کو بھائیوں کے ہمراہ حصہ دیا کرتے تھے پھر اس میں کوئی کمی نہیں کرتے تھے۔

2963- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ عِيسَى بْنِ يُونُسَ عَنْ اِسْمٰعِيلَ قَالَ قَالَ عُمَرُ خُذْ مِنْ اَمْرِ الْجَدِّ مَا اجْتَمَعَ النَّاسُ عَلَيْهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ يَعْنِى قَوْلَ زَيْدٍ

☆☆ اسماعیل بیان کرتے ہیں، عامر فرماتے ہیں: دادا کے معاملے میں اس رائے کو اختیار کرو جس پر لوگوں کا اتفاق ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس سے مراد وہ رائے ہے جو حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے پیش کی ہے۔

## بَابُ الْاَكْدَرِيَّةِ زَوْجٌ وَّاُخْتٌ لِّاَبٍ وَّاُمٍّ وَّجَدٌّ وَّاُمٌّ

## باب 17: مسئلہ اکدریہ شوہر، سگی بہن، دادا اور ماں (کی وراثت کا حکم)

2964- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هَمَّامٍ عَنْ قَتَادَةَ اَنَّ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ قَالَ فِى اُخْتٍ وَّاُمٍّ وَّزَوْجٍ وَّجَدٍّ قَالَ جَعَلَهَا مِنْ سَبْعٍ وَّعِشْرِينَ لِلْاُمِّ سِتَّةٌ وَّلِلزَّوْجِ تِسْعَةٌ وَّلِلْجَدِّ ثَمَانِيَةٌ وَّلِلْاُخْتِ اَرْبَعَةٌ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: (میت کی) بہن، ماں، شوہر اور دادا کے بارے میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ نے یہ رائے پیش کی ہے کہ یہ تقسیم ستائیس حصوں سے شروع ہوگی جن میں سے چھ حصے ماں کو ملیں گے، شوہر کو نو حصے ملیں گے، دادا کو آٹھ حصے ملیں گے اور بہن کو چار حصے ملیں گے۔

## بَابٌ فِى الْجَدَّاتِ

## باب 18: دادی اور نانی کی وراثت کا حکم

2965- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنِ ابْنِ مَسْعُودٍ قَالَ اِنَّ اَوَّلَ جَدَّةٍ اُطْعِمَتْ فِى الْاِسْلَامِ سَهْمًا اُمُّ اَبٍ وَّابْنُهَا حَىٌّ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اسلام میں سب سے پہلے جس دادی کو حصہ دیا گیا وہ (میت کے) باپ کی ماں تھی اور اس کا بیٹا (یعنی میت کا باپ) زندہ تھا۔

**2966**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَطْعَمَ جَدَّةً سُدُسًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دادی کو چھٹا حصہ عطا کیا ہے۔

**2967**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّ عُمَرَ وَرَّثَ جَدَّةً مَعَ ابْنِهَا

☆☆ سعید بن مسیب بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ دادی کو، اس کے بیٹے کی موجودگی میں وراثت میں حصہ دار قرار دیتے ہیں۔

**2968**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِي مَنْصُورُ بْنُ الْمُعْتَمِرِ قَالَ سَمِعْتُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَطْعَمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ثَلَاثَ جَدَّاتٍ سُدُسًا قَالَ قُلْتُ لِاِبْرَاهِيمَ مَنْ هُنَّ قَالَ جَدَّتَاكَ مِنْ قِبَلِ اَبِيكَ وَجَدَّتُكَ مِنْ قِبَلِ اُمِّكَ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے تین قسم کی (دادی، نانی) کو چھٹے حصے کا حقدار قرار دیا ہے۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم سے دریافت کیا یہ کون ہیں؟ انہوں نے جواب دیا دو باپ کی طرف سے تعلق رکھنے والی دادیاں ہیں اور ایک ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والی نانی ہے۔

**2969**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اَنْبَاَنِي الْحَسَنُ قَالَ تَرِثُ الْجَدَّةُ وَابْنُهَا حَيٌّ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: اگر (میت کی) دادی کا بیٹا زندہ بھی ہو تو بھی دادی وراثت کی حقدار بنتی ہے۔

**2970**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ لَا تَرِثُ اُمُّ اَبِ الْاُمِّ ابْنُهَا الَّذِي تُدْلِي بِهِ لَا يَرِثُ فَكَيْفَ تَرِثُ هِيَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: نانا کی ماں وراثت کی حقدار نہیں بنتی کیونکہ اس کے جس بیٹے کی وجہ سے اس کا میت کے ساتھ تعلق ہے وہ وارث نہیں بنتا تو نانی کیسے وارث بن سکتی ہے۔

**2971**- اَخْبَرَنَا اَبُو مَعْمَرٍ عَنْ اِسْمٰعِيلَ ابْنِ عُلَيَّةَ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ عَلْقَمَةَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ عَنْ اَبِي الدَّهْمَاءِ عَنْ عِمْرَانَ بْنِ حُصَيْنٍ قَالَ تَرِثُ الْجَدَّةُ وَابْنُهَا حَيٌّ

☆☆ حضرت عمران بن حصین رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دادی کا بیٹا (میت کا باپ) اگر زندہ ہو تو بھی دادی وارث بنتی ہے۔

## بَابُ قَوْلِ اَبِي بَكْرٍ فِي الْجَدَّاتِ

## باب 19: دادیوں اور نانیوں کے بارے میں حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی رائے

**2973**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ جَائَتْ اِلَى اَبِي بَكْرٍ جَدَّةٌ اُمُّ اَبٍ اَوْ اُمُّ اُمٍّ فَقَالَتْ اِنَّ ابْنَ ابْنِي اَوِ ابْنَ ابْنَتِي تُوُفِّيَ وَبَلَغَنِي اَنَّ لِي نَصِيبًا فَمَا لِي فَقَالَ اَبُو بَكْرٍ مَا سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِيهَا شَيْئًا وَسَاسْأَلُ النَّاسَ فَلَمَّا صَلَّى الظُّهْرَ فَقَالَ أَيُّكُمْ سَمِعَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ فِي الْجَدَّةِ شَيْئًا فَقَالَ الْمُغِيرَةُ بْنُ شُعْبَةَ أَنَا قَالَ مَاذَا قَالَ أَعْطَاهَا رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُدُسًا قَالَ أَيَعْلَمُ ذَاكَ أَحَدٌ غَيْرُكَ فَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ مَسْلَمَةَ صَدَقَ فَأَعْطَاهَا أَبُو بَكْرٍ السُّدُسَ فَجَاءَتْ إِلَى عُمَرَ مِثْلُهَا فَقَالَ مَا أَدْرِي مَا سَمِعْتُ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهَا شَيْئًا وَسَاسْأَلُ النَّاسَ فَحَدَّثُوهُ بِحَدِيثِ الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ وَمُحَمَّدِ بْنِ مَسْلَمَةَ فَقَالَ عُمَرُ أَيُّكُمَا خَلَتْ بِهِ فَلَهَا السُّدُسُ فَإِنِ اجْتَمَعْتُمَا فَهُوَ بَيْنَكُمَا

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں: ایک عورت حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی۔ وہ (میت کے) باپ کی ماں تھی یا شاید ماں کی ماں تھی۔ وہ عورت بولی میرے پوتے (یا شاید) میرے نواسے کا انتقال ہو گیا ہے۔ مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ مجھے وراثت میں حصہ ملے گا۔ مجھے کتنا حصہ ملے گا؟ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں نے اس بارے میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کوئی ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا۔ البتہ میں لوگوں سے اس بارے میں دریافت کرتا ہوں جب حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے ظہر کی نماز ادا کر لی تو دریافت کیا کیا کسی شخص نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو دادی کے بارے میں کوئی بات ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے؟ حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میں نے سنا ہے۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا وہ کیا حکم ہے۔ انہوں نے جواب دیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے دادی کو چھٹا حصہ عطا کیا تھا۔ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا آپ کے علاوہ اس بات سے کوئی اور بھی واقف ہے؟ تو محمد بن مسلمہ نے جواب دیا۔ انہوں نے سچ کہا ہے تو حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نے اس خاتون کو چھٹا حصہ دیا۔ پھر اسی کی مانند ایک دادی حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوئی تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا مجھے نہیں معلوم (اس کا کیا حکم ہوگا) میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو اس بارے میں کوئی بات ارشاد فرماتے ہوئے نہیں سنا۔ البتہ میں لوگوں سے اس بارے میں دریافت کروں گا۔ لوگوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ اور حضرت محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کی روایت کردہ حدیث کے بارے میں بتایا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا جو بھی دادی یا نانی تنہا ہو گی اسے چھٹا حصہ ملے گا اور اگر دونوں موجود ہوں گی تو وہ چھٹا حصہ دونوں میں تقسیم ہو جائے گا۔

## بَابٌ فِي قَوْلِ عَلِيٍّ وَزَيْدٍ فِي الْجَدَّاتِ

## باب 20: دادیوں اور نانیوں کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی رائے

**2973**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا الْأَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ وَزَيْدٍ قَالَا إِذَا كَانَتِ الْجَدَّاتُ سَوَاءً وَرِثَ ثَلَاثُ جَدَّاتٍ جَدَّتَا أَبِيهِ أُمُّ أُمِّهِ وَأُمُّ أَبِيهِ وَجَدَّةُ أُمِّهِ فَإِنْ كَانَتْ إِحْدَاهُنَّ أَقْرَبَ فَالسَّهْمُ لِذَوِي الْقُرْبَى

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب دادیاں اور نانیاں ایک ہی مرتبے کی مالک ہوں تو تین طرح کی دادیاں اور نانیاں وراثت میں حقدار بن سکتی ہیں۔ دو دادیاں ہوں گی جو باپ کی طرف سے تعلق رکھتی ہوں گی ایک باپ کی ماں اور دوسری باپ کی نانی اور ایک نانی ہو گی جو ماں کی طرف سے تعلق رکھتی ہو گی۔ اگر ان میں سے ایک زیادہ قریبی تعلق رکھتی ہو تو قریبی رشتے دار کو حصہ ملتا ہے۔

**2974**- أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ وَزَيْدٍ أَنَّهُمَا كَانَا لَا يُوَرِّثَانِ الْجَدَّةَ

أُمَّ الْاَبِ مَعَ الْاَبِ

☆☆ امام شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ باپ کی موجودگی میں دادی کو وراثت میں حصہ دار قرار نہیں دیتے۔

**2975**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّ عُثْمَانَ كَانَ لَا يُوَرِّثُ الْجَدَّةَ وَابْنُهَا حَيٌّ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ ایسی دادی کو وراثت میں حصہ دار قرار نہیں دیتے جس کا بیٹا (میت کا باپ) موجود ہو۔

## بَابُ قَوْلِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ فِي الْجَدَّاتِ

## باب 21: دادیوں اور نانیوں کے بارے میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے

**2976**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اِنَّ الْجَدَّاتِ لَيْسَ لَهُنَّ مِيْرَاثٌ اِنَّمَا هِيَ طُعْمَةٌ اُطْعِمْنَهَا وَالْجَدَّاتُ اَقْرَبُهُنَّ وَاَبْعَدُهُنَّ سَوَاءٌ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: دادیوں اور نانیوں کو وراثت میں کچھ نہیں ملے گا۔ ان کی ویسے خدمت کر دی جائے گی اور اس بارے میں تمام نانیاں اور دادیاں برابر کی حیثیت رکھتی ہیں۔ خواہ ان کا قریبی تعلق ہو یا دور کا تعلق ہو۔

**2977**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْمُغِيْرَةِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ تَرِثُ الْجَدَّةُ وَابْنُهَا حَيٌّ

☆☆ ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: حضرت (عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ) ارشاد فرماتے ہیں: (میت کی) دادی وراثت میں حقدار بنتی ہے اگرچہ اس کا بیٹا یعنی (میت کا باپ) زندہ ہو۔

## بَابُ قَوْلِ مَسْرُوْقٍ فِي الْجَدَّاتِ

## باب 22: دادیوں اور نانیوں کے بارے میں مسروق کی رائے

**2978**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ جِئْنَ اَرْبَعُ جَدَّاتٍ يَتَسَاوَقْنَ اِلٰى مَسْرُوْقٍ فَاَلْقٰى اُمَّ اَبِ الْاَبِ وَوَرَّثَ ثَلَاثًا جَدَّتَيْ اَبِيْهِ اُمَّ اُمِّهِ وَاُمَّ اَبِيْهِ وَجَدَّةَ اُمِّهِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: چار دادیاں اور نانیاں اپنا مقدمہ لے کر مسروق کے پاس آئیں تو انہوں نے نانا کی ماں کو اس میں سے باہر کر دیا جبکہ بقیہ تین نانیوں اور دادیوں کو وراثت میں حصہ دار قرار دیا۔ کیونکہ دو کا تعلق باپ کے ساتھ تھا۔ وہ تین عزیز خواتین یہ تھیں۔ ایک نانی تھی، ایک دادی تھی اور ایک ماں کی نانی تھی۔

## بَابُ قَوْلِ عَلِيٍّ وَّعَبْدِ اللّٰهِ وَزَيْدٍ فِي الرَّدِّ

## باب 23: رد کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ کی رائے

**2979**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ فِيْ ابْنَةٍ وَّابْنَةِ ابْنٍ قَالَ النِّصْفُ وَالسُّدُسُ وَمَا بَقِيَ فَرَدٌّ عَلَى الْبِنْتِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ایک بیٹی اور پوتی کے بارے میں یہ فرماتے ہیں کہ یہ نصف اور چھٹے حصے کے حساب سے تقسیم ہوگا اور جو باقی بچ جائے گا وہ بیٹی کو واپس ملے گا۔

**2980**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَلْقَمَةَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ اُتِيَ فِيْ اِخْوَةٍ لِاُمٍّ وَاُمٍّ فَاَعْطَى الْاِخْوَةَ مِنَ الْاُمِّ الثُّلُثَ وَالْاُمَّ سَائِرَ الْمَالِ وَقَالَ الْاُمُّ عَصَبَةُ مَنْ لَّا عَصَبَةَ لَهُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ان کی خدمت میں ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائیوں اور ماں کا مسئلہ پیش کیا گیا تو انہوں نے ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائیوں کو ایک تہائی حصہ دیا جبکہ ماں کو بقیہ سارا مال دے دیا اور یہ ارشاد فرمایا: جس شخص کا کوئی عصبہ نہ ہو ماں اس کی عصبہ بن جاتی ہے۔

**2981**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ سَاَلْتُ الشَّعْبِيَّ عَنْ رَجُلٍ مَّاتَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ لَا يُعْلَمُ لَهُ وَارِثٌ غَيْرُهَا قَالَ لَهَا الْمَالُ كُلُّهُ

☆☆ حسن اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں' میں نے شعبی سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو فوت ہو جائے اور پسماندگان میں ایک بیٹی کو چھوڑے اس بیٹی کے علاوہ اس کے کسی اور وارث کا پتہ نہ چلے تو شعبی نے جواب دیا اس بیٹی کو اس کا پورا مال مل جائے گا۔

**2982**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ لَا يَرُدُّ عَلٰى اَخٍ لِاُمٍّ مَّعَ اُمٍّ وَلَا عَلٰى جَدَّةٍ اِذَا كَانَ مَعَهَا غَيْرُهَا مَنْ لَهُ فَرِيْضَةٌ وَّلَا عَلٰى ابْنَةِ ابْنٍ مَّعَ ابْنَةِ الصُّلْبِ وَلَا عَلٰى امْرَاَةٍ وَّزَوْجٍ وَّكَانَ عَلِيٌّ يَرُدُّ عَلٰى كُلِّ ذِيْ سَهْمٍ اِلَّا الْمَرْاَةَ وَالزَّوْجَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائی کو، ماں کی موجودگی میں حصہ واپس نہیں کرتے تھے اور نہ ہی دادی کو کرتے تھے۔ جبکہ اس کے ہمراہ کوئی ایسا وارث موجود نہ ہو جس کا کوئی فرض حصہ ہو اسی طرح وہ حقیقی بیٹی کی موجودگی میں پوتی کو رد نہیں کرتے تھے۔ اسی طرح شوہر اور بیوی کی طرف رد نہیں کرتے تھے۔

حضرت علی رضی اللہ عنہ شوہر یا بیوی کے علاوہ ہر حصے دار کی طرف (باقی بچ جانے والا مال) لوٹا دیا کرتے تھے۔

**2983**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ اَنَّهُ اُتِيَ فِيْ ابْنَةٍ اَوْ اُخْتٍ فَاَعْطَاهَا النِّصْفَ وَجَعَلَ مَا بَقِيَ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ و قَالَ يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ خَارِجَةَ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے: ان کی خدمت میں ایک بیٹی یا شاید بہن کا مسئلہ آیا تو انہوں نے انہیں نصف حصہ دینے کا حکم دیا اور باقی بچ جانے والا مال بیت المال میں جمع کروانے کی ہدایت کی۔

یزید بن ہارون بیان کرتے ہیں: یہ روایت محمد بن سالم کے حوالے سے، شعبی کے حوالے سے، خارجہ نامی راوی سے منقول ہے۔

## بَابٌ فِي مِيرَاثِ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ

## باب 24: لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کی وراثت کا حکم

**2984**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ اَبِي مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ قَالَ مِيرَاثُهُ لِاُمِّهِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کے بارے میں حضرت عبداللہ ابن مسعود رضی اللہ عنہ یہ ارشاد فرماتے ہیں کہ اس کی وراثت اس کی ماں کو ملے گی۔

**2985**- اَخْبَرَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ قَالَ سَمِعْتُ رَجُلًا سَاَلَ عَطَاءَ بْنَ اَبِي رَبَاحٍ عَنْ وَلَدِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ لِمَنْ مِيرَاثُهُ قَالَ لِاُمِّهِ وَاَهْلِهَا

☆☆ ابراہیم بن طہمان فرماتے ہیں: میں نے ایک شخص کو عطاء بن ابی رباح سے لعان کرنے والوں کی اولاد کا مسئلہ دریافت کرتے ہوئے سنا کہ اس کی وراثت کسے ملے گی تو انہوں نے جواب دیا: اس کی وراثت اس کی ماں اور اس کی ماں کے خاندان والوں کو ملے گی۔

**2986**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اَبِي سَهْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عَلِيٌّ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ تَرَكَ اَخَاهُ لِاُمِّهِ وَاُمَّهُ لِاَخِيهِ السُّدُسُ وَلِاُمِّهِ الثُّلُثُ ثُمَّ يُرَدُّ عَلَيْهِمْ فَيَصِيرُ لِلْاَخِ الثُّلُثُ وَلِلْاُمِّ الثُّلُثَانِ و قَالَ ابْنُ مَسْعُودٍ لِاَخِيهِ السُّدُسُ وَمَا بَقِيَ فَلِلْاُمِّ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ یہ فرماتے ہیں: اگر اس نے ماں کی طرف سے شریک بھائی اور ماں کو چھوڑا ہو تو اس کے بھائی کو چھٹا حصہ ملے گا اور اس کی ماں کو تہائی حصہ ملے گا۔ پھر باقی بچ جانے والا مال ان دونوں کی طرف لوٹا دیا جائے گا اور اس باقی بچ جانے والے مال میں سے بھائی کو تیسرا حصہ ملے گا اور ماں کو دو تہائی حصہ ملے گا۔

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ایسی صورت میں اس کے بھائی کو چھٹا حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس کی ماں کو ملے گا۔

**2987**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اَبِي سَهْلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ تَرَكَ ابْنَ اَخٍ وَجَدًّا قَالَ الْمَالُ لِابْنِ الْاَخِ

☆☆ لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کے بارے میں شعبی ارشاد فرماتے ہیں: اگر اس نے ایک بھتیجا اور ایک دادا چھوڑا ہو تو

سارا مال اس کے بھتیجے کو ملے گا۔

**2988**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِي مِيرَاثِ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ لِأُمِّهِ الثُّلُثُ وَالثُّلُثَانِ لِبَيْتِ الْمَالِ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کی وراثت کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں: اس کی ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا جبکہ دوتہائی حصہ بیت المال کے حوالے کر دیا جائے گا۔

**2989**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا سَالِمُ بْنُ نُوحٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ قَالَ مِيرَاثُهُ لِأُمِّهِ تَعْقِلُ عَنْهُ عَصَبَةُ أُمِّهِ و قَالَ قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ لِأُمِّهِ الثُّلُثُ وَبَقِيَّةُ الْمَالِ لِعَصَبَةِ أُمِّهِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ایسے شخص کی وراثت اس کی ماں کو ملے گی اور ایسے شخص کی دیت اس کی ماں کے رشتے دار ادا کریں گے۔

قتادہ حسن بصری کے حوالے سے یہ بات بیان کرتے ہیں۔ اس کی ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس کی ماں کے رشتے داروں کو ملے گا۔

**2990**- أَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا قَتَادَةُ أَنَّ عَلِيًّا وَابْنَ مَسْعُودٍ قَالَا فِي وَلَدِ مُلَاعَنَةٍ تَرَكَ جَدَّتَهُ وَإِخْوَتَهُ لِأُمِّهِ قَالَ لِلْجَدَّةِ الثُّلُثُ وَلِلْإِخْوَةِ الثُّلُثَانِ و قَالَ زَيْدُ بْنُ ثَابِتٍ لِلْجَدَّةِ السُّدُسُ وَلِلْإِخْوَةِ لِلْأُمِّ الثُّلُثُ وَمَا بَقِيَ فَلِبَيْتِ الْمَالِ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لعان کرنے والی عورت کی اولاد کے بارے میں یہ بیان کرتے ہیں' اگر اس نے پسماندگان میں ایک نانی اور ایک ماں کی طرف سے شریک بھائی چھوڑے ہوں تو اس کی نانی کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور بھائیوں کو دوتہائی حصہ ملے گا۔

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس کی نانی کو چھٹا حصہ ملے گا اور ماں کی طرف سے شریک بھائی کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال بیت المال کے حوالے کر دیا جائے گا۔

**2991**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ أَخْبَرَنَا يُونُسُ وَحُمَيْدٌ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ تَرِثُهُ أُمُّهُ يَعْنِي ابْنَ الْمُلَاعَنَةِ

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کی وراثت اس کی ماں بنے گی۔

**2992**- أَخْبَرَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ أَنَّ النَّخَعِيَّ وَالشَّعْبِيَّ قَالَا تَرِثُهُ أُمُّهُ

☆☆ حجاج بیان کرتے ہیں: نخعی' شعبی یہ فرماتے ہیں: ایسے شخص کی وارث اس کی ماں بنے گی۔

**2993**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ كَتَبْتُ إِلَى أَخٍ لِي مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ أَسْأَلُهُ لِمَنْ قَضَى النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ فَكَتَبَ إِلَيَّ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضَى بِهِ لِأُمِّهِ هِيَ بِمَنْزِلَةِ أُمِّهِ وَأَبِيهِ و قَالَ سُفْيَانُ الْمَالُ كُلُّهُ لِلْأُمِّ هِيَ بِمَنْزِلَةِ أَبِيهِ وَأُمِّهِ

☆☆ عبداللہ بن عبیداللہ بن عمیر بیان کرتے ہیں: میں نے بنو زریق سے تعلق رکھنے والے اپنے بھائی سے خط کے ذریعے یہ

مسئلہ دریافت کیا کہ لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کے بارے میں نبی اکرم ﷺ نے کیا فیصلہ دیا تھا۔ انہوں نے جواب میں یہ لکھا کہ نبی اکرم ﷺ نے اس کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا اس کی ماں، اس کی ماں اور باپ دونوں کی حیثیت رکھتی ہے۔

سفیان بیان کرتے ہیں: ایسی صورت میں اس کا سارا مال اس کی ماں کو ملے گا کہ وہ ماں اس کی ماں اور باپ کی حیثیت رکھتی ہے۔

**2994**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ تَرَكَ اُمَّهُ وَعَصَبَةَ اُمِّهِ قَالَ الثُّلُثُ لِاُمِّهِ وَمَا بَقِيَ فَلِعَصَبَةِ اُمِّهِ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کا جو بیٹا پسماندگان میں اپنی ماں اور ماں کے قریبی عزیزوں کو چھوڑ کر مرے اس کی ماں کو ایک تہائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس کی ماں کے رشتے داروں کو ملے گا۔

**2995**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنِ ابْنِ اَبِي لَيْلٰى عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِيٍّ وَّعَبْدِ اللّٰهِ فِي ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ قَالَا عَصَبَتُهُ عَصَبَةُ اُمِّهِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ (بن مسعود) لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں: اس کے عصبہ اس کی ماں کے عصبہ ہوں گے۔

**2996**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الْحَلَبِيُّ مُوسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ مِيرَاثُ وَلَدِ الْمُلَاعَنَةِ لِاُمِّهِ قُلْتُ فَاِنْ كَانَ لَهُ اَخٌ مِنْ اُمِّهِ قَالَ لَهُ السُّدُسُ

☆☆ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کی اولاد کی وراثت اس کی ماں کو ملے گی۔

راوی بیان کرتے ہیں: میں نے دریافت کیا اگر اس مرحوم کا ماں کی طرف سے بھائی ہو اس کا جواب دیا اس کو چھٹا حصہ ملے گا۔

**2997**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا الْاَوْزَاعِيُّ حَدَّثَنَا الزُّهْرِيُّ قَالَ وَلَدُ الْمُلَاعَنَةِ لِاُمِّهِ تَرِثُ فَرِيضَتَهَا مِنْهُ وَسَائِرُ ذٰلِكَ فِي بَيْتِ الْمَالِ

☆☆ زہری فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کے بچے کی وراثت میں اس کی ماں اپنے فرض حصے کے مطابق وراث ہوگی اور باقی بچ جانے والا مال بیت المال میں جمع کروایا جائے گا۔

**2998**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسٰى عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ اِذَا تَلَاعَنَا فُرِّقَ بَيْنَهُمَا وَلَمْ يَجْتَمِعَا وَدُعِيَ الْوَلَدُ لِاُمِّهِ يُقَالُ ابْنُ فُلَانَةَ هِيَ عَصَبَتُهُ يَرِثُهَا وَتَرِثُهُ وَمَنْ دَعَاهُ لِزِنْيَةٍ جُلِدَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: اگر میاں بیوی لعان کرلیں تو ان دونوں کے درمیان علیحدگی کروادی جائے گی اور وہ دونوں کبھی اکٹھے نہیں ہوسکتے۔ ان کی اولاد کو اس کی ماں کے حوالے سے بلایا جائے گا۔ اے فلاں عورت کے بیٹے! وہ عورت ہی اس کی عصبہ ہوگی۔ وہ بچہ اسی عورت کا وارث بنے گا اور وہ عورت اس کی وارث بنے گی اور جو شخص اسے زنا کے حوالے سے بلائے گا اس شخص کو کوڑے لگائیں جائیں گے۔

**2999**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ حَدَّثَنَا الشَّيْبَانِيُّ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي وَلَدِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ اَنَّهُ تَرِثُهُ عَصَبَةُ اُمِّهِ وَهُمْ يَعْقِلُونَ عَنْهُ

☆☆ شعبی لعان کرنے والوں کی اولاد کے بارے میں یہ فرماتے ہیں کہ اس کی ماں کے عصبہ اس کے وارث بنیں گے اور وہی لوگ اس بچے کی طرف سے دیت ادا کریں گے۔

**3000**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ عَزْرَةَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ جُبَيْرٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ فِيْ وَلَدِ الْمُلَاعَنَةِ هُوَ الَّذِىْ لَا اَبَ لَهُ تَرِثُهُ اُمُّهُ وَاِخْوَتُهُ مِنْ اُمِّهِ وَعَصَبَةُ اُمِّهِ فَاِنْ قَذَفَهُ قَاذِفٌ جُلِدَ قَاذِفُهُ

☆☆ لعان کرنے والی عورت کے بچے کے بارے میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: یہ وہ ہے جس کا باپ نہیں ہے۔ اس کی ماں اور اس کی ماں کی طرف سے شریک بھائی اس کے وارث بنیں گے اور اس کی ماں کے عصبہ اس کے وارث بنیں گے۔ اگر کوئی شخص اس پر الزام لگائے تو اس الزام لگانے والے کو کوڑے لگائے جائیں گے۔

**3001**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنِ النُّعْمَانِ عَنْ مَكْحُوْلٍ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ مِيْرَاثِ وَلَدِ الْمُلَاعَنَةِ لِمَنْ هُوَ قَالَ جَعَلَهُ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِاُمِّهِ فِيْ سَبَبِهِ لِمَا لَقِيَتْ مِنَ الْبَلَاءِ وَلِاِخْوَتِهِ مِنْ اُمِّهِ وَ قَالَ مَكْحُوْلٌ فَاِنْ مَاتَتِ الْاُمُّ وَتَرَكَتِ ابْنَهَا ثُمَّ تُوُفِّيَ ابْنُهَا الَّذِىْ جُعِلَ لَهَا كَانَ مِيْرَاثُهُ لِاِخْوَتِهِ مِنْ اُمِّهِ كُلُّهُ لِاَنَّهُ كَانَ لِاُمِّهِمْ وَجَدِّهِمْ وَكَانَ لِاَبِيْهَا السُّدُسُ مِنِ ابْنِ ابْنَتِهِ وَلَيْسَ يَرِثُ الْجَدُّ اِلَّا فِيْ هٰذِهِ الْمَنْزِلَةِ لِاَنَّهُ اِنَّمَا هُوَ اَبُ الْاُمِّ وَاِنَّمَا وَرِثَ الْاِخْوَةُ مِنَ الْاُمِّ اُمَّهُمْ وَوَرِثَ الْجَدُّ ابْنَتَهُ لِاَنَّهُ جُعِلَ لَهَا فَالْمَالُ الَّذِىْ لِلْوَلَدِ لِوَرَثَةِ الْاُمِّ وَهُوَ يُحْرِزُهُ الْجَدُّ وَحْدَهُ اِذَا لَمْ يَكُنْ غَيْرُهُ

☆☆ مکحول کے بارے میں منقول ہے کہ ان سے لعان کرنے والی عورت کے بچے کے وارث کے بارے میں دریافت کیا گیا کہ وہ کسے ملے گی تو انہوں نے جواب دیا۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی وراثت کا حقدار اس کی ماں کو قرار دیا ہے۔ کیونکہ اس کی ماں کو جس مشکل صورت حال کا سامنا کرنا پڑا تھا پھر اس کی ماں کی طرف سے شریک بھائیوں کو ملے گا۔

مکحول فرماتے ہیں: اگر اس کی ماں فوت ہو جائے اور اپنے اسی ایک بیٹے کو چھوڑے پھر اس عورت کا وہ بیٹا بھی فوت ہو جائے جو اس حوالے سے تھا تو اس بیٹے کی وراثت اس کی ماں کی طرف سے شریک بہن بھائیوں کو ملے گی۔ کیونکہ یہ وراثت اس کی ماں یا اس کے نانا کو ملنی تھی۔ اس عورت کے باپ کو اپنے نواسے کی طرف سے چھٹا حصہ ملے گا۔ نانا صرف اسی صورت میں وارث بن سکتا ہے کیونکہ وہ اس کی ماں کا باپ ہے۔ اس کی ماں کی طرف سے شریک بہن بھائی اپنی ماں کے وارث بنیں گے اور اس کا نانا اپنی بیٹی کا وارث بنے گا۔ کیونکہ اسے اسی کے لیے مقرر کیا گیا تھا۔ وہ مال جو اس لڑکے کا ہے وہ اس کی ماں کے ورثاء کو ملے گا اور وہ صرف اپنے نانا کے حصے میں ہوگا جبکہ اس کے علاوہ کوئی اور موجود نہ ہو۔

**3002**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَبِىْ بُكَيْرٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ طَهْمَانَ عَنْ سِمَاكِ بْنِ حَرْبٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ اَنَّ قَوْمًا اخْتَصَمُوْا اِلٰى عَلِيٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِيْ وَلَدِ الْمُتَلَاعِنَيْنِ فَجَآءَ عَصَبَةُ اَبِيْهِ يَطْلُبُوْنَ مِيْرَاثَهُ فَقَالَ اِنَّ اَبَاهُ كَانَ تَبَرَّاَ مِنْهُ فَلَيْسَ لَكُمْ مِنْ مِيْرَاثِهِ شَىْءٌ فَقَضٰى بِمِيْرَاثِهِ لِاُمِّهِ وَجَعَلَهَا عَصَبَتَهُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما کے بارے میں منقول ہے: کچھ لوگ مقدمہ لے کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے۔ یہ مقدمہ لعان کرنے والوں کی اولاد کے بارے میں تھا۔ اس بچے کے باپ کے عصبہ وراثت کا مطالبہ لے کر آئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد

فرمایا: اس کا باپ تو اس سے خود کو بری کر چکا ہے۔ تمہیں اس کی میراث میں سے کچھ نہیں ملے گا۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کی وراثت کا فیصلہ اس کی ماں کے حق میں کیا اور اسی عورت کو اس بچے کا عصبہ کر دیا۔

## بَابٌ فِيْ مِيْرَاثِ الْخُنْثٰى

## باب 25: ہیجڑے کی وراثت کا حکم

**3003**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ عَبْدِ الْاَعْلٰى اَنَّهٗ سَمِعَ مُحَمَّدَ بْنَ عَلِيٍّ يُحَدِّثُ عَنْ عَلِيٍّ فِي الرَّجُلِ يَكُوْنُ لَهٗ مَا لِلرَّجُلِ وَمَا لِلْمَرْاَةِ مِنْ اَيِّهِمَا يُوَرَّثُ فَقَالَ مِنْ اَيِّهِمَا بَالَ

☆☆ عبدالاعلیٰ بیان کرتے ہیں: انہوں نے محمد بن علی کو حضرت علی رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہوئے سنا ہے، جس شخص کی مرد یا عورت جیسی کوئی مخصوص شکل نہ ہو تو کس حوالے سے اس کی وراثت تقسیم ہوگی۔ انہوں نے جواب دیا جس جگہ سے وہ پیشاب کرتا ہے

**3004**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ شِبَاكٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ فِي الْخُنْثٰى قَالَ يُوَرَّثُ مِنْ قِبَلِ مَبَالِهٖ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: ہیجڑے کے بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے اس کی وراثت اسی حوالے سے تقسیم ہوگی جس طرف سے وہ پیشاب کرتا ہے۔

**3005**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِئٍ قَالَ سُئِلَ عَامِرٌ عَنْ مَوْلُوْدٍ وُلِدَ وَلَيْسَ بِذَكَرٍ وَّلَا اُنْثٰى لَيْسَ لَهٗ مَا لِلذَّكَرِ وَلَيْسَ لَهٗ مَا لِلْاُنْثٰى يُخْرِجُ مِنْ سُرَّتِهٖ كَهَيْئَةِ الْبَوْلِ وَالْغَائِطِ سُئِلَ عَنْ مِيْرَاثِهٖ فَقَالَ نِصْفُ حَظِّ الذَّكَرِ وَنِصْفُ حَظِّ الْاُنْثٰى

☆☆ عامر سے ایسے بچے کے بارے میں دریافت کیا گیا جو پیدا ہوا ہو وہ مذکر یا مونث نہ ہو اس کا وہ عضو بھی نہ ہو جو مذکر کا ہوتا ہے وہ بھی نہ ہو جو مونث کا ہوتا ہے اور اس کی ناف میں سے پیشاب اور پاخانہ نکلتا ہو۔ ایسے شخص کی وراثت کا حکم دریافت کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا اس کا نصف مرد کی حیثیت سے ہوگا اور نصف عورت کی حیثیت سے ہوگا۔

## بَابُ الْكَلَالَةِ

## باب 26: کلالہ (کی وراثت)

**3006**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ سُئِلَ اَبُوْ بَكْرٍ عَنِ الْكَلَالَةِ فَقَالَ اِنِّيْ سَاَقُوْلُ فِيْهَا بِرَاْيِيْ فَاِنْ كَانَ صَوَابًا فَمِنَ اللّٰهِ وَاِنْ كَانَ خَطَاً فَمِنِّيْ وَمِنَ الشَّيْطٰنِ اُرَاهُ مَا خَلَا الْوَالِدَ وَالْوَلَدَ فَلَمَّا اسْتُخْلِفَ عُمَرُ قَالَ اِنِّيْ لَاَسْتَحْيِي اللّٰهَ اَنْ اَرُدَّ شَيْئًا قَالَهٗ اَبُوْ بَكْرٍ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ سے کلالہ کے بارے میں سوال کیا گیا انہوں نے ارشاد فرمایا: میں اس بارے میں اپنی رائے سے جواب دوں گا۔ اگر وہ ٹھیک ہوئی تو اللہ کے فضل سے ہوگی اور اگر اس میں کوئی غلطی ہوئی تو وہ میری اور شیطان کی

طرف سے ہوگی۔ میرا یہ خیال ہے اس سے مراد وہ شخص ہے جس کی اولاد بھی نہ ہو اور والد بھی نہ ہو۔ جب حضرت عمر رضی اللہ عنہ ان کے نائب بنے تو انہوں نے یہ فرمایا مجھے اس بات سے اللہ کی بارگاہ میں حیاء آتی ہے کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ جو رائے پیش کر چکے ہوں میں اسے مسترد کردوں۔

**3007**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ هُوَ ابْنُ أَبِي أَيُّوبَ قَالَ حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ أَبِي حَبِيبٍ عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ الْيَزَنِيِّ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ الْجُهَنِيِّ أَنَّهُ قَالَ مَا أَعْضَلَ بِأَصْحَابِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْءٌ مَا أَعْضَلَتْ بِهِمُ الْكَلَالَةُ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر جہنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے اصحاب کو کلالہ کے بارے میں اتنی مشکل پیش آئی جتنی کسی اور مسئلے کے بارے میں پیش نہیں آئی۔

**3008**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْكَلَالَةُ مَا خَلَا الْوَالِدَ وَالْوَلَدَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: کلالہ سے مراد وہ شخص ہے جس کا والد اور اولاد نہ ہو۔

**3009**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدٌ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ اللَّهِ عَنْ سَعْدٍ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ هَذِهِ الْآيَةَ (وَإِنْ كَانَ رَجُلٌ يُورَثُ كَلَالَةً أَوِ امْرَأَةٌ وَلَهُ أَخٌ أَوْ أُخْتٌ) لِأُمٍّ

☆☆ حضرت سعد رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے انہوں نے یہ آیت تلاوت کی:

''ایسے شخص کو جس کی وراثت کلالہ کے طور پر ہو یا اس کی بیوی ہو اس کا ایک بھائی یا بہن ہو۔''

فرماتے ہیں یہ ماں کے لیے بھی ہے۔

## بَابٌ فِي مِيرَاثِ ذَوِي الْأَرْحَامِ

## باب 27: ذوی الارحام کی وراثت کا حکم

**3010**- أَخْبَرَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ حَدَّثَنَا أَبُو الْأَسْوَدِ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ نَوْفَلٍ أَنَّ عَاصِمَ بْنَ عُمَرَ ابْنِ قَتَادَةَ الْأَنْصَارِيَّ أَخْبَرَهُ أَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ الْتَمَسَ مَنْ يَرِثُ ابْنَ الدَّحْدَاحَةِ فَلَمْ يَجِدْ وَارِثًا فَدَفَعَ مَالَ ابْنِ الدَّحْدَاحَةِ إِلَى أَخْوَالِ ابْنِ الدَّحْدَاحَةِ

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے ابن دحداحہ کے وارث کو تلاش کیا انہیں اس کا کوئی وارث نہیں ملا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ابن دحداحہ کی وراثت اس کے ماموؤں کو دے دی۔

**3011**- أَخْبَرَنَا أَبُو عَاصِمٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنْ عَائِشَةَ قَالَتِ اللَّهُ وَرَسُولُهُ مَوْلَى مَنْ لَا مَوْلَى لَهُ وَالْخَالُ وَارِثُ مَنْ لَا وَارِثَ لَهُ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں: جس شخص کا کوئی مولیٰ نہ ہو اللہ اور اس کے رسول اس کے سرپرست ہیں اور جس

شخص کا کوئی وارث نہ ہو اس کے ماموں اس کے وارث ہیں۔

**3012- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ زِيَادٍ قَالَ اُتِيَ عُمَرُ فِي عَمٍّ لِاُمٍّ وَّخَالَةٍ فَاَعْطَى الْعَمَّ لِلاُمِّ الثُّلُثَيْنِ وَاَعْطَى الْخَالَةَ الثُّلُثَ**

☆☆ زیاد بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے چچا اور خالہ کا مسئلہ آیا تو انہوں نے ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے چچا کو دو تہائی حصہ دیا اور خالہ کو ایک تہائی حصہ دیا۔

**3013- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَعْطَى الْخَالَةَ الثُّلُثَ وَالْعَمَّةَ الثُّلُثَيْنِ**

☆☆ حسن بصری ارشاد فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے خالہ کو ایک تہائی حصہ دیا تھا اور پھوپھی کو دو تہائی حصہ دیا تھا۔

**3014- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ غَالِبِ بْنِ عَبَّادٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ حَبْتَرٍ النَّهْشَلِيِّ قَالَ اُتِيَ عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ مَرْوَانَ فِي خَالَةٍ وَّعَمَّةٍ فَقَامَ شَيْخٌ فَقَالَ شَهِدْتُّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَعْطَى الْخَالَةَ الثُّلُثَ وَالْعَمَّةَ الثُّلُثَيْنِ قَالَ فَهَمَّ اَنْ يَّكْتُبَ بِهِ ثُمَّ قَالَ اَيْنَ زَيْدٌ عَنْ هٰذَا**

☆☆ قیس بن حبتر نہشلی فرماتے ہیں: عبدالملک بن مروان کی خدمت میں ایک خالہ اور پھوپھی کا مسئلہ آیا تو ایک بزرگ کھڑے ہوئے اور بولے میں حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے بارے میں یہ گواہی دیتا ہوں کہ انہوں نے خالہ کو ایک تہائی حصہ دیا تھا اور پھوپھی کو دو تہائی حصے دیئے تھے۔

راوی بیان کرتے ہیں: عبدالملک بن مروان نے اسے نوٹ کرنے کا ارادہ کیا اور بولا حضرت زید رضی اللہ عنہ کو اس کا پتہ نہیں تھا؟

**3015- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ الْخَالَةُ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ وَالْعَمَّةُ بِمَنْزِلَةِ الْاَبِ وَبِنْتُ الْاَخِ بِمَنْزِلَةِ الْاَخِ وَكُلُّ ذِيْ رَحِمٍ بِمَنْزِلَةِ رَحِمِهِ الَّتِي يُدْلِي بِهَا اِذَا لَمْ يَكُنْ وَارِثٌ ذُو قَرَابَةٍ**

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: خالہ ماں کی مانند ہوتی ہے اور پھوپھی باپ کی مانند ہوتی ہے اور بھتیجی بھائی کی مانند ہوتی ہے۔ ہر قریبی عزیز کی وہی حیثیت ہے جس کے حوالے سے اس کا میت کے ساتھ رشتہ ہوتا ہے جبکہ میت کا براہ راست قریبی رشتہ دار وارث نہ ہو۔

## بَابُ الْعَصَبَةِ

## باب 28: عصبہ (کی وراثت)

**3016- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا هِشَامٌ عَنْ مُحَمَّدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ حَدَّثَنِي الضَّحَّاكُ بْنُ قَيْسٍ اَنَّ عُمَرَ قَضٰى فِي اَهْلِ طَاعُونِ عَمَوَاسَ اَنَّهُمْ كَانُوا اِذَا كَانُوا مِنْ قِبَلِ الْاَبِ سَوَاءً فَبَنُو الْاُمِّ اَحَقُّ وَاِذَا كَانَ**

بَعْضُهُمْ اَقْرَبَ مِنْ بَعْضٍ بِاَبٍ فَهُمْ اَحَقُّ بِالْمَالِ

☆☆ حضرت ضحاک بن قیس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: عمواس کے طاؤن میں مرنے والوں کے بارے میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ دیا تھا کہ اگر باپ کی طرف سے وہ سب یکساں حیثیت رکھتے ہیں تو ماں کی اولاد زیادہ حقدار ہوگی اور اگر باپ کے حوالے سے ان میں سے کوئی ایک دوسرے سے زیادہ قریبی ہے تو وہ مال کا زیادہ حقدار ہوگا۔

**3017**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اِسْحٰقَ الشَّيْبَانِیُّ عَنْ عُبَيْدِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ ابْنِ شَدَّادِ بْنِ الْهَادِ قَالَ اُصِيْبَ سَالِمٌ مَوْلٰى اَبِیْ حُذَيْفَةَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ فَبَلَغَ مِيْرَاثُهُ مِائَتَیْ دِرْهَمٍ فَقَالَ عُمَرُ احْبِسُوْهَا عَلٰى اُمِّهِ حَتّٰى تَاْتِیَ عَلٰى اٰخِرِهَا

☆☆ حضرت عبداللہ بن شداد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابوحذیفہ رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام سالم یمامہ کی جنگ میں شہید ہوگئے۔ان کی وراثت دوسو درہم تھی حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: اسے اس کی ماں کے لیے روکے رکھو جب وہ آجائے گی تو یہ سارا مال اسے دے دینا۔

**3018**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْاِخْوَةُ مِنَ الْاُمِّ يَتَوَارَثُوْنَ دُوْنَ بَنِی الْعَلَّاتِ يَرِثُ الرَّجُلُ اَخَاهُ لِاَبِيْهِ وَاُمِّهِ دُوْنَ اَخِيْهِ لِاَبِيْهِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: علاتی بھائیوں کی بجائے ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائی ایک دوسرے کے وارث بنتے ہیں۔آدمی اپنے سگے بھائی کا وارث بنتا ہے۔البتہ باپ کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائی کا وارث نہیں بنتا۔

**3019**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ قُلْتُ لِابْنِ عُمَرَ اَرَاَيْتَ رَجُلًا تَرَكَ ابْنَ ابْنَتِهِ اَيَرِثُهُ قَالَ لَا

☆☆ نعمان بن سالم بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما سے دریافت کیا ایسے شخص کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے جس نے پسماندگان میں ایک نواسہ چھوڑا ہو کیا وہ اس کا وارث بنے گا؟ انہوں نے جواب دیا نہیں۔

**3020**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ الْاُمُّ عَصَبَةُ مَنْ لَّا عَصَبَةَ لَهُ وَالْاُخْتُ عَصَبَةُ مَنْ لَّا عَصَبَةَ لَهُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جس شخص کا کوئی عصبہ نہ ہو اس کی ماں اس کی عصبہ ہوتی ہے اور جس شخص کا کوئی عصبہ نہ ہو اس کی بہن اس کی عصبہ ہوتی ہے۔

**3021**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا ابْنُ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اَلْحِقُوا الْفَرَائِضَ بِاَهْلِهَا فَمَا بَقِیَ فَهُوَ لِاَوْلٰى رَجُلٍ ذَكَرٍ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: طے شدہ حصے ان کے حقداروں کو دو اور جو باقی بچ جائے وہ (میت) کے قریبی مرد رشتہ داروں کو دو۔

# بَابٌ فِي مِيرَاثِ اَهْلِ الشِّرْكِ وَاَهْلِ الْإِسْلَامِ

## باب 29: مشرکین اور مسلمانوں کی وراثت کا حکم

**3022**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ حَدَّثَنَا يَحْيَى اَنَّ سُلَيْمَانَ بْنَ يَسَارٍ اَخْبَرَهُ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَشْعَثِ اَنَّ عَمَّةً لَهُ تُوُفِّيَتْ يَهُودِيَّةً بِالْيَمَنِ فَذُكِرَ ذَلِكَ لِعُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ فَقَالَ يَرِثُهَا اَقْرَبُ النَّاسِ اِلَيْهَا مِنْ اَهْلِ دِينِهَا

☆☆ محمد بن اشعث بیان کرتے ہیں: ان کی پھوپھی جو یہودی تھی وہ یمن میں فوت ہوگئیں۔ اس بات کا تذکرہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا: اس خاتون کے دین سے تعلق رکھنے والا اس کا زیادہ قریبی عزیز اس کا وارث بنے گا۔

**3023**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ قَيْسِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ طَارِقِ بْنِ شِهَابٍ قَالَ مَاتَتْ عَمَّةُ الْاَشْعَثِ بْنِ قَيْسٍ وَهِيَ يَهُودِيَّةٌ فَاَتَى عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ فَقَالَ اَهْلُ دِينِهَا يَرِثُونَهَا

☆☆ طارق بن شہاب بیان کرتے ہیں: اشعث بن قیس کی پھوپھی فوت ہوگئی وہ یہودی تھی یہ معاملہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ کے سامنے آیا۔ انہوں نے ارشاد فرمایا: اس کے دین سے تعلق رکھنے والے افراد اس کے وارث بنیں گے۔

**3024**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اَهْلُ الشِّرْكِ لَا نَرِثُهُمْ وَلَا يَرِثُونَا

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ہم مشرکین کے وارث نہیں بنتے اور وہ ہمارے وارث نہیں بنتے۔

**3025**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ عِيسَى الْحَنَّاطِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبَا بَكْرٍ وَعُمَرَ قَالُوا لَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ دِينَيْنِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ دو مختلف دینوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے۔

**3026**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عُمَرَ قَالَ لَا يَتَوَارَثُ اَهْلُ مِلَّتَيْنِ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: دو مختلف دینوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے۔

**3027**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ لَا نَرِثُ اَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا يَرِثُونَا اِلَّا اَنْ يَمُوتَ لِلرَّجُلِ عَبْدُهُ اَوْ اَمَتُهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہم اہل کتاب کے وارث نہیں بن سکتے اور وہ لوگ ہمارے وارث نہیں بن سکتے۔ البتہ اگر اسی شخص کا کوئی غلام یا کنیز فوت ہوجائے (اور وہ اہل کتاب سے تعلق رکھتے ہوں تو ان کی ولاء کا حق آقا کو ملے گا)۔

**3028**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا نَرِثُ اَهْلَ الْكِتَابِ وَلَا يَرِثُونَا اِلَّا الرَّجُلُ يَرِثُ عَبْدَهُ اَوْ اَمَتَهُ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہم اہل کتاب میں سے کسی کے وارث نہیں بنتے اور وہ لوگ بھی ہمارے وارث نہیں بن سکتے۔ ماسوائے اس شخص کے جو اپنے غلام یا کنیز کا وارث بنے۔

**3029**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ مَسْرُوقٍ قَالَ كَانَ مُعَاوِيَةُ يُوَرِّثُ الْمُسْلِمَ مِنَ الْكَافِرِ وَلَا يُوَرِّثُ الْكَافِرَ مِنَ الْمُسْلِمِ قَالَ قَالَ مَسْرُوقٌ وَمَا حَدَثَ فِي الْإِسْلَامِ قَضَاءٌ أَحَبُّ إِلَيَّ مِنْهُ قِيلَ لِأَبِي مُحَمَّدٍ تَقُولُ بِهَذَا قَالَ لَا

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کافر شخص کو مسلمان کا وارث قرار دیتے تھے۔

مسروق بیان کرتے ہیں: اسلام میں میرے نزدیک اس سے زیادہ پسندیدہ فیصلہ کوئی اور نہیں دیا گیا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے دریافت کیا گیا آپ اس کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں۔ انہوں نے جواب دیا نہیں۔

**3030**- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ أَنَّ الْمُعْزِلَةَ بِنْتَ الْحَارِثِ تُوُفِّيَتْ بِالْيَمَنِ وَهِيَ يَهُودِيَّةٌ فَرَكِبَ الْأَشْعَثُ بْنُ قَيْسٍ وَكَانَتْ عَمَّتَهُ إِلَى عُمَرَ فِي مِيرَاثِهَا فَقَالَ عُمَرُ لَيْسَ ذَاكَ لَكَ يَرِثُهَا أَقْرَبُ النَّاسِ مِنْهَا مِنْ أَهْلِ دِينِهَا لَا يَتَوَارَثُ مِلَّتَانِ

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں: حارث کی صاحبزادی معزلہ کا یمن میں انتقال ہوگیا۔ وہ یہودی تھیں۔ اشعث بن قیس ان کی وراثت کے بارے میں دریافت کرنے کے لیے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی خدمت میں آئے وہ خاتون اشعث کی پھوپھی تھی۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یہ تمہیں نہیں ملے گی۔ اس خاتون کا وارث اس کے دین سے تعلق رکھنے والا سب سے زیادہ قریبی رشتہ دار بنے گا۔ کیونکہ دو مختلف دینوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنتے۔

**3031**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا أَنَسُ بْنُ سِيرِينَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ لَا يَتَوَارَثُ مِلَّتَانِ شَتَّى وَلَا يَحْجُبُ مَنْ لَا يَرِثُ

☆☆ انس بن سیرین بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: دو مختلف دینوں سے تعلق رکھنے والے لوگ ایک دوسرے کے وارث نہیں بن سکتے اور جو شخص وارث نہیں بن سکتا وہ کسی کو محجوب بھی نہیں کر سکتا۔

**3032**- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْأَعْلَى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ

☆☆ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بنتا اور کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا۔

**3033**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا مَاتَ الْمَيِّتُ وَجَبَتِ الْحُقُوقُ لِأَهْلِهَا وَلَمْ يَجْعَلْ لِمَنْ أَسْلَمَ أَوْ أُعْتِقَ قَبْلَ أَنْ يُقْسَمَ الْمِيرَاثُ شَيْئًا

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں: جب میت فوت ہو جاتی ہے تو حق حقداروں کے لیے واجب ہو جاتا ہے اور جو شخص وراثت کی تقسیم سے پہلے اسلام قبول کر لے یا آزاد ہو جائے اسے کچھ نہیں ملتا۔

**3034**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ عِيسٰى عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ

☆☆ امام زین العابدین رضی اللہ عنہ' حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بن سکتا اور کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا۔

**3035**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ عُثْمَانَ عَنْ أُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا يَرِثُ الْمُسْلِمُ الْكَافِرَ وَلَا الْكَافِرُ الْمُسْلِمَ

☆☆ حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کوئی مسلمان کسی کافر کا وارث نہیں بن سکتا اور کوئی کافر کسی مسلمان کا وارث نہیں بن سکتا۔

## بَابُ الْمُكَاتَبِ

## باب 30: مکاتب (کی وراثت کا حکم)

**3036**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ لَيْسَ لِلْمُكَاتَبِ مِيرَاثٌ مَا بَقِيَ عَلَيْهِ شَيْءٌ مِنْ مُكَاتَبَتِهِ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جب تک مکاتب کے ذمے کسی بھی قسم کی ادائیگی لازم ہو اس وقت تک اس کی وراثت کا حکم جاری نہیں ہوتا۔

**3037**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِي رَجُلٍ لَهُ بَنُونَ قَدْ اُعْتِقَ مِنْ بَعْضِهِمُ النِّصْفُ وَمِنْ بَعْضِهِمُ الثُّلُثُ وَمِنْ بَعْضٍ الرُّبُعُ قَالَ لَا يَرِثُونَ حَتّٰى يُعْتَقُوا

☆☆ ایسا شخص جس کی کچھ اولاد ہو جس میں سے کسی کا نصف حصہ آزاد ہو کسی کا ایک تہائی حصہ آزاد ہو اور کسی کا ایک چوتھائی حصہ آزاد ہو ایسے شخص کے بارے میں عطاء یہ کہتے ہیں' یہ لوگ اس وقت تک وارث نہیں بنیں گے جب تک مکمل آزاد نہ ہو جائیں۔

**3038**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ وَسَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي رَجُلٍ اشْتَرٰى ابْنَهُ فِي مَرَضِهِ قَالَ اِنْ خَرَجَ مِنَ الثُّلُثِ وَرِثَهُ وَاِنْ وَقَعَتْ عَلَيْهِ السِّعَايَةُ لَمْ يَرِثْ

☆☆ ایسا شخص جو بیماری کے عالم میں اپنے بیٹے کو خرید لے۔ اس کے بارے میں ابراہیم نخعی یہ ارشاد فرماتے ہیں: اگر تو وہ اس کے ایک تہائی حصے میں سے نکل سکتا ہو تو وہ اس کا وارث بنے گا اور اگر اس پر ادائیگی لازم ہو تو اس کا وارث نہیں بنے گا۔

**3039**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ اَبِيهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ حَدُّ الْمُكَاتَبِ حَدُّ الْمَمْلُوكِ حَتّٰى يُعْتَقَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: جب تک مکاتب مکمل آزاد نہیں ہوتا وہ غلام کی حیثیت رکھتا ہے۔

## بَابُ الْوَلَاءِ

## باب 31: ولاء کا حکم

3040- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَوْلٰى اَخٌ فِي الدِّيْنِ وَنِعْمَةٌ اَحَقُّ النَّاسِ بِمِيْرَاثِهِ اَقْرَبُهُمْ مِنَ الْمُعْتِقِ

☆☆ زہری روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: آزاد کرنے والا شخص دینی اعتبار سے بھائی ہوتا ہے اور نعمت کا حقدار ہوتا ہے اور آدمی کی وراثت کا سب سے زیادہ حق دار وہ ہوگا جو آزاد کرنے والے سے سب سے زیادہ قریبی تعلق رکھتا ہو۔

3041- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا مَنْصُورٌ عَنِ الْحَسَنِ وَمُحَمَّدُ بْنُ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي رَجُلٍ اَعْتَقَ مَمْلُوكًا ثُمَّ مَاتَ الْمَوْلٰى وَالْمَمْلُوكُ وَتَرَكَ الْمُعْتِقُ اَبَاهُ وَابْنَهُ قَالَا الْمَالُ لِلِابْنِ

☆☆ محمد بن سالم بیان کرتے ہیں: ایسے شخص کے بارے میں شعبی یہ فرماتے ہیں: اس نے اپنے غلام کو آزاد کیا اور پھر آزاد کرنے والا شخص اور وہ غلام دونوں آزاد ہو گئے۔ آزاد کرنے والے شخص نے پسماندگان میں باپ اور بیٹے کو چھوڑا تو یہ دونوں حضرات یہ فرماتے ہیں کہ وہ مال اس کے بیٹے کو ملے گا۔

3042- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا عَبَّادٌ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَامِرٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ فِي رَجُلٍ تَرَكَ اَبَاهُ وَابْنَ ابْنِهِ فَقَالَ الْوَلَاءُ لِابْنِ الِابْنِ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ ایسے شخص کے بارے میں یہ فرماتے ہیں: جس نے پسماندگان میں باپ اور پوتے کو چھوڑا ہو تو ولاء کا حق پوتے کو ملے گا۔

3043- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مُعَمَّرٌ حَدَّثَنَا خُصَيْفٌ عَنْ زِيَادِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ اَنَّ امْرَاَةً اَعْتَقَتْ عَبْدًا لَهَا ثُمَّ تُوُفِّيَتْ وَتَرَكَتِ ابْنَهَا وَاَخَاهَا ثُمَّ تُوُفِّيَ مَوْلَاهَا فَاَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ابْنُ الْمَرْاَةِ وَاَخُوهَا فِي مِيرَاثِهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيرَاثُهُ لِابْنِ الْمَرْاَةِ فَقَالَ اَخُوهَا يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَوْ اَنَّهُ جَرَّ جَرِيرَةً عَلٰى مَنْ كَانَتْ قَالَ عَلَيْكَ

☆☆ زیاد بن ابومریم بیان کرتے ہیں: ایک خاتون نے اپنے غلام کو آزاد کر دیا پھر اس خاتون کا انتقال ہو گیا۔ اس خاتون نے پسماندگان میں ایک بیٹا اور بھائی چھوڑا پھر وہ غلام جو آزاد ہوا تھا وہ بھی فوت ہو گیا تو اس خاتون کا بیٹا اور بھائی اس غلام کی وراثت کا مسئلہ لے کر نبی اکرم ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے تو نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: اس غلام کی وراثت اس عورت کے بیٹے کو ملے گی۔ اس عورت کے بھائی نے عرض کی اے اللہ کے رسول! اگر یہ غلام کسی جرم کا ارتکاب کرتا تو اس کی ادائیگی کس پر لازم ہوتی۔ نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ تم پر لازم ہوتی۔

3044- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ رَجُلٍ اَعْتَقَ مَمْلُوكًا لَهُ فَمَاتَ وَمَاتَ الْمَوْلٰى فَتَرَكَ الْمُعْتِقُ اَبَاهُ وَابْنَهُ فَقَالَ لِاَبِيهِ كَذَا وَمَا بَقِيَ فَلِابْنِهِ

☆☆ مغیرہ بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنے غلام کو آزاد کرنے کے بعد انتقال کر جائے پھر اس کا غلام بھی انتقال کر جائے اور پھر اس آزاد کرنے والے شخص نے پسماندگان میں باپ اور ایک بیٹا چھوڑا ہو تو ابراہیم نے جواب دیا اس کے باپ کو اتنا حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس کے بیٹے کو ملے گا۔

**3045**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ سَمِعْتُ الْحَكَمَ وَحَمَّادًا يَقُولَانِ هُوَ لِلابْنِ

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں: میں نے حکم اور حماد کو یہ بیان کرتے ہوئے سنا کہ وہ مال اس کے بیٹے کو ملے گا۔

**3046**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَرَجَ اِلَى الْبَقِيْعِ فَرَاَى رَجُلًا يُبَاعُ فَاَتَاهُ فَسَاوَمَ بِهٖ ثُمَّ تَرَكَهُ فَرَاٰهُ رَجُلٌ فَاشْتَرَاهُ فَاَعْتَقَهُ ثُمَّ جَآءَ بِهٖ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ اِنِّيْ اشْتَرَيْتُ هٰذَا فَاَعْتَقْتُهُ فَمَا تَرٰى فِيْهِ فَقَالَ هُوَ اَخُوْكَ وَمَوْلَاكَ قَالَ مَا تَرٰى فِيْ صُحْبَتِهٖ فَقَالَ اِنْ شَكَرَكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّهُ وَشَرٌّ لَّكَ وَاِنْ كَفَرَكَ فَهُوَ خَيْرٌ لَّكَ وَشَرٌّ لَّهُ قَالَ مَا تَرٰى فِيْ مَالِهٖ قَالَ اِنْ مَاتَ وَلَمْ يَتْرُكْ عَصَبَةً فَاَنْتَ وَارِثُهُ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم بقیع تشریف لائے وہاں آپ نے ایک شخص کو فروخت ہوتے ہوئے دیکھا۔ آپ اس کے پاس تشریف لائے آپ نے اس کی بولی لگائی پھر اسے چھوڑ دیا۔ ایک شخص نے یہ بات دیکھی تو اسے خرید کر آزاد کر دیا اور پھر اس شخص کے ہمراہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کی میں نے اسے خرید کر اسے آزاد کر دیا ہے۔ آپ اس بارے میں کیا رائے رکھتے ہیں؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: یہ تمہارا بھائی ہے اور آزاد کردہ غلام ہے۔ اس شخص نے دریافت کیا اس شخص کے ساتھ اچھے سلوک کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ تمہارا شکر گزار رہے گا تو یہ اس کے لیے بہتر ہے تمہارے لیے برا ہے اور یہ اگر تمہاری ناشکری کرتا ہے تو یہ تمہارے لیے بہتر ہے اور اس کے لیے برا ہے۔ ان صاحب نے دریافت کیا اس شخص کے مال کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اگر یہ فوت ہو جائے اور کوئی عصبہ نہ چھوڑے تو تم اس کے وارث ہو گے۔

**3047**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا اَشْعَثُ عَنِ الْحَكَمِ وَسَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ شَدَّادٍ اَنَّ ابْنَةَ حَمْزَةَ اَعْتَقَتْ عَبْدًا لَّهَا فَمَاتَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَمَوْلَاتَهُ بِنْتَ حَمْزَةَ فَقَسَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِيْرَاثَهُ بَيْنَ ابْنَتِهٖ وَمَوْلَاتِهٖ بِنْتِ حَمْزَةَ نِصْفَيْنِ

☆☆ عبداللہ بن شداد بیان کرتے ہیں: حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی نے اپنے غلام کو آزاد کیا۔ وہ غلام فوت ہو گیا اس نے پسماندگان میں اپنی ایک بیٹی اور اپنی ایک آزاد کرنے والی حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کو چھوڑا پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس غلام کی وراثت اس کی بیٹی اور اسے آزاد کرنے والی خاتون حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کی صاحبزادی کے درمیان نصف، نصف حصوں میں تقسیم کر دی۔

**3048**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ شَمُوْسَ الْكِنْدِيَّةِ قَالَتْ قَاضَيْتُ اِلٰى عَلِيٍّ فِيْ اَبٍ مَّاتَ فَلَمْ يَدَعْ اَحَدًا غَيْرِيْ وَمَوْلَاهُ فَاَعْطَانِي النِّصْفَ وَاَعْطٰى مَوْلَاهُ النِّصْفَ

☆☆ شموس کندیہ بیان کرتی ہیں: میں ایک مقدمہ لے کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کی خدمت میں گئی تھی۔ جس میں میرے والد فوت ہو گئے تھے۔ انہوں نے پسماندگان میں صرف مجھے اور اپنے آقا کو چھوڑا تھا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھے نصف حصہ عطا کیا تھا اور اس (والد) کو آزاد کرنے والے آقا کو بھی نصف حصہ عطا کیا تھا۔

**3049**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنِ ابْنِ اَبِيْ لَيْلٰى عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اَبِي الْكَنُوْدِ عَنْ

عَلِیٍّ اَنَّہُ اُتِیَ بِابْنَةٍ وَّمَوْلًی فَاَعْطَی الِابْنَةَ النِّصْفَ وَالْمَوْلَی النِّصْفَ قَالَ الْحَكَمُ فَمَنْزِلِی هٰذَا نَصِیبُ الْمَوْلَی الَّذِیْ وَرِثَهُ عَنْ مَّوْلَاهُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کی خدمت میں (ایک آزادشدہ غلام کی) بیٹی اور ایک آزاد کرنے والے آقا کا مسئلہ پیش ہوا تو انہوں نے بیٹی کو نصف حصہ دیا اور آزاد کرنے والے آقا کو بھی نصف حصہ دیا۔

حکم بیان کرتے ہیں' میرا یہ گھر اس آزاد کرنے والے شخص کے حصے میں آنے والے نصف حصے کا ایک حصہ ہے جس کا وہ اپنے آزاد شدہ غلام کی طرف سے وارث ہوا تھا۔

**3050**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِیْمُ بْنُ مُوْسٰی عَنِ ابْنِ اِدْرِیْسَ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ مُدْلِجٍ اَنَّهُ مَاتَ وَتَرَكَ ابْنَتَهُ وَمَوَالِیَهُ فَاَعْطٰی عَلِیٌّ ابْنَتَهُ النِّصْفَ وَمَوَالِیَهُ النِّصْفَ

☆☆ عبدالرحمن بن مدلج کے بارے میں منقول ہے ان کا انتقال ہو گیا۔ انہوں نے پسماندگان میں ایک بیٹی اور آزاد کرنے والا شخص چھوڑا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس کی بیٹی کو نصف حصہ دیا اور اس آزاد کرنے والے کو بھی نصف حصہ دیا۔

**3051**- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیْمُ عَنِ ابْنِ اِدْرِیْسَ عَنِ الشَّیْبَانِیِّ عَنِ الْحَكَمِ عَنِ الشَّمُوْسِ اَنَّ اَبَاهَا مَاتَ فَجَعَلَ عَلِیٌّ لَّهَا النِّصْفَ وَلِمَوَالِیْهِ النِّصْفَ

☆☆ شموس بیان کرتی ہیں ان کے والد فوت ہو گئے تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے انہیں نصف حصہ عطا کیا اور اس والد کو آزاد کرنے والے کو بھی نصف حصہ دیا۔

**3052**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِیْسٰی حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ غِیَاثٍ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنْ جَهْمِ بْنِ دِیْنَارٍ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّهُ سُئِلَ عَنْ اُخْتَیْنِ اشْتَرَتْ اِحْدَاهُمَا اَبَاهَا فَاَعْتَقَتْهُ ثُمَّ مَاتَ قَالَ لَهُمَا الثُّلُثَانِ فَرِیْضَتُهُمَا فِیْ كِتَابِ اللّٰهِ وَمَا بَقِیَ فَلِلْمُعْتِقَةِ دُوْنَ الْاُخْرٰی

☆☆ ابراہیم نخعی کے بارے میں منقول ہے کہ ان سے دو ایسی بہنوں کے بارے میں دریافت کیا گیا جن میں سے ایک نے اپنے باپ کو خرید کر اسے آزاد کر دیا اور پھر اس باپ کا انتقال ہو گیا ہو۔ تو ابراہیم نے جواب دیا دونوں کو اللہ کی کتاب میں وہ بیان شدہ حصے کے مطابق دو تہائی حصہ ملے گا اور باقی بچ جانے والا مال اس بیٹی کو ملے گا جس نے آزاد کیا تھا۔

**3053**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ یُوْسُفَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِیْلُ حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِیِّ فِی امْرَاَةٍ اَعْتَقَتْ اَبَاهَا فَمَاتَ الْاَبُ وَتَرَكَ اَرْبَعَ بَنَاتٍ هِیَ اِحْدَاهُنَّ قَالَ لَیْسَ عَلَیْهِ مِنَّةٌ لَّهُنَّ الثُّلُثَانِ وَهِیَ مَعَهُنَّ

☆☆ جو عورت اپنے باپ کو آزاد کر دے اس کے بارے میں شعبی یہ فرماتے ہیں کہ اگر اس کا باپ فوت ہو جائے اور اس نے چار بیٹیاں چھوڑی ہوں جن میں سے ایک وہ عورت ہو تو اس نے اپنے باپ پر کوئی احسان نہیں کیا ان سب بیٹیوں کو دو تہائی حصہ ملے گا اور وہ آزاد کرنے والی بھی اسی میں حصہ دار ہوگی۔

## بَابٌ فِیْمَنْ اَعْطٰی ذَوِی الْاَرْحَامِ دُوْنَ الْمَوَالِیْ

## باب 32: جو لوگ آزاد کرنے کی بجائے قریبی رشتہ داروں کو حصہ دیتے ہیں

**3054**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ حَيَّانَ بْنِ سُلَيْمَانَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ سُوَيْدِ بْنِ غَفَلَةَ فَجَائَهُ رَجُلٌ فَسَاَلَهُ عَنْ فَرِيْضَةِ رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَتَهُ وَامْرَاَتَهُ قَالَ اَنَا اُنَبِّئُكَ قَضَاءَ عَلِيٍّ قَالَ حَسْبِي قَضَاءُ عَلِيٍّ قَالَ قَضَى عَلِيٌّ لِامْرَاَتِهِ الثُّمُنَ وَلِابْنَتِهِ النِّصْفَ ثُمَّ رَدَّ الْبَقِيَّةَ عَلَى ابْنَتِهِ

☆☆ حیان بن سلیمان بیان کرتے ہیں: میں سوید بن غفلہ کے پاس موجود تھا۔ایک شخص ان کے پاس آیا اوران سے ایک شخص کی وراثت کے بارے میں دریافت کیا جس نے پسماندگان میں ایک بیٹی اور بیوی چھوڑی تھی تو سوید نے فرمایا: میں تمہیں اس بارے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فیصلہ بتاتا ہوں وہ شخص بولا: میرے لیے حضرت علی رضی اللہ عنہ کا فیصلہ کافی ہے۔سوید نے بتایا کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے اس شخص کی بیوی کے لیے آٹھویں حصے کا فیصلہ دیا تھا اور بیٹی کے لیے نصف حصے کا فیصلہ دیا تھا اور باقی بچ جانے والا مال اسی کی بیٹی کی طرف لوٹا دیا گیا تھا۔

**3055**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ اَبِي الْهَيْثَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ اَنَّ مَوْلَاةً لِاِبْرَاهِيْمَ تُوُفِّيَتْ وَتَرَكَتْ مَالًا فَقُلْتُ لِاِبْرَاهِيْمَ فَقَالَ اِنَّ لَهَا ذَا قَرَابَةٍ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں' ابراہیم کو آزاد کرنے والی خاتون فوت ہوگئی اس نے کچھ مال چھوڑا (راوی کہتے ہیں میں نے ابراہیم سے کہا) (آپ وہ حاصل کرلیں) انہوں نے جواب دیا اس خاتون کے قریبی رشتہ دار موجود ہیں۔

# بَابُ الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

## باب33: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو ملے گا

**3056**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَزَيْدٍ قَالَ وَاَحْسَبُهُ قَدْ ذَكَرَ عَبْدَ اللّٰهِ اَيْضًا اَنَّهُمْ قَالُوا الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ يَعْنُوْنَ بِالْكُبْرِ مَا كَانَ اَقْرَبَ بِاَبٍ اَوْ اُمٍّ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ، (راوی کو شک ہے) انہوں نے حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کا ذکر کیا تھا، یہ حضرات یہ فرماتے ہیں: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو ملے گا۔ان حضرات کی مراد یہ ہے کہ جو باپ یا ماں کی طرف سے زیادہ قریبی عزیز ہو۔

**3057**- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ حَدَّثَنَا اَشْعَثُ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ قَالَ كُتِبَ اِلَى عُمَرَ فِي شَاْنِ فُكَيْهَةَ بِنْتِ سَمْعَانَ اَنَّهَا مَاتَتْ وَتَرَكَتِ ابْنَ اَخِيْهَا لِاَبِيْهَا وَاُمِّهَا وَابْنَ اَخِيْهَا لِاَبِيْهَا فَكَتَبَ عُمَرُ اِنَّ الْوَلَاءَ لِلْكُبْرِ

☆☆ عبداللہ بن عتبہ بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے میری طرف فکیہہ بنت سمعان کے معاملے میں خط کے ذریعے یہ مسئلہ لکھا، یہ خاتون فوت ہوگئیں تھیں اس نے پسماندگان میں اپنے سگے بھائی کا بیٹا اور باپ کی طرف سے بھائی کا بیٹا چھوڑا تھا۔حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے خط میں یہ لکھا کہ ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو ملے گا۔

**3058**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ عَلِيًّا وَزَيْدًا قَالَا الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ وَقَالَ عَبْدُ اللّٰهِ وَشُرَيْحٌ لِلْوَرَثَةِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ بھی بیان فرماتے ہیں ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو ملے گا۔ عبداللہ اور شریح یہ بیان کرتے ہیں' یہ ورثاء کو حاصل ہوگا۔

**3059**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَضَى عُمَرُ وَعَبْدُ اللّٰهِ وَعَلِيٌّ وَّزَيْدٌ لِلْكُبْرِ بِالْوَلَاءِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے یہ فیصلہ دیا تھا کہ ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

**3060**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ ابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَ تُوُفِّيَتْ فُكَيْهَةُ بِنْتُ سَمْعَانَ وَتَرَكَتِ ابْنَ اَخِيْهَا لِاَبِيْهَا وَبَنِىْ بَنِىْ اَخِيْهَا لِاَبِيْهَا وَاُمِّهَا فَوَرَّثَ عُمَرُ بَنِىْ اَخِيْهَا لِاَبِيْهَا

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: فکیہہ بنت سمعان کا انتقال ہوگیا۔ انہوں نے پسماندگان میں اپنے باپ کی طرف سے شریک بھائی کا بیٹا اور سگے بھائی کا پوتا چھوڑا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے اس کے باپ کی طرف والے بھائی کے بیٹے کو اس کا وارث قرار دیا۔

**3061**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَّزَيْدٍ اَنَّهُمْ قَالُوْا الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ نے یہ بات ارشاد فرمائی ہے کہ ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

**3062**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِىْ اَخَوَيْنِ وَرِثَا مَوْلًى كَانَ اَعْتَقَهُ اَبُوْهُمَا فَمَاتَ اَحَدُهُمَا وَتَرَكَ وَلَدًا قَالَ كَانَ عَلِيٌّ وَّزَيْدٌ وَّعَبْدُ اللّٰهِ يَقُوْلُوْنَ الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

☆☆ دو ایسے بھائی جو کسی ایسے آزاد شدہ غلام کے وارث بنتے ہوں جسے ان کے والد نے آزاد کیا ہو اور پھر ان دونوں میں سے کوئی ایک بھائی فوت ہو جائے اور پسماندگان میں ایک بیٹے کو چھوڑے تو ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس مسئلے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ، حضرت زید رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے یہ فتویٰ دیا ہے کہ ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

**3063**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ مَطَرًا الْوَرَّاقَ يَقُوْلُ قَالَ عُمَرُ وَعَلِيٌّ الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

☆☆ مطر وراق بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

**3064**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ رَوْحٍ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ وَّابْنِ جُرَيْجٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

☆☆ ابن جریج طاؤس کے صاحبزادے کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

**3065**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشادفرماتے ہیں: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو حاصل ہوگا۔

## بَابٌ فِي الرَّجُلِ يُوَالِي الرَّجُلَ

## باب34: جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے ساتھ موالات (بھائی چارگی قائم کرلے)

**3066**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ وَسُفْيَانُ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الرَّجُلِ يُوَالِي الرَّجُلَ قَالَا هُوَ بَيْنَ الْمُسْلِمِيْنَ قَالَ سُفْيَانُ وَكَذٰلِكَ نَقُوْلُ

☆☆ حسن بصری ارشادفرماتے ہیں: جوشخص کسی دوسرے شخص کے ساتھ بھائی چارگی قائم کرلے تو یہ مسلمانوں کے درمیان ہوتی ہے۔

سفیان فرماتے ہیں: ہم بھی یہی بات کہتے ہیں۔

**3067**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ بْنُ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَوْهَبٍ قَالَ سَمِعْتُ تَمِيْمًا الدَّارِيَّ يَقُوْلُ سَاَلْتُ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا السُّنَّةُ فِي الرَّجُلِ مِنْ اَهْلِ الْكُفْرِ يُسْلِمُ عَلٰى يَدَيْ رَجُلٍ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ هُوَ اَوْلَى النَّاسِ بِمَحْيَاهُ وَمَمَاتِهِ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا اور عرض کی اے اللہ کے رسول! اہل کفر سے تعلق رکھنے والا ایک شخص کسی مسلمان کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیتا ہے تو اس بارے میں حکم کیا ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: زندگی اور موت ہر حالت میں وہ دوسرے لوگوں کی بہ نسبت زیادہ حقدار ہوگا۔

**3068**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ اَهْلِ السَّوَادِ اَسْلَمَ عَلٰى يَدَيْ رَجُلٍ قَالَ يَعْقِلُ عَنْهُ وَيَرِثُهُ

☆☆ ابراہیم نخعی سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جو دور دراز کے علاقے سے تعلق رکھتا ہو اگر وہ کسی شخص کے ہاتھ پر اسلام قبول کرلیتا ہے؟ ابراہیم نخعی نے جواب دیا (جس شخص کے ہاتھ پر اسلام قبول کیا گیا ہے) وہ اس شخص کی دیت ادا کرے گا اور وہی اس کا وارث بنے گا۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ اِنَّ الْمَرْاَةَ تَرِثُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا

## باب35: جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ عورت اپنے شوہر کی دیت میں وارث بنتی ہے

**3069**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ تَرِثُ الْمَرْاَةُ مِنْ دِيَةِ زَوْجِهَا فِي الْعَمْدِ وَالْخَطَاِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشادفرماتے ہیں: قتل عمد اور قتل خطاء ہر صورت میں بیوی اپنے شوہر کی دیت میں وارث بنتی ہے۔

**3070**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الدِّيَةُ عَلٰى فَرَائِضِ اللّٰهِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشادفرماتے ہیں: دیت کی تقسیم اللہ تعالیٰ کے مقرر کردہ وارثت کے قانون کے مطابق ہوگی۔

**3071**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا اَيُّوبُ عَنْ اَبِى قِلَابَةَ قَالَ الدِّيَةُ سَبِيلُهَا سَبِيلُ الْمِيرَاثِ

☆☆ ابوقلابہ فرماتے ہیں: دیت کی تقسیم کا طریقہ وہی ہے جو وراثت کی تقسیم کا ہے۔

**3072**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ وَّدَاوُدَ بْنِ اَبِى هِنْدٍ اَنَّ عُمَرَ بْنَ عَبْدِ الْعَزِيزِ كَتَبَ اَنْ يُوَرَّثَ الْاِخْوَةُ مِنَ الْاُمِّ مِنَ الدِّيَةِ

☆☆ عمر بن عبدالعزیز نے خط کے ذریعے یہ بات بیان کی ہے کہ ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائیوں کو دیت کی طرف سے وراثت کے مطابق حصہ ملے گا۔

**3073**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِى اللَّيْثُ حَدَّثَنِى يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ قَالَ الْعَقْلُ مِيرَاثٌ بَيْنَ وَرَثَةِ الْقَتِيلِ عَلٰى كِتَابِ اللّٰهِ وَفَرَائِضِهِ

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: دیت مقتول کے ورثاء میں اللہ کی کتاب میں موجود ان کے مخصوص حصوں کے مطابق تقسیم ہوگی۔

**3074**- حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ عَنْ بَعْضِ وَلَدِ ابْنِ الْحَنَفِيَّةِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَقَدْ ظَلَمَ مَنْ لَمْ يُوَرِّثِ الْاِخْوَةَ مِنَ الْاُمِّ مِنَ الدِّيَةِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: وہ شخص ظلم کا مرتکب ہوتا ہے جو ماں کی طرف والے بھائیوں کو دیت میں وارث قرار نہیں دیتا۔

**3075**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَّزَيْدٍ قَالُوا الدِّيَةُ تُورَثُ كَمَا يُورَثُ الْمَالُ خَطَؤُهُ وَعَمْدُهُ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں: دیت کو بھی وراثت کے طور پر تقسیم کیا جاتا ہے جیسے مال کو وراثت کے طور پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ اس میں قتل خطاء اور قتل عمد ایک جیسی حیثیت رکھتی ہے۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ لَا يُوَرَّثُ

## باب 36: جو حضرات اس بات کے قائل ہیں کہ اسے وراثت کے طور پر تقسیم نہیں کیا جاتا

**3076**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ كَانَ عَلِيٌّ لَّا يُوَرِّثُ الْاِخْوَةَ مِنَ الْاُمِّ وَلَا الزَّوْجَ وَلَا الْمَرْاَةَ مِنَ الدِّيَةِ شَيْئًا قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بَعْضُهُمْ يُدْخِلُ بَيْنَ اِسْمٰعِيلَ وَعَامِرٍ رَّجُلًا

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ ماں کی طرف والے بھائیوں، شوہر اور بیوی کو دیت میں سے کسی چیز کا وارث قرار نہیں دیتے۔

امام ابومحمد عبداللہ دارمی رحمۃ اللہ علیہ بیان کرتے ہیں: بعض نے اس روایت کی سند میں اسماعیل اور عامر نامی راویوں کے درمیان ایک اور شخص کا اضافہ کیا ہے۔

**3077**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ زِيَادٍ الْاَعْلَمِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا تُوَرَّثُ الْإِخْوَةُ مِنَ الْاُمِّ مِنَ الدِّيَةِ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ماں کی طرف سے تعلق رکھنے والے بھائی دیت میں وارث نہیں بنتے ہیں۔

## بَاب مِيْرَاثِ الْغَرْقٰى

## باب 37: ڈوب کر مرنے والوں کی وراثت

**3078**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ خَارِجَةَ بْنِ زَيْدٍ عَنْ زَيْدِ بْنِ ثَابِتٍ قَالَ كُلُّ قَوْمٍ مُتَوَارِثِيْنَ عَمِيَ مَوْتُهُمْ فِي هَدْمٍ اَوْ غَرَقٍ فَاِنَّهُمْ لَا يَتَوَارَثُوْنَ يَرِثُهُمُ الْاَحْيَاءُ

☆☆ حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہر قوم ایک دوسرے کی وارث بن جاتی ہے۔ ماسوائے ان لوگوں کے جو ملبے میں دب کر یا ڈوب کر ہلاک ہو۔ وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنتے۔ ان کے وارث صرف زندہ لوگ بنتے ہیں۔

**3079**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ عَتِيقٍ قَالَ قَرَاْتُ فِي بَعْضِ كُتُبِ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ فِي الْقَوْمِ يَقَعُ عَلَيْهِمُ الْبَيْتُ لَا يُدْرٰى اَيُّهُمَا مَاتَ قَبْلُ قَالَ لَا يُوَرَّثُ الْاَمْوَاتُ بَعْضُهُمْ مِنْ بَعْضٍ وَيُوَرَّثُ الْاَحْيَاءُ مِنَ الْاَمْوَاتِ

☆☆ یحییٰ بن عتیق بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے خط میں یہ بات پڑھی تھی کہ جب کچھ لوگوں کے اوپر گھر گر جائے اور یہ پتہ نہ چل سکے کہ کس کا انتقال پہلے ہوا ہے تو حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مرحومین ایک دوسرے کے وارث نہیں بنیں گے بلکہ زندہ لوگ ان مرحومین کے وارث بنیں گے۔

**3080**- حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرٌ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ اُمَّ كُلْثُومٍ وَابْنَهَا زَيْدًا مَاتَا فِي يَوْمٍ وَاحِدٍ فَالْتَقَتِ الصَّائِحَتَانِ فِي الطَّرِيقِ فَلَمْ يَرِثْ كُلُّ وَاحِدٍ مِنْهُمَا مِنْ صَاحِبِهِ وَاَنَّ اَهْلَ الْحَرَّةِ لَمْ يَتَوَارَثُوا وَاَنَّ اَهْلَ صِفِّيْنَ لَمْ يَتَوَارَثُوا

☆☆ جعفر اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: سیدہ ام کلثوم رضی اللہ عنہا اور ان کا بیٹا زید ایک ہی دن فوت ہوئے۔ یہاں تک کہ دونوں کے رونے والوں کا ایک ہی سڑک پر سامنا ہوا تو ان میں سے کسی ایک کو دوسرے کا وارث نہیں بنایا گیا۔

اسی طرح واقعہ حرہ میں جو لوگ فوت ہوئے وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنے۔ اسی طرح جنگ صفین میں جو لوگ مارے گئے وہ ایک دوسرے کے وارث نہیں بنے۔

**3081**- اَخْبَرَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِی لَیْلٰی عَنِ الشَّعْبِیِّ اَنَّ بَیْتًا بِالشَّامِ وَقَعَ عَلٰی قَوْمٍ فَوَرَّثَ عُمَرُ بَعْضَهُمْ مِنْ بَعْضٍ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: شام میں ایک گھر گر گیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کو ایک دوسرے کا وارث قرار دیا۔

**3082**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا سُفْیَانُ عَنْ حُرَیْسٍ عَنْ اَبِیْهِ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّهُ وَرَّثَ اَخَوَیْنِ قُتِلَا بِصِفِّیْنَ اَحَدَهُمَا مِنَ الْاٰخَرِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے جنگ صفین میں مارے جانے والے دو بھائیوں میں سے ایک کو دوسرے کا وارث قرار دیا تھا۔

## بَابُ مِیْرَاثِ ذَوِی الْاَرْحَامِ

## باب 38: ذوی الارحام کی وراثت

**3083**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا حُمَیْدٌ عَنْ بَکْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْمُزَنِیِّ اَنَّ رَجُلًا هَلَکَ وَتَرَکَ عَمَّتَهُ وَخَالَتَهُ فَاَعْطٰی عُمَرُ الْعَمَّةَ نَصِیْبَ الْاَخِ وَاَعْطَی الْخَالَةَ نَصِیْبَ الْاُخْتِ

☆☆ بکر بن عبداللہ مزنی بیان کرتے ہیں: ایک شخص فوت ہو گیا اس نے پسماندگان میں پھوپھی اور ایک خالہ کو چھوڑا پھوپھی کو بھائی کا حصہ دیا اور خالہ کو بہن کا حصہ دیا۔

**3084**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ قَالَ مَنْ اَدْلٰی بِرَحِمٍ اُعْطِیَ بِرَحِمِهِ الَّتِیْ یُدْلِیْ بِهَا

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں جو شخص جس رشتے کے حوالے سے میت سے تعلق رکھتا ہو اس کے حساب سے وراثت میں حصہ دیا جائے گا۔

**3085**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ قَالَ حَدَّثَنِیْ اَبُوْ اِسْحٰقَ الشَّیْبَانِیُّ عَنِ الشَّعْبِیِّ فِیْ رَجُلٍ تَرَکَ عَمَّتَهُ وَابْنَةَ اَخِیْهِ قَالَ الْمَالُ لِابْنَةِ اَخِیْهِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے پسماندگان میں ایک پھوپھی اور ایک بھتیجی چھوڑی اس کا مال اس کی بھتیجی کو ملے گا۔

**3086**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا شَرِیْکٌ عَنْ لَیْثٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْمُنْکَدِرِ عَنْ اَبِیْ هُرَیْرَةَ عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْخَالُ وَارِثٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: ماموں بھی وارث بن جاتے ہیں۔

**3087**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ عُبَیْدَةَ عَنْ اِبْرَاهِیْمَ اَنَّ عُمَرَ وَعَبْدَ اللّٰهِ رَاَیَا اَنْ یُوَرِّثَا خَالًا

☆☆ ابراہیم نخعی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ اس بات کے قائل تھے کہ ماموں بھی وارث بن

جاتا ہے۔

**3088**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ سُلَيْمَانَ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِیْ عَمَّةٍ وَّبِنْتِ اَخٍ قَالَ الْمَالُ لِابْنَةِ الْاَخِ

☆☆ امام شعبی پھوپھی اور بھتیجی کے بارے میں فرماتے ہیں کہ سارا مال بھتیجی کو مل جائے گا۔

**3089**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ اَخْبَرَنَا حَسَنٌ عَنْ سُلَيْمَانَ عَنْ بَعْضِهِمْ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لِلْعَمَّةِ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں پھوپھی کو ملے گا۔

**3090**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِیْ بِنْتِ اَخٍ وَّعَمَّةٍ قَالَ اَعْطِی الْمَالَ لِابْنَةِ الْاَخِ

☆☆ بھتیجی اور پھوپھی کے بارے میں امام شعبی یہ فرماتے ہیں کہ سارا مال (میت کی) بھتیجی کو ملے گا۔

**3091**- حَدَّثَنَا يَعْلٰی حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَسْرُوْقٍ فِیْ رَجُلٍ تُوُفِّیَ وَلَيْسَ لَهٗ وَارِثٌ اِلَّا ابْنَةَ اَخِيْهِ وَخَالُهٗ قَالَ لِلْخَالِ نَصِيْبُ اُخْتِهٖ وَلِابْنَةِ الْاَخِ نَصِيْبُ اَبِيْهَا

☆☆ ایسا شخص جو فوت ہو جائے اور اس کے ورثاء میں صرف ایک بھتیجی ہو اور ایک ماموں ہو اس کے بارے میں مسروق فرماتے ہیں: ماموں کو اس کی بہن جتنا حصہ ملے گا اور بھتیجی کو اس کے باپ جتنا حصہ ملے گا۔

**3092**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا يُوْنُسُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ كَانَ مَسْرُوْقٌ يُنَزِّلُ الْعَمَّةَ بِمَنْزِلَةِ الْاَبِ اِذَا لَمْ يَكُنْ اَبٌ وَّالْخَالَةَ بِمَنْزِلَةِ الْاُمِّ اِذَا لَمْ تَكُنْ اُمٌّ

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں: مسروق پھوپھی کو باپ کی جگہ رکھتے تھے جبکہ باپ موجود نہ ہو اور خالہ کو ماں کی جگہ رکھتے تھے جبکہ ماں موجود نہ ہو۔

**3093**- حَدَّثَنَا يَعْلٰی عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحٰقَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ حَبَّانَ نَسَبَهٗ اِلٰی جَدِّهٖ عَنْ عَمِّهٖ وَاسِعِ بْنِ حَبَّانَ قَالَ تُوُفِّیَ ابْنُ الدَّحْدَاحَةِ وَكَانَ اَتِيًّا وَّهُوَ الَّذِیْ لَا يُعْرَفُ لَهٗ اَصْلٌ فَكَانَ فِیْ بَنِی الْعَجْلَانِ وَلَمْ يَتْرُكْ عَقِبًا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِعَاصِمِ بْنِ عَدِيٍّ هَلْ تَعْلَمُوْنَ لَهٗ فِيْكُمْ نَسَبًا قَالَ مَا نَعْرِفُهٗ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ فَدَعَا ابْنَ اُخْتِهٖ فَاَعْطَاهُ مِيْرَاثَهٗ

☆☆ واسع بیان کرتے ہیں: ابن دحداحہ کا انتقال ہو گیا۔ وہ اس جگہ پر اجنبی تھے۔ ان کی اصل کا پتہ نہیں چل سکا وہ بنوعجلان میں رہا کرتے تھے۔ انہوں نے پسماندگان میں کوئی شخص نہیں چھوڑا۔ نبی اکرم ﷺ نے عاصم بن علی سے دریافت کیا کیا تمہیں اس کے نسب کا پتہ ہے۔ انہوں نے جواب دیا۔ واللہ ہمیں اس کا پتہ نہیں ہے۔ نبی اکرم ﷺ نے اس شخص کے بھانجے کو بلا کر اس کی وراثت اس کے حوالے کر دی۔

**3094**- حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ حَدَّثَنَا اَبِیْ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عُمَرَ اَنَّهٗ اَعْطَی خَالًا الْمَالَ

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ماموں کو (میت کی) وارثت کا مال دے دیا تھا۔

**3095**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَانِئٍ قَالَ سُئِلَ عَامِرٌ عَنِ امْرَاَةٍ اَوْ رَجُلٍ تُوُفِّيَ وَتَرَكَ خَالَةً وَعَمَّةً لَيْسَ لَهُ وَارِثٌ وَّلَا رَحِمٌ غَيْرُهُمَا فَقَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ يُنَزِّلُ الْخَالَةَ بِمَنْزِلَةِ اُمِّهِ وَيُنَزِّلُ الْعَمَّةَ بِمَنْزِلَةِ اَخِيْهَا

☆☆ ابوہانی بیان کرتے ہیں: عامر سے ایسی خاتون یا مرد کے بارے میں دریافت کیا گیا جوفوت ہوجائے اور پسماندگان میں ایک خالہ اور پھوپھی کو چھوڑے تو عامر نے جواب دیا اگر اس کا کوئی اور وارث نہیں ہے اوران دونوں کے علاوہ کوئی اور قریبی عزیز نہیں ہے تو حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ خالہ کو ماں کی جگہ اور پھوپھی کو اسکے بھائی (میت کے باپ کی جگہ) قرار دیتے ہیں۔

## بَابٌ فِي الِادِّعَاءِ وَالْاِنْكَارِ

## باب 39: دعویٰ کرنا اور انکار کرنا

**3096**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ فِيْ رَجُلٍ اعْتَرَفَ عِنْدَ مَوْتِهِ بِاَلْفِ دِرْهَمٍ لِرَجُلٍ وَّاَقَامَ اٰخَرُ بَيِّنَةً بِاَلْفِ دِرْهَمٍ وَّتَرَكَ الْمَيِّتُ اَلْفَ دِرْهَمٍ فَقَالَ الْمَالُ بَيْنَهُمَا نِصْفَيْنِ اِلَّا اَنْ يَّكُوْنَ مُفْلِسًا فَلَا يَجُوْزُ اِقْرَارُهُ

☆☆ حسن بصری فرماتے ہیں: جوشخص موت کے وقت یہ اعتراف کرے کہ میں نے کسی شخص کے ایک ہزار درہم دینے ہیں اور پھر کوئی اور شخص گواہی کے ذریعے یہ ثابت کردے کہ اس نے مرنے والے سے ایک ہزار درہم لینے ہیں جبکہ میت نے وراثت میں ایک ہزار درہم چھوڑے ہوں تو حسن ارشاد فرماتے ہیں: یہ مال ان دونوں کے درمیان دو حصوں میں تقسیم ہوجائے گا۔ البتہ اگر وہ مرحوم مفلس ہوتو اس کا اقرار درست نہیں ہوگا۔

**3097**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ قَالَ قُلْتُ لِشَرِيْكٍ كَيْفَ ذَكَرْتَ فِي الْاَخَوَيْنِ يَدَّعِي اَحَدُهُمَا اَخًا قَالَ يُدْخَلُ عَلَيْهِ فِيْ نَصِيْبِهِ قُلْتُ مَنْ ذَكَرَهُ قَالَ جَابِرٌ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِيٍّ

☆☆ ابونعیم بیان کرتے ہیں: میں نے شریک سے دریافت کیا جب دو بھائیوں میں سے ایک بھائی کسی اور بھائی کے بارے میں دعویٰ کرے تو اس بارے میں آپ نے کیا بات ذکر کی تھی تو انہوں نے جواب دیا وہ دعویٰ کرنے والے شخص کے حصے میں سے ہی اس بھائی کو شامل کیا جائے گا میں نے دریافت کیا یہ بات کس نے ذکر کی ہے۔ انہوں نے جواب دیا یہ بات جابر نے، عامر کے حوالے سے، حضرت علی رضی اللہ عنہ کے حوالے سے نقل کی ہے۔

**3098**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمُحَارِبِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِي الْاِخْوَةِ يَدَّعِي بَعْضُهُمُ الْاَخَ وَيُنْكِرُ الْاٰخَرُوْنَ قَالَ يُدْخَلُ مَعَهُمْ بِمَنْزِلَةِ عَبْدٍ يَّكُوْنُ بَيْنَ الْاِخْوَةِ فَيَعْتِقُ اَحَدُهُمْ نَصِيْبَهُ قَالَ وَكَانَ عَامِرٌ وَّالْحَكَمُ وَاَصْحَابُهُمَا يَقُوْلُوْنَ لَا يُدْخَلُ اِلَّا فِيْ نَصِيْبِ الَّذِي اعْتَرَفَ بِهِ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں: جب کچھ بھائیوں میں سے کچھ لوگ ایک بھائی کے بارے میں دعویٰ کریں اور دیگر بھائی اس کا انکار کردیں تو اس کے بارے میں ابراہیم نخعی یہ فرماتے ہیں: اس بھائی کو ان کے ہمراہ ایک ایسے غلام کے طور پر رکھا جائے گا جو ان

بھائیوں کے درمیان مشترک ہو اور پھر ان میں سے کوئی ایک اپنے حصے کو آزاد کردے۔
عامر، حکم اور ان کے شاگرد یہ کہتے ہیں اس بھائی کو صرف اس شخص کے حصے میں شامل کیا جائے گا جس نے اس کے بھائی ہونے کا اعتراف کیا ہے۔

**3099**- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرٍ عَنْ وَكِيعٍ قَالَ إِذَا كَانَا أَخَوَيْنِ فَادَّعَى أَحَدُهُمَا أَخًا وَأَنْكَرَهُ الْآخَرُ قَالَ كَانَ ابْنُ أَبِي لَيْلَى يَقُولُ هِيَ مِنْ سِتَّةٍ لِلَّذِي لَمْ يَدَّعِ ثَلَاثَةٌ وَلِلْمُدَّعِي سَهْمَانِ وَلِلْمُدَّعَى سَهْمٌ

☆☆ وکیع بیان کرتے ہیں: جب دو بھائی موجود ہوں اور ان دونوں میں سے کوئی ایک، کسی شخص کے بھائی ہونے کا اقرار کرے اور دوسرا بھائی اس کا انکار کردے تو شیخ ابن ابی لیلیٰ فرماتے ہیں: وہ وراثت چھ حصوں میں تقسیم ہوگی۔ تین حصے اس شخص کو ملیں گے جس نے دعویٰ نہیں کیا تھا (یعنی اس شخص کے بھائی ہونے کا اقرار کیا تھا) جس شخص کے بارے میں دعویٰ کیا گیا اسے دو حصے ملیں گے اور جو دعویٰ کرنے والا تھا اسے ایک حصہ ملے گا۔

**3100**- حَدَّثَنَا يُونُسُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ حَمَّادٍ فِي الرَّجُلِ يَكُونُ لَهُ ثَلَاثَةُ بَنِينَ فَقَالَ ثُلُثِي لِأَصْغَرِ بَنِيَّ فَقَالَ الْأَوْسَطُ أَنَا أُجِيزُ وَقَالَ الْأَكْبَرُ أَنَا لَا أُجِيزُ قَالَ هِيَ مِنْ تِسْعَةٍ يُخْرِجُ ثُلُثَهُ فَلَهُ سَهْمُهُ وَسَهْمُ الَّذِي أَجَازَ وَقَالَ حَمَّادٌ يُرَدُّ السَّهْمُ عَلَيْهِمْ جَمِيعًا وَقَالَ عَامِرٌ الَّذِي رَدَّ إِنَّمَا رَدَّ عَلَى نَفْسِهِ

☆☆ ایک ایسا شخص جس کے تین بیٹے ہوں وہ شخص یہ کہے کہ میرا ایک تہائی مال میرے سب سے چھوٹے بیٹے کے لیے ہے، درمیانہ بیٹا یہ کہے میں اسے درست قرار دیتا ہوں اور بڑا بیٹا یہ کہے میں اسے درست قرار نہیں دیتا۔ ایسے شخص کے بارے میں حماد یہ کہتے ہیں: یہ وراثت نو حصوں میں تقسیم ہوگی جس میں سے تین حصے نکال لیے جائیں گے۔ اس شخص کو ایک اپنا حصہ ملے گا اور ایک اس شخص کا حصہ ملے گا جس کے لیے اس نے درست قرار دیا تھا۔

حماد بیان کرتے ہیں: ایک حصہ ان تینوں کی طرف واپس کیا جائے گا۔

عامر فرماتے ہیں: جس شخص نے اسے واپس کیا ہے۔ اس نے اپنے حصے میں سے اسے واپس کیا ہے۔

**3101**- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ آدَمَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ شُرَيْحٍ فِي رَجُلٍ أَقَرَّ بِأَخٍ قَالَ بَيِّنَتُهُ أَنَّهُ أَخُوهُ

☆☆ ابن سیرین بیان کرتے ہیں: شریح نے ایک ایسے شخص کے بارے میں جس نے کسی بھائی کا اقرار کیا تھا۔ یہ فرمایا تھا اسے ثبوت پیش کرنا ہوگا کہ یہ اس کا بھائی ہے۔

**3102**- أَخْبَرَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا أَبُو عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنِ الْحَارِثِ الْعُكْلِيِّ فِي رَجُلٍ أَقَرَّ عِنْدَ مَوْتِهِ بِأَلْفِ دِرْهَمٍ مُضَارَبَةً وَأَلْفٍ دَيْنًا وَلَمْ يَدَعْ إِلَّا أَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ يُبْدَأُ بِالدَّيْنِ فَإِنْ فَضَلَ فَضْلٌ كَانَ لِصَاحِبِ الْمُضَارَبَةِ

☆☆ حارث عکلی ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں: جو مرتے وقت ایک ہزار درہم مضاربت کا اعتراف کرے اور ایک ہزار روپے قرض ہونے کا اعتراف کرے اور وراثت میں صرف ایک ہزار درہم چھوڑ کر جائے حارث عکلی فرماتے ہیں: سب سے پہلے اس کا قرض دیا جائے گا۔ پھر جو بچ جائے گا وہ مضاربت سے متعلق فریق وصول کرلیں گے۔

**3103**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي رَجُلٍ مَاتَ وَتَرَكَ ثَلاثَ مِائَةِ دِرْهَمٍ وَثَلاثَةَ بَنِينَ فَجَاءَ رَجُلٌ يَدَّعِي مِائَةَ دِرْهَمٍ عَلَى الْمَيِّتِ فَاَقَرَّ لَهُ اَحَدُهُمْ قَالَ يُدْخَلُ عَلَيْهِمْ بِالْحِصَّةِ ثُمَّ قَالَ الشَّعْبِيُّ مَا اُرَى اَنْ يَكُونَ مِيرَاثًا حَتّٰى يُقْضَى الدَّيْنُ

☆☆ شعبی فرماتے ہیں: جوشخص فوت ہوجائے اس نے تین سو درہم چھوڑے ہوں اور تین بیٹے چھوڑے ہوں اور پھر ایک شخص آئے جو میت سے ایک سو درہم کی وصولی کا دعویدار ہو پھر ان تین بیٹوں میں سے کوئی ایک اس کے حق میں اقرار کرے تو شعبی فرماتے ہیں: اس بیٹے کے حصے میں اسے شامل کیا جائے گا۔ پھر اس کے بعد شعبی نے فرمایا: میرا یہ خیال ہے کہ وراثت اس وقت تک تقسیم نہیں ہوگی جب تک قرض ادا نہ کر دیا جائے۔

**3104**- حَدَّثَنَا اَبُو خَيْثَمَةَ مُصْعَبُ بْنُ سَعِيدٍ الْحَرَّانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنِ الْحَسَنِ فِي رَجُلٍ هَلَكَ وَتَرَكَ ابْنَيْنِ وَتَرَكَ اَلْفَيْ دِرْهَمٍ فَاقْتَسَمَا الْاَلْفَيْ دِرْهَمٍ وَغَابَ اَحَدُ الِابْنَيْنِ فَجَاءَ رَجُلٌ فَاسْتَحَقَّ عَلَى الْمَيِّتِ اَلْفَ دِرْهَمٍ قَالَ يَاْخُذُ جَمِيعَ مَا فِي يَدِ هٰذَا الشَّاهِدِ وَيُقَالُ لَهُ اتَّبِعْ اَخَاكَ الْغَائِبَ وَخُذْ نِصْفَ مَا فِي يَدِهِ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص فوت ہوجائے اور دو بیٹے چھوڑ کر جائے اور دو ہزار درہم چھوڑ کر جائے اور وہ دونوں بیٹے ان دو ہزار درہم کو تقسیم کرلیں ان دونوں بیٹوں میں سے اگر ایک بیٹا موجود نہ ہو اور ایک شخص آ کر میت سے ایک ہزار درہم کی وصولی کا حق ثابت کردے تو حسن فرماتے ہیں: وہ شخص موجود بیٹے سے ایک ہزار درہم وصول کرے گا اور اس بیٹے سے کہا جائے گا اب تم اپنے غیر موجود بھائی کے پاس جانا اور اس کے پاس جو رقم موجود ہے اس میں سے اپنا نصف حصہ وصول کر لینا۔

**3105**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ زِيَادٍ الْاَعْلَمِ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا اَقَرَّ بَعْضُ الْوَرَثَةِ بِدَيْنٍ فَهُوَ عَلَيْهِ بِحِصَّتِهِ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جب ورثاء میں سے کوئی ایک قرض کا اقرار کرلے تو وہ قرض اس کے حصے میں سے ادا کیا جائے گا۔

**3106**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ اَبِي هَاشِمٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اِذَا شَهِدَ اثْنَانِ مِنَ الْوَرَثَةِ بِدَيْنٍ فَهُوَ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ اِذَا كَانُوا عُدُولًا وَقَالَ الشَّعْبِيُّ عَلَيْهِمَا فِي نَصِيبِهِمَا

☆☆ ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: جب ورثا میں سے دو لوگ قرض کے بارے میں گواہی دیں تو یہ پورے مال میں سے دی جائے گی بشرطیکہ وہ گواہ عادل ہوں۔

شعبی فرماتے ہیں: ان دونوں گواہوں کے مخصوص حصے میں سے ادائیگی کی جائے گی۔

## بَابٌ فِي مِيرَاثِ الْمُرْتَدِّ

## باب 40: مرتد شخص کی وراثت کا حکم

**3107**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ الْوَلِيدِ بْنِ جُمَيْعٍ قَالَ اَخْبَرَنِي اَبِي عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عَبْدِ

الرَّحْمٰنِ قَالَ كَانَ ابْنُ مَسْعُوْدٍ يُوَرِّثُ اَهْلَ الْمُرْتَدِّ اِذَا قُتِلَ

☆☆ قاسم بن عبدالرحمن فرماتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مرتد شخص کی وراثت اس کے ورثاء میں تقسیم کرتے تھے جبکہ اسے (ارتداد کی وجہ سے) قتل کر دیا گیا ہو۔

**3108**- حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّيْبَانِيِّ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ جَعَلَ مِيْرَاثَ الْمُرْتَدِّ لِوَرَثَتِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

☆☆ ابوعمرو شیبانی فرماتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے مرتد کی وراثت اس کے مسلمان ورثاء میں تقسیم کی تھی۔

**3109**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ عَنِ الْحَكَمِ اَنَّ عَلِيًّا قَضٰى فِيْ مِيْرَاثِ الْمُرْتَدِّ لِاَهْلِهٖ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

☆☆ حکم فرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مرتد شخص کی وراثت کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا کہ وہ اس کے مسلمان ورثاء کو ملے گی۔

## بَابُ مِيْرَاثِ الْقَاتِلِ

## باب 41: قاتل شخص کی وراثت

**3110**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ هُوَ ابْنُ عَمْرٍو عَنْ عَبْدِ الْكَرِيْمِ عَنِ الْحَكَمِ قَالَ اِذَا قَتَلَ الرَّجُلُ اَخَاهُ عَمْدًا لَمْ يُوَرَّثْ مِنْ مِيْرَاثِهٖ وَلَا مِنْ دِيَتِهٖ فَاِذَا قَتَلَهٗ خَطَاً وُرِّثَ مِنْ مِيْرَاثِهٖ وَلَمْ يُوَرَّثْ مِنْ دِيَتِهٖ قَالَ وَكَانَ عَطَاءٌ يَقُوْلُ ذٰلِكَ

☆☆ حکم فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنے کسی بھائی کو جان بوجھ کر قتل کر دے تو وہ شخص اس مقتول کی وراثت میں حصہ دار نہیں بنے گا اور اس کی دیت میں بھی حصہ دار نہیں بنے گا لیکن اگر اس نے مقتول کو غلطی سے قتل کیا ہو تو وہ اس کی وراثت میں حصہ دار بنے گا البتہ اس کی دیت میں حصہ دار نہیں بنے گا۔

عطاء بھی اسی بات کے قائل ہیں۔

**3111**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ خِلَاسٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ رَمٰى رَجُلٌ اُمَّهٗ بِحَجَرٍ فَقَتَلَهَا فَطَلَبَ مِيْرَاثَهٗ مِنْ اِخْوَتِهٖ فَقَالَ لَهٗ اِخْوَتُهٗ لَا مِيْرَاثَ لَكَ فَارْتَفَعُوْا اِلٰى عَلِيٍّ فَجَعَلَ عَلَيْهِ الدِّيَةَ وَاَخْرَجَهٗ مِنَ الْمِيْرَاثِ .

☆☆ خلاس روایت کرتے ہیں: ایک شخص نے اپنی ماں کو پتھر کے ذریعے مار کر قتل کر دیا۔ پھر اس شخص نے اپنے بھائیوں سے اس خاتون کی وراثت کا مطالبہ کیا تو اس کے بھائیوں نے اس سے کہا کہ تمہیں وراثت نہیں ملے گی۔ یہ لوگ مقدمہ لے کر حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے تو اس شخص نے دیت کی ادائیگی لازم قرار دی اور اسے وراثت سے محروم قرار دیا۔

**3112**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ عَنِ الْحَكَمِ اَنَّ الرَّجُلَ اِذَا قَتَلَ امْرَاَتَهٗ خَطَاً اَنَّهٗ

يُمْنَعُ مِيْرَاثَهٗ مِنَ الْعَقْلِ وَغَيْرِهٖ

☆☆ حکم فرماتے ہیں: جب کوئی شخص اپنی بیوی کو غلطی سے قتل کردے تو اس کی دیت اور اس کے علاوہ اس عورت کی جو وراثت ہے وہ اس سے محروم ہوجائے گا۔

**3113**- اَخْبَرَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَرِثُ الْقَاتِلُ مِنَ الْمَقْتُوْلِ شَيْئًا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: قتل کرنے والا شخص مقتول کے کسی بھی مال کا وارث نہیں بنتا ہے۔

**3114**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ فِيْ رَجُلٍ قَذَفَ امْرَاَتَهٗ وَجَآءَ بِشُهُوْدٍ فَرُجِمَتْ قَالَ يَرِثُهَا

☆☆ ایک شخص اپنی بیوی پر تہمت عائد کرتا ہے اور گواہ پیش کردیتا ہے جس کی وجہ سے اس عورت کو سنگسار کردیا جاتا ہے۔
قتادہ فرماتے ہیں: وہ شخص اس عورت کا وارث بنے گا۔

**3115**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ حَمَّادٍ فِيْ رَجُلٍ جُلِدَ الْحَدَّ اَرَاهُ مَاتَ شَكَّ اَبُو النُّعْمَانِ قَالَ يَتَوَارَثَانِ

☆☆ ایک شخص کو حد میں کوڑے لگائے جاتے ہیں اور وہ فوت ہوجاتا ہے۔ حماد فرماتے ہیں: وہ دونوں ایک دوسرے کے وارث بنیں گے۔ (کوڑے لگانے والا بھی اور جسے کوڑے لگائے گئے ہیں وہ شخص بھی)۔

**3116**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ الْقَاتِلُ لَا يَرِثُ وَلَا يَحْجُبُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: قتل کرنے والا شخص وارث نہیں بنتا اور کسی کو محجوب نہیں کرتا۔

**3117**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا حَسَنٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِيْ عَمْرٍو الْعَبْدِيِّ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ لَا يُوَرَّثُ الْقَاتِلُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: قاتل شخص کو وراثت نہیں ملتی۔

**3118**- حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عُمَرُ لَا يَرِثُ قَاتِلٌ خَطَاً وَّلَا عَمْدًا

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غلطی سے یا جان بوجھ کر جس طریقے سے بھی قتل کیا ہو قاتل کو وارث نہیں بنایا جاتا۔

**3119**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَرِثُ الْقَاتِلُ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: قاتل وارث نہیں بن سکتا۔

## بَابُ فَرَائِضِ الْمَجُوْسِ
## باب 42: مجوسیوں کی وراثت کا حکم

**3120**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسٰى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ اِذَا اجْتَمَعَ نَسَبَانِ وُرِّثَ بِاَكْبَرِهِمَا يَعْنِي الْمَجُوْسَ

☆☆ زہری ارشادفرماتے ہیں: جب دونسب اکٹھے ہوجائیں تو ان میں سے بڑا وارث بنے گا۔ یہ حکم مجوسیوں کے بارے میں ہے۔

**3121**- حَدَّثَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حَمَّادِ بْنِ اَبِي سُلَيْمَانَ قَالَ يَرِثُ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِي يَصْلُحُ وَلَا يَرِثُ مِنَ الْجَانِبِ الَّذِي لَا يَصْلُحُ

☆☆ حماد بن ابوسلیمان فرماتے ہیں: وارث اس جانب سے بنے گا جو اس کی صلاحیت رکھتا ہو اور اس جانب سے نہیں بنے گا جو اس کی صلاحیت نہیں رکھتا ہو۔

**3122**- حَدَّثَنَا حَجَّاجٌ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ سُفْيَانَ الثَّوْرِيِّ عَنْ رَجُلٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ عَلِيًّا وَّابْنَ مَسْعُوْدٍ قَالَا فِي الْمَجُوْسِ اِذَا اَسْلَمُوْا يَرِثُوْنَ مِنَ الْقَرَابَتَيْنِ جَمِيْعًا

☆☆ شعبی ارشادفرماتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ مجوسیوں کے بارے میں ارشادفرماتے ہیں: جب وہ اسلام قبول کرلیں تو دونوں طرف کی رشتہ داری کے حوالے سے وارث بنیں گے۔

## بَابُ مِيْرَاثِ الْاَسِيْرِ

## باب 43: قیدی شخص کی وراثت کا حکم

**3123**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا ابْنُ اَبِي الزِّنَادِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِي امْرَاَةِ الْاَسِيْرِ اَنَّهَا تَرِثُهُ وَيَرِثُهَا

☆☆ حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے ایک قیدی کی بیوی کے بارے میں ارشادفرمایا تھا۔ یہ اس قیدی کی وارث بنے گی اور وہ اس کا وارث بنے گا۔

**3124**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَضْلِ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنِي مَعْمَرٌ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ فِي الْاَسِيْرِ يُوْصِيْ قَالَ اَجِزْ لَهُ وَصِيَّتَهُ مَا دَامَ عَلٰى دِيْنِهِ لَمْ يَتَغَيَّرْ عَنْ دِيْنِهِ

☆☆ جو قیدی وصیت کردے اس کے بارے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ نے یہ فرمایا تھا: ہم اس کی وصیت کو برقرار رکھیں گے جب تک وہ اپنے دین پر قائم رہے اور اپنے دین میں کوئی تبدیلی نہ کرے۔

**3125**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ دَاوُدَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ يُوَرَّثُ الْاَسِيْرُ اِذَا كَانَ فِي اَيْدِي الْعَدُوِّ

☆☆ قاضی شریح فرماتے ہیں: قیدی شخص کی وراثت تقسیم ہوگی جبکہ وہ دشمن کے ہاں قید ہو۔

**3126**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدٌ قَالَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ حَدَّثَنِي مَنْ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ يَقُوْلُ يُوَرَّثُ الْاَسِيْرُ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں: قیدی شخص کووارث بنایا جائے گا۔

**3127**- حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ دَاوُدَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ اَنَّهُ كَانَ لَا يُوَرِّثُ الْاَسِيْرَ

☆☆ سعید بن مسیب فرماتے ہیں: قیدی شخص کووارث نہیں بنایا جائے گا۔

## بَابٌ فِيْ مِيْرَاثِ الْحَمِيْلِ

## باب 44: حمیل کی وراثت

**3128**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا الْاَشْعَثُ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَتَبَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِلٰى شُرَيْحٍ اَنْ لَّا يُوَرِّثَ الْحَمِيْلَ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ وَّاِنْ جَائَتْ بِهٖ فِيْ خِرَقِهَا

☆☆ شعبی ارشادفرماتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے قاضی شریح کو یہ خط میں لکھا تھا کہ حمیل کوصرف ثبوت کی موجودگی میں وارث بنایا جاسکتا ہے اگر چہ کوئی عورت اسے کپڑے میں لپیٹ کرلائی ہو۔

**3129**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَّنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ يُوَرَّثُ الْحَمِيْلَ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں: حمیل شخص کووارث بنایا جاسکتا ہے۔

**3130**- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدٍ مِّنْ بَنِيْ اُمَيَّةَ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ ضَمْرَةَ وَالْفُضَيْلِ بْنِ فَضَالَةَ وَابْنِ اَبِيْ عَوْفٍ وَّرَاشِدٍ وَّعَطِيَّةَ قَالُوْا لَا يُوَرَّثُ الْحُمَلَاءُ

☆☆ ضمرہ، فضیل ابن فضالہ، ابن ابی عوف، راشد، عطیہ فرماتے ہیں: حمیل شخص کووارث نہیں بنایا جاسکتا۔

**3131**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ قَالَ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُّحَمَّدٍ قَالَ ذُكِرَ عِنْدَهُ قَوْلُ مَنْ يَّقُوْلُ فِي الْحَمِيْلِ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ وَقَالَ قَدْ تَوَارَثَ الْمُهَاجِرُوْنَ وَالْاَنْصَارُ بِنَسَبِهِمِ الَّذِيْ كَانَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ

☆☆ ابن عون محمد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: ان کے سامنے حمیل کے بارے میں کسی کا فتویٰ نقل کیا گیا تو انہوں نے اس کا انکار کرتے ہوئے کہا مہاجرین اور انصار زمانہ جاہلیت کے اپنے نسب کے حساب سے وراثت تقسیم کرتے تھے۔

**3132**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ عَنِ ابْنِ اِدْرِيْسَ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ وَابْنِ سِيْرِيْنَ قَالَا لَا يُوَرَّثُ الْحَمِيْلُ اِلَّا بِبَيِّنَةٍ

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور ابن سیرین فرماتے ہیں: حمیل شخص کوصرف ثبوت کی روشنی میں وارث بنایا جاسکتا ہے۔

**3133**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ لَّيْثٍ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَمْ يَكُنْ اَبُوْ بَكْرٍ وَّعُمَرُ وَعُثْمَانُ يُوَرِّثُوْنَ الْحَمِيْلَ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ، حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت عثمان رضی اللہ عنہ حمیل شخص کووارث قرارنہیں دیتے تھے۔

**3134**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحِيْمِ الْمُحَارِبِيُّ عَنْ زَائِدَةَ عَنْ اَشْعَثَ بْنِ اَبِي الشَّعْثَاءِ قَالَ اَقَرَّتِ

اۃٌ مِّنْ مُحَارِبٍ جَلِيبَةٌ بِنَسَبٍ لَهَا جَلِيبٍ فَوَرَّثَهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُتْبَةَ مِنْ أُخْتِهِ

☆☆ اشعث بن ابوشعثاء فرماتے ہیں: محارب قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون جسے کہیں اور سے لایا گیا تھا اس نے اپنے لیے ایک بھائی، جسے کہیں اور سے لایا گیا تھا، کے نسب کا اقرار کیا تو حضرت عبداللہ بن عتبہ رضی اللہ عنہ نے اس شخص کو اس کی بہن کا وارث قرار دیا۔

**3135**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُونُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ عَنْ رَجُلٍ قَالَ عِنْدَ فِرَاقِ الدُّنْيَا أَنَا مَوْلَى فُلَانٍ قَالَ يَرِثُ مِيرَاثَهُ لِمَنْ سَمّٰى أَنَّهُ مَوْلَاهُ عِنْدَ فِرَاقِ الدُّنْيَا إِلَّا أَنْ يَأْتِيَ عَلَيْهِ بِبَيِّنَةٍ بِغَيْرِ ذٰلِكَ يَكُونَ بِهِ قَوْلَهُ فَيَرُدُّ مِيرَاثَهُ إِلَى مَا قَامَتْ بِهِ الْبَيِّنَةُ

☆☆ ابن شہاب بیان کرتے ہیں: ایک شخص دنیا سے رخصت ہوتے ہوئے یہ بیان کر دیتا ہے کہ میں فلاں شخص کا آزاد کردہ غلام ہوں تو اس کی وراثت اسی شخص کو ملے گی جسے اس نے اپنا آزاد کرنے والا آقا قرار دیا تھا، دنیا سے رخصت ہوتے وقت، البتہ اگر دوسرے لوگ ثبوت کے ذریعے یہ بات ثابت کر دیں کہ معاملہ مختلف ہے تو اس شخص کا اعتراف مسترد کیا جائے گا اور وراثت ان لوگوں کو ملے گی جن کا حق ثبوت کے ذریعے ثابت ہوا ہے۔

## بَابٌ فِي مِيرَاثِ وَلَدِ الزِّنَا

## باب 45: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی وراثت

**3136**- أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَالِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ وَعَبْدِ اللّٰهِ قَالَا وَلَدُ الزِّنَا بِمَنْزِلَةِ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بچہ لعان کرنے والی عورت کے بچے کی مانند ہے۔

**3137**- أَخْبَرَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ الْحُرِّ حَدَّثَنِي الْحَكَمُ أَنَّ وَلَدَ الزِّنَا لَا يَرِثُهُ الَّذِي يَدَّعِيهِ وَلَا يَرِثُهُ الْمَوْلُودُ

☆☆ حکم بیان کرتے ہیں: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کا وہ شخص وارث نہیں بنے گا جو اس کے باپ ہونے کا دعویدار ہو اور وہ بچہ بھی اس کا وارث نہیں بنے گا۔

**3138**- حَدَّثَنَا أَبُو بَكْرِ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ حَدَّثَنَا رَوْحٌ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي حَفْصَةَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَلِيِّ بْنِ حُسَيْنٍ أَنَّهُ كَانَ لَا يُوَرِّثُ وَلَدَ الزِّنَا وَإِنِ ادَّعَاهُ الرَّجُلُ

☆☆ حضرت علی بن حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ وہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کو وارث قرار نہیں دیتے تھے اگرچہ کوئی شخص (اس کے باپ ہونے کا) دعویدار ہو۔

**3139**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي بَكْرُ بْنُ مُضَرَ عَنْ عَمْرٍو يَعْنِي ابْنَ الْحَارِثِ عَنْ بُكَيْرٍ عَنْ

سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ قَالَ اَيُّمَا رَجُلٍ اَتٰى اِلٰى غُلَامٍ يَزْعُمُ اَنَّهُ ابْنٌ لَهُ وَاَنَّهُ زَنٰى بِاُمِّهِ وَلَمْ يَدَّعِ ذٰلِكَ الْغُلَامَ اَحَدٌ فَهُوَ يَرِثُهُ قَالَ بُكَيْرٌ وَسَاَلْتُ عُرْوَةَ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ مِثْلَ قَوْلِ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ وَقَالَ عُرْوَةُ بَلَغَنَا اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الْوَلَدُ لِلْفِرَاشِ وَلِلْعَاهِرِ الْحَجَرُ

☆☆ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: اگر کوئی شخص کسی لڑکے کو لے کر آئے اور یہ بیان کرے کہ یہ اس کا بیٹا ہے۔ اس نے اس لڑکے کی ماں کے ساتھ زنا کیا تھا اور اس لڑکے کا کوئی اور شخص بھی دعویدار نہ ہو تو وہ شخص اس لڑکے کا وارث بنے گا۔

بکیر بیان کرتے ہیں: میں نے عروہ سے اس بارے میں سوال کیا تو انہوں نے بھی سلیمان بن یسار کے جواب کی مانند جواب دیا۔

عروہ بیان کرتے ہیں: ہمیں نبی اکرم ﷺ کے اس فرمان کا پتہ چلا ہے، بچہ بستر والے کے لیے ہوگا اور زنا کرنے والے کو پتھر مارے جائیں گے۔

**3140**- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ قَالَ ابْنُ الْمُلَاعَنَةِ مِثْلُ وَلَدِ الزِّنَا تَرِثُهُ اُمُّهُ وَوَرَثَتُهُ وَرَثَةُ اُمِّهِ

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: لعان کرنے والی عورت کا بچہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی مانند ہے اس کی ماں اور اس کی ماں کے ورثاء اس کے وارث بنیں گے۔

**3141**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا يُوَرَّثُ وَلَدُ الزِّنَا

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کو وارث قرار نہیں دیا جا سکتا۔

**3142**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ اَوْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِيْ اَوْلَادِ الزِّنَا قَالَ يَتَوَارَثُوْنَ مِنْ قِبَلِ الْاُمَّهَاتِ وَاِنْ وَلَدَتْ يَوْمًا فَمَاتَ وَرِثَ السُّدُسَ

☆☆ زہری، زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کے بارے میں ارشاد فرماتے ہیں: یہ ماں کی طرف سے ایک دوسرے سے وارث بنیں گے اگر چہ اس عورت نے جس دن اسے جنم دیا ہے وہ بچہ اسی دن فوت ہو جائے تو وہ چھٹے حصے کا وارث ہوگا۔

**3143**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ قَالَ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ شِبَاكٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ لَا يَرِثُ وَلَدُ الزِّنَا اِنَّمَا يَرِثُ مَنْ لَّمْ يُقَمْ عَلٰى اَبِيْهِ الْحَدُّ اَوْ تُمْلَكُ اُمُّهُ بِنِكَاحٍ اَوْ شِرَاءٍ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں: زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بچہ وارث نہیں بنتا۔ وارث وہ بچہ بن سکتا ہے جس کے باپ پر حد قائم نہ ہوئی ہو یا جس کی ماں نکاح یا خریدنے کے نتیجے میں کسی کی ملکیت میں آئی ہو۔

**3144**- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ مُوْسٰى بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِيِّ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الرَّجُلِ يَفْجُرُ بِالْمَرْاَةِ ثُمَّ يَتَزَوَّجُهَا قَالَ لَا بَاْسَ اِلَّا اَنْ تَكُوْنَ حُبْلٰى فَاِنَّ الْوَلَدَ لَا يَلْحَقُهُ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جو شخص کسی عورت کے ساتھ گناہ کا کام کرے پھر اس سے شادی کر لے (اس عورت کے بچے کو اس شوہر کا وارث قرار دینے میں) کوئی حرج نہیں ہے البتہ اگر وہ عورت حاملہ ہو جائے تو بچے کا نسب اس سے ثابت نہیں ہوگا۔

**3145**- حَدَّثَنَا زَيْدُ بْنُ يَحْيٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ رَاشِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ

عَنْ جَدِّهٖ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَضٰى اَنَّ لِكُلِّ مُسْتَلْحَقٍ اسْتُلْحِقَ بَعْدَ اَبِيْهِ الَّذِىْ ادَّعَاهُ وَرَثَتُهُ بَعْدَهُ فَقَضٰى اِنْ كَانَ مِنْ اَمَةٍ يَمْلِكُهَا يَوْمَ يَطَؤُهَا فَقَدْ لَحِقَ بِمَنِ اسْتَلْحَقَهُ وَلَيْسَ لَهُ فِيْمَا قُسِمَ قَبْلَهُ مِنَ الْمِيْرَاثِ شَىْءٌ وَمَا اَدْرَكَ مِنْ مِيْرَاثٍ لَمْ يُقْسَمْ فَلَهُ نَصِيْبُهُ وَلَا يَلْحَقُ اِذَا كَانَ الَّذِىْ يُدْعٰى لَهُ اَنْكَرَهُ وَاِنْ كَانَ مِنْ اَمَةٍ لَا يَمْلِكُهَا اَوْ حُرَّةٍ عَاهَرَهَا فَاِنَّهُ لَا يَلْحَقُ وَلَا يَرِثُ وَاِنْ كَانَ الَّذِىْ يُدْعٰى لَهُ هُوَ ادَّعَاهُ وَهُوَ وَلَدُ زِنًا لِاَهْلِ اُمِّهٖ مَنْ كَانُوْا حُرَّةً اَوْ اَمَةً

☆☆ عمرو بن شعیب اپنے والد کے حوالے سے اپنے دادا کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے یہ فیصلہ دیا تھا کہ جس شخص (کا نسب مشکوک ہو) اور اس کے باپ کے مرنے کے بعد اسے اس کے باپ کی طرف منسوب کرنے کا دعویٰ کیا جائے اور یہ دعویٰ مرحوم کے ورثاء اس کے مرنے کے بعد کریں تو نبی اکرم ﷺ نے یہ فیصلہ دیا تھا اگر وہ بچہ کسی کنیز کی اولاد ہو جس کے ساتھ اس مرحوم نے صحبت کی تھی اس وقت وہ مرحوم اس کنیز کا مالک تھا۔ تو اس بچے کا نسب اس شخص کے ساتھ ثابت کیا جائے گا اور اس سے پہلے جو وراثت تقسیم ہو چکی ہو اس میں سے اس بچے کو کچھ نہیں ملے گا البتہ جو وراثت ابھی تقسیم نہیں ہوئی اس میں سے اسے اس کا حصہ مل جائے گا جس شخص کے حوالے سے اس کے نسب کا دعویٰ کیا گیا تھا۔ اگر وہ خود اس کا انکار کر چکا ہو تو بچے کا نسب اس سے ثابت نہیں ہوگا۔

اگر وہ بچہ کسی ایسی کنیز کی اولاد ہو جس کا وہ مرحوم شخص مالک نہیں تھا یا وہ کسی آزاد عورت کی اولاد ہو جس کے ساتھ اس مرحوم شخص نے زنا کیا تھا تو اس بچے کا نسب بھی ثابت نہیں ہوگا اور وہ بچہ وارث بھی نہیں بنے گا اگرچہ جس شخص کے ساتھ اس کا نسب ثابت کیا جا رہا ہے۔ اس نے خود (اس بچے کے باپ) ہونے کا دعویٰ کیا ہو وہ بچہ زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا ہے اس لیے وہ اپنی ماں کے رشتہ داروں کو ملے گا۔ خواہ وہ عورت آزاد ہو یا کنیز ہو۔

**3146**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ عُمَيْرِ بْنِ يَزِيْدَ قَالَ سَاَلْتُ الشَّعْبِىَّ عَنْ مَمْلُوْكٍ لِىْ وَلَدُ زِنًا قَالَ لَا تَبِعْهُ وَلَا تَاْكُلْ ثَمَنَهُ وَاسْتَخْدِمْهُ

☆☆ عمیر بن یزید بیان کرتے ہیں: میں نے شعبی سے اپنے ایک غلام کے بارے میں دریافت کیا جو زنا کے نتیجے میں پیدا ہوا تو انہوں نے فرمایا: تم اسے فروخت نہ کرو اور اس کی آمدن نہ کھاؤ البتہ اس سے خدمت لیتے رہو۔

**3147**- حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ سُئِلَ عَنْ وَلَدِ زِنًا يَمُوْتُ قَالَ اِنْ كَانَ ابْنَ عَرَبِيَّةٍ وَرِثَتْ اُمُّهُ الثُّلُثَ وَجُعِلَ بَقِيَّةُ مَالِهٖ فِىْ بَيْتِ الْمَالِ وَاِنْ كَانَ ابْنَ مَوْلَاةٍ وَرِثَتْ اُمُّهُ الثُّلُثَ وَوَرِثَ مَوَالِيْهَا الَّذِيْنَ اَعْتَقُوْهَا مَا بَقِىَ قَالَ مَرْوَانُ سَمِعْتُ مَالِكًا يَقُوْلُ ذٰلِكَ

☆☆ زہری سے سوال کیا گیا زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والا بچہ اگر فوت ہو جائے؟ انہوں نے جواب دیا: اگر وہ کسی عرب عورت (یعنی آزاد) کا بیٹا تھا تو اس کی ماں ایک تہائی حصے کی وارث بنے گی اور بقیہ مال بیت المال میں جمع کروا دیا جائے گا اور اگر وہ کسی کنیز کا بچہ تھا تو اس کی ماں ایک تہائی حصے کی وارث بنے گی اور باقی بچ جانے والے مال کے وارث وہ لوگ بنیں گے جنہوں نے اس کی ماں کو آزاد کیا تھا۔

مروان بیان کرتے ہیں: میں نے امام مالک کو بھی یہی بات بیان کرتے ہوئے سنا ہے۔

**3148**- حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا الْهَيْثَمُ بْنُ حُمَيْدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ الْحَارِثِ حَدَّثَنِىْ عَمْرُو بْنُ شُعَيْبٍ

اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَضٰی بِمِیْرَاثِ ابْنِ الْمُلَاعَنَةِ لِاُمِّهٖ کُلِّهٖ لِمَا لَقِیَتْ فِیْهِ مِنَ الْعَنَاءِ

☆☆ عمرو بن شعیب بیان کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے لعان کرنے والی عورت کے بیٹے کی وراثت کے بارے میں یہ فیصلہ دیا تھا کہ وہ سب اس کی ماں کو ملے گا اس کی وجہ یہ تھی کہ اس کی ماں نے بہت شدید پریشانی برداشت کی ہے۔

**3149**- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِیْلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ مُوْسٰی بْنِ مُحَمَّدٍ الْاَنْصَارِیِّ قَالَ حَدَّثَنِی الْحَارِثُ بْنُ حَصِیْرَةَ عَنْ زَیْدِ بْنِ وَهْبٍ عَنْ عَلِیٍّ اَنَّهٗ قَالَ فِیْ وَلَدِ الزِّنَا لِاَوْلِیَاءِ اُمِّهٖ خُذُوْا ابْنَکُمْ تَرِثُوْنَهٗ وَتَعْقِلُوْنَهٗ وَلَا یَرِثُکُمْ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے زنا کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے کی ماں کے سرپرستوں سے یہ فرمایا تھا تم اسے حاصل کر سکتے ہو تم ہی اس کے وارث بنو گے تم ہی اس کی طرف سے دیت ادا کرو گے البتہ یہ تمہارا وارث نہیں بنے گا۔

## بَابُ مِیْرَاثِ السَّائِبَةِ

## باب 46: سائبہ کی وراثت

**3150**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ وَّعَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ قَالَا حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ کُهَیْلٍ عَنْ اَبِیْ عَمْرٍو الشَّیْبَانِیِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ السَّائِبَةُ یَضَعُ مَالَهٗ حَیْثُ شَاءَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ یَزِیْدَ قَالَ شُعْبَةُ لَمْ یَسْمَعْ هٰذَا مِنْ سَلَمَةَ اَحَدٌ غَیْرِیْ

☆☆ ابوعمرو شیبانی بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: سائبہ شخص اپنا مال جہاں چاہے رکھ سکتا ہے۔

عبداللہ بن یزید بیان کرتے ہیں: شعبہ نامی راوی نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس قول کو سلمہ نامی راوی سے میرے علاوہ کسی اور نے نہیں سنا۔

**3151**- اَخْبَرَنَا الْحَکَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا حَاتِمُ بْنُ وَرْدَانَ عَنْ یُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ سُئِلَ عَنْ مِیْرَاثِ السَّائِبَةِ فَقَالَ کُلُّ عَتِیْقٍ سَائِبَةٌ

☆☆ حضرت حسن بصری رضی اللہ عنہ سے سائبہ شخص کی وراثت کے بارے میں سوال کیا گیا تو انہوں نے جواب دیا ہر آزاد شدہ شخص سائبہ ہے۔

**3152**- اَخْبَرَنَا یَزِیْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا سُلَیْمَانُ عَنْ اَبِیْ عُثْمَانَ قَالَ قَالَ عُمَرُ الصَّدَقَةُ وَالسَّائِبَةُ لِیَوْمِهِمَا

☆☆ ابوعثمان بیان کرتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: صدقہ اور سائبہ ان دونوں کے مخصوص دن کے لیے ہوگا (شاید یہ کہا تھا) ان کے مخصوص وقت کے حساب سے ہوگا۔

**3153**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَیْمٍ حَدَّثَنَا زَکَرِیَّا عَنْ عَامِرٍ قَالَ سُئِلَ عَامِرٌ عَنِ الْمَمْلُوْكِ یُعْتَقُ سَائِبَةً لِمَنْ وَلَاؤُهٗ قَالَ لِلَّذِیْ اَعْتَقَهٗ

☆☆ عامر سے ایسے غلام کے بارے میں سوال کیا گیا جسے سائبہ کے طور پر آزاد کیا گیا ہو اس کی ولاء کا حق کسے ملے گا

انہوں نے جواب دیا اس شخص کو ملے گا جس نے اسے آزاد کیا تھا۔

**3154**- حَدَّثَنَا اَبُوْ حَاتِمٍ الْبَصْرِيُّ هُوَ رَوْحُ بْنُ اَسْلَمَ حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ الْمُفَضَّلِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرٍو قَالَ مَاتَ مَوْلًى عَلٰى عَهْدِ عُثْمَانَ وَلَيْسَ لَهُ وَالٍ فَاَمَرَ بِمَالِهِ فَاُدْخِلَ بَيْتَ الْمَالِ

☆☆ عبدالرحمٰن بن عمرو بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے عہدِ حکومت میں ایک آزاد شدہ شخص فوت ہو گیا۔ اس کا کوئی سرپرست نہیں تھا۔ پھر حضرت عثمان کی ہدایت کے تحت اس کا مال بیت المال میں جمع کروا دیا گیا۔

**3155**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ عَامِرٍ عَنْ مَّسْرُوْقٍ فِيْ رَجُلٍ مَّاتَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ مَوْلٰى عَتَاقَةٍ قَالَ مَالُهُ حَيْثُ اَوْصٰى بِهِ فَاِنْ لَّمْ يَكُنْ اَوْصٰى فَهُوَ فِيْ بَيْتِ الْمَالِ

☆☆ مسروق بیان کرتے ہیں جو شخص فوت ہو جائے اور اسے آزاد کرنے والا آقا موجود نہ ہو تو اس کا مال اس کی وصیت کے مطابق خرچ کیا جائے گا اور اگر اس نے کوئی وصیت نہ کی ہو تو وہ بیت المال میں چلا جائے گا۔

**3156**- حَدَّثَنَا اَبُوْ سَعِيْدِ بْنُ عَمْرٍو عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ ضَمْرَةَ وَرَاشِدِ بْنِ سَعْدٍ وَّغَيْرِهِمَا قَالُوْا فِيْمَنْ اَعْتَقَ سَائِبَةً اِنَّ وَلَائَهُ لِمَنْ اَعْتَقَهُ اِنَّمَا سَيَّبَهُ مِنَ الرِّقِّ وَلَمْ يُسَيِّبْهُ مِنَ الْوَلَاءِ

☆☆ ضمرہ، راشد بن سعد اور دیگر حضرات یہ بات بیان کرتے ہیں' جس شخص نے کسی کو سائبہ کے طور پر آزاد کیا ہو تو اس غلام کی ولاء کا حق اس شخص کو حاصل ہوگا جس نے اسے آزاد کیا تھا کیونکہ اس نے غلامی کے حوالے سے اسے سائبہ کیا تھا ولاء کے حوالے سے اسے سائبہ نہیں کیا تھا۔

**3157**- حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرِ بْنُ اَبِيْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ دَاوٗدَ عَنْ شُعْبَةَ قَالَ اَخْبَرَنِيْ مَنْصُوْرٌ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ وَالشَّعْبِيِّ قَالَا لَا بَاْسَ بِبَيْعِ وَلَاءِ السَّائِبَةِ وَهِبَتِهِ

☆☆ ابراہیم اور شعبی فرماتے ہیں: سائبہ کی ولاء کو فروخت کرنے یا ہبہ کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔

**3158**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنِ الْقَاسِمِ قَالَ اَعْتَقَ رَجُلٌ غُلَامًا سَائِبَةً فَاَتٰى عَبْدَ اللّٰهِ وَقَالَ اِنِّيْ اَعْتَقْتُ غُلَامًا لِيْ سَائِبَةً وَّهٰذِهٖ تَرِكَتُهُ قَالَ هِيَ لَكَ قَالَ لَا حَاجَةَ لِيْ فِيْهَا قَالَ فَضَعْهَا فَاِنَّ هَا هُنَا وَارِثًا كَثِيْرًا

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے ایک غلام کو سائبہ کے طور پر آزاد کر دیا۔ وہ شخص حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور یہ بات بیان کی میں نے اپنے ایک غلام کو سائبہ کے طور پر آزاد کیا تھا یہ اس کا ترکہ ہے حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: یہ تمہیں ملے گا وہ شخص بولا: مجھے اس کی ضرورت نہیں ہے۔ تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا: پھر اسے رہنے دو یہاں اس کے بہت سے وارث ہوں گے۔

## بَابُ مِيْرَاثِ الصَّبِيِّ

## باب 47: بچے کی وراثت

**3159**- اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا الْاَشْعَثُ عَنْ اَبِى الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِىُّ وُرِّثَ وَصُلِّىَ عَلَيْهِ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب بچہ (پیدائش کے وقت) چلا کر روئے تو اس کی وراثت تقسیم ہوگی اور اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

**3160**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ اِذَا اسْتَهَلَّ الصَّبِىُّ وَرِثَ وَوُرِثَ وَصُلِّىَ عَلَيْهِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب بچہ (پیدائش کے وقت) چلا کر روئے تو وہ وارث بنے گا اور اس کی وراثت تقسیم ہوگی اور اس کی نماز جنازہ ادا کی جائے گی۔

**3161**- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيلُ عَنْ سِمَاكٍ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَيْسَ مِنْ مَّوْلُوْدٍ اِلَّا اسْتَهَلَّ وَاسْتِهْلَالُهُ بِعَصْرِ الشَّيْطٰنُ بَطْنَهُ فَيَصِيحُ اِلَّا عِيسٰى ابْنَ مَرْيَمَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: بچے کی پیدائش کا حکم، چلا کر رونے سے ثابت ہوتا ہے اور شیطان اس کے پیٹ میں کچھ چبھوتا ہے جس کی وجہ سے وہ روتا ہے البتہ حضرت عیسیٰ بن مریم رضی اللہ عنہ کے ساتھ ایسا نہیں ہوا تھا۔

**3162**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَسَّانَ حَدَّثَنَا يَحْيَى هُوَ ابْنُ حَمْزَةَ عَنْ زَيْدِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَرِثُ الْمَوْلُوْدُ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ صَارِخًا وَّاِنْ وَقَعَ حَيًّا

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: پیدا ہونے والا بچہ اس وقت تک وارث نہیں بن سکتا جب تک وہ چلا کر نہ روئے اگر چہ وہ زندہ ہی باہر آیا ہو۔

**3163**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنْ عَطَاءٍ عَنْ جَابِرٍ قَالَ اِذَا اسْتَهَلَّ الْمَوْلُوْدُ صُلِّىَ عَلَيْهِ وَوُرِّثَ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جب بچہ چلا کر روئے تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی اور اسکی وراثت کا حکم بھی لاگو ہوگا۔

**3164**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا مَعْنٌ عَنِ ابْنِ اَبِى ذِئْبٍ عَنِ الزُّهْرِىِّ قَالَ اَرَى الْعُطَاسَ اسْتِهْلَالًا

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں: میرے خیال میں چھینکنا بھی چلا کر رونے کے مترادف ہے۔

**3165**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ لَا يُوَرَّثُ الْمَوْلُوْدُ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ وَلَا يُصَلّٰى عَلَيْهِ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ فَاِذَا اسْتَهَلَّ صُلِّىَ عَلَيْهِ وَوُرِّثَ وَكَمُلَتِ الدِّيَةُ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں: نومولود شخص کی وراثت کا حکم اس وقت تک جاری نہیں ہوگا جب تک وہ چلا کر نہ روئے اور جب تک وہ چلا کر نہ روئے تو اسکی نماز جنازہ بھی ادا نہیں کی جائے گی۔ اگر وہ روئے تو اس کی نماز جنازہ بھی ادا کی جائے گی اور اس کے وراثت کا بھی حکم جاری ہوگا اور اس کی دیت بھی مکمل ہوگی۔

**3166**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِي اللَّيْثُ حَدَّثَنِي يُوْنُسُ عَنِ ابْنِ شِهَابٍ وَّسَأَلْنَاهُ عَنِ السِّقْطِ فَقَالَ لَا يُصَلَّى عَلَيْهِ وَلَا يُصَلَّى عَلَى مَوْلُوْدٍ حَتّٰى يَسْتَهِلَّ صَارِخًا

☆☆ یونس بیان کرتے ہیں: ہم نے ابن شہاب سے (پیٹ سے) گر جانے والے بچے کے بارے میں دریافت کیا (یعنی مردہ پیدا ہونے والے بچے کے بارے میں دریافت کیا) تو انہوں نے جواب دیا: اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی جائے گی چونکہ جب تک بچہ چلا کر نہ روئے اس کی نماز جنازہ ادا نہیں کی جاتی۔

## بَابٌ فِي وَلَاءِ الْمُكَاتَبِ

## باب 48: مکاتب کی ولاء کا حکم

**3167**- حَدَّثَنَا هَارُوْنُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ اَبِي سُفْيَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ اِذَا ابْتَاعَ الْمُكَاتَبَانِ اَحَدُهُمَا الْاٰخَرَ هٰذَا هٰذَا مِنْ سَيِّدِهٖ وَهٰذَا هٰذَا مِنْ سَيِّدِهٖ فَالْبَيْعُ لِلْاَوَّلِ وَيَقُوْلُ اَهْلُ الْمَدِيْنَةِ الْوَلَاءُ لِسَيِّدِ الْبَائِعِ وَيَقُوْلُوْنَ اِنَّمَا ابْتَاعَ هٰذَا مَا عَلَى الْمُكَاتَبِ فَالْوَلَاءُ لِلسَّيِّدِ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: جب دو مکاتب ایک دوسرے کو خرید لیں ایک دوسرے کو اس کے آقا سے خرید لے اور دوسرا پہلے کو اس کے آقا سے خرید لے تو پہلے کا سودا معتبر شمار ہوگا۔

اہل مدینہ یہ فرماتے ہیں: ولاء کا حق خریدار کے آقا کو حاصل ہوگا۔ علماء یہ فرماتے ہیں: اس شخص نے اس چیز کو خریدا ہے جس کی ادائیگی مکاتب پر لازم تھی۔ اس لیے ولاء کا حق اس کے آقا کو ملے گا۔

## بَابٌ فِي الْحُرِّ يَتَزَوَّجُ الْاَمَةَ

## باب 49: وہ آزاد شخص جو کسی کنیز کے ساتھ شادی کرے

**3168**- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا يَحْيٰى عَنْ سَعِيْدٍ اَنَّ عُمَرَ قَالَ اَيُّمَا حُرٍّ تَزَوَّجَ اَمَةً فَقَدْ اَرَقَّ نِصْفَهُ وَاَيُّمَا عَبْدٍ تَزَوَّجَ حُرَّةً فَقَدْ اَعْتَقَ نِصْفَهُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِي الْوَلَدَ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جو آزاد شخص کسی کنیز کے ساتھ شادی کرے تو وہ نصف حصے کو غلام رکھے گا اور جو غلام کسی آزاد عورت کے ساتھ شادی کرے وہ نصف حصے کو آزاد کر دے گا۔

امام ابو محمد دارمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یعنی (اس شادی کے نتیجے میں پیدا ہونے والے بچے) کے نصف حصے کو (آزاد یا غلام کرے گا)۔

## بَابُ مِيْرَاثِ الْوَلَاءِ

## باب 50: ولاء کی وراثت کا حکم

**3169**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي الْعَبْدِ يَتَزَوَّجُ الْمَرْاَةَ ثُمَّ

يُطَلِّقُهَا وَلَهُ مِنْهَا وَلَدٌ قَالَ إِنْ كَانَتْ حُرَّةً فَالنَّفَقَةُ عَلَى أُمِّهِ وَإِنْ كَانَ عَبْدًا يَعْنِي الصَّبِيَّ فَعَلَى مَوَالِيهِ

☆☆ شعبی فرماتے ہیں: جو غلام کسی عورت کے ساتھ شادی کر کے پھر اسے طلاق دے اور اس عورت سے اس غلام کا کوئی بچہ بھی ہو تو شعبی فرماتے ہیں اگر وہ عورت کوئی آزاد عورت ہو تو اس کا خرچہ اس کی ماں کے ذمے ہوگا اگر بچہ غلام ہو تو اس کے آقاؤں کے ذمے ہوگا۔

**3170**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ ح و حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُمَا قَالَا وَلَاؤُهُ لِمَنْ بَدَأَ بِالْعِتْقِ أَوَّلَ مَرَّةٍ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: اس کی ولاء کا حق اس شخص کو ملے گا جس نے سب سے پہلے آزاد کیا تھا۔

## بَابٌ فِي الْعَبْدِ يَكُونُ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ فَيَعْتِقُ أَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ

## باب 51: جو غلام دو آدمیوں کی مشترکہ ملکیت ہو اور ان دونوں میں سے کوئی ایک اپنے حصے کو آزاد کردے

**3171**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ أَخْبَرَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ ح و حَدَّثَنَا جَرِيرٌ عَنْ أَبَانَ بْنِ تَغْلِبَ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ أَنَّهُمَا قَالَا إِنْ ضَمِنَ كَانَ الْوَلَاءُ لَهُ وَإِنِ اسْتَسْعَى الْعَبْدُ كَانَ الْوَلَاءُ بَيْنَهُمْ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں: اگر وہ شخص ضامن بن جائے تو ولاء کا حق اسے ملے گا ورنہ غلام مزدوری کرے گا (اور بقیہ قیمت ادا کرے گا) اس صورت میں ولاء کا حق اس کے سب مالکان کو ملے گا۔

**3172**- حَدَّثَنَا يَعْلَى وَأَبُو نُعَيْمٍ قَالَا حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ فِي عَبْدٍ بَيْنَ رَجُلَيْنِ أَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ قَالَ يُتَمِّمُ عِتْقَهُ فَإِنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ مَالٌ اسْتُسْعِيَ الْعَبْدُ فِي النِّصْفِ بِقِيمَةِ عَدْلٍ وَالْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ

☆☆ عامر ارشاد فرماتے ہیں: جو غلام دو آدمیوں کی ملکیت ہو اور ان دونوں میں سے کوئی ایک اپنے حصے کو آزاد کردے تو اس غلام کو مکمل آزاد کروانے کی کوشش کی جائے گی۔ اگر آزاد کرنے والے آقا کے پاس مال نہ ہو تو وہ غلام مزدوری کر کے اپنی بقیہ نصف قیمت ادا کرے گا اور ولاء کا حق اس شخص کو حاصل ہوگا جس نے اسے آزاد کیا تھا۔

**3173**- حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ مُعَاوِيَةَ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ الْمَعْمَرِيِّ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ ابْنِ طَاوُسٍ عَنْ أَبِيهِ فِي عَبْدٍ بَيْنَ رَجُلَيْنِ أَعْتَقَ أَحَدُهُمَا نَصِيبَهُ وَأَمْسَكَهُ الْآخَرُ قَالَ مِيرَاثُهُ بَيْنَهُمَا

☆☆ معمر، طاؤس کے صاحبزادے کے حوالے سے ان کے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: جو غلام دو آدمیوں کی ملکیت ہو ان میں سے ایک اپنے حصے کو آزاد کردے اور دوسرا اپنا حصہ رہنے دے تو طاؤس فرماتے ہیں: اس غلام کی وراثت ان دونوں کو ملے گی۔

**3174**- حَدَّثَنَا هَارُونُ عَنْ أَبِي سُفْيَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ قَالَ مِيرَاثُهُ لِلَّذِي أَمْسَكَهُ و قَالَ قَتَادَةُ هُوَ لِلْمُعْتِقِ كُلُّهُ وَثَمَنُهُ عَلَيْهِ وَيَقُولُهُ أَهْلُ الْكُوفَةِ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں اس کی وراثت اس شخص کو ملے گی جس نے اسے آزاد نہیں کیا تھا۔

قتادہ فرماتے ہیں: اس کی وراثت اس شخص کو ملے گی جس نے اسے مکمل طور پر آزاد کیا ہو اور اس کی قیمت کی ادائیگی بھی اس شخص پر لازم ہوگی یہ بات اہل کوفہ نے بیان کی ہے۔

# بَابٌ مَّا لِلنِّسَآءِ مِنَ الْوَلَاءِ

## باب 52: خواتین کو ولاء کا حق نہیں ملتا

**3175**- حَدَّثَنَا يَعْلَى بْنُ عُبَيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ فِي الرَّجُلِ يَمُوتُ وَيَتْرُكُ مُكَاتَبًا وَلَهُ بَنُونَ وَبَنَاتٌ أَيَكُونُ لِلنِّسَآءِ مِنَ الْوَلَاءِ شَيْءٌ قَالَ تَرِثُ النِّسَآءُ مِمَّا عَلَى ظَهْرِهِ مِنْ مُكَاتَبَتِهِ وَيَكُونُ الْوَلَاءُ لِلرِّجَالِ دُوْنَ النِّسَآءِ إِلَّا مَا كَاتَبْنَ أَوْ أَعْتَقْنَ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں: جو شخص فوت ہو جائے اور وہ کوئی مکاتب غلام چھوڑ کر مرے اس شخص کے کچھ بیٹے اور بیٹیاں ہوں تو کیا ان خواتین کو ولاء میں سے کچھ ملے گا۔ عطاء فرماتے ہیں: اس مکاتب غلام کی غلامی میں جو کچھ ہے وہ خواتین اس کی وارث بنیں گی لیکن ولاء کا حق خواتین کو نہیں ملے گا وہ صرف مردوں کو ملے گا۔ البتہ ان خواتین نے خود کتابت کا معاہدہ کیا ہو یا غلام کو آزاد کیا ہو پھر ولاء کا حق انہیں ملے گا۔

**3176**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ لَا تَرِثُ النِّسَآءُ مِنَ الْوَلَاءِ إِلَّا مَا أَعْتَقْنَ أَوْ أَعْتَقَ مَنْ أَعْتَقْنَ

☆☆ طاؤس فرماتے ہیں: خواتین ولاء کے حق کی مالک نہیں بن سکتیں البتہ وہ خود کسی غلام کو آزاد کریں یا انہوں نے جس غلام کو آزاد کیا ہو وہ کسی غلام کو آزاد کر دے تو اس کی ولاء کا حق خواتین کو ملے گا۔

**3177**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا أَبُو سُفْيَانَ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ تُوُفِّيَ رَجُلٌ وَتَرَكَ مُكَاتَبًا ثُمَّ مَاتَ الْمُكَاتَبُ وَتَرَكَ مَالًا فَجَعَلَ ابْنُ الْمُسَيَّبِ وَأَبُو سَلَمَةَ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ مَا بَقِيَ مِنْ مُكَاتَبَتِهِ بَيْنَ بَنِي مَوْلَاهُ الرِّجَالُ وَالنِّسَآءُ عَلَى مِيرَاثِهِمْ وَمَا فَضَلَ مِنَ الْمَالِ بَعْدَ كِتَابَتِهِ فَلِلرِّجَالِ مِنْهُمْ مِنْ بَنِي مَوْلَاهُ دُوْنَ النِّسَآءِ

☆☆ یحییٰ بن ابوکثیر بیان کرتے ہیں: ایک شخص فوت ہو گیا۔ اس نے ایک مکاتب غلام چھوڑا پھر وہ مکاتب غلام بھی مر گیا اور کچھ مال چھوڑ کر مرا تو ابن مسیب اور ابوسلمہ بن عبدالرحمٰن نے اس کی مکاتبت میں سے بچنے والا بقیہ مال اسے آزاد کرنے والے شخص کی اولاد میں سے مردوں اور عورتوں میں ان کی وراثت کے مطابق تقسیم کر دیا اور اس کی کتابت کی ادائیگی کے علاوہ جو مال تھا۔ وہ اسے آزاد کرنے والے کی اولاد میں سے خواتین کی بجائے صرف مردوں کو دیا۔

**3178**- أَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الْأَعْمَشِ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عُمَرَ وَعَلِيٍّ وَزَيْدٍ أَنَّهُمْ قَالُوا الْوَلَاءُ لِلْكُبْرِ وَلَا يُوَرِّثُونَ النِّسَآءَ مِنَ الْوَلَاءِ إِلَّا مَا أَعْتَقْنَ أَوْ كَاتَبْنَ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ، حضرت علی رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ یہ ارشاد فرماتے ہیں: ولاء کا حق قریبی رشتہ دار کو ملتا ہے۔ یہ حضرات خواتین کو ولاء کے حق میں وارث قرار نہیں دیتے۔ ماسوائے اس صورت کے جب خواتین نے خود کسی غلام کو آزاد کیا ہو یا کسی

غلام کے ساتھ مکاتبت کی ہو۔

**3179**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ خَالِدٍ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ بھی منقول ہے۔

**3180**- وَحَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ

☆☆ یہی روایت ایک اور سند کے ہمراہ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ سے بھی منقول ہے۔

**3181**- وحَدَّثَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ يَسَارٍ اَنَّهُمْ قَالُوْا لَا تَرِثُ النِّسَآءُ مِنَ الْوَلَاءِ اِلَّا مَا اَعْتَقْنَ اَوْ كَاتَبْنَ

☆☆ سلیمان بن یسار بیان کرتے ہیں: علماء فرماتے ہیں: خواتین ولاء کے حق کی وارث نہیں ہوتی ہیں البتہ جن خواتین نے انہیں خود آزاد کیا ہو یا جس غلام کے ساتھ انہوں نے خود مکاتبت کی ہو (اس کی ولاء کا حق انہیں ملتا ہے)۔

**3182**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا مُعَاذٌ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا تَرِثُ النِّسَآءُ مِنَ الْوَلَاءِ اِلَّا مَا اَعْتَقْنَ اَوْ اَعْتَقَ مَنْ اَعْتَقْنَ اِلَّا الْمُلَاعَنَةَ فَاِنَّهَا تَرِثُ مَنْ اَعْتَقَ ابْنُهَا وَالَّذِىْ انْتَفٰى مِنْهُ اَبُوْهُ

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں: خواتین ولاء کی وارث نہیں بنتی ہیں۔ البتہ جنہیں انہوں نے خود آزاد کیا ہو یا جنہوں نے انہیں آزاد کیا ہو اس نے جنہیں آزاد کیا ہو (ان کی ولاء کا حق خواتین کو مل جاتا ہے)۔ البتہ لعان کرنے والی عورت اس غلام کی وارث بنتی ہے جسے اس کے اس بیٹے نے آزاد کیا ہو جس کے باپ نے اس کے نسب کی نفی کی تھی۔

**3183**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا ابْنُ وَهْبٍ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ سَالِمٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّهُ كَانَ يَرِثُ مَوَالِىَ عُمَرَ دُوْنَ بَنَاتِ عُمَرَ

☆☆ سالم اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: وہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے آزاد کردہ غلام کے وارث بنے تھے۔ جبکہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کی صاحبزادیوں کو اس میں سے کچھ نہیں ملا تھا۔

**3184**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ خَالِدِ الْحَذَّاءِ عَنْ اَبِىْ قِلَابَةَ فِىْ امْرَاَةٍ مَاتَتْ وَتَرَكَتْ بَنِيهَا فَوَرَّثُوْهَا مَالًا وَمَوَالِىَ ثُمَّ مَاتَ بَنُوْهَا قَالَ يَرْجِعُ الْوَلَاءُ اِلٰى عَصَبَةِ الْمَرْاَةِ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: جو عورت فوت ہو جائے اور وہ اپنے بچے چھوڑے وہ بچے اس عورت کے مال کے اور اس کے غلاموں کے وارث بنیں گے۔ پھر اس کے بچے بھی فوت ہو جائیں تو فرماتے ہیں ولاء کا حق اس عورت کے عصبہ کو ملے گا۔

**3185**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَاَلْتُ اِبْرَاهِيمَ عَنْ رَجُلٍ كَاتَبَ عَبْدًا لَهُ ثُمَّ مَاتَ وَتَرَكَ وَلَدًا رِجَالًا وَنِسَاءً قَالَ لِلذُّكُوْرِ دُوْنَ الْاِنَاثِ

☆☆ منصور بیان کرتے ہیں: میں نے ابراہیم سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جس نے اپنے غلام کے ساتھ کتابت کا معاہدہ کر لیا ہو اور وہ شخص فوت ہو جائے اور اپنی اولاد میں مذکر اور مونث دونوں چھوڑے تو ابراہیم نے جواب دیا (ولاء کا حق صرف مردوں کو ملے گا) خواتین کو نہیں ملے گا۔

**3186**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ فِي امْرَاَةٍ مَاتَتْ وَتَرَكَتْ مَوْلًى قَالَ الْوَلَاءُ لِبَنِيهَا فَإِذَا مَاتُوا رَجَعَ إِلَى عَصَبَتِهَا

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: جوعورت فوت ہوجائے اورتر کے میں آزاد شدہ غلام چھوڑے اس کی ولاء کا حق اس کے بیٹوں کو ملے گا اگر وہ فوت ہو جائیں تو ولاء کا حق اس عورت کے عصبہ کو ملے گا۔

**3187**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ اَخْبَرَنَا شُعْبَةُ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ لَيْسَ لِلنِّسَاءِ مِنَ الْوَلَاءِ شَيْءٌ إِلَّا مَا اَعْتَقَتْ هِيَ بِنَفْسِهَا

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں خواتین کوولاء کا حق نہیں ملتا۔ البتہ جس غلام کوانہوں نے بذات خود آزاد کیا ہو (اس کی ولاء کا حق انہیں ملتا ہے)

**3188**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنِ ابْنِ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ مَاتَ مَوْلًى لِعُمَرَ فَسَاَلَ ابْنُ عُمَرَ زَيْدَ بْنَ ثَابِتٍ فَقَالَ هَلْ لِبَنَاتِ عُمَرَ مِنْ مِيرَاثِهِ شَيْءٌ قَالَ مَا اَرَى لَهُنَّ شَيْئًا وَإِنْ شِئْتَ اَنْ تُعْطِيَهُنَّ اَعْطَيْتَهُنَّ

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ ارشادفرماتے ہیں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کا آزاد کردہ غلام فوت ہو گیا اور حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما نے اس بارے میں حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کیا اس کی وراثت میں حضرت عمر کی صاحبزادیوں کو کچھ ملے گا تو حضرت زید رضی اللہ عنہ نے جواب دیا میرے خیال میں انہیں کچھ ملے گا اگر تم انہیں کچھ دینا چاہو تو دے سکتے ہو۔

**3189**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ يُحْرِزُ الْوَلَاءَ مَنْ يُحْرِزُ الْمِيرَاثَ

☆☆ ہشام اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں ولاء کا حق بھی وہی لے گا جو وراثت لینے کا حقدار ہوگا۔

**3190**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو خَالِدٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى عَنْ اَبِي بَكْرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَنَّ امْرَاَةً مِنْ مُحَارِبٍ وَهَبَتْ وَلَاءَ عَبْدِهَا لِنَفْسِهِ فَاَعْتَقَتْهُ فَوَهَبَ وَلَاءَ نَفْسِهِ لِعَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ وَمَاتَتْ فَخَاصَمَتِ الْمَوَالِي إِلَى عُثْمَانَ فَدَعَا عُثْمَانُ الْبَيِّنَةَ عَلَى مَا قَالَ قَالَ فَاَتَى الْبَيِّنَةَ فَقَالَ لَهُ عُثْمَانُ اذْهَبْ فَوَالِ مَنْ شِئْتَ قَالَ اَبُو بَكْرٍ فَوَالَى عَبْدَ الرَّحْمٰنِ بْنَ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ

☆☆ ابوبکر بن عمرو بن حزم بیان کرتے ہیں محارب قبیلے سے تعلق رکھنے والی ایک خاتون نے اپنے غلام کی ولاء کا حق اسے دے دیا پھر اسے آزاد کر دیا اس غلام نے اپنی ولاء کا حق عبدالرحمٰن بن عمرو بن حزم کو دے دیا وہ عورت فوت ہوئی اس کے سرپرست یہ مقدمہ لے کر حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس آئے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس غلام کے بیان کے ثبوت طلب کیے تو وہ ثبوت پیش کر دیے گئے تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے اس سے فرمایا تم جاؤ اور جس کے ساتھ چاہو موالات قائم کرو۔

ابوبکر بیان کرتے ہیں اس شخص نے عبدالرحمٰن بن عمرو بن حزم کے ساتھ موالات قائم کی تھی۔

## بَابُ بَيْعِ الْوَلَاءِ

## باب 53: ولاء کوفروخت کرنا

**3191**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ اللَّهِ بْنِ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ نَهَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کے حق کوفروخت کرنے اوراسے ہبہ کرنے سے منع کیا ہے۔

**3192**- حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ دِينَارٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْوَلَاءِ وَعَنْ هِبَتِهِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ولاء کے حق کوفروخت کرنے اوراسے ہبہ کرنے سے منع کیا ہے۔

**3193**- حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا عَبْدُ الْمَلِكِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ سَمِعْتُ ابْنَ عَبَّاسٍ يَقُولُ لَا يُبَاعُ الْوَلَاءُ وَلَا يُوهَبُ وَالْوَلَاءُ لِمَنْ أَعْتَقَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشادفرماتے ہیں ولاء کے حق کوفروخت نہیں کیا جاسکتا اوراسے ہبہ نہیں کیا جاسکتا اور ولاء کا حق اس شخص کوملتا ہے جس نے آزاد کیا ہو۔

**3194**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ سَعِيدٍ عَنْ أَبِي مَعْشَرٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ الْوَلَاءُ لُحْمَةٌ كَلُحْمَةِ النَّسَبِ لَا يُبَاعُ وَلَا يُوهَبُ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشادفرماتے ہیں' نسبی رشتے کی طرح ولاء بھی ایک تعلق ہے جسے فروخت نہیں کیا جاسکتا اوراسے ہبہ نہیں کیا جاسکتا۔

**3195**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ وَسَعِيدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ أَنَّهُمَا كَرِهَا بَيْعَ الْوَلَاءِ

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ اور سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ یہ دونوں حضرات ولاء کوفروخت کرنے کوحرام قرار دیتے تھے۔

**3196**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا ابْنُ إِدْرِيسَ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ لَا يُبَاعُ الْوَلَاءُ أَيُؤْكَلُ بِرَقَبَةِ رَجُلٍ مَرَّتَيْنِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشادفرماتے ہیں: ولاء کوفروخت نہیں کیا جاسکتا ایک شخص کی گردن کودومرتبہ کھایا جائے گا؟

## بَابٌ فِي عَوْلِ الْفَرَائِضِ

## باب **54**: وراثت میں عول

**3197**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ الْفَرَائِضُ مِنْ

سِتَّةٍ لَّا نُعِيلُهَا

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما ارشاد فرماتے ہیں: فرض حصے چھ سے تقسیم ہوں گے ہم ان میں عول نہیں کریں گے۔

**3198**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِمْرَانَ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ مَيْسَرَةَ بْنِ شُرَيْحٍ عَنْ أَيُّوبَ بْنِ الْحَارِثِ قَالَ اخْتُصِمَ إِلَى شُرَيْحٍ فِي بِنْتَيْنِ وَأَبَوَيْنِ وَزَوْجٍ فَقَضَى فِيهَا فَأَقْبَلَ الزَّوْجُ يَشْكُوهُ فِي الْمَسْجِدِ فَأَرْسَلَ إِلَيْهِ عَبْدُ اللَّهِ بْنُ رَبَاحٍ فَأَخَذَهُ وَبَعَثَ إِلَى شُرَيْحٍ فَقَالَ مَا يَقُولُ هَذَا قَالَ هَذَا يَخَالُنِي امْرَأً جَائِرًا وَأَنَا إِخَالُهُ امْرَأً فَاجِرًا يُظْهِرُ الشَّكْوَى وَيَكْتُمُ قَضَاءً سَائِرًا فَقَالَ لَهُ الرَّجُلُ مَا تَقُولُ فِي بِنْتَيْنِ وَأَبَوَيْنِ وَزَوْجٍ فَقَالَ لِلزَّوْجِ الرُّبُعُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ وَلِلْأَبَوَيْنِ السُّدُسَانِ وَمَا بَقِيَ فَلِلابْنَتَيْنِ قَالَ فَلِأَيِّ شَيْءٍ نَقَصْتَنِي قَالَ لَيْسَ أَنَا نَقَصْتُكَ اللَّهُ نَقَصَكَ لِلابْنَتَيْنِ الثُّلُثَانِ وَلِلْأَبَوَيْنِ السُّدُسَانِ وَلِلزَّوْجِ الرُّبُعُ فَهِيَ مِنْ سَبْعَةٍ وَنِصْفٍ فَرِيضَةً فَرِيضَتُكَ عَائِلَةٌ

☆☆ شریح بن حارث بیان کرتے ہیں' شریح کے پاس ایک مقدمہ لایا گیا جس میں دو بیٹیاں تھیں (میت کے) والدین تھے اور شوہر تھا انہوں نے اس بارے میں فیصلہ کر دیا کہ اس (مرحوم عورت) کا شوہر ان سے شکوہ کرنے کے لئے مسجد میں آیا۔

عبداللہ بن رباح نے ان کی طرف ایک آدمی بھیجا جس نے اسے پکڑ لیا انہوں نے اس شخص کو شریح کے پاس بھیج دیا انہوں نے دریافت کیا یہ کیا معاملہ ہے اس نے جواب دیا یہ شخص مجھے ظالم قرار دیتا ہے اور میں اسے غلط سمجھتا ہوں یہ شکایت کر رہا ہے اور اصل فیصلہ چھپا رہا ہے اس شخص نے ان سے کہا ایسے مسئلے کے بارے میں آپ کیا کہتے ہیں جس میں میت کی دو بیٹیاں ماں باپ ہوں اور شوہر ہو انہوں نے جواب دیا شوہر کو پورے مال کا چوتھا حصہ ملے گا۔ ماں باپ کو دو چھٹے حصے ملیں گے اور باقی بچ جانے والا مال دونوں بیٹیوں کو ملے گا۔ تمہیں اس معاملے میں کہاں کمی محسوس ہوئی ہے قاضی نے کہا میں نے تمہارے حصے میں کمی نہیں کی ہے۔ اللہ تعالیٰ نے تمہارے حصے میں کمی کی ہے۔ دو بیٹیوں کو دو تہائی ملے گا ماں باپ کو دو چھٹے حصے ملیں گے اور شوہر کو چوتھا ملے گا یہ ساڑھے سات حصے بن جائیں گے اس میں تمہارے حصے کا عول ہوگا۔

## بَابُ جَرِّ الْوَلَاءِ

## باب 55: ولاء کے حق کو کھینچ لینا

**3199**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنْ عَلِيٍّ وَعُمَرَ وَزَيْدٍ قَالُوا الْوَالِدُ يَجُرُّ وَلَاءَ وَلَدِهِ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ' حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت زید رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: باپ اپنے بیٹے کی ولاء کے حق کو کھینچ لیتا ہے۔

**3200**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ الْجَدُّ يَجُرُّ الْوَلَاءَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں: دادا ولاء کے حق کو حاصل کر لیتا ہے۔

**3201**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ أَشْعَثَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ الْوَالِدُ يَجُرُّ وَلَاءَ وَلَدِهِ

☆☆ شریح فرماتے ہیں والد اپنے بیٹے کی ولاء کو حاصل کر لیتا ہے۔

**3202**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا عَنْ عَامِرٍ فِي مَمْلُوْكٍ تُوُفِّيَ وَلَهُ اَبٌ حُرٌّ وَلَهُ بَنُوْنَ مِنِ امْرَاَةٍ حُرَّةٍ لِمَنْ وَلَاءُ وَلَدِهِ قَالَ لِمَوَالِي الْجَدِّ

☆☆ عامر ارشاد فرماتے ہیں جو غلام فوت ہو جائے اس کا آزاد باپ موجود ہو اس کے آزاد عورت سے بچے موجود ہوں تو اس کی اولاد کی ولاء کا حق کسے ملے گا' عامر نے جواب دیا اس کے دادا کے موالی کو ملے گا۔

**3203**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيْلُ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ فِي مُكَاتَبٍ مَاتَ وَقَدْ اَدّٰى نِصْفَ مُكَاتَبَتِهِ وَلَهُ وَلَدٌ مِنِ امْرَاَةٍ حُرَّةٍ قَالَ مَا اُرَاهُ اِلَّا قَدْ جَرَّ وَلَاءَ وَلَدِهِ

☆☆ ایسا مکاتب غلام جو فوت ہو جائے اور اس نے اپنی کتابت کا نصف معاوضہ ادا کر دیا ہو اس کے آزاد عورت سے کچھ بچے ہوں اس کے بارے میں ابراہیم نخعی فرماتے ہیں' میرے خیال میں وہ اپنی اولاد کی ولاء کے حق کو حاصل کر لیں گے۔

**3204**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ شُرَيْحٌ لَا يَرْجِعُ عَنْ قَضَاءٍ يَقْضِيْ بِهِ فَحَدَّثَهُ الْاَسْوَدُ اَنَّ عُمَرَ قَالَ اِذَا تَزَوَّجَ الْمَمْلُوْكُ الْحُرَّةَ فَوَلَدَتْ اَوْلَادًا اَحْرَارًا ثُمَّ عُتِقَ بَعْدَ ذٰلِكَ رَجَعَ الْوَلَاءُ لِمَوَالِي اَبِيْهِمْ فَاَخَذَ بِهِ شُرَيْحٌ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: قاضی شریح کو اپنے دیئے ہوئے فیصلے سے رجوع کرنے کی نوبت کم پیش آتی تھی ایک مرتبہ اسود نے انہیں بتایا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں یہ فیصلہ دیا تھا جب کوئی غلام کسی آزاد عورت کے ساتھ شادی کرے اور اس عورت کے ہاں آزاد بچے پیدا ہو جائیں۔ اس کے بعد وہ غلام آزاد ہو جائے تو اس کی ولاء کا حق ان بچوں کے باپ کو آزاد کرنے والے شخص کو ملے گا تو قاضی شریح نے اس کے مطابق حکم دیا۔

**3205**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عُمَرُ فِي الْمَمْلُوْكِ يَكُوْنُ تَحْتَهُ الْحُرَّةُ يُعْتَقُ الْوَلَدُ بِعِتْقِ اُمِّهِ فَاِذَا عُتِقَ الْاَبُ جَرَّ الْوَلَاءَ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: وہ غلام جس کی بیوی کوئی آزاد عورت ہو اور اس کا بچہ اس کی ماں کے آزاد ہونے کی وجہ سے آزاد قرار پائے پھر اس کا باپ بھی آزاد ہو جائے تو وہ بچہ ولاء کے حق کو حاصل کرے گا۔

**3206**- حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَارِثِ عَنْ كَثِيْرِ بْنِ شِنْظِيْرٍ عَنْ عَطَاءٍ فِي الْحُرَّةِ تَحْتَ الْعَبْدِ قَالَ اَمَّا مَا وَلَدَتْ مِنْهُ وَهُوَ عَبْدٌ فَوَلَاؤُهُمْ لِاَهْلِ نِعْمَتِهَا وَمَا وَلَدَتْ مِنْهُ وَهُوَ حُرٌّ فَوَلَاؤُهُمْ لِاَهْلِ نِعْمَتِهِ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں جو آزاد عورت کسی غلام کی بیوی ہو اس غلام کے غلام رہنے کے دوران وہ اس کے جن بچوں کو جنم دے گی ان کی ولاء کا حق عورت کے رشتے داروں کو حاصل ہوگا اور اس کے شوہر کے آزاد ہو جانے کے بعد وہ اس کے جن بچوں کو جنم دے گی ان کی ولاء کا حق مرد کے آزاد کرنے والوں کو حاصل ہوگا۔

**3207**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ قَالَ عُمَرُ اِذَا كَانَتِ الْحُرَّةُ تَحْتَ الْمَمْلُوْكِ فَوَلَدَتْ لَهُ غُلَامًا فَاِنَّهُ يُعْتَقُ بِعِتْقِ اُمِّهِ وَوَلَاؤُهُ لِمَوَالِي اُمِّهِ فَاِذَا اُعْتِقَ الْاَبُ جَرَّ الْوَلَاءَ اِلٰى مَوَالِي اَبِيْهِ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں جب کوئی آزاد عورت کسی غلام کی بیوی ہو اور وہ اس غلام کے بچے کو جنم دے تو وہ بچہ اپنی ماں کے آزاد ہونے کی وجہ سے آزاد قرار پائے گا اور اس کی ولاء کا حق اس کی ماں کے سرپرستوں کو حاصل ہوگا پھر جب اس کا باپ بھی آزاد ہو جائے تو اس بچے کی ولاء کا حق اس کے باپ کو آزاد کرنے والوں کو مل جائے گا۔

**3208**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنِ ابْنِ إِسْحٰقَ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ أَبِيهِ قَالَ كَانَتْ أُمِّي مَوْلَاةً لِلْحُرَقَةِ وَكَانَ أَبِي يَعْقُوبُ مُكَاتَبًا لِمَالِكِ بْنِ أَوْسِ بْنِ الْحَدَثَانِ النَّصْرِيِّ ثُمَّ إِنَّ أَبِي أَدَّى كِتَابَتَهُ فَدَخَلَ الْحُرَقِيُّ عَلٰى عُثْمَانَ يَسْأَلُ الْحَقَّ يَعْنِي الْعَطَاءَ وَعِنْدَهُ مَالِكُ بْنُ أَوْسٍ فَقَالَ ذَاكَ مَوْلَايَ فَاخْتَصَمَا إِلٰى عُثْمَانَ فَقَضٰى بِهِ لِلْحُرَقِيِّ

☆☆ علاء بن عبدالرحمٰن اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں' میری والدہ (حرقی قبیلے کی آزاد کردہ کنیز تھیں) اور میرے والد یعقوب' مالک بن اوس نامی صاحب کے مکاتب تھے پھر میرے والد نے کتابت کا معاوضہ ادا کر دیا' حرقی قبیلے سے تعلق رکھنے والا شخص حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے میرے حق کا مطالبہ کیا۔ اس وقت مالک بن اوس وہاں موجود تھے وہ بولے یہ تو میرا آزاد کردہ غلام ہے ان دونوں نے اپنا مقدمہ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے سامنے پیش کیا تو حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ نے حرقی کے حق میں فیصلہ کر دیا۔

## بَابُ الرَّجُلِ يَمُوْتُ وَلَا يَدَعُ عَصَبَةً

## باب 56: جو شخص فوت ہو جائے اور کسی عصبہ کو نہ چھوڑے

**3209**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ أَخْبَرَنِي سَهْمُ بْنُ يَزِيدَ الْحَمْرَاوِيُّ أَنَّ رَجُلًا تُوُفِّيَ وَلَيْسَ لَهُ وَارِثٌ فَكُتِبَ فِيهِ إِلٰى عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَهُوَ خَلِيفَةٌ فَكَتَبَ أَنِ اقْسِمُوا مِيرَاثَهُ عَلٰى مَنْ كَانَ يَأْخُذُ مَعَهُمُ الْعَطَاءَ فَقُسِمَ مِيرَاثُهُ عَلٰى مَنْ كَانَ يَأْخُذُ مَعَهُمُ الْعَطَاءَ فِي عِرَافَتِهِ

☆☆ سہم بن یزید حمراوی بیان کرتے ہیں' ایک شخص فوت ہو گیا اس کا کوئی وارث نہیں تھا' اس کے بارے میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کو خط لکھا گیا وہ اس وقت خلیفہ تھے۔ انہوں نے جوابی خط لکھا تم ان کی وراثت ان لوگوں کے درمیان تقسیم کر دو جو اس کے ہمراہ مل کر سرکاری وظیفہ وصول کیا کرتے تھے تو اس شخص کی وراثت ان لوگوں میں تقسیم کر دی گئی جو اس کے ہمراہ مل کر سرکاری وظیفہ وصول کیا کرتے تھے۔

# مِنْ كِتَابُ الْوَصَايَا

# وصیت کے احکام

## بَابُ مَنِ اسْتَحَبَّ الْوَصِيَّةَ

## باب1: جن حضرات نے وصیت کومستحب قرار دیا

**3210**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُبَيْدٍ اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا حَقُّ امْرِئٍ مُسْلِمٍ يَبِيتُ لَيْلَتَيْنِ وَلَهُ شَيْءٌ يُوْصِي فِيْهِ اِلَّا وَوَصِيَّتُهُ مَكْتُوْبَةٌ عِنْدَهُ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی مسلمان کو اس بات کا حق نہیں ہے کہ اس کے پاس کوئی ایسی چیز موجود ہو کہ اس نے اس کی وصیت کرنی ہو اور وہ چیز اس کے پاس دو راتیں گزار دے ماسوائے اس کے کہ اس کی وصیت اس کے پاس تحریری طور پر موجود ہو۔

---

حدیث **3210** ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان' **1407**ھ **1987**ء **2587**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **1627**

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2862**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **974**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام' **1406**ھ **1986**ء **3615**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **2699**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1453**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **4578**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان' **1414**ھ/ **1993**ء **6204**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/ **1990**ء **6443**

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/ **1994**ء **12368**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' **1404**ھ۔ **1984**ء **5828**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **1841**

''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبہ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **697**

**3211-** حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا اَبُو الْاَشْهَبِ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ قَالَ الْمُؤْمِنُ لَا يَاْكُلُ فِي كُلِّ بَطْنِهِ وَلَا تَزَالُ وَصِيَّتُهُ تَحْتَ جَنْبِهِ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: مومن پیٹ بھر کر کھانا نہیں کھاتا اور اس کی وصیت ہمیشہ اس کے پاس ہوتی ہے۔

# بَابُ فَضْلِ الْوَصِيَّةِ

# باب 2: وصیت کی فضیلت

**3212-** اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنِ الْقَاسِمِ بْنِ عُمَرَ قَالَ قَالَ لِي ثُمَامَةُ بْنُ حَزْنٍ مَا فَعَلَ اَبُوكَ قُلْتُ مَاتَ قَالَ فَهَلْ اَوْصَى فَاِنَّهُ كَانَ يُقَالُ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ كَانَ وَصِيَّتُهُ تَمَامًا لِمَا ضَيَّعَ مِنْ زَكَاتِهِ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ وَّ قَالَ غَيْرُهُ الْقَاسِمُ بْنُ عَمْرٍو

☆☆ قاسم بن عمر بیان کرتے ہیں ثمامہ بن حزن نے مجھ سے دریافت کیا تمہارے والد کا کیا حال ہے۔ میں نے جواب دیا ان کا انتقال ہوگیا ہے۔ انہوں نے دریافت کیا کیا انہوں نے وصیت کردی تھی۔ کیونکہ یہ کہا جاتا ہے جب کوئی شخص وصیت کردیتا ہے تو اس کی زکوۃ کے حوالے سے جو کمی ہو یہ وصیت اسے پورا کردیتی ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (اس روایت کے راوی قاسم بن عمر کو) دیگر محدثین نے قاسم بن عمرو روایت کیا ہے۔

**3213-** حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِي هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ كَانَ يُقَالُ مَنْ اَوْصَى بِوَصِيَّةٍ فَلَمْ يَجُرْ وَلَمْ يَحِفْ كَانَ لَهُ مِنَ الْاَجْرِ مِثْلُ مَا اَنْ لَوْ تَصَدَّقَ بِهِ فِي حَيَاتِهِ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص کوئی وصیت کرے اور اس میں کوئی زیادتی یا ناانصافی نہ کرے تو اسے اتنا ہی اجر ملتا ہے جیسے وہ اپنی زندگی میں اس چیز کو صدقہ کرتا۔

**3214-** اَخْبَرَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي يُونُسَ عَنْ قَزَعَةَ قَالَ قِيلَ لِهَرِمِ بْنِ حَيَّانَ اَوْصِهْ قَالَ اُوصِيكُمْ بِالْاٰيَاتِ الْاَوَاخِرِ مِنْ سُوْرَةِ النَّحْلِ وَقَرَاَ ابْنُ حَيَّانَ (اُدْعُ اِلٰى سَبِيلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ) اِلٰى قَوْلِهِ (وَالَّذِينَ هُمْ مُحْسِنُونَ)

☆☆ ابوقزعہ بیان کرتے ہیں: ہرم بن حیان سے کہا گیا آپ ہمیں کوئی وصیت کریں انہوں نے جواب دیا میں تمہیں سورۃ نحل کی آخری آیات کی وصیت کرتا ہوں پھر ابن حیان نے ان آیات کی تلاوت کی:

"اپنے پروردگار کے راستے کی طرف دانائی اور اچھے واعظ کے ذریعے دعوت دو اور ان لوگوں کے ساتھ اچھی طرح بحث کرو بے شک تمہارا پروردگار زیادہ بہتر جانتا ہے کہ کون اس کے راستے سے گمراہ ہے اور وہ ہدایت یافتہ لوگوں کے بارے میں بھی زیادہ بہتر جانتا ہے اگر تم انہیں جواب دینا چاہتے ہو تو تم انہیں اسی طرح جواب دو جیسے تمہیں دیا گیا تھا اور اگر تم صبر سے کام لو تو وہ صبر کرنے والوں کے لیے زیادہ بہتر ہے تم صبر کرو صبر صرف اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہوسکتا ہے تم ان کے بارے میں غمگین نہ ہو اور وہ جس فریب کاری سے کام لے رہے ہیں اس کے بارے میں تنگی کا شکار نہ ہو۔ بے شک اللہ

تعالیٰ ان لوگوں کے ساتھ ہے جو پرہیز گاری اختیار کرتے ہیں اور جو نیکی کرتے ہیں۔"

## بَابُ مَنْ لَّمْ يُوْصِ

## باب 3: جو شخص وصیت نہیں کرتا

**3215**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ مَالِكِ بْنِ مِغْوَلٍ عَنْ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ الْيَامِيِّ قَالَ سَأَلْتُ عَبْدَ اللَّهِ بْنَ أَبِي أَوْفَى أَوْصَى رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لَا قُلْتُ فَكَيْفَ كُتِبَ عَلَى النَّاسِ الْوَصِيَّةُ أَوْ أُمِرُوا بِالْوَصِيَّةِ فَقَالَ أَوْصَى بِكِتَابِ اللَّهِ و قَالَ هُزَيْلُ بْنُ شُرَحْبِيلَ أَبُو بَكْرٍ كَانَ يَتَأَمَّرُ عَلَى وَصِيِّ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَدَّ أَبُو بَكْرٍ أَنَّهُ وَجَدَ مِنْ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهْدًا فَخَزَمَ أَنْفَهُ بِخِزَامَةٍ

☆☆ طلحہ بن مصرف یامی بیان کرتے ہیں: میں نے حضرت عبداللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے وصیت کی تھی؟ انہوں نے جواب دیا: نہیں میں نے دریافت کیا پھر لوگوں پر وصیت کرنا لازم کیوں کیا گیا ہے یا انہیں وصیت کرنے کا حکم کیوں دیا گیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا آپ نے اللہ کی کتاب کے مطابق وصیت کی تھی۔

ہزیل بن شرحبیل بیان کرتے ہیں: حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی وصیت کی مکمل پیروی کرتے تھے۔ ان کی یہ خواہش تھی کہ وہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے حوالے سے کوئی بھی حکم پائیں تو اسے اپنے ناک میں لگام کے طور پر لگائیں (یعنی اس کی مکمل پیروی کریں)۔

**3216**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ (إِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْأَقْرَبِينَ بِالْمَعْرُوفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِينَ) قَالَ الْخَيْرُ الْمَالُ كَانَ يُقَالُ أَلْفًا فَمَا فَوْقَ ذَلِكَ

☆☆ قتادہ کے بارے میں منقول ہے انہوں نے آیت تلاوت کی:

"تو اگر وہ بھلائی چھوڑ کر جارہا ہو تو والدین اور قریبی رشتے داروں کے بارے میں مناسب طور پر وصیت کردے۔ یہ بات متقین پر لازم ہے۔"

قتادہ فرماتے ہیں: یہاں بھلائی سے مراد مال ہے اور یہ کہا جاتا ہے کہ خواہ وہ ہزار ہو یا اس سے زیادہ ہو (وصیت کرنی چاہئے)۔

## بَابُ مَا يُسْتَحَبُّ بِالْوَصِيَّةِ مِنَ التَّشَهُّدِ وَالْكَلَامِ

## باب 4: وصیت میں کلمہ شہادت پڑھنا اور کس طرح کی بات کہنا مستحب ہے

**3217**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا ابْنُ عَوْنٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ أَنَّهُ أَوْصَى ذِكْرُ مَا أَوْصَى بِهِ أَوْ هَذَا ذِكْرُ مَا أَوْصَى بِهِ مُحَمَّدُ بْنُ أَبِي عَمْرَةَ بَنِيهِ وَأَهْلَ بَيْتِهِ أَنْ (اتَّقُوا اللَّهَ وَأَصْلِحُوا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَأَطِيعُوا اللَّهَ وَرَسُولَهُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ) وَأَوْصَاهُمْ بِمَا أَوْصَى بِهِ إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ (وَوَصَّى بِهَا إِبْرَاهِيمُ بَنِيهِ وَيَعْقُوبُ يَا بَنِيَّ إِنَّ

---

حدیث 3215: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 2119

"صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء 2589

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء 12332

اللّٰہَ اصْطَفٰی لَکُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ) وَاَوْصَاھُمْ اَنْ لَّا یَرْغَبُوْا اَنْ یَکُوْنُوْا مَوَالِیَ الْاَنْصَارِ وَاِخْوَانَھُمْ فِی الدِّیْنِ وَاَنَّ الْعِفَّۃَ وَالصِّدْقَ خَیْرٌ وَّاَتْقٰی مِنَ الزِّنَا وَالْکَذِبِ اِنْ حَدَثَ بِہٖ حَدَثٌ فِیْ مَرَضِیْ ھٰذَا قَبْلَ اَنْ اُغَیِّرَ وَصِیَّتِیْ ھٰذِہٖ ثُمَّ ذَکَرَ حَاجَتَہٗ

☆☆ محمد بن سیرین کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے وہ ہی وصیت کی تھی جو محمد بن ابی عمرہ نے اپنے بچوں اور اہل خانہ کو کی تھی۔

(اور وہ قرآن کی یہ آیت تھی)

''اللہ تعالیٰ سے ڈرو اور اپنے درمیان اصلاح قائم رکھو اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اور اگر تم مؤمن ہو''۔

اور انہوں نے وہ وصیت بھی کی تھی جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بچوں کو کی تھی (جس کا ذکر قرآن میں ان الفاظ میں ہے)

''اور اس بات کی وصیت ابراہیم نے اپنے بچوں کو کی تھی اور یعقوب نے بھی اے میرے بچو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے ایک خاص دین کو پسند کرلیا ہے۔لہٰذا تم مرتے وقت مسلمان ہی رہنا''۔

انہوں نے (اپنے اہل خانہ کو) یہ وصیت بھی کی کہ وہ انصار کے حمایتی اور دینی بھائی بن کر رہیں بے شک پاکیزہ سیرت اور سچائی بہتر ہے اور زیادہ باقی رہنے والی ہے زنا اور جھوٹ کے مقابلے میں (اور یہ بھی بیان کیا) کہ اگر میری اس بیماری کے دوران میرے ساتھ کوئی واقعہ پیش آجائے اور میرے اس وصیت کو تبدیل کرنے سے پہلے (میں انتقال کر جاؤں) تو یہ یہ کر دینا پھر انہوں نے اس کام کا تذکرہ کیا۔

**3218**- اَخْبَرَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰہِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَکْرٍ حَدَّثَنَا ھِشَامُ بْنُ حَسَّانَ عَنِ ابْنِ سِیْرِیْنَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ ھٰکَذَا کَانُوْا یُوْصُوْنَ ھٰذَا مَا اَوْصٰی بِہٖ فُلَانُ بْنُ فُلَانٍ اَنَّہٗ یَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ (وَاَنَّ السَّاعَۃَ اٰتِیَۃٌ لَّا رَیْبَ فِیْھَا وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ) وَاَوْصٰی مَنْ تَرَکَ بَعْدَہٗ مِنْ اَھْلِہٖ اَنْ یَتَّقُوا اللّٰہَ وَیُصْلِحُوْا ذَاتَ بَیْنِھِمْ وَاَنْ یُطِیْعُوا اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ اِنْ کَانُوْا مُؤْمِنِیْنَ وَاَوْصَاھُمْ بِمَا اَوْصٰی بِہٖ اِبْرَاھِیْمُ بَنِیْہِ وَیَعْقُوْبُ (یَا بَنِیَّ اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰی لَکُمُ الدِّیْنَ فَلَا تَمُوْتُنَّ اِلَّا وَاَنْتُمْ مُسْلِمُوْنَ) وَاَوْصٰی اِنْ حَدَثَ بِہٖ حَدَثٌ مِنْ وَجَعِہٖ ھٰذَا اَنَّ حَاجَتَہٗ کَذَا وَکَذَا

☆☆ انس بیان کرتے ہیں پہلے اس طرح وصیت کی جاتی تھی یہ وہ وصیت ہے جو فلاں بن فلاں نے کی ہے اور وہ یہ گواہی دیتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے وہ ہی ایک معبود ہے اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بے شک حضرت محمد ﷺ اس کے خاص بندے اور رسول ہیں بے شک قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی شک نہیں ہے اور اللہ تعالیٰ ان لوگوں کو زندہ کرے گا جو قبروں میں ہیں۔

اس کے بعد وہ شخص اپنے بعض اہل خانہ کو وصیت کرتا تھا کہ وہ اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہیں اور اپنے درمیان بھلائی کو برقرار رکھیں اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول کی اطاعت کرتے رہیں اگر وہ مؤمن ہیں اور انہیں وہ بھی وصیت کرتا تھا جو حضرت ابراہیم علیہ السلام اور

حضرت یعقوب علیہ السلام نے اپنے بچوں کو کی تھی۔

''اے بچو! بے شک اللہ تعالیٰ نے تمہارے لئے دین کو پسند کرلیا ہے لہٰذا تم مرتے وقت مسلمان ہی رہنا''۔

اور وہ یہ بھی وصیت کرتا تھا کہ اگر اس بیماری کے دوران میرے ساتھ کوئی واقعہ پیش آجائے (یعنی وہ فوت ہو جائے) تو اس کا یہ کام کر دیا جائے اور اس کے بعد وہ کام کا ذکر کر دیا کرتا تھا۔

**3219**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ عَنْ حَفْصِ بْنِ غَيْلَانَ عَنْ مَكْحُوْلٍ حِيْنَ اَوْصَى قَالَ نَشْهَدُ هٰذَا فَاشْهَدْ بِهٖ نَشْهَدُ اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَيُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَيَكْفُرُ بِالطَّاغُوْتِ عَلٰى ذٰلِكَ يَحْيَا اِنْ شَآءَ اللّٰهُ وَيَمُوْتُ وَيُبْعَثُ وَاَوْصٰى فِيْمَا رَزَقَهُ اللّٰهُ فِيْمَا تَرَكَ اِنْ حَدَثَ بِهٖ حَدَثٌ وَّهُوَ كَذَا وَكَذَا اِنْ لَّمْ يُغَيِّرْ شَيْئًا مِّمَّا فِيْ هٰذِهِ الْوَصِيَّةِ

☆☆ مکحول کے بارے میں منقول ہے کہ جب انہوں نے وصیت کی تو یہ بولے میں اس بات پر گواہی دیتا ہوں اور تم بھی اس پر گواہی دو ہم اس بات کا اعتراف کرتے ہیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے اور وہ ہی ایک معبود ہے اور اس کا کوئی شریک نہیں حضرت محمد ﷺ اس کے بندے اور رسول ہیں اور یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں اور طاغوت کا انکار کرتے ہیں اگر اللہ نے چاہا تو وہ اسی عقیدے پر زندہ رہیں گے اور اس پر ان کی موت ہوگی اور اسی پر انہیں زندہ کیا جائے گا پھر انہوں نے یہ وصیت کی کہ اللہ تعالیٰ نے انہیں جو رزق عطا کیا ہے اور وہ جو چھوڑ کر جا رہے ہیں اگر ان کے ساتھ کوئی واقعہ پیش آجائے (یعنی وہ فوت ہو جائیں) تو اسے اس طرح خرچ کیا جائے اگر وہ اس وصیت میں (مرنے سے پہلے) اور کوئی تبدیلی نہیں کرتے۔

**3220**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ قَالَ اَخْبَرَنِيْ ابْنُ ثَوْبَانَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ هٰذِهٖ وَصِيَّةُ اَبِي الدَّرْدَآءِ

☆☆ مکحول روایت کرتے ہیں یہ حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی وصیت ہے۔

**3221**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ التَّيْمِيُّ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كَتَبَ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ وَصِيَّتَهٗ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ هٰذَا مَا اَوْصٰى بِهِ الرَّبِيْعُ بْنُ خُثَيْمٍ وَّاَشْهَدَ اللّٰهَ عَلَيْهِ وَكَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْدًا وَّجَازِيًا لِعِبَادِهِ الصَّالِحِيْنَ وَمُثِيْبًا فَاِنِّيْ رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ نَبِيًّا وَّاِنِّيْ اٰمُرُ نَفْسِيْ وَمَنْ اَطَاعَنِيْ اَنْ نَعْبُدَ اللّٰهَ فِي الْعَابِدِيْنَ وَنَحْمَدَهٗ فِي الْحَامِدِيْنَ وَاَنْ نَنْصَحَ لِجَمَاعَةِ الْمُسْلِمِيْنَ

☆☆ ابو حیان تیمی اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت ربیع بن خثیم رضی اللہ عنہ نے یہ وصیت تحریر کی تھی۔

''اللہ کے نام سے آغاز کرتا ہوں وہ جو رحمٰن اور رحیم ہے''۔

یہ وہ وصیت ہے جو ربیع بن خثیم نے کی ہے وہ اس پر اللہ کو گواہ بناتا ہے اور اللہ ہی گواہ کے طور پر کافی ہے اور اپنے نیک بندوں کو جزا اور ثواب دینے کے لئے کافی ہے میں اللہ تعالیٰ کے ربّ ہونے اور اسلام کے دین ہونے اور حضرت محمد ﷺ کے نبی ہونے سے راضی ہوں (یعنی اس پر یقین رکھتا ہوں) میں اپنے آپ کو اور اپنے پیروکار کو یہ حکم دیتا ہوں کہ ہم عبادت گزاروں کے ہمراہ صرف اللہ کی عبادت کریں اور حمد کرنے والوں کے ہمراہ اس کی حمد بیان کریں اور مسلمانوں کی جماعت کی خیر خواہی کریں۔

## بَابٌ مَنْ لَّمْ يَرَ الْوَصِيَّةَ فِي الْمَالِ الْقَلِيلِ

## باب 5: جن حضرات کے نزدیک تھوڑے مال کی وصیت کرنا ضروری نہیں ہے

**3222-** حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيهِ اَنَّ عَلِيًّا دَخَلَ عَلَى مَرِيضٍ فَذَكَرُوا لَهُ الْوَصِيَّةَ فَقَالَ عَلِيٌّ قَالَ اللّٰهُ (اِنْ تَرَكَ خَيْرًا) وَلَا اُرَاهُ تَرَكَ خَيْرًا قَالَ حَمَّادٌ فَحَفِظْتُ اَنَّهُ تَرَكَ اَكْثَرَ مِنْ سَبْعِ مِائَةٍ

☆☆ ہشام اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی رضی اللہ عنہ ایک بیمار آدمی کے پاس تشریف لائے لوگوں نے ان کے سامنے وصیت کا تذکرہ کیا تو حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا ہے ''اگر وہ بھلائی (یعنی مال) چھوڑ کر جائے''۔

میرا خیال ہے کہ اس نے بھلائی (یعنی مال) نہیں چھوڑی۔

حماد نامی راوی بیان کرتے ہیں' مجھے یاد ہے کہ اس شخص نے سات سو سے زیادہ ترکہ چھوڑا تھا۔

**3223-** حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كُنَاسَةَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ عَنْ اَبِيهِ قَالَ دَخَلَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ عَلَى رَجُلٍ مِنْ قَوْمِهِ يَعُودُهُ فَقَالَ اُوصِي قَالَ لَا لَمْ تَدَعْ مَالًا فَدَعْ مَالَكَ لِوَلَدِكَ

☆☆ ہشام اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ اپنی قوم سے تعلق رکھنے والے ایک شخص کی عیادت کے لئے اس کے ہاں گئے اس نے دریافت کیا میں وصیت کر دوں حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں۔

تم نے کوئی مال تو چھوڑا نہیں ہے جو تمہارا تھوڑا سا مال ہے وہ تم اپنے بیٹے کے لئے رہنے دو۔

## بَابٌ فِي الَّذِي يُوصِي بِاَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ

## باب 6: جو شخص ایک تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرے

**3224-** حَدَّثَنَا اَبُو زَيْدٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي رَجُلٍ اَوْصَى وَالْوَرَثَةُ شُهُودٌ مُقِرُّونَ فَقَالَ لَا يَجُوزُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ يَعْنِي اِذَا اَنْكَرُوا بَعْدُ

☆☆ ابراہیم فرماتے ہیں' کوئی شخص وصیت کرے اور اس کے ورثاء موجود ہوں اور وہ اس کا اقرار کرلیں تو یہ بات جائز نہیں ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: یعنی اس شخص کے فوت ہو جانے کے بعد ان ورثاء کا وصیت سے انکار کرنا جائز نہیں ہے۔

**3225-** حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ سَاَلْتُ الْحَكَمَ وَحَمَّادًا عَنِ الْاَوْلِيَاءِ يُجِيزُونَ الْوَصِيَّةَ فَاِذَا مَاتَ لَمْ يُجِيزُوا قَالَا لَا يَجُوزُ

☆☆ شعبہ بیان کرتے ہیں: میں نے حکم اور حماد سے سوال کیا جو اولیاء وصیت کو درست قرار دے دیں اور پھر وصیت کرنے والے شخص کے فوت ہونے کے بعد اسے درست قرار نہ دیں تو حکم اور حماد دونوں نے جواب دیا یہ جائز نہیں ہے۔

**3226-** اَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ اَبِي هِنْدٍ عَنْ عَامِرٍ عَنْ شُرَيْحٍ فِي الرَّجُلِ يُوصِي بِاَكْثَرَ مِنْ

ثُلُثِهِ قَالَ إِنْ اَجَازَتْهُ الْوَرَثَةُ اَجَزْنَاهُ وَإِنْ قَالَتِ الْوَرَثَةُ اَجَزْنَاهُ فَهُمْ بِالْخِيَارِ إِذَا نَفَضُوا اَيْدِيَهُمْ مِنَ الْقَبْرِ

☆☆ قاضی شریح ایسے شخص کے بارے میں فرماتے ہیں: جو شخص اپنے ایک تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرے اگر اس کے ورثاء اس کی اجازت دیں تو ہم بھی اسے جائز قرار دیں گے اور اگر ورثاء یہ کہیں کہ ہم نے اسے جائز قرار دیا تھا تو ان ورثاء کو یہ اختیار ہوگا کہ جب وہ اس شخص کو دفنا دیں تو (اس کو برقرار رہنے دیں یا نہ رہنے دیں)

**3227**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا الْمَسْعُوْدِيُّ عَنْ اَبِىْ عَوْنٍ عَنِ الْقَاسِمِ اَنَّ رَجُلًا اسْتَاْذَنَ وَرَثَتَهُ اَنْ يُوْصِيَ بِاَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ فَاَذِنُوْا لَهُ ثُمَّ رَجَعُوْا فِيْهِ بَعْدَ مَا مَاتَ فَسُئِلَ عَبْدُ اللّٰهِ عَنْ ذٰلِكَ فَقَالَ هٰذَا التَّكَرُّهُ لَا يَجُوْزُ

☆☆ قاسم بیان کرتے ہیں: جو شخص اپنے ورثاء سے اجازت لے کہ وہ اپنے ایک تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرے اور ورثاء اس کو اجازت دے دیں پھر وہ ورثاء اس شخص کے فوت ہونے کے بعد اس سے رجوع کر لیں تو اس بارے میں حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا یہ زبردستی درست نہیں ہے۔

**3228**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ فِى الرَّجُلِ يُوْصِيْ بِاَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ فَرَضِيَ الْوَرَثَةُ قَالَ هُوَ جَائِزٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَجَزْنَاهُ يَعْنِىْ فِى الْحَيَاةِ

☆☆ حسن فرماتے ہیں: جو شخص اپنے ایک تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرے اور اس کے ورثاء اس سے راضی ہوں تو یہ جائز ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں (حدیث 3235 میں ورثاء کا یہ کہنا) ہم نے اسے جائز قرار دیا تھا' یعنی (وصیت کرنے والے شخص کی) زندگی میں (جائز قرار دیا تھا)

# بَابُ الْوَصِيَّةِ بِالثُّلُثِ

## باب 7: تہائی مال کی وصیت کرنا

**3229**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ يُوْنُسَ بْنِ جُبَيْرٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ دَخَلَ عَلَيْهِ وَهُوَ بِمَكَّةَ وَلَيْسَ لَهُ اِلَّا ابْنَةٌ فَقُلْتُ لَهُ اِنَّهُ لَيْسَ لِيْ اِلَّا ابْنَةٌ وَاحِدَةٌ فَاُوْصِيْ بِمَالِيْ كُلِّهِ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قُلْتُ فَاُوْصِيْ بِالنِّصْفِ فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا قَالَ فَاُوْصِيْ بِالثُّلُثِ قَالَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ

☆☆ محمد بن سعد اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ان کے پاس تشریف لائے وہ اس وقت مکہ میں تھے ان کی صرف ایک بیٹی تھی وہ فرماتے ہیں میں نے عرض کی میری صرف ایک ہی بیٹی ہے کیا اپنے پورے مال (کو صدقہ کرنے کی) وصیت کر دوں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں میں نے پھر عرض کی میں نصف مال کی وصیت کر دوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے فرمایا نہیں حضرت سعد رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں پھر میں نے عرض کی کیا میں ایک تہائی مال کی وصیت کر دوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا (تہائی حصہ

کی وصیت کردو) ویسے تہائی بھی زیادہ ہے۔

**3230**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحٰقَ عَنِ الزُّهْرِيِّ عَنْ عَامِرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ اشْتَكَيْتُ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيْ حَجَّةِ الْوَدَاعِ حَتّٰى اِذَا اَدْنَفْتُ فَدَخَلَ عَلَيَّ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعُوْدُنِيْ فَقُلْتُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا اُرَانِيْ اِلَّا لِمَا بِيْ وَاَنَا ذُوْ مَالٍ كَثِيْرٍ وَاِنَّمَا يَرِثُنِيْ ابْنَةٌ لِيْ اَفَاَتَصَدَّقُ بِمَالِيْ كُلِّهٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَبِنِصْفِهٖ قَالَ لَا قُلْتُ فَالثُّلُثُ قَالَ الثُّلُثُ وَالثُّلُثُ كَثِيْرٌ اِنَّكَ اِنْ تَتْرُكْ وَرَثَتَكَ اَغْنِيَاءَ خَيْرٌ مِّنْ اَنْ تَتْرُكَهُمْ فُقَرَاءَ يَتَكَفَّفُوْنَ النَّاسَ بِاَيْدِيْهِمْ وَاِنَّكَ لَا تُنْفِقُ نَفَقَةً اِلَّا اَجَرَكَ اللّٰهُ فِيْهَا حَتّٰى مَا تَجْعَلُ فِيْ فِيْ امْرَاَتِكَ

☆☆ عامر بن سعید اپنے والد کا (حضرت معاذ بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ) کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: حجۃ الوداع کے موقع پر میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ تھا اور شدید بیمار ہو گیا جب بیماری زیادہ ہو گئی تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میری عیادت کے لئے میرے پاس تشریف لائے میں نے عرض کی اے اللہ کے رسول مجھے لگ رہا ہے کہ میرا آخری وقت قریب آ گیا ہے میں بہت سے مال کا مالک ہوں اور میری وارث صرف ایک بیٹی ہے کیا میں اپنا پورا مال صدقہ کردوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: نہیں' میں نے عرض کی پھر نصف مال؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: نہیں' میں نے دریافت کیا پھر ایک تہائی؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (ایک تہائی وصیت کردو) ویسے ایک تہائی بھی زیادہ ہے تم اپنے ورثاء کو خوشحال چھوڑ کر جاؤ یہ اس سے زیادہ بہتر ہے کہ تم انہیں غریب چھوڑ کر جاؤ اور وہ لوگوں کے سامنے ہاتھ پھیلاتے پھریں تم جو کچھ بھی خرچ کرتے ہو اللہ تعالیٰ اس کے بارے میں تمہیں اجر عطا کرے گا یہاں تک کہ تم اپنی بیوی کے منہ میں جو لقمہ ڈالتے ہو (اس کا بھی تمہیں اجر ملے گا)

---

حدیث **3229**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء **2591**

"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **1628**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت لبنان **2861**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **975**

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام **1406**ھ **1986**ء **3677**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر' بیروت لبنان **2708**

"موطا امام مالک" امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **1456**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1479**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **6026**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1991**ء **6019**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **12345**

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام **1404**ھ۔**1984**ء **746**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **195**

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' دار البشائر الاسلامیہ' بیروت' لبنان **1409**ھ/**1989**ء **520**

# بَابُ الْوَصِیَّةِ بِاَقَلَّ مِنَ الثُّلُثِ

## باب 8: تہائی مال سے کم کی وصیت کرنا

**3231**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ اَنَّ اَبَاهُ زِيَادَ بْنَ مَطَرٍ اَوْصٰى فَقَالَ وَصِيَّتِىْ مَا اتَّفَقَ عَلَيْهِ فُقَهَاءُ اَهْلِ الْبَصْرَةِ فَسَاَلْتُ فَاتَّفَقُوْا عَلَى الْخُمُسِ

☆☆ علاء بن زیادہ بیان کرتے ہیں' ان کے والد زیاد بن مطر نے یہ وصیت کی میری وصیت وہ ہے جس پر اہل بصرہ کے فقہاء کا اتفاق ہے میں نے دریافت کیا تو انہوں نے بتایا کہ یہ حضرات پانچویں حصے کی ادائیگی (کی وصیت کرنے پر) متفق ہیں۔

**3232**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اِسْحٰقَ بْنِ سُوَيْدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ زِيَادٍ اَنَّ رَجُلًا سَاَلَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ فَقَالَ اِنَّ وَارِثِىْ كَلَالَةٌ فَاُوْصِىْ بِالنِّصْفِ قَالَ لَا قَالَ فَالثُّلُثِ قَالَ لَا قَالَ فَالرُّبُعِ قَالَ لَا قَالَ فَالْخُمُسِ قَالَ لَا حَتّٰى صَارَ اِلَى الْعُشْرِ فَقَالَ اَوْصِ بِالْعُشْرِ

☆☆ علاء بن زیاد بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ سے سوال کیا میرے وارث کلالہ ہیں کیا میں اپنے نصف مال کی وصیت کردوں انہوں نے جواب دیا نہیں اس نے دریافت کیا پھر ایک تہائی کی؟ انہوں نے جواب دیا نہیں پھر اس نے دریافت کیا چوتھائی تو انہوں نے جواب دیا نہیں' اس نے دریافت کیا پھر پانچویں حصے کی؟ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نہیں' یہاں تک کہ جب اس نے دسویں حصے کا تذکرہ کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا تم دسویں حصے کی وصیت کردو۔

**3233**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ عَنْ عَامِرٍ قَالَ اِنَّمَا كَانُوْا يُوْصُوْنَ بِالْخُمُسِ وَالرُّبُعِ وَكَانَ الثُّلُثُ مُنْتَهَى الْجَامِحِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يَعْنِىْ بِالْجَامِحِ الْفَرَسَ الْجَمُوْحَ

☆☆ عامر بیان کرتے ہیں: پہلے زمانے کے لوگ چوتھے یا پانچویں حصے کی وصیت کرتے تھے اور کوئی بہت زیادہ بھی کرتا تو زیادہ سے زیادہ تیسرے حصے کی کرتا تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں اس روایت میں استعمال ہونے والے لفظ جامح کا مطلب تیز رفتار گھوڑا ہے۔

**3234**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنْ بَكْرٍ قَالَ اَوْصَيْتُ اِلٰى حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فَقَالَ مَا كُنْتُ لِاَقْبَلَ وَصِيَّةَ رَجُلٍ لَهُ وَلَدٌ يُوْصِىْ بِالثُّلُثِ

☆☆ بکر بیان کرتے ہیں' میں نے حمید بن عبدالرحمٰن کو یہ وصیت کی تو وہ بولے میں کسی ایسے شخص کی وصیت قبول نہیں کرتا جس کی اولاد ہو اور وہ ایک تہائی حصے کی وصیت کردے۔

**3235**- حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ هِشَامٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيْرِيْنَ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ الثُّلُثُ جَهْدٌ وَهُوَ جَائِزٌ

☆☆ قاضی شریح بیان کرتے ہیں: ایک تہائی کافی زیادہ ہے لیکن یہ جائز ہے۔

**3236**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ كَانَ السُّدُسُ اَحَبَّ اِلَيْهِمْ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ حضرت ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں: اہل علم کے نزدیک تہائی حصے کے مقابلے میں چھٹے حصہ کی وصیت کرنا زیادہ پسندیدہ ہے۔

## بَابٌ مَّا يَجُوزُ لِلْوَصِيِّ وَمَا لَا يَجُوزُ

## باب 9: ''وصی'' کے لیے کیا جائز ہے اور کیا جائز نہیں ہے

**3237**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شَرِيكٌ عَنْ مُغِيرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْوَصِيُّ اَمِينٌ فِيمَا اُوصِيَ اِلَيْهِ بِهِ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں وصی امین ہوتا ہے اس چیز کے بارے میں جس کی اس کو وصیت کی گئی ہے۔

**3238**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنِ ابْنِ وَهْبٍ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ اَمْرُ الْوَصِيِّ جَائِزٌ فِي كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا فِي الِابْتِيَاعِ وَاِذَا بَاعَ بَيْعًا لَمْ يُقَلْ وَهُوَ رَاْيُ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ

☆☆ مکحول فرماتے ہیں: گھر کے علاوہ ہر معاملے میں وصی کا فیصلہ درست ہے جب وہ کسی چیز کو فروخت کر دے تو اسے واپس نہیں کیا جائے گا۔

**3239**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ قَالَ الْوَصِيُّ اَمِينٌ فِي كُلِّ شَيْءٍ اِلَّا فِي الْعِتْقِ فَاِنَّ عَلَيْهِ اَنْ يُقِيمَ الْوَلَاءَ

☆☆ یحییٰ بن حمزہ کی بھی یہی رائے ہے۔ یحییٰ بن ابوکثیر فرماتے ہیں وصی شخص ہر معاملے میں امین ہوتا ہے البتہ آزاد کرنے کے معاملے میں نہیں ہوتا اس پر لازم ہے کہ وہ ''ولاء'' کو قائم رکھے۔

**3240**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ فِي مَالِ الْيَتِيمِ يَعْمَلُ بِهِ الْوَصِيُّ اِذَا اَوْصَى اِلَى الرَّجُلِ

☆☆ یتیم کے مال کے بارے میں ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں وصی شخص اس کے لیے کام کروائے گا جبکہ کسی شخص نے اس کے بارے میں وصیت کی ہو۔

**3241**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الصَّلْتِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ اِسْمٰعِيلَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ وَصِيُّ الْيَتِيمِ يَاْخُذُ لَهُ بِالشُّفْعَةِ وَالْغَائِبُ عَلَى شُفْعَتِهِ

☆☆ حسن فرماتے ہیں: یتیم کا وصی اس کی طرف سے ''شفعہ'' وصول کر سکتا ہے جبکہ غیر موجود شخص کے شفعہ کا حق برقرار رہتا ہے۔

**3242**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ عِكْرِمَةَ عَنْ شَيْخٍ مِنْ اَهْلِ دِمَشْقَ قَالَ كُنْتُ عِنْدَ عُمَرَ ابْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ وَعِنْدَهُ سُلَيْمَانُ بْنُ حَبِيبٍ وَاَبُو قِلَابَةَ اِذْ دَخَلَ غُلَامٌ فَقَالَ اَرْضُنَا بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا بَاعَكُمُ الْوَصِيُّ وَنَحْنُ اَطْفَالٌ فَالْتَفَتَ اِلَى سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ فَقَالَ مَا تَقُولُ فَاضْجَعَ فِي الْقَوْلِ فَالْتَفَتَ اِلَى اَبِي قِلَابَةَ فَقَالَ مَا تَقُولُ قَالَ رُدَّ عَلَى الْغُلَامِ اَرْضَهُ قَالَ اِذًا يَهْلِكُ مَالُنَا قَالَ اَنْتَ اَهْلَكْتَهُ

☆☆ عکرمہ جو کہ دمشق کے ایک بزرگ ہیں' بیان کرتے ہیں میں حضرت عمر بن عبدالعزیز رضی اللہ عنہ کے پاس موجود تھا اس وقت ان کے پاس سلیمان بن حبیب اور ابوقلابہ بھی موجود تھے ایک لڑکا وہاں آیا اور بولا ہماری زمین فلاں جگہ پر ہے جسے وصی نے آپ کو فروخت کر دیا تھا ہم اس وقت بچے تھے (راوی بیان کرتے ہیں) سلیمان بن حبیب نے میری طرف توجہ کی اور دریافت کیا آپ کیا کہتے ہیں انہوں نے جواب دیتے ہوئے کوئی واضح جواب نہیں دیا۔

پھر انہوں نے ابوقلابہ کی طرف توجہ کی اور ان سے دریافت کیا آپ کیا کہتے ہیں انہوں نے فرمایا اس غلام کو اس کی زمین واپس کر دو تو وہ بولے اس صورت میں ہمارا مال ہلاک ہو جائے گا تو ابوقلابہ بولے آپ نے خود اسے ہلاک کیا ہے۔

## بَابُ اِذَا اَوْصٰى لِرَجُلٍ بِالنِّصْفِ وَلِاٰخَرَ بِالثُّلُثِ

## باب 10: جب کوئی کسی شخص کے بارے میں نصف (مال) اور کسی دوسرے کے بارے میں تہائی کی وصیت کرے

**3243**- اَخْبَرَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ فِيْ رَجُلٍ اَوْصٰى لِرَجُلٍ بِنِصْفِ مَالِهٖ وَلِاٰخَرَ بِثُلُثِ مَالِهٖ قَالَ يَضْرِبَانِ بِذٰلِكَ فِي الثُّلُثِ هٰذَا بِالنِّصْفِ وَهٰذَا بِالثُّلُثِ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جو شخص کسی شخص کے بارے میں اپنے نصف مال کی وصیت کرے اور کسی دوسرے شخص کے بارے میں تہائی مال کی وصیت کرے تو یہ دونوں حصے تیسرے حصے سے نکالے جائیں گے (اس تیسرے حصے کا) نصف ایک کو مل جائے گا اور تہائی حصہ دوسرے کو مل جائے گا۔

## بَابُ الرُّجُوْعِ عَنِ الْوَصِيَّةِ

## باب 11: وصیت سے رجوع کرنا

**3244**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ يُغَيِّرُ صَاحِبُ الْوَصِيَّةِ مِنْهَا مَا شَاءَ غَيْرَ الْعَتَاقَةِ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں وصیت کرنے والا شخص (غلام یا کنیز کو) آزاد کرنے کے علاوہ کسی بھی معاملے میں جب چاہے وصیت (تبدیل) کر سکتا ہے۔

**3245**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ رَبِيْعَةَ اَنَّ عُمَرَ ابْنَ الْخَطَّابِ قَالَ يُحْدِثُ الرَّجُلُ فِيْ وَصِيَّتِهٖ مَا شَاءَ وَمِلَاكُ الْوَصِيَّةِ اٰخِرُهَا

☆☆ عبداللہ بن ابو ربیعہ بیان کرتے ہیں' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں آدمی اپنی وصیت میں جو چاہے تبدیل کر سکتا ہے آخری وقت کی وصیت قابل قبول ہوتی ہے۔

**3246**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ قَالَ حَدَّثَنِيْ قَتَادَةُ قَالَ حَدَّثَنِيْ عَمْرُو بْنُ دِيْنَارٍ اَنَّ اَبَاهُ اَعْتَقَ

رَقِيقًا لَهُ فِي مَرَضِهِ ثُمَّ بَدَا لَهُ اَنْ يَرُدَّهُمْ وَيُعْتِقَ غَيْرَهُمْ قَالَ فَخَاصَمُونِي اِلَى عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ فَاَجَازَ عِتْقَ الْاٰخِرِينَ وَاَبْطَلَ عِتْقَ الْاَوَّلِينَ

☆☆ عمرو بن دینار بیان کرتے ہیں: ان کے والد نے اپنی بیماری کے دوران اپنے ایک غلام کو آزاد کر دیا پھر انہیں یہ مناسب لگا کہ وہ واپس لے کر دوسرے کو آزاد کر دیں ان غلاموں نے اس بارے میں عبدالملک بن مروان کے سامنے مقدمہ پیش کیا تو عبدالملک نے بعد والے غلاموں کی آزادی کو برقرار رکھا اور پہلے والے غلاموں کی آزادی کو کالعدم قرار دیا۔

**3247**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي رَبِيعَةَ عَنِ الشَّرِيدِ بْنِ سُوَيْدٍ قَالَ قَالَ عُمَرُ يُحْدِثُ الرَّجُلُ فِي وَصِيَّتِهِ مَا شَاءَ وَمِلَاكُ الْوَصِيَّةِ اٰخِرُهَا قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ هَمَّامٌ لَمْ يَسْمَعْ مِنْ عَمْرٍو وَبَيْنَهُمَا قَتَادَةُ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں کہ آدمی جو چاہے اپنی وصیت میں تبدیل کر سکتا ہے وصیت آخری وقت میں معتبر ہوتی ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمہ اللہ فرماتے ہیں کہ اس روایت میں ہمام نامی راوی نے عمرو نامی راوی سے نہیں سنا ہے ان دونوں کے درمیان قتادہ نامی راوی موجود ہے۔

**3248**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ قَالَ ابْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ فِي الرَّجُلِ يُوصِي بِوَصِيَّةٍ ثُمَّ يُوصِي بِاُخْرٰى قَالَ هُمَا جَائِزَتَانِ فِي مَالِهِ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں جو شخص وصیت کرے اور پھر اس کے بعد دوسری وصیت کر دے تو اس کے مال کے بارے میں یہ دونوں وصیتیں درست ہوں گی۔

**3249**- حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنْ مَعْمَرٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ مِلَاكُ الْوَصِيَّةِ اٰخِرُهَا

☆☆ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں آخری وصیت معتبر ہوتی ہے۔

## بَابٌ فِي الْوَصِيِّ الْمُتَّهَمِ

## باب 12: وہ وصی جو نا قابل اعتماد ہو

**3250**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا الْوَلِيدُ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ يَحْيٰى قَالَ اِذَا اتَّهَمَ الْقَاضِي الْوَصِيَّ لَمْ يَعْزِلْهُ وَلٰكِنْ يُوَكِّلُ مَعَهُ غَيْرَهُ وَهُوَ رَاْيُ الْاَوْزَاعِيِّ

☆☆ یحییٰ بیان کرتے ہیں جب قاضی کسی وصی کے بارے میں مشکوک ہو جائے تو اسے معزول نہیں کرے گا بلکہ اس کے ہمراہ کسی دوسرے شخص کو اس کا وکیل مقرر کر دے گا۔

امام اوزاعی رحمہ اللہ کی بھی یہی رائے ہے۔

## بَابُ وَصِيَّةِ الْمَرِيْضِ

## باب 13: بیمار شخص کی وصیت

**3251**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنِ الشَّيْبَانِيِّ عَنْ عَامِرٍ قَالَ يَجُوْزُ بَيْعُ الْمَرِيْضِ وَشِرَاؤُهُ وَنِكَاحُهُ وَلَا يَكُوْنُ مِنَ الثُّلُثِ

٭٭ عامر بیان کرتے ہیں (قریب المرگ) بیمار شخص کا خرید وفروخت اور نکاح کرنا جائز ہے البتہ تہائی حصے کے بارے میں (اس کی وصیت درست ہوگی)

**3252**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيْدِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الْحَارِثِ الْعُكْلِيِّ قَالَ مَا حَابٰى بِهِ الْمَرِيْضُ فِيْ مَرَضِهِ مِنْ بَيْعٍ اَوْ شِرَاءٍ فَهُوَ فِيْ ثُلُثِهِ قِيْمَةُ عَدْلٍ

٭٭ حارث عکلی بیان کرتے ہیں (قریب المرگ) بیمار شخص جو خرید وفروخت کرلے وہ مناسب قیمت کے اعتبار سے اس کے تہائی مال میں حساب لگایا جائے گا۔

**3253**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ يَحْيٰى هُوَ ابْنُ سَعِيْدٍ قَالَ اَعْطَتِ امْرَاَةٌ مِنْ اَهْلِنَا وَهِيَ حَامِلٌ فَسُئِلَ الْقَاسِمُ فَقَالَ هُوَ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ قَالَ يَحْيٰى وَنَحْنُ نَقُوْلُ اِذَا ضَرَبَهَا الْمَخَاضُ فَمَا اَعْطَتْهُ فَمِنَ الثُّلُثِ

٭٭ یحییٰ بن سعید بیان کرتے ہیں ایک خاتون نے جو ہمارے خاندان سے تعلق رکھتی تھی اور حاملہ تھی اس نے کچھ دیا اس بارے میں قاسم سے سوال کیا گیا تو انہوں نے ارشاد فرمایا یہ پورے مال میں سے حساب ہوگا۔

یحییٰ فرماتے ہیں: ہم یہ کہتے ہیں: جب اسے دردزہ شروع ہو چکا ہو تو پھر جو اس نے دیا ہوگا تو وہ تہائی مال میں شمار ہوگا۔

**3254**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ فِيْ رَجُلٍ قَالَ لِغُلَامِهِ اِنْ دَخَلْتُ دَارَ فُلَانٍ فَغُلَامِيْ حُرٌّ ثُمَّ دَخَلَهَا وَهُوَ مَرِيْضٌ قَالَ يُعْتَقُ مِنَ الثُّلُثِ وَاِنْ دَخَلَ فِيْ صِحَّتِهِ عُتِقَ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ

٭٭ حسن فرماتے ہیں کہ اگر کوئی شخص اپنے غلام سے یہ کہے کہ اگر میں فلاں گھر میں داخل ہوا تو میرا غلام آزاد ہوگا پھر وہ شخص بیماری کے عالم میں اس گھر میں داخل ہو تو اس غلام کا تیسرا حصہ آزاد ہوگا اور اگر وہ صحت کے عالم میں اس گھر میں داخل ہوا ہو تو اس کے پورے مال میں سے غلام آزاد ہو جائے گا۔

## بَابٌ فِيْمَنْ رَدَّ عَلَى الْوَرَثَةِ مِنَ الثُّلُثِ

## باب 14: جو شخص تہائی حصہ کو وارثوں کی طرف واپس کر دے

**3255**- حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ الْمُنْذِرِ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ اِذَا كَانَ الْوَرَثَةُ مَحَاوِيْجَ فَلَا اَرٰى بَاْسًا اَنْ يُرَدَّ عَلَيْهِمْ مِنَ الثُّلُثِ قَالَ يَحْيٰى فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلْاَوْزَاعِيِّ فَاَعْجَبَهُ

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں جب ورثاء غریب ہوں تو میرے خیال میں اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ ایک تہائی مال انہی کی طرف واپس کردیا جائے۔

یحییٰ بیان کرتے ہیں' میں نے اس بات کا تذکرہ امام اوزاعی رحمہ اللہ سے کیا تو انہیں یہ بات بہت پسند آئی۔

## بَابٌ اِذَا شَهِدَ اثْنَانِ فِي الْوَرَثَةِ

## باب 15: جب ورثاء میں سے دوافراد گواہی دیں

**3256**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ ح و اَخْبَرَنَا مُغِيرَةُ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَا اِذَا شَهِدَ شَاهِدَانِ مِنَ الْوَرَثَةِ جَازَ عَلَى جَمِيعِهِمْ وَاِذَا شَهِدَ وَاحِدٌ فَفِي نَصِيبِهِ بِحِصَّتِهِ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں جب ورثاء میں سے دوافراد کوئی گواہی دے دیں تو وہ ان سب کے بارے میں درست شمار ہو گی۔

لیکن اگر کوئی ایک شخص گواہی دے تو وہ اس کے مخصوص حصہ میں سے حساب کیا جائے گا۔

**3257**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا مُطَرِّفٌ اَنَّهُ سَمِعَ الشَّعْبِيَّ يَقُولُ اِذَا شَهِدَ رَجُلٌ مِنَ الْوَرَثَةِ فَفِي نَصِيبِهِ بِحِصَّتِهِ ثُمَّ قَالَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي جَمِيعِ حِصَّتِهِ

☆☆ مطرف بیان کرتے ہیں انہوں نے شعبی کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے جب ورثاء میں سے کوئی ایک شخص گواہی دے تو یہ اس کے مخصوص حصے میں سے حساب کیا جائے گا پھر اس کے بعد انہوں نے یہ بتایا کہ پورے مال میں سے حساب لگایا جائے گا۔

## بَابٌ مَا يَكُونُ مِنَ الْوَصِيَّةِ فِي الْعَيْنِ وَالدَّيْنِ

## باب 16: نقد اور قرض میں کون سی وصیت ہو گی

**3258**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ حَدَّثَنَا اَبُو شِهَابٍ عَبْدُ رَبِّهِ بْنُ نَافِعٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ بِالثُّلُثِ وَالرُّبُعِ فَفِي الْعَيْنِ وَالدَّيْنِ وَاِذَا اَوْصَى بِخَمْسِينَ اَوْ سِتِّينَ اِلَى الْمِائَةِ فَفِي الْعَيْنِ حَتّٰى يَبْلُغَ الثُّلُثَ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں: جب کوئی شخص تہائی یا چوتھائی مال کی وصیت کرے تو یہ نقد اور ادھار دونوں میں شمار ہوں گی لیکن اگر وہ پچاس' ساٹھ یا سو تک کی وصیت کرے تو وہ نقد میں شمار ہو گی یہاں تک کہ وہ (کل مال کا تیسرا حصہ بن جائے)

## بَابٌ مَنْ اَحَبَّ الْوَصِيَّةَ وَمَنْ كَرِهَ

## باب 17: جو حضرات وصیت کرنے کو پسند کرتے ہیں اور جو حضرات ناپسند کرتے ہیں

**3259**- اَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ بِلَالٍ حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قُسَيْطٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمَرْءُ اَحَقُّ بِثُلُثِ مَالِهِ يَضَعُهُ فِي اَيِّ مَالِهِ شَاءَ

☆☆ یزید بن عبداللہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: آدمی اپنے ایک تہائی مال کا سب سے زیادہ حق دار ہے کہ وہ اسے جہاں چاہے خرچ کرے۔

**3260- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا أَبُو إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي حَبِيبَةَ قَالَ سَأَلْتُ أَبَا الدَّرْدَاءِ عَنْ رَجُلٍ جَعَلَ دَرَاهِمَ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ فَقَالَ أَبُو الدَّرْدَاءِ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَثَلُ الَّذِي يَتَصَدَّقُ عِنْدَ مَوْتِهِ أَوْ يُعْتِقُ كَالَّذِي يُهْدِي بَعْدَ مَا شَبِعَ**

☆☆ ابوحبیبہ بیان کرتے ہیں' میں نے حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنے درہم اللہ کی راہ میں خرچ کرتا ہے تو حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے جواب دیا نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: جو شخص مرتے وقت صدقہ کرتا ہے یا (کسی غلام کو) آزاد کرتا ہے اس کی مثال اس شخص کی طرح ہے جو خود ''سیر'' ہونے کے بعد باقی چیز صدقہ کر دیتا ہے۔

## بَابُ مَا يُبْدَأُ بِهِ مِنَ الْوَصَايَا

## باب 18: وصیت میں آغاز کس چیز سے کیا جائے

**3261- حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الرَّجُلِ يُوصِي بِأَشْيَاءَ وَفِيهَا الْعِتْقُ فَيُجَاوِزُ الثُّلُثَ قَالَ يُبْدَأُ بِالْعِتْقِ**

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں: جس شخص نے کچھ معاملات کی وصیت کی ہو اور ان میں غلام کو شامل کرنا بھی ہو اور وہ سب کچھ ایک تہائی مال سے زیادہ ہو تو سب سے پہلے غلام آزاد کیا جائے گا۔

**3262- حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ أَيُّوبَ عَنْ مُحَمَّدٍ قَالَ بِالْحِصَصِ**

☆☆ امام محمد رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: حصوں کے حساب سے اعتبار ہوگا۔

**3263- حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ بِشْرٍ حَدَّثَنَا الْمُعَافَى عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْأَسْوَدِ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ مَنْ أَوْصَى أَوْ أَعْتَقَ فَكَانَ فِي وَصِيَّتِهِ عَوْلٌ دَخَلَ الْعَوْلُ عَلَى أَهْلِ الْعَتَاقَةِ وَأَهْلِ الْوَصِيَّةِ قَالَ وَقَالَ عَطَاءٌ إِنَّ أَهْلَ الْمَدِينَةِ غَلَبُونَا يَبْدَءُونَ بِالْعَتَاقَةِ قَبْلُ**

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں جو شخص کوئی وصیت کرے یا کسی غلام کو آزاد کر دے اور اس کی وصیت میں عول ہو تو وہ عول اہل عتاقہ (آزاد ہونے والوں غلاموں) اور اہل وصیت دونوں میں شامل ہوگا۔

عطاء بیان کرتے ہیں اہل مدینہ اس بارے میں ہم پر غالب آ گئے ہیں وہ لوگ سب سے پہلے غلام آزاد کرتے ہیں۔

**3264- حَدَّثَنَا أَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ قَالَ قَالَ عَمْرُو بْنُ دِينَارٍ فِي الَّذِي يُوصِي بِعِتْقٍ وَغَيْرِهِ فَيَزِيدُ عَلَى الثُّلُثِ قَالَ بِالْحِصَصِ**

☆☆ عمرو بن دینار فرماتے ہیں جو شخص کسی کو آزاد کرنے اور اس کے علاوہ دوسری وصیت کرلے اور وہ ایک تہائی حصے سے زیادہ ہو جائے تو اس میں (ہر وصیت کے) حصوں سے اعتبار ہوگا۔

**3265**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيرِ بْنِ شِنْظِيرٍ عَنِ الْحَسَنِ فِي رَجُلٍ أَوْصَى بِأَكْثَرَ مِنَ الثُّلُثِ وَفِيهِ عِتْقٌ قَالَ يُبْدَأُ بِالْعِتْقِ

☆☆ حسن ارشادفرماتے ہیں جوشخص اپنے ایک تہائی مال سے زیادہ کی وصیت کرے اوراس وصیت میں غلام کوآزاد کرنا بھی شامل ہوتو سب سے پہلے غلام کوآزاد کیا جائے گا۔

**3266**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ يُبْدَأُ بِالْعَتَاقَةِ قَبْلَ الْوَصِيَّةِ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں وصیت سے پہلے غلام آزاد کیا جائے گا۔

## بَابٌ فِي الَّذِي يُوصِي لِبَنِي فُلَانٍ وَيُسْهِمُ مِنْ مَالِهِ

## باب 19: جوشخص اپنے مال کے مخصوص حصے کوکسی مخصوص خاندان کیلئے وصیت کرے

**3267**- أَخْبَرَنَا الْمُعَلَّى بْنُ أَسَدٍ قَالَ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الرَّجُلِ يُوصِي لِبَنِي فُلَانٍ قَالَ غَنِيُّهُمْ وَفَقِيرُهُمْ وَذَكَرُهُمْ وَأُنْثَاهُمْ سَوَاءٌ

☆☆ حسن فرماتے ہیں جوشخص کسی مخصوص خاندان کے لئے وصیت کرے تو اس میں اس خاندان کے امیر اورغریب مرداور خواتین سب لوگ شامل ہوں گے۔

**3268**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَبُو شِهَابٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ قَالَ إِذَا أَوْصَى لِبَنِي فُلَانٍ فَالذَّكَرُ وَالْأُنْثَى فِيهِ سَوَاءٌ

☆☆ حسن ارشادفرماتے ہیں جب کوئی شخص کسی مخصوص خاندان کے لئے وصیت کرے تو اس بارے میں مرداورخواتین برابر حق رکھیں گے۔

**3269**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زَائِدَةُ بْنُ مُوسَى الْهَمْدَانِيُّ حَدَّثَنِي سَيَّارُ بْنُ أَبِي كَرِبٍ أَنَّ أَبِيًا أَتَى شُرَيْحًا فَسَأَلَهُ عَنْ رَجُلٍ أَوْصَى بِسَهْمٍ مِنْ مَالِهِ قَالَ تُحْسَبُ الْفَرِيضَةُ فَمَا بَلَغَ سِهَامُهَا أُعْطِيَ الْمُوصَى لَهُ سَهْمًا كَأَحَدِهَا

☆☆ سیار بیان کرتے ہیں ایک شخص قاضی شریح کی خدمت میں آیااوران سے کسی ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جس نے اپنے مال کے مخصوص حصہ کی وصیت کی ہوتو قاضی صاحب نے فرمایاتم فرض حصے کا حساب لگاؤ پھر جتنے حصے بنیں گے ان میں سے ایک حصہ اس شخص کودیا جائے گا جس کے بارے میں وصیت کی گئی تھی۔

## بَابٌ إِذَا تَصَدَّقَ الرَّجُلُ عَلَى بَعْضِ وَرَثَتِهِ

## باب 20: جب کوئی شخص اپنے ورثاء کوصدقے کے طور پرکوئی چیزدے

**3270**- أَخْبَرَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيدٌ عَنْ مَكْحُولٍ قَالَ إِذَا تَصَدَّقَ الرَّجُلُ عَلَى بَعْضِ وَرَثَتِهِ وَهُوَ صَحِيحٌ بِأَكْثَرَ مِنَ النِّصْفِ رُدَّ إِلَى الثُّلُثِ وَإِذَا أَعْطَى النِّصْفَ جَازَ لَهُ ذَلِكَ قَالَ سَعِيدٌ وَكَانَ قُضَاةُ أَهْلِ دِمَشْقَ

يَقْضُوْنَ بِذٰلِكَ

☆☆ مکحول فرماتے ہیں جب کوئی شخص اپنے کسی ایک وارث کو صدقے کے طور پر کوئی چیز دے اور وہ اس وقت تندرست ہو اور وہ چیز اس کے نصف مال سے زیادہ ہو تو اسے ایک تہائی مال تک لایا جائے گا اور اگر وہ نصف دیدے تو یہ اس کے لئے جائز ہوگا۔
سعید بیان کرتے ہیں دمشق کے قاضی اسی فتویٰ کے مطابق فیصلہ دیتے ہیں۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ الْكَفَنُ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ

## باب 21: کفن پورے مال میں سے ہوگا

**3271**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِىْ شَيْبَةَ حَدَّثَنَا حَفْصٌ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ اَبِىْ خَالِدٍ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ الْكَفَنُ مِنْ جَمِيْعِ الْمَالِ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں کفن پورے مال میں سے ہوگا۔

**3272**- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُعَاذٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ فِىْ رَجُلٍ مَّاتَ وَتَرَكَ قِيْمَةَ اَلْفَىْ دِرْهَمٍ وَّعَلَيْهِ مِثْلُهَا اَوْ اَكْثَرُ قَالَ يُكَفَّنُ مِنْهَا وَلَا يُعْطٰى دَيْنُهُ

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں جو شخص فوت ہو جائے اور اس نے دو ہزار درہم چھوڑے ہوں اور اس پر اتنے ہی درہم یا اس سے زیادہ کی ادائیگی لازم ہو تو پہلے اس مال میں سے کفن دیا جائے گا اس کا قرض نہیں چکایا جائے گا۔

**3273**- حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَمَّنْ سَمِعَ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ يُبْدَاُ بِالْكَفَنِ ثُمَّ الدَّيْنِ ثُمَّ الْوَصِيَّةِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشاد فرماتے ہیں (مرحوم کے مال میں سے) سب سے پہلے کفن دیا جائے گا پھر قرض ادا کیا جائے گا اور پھر وصیت نافذ کی جائے گی۔

**3274**- حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ فِرَاسٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِى الْمَرْاَةِ تَمُوْتُ قَالَ تُكَفَّنُ مِنْ مَّالِهَا لَيْسَ عَلَى الزَّوْجِ شَىْءٌ

☆☆ شعبی فرماتے ہیں جو خاتون فوت ہو جائے اس کا کفن اس خاتون کے مال میں سے دیا جائے گا اس کے شوہر پر کفن دینا لازم نہیں ہے۔

**3275**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ عَنِ ابْنِ الْمُبَارَكِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ قَالَ الْحَنُوْطُ وَالْكَفَنُ مِنْ رَّاْسِ الْمَالِ

☆☆ عطاء بیان کرتے ہیں کفن دفن کا سارا انتظام (میت کے) اصل مال میں سے کیا جائے گا۔

**3276**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اِسْمٰعِيْلَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْكَفَنُ مِنْ وَّسَطِ الْمَالِ يُكَفَّنُ عَلٰى قَدْرِ مَا كَانَ يَلْبَسُ فِىْ حَيَاتِهٖ ثُمَّ يُخْرَجُ الدَّيْنُ ثُمَّ الثُّلُثُ

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں کفن کو (میت کے) اصل مال میں سے دیا جائے گا اور وہ کفن مرحوم کی زندگی میں استعمال کرنے

والے کپڑوں کے حساب سے ہوگا اس کے بعد قرض ادا کیا جائے گا پھر تہائی حصہ کا حساب ہوگا۔

## بَابٌ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ وَهُوَ غَائِبٌ

## باب 22: جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے بارے میں وصیت کرے اور وہ شخص اس وقت موجود نہ ہو

**3277**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ اَخْبَرَنَا مَنْصُوْرٌ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ وَهُوَ غَائِبٌ فَلْيَقْبَلْ وَصِيَّتَهُ وَاِنْ كَانَ حَاضِرًا فَهُوَ بِالْخِيَارِ اِنْ شَآءَ قَبِلَ وَاِنْ شَآءَ تَرَكَ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے بارے میں وصیت کرے اور وہ شخص اس وقت موجود نہ ہو تو وہ اس وصیت کو قبول کر لے اگر وہ موجود ہوتا تو اسے اختیار ہوتا اگر وہ چاہتا تو قبول کر لیتا اور اگر چاہتا تو قبول نہ کرتا۔

**3278**- حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ قَالَ سَاَلْتُ الْحَسَنَ وَمُحَمَّدًا عَنِ الرَّجُلِ يُوْصِىْ اِلَى الرَّجُلِ قَالَا يَخْتَارُ اَنْ يَقْبَلَ

☆☆ ایوب بیان کرتے ہیں میں نے حسن اور محمد سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو کسی دوسرے شخص کے بارے میں وصیت کرتا ہے تو ان دونوں نے یہ جواب دیا اس دوسرے شخص کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ چاہے تو اسے قبول کر لے۔

**3279**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اَسْعَدَ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ وَهُوَ غَائِبٌ فَاِذَا قَدِمَ فَاِنْ شَآءَ قَبِلَ فَاِذَا قَبِلَ لَمْ يَكُنْ لَهُ اَنْ يَرُدَّ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جب کوئی شخص کسی کی غیر موجود شخص کے بارے میں وصیت کرے تو جب وہ دوسرا شخص آئے تو اسے اختیار ہوگا اگر وہ چاہے تو قبول کرے اور اگر وہ قبول کر لیتا ہے تو اسے واپس کرنے کا اختیار نہیں ہوگا۔

**3280**- حَدَّثَنَا الْوَضَّاحُ بْنُ يَحْيٰى حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ اِلَى الرَّجُلِ فَعُرِضَتْ عَلَيْهِ الْوَصِيَّةُ وَكَانَ غَائِبًا فَقَبِلَ لَمْ يَكُنْ لَهُ اَنْ يَرْجِعَ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کو کوئی وصیت کرے اور اس دوسرے شخص کے سامنے اس وصیت پیش کیا جائے تو اگر وہ دوسرا شخص غیر موجود ہوا اور اسے قبول کر لے تب اسے اس بات کا اختیار نہیں ہوگا کہ وہ اس سے رجوع کرے۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِلْمَيِّتِ

## باب 23: مرحوم شخص کے بارے میں وصیت کرنا

**3281**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ اَبِىْ مَعْشَرٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ لِاِنْسَانٍ وَهُوَ غَائِبٌ وَكَانَ مَيِّتًا وَهُوَ لَا يَدْرِىْ فَهِىَ رَاجِعَةٌ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں جب کوئی شخص کسی انسان کے بارے میں وصیت کرے اور وہ انسان غیر موجود ہو اور وہ مر چکا

ہولیکن وصیت کرنے والے کواس کا پتہ نہ ہوتو وہ وصیت واپس ہوجائے گی۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِلْعَبْدِ

## باب 24: غلام کے بارے میں وصیت کرنا

**3282**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيسَى حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا يُونُسُ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ إِذَا أَوْصَى لِعَبْدِهِ ثُلُثَ مَالِهِ رُبُعَ مَالِهِ خُمُسَ مَالِهِ فَهُوَ مِنْ مَالِهِ دَخَلَتْهُ عَتَاقَةٌ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جب کوئی شخص اپنے غلام کے بارے میں اپنے مال کے تہائی حصے چوتھائی حصے یا پانچویں حصے کی وصیت کرے تو یہ اس کے مال میں شامل ہوگا اور اس میں اس کی آزادی بھی شامل ہوگی۔

## بَابُ مَنْ كَرِهَ أَنْ يُفَرِّقَ مَالَهُ عِنْدَ الْمَوْتِ

## باب 25: جو شخص اس بات کو ناپسندیدہ قرار دیتا ہے کہ مرتے وقت اپنے مال کو تقسیم کردیا جائے

**3283**- حَدَّثَنَا يَعْلَى عَنْ إِسْمَعِيلَ عَنْ قَيْسٍ قَالَ كَانَ يُقَالُ إِنَّ الرَّجُلَ لَيُحْرَمُ بَرَكَةَ مَالِهِ فِي حَيَاتِهِ فَإِذَا كَانَ عِنْدَ الْمَوْتِ تَزَوَّدَ بِعَجْزِهِ

☆☆ قیس بیان کرتے ہیں یہ کہا جاتا ہے آدمی اپنی زندگی میں مال کی برکت سے محروم رہتا ہے اور جب مرنے کا وقت آتا ہے تو وہ اس کے ذریعے (آخرت کا) زادِ راہ اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہے۔

**3284**- حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللَّهِ حَدَّثَنَا أَبُو زُبَيْدٍ حَدَّثَنَا حُصَيْنٌ عَنْ إِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيِّ عَنْ أَبِيهِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللَّهِ الْمُرَّيَانِ الْإِمْسَاكُ فِي الْحَيَاةِ وَالتَّبْذِيرُ عِنْدَ الْمَوْتِ قَالَ أَبُو مُحَمَّدٍ يُقَالُ مُرٌّ فِي الْحَيَاةِ وَمُرٌّ عِنْدَ الْمَوْتِ

☆☆ ابراہیم تیمی اپنے والد کا بیان نقل کرتے ہیں' حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں دو حرکتیں کڑوی ہیں ایک زندگی میں مال سنبھال کر رکھنا اور دوسرا مرتے وقت اسے خرچ کرنا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں یہ محاورہ ہے کہ زندگی میں بھی کڑوا رہا اور مرتے وقت بھی کڑوا رہا۔

## بَابُ الرَّجُلِ يُوصِي بِمِثْلِ نَصِيبِ بَعْضِ الْوَرَثَةِ

## باب 26: جو شخص اپنے ایک وارث کے حصے کی مانند مال کے بارے میں وصیت کرے

**3285**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ عَنْ إِسْرَائِيلَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ قَالَ إِذَا أَوْصَى الرَّجُلُ لِآخَرَ بِمِثْلِ نَصِيبِ ابْنِهِ فَلَا يَتِمُّ لَهُ مِثْلُ نَصِيبِهِ حَتَّى يَنْقُصَ مِنْهُ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں جب کوئی شخص کسی دوسرے شخص کے بارے میں وصیت کرے جو اس کے بیٹے کے مخصوص حصے کی مانند ہو تو اس کو حصہ اس کے بیٹے کے حصے کی مانند نہیں ملے گا یہاں تک کہ اس میں کمی ہوجائے گی۔

**3286**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ دَاوُدَ بْنِ أَبِي هِنْدٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِي رَجُلٍ كَانَ

ثَلَاثَةُ بَنِيْنَ فَاَوْصٰى لِرَجُلٍ مِثْلَ نَصِيْبِ اَحَدِهِمْ لَوْ كَانُوْا اَرْبَعَةً قَالَ الشَّعْبِيُّ يُعْطَى الْخُمُسَ

☆☆ شعبی بیان کرتے ہیں جس شخص کے تین بیٹے ہوں اور وہ کسی شخص کے لئے ان میں سے کسی ایک کے حصے کی مانند مال کی وصیت کر دے تو اگر وہ چار ہوں تو شعبی ارشاد فرماتے ہیں اسے پانچواں حصہ دیا جائے گا۔

**3287**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عِيْسٰى حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ زُرَيْعٍ حَدَّثَنَا دَاوُدُ بْنُ اَبِىْ هِنْدٍ قَالَ سَاَلْنَا عَامِرًا عَنْ رَجُلٍ تَرَكَ ابْنَيْنِ وَاَوْصٰى بِمِثْلِ نَصِيْبِ اَحَدِهِمْ لَوْ كَانُوْا ثَلَاثَةً قَالَ اَوْصٰى بِالرُّبُعِ

☆☆ داؤد بن ابی ہند بیان کرتے ہیں ہم نے عامر سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جس نے دو بیٹے چھوڑے ہوں اور ان میں سے ایک کے حصے جتنے مال کی وصیت کسی کے لئے کر دی ہو تو یوں یہ تین ہو جائیں تو عامر نے جواب دیا اس شخص کو چوتھائی حصے کی وصیت کرنی چاہیے۔

**3288**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ مُغِيْرَةَ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ قَالَ فِىْ رَجُلٍ اَوْصٰى بِمِثْلِ نَصِيْبِ بَعْضِ الْوَرَثَةِ قَالَ لَا يَجُوْزُ وَاِنْ كَانَ اَقَلَّ مِنَ الثُّلُثِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ هُوَ حَسَنٌ

☆☆ ابراہیم ارشاد فرماتے ہیں جو شخص اپنے کسی ایک وارث کے حصے جتنے مال کی وصیت کرے یہ درست نہیں ہے اگر وہ تہائی حصہ سے کم ہو۔

امام ابومحمد دارمی ﷫ فرماتے ہیں یہ رائے بہتر ہے۔

## بَابٌ فِى الرَّجُلِ يُوْصِىْ بِغَلَّةِ عَبْدِهٖ

## باب 27: جو شخص اپنے غلام کی آمدنی کے بارے میں وصیت کرے

**3289**- حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنِ اَبِى السَّفَرِ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِىْ رَجُلٍ اَوْصٰى فِىْ غَلَّةِ عَبْدِهٖ بِدِرْهَمٍ وَّغَلَّتُهٗ سِتَّةٌ قَالَ لَهٗ سُدُسُهٗ

☆☆ شعبی ارشاد فرماتے ہیں جو شخص اپنے غلام کی آمدنی میں ایک درہم کی وصیت کرے اور اس غلام کی آمدن چھ درہم ہو تو اس شخص کو چھٹا حصہ ملے گا۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِلْوَارِثِ

## باب 28: وارث کے لئے وصیت کرنا

**3290**- حَدَّثَنَا قَبِيْصَةُ قَالَ سَمِعْتُ سُفْيَانَ يَقُوْلُ اِذَا اَقَرَّ لِوَارِثٍ وَّلِغَيْرِ وَارِثٍ بِمِائَةِ دِرْهَمٍ اَرٰى اَنْ اُبْطِلَهُمَا جَمِيْعًا

☆☆ سفیان ارشاد فرماتے ہیں جب کوئی شخص کسی وارث کے علاوہ کسی اور کے لئے ایک سو درہم کا اقرار کرے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ ان دونوں کو باطل قرار دیا جائے گا۔

**3291**- حَدَّثَنَا مُسْلِمٌ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ شُرَيْحٍ قَالَ لَا يَجُوزُ إِقْرَارٌ لِوَارِثٍ قَالَ وَ قَالَ الْحَسَنُ أَحَقُّ مَا جَازَ عَلَيْهِ عِنْدَ مَوْتِهِ أَوَّلَ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِ الْآخِرَةِ وَآخِرَ يَوْمٍ مِنْ أَيَّامِ الدُّنْيَا

☆☆ شریح بیان کرتے ہیں وارث کے حق میں اقرار کرنا درست نہیں ہے۔

حسن ارشاد فرماتے ہیں: مرتے وقت جو آخرت کی زندگی کا پہلا دن ہے اور دنیا کی زندگی کا آخری دن ہے اس وقت کی کہی ہوئی بات پوری کرنا زیادہ حق رکھتی ہے۔

**3292**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ أَخْبَرَنَا خَالِدٌ عَنْ خَالِدٍ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ قَالَ لَا يَجُوزُ لِوَارِثٍ وَصِيَّةٌ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں وارث کے لئے وصیت کرنا جائز نہیں ہے۔

**3293**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ حُمَيْدٍ أَنَّ رَجُلًا يُكْنَى أَبَا ثَابِتٍ أَقَرَّ لِامْرَأَتِهِ عِنْدَ مَوْتِهِ أَنَّ لَهَا عَلَيْهِ أَرْبَعَ مِائَةِ دِرْهَمٍ مِنْ صَدَاقِهَا فَأَجَازَهُ الْحَسَنُ

☆☆ حمید بیان کرتے ہیں ایک شخص جس کی کنیت ابوثابت تھی اس نے مرتے وقت اپنی بیوی کے لئے اقرار کیا کہ اس نے اس عورت کو چار سو درہم جو اس کا ''مہر'' ہیں ادا کرنے ہیں تو حسن نے اسے درست قرار دیا۔

**3294**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ الدَّسْتَوَائِيُّ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ غَنْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ خَارِجَةَ قَالَ كُنْتُ تَحْتَ نَاقَةِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهِيَ تَقْصَعُ بِجِرَّتِهَا وَلُعَابُهَا يَنُوصُ بَيْنَ كَتِفَيَّ سَمِعْتُهُ يَقُولُ أَلَا إِنَّ اللَّهَ قَدْ أَعْطَى كُلَّ ذِي حَقٍّ حَقَّهُ فَلَا يَجُوزُ وَصِيَّةٌ لِوَارِثٍ

☆☆ عمرو بن خارجہ بیان کرتے ہیں میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کے نیچے موجود تھا وہ جگالی کر رہی تھی اور اس کا جگال میرے کندھوں کے درمیان گر رہا تھا میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا خبردار بے شک اللہ تعالیٰ نے ہر حق دار کو اس کا حق دے دیا ہے۔ اس لئے وارث کے بارے میں وصیت کرنا جائز نہیں ہے۔

**3295**- أَخْبَرَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ أَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ (إِذَا حَضَرَ أَحَدَكُمُ الْمَوْتُ إِنْ تَرَكَ خَيْرًا

---

حدیث 3294: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2870

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان 2120

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء 3641

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان 2713

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 18017

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء 6468

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ۔1984ء 12185

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان 1127

''آحاد ومثانی'' امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی' دار الرایۃ' ریاض' سعودی عرب 1411ھ/1991ء 788

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان (طبع ثانی) 1403ھ 16306

الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ بِالْمَعْرُوْفِ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ) فَاَمَرَ اَنْ يُوْصِيَ لِوَالِدَيْهِ وَاَقَارِبِهِ ثُمَّ نَسَخَ بَعْدَ ذٰلِكَ فِي سُوْرَةِ النِّسَآءِ فَجَعَلَ لِلْوَالِدَيْنِ نَصِيْبًا مَّعْلُوْمًا وَّاَلْحَقَ لِكُلِّ ذِي مِيْرَاثٍ نَصِيْبَهُ مِنْهُ وَلَيْسَتْ لَهُمْ وَصِيَّةٌ فَصَارَتِ الْوَصِيَّةُ لِمَنْ لَّا يَرِثُ مِنْ قَرِيْبٍ وَّغَيْرِهٖ

☆☆ قتادہ کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے یہ آیت پڑھی۔

''جب کسی شخص کے پاس موت آجائے اور اگر وہ بھلائی (مال) چھوڑ کر جارہا ہوتو اسے والدین اور قریبی رشتے داروں کے بارے میں مناسب طور پر وصیت کرنی چاہیے یہ پرہیزگار لوگوں پر لازم ہے''۔

قتادہ نے کہا کہ پہلے یہ حکم دیا گیا کہ والدین اور قریبی رشتہ داروں کے لیے وصیت کی جائے اس کے بعد اسے سورۂ نساء میں منسوخ کردیا گیا اور والدین کے لیے طے شدہ حصہ مقرر کردیا گیا اور ہر وارث کا مخصوص حصہ مقرر کردیا گیا اس لیے ورثاء کے بارے میں وصیت نہیں ہوسکتی وصیت اس شخص کے بارے میں ہوگی جو وارث نہیں بنتا خواہ وہ قریبی عزیز ہو یا دور کا عزیز۔

**3296**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا وَرْقَاءُ عَنِ ابْنِ اَبِيْ نَجِيْحٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ كَانَ الْمَالُ لِلْوَلَدِ وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ فَنَسَخَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ مَا اَحَبَّ فَجَعَلَ لِلذَّكَرِ مِثْلَ حَظِّ الْاُنْثَيَيْنِ وَجَعَلَ لِلْاَبَوَيْنِ لِكُلِّ وَاحِدٍ مِّنْهُمَا السُّدُسَ وَالثُّلُثَ وَجَعَلَ لِلْمَرْاَةِ الثُّمُنَ وَالرُّبُعَ وَلِلزَّوْجِ الشَّطْرَ وَالرُّبُعَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: پہلے مال اولاد کے لئے ہوتا تھا اور وصیت والدین اور قریبی رشتے داروں کے لئے ہوتی تھی پھر اللہ تعالیٰ نے اپنی مرضی کے مطابق اسے منسوخ کردیا اور ہر مذکر کے لئے دو مونث کا حصہ مقرر کیا والدین میں سے ہر ایک کے لئے چھٹا اور تیسرا حصہ مقرر کیا بیوی کے لئے آٹھواں یا چوتھا حصہ مقرر کیا شوہر کے لئے چوتھا یا نصف حصہ مقرر کیا۔

**3297**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ تُمَيْلَةَ عَنِ الْحُسَيْنِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ يَزِيْدَ عَنْ عِكْرِمَةَ وَالْحَسَنِ (اِنْ تَرَكَ خَيْرًا الْوَصِيَّةُ لِلْوَالِدَيْنِ وَالْاَقْرَبِيْنَ) وَكَانَتِ الْوَصِيَّةُ كَذٰلِكَ حَتّٰى نَسَخَتْهَا اٰيَةُ الْمِيْرَاثِ

☆☆ عکرمہ اور حسن بیان کرتے ہیں (ارشاد باری تعالیٰ ہے)

''اگر وہ بھلائی (مال) چھوڑ کر جاتا ہے تو والدین اور قریبی رشتے داروں کے لئے مناسب وصیت کرے''۔

عکرمہ اور حسن فرماتے ہیں پہلے وصیت اس طرح ہوتی تھی یہاں تک کہ وراثت سے متعلق آیت نے اسے منسوخ کردیا۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِلْغَنِيِّ

## باب29: خوشحال شخص کے بارے میں وصیت کرنا

**3298**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ سُئِلَ عَنْ رَجُلٍ اَوْصٰى وَلَهٗ اَخٌ مُوْسِرٌ اَيُوْصِيْ لَهٗ قَالَ نَعَمْ وَاِنْ كَانَ رَبَّ عِشْرِيْنَ اَلْفًا ثُمَّ قَالَ وَاِنْ كَانَ رَبَّ مِائَةِ اَلْفٍ فَاِنَّ غِنَاهُ لَا يَمْنَعُهُ الْحَقَّ

☆☆ حسن کے بارے میں منقول ہے کہ ان سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا گیا جس نے وصیت کرنی ہو اور اس کا ایک خوشحال بھائی موجود ہو کیا وہ اس کے حق میں وصیت کر سکتا ہے انہوں نے جواب دیا اگر وہ بھائی بیس ہزار درہم کا مالک ہو (تو بھی اس کے بارے میں وصیت کی جا سکتی ہے) پھر وہ بولے اگر وہ ایک لاکھ کا مالک ہو (تو بھی اس کے بارے میں وصیت کی جا سکتی ہے) کیونکہ اس کا خوشحال ہونا اسے اس کے حق سے محروم نہیں کر سکتا۔

## بَابُ الرَّجُلُ يُوْصِيْ لِفُلَانٍ فَإِنْ مَاتَ فَلِفُلَانٍ

## باب 30: جو شخص یہ وصیت کرے کہ فلاں کے بارے میں ہے اور اگر فلاں فوت ہو جائے تو پھر فلاں کے لئے ہو گی

**3299**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ وَسَعِيْدُ بْنُ الْمُسَيَّبِ فِيْ رَجُلٍ قَالَ سَيْفِيْ لِفُلَانٍ فَإِنْ مَاتَ فُلَانٌ فَلِفُلَانٍ فَإِنْ مَاتَ فُلَانٌ فَمَرْجِعُهُ إِلَيَّ قَالَا هُوَ لِلْاَوَّلِ قَالَ وَقَالَ حُمَيْدُ ابْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ يُمْضِيْ كَمَا قَالَ

☆☆ حسن اور سعید بن مسیب فرماتے ہیں جو شخص یہ کہے کہ میری تلوار فلاں شخص کو ملے گی اور اگر وہ فلاں شخص فوت ہو گیا تو پھر فلاں کو ملے گی اور اگر فلاں بھی فوت ہو گیا تو یہ میرے پاس واپس آ جائے گی تو یہ دونوں حضرات فرماتے ہیں یہ پہلے شخص کو ملے گی۔
حمید بن عبدالرحمٰن فرماتے ہیں یہ اس شخص کی وصیت کے مطابق جائے گی۔

**3300**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ حَدَّثَنَا هِشَامُ بْنُ عُرْوَةَ اَنَّ عُرْوَةَ قَالَ فِي الرَّجُلِ يُعْطِي الرَّجُلَ الْعَطَاءَ فَيَقُوْلُ هُوَ لَكَ فَإِذَا مُتُّ فَلِفُلَانٍ فَإِذَا مَاتَ فُلَانٌ فَلِفُلَانٍ وَإِذَا مَاتَ فُلَانٌ فَمَرْجِعُهُ إِلَيَّ قَالَ يُمْضٰى كَمَا قَالَ وَإِنْ كَانُوْا مِائَةً

☆☆ ہشام بن عروہ بیان کرتے ہیں جو شخص کسی دوسرے شخص کو کوئی چیز دے اور یہ کہے یہ تمہاری ہے جب میں مر جاؤں تو پھر یہ فلاں کی ہو گی اگر وہ بھی فوت ہو گیا تو فلاں کی ہو گی اگر فلاں بھی فوت ہو گیا تو پھر یہ میرے پاس واپس آ جائے گی تو عروہ فرماتے ہیں: اگر وہ سو آدمیوں کا نام بھی لے تو پھر بھی اس کے مطابق عمل ہو گا۔

## بَابُ فِي الرَّجُلِ يُوْصِيْ لِغَيْرِ قَرَابَتِهٖ

## باب 31: جو شخص کسی رشتے دار کی بجائے کسی دوسرے کے لئے وصیت کرے

**3301**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ حَدَّثَنَا شَيْبَةُ بْنُ هِشَامٍ الرَّاسِبِيُّ وَكَثِيْرُ بْنُ مَعْدَانَ قَالَا سَأَلْنَا سَالِمَ ابْنَ عَبْدِ اللّٰهِ عَنِ الرَّجُلِ يُوْصِيْ فِيْ غَيْرِ قَرَابَتِهٖ فَقَالَ سَالِمٌ هِيَ حَيْثُ جَعَلَهَا قَالَ فَقُلْنَا إِنَّ الْحَسَنَ يَقُوْلُ يُرَدُّ عَلَى الْاَقْرَبِيْنَ فَاَنْكَرَ ذٰلِكَ وَقَالَ قَوْلًا شَدِيْدًا

☆☆ کثیر بیان کرتے ہیں ہم نے سالم بن عبداللہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جو اپنے رشتے دار کی بجائے

کسی اور کے لئے وصیت کرے تو سالم نے جواب دیا وہ وصیت اسی طرح نافذ ہوگی جس طرح اس نے کہا ہے۔
راوی کہتے ہیں ہم نے یہ کہا حسن یہ کہتے ہیں وہ وصیت اس کے قریبی رشتے داروں کی طرف واپس آجائے گی تو سالم نے اس بات کا انکار کیا اور اس بارے میں سخت بات کہی۔

**3302**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ شِهَابٍ عَنْ عَمْرٍو عَنِ الْحَسَنِ قَالَ اِذَا اَوْصَى الرَّجُلُ فِيْ قَرَابَتِهٖ فَهُوَ لِاَقْرَبِهِمْ بِبَطْنٍ الذَّكَرُ وَالْاُنْثٰى فِيْهِ سَوَاءٌ

☆☆ حسن ارشاد فرماتے ہیں کہ جب کوئی شخص اپنے رشتے داروں کے بارے میں وصیت کرے تو وہ اس کے قریبی رشتے داروں کے بارے میں شمار ہوگی اور اس میں مرد اور عورت برابر ہوں گے۔

## بَابٌ اِذَا قَالَ اَحَدُ غُلَامَيَّ حُرٌّ ثُمَّ مَاتَ وَلَمْ يُبَيِّنْ

## باب 32: جب کوئی شخص یہ کہے کہ میرا ایک غلام آزاد ہے اور پھر وہ فوت ہو جائے اور یہ (وضاحت نہ کرے کہ کون سا غلام ہے)

**3303**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِيْ رَجُلٍ قَالَ اَحَدُ غُلَامَيَّ حُرٌّ ثُمَّ مَاتَ وَلَمْ يُبَيِّنْ قَالَ الْوَرَثَةُ بِمَنْزِلَتِهٖ يُعْتِقُوْنَ اَيَّهُمَا اَحَبُّوْا

☆☆ شعبی فرماتے ہیں جو شخص یہ کہے میرا ایک غلام آزاد ہے اور پھر وہ (اس غلام کو) بیان کرنے سے پہلے فوت ہو جائے تو اس کے ورثاء اس کے قائم مقام ہوں گے وہ جسے چاہیں اسے آزاد کریں۔

## بَابٌ اِذَا اَوْصٰى بِالْعِتْقِ فِيْ مَرَضِهٖ ثُمَّ بَرَاَ

## باب 33: جو شخص بیماری کے دوران کسی غلام کو آزاد کرنے کی وصیت کرے اور پھر تندرست ہو جائے

**3304**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ رَجُلًا قَالَ فِيْ مَرَضِهٖ لِفُلَانٍ كَذَا وَلِفُلَانٍ كَذَا وَعَبْدِيْ فُلَانٌ حُرٌّ وَلَمْ يَقُلْ اِنْ حَدَثَ بِيْ حَدَثٌ فَبَرَاَ قَالَ هُوَ مَمْلُوْكٌ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں ایک شخص نے اپنی بیماری کے عالم میں یہ کہا فلاں شخص کو اتنا ملے گا فلاں شخص کو اتنا ملے گا اور میرا فلاں غلام آزاد ہوگا اور یہ نہیں کہا کہ اگر میں فوت ہو گیا تو پھر وہ شخص تندرست ہو جائے تو وہ غلام اس کی ملکیت میں رہے گا۔

## بَابٌ اِذَا اَعْتَقَ غُلَامَهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَيْسَ لَهٗ مَالٌ غَيْرُهٗ

## باب 34: جو شخص مرتے وقت اپنے غلام کو آزاد کر دے اس کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی مال نہ ہو

**3305**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا اَبُوْ بَكْرٍ عَنْ مُطَرِّفٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ فِيْ رَجُلٍ اَعْتَقَ غُلَامَهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ وَلَيْسَ لَهٗ غَيْرُهٗ وَعَلَيْهِ دَيْنٌ قَالَ يَسْعٰى لِلْغُرَمَاءِ فِيْ ثَمَنِهٖ

☆☆ شعبی ارشادفرماتے ہیں جوشخص مرتے وقت اپنے غلام کوآزاد کردے اوراس کے پاس اس غلام کے علاوہ کوئی اور مال نہ ہواس کے ذمے قرض بھی لازم ہوتوشعبی فرماتے ہیں وہ غلام اپنی قیمت ان قرض خواہوں کوادا کرے گا۔

**3306**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ رَجُلًا اشْتَرٰى عَبْدًا بِتِسْعِ مِائَةِ دِرْهَمٍ فَاَعْتَقَهُ وَلَمْ يَقْضِ ثَمَنَ الْعَبْدِ وَلَمْ يَتْرُكْ شَيْئًا فَقَالَ عَلِيٌّ يَسْعَى الْعَبْدُ فِيْ ثَمَنِهِ

☆☆ حسن ارشادفرماتے ہیں ایک شخص سات سو دینار کے عوض میں ایک غلام خرید کراسے آزادکردیتا ہےاورابھی اس نے غلام کی قیمت ادانہیں کی تھی (کہ فوت ہوگیا) اورترکہ میں کچھ چھوڑ کرنہیں گیا حضرت علی ڈاٹٹؤارشادفرماتے ہیں غلام اپنی قیمت ادا کرنے کاپابند ہوگا۔

## بَابُ مَنْ قَالَ الْمُدَبَّرُ مِنَ الثُّلُثِ

## باب35: جوحضرات یہ کہتے ہیں مدبرغلام تہائی میں شامل ہوتا ہے

**3307**- حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ شَرِيكٍ عَنِ الْاَشْعَثِ عَنْ نَافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ الْمُدَبَّرُ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ حضرت ابن عمر ڈاٹھاارشادفرماتے ہیں: مدبرتہائی حصے میں شامل ہوتا ہے۔

**3308**- حَدَّثَنَا مَنْصُوْرُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ شَرِيكٍ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْمُدَبَّرُ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ ابراہیم نخعی ارشادفرماتے ہیں: مدبرتہائی حصے میں شامل ہوتا ہے۔

**3309**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ كَثِيرٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْمُعْتَقُ عَنْ دُبُرٍ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ حسن ارشادفرماتے ہیں: مدبرتہائی حصے میں شامل ہوتا ہے۔

**3310**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْمُعْتَقَةُ عَنْ دُبُرٍ وَوَلَدُهَا مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ حسن ارشادفرماتے ہیں مدبرہ عورت اوراسکی اولادتہائی حصے میں شمار ہوتے ہیں۔

**3311**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ قَالَ مَنْصُوْرٌ اَخْبَرَنِيْ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْمُعْتَقُ عَنْ دُبُرٍ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ حضرت ابراہیم ڈاٹٹؤارشادفرماتے ہیں: مدبرتہائی حصے میں شامل ہوتا ہے۔

**3312**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَبِيْ عَبْدِ اللّٰهِ الشَّقَرِيِّ وَاَبِيْ هَاشِمٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ الْمُدَبَّرُ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ

☆☆ ابراہیم ارشادفرماتے ہیں: مدبرپورے مال میں شامل ہوگا۔

**3313**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ اَبِيْ بِشْرٍ عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُبَيْرٍ قَالَ الْمُعْتَقُ عَنْ دُبُرٍ مِنْ جَمِيعِ الْمَالِ سُئِلَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ بِاَيِّهِمَا تَقُوْلُ قَالَ مِنَ الثُّلُثِ

☆☆ سعید بن جبیر ارشاد فرماتے ہیں تدبیر کے طور پر آزاد ہونے والا شخص پورے مال میں شامل ہوگا۔
امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ سے سوال کیا گیا آپ کس قول کے مطابق فتویٰ دیتے ہیں انہوں نے جواب دیا تہائی مال کے حساب سے۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ لَا تَشْهَدْ عَلٰى وَصِيَّةٍ حَتّٰى تُقْرَاَ عَلَيْكَ

## باب 36: جو حضرات یہ کہتے ہیں اس وقت تک وصیت کی گواہی نہ دو جب تک اسے تمہارے سامنے پڑھ نہ لیا جائے

**3314**- اَخْبَرَنَا سَعِيْدُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا مَخْلَدٌ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا تَشْهَدْ عَلٰى وَصِيَّةٍ حَتّٰى تُقْرَاَ عَلَيْكَ وَلَا تَشْهَدْ عَلٰى مَنْ لَّا تَعْرِفُ

☆☆ حسن فرماتے ہیں اس وقت تک کسی وصیت کے گواہ نہ بنو جب تک اسے تمہارے سامنے پڑھ نہ لیا جائے اور ایسی چیز کے بارے میں گواہی نہ دو جس سے تم واقف نہ ہو۔

## بَابٌ مَّنْ اَوْصٰى لِاُمَّهَاتِ اَوْلَادِهٖ

## باب 37: جو شخص اُم ولد کے لئے وصیت کرے

**3315**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ حُمَيْدٍ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ اَوْصٰى لِاُمَّهَاتِ اَوْلَادِهٖ بِاَرْبَعَةِ الْاٰفٍ اَرْبَعَةِ الْاٰفٍ لِكُلِّ امْرَاَةٍ مِّنْهُنَّ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اپنی امہات اولاد کے لئے چار ہزار کی وصیت کی تھی ان میں سے ہر خاتون کو چار (ہزار درہم یا دینار) ملے تھے۔

## بَابُ وَصِيَّةِ الْغُلَامِ

## باب 38: لڑکے کا وصیت کرنا

**3316**- حَدَّثَنَا يَحْيٰى بْنُ حَسَّانَ اَخْبَرَنَا ابْنُ اَبِى الزِّنَادِ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُمَرَ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيْزِ اَنَّهٗ اَجَازَ وَصِيَّةَ ابْنِ ثَلَاثَ عَشْرَةَ سَنَةً

☆☆ عمر بن عبدالعزیز کے بارے میں منقول ہے کہ انہوں نے تیرہ سال کے لڑکے کی وصیت کو درست قرار دیا تھا۔

**3317**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ قَالَ اَوْصٰى غُلَامٌ مِّنَ الْحَيِّ ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ فَقَالَ شُرَيْحٌ اِذَا اَصَابَ الْغُلَامُ فِىْ وَصِيَّتِهٖ جَازَتْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ يُعْجِبُنِىْ وَالْقُضَاةُ لَا يُجِيْزُوْنَ

☆☆ ابواسحٰق بیان کرتے ہیں ایک قبیلے کے لڑکے نے جس کی عمر سات سال تھی وصیت کی تو قاضی شریح نے کہا اگر اس بچے نے درست وصیت کی ہے تو یہ درست ہوگی۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: مجھے یہ بات اچھی لگی لیکن قاضی اس کے مطابق فیصلہ نہیں دیتے۔

**3318**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا يُونُسُ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ اَنَّهُ شَهِدَ شُرَيْحًا اَجَازَ وَصِيَّةَ عَبَّاسِ بْنِ اِسْمٰعِيلَ بْنِ مَرْثَدٍ لِظِئْرِهِ مِنْ اَهْلِ الْحِيرَةِ وَعَبَّاسٌ صَبِيٌّ

☆☆ ابواسحق بیان کرتے ہیں وہ اس وقت قاضی شریح کے پاس موجود تھے جب انہوں نے عباس بن اسمٰعیل بن مرثد نامی آدمی جو کہ حیرہ میں موجود تھا اس کی اپنی دائی کے لئے وصیت کو درست قرار دیا تھا حالانکہ عباس نامی شخص ان دنوں بچہ تھا۔

**3319**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا يُونُسُ حَدَّثَنَا اَبُو اِسْحٰقَ قَالَ قَالَ شُرَيْحٌ اِذَا اتَّقَى الصَّبِيُّ الرَّكِيَّةَ جَازَتْ وَصِيَّتُهُ

☆☆ ابواسحق بیان کرتے ہیں قاضی شریح فرماتے ہیں: جب بچہ چکی سے بچنے لگ جائے تو اس کی وصیت درست ہوگی۔

**3320**- حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ اَنَّ غُلَامًا مِنْهُمْ حِينَ ثُغِرَ يُقَالُ لَهُ مَرْثَدٌ اَوْصٰى لِظِئْرٍ لَهُ مِنْ اَهْلِ الْحِيرَةِ بِاَرْبَعِينَ دِرْهَمًا فَاَجَازَهُ شُرَيْحٌ وَقَالَ مَنْ اَصَابَ الْحَقَّ اَجَزْنَاهُ

☆☆ ابواسحق بیان کرتے ہیں ان کے خاندان سے تعلق رکھنے والا ایک لڑکا تھا جس کا نام مرثد تھا اس نے حیرہ میں موجود اپنی دائی کے لئے چالیس درہم کی وصیت کی تو قاضی شریح نے اسے درست قرار دیا اور فرمایا جو شخص حق تک پہنچ جائے ہم اسے برقرار رکھیں گے۔

**3321**- حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ اَخْبَرَنَا يَحْيٰى اَنَّ اَبَا بَكْرِ بْنَ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرِو بْنِ حَزْمٍ اَخْبَرَهُ اَنَّ غُلَامًا بِالْمَدِينَةِ حَضَرَهُ الْمَوْتُ وَوَرَثَتُهُ بِالشَّامِ وَاَنَّهُمْ ذَكَرُوا لِعُمَرَ اَنَّهُ يَمُوتُ فَسَاَلُوهُ اَنْ يُوصِيَ فَاَمَرَهُ عُمَرُ اَنْ يُوصِيَ فَاَوْصٰى بِبِئْرٍ يُقَالُ لَهَا بِئْرُ جُشَمَ وَاَنَّ اَهْلَهَا بَاعُوهَا بِثَلَاثِينَ اَلْفًا ذَكَرَ اَبُو بَكْرٍ اَنَّ الْغُلَامَ كَانَ ابْنَ عَشْرِ سِنِينَ اَوْ ثِنْتَىْ عَشْرَةَ

☆☆ یحییٰ بیان کرتے ہیں ابوبکر نے انہیں بتایا کہ مدینہ میں ایک لڑکا تھا اس کی موت کا وقت قریب آ گیا اس کے ورثاء شام میں رہتے تھے لوگوں نے اس کا تذکرہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے کیا کہ وہ مرنے والا ہے اور لوگوں نے اس سے کہا کہ وہ وصیت کر دے حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے بھی اسے ہدایت کی کہ وہ وصیت کر دے تو اس نے بئر جشم نامی ایک کنویں کے بارے میں وصیت کی اس کے مالکان نے اس کنویں کو تیس ہزار درہم میں فروخت کیا تھا۔

ابوبکر نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس وقت اس لڑکے کی عمر دس سال یا شاید بارہ سال تھی۔

**3322**- حَدَّثَنَا يَزِيدُ عَنْ هِشَامٍ الدَّسْتَوَائِيِّ عَنْ حَمَّادٍ عَنْ اِبْرَاهِيمَ قَالَ يَجُوزُ وَصِيَّةُ الصَّبِيِّ فِى مَالِهِ فِى الثُّلُثِ فَمَا دُونَهُ وَاِنَّمَا يَمْنَعُهُ وَلِيُّهُ ذٰلِكَ فِى الصِّحَّةِ رَهْبَةَ الْفَاقَةِ عَلَيْهِ فَاَمَّا عِنْدَ الْمَوْتِ فَلَيْسَ لَهُ اَنْ يَمْنَعَهُ

☆☆ ابراہیم بیان کرتے ہیں ایک تہائی مال میں یا اس سے کم میں بچے کی وصیت درست ہوتی ہے۔ اس کا ولی اس کو صحت کے عالم میں اس لئے تصرف کرنے سے روکتا ہے تا کہ اس پر فاقہ نہ آ جائے البتہ مرتے وقت ولی اس کو اس بات سے منع نہیں کر سکتا۔

**3323**- حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ خَالِدٍ الْحَذَّاءِ وَاَيُّوبَ عَنِ ابْنِ سِيرِينَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ اَنَّهُ

اُتِیَ لِیْ جَارِيَةٍ اَوْصَتْ فَجَعَلُوْا يُصَغِّرُوْنَهَا فَقَالَ مَنْ اَصَابَ الْحَقَّ اَجَزْنَاهُ

☆☆ عبداللہ بن عتبہ کے بارے میں منقول ہے کہ ان کے سامنے ایک لڑکی لائی گئی جس نے کوئی وصیت کی تھی لوگ اس کو کم سن سمجھ رہے تھے تو عبداللہ نے فرمایا: جو شخص حق بات بیان کر دے ہم اسے برقرار رکھیں گے۔

**3324**- حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ يَحْيَى بْنِ سَعِيدٍ عَنْ اَبِى بَكْرٍ اَنَّ سُلَيْمًا الْغَسَّانِيَّ مَاتَ وَهُوَ ابْنُ عَشْرٍ اَوْ ثِنْتَىْ عَشْرَةَ سَنَةً فَاَوْصَى بِبِئْرٍ لَهُ قِيمَتُهَا ثَلَاثُوْنَ اَلْفًا فَاَجَازَهَا عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ النَّاسُ يَقُوْلُوْنَ عَمْرُو بْنُ سُلَيْمٍ

☆☆ ابوبکر بیان کرتے ہیں سلیم غسانی کا انتقال ہو گیا اس وقت ان کی عمر دس سال یا شاید بارہ سال تھی۔ انہوں نے ایک کنویں کے بارے میں وصیت کی تھی جس کی قیمت تیس ہزار تھی تو حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے اس وصیت کو درست قرار دیا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں محدثین نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس لڑکے کا نام عمرو بن سلیم تھا۔

**3325**- حَدَّثَنَا قَبِيصَةُ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنِ ابْنَيْهِ عَبْدِ اللّٰهِ وَمُحَمَّدٍ ابْنَىْ اَبِى بَكْرٍ عَنْ اَبِيهِمَا مِثْلَ ذٰلِكَ غَيْرَ اَنَّ اَحَدَهُمَا قَالَ ابْنُ ثَلَاثَ عَشْرَةَ وَقَالَ الْاٰخَرُ قَبْلَ اَنْ يَحْتَلِمَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عَنِ ابْنَيْهِ يَعْنِى ابْنَىْ اَبِى بَكْرٍ

☆☆ عبداللہ اور محمد اپنے والد ابوبکر کے حوالے سے یہی بات نقل کرتے ہیں تاہم ان میں سے ایک نے یہ بات بیان کی ہے کہ اس لڑکے کی عمر تیرہ سال تھی جبکہ دوسرے نے یہ بات بیان کی ہے کہ وہ اس وقت بالغ نہیں ہوا تھا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں ان کے دونوں بیٹوں سے مراد ابوبکر نامی راوی کے دو بیٹے ہیں۔

## بَابٌ مَّنْ قَالَ لَا يَجُوْزُ

## باب 39: جو حضرات اس بات کو جائز قرار نہیں دیتے

**3326**- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْاَعْلٰى عَنْ مَعْمَرٍ عَنِ الزُّهْرِيِّ اَنَّهُ كَانَ يَقُوْلُ وَصِيَّتُهُ لَيْسَتْ بِجَائِزَةٍ اِلَّا مَا لَيْسَ بِذِىْ بَالٍ يَعْنِى الْغُلَامَ قَبْلَ اَنْ يَحْتَلِمَ

☆☆ زہری بیان کرتے ہیں بچے کی وصیت جائز نہیں ہوتی ماسوائے اس کے اس کی کوئی حیثیت نہیں ہو (یعنی اس سے مراد وہ لڑکا ہے جو بالغ نہ ہوا ہو)

**3327**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا هُشَيْمٌ عَنْ يُوْنُسَ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ لَا يَجُوْزُ طَلَاقُ الْغُلَامِ وَلَا وَصِيَّتُهُ وَلَا هِبَتُهُ وَلَا صَدَقَتُهُ وَلَا عَتَاقَتُهُ حَتّٰى يَحْتَلِمَ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں لڑکے کی طلاق، وصیت، ہبہ اور صدقہ اور آزاد کرنے کا حکم اس وقت تک درست نہیں ہوتا جب تک وہ بالغ نہ ہو جائے۔

**3328**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ الْمُغِيرَةِ عَنْ حَفْصِ بْنِ غِيَاثٍ عَنْ حَجَّاجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ لَا يَجُوْزُ طَلَاقُ الصَّبِيِّ وَلَا عِتْقُهُ وَلَا وَصِيَّتُهُ وَلَا شِرَاؤُهُ وَلَا بَيْعُهُ وَلَا شَيْءٌ

☆☆ ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں بچے کی طلاق اس کا غلام آزاد کرنا اس کی وصیت اس کا فروخت کرنا۔ اس کا خریدنا اور اس کا کوئی بھی تصرف درست نہیں ہوتا۔

**3329**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ الْحِمْيَرِيِّ قَالَ لَا يَجُوْزُ طَلَاقٌ وَّلَا وَصِيَّةٌ اِلَّا فِيْ عَقْلٍ اِلَّا النَّشْوَانَ يَعْنِي السَّكْرَانَ فَاِنَّهُ يَجُوْزُ طَلَاقُهُ وَيُضْرَبُ ظَهْرُهُ

☆☆ حبیب بن عبدالرحمن بیان کرتے ہیں طلاق اور وصیت اسی وقت جائز ہوتی ہے جب عقل موجود ہو ماسوائے اس صورت کے جب انسان نشے میں ہو کیونکہ ایسی حالت میں طلاق جائز ہوتی ہے اور ایسے شخص کی پشت پر کوڑے لگائے جاتے ہیں۔

## بَابٌ اِذَا اَوْصٰى بِعِتْقِ عَبْدٍ لَّهُ اٰبِقٍ

## باب 40: جب کوئی شخص اپنے مفرور غلام کے بارے میں وصیت کرے

**3330**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَوْنٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِيْ اِسْحٰقَ قَالَ سَاَلْتُ الْقَاسِمَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ وَمُعَاوِيَةَ بْنَ قُرَّةَ عَنْ رَجُلٍ قَالَ فِيْ وَصِيَّتِهٖ كُلُّ مَمْلُوْكٍ لِّيْ حُرٌّ وَّلَهُ مَمْلُوْكٌ اٰبِقٌ فَقَالَا هُوَ حُرٌّ وَّ قَالَ الْحَسَنُ وَاِيَاسٌ وَّبَكْرُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ لَيْسَ بِحُرٍّ

☆☆ یحییٰ بن ابواسحق بیان کرتے ہیں' میں نے قاسم بن عبدالرحمن اور معاویہ بن قرہ سے ایسے شخص کے بارے میں دریافت کیا جس نے اپنی وصیت میں یہ کہا ہو کہ میرا ہر غلام آزاد ہے اور اس کے غلاموں میں ایک مفرور غلام بھی ہو تو دونوں حضرات نے جواب دیا وہ آزاد شمار ہوگا۔

حسن' ایاس اور بکر بن عبداللہ فرماتے ہیں: وہ آزاد نہیں ہوگا۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِلنِّسَآءِ

## باب 41: خواتین کے بارے میں وصیت کرنا

**3331**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ الْعُمَرِيُّ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ عُمَرَ اَوْصٰى اِلٰى حَفْصَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِيْنَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں' حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ام المومنین سیدہ حفصہ کے بارے میں وصیت کی تھی۔

## بَابُ الْوَصِيَّةِ لِاَهْلِ الذِّمَّةِ

## باب 42: ذمیوں کے بارے میں وصیت کرنا

**3332**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ لَّيْثٍ عَنْ نَّافِعٍ عَنِ ابْنِ عُمَرَ اَنَّ صَفِيَّةَ اَوْصَتْ لِنَسِيْبٍ لَّهَا يَهُوْدِيٍّ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: سیدہ صفیہ رضی اللہ عنہا نے اپنے ایک یہودی رشتے دار کے بارے میں وصیت کی

تھی۔

**3333**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ قَالَ اَوْصٰى غُلَامٌ مِّنَ الْحَيِّ يُقَالُ لَهُ عَبَّاسُ بْنُ مَرْثَدٍ ابْنُ سَبْعِ سِنِيْنَ لِظِئْرٍ لَّهُ يَهُوْدِيَّةٍ مِّنْ اَهْلِ الْحِيْرَةِ بِاَرْبَعِيْنَ دِرْهَمًا فَقَالَ شُرَيْحٌ اِذَا اَصَابَ الْغُلَامُ فِي وَصِيَّتِهِ جَازَتْ وَاِنَّمَا اَوْصٰى لِذِيْ حَقٍّ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَنَا اَقُوْلُ بِهٖ

☆☆ ابواسحق بیان کرتے ہیں ایک قبیلے کے ایک لڑکے نے جس کا نام عباس تھا اور وہ سات برس کا تھا' حیرہ میں موجود اپنی دائی جو یہودن تھی کے بارے میں چالیس درہم کی وصیت کی تو قاضی شریح نے یہ کہا کہ لڑکے نے درست وصیت کی ہے یہ جائز ہے کیونکہ اس نے حق دار کے لئے وصیت کی ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں میں بھی اس کے مطابق فتویٰ دیتا ہوں۔

## بَابٌ فِي الْوَقْفِ

## باب 43: وقف کا حکم

**3334**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُسَامَةَ عَنْ هِشَامٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ الزُّبَيْرَ جَعَلَ دُوْرَهُ صَدَقَةً عَلٰى بَنِيْهِ لَا تُبَاعُ وَلَا تُوْرَثُ وَاَنَّ لِلْمَرْدُوْدَةِ مِنْ بَنَاتِهِ اَنْ تَسْكُنَ غَيْرَ مُضِرَّةٍ وَّلَا مُضَارٍّ بِهَا فَاِنْ هِيَ اسْتَغْنَتْ بِزَوْجٍ فَلَا حَقَّ لَهَا

☆☆ ہشام اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں حضرت زبیر رضی اللہ عنہ نے اپنے گھر اپنے بیٹوں کو صدقہ کر دیئے تھے یوں کہ انہیں فروخت نہیں کیا جائے اور ان کو وراثت میں شامل نہیں کیا جائے گا اور ان کی بیٹیوں میں سے جس کو طلاق ہو جائے تو وہاں سکونت اختیار کر سکے گی بشرطیکہ اسے کوئی ضرر لاحق نہ ہو اور اس کی وجہ سے کسی کو ضرر لاحق نہ ہو اور اگر شوہر کے پاس رہنے کی وجہ سے اس کو ضرورت نہ ہو تو پھر اس لڑکی کا ان میں کوئی حق نہیں ہوگا۔

## بَابٌ اِذَا مَاتَ الْمُوْصٰى قَبْلَ الْمُوْصِيْ

## باب 44: جس شخص کے بارے میں وصیت کی گئی تھی اگر وہ وصیت کرنے والے سے پہلے فوت ہو جائے

**3335**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا الْوَلِيْدُ عَنْ حَفْصٍ عَنْ مَكْحُوْلٍ فِي الرَّجُلِ يُوْصِيْ لِلرَّجُلِ بِدَنَانِيْرَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَيَمُوْتُ الْمُوْصٰى لَهُ قَبْلَ اَنْ يَّخْرُجَ بِهَا مِنْ اَهْلِهٖ قَالَ هِيَ اِلٰى اَوْلِيَاءِ الْمُتَوَفّٰى الْمُوْصِيْ يُنْفِذُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

☆☆ مکحول بیان کرتے ہیں ایک شخص نے دوسرے شخص کے بارے میں اللہ کی راہ میں چند دیناروں کی وصیت کی جس شخص کے بارے میں وصیت کی گئی تھی اس کا انتقال ہو گیا اس سے پہلے کہ وہ انہیں لے کر اپنے اہل خانہ کے پاس جاتا تو مکحول فرماتے ہیں وہ

دیناراس فوت ہونے والے شخص کے رشتہ داروں کو ملیں گے جنہیں وہ اللہ کی راہ میں خرچ کردیں گے۔

**3336**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنِ الْحَسَنِ فِي الرَّجُلِ يُوْصِيْ لِلرَّجُلِ بِالْوَصِيَّةِ فَيَمُوْتُ الْمُوْصٰى لَهٗ قَبْلَ الْمُوْصِيْ قَالَ هِيَ جَائِزَةٌ لِوَرَثَةِ الْمُوْصٰى لَهٗ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں جو شخص کسی دوسرے شخص کے بارے میں وصیت کرے اور جس کے بارے میں وصیت کی گئی ہے وہ وصیت کرنے والے سے پہلے ہی فوت ہو جائے تو حسن فرماتے ہیں جس شخص کے بارے میں وصیت کی گئی تھی۔

اس کے ورثاء کے بارے میں یہ وصیت جائز ہوگی۔

**3337**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُيَيْنَةَ عَنْ عَلِيِّ بْنِ مُسْهِرٍ عَنْ اَشْعَثَ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ السَّبِيْعِيِّ قَالَ حُدِّثْتُ اَنَّ عَلِيًّا كَانَ يُجِيْزُهَا مِثْلَ قَوْلِ الْحَسَنِ

☆☆ ابواسحق بیان کرتے ہیں مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ اس وصیت کو درست قرار دیتے تھے اور ان کی رائے بھی وہ ہی تھی جو حسن بصری رضی اللہ عنہ کی ہے۔

## بَابُ اِذَا اَوْصٰى بِشَيْءٍ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

## باب 45: جب کوئی شخص کسی چیز کو اللہ کی راہ میں دینے کی وصیت کرے

**3338**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ الْمُبَارَكِ اَخْبَرَنَا عَبْدُ الْعَزِيْزِ هُوَ ابْنُ مُحَمَّدٍ عَنْ مُوْسٰى هُوَ ابْنُ عُقْبَةَ عَنْ نَافِعٍ اَنَّ رَجُلًا جَآءَ اِلَى ابْنِ عُمَرَ فَقَالَ اِنَّ رَجُلًا اَوْصٰى اِلَيَّ وَجَعَلَ نَاقَةً فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَيْسَ هٰذَا زَمَانًا يُخْرَجُ اِلَى الْغَزْوِ فَاَحْمِلُ عَلَيْهَا فِي الْحَجِّ فَقَالَ ابْنُ عُمَرَ الْحَجُّ وَالْعُمْرَةُ مِنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

☆☆ نافع بیان کرتے ہیں ایک شخص حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما کے پاس آیا اور بولا کہ ایک شخص نے مجھ سے یہ وصیت کی تھی کہ وہ اپنی اونٹنی اللہ کی راہ میں دیتا ہے اب وہ زمانہ نہیں ہے جس میں لوگ جنگ کی طرف جاتے ہیں کیا میں اس پر حج کرنے والوں کو سوار کردوں حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے جواب دیا حج اور عمرہ بھی اللہ کی راہ میں ہوتے ہیں۔

**3339**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُبَيْدَةَ عَنْ وَاقِدِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ اَنَّ رَجُلًا اَوْصٰى بِمَالِهٖ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَسَاَلَ الْوَصِيُّ عَنْ ذٰلِكَ عُمَرَ فَقَالَ اَعْطِهٖ عُمَّالَ اللّٰهِ قَالَ وَمَنْ عُمَّالُ اللّٰهِ قَالَ حَاجُّ بَيْتِ اللّٰهِ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں ایک شخص نے اپنے مال میں سے اللہ کی راہ میں دینے کی وصیت کی جس شخص کو وصیت کی تھی اس شخص نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کی راہ میں کام کرنے والوں کو دے دو اس شخص نے دریافت کیا اللہ کی راہ میں کام کرنے والے کون لوگ ہیں۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا اللہ کے گھر کا حج کرنے والے لوگ۔

# وَمِنْ كِتَابِ فَضَائِلِ الْقُرْاٰنِ

# قرآن کے فضائل

## بَابُ فَضْلِ مَنْ قَرَاَ الْقُرْاٰنَ

## باب 1: قرآن پڑھنے کی فضیلت

**3340**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ قَابُوسَ عَنْ اَبِيْهِ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ الرَّجُلَ الَّذِىْ لَيْسَ فِىْ جَوْفِهِ مِنَ الْقُرْاٰنِ شَىْءٌ كَالْبَيْتِ الْخَرِبِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جس شخص کے دل میں قرآن موجود نہ ہو اس کی مثال ویران گھر کی سی ہے۔

**3341**- اَخْبَرَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ خَالِدِ بْنِ حَازِمٍ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُسْلِمَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ سِنَانٍ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَاْدُبَةُ اللّٰهِ فَخُذُوْا مِنْهُ مَا اسْتَطَعْتُمْ فَاِنِّىْ لَا اَعْلَمُ شَيْئًا اَصْفَرَ مِنْ خَيْرٍ مِّنْ بَيْتٍ لَّيْسَ فِيْهِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ شَىْءٌ وَّاِنَّ الْقَلْبَ الَّذِىْ لَيْسَ فِيْهِ مِنْ كِتَابِ اللّٰهِ شَىْءٌ خَرِبٌ كَخَرَابِ الْبَيْتِ الَّذِىْ لَا سَاكِنَ لَهٗ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ قرآن اللہ تعالیٰ کا دسترخوان ہے تم اس میں سے جہاں تک ہو سکے استفادہ کرو میرے علم میں بھلائی کے حوالے سے اس گھر سے زیادہ ویران اور کوئی گھر نہیں ہے جس میں اللہ کی کتاب میں سے کچھ موجود نہ ہو اور وہ دل جس میں اللہ کی کتاب میں سے کچھ موجود نہ ہو یوں ویران ہے جیسے وہ گھر ویران ہوتا ہے جس میں کوئی نہ رہتا ہو۔

**3342**- حَدَّثَنَا اَبُوْ عَامِرٍ قَبِيْصَةُ اَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَطَاءِ بْنِ السَّائِبِ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ تَعَلَّمُوْا هٰذَا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّكُمْ تُؤْجَرُوْنَ بِتِلَاوَتِهِ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرَ حَسَنَاتٍ اَمَا اِنِّىْ لَا اَقُوْلُ بِـ (الم) وَلٰكِنْ بِاَلِفٍ وَّلَامٍ وَّمِيْمٍ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرُ حَسَنَاتٍ

حدیث **3340**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2913**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **1947**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **2037**

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اس قرآن کا علم حاصل کرو کیونکہ اس کی تلاوت کے ذریعے تمہیں ہر ایک حرف کے عوض میں دس نیکیوں کا اجر دیا جائے گا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ الٓمٓ ایک حرف ہے بلکہ الف، ل اور م میں ہر حرف کے عوض میں دس نیکیاں ملیں گی۔

**3343**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا حَرْبُ بْنُ شَدَّادٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى هُوَ ابْنُ أَبِي كَثِيرٍ حَدَّثَنِي حَفْصُ بْنُ عِنَانٍ الْحَنَفِيُّ أَنَّ أَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُولُ إِنَّ الْبَيْتَ لَيَتَّسِعُ عَلَى أَهْلِهِ وَتَحْضُرُهُ الْمَلَائِكَةُ وَتَهْجُرُهُ الشَّيَاطِينُ وَيَكْثُرُ خَيْرُهُ أَنْ يُقْرَأَ فِيهِ الْقُرْآنُ وَإِنَّ الْبَيْتَ لَيَضِيقُ عَلَى أَهْلِهِ وَتَهْجُرُهُ الْمَلَائِكَةُ وَتَحْضُرُهُ الشَّيَاطِينُ وَيَقِلُّ خَيْرُهُ أَنْ لَا يُقْرَأَ فِيهِ الْقُرْآنُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: اگر کسی گھر میں قرآن پڑھا جائے تو وہ گھر اہل خانہ کے لیے کشادہ ہو جاتا ہے۔ اس میں فرشتے آتے ہیں۔ شیطان اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں اور اس میں بھلائی زیادہ ہو جاتی ہے اور اگر کسی گھر میں قرآن نہ پڑھا جائے تو وہ گھر اہل خانہ کے لیے تنگ ہو جاتا ہے۔ فرشتے اسے چھوڑ کر چلے جاتے ہیں وہاں شیاطین بسیرا کر لیتے ہیں اور وہاں بھلائی کم ہو جاتی ہے۔

**3344**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ عَنْ مِشْرَحِ بْنِ هَاعَانَ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ سَمِعْتُ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ لَوْ جُعِلَ الْقُرْآنُ فِي إِهَابٍ ثُمَّ أُلْقِيَ فِي النَّارِ مَا احْتَرَقَ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''اگر قرآن مجید کو کسی چمڑے میں رکھا جائے اور پھر اسے آگ میں ڈال دیا جائے تو وہ جلے گا نہیں۔''

**3345**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللَّهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّيُّ عَنْ عُبَيْدِ اللَّهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زَيْدِ بْنِ أَبِي أُنَيْسَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي صَالِحٍ قَالَ سَمِعْتُ أَبَا هُرَيْرَةَ يَقُولُ اقْرَءُوا الْقُرْآنَ فَإِنَّهُ نِعْمَ الشَّفِيعُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ إِنَّهُ يَقُولُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ يَا رَبِّ حَلِّهِ حِلْيَةَ الْكَرَامَةِ فَيُحَلَّى حِلْيَةَ الْكَرَامَةِ يَا رَبِّ اكْسُهُ كِسْوَةَ الْكَرَامَةِ فَيُكْسَى كِسْوَةَ الْكَرَامَةِ يَا رَبِّ أَلْبِسْهُ تَاجَ الْكَرَامَةِ يَا رَبِّ ارْضَ عَنْهُ فَلَيْسَ بَعْدَ رِضَاكَ شَيْءٌ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قرآن پڑھو کیونکہ قیامت کے دن یہ بہترین سفارش کرنے والا ہوگا۔ یہ قیامت کے دن یہ کہے گا اے میرے پروردگار! اس (مجھے پڑھنے والے) کو بزرگی کا زیور پہنا تو اس شخص کو بزرگی کا زیور پہنایا جائے گا۔ (قرآن کہے گا) اے میرے پروردگار! اس شخص کو بزرگی کا لباس پہنا تو اس شخص کو بزرگی کا لباس پہنایا جائے گا (وہ قرآن کہے گا) اے میرے پروردگار! اس شخص کو بزرگی کا تاج پہنا، اے میرے پروردگار اس سے راضی ہو جا کیونکہ تیری رضا کے بعد کسی چیز کی کوئی حیثیت نہیں ہے۔

**3346**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيُّ عَنْ سُفْيَانَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ مُجَاهِدٍ عَنْ

حدیث 3353: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر 17403

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام' 1404ھ-1984ء 1745

اِبْنِ عُمَرَ قَالَ يَجِيءُ الْقُرْآنُ يَشْفَعُ لِصَاحِبِهِ يَقُوْلُ يَا رَبِّ لِكُلِّ عَامِلٍ عُمَالَةٌ مِنْ عَمَلِهِ وَاِنِّي كُنْتُ اَمْنَعُهُ اللَّذَّةَ وَالنَّوْمَ فَاَكْرِمْهُ فَيُقَالُ ابْسُطْ يَمِيْنَكَ فَيُمْلَأُ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ ثُمَّ يُقَالُ ابْسُطْ شِمَالَكَ فَيُمْلَأُ مِنْ رِضْوَانِ اللّٰهِ وَيُكْسٰى كِسْوَةَ الْكَرَامَةِ وَيُحَلّٰى بِحِلْيَةِ الْكَرَامَةِ وَيُلْبَسُ تَاجَ الْكَرَامَةِ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: قرآن آئے گا اور اپنے پڑھنے والوں کے لیے شفاعت کرے گا اور یہ کہے گا اے میرے پروردگار! ہر عمل کرنے والے کو اس کے کام کا معاوضہ ملتا ہے۔ میں نے اس شخص کو لذت اور نیند سے روکا تو اس کو بزرگی عطا کر۔ اس شخص سے کہا جائے گا تم اپنے دائیں ہاتھ کو پھیلاؤ اسے اللہ کی رضامندی سے بھر دیا جائے گا اور پھر یہ کہا جائے گا کہ بائیں ہاتھ کو پھیلاؤ اسے بھی اللہ کی رضامندی سے بھر دیا جائے گا۔ پھر اس شخص کو کرامت کا لباس پہنایا جائے گا اور کرامت کا زیور پہنایا جائے گا اور کرامت کا تاج پہنایا جائے گا۔

**3347**- اَخْبَرَنَا مُوْسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفَزَارِيُّ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ قَالَ الْقُرْآنُ يَشْفَعُ لِصَاحِبِهِ فَيُكْسٰى حُلَّةَ الْكَرَامَةِ ثُمَّ يَقُوْلُ رَبِّ زِدْهُ فَيُكْسٰى تَاجَ الْكَرَامَةِ قَالَ فَيَقُوْلُ رَبِّ زِدْهُ فَاٰتِهِ وَاٰتِهِ قَالَ فَيَقُوْلُ رِضَائِيْ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ قَالَ وُهَيْبُ بْنُ الْوَرْدِ اجْعَلْ قِرَائَتَكَ الْقُرْآنَ عِلْمًا وَّلَا تَجْعَلْهُ عَمَلًا

☆☆ حضرت ابوصالح رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن اپنے پڑھنے والے کی شفاعت کرے گا۔ اس شخص کو کرامت کا زیور پہنایا جائے گا پھر قرآن کہے گا اے میرے پروردگار! اس میں اضافہ کر تو اس شخص کو کرامت کا تاج پہنایا جائے گا۔ راوی بیان کرتے ہیں: پھر قرآن کہے گا اے میرے پروردگار! اس میں مزید اضافہ کر اسے یہ بھی عطا کر اسے وہ بھی عطا کر یہاں تک کہ پروردگار فرمائے گا: میری رضا بھی (اس شخص کو حاصل ہوگئی)۔

امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں: وہیب بن ورد فرماتے ہیں: قرآن کی قرأت کو علم کے طور پر اختیار کرو اسے عمل کے طور پر اختیار نہ کرو۔

**3348**- حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيْمُ الْفَزَارِيُّ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِيْ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اِذَا اَتٰى اَهْلَهُ اَنْ يَّجِدَ ثَلَاثَ خَلِفَاتٍ سِمَانٍ قَالُوْا نَعَمْ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ قَالَ فَثَلَاثُ اٰيَاتٍ يَقْرَؤُهُنَّ اَحَدُكُمْ خَيْرٌ لَّهُ مِنْهُنَّ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: کیا کوئی شخص یہ بات پسند کرتا ہے کہ جب وہ اپنے گھر آئے تو وہ وہاں تین موٹی تازہ حاملہ اونٹنیاں پائے۔ لوگوں نے جواب دیا: جی ہاں یا رسول اللہ! نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

حدیث **3348**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — **802**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — **3782**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **9141**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ — **30073**

قرآن پاک کی تین آیات پڑھنا تمہارے لیے اس سے زیادہ بہتر ہے۔

**3349**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ هُوَ الْهَجَرِيُّ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَادُبَةُ اللّٰهِ فَتَعَلَّمُوْا مِنْ مَادُبَتِهِ مَا اسْتَطَعْتُمْ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ حَبْلُ اللّٰهِ وَالنُّوْرُ الْمُبِيْنُ وَالشِّفَاءُ النَّافِعُ عِصْمَةٌ لِمَنْ تَمَسَّكَ بِهِ وَنَجَاةٌ لِمَنِ اتَّبَعَهُ لَا يَزِيغُ فَيُسْتَعْتَبُ وَلَا يَعْوَجُّ فَيُقَوَّمُ وَلَا تَنْقَضِي عَجَائِبُهُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ فَاتْلُوْهُ فَاِنَّ اللّٰهَ يَاْجُرُكُمْ عَلٰى تِلَاوَتِهِ بِكُلِّ حَرْفٍ عَشْرَ حَسَنَاتٍ اَمَا اِنِّي لَا اَقُوْلُ الم وَلٰكِنْ بِاَلِفٍ وَلَامٍ وَمِيْمٍ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: یہ قرآن اللہ کا دسترخوان ہے۔تم اس کے دسترخوان سے جہاں تک ہو سکے علم حاصل کرو۔ یہ قرآن اللہ کی رسی ہے اور واضح کرنے والا نور ہے اور نفع دینے والی شفاء ہے۔ جو اس کے ذریعے تمسک کرے گا یہ اس کے لیے پناہ ہے اور جو اس کی پیروی کرے گا اس کے لیے نجات ہے وہ شخص گمراہ نہیں ہوگا کہ اس کے پیچھے جایا جائے اور ٹیڑھا نہیں ہوگا کہ اسے سیدھا کیا جائے۔ اس کے عجائب کبھی ختم نہیں ہوں گے اور بکثرت استعمال سے یہ پرانا نہیں ہوگا تم اس کی تلاوت کرو اللہ تعالیٰ تمہیں اس کی تلاوت کے ہر ایک حرف کے عوض میں دس نیکیاں عطا کرے گا۔ میں یہ نہیں کہتا کہ الٓم (پڑھنے سے دس نیکیاں ملیں گی) بلکہ الف، ل اور م (میں سے ہر ایک حرف کے عوض میں دس نیکیاں ملیں گی)۔

**3350**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ حَيَّانَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ حَيَّانَ عَنْ زَيْدِ بْنِ اَرْقَمَ قَالَ قَامَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا خَطِيبًا فَحَمِدَ اللّٰهَ وَاَثْنٰى عَلَيْهِ ثُمَّ قَالَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ اِنَّمَا اَنَا بَشَرٌ يُوْشِكُ اَنْ يَاْتِيَنِي رَسُوْلُ رَبِّي فَاُجِيْبَهُ وَاِنِّي تَارِكٌ فِيْكُمُ الثَّقَلَيْنِ اَوَّلُهُمَا كِتَابُ اللّٰهِ فِيْهِ الْهُدٰى وَالنُّوْرُ فَتَمَسَّكُوْا بِكِتَابِ اللّٰهِ وَخُذُوْا بِهِ فَحَثَّ عَلَيْهِ وَرَغَّبَ فِيْهِ ثُمَّ قَالَ وَاَهْلَ بَيْتِي اُذَكِّرُكُمُ اللّٰهَ فِي اَهْلِ بَيْتِي ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

☆☆ حضرت زید بن ارقم رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: ایک دن نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ دیتے وقت اللہ تعالیٰ کی حمد و ثناء کرنے کے بعد ارشاد فرمایا: اے لوگو! میں ایک انسان ہوں عنقریب میرے پروردگار کا فرستادہ میرے پاس آ جائے گا اور مجھے اس کی بات ماننا ہو گی میں تمہارے درمیان دو اہم چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ ان میں سے پہلی چیز اللہ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ تم اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے تھامے رکھو اور اس کے مطابق عمل کرو۔ (راوی بیان کرتے ہیں) نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس پر ابھارا اور اس کی ترغیب دی۔

پھر آپ نے ارشاد فرمایا: (دوسری چیز) میرے اہل بیت ہیں۔ میں اپنے اہل بیت کے بارے میں تمہیں اللہ کی یاد دلاتا ہوں (راوی بیان کرتے ہیں) یہ بات آپ نے تین مرتبہ ارشاد فرمائی۔

**3351**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اَبِي وَائِلٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ هٰذَا الصِّرَاطَ مُحْتَضَرٌ تَحْضُرُهُ الشَّيَاطِيْنُ يُنَادُوْنَ يَا عِبَادَ اللّٰهِ هٰذَا الطَّرِيْقُ فَاعْتَصِمُوْا بِحَبْلِ اللّٰهِ فَاِنَّ حَبْلَ اللّٰهِ الْقُرْاٰنُ

حدیث **3350**: "صحیح ابن خزیمہ" امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری المکتب الاسلامی بیروت لبنان **1390**ھ/**1970**ء **2357**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1991**ء **8175**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414**ھ/**1994**ء **13017**

☆☆ حضرت ابووائل رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: اس راستے پر آمدورفت رہتی ہے یہاں شیاطین آتے ہیں اور بلند آواز میں کہتے ہیں اللہ کے بندو! اس راستے پر آجاؤ تم اللہ کی رسی کو مضبوطی سے تھام لو بے شک اللہ کی رسی قرآن ہے۔

**3352**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ اِنَّ قَارِئَ الْقُرْاٰنِ وَالْمُتَعَلِّمَ تُصَلِّي عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ حَتّٰى يَخْتِمُوا السُّوْرَةَ فَاِذَا اَقْرَاَ اَحَدُكُمُ السُّوْرَةَ فَلْيُؤَخِّرْ مِنْهَا اٰيَتَيْنِ حَتّٰى يَخْتِمَهَا مِنْ اٰخِرِ النَّهَارِ كَيْ مَا تُصَلِّي الْمَلَائِكَةُ عَلَى الْقَارِئِ وَالْمُقْرِئِ مِنْ اَوَّلِ النَّهَارِ اِلٰى اٰخِرِهٖ

☆☆ خالد بن معدان فرماتے ہیں: قرآن پڑھنے والا اور قرآن کا علم حاصل کرنے والا فرشتے ان کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہ ایک سورت ختم کرلیں تو جب کوئی شخص ایک سورت پڑھنے لگے تو اس کی دو آیات کو مؤخر کردے اور انہیں دن کے آخری حصے میں ختم کرے تاکہ فرشتے پڑھنے والے اور پڑھانے والے پر دن کے آغاز سے لے کر اس کے آخری حصے تک دعائے رحمت کرتے رہیں۔

**3353**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا حَرِيْزٌ عَنْ شُرَحْبِيْلَ بْنِ مُسْلِمٍ الْخَوْلَانِيِّ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ اَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ اقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ هٰذِهِ الْمَصَاحِفُ الْمُعَلَّقَةُ فَاِنَّ اللّٰهَ لَنْ يُّعَذِّبَ قَلْبًا وَّعَى الْقُرْاٰنَ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن پڑھو اور یہ لٹکے ہوئے مصاحف تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کردیں کیونکہ اللہ تعالیٰ اس دل کو عذاب نہیں دے گا جس میں قرآن محفوظ ہو۔

**3354**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ عَنْ اَبِيْ اُمَامَةَ الْبَاهِلِيِّ قَالَ اقْرَءُوا الْقُرْاٰنَ وَلَا يَغُرَّنَّكُمْ هٰذِهِ الْمَصَاحِفُ الْمُعَلَّقَةُ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُعَذِّبُ قَلْبًا وَّعَى الْقُرْاٰنَ

☆☆ حضرت ابوامامہ باہلی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: قرآن پڑھو اور یہ لٹکے ہوئے مصاحف تمہیں غلط فہمی کا شکار نہ کریں کیونکہ اللہ تعالیٰ اس دل کو عذاب نہیں دے گا جس میں قرآن محفوظ ہو۔

**3355**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ حَدَّثَنَا مِسْعَرٌ عَنْ مَّعْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَيْسَ مِنْ مُؤَدِّبٍ اِلَّا وَهُوَ يُحِبُّ اَنْ يُّؤْتٰى اَدَبُهٗ وَاِنَّ اَدَبَ اللّٰهِ الْقُرْاٰنُ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: ہر ادب سکھانے والے کو یہ بات پسند ہوتی ہے کہ اس کے آداب پر عمل کیا جائے اور اللہ تعالیٰ کا ادب قرآن ہے۔

**3356**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَيْسَرَةَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ قَالَ كَانَ عَبْدُ اللّٰهِ يَقُوْلُ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَادُبَةُ اللّٰهِ فَمَنْ دَخَلَ فِيْهِ فَهُوَ اٰمِنٌ

☆☆ حضرت ابوالاحوص رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: یہ قرآن اللہ کا دسترخوان ہے جو اس میں آجائے گا وہ امن میں آجائے گا۔

**3357**- اَخْبَرَنَا يَحْيَى بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ

عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَحَبَّ الْقُرْاٰنَ فَلْيُبْشِرْ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص قرآن سے محبت کرتا ہو اس کے لیے خوشخبری ہے۔

**3358**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا الْاَعْمَشُ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ يَزِيْدَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ اَحَبَّ الْقُرْاٰنَ فَلْيُبْشِرْ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: جو شخص قرآن سے محبت کرتا ہے اس کے لیے خوشخبری ہے۔

**3359**- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ عَاصِمِ بْنِ اَبِي النُّجُوْدِ عَنِ الشَّعْبِيِّ اَنَّ ابْنَ مَسْعُوْدٍ كَانَ يَقُوْلُ يَجِيْءُ الْقُرْاٰنُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَيَشْفَعُ لِصَاحِبِهٖ فَيَكُوْنُ لَهٗ قَائِدًا اِلَى الْجَنَّةِ وَيَشْهَدُ عَلَيْهِ وَيَكُوْنُ لَهٗ سَائِقًا اِلَى النَّارِ

☆☆ حضرت شعبی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرمایا کرتے تھے قیامت کے دن قرآن آئے گا اور اپنے پڑھنے والے کے لیے شفاعت کرے گا۔ قرآن اس شخص کے لیے جنت کی طرف لے جانے والا راہنما ہوگا اور کسی شخص کے خلاف بھی گواہی دے گا اور ایسے شخص کو قرآن کھینچ کر جہنم کی طرف لے جائے گا۔

**3360**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ اَبِيْ جَعْفَرٍ حَدَّثَنَا بُدَيْلٌ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِلّٰهِ اَهْلِيْنَ مِنَ النَّاسِ قِيْلَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَنْ هُمْ قَالَ اَهْلُ الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: لوگوں میں سے بعض اللہ والے بھی ہوتے ہیں۔ عرض کی گئی یا رسول اللہ! وہ کون لوگ ہیں آپ نے فرمایا: قرآن پڑھنے والے۔

**3361**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمِ بْنِ بَهْدَلَةَ عَنْ مُغِيْثٍ عَنْ كَعْبٍ قَالَ عَلَيْكُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَاِنَّهٗ فَهْمُ الْعَقْلِ وَنُوْرُ الْحِكْمَةِ وَيَنَابِيْعُ الْعِلْمِ وَاَحْدَثُ الْكُتُبِ بِالرَّحْمٰنِ عَهْدًا وَّقَالَ فِي التَّوْرَاةِ يَا مُحَمَّدُ اِنِّيْ مُنَزِّلٌ عَلَيْكَ تَوْرَاةً حَدِيْثَةً تَفْتَحُ فِيْهَا اَعْيُنًا عُمْيًا وَّآذَانًا صُمًّا وَّقُلُوْبًا غُلْفًا

☆☆ کعب بیان کرتے ہیں: قرآن پڑھو کیونکہ یہ عقل کی فہم ہے۔ حکمت کا نور ہے اور علم کا سرچشمہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے نازل ہونے والی سب سے آخری کتاب ہے۔

اللہ تعالیٰ نے تورات میں یہ بات ارشاد فرمائی ہے: اے محمد! میں تم پر جدید تورات نازل کروں گا جو نابینا آنکھوں، بہرے کانوں اور غفلت میں پڑے ہوئے دلوں کو کھول دے گی۔

**3362**- حَدَّثَنَا سَهْلُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنَا زِيَادُ بْنُ مِخْرَاقٍ عَنْ اَبِيْ اِيَاسٍ عَنْ اَبِيْ كِنَانَةَ عَنْ اَبِيْ مُوْسٰى اَنَّهٗ قَالَ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ كَائِنٌ لَّكُمْ اَجْرًا وَّكَائِنٌ لَّكُمْ ذِكْرًا وَّكَائِنٌ بِكُمْ نُوْرًا وَّكَائِنٌ عَلَيْكُمْ وِزْرًا اِتَّبِعُوْا

حدیث **3360**: ''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دارالفکر بیروت لبنان **215**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **12301**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1990ء** **2046**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1991ء** **8031**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دارالمعرفۃ بیروت لبنان **2124**

الْقُرْاٰنَ وَلَا يَتَّبِعُكُمُ الْقُرْاٰنُ فَإِنَّهُ مَنْ يَتَّبِعِ الْقُرْاٰنَ يَهْبِطْ بِهِ فِي رِيَاضِ الْجَنَّةِ وَمَنِ اتَّبَعَهُ الْقُرْاٰنُ يَزُخُّ فِي قَفَاهُ فَيَقْذِفُهُ فِي جَهَنَّمَ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ يَزُخُّ يَدْفَعُ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: یہ قرآن تمہارے لیے اجر ہوگا اور یہ تمہارے لیے نصیحت ہوگا اور یہ تمہارے خلاف بوجھ بھی ہوسکتا ہے۔تم قرآن کی پیروی کرو۔قرآن تمہارے پیچھے نہ آئے۔کیونکہ جو قرآن کی پیروی کرے گا۔قرآن اسے جنت کے باغوں میں لے جائے گا اور قرآن جس کے پیچھے آئے گا وہ اسے گدی سے پکڑ کر جہنم میں ڈال دے گا۔

امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں: اس روایت میں استعمال ہونے والے لفظ (یَزُخُّ کا مطلب پرے کرنا ہے)۔

**3363**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ اَيُّوْبَ قَالَ سَمِعْتُ عَمِّي اِيَاسَ بْنَ عَامِرٍ يَقُولُ اَخَذَ عَلِيُّ بْنُ اَبِي طَالِبٍ بِيَدِي ثُمَّ قَالَ اِنَّكَ اِنْ بَقِيتَ سَيَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ ثَلَاثَةُ اَصْنَافٍ فَصِنْفٌ لِلّٰهِ وَصِنْفٌ لِلْجِدَالِ وَصِنْفٌ لِلدُّنْيَا وَمَنْ طَلَبَ بِهِ اَدْرَكَ

☆☆ ایاس بن عامر بیان کرتے ہیں: حضرت علی بن ابوطالب رضی اللہ عنہ نے میرا ہاتھ پکڑ کر ارشاد فرمایا: اگر تم زندہ رہے تو عنقریب دیکھو گے کہ قرآن تین وجہ سے پڑھا جائے گا۔ایک صورت اللہ کے لیے ہوگی۔ایک بحث کے لیے ہوگی اور ایک دنیا کے لیے ہوگی جو شخص جس مقصد کے لیے پڑھے گا اسے پالے گا۔

**3364**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوبَ عَنْ اَبِي قِلَابَةَ اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِاَبِي الدَّرْدَاءِ اِنَّ اِخْوَانَكَ مِنْ اَهْلِ الْكُوفَةِ مِنْ اَهْلِ الذِّكْرِ يُقْرِئُونَكَ السَّلَامَ فَقَالَ وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ وَمُرْهُمْ فَلْيُعْطُوا الْقُرْاٰنَ بِخَزَائِمِهِمْ فَإِنَّهُ يَحْمِلُهُمْ عَلَى الْقَصْدِ وَالسُّهُولَةِ وَيُجَنِّبُهُمُ الْجَوْرَ وَالْحُزُونَةَ

☆☆ ابوقلابہ بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے ابودرداء سے کہا کوفہ سے تعلق رکھنے والے آپ کے اہل علم بھائیوں نے آپ کو سلام بھیجا ہے۔حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نے جواب دیا ان پر بھی سلام ہو تم انہیں یہ ہدایت کردو کہ وہ قرآن کی مکمل پیروی کریں کیونکہ قرآن انہیں میانہ روی اور آسانی کی طرف لے جائے گا اور زیادتی اور ظلم سے الگ کردے گا۔

**3365**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيْدَ الرِّفَاعِيُّ حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ الْجُعْفِيُّ عَنْ حَمْزَةَ الزَّيَّاتِ عَنْ اَبِي الْمُخْتَارِ الطَّائِيِّ عَنِ ابْنِ اَخِي الْحَارِثِ عَنِ الْحَارِثِ قَالَ دَخَلْتُ الْمَسْجِدَ فَإِذَا اُنَاسٌ يَخُوضُونَ فِي اَحَادِيْثَ فَدَخَلْتُ عَلَى عَلِيٍّ فَقُلْتُ اَلَا تَرَى اَنَّ اُنَاسًا يَخُوضُونَ فِي الْاَحَادِيْثِ فِي الْمَسْجِدِ فَقَالَ قَدْ فَعَلُوهَا قُلْتُ نَعَمْ قَالَ اَمَا اِنِّي سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ سَتَكُونُ فِتَنٌ قُلْتُ وَمَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا قَالَ كِتَابُ اللّٰهِ كِتَابُ اللّٰهِ فِيهِ نَبَاُ مَا قَبْلَكُمْ وَخَبَرُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ هُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ هُوَ الَّذِي مَنْ تَرَكَهُ مِنْ جَبَّارٍ قَصَمَهُ اللّٰهُ وَمَنِ ابْتَغَى الْهُدَى فِي غَيْرِهِ اَضَلَّهُ اللّٰهُ فَهُوَ حَبْلُ اللّٰهِ الْمَتِينُ وَهُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيمُ وَهُوَ الصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ وَهُوَ الَّذِي لَا تَزِيغُ بِهِ الْاَهْوَاءُ وَلَا تَلْتَبِسُ بِهِ الْاَلْسِنَةُ وَلَا يَشْبَعُ مِنْهُ الْعُلَمَاءُ وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِي عَجَائِبُهُ وَهُوَ الَّذِي لَمْ يَنْتَهِ الْجِنُّ اِذْ سَمِعَتْهُ اَنْ قَالُوا (اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا عَجَبًا) هُوَ الَّذِي مَنْ قَالَ بِهِ صَدَقَ وَمَنْ حَكَمَ بِهِ عَدَلَ وَمَنْ عَمِلَ بِهِ اُجِرَ وَمَنْ دَعَا اِلَيْهِ هُدِيَ اِلَى صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ خُذْهَا اِلَيْكَ يَا اَعْوَرُ

☆☆ حارث بیان کرتے ہیں: میں مسجد میں داخل ہوا وہاں کچھ لوگ بیٹھے ہوئے احادیث پر بحث کر رہے تھے میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے پاس آیا اور ان سے کہا آپ نے غور کیا لوگ مسجد میں احادیث پر بحث کر رہے ہیں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کیا وہ ایسا کر رہے ہیں۔ میں نے جواب دیا جی ہاں۔ حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: میں نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا ہے:

''عنقریب فتنے پیدا ہوں گے تو میں نے عرض کی اس سے بچنے کا کیا طریقہ ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی کتاب، اللہ کی کتاب اس میں تمہارے پہلے لوگوں کی خبریں ہیں اور بعد میں آنے والوں کی خبریں ہیں اور یہ تمہارے درمیان فیصلہ کرنے والی چیز ہے اور یہ الگ کرنے والی چیز ہے۔ اس میں مذاق نہیں ہے جو ظالم شخص اسے ترک کرے گا اللہ تعالیٰ اسے خراب کر دے گا اور جو شخص اس کی بجائے کسی اور جگہ سے علم حاصل کرنا چاہے گا۔ اللہ تعالیٰ اسے گمراہی کا شکار کر دے گا۔ یہ اللہ تعالیٰ کی مضبوط رسی ہے۔ یہ حکمت آمیز نصیحت ہے یہ سیدھا راستہ ہے اور یہی وہ چیز ہے جس کی وجہ سے خواہشات گمراہی کا شکار نہیں ہوتی ہیں اور زبان غلطی سے محفوظ رہتی ہے۔ علماء اس کی وجہ سے سیر نہیں ہوتے اور بکثرت استعمال سے یہ پرانا نہیں ہوتا۔ اس کے عجائب ختم نہیں ہوں گے یہ وہ ہے کہ جب جنات نے اسے سنا تو یہ کہنے سے باز نہ رہ سکے:

''بے شک ہم نے قرآن کو سنا ہے اور یہ بڑی حیرت انگیز چیز ہے۔'' یہ وہ ہے جو اس کے ہمراہ بات کرے گا وہ سچ بولے گا جو اس کے مطابق فیصلہ کرے گا وہ عدل سے کام لے گا جو اس پر عمل کرے گا۔ اسے اجر ملے گا اور جو اس کی طرف دعوت دے گا۔ اس کی سیدھے راستے کی طرف راہنمائی کی جائے گی۔

(راوی بیان کرتے ہیں پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے مجھ سے کہا) اے اعور! اس بات کو یاد رکھنا۔

**3366**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَلَاءِ حَدَّثَنَا زَكَرِيَّا بْنُ عَدِيٍّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ أَبِي سِنَانٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ عَنْ أَبِي الْبَخْتَرِيِّ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قِيلَ يَا رَسُولَ اللَّهِ إِنَّ أُمَّتَكَ سَتُفْتَتَنُ مِنْ بَعْدِكَ قَالَ فَسَأَلَ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَوْ سُئِلَ مَا الْمَخْرَجُ مِنْهَا قَالَ الْكِتَابُ الْعَزِيزُ الَّذِي (لَا يَأْتِيهِ الْبَاطِلُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهِ تَنْزِيلٌ مِنْ حَكِيمٍ حَمِيدٍ) مَنِ ابْتَغَى الْهُدَى فِي غَيْرِهِ أَضَلَّهُ اللَّهُ وَمَنْ وَلِيَ هَذَا الْأَمْرَ مِنْ جَبَّارٍ فَحَكَمَ بِغَيْرِهِ قَصَمَهُ اللَّهُ هُوَ الذِّكْرُ الْحَكِيمُ وَالنُّورُ الْمُبِينُ وَالصِّرَاطُ الْمُسْتَقِيمُ فِيهِ خَبَرُ مَنْ قَبْلَكُمْ وَنَبَأُ مَا بَعْدَكُمْ وَحُكْمُ مَا بَيْنَكُمْ وَهُوَ الْفَصْلُ لَيْسَ بِالْهَزْلِ وَهُوَ الَّذِي سَمِعَتْهُ الْجِنُّ فَلَمْ تَتَنَاهَى أَنْ قَالُوا (إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا يَهْدِي إِلَى الرُّشْدِ) وَلَا يَخْلَقُ عَنْ كَثْرَةِ الرَّدِّ وَلَا تَنْقَضِي عِبَرُهُ وَلَا تَفْنَى عَجَائِبُهُ ثُمَّ قَالَ عَلِيٌّ لِلْحَارِثِ خُذْهَا يَا أَعْوَرُ

☆☆ حارث بیان کرتے ہیں، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: عرض کی گئی یا رسول اللہ! آپ کے بعد آپ کی امت آزمائش کا شکار ہو جائے گی تو انہوں نے اللہ کے رسول سے سوال کیا، یا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا گیا، اس سے بچنے کا طریقہ کیا ہے؟ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: وہ معزز کتاب جس کے آگے اور پیچھے سے باطل نہیں آ سکتا اور جو حکمت والی ہے اور لائق حمد کی طرف سے نازل ہوئی ہے۔

جو شخص اس کے علاوہ کسی اور سے ہدایت تلاش کرنے کی کوشش کرے گا اللہ تعالیٰ اسے گمراہی کا شکار کر دے گا اور جو ظالم شخص حکمران بننے کے بعد اس کی بجائے دوسرے فیصلے کرے گا اللہ تعالیٰ اسے برباد کر دے گا۔ یہ حکمت آمیز نصیحت ہے اور واضح نور ہے اور

سیدھا راستہ ہے۔ اس میں تم سے پہلے لوگوں کی اطلاعات ہیں اور بعد میں آنے والوں کی خبریں ہیں۔ یہ تمہارے درمیان فیصلہ کرنے والی چیز ہے یہ (حق و باطل کے درمیان) فرق کرنے والی چیز ہے اور یہ مذاق نہیں ہے یہ وہ ہے کہ جب جنات نے اسے سنا تو یہ کہنے سے باز نہ رہ سکے کہ ہم نے قرآن کو سنا ہے اور یہ بہت حیرت انگیز چیز ہے، یہ بکثرت استعمال سے پرانا نہیں ہوتا اس کی مدت ختم نہیں ہوتی اور اس کے عجائب فنا نہیں ہوں گے۔

پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے (راوی) حارث سے کہا: اے اعور! اس بات کو یاد رکھنا۔

**3367**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ اَبِى حُرَّةَ عَنْ اِبْرَاهِيمَ (وَمَنْ يُؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ أُوتِيَ خَيْرًا كَثِيرًا) قَالَ الْفَهْمُ بِالْقُرْآنِ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

''اور جس شخص کو حکمت دی گئی اسے بہت زیادہ بھلائی دی گئی۔''

ابراہیم نخعی فرماتے ہیں: اس سے مراد قرآن کا فہم ہے۔

**3368**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ عَنْ وَرْقَاءَ عَنِ ابْنِ اَبِى نَجِيحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ (يُؤْتِي الْحِكْمَةَ مَنْ يَشَاءُ) قَالَ الْكِتَابَ يُؤْتِي اِصَابَتَهُ مَنْ يَشَاءُ

☆☆ (ارشاد باری تعالیٰ ہے) ''وہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا کرتا ہے۔''

مجاہد فرماتے ہیں: اس سے مراد اللہ تعالیٰ کی کتاب ہے۔ اللہ تعالیٰ جسے چاہتا ہے اسے اس کا علم عطا کرتا ہے۔

**3369**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَزِيدَ حَدَّثَنَا اَبُو بَكْرٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ خَيْثَمَةَ قَالَ قَالَ لِامْرَاَتِهِ اِيَّاكِ اَنْ تُدْخِلِي بَيْتِي مَنْ يَشْرَبُ الْخَمْرَ بَعْدَ اَنْ كَانَ يُقْرَاُ فِيهِ الْقُرْآنُ كُلَّ ثَلَاثٍ

☆☆ اعمش بیان کرتے ہیں: خیثمہ نے اپنی بیوی سے کہا تم اس گھر میں داخل ہونے سے بچنا جس میں شراب پی جاتی ہے جہاں پہلے ہر تین دنوں میں قرآن پڑھا جاتا تھا۔

**3370**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنِ الْحَكَمِ عَنْ مِقْسَمٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَا يَمْنَعُ اَحَدَكُمْ اِذَا رَجَعَ مِنْ سُوقِهِ اَوْ مِنْ حَاجَتِهِ فَاتَّكَاَ عَلَى فِرَاشِهِ اَنْ يَقْرَاَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنَ الْقُرْآنِ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما بیان کرتے ہیں: جب کوئی شخص بازار یا کام سے واپس آ کر بستر پر لیٹتا ہے تو اس بات میں کیا رکاوٹ ہے کہ وہ قرآن کی تین آیات پڑھ لیا کرے (یعنی اسے ایسا کرنا چاہئے)۔

## بَابٌ خِيَارُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

## باب 2: تم میں سے بہترین شخص وہ ہے جو قرآن کی تعلیم حاصل کرے اور اس کا علم دے

**3371**- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَاحِدِ حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اِسْحٰقَ حَدَّثَنَا النُّعْمَانُ بْنُ سَعْدٍ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خَيْرُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْآنَ وَعَلَّمَهُ

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: تم میں سے سب سے زیادہ بہتر شخص وہ ہے جو قرآن کا علم حاصل کرے اور اس کی تعلیم دے۔

**3372**- حَدَّثَنَا الْحَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ اَخْبَرَنِي عَلْقَمَةُ بْنُ مَرْثَدٍ قَالَ سَمِعْتُ سَعْدَ بْنَ عُبَيْدَةَ عَنْ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ السُّلَمِيِّ عَنْ عُثْمَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ خَيْرَكُمْ مَنْ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ اَوْ تَعَلَّمَهُ قَالَ اَقْرَاَ اَبُوْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ فِي اِمْرَةِ عُثْمَانَ حَتّٰى كَانَ الْحَجَّاجُ قَالَ ذَاكَ اَقْعَدَنِي مَقْعَدِي هٰذَا

☆☆ ابوعبدالرحمن سلمی بیان کرتے ہیں: حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ 'نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں۔ تم میں سے سب سے بہتر شخص وہ ہے جو قرآن کی تعلیم دے اور اس کا علم حاصل کرے۔

راوی بیان کرتے ہیں: ابوعبدالرحمن نے حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت سے لے کر حجاج کی زمانہ حکومت تک قرآن کی تعلیم دی ہے وہ فرماتے ہیں: اسی حدیث نے مجھے اس کام کو جاری رکھنے پر مجبور کیا۔

**3373**- حَدَّثَنَا الْمُعَلَّى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا الْحَارِثُ بْنُ نَبْهَانَ حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ بَهْدَلَةَ عَنْ مُصْعَبِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ اَبِيهِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ خِيَارُكُمْ مَنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ وَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ قَالَ فَاَخَذَ بِيَدِي فَاَقْعَدَنِي هٰذَا الْمَقْعَدَ اُقْرِئُ

☆☆ مصعب بن سعد اپنے والد کے حوالے سے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تم میں بہتر وہ لوگ ہیں جو قرآن کا علم حاصل کرتے ہیں اور قرآن کی تعلیم دیتے ہیں۔

راوی بیان کرتے ہیں: پھر آپ نے میرا ہاتھ پکڑا اور مجھے اس جگہ بیٹھا دیا جہاں میں قرآن کی تعلیم دیتا ہوں۔

## بَابٌ مَّنْ تَعَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ثُمَّ نَسِيَهُ

## باب 3: جو شخص قرآن کا علم حاصل کرنے کے بعد اسے بھول جائے

**3374**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِي زِيَادٍ عَنْ عِيْسٰى عَنْ رَجُلٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ عُبَادَةَ اَنَّ

حدیث 3371: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 4739

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1452

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2907

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 211

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 118

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 8036

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 2105

"مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دار المامون للتراث دمشق شام 1404ھ-1984ء — 814

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 73

حدیث 3374: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 1474

رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا مِنْ رَّجُلٍ يَّتَعَلَّمُ الْقُرْاٰنَ ثُمَّ يَنْسَاهُ اِلَّا لَقِيَ اللّٰهَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَهُوَ اَجْذَمُ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ عِيْسٰى هُوَ ابْنُ فَائِدٍ

☆☆ حضرت سعد بن عبادہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص قرآن کا علم حاصل کرنے کے بعد اسے بھول جائے وہ قیامت کے دن اللہ کی بارگاہ میں حاضر ہوگا تو اس کا جسم سلامت نہیں ہوگا۔

امام ابومحمد دارمی فرماتے ہیں: اس روایت کے راوی عیسیٰ، فائد کے صاحبزادے ہیں۔

## بَابٌ فِيْ تَعَاهُدِ الْقُرْاٰنِ

## باب 4: قرآن کو یاد رکھنا

**3375**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ حَدَّثَنَا مُوْسٰى بْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ عَنْ نَّاجِيَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اَكْثِرُوْا تِلَاوَةَ الْقُرْاٰنِ قَبْلَ اَنْ يُّرْفَعَ قَالُوْا هٰذِهِ الْمَصَاحِفُ تُرْفَعُ فَكَيْفَ بِمَا فِيْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ قَالَ يُسْرٰى عَلَيْهِ لَيْلًا فَيُصْبِحُوْنَ مِنْهُ فُقَرَاءَ وَيَنْسَوْنَ قَوْلَ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَيَقَعُوْنَ فِيْ قَوْلِ الْجَاهِلِيَّةِ وَاَشْعَارِهِمْ وَذٰلِكَ حِيْنَ يَقَعُ عَلَيْهِمُ الْقَوْلُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: قرآن کی کثرت سے تلاوت کیا کرو۔ اس سے پہلے کہ اسے اٹھالیا جائے۔ لوگوں نے دریافت کیا ان مصاحف کو اٹھالیا جائے گا لیکن جو انسان کے سینوں میں ہے اس کا کیا ہوگا تو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک رات ایسی آئے گی کہ لوگوں کو قرآن کا علم ہوگا لیکن اگلے دن انہیں اس کا علم نہیں ہوگا وہ لا الٰـه الا الله پڑھنا بھی بھول چکے ہوں گے اور زمانہ جاہلیت کی باتوں اور اشعار میں مبتلا ہو جائیں گے یہ وہ وقت ہے جب قیامت آ جائے گی۔

**3376**- حَدَّثَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ حَدَّثَنَا سَلَّامٌ يَعْنِيْ ابْنَ اَبِيْ مُطِيْعٍ قَالَ كَانَ قَتَادَةُ يَقُوْلُ اعْمُرُوْا بِهٖ قُلُوْبَكُمْ وَاعْمُرُوْا بِهٖ بُيُوْتَكُمْ قَالَ اُرَاهُ يَعْنِي الْقُرْاٰنَ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: اس کے ذریعے اپنے دلوں کو آباد کرو اور اس کے ذریعے اپنے گھروں کو آباد کرو۔

راوی بیان کرتے ہیں: میرا خیال ہے کہ ان کی مراد قرآن تھی۔

**3377**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ لَيُسْرَيَنَّ عَلَى الْقُرْاٰنِ ذَاتَ لَيْلَةٍ فَلَا يُتْرَكُ اٰيَةٌ فِيْ مُصْحَفٍ وَّلَا فِيْ قَلْبِ اَحَدٍ اِلَّا رُفِعَتْ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک رات ایسی آئے گی کہ لوگوں کو قرآن کا علم ہوگا اور پھر کسی مصحف میں اور کسی بھی دل میں کوئی آیت نہیں رہنے دی جائے گی۔ ہر ایک آیت کو اٹھالیا جائے گا۔

**3378**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ وَاقِدٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ مَا جَالَسَ الْقُرْاٰنَ اَحَدٌ فَقَامَ عَنْهُ اِلَّا بِزِيَادَةٍ اَوْ نُقْصَانٍ ثُمَّ قَرَاَ (وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ وَلَا يَزِيْدُ الظّٰلِمِيْنَ اِلَّا خَسَارًا)

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: جو شخص قرآن کے ساتھ بیٹھا رہے جب وہ اس کے پاس سے اٹھتا ہے یا تو اس میں اضافہ ہو جاتا

ہے یا کمی آجاتی ہے۔ پھر انہوں نے یہ آیت پڑھی:

''اور ہم نے قرآن نازل کیا ہے۔ جو اہل ایمان کے لیے شفاء اور رحمت ہے اور ظالموں کے خسارے میں اضافے کا باعث بنتا ہے۔''

**3379**- حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا رِفْدَةُ الْغَسَّانِيُّ حَدَّثَنَا ثَابِتُ بْنُ عَجْلَانَ الْاَنْصَارِيُّ قَالَ كَانَ يُقَالُ اِنَّ اللّٰهَ لَيُرِيْدُ الْعَذَابَ بِاَهْلِ الْاَرْضِ فَاِذَا سَمِعَ تَعْلِيْمَ الصِّبْيَانِ الْحِكْمَةَ صَرَفَ ذٰلِكَ عَنْهُمْ قَالَ مَرْوَانُ يَعْنِي بِالْحِكْمَةِ الْقُرْاٰنَ

☆☆ ثابت بن عجلان انصاری بیان کرتے ہیں: یہ کہا جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اہل زمین پر عذاب نازل کرنے کا ارادہ کرتا ہے اور پھر جب وہ بچوں کو حکمت کی تعلیم حاصل کرتے ہوئے سنتا ہے تو دنیا والوں سے درگزر کرتا ہے۔

مروان نامی راوی بیان کرتے ہیں یہاں حکمت سے مراد قرآن مجید ہے۔

**3380**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنِ ابْنِ جَابِرٍ حَدَّثَنَا شَيْخٌ يُكَنّٰى اَبَا عَمْرٍو عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ سَيَبْلَى الْقُرْاٰنُ فِي صُدُوْرِ اَقْوَامٍ كَمَا يَبْلَى الثَّوْبُ فَيَتَهَافَتُ يَقْرَئُوْنَهُ لَا يَجِدُوْنَ لَهُ شَهْوَةً وَّلَا لَذَّةً يَلْبَسُوْنَ جُلُوْدَ الضَّاْنِ عَلٰى قُلُوْبِ الذِّئَابِ اَعْمَالُهُمْ طَمَعٌ لَا يُخَالِطُهُ خَوْفٌ اِنْ قَصَّرُوْا قَالُوْا سَنَبْلُغُ وَاِنْ اَسَاءُوْا قَالُوْا سَيُغْفَرُ لَنَا اِنَّا لَا نُشْرِكُ بِاللّٰهِ شَيْئًا

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: لوگوں کے دلوں میں یہ قرآن اس طرح پرانا ہوجائے گا جس طرح کپڑا پرانا ہو جاتا ہے اور اسے پھینک دیا جاتا ہے۔ لوگ قرآن کو پڑھیں گے لیکن ان کو اس میں کوئی لذت اور دلچسپی محسوس نہیں ہوگی۔ یہ لوگ بھیڑوں کی کھال پہنیں گے اور ان کے دل بھیڑیوں جیسے ہوں گے۔ لالچ ان کا عمل ہوگا۔ انہیں کوئی خوف نہیں ہوگا اگر وہ (کسی نیک کام) میں کوئی کمی کریں گے تو ساتھ یہ کہیں گے کہ ہم اسے پورا کرلیں گے اور اگر کسی غلطی کا ارتکاب کریں گے تو یہ کہیں گے، ہمیں مغفرت نصیب ہوجائے گی کیونکہ ہم کسی کو اللہ کا شریک نہیں ٹھہراتے ہیں۔

**3381**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْمَجِيْدِ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُوْرٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا وَائِلٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ عَنْ

حدیث **3381**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — **4744**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **790**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — **2942**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — **943**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — **3960**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — **761**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — **2032**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — **1015**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — **3850**

النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ بِئْسَمَا لِاَحَدِكُمْ اَنْ يَّقُوْلَ نَسِيْتُ اٰيَةَ كَيْتَ وَكَيْتَ بَلْ هُوَ نُسِّيَ وَاسْتَذْكِرُوا الْقُرْاٰنَ فَاِنَّهُ اَسْرَعُ تَفَصِّيًا مِّنْ صُدُوْرِ الرِّجَالِ مِنَ النَّعَمِ مِنْ عُقُلِهَا

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: کسی شخص کا یہ کہنا بہت غلط ہے کہ میں فلاں آیت بھول گیا ہوں بلکہ (یہ کہنا چاہیے) وہ آیت اسے بھلادی گئی ہے تم قرآن کو یاد کرتے رہو کیونکہ یہ آدمی کے دل سے اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے جتنی تیزی سے کوئی جانور رسی سے نکلتا ہے۔

**3382**- حَدَّثَنَا وَهْبُ بْنُ جَرِيْرٍ حَدَّثَنَا مُوْسٰى يَعْنِىْ ابْنَ عُلَيٍّ قَالَ سَمِعْتُ اَبِىْ قَالَ سَمِعْتُ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ قَالَ تَعَلَّمُوْا كِتَابَ اللّٰهِ وَتَعَاهَدُوْهُ وَتَغَنَّوْا بِهٖ وَاقْتَنُوْهُ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ اَوْ فَوَالَّذِىْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَلُّتًا مِّنَ الْمَخَاضِ فِى الْعُقُلِ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور اسے پڑھتے رہو اسے اچھی طرح سے پڑھو اور اس کا خیال رکھو اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے (راوی کو شک ہے یا شاید آپ نے یہ بات ارشاد فرمائی) اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں محمد کی جان ہے۔ یہ اس سے زیادہ تیزی سے نکلتا ہے جتنی تیزی سے کوئی اونٹنی رسی سے نکلتی ہے۔

**3383**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ قَالَ حَدَّثَنِىْ مُوْسٰى عَنْ اَبِيْهِ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ تَعَلَّمُوْا كِتَابَ اللّٰهِ تَعَالٰى وَتَعَاهَدُوْهُ وَاقْتَنُوْهُ وَتَغَنَّوْا بِهٖ فَوَالَّذِىْ نَفْسِىْ بِيَدِهٖ لَهُوَ اَشَدُّ تَفَلُّتًا مِّنَ الْمَخَاضِ فِى الْعُقُلِ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ کی کتاب کا علم حاصل کرو اور اسے پڑھتے رہو اور اس کا خیال رکھو اس کا دھیان رکھو۔ اس ذات کی قسم جس کے دستِ قدرت میں میری جان ہے یہ اس سے زیادہ تیزی سے رخصت ہو جاتا ہے جتنی تیزی سے کوئی اونٹنی رسی سے نکلتی ہے۔

**3384**- اَخْبَرَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ اَيُّوْبَ عَنِ ابْنِ اَبِىْ مُلَيْكَةَ اَنَّ عِكْرِمَةَ بْنَ اَبِىْ جَهْلٍ كَانَ يَضَعُ الْمُصْحَفَ عَلٰى وَجْهِهٖ وَيَقُوْلُ كِتَابُ رَبِّىْ كِتَابُ رَبِّىْ

☆☆ ابن ابی ملیکہ بیان کرتے ہیں: حضرت عکرمہ رضی اللہ عنہ بن ابوجہل قرآن مجید کو اپنے چہرے پر رکھ کر یہ کہا کرتے تھے: یہ میرے پروردگار کی کتاب ہے، یہ میرے پروردگار کی کتاب ہے۔

**3385**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ قَالَ كَانَ عَبْدُ الرَّحْمٰنِ بْنُ اَبِىْ لَيْلٰى اِذَا صَلّٰى

---

بقیہ: حدیث **3381**: "مسند ابویعلیٰ" امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء **5136**

"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دارالمعرفۃ بیروت لبنان **261**

"مسند حمیدی" امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی دارالکتب العلمیہ مکتبۃ المتنبی بیروت قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **91**

"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبۃ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) **1409**ھ **8568**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) **1403**ھ **5969**

الصُّبحَ قَرَاَ الْمُصْحَفَ حَتّٰی تَطْلُعَ الشَّمْسُ قَالَ وَكَانَ ثَابِتٌ يَفْعَلُهُ

☆☆ ثابت بیان کرتے ہیں: عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ صبح کی نماز پڑھنے کے بعد قرآن مجید پڑھنا شروع کر دیتے تھے یہاں تک کہ سورج طلوع ہو جاتا تھا۔

ثابت بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے۔

## بَابُ الْقُرْاٰنُ كَلَامُ اللّٰهِ

## باب 5: قرآن اللہ کا کلام ہے

**3386**- اَخْبَرَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الرَّقَاشِيُّ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ زُرَيْعٍ عَنْ سَعِيْدٍ عَنْ قَتَادَةَ قَالَ (اِنَّ اللّٰهَ لَا يَسْتَحْيِيْ اَنْ يَضْرِبَ مَثَلاً سے لے کر اِلَّا الْفَاسِقِيْنَ فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ) قَالَ اَيْ يَعْلَمُوْنَ اَنَّهُ كَلَامُ الرَّحْمٰنِ

☆☆ قتادہ بیان کرتے ہیں: (ارشاد باری تعالیٰ ہے):

"بے شک اللہ تعالیٰ اس بات سے حیاء نہیں کرتا کہ وہ مچھر کی مثال بیان کرے یا اس سے بھی کم تر کوئی مثال بیان کرے پس جو لوگ ایمان لائے ہیں وہ یہ بات جانتے ہیں کہ یہ حق ہے اور ان کے پروردگار کی جانب سے ہے اور جو لوگ کفر پر ثابت قدم ہیں وہ یہ کہتے ہیں' اللہ تعالیٰ نے اس مثال کے ذریعے کیا بات مراد لی ہے۔ اللہ تعالیٰ بہت سے لوگوں کو اس قرآن کے ذریعے گمراہی میں رہنے دیتا ہے اور بہت سے لوگوں کو ہدایت نصیب کرتا ہے اور وہ صرف فاسق لوگوں کو اس کی وجہ سے گمراہی میں رہنے دیتا ہے۔"

قتادہ فرماتے ہیں: اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ لوگ جانتے ہیں کہ یہ اللہ کا کلام ہے۔

**3387**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ اَبِيْ بَكْرِ بْنِ اَبِيْ مَرْيَمَ عَنْ عَطِيَّةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ كَلَامٍ اَعْظَمُ عِنْدَ اللّٰهِ مِنْ كَلَامِهِ وَمَا رَدَّ الْعِبَادُ اِلَى اللّٰهِ كَلَامًا اَحَبَّ اِلَيْهِ مِنْ كَلَامِهِ

☆☆ عطیہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ کے نزدیک اس کے کلام کے علاوہ اور کوئی کلام عظمت کا مالک نہیں ہے اور بندے اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں جو کلام پیش کرتے ہیں ان میں سے اللہ تعالیٰ کے کلام کے علاوہ اللہ تعالیٰ کو اور کوئی کلام زیادہ محبوب نہیں ہے۔

**3388**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يُوْسُفَ عَنْ اِسْرَائِيْلَ حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ الْمُغِيْرَةِ الثَّقَفِيُّ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِي الْجَعْدِ

حدیث **3388**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دارالفکر' بیروت' لبنان **4734**

"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دارالفکر' بیروت' لبنان **201**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411**ھ/**1990**ء **4220**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان' **1411**ھ/**1991**ء **7727**

عَنْ جَابِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ كَانَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ فِي الْمَوْسِمِ عَلَى النَّاسِ فِي الْمَوْقِفِ فَيَقُوْلُ هَلْ مِنْ رَّجُلٍ يَحْمِلُنِيْ اِلٰى قَوْمِهٖ فَاِنَّ قُرَيْشًا مَنَعُوْنِيْ اَنْ اُبَلِّغَ كَلَامَ رَبِّيْ

☆☆ حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر سال حج کے موقع پر میدانِ عرفات میں لوگوں سے ملتے تھے اور یہ فرمایا کرتے تھے کہ کیا کوئی شخص مجھے اپنے قبیلے کے پاس لے کر جائے گا قریش مجھے اس بات سے روکتے ہیں کہ میں اپنے پروردگار کے کلام کی تبلیغ کروں۔

**3389**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ حَدَّثَنَا جَرِيْرٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِي الزَّعْرَاءِ قَالَ قَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ اِنَّ هٰذَا الْقُرْاٰنَ كَلَامُ اللّٰهِ فَلَا اَعْرِفَنَّكُمْ فِيْمَا عَطَفْتُمُوْهُ عَلٰى اَهْوَائِكُمْ

☆☆ ابوالزعراء بیان کرتے ہیں: حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: یہ قرآن اللہ کا کلام ہے میں تمہیں ایسی حالت میں نہ پاؤں کہ تم اس کے بارے میں اپنی خواہش نفس کی پیروی کر رہے ہو۔

## بَابُ فَضْلِ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ

## باب 6: تمام کلاموں پر اللہ کے کلام کی فضیلت

**3390**- اَخْبَرَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ التَّرْجُمَانِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْهَمْدَانِيُّ عَنْ عَمْرِو بْنِ قَيْسٍ عَنْ عَطِيَّةَ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ شَغَلَهُ قِرَاءَةُ الْقُرْاٰنِ عَنْ مَسْاَلَتِيْ وَذِكْرِيْ اَعْطَيْتُهُ اَفْضَلَ ثَوَابِ السَّائِلِيْنَ وَفَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰى سَائِرِ الْكَلَامِ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص قرآن کی تلاوت کی وجہ سے مجھ سے کچھ مانگ نہ سکے اور میرا ذکر نہ کر سکے میں اسے مانگنے والوں کے ثواب میں سب سے افضل ثواب عطا کرتا ہوں اور اللہ کے کلام کو باقی تمام کلاموں پر وہی فضیلت حاصل ہے جو اللہ تعالیٰ کو اپنی مخلوق پر حاصل ہے۔

**3391**- حَدَّثَنَا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ اَشْعَثَ الْحُدَّانِيِّ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَضْلُ كَلَامِ اللّٰهِ عَلٰى كَلَامِ خَلْقِهٖ كَفَضْلِ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهٖ

☆☆ شہر بن حوشب روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ کے کلام کو مخلوق کے کلام پر وہی فضیلت حاصل ہے جو اللہ تعالیٰ کو اپنی مخلوق پر حاصل ہے۔

**3392**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ اَيُّوْبَ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِيْ جَعْفَرٍ عَنْ رَجُلٍ مِّنْ شُيُوْخِ مِصْرَ اَنَّهُ حَدَّثَهُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ الْقُرْاٰنُ اَحَبُّ اِلَى اللّٰهِ مِنَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ

☆☆ حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہما نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قرآن اللہ تعالیٰ کے نزدیک آسمانوں اور زمین

حدیث **3390**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2926**

اوراس میں موجود سب چیزوں سے زیادہ محبوب ہے۔

## بَابٌ اِذَا اخْتَلَفْتُمْ بِالْقُرْاٰنِ فَقُوْمُوْا

## باب 7: جب تم قرآن پڑھتے ہوئے تھک جاؤ تو اٹھ جاؤ

**3393**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا هَارُوْنُ الْاَعْوَرُ عَنْ اَبِیْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیِّ عَنْ جُنْدُبٍ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْرَءُ وْا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفْتُمْ عَلَيْهِ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ فَقُوْمُوْا

☆☆ حضرت جندب رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: قرآن پڑھو جب تک تمہاری توجہ اس کی طرف مبذول رہے۔ جب توجہ ہٹ جائے تو اٹھ جاؤ۔

**3394**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ عَنْ جُنْدُبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ اقْرَءُ وْا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُكُمْ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ فَقُوْمُوْا

☆☆ حضرت جندب بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: قرآن پڑھتے رہو جب تک تمہاری توجہ مبذول رہے اور جب توجہ منتشر ہو جائے تو اٹھ جاؤ۔

**3395**- حَدَّثَنَا اَبُوْ غَسَّانَ مَالِكُ بْنُ اِسْمٰعِيْلَ حَدَّثَنَا اَبُوْ قُدَامَةَ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِیُّ عَنْ جُنْدُبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُ وْا الْقُرْاٰنَ مَا ائْتَلَفَتْ عَلَيْهِ قُلُوْبُكُمْ فَاِذَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ فَقُوْمُوْا

☆☆ حضرت جندب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: اس وقت تک قرآن پڑھتے رہو جب تک تمہاری توجہ اسکی طرف مبذول رہے جب توجہ منتشر ہو جائے تو پھر اٹھ جاؤ۔

## بَابٌ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِیْ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ

## باب 8: قرآن پڑھنے والے مومن کی مثال

**3396**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ اَبِیْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِیٍّ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ مِنَ النَّاسِ مَنْ يُؤْتَی الْاِيْمَانَ وَلَا يُؤْتَی الْقُرْاٰنَ وَمِنْهُمْ مَنْ يُؤْتَی الْقُرْاٰنَ وَلَا يُؤْتَی الْاِيْمَانَ وَمِنْهُمْ مَنْ يُؤْتَی الْقُرْاٰنَ وَالْاِيْمَانَ وَمِنْهُمْ مَنْ لَّا يُؤْتَی الْقُرْاٰنَ وَلَا الْاِيْمَانَ ثُمَّ ضَرَبَ لَهُمْ مَثَلًا قَالَ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِیَ الْاِيْمَانَ وَلَمْ يُؤْتَ الْقُرْاٰنَ فَمَثَلُهٗ مَثَلُ التَّمْرَةِ حُلْوَةُ الطَّعْمِ لَا رِيْحَ لَهَا وَاَمَّا مَثَلُ الَّذِیْ اُوْتِیَ الْقُرْاٰنَ وَلَمْ يُؤْتَ الْاِيْمَانَ فَمَثَلُ الْاٰسَةِ طَيِّبَةُ الرِّيْحِ مُرَّةُ الطَّعْمِ وَاَمَّا الَّذِیْ اُوْتِیَ الْقُرْاٰنَ وَالْاِيْمَانَ فَمَثَلُ الْاُتْرُجَّةِ طَيِّبَةُ الرِّيْحِ حُلْوَةُ الطَّعْمِ وَاَمَّا الَّذِیْ لَمْ يُؤْتَ الْقُرْاٰنَ وَلَا الْاِيْمَانَ فَمَثَلُهٗ مَثَلُ الْحَنْظَلَةِ مُرَّةُ الطَّعْمِ لَا رِيْحَ لَهَا

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: بعض لوگ وہ ہیں جنہیں ایمان دیا گیا ہے لیکن قرآن نہیں دیا گیا اور بعض لوگ وہ ہیں جنہیں قرآن دیا گیا ہے لیکن ایمان نہیں دیا گیا اور بعض لوگ وہ ہیں جنہیں قرآن اور ایمان دونوں دیے گئے ہیں اور بعض لوگ وہ ہیں

جنہیں نہ قرآن دیا گیا اور نہ ہی ایمان دیا گیا ہے۔ پھر حضرت علی رضی اللہ عنہ نے ان لوگوں کی ایک مثال بیان کی اور فرمایا جس شخص کو ایمان دیا گیا ہو اور قرآن نہ دیا گیا ہو اس کی مثال کھجور کی مانند ہے جس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی۔ جس شخص کو قرآن دیا گیا ہو اور ایمان نہ دیا گیا ہو اس شخص کی مثال آسا نامی پھل کی ہے جس کی خوشبو اچھی ہوتی ہے لیکن ذائقہ کڑوا ہوتا ہے جس شخص کو قرآن اور ایمان دونوں دیے گئے ہوں اس کی مثال نارنگی کی ہے جس کی خوشبو بھی اچھی ہوتی ہے اور ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے اور جس شخص کو قرآن اور ایمان دونوں نہ دیئے گئے ہوں اس کی مثال حنظلہ کی سی ہے جس کا ذائقہ بھی کڑوا ہوتا ہے اور اس کی خوشبو بھی نہیں ہوتی ہے۔

**3397**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَوَانَةَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ عَنْ اَبِىْ مُوْسَى الْاَشْعَرِيِّ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْاُتْرُجَّةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَّرِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّمَثَلُ الْمُؤْمِنِ الَّذِىْ لَا يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا حُلْوٌ وَّلَيْسَ لَهَا رِيْحٌ وَّمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الرَّيْحَانَةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا مُرٌّ وَّمَثَلُ الْمُنَافِقِ الَّذِىْ لَا يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْحَنْظَلَةِ لَيْسَ لَهَا رِيْحٌ وَّطَعْمُهَا مُرٌّ

☆☆ حضرت ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو مومن قرآن پڑھتا ہو اس کی مثال نارنگی کی سی ہے جس کا ذائقہ بھی اچھا ہوتا ہے اور جس کی خوشبو بھی اچھی ہوتی ہے اور جو مومن قرآن نہیں پڑھتا ہے اس کی مثال کھجور کی سی ہے جس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی اور جو منافق قرآن پڑھتا ہے اس کی مثال ریحانہ کی سی ہے جس کی خوشبو اچھی ہوتی ہے لیکن اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور جو منافق قرآن نہیں پڑھتا اس کی مثال حنظلہ کی سی ہے جس کی خوشبو نہیں ہوتی ہے اور اس کا ذائقہ بھی کڑوا ہوتا ہے۔

**3398**- اَخْبَرَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَنِ الْحَارِثِ عَنْ عَلِيٍّ قَالَ مَثَلُ الَّذِىْ اُوْتِىَ الْاِيْمَانَ وَلَمْ يُؤْتَ الْقُرْاٰنَ مَثَلُ التَّمْرَةِ طَعْمُهَا طَيِّبٌ وَّلَا رِيْحَ لَهَا وَمَثَلُ الَّذِىْ اُوْتِىَ الْقُرْاٰنَ وَلَمْ يُؤْتَ الْاِيْمَانَ مَثَلُ الرَّيْحَانَةِ الْآسَةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا مُرٌّ وَّمَثَلُ الَّذِىْ اُوْتِىَ الْقُرْاٰنَ وَالْاِيْمَانَ مَثَلُ الْاُتْرُجَّةِ رِيْحُهَا طَيِّبٌ وَّطَعْمُهَا طَيِّبٌ وَّمَثَلُ الَّذِىْ لَمْ يُؤْتَ الْاِيْمَانَ وَلَا الْقُرْاٰنَ مَثَلُ الْحَنْظَلَةِ رِيْحُهَا خَبِيْثٌ وَّطَعْمُهَا خَبِيْثٌ

حدیث **3397**: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری رحمہ اللہ (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 4732
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 797
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 4829
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان — 2865
"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ' 1986ء — 5038
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 214
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 19567
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 770
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 6732
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 494

☆☆ حضرت علی رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس شخص کو ایمان دیا گیا اور قرآن نہیں دیا گیا اس کی مثال کھجور کی سی ہے جس کا ذائقہ میٹھا ہوتا ہے لیکن اس کی خوشبو نہیں ہوتی ہے اور جس شخص کو قرآن دیا جائے اور ایمان نہ دیا جائے اس کی مثال ریحانہ آسہ (نامی پھل) کی سی ہے جس کی خوشبو پاکیزہ ہوتی ہے لیکن اس کا ذائقہ کڑوا ہوتا ہے اور جس شخص کو قرآن اور ایمان دونوں دیئے جائیں اس کی مثال نارنگی کی سی ہے جس کی خوشبو بھی پاکیزہ ہوتی ہے اور ذائقہ بھی پاکیزہ ہوتا ہے اور جس شخص کو قرآن اور ایمان کچھ بھی نہ دیا گیا ہو اس کی مثال حنظلہ کی سی ہے جس کی بو بھی بری ہوتی ہے اور ذائقہ بھی برا ہوتا ہے۔

## بَابُ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْقُرْاٰنِ اَقْوَامًا وَّيَضَعُ اٰخَرِيْنَ

## باب 9: بے شک اللہ تعالیٰ اس قرآن کی وجہ سے کچھ لوگوں کو سربلندی عطا کرتا ہے اور کچھ کی حیثیت کم کر دیتا ہے

**3399**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ عَنْ شُعَيْبِ بْنِ اَبِىْ حَمْزَةَ عَنِ الزُّهْرِىِّ حَدَّثَنِىْ عَامِرُ بْنُ وَاثِلَةَ اَنَّ نَافِعَ بْنَ عَبْدِ الْحَارِثِ لَقِىَ عُمَرَ بْنَ الْخَطَّابِ بِعُسْفَانَ وَكَانَ عُمَرُ اسْتَعْمَلَهٗ عَلٰى اَهْلِ مَكَّةَ فَسَلَّمَ عَلٰى عُمَرَ فَقَالَ لَهٗ عُمَرُ مَنِ اسْتَخْلَفْتَ عَلٰى اَهْلِ الْوَادِىْ فَقَالَ نَافِعٌ اسْتَخْلَفْتُ عَلَيْهِمُ ابْنَ اَبْزٰى فَقَالَ عُمَرُ وَمَنِ ابْنُ اَبْزٰى فَقَالَ مَوْلًى مِّنْ مَّوَالِيْنَا فَقَالَ عُمَرُ فَاسْتَخْلَفْتَ عَلَيْهِمْ مَوْلًى فَقَالَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِنَّهٗ قَارِئٌ لِكِتَابِ اللّٰهِ عَالِمٌ بِالْفَرَائِضِ فَقَالَ عُمَرُ اَمَا اِنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ يَرْفَعُ بِهٰذَا الْكِتَابِ اَقْوَامًا وَّيَضَعُ بِهٖ اٰخَرِيْنَ

☆☆ عامر بن واثلہ بیان کرتے ہیں: نافع بن عبدالحارث، عسفان کے مقام پر حضرت عمر بن خطاب سے ملے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے انہیں مکہ کا گورنر مقرر کیا تھا۔ انہوں نے حضرت عمر رضی اللہ عنہ کو سلام کیا تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے ان سے دریافت کیا تم نے مکہ میں اپنے نائب کے طور پر کس شخص کو چھوڑا ہے؟ نافع نے جواب دیا میں نے ابن ابزیٰ کو ان پر اپنا نائب مقرر کیا ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا ابن ابزیٰ کون ہے۔ انہوں نے جواب دیا ہمارا ایک آزاد کردہ غلام ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے دریافت کیا تم نے ان لوگوں پر ایک غلام کو اپنا نائب مقرر کیا ہے۔ انہوں نے عرض کی اے امیر المومنین وہ اللہ کی کتاب کا عالم ہے اور علم وراثت کا بھی عالم ہے۔ حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ اس (قرآن) کی وجہ سے کچھ لوگوں کو سربلندی عطا کرے گا اور کچھ کی حیثیت کم کر دے گا۔

## بَابُ فَضْلِ مَنِ اسْتَمَعَ اِلَى الْقُرْاٰنِ

## باب 10: غور سے قرآن سننے کی فضیلت

**3400**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ اِنَّ الَّذِىْ يَقْرَاُ الْقُرْاٰنَ لَهٗ اَجْرٌ وَّاِنَّ الَّذِىْ يَسْتَمِعُ لَهٗ اَجْرَانِ

☆☆ خالد بن معدان فرماتے ہیں: جو شخص قرآن پڑھتا ہے اسے ایک اجر ملتا ہے اور جو شخص غور سے اسے سنتا ہے دوگنا اجر ملتا

3401- حَدَّثَنَا رَزِيْنُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حُمَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ عَنْ عَطَاءٍ عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ قَالَ مَنِ اسْتَمَعَ إِلٰى اٰيَةٍ مِّنْ كِتَابِ اللّٰهِ كَانَتْ لَهُ نُوْرًا

☆☆ حضرت ابن عباس ﷺ بیان کرتے ہیں: جو شخص غور سے اللہ کی کتاب کی ایک آیت سنتا ہے یہ اس کے لیے نور بن جاتا ہے۔

## بَابُ فَضْلِ مَنْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَيَشْتَدُّ عَلَيْهِ

## باب 11: قرآن پڑھنے والے اور اس میں مشکل برداشت کرنے والے کی فضیلت

3402- اَخْبَرَنَا مُسْلِمُ بْنُ إِبْرَاهِيْمَ حَدَّثَنَا هِشَامٌ وَّهَمَّامٌ قَالَا حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفٰى عَنْ سَعْدِ بْنِ هِشَامٍ عَنْ عَائِشَةَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ الَّذِيْ يَقْرَأُ الْقُرْاٰنَ وَهُوَ مَاهِرٌ بِهٖ فَهُوَ مَعَ السَّفَرَةِ الْكِرَامِ الْبَرَرَةِ وَالَّذِيْ يَقْرَؤُهٗ وَهُوَ يَشْتَدُّ عَلَيْهِ فَلَهٗ اَجْرَانِ

☆☆ سیدہ عائشہ صدیقہ ﷺ نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتی ہیں: جو شخص قرآن کا علم حاصل کرے اور اس میں مہارت حاصل کرے تو وہ معزز، بزرگ سفیروں کے ہمراہ ہوگا اور جو شخص اس کا علم حاصل کرے اور اسے اس میں مشکل پیش آئے اسے دوگنا اجر ملے گا۔

3403- حَدَّثَنَا مَرْوَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ حَدَّثَنَا سَعِيْدٌ هُوَ ابْنُ عَبْدِ الْعَزِيْزِ عَنْ إِسْمٰعِيْلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ عَنْ وَهْبٍ الذِّمَارِيِّ قَالَ مَنْ اٰتَاهُ اللّٰهُ الْقُرْاٰنَ فَقَامَ بِهٖ اٰنَاءَ اللَّيْلِ وَاٰنَاءَ النَّهَارِ وَعَمِلَ بِمَا فِيْهِ وَمَاتَ عَلَى الطَّاعَةِ بَعَثَهُ اللّٰهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مَعَ السَّفَرَةِ وَالْاَحْكَامِ قَالَ سَعِيْدٌ السَّفَرَةُ الْمَلَائِكَةُ وَالْاَحْكَامُ الْاَنْبِيَاءُ قَالَ وَمَنْ كَانَ حَرِيْصًا وَّهُوَ يَتَفَلَّتُ

---

حدیث 3402: "صحیح بخاری" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دار ابن کثیر یمامہ بیروت لبنان 1407ھ 1987ء — 4653
"صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 798
"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دار الفکر بیروت لبنان — 1454
"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2904
"سنن ابن ماجہ" امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دار الفکر بیروت لبنان — 3779
"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 24257
"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان 1414ھ/1993ء — 767
"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 8046
"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 3861
"مسند طیالسی" امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دار المعرفۃ بیروت لبنان — 1499
"مصنف ابن ابی شیبہ" ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی مکتبہ الرشد ریاض سعودی عرب (طبع اول) 1409ھ — 30036
"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) 1403ھ — 6061

مِنْهُ وَهُوَ لَا يَدَعُهُ أُوتِيَ أَجْرَهُ مَرَّتَيْنِ وَمَنْ كَانَ عَلَيْهِ حَرِيصًا وَهُوَ يَتَفَلَّتُ مِنْهُ وَمَاتَ عَلَى الطَّاعَةِ فَهُوَ مِنْ أَشْرَافِهِمْ وَفُضِّلُوا عَلَى النَّاسِ كَمَا فُضِّلَتِ النُّسُورُ عَلَى سَائِرِ الطَّيْرِ وَكَمَا فُضِّلَتْ مَرْجَةٌ خَضْرَاءُ عَلَى مَا حَوْلَهَا مِنَ الْبِقَاعِ فَإِذَا كَانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ قِيلَ أَيْنَ الَّذِينَ كَانُوا يَتْلُونَ كِتَابِي لَمْ يُلْهِهِمِ اتِّبَاعُ الْأَنْعَامِ فَيُعْطَى الْخُلْدَ وَالنَّعِيمَ فَإِنْ كَانَ أَبَوَاهُ مَاتَا عَلَى الطَّاعَةِ جُعِلَ عَلَى رُءُوسِهِمَا تَاجُ الْمُلْكِ فَيَقُولَانِ رَبَّنَا مَا بَلَغَتْ هَذَا أَعْمَالُنَا فَيَقُولُ بَلَى إِنَّ ابْنَكُمَا كَانَ يَتْلُو كِتَابِي

☆☆ وہب ذماری بیان کرتے ہیں: جس شخص کواللہ تعالیٰ قرآن عطا کرے اور وہ دن میں رات میں اسے تلاوت کرتا رہے اور اس میں موجود احکام پر عمل کرے اور اس اطاعت کی حالت میں مرجائے قیامت کے دن اللہ تعالیٰ اسے ''سفرہ'' اور ''احکام'' کے ہمراہ مبعوث کرے گا۔

سعید بیان کرتے ہیں: ''سفرہ'' سے مراد فرشتے ہیں اور ''احکام'' سے مراد انبیاء ہیں۔

وہب یہ بھی فرماتے ہیں: جو شخص اسے پڑھنے کا شوق رکھتا ہو اور اس کی طرف متوجہ رہے اور اسے نہ چھوڑے اسے دوگنا اجر ملے گا اور جو شخص اسے پڑھنے کا شوق رکھتا ہو اور وہ اس کی طرف متوجہ رہے اور اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں فوت ہو وہ ان معزز لوگوں میں سے ہوگا اسے لوگوں پر فضیلت عطا کی جائے گی۔ اس طرح جیسے نسور کو تمام پرندوں پر فضیلت حاصل ہے اور جیسے سرسبز وشاداب حصے کو اس کے آس پاس کی زمین پر فضیلت حاصل ہوتی ہے جب قیامت کا دن ہوگا تو یہ کہا جائے گا کہ وہ لوگ کہاں ہیں جو میری کتاب کی تلاوت کرتے تھے۔ جانوروں کے پیچھے جانے نے انہیں غافل نہیں کیا۔ پھر ان لوگوں کو دائمی زندگی اور جنت نصیب ہوگی۔ اگر اس شخص کے والدین اسلام کی حالت میں مرے تھے تو ان کے سروں پر تاج پہنایا جائے گا وہ یہ کہیں گے اے ہمارے پروردگار! ہمارے اعمال تو اس لائق نہیں ہیں تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا ہاں لیکن تمہارا بیٹا میری کتاب کی تلاوت کرتا تھا۔

## بَابُ فَضْلِ فَاتِحَةِ الْكِتَابِ

## باب 12: سورۃ فاتحہ کی فضیلت

**3404**- أَخْبَرَنَا قَبِيصَةُ أَخْبَرَنَا سُفْيَانُ عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ عُمَيْرٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي فَاتِحَةِ الْكِتَابِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ

☆☆ عبدالملک بن عمیر روایت کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: فاتحۃ الکتاب میں ہر بیماری کی شفاء موجود ہے۔

**3405**- حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ عُمَرَ الزَّهْرَانِيُّ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ خُبَيْبِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ عَنْ حَفْصِ بْنِ عَاصِمٍ عَنْ أَبِي سَعِيدِ بْنِ الْمُعَلَّى الْأَنْصَارِيِّ قَالَ مَرَّ بِي رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ أَلَمْ يَقُلِ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ (يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اسْتَجِيبُوا لِلَّهِ وَلِلرَّسُولِ إِذَا دَعَاكُمْ) قَالَ أَلَا أُعَلِّمُكَ أَعْظَمَ سُورَةٍ فِي الْقُرْآنِ قَبْلَ أَنْ أَخْرُجَ مِنَ الْمَسْجِدِ فَلَمَّا أَرَادَ أَنْ يَخْرُجَ قَالَ الْحَمْدُ لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ وَهِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِي وَالْقُرْآنُ الْعَظِيمُ الَّذِي أُوتِيتُمْ

☆☆ حضرت ابوسعید انصاری رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم میرے پاس سے گزرے اور فرمایا کیا اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا:

''اے ایمان والو! اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول جب تمہیں بلائیں تو انہیں جواب دو کیونکہ اس نے تمہیں زندگی عطا کی ہے اور یہ بات جان لو کہ اللہ تعالیٰ آدمی اور اس کے ذہن کے درمیان ہوتا ہے اور اسی کی طرف تمہارا حشر کیا جائے گا۔''

(پھر نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا) کیا میں تمہیں، مسجد سے باہر نکلنے سے پہلے قرآن کی سب سے زیادہ عظمت والی سورت کے بارے میں بتادوں؟ (راوی بیان کرتے ہیں) پھر جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم باہر تشریف لے جانے لگے تو آپ نے ارشاد فرمایا: الحمدللہ رب العالمین، یہ وہ سات آیات ہیں جنہیں دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے اور یہ عظمت والا قرآن ہے جو تمہیں دیا گیا ہے۔

**3406** - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ عَنْ اُبَيِّ بْنِ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاتِحَةُ الْكِتَابِ هِيَ السَّبْعُ الْمَثَانِيْ

☆☆ حضرت اُبی بن کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: فاتحۃ الکتاب وہ سات آیتیں ہیں جنہیں دو مرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

**3407** - حَدَّثَنَا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُحَمَّدٍ عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اَبِيهِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَا اُنْزِلَتْ فِي التَّوْرَاةِ وَلَا فِي الْاِنْجِيلِ وَالزَّبُورِ وَالْقُرْاٰنِ مِثْلُهَا يَعْنِي اُمَّ الْقُرْاٰنِ وَاِنَّهَا لَسَبْعٌ مِنَ الْمَثَانِيْ وَالْقُرْاٰنُ الْعَظِيمُ الَّذِي اُعْطِيتُ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: تورات، انجیل، زبور اور قرآن میں ان کی مانند کوئی چیز

حدیث 3405: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء — 4204

''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان — 1458

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ 1986ء — 913

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: دار احیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) — 186

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 15768

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 777

''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء — 862

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء — 2051

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 985

''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء — 13715

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دار المامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ 1984ء — 6837

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان — 1266

نازل نہیں ہوئی، یعنی ام القرآن (سورۂ فاتحہ) یہ وہ سات آیتیں ہیں جنہیں دومرتبہ پڑھا جاتا ہے اور یہ وہ عظمت والا قرآن ہے جو مجھے عطا کیا گیا ہے۔

**3408**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ عَلِيٍّ الْحَنَفِيُّ حَدَّثَنِي ابْنُ اَبِي ذِئْبٍ عَنِ الْمَقْبُرِيِّ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اُمُّ الْقُرْاٰنِ وَاُمُّ الْكِتَابِ وَالسَّبْعُ الْمَثَانِي

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: الحمد للہ قرآن کی اصل ہے اور کتاب کی اصل ہے اور یہ ہی وہ سات آیات ہیں جنہیں دومرتبہ پڑھا جاتا ہے۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ

## باب 13: سورۂ بقرہ کی فضیلت

**3409**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَا مِنْ بَيْتٍ يُقْرَاُ فِيْهِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ اِلَّا خَرَجَ مِنْهُ الشَّيْطٰنُ وَلَهٗ ضَرِيْطٌ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے شیطان اس میں سے ہوا خارج کرتے

---

حدیث **3408**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **4427**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1457**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3124**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **914**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **9789**

حدیث **3409**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دارابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ/1987ء **4204**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1458**
''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء **913**
''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی' داراحیاء التراث العربی (تحقیق فواد عبدالباقی) **186**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **15768**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **777**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء **862**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **2051**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **965**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دارالباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **13715**
''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام 1404ھ/1984ء **6697**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **1266**

ہوئے گھر سے نکل جاتا ہے۔

**3410**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ تَعَلُّمُهَا بَرَكَةٌ وَتَرْكُهَا حَسْرَةٌ وَلَا يَسْتَطِيعُهَا الْبَطَلَةُ وَهِيَ فُسْطَاطُ الْقُرْاٰنِ

☆☆ خالد بن معدان بیان کرتے ہیں: سورۂ بقرہ کا علم حاصل کرنا برکت ہے اور اسے چھوڑ دینا حسرت ہے جادوگر اسے پڑھنے کی صلاحیت نہیں رکھتے اور یہ قرآن کا خیمہ ہے۔

**3411**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ اَنَّهُ قَالَ اِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ سَنَامًا وَّاِنَّ سَنَامَ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةُ الْبَقَرَةِ وَاِنَّ لِكُلِّ شَيْءٍ لُبَابًا وَّاِنَّ لُبَابَ الْقُرْاٰنِ الْمُفَصَّلُ قَالَ اَبُو مُحَمَّدٍ اللُّبَابُ الْخَالِصُ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ہر چیز کی بلندی ہوتی ہے اور قرآن کی بلندی سورۂ بقرہ ہے اور ہر چیز کا مغز ہوتا ہے اور قرآن کا مغز مفصل سورتیں ہیں۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: لباب کا مطلب خالص چیز ہے۔

**3412**- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيلُ بْنُ اَبَانَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ عَنْ زُبَيْدٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ الْاَسْوَدِ قَالَ مَنْ قَرَاَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ تُوِّجَ بِهَا تَاجًا فِى الْجَنَّةِ

☆☆ عبدالرحمٰن بن اسود فرماتے ہیں: جو شخص سورۂ بقرہ پڑھتا ہے جنت میں اسے تاج پہنایا جائے گا۔

**3413**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ سَلَمَةَ بْنِ كُهَيْلٍ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ اِنَّ الشَّيْطٰنَ اِذَا سَمِعَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ تُقْرَاُ فِى بَيْتٍ خَرَجَ مِنْهُ

☆☆ ابواحوص بیان کرتے ہیں، حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ارشاد فرماتے ہیں: شیطان جب کسی گھر میں سورۂ بقرہ کی تلاوت ہوتے ہوئے سنتا ہے تو اس میں سے نکل جاتا ہے۔

## بَابُ فَضْلِ اَوَّلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَاٰيَةِ الْكُرْسِيِّ

## باب 14: سورۂ بقرہ کی ابتدائی آیات اور آیۃ الکرسی کی فضیلت

**3414**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ حَدَّثَنِى اَيْفَعُ بْنُ عَبْدٍ الْكَلَاعِيُّ قَالَ قَالَ رَجُلٌ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَىُّ سُوْرَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْظَمُ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ فَاَىُّ اٰيَةٍ فِى الْقُرْاٰنِ اَعْظَمُ قَالَ اٰيَةُ الْكُرْسِيِّ (اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَىُّ الْقَيُّوْمُ) قَالَ فَاَىُّ اٰيَةٍ يَا نَبِىَّ اللّٰهِ تُحِبُّ اَنْ تُصِيبَكَ وَاُمَّتَكَ قَالَ خَاتِمَةُ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فَاِنَّهَا مِنْ خَزَائِنِ رَحْمَةِ اللّٰهِ مِنْ تَحْتِ عَرْشِهِ اَعْطَاهَا هٰذِهِ الْاُمَّةَ لَمْ تَتْرُكْ خَيْرًا مِّنْ خَيْرِ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِلَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ

☆☆ ایفع بن عبدالکلاعی بیان کرتے ہیں: ایک شخص نے عرض کی یارسول اللہ! قرآن کی کون سی سورت زیادہ عظمت والی ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے جواب دیا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اس شخص نے عرض کی قرآن کی کون سی آیت عظمت والی ہیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

جواب دیا آیۃ الکرسی اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ اس شخص نے دریافت کیا اے اللہ کے نبی! وہ کون سی آیت ہے جس کے بارے میں آپ یہ پسند کریں گے کہ آپ کی امت اسے پڑھے۔ نبی اکرم ﷺ نے جواب دیا سورۃ بقرہ کی آخری آیتیں کیونکہ یہ اللہ کی رحمت کے خزانوں میں سے ہیں جو اس کے عرش کے نیچے ہیں اور اللہ تعالیٰ نے یہ اس امت کو عطا کی ہیں دنیا اور آخرت کی کوئی بھلائی ایسی نہیں ہے جس پر یہ مشتمل نہ ہوں۔

**3415**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اَبُوْ عَاصِمٍ الثَّقَفِيُّ حَدَّثَنَا الشَّعْبِيُّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَقِيَ رَجُلٌ مِنْ اَصْحَابِ مُحَمَّدٍ رَجُلًا مِنَ الْجِنِّ فَصَارَعَهُ فَصَرَعَهُ الْاِنْسِيُّ فَقَالَ لَهُ الْاِنْسِيُّ اِنِّيْ لَاَرَاكَ ضَئِيْلًا شَخِيْتًا كَاَنَّ ذُرَيِّعَتَيْكَ ذُرَيِّعَتَا كَلْبٍ فَكَذٰلِكَ اَنْتُمْ مَعْشَرَ الْجِنِّ اَمْ اَنْتَ مِنْ بَيْنِهِمْ كَذٰلِكَ قَالَ لَا وَاللّٰهِ اِنِّيْ مِنْهُمْ لَضَلِيْعٌ وَلٰكِنْ عَاوِدْنِي الثَّانِيَةَ فَاِنْ صَرَعْتَنِيْ عَلَّمْتُكَ شَيْئًا يَنْفَعُكَ قَالَ نَعَمْ قَالَ تَقْرَاُ (اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ) قَالَ نَعَمْ قَالَ فَاِنَّكَ لَا تَقْرَؤُهَا فِيْ بَيْتٍ اِلَّا خَرَجَ مِنْهُ الشَّيْطٰنُ لَهُ خَبَجٌ كَخَبَجِ الْحِمَارِ ثُمَّ لَا يَدْخُلُهُ حَتّٰى يُصْبِحَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الضَّئِيْلُ الدَّقِيْقُ وَالشَّخِيْتُ الْمَهْزُوْلُ وَالضَّلِيْعُ جَيِّدُ الْاَضْلَاعِ وَالْخَبَجُ الرِّيْحُ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں، نبی اکرم ﷺ کے اصحاب میں سے ایک صحابی کا ایک جن سے سامنا ہو گیا۔ ان دونوں کے درمیان کشتی ہوئی تو انسان نے اسے پچھاڑ دیا۔ انسان نے اسے کہا میں دیکھ رہا ہوں کہ تم کمزور اور دبلے ہو تمہاری پسلیاں یوں ہیں جیسے کتے کی پسلیاں ہوں تم تمام جنات ایسے ہوتے ہو یا ان کے درمیان تمہاری یہ حالت ہے۔ اس نے جواب دیا: اللہ کی قسم! میں ان میں بہت موٹا تازہ تھا تم میرے ساتھ دوبارہ مقابلہ کرو اگر تم نے مجھے پچھاڑ دیا تو میں تمہیں ایک ایسی چیز کی تعلیم دوں گا جو تمہیں فائدہ دے گی۔ اس انسان نے اس کے ساتھ دوبارہ مقابلہ کر کے اسے پچھاڑ دیا تو وہ جن بولا آؤ میں تمہیں تعلیم دیتا ہوں۔ اس شخص نے جواب دیا ٹھیک ہے وہ جن بولا تم اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ پڑھا کرو۔ اس آدمی نے کہا ٹھیک ہے وہ جن بولا تم جس گھر میں اسے پڑھو گے اس میں سے شیطان نکل جائے گا اور اس طرح کہ گدھے کی مانند اس کی ہوا خارج ہو رہی ہوگی اور پھر وہ کبھی اس گھر میں نہیں جائے گا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: اس حدیث میں (استعمال ہونے والا لفظ) ضئیل سے مراد کمزور ہونا ہے اور شخیت سے مراد کمزور جسم کا مالک ہونا ہے اور ضلیع سے مراد موٹا تازہ ہونا ہے اور خبج کا مطلب ہوا ہے۔

**3416**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ اَخْبَرَنَا اَبُو الْعُمَيْسِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ مَنْ قَرَاَ عَشْرَ اٰيَاتٍ مِنْ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ فِيْ لَيْلَةٍ لَمْ يَدْخُلْ ذٰلِكَ الْبَيْتَ شَيْطَانٌ تِلْكَ اللَّيْلَةَ حَتّٰى يُصْبِحَ اَرْبَعًا مِنْ اَوَّلِهَا وَاٰيَةُ الْكُرْسِيِّ وَاٰيَتَانِ بَعْدَهَا وَثَلَاثٌ خَوَاتِيْمُهَا اَوَّلُهَا (لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوَاتِ)

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت سورۃ بقرہ کی دس آیات پڑھ لے گا اس گھر میں شیطان صبح تک داخل نہیں ہو گا ان دس آیتوں میں چار سورۃ بقرہ کی ابتدائی آیات ہیں۔ ایک آیۃ الکرسی ہے دو اس کے بعد والی آیات ہیں اور تین سورۃ بقرہ کی آخری آیات ہیں جن کا آغاز یہاں سے ہوتا ہے لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ۔

**3417**- اَخْبَرَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ حَدَّثَنَا حَمَّادٌ عَنْ عَاصِمٍ عَنِ الشَّعْبِيِّ عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ مَنْ قَرَاَ اَرْبَعَ

اٰيَاتٍ مِّنْ اَوَّلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَاٰيَةَ الْكُرْسِيِّ وَاٰيَتَانِ بَعْدَ اٰيَةِ الْكُرْسِيِّ وَثَلَاثًا مِّنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ لَمْ يَقْرَبْهُ وَلَا اَهْلَهُ يَوْمَئِذٍ شَيْطَانٌ وَّلَا شَيْءٌ يَّكْرَهُهُ وَلَا يُقْرَاْنَ عَلٰى مَجْنُوْنٍ اِلَّا اَفَاقَ

☆☆ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص سورۃ بقرہ کی چار ابتدائی آیات، آیۃ الکرسی (اور اس کے) کے بعد والی دو آیتیں اور سورۃ بقرہ کی آخری تین آیتیں پڑھے گا اس شخص کے اور اس کے اہل خانہ کے قریب شیطان اس دن نہیں جائے گا اور اس شخص کو کوئی مصیبت لاحق نہیں ہوگی اور ان آیتوں کو اگر کسی مجنون پر پڑھا جائے تو وہ بھی ٹھیک ہو جائے گا۔

**3418**- حَدَّثَنَا سَعِيْدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ اَبِىْ اِسْحٰقَ عَمَّنْ سَمِعَ عَلِيًّا يَقُوْلُ مَا كُنْتُ اَرٰى اَنَّ اَحَدًا يَّعْقِلُ يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَاَ هٰؤُلَاءِ الْاٰيَاتِ مِنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَاِنَّهُنَّ لَمِنْ كَنْزٍ تَحْتَ الْعَرْشِ

☆☆ ابواسحاق اس شخص کے حوالے سے روایت کرتے ہیں: جس نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے ہوئے سنا ہے میں یہ سمجھتا ہوں جو شخص عقل رکھتا ہو وہ سوتے وقت سورۃ بقرہ کی آخری آیات ضرور پڑھے گا کیونکہ یہ عرش کے نیچے موجود خزانے کا حصہ ہیں۔

**3419**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ اَبِىْ سِنَانٍ عَنِ الْمُغِيْرَةِ بْنِ سُبَيْعٍ وَّكَانَ مِنْ اَصْحَابِ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَرَاَ عَشْرَ اٰيَاتٍ مِّنَ الْبَقَرَةِ عِنْدَ مَنَامِهٖ لَمْ يَنْسَ الْقُرْاٰنَ اَرْبَعُ اٰيَاتٍ مِّنْ اَوَّلِهَا وَاٰيَةُ الْكُرْسِيِّ وَاٰيَتَانِ بَعْدَهَا وَثَلَاثٌ مِّنْ اٰخِرِهَا قَالَ اِسْحٰقُ لَمْ يَنْسَ مَا قَدْ حَفِظَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ الْمُغِيْرَةُ بْنُ سُمَيْعٍ

☆☆ مغیرہ بن سبیع، جو حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے شاگردوں میں سے ایک ہیں، فرماتے ہیں: جو شخص سوتے وقت سورۃ بقرہ کی دس آیات پڑھ لے گا وہ قرآن نہیں بھولے گا ان میں سے چار آیات آغاز کی ہیں ایک آیۃ الکرسی ہے دو آیات اس کے بعد والی ہیں اور تین آیات سورۃ بقرہ کی آخری آیات ہیں۔

اسحاق بیان کرتے ہیں: جو شخص انہیں یاد کرے گا وہ نہیں بھولے گا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بعض محدثین نے اس راوی کا نام مغیرہ بن سمیع بیان کیا ہے۔

**3420**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ اَبِىْ مُعَاوِيَةَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ بَكْرٍ الْمُلَيْكِيِّ عَنْ اَبِىْ سَلَمَةَ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ اٰيَةَ الْكُرْسِيِّ وَفَاتِحَةَ حم الْمُؤْمِنِ اِلٰى قَوْلِهٖ (غَافِرِ الذَّنْبِ ۔ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ) لَمْ يَرَ شَيْئًا يَّكْرَهُهُ حَتّٰى يُمْسِىَ وَمَنْ قَرَاَهَا حِيْنَ يُمْسِىْ لَمْ يَرَ شَيْئًا يَّكْرَهُهُ حَتّٰى يُصْبِحَ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص آیۃ الکرسی اور سورۃ مومن کے آغاز کی آیات پڑھے گا وہ شام تک کوئی ناگوار صورت حال نہیں دیکھے گا اور جو شخص شام کے وقت انہیں پڑھے گا وہ صبح تک کوئی ناگوار صورت حال نہیں دیکھے گا۔

---

حدیث **3421**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2882**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **18438**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء **10803**

**3421-** حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ أَخْبَرَنَا أَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْجَرْمِيُّ عَنْ أَبِي قِلَابَةَ عَنْ أَبِي الْأَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ بَشِيرٍ أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ إِنَّ اللَّهَ كَتَبَ كِتَابًا قَبْلَ أَنْ يَخْلُقَ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضَ بِأَلْفَيْ عَامٍ فَأَنْزَلَ مِنْهُ آيَتَيْنِ خَتَمَ بِهِمَا سُورَةَ الْبَقَرَةِ وَلَا تُقْرَآنِ فِي دَارٍ ثَلَاثَ لَيَالٍ فَيَقْرَبُهَا شَيْطَانٌ

☆☆ حضرت نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں، بے شک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کو تخلیق کرنے سے دو ہزار سال پہلے ایک کتاب تحریر کی تھی اور ان میں سے دو آیتیں نازل کی ہیں جن پر سورۃ بقرہ ختم ہوتی ہے۔ یہ دو آیات جس گھر میں تین راتوں تک پڑھی جائیں تو شیطان اس کے قریب نہیں جائے گا۔

**3422-** حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ شُعْبَةَ عَنْ مَنْصُورٍ عَنْ إِبْرَاهِيمَ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ عَنْ أَبِي مَسْعُودٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَأَ الْآيَتَيْنِ الْآخِرَتَيْنِ مِنْ سُورَةِ الْبَقَرَةِ فِي لَيْلَةٍ كَفَتَاهُ

☆☆ حضرت ابومسعود رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص سورۃ بقرہ کی یہ دو آیات رات کے وقت پڑھ لے گا یہ دونوں اس کے لیے کافی ہوں گی۔

**3423-** حَدَّثَنَا أَبُو عَاصِمٍ حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللَّهِ بْنُ أَبِي زِيَادٍ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ عَنْ أَسْمَاءَ بِنْتِ يَزِيدَ قَالَتْ

حدیث **3422**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی' (طبع ثالث) دار ابن کثیر' یمامہ' بیروت' لبنان 1407ھ 1987ء **3786**
''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **807**
''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1397**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2881**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1368**
''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **17109**
''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء **781**
''صحیح ابن خزیمہ'' امام ابوبکر محمد بن اسحاق بن خزیمہ نیشاپوری' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان 1390ھ/1970ء **1141**
''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء **8003**
''سنن بیہقی کبریٰ'' امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی' مکتبہ دار الباز' مکہ مکرمہ' سعودی عرب 1414ھ/1994ء **4537**
''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دار المعرفۃ' بیروت' لبنان **614**
''مسند حمیدی'' امام ابوبکر عبداللہ بن زبیر حمیدی' دار الکتب العلمیہ' مکتبۃ المتنبی' بیروت' قاہرہ (تحقیق حبیب الرحمان اعظمی) **452**
''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت لبنان' (طبع ثانی) 1403ھ **6020**
حدیث **3423**: ''سنن ابی داؤد'' امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی' دار الفکر' بیروت' لبنان **1496**
''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' دار احیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **3478**
''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی' دار الفکر' بیروت' لبنان **3855**
''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1990ء **1861**
''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبۃ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) 1409ھ **29363**

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ فِیْ هَاتَيْنِ الْاٰيَتَيْنِ (اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ) (وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ)

☆☆ عاصمہ بنت یزید بیان کرتی ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم ان دو آیات میں ہے: (اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ) (وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ).

**3424**- حَدَّثَنَا مُجَاهِدٌ هُوَ ابْنُ مُوْسٰى حَدَّثَنَا مَعْنٌ حَدَّثَنَا مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ عَنْ اَبِی الزَّاهِرِيَّةِ عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ خَتَمَ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ بِاٰيَتَيْنِ اُعْطِيْتُهُمَا مِنْ كَنْزِهِ الَّذِیْ تَحْتَ الْعَرْشِ فَتَعَلَّمُوْهُنَّ وَعَلِّمُوْهُنَّ نِسَائَكُمْ فَاِنَّهُمَا صَلٰوةٌ وَّقُرْاٰنٌ وَّدُعَاءٌ

☆☆ جبیر بن نفیر، نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے سورۃ بقرہ کو دو ایسی آیات کے ذریعے ختم کیا ہے جو اس کے عرش کے نیچے موجود خزانے میں سے مجھے دی گئی ہیں تم ان کا علم حاصل کرو اور اپنی خواتین کو ان کی تعلیم دو کیونکہ یہ دونوں نماز، قرآن اور دعا (کا حصہ) ہیں۔

# بَابٌ فِیْ فَضْلِ سُوْرَةِ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ

## باب 15: سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران کی فضیلت

**3425**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا بَشِيْرٌ هُوَ ابْنُ الْمُهَاجِرِ حَدَّثَنِیْ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بُرَيْدَةَ عَنْ اَبِيْهِ قَالَ كُنْتُ جَالِسًا عِنْدَ النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَسَمِعْتُهُ يَقُوْلُ تَعَلَّمُوْا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ فَاِنَّ اَخْذَهَا بَرَكَةٌ وَّتَرْكَهَا حَسْرَةٌ وَّلَا يَسْتَطِيْعُهَا الْبَطَلَةُ ثُمَّ سَكَتَ سَاعَةً ثُمَّ قَالَ تَعَلَّمُوْا سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ وَآلِ عِمْرَانَ فَاِنَّهُمَا الزَّهْرَاوَانِ وَاِنَّهُمَا تُظِلَّانِ صَاحِبَهُمَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ كَاَنَّهُمَا غَمَامَتَانِ اَوْ غَيَايَتَانِ اَوْ فِرْقَانِ مِنْ طَيْرٍ صَوَافَّ وَاِنَّ الْقُرْاٰنَ يَلْقٰى صَاحِبَهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ حِيْنَ يَنْشَقُّ عَنْهُ الْقَبْرُ كَالرَّجُلِ الشَّاحِبِ فَيَقُوْلُ لَهُ هَلْ تَعْرِفُنِیْ فَيَقُوْلُ مَا اَعْرِفُكَ فَيَقُوْلُ اَنَا صَاحِبُكَ الْقُرْاٰنُ الَّذِیْ اَظْمَاْتُكَ فِی الْهَوَاجِرِ وَاَسْهَرْتُ لَيْلَكَ وَاِنَّ كُلَّ تَاجِرٍ مِّنْ وَّرَاءِ تِجَارَتِهِ وَاِنَّكَ الْيَوْمَ مِنْ وَّرَاءِ كُلِّ تِجَارَةٍ فَيُعْطَى الْمُلْكَ بِيَمِيْنِهِ وَالْخُلْدَ بِشِمَالِهِ وَيُوْضَعُ عَلٰى رَاْسِهِ تَاجُ الْوَقَارِ وَيُكْسٰى وَالِدَاهُ حُلَّتَيْنِ لَا يَقُوْمُ لَهُمَا الدُّنْيَا فَيَقُوْلَانِ بِمَ كُسِيْنَا هٰذَا وَيُقَالُ لَهُمَا بِاَخْذِ وَلَدِكُمَا الْقُرْاٰنَ ثُمَّ يُقَالُ لَهُ اقْرَاْ وَاصْعَدْ فِیْ دَرَجِ الْجَنَّةِ وَغُرَفِهَا فَهُوَ فِیْ صُعُوْدٍ مَّا دَامَ يَقْرَاُ هَذًّا كَانَ اَوْ تَرْتِيْلًا

☆☆ عبداللہ بن بریدہ اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں، میں نبی اکرم ﷺ کے پاس بیٹھا ہوا تھا میں نے آپ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: سورۃ بقرہ کا علم حاصل کرو کیونکہ اس کو پڑھنا برکت ہے اور اسے چھوڑ دینا حسرت ہے اور جادوگر اس کی صلاحیت نہیں رکھتے۔

---

حدیث 3424: "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری، دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/ 1990ء 2066

حدیث 3425: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی، موسسہ قرطبہ، قاہرہ، مصر 5354

(راوی بیان کرتے ہیں) پھر آپ کچھ دیر خاموش رہے اور پھر ارشاد فرمایا: سورۃ بقرہ اور آل عمران کا علم حاصل کرو۔ یہ دونوں روشن چیزیں ہیں یہ دونوں قیامت کے دن اپنے پڑھنے والوں پر یوں سایہ کریں گی جیسے یہ دونوں بادل ہیں یا یہ دونوں سائبان ہیں یا یہ دونوں لائن میں چلنے والے پرندوں کی قطار ہیں اور قرآن قیامت کے دن اپنے پڑھنے والے سے اس وقت ملاقات کرے گا جب اس کی قبر شق ہوگی۔ وہ ایک خوفزدہ شخص کی مانند ہوگا قرآن اس سے یہ کہے گا کیا تم مجھے پہچانتے ہو وہ شخص جواب دے گا میں تمہیں نہیں پہچانتا قرآن یہ کہے گا میں تمہارا ساتھی وہ قرآن ہوں۔

جسے تم پیاس کی حالت میں دوپہر کے وقت پڑھتے تھے اور رات کے وقت جاگ کر پڑھتے تھے۔ ہر تجارت کرنے والے کی تجارت پیچھے رہ گئی آج تم ہر تجارت سے دور ہو پھر بادشاہی کی زندگی اس کے دائیں ہاتھ اور ہمیشہ کی زندگی اس کے بائیں ہاتھ پر دی جائے گی اور اس شخص کے سر پر وقار کا تاج رکھا جائے گا اس کے والدین کو دو ایسے جوڑے پہنائے جائیں گے جن کی قیمت پوری دنیا بھی نہیں ہوسکتی۔ وہ دونوں یہ کہیں گے ہمیں یہ لباس کیوں پہنایا گیا ہے ان سے کہا جائے گا کیونکہ تمہارے بچے نے قرآن کا علم حاصل کیا تھا پھر اس شخص سے کہا جائے گا تم قرآن پڑھنا شروع کرو اور جنت کے درجات اور بالاخانہ پر چڑھنا شروع کرو جب تک وہ شخص قرآن پڑھتا رہے گا لگاتار چڑھتا رہے گا خواہ تیزی سے پڑھے یا ہلکی رفتار سے پڑھے۔

**3426**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِیْ مُعَاوِيَةُ عَنْ اَبِیْ يَحْيٰی سُلَيْمِ بْنِ عَامِرٍ اَنَّهٗ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ اِنَّ اَخًا لَّكُمْ اُرِیَ فِی الْمَنَامِ اَنَّ النَّاسَ يَسْلُكُوْنَ فِیْ صَدْعِ جَبَلٍ وَّعْرٍ طَوِيْلٍ وَّعَلٰی رَاْسِ الْجَبَلِ شَجَرَتَانِ خَضْرَاوَانِ تَهْتِفَانِ هَلْ فِيْكُمْ مَنْ يَقْرَاُ سُوْرَةَ الْبَقَرَةِ هَلْ فِيْكُمْ مَنْ يَقْرَاُ سُوْرَةَ اٰلِ عِمْرَانَ فَاِذَا قَالَ الرَّجُلُ نَعَمْ دَنَتَا بِاَعْذَاقِهِمَا حَتّٰی يَتَعَلَّقَ بِهِمَا فَتَخْطِرَانِ بِهِ الْجَبَلَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْاَعْذَاقُ الْاَغْصَانُ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: تمہارے ایک بھائی کو خواب میں یہ دکھایا گیا کہ لوگ ایک اونچے پہاڑ میں موجود ایک درّے پر چل رہے ہیں۔ پہاڑ کے سرے کے اوپر دو سرسبز و شاداب درخت موجود ہیں۔ جو یہ کہہ رہے ہیں کیا تم میں کوئی شخص ایسا ہے جو سورۃ بقرہ پڑھتا ہو کیا تم میں کوئی ایسا شخص ہے جو سورۃ آل عمران پڑھتا ہو جب کوئی شخص ہاں کہتا ہے تو وہ دونوں اپنی ٹہنیاں جھکا دیتے ہیں یہاں تک کہ اس شخص کو اٹھا کر پہاڑ پر لے جاتے ہیں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: (اس روایت میں استعمال ہونے والے لفظ) اعذاق کا مطلب ٹہنیاں ہیں۔

**3427**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّقِّیُّ عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرٍو عَنْ زَيْدٍ عَنْ جَابِرٍ عَنْ اَبِی الضُّحٰی عَنْ مَسْرُوْقٍ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قَرَاَ رَجُلٌ عِنْدَ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَقَرَةَ وَاٰلَ عِمْرَانَ فَقَالَ قَرَاْتَ سُوْرَتَيْنِ فِيْهِمَا اسْمُ اللّٰهِ الْاَعْظَمُ الَّذِیْ اِذَا دُعِیَ بِهٖ اَجَابَ وَاِذَا سُئِلَ بِهٖ اَعْطٰی

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں منقول ہے کہ جو شخص حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ کے پاس سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران پڑھتا تھا تو وہ یہ فرماتے تھے تم نے ایسی دو سورتیں پڑھی ہیں جن میں اللہ تعالیٰ کا اسم اعظم موجود ہے۔ وہ اسم اعظم جس کے ذریعے دعا کی جائے تو قبول ہوتی ہے اور مانگا جائے تو مل جاتا ہے۔

**3428**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ عَنِ الْجُرَيْرِیِّ عَنْ اَبِیْ عَطَّافٍ عَنْ كَعْبٍ

قَالَ مَنْ قَرَأَ الْبَقَرَةَ وَآلَ عِمْرَانَ جَائَتَا يَوْمَ الْقِيَامَةِ تَقُوْلَانِ رَبَّنَا لَا سَبِيْلَ عَلَيْهِ

☆☆ کعب فرماتے ہیں: جوشخص سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران پڑھتا ہے یہ دونوں سورتیں قیامت کے دن آئیں گی اور یہ کہیں گی اے ہمارے پروردگار اس شخص پر گرفت کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

## بَابٌ فِيْ فَضْلِ اٰلِ عِمْرَانَ

## باب 16: سورۃ آل عمران کی فضیلت

**3429**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا اِسْرَآئِيْلُ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ سُلَيْمِ بْنِ حَنْظَلَةَ الْبَكْرِيِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْعُوْدٍ مَّنْ قَرَاَ اٰلَ عِمْرَانَ فَهُوَ غَنِيٌّ وَّالنِّسَآءُ مُحَبِّرَةٌ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مُحَبِّرَةٌ مُّزَيِّنَةٌ

☆☆ حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص سورۃ آل عمران پڑھتا ہے وہ خوشحال آدمی ہے (اور جو خواتین پڑھتی ہیں وہ) زینت والی خواتین ہیں۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: محبّرہ کا مطلب ''آراستہ'' ہے۔

**3430**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنِ ابْنِ لَهِيعَةَ عَنْ يَزِيْدَ بْنِ اَبِيْ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِي الْخَيْرِ عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ قَالَ مَنْ قَرَاَ اٰخِرَ اٰلِ عِمْرَانَ فِيْ لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهٗ قِيَامُ لَيْلَةٍ

☆☆ حضرت عثمان غنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جوشخص رات کے وقت سورۃ آل عمران کا آخری حصہ پڑھتا ہے اس کے لیے رات بھر نوافل کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

**3431**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ عَنْ مَكْحُوْلٍ قَالَ مَنْ قَرَاَ سُوْرَةَ اٰلِ عِمْرَانَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ صَلَّتْ عَلَيْهِ الْمَلَائِكَةُ اِلَى اللَّيْلِ

☆☆ مکحول فرماتے ہیں: جوشخص جمعہ کے دن سورۃ آل عمران پڑھتا ہے فرشتے رات تک اس کے لیے دعاء رحمت کرتے رہتے ہیں۔

**3432**- حَدَّثَنَا الْقَاسِمُ بْنُ سَلَّامٍ اَبُوْ عُبَيْدٍ قَالَ حَدَّثَنِيْ عُبَيْدُ اللّٰهِ الْاَشْجَعِيُّ حَدَّثَنِيْ مِسْعَرٌ حَدَّثَنِيْ جَابِرٌ قَبْلَ اَنْ يَّقَعَ فِيْمَا وَقَعَ فِيْهِ عَنِ الشَّعْبِيِّ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ نِعْمَ كَنْزُ الصُّعْلُوْكِ سُوْرَةُ اٰلِ عِمْرَانَ يَقُوْمُ بِهَا فِيْ اٰخِرِ اللَّيْلِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: غریب آدمی کے لیے سب سے بہترین خزانہ سورۃ آل عمران ہے جسے وہ رات کے آخری حصے میں پڑھتا ہے۔

**3433**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا عَبْدُ السَّلَامِ عَنِ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي السَّلِيْلِ قَالَ اَصَابَ رَجُلٌ دَمًا قَالَ فَاَوٰى اِلٰى وَادِيْ مَجَنَّةٍ وَّادٍ لَا يَمْشِيْ فِيْهِ اَحَدٌ اِلَّا اَصَابَتْهُ جَنَّةٌ وَّعَلٰى شَفِيْرِ الْوَادِيْ رَاهِبَانِ فَلَمَّا اَمْسٰى قَالَ اَحَدُهُمَا لِصَاحِبِهٖ هَلَكَ وَاللّٰهِ الرَّجُلُ قَالَ فَافْتَتَحَ سُوْرَةَ اٰلِ عِمْرَانَ قَالَا فَقَرَاَ سُوْرَةً طَيِّبَةً لَعَلَّهٗ سَيَنْجُوْ قَالَ فَاَصْبَحَ

سَلِيمًا قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَبُو السَّلِيْلِ ضُرَيْبُ بْنُ نُقَيْرٍ وَيُقَالُ ابْنُ نَفِيْرٍ

☆☆ ابو سلیل فرماتے ہیں: ایک رات ایک شخص نے قتل کر دیا وہ جنات کی وادی میں بچنے کے لیے چلا گیا یہ وہ وادی تھی جس میں جو بھی شخص جاتا تھا جن اسے چمٹ جاتے تھے۔ اس وادی کے کنارے پر دو نیک لوگ رہتے تھے جب شام کا وقت ہوا تو ان میں سے ایک نے اپنے ساتھی سے کہا اللہ کی قسم! یہ شخص ہلاکت کا شکار ہو جائے گا۔ راوی بیان کرتے ہیں: اس شخص نے سورۃ آل عمران پڑھنا شروع کر دی تو وہ دونوں نیک لوگ بولے اس شخص نے پاکیزہ سورۃ پڑھی ہے اب یہ نجات پا جائے گا۔ راوی بیان کرتے ہیں: اگلے دن صبح وہ ٹھیک حالت میں تھا۔

امام ابو محمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابو سلیل کا نام ضریب بن نقیر ہے اور بعض لوگوں نے ان کا نام ابن نفیر بیان کیا ہے۔

## بَاب فَضَائِلِ الْاَنْعَامِ وَالسُّوَرِ

## باب 17: سورۃ انعام اور دیگر سورتوں کے فضائل

**3434**- حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ هَانِئٍ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ طَهْمَانَ حَدَّثَنَا عَاصِمٌ عَنِ الْمُسَيَّبِ بْنِ رَافِعٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ السَّبْعُ الطُّوَلُ مِثْلُ التَّوْرَاةِ وَالْمِئِيْنَ مِثْلُ الْاِنْجِيلِ وَالْمَثَانِيْ مِثْلُ الزَّبُوْرِ وَسَائِرُ الْقُرْاٰنِ بَعْدُ فَضْلٌ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سات طویل سورتیں تورات کی مانند ہیں اور دو سو آیتوں والی سورتیں انجیل کی مانند ہیں اور دو مرتبہ پڑھی جانے والی سورتیں زبور کی مانند ہیں اور پورے قرآن کی فضیلت اس کے علاوہ ہے۔

**3435**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِيْ اِسْحٰقَ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَلِيْفَةَ عَنْ عُمَرَ قَالَ الْاَنْعَامُ مِنْ نَوَاجِبِ الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورت انعام قرآن کی اہم سورتوں میں سے ایک ہے۔

**3436**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ قَالَ سَمِعْتُ كَعْبًا قَالَ فَاتِحَةُ التَّوْرَاةِ الْاَنْعَامُ وَخَاتِمَتُهَا هُوْدٌ

☆☆ کعب فرماتے ہیں: تورات کا آغاز سورۃ انعام سے ہوتا ہے اور اس کا اختتام سورۃ ہود پر ہوتا ہے۔

**3437**- اَخْبَرَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا هَمَّامٌ عَنْ اَبِيْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيِّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ اقْرَءُوْا سُوْرَةَ هُوْدٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جمعہ کے دن سورۃ ہود کی تلاوت کیا کرو۔

**3438**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ حَدَّثَنَا هَمَّامٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ عِمْرَانَ الْجَوْنِيُّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ رَبَاحٍ عَنْ كَعْبٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اقْرَءُوْا سُوْرَةَ هُوْدٍ يَوْمَ الْجُمُعَةِ

☆☆ حضرت کعب رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جمعہ کے دن سورۃ ہود کی تلاوت کیا کرو۔

# بَابٌ فِيْ فَضْلِ سُوْرَةِ الْكَهْفِ

## باب 18: سورۃ کہف کی فضیلت

**3439**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ مَنْ قَرَاَ عَشْرَ اٰيَاتٍ مِّنَ الْكَهْفِ لَمْ يَخَفِ الدَّجَّالَ

☆☆ حضرت خالد بن معدان رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص سورۃ کہف کی دس آیات تلاوت کرے گا وہ دجال سے خوفزدہ نہیں ہوگا۔

**3440**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ كَثِيْرٍ عَنِ الْاَوْزَاعِيِّ عَنْ عَبْدَةَ عَنْ زِرِّ بْنِ حُبَيْشٍ قَالَ مَنْ قَرَاَ اٰخِرَ سُوْرَةِ الْكَهْفِ لِسَاعَةٍ يُّرِيْدُ يَقُوْمُ مِنَ اللَّيْلِ قَامَهَا قَالَ عَبْدَةُ فَجَرَّبْنَاهُ فَوَجَدْنَاهُ كَذٰلِكَ

☆☆ زر بن حبیش فرماتے ہیں: جو شخص سورۃ کہف کی آخری آیات اس مقصد کے لیے پڑھے گا کہ رات کے وقت جس وقت چاہے بیدار ہو جائے تو وہ اسی وقت بیدار ہو جائے گا۔

عبدہ (نامی راوی) فرماتے ہیں: ہم نے اس کا تجربہ کیا ہے اور اسے ایسا ہی پایا ہے۔

**3441**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا هُشَيْمٌ حَدَّثَنَا اَبُوْ هَاشِمٍ عَنْ اَبِيْ مِجْلَزٍ عَنْ قَيْسِ بْنِ عُبَادٍ عَنْ اَبِيْ سَعِيْدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ مَنْ قَرَاَ سُوْرَةَ الْكَهْفِ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ اَضَاءَ لَهُ مِنَ النُّوْرِ فِيْمَا بَيْنَهُ وَبَيْنَ الْبَيْتِ الْعَتِيْقِ

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص جمعہ کی رات میں سورۃ کہف کی تلاوت کرے گا یہ سورت اس کے لیے اس کے اور خانہ کعبہ کے درمیان نور بن جائے گی۔

---

حدیث **3439**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **809**

"سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دارالفکر بیروت لبنان **4323**

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان **2886**

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر **21760**

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسۃ الرسالہ بیروت لبنان **1414ھ/1993ء** **785**

"المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1990ء** **2072**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1991ء** **8025**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **5793**

حدیث **3441**: "المستدرک" امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1990ء** **3392**

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دار الکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411ھ/1991ء** **10790**

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب **1414ھ/1994ء** **5792**

"مصنف عبدالرزاق" امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی المکتب الاسلامی بیروت لبنان (طبع ثانی) **1403ھ** **6023**

## بَابٌ فِي فَضْلِ سُوْرَةِ تَنْزِيْلُ السَّجْدَةِ وَتَبَارَكَ

## باب19: سورۃ تنزیل السجدہ اور سورۃ ملک کی فضیلت

**3442**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيرَةِ حَدَّثَنَا عَبْدَةُ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ قَالَ اقْرَءُ وْا الْمُنَجِّيَةَ وَهِيَ الم تَنْزِيْلُ فَإِنَّهُ بَلَغَنِيْ اَنَّ رَجُلًا كَانَ يَقْرَؤُهَا مَا يَقْرَأُ شَيْئًا غَيْرَهَا وَكَانَ كَثِيْرَ الْخَطَايَا فَنَشَرَتْ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ وَقَالَتْ رَبِّ اغْفِرْ لَهُ فَإِنَّهُ كَانَ يُكْثِرُ قِرَائَتِيْ فَشَفَّعَهَا الرَّبُّ فِيْهِ وَقَالَ اكْتُبُوْا لَهُ بِكُلِّ خَطِيْئَةٍ حَسَنَةً وَّارْفَعُوْا لَهُ دَرَجَةً

☆☆ خالد بن معدان فرماتے ہیں: نجات دینے والی سورتوں کو پڑھو وہ سورۃ سجدہ ہے کیونکہ مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ ایک شخص جو یہ سورت پڑھتا تھا وہ اس کے علاوہ اور کوئی سورت نہیں پڑھتا تھا وہ بہت گناہگار تھا اس سورت نے اس شخص پر اپنے پر پھیلا دیئے تھے اور یہ کہا تھا اے میرے پروردگار! اس شخص کو بخش دے کیونکہ یہ میری بکثرت قرأت کرتا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس شخص کے بارے میں اس سورت کی شفاعت قبول کیا اور فرمایا اس شخص کے ہر گناہ کے عوض میں ایک نیکی لکھ دو اور اس کا ایک درجہ بلند کردو۔

**3443**- حَدَّثَنَا عَفَّانُ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ اَخْبَرَنَا اَبُو الزُّبَيْرِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ضَمْرَةَ عَنْ كَعْبٍ قَالَ مَنْ قَرَأَ الم تَنْزِيْلُ السَّجْدَةَ وَ تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ كُتِبَ لَهُ سَبْعُوْنَ حَسَنَةً وَّحُطَّ عَنْهُ بِهَا سَبْعُوْنَ سَيِّئَةً وَّرُفِعَ لَهُ بِهَا سَبْعُوْنَ دَرَجَةً

☆☆ کعب فرماتے ہیں: جو شخص سورۃ سجدہ اور سورۃ ملک پڑھے گا اس کے لیے ستر نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس کے ستر گناہ ان سورتوں کے پڑھنے سے مٹا دیئے جائیں گے اور ان کی وجہ سے ان کے ستر درجات بلند ہوں گے۔

**3444**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ حَدَّثَنِيْ مُعَاوِيَةُ بْنُ صَالِحٍ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا خَالِدٍ عَامِرَ بْنَ جَشِيْبٍ وَّبَحِيْرَ بْنَ سَعْدٍ يُحَدِّثَانِ اَنَّ خَالِدَ بْنَ مَعْدَانَ قَالَ اِنَّ الم تَنْزِيْلُ تُجَادِلُ عَنْ صَاحِبِهَا فِي الْقَبْرِ تَقُوْلُ اللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتُ مِنْ كِتَابِكَ فَشَفِّعْنِيْ فِيْهِ وَاِنْ لَّمْ اَكُنْ مِنْ كِتَابِكَ فَامْحُنِيْ عَنْهُ وَاِنَّهَا تَكُوْنُ كَالطَّيْرِ تَجْعَلُ جَنَاحَهَا عَلَيْهِ فَتَشْفَعُ لَهُ فَتَمْنَعُهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَفِيْ تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ مِثْلَهُ فَكَانَ خَالِدٌ لَّا يَبِيْتُ حَتّٰى يَقْرَأَ بِهِمَا

☆☆ خالد بن معدان فرماتے ہیں: بے شک سورۃ سجدہ اپنے پڑھنے والے کی طرف سے قبر میں بحث کرے گی اور یہ کہے گی اے اللہ! اگر میں تیری کتاب کا حصہ ہوں تو اس شخص کے بارے میں میری شفاعت قبول کر اور اگر میں تیری کتاب کا حصہ نہیں ہوں تو اس شخص کے ذریعے مجھے مٹا دے۔ یہ سورۃ ایک پرندے کی مانند ہو گی جو اپنے ''پر'' اس شخص پر کر دے گا اور اس کے لیے شفاعت کرے گی اور اسے قبر کے عذاب سے بچائے گی۔

خالد بن معدان نے سورۃ ملک کے بارے میں بھی یہی روایت بیان کی ہے۔

(راوی بیان کرتے ہیں) خالد بن معدان روزانہ رات کے وقت یہ دونوں سورتیں پڑھا کرتے تھے۔

**3445**- اَخْبَرَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا سُفْيَانُ عَنْ لَيْثٍ عَنْ اَبِي الزُّبَيْرِ عَنْ جَابِرٍ قَالَ كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَا يَنَامُ حَتّٰى يَقْرَأَ تَنْزِيْلُ السَّجْدَةَ وَتَبَارَكَ

☆☆ حضرت جابر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم رات کو سوتے وقت سورۃ سجدہ اور سورۃ ملک پڑھا کرتے تھے۔

**3446**- حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ طَاوُسٍ قَالَ فُضِّلَتَا عَلَى كُلِّ سُورَةٍ فِي الْقُرْآنِ بِسِتِّينَ حَسَنَةً

☆☆ طاؤس بیان کرتے ہیں ان دونوں سورتوں کو قرآن کی دیگر سورتوں پر ساٹھ بھلائیوں کے حوالے سے فضیلت عطا کی گئی ہے۔

**3447**- اَخْبَرَنَا حَجَّاجُ بْنُ مِنْهَالٍ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ حَدَّثَنِي عَمْرُو بْنُ مُرَّةَ قَالَ سَمِعْتُ مُرَّةَ يَقُولُ اُتِيَ رَجُلٌ فِي قَبْرِهِ فَاُتِيَ جَانِبُ قَبْرِهِ فَجَعَلَتْ سُورَةٌ مِنَ الْقُرْآنِ ثَلَاثُونَ آيَةً تُجَادِلُ عَنْهُ حَتَّى قَالَ فَنَظَرْنَا اَنَا وَمَسْرُوقٌ فَلَمْ نَجِدْ فِي الْقُرْآنِ سُورَةً ثَلَاثِينَ آيَةً اِلَّا تَبَارَكَ

☆☆ مرہ فرماتے ہیں: ایک شخص کو قبر میں لایا گیا تو قبر کی ایک جانب سے کوئی آیا تو قرآن کی ایک سورۃ جس کی تیس آیتیں ہیں اس شخص کی جانب سے مقابلہ کرنے لگی۔ راوی کہتے ہیں میں نے اور مسروق نے قرآن کا جائزہ لیا تو ہمیں صرف سورۃ ملک ہی ملی جس کی تیس آیتیں ہیں۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ سُورَةِ طٰهٰ وَ يٰسٓ

## باب 20: سورۃ طٰہٰ اور سورۃ یٰسین کی فضیلت

**3448**- حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُهَاجِرِ بْنِ الْمِسْمَارِ عَنْ عُمَرَ بْنِ حَفْصِ بْنِ ذَكْوَانَ عَنْ مَوْلَى الْحُرَقَةِ عَنْ اَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ اللّٰهَ تَبَارَكَ وَتَعَالَى قَرَاَ طٰهٰ وَ يٰسٓ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَ السَّمٰوَاتِ وَالْاَرْضَ بِاَلْفِ عَامٍ فَلَمَّا سَمِعَتِ الْمَلَائِكَةُ الْقُرْآنَ قَالَتْ طُوبٰى لِاُمَّةٍ يَنْزِلُ هٰذَا عَلَيْهَا وَطُوبٰى لِاَجْوَافٍ تَحْمِلُ هٰذَا وَطُوبٰى لِاَلْسِنَةٍ تَتَكَلَّمُ بِهٰذَا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: بے شک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے سے ایک ہزار سال پہلے سورۃ طٰہٰ اور سورۃ یٰسین کو پڑھا تھا جب فرشتوں نے قرآن سنا تو یہ کہا وہ امت کتنی خوش قسمت ہے جس پر یہ نازل ہوں گی اور وہ ذہن کتنے خوش قسمت ہیں جن میں یہ سمائیں گی اور وہ زبانیں کتنی خوش قسمت ہیں جو انہیں پڑھیں گی۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ يٰسٓ

## باب 21: سورۃ یٰسین کی فضیلت

**3449**- حَدَّثَنَا اَبُو الْوَلِيدِ مُوسَى بْنُ خَالِدٍ حَدَّثَنَا مُعْتَمِرٌ عَنْ اَبِيهِ قَالَ بَلَغَنِي عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَنْ قَرَاَ يٰسٓ

حدیث **3445**: "جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 3404

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر 14700

"ادب مفرد" امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی دار البشائر الاسلامیہ بیروت لبنان 1409ھ/1989ء 1209

فِیْ لَیْلَةٍ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ اَوْ مَرْضَاةِ اللّٰهِ غُفِرَ لَهٗ وَقَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّهَا تَعْدِلُ الْقُرْاٰنَ كُلَّهٗ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: جو شخص رات کے وقت اللہ کی رضامندی کے حصول کے لیے سورۂ یٰسین پڑھے گا اس کی بخشش ہو جائے گی۔

وہ یہ بھی بیان کرتے ہیں مجھے یہ پتہ چلا ہے کہ یہ پورے قرآن کے برابر ہے۔

**3450**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيْدٍ حَدَّثَنَا حُمَيْدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنِ الْحَسَنِ بْنِ صَالِحٍ عَنْ هَارُوْنَ اَبِیْ مُحَمَّدٍ عَنْ مُقَاتِلِ ابْنِ حَيَّانَ عَنْ قَتَادَةَ عَنْ اَنَسٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِنَّ لِكُلِّ شَیْءٍ قَلْبًا وَّاِنَّ قَلْبَ الْقُرْاٰنِ يٰسٓ مَنْ قَرَاَهَا فَكَاَنَّمَا قَرَاَ الْقُرْاٰنَ عَشْرَ مِرَارٍ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: ہر چیز کا دل ہوتا ہے قرآن کا دل یٰسین ہے جو شخص اسے پڑھے گا گویا اس نے دس مرتبہ قرآن کو پڑھا۔

**3451**- حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنِیْ زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ عَنِ الْحَسَنِ عَنْ اَبِیْ هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ يٰسٓ فِیْ لَيْلَةٍ ابْتِغَاءَ وَجْهِ اللّٰهِ غُفِرَ لَهٗ فِیْ تِلْكَ اللَّيْلَةِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جو شخص اللہ تعالیٰ کی رضا کے حصول کے لیے رات کے وقت سورۂ یٰسین پڑھے گا۔ اسی رات اس کی مغفرت کر دی جائے گی۔

**3452**- حَدَّثَنَا الْوَلِيْدُ بْنُ شُجَاعٍ حَدَّثَنِیْ اَبِیْ حَدَّثَنِیْ زِيَادُ بْنُ خَيْثَمَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ جُحَادَةَ عَنْ عَطَاءِ بْنِ اَبِیْ رَبَاحٍ قَالَ بَلَغَنِیْ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ يٰسٓ فِیْ صَدْرِ النَّهَارِ قُضِيَتْ حَوَائِجُهٗ

☆☆ عطاء بن ابی رباح بیان کرتے ہیں' مجھے یہ پتہ چلا ہے' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ارشاد فرمایا: جو شخص دن کے آغاز میں سورۂ یٰسین پڑھ لے گا' اس کی (اس دن کی) تمام ضروریات پوری کر دی جائیں گی۔

**3453**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ زُرَارَةَ حَدَّثَنَا عَبْدُ الْوَهَّابِ حَدَّثَنَا رَاشِدٌ اَبُوْ مُحَمَّدٍ الْحِمَّانِیُّ عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ قَالَ قَالَ ابْنُ عَبَّاسٍ مَّنْ قَرَاَ يٰسٓ حِيْنَ يُصْبِحُ اُعْطِیَ يُسْرَ يَوْمِهٖ حَتّٰى يُمْسِیَ وَمَنْ قَرَاَهَا فِیْ صَدْرِ لَيْلَةٍ اُعْطِیَ يُسْرَ لَيْلَتِهٖ حَتّٰى يُصْبِحَ

☆☆ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص صبح کے وقت سورۂ یٰسین پڑھ لے گا تو دن بھر' شام تک اسے آسانی نصیب رہے گی اور جو شخص رات کے آغاز میں اسے پڑھ لے گا اسے رات بھر' صبح تک آسانی نصیب رہے گی۔

حدیث **3450**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2887**

''مصنف عبدالرزاق'' امام ابوبکر عبدالرزاق بن ہمام صنعانی' المکتب الاسلامی' بیروت' لبنان' (طبع ثانی) **1403**ھ **6006**

حدیث **3451**: ''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسۃ الرسالہ' بیروت' لبنان **1414**ھ/**1993**ء **2574**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی' دارالمعرفۃ' بیروت' لبنان **2467**

## بَابٌ فِي فَضْلِ حٰمٓ الدُّخَانِ وَالْحَوَامِيمِ وَالْمُسَبِّحَاتِ

## باب 22: سورۃ دخان، حم سے شروع ہونے والی اور سبح سے شروع ہونے والی سورتوں کی فضیلت

**3454**- حَدَّثَنَا يَعْلَى حَدَّثَنَا إِسْمَعِيلُ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِيسَى قَالَ أُخْبِرْتُ أَنَّهُ مَنْ قَرَأَ حم الدُّخَانَ لَيْلَةَ الْجُمُعَةِ إِيمَانًا وَتَصْدِيقًا بِهَا أَصْبَحَ مَغْفُورًا لَهُ

☆☆ عبداللہ بن عیسیٰ بیان کرتے ہیں: مجھے یہ بتایا گیا ہے کہ جو شخص سورۃ دخان جمعہ کی رات ایمان اور تصدیق کے ہمراہ پڑھے گا اس کی بخشش ہو جائے گی۔

**3455**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ حَدَّثَنَا صَدَقَةُ بْنُ خَالِدٍ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ عَنْ أَبِي رَافِعٍ قَالَ مَنْ قَرَأَ الدُّخَانَ فِي لَيْلَةِ الْجُمُعَةِ أَصْبَحَ مَغْفُورًا لَهُ وَزُوِّجَ مِنَ الْحُورِ الْعِينِ

☆☆ ابورافع بیان کرتے ہیں: جو شخص جمعہ کی رات سورۃ دخان پڑھے گا اس کی بخشش ہو جائے گی اور حور عین سے اس کی شادی ہوگی۔

**3456**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنْ مِسْعَرٍ عَنْ سَعْدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ قَالَ كُنَّ الْحَوَامِيمُ يُسَمَّيْنَ الْعَرَائِسَ

☆☆ سعد بن ابراہیم فرماتے ہیں: حم سے شروع ہونے والی سورتیں پڑھو کیونکہ ان کا نام دولہن رکھا گیا ہے۔

**3457**- حَدَّثَنَا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ عَنْ هِشَامٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ مَنْ قَرَأَ ثَلَاثَ آيَاتٍ مِنْ آخِرِ سُورَةِ الْحَشْرِ إِذَا أَصْبَحَ فَمَاتَ مِنْ يَوْمِهِ ذٰلِكَ طُبِعَ بِطَابَعِ الشُّهَدَاءِ وَإِنْ قَرَأَ إِذَا أَمْسَى فَمَاتَ مِنْ لَيْلَتِهِ طُبِعَ بِطَابَعِ الشُّهَدَاءِ

☆☆ حسن بیان کرتے ہیں: جو شخص صبح کے وقت سورۃ حشر کی تین آیات پڑھ لے گا اگر وہ اس دن میں فوت ہوا تو اسے شہادت کی موت نصیب ہوگی اور جو شخص شام کے وقت انہیں پڑھے گا اگر وہ اس رات میں فوت ہو جائے تو اسے شہادت کی موت نصیب ہوگی۔

**3458**- حَدَّثَنَا إِسْحٰقُ بْنُ عِيسَى عَنْ مَعْنٍ عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ صَالِحٍ عَنْ بَحِيرِ بْنِ سَعْدٍ عَنْ خَالِدِ بْنِ مَعْدَانَ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَنَّهُ كَانَ يَقْرَأُ الْمُسَبِّحَاتِ عِنْدَ النَّوْمِ وَيَقُولُ إِنَّ فِيهِنَّ آيَةً تَعْدِلُ أَلْفَ آيَةٍ

☆☆ خالد بن معدان نبی اکرم ﷺ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں: آپ سوتے وقت "سَبَّحَ" سے شروع ہونے والی آیات پڑھا کرتے تھے اور یہ فرماتے تھے ان میں سے ایک آیت ایسی ہے جو ایک ہزار آیتوں کے برابر ہے۔

**3459**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْفَرَجِ الْبَغْدَادِيُّ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ حَدَّثَنَا خَالِدُ بْنُ طَهْمَانَ

---

حدیث **3458**: "سنن ابی داؤد" امام ابوداؤد سلیمان بن اشعث سجستانی دارالفکر بیروت لبنان — 5057

"جامع ترمذی" امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورۃ ترمذی دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان — 2921

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — 17200

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان 1411ھ/1991ء — 8026

"آحاد و مثانی" امام ابوبکر احمد بن عمرو بن ضحاک شیبانی دارالرایۃ ریاض سعودی عرب 1411ھ/1991ء — 1335

اَبُو الْعَلَاءِ الْخَفَّافُ حَدَّثَنِي نَافِعُ بْنُ اَبِي نَافِعٍ عَنْ مَعْقِلِ بْنِ يَسَارٍ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَالَ حِيْنَ يُصْبِحُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ وَثَلَاثَ اٰيَاتٍ مِّنْ اٰخِرِ سُوْرَةِ الْحَشْرِ وَكَّلَ اللّٰهُ بِهٖ سَبْعِيْنَ اَلْفَ مَلَكٍ يُصَلُّوْنَ عَلَيْهِ حَتّٰى يُمْسِيَ وَاِنْ قَالَهَا مَسَاءً فَمِثْلُ ذٰلِكَ حَتّٰى يُصْبِحَ

☆☆ حضرت معقل بن یسار نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص صبح کے وقت یہ پڑھے اعوذ باللہ السمیع العلیم من الشیطان الرجیم اور پھر سورت حشر کی آخری تین آیتیں پڑھے تو اللہ تعالیٰ اس شخص کے لیے ستر ہزار فرشتے مقرر کر دیتا ہے جو شام تک اس کے لیے دعائے رحمت کرتے رہتے ہیں اور اگر کوئی شخص شام کے وقت انہیں پڑھے تو صبح تک ایسا ہوتا رہتا ہے۔

## بَابٌ فِي فَضْلِ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ

## باب 23: سورۃ کافرون کی فضیلت

**3460**- حَدَّثَنَا اَبُوْ زَيْدٍ سَعِيْدُ بْنُ الرَّبِيْعِ حَدَّثَنَا شُعْبَةُ عَنْ اَبِي الْحَسَنِ مُهَاجِرٍ قَالَ جَاءَ رَجُلٌ زَمَنَ زِيَادٍ اِلَى الْكُوْفَةِ فَسَمِعْتُهُ يُحَدِّثُ اَنَّهُ كَانَ مَعَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي مَسِيْرٍ لَهُ قَالَ وَرُكْبَتِي تُصِيْبُ اَوْ تَمَسُّ رُكْبَتَهُ فَسَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ قَالَ بَرِئَ مِنَ الشِّرْكِ وَسَمِعَ رَجُلًا يَقْرَاُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قَالَ غُفِرَ لَهُ

☆☆ ابوحسن مہاجر فرماتے ہیں: زیاد کے عہد حکومت میں ایک شخص کوفہ آیا۔ میں نے اسے یہ حدیث بیان کرتے ہوئے سنا ایک مرتبہ وہ نبی اکرم ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا اس نے یہ بتایا میرے گھٹنے نبی اکرم ﷺ کے گھٹنوں کو چھو رہے تھے۔ آپ نے ایک شخص کو سورۃ کافرون پڑھتے ہوئے سنا تو آپ نے فرمایا: یہ شخص شرک سے بری ہو گیا پھر آپ نے ایک شخص کو سورۃ اخلاص پڑھتے ہوئے سنا تو فرمایا اس شخص کی بخشش ہو گئی۔

**3461**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا زُهَيْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ فَرْوَةَ بْنِ نَوْفَلٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَجِيْءٌ مَا جَاءَ بِكَ قَالَ جِئْتُ لِتُعَلِّمَنِي شَيْئًا اَقُوْلُهُ عِنْدَ مَنَامِي قَالَ فَاِذَا اَخَذْتَ مَضْجَعَكَ فَاقْرَاْ قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ ثُمَّ نَمْ عَلٰى خَاتِمَتِهَا فَاِنَّهَا بَرَاءَةٌ مِّنَ الشِّرْكِ

☆☆ فروہ بن نوفل اپنے والد کا یہ بیان نقل کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: تم کیوں آئے ہو انہوں نے جواب دیا

---

حدیث **3459**: ''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **2922**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **20321**

حدیث **3460**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر **16668**

حدیث **3461**: ''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری' داراحیاء التراث العربی' بیروت' لبنان **5055**

''المستدرک'' امام ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ حاکم نیشاپوری' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1990ء** **3886**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دارالکتب العلمیہ' بیروت' لبنان **1411ھ/1991ء** **101636**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی' دارالمامون للتراث' دمشق' شام **1404ھ-1984ء** **1596**

''مصنف ابن ابی شیبہ'' ابوبکر عبداللہ بن محمد بن ابوشیبہ کوفی' مکتبہ الرشد' ریاض' سعودی عرب' (طبع اول) **1409ھ** **29526**

میں اس لیے حاضر ہوا ہوں تا کہ آپ مجھے کسی ایسی چیز کی تعلیم دیں جسے میں سوتے وقت پڑھ لیا کروں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: جب تم بستر پر جاؤ تو سورۃ کافرون پڑھ لیا کرو اور اسے پڑھ کر سویا کرو یہ شرک سے بری ہونا ہے (یعنی اس کا اعتراف ہے)۔

# بَابٌ فِیْ فَضْلِ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

# باب 24: سورۃ اخلاص کی فضیلت

**3462**- حَدَّثَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ حَدَّثَنَا صَفْوَانُ حَدَّثَنَا اِيَاسُ الْبَكَالِيُّ عَنْ نَوْفٍ الْبَكَالِيِّ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَزَّاَ الْقُرْاٰنَ عَلٰى ثَلَاثَةِ اَجْزَاءٍ فَجَعَلَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ

☆☆ نوف البکالی بیان کرتے ہیں: اللہ تعالیٰ نے قرآن مجید کو تین حصوں میں تقسیم کیا ہے اور سورۃ اخلاص کو تہائی قرآن کے برابر قرار دیا ہے۔

**3463**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ قَالَ اَخْبَرَنِیْ اَبُوْ عَقِيْلٍ اَنَّهُ سَمِعَ سَعِيْدَ بْنَ الْمُسَيَّبِ يَقُوْلُ اِنَّ نَبِیَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ عَشْرَ مَرَّاتٍ بُنِیَ لَهُ بِهَا قَصْرٌ فِی الْجَنَّةِ وَمَنْ قَرَاَ عِشْرِيْنَ مَرَّةً بُنِیَ لَهُ بِهَا قَصْرَانِ فِی الْجَنَّةِ وَمَنْ قَرَاَهَا ثَلَاثِيْنَ مَرَّةً بُنِیَ لَهُ بِهَا ثَلَاثَةُ قُصُوْرٍ فِی الْجَنَّةِ فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اِذَنْ لَنُكْثِرَنَّ قُصُوْرَنَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللّٰهُ اَوْسَعُ مِنْ ذٰلِكَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ اَبُوْ عَقِيْلٍ زُهْرَةُ بْنُ مَعْبَدٍ وَزَعَمُوْا اَنَّهُ كَانَ مِنَ الْاَبْدَالِ

☆☆ سعید بن مسیب فرماتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص دس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھے گا اس کے لیے جنت میں ایک محل بنا دیا جائے گا اور جو شخص بیس مرتبہ اسے پڑھے گا اس کے لیے جنت میں دو محل بنا دیے جائیں گے۔ اور جو شخص تیس مرتبہ اسے پڑھے گا اس کے لیے جنت میں تین محل بنا دیے جائیں گے۔ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی اللہ کی قسم! یارسول اللہ! اس طرح تو ہم بہت سے محل بنالیں گے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: اللہ کی رحمت اس سے زیادہ وسیع ہے۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: ابوعقیل نامی راوی کا نام زہرہ بن معبد ہے۔ لوگوں نے یہ بات بیان کی ہے کہ یہ صاحب "ابدال" کے طبقے سے تعلق رکھتے تھے۔

**3464**- اَخْبَرَنَا اَبُو الْمُغِيْرَةِ عَنْ عُتْبَةَ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ حَبِيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ اَنَّهُ كَانَ اِذَا قَرَاَ سُوْرَةً فَخَتَمَهَا اَتْبَعَهَا قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ

☆☆ عتبہ بن ضمرہ اپنے والد کے بارے میں یہ بیان کرتے ہیں، جب وہ کوئی سورت پڑھتے تھے تو اس سورت کو ختم کرنے کے بعد اس کے ساتھ سورۃ اخلاص بھی پڑھا کرتے تھے۔

**3465**- حَدَّثَنَا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ اَبَانَ بْنِ يَزِيْدَ الْعَطَّارِ حَدَّثَنَا قَتَادَةُ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِی الْجَعْدِ عَنْ مَعْدَانَ بْنِ اَبِیْ طَلْحَةَ عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَقْرَاَ فِیْ لَيْلَةٍ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ قَالُوْا نَحْنُ اَعْجَزُ وَاَضْعَفُ مِنْ ذٰلِكَ فَقَالَ اِنَّ اللّٰهَ جَزَّاَ الْقُرْاٰنَ ثَلَاثَةَ اَجْزَاءٍ فَجَعَلَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ثُلُثَ

الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں: نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا ہے: کیا کوئی شخص اس بات سے عاجز ہے کہ رات کے وقت ایک تہائی قرآن پڑھےلوگوں نے عرض کی ہم ایسا نہیں کرسکتے۔ ہمارے اندراتنی صلاحیت نہیں ہے۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: بے شک اللہ تعالیٰ نے قرآن کوتین حصوں میں تقسیم کیا ہےاورسورۃ اخلاص کوتہائی قرآن قراردیا ہے۔

**3466**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ عَنْ اِبْرَاهِيْمَ بْنِ اِسْمٰعِيْلَ بْنِ مُجَمِّعٍ قَالَ اَخْبَرَنِیْ ابْنُ شِهَابٍ اَنَّ حُمَيْدَ بْنَ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ حَدَّثَهٗ اَنَّ اَبَا هُرَيْرَةَ كَانَ يَقُوْلُ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورۃ اخلاص تہائی قرآن کے برابر ہے۔

**3467**- اَخْبَرَنَا الْمُعَلّٰى بْنُ اَسَدٍ عَنْ سَلَّامِ بْنِ اَبِیْ مُطِيْعٍ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ تَعْدِلُ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: سورۃ اخلاص ایک تہائی قرآن کے برابر ہے۔

**3468**- حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ عَاصِمٍ عَنْ حَمَّادِ بْنِ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ زِرٍّ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ مِثْلَهٗ

☆☆ یہی روایت ایک اورسند کے ہمراہ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے منقول ہے۔

**3469**- حَدَّثَنَا يَزِيْدُ بْنُ هَارُوْنَ اَخْبَرَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ حَدَّثَنَا ثَابِتٌ عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَجُلًا قَالَ وَاللّٰهِ اِنِّیْ لَاُحِبُّ هٰذِهِ السُّوْرَةَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حُبُّكَ اِيَّاهَا اَدْخَلَكَ الْجَنَّةَ

☆☆ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک شخص نے کہا اللہ کی قسم میں اس سورت (سورۃ اخلاص) سے محبت رکھتا ہوں تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشادفرمایا: تمہاری اس سے محبت ہی تمہیں جنت میں لے جائے گی۔

---

حدیث **3465**: ''صحیح بخاری'' امام ابوعبداللہ محمد بن اسماعیل بخاری جعفی (طبع ثالث) دارابن کثیر یمامہ بیروت لبنان **1407**ھ **1987**ء — **4727**

''صحیح مسلم'' امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان — **811**

''جامع ترمذی'' امام ابوعیسیٰ محمد بن عیسیٰ بن سورہ ترمذی داراحیاء التراث العربی بیروت لبنان — **2896**

''سنن نسائی'' امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی مکتب المطبوعات الاسلامیہ حلب شام **1406**ھ **1986**ء — **996**

''سنن ابن ماجہ'' امام ابوعبداللہ محمد بن یزید بن ماجہ القزوینی دارالفکر بیروت لبنان — **3788**

''موطا امام مالک'' امام ابوعبداللہ مالک بن انس الاصبحی المدنی: داراحیاء التراث العربی (تحقیق فوادعبدالباقی) — **487**

''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **11068**

''صحیح ابن حبان'' امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی موسسہ الرسالہ بیروت لبنان **1414**ھ/**1993**ء — **2576**

''سنن نسائی کبریٰ'' امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی دارالکتب العلمیہ بیروت لبنان **1411**ھ/**1991**ء — **10511**

''مسند ابویعلیٰ'' امام ابویعلیٰ احمد بن علی بن مثنیٰ موصلی تمیمی دارالمامون للتراث دمشق شام **1404**ھ-**1984**ء — **1017**

''مسند طیالسی'' امام ابوداؤد سلیمان بن داؤد بصری طیالسی دارالمعرفۃ بیروت لبنان — **974**

حدیث **3469**: ''مسند احمد'' امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر — **12455**

**3470**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مَسْلَمَةَ حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُسْلِمٍ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ شِهَابٍ عَنْ حُمَيْدِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ اُمِّهِ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سُئِلَ عَنْ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ فَقَالَ ثُلُثُ الْقُرْاٰنِ اَوْ تَعْدِلُهُ

☆☆ حمید بن عبدالرحمٰن اپنی والدہ کے حوالے سے یہ بات نقل کرتے ہیں' نبی اکرم ﷺ سے سورۃ اخلاص کے بارے میں سوال کیا گیا تو آپ نے فرمایا: یہ تہائی قرآن ہے (یا شاید یہ ارشاد فرمایا) اس کے برابر ہے۔

**3471**- حَدَّثَنَا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوْسٰى عَنْ اِسْرَآئِيْلَ عَنْ مَنْصُوْرٍ عَنْ هِلَالٍ عَنِ الرَّبِيْعِ بْنِ خُثَيْمٍ عَنْ عَمْرِو بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ بْنِ اَبِىْ لَيْلٰى عَنِ امْرَاَةٍ مِّنَ الْاَنْصَارِ عَنْ اَبِىْ اَيُّوْبَ قَالَ اَتَاهَا فَقَالَ اَلَا تَرَيْنَ اِلٰى مَا جَآءَ بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَتْ رُبَّ خَيْرٍ قَدْ اَتَانَا بِهٖ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَمَا هُوَ قَالَ قَالَ لَنَا اَيَعْجِزُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّقْرَاَ ثُلُثَ الْقُرْاٰنِ فِىْ لَيْلَةٍ قَالَ فَاَشْفَقْنَا اَنْ يُّرِيْدَنَا عَلٰى اَمْرٍ نَعْجِزُ عَنْهُ فَلَمْ نَرْجِعْ اِلَيْهِ شَيْئًا حَتّٰى قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ ثُمَّ قَالَ اَمَا يَسْتَطِيْعُ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّقْرَاَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ

☆☆ عبدالرحمٰن بن ابولیلیٰ ایک انصاری خاتون کے بارے میں نقل کرتے ہیں: حضرت ابوایوب ان کے پاس آئے اور بولے نبی اکرم ﷺ جو چیز لے کر آئے ہیں اس کے بارے میں آپ کی کیا رائے ہے اس خاتون نے جواب دیا نبی اکرم ﷺ اپنے ساتھ ہمارے پاس بہت سی بھلائی لے کر آئے ہیں۔ وہ کیا ہے؟ حضرت ابوایوب نے بتایا کہ نبی اکرم ﷺ نے ہم سے یہ کہا کیا تم میں سے کوئی شخص رات کے وقت تہائی قرآن نہیں پڑھ سکتا۔ راوی بیان کرتے ہیں: ہمیں یہ معاملہ مشکل محسوس ہوا کہ ہم یہ نہیں کرسکیں گے۔ ہم نے آپ کو کوئی جواب نہیں دیا۔ نبی اکرم ﷺ نے یہ بات تین مرتبہ دہرائی اور پھر ارشاد فرمایا: کیا کوئی شخص سورۃ اخلاص نہیں پڑھ سکتا۔

**3472**- حَدَّثَنَا نَصْرُ بْنُ عَلِيٍّ عَنْ نُوْحِ بْنِ قَيْسٍ عَنْ مُحَمَّدٍ الْعَطَّارِ عَنْ اُمِّ كَثِيْرٍ الْاَنْصَارِيَّةِ عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ قَرَاَ قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ خَمْسِيْنَ مَرَّةً غَفَرَ اللّٰهُ لَهٗ ذُنُوْبَ خَمْسِيْنَ سَنَةً

☆☆ حضرت انس بن مالک روایت کرتے ہیں: نبی اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے: جو شخص پچاس مرتبہ سورۃ اخلاص پڑھتا ہے اللہ تعالیٰ اس کے پچاس برس کے گناہ بخش دیتا ہے۔

## بَابٌ فِىْ فَضْلِ الْمُعَوِّذَتَيْنِ

## باب 25: معوذتین کی فضیلت

**3473**- حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ يَزِيْدَ حَدَّثَنَا حَيْوَةُ وَابْنُ لَهِيْعَةَ قَالَا سَمِعْنَا يَزِيْدَ بْنَ اَبِىْ حَبِيْبٍ يَقُوْلُ حَدَّثَنِىْ اَبُوْ

حدیث 3473: "مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی' موسسہ قرطبہ' قاہرہ' مصر — 17454

"سنن نسائی کبریٰ" امام ابوعبدالرحمان احمد بن شعیب نسائی' دار الکتب العلمیہ' بیروت' لبنان 1411ھ/1991ء — 7840

"صحیح ابن حبان" امام ابوحاتم محمد بن حبان تمیمی بستی' موسسہ الرسالہ' بیروت' لبنان 1414ھ/1993ء — 1842

"سنن نسائی" امام ابوعبدالرحمٰن احمد بن شعیب نسائی' مکتب المطبوعات الاسلامیہ' حلب' شام 1406ھ/1986ء — 953

عمران اَنَّہُ سَمِعَ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ يَقُوْلُ تَعَلَّقْتُ بِقَدَمِ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقُلْتُ لَهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَقْرِئْنِىْ سُوْرَةَ هُوْدٍ وَسُوْرَةَ يُوْسُفَ فَقَالَ لِىْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا عُقْبَةُ اِنَّكَ لَنْ تَقْرَاَ مِنَ الْقُرْاٰنِ سُوْرَةً اَحَبَّ اِلَى اللّٰهِ وَلَا اَبْلَغَ عِنْدَهُ مِنْ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ قَالَ يَزِيْدُ فَلَمْ يَكُنْ اَبُوْ عِمْرَانَ يَدَعُهَا كَانَ لَا يَزَالُ يَقْرَؤُهَا فِىْ صَلٰوةِ الْمَغْرِبِ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے قدموں کے ساتھ چمٹ گیا اور عرض کی یا رسول اللہ! آپ مجھے سورۃ ہود اور سورۃ یوسف پڑھا دیں۔ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھ سے فرمایا: اے عقبہ تم قرآن کی کوئی ایسی سورت نہیں پڑھو گے جو اللہ تعالیٰ کے نزدیک سورۃ الفلق سے زیادہ محبوب اور پسندیدہ ہو۔

یزید بیان کرتے ہیں: ابوعمران اس سورت کو کبھی ترک نہیں کرتے تھے اور ہمیشہ مغرب کی نماز میں اسے پڑھا کرتے تھے۔

**3474**- حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ حَدَّثَنَا لَيْثٌ عَنِ ابْنِ عَجْلَانَ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ اَبِىْ سَعِيْدٍ الْمَقْبُرِىِّ اَنَّ عُقْبَةَ بْنَ عَامِرٍ قَالَ مَشَيْتُ مَعَ النَّبِىِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لِىْ قُلْ يَا عُقْبَةُ فَقُلْتُ اَىَّ شَىْءٍ اَقُوْلُ قَالَ فَسَكَتَ عَنِّىْ ثُمَّ قَالَ يَا عُقْبَةُ قُلْ فَقُلْتُ اَىَّ شَىْءٍ اَقُوْلُ قَالَ قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ فَقَرَاْتُهَا حَتّٰى جِئْتُ عَلٰى اٰخِرِهَا فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عِنْدَ ذٰلِكَ مَا سَاَلَ سَائِلٌ وَّلَا اسْتَعَاذَ مُسْتَعِيْذٌ بِمِثْلِهَا

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں: ایک مرتبہ میں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ چل رہا تھا آپ نے مجھ سے فرمایا: اے عقبہ پڑھو میں نے عرض کی میں کیا پڑھوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم خاموش رہے پھر آپ نے ارشاد فرمایا: اے عقبہ پڑھو میں نے عرض کی میں کیا پڑھوں نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: (تم یہ پڑھو) قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ میں نے یہ پڑھا اور اس پوری سورت کو پڑھا تو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت ارشاد فرمایا اس کی مانند کوئی شخص کچھ نہیں مانگتا اور کوئی پناہ مانگنے والا کوئی پناہ نہیں مانگتا۔

**3475**- حَدَّثَنَا يَعْلٰى حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ هُوَ ابْنُ اَبِىْ خَالِدٍ عَنْ قَيْسٍ عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقَدْ اُنْزِلَ عَلَىَّ اٰيَاتٌ لَّمْ اَرَ اَوْ لَمْ يُرَ مِثْلَهُنَّ يَعْنِى الْمُعَوِّذَتَيْنِ

☆☆ حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں، نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے: مجھ پر ایسی آیات نازل ہوئی ہیں جن کی مانند اور کوئی چیز نہیں ہے۔ (راوی بیان کرتے ہیں) یعنی معوذتین۔

## بَابُ فَضْلِ مَنْ قَرَاَ عَشْرَ اٰيَاتٍ

## باب 26: دس آیات پڑھنے کی فضیلت

**3476**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ حَدَّثَنِىْ يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِىْ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِىِّ ح وَحَدَّثَنِىْ عُثْمَانُ بْنُ مُسْلِمٍ عَنِ الْعَبَّاسِ بْنِ مَيْمُوْنٍ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِىِّ قَالَ مَنْ قَرَاَ عَشْرَ

حدیث **3475**: "صحیح مسلم" امام ابوالحسین مسلم بن حجاج القشیری نیشاپوری دار احیاء التراث العربی بیروت لبنان 814

"مسند احمد" امام ابوعبداللہ احمد بن محمد بن حنبل شیبانی موسسہ قرطبہ قاہرہ مصر 17392

"سنن بیہقی کبریٰ" امام ابوبکر احمد بن حسین بن علی بیہقی مکتبہ دار الباز مکہ مکرمہ سعودی عرب 1414ھ/1994ء 3852

ايَاتٍ فِي لَيْلَةٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دس آیات پڑھ لیتا ہے اسے غافل لوگوں میں شامل نہیں کیا جاتا۔

**3477**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ عَنْ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَا مَنْ قَرَأَ بِعَشْرِ ايَاتٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ مِنَ الْمُصَلِّيْنَ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ اور فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دس آیات پڑھ لیتا ہے اسے نماز پڑھنے والوں میں لکھا جاتا ہے۔

**3478**- حَدَّثَنَا إِسْمٰعِيلُ بْنُ أَبَانَ حَدَّثَنَا أَبُو أُوَيْسٍ عَنْ مُوسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ بِعَشْرِ ايَاتٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص دس آیات پڑھ لیتا ہے اسے غافلوں میں نہیں لکھا جاتا۔

**3479**- حَدَّثَنَا مَالِكُ بْنُ إِسْمٰعِيلَ حَدَّثَنَا إِسْرَائِيلُ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ بِعَشْرِ ايَاتٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دس آیات پڑھ لیتا ہے اسے غافل لوگوں میں نہیں لکھا جاتا۔

## بَابٌ مَنْ قَرَأَ خَمْسِيْنَ ايَةً

## باب 27: جو شخص پچاس آیات پڑھے

**3480**- حَدَّثَنَا أَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ أَبِي إِسْحٰقَ عَنْ أَبِي الْأَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَرَأَ فِي لَيْلَةٍ بِخَمْسِيْنَ ايَةً لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت پچاس آیات پڑھ لیتا ہے اسے غافلوں میں نہیں لکھا جاتا۔

**3481**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ أَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِيِّ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَا مَنْ قَرَأَ بِخَمْسِيْنَ ايَةً فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ مِنَ الْحَافِظِيْنَ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ اور حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت پچاس آیات پڑھ لیتا ہے اسے حفاظت کرنے والوں میں لکھا جاتا ہے۔

## بَابٌ مَنْ قَرَأَ بِمِائَةِ ايَةٍ

## باب 28: سو آیات پڑھنا

**3482**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا مُوسٰى بْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ إِبْرَاهِيمَ عَنْ يُحَنَّسَ مَوْلَى الزُّبَيْرِ

عَنْ سَالِمٍ اَخِي اُمِّ الدَّرْدَاءِ فِي اللّٰهِ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ بِمِائَةِ ايَةٍ فِي لَيْلَةٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ قَالَ اَبُوْ مُحَمَّدٍ مِنْهُمْ مَنْ يَقُوْلُ مَكَانَ سَالِمٍ رَاشِدُ بْنُ سَعْدٍ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جوشخص رات کے وقت سوآیات پڑھ لیتا ہے اسے غافلوں میں نہیں لکھا جاتا۔

امام ابومحمد دارمی رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں: بعض محدثین نے سالم نامی راوی کی جگہ راشد بن سعید کا ذکر کیا ہے۔

**3483**- حَدَّثَنَا اِسْمٰعِيْلُ بْنُ اَبَانَ حَدَّثَنَا اَبُوْ اُوَيْسٍ عَنْ مُوْسٰى بْنِ عُقْبَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ الْقُرَظِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ بِمِائَةِ ايَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما روایت کرتے ہیں: جوشخص رات کے وقت سوآیات پڑھ لیتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھا جاتا ہے۔

**3484**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي زَيْدُ بْنُ وَاقِدٍ عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوْسٰى عَنْ كَثِيْرِ بْنِ مُرَّةَ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ بِمِائَةِ ايَةٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهُ قُنُوْتُ لَيْلَةٍ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جوشخص رات کے وقت سوآیات پڑھ لیتا ہے اس کے لیے رات بھر عبادت کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے۔

**3485**- حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ عَوْنٍ عَنِ الْاَعْمَشِ عَنْ اَبِي صَالِحٍ قَالَ قَالَ كَعْبٌ مَنْ قَرَاَ مِائَةَ ايَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ

☆☆ کعب فرماتے ہیں: جوشخص سوآیات پڑھ لیتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

**3486**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامَ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ حَدَّثَنِي يَحْيَى بْنُ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِي عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ تَمِيْمٍ الدَّارِيِّ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَا مَنْ قَرَاَ بِمِائَةِ ايَةٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ اور حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں جوشخص رات کے وقت سوآیات پڑھ لیتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

**3487**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنْ اَبِي الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ بِمِائَةِ ايَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِيْنَ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص رات کے وقت سوآیات پڑھ لیتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

**3488**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا حَرِيْزُ بْنُ عُثْمَانَ عَنْ حَبِيْبِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُوْلُ مَنْ قَرَاَ بِمِائَةِ ايَةٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِيْنَ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت سو آیات پڑھ لیتا ہے اسے غافلوں میں شامل نہیں کیا جاتا۔

## بَابُ مَنْ قَرَاَ بِمِائَتَیْ اٰیَةٍ

## باب 29: جو شخص دو سو آیات پڑھے

**3489**- حَدَّثَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا حَرِيزٌ عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُولُ مَنْ قَرَاَ مِائَتَیْ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص دو سو آیات پڑھتا ہے تو اسے عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

**3490**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ يُحَنَّسَ مَوْلَى الزُّبَيْرِ عَنْ سَالِمٍ اَخِي اُمِّ الدَّرْدَاءِ فِي اللّٰهِ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَاءِ عَنْ اَبِي الدَّرْدَاءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ مِائَتَیْ اٰيَةٍ فِي لَيْلَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ' نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دو سو آیات پڑھتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

**3491**- حَدَّثَنَا اَبُو غَسَّانَ حَدَّثَنَا اِسْرَائِيلُ عَنْ اَبِي اِسْحٰقَ عَنِ الْمُغِيرَةِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْجَدَلِيِّ عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ عَشْرَ اٰيَاتٍ لَمْ يُكْتَبْ مِنَ الْغَافِلِينَ وَمَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ بِمِائَةِ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ وَمَنْ قَرَاَ بِمِائَتَیْ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْفَائِزِينَ

☆☆ حضرت ابن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دس آیات پڑھتا ہے اسے غافلوں میں نہیں لکھا جاتا اور جو شخص رات کے وقت سو آیات پڑھ لیتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھا جاتا ہے اور جو دو سو آیات پڑھ لیتا ہے اسے کامیاب لوگوں میں لکھ دیا جاتا ہے۔

## بَابُ مَنْ قَرَاَ مِنْ مِائَةِ اٰيَةٍ اِلَى الْاَلْفِ

## باب 30: جو شخص ایک سو سے لے کر ایک ہزار تک آیات پڑھے

**3492**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ عَنْ اَبِي نَضْرَةَ عَنْ اَبِي سَعِيدٍ الْخُدْرِيِّ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِي لَيْلَةٍ عَشْرَ اٰيَاتٍ كُتِبَ مِنَ الذَّاكِرِينَ وَمَنْ قَرَاَ بِمِائَةِ اٰيَةٍ كُتِبَ مِنَ الْقَانِتِينَ وَمَنْ قَرَاَ بِخَمْسِ مِائَةِ اٰيَةٍ اِلَى الْاَلْفِ اَصْبَحَ وَلَهُ قِنْطَارٌ مِنَ الْاَجْرِ قِيلَ وَمَا الْقِنْطَارُ قَالَ مِلْءُ مَسْكِ الثَّوْرِ ذَهَبًا

☆☆ حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جو شخص رات کے وقت دس آیات پڑھتا ہے اسے ذکر کرنے والوں میں لکھا جاتا ہے جو شخص سو آیات پڑھتا ہے اسے عبادت گزاروں میں لکھا جاتا ہے جو شخص پانچ سو سے لے کر ایک ہزار تک آیات پڑھتا ہے اسے اجر کا ایک "قنطار" نصیب ہوتا ہے ان سے پوچھا گیا "قنطار" سے مراد کیا ہے۔ انہوں نے جواب دیا: ایک بیل کے وزن جتنا سونا۔

**3493**- حَدَّثَنَا اَبُو النُّعْمَانِ حَدَّثَنَا وُهَيْبٌ عَنْ يُونُسَ عَنِ الْحَسَنِ اَنَّ نَبِىَّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِى لَيْلَةٍ مِائَةَ ايَةٍ لَمْ يُحَاجَّهُ الْقُرْاٰنُ تِلْكَ اللَّيْلَةَ وَمَنْ قَرَاَ فِى لَيْلَةٍ مِائَتَىْ ايَةٍ كُتِبَ لَهُ قُنُوتُ لَيْلَةٍ وَمَنْ قَرَاَ فِى لَيْلَةٍ خَمْسَ مِائَةِ ايَةٍ اِلَى الْاَلْفِ اَصْبَحَ وَلَهُ قِنْطَارٌ فِى الْاٰخِرَةِ قَالُوْا وَمَا الْقِنْطَارُ قَالَ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ' نبی اکرم ﷺ کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جوشخص رات کے وقت ایک سو آیات پڑھتا ہے اس رات قرآن اس کے ساتھ بحث نہیں کرتا اور جوشخص رات کے وقت دوسو آیات پڑھتا ہے اس کے لیے رات بھر عبادت کا ثواب لکھا جاتا ہے اور جوشخص پانچ سو سے لے کر ایک ہزار تک آیات پڑھتا ہے اسے آخرت میں ایک ''قنطار'' نصیب ہوگا۔

لوگوں نے دریافت کیا ''قنطار'' سے کیا مراد ہے، آپ نے جواب دیا بارہ ہزار (دینار)۔

**3494**- حَدَّثَنَا اَبُو نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا فِطْرٌ عَنْ اَبِى اِسْحٰقَ عَنْ اَبِى الْاَحْوَصِ عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ قَالَ مَنْ قَرَاَ فِى لَيْلَةٍ ثَلَاثَ مِائَةِ ايَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ وَمَنْ قَرَاَ سَبْعَ مِائَةِ ايَةٍ لَا اَدْرِى اَىَّ شَىْءٍ قَالَ فِيهَا اَبُو نُعَيْمٍ بِقَوْلِهِ

☆☆ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص رات کے وقت تین سو آیات پڑھتا ہے اس کے لیے ایک ''قنطار'' کا ثواب لکھ دیا جاتا ہے اور جوشخص سات سو آیات پڑھتا ہے (راوی بیان کرتے ہیں) مجھے یاد نہیں ہے کہ اس بارے میں ابونعیم نامی محدث نے کیا بات بیان کی ہے۔

## بَابٌ مَنْ قَرَاَ اَلْفَ ايَةٍ

## باب 31: جوشخص ایک ہزار آیات پڑھتا ہے

**3495**- اَخْبَرَنَا الْحَكَمُ بْنُ نَافِعٍ اَخْبَرَنَا حَرِيزٌ عَنْ حَبِيبِ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَ سَمِعْتُ اَبَا اُمَامَةَ يَقُولُ مَنْ قَرَاَ اَلْفَ ايَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ مِنَ الْاَجْرِ وَالْقِيرَاطُ مِنْ ذٰلِكَ الْقِنْطَارِ لَا تَفِى بِهِ دُنْيَاكُمْ يَقُولُ لَا تَعْدِلُهُ دُنْيَاكُمْ

☆☆ حضرت ابوامامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص ایک ہزار آیات پڑھتا ہے اس کے لیے اجر کا ایک ''قنطار'' لکھ دیا جاتا ہے اور اس ''قنطار'' کے ایک قیراط کا معاوضہ پوری دنیا بھی نہیں ہوسکتی۔

وہ یہ فرماتے ہیں یعنی دنیا اس کے برابر نہیں ہوسکتی۔

**3496**- حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ بِسْطَامٍ حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ حَمْزَةَ عَنْ يَحْيَى بْنِ الْحَارِثِ عَنِ الْقَاسِمِ اَبِى عَبْدِ الرَّحْمٰنِ عَنْ تَمِيمٍ الدَّارِىِّ وَفَضَالَةَ بْنِ عُبَيْدٍ قَالَا مَنْ قَرَاَ اَلْفَ ايَةٍ فِى لَيْلَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ وَالْقِيرَاطُ مِنَ الْقِنْطَارِ خَيْرٌ مِنَ الدُّنْيَا وَمَا فِيهَا وَاكْتَسَبَ مِنَ الْاَجْرِ مَا شَاءَ اللّٰهُ

☆☆ حضرت تمیم داری رضی اللہ عنہ اور حضرت فضالہ بن عبید رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: جوشخص رات کے وقت ایک ہزار آیات پڑھتا ہے اس کے لیے ایک ''قنطار'' لکھ دیا جاتا ہے اور اس ''قنطار'' کا ایک قیراط دنیا اور اس میں موجود سب چیزوں سے زیادہ بہتر ہے اور اللہ تعالیٰ جو چاہتا ہے وہ شخص اتنا اجر حاصل کر لیتا ہے۔

**3497**- حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْقَاسِمِ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ عُبَيْدَةَ عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِبْرَاهِيمَ عَنْ يُحَنَّسَ مَوْلَى الزُّبَيْرِ

عَنْ سَالِمٍ اَخِىْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ عَنْ اُمِّ الدَّرْدَآءِ عَنْ اَبِى الدَّرْدَآءِ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ مَنْ قَرَاَ اَلْفَ اٰيَةٍ كُتِبَ لَهُ قِنْطَارٌ مِنَ الْاَجْرِ الْقِيْرَاطُ مِنْهُ مِثْلُ التَّلِّ الْعَظِيْمِ

☆☆ حضرت ابودرداء رضی اللہ عنہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ فرمان نقل کرتے ہیں: جو شخص ایک ہزار آیات پڑھتا ہے اس کے لیے اجر کا ایک ''قنطار'' لکھ دیا جاتا ہے جس کا ایک قیراط بڑے ٹیلے کی مانند ہوتا ہے۔

## بَابٌ كَمْ يَكُوْنُ الْقِنْطَارُ

## باب 32: ''قنطار'' کتنا ہوتا ہے

**3498**- حَدَّثَنَا عَبْدُ الصَّمَدِ بْنُ عَبْدِ الْوَارِثِ حَدَّثَنَا اَبَانُ الْعَطَّارُ وَحَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ عَنْ عَاصِمٍ عَنْ اَبِىْ صَالِحٍ عَنْ اَبِىْ هُرَيْرَةَ قَالَ الْقِنْطَارُ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

☆☆ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' بارہ ہزار (دینار) کا ہوتا ہے۔

**3499**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ بْنُ عِيْسٰى عَنْ اَبِى الْاَشْهَبِ عَنْ اَبِىْ نَضْرَةَ الْعَبْدِيِّ قَالَ الْقِنْطَارُ مِلْءُ مَسْكِ ثَوْرٍ ذَهَبًا

☆☆ حضرت ابونضرہ عبدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' ایک بیل کے وزن جتنا ہوتا ہے۔

**3500**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ عَنْ هُشَيْمٍ عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ عَنْ سَعِيْدِ بْنِ الْمُسَيَّبِ قَالَ الْقِنْطَارُ اَرْبَعُوْنَ اَلْفًا

☆☆ حضرت سعید بن مسیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' چالیس ہزار (دینار) کا ہوتا ہے۔

**3501**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ عَنْ مُبَارَكٍ عَنِ الْحَسَنِ قَالَ الْقِنْطَارُ دِيَةُ اَحَدِكُمْ اثْنَا عَشَرَ اَلْفًا

☆☆ حضرت حسن رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' ایک آدمی کی دیت جتنا ہوتا ہے جو بارہ ہزار ہوتی ہے۔

**3502**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ عَنْ مُسْلِمٍ هُوَ الزَّنْجِيُّ عَنِ ابْنِ اَبِىْ نَجِيْحٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ الْقِنْطَارُ سَبْعُوْنَ اَلْفَ دِيْنَارٍ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' ستر ہزار دینار کا ہوتا ہے۔

**3503**- حَدَّثَنَا اِسْحٰقُ عَنْ اَبِىْ بَكْرٍ عَنْ اَبِىْ حَصِيْنٍ عَنْ سَالِمِ بْنِ اَبِى الْجَعْدِ عَنْ مُعَاذِ بْنِ جَبَلٍ قَالَ الْقِنْطَارُ اَلْفُ اُوْقِيَّةٍ وَّمِائَتَا اُوْقِيَّةٍ

☆☆ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: ایک ''قنطار'' بارہ سو اوقیہ کا ہوتا ہے۔

**3504**- حَدَّثَنَا اَبُوْ نُعَيْمٍ حَدَّثَنَا شَرِيْكٌ عَنْ لَيْثٍ عَنْ مُجَاهِدٍ قَالَ سَبْعُوْنَ اَلْفَ مِثْقَالٍ

☆☆ مجاہد فرماتے ہیں: یہ ستر ہزار مثقال کا ہوتا ہے۔

## بَابٌ فِىْ خَتْمِ الْقُرْاٰنِ

## باب 33 قرآن ختم کرنا

